جلد 6/6

# بیان الامامت

ترجمہ و تشریح

## نہج البلاغہ

آمیر المومنین علیہما السلام

## علی ابن ابیطالب

خُطبات (221 - 242)

خطوط ، ملفوظات

تردیدو تائید و تصدیق ، مکمل فہرست

الفقیہ الحکیم السید محمد احسن زیدی (مجتہد)

ڈاکٹر آف ریلیجنز اینڈ سائنس

Presented by Ziaraat.Com

جلد 6/6

# مبانی نہج البلاغہ

(بیان الامامت)

ترجمہ و تشریح

## نہج البلاغہ

آمیر المومنین علیہما السلام

## علی ابن ابیطالب

خُطبات (221 - 242)

خطوط ، ملفوظات

تردیدو تائید و تصدیق ، مکمل فہرست

الفقیہ الحکیم السید محمد احسن زیدی (مجتہد)

ڈاکٹر آف ریلیجنز اینڈ سائنس

Presented by Ziaraat.Com

**جُملہ حقوق بحق مُصنف محفوظ**


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | بیان الامامة<br>(ترجمه و تشریح نهج البلاغة) |
| مترجم | : | الفقیه الحکیم السید محمد احسن زیدی (مجتهد)<br>ڈاکٹر آف ریلیجنز اینڈ سائنس |
| جلد | : | ششم |
| طبع | : | دوم |
| سنِ اشاعت | : | 2018 |
| تعداد | : | 500 |
| قیمت | : | |


**********

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 221 | 220 | 226 | مرتضویؑ بیعت پر خوشی و مسرت کے ہنگامے۔ | 3595 |
| 2 | 222 | 221 | 227 | تقویٰ کا نتیجہ۔<br>نیک اعمال بجالانے کے مواقع۔<br>موت کیسا مدمقابل ہے؟۔ | 3599 |
| 3 | 223 | 222 | 228 | رسولؐ کی شان میں ''ذی قار'' نام کے ایک گاؤں کے پاس یہ خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ جب کہ آپؐ بصرہ جارہے تھے علامہ واقدی نے اپنی کتاب الجمل میں خطبہ کو نقل کیا ہے۔ | 3604 |
| 4 | 224 | 223 | 229 | عبداللّٰہ ابن زَمَعَہ کو طلبِ مال پر جواب دیا ہے۔ حق داروں کے سوا کسی کو کچھ نہ دیا جائے گا۔ | 3607 |
| 5 | 225 | 224 | 230 | زبان و قلب و دماغ کا تعلق۔ | 3608 |
| 6 | 226 | 225 | 231 | ایک نہایت اہم حقیقت کا انکشاف۔<br>انسانی صورت و شکل اور سیرتوں کے اختلاف کا بنیادی سبب جس سے عدلِ خداوندی برقرار رہتا ہے۔ | 3610 |
| 7 | 227 | 226 | 232 | میت کے غسل کے وقت رسولؐ سے باتیں۔<br>آپؐ کی وفات پر نبوت اور آسمانی خبریں منقطع ہوگئیں ۔ | 3612 |
| 8 | 228 | 227 | 183 | صفاتِ خداوندی۔<br>رسولؐ اللہ کا ذکر۔<br>چیونٹی کی ساخت۔<br>دیگر مخلوقات۔ | 3621 |
| 9 | 229 | 228 | 184 | صفاتِ خداوندی اور توحید پر ایک شاہکار خطبہ مانا جاتا رہا ہے۔ | 3631 |
| 10 | 230 | 229 | 185 | ایسے حضراتؑ جن پر اپنے والدینؑ کو قربان کرنے کی تمنا کی ہے۔ | 3645 |
| 11 | 231 | 230 | 186 | اللہ کے احسانات اور رحیمانہ سلوک یاد دلا کر مسلمانوں سے نیک اعمال کی اپیل کی ہے۔ | 3650 |
| 12 | 232 | 231 | 187 | چیلنج! پوری کائنات میں سے جو چاہو دریافت کرلو۔<br>زمین سے زیادہ سماوات کے حالات و تفصیلات اور راستوں سے واقف۔ | 3655 |

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 13 | 233 | 232 | 188 | حمد وثنا کرنے کا ایک سبب۔<br>قریش کا محمدؐ کو ناکام کرنے پر اجماع، اتفاق واتحاد کرنا۔ | 3661 |
| 14 | 234 | 233 | 189 | نظام مشاورت اور ملاؤں سے تبرا۔<br>مخالفین کو ہمنوا بنانے کی تاکید۔<br>تقویٰ پر زور اور تاکید۔ | 3667 |
| 15 | 235 | 234 | 190 | شیطان کی مذمت خاص طور سے اور قریش کی مذمت عام طور پر کی گئی ہے۔ | 3675 |
| 16 | 236 | 236 | 233 | (مظلوم ترین خطبہ) ظالم کون ہے؟ | 3712 |
| 17 | 237 | 237 | 234 | لوگوں کو نیک بنانے کے لئے نرم نرم، پیاری پیاری باتیں۔<br>عمل کرنے کے مواقع اور مقاصد۔ | 3717 |
| 18 | 238 | 239 | 236 | اہلؑ بیت علم کی زندگی اور جہالت کی موت ہیں۔<br>وہ اسلام کے ستون اور سہارا اور مسلمانوں کی جائے پناہ ہیں۔<br>ان کی وجہ سے حق اپنے صحیح مقام پر پلٹ آیا تھا۔<br>مسلمانوں نے دوبارہ باطل کو اختیار کر لیا تھا۔ | 3719 |
| 19 | 239 | 178 | 177 | محمدؐ وعلیؑ فاطمہؑ اور حسنینؑ ودیگر آئمہؑ نے دیکھ بھال کر اللہ کی عبادت کی ہے | 3722 |
| 20 | 240 | - | - | حرف ''اَلِف'' غائب ہے مگر خطبے کی روانی اور شان حسبِ معمول برقرار ہے۔ | 3726 |
| 21 | 241 | - | - | میں کون ہوں؟ | 3741 |
| 22 | 242 | - | - | میں وہ شخص ہوں کہ میرے پاس غیب کی کنجیاں ہیں | 3751 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | تمہید | چند باتیں بطورِ یاددھانی | 3779 |
| 1 | خط | مدینہ سے بصرہ جاتے ہوئے اہل کوفہ کو لکھا | 3783 |
| 2 | خط | بصرہ کی فتح پر اہل کوفہ کو مبارکباد | 3787 |
| 3 | خط | قاضی شریح کو مکان کی خرید وفروخت پر رسید وبیعنامہ لکھنے کا طریقہ سکھایا | 3788 |
| 4 | خط | بصرہ کے گورنر حضرت عثمان بن حنیف کے نام | 3791 |
| 5 | خط | آذربائیجان کے گورنر اشعث بن قیس کے نام | 3793 |
| 6 | خط | معاویہ کے نام | 3796 |
| 7 | خط | معاویہ کو جواب میں سبق آموز ریمارکس | 3800 |
| 8 | خط | جریر بن عبداللہ بجلی کے نام | 3802 |
| 9 | خط | معاویہ کے نام | 3803 |
| 10 | خط | معاویہ کے نام | 3807 |
| 11 | خط | لشکر کو ہدایات | 3809 |
| 12 | خط | اپنی فوج کے ایڈوانس گارڈ معقل بن قیس کو ہدایات | 3811 |
| 13 | خط | اپنی فوج کے دوسرداروں کے نام | 3812 |
| 14 | خط | صفین میں دشمن کی ملاقات سے پہلے پہلے اپنی فوج کو ہدایات | 3813 |
| 15 | شکوہ | دشمن کے سامنے آنے پر اللہ سے دشمن کا شکوہ | 3819 |
| 16 | خط | جنگ کے وقت علی علیہ السلام اپنے صحابہ سے فرمایا کرتے تھے | 3820 |
| 17 | خط | معاویہ کو جواب میں لکھا | 3821 |
| 18 | خط | عبداللہ ابن عباس کے نام جب وہ بصرہ کا گورنر تھا | 3827 |
| 19 | خط | آپؑ کے بعض گورنروں کے نام | 3828 |
| 20 | خط | زیاد ابن ابیہ کے نام جسے عبداللہ ابن عباس نے اپنا خلیفہ بنا رکھا تھا | 3829 |
| 21 | خط | دوبارہ اُسی کے نام | 3829 |
| 22 | خط | عبداللہ ابن عباس کو لکھا گیا | 3841 |
| 23 | وصیت | جب ابن ملجم ملعون نے آپؑ کے سر مبارک پر تلوار ماری تو آپؑ کی وصیت | 3842 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 24 | وصیت | آپ کے اموال پر عمل درآمد کے متعلق وصیت | 3844 |
| 25 | وصیت | صدقات وزکوٰۃ کے وصول کرنے والوں کے لئے | 3846 |
| 26 | خط | اپنے گورنروں میں سے بعض کے نام جنہیں صدقات وصول کرنے پر تعینات کیا ہوا تھا | 3851 |
| 27 | معاھدہ | ابوبکر کے بیٹے محمد رضی اللہ عنہ سے گورنری کا عہد لینا | 3852 |
| 28 | خط | معاویہ کے جواب میں لکھا گیا | 3856 |
| 29 | خط | بصرہ والوں کے نام | 3865 |
| 30 | خط | معاویہ کے نام | 3866 |
| 31 | وصیت | جناب حسنؑ ابن علی علیہما السلام کے لئے جو صفین سے واپس آتے ہوئے تحریر فرمائی | 3868 |
| 32 | خط | معاویہ کے نام | 3896 |
| 33 | خط | عباس کے بیٹے قثم کے نام جو کہ علی علیہ السلام کی طرف سے مکہ کا گورنر تھا | 3904 |
| 34 | خط | محمد بن ابی بکر کے نام | 3905 |
| 35 | خط | عبداللہ ابن عباس کے نام مصر میں محمد بن ابی بکر کے قتل کے بعد | 3908 |
| 36 | خط | اپنے بھائی عقیلؑ ابن ابی طالبؑ کے جواب میں | 3914 |
| 37 | خط | معاویہ کے نام | 3916 |
| 38 | خط | اھل مصر کے نام جب ان پر مالک اشتر کو حاکم بنایا | 3919 |
| 39 | خط | عمرو ابن العاص کے نام | 3921 |
| 40 | خط | ایک گورنر کے نام | 3924 |
| 41 | خط | بعض گورنر کے نام | 3925 |
| 42 | خط | جناب عمر ابن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ مخزومی بحرین کے گورنر کے نام | 3928 |
| 43 | خط | صوبہ اردشیر خرہ کے گورنر مصقلہ بن ھبیرہ شیبانی کے نام | 3929 |
| 44 | خط | زیاد ابن ابیہ کے نام | 3930 |
| 45 | خط | جناب عثمان ابن حنیف کے نام | 3931 |
| 46 | خط | اپنے گورنر کے نام | 3940 |
| 47 | وصیت | امام حسن و حسین علیہما السلام کو وصیت | 3941 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 48 | خط | معاویہ کے نام | 3944 |
| 49 | خط | معاویہ کے نام | 3945 |
| 50 | خط | اپنی فوج کے حکمرانوں کے نام | 3946 |
| 51 | خط | خراج وصول کرنے والے گورنروں کے نام | 3948 |
| 52 | خط | شہروں کے حکمرانوں کے نام | 3950 |
| 53 | عھد | مالک اشتر نخعی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے | 3954 |
| 54 | خط | عمران ابن حصین کے ہاتھ طلحہ وزبیر کے لئے | 3993 |
| 55 | خط | معاویہ کے نام | 3994 |
| 56 | خط | شریح ابن ھانی کے نام | 3996 |
| 57 | خط | اہل کوفہ کے نام | 3997 |
| 58 | خط | جنگ صفین کی تفصیلات سے مطلع کرنے کے لئے مختلف شہروں کے لوگوں کے نام | 3998 |
| 59 | خط | اسود بن قطبیہ حلوان کی فوج کے سردار کے نام | 4000 |
| 60 | خط | ان گورنروں کے نام جن کا علاقہ گذرتی ہوئی فوجوں کے راستے میں پڑتا ہو | 4001 |
| 61 | خط | کمیل ابن زیاد نخعی کے نام | 4002 |
| 62 | خط | اہل مصر کے نام | 4003 |
| 63 | خط | ابوموسیٰ اشعری کے نام | 4008 |
| 64 | خط | معاویہ کے جواب میں | 4009 |
| 65 | خط | معاویہ کے نام | 4013 |
| 66 | خط | عبداللہ ابن عباس | 4016 |
| 67 | خط | عباس کے بیٹے قثم کے نام | 4017 |
| 68 | خط | سلمان فارسی کے نام | 4018 |
| 69 | خط | حارث ھمدانی رضی اللہ عنہ کے نام | 4019 |
| 70 | خط | سہل ابن حنیف انصاری کے نام | 4023 |
| 71 | خط | منذر ابن جارود العبدی کے نام | 4024 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 72 | خط | عبداللہ ابن عباس کے نام | 4026 |
| 73 | خط | معاویہ کے نام | 4028 |
| 74 | معاھدہ | قبیلہ ربیعہ اور اھل یمن کے مابین | 4030 |
| 75 | خط | معاویہ کے نام | 4031 |
| 76 | وصیت | عبداللہ ابن عباس کے نام | 4032 |
| 77 | وصیت | عبداللہ ابن عباس کے نام | 4032 |
| 78 | خط | ابوموسیٰ کے جواب میں | 4033 |
| 79 | خط | اپنی ظاہری خلافت کے فوجی سرداروں کے نام | 4036 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | فتنہ سازوں سے تحفظ۔۔۔ | 4038 |
| 2 | ذلت اور رسوائی سے تحفظ | 4038 |
| 3 | کنجوسی، بزدلی، ناداری۔۔۔ | 4038 |
| 4 | سب سے اچھا ساتھی۔۔۔ | 4039 |
| 5 | رازداری، خوشروئی۔۔۔۔ | 4039 |
| 6 | خود بینی وخود پسندی | 4039 |
| 7 | چربی گوشت اور ھڈی | 4039 |
| 8 | دنیا کا اچھا اور بُرا سلوک | 4039 |
| 9 | لوگوں سے برتاؤ؟ | 4040 |
| 10 | دشمن پر غلبہ۔۔۔۔ | 4040 |
| 11 | دوستوں کے معاملہ میں | 4040 |
| 12 | وہ مومنین جو نہ حق کے۔۔۔۔ | 4040 |
| 13 | ناشکری | 4040 |
| 14 | قریبی رشتہ داروں کا چھوٹنا | 4040 |
| 15 | فتنہ میں مبتلا ہر شخص۔۔۔۔ | 4040 |
| 16 | تقدیر | 4041 |
| 17 | خضاب | 4041 |
| 18 | تمناؤں کے پیچھے دوڑنا | 4041 |
| 19 | بامروّت انسان | 4041 |
| 20 | غلط مرعوبیت | 4041 |
| 21 | حق خلافت | 4041 |
| 22 | عملی تیزروی | 4042 |
| 23 | نعمتوں کی فراوانی | 4042 |
| 24 | گناہان کبیرہ کا کفارہ | 4042 |
| 25 | انسانی چہرہ | 4042 |
| 26 | معمولی بیماری | 4042 |
| 27 | پارسائی | 4042 |
| 28 | موت | 4042 |
| 29 | اللہ کی ستاری | 4042 |
| 30 | ایمان وکفر کی تفصیل | 4043 |
| 31 | نیکی وبُرائی سے بڑھ کر | 4045 |
| 32 | سخاوت | 4045 |
| 33 | سب سے اچھا بے نیاز | 4045 |
| 34 | ناگوار باتیں | 4045 |
| 35 | آرزوؤں کا طول | 4045 |
| 36 | بادشاہوں کی غلط تعظیم | 4046 |
| 37 | امام حسنؑ کو نصیحت | 4046 |
| 38 | فرائض میں حارج۔۔۔۔ | 4047 |
| 39 | زبان | 4047 |
| 40 | بیماری کا اجر | 4047 |
| 41 | خباب بن ارت کی مدح | 4047 |
| 42 | مومن اور منافق | 4048 |
| 43 | اللہ کے نزدیک۔۔۔۔ | 4048 |
| 44 | انسانی ہمت۔۔۔۔ | 4048 |
| 45 | کامیابی اور حادثہ کی جانچ | 4048 |
| 46 | بھوکے شریف اور۔۔۔۔ | 4048 |
| 47 | دلبری | 4049 |
| 48 | عزت | 4049 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 49 | سب سے زیادہ قابل تعریف | 4049 |
| 50 | حقیقی سخاوت | 4049 |
| 51 | عقل وادب | 4049 |
| 52 | صبر کی متضاد قسمیں | 4049 |
| 53 | ایسی چیزیں جو مسافرت کو۔۔ | 4049 |
| 54 | قناعت | 4050 |
| 55 | خواہشات بھڑکانے والی چیز | 4050 |
| 56 | نذیر، بشیر | 4050 |
| 57 | زبان | 4050 |
| 58 | بچھو | 4050 |
| 59 | سلام | 4050 |
| 60 | سفارش | 4050 |
| 61 | سوار | 4050 |
| 62 | دوستوں کا نہ ہونا | 4050 |
| 63 | ناکامی | 4050 |
| 64 | خالی ہاتھ لوٹانا | 4051 |
| 65 | پارسائی اور شکر | 4051 |
| 66 | ارادہ | 4051 |
| 67 | جاھل | 4051 |
| 68 | عقل | 4051 |
| 69 | زمانہ | 4051 |
| 70 | لوگوں کا راہنما | 4051 |
| 71 | سانس | 4052 |
| 72 | ہر قابل شمار چیز | 4052 |
| 73 | مشکوک | 4052 |
| 74 | دنیا کو تین طلاقیں | 4052 |
| 75 | تقدیر، جبر اور قدر | 4053 |
| 76 | حکمت منافق میں بھی ہوتی | 4054 |
| 77 | حکمت مومن کی اپنی چیز | 4054 |
| 78 | ہر آدمی کی قیمت | 4054 |
| 79 | پانچ ایسی چیزیں | 4054 |
| 80 | آپؑ کا مقام | 4054 |
| 81 | تلوار سے نیکوں کی نسل | 4055 |
| 82 | لاعلمی | 4055 |
| 83 | بڑے بوڑھوں کی رائے | 4055 |
| 84 | استغفار | 4055 |
| 85 | عذاب | 4055 |
| 86 | دنیا اور آخرت | 4056 |
| 87 | ایک دینی دانشور | 4056 |
| 88 | علم اپنی اثر انگیزی۔۔۔۔ | 4056 |
| 89 | دلوں سے مسلسل۔۔۔۔ | 4056 |
| 90 | گمراہ کن فتنوں سے پناہ | 4056 |
| 91 | خیر کے معنی؟ | 4057 |
| 92 | نبیوںؑ سے قربت؟ | 4058 |
| 93 | اھل یقین کا سونا | 4058 |
| 94 | روایات گھڑنے والے | 4058 |
| 95 | انا اللہ وانا الیہ راجعون | 4058 |
| 96 | اپنے سامنے مدح۔۔۔۔ | 4059 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 97 | حاجت روائی | 4059 |
| 98 | بیبیوں، کنیزوں اور۔۔۔۔ | 4059 |
| 99 | علیؑ کا لباس | 4059 |
| 100 | دنیا اور آخرت | 4060 |
| 101 | قابل مبارک بادلوگ | 4060 |
| 102 | فرائض وحدود | 4061 |
| 103 | دینی قربانی | 4061 |
| 104 | عالم کی جہالت | 4061 |
| 105 | دل پر اثر انداز باتیں | 4061 |
| 106 | سہارا | 4062 |
| 107 | دینی حکمران | 4062 |
| 108 | پہاڑ جتنا کلیجہ | 4062 |
| 109 | اٹھارہ بہترین چیزیں | 4063 |
| 110 | بدظنی اور حسن ظنی | 4063 |
| 111 | مزاج پرسی کا جواب | 4064 |
| 112 | اللہ کی ٹھنڈی مار | 4064 |
| 113 | وہ مقام جہاں دوست۔۔۔ | 4064 |
| 114 | افسوس وملال کا سبب | 4064 |
| 115 | سانپ سے پیار | 4064 |
| 116 | قریشی قوم | 4065 |
| 117 | دو قسم کے اعمال وخمیازہ | 4065 |
| 118 | جنازوں پر ہنسنا | 4065 |
| 119 | عورتوں کا عورت سے غیرت | 4066 |
| 120 | اسلام کا دوسرا نام | 4066 |
| 121 | بخیل اور منکر خداوندی | 4066 |
| 122 | اعمال میں کوتاہی | 4067 |
| 123 | سردی سے بچنے کا طریقہ؟ | 4067 |
| 124 | خالق کی عظمت | 4067 |
| 125 | اہل قبرستان سے باتیں | 4068 |
| 126 | دنیا کی جھوٹی مذمت | 4068 |
| 127 | فرشتہ کا روزانہ پکارنا | 4070 |
| 128 | گذرگاہِ حیات | 4070 |
| 129 | صحیح دوست | 4070 |
| 130 | چار اہم چیزیں | 4071 |
| 131 | نماز، حج، زکوۃ اور جہاد | 4071 |
| 132 | رزق نازل کرانا | 4072 |
| 133 | مدد ضرورت کے لحاظ سے | 4072 |
| 134 | میانہ روی | 4072 |
| 135 | بچوں کا کم ہونا | 4072 |
| 136 | نازل ہونے والا صبر | 4072 |
| 137 | روزہ اور تہجد | 4072 |
| 138 | ایمان کی اساس | 4072 |
| 139 | علوم خداوندی کے حامل | 4073 |
| 140 | انسانوں کے عیب اور ہنر | 4075 |
| 141 | جو خود کو نہیں پہچانتا | 4075 |
| 142 | نصیحتیں | 4075 |
| 143 | انجام سب کے لئے | 4078 |
| 144 | ہر آنے والا۔۔۔۔ | 4078 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 145 | صبر | 4078 |
| 146 | کسی گروہ کا شریک کار | 4078 |
| 147 | معاہدوں کی ذمہ داری | 4078 |
| 148 | مقدس ہستیؑ | 4078 |
| 149 | حواس خمسہ | 4078 |
| 150 | ڈانٹ ڈپٹ | 4078 |
| 151 | کن اشخاص کو بُرا۔۔۔۔ | 4079 |
| 152 | خودرائی کی مذمت | 4079 |
| 153 | رازداری | 4079 |
| 154 | بڑی موت | 4079 |
| 155 | غاصب | 4079 |
| 156 | مخلوق کیلئے خالق کی۔۔۔۔ | 4079 |
| 157 | اپنے حق میں تاخیر | 4079 |
| 158 | خود پسندی | 4079 |
| 159 | رنگ رلیاں | 4079 |
| 160 | روشن صبح | 4079 |
| 161 | گناہوں کا چھوڑنا | 4080 |
| 162 | ایسی چیز نہ کھاؤ | 4080 |
| 163 | مبلغ علم کی کمی | 4080 |
| 164 | رایوں میں اختلاف | 4080 |
| 165 | اللہ کیلئے تیغ بکف رہنا | 4080 |
| 166 | خدشات میں کودنا | 4080 |
| 167 | سینہ کو کشادہ رکھنا | 4080 |
| 168 | صحیح بدلہ | 4080 |
| 169 | اپنا سینہ صاف کرلو | 4080 |
| 170 | بات پر اَڑ جانا | 4080 |
| 171 | لالچ | 4080 |
| 172 | کوتاہی اور پختہ ارادہ | 4081 |
| 173 | مفید وحکیمانہ بات | 4081 |
| 174 | عورتوں میں اختلاف | 4081 |
| 175 | حق میں شبہ | 4081 |
| 176 | جھوٹ سے پاک | 4081 |
| 177 | ظلم کی ابتدا کرنے والا | 4081 |
| 178 | حق کے کھلے طرفدار | 4081 |
| 179 | کوچ کا نقارہ | 4081 |
| 180 | صبر وبے قراری | 4081 |
| 181 | خلافت کا حق | 4082 |
| 182 | انسانوں کی دنیا میں گزر بسر | 4082 |
| 183 | ایک وقت کی خوراک | 4082 |
| 184 | دلوں سے کام لینے کا طریقہ | 4083 |
| 185 | غصہ کو ٹھنڈا کرنا | 4083 |
| 186 | کنجوسی | 4083 |
| 187 | جو مال نصیحت اور سبق دے | 4083 |
| 188 | دلوں کی تھکن | 4083 |
| 189 | حق بات کو باطل کے منصوبہ کے لئے | 4083 |
| 190 | بازاری لوگ | 4084 |
| 191 | قابل ملامت چہرے | 4084 |
| 192 | دو محافظ فرشتے | 4084 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 193 | شرکت کا عقیدہ | 4084 |
| 194 | اللہ اور موت سے خبردار | 4085 |
| 195 | کسی کی ناقدری پر نیک سلوک | 4085 |
| 196 | ظرف علم کبھی تنگ نہیں ہوتا | 4085 |
| 197 | بردباری کا اولین نتیجہ | 4085 |
| 198 | حقیقی بُردبار | 4085 |
| 199 | اپنا محاسبہ | 4086 |
| 200 | دنیا کا تدریجی رویہ | 4086 |
| 201 | تقیہ | 4086 |
| 202 | چند صفات اور عادات | 4087 |
| 203 | عقل خود پسندی کی دشمن | 4087 |
| 204 | خوش رہنے کی ترکیب | 4087 |
| 205 | ایمان کی تعریب | 4087 |
| 206 | نرم لکڑی والے درخت | 4087 |
| 207 | رائے اور مخالف | 4088 |
| 208 | عہدہ اور مرتبہ | 4088 |
| 209 | حالات کا تقاضہ | 4088 |
| 210 | حسد | 4088 |
| 211 | لالچ اور طمع | 4088 |
| 212 | اعتماد | 4088 |
| 213 | آخرت کے لئے ظلم | 4088 |
| 214 | چشم پوشی | 4088 |
| 215 | شرم وحیا کا لباس | 4088 |
| 216 | چند صفات حسنہ کا نتیجہ | 4088 |
| 217 | حسد کرنے والوں کی حماقت | 4089 |
| 218 | لالچ | 4089 |
| 219 | دنیا کی زندگی | 4089 |
| 220 | قناعت اور خوش اخلاقی | 4089 |
| 221 | پاکیزہ زندگی | 4090 |
| 222 | خوش نصیبی | 4090 |
| 223 | عدل اور احسان | 4090 |
| 224 | عاجز اور چھوٹے ہاتھ | 4090 |
| 225 | جنگ | 4090 |
| 226 | خصلتیں | 4090 |
| 227 | عقل مند کی شناخت | 4091 |
| 228 | دنیا مع اپنے ساز وسامان | 4091 |
| 229 | عبادتیں | 4091 |
| 230 | شر | 4091 |
| 231 | سستی وکاہلی اور چغل خوری | 4091 |
| 232 | ایک غصبی پتھر | 4092 |
| 233 | مظلوم کے بدلے کا دن | 4092 |
| 234 | تقویٰ | 4092 |
| 235 | جوابات کی کثرت | 4092 |
| 236 | ہر نعمت پر اللہ کا حق | 4092 |
| 237 | ناداری وحرس وہوس | 4092 |
| 238 | نعمتوں کو برقرار رکھنا | 4092 |
| 239 | جذبہ کرم | 4092 |
| 240 | اچھے خیالات | 4092 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 241 | ناگواری کے باوجود عمل | 4093 |
| 242 | ارادوں کا پورا نہ ہونا | 4093 |
| 243 | دنیا کی تلخیاں | 4093 |
| 244 | واجباتِ دین کا مقصد | 4093 |
| 245 | ظالم سے حلف لینا | 4094 |
| 246 | اپنی ذات کا وصی | 4094 |
| 247 | غصہ پاگل پن کی قسم | 4094 |
| 248 | صحت مند آدمی | 4094 |
| 249 | غداروں، جھوٹوں۔۔۔ | 4094 |
| 250 | مومنین کی مصیبت | 4095 |
| 251 | تنگ دستی سے نکلنے کا طریقہ | 4095 |
| 252 | مہلت | 4095 |
| 253 | نورِ محمدیؐ کا ظہور و غلبہ | 4095 |
| 254 | جناب صعصعہؓ کی مدح | 4095 |
| 255 | خصومت | 4095 |
| 256 | لڑکیوں کا رشتہ | 4096 |
| 257 | ایمان کا نورانی شعلہ | 4096 |
| 258 | مہاجنوں کے مشکوک کھاتے | 4096 |
| 259 | جنگی مہمات میں جنسی خواہش | 4096 |
| 260 | یقین کے ساتھ کامیابی | 4096 |
| 261 | رسولؐ اللہ مسلمانوں کی پناہ گاہ | 4096 |
| 262 | حضرت علیؑ، حکمران یا رعیت؟ | 4096 |
| 263 | طلحہ و زبیر | 4097 |
| 264 | بادشاہ کا مصاحب | 4097 |
| 265 | دوسروں کے پس ماندگان؟ | 4098 |
| 266 | دانشوران قوم کے فیصلے | 4098 |
| 267 | اپنے بیانات کو یاد رکھنا | 4098 |
| 268 | رزق کے تفکرات | 4098 |
| 269 | محبت اور عداوت | 4098 |
| 270 | دنیا کے لئے کام کرنے والے | 4099 |
| 271 | کعبہ کے زیورات | 4099 |
| 272 | اللہ کا مال | 4100 |
| 273 | پہلی خلافتوں کی جاری کردہ۔۔ | 4100 |
| 274 | للہ کے فیصلوں پر قائم رہنا | 4100 |
| 275 | علم و یقین | 4101 |
| 276 | طمع اور آرزوئیں | 4101 |
| 277 | اللہ سے پناہ؟ | 4102 |
| 278 | حضرت قائمؑ قیامۃ | 4102 |
| 279 | کام پابندی کے ساتھ | 4102 |
| 280 | نوافل و سنتیں و فرائض | 4102 |
| 281 | مسافت کو یاد رکھنا | 4102 |
| 282 | دیکھنے کا ذریعہ؟ | 4102 |
| 283 | نصیحت کے لئے غفلت پردہ | 4103 |
| 284 | عالم کہلانے والے | 4103 |
| 285 | علم ہو تو عذرات ختم | 4103 |
| 286 | نہ جلدی پسند نہ تاخیر اچھی | 4103 |
| 287 | سوچ سمجھ کر خیر باد | 4103 |
| 288 | مقدرات کے چکر | 4103 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 289 | پستی وعلم کا منقطع ہوجانا | 4103 |
| 290 | علیؑ کا بھائی | 4104 |
| 291 | اللہ کی نافرمانی | 4105 |
| 292 | تعزیت وپرسہ کا طریقہ | 4105 |
| 293 | رسولؐ اللہ سے خطاب | 4105 |
| 294 | احمق کی صحبت | 4106 |
| 295 | مشرق ومغرب کا فاصلہ | 4106 |
| 296 | دوستوں اور دشمنوں کا مقام | 4106 |
| 297 | اپنے سینے سے نیزہ۔۔ | 4106 |
| 298 | نصیحتوں کی بہتات | 4106 |
| 299 | قاصد کا کام؟ | 4106 |
| 300 | جھگڑا | 4107 |
| 301 | گناہ کے بعد عافیت طلبی | 4107 |
| 302 | رزق وحساب | 4107 |
| 303 | اللہ سے ہوشیار | 4107 |
| 304 | فقیراور مسکین | 4107 |
| 305 | اپنی ماں سے محبت | 4107 |
| 306 | غیور شخص | 4108 |
| 307 | موت اچھا محافظ | 4108 |
| 308 | نیند کا مال کے ساتھ تعلق | 4108 |
| 309 | مودۃ | 4108 |
| 310 | مومنین کی زبان | 4108 |
| 311 | ایمان کی تصدیق | 4108 |
| 312 | انس بن مالک کا جزام | 4108 |
| 313 | دلوں سے کام لینا | 4109 |
| 314 | قرآن کی پوزیشن | 4109 |
| 315 | سنگ اندازی کا تدارک | 4109 |
| 316 | منشی کو ہدایات | 4109 |
| 317 | علیؑ مومنین کے حکمران | 4109 |
| 318 | خلافت پر اختلاف | 4109 |
| 319 | علیؑ کی فتح | 4110 |
| 320 | تنگ دستی | 4110 |
| 321 | سوال کا طریقہ | 4110 |
| 322 | امامؑ مختار ہیں | 4110 |
| 323 | قوم کے بزرگ | 4111 |
| 324 | خارجیوں کے باغی ہونے کی وجہ | 4111 |
| 325 | محمد بن ابی بکر کے قتل کی اطلاع | 4111 |
| 326 | انسانی عذرات | 4112 |
| 327 | شر کے ذریعہ غلبہ مغلوبیت ہے | 4112 |
| 328 | غربت وافلاس کے ذمہ دار | 4112 |
| 329 | نافرمانی پر صحیح عذرات | 4112 |
| 330 | گناہ سے بچنا | 4112 |
| 331 | دانشوروں کے لئے اطاعت | 4112 |
| 332 | حاکم اور سزا کا مجاز | 4112 |
| 333 | زمین پر اللہ کا سائبان؟ | 4113 |
| 334 | مومن کی بہترین صفات | 4113 |
| 335 | زاہد وپارسا اور حقیقی غنی | 4113 |
| 336 | وعدہ آزادی چین لیتا ہے | 4114 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 337 | موت اوراس کا سفر | 4114 |
| 338 | مال میں حصہ دار | 4114 |
| 339 | بلاعمل دعائیں اور تسبیحات؟ | 4114 |
| 340 | امت اوراس کے علما؟ | 4114 |
| 341 | افلاس کی مذمت | 4114 |
| 342 | پارسائی اور شکر زینت ہیں | 4114 |
| 343 | عدل کا دن | 4114 |
| 344 | اہل قریش | 4115 |
| 345 | عمومی ہدایات | 4115 |
| 346 | عصمت کی ایک صورت؟ | 4116 |
| 347 | بھیک ماننے کا نتیجہ | 4116 |
| 348 | حمد وثنا اور خوشامد وچاپلوسی | 4116 |
| 349 | سب سے بڑا وسخت گناہ | 4116 |
| 350 | شریفانہ وبدمعاشانہ زندگی | 4116 |
| 351 | ظالم کی علامتیں | 4117 |
| 352 | سختیوں اور بلاؤں کا زوال | 4117 |
| 353 | اہل وعیال سے سلوک | 4117 |
| 354 | سب سے بڑا عیب کیا ہے | 4117 |
| 355 | مبارک باد دینے کا طریقہ | 4117 |
| 356 | بلند عمارتیں | 4118 |
| 357 | راہیں بند ہوجائیں تو رزق کا راستہ | 4118 |
| 358 | میت پر پُرسہ | 4118 |
| 359 | خوشحالی ونعمتوں کی فراوانی | 4118 |
| 360 | نفس پروری | 4119 |
| 361 | ہر بات کا اچھا پہلو | 4119 |
| 362 | دعا قبول ہونے کا طریقہ | 4119 |
| 363 | لڑائی جھگڑے؟ | 4119 |
| 364 | جلدی اور تاخیر؟ | 4119 |
| 365 | انہوں اور فرضی باتیں؟ | 4120 |
| 366 | تفکر واعتبار سے استفادہ | 4120 |
| 367 | علم وعمل ساتھ ساتھ | 4120 |
| 368 | دنیاداروں کے لئے ہدایات | 4120 |
| 369 | ثواب وعذاب؟ | 4121 |
| 370 | قریش کی اسکیم | 4121 |
| 371 | ہر خطبہ سے پہلے تنبیہ | 4122 |
| 372 | اسلام وچند متعلقہ صفات | 4122 |
| 373 | علم وعالم | 4123 |
| 374 | ظلم وجبر پر عمل | 4124 |
| 375 | بُرے کاموں کو دیکھنا؟ | 4124 |
| 376 | جہاد | 4125 |
| 377 | حق وباطل کی بات | 4125 |
| 378 | اس امت کے دو اشخاص | 4125 |
| 379 | کنجوسی | 4126 |
| 380 | رزق کی دو قسمیں | 4126 |
| 381 | گزرنے والے حالات | 4126 |
| 382 | بولنے میں ذمہ داری | 4127 |
| 383 | جو کچھ جانتے ہو محفوظ رکھو | 4127 |
| 384 | قوت وکمزوری | 4127 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 385 | غلط عمل جہالت ہے | 4127 |
| 386 | دنیا کی حقارت پر دلیل | 4127 |
| 387 | عمل اور نسب | 4128 |
| 388 | جوئیندہ یابندہ | 4128 |
| 389 | اچھائی اور بُرائی کی شناخت | 4128 |
| 390 | فاقہ اور دیگر بلائیں | 4128 |
| 391 | مومن کی تین خاص ساعتیں | 4128 |
| 392 | دنیا میں بے رغبتی | 4129 |
| 393 | منہ سے نکلنے والی بات | 4129 |
| 394 | ہلکی پھلکی خوشبو | 4129 |
| 395 | فخر و کبر کو راہ سے ہٹاؤ | 4129 |
| 396 | دنیا میں سرسری طریق کار؟ | 4129 |
| 397 | ایک بات جنگ کا چیلنج | 4129 |
| 398 | قناعت | 4129 |
| 399 | عزت برقرار رکھنا لازم | 4130 |
| 400 | باپ بیٹے کے واجب حقوق | 4130 |
| 401 | لوگوں سے ہم رنگ رہنا | 4130 |
| 402 | بیرونی اثرات انسانی حالات | 4130 |
| 403 | متضاد خواہشیں تدابیر کی دشمن | 4131 |
| 404 | چھوٹا منہ بڑی بات | 4131 |
| 405 | لاحول ولاقوۃ کے معنی | 4131 |
| 406 | دینی لباس کی آڑ میں؟ | 4131 |
| 407 | عقل انسان کو کیوں دی؟ | 4132 |
| 408 | فقراء کا اغنیا کے ساتھ ملنا؟ | 4132 |
| 409 | حق سے ٹکرانے والا؟ | 4132 |
| 410 | دل بصارت کے لئے کتاب | 4132 |
| 411 | تقویٰ | 4132 |
| 412 | بردباری | 4132 |
| 413 | ہدایت اور زبان | 4132 |
| 414 | ادب اور تہذیب؟ | 4132 |
| 415 | جواں مردوں کی طرح صبر؟ | 4132 |
| 416 | عقل؟ | 4133 |
| 417 | مرنے والے پر صبر؟ | 4133 |
| 418 | دنیا والوں پر چند جملے؟ | 4133 |
| 419 | سامان پس ماندگان کے لئے؟ | 4133 |
| 420 | پس ماندگان کے لئے ذخیرہ؟ | 4134 |
| 421 | استغفار کیسے کیا جائے؟ | 4134 |
| 422 | اولادِ آدمؑ کی بے چارگی | 4135 |
| 423 | نظارہ حسن | 4135 |
| 424 | نیکی اور بھلائی کی اہمیت | 4136 |
| 425 | اصلاح | 4136 |
| 426 | حلم و عقل سے فائدہ | 4136 |
| 427 | نعمتوں کا سخاوت سے تعلق | 4137 |
| 428 | دولت اور صحت | 4137 |
| 429 | اپنی حاجت کا شکوہ | 4137 |
| 430 | عید کب اور کس کیلئے | 4137 |
| 431 | نافرمانی سے حاصل مال؟ | 4137 |
| 432 | گھاٹے میں رہنے والا | 4138 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 433 | رزق کی قسمیں | 4138 |
| 434 | اولیاءاللہ کا طرزِ حیات؟ | 4138 |
| 435 | لذتوں کا خاتمہ | 4139 |
| 436 | لازم وملزوم | 4139 |
| 437 | لطف وکرم کے حق دار؟ | 4139 |
| 438 | عدل وسخاوت | 4139 |
| 439 | سب سے اچھا شہر؟ | 4139 |
| 440 | زہد کے معنی قرآن سے | 4140 |
| 441 | عمل پیہم کی ستائش | 4140 |
| 442 | آلاتِ موسیقی؟ | 4140 |
| 443 | دن کا سونا؟ | 4040 |
| 444 | صفات کی تلاش وبیداری | 4140 |
| 445 | تجارت کے لئے فقہ لازم | 4140 |
| 446 | مالکؓ اشتر کا صدمہ | 4140 |
| 447 | چھوٹی مصیبت | 4141 |
| 448 | ذاتی وقار | 4141 |
| 449 | حقوق کی ادائیگی | 4141 |
| 450 | مذاق اُڑانا | 4141 |
| 451 | آنے والے کو ٹھکراؤ نہیں | 4141 |
| 452 | زبیر کی اہل بیتؑ سے دوری | 4141 |
| 453 | آدمی کا سامانِ فخر؟ | 4141 |
| 454 | سب سے بڑا شاعر کون؟ | 4142 |
| 455 | انسانی جان کی قیمت؟ | 4142 |
| 456 | ایمان کی تین علامتیں؟ | 4142 |
| 457 | دو مستقبل بھوکے | 4142 |
| 458 | مقدار تقدیر | 4142 |
| 459 | بردباری اور باوقار | 4142 |
| 460 | نظامِ غیبت | 4143 |
| 461 | جنہیں مدح وثنا ہضم نہیں ہوتی | 4143 |
| 462 | دنیا اپنے لئے | 4143 |
| 463 | بنی اُمیہ کے مغلوب ہونے کی کنجی | 4143 |
| 464 | انصار کی مدح | 4143 |
| 465 | والی جس نے دین کو نافذ کیا | 4143 |
| 466 | کاٹ کھانے والا زمانہ | 4143 |
| 467 | توحید | 4144 |
| 468 | آنکھ پشت کا تسمہ | 4144 |
| 469 | حقیقی دولت مندی | 4144 |
| 470 | بغض ونفرت تحقیقی ہونا چاہئے | 4144 |
| 471 | علیؑ سے محبت ونفرت | 4144 |
| 472 | بارش کی دعا میں ایک جملہ | 4144 |
| 473 | خضاب | 4145 |
| 474 | خاطی عفت کی انتہا پر | 4145 |
| 475 | رعایا پر ظلم وزیادتی کا نتیجہ | 4145 |
| 476 | سب سے بُرا بھائی کون ہے | 4145 |
| 477 | عالم وجاہل سے عہد | 4145 |
| 478 | مومن کی مومن سے جدائی | 4145 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 226

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر:220

# خُطبہ ﴿221﴾

1۔ مرتضویؑ بیعت پر خوشی و مسرت کے ہنگامے۔

2۔ جوان بچیوں کا گھروں سے نکل آنا۔

3۔ ضعیفوں کا اُٹھ بیٹھ کر کسی طرح پہنچ جانا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| وَبَسَطْتُمْ يَدِیْ فَكَفَفْتُهَا ؛ | 1 | بیعت کرنے کے لئے تم نے میرا ہاتھ اپنی طرف پھیلانا چاہا تو میں نے اسے کھینچ لیا۔ |
| وَمَدَدْ تُمُوْهَا فَقَبَضْتُهَا ؛ | 2 | تم نے اسے کھینچا تو میں نے اسے اپنے قبضے میں لے لیا۔ |
| ثُمَّ تَدَاكَكْتُمْ عَلَیَّ تَدَاكَ الْاِبِلِ الْهِيْمِ عَلٰی حِيَاضِهَا يَوْمَ وُرُوْدِهَا ؛ | 3 | پھر تم نے مجھ پر اسی طرح کا ہجوم کر لیا جس طرح پیاسے اونٹ پانی پینے کے دن حوضوں پر ہجوم کیا کرتے ہیں۔ |
| حَتّٰی انْقَطَعَتِ النَّعْلُ ؛ | 4 | یہاں تک کہ بھیڑ اور دھکا پیل کی وجہ سے جوتیاں ٹوٹ گئیں۔ |
| وَسَقَطَ الرِّدَآءُ ؛ | 5 | اور چادریں پھٹ گئیں۔ |
| وَوُطِیَّ الضَّعِيْفُ ؛ | 6 | کمزور لوگ کچلے گئے۔ |
| وَبَلَغَ مِنْ سُرُوْرِ النَّاسِ بِبَيْعَتِهِمْ اِيَّایَ اَنِ ابْتَهَجَ بِهَا الصَّغِيْرُ ؛ | 7 | اور میری بیعت کرنے کی خوشی لوگوں میں اس حد تک پھیلی ہوئی تھی کہ چھوٹے بڑے بچے مسرت سے بے تاب ہو رہے تھے۔ |
| وَهَدَجَ اِلَيْهَا الْكَبِيْرُ ؛ | 8 | اور بوڑھے لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے بیعت کے لئے پہنچے۔ |
| وَتَحَامَلَ نَحْوَهَا الْعَلِيْلُ ؛ | 9 | اور بیمار لوگ بھی اُٹھتے بیٹھتے پہنچ ہی گئے۔ |
| وَحَسَرَتْ اِلَيْهَا الْكَعَابُ ؛ | 10 | جوان لڑکیاں پردہ سے نکل کر دوڑ پڑیں‘‘ |

## تشریحات:

حضرت علی علیہ السلام نے قریشی خلافت کو قبول کر کے درحقیقت اتمام حجت کیا تھا۔ اُن کے مختلف بیانات سے یہ حقیقت بار بار ثابت ہوتی ہے کہ حضورؑ اس حکومت کو قبول کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ اسی لئے قریشی لیڈروں کے بار بار چکر لگانے اور طرح طرح کی منت سماجت و اصرار کے بعد رضامندی کا اظہار فرمایا تھا۔ اور قبول کر لینے کے بعد بھی موقعہ بموقعہ ان کو طعنہ دیتے رہے کہ تم نے اتنے اصرار و خوشامد سے مجھے یہ

Presented by Ziaraat.Com

حکومت سونپی اور میری تائید ونصرت سے جی چراتے رہتے ہو۔

**2۔ عوام الناس اور کثرت الناس کا خوشیاں منانا ابوبکر وعمر وعثمان کے اداور کی شرمناک توہین وبطلان ہے۔**

یہ خطبہ ثابت کرتا ہے کہ عثمان کے مظلوم قتل ہونے کی پوری داستان قریش کا ساختہ وپرداختہ افسانہ ہے تاکہ عثمانی مظالم کی سنگینی کو ہلکا کیا جاسکے ساتھ عثمان کا انتقام لینے والوں سے ہمدردی اور عذرات میں اضافہ کیا جاسکے۔ ورنہ مدینہ میں کہیں سوگ ورنج وملال کے علاوہ خوشی اور مسرت کا نام نہ ملتا۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ وفات رسولؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اہل مدینہ حضرت علی علیہ السلام کی حکومت کو ترستے چلے آرہے تھے اور جیسے ہی یہ اطلاع ملی کہ حضورؑ بیعت لینے پر رضامند ہوگئے ہیں مدینہ میں مسرت وشادمانی کا سیلاب آگیا۔ لوگوں نے ایک دوسرے کو مبارکباد اور کامرانی کے پیغام دینا شروع کئے اور بیعت کے وقت مسرت کا جو ہنگامہ تھا وہ تو خطبے سے ظاہر ہے۔ لہٰذا سابقہ خلفا کا عموماً اور عثمان کے قتل کا خصوصاً کوئی ملال پبلک میں نہیں پایا جاتا اور حضرت علی علیہ السلام کی آمد کو یوم عید کی آمد سمجھا جارہا تھا۔

**3۔ صرف بیعت قبول کرنے کے اعلان ہی نے ابوبکر وعمر وعثمان کی حکومتوں کی بنیاد کو مسمار کردیا۔**

آپؑ نے بیعت کے لئے جو طریقہ رکھا اُس کی رو سے نہ ابوبکر خلیفہ بنے نہ عمر کو خلافت ملی اور نہ عثمان قومی خلیفہ قرار پاسکے۔

**(3۔الف) علامہ مودودی نے بھی ثلاثہ اینڈ کمپنی کو باطل کردیا:**

مودودی سے سُنیے اور خود خلافت وملوکیت کی بحث میں سُنئے۔ لکھتے ہیں کہ:

''تمام معتبر روایتوں سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور دوسرے اہل مدینہ اُن کے پاس گئے اور اُن سے کہا کہ ''یہ نظام کسی امیر کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا لوگوں کے لئے ایک امام کا وجود ناگزیر ہے اور آج آپ کے سوا ہم کوئی ایسا شخص نہیں پاتے جو اس منصب کے لئے آپ سے زیادہ مستحق ہو نہ سابق خدمات کے اعتبار سے اور نہ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرب کے اعتبار سے'' اُنھوں نے انکار کیا اور لوگ اصرار کرتے رہے آخر کار اُنھوں نے کہا۔ ''میری بیعت گھر بیٹھے خفیہ طریقے سے نہیں ہوسکتی۔ عام مسلمانوں کی رضا کے بغیر ایسا ہونا ممکن نہیں ہے۔'' پھر مسجد نبوی میں اجتماع عام ہوا اور تمام مہاجرین وانصار نے اُن کے ہاتھ پر بیعت کی۔''

(خلافت وملوکیت صفحہ 122۔121)

یہ بیان کافی ہے ابوبکر وعمر وعثمان کو قومی وجمہوری حکومت سے بھی خارج کرنے اور باطل قرار دینے کے لئے۔ اُن تینوں کو عوام الناس کی رضا حاصل نہ تھی تینوں کی بیعت محدود پیمانہ پر اور خفیہ انداز میں ہوئی۔ لہٰذا وہ تینوں اللہ ورسولؐ کے خلیفہ تو کہاں ہوتے وہ جائز طور پر پبلک کے خلیفہ نہ رہے۔ اور حضرت علی علیہ السلام نے خود کو منصوص من اللہ اور پبلک کا خلیفہ ثابت کردیا۔ اور ثلاثہ اینڈ کمپنی کی خلافتوں کو ساری عمر اپنے خطبات اور لکچروں میں طرح طرح باطل ثابت کرتے رہے مثلاً فرمایا کہ: **فَقَدْ طَلَعَ طَالِعٌ وَلَمَعَ لَامِعٌ وَلَاحَ لَائِحٌ وَاعْتَدَلَ مَائِلٌ وَاسْتَبْدَلَ اللّٰهُ، بِقَوْمٍ قَوْمًا وَبِيَوْمٍ يَوْمًا وَانْتَظَرْنَا الْغِيَرَ انْتِظَارَ الْمُجْدِبِ الْمَطِرَ۔**

**مولیانہ اور ادیبانہ مولوی مظہر حسن صاحب کا ترجمہ:**

''آفتاب خلافت اُفقِ ولایت سے طالع ہوا اور قمر امامت برجِ حق ساطع ہوا اور کوکب امارت فلکِ وصایت پر چمکا اور جو امور کہ باطل کی طرف مائل ہوگئے تھے راست ہوئے حق تعالیٰ نے ایک قوم کو دوسری قوم سے تبدیل کیا اور روزِ حق بجائے روزِ باطل کے دکھایا۔ اور ہم کو یہ دن بلا اُس

Presented by Ziaraat.Com

انتظار کے نصیب ہوئے جو انتظار خشک سالی میں بارش کا کیا جاتا ہے۔'' (تہذیب المتین صفحہ 15 سراج المبین صفحہ 213)

معلوم ہوا کہ وفات رسولؐ صلی اللہ علیہ وآلہ سے اِس دن تک خلفائے ثلاثہ اور اُن کا سارا کاروبار باطل تھا۔ آپؐ نے اپنے خطبے میں یہ بھی فرمایا ہے کہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اِحْسَانِہٖ لَقَدْرَ جَعَ الْحَقُّ اِلیٰ مَکَانِہٖ ، ''تمام حمد وستائش اللہ کے لئے ہے جس کے احسان سے مکمل حق اپنے حقیقی مکان پر لوٹ آیا ہے۔''

یعنی ثلاثہ اینڈ کمپنی کا باطل پرست ہونا حضرت علی علیہ السلام کی ہر بات سے ثابت ہے۔

## 4۔18 ذی الحجہ 35 ہجری، خلافت ظاہری پر یوم عید۔

حضور علیہ السلام کا خطبہ سن کر جناب خذیمہ بن ثابت انصاری ذوالشہادتین رضی اللہ عنہ نے اُسی مجمع میں حضورؑ کے سامنے کھڑے ہو کر اظہار مسرت و اطمینان کے لئے یہ قصیدہ سنایا تھا۔

| | |
|---|---|
| اِذَانَحْنُ بَایَعْنَا عَلِیًّا فَحَسْبُنَا | اَبُو الْحَسَنِؑ مِمَّا یُخَافُ مِنَ الْفِتَن |
| وَجَدْنَاهُ اَوْلَی النَّاسِ بِالنَّاسِ اَنَّهٗ | اَطُبُّ قُرَیْشٍ بِالْکِتَابِ وَالسُّنَنْ |
| وَاَنَّ قُرَیْشًا لَا تشق غُبَارَهٗ | اِذَا مَاجَرٰی یُوْمًا عَلٰی ضَمَرِ الْبُدَنْ |
| فَفِیْهِ الَّذِیْ فِیْهِمْ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّهٖ | وَمَا فِیْهِمْ بَعْضَ الَّذِیْ فِیْهِ مِنَ الْحَسَنْ |
| وَصِیُّ رَسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ دُوْنَ اَهْلِهٖ | وَفَارُسُهٗ قَدْ کَانَ فِی سَالِفِ الزَّمَنْ |
| وَاَوَّلُ مَنْ صَلّٰی مِنَ النَّاسِ کُلِّهِمْ | سَوَی خَیْرَةَ النِّسْوَانِ وَاللّٰهِ ذِی الْمَنَنِ |
| فَذَاکَ الَّذِیْ ثَنَی الحناجِرُ باسْمِهٖ | اِمَامُهُمْ حَتّٰی اغِیْبَ فَی الْکَفَن |

۔''جب ہم نے ابوالحسنؑ علیؑ ابن ابی طالب کی بیعت کر لی۔ تو ہم کو اُن تمام قبیلوں اور فتنوں سے بے خوفی ہوگئی جن سے ہم ڈرا کرتے تھے۔ ہم نے ان کو مخلوق کے لئے تمام انسانوں سے بہتر پایا۔ حقیقتاً وہ کتاب خدا اور سُنت رسولؐ کے علم میں سارے قریش سے بڑھ کر ہیں یقیناً قریش ان کی گرد راہ تک بھی نہیں پہنچ سکتے خواہ علیؑ اپنے کمزور سے کمزور ناقہ پر بھی روانہ ہو جائیں۔ قریش والی تمام خوبیاں اُن میں موجود ہیں لیکن علیؑ والی ایک بھی خوبی قریش میں نہیں ہے۔ قربت رسولؐ خدا کے علاوہ وہ آنحضرتؐ کے وصی بھی ہیں اور قدیم سے اُن کے ایک بہادر شہسوار بھی رہے ہیں۔ خدائے ذوالمنن کی قسم کہ حضرت خدیجہ جو تمام عورتوں سے بہتر تھیں کے علاوہ سب سے پہلے آنحضرتؐ کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔ چنانچہ حضرت علیؑ وہ ہستی ہیں کہ جن کی مدح وثنا ہر گلے سے نکلتی رہے گی اور کفن پہن لینے تک تمام انسانوں کے امام رہے ہیں۔''

یہ تمام حالات تقاضہ کرتے ہیں کہ ہمیں بھی 18 ذوالحجہ کو مسرت کی محافل قائم کرنا چاہئیں اور حضورؑ کے فضائل سے لوگوں کو روشناس کرتے رہنا چاہیے جو قریش اور قریشی علما نے مسلمانوں کے ذہن میں بٹھا رکھا ہے اور جس سے وہ حضرت علی علیہ السلام کو سیاست سے ناواقف قرار دیتے ہیں اور معاویہ کی معزولی کو اُن کی سب سے بڑی غلطی کہتے ہیں۔ مودودی نے لکھا ہے کہ:

Presented by Ziaraat.Com

## 5۔معاویہ کی معزولی کا اعلان اشد سیاسی ضرورت اور تدارک تھا ۔

۔''واقعات کا جو نقشہ خود اُنہی مورخین کی لکھی ہوئی تاریخوں سے ہمارے سامنے آتا ہے اُسے دیکھ کر کوئی سیاسی بصیرت رکھنے والا آدمی یہ محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ حضرت علیؑ اگر حضرت معاویہ کی معزولی کا حکم صادر کرنے میں تاخیر کرتے تو یہ بہت بڑی غلطی ہوتی ۔اِن کے اس اقدام سے یہ بات کھل گئی کہ حضرت معاویہ کس مقام پر کھڑے ہیں ۔زیادہ دیر تک اُن کے موقف پر پردہ پڑا رہتا تو یہ دھوکے کا پردہ ہوتا جو زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔''(خلافت وملوکیت صفحہ 134۔133)

یاد رہے کہ نام نہاد شیعہ علما سیاسیات اور مذہبیات دونوں سے نابلد ہیں اُن کے بیان کردہ فضائل مردہ اور بے جان ہوئے ہیں لہٰذا بے اثر و بے نتیجہ بھی۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 227

علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر: 221

# خُطبہ ﴿222﴾

**1۔تقویٰ کا نتیجہ۔2۔نیک اعمال بجالانے کے مواقع۔3۔موت کیسا مدمقابل ہے؟۔**
**4۔رشتہ داروں اور وارثوں کا احوال۔5۔گزر چکنے والے لوگوں کا حال۔6۔متقی لوگوں کا حال۔**

**بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم**

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّ تَقْوَی اللّٰہِ مِفْتَاحُ سَدَادٍ وَذَخِیْرَۃُ مَعَادٍ ؛ | 1 | یقیناً اللہ کا تقویٰ ہدایت کی کنجی اور آخرت میں کام آنے والا ذخیرہ ہے۔ |
| وَعُتِقٌ مِّنْ کُلِّ مَلَکَۃٍ ؛ | 2 | اور ہر ملکیت یا غلامی سے آزادی ہے۔ |
| نَجَاۃٌ مِّنْ کُلِّ هَلَکَۃٍ ؛ | 3 | اور ہر تباہی سے نجات ہے۔ |
| بِهَا یُنْجَحُ الطَّالِبُ وَ یَنْجُو الْهَارِبُ ؛ | 4 | تقویٰ سے ہر طلبگار منزل مقصود پر فائز ہو جاتا ہے برائیوں سے بھاگنے والا کامیاب ہو جاتا ہے۔ |
| وَتُنَالُ الرَّغَائِبُ ؛ | 5 | اور پسندیدہ چیزوں تک پہنچ جاتا ہے۔ |
| فَاعْمَلُوْا وَالْعَمَلُ یُرْفَعُ ؛ | 6 | چنانچہ اچھے اعمال بجالاؤ اس لئے کہ ابھی اچھے اعمال بلند ہو رہے ہیں۔ |
| وَالتَّوْبَۃُ تُنْفَعُ ؛ | 7 | اور توبہ قبول اور مفید ہے۔ |
| وَالدُّعَاءُ یُسْمَعُ ؛ | 8 | اور دعائیں سنی جا رہی ہیں۔ |
| وَالْحَالُ هَادِئَۃٌ ؛ | 9 | اور حالات میں سکون و اطمینان ہے۔ |
| وَالْاَقْلَامُ جَارِیَۃٌ ؛ | 10 | قلم ریکارڈ تیار کر رہے ہیں۔ |
| وَبَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ عُمُرًا نَاکِسًا ؛ | 11 | اعمال بجالانے میں لگ جاؤ قبل اس کے کہ عمر ضعیفی لے آئے۔ |
| اَوْ مَرَضًا حَابِسًا اَوْ مَوْتًا خَالِسًا ؛ | 12 | یا بیماریاں آگھیریں۔ یا موت جھپٹا مار لے۔ |
| فَاِنَّ الْمَوْتَ هَادِمُ لِذَاتِکُمْ وَمُکَدِّرُ شَهَوَاتِکُمْ وَمُبَاعِدُ طَیَّاتِکُمْ ؛ | 13 | یقیناً موت تمہاری لذتوں کو مسمار کرنے والی اور تمہاری خواہشات کو دھندلا کرنے والی اور تمہاری مسافت اور منزلوں کو دور تر کرنے والی ہے۔ |
| زَائِرٌ غَیْرُ مَحْبُوْبٍ ؛ | 14 | یہ (موت) ایسا زیارت کرنیوالا ملاقاتی ہے جس سے کوئی محبت نہیں کرتا ہے |
| وَقِرْنٌ غَیْرُ مَغْلُوْبٍ ؛ | 15 | اور ایسا قریبی مدمقابل ہے جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَوَاتِرٌ غَيْرُ مَطْلُوْبٍ ؛ | 16 | ایسا خون بہانے والا کہ اس سے خون کا بدلہ طلب نہیں کیا جا سکتا۔ |
| قَدْاَغْلَقَتْكُمْ حَبَائِلُهُ ؛ | 17 | تم اس کے پھندوں میں الجھے ہوئے ہو۔ |
| وَتَكَنَّفَتْكُمْ غَوَائِلُهُ ؛ | 18 | اور تم اس کے تباہ کن حربوں میں گرفتار ہو۔ |
| وَاَقْصَدَتْكُمْ مَعَابِلُهُ ؛ | 19 | موت کے تیروں کے پیکان (بھالیں) تمہیں اپنا نشانہ بنائے ہوئے ہیں۔ |
| وَعَظُمَتْ فِيْكُمْ سَطْوَتُهُ ؛ | 20 | اور تمہارے اندر موت کے غلبے کی عظمت مانی ہوئی ہے۔ |
| وَتَتَابَعَتْ عَلَيْكُمْ عَدْوَتُهُ ؛ | 21 | اور اس کے دشمنانہ جور وستم تم پر یکے بعد دیگرے جاری ہیں۔ |
| وَقَلَّتْ عَنْكُمْ نَبْوَتُهُ ؛ | 22 | اور تم پر اس کے حربے خالی جانے کی امید کم سے کم ہے۔ |
| فَيُوْشِكُ اَنْ تَغْشَاكُمْ دَوَاجِيْ ظُلَلِهِ وَحُتِدَامُ عَلَلِهِ وَحَنَادِسُ غَمَرَاتِهِ وَغَوَاشِي سَكَرَاتِهِ وَاَلِيْمُ اَزْهَاقِهِ وَدُجُوُّ اِطْبَاقِهِ ؛ وَجُشُوْبَةُ مَذَاقِهِ ؛ | 23 | چنانچہ بہت قریب ہے کہ تم پر موت کے سائے کا اندھیرا چھا جائے بیماریوں میں شدت پیدا ہو جائے، اور جان لیوا سختیوں کی تاریکی پھیل جائے۔ اور سانس اکھیڑنے والا غش طاری ہو جائے اور جان نکلنے کی اذیت جاری ہو جائے اور تم پر موت کے اندھیروں کی تہیں جم جائیں اور تمہارے ذائقے میں بدمزگی پیدا ہو جائے۔ |
| فَكَاَنَّ قَدْ اَتَاكُمْ بَغْتَةً فَاَسْكَتَ نَجِيَّكُمْ ؛ | 24 | چنانچہ اس کو اس طرح سمجھو گویا وہ اچانک حملہ آور ہو گئی ہے اور اس نے آتے ہی تمہارے رازداروں کو خاموش کر دیا اور |
| وَفَرَّقَ نَدِيَّكُمْ ؛ | 25 | تمہارے ہمدردوں کی جماعت میں تفرقہ ڈال کر الگ الگ کر دیا۔ |
| وَعَفَّى اٰثَارَكُمْ ؛ | 26 | تمہارے آثار اور نشانات کو نابود کر دیا۔ |
| وَعَطَّلَ دِيَارَكُمْ ؛ | 27 | اور تمہارے گھروں اور بستیوں کو معطل اور اجاڑ کر دیا۔ |
| وَبَعَثَ وُرَّاثَكُمْ يَقْتَسِمُوْنَ تُرَاثَكُمْ ؛ | 28 | اور تمہارے وارثوں کو میراث کیلئے کھڑا کر دیا تا کہ تمہارے ترکہ کو تقسیم کر لیں۔ |
| بَيْنَ حَمِيْمٍ خَاصٍ لَمْ يَنْفَعْ وَقَرِيْبٍ مَحْزُوْنٍ لَمْ يَمْنَعْ وَآخَرَ شَامِتٍ لَمْ يَجْزَعْ ؛ | 29 | ایسے مخصوص ہمدرد عزیزوں میں جنہوں نے کوئی نفع نہ پہنچایا تھا اور غمزدہ قریبی لوگوں میں جو موت کو روک نہ سکے اور آخری خوش ہونے والے عزیزوں میں جنہیں ذرا سا بھی دکھ نہ ہوا۔ |
| فَعَلَيْكُمْ بِالْجِدِّ وَالْاِجْتِهَادِ ؛ | 30 | یہ حال ہے تو تم پر لازم ہے کہ تم نقصان سے بچنے اور نفع میں رہنے کی نئی سے نئی کوشش کرو اور کوششوں کو بار بار بدل کر دیکھو۔ |
| وَالتَّاَهُّبِ وَالْاِسْتِعْدَادِ ؛ | 31 | اور اپنی حیثیت کے مطابق سفر کی تیاری کرو۔ |
| وَالتَّزَوُّدِ فِيْ مَنْزِلِ الزَّادِ ؛ | 32 | سامانِ سفر لینے والی اس منزل سے اپنے لئے زادِ سفر جمع کر لو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلاَ تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا كَمَا غَرَّتْ | 33 | اور دیکھو یہ دنیا تمہیں بھی فریب میں مبتلا نہ کر دے جیسے اس نے تم سے پہلے لوگوں کو |
| مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِنَ الْاُمَمِ الْمَاضِيَةِ ؛ | | اور گزر جانے والی امتوں کو دھوکا دیا تھا۔ |
| وَالْقُرُوْنِ الْخَالِيَةِ ؛ | 34 | اور سابقہ صدیوں میں جو لوگ تھے۔ |
| الَّذِيْنَ احْتَلَبُوْا دِرَّتَهَا ؛ | 35 | جنہوں نے خوب دنیا کا دودھ نکالا اور فائدہ اُٹھایا تھا۔ |
| وَاَصَابُوْا غِرَّتَهَا ؛ | 36 | اور آخر کار اس کے فریب میں آ گئے۔ |
| وَاَفْنَوْا عِدَّتَهَا ؛ | 37 | اور دنیا میں رہنے کی مدت کو فنا اور ضائع کر دیا۔ |
| وَاَخْلَقُوْا جِدَّتَهَا ؛ | 38 | اور دنیا کی نئی تازی چیزوں کو پرانی کر گئے۔ |
| اَصْبَحَتْ مَسَاكِنُهُمْ اَجْدَاثًا وَّاَمْوَالُهُمْ | 39 | آخر ان کے رہنے کے مکان قبروں میں بدل گئے اور ان کا مال و دولت میراث میں |
| مِيْرَاثًا ؛ | | تقسیم ہو گیا اور |
| لاَيَعْرِفُوْنَ مَنْ اَتَاهُمْ ؛ | 40 | انہیں یہ بھی معلوم نہ ہوا کہ میراث کس کس کو ملی؟ اور یہ کہ انکے پاس کون کون آتا ہے |
| وَلاَ يَحْفِلُوْنَ مَنْ بَكَاهُمْ ؛ | 41 | اور اپنے رونے والوں کی پرواہ نہیں کرتے اور |
| وَلاَ يُجِيْبُوْنَ مَنْ دَعَاهُمْ ؛ | 42 | پکارنے والوں کو جواب نہیں دیتے۔ |
| فَاحْذَرُوْا الدُّنْيَا فَاِنَّهَا غَدَّارَةٌ غَرَّارَةٌ | 43 | چنانچہ اس دنیا سے بچ کر رہو وہ یقیناً غدار ہے فریب ساز ہے اور دھوکہ باز ہے۔ |
| خَدُوْعٌ ؛ | | |
| مُعْطِيَةٌ مَّنُوْعٌ مُلْبِسَةٌ نَزُوْعٌ ؛ | 44 | ایسی دینے والی ہے جو محروم کر دیتی ہے لباس پہنانے والی ہے تاکہ موقع ملتے ہی ننگا کر دے۔ |
| لَايَدُوْمُ رَخَاؤُهَا وَلَا يَنْقَضِي عَنَاؤُهَا | 45 | اس کی آسائشوں کو دوام نہیں مگر اس کی تکلیفیں ختم نہیں ہوتیں اور نہ اس کی مصیبتوں |
| وَلَا يَرْكُدُ بَلَاؤُهَا ؛ | | کی کوئی انتہا ہے۔ |
| كَانُوْا قَوْمًا مِّنْ اَهْلِ الدُّنْيَا وَلَيْسُوْا مِنْ | 46 | اسی دنیا میں ایک ایسی قوم بھی موجود رہی ہے جو دراصل اس دنیا والے نہ تھے۔ |
| اَهْلِهَا ‘فَكَانُوْا فِيْهَا كَمَنْ لَيْسَ مِنْهَا ؛ | | چنانچہ وہ اس دنیا میں اس طرح رہے جیسا کہ وہ اس دنیا سے متعلق نہیں۔ |
| عَمِلُوْا فِيْهَا بِمَا يُبْصِرُوْنَ ؛ | 47 | ان کا دنیا میں عمل درآمد اپنی بصیرت کے مطابق رہتا رہا۔ |
| وَبَادَرُوْا فِيْهَا مَا يَحْذَرُوْنَ ؛ | 48 | اور جس چیز سے بچنا چاہتے تھے اس سے بچنے میں جلدی اور کوشش کرتے تھے۔ |
| تَقَلَّبُ اَبْدَانُهُمْ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ اَهْلِ | 49 | ان کے جسموں کی نقل و حرکت اور چلنا پھرنا آخرت والے لوگوں میں ہوتا تھا۔ |
| الْاٰخِرَةِ | | |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| يَرَوْنَ اَهْلَ الدُّنْيَا يُعَظِّمُوْنَ مَوْتَ اَجْسَادِهِمْ ؛ وَهُمْ اَشَدُّ اِعْظَامًا لِّمَوْتِ قُلُوْبِ اَحْيَائِهِمْ ؛ | 50<br>51 | وہ دنیا والوں کو دیکھتے تھے کہ وہ اپنے جسم کی موت کو ایک عظیم حادثہ سمجھتے ہیں اور یہ لوگ دنیا والوں کی اس حالت کو عظیم حادثہ سمجھتے ہیں کہ وہ خود زندہ ہوں اور ان کے دل مردہ ہوں'' |

## تشریحات:

حضرت علی علیہ السلام نے دنیا کی مذمت پر طرح طرح سے خطبات دیے ہیں۔ مگر اس خطبے میں اُنہوں نے اس پہلو کو ذرا واضح انداز میں بیان کیا ہے کہ وہ دنیا کی مذمت کی آڑ میں درحقیقت دنیا والوں کی مذمت کرتے ہیں۔ اور دُنیا والوں کی مذمت میں بھی وہ اُن چیزوں کا زیادہ خیال رکھتے ہیں جن سے خبردار رہنے کی قرآن کریم میں تاکید کی گئی ہے۔ وہاں فرمایا ہے کہ:۔

**کون کون اللہ اور انسان کے درمیان رکاوٹ بنتے ہیں اور دنیا میں اُلجھا کر آخرت و عافیت کو تباہ کرتے ہیں:**

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ O قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ O (24-9/23)

۔''اے لوگو جو ایمان لا چکے ہو تم اپنے باپ دادوں اور بھائیوں کو اپنے اوپر اولیاء نہ بناؤ یعنی اُنہیں اپنے فیصلوں کا معیار نہ بناؤ جب کہ وہ ایمان کے مقابلے میں کفر کو ترجیح دیتے ہوں۔ تم میں سے جو اُن کو اپنے فیصلوں کا معیار بنائے گا وہ سراسر ظلم پر عمل کریں گے۔ اے نبیؐ اُن کو بتا دو کہ اگر تمھارے باپ دادا اور تمھارے بیٹے اور تمھارے بھائی اور تمھاری بیویاں اور تمھارے باقی عزیز و اقرباء اور تمھارے کمائے ہوئے مال اور تمھاری تجارت جس کے ماند پڑ جانے کا تمھیں خدشہ رہتا ہے اور تمھارے گھر جو تمھیں پسند ہیں اگر تمھیں اللہ و رسولؐ اور اُن کی راہ میں کوشش کرنے سے زیادہ محبوب ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا فیصلہ تمہارے سامنے لے آئے اور اللہ فاسق لوگوں کی راہنمائی نہیں کرتا۔''(24-9/23)

یہاں اللہ نے وہ تمام چیزیں جمع کر کے نام بنام واضح کر دی ہیں جن کو سامنے رکھ کر ہم فیصلے کرتے ہیں اور جن کے لئے ہم دنیا میں دوڑ دھوپ اور جدوجہد کرتے ہیں۔ ان ہی کی وجہ سے ملازمت و کاروبار کرتے ہیں، خیانت و حق تلفی کرتے ہیں۔ بددیانتی، بے ایمانی، غداری اور فریب سازی کرتے ہیں۔ یہی چیزیں ہیں جو گناہوں اور جرائم پر آمادہ کرتی ہیں اور ہمیں یقین رہتا ہے کہ مشکلات میں ہمیں سب سے زیادہ چاہنے والے ماں باپ اور بھائی کام آئیں گے اور یہی چیزیں ہیں جن کے حالات اور سلوک کو شیطان سجا کر مفید بنا کر ہمارے سامنے پیش کرتا ہے۔ ہمارے اور اُن کے تعلقات کو مضبوط کرتا ہے۔ ہماری اُمیدوں اور تمناؤں کو طول اور تقویت دیتا ہے۔ اور یہی وہ سب سامان ہے جس کی خطبات میں مذمت کی جاتی ہے۔ اور عقل و بصیرت اور روزمرہ کے تجربات پر متوجہ کیا جاتا ہے۔ اور اُن لوگوں کی مدح و ثنا کی جاتی ہے جو اپنی نقد بصیرت کے مطابق رویہ اختیار کرتے ہیں (47) اور کم از کم ہر گھاٹے اور نقصان سے بچ کر نفع میں رہنے والا تعلق اختیار کرتے ہیں (30) حضرت علی علیہ السلام اُن عزیزوں

Presented by Ziaraat.Com

اور رشتہ داروں کا حوالہ دیتے ہیں جو بڑے گہرے دوست ہمدرد اور غمخوار تو ہوتے ہیں مگر کوئی فائدہ نہیں پہنچاتے ( 29 ) اور اُن پر بھی متوجہ کرتے ہیں جو غم مناتے ہیں مگر موت کو اُن کا غم روک نہیں سکتا (29) اور اُن رشتہ داروں کو بھی نظر انداز نہیں کرتے جو ہماری تکلیفوں سے خوش ہوتے ہیں مگر تمام قسم کے رشتہ دار فائدہ اُٹھاتے اور ورثہ بانٹنے کے لئے ہر وقت تیار رہے ہیں۔(29) لوگ اولاد کو پالنے میں یہ اُمید لگائے رکھتے ہیں کہ جوان ہو کر وہ ہمارا سہارا بنیں گے لیکن وہ اپنے بیوی بچوں میں اس طرح اُلجھتے ہیں کہ فرمانبردار بھی ماں باپ کی مدد کرنے کا نہ وقت پاتے ہیں نہ سرمایا ہوتا ہے کہ اُن کی مدد کر سکیں۔ بچوں کے پالنے اور پڑھانے سے اُن کے پاس کچھ بچتا ہی نہیں ہے۔ اگر ماں باپ نے حضرت علیؑ کی بتائی ہوئی نصیحت (30) پر عمل نہ کیا ہو تو اُن کو اپنے بڑھاپے میں بڑی دردناک صورت حال پیش آنا لازم ہے۔ لہٰذا آنکھیں کھول رکھنا لازم ہے اور اولاد ہو یا کوئی اور ہو اُن کی قربانی اور خدمت اور جذبات کو نوٹ کرنا چاہیے جو نئی نویلی دلہن کی ضرورتوں اور فرمائشوں کو ماں باپ کی خدمت پر قربان نہیں کر سکتا وہ بچوں کی بھرمار اور جائز ضرورتوں کو کیسے قربان کرے گا؟ یاد رکھو کہ انسانوں میں 99 فیصد مرد و عورت خود غرض اور اپنا مفاد سامنے رکھنے والے ہوتے ہیں اگر تم اُن کے لئے قربانیاں پیش کرتے رہو گے تو یہ حضرت علی علیہ السلام اور اللہ کی ہدایات کے خلاف ہوگا اور تمھیں پچھتانا پڑے گا۔ اب وہ یہ دیکھتے ہیں کہ تم خوشحال ہو مدد کی ضرورت نہیں اور جب مدد کی ضرورت ہوگی تو وہ خوشحال نہ ہوں گے لہٰذا مدد دونوں حالتوں میں نہ کر سکیں گے اور تم خود کو ہلکان اور قربان کرتے چلے جاؤ گے اور اللہ تمھارے کوشش کر کے بدحالی کو سامنے لانے پر ناراض ہوگا اور تمھاری بدحالی میں اضافہ کرے گا اور تمھیں دکھائے گا کہ وہ لوگ تم سے رُخ بدل لیں گے جن پر تم قربان ہو رہے تھے۔ جن کی تکلیف تم کو ناگوار تھی وہ تمھاری تکلیف پر ہنسیں گے۔ وہ تمھاری خوش حالی کے دوران موقع کو غنیمت سمجھ کر اپنے مستقبل کا انتظام کرتے ہیں اپنی الگ گھڑی بناتے ہیں۔ اپنی خراب ذہنیت کی بنا پر اُنہیں یقین نہیں کہ تم ہر حال میں اُن کے لئے قربانی کرتے رہو گے۔ لہٰذا وہ اپنی بد باطنی سے بھی فائدہ اُٹھاتے ہیں اور تمھاری سیر چشمی اور فدا کارانہ ذہنیت سے نفع اندوز ہوتے ہیں۔ وہ تم پر قریب سے ناقدانہ نظر رکھتے ہیں تمھیں پُر خلوص نہیں بلکہ زمانہ ساز اور موقع شناس مان کر محتاط رویہ رکھتے ہیں۔ یاد رکھو اگر ذہنیت اچھی ہے تو تمھاری کوتاہی کا ردعمل بُرا نہ ہوگا ورنہ فوراً بُرا ردعمل ظاہر ہوگا۔ کبھی کبھی بطور آزمائش لاپرواہی کر دیکھو۔ توجہ رکھتے ہوئے بے توجہی برت کر دیکھو۔ جانچتے رہو۔ آدمی کے بہت سے چہرے ہوتے ہیں۔ پیچھے جھانک کر دیکھو۔ تم سے اُنھیں کون کون سی چیزیں زیادہ پیاری ہیں پتہ لگاؤ۔ اصول اور عقل و بصیرت کو چھوڑ دینا ہر حال میں اور ہر شخص کے لئے غلط ہے۔ جنہیں اولاد تم سے پیاری ہے۔ بیوی زیادہ عزیز ہے۔ اپنا آرام زیادہ عزیز ہے وہ غلط آدمی ہیں۔ اُن کے لئے اپنا آرام اپنی اولاد اپنا مال قربان کرنا عقل و بصیرت کے خلاف ہے۔ فدا کار کے جواب میں فدا کاری ہونا چاہیے۔ خود غرضی کے جواب میں فدا کاری غلط کاری اور حماقت ہے اور غلط کاری اور حماقت کے نتیجے میں کسی سے اچھی اُمید رکھنا دوہری حماقت و غلط کاری ہے۔ فَعَلَیْکُمْ بِالْجِدِّو الاِجْتِھَادِ اِن حالات میں تم پر لازم ہے کہ تم نقصان سے بچنے اور نفع میں رہنے کی نئی سے نئی کوشش کرو اور کوششوں کو بار بار بدل کر دیکھو (30)۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 228

علی نقی طہرانی :خطبہ نمبر: 222

# خُطبہ ﴿223﴾

**خَطَبَهَا بِذِیْ قَارٍ وَّ هُوَ مُتَوَجِّهٌ اِلَی الْبَصْرَةِ ذَکَرَهَا الْوَاقِدِیُّ فِیْ کِتَابِ الْجَمَلِ.**

**رسولؐ کی شان میں ''ذی قار'' نام کے ایک گاؤں کے پاس یہ خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ جب کہ آپؑ بصرہ جا رہے تھے علامہ واقدی نے اپنی کتاب الجمل میں خطبہ کو نقل کیا ہے۔**

**1۔ آنحضرتؐ نے پیغاماتِ خداوندی باقاعدہ پہنچائے اور اللہ نے آپؐ کے ذریعہ مومنین کو شیر و شکر کرادیا۔**

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم**

| | | |
|---|---|---|
| فَصَدَعَ بِمَا اُمِرَبِهٖ ؛ | 1 | آپؐ کو جو حکم ملا تھا اسے سب کے روبرو واضح کر دیا۔ |
| وَبَلَغَ رِسَالاَتِ رَبِّهٖ ؛ | 2 | اور اللہ کے تمام پیغامات پہنچا دیئے۔ |
| فَلَمَّ اللّٰهُ بِهِ الصَّدْعَ ، وَرَتَقَ بِهِ الْفَتْقَ ؛ | 3 | اللہ نے آپؐ کے وسیلے سے شیرازہ بندی بھی کی اور افتراق و پراگندگی کو دور کیا۔ |
| وَاَلَّفَ بِهِ الشَّمْلَ بَیْنَ ذَوِی الْاَرْحَامِ بَعْدَ الْعَدَاوَةِ الْوَاغِرَةِ فِی الصُّدُوْرِ ؛ وَالضَّغَائِنِ الْقَادِحَةِ فِی الْقُلُوْبِ ؛ | 4 | اور رحم سے وابستہ لوگوں کی شدید عداوت کو سینوں سے اور بھڑک اُٹھنے والے کینوں کو دلوں سے نکال کر ان کی پھوٹ کو دور کیا اور ان میں الفت و محبت پیدا کر دی'' |

## تشریحات:

اللہ نے قرآن کریم میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی کارکردگی کو بار بار شاکرانہ انداز سے بیان فرمایا ہے۔ آپؐ کی لوگوں سے محبت اور توجہ کا بڑے قدردانہ انداز سے ذکر کیا ہے۔ اور آپؐ کے انہماک کی حد یہ تھی کہ اللہ نے خود آنحضرتؐ کو بے توجہی اختیار کرنے کا یوں حکم دیا ہے کہ:۔

وَیَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِکَ بَیَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَیْرَ الَّذِیْ تَقُوْلُ وَاللّٰهُ یَکْتُبُ مَا یُبَیِّتُوْنَ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ وَکَفٰی بِاللّٰهِ وَکِیْلًاO(4/81)

**پہلے مودودی کا ترجمہ:** ''وہ مُنہ پر کہتے ہیں کہ ہم مطیع فرمان ہیں مگر جب تمھارے پاس سے نکلتے ہیں تو اُن میں سے ایک گروہ راتوں کو جمع ہو کر تمہاری باتوں کے خلاف مشورے کرتا ہے اللہ اُن کی یہ ساری سرگوشیاں لکھ رہا ہے تم اُن کی پرواہ نہ کرو اور اللہ پر بھروسہ رکھو وہی بھروسے کے لئے کافی ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 376)

**ہمارا ترجمہ:** ''وہ کہتے ہیں کہ ہم فرمانبردار ہیں مگر جب تمہارے پاس سے چلے جاتے ہیں تو اُن میں سے ایک گروہ تمہارے قول کے خلاف

Presented by Ziaraat.Com

راتوں کو ایک مکان میں جمع ہو کر مشورے کرتا ہے اور اللہ اُن کے راتوں کے مشوروں کی پوری روئیداد لکھتا جا رہا ہے تم اُن کی طرف سے اپنی توجہ ہٹالو اور اللہ پر بھروسہ کرو اور اللہ کی وکالت کافی ہے''

**مودودی نے ترجمہ بھی غلط کیا اور لیڈروں کو چھپا بھی لیا:**

قارئین اس آیت کی عربی عبارت دیکھیں گے تو وہاں آخری لفظ وَکِیۡلًا موجود ہے مگر علامہ صاحب نے مصلحتاً یہاں نہیں چاہا کہ وہ اللہ کو محمدؐ کا وکیل مانیں۔ پھر اُنہوں نے الفاظ فَاَعۡرِضۡ عَنۡہُمۡ کا ترجمہ بھی چالوٹائپ کا کیا ہے۔ حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ اعراض کے معنی بے رُخی اختیار کرنے کے ہیں۔ آیت سُنیے اور مودودی کا ترجمہ دیکھئے۔ وَاِنِ امۡرَاَۃٌ خَافَتۡ مِنۡۢ بَعۡلِہَا نُشُوۡزًا اَوۡ اِعۡرَاضًا ۔(4/128)

**مودودی ترجمہ:** ''جب کسی عورت کو اپنے شوہر سے بدسلوکی یا بے رُخی کا خطرہ ہو۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 402)

**مودودی غلط اور مختلف اور متضاد ترجمے کرنا دین کی خدمت سمجھتے ہیں :**

لہٰذا الفاظ فَاَعۡرِضۡ عَنۡہُمۡ کا ترجمہ مودودی کو یہ کرنا چاہیے تھا کہ:

1۔ اُن سے بے رُخی اختیار کرلو۔ یا

2۔ اُن سے اپنی توجہ ہٹالو۔ مگر علامہ نے کہا کہ:

3 ۔ اُن کی پرواہ نہ کرو۔'' اور اِن ہی الفاظ کے چند اور ترجمے بھی دیکھتے چلیں۔

۔''اُن سے تعرّض مت کرو۔'' (4/63) (تفہیم القرآن اول صفحہ 368)

۔''اُن کے پاس سے ہٹ جاؤ۔'' (6/68) (تفہیم القرآن اول صفحہ 549)

۔''اُن کے پیچھے نہ پڑو۔'' ( 6/106) (تفہیم القرآن اول صفحہ 570)

۔''اُن سے نہ اُلجھو۔'' (7/199) (تفہیم القرآن 2 صفحہ 110)

۔''اِس سے باز آجاؤ'' (11/76) (تفہیم القرآن 2 صفحہ 355)

۔''اس معاملے سے درگزر کرو۔'' (12/29) (تفہیم القرآن 2 صفحہ 395)

۔''اُنہیں اُن کے حال پر چھوڑ دو۔'' (32/30) (تفہیم القرآن 4 صفحہ 51)

یہ ہیں چودھویں صدی کے سب سے بزرگ مترجم و مفسر جن کو ضد ہے کہ جو اللہ کہے گا وہ پبلک کو نہ بتائیں گے۔ سوچئے کہ کیا یہ دین کی خدمت ہے؟ یا ان خبیثوں کو ننگا کر کے پبلک کے سامنے پیش کرنا دین کی خدمت ہے؟۔ بہر حال آیت زیر بحث میں مسلمانوں کا ایک فرمانبردار گروہ راتوں کو رسوؐل اللہ کی تعلیمات کے خلاف مشورے کرتا ہے اور مسلمان دانشوروں کے متفقہ فیصلوں سے اسلام کے خلاف منصوبے بناتا ہے مگر مودودی اس پر کوئی تشریحی نوٹ نہیں لکھتے۔ حالانکہ اُن کے پاس اپنے اُن راہنماؤں کو چھپانے کا بڑا آسان اور کارگر حربہ ہے۔ وہ کہہ سکتے تھے کہ ''یہ منافقوں کا گروہ تھا'' مگر خاموشی سے گزر جانا بتاتا ہے کہ دال میں کالا ہے۔ اُنہیں بتانا پڑتا کہ وہ گھر کہاں تھا جس میں راتوں کو مشورے ہوتے تھے یاد کریں کہ ابوبکر کا گھر محلّہ سخ میں تھا اور وہاں کوئی اور مہاجر نہ رہتا تھا۔ اُدھر عمر کا گھر محلّہ قبا میں تنہا تھا اور یہ دونوں رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے مرکز سے دو دو میل کے فاصلے پر تھے۔ اور یہی وہ مکان تھے جہاں اسلام کے خلاف منصوبے تیار کئے جاتے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com

## اللہ محمدؐ اور اسلام کے خلاف منصوبہ سازی اور قریشی مشاورت جاری رہتی تھی۔

اور قریشی مشاورت برابر راتوں کو جاری رہتی تھی۔ اور اللہ کے رسولؐ برابر اُن کی طرفداری کرتے رہتے تھے اور باقی قریش بھی اُن کی وکالت کرتے تھے اللہ نے فرمایا تھا کہ:

وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا O يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا O هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا O (آیات 109 تا 107/4)

**پھر مودودی ترجمہ:** ''جو لوگ اپنے نفس سے خیانت کرتے ہیں تم اُن کی حمایت نہ کرو اللہ کو ایسا شخص پسند نہیں ہے جو خیانت کار اور معصیت پیشہ ہو۔ یہ لوگ انسانوں سے اپنی حرکات چھپا سکتے ہیں مگر خدا سے نہیں چھپا سکتے۔ وہ تو اُس وقت بھی اُن کے ساتھ ہوتا ہے جب یہ راتوں کو چھپ کر اُس کی مرضی کے خلاف مشورے کرتے ہیں۔ اُن کے سارے اعمال پر اللہ محیط ہے ہاں تم لوگوں نے ان مجرموں کی طرف سے دنیا کی زندگی میں تو جھگڑا کر لیا مگر قیامت کے روز ان کی طرف سے کون جھگڑا کرے گا آخر وہاں کون اُن کا وکیل ہوگا؟۔''

(تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 395۔394) (آیات 109 تا 107/4)

یہاں بھی مودودی دبے پاؤں گزر گئے اور نہ بتایا کہ راتوں کو اسلام کے خلاف مشورے کرنے والے کون لوگ تھے۔ بہر حال ہم اُن لوگوں کو پبلک کے سامنے لا چکے ہیں جو رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی ہی میں یہ طے کر چکے تھے کہ رسولؐ کے بعد ہرگز کسی قیمت پر خلافت کو خاندان رسولؐ میں نہ رہنے دیں گے۔ یہ منصوبہ اور اس کے متعلقات کی تیاری کے لئے ابوبکر و عمر و ابوسفیان اینڈ کمپنی نے دن رات کوششیں کیں جسے علامہ شبلی نے رازِ سربستہ فرمایا ہے (الفاروق حصہ اوّل صفحہ 103) اور جو برابر عمر کے سینے میں دفن رہا یہاں تک کہ اُنہوں نے عبداللہ بن عباس سے اپنی خلافت کے دوران تفصیل سے بیان کیا اور علامہ شبلی نے الفاروق اور طبری نے اپنی تاریخ میں عمر کے حالات میں دوہرا دوہرا کر تفصیل سے لکھا۔ اُس خلافت کی منتقلی ہو نہیں سکتی تھی جب تک قرآن کے تمام کلیدی الفاظ و آیات کے معنی کو نہ بدل دیا جاتا۔ چنانچہ یہ کام بھی اُن ہی راتوں کے مشوروں میں کیا گیا اور رسولؐ اللہ نے اللہ سے شکایت کی جو قرآن ہی میں (31۔30/25) ریکارڈ کر دی گئی اور قریش کو رسولؐ کے دشمن ہونے اور قدیم مجرمین میں شامل ہونے کا اعزاز ملا اور سارے قرآن کو جھٹلانے کا فتویٰ صادر کیا گیا (66/6) اس صورت حال کو واضح کرنے کے لئے ضروری تھا کہ حضرت علی علیہ السلام یہ بتاتے کہ آنحضرتؐ نے کوئی خامی نہیں چھوڑی یہ سب کچھ قریش کی کارستانی ہے کہ قرآن میں حقائق نہیں ملتے پوری کتاب اُلٹ پلٹ کر دی گئی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 229

علی نقی طہرانی :خطبہ نمبر: 223

# خُطبہ ﴿224﴾

## عبداللّٰہ ابن زَمَعَہ کوطلبِ مال پر جواب دیا ہے۔حق داروں کے سوا کسی کو کچھ نہ دیا جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| اَنَّ ھٰذَا الۡمَالُ لَیۡسَ لِیۡ وَلَا لَکَ ، وَاِنَّمَا ھُوَ فَیۡءٌ لِّلۡمُسۡلِمِیۡنَ ؛ | 1 | بلاشبہ یہ مال نہ میرا ہے اور نہ تمہارا ہے۔ یہ تو مسلمانوں کو لوٹا دینے والا مال ہے۔ |
| وَجَلۡبُ اَسۡیَافِھِمۡ ؛ | 2 | اور اس بنا پر لوٹا کر دینے والا ہے، کہ یہ ان کی تلواروں کا جمع کیا ہوا سرمایہ ہے۔ |
| فَاِنۡ شَرِکۡتَھُمۡ فِیۡ حَرۡبِھِمۡ کَانَ لَکَ مِثۡلُ حَظِّھِمۡ ؛ | 3 | اگر تم بھی ان کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے ہوتے تو تمہارا حصہ بھی ان ہی کے حصے کی مانند ہوتا۔ |
| وَاِلَّا فَجَنَاۃُ اَیۡدِیۡھِمۡ لَا تَکُوۡنُ لِغَیۡرِ اَفۡوَاھِھِمۡ ؛ | 4 | اور جو شریک نہیں ہوئے ان کے کھانے میں وہ مال نہیں آ سکتا جو دوسروں کے ہاتھ کی کمائی ہو"۔ |

**تشریحات:** پچھلے خطبات میں حضرت علی علیہ السلام نے خود بھی خلفائے ثلاثہ کا عمل درآمد بیان فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ اُن لوگوں نے خلافت کو ایک مکمل فتنہ میں تبدیل کر دیا ہے اس لئے اس خلافت کو کامیابی سے چلانے کے لئے خود خلیفہ کو بھی سر سے پیر تک مجسم فتنہ ہونا چاہیے اس لئے عمر نے اپنے بعد ایسے ہی فتنہ کو خلیفہ بنایا تھا (خطبہ 220، جملے 1 تا 5) ہم نے بھی اپنی تشریحات بڑی تفصیل سے پیش کی ہیں اور وہ تمام پہلو سامنے رکھ دیے ہیں جن سے مسلمانوں کے کیریکٹر کو بگاڑا گیا۔ یہاں بھی ہم عثمان کے متعلق ایک قریشی عالم کا بیان دکھاتے ہیں سُنیے:

"بیشک یہ بہت بڑی نیکی اور مہربانی تھی۔لیکن ساتھ ہی اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اس سے لوگوں کے دلوں میں اموال عامہ کے حصول کا لالچ اور اس سے بیش از بیش انتفاع (فائدہ اُٹھانے) کی ہوس بڑھ گئی۔ کیونکہ ہر شخص اس پر قادر نہیں کہ احتیاط وعفت سے کام لے اور دسترخوان عام پر اُسی وقت کھانے کیلئے پہنچے جب اس کے سوا کوئی چارۂ کار ہی نہ ہو۔لیکن یہاں یہ حال تھا کہ بہت سے لوگوں نے بغیر کسی جھجک کے اپنے سالانہ وظائف میں وظیفۂ ماہ صیام کا بھی اضافہ کرالیا اور پھر مسافروں اور حاجتمندوں کی طرح دسترخوان عام سے بھی باقاعدہ متمتع ہوتے رہے۔ممکن ہے حضرت عثمان کی طرف سے لوگوں کے لئے اس توسیع میں خیر کا پہلو بھی ہو۔لیکن اس میں بعض پہلو ایسے بھی تھے جو سیاسی اور اخلاقی نقطۂ نظر سے خطرناک تھے۔نیز بعض ایسی شکلیں بھی تھیں جو کسی حد تک لوگوں کو بدظنی یا ناسزا گوئی کی دعوت دیتی تھیں۔"

(فتنۃ الکبریٰ صفحہ 164 طٰہٰ حسین)

یوں پبلک میں ایک نہیں لاکھوں عبداللہ ابن زمعہ پیدا ہو گئے تھے لیکن حضرت علی علیہ اسلام نے اُن سب کو راہ راست پر مجبور کیا۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 230

علی نقی طہرانی :خطبہ نمبر: 224

# خُطبہ ﴿225﴾

1۔ زبان وقلب ودماغ کا تعلق۔

2۔ عہد مرتضوی کے علما منافق، جوان بدخواور بوڑھے بدکردار اور واعظ خوشامدی وچاپلوس تھے۔

3۔ اہلبیتؑ اور علم کا تعلق۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| اَلَا اِنَّ اللِّسَانَ بِضْعَةٌ مِنَ الْاِنْسَانِ فَلَا يُسْعِدُهُ الْقَوْلُ اِذَا امْتَنَعَ ؛ | 1 | خبردار ہوکر نوٹ کرو کہ حقیقی اور پوری زبان حقیقی اور پورے انسان کا ایک حصہ ہے۔اگر حقیقی انسان منع کردے تو گفتار زبان کا ساتھ نہیں دیا کرتی۔ |
| وَلَا يُمْهِلُهُ النُّطْقُ اِذَا اتَّسَعَ ؛ | 2 | اور اگر منع کے بجائے وہ وسعت دے دے تو کلام وگفتار کا ایسا ہجوم ہوتا ہے کہ زبان کو دم لینے اور رکنے کی مہلت نہیں ملتی۔ |
| وَاِنَّا لَاُمَرَآءُ الْكَلَامِ ؛ | 3 | اور یقیناً ہم لوگ کلام پر حکمران ہیں۔ |
| وَفِيْنَا تَنَشَّبَتْ عُرُوْقُهُ وَعَلَيْنَا تَهَدَّلَتْ غُصُوْنُهُ ؛ | 4 | کلام کی رگیں اور ریشے ہمارے اندر اُترے ہوئے ہیں اور اس کی شاخیں ہمارے اوپر چھائی ہوئی ہیں۔ |
| وَاعْلَمُوْا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ .اَنَّكُمْ فِيْ زَمَانٍ الْقَائِلُ فِيْهِ بِالْحَقِّ قَلِيْلٌ ؛ | 5 | خدا تم پر رحم کرے یہ بھی جان لو کہ تم ایسے زمانہ میں ہو جب کہ حق بات کہنے والے بہت تھوڑے سے ہیں۔ |
| وَاللِّسَانُ عَنِ الصِّدْقِ كَلِيْلٌ ؛ | 6 | اور سچی بات کہنے میں زبانیں گونگی یا کند ہیں۔ |
| وَاللَّازِمُ لِلْحَقِّ ذَلِيْلٌ ؛ | 7 | اور حق کے پابند لوگ ذلیل وخوار کئے جاتے ہیں۔ |
| اَهْلُهُ مُعْتَكِفُوْنَ عَلَى الْعِصْيَانِ مُصْطَلِحُوْنَ عَلَى الْاِدْهَانِ فَتَاهُمْ عَارِمٌ وَشَائِبُهُمْ اٰثِمٌ وَعَالِمُهُمْ مُنَافِقٌ وَقَارِؤُهُمْ مُمَاذِقٌ لَايُعَظِّمُ صَغِيْرُهُمْ كَبِيْرَهُمْ وَلَايَعُوْلُ غَنِيُّهُمْ فَقِيْرَهُمْ ؛ | 8 | اور اس زمانہ کے اصلی لوگ نافرمانی اور گناہ پر پابندی سے عمل یا اعتکاف کرتے ہیں، ظاہرداری اور نفاق رکھنے والوں سے اچھا سلوک کرتے ہیں۔انکے جوان لوگ بُری خصلت والے ہیں۔انکے سن رسیدہ لوگ بدکردار ہیں انکے علماء منافق ہیں اور انکے واعظ اور قاری خوشامدی لوگ ہیں انکے چھوٹے اپنے بڑوں کی عزت نہیں کرتے۔انکے مالدار لوگ غُربا کی مدد نہیں کرتے'' |

Presented by Ziaraat.Com

## تشریحات:

خطبے کی ابتدا میں اُس صورت حال کی طرف اشارہ فرمایا ہے جو آپؑ پر خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے طاری رہتی تھی کہ واقعی زیرِنظر موضوع کو بیان کرنے میں الفاظ بن سنور کر قطار در قطار چاروں طرف ہجوم کئے رہتے تھے۔ اور زبان کو انتخاب کا وقت نہ ملتا تھا۔ اس صورت حال کا جب اہل قلم پر ورود ہوتا ہے تو وہ بوکھلا جاتے ہیں بار بار عنوانات لکھتے ہیں دس بیس سطور لکھ کر کاٹ دیتے ہیں۔ مضامین کا ہجوم اُن کے قابو میں نہیں آتا تو قلم اُٹھا کر رکھ دیتے ہیں۔ یہی لوگ ابتدائی جملوں کو کسی قدر سمجھ سکتے ہیں۔ اُن حضرؑات کا بادشاہانِ کلام ہونا تو ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ قرآن میں اُن کو لِسَانِ صِدْق فرمایا گیا ہے۔(50/ 19) وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ہم نے اُن انبیاء کے لئے علیؑ کو سچائی کی زبان بنایا۔ اُن کے لئے انبیاءؑ یہ دعا کرتے رہے کہ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ O (26/84) اور میرے لئے آخری لوگوں میں ایک سچائی کی زبان قائم کر دینا۔''

### 2۔ ثلاثہ اینڈ کمپنی کے ادوارِ حکومت نے کیسے مومنین تیار کئے تھے۔

آپؑ کا آٹھواں جملہ، ابوبکر و عمر و عثمان کے طرزِ حکومت اور اُن کے دینی نظام کی پول کھولتا ہے جس میں علما اور حفاظ قرآن منافق اور خوشامدی ہوں تو یقیناً حکمران اور خلفاء کا تو اُن سے بڑھ کر منافق و غدار ہونا لازم ہے۔ جہاں سے حق و صداقت غائب ہوگئی ہو، وہ کیسی دنیا ہوگی؟ اور اُس دنیا کے حکمران کیسے ہوں گے؟ اُن کی نمازیں پبلک کو کیا سکھاتی ہوں گی۔ اُن کے روزے اور دیگر عبادتیں کیسی ہوں گی؟ ثلاثہ اینڈ کمپنی کے تمام افسانے فرضی ثابت ہو جاتے ہیں۔ حضور علیہ السلام کا جملہ تقاضہ کرتا ہے کہ قریش کی تیار کردہ تاریخ و حدیث و تفسیر وغیرہ کی تمام تحریروں کو یک سر رد کر دیا جائے اور صرف اُن باتوں کو مانا جائے جو فطری ہوں، عقل کے معیار پر پوری اُتریں اور قریش کی طرفداری نہ کرتی ہوں اور قرآن کے خلاف نہ جاتی ہوں۔ قریش کے متعلق تاریخ و حدیث و تفسیر میں مذکور ہر برائی ہر مذمت اور ہر خرابی کو فوراً قبول کیا جائے اور اُن کی مدح و ثنا، اچھائیاں اور خوبیاں یکسر رد کر دی جائیں۔

### عمر اپنے قائم کردہ نظام سرمایہ داری پر پچھتاتا رہا۔

خلفائے ثلاثہ کے قائم کردہ نظام میں جمہوریت یا مساوات کو تسلیم کرنا بدترین مغالطہ یا فریب ہے جبکہ عمر کا یہ قول موجود و مشہور ہے کہ۔'' اگر یہ بات جو مجھے اب معلوم ہوئی ہے پہلے سوجھ گئی ہوتی تو میں امیروں سے اُن کی ضرورت سے زائد دولت لے کر فقراء میں تقسیم کر دیتا۔'' (فتنۃ الکبریٰ صفحہ 33) یہ لکھ کر طٰہٰ حسین لکھتے ہیں کہ:۔'' اگر حضرت عمر کچھ مدت اور زندہ رہتے تو ممکن تھا کہ تاریخ اسلامی اُن کے ہاتھوں اس معاملے میں حیرت انگیز اقدام کا مشاہدہ کرتی۔'' (ایضاً صفحہ 33) بہرحال یہ نتیجہ کہ اُس زمانے کے سرمایہ دار اور غنی لوگ غربا و فقرا و مساکین کی پرواہ نہ کرتے تھے عمر کے نظام کا نتیجہ تھا اور عمر ہی نے غربا اور رؤساء کے دونوں طبقوں کو پیدا کیا تھا۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 231

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 225

# خُطبہ ﴿226﴾

## 1۔ ایک نہایت اہم حقیقت کا انکشاف: انسانی صورت وشکل اور سیرتوں کے اختلاف کا بنیادی سبب جس سے عدلِ خداوندی برقرار رہتا ہے۔(خطبہ نمبر 1۔حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق میں تفصیل ملے گی)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّمَا فَرَّقَ بَیۡنَھُمۡ مَّبَادِئُ طِیۡنِھِمۡ ؛ | 1 | انسانوں کی صورتوں اور سیرتوں کا فرق ان کی طین کی ابتدا کرنے والے اجزاء اور عناصر کی بنا پر واقع ہوتا ہے۔ |
| وَذٰلِکَ اَنَّھُمۡ کَانُوۡا فِلۡقَۃً مِّنۡ سَبَخِ اَرۡضٍ وَّعَذۡبِھَا وَحَزۡنِ تُرۡبَۃٍ وَسَھۡلِھَا ؛ | 2 | اور یہ وہی بات ہے کہ تمام انسانوں کی تخلیق میں زمینوں کی نمکین اور شیریں اور سخت ونرم وغیرہ، قطعات کو پھاڑ کر ان کے جوہر کو استعمال کیا گیا تھا۔ |
| فَھُمۡ عَلٰی حَسۡبِ قُرۡبِ اَرۡضِھِمۡ یَتَقَارَبُوۡنَ ؛ | 3 | اور ظاہر ہے کہ جو انسان جس قسم کی بنیادی چیزوں سے اپنی تخلیق میں قریب ہوگا وہ ان ہی کے ماتحت رہے گا اور ویسی ہی خُو بُو پائے گا۔ |
| وَعَلٰی قَدۡرِ اخۡتِلَافِھَا یَتَفَاوَتُوۡنَ ؛ | 4 | اور ان ہی بنیادوں کے اختلاف سے ان میں قربت اور دوری پیدا ہوگی۔لہٰذا ہم شکل ہونا اجزاء کی قربت کا اور مختلف ہونا اجزاء کے تفاوت کا پتہ دے گا۔ |
| فَتَآمُّ الرُّوَآءِ نَاقِصُ الۡعَقۡلِ ؛ | 5 | چنانچہ ایک پورا خوبصورت آدمی عقل میں نامکمل ہوسکتا ہے۔ |
| وَمَادُّ الۡقَامَۃِ قَصِیۡرُ الۡھِمَّۃِ ؛ | 6 | اور لمبا آدمی کم ہمت پایا جاتا ہے(مشہور تو احمق ہے) |
| وَزَاکِی الۡعَمَلِ قَبِیۡحُ الۡمَنۡظَرِ وَقَرِیۡبُ الۡقَعۡرِ بَعِیۡدُ السَّبۡرِ ؛ | 7 | اور نیکوکار لوگوں کو بدشکل بھی دیکھا گیا ہے اور چھوٹے قد والے لوگ عموماً دور اندیش ہوتے ہیں(مشہور تو فتنہ ہے) |
| وَمَعۡرُوۡفُ الضَّرِیۡبَۃِ مُنۡکَرُ الۡحَلِیۡبَۃِ ؛ | 8 | نیک سرشت لوگ کوئی نہ کوئی بُری عادت ڈال لیتے ہیں۔ |
| وَتَائِہُ الۡقَلۡبِ مُتَفَرِّقُ اللُّبِّ ؛ | 9 | مُتلوّن المزاج وپریشان دل والے عقل بھی استوار نہیں رکھتے۔ |
| وَطَلِیۡقُ اللِّسَانِ حَدِیۡدُ الۡجَنَانِ ؛ | 10 | چرب زبان یا باتونی لوگ اکثر ہوشمند دل رکھتے ہیں" |

Presented by Ziaraat.Com

## تشریحات:

اس خطبے میں حضور علیہ السلام نے نہایت اختصار کے ساتھ وہ تخلیقی بنیادیں سامنے رکھی ہیں جن کی وجہ سے انسانوں کی صورتوں، شکلوں اور اعمال واخلاق وعقل وبصیرت میں اختلاف پیدا ہونا ممکن رکھا گیا ہے۔ یعنی اللہ نے چونکہ نوع انسان کو اُس کی ترقی کے دائرہ میں آزاد ومختار رکھنا تھا۔ اس لئے انسانی تخلیق میں بھی جبر کا پہلو داخل نہ ہونے دیا بلکہ سامان تخلیق کو اس طرح ترتیب دیا کہ انسان جیسا بننا چاہے بن سکے۔ یہ کالے گورے، یہ موٹے پتلے، یہ لنگڑے لُولے، یہ اندھے کانے یہ دیدہ وراور پاگل، یہ حسین وجمیل، یہ بدشکل اور کریہہ المنظر، یہ طویل وپستہ قد، یہ فطین وغبی سب کے سب انسانی اختیار وآزادی اور رضامندی اور پسند سے تیار ہوئے ہیں۔ اِس میں اتنا اور اضافہ کرلو کہ یہ نیک وبد، یہ خلیق وبداخلاق، یہ رحیم اور سخت مزاج وبے رحم وغیرہ بھی انسانی کوششوں اور کاوشوں اور اختیار وآزادی ہی کی پیداوار ہیں۔ کہیں انسان کی تنہا وانفرادی آزادی واختیار و پسند کارفرما ہے کہیں اجتماعی آزادی واختیار و پسند کا عمل دخل ہے۔ کہیں یہ نتائج سیدھے سیدھے اور سامنے کی باتیں ہیں۔ کہیں پیچیدہ اور دیرینہ آزادی واختیار و پسند ہے اور اسی لئے نظر سے اوجھل اور سمجھنے میں مشکل ہے مگر ہے سب کچھ انسانی اختیار وارادے اور آزادی و پسندیدہ اعمال کا نتیجہ۔ اِس میں کہیں جبر کا شائبہ تک نہیں ہے۔ پہاڑی علاقوں میں بسنا آپ ہی کے اختیار وآزادی کی بات ہے مگر رفتہ رفتہ قد کا چھوٹا ہو جانا آنکھوں کا خاص صورت اختیار کر لینا وغیرہ وغیرہ نتیجہ ہے آزادی اور اختیار کا۔ افریقہ کے اصلی باشندوں کے سر کے بال کہاں گئے جہاں اُنھوں نے بھیجا چلے گئے اُنھوں نے سبک سر ہو کر رہنا چاہا لہٰذا ایک انچ کی لمبائی بھی خمیدہ گھونگریالی صورت میں رہ گئے آپ نے کچے رنگ کی جگہ پکا رنگ چاہا تھا لہٰذا ایسا ایسا کالا اور چمکدار رنگ ملا کہ تو ا شرمائے۔ یہ پورا کا پورا ملک سیاہ اور وہ پورا کا پورا ملک سفید زبردستی نہیں خوشی سے ہوا تھا۔ جو کچھ انسانی تخلیق کے نسخے میں ایک جگہ جمع کیا وہ سب کچھ پوری کائنات میں بکھیر دیا اور تمھاری دسترس اور اختیار میں دے دیا۔ لہٰذا لوہا کھانا ہو تو گاجر میں ہے۔ بے رحمی اور سنگدلی گوشت میں ہے۔ کھایئے اور قصائی بن جایئے شیر کی طرح بدبو اور بدخو ہو جایئے۔ رحم سبزیوں میں ہے۔ رحیم اور بزدل بننا اور بنانا آپ کے اختیار میں رہا ہے اور آج بھی ہے۔ حرام وحلال۔ مضر ومفید۔ گرم وسرد کون سی چیز رہ گئی جو بار بار اور منّت وسماجت سے بتائی جاتی رہی ہے۔ تم مختار تھے مختار ہو۔ تم آزاد تھے آزاد ہو۔ اپنی آزادی اور اختیار کو جہاں چاہا استعمال کیا۔ کرتے رہو۔ جس طرح تم آزاد ومختار ہو اُسی طرح قوانین خداوندی بھی آزاد ومختار ہیں۔ تم اپنی خُو نہ بدلو گے وہ اپنی وضع کیوں بدلیں؟ تم سنگدلی اور بے رحمی دکھاؤ تو وہ تمھیں رحیم ونرم خُو کیوں بنائیں؟

تمھیں غیروں سے کب فرصت ہم اپنے غم سے کب خالی
چلو بس ہو چکا ملنا نہ تم خالی نہ ہم خالی

(مزید تفصیل کے لئے پہلے خطبے کی تشریحات پیرا نمبر 31 سے آخر تک پڑھیں)

تم تراب کے معنی بھی مٹی کرلو، طین کو بھی مٹی سمجھو اور صعید کو بھی خاک دھول بناڈالو تو ذمہ دار کون ہے؟ تُم یا ہم؟۔ ہم نہیں تُم۔ ( shut up )

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 232

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 226

# خُطبہ ﴿227﴾

**1۔ میت کے غسل کے وقت رسولؐ سے باتیں۔ 2۔ آپؐ کی وفات پر نبوت اور آسمانی خبریں منقطع ہوگئیں۔ 3۔ اللہ کے حضور یاد کئے جانے کی تمنا۔ 4۔ نالہ وفریاد کرنا منع کیا گیا ہے۔ 5۔ موت کو واپس نہیں کیا جاسکتا۔**

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | |
|---|---|---|
| بِاَبِیۡ اَنۡتَ وَاُمِّیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ لَقَدِ انۡقَطَعَ بِمَوۡتِکَ مَالَمۡ یَنۡقَطِعۡ بِمَوۡتِ غَیۡرِکَ مِنَ النُّبُوَّۃِ وَالۡاَنۡبَاءِ وَ اَخۡبَارِ السَّمَآءِ ؛ | 1 | یارسولؐ اللہ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں آپؐ کی رحلت سے وہ سب کچھ منقطع ہوگیا جو پہلے کبھی کسی نبیؑ کی رحلت سے نہ ہوا تھا۔ نبوت منقطع ہوئی رسالت ختم ہوئی غیبی خبروں کا آنا بند ہوا اور آسمانی اطلاعات بھی بند ہوگئی ہیں۔ |
| خَصَصۡتَ حَتّٰی صِرۡتَ مُسۡلِیًا عَمَّنۡ سِوَاکَ ؛ | 2 | آپؐ نے اپنے سوا باقی تمام صدمات کے سلسلے میں یہاں تک خصوصیت دی کہ اپنی روانگی تک برابر تسلیاں دیتے رہے اور تسلی دیتے ہوئے ہی چلے گئے۔ |
| وَعَمَّمۡتَ حَتَّی صَارَ النَّاسُ فِیۡکَ سَوَاءً ؛ | 3 | اور آپؐ کی رحلت نے آپؐ کے صدمہ کو ایسی ہمہ گیر عمومیت بخش دی کہ پوری نوع انسان اس صدمہ میں برابر کی حصہ دار ہوگئی۔ |
| وَلَوۡلَا اَنَّکَ اَمَرۡتَ بِالصَّبۡرِ وَنَهَیۡتَ عَنِ الۡجَزَعِ لَاَنۡفَدۡنَا عَلَیۡکَ مَاءَ الشُّئُوۡنِ وَلَکَانَ الدَّاءُ مُمَاطِلًا ؛ | 4 | اور اگر کہیں آپؐ نے صبر کا حکم نہ دیا ہوتا اور ہائے واویلا کرنے کی ممانعت نہ کردی ہوتی تو ہم اس قدر روتے کہ وہ سارا پانی ختم ہوجاتا جو صدمات کو ہلکا کرنے کیلئے اللہ نے پیدا کیا ہوا ہے اور اس صدمہ نے پھر بھی نہ ختم ہونا تھا نہ ہلکا پڑنا تھا۔ |
| وَالۡکَمَدُ مُحَالِفًا وَقَلَّاکَ ؛ | 5 | اور یہ دِلگُداز صدمہ بہرحال تاحیات ہمارا حلیف وساتھی رہے گا اور پھر بھی آپؐ کی جدائی میں قلیل ہی ہوگا۔ |
| وَلٰکِنَّہٗ مَالَایُمۡلَکُ رَدُّہٗ وَلَایُسۡتَطَاعُ دَفۡعُہٗ ؛ | 6 | ولیکن موت ایسی حقیقت ہے جس کو واپس کرنا اختیار میں نہیں ہے اور اس کو دفع کردینا استطاعت اور قوت سے باہر ہے۔ |
| بِاَبِیۡ اَنۡتَ وَاُمِّیۡ اذۡکُرۡنَا عِنۡدَرَبِّکَ وَاجۡعَلۡنَا مِنۡ بَالِکَ ؛ | 7 | میرے ماں باپ قربان جائیں آپؐ اللہ کے حضور میں ہمارا بھی ذکر کرنا اور ہمیں اپنے بال بچوں میں شمار کرتے رہیں‘‘ |

Presented by Ziaraat.Com

## تشریحات:

ہم سوچ رہے ہیں کہ تشریحات اُن آنسوؤں اور دھڑکتے ہوئے بے قابو دل کی کریں جو حضورؐ کے آخری جملے کا فطری نتیجہ ہے۔ آپؐ کی اولاد ہونے کی وجہ سے آپؐ کے رنجیدہ کلام سے یہ دل و دماغ ہمیشہ بے قابو ہو جاتے ہیں اور ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ اِن میں آپؐ کے جذبات اور خون گردش کرتا ہے۔ اور جب آپؐ اپنی اس منزل اور مقام اور قرب کے بعد بھی رسولؐ اللہ سے یہ درخواست کرنے میں تکلف نہیں کرتے کہ اللہ کے سامنے آپؐ کا ذکر کیا جائے اور آپؐ کو اپنے بال بچوں میں شمار کیا جائے۔ تو ہمیں کون سی چیز روک سکتی ہے کہ ہم آپ سے یہ درخواست اور امید نہ کریں کہ آپؐ اللہ کے سامنے ہمارا ذکر فرماتے رہیں اور ہمیں بھی اپنے بال بچوں میں شمار کرتے رہیں۔

**2۔ نبوتؐ و رسالتؐ و وحی کا ختم ہونا ضروری تھا عہد امامتؑ میں وحی کی ضرورت ہی نہیں۔**

وحی تو سیاسی لیڈروں کا مُنہ بند رکھنے کا ایک ذریعہ تھا تا کہ وہ اللہ سے براہ راست تعلق اور رابطہ کو آڑ بنا کر عوام کو انبیاءؑ علیہم السلام سے بد ظن نہ کر سکیں۔ وہ تو سلسلۂ وحی کے اعلان و اقرار کے باوجود بھی طرح طرح کے حربے استعمال کرتے اور انکار کرتے رہتے ہیں۔ انھوں نے تو بشر ہونے ہی کو انکار کا بہانہ بنائے رکھا ہے۔ اگر کہیں اللہ سے براہ راست تعلق اور رابطہ کا کھلا ہوا اعلان کر دیا جاتا تب تو اُنہیں قرآن کو خود ساختہ کتاب کہنے میں سہولت ہو جاتی اور براہ راست رابطہ کے اعلان ہی کو ثبوت میں پیش کر دیتے اور سادہ دل اور سادہ عقل عوام کو براہ راست رابطہ کا ثبوت دینا بہت مشکل ہو جاتا۔

**3۔ سلسلۂ وحی کو مشہور صورت میں ماننے سے حقیقتاً خود اللہ مجبور محتاج ثابت ہو جاتا ہے۔**

ذرا ٹھنڈے دل سے سلسلۂ وحی پر غور کیجیے۔ وحی یہی ہے نا کہ اللہ جو کچھ اپنے رسولؐ سے یا نبیؑ سے کہنا چاہتا ہے وہ سب کچھ پہلے کسی طرح ایک فرشتے سے مثلاً جبرائیل سے کہے۔ پھر وہ فرشتہ چل کر یا اُڑ کر نبیؐ یا رسولؐ کے پاس آئے اور اللہ کا وہ پیغام نبیؐ یا رسولؐ کو سُنائے یا پڑھوائے چنانچہ جناب جبرئیل رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے کہہ رہے ہیں کہ:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ O اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ O الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ O عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ O (5 تا 1/96)

**مودودی کا ترجمہ:** ''پڑھو (اَے نبیؐ) اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے پیدا کیا جمے ہوئے خون کے ایک لوتھڑے سے انسان کی تخلیق کی۔ پڑھو اور تمہارا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعہ سے علم سکھایا۔ انسان کو وہ علم دیا جو وہ نہیں جانتا تھا۔'' (تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 396)

**4۔ آیات کا شان نزول اور زمانۂ نزول مودودی اینڈ کمپنی متفقہ طور پر لکھتی ہے۔**

''**زمانۂ نزول**: اس سورہ کے دو حصے ہیں پہلا حصہ اِقْرَاْ سے شروع ہو کر پانچویں آیت کے الفاظ مَا لَمْ یَعْلَمْ پر ختم ہوتا ہے۔ اور دوسرا حصہ کَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰی سے شروع ہو کر آخر سورہ تک چلتا ہے۔ پہلے حصے کے متعلق علمائے اُمت کی عظیم اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ یہ سب سے پہلی وحی ہے جو رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔ اس معاملہ میں حضرتِ عائشہ کی وہ حدیث جسے امام احمد، بخاری، مسلم اور دوسرے محدثین نے متعدد سندوں سے نقل کیا ہے۔ صحیح ترین احادیث میں شمار ہوتی ہے۔ اور اس میں حضرت عائشہ نے خود رسول اللہ صلی اللہ

Presented by Ziaraat.Com

علیہ وسلم سے سُن کر آغاز وحی کا پورا قصہ بیان کیا ہے۔اس کے علاوہ ابن عباس' ابوموسیٰ اشعری اور صحابہ کی ایک جماعت سے بھی یہی بات منقول ہے کہ قرآن کی سب سے پہلی آیات جو حضورؐ پر نازل ہوئیں وہ یہی تھیں۔دوسرا حصہ بعد میں اُس وقت نازل ہوا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم میں نماز پڑھنا شروع کی اور ابوجہل نے آپؐ کو دھمکیاں دے کر اس سے روکنے کی کوشش کی۔'' (ایضاً، صفحہ 392)

مسلسل دوسرا عنوان لکھ کر نزول وحی کا پورا قصہ سناتے ہیں آپ بھی سُنیے اور لطف اندوز ہو جایئے مگر عقل وہوش کا دامن نہ چھوڑیے۔

**آغاز وحی :** محدثین نے آغاز وحی کا قصہ اپنی اپنی سندوں کے ساتھ امام زھری سے اور اُنھوں نے حضرت عروہ بن زبیر سے اور اُنھوں نے اپنی خالہ حضرت عائشہ سے نقل کیا ہے۔وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کی ابتدا سچے (اور بعض روایات میں ہے اچھے) خوابوں کی شکل میں ہوئی۔آپ جو خواب بھی دیکھتے وہ ایسا ہوتا کہ جیسے آپ دن کی روشنی میں دیکھ رہے ہیں۔پھر آپ تنہائی پسند ہو گئے اور کئی کئی شب وروز غار حرا میں رہ کر عبادت کرنے لگے (حضرت عائشہ نے تَحَنُّث کا لفظ استعمال کیا ہے جس کی تشریح امام زھری نے تَعَبُّد سے کی ہے یہ کس طرح کی عبادت تھی جو آپ کرتے تھے کیونکہ اس وقت تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپؐ کو عبادت کا طریقہ نہیں بتایا گیا تھا) آپؐ کھانے پینے کا سامان گھر سے لے جا کر وہاں چند روز گزارتے۔پھر حضرت خدیجہؓ کے پاس آتے اور وہ مزید چند روز کے لئے سامان آپ کے لئے مہیا کر دیتی تھیں۔ایک روز جب کہ آپ غار حرا میں تھے یکا یک آپ پر وحی نازل ہوئی اور فرشتے نے آ کر آپ سے کہا کہ پڑھو۔اِس کے بعد حضرت عائشہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول نقل کرتی ہیں کہ میں نے کہا۔''میں تو پڑھا ہوا نہیں ہوں۔'' اس پر فرشتے نے مجھے پکڑ کر بھینچا یہاں تک کہ میری قوتِ برداشت جواب دینے لگی۔پھر اُس نے مجھے چھوڑ دیا اور کہا پڑھو۔میں نے کہا کہ میں تو پڑھا ہوا نہیں ہوں'' اُس نے دوبارہ مجھے بھینچا اور میری قوت برداشت جواب دینے لگی۔پھر اُس نے مجھے چھوڑ دیا اور کہا، پڑھو میں نے پھر کہا کہ میں تو پڑھا ہوا نہیں ہوں'' اُس نے تیسری مرتبہ مجھے بھینچا یہاں تک کہ میری قوت برداشت جواب دینے لگی۔پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا اور کہا اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ (پڑھو اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے پیدا کیا) یہاں تک کہ مَالَمْ یَعْلَمْ (جسے وہ نہ جانتا تھا) تک پہنچ گیا۔حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانپتے لرزتے ہوئے وہاں سے پلٹے اور حضرت خدیجہ کے پاس پہنچ کر کہا کہ۔''مجھے اڑھاؤ۔'' چنانچہ آپ کو اُڑھا دیا گیا۔جب آپ پر سے خوفزدگی کی کیفیت دور ہو گئی تو آپ نے فرمایا۔''اے خدیجہؓ یہ مجھے کیا ہو گیا؟۔'' پھر سارا قصہ آپ نے اُن کو سنایا اور کہا کہ۔''مجھے اپنی جان کا ڈر ہے۔'' اُنھوں نے کہا ''ہرگز نہیں آپ خوش ہو جایئے خدا کی قسم آپ کو خدا کبھی رسوا نہ کرے گا۔'' آپ رشتہ داروں سے نیک سلوک کرتے ہیں' سچ بولتے ہیں (ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ امانتیں ادا کرتے ہیں) بے سہارا لوگوں کا بار برداشت کرتے ہیں۔نادار لوگوں کو کما کر دیتے ہیں مہمان نوازی کرتے ہیں اور نیک کاموں میں مدد کرتے ہیں۔'' پھر وہ حضور کو ساتھ لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس گئیں جو اُن کے چچا زاد بھائی تھے۔زمانۂ جاہلیت میں عیسائی ہو گئے تھے عربی اور عبرانی میں انجیل لکھتے تھے بہت بوڑھے اور نابینا ہو گئے تھے۔حضرت خدیجہ نے اُن سے کہا بھائی جان ذرا اپنے بھتیجے کا قصہ سُنیے ورقہ نے حضور سے کہا کہ بھتیجے تم کو کیا نظر آیا؟ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ دیکھا تھا وہ بیان کیا۔ورقہ نے کہا۔''یہ وہی ناموس (وحی لانے والا فرشتہ) ہے جو اللہ نے موسیٰؑ پر نازل کیا تھا۔کاش میں آپ کے زمانۂ نبوت میں قوی جوان ہوتا۔کاش میں اُس وقت تک زندہ رہوں جب آپ کی قوم آپ کو نکالے گی۔'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔''کیا یہ لوگ مجھے نکال دیں گے؟ ''ورقہ نے کہا۔''ہاں کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کوئی شخص وہ چیز لے کر آیا ہو جو آپ لائے ہیں اور اُس سے دشمنی نہ کی گئی ہو اگر میں نے آپ کا وہ زمانہ پایا تو میں آپ کی پُر زور مدد

Presented by Ziaraat.Com

کروں گا۔'' مگر زیادہ مدت نہ گزری تھی کہ ورقہ کا انتقال ہوگیا۔'' (مسلسل اب خود لکھتے ہیں کہ)

یہ قصہ خود اپنے مُنہ سے بول رہا ہے کہ فرشتے کی آمد سے ایک لمحہ پہلے تک بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات سے خالی الذہن تھے کہ آپ نبی بنائے جانے والے ہیں۔ اس چیز کا طالب یا متوقع ہونا تو درکنار آپ کے وہم وگمان میں بھی یہ نہ تھا کہ ایسا کوئی معاملہ آپ کے ساتھ پیش آئے گا وحی کا نزول اور فرشتے کا اس طرح سامنے آنا آپ کے لئے اچانک ایک حادثہ تھا جس کا پہلا تاثر آپ کے اوپر وہی ہوا جو ایک بے خبر انسان پر اتنے بڑے ایک حادثے کے بعد پیش آنے سے فطری طور پر ہوسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپ اسلام کی دعوت لے کر اُٹھے تو مکے کے لوگوں نے آپ پر ہر طرح کے اعتراضات کئے مگر اُن میں کوئی یہ کہنے والا نہ تھا کہ ہم کو تو پہلے ہی یہ خطرہ تھا کہ آپ کوئی دعویٰ کرنے والے ہیں کیونکہ آپ ایک مدت سے نبی بننے کی تیاریاں کر رہے تھے''۔ (تھوڑا اور صبر سے سن لیں)۔ ''اس قصے سے ایک بات یہ بھی معلوم ہوتی ہے کہ نبوت سے پہلے آپ کی زندگی کیسی پاکیزہ تھی اور آپ کا کردار کتنا بلند تھا۔ حضرت خدیجہؑ کوئی کم سن خاتون نہ تھیں بلکہ اس واقعہ کے وقت اُن کی عمر 55 سال تھی اور پندرہ سال سے وہ حضور کی شریک زندگی تھیں۔ بیوی سے شوہر کی کوئی کمزوری چھپی نہیں رہ سکتی۔ انھوں نے اس طویل ازدواجی زندگی میں آپ کو اتنا عالی مرتبہ انسان پایا تھا کہ جب حضور نے اُن کو غار حرا میں پیش آنے والا واقعہ سنایا تو بلا تامل انھوں نے یہ تسلیم کرلیا کہ فی الواقعہ اللہ کا فرشتہ ہی آپ کے پاس وحی لے کر آیا تھا۔ اسی طرح ورقہ بن نوفل بھی مکے کے ایک بوڑھے باشندے تھے بچپن سے حضور کی زندگی دیکھتے چلے آرہے تھے اور پندرہ سال کی قریبی رشتہ داری کی بنا پر تو وہ آپ کے حالات سے اور بھی زیادہ گہری واقفیت رکھتے تھے۔ اُنھوں نے جب یہ واقعہ سنا تو اُسے کوئی وسوسہ نہیں سمجھا بلکہ سُنتے ہی کہہ دیا کہ یہ وہی ناموس ہے جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا تھا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اُن کے نزدیک بھی آپ اتنے بلند پایہ انسان تھے کہ آپ کا نبوت کے منصب پر سرفراز ہونا کوئی قابل تعجب امر نہ تھا۔'' (تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 392 تا 394)

یہ قصہ سن لینے کے بعد اب وہ تشریحات بھی سن لیں جو مسٹر و مولانا مودودی نے بقول اُن کے پہلی وحی کی پانچوں آیات پر لکھی ہیں۔

**1۔ پہلی آیت پر مودودی کا بیان:**

۔'' جیسا کہ ہم نے دیباچہ میں بیان کیا ہے فرشتے نے جب حضورؐ سے کہا کہ پڑھو تو حضورؐ نے جواب دیا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فرشتے نے وحی کے یہ الفاظ لکھی ہوئی صورت میں آپ کے سامنے پیش کئے تھے اور انہیں پڑھنے کے لئے کہا تھا۔ کیونکہ اگر فرشتے کی بات کا مطلب یہ ہوتا کہ جس طرح میں بولتا جاؤں آپ اُسی طرح پڑھتے جائیں تو حضورؐ کو یہ کہنے کی ضرورت نہ ہوتی کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔'' (تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 396)

**2۔ چوتھی آیت کی تشریح:**

'' 5 یعنی یہ اُس کا انتہائی کرم ہے کہ اس حقیر حالت سے ابتدا کر کے اُس نے انسان کو صاحب علم بنایا جو مخلوقات کی بلند ترین صفت ہے۔ اور صرف صاحب علم ہی نہیں بنایا بلکہ اُس کو قلم کے استعمال سے لکھنے کا فن سکھایا جو بڑے پیمانے پر علم کی اشاعت ترقی اور نسلاً بعد نسلٍ اُس کی بقا اور تحفظ کا ذریعہ بنا۔ اگر وہ الہامی طور پر انسان کو قلم اور کتابت کے فن کا یہ علم نہ دیتا تو انسان کی علمی قابلیت ٹھٹھر کر رہ جاتی اور اُسے نشو ونما پانے پھیلنے اور ایک نسل کے علوم دوسری نسل تک پہنچنے اور آگے مزید ترقی کرتے چلے جانے کا موقع ہی نہ ملتا۔'' (ایضاً، صفحہ 397۔396)

Presented by Ziaraat.Com

## 3۔ پانچویں آیت کی تشریح:

'' 6 یعنی انسان اصل میں بالکل بے علم تھا اسے جو کچھ بھی علم حاصل ہوا اللہ کے دینے سے حاصل ہوا۔ اللہ ہی نے جس مرحلے پر انسان کے لئے جو دروازے کھولنا چاہے وہ اُس پر کھُلتے چلے گئے۔ یہی بات ہے جو آیت الکرسی میں اس طرح فرمائی گئی ہے کہ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ اور لوگ اُس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے سوائے اُس کے جو وہ خود چاہے۔'' (البقرہ۔255) جن جن چیزوں کو بھی انسان اپنی علمی دریافت سمجھتا ہے درحقیقت وہ پہلے اُس کے علم میں نہ تھیں۔ اللہ تعالیٰ ہی نے جب چاہا اُن کا علم اُسے دیا بغیر اس کے کہ انسان یہ محسوس کرتا کہ یہ علم اللہ اُسے دے رہا ہے۔'' (ایضًا، صفحہ 397)

## 5۔ وحی، پہلی وحی اور مودودی اینڈ کمپنی کی خودساختہ، متضاد و نامعقول گفتگو۔

مندرجہ بالا آیات جو کہتی ہیں اُن سے اس خودساختہ افسانے کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ وہاں نہ کسی فرشتے کا ذکر ہے اور نہ یہ کہا گیا ہے کہ یہ پہلی وحی تھی۔ نہ یہ کہ ان آیات سے وحی کا آغاز ہوا تھا بلکہ اس خودساختہ افسانے کی رو سے تو یہ ہرگز نہ آغاز وحی تھا نہ پہلی وحی تھی کہانی میں تو یہ کہا گیا ہے کہ: ''وحی کی ابتدا سچے یا اچھے خوابوں سے ہوئی تھی''۔ اس جملے کے بعد یہ قطعی احمقانہ بات ہے کہ وحی کی ابتدا ان آیات سے ہوئی تھی۔ پھر اس کہانی کا ہیرو فرشتہ قطعاً جاہل تھا کہ وہ بقول قریش اَن پڑھ آدمی سے پڑھنے کو کہتا ہے۔ پھر وہ فرشتہ یا بہرا تھا یا پاگل بھی تھا۔ وہ یہ سن کر بھی کہ متعلقہ شخص پڑھنا نہیں جانتا پڑھنے کا تقاضا کرتا ہے لہٰذا وہ احمق و پاگل اور بار بار کہنے پر بھی وہ تقاضا کرتا رہا تو یقیناً بہرا۔ اُس کی دیوانگی اس سے بھی ثابت ہے کہ وہ کسی کو پڑھنے کے قابل بنانے کا طریقہ بھینچنے کو سمجھتا ہے۔ اور ناکام رہتے ہوئے ناکامی کو محسوس نہیں کرتا۔ پھر قصہ گھڑنے والا بھی پاگل تھا وہ یہ سوچنے اور سمجھنے سے قاصر رہ گیا کہ اُس کا تراشیدہ افسانہ نامکمل ہی نہیں رہ گیا بلکہ قصے کا اصل مقصد ہی فوت ہو گیا۔ یعنی اُسے یہ بتانا تھا کہ اچھا تم پڑھ نہیں سکتے تو میں خود پڑھتا ہوں جو کچھ تم سنو اُسے مُنہ سے دہراتے جاؤ اور یہ بھی بتانا تھا کہ فرشتہ پڑھتا اور حضورؐ دہراتے گئے۔ وہاں تو نہ حضورؐ کے پڑھنے کا ذکر ہے نہ دہرانے کی بات ہے یعنی فرشتے نے اُن آیات کو خود ہی پڑھا اور لکھی ہوئی آیات لے کر واپس چلا گیا۔ یعنی فرشتے کی آمد و رفت مہمل اور بے مقصد ہو کر رہ گئی۔ پھر مودودی کو بھی اپنی پہلی تشریح میں یہ بتانا چاہیے کہ وہ لکھی ہوئی آیات کہاں گئیں فرشتہ لے گیا یا (معاذ اللہ) بدحواسی میں کہیں رسولؐ اللہ سے ضائع ہو گئیں؟ اس افسانے میں یہ بات عجیب ہے کہ دن کی روشنی میں جاگتے ہوئے حقائق خداوندی دیکھتے دیکھتے آدمی گوشہ نشین ہو جائے اور تنہائی پسند کرنے لگے جب کہ وہ جانتا ہے کہ وہ حقائق کسی اور کو نظر نہیں آتے ہیں۔ پھر تنہائی تو اپنے گھر میں بھی حاصل ہو سکتی تھی غار حرا اور پہاڑوں میں جانے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ اور اس افسانے میں یہ بھی غیر فطری ہے کہ ایک عزیز ترین اور پیارا شوہر کئی کئی روز گھر سے دور غاروں یا بیابانوں میں رہے روکھی سوکھی ٹھنڈی غذا کھائے اور بیوی کو نہ دُکھ ہو اور نہ شکایت اور واپس آتے ہی اسے دوبارہ دور رکھنے کا انتظام کرتی رہے۔ افسانے میں یہ بھی غلط ہے کہ رسولؐ اللہ کو چالیس سال کی عمر تک نماز روزے کی اطلاع نہ تھی۔ تحنّث یا تحنّث کے بجائے سجدے میں پڑے رہنا کافی تھا اس لئے کہ سجدہ تمام مذاہب میں عبادت مانا گیا ہے۔ کہانی کی اگر یہ بات مان لی جائے کہ رسولؐ اللہ خوفزدہ ہو گئے تھے اور ہانپتے کانپتے اور لرزتے ہوئے گھر آئے تھے۔ تو یہ بھی ماننا ہوگا کہ وہ معاذ اللہ اس بھینچنے والے شخص کو اللہ کا بھیجا ہوا فرشتہ نہیں سمجھے بلکہ کوئی آسیب یا جن سمجھے تھے۔ ورنہ انہیں نہ خوف ہوا ہوتا نہ ہراس کا موقع تھا کیونکہ اللہ کو کوئی ظالم نہیں سمجھتا۔ پھر یہ افسانہ رسولؐ اللہ کو حضرت خدیجہ علیہا السلام سے پست عقل و ہمت کا آدمی ثابت کرتا ہے اور بتاتا ہے کہ انہیں چالیس سال تک جبرائیل کا نام بھی معلوم نہ ہوا تھا۔ حالانکہ تاریخی

Presented by Ziaraat.Com

حیثیت سے تیس سال پہلے سے بحیرہ راہب کی زبانی معلوم تھا کہ وہ اللہ کے رسولؐ ہیں اور شجر وحجر انہیں سجدہ بجالاتے ہیں۔ مختصر یہ کہ قریش نے یہ افسانہ یا بکواس نبوت اور رسالت کو اپنے سانچے یا فرمے میں ڈھالنے کیلئے گھڑا تھا اور قریش ساز افسانوں اور تاریخوں کا قرآن سے کبھی ثبوت نہیں ملتا۔

## 6۔ سورہ علق کی آیات کو پہلی وحی بنانے کی خاطر بے معنی بنانے کی کوشش کی ہے۔

مودودی نے اپنی نامعقول تشریحات میں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی پوزیشن پر پردے ڈال دیئے ہیں سب سے پہلے یہ دیکھئے کہ آنحضرتؐ کو یہ بتانے کی ضرورت ہی نہ تھی کہ اللہ ساری کائنات اور موجودات کا خالق ہے یہ بات ہر بامذہب ولامذہب اور بچہ وجوان جانتا ہے۔ اور چالیس سال کی عمر میں اور کئی بچے پیدا ہوجانے کے بعد رسولؐ اللہ کو یہ بتانے کی ضرورت نہ تھی کہ انسان کی تخلیق میں علقہ یا مضغہ کا کیا مقام ہے۔ پھر اُن کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ علم ہی نہیں بلکہ ہر چیز اور ہر نعمت اللہ نے عطا کی ہے۔ لہٰذا مودودی کی تشریحات نے سورۂ علق کی پانچوں آیات کو بے ضرورت اور بے معنی ثابت کیا ہے۔

## 7۔ اُن حقائق کو مودودی نے چھپادیا جن کی تشریح کی ضرورت پکارتی رہ گئی ۔

اِن آیات (5۔1/96) میں لفظ۔'' اَلْاِنْسَانُ ۔'' دومرتبہ آیا ہے۔ یہ بتانے کی ضرورت تھی کہ انسان کے ساتھ حروف الف اور لام کیوں لگائے ہیں؟ اگر اس خصوصیت سے کل نوع انسان مقصود تھی تو ظاہر ہے کہ نہ تمام انسان علقے سے پیدا ہوئے ہیں، مثلاً حضرت آدمؑ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام اور نہ تمام انسان علم سے بہرہ یاب ہوئے ہیں اور افسانے کی رو سے خود رسولؐ اللہ معاذ اللہ اَن پڑھ تھے۔ اور چالیس سال تک کسی سے علم کا درس نہیں لیا۔ اور الف لام لگانے سے دوسرے معنی کوئی مخصوص انسان ہوتے ہیں تو یہ بتانا تھا کہ وہ مخصوص انسان کون ہے جس کا تذکرہ اُن آیات میں کیا گیا ہے؟ پھر مودودی نے آخری آیت کا ترجمہ ہی غلط کیا ہے۔ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ ۔''ایک مخصوص انسان کو جو کچھ وہ نہ جانتا تھا سکھادیا۔'' یا یہ کہ ایک مخصوص انسان کو وہ سب کچھ تعلیم کردیا جو کچھ وہ نہ جانتا تھا۔'' یعنی اب وہ مخصوص انسان کسی چیز سے جاہل وناواقف اور لاعلم نہیں رہا ہے۔ اور قرآن کی رو سے ایسا خاص انسان صرف محمدؐ ہیں۔ سُنیے:

وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ عَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا O (4/113)

**مودودی ترجمہ**۔''اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے اور تم کو وہ کچھ بتایا ہے جو تمھیں معلوم نہ تھا اور اُس کا فضل تم پر بہت ہے۔''

(تفہیم القرآن، جلد اول صفحہ 396)

اس ترجمہ سے ثابت ہوگیا کہ رسولؐ کو جو کچھ معلوم نہ تھا وہ سب تعلیم کردیا گیا تھا اور یہی فضل عظیم ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ آیات (1 تا 5/96) میں سب کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق بیان ہوا ہے اور انہیں حکم دیا ہے کہ ان حقائق کو پڑھ کر سنادو کہ ایک خاص انسان کی تخلیق علقہ کی بنیاد پر کرکے بھی خالق نے اُسے بلا کسی واسطے اور وسیلے کے اپنے لوح وقلم کی تعلیم دے دی ہے اور کائنات اور تمام مخلوقات کے علم سے نواز دیا ہے۔ تاکہ وہ اللہ کے عظیم الشان فضل کو عام کرے اور انسانوں کو لامحدود علم وقدرت عطا کرسکے۔ چنانچہ فرمایا کہ:۔

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ O (2/151)

Presented by Ziaraat.Com

**مودودی ترجمہ:** ''جس طرح میں نے تمھارے درمیان خود تم میں سے ایک رسوؐل بھیجا جو تمھیں میری آیات سناتا ہے تمہاری زندگیوں کو سنوارتا ہے۔ تمھیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور تمھیں وہ باتیں سکھاتا ہے (تعلیم دیتا ہے) جو تم نہ جانتے تھے۔''

(تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 125)

یہ ہے وہ انسان وہ رسوؐل جو سورہ علق میں مذکور ہوا تھا اور جو اس کائنات کی ہر ہر چیز ہر ہر مخلوق کا مکمل علم لے کر مبعوث ہوا تھا۔

## 8۔ نزول وحی کا عقیدہ اللہ اور محمدؐ دونوں کی توہین کرتا ہے۔

پچھلے عنوان میں وہ بنیاد ہی غلط ثابت ہوگئی جس پر نزول وحی اور آغاز وحی کا عقیدہ قائم کیا گیا تھا اور یہ بھی ثابت ہوگیا کہ رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو روز تخلیق ہی سے ہمہ گیر علم کے عامل تھے اور لوگوں کو ہمہ گیر علم کی تعلیم دیتے رہے تھے (151/2) اور دوسرے الفاظ میں یہ کہنا درست ہے کہ محمدؐ کے علم کو تحریری شکل دے دی جائے تو اسی کو ''القرآن'' کہتے ہیں اور یہ القرآن ہی درحقیقت محمدؐ ہے اور یہ محمدؐ تنہا نہ تھے بلکہ کئی ایک محمدؐ، اُن کے ساتھ موجود تھے صلّی اللہ علیہم اجمعین۔ اس بات کو مزید وضاحت سے دلنشین کرنے کے لئے یہاں صرف تین آیات لکھتے ہیں۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ O وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ O بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ O (عنکبوت 49-47/29)

''اور اُسی طرح ہم نے تمہاری طرف بھی کتاب نازل کی ہے چنانچہ جن کو یہ کتاب دی گئی ہے وہ اس پر ایمان رکھتے ہی اور ان قریش میں سے بھی اس پر ایمان لا رہے ہیں۔ اور ہماری آیت میں حق پوشوں کے علاوہ اور کوئی بھی ہٹ دھرمی اور کٹ حجتی کرتا ہی نہیں ہے۔ اور اَے رسوؐل تم اس سے پہلے نہ تو کتاب میں سے کچھ پڑھتے اور نہ ہی اپنے داہنے ہاتھ سے کچھ لکھتے تھے اگر تم نے لکھا پڑھا ہوتا تو باطل پرست گروہ ایک دم اُلجھنوں میں پڑ جاتا یعنی قرآن کو آپ کی اپنی ذاتی تصنیف کہنے اور سمجھنے لگتا۔ حالانکہ یہ قرآن تو آیات بینات کی صورت میں ان لوگوں کے سینوں میں موجود ہے جن کو روز ازل سے ہمہ گیر و مکمل (العلم) علم دیا جا چکا ہے اور جن کو یہ قرآن دیا گیا ہے اور جو اس پر ہمیشہ سے ایمان رکھتے ہیں (47/29) اور ہماری آیات میں ہٹ دھرمی اور کٹ حجتی تو صرف ظالم لوگ ہی کرتے ہیں۔''

یہ تھے وہ محمدؐ جو محمدؐ کے ساتھ رہتے چلے آئے ہیں اب ان پر دو دو چار چار آیات کا نازل ہونا بے معنی اور بے سود ہے جبکہ سارا قرآن سینوں میں موجود ہو۔

## 8 (الف)۔ وہ الجھنیں جو نزول وحی کے عقیدے سے پیدا ہوتی ہیں؟

اگر نزول وحی کا عقیدہ مان لیا جائے تو اللہ کو محمدؐ سے کہیں بہت دور بھی ماننا ہوگا جب کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔

وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ (16/50)۔ ''اور ہم تو ہر انسان سے اُس کی رگِ گردن سے بھی قریب تر ہیں''۔

نزول وحی کے عقیدے کی رو سے یہ ماننا پڑے گا کہ اللہ محمدؐ سے بہت دور رہتا ہے اتنی دور کہ وہاں سے فرشتہ پرواز کرتا ہوا محمدؐ کے پاس آئے اور جو کچھ اللہ بتانا چاہتا ہو وہ محمدؐ کو بتائے۔ یعنی اللہ کے پاس اپنا مافی الضمیر رسوؐلوں اور نبیوؐں کو بتانے کے لئے اور کوئی ذریعہ اور قوت نہیں ہے۔ حالانکہ اللہ جس طرح فرشتے پر اپنا مافی الضمیر ظاہر کرتا ہے خود رسوؐلوں پر بھی ظاہر کر سکتا ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے کہ:

Presented by Ziaraat.Com

## 8(ب)۔اللہ کا بات کرنا فرشتوں کا محتاج نہیں ہے۔

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌO(42/51)

**مودودی ترجمہ:** ''کسی بشر کا یہ مقام نہیں کہ اللہ اُس سے روبرو بات کرے اُس کی بات یا تو وحی (اشارے) کے طور پر ہوتی ہے یا پردے کے پیچھے سے یا پھر وہ کوئی پیغامبر (فرشتہ) بھیجتا ہے اور وہ اُس کے حکم سے جو کچھ وہ چاہتا ہے وحی کرتا ہے وہ برتر اور حکیم ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 516)

**مودودی کی تشریحات:** ''78۔ تقریر ختم کرتے ہوئے اُسی مضمون کو پھر لیا گیا ہے جو آغاز کلام میں ارشاد ہوا تھا۔'' بات کو پوری طرح سمجھنے کے لئے اس سورہ کی پہلی آیت اور اس کے حاشیہ پر دوبارہ ایک نگاہ ڈال لیجئے۔(ایضاً، صفحہ 516)

**علامہ نے غلط حوالہ دیا تیسری آیت کہنا چاہیے تھا پہلی آیت حٰمٓ ہے اور دوسری عسق ہے ۔**

بہر حال حاشیہ میں مودودی نے لکھا ہے کہ:

''1۔وحی کے لغوی معنی ہیں۔''اشارۂ سَریع'' اور اشارۂ خفی۔''یعنی ایسا اشارہ جو سرعت کے ساتھ اس طرح کیا جائے کہ اشارہ کرنے والا جانے یا وہ شخص جسے اشارہ کیا گیا ہے باقی کسی اور شخص کو اُس کا پتہ نہ چلنے پائے۔اس لفظ (وحی) کو اصطلاحاً اُس ہدایت کے لئے استعمال کیا گیا ہے جو بجلی کی کوند کی طرح اُس کے بندے کے دل میں ڈالی جائے۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 478)

اس بیان کو سامنے رکھتے ہوئے باقی تشریحات بھی سُنیں:

**دوسری تشریح:**

''79۔ یہاں وحی سے مراد القاء، الہام دل میں کوئی بات ڈال دینا یا خواب میں کچھ دکھا دینا'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 516)

**تیسری تشریح:**

''8۔ مراد یہ ہے کہ بندہ ایک آواز سنے مگر بولنے والا نظر نہ آئے''

**چوتھی تشریح:**

''81۔یہ وحی آنے کی وہ صورت ہے جس کے ذریعے سے تمام کتب آسمانی انبیاءؑ علیہم السلام تک پہنچی ہیں۔بعض لوگوں نے اس فقرے کی غلط تاویل کر کے اس کو یہ معنی پہنائے ہیں کہ۔''اللہ کوئی رسّول بھیجتا ہے جو اُس کے حکم سے عام لوگوں تک اس کا پیغام پہنچاتا ہے۔'' لیکن قرآن کے الفاظ فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ (پھر وہ وحی کرتا ہے اُس کے حکم سے جو کچھ وہ چاہتا ہے) اُن کی اس تاویل کا غلط ہونا بالکل عیاں کر دیتے ہیں۔عام انسانوں کے سامنے انبیّاء کی تبلیغ کو۔''وحی کرنے۔'' سے نہ قرآن میں کہیں تعبیر کیا گیا ہے اور نہ عربی زبان میں انسان کی انسان سے اعلانیہ گفتگو۔''وحی۔'' کے لفظ سے تعبیر کرنے کی کوئی گنجائش ہے۔لغت میں وحی کے معنی ہی خفیہ اور سریع اشارے کے ہیں۔انبیّاء کی تبلیغ پر اس لفظ کا اطلاق صرف وہی شخص کر سکتا ہے جو عربی زبان سے بالکل نابلد ہو۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 516)

Presented by Ziaraat.Com

## مودودی کی آخری تشریح :

''82 یعنی وہ اس سے بہت بالا و برتر ہے کہ کسی بشر سے رُو در رُو کلام کرے اور اُس کی حکمت اس سے عاجز نہیں ہے کہ اپنے کسی بندے تک اپنی ہدایات پہنچانے کے لئے رُو در رُو بات چیت کرنے کے سوا کوئی تدبیر نکال لے۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 516)

یہاں تک نزول وحی کا عقیدہ رکھنے والوں کا سارا سامان مودودی نے بیان کر دیا اور پھر بھی وہ ناکام رہے اس لئے کہ آیت (51/42) میں آخری طریقہ بھی یہی ہے کہ وہ پیغمبر جسے مودودی نے از خود بریکٹ میں فرشتہ لکھ دیا ہے ایک اشارہ کرے۔ نہ کہ بات چیت اور لکھا پڑھی کرے یا کلام اور گفتگو کرے یہی بات علامہ نے وحی کے معنی میں بتائی اور یہی اپنی چوتھی تشریح میں تنقید کے دوران تفصیل سے لکھی ہے۔ اور اُن لوگوں کو عربی زبان سے بالکل نابلد بتایا ہے جو وحی میں وہ سب کچھ داخل کر لیں جو نزول وحی کا عقیدہ رکھنے والے داخل کرتے ہیں یعنی کتابیں املا کرانا' باتیں کرنا نبیؐ کا اُن باتوں کو سُننا اور یاد کرنے کی کوشش کرنا تو جملہ معترضہ بول کر رسولؐ کو تنبیہ اور نصیحت کرنا کہ: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ (75/16) ۔ ''اَے نبیؐ اس وحی کو جلدی جلدی یاد کرنے کے لئے اپنی زبان کو حرکت نہ دو۔'' اور آپ نے ترجمہ کے اس کھلے اضافے یعنی ۔''اس وحی کو جلدی جلدی یاد کرنے کے لئے۔'' کے بعد لکھا ہے کہ۔ ''نبوت کے ابتدائی دور میں جبکہ حضورؐ کو وحی اخذ کرنے کی عادت اور مشق پوری طرح نہیں ہوئی تھی آپ پر جب وحی نازل ہوتی تھی تو آپؐ کو یہ اندیشہ لاحق ہو جاتا تھا کہ جبرائیل علیہ السلام جو کلام الٰہی آپؐ کو سُنا رہے ہیں وہ آپ کو ٹھیک ٹھیک یاد رہ سکے گا یا نہیں۔ اس لئے آپ وحی سُننے کے ساتھ ساتھ اُسے یاد کرنے کی کوشش کرنے لگتے تھے۔ ایسی ہی صورت اُس وقت پیش آئی جب حضرت جبرائیل سورہ قیامۃ کی یہ آیات آپ کو سُنا رہے تھے۔ چنانچہ سلسلہ کلام توڑ کر آپ کو ہدایت فرمائی گئی کہ آپ وحی کے الفاظ یاد کرنے کی کوشش نہ کریں غور سے سُنتے رہیں۔'' (تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 167-168)

بتایئے آپ کی یہ ساری بکواس کیسے وحی میں سما سکتی ہے جب کہ وحی کے معنی ایک تیز اور خفیہ اشارہ ہوں؟ یہ کلام' یہ سُننا سُنانا اور یاد کرنا' تنبیہ کرنا' منع کرنا وغیرہ ہرگز نہ وحی ہے نہ اشارہ ہے۔ یا تو لغت کے خلاف وحی کے معنی بدلئے اور یا اس بکواس کو سمیٹ کر شیطان کی زنبیل میں جھونک دیجیے۔ پھر کیوں نہ دل میں القا کرنا مان لیجیے اور کیوں نہ یہ کہیے کہ اللہ رگ گردن اور گردن کے پردہ کے پیچھے سے جو چاہتا تھا آنحضرتؐ کو بتاتا رہتا تھا۔ اور کیوں نہ مان لیجیے کہ وہ حضرتؐ قرآن اور کلام الٰہی تھے اور یہ کہ وہ لسان اللہ تھے۔ کلام خداوندی اُن کی زبان سے جاری ہوتا تھا۔ کیوں اللہ اور رسولؐ کو جبرائیل کا محتاج بنایئے اور تم تو وحی کے معنی دلوں میں شکوک و اعتراضات کا القا کرنا بھی مانتے ہو (6/121) (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 577) تفصیلات ہماری تفسیر احسن التعبیر میں دیکھیں۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 183

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 227

# خُطبہ ﴿228﴾

**1۔صفاتِ خداوندی۔2۔رسولؐ اللہ کا ذکر۔3۔چیونٹی کی ساخت۔4۔دیگر مخلوقات۔**

**5۔منکرینِ خدا۔ 6۔ہڈی کا ذکر۔7۔بادل اور بارشیں۔8۔پرندوں اور رزّاقیت کا بیان۔**

**بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم**

| | | |
|---|---|---|
| اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذیۡ لَاتُدۡرِکُہُ الشَّوَاھِدُ ؛ | 1 | تمام حمد وثنا اس اللہ کے لئے ہے جسے حواسِ خمسہ اور شعور پا نہیں سکتے۔ |
| وَلَا تَحۡوِیۡہِ الۡمَشَاھِدِ ؛ | 2 | اور نہ جگہیں مقامات ومکانات اسے احاطہ میں لے سکتے ہیں۔ |
| وَلَاتَرَاہُ النَّوَاظِرُ ؛ | 3 | اور نہ ہی نظر وبصارت اسے دیکھ سکتی ہیں۔ |
| وَلَا تَحۡجُبُہُ السَّوَاتِرُ ؛ | 4 | اور نہ پردے اور آڑیں اسے چھپا سکتی ہیں۔ |
| اَلدَّالُّ عَلٰی قِدَمِہٖ بِحُدُوۡثِ خَلۡقِہٖ ؛ | 5 | اس کے ہمیشہ سے موجود ہونے کی طرف مخلوقات کا عدم سے وجود میں نئے سرے سے پیدا ہونا راہنمائی کرتا ہے۔ |
| وَبِحُدُوۡثِ خَلۡقِہٖ عَلٰی وُجُوۡدِہٖ ؛ | 6 | اور مخلوقات کا نہ ہوتے ہوئے پیدا ہو جانا اور پیدا ہوتے رہنا اس کی قوت وقدرت کے ساتھ موجود ہونے کا بھی ثبوت ہے۔ |
| وَبِاشۡتِبَاھِھِمۡ عَلٰی اَنۡ لَاشِبۡہَ لَہٗ ؛ اَلَّذِیۡ صَدَقَ فِیۡ مِیۡعَادِہٖ ؛ | 7 | اور مخلوقات کا آپس میں مشابہ ہونا اور بنیاد میں ایک دوسرے سے مربوط ہونا اسکے بے مثل وبے نظیر ہونے کو ثابت کرتا ہے یہ بھی کہ وہ اپنے ہر وعدہ میں سچا ہے۔ |
| وَارۡتَفَعَ عَنۡ ظُلۡمِ عِبَادِہٖ ؛ | 8 | اور یہ بھی کہ وہ بندوں پر ظلم وزیادتی کرنے سے ارفع واعلیٰ ہے۔ |
| وَقَامَ بِالۡقِسۡطِ فِیۡ خَلۡقِہٖ ؛ | 9 | اور یہ کہ وہ مخلوقات کے اندر قسط وتدریج اور انصاف کے لئے قائم ہے۔ |
| وَعَدَلَ عَلَیۡھِمۡ فِیۡ حُکۡمِہٖ ؛ | 10 | اور اپنے ہر حکم سے ان میں عدل برقرار رکھتا ہے۔ |
| مُسۡتَشۡھِدٌ بِحُدُوۡثِ الۡاَشۡیَاءِ عَلٰی اَزَلِیَّتِہٖ ؛ | 11 | چیزوں کے وجود میں آتے رہنے کی بنا پر وہ اپنی ہمیشگی پر گواہی قائم کرتا ہے۔ |
| وَبِمَا وَسَمَھَا بِہٖ مِنَ الۡعَجۡزِ عَلٰی قُدۡرَتِہٖ ؛ | 12 | اور مخلوقات کی ہر معاملے میں عاجزی اور ناتوانی سے اپنے اختیارات اور قدرت کا ثبوت فراہم کر دیتا ہے۔ |
| وَبِمَا اضۡطَرَّھَا اِلَیۡہِ مِنَ الۡفَنَآءِ عَلٰی دَوَامِہٖ | 13 | اور کوششوں کے باوجود مخلوقات کے فنا کی طرف بڑھتے جانے سے اپنے ہمیشہ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | باقی رہنے پر گواہ بناتا ہے۔ |
| وَاحِدٌ لَّابِعَدَدٍ ؛ | 14 | وہ ایک ہے مگر گنتی وشمار میں نہیں آتا۔ |
| وَدائِمٌ لَّابِاَمَدٍ ؛ | 15 | اور وہ دائمی اور ہمیشہ سے ہے مگر مدت اور زمانہ سے تعلق نہیں رکھتا۔ |
| وَقَائِمٌ لَّابِعَمَدٍ ؛ | 16 | وہ قائم ہے مگر سہاروں پر نہیں۔ |
| تَتَلَقَّاهُ الْاَذْهَانُ لَابِمُشَاعَرَةٍ ؛ | 17 | قلب و ذہن اللہ کی موجودگی کو قبول کرتے ہیں حالانکہ اس کی ذات ان کے شعور سے بلند ہے۔ |
| وَتَشْهَدُ لَهُ الْمَرَآئِي لَابِمُحَاضَرَةٍ ؛ | 18 | اور تمام نظر آنے والی چیزیں اس کے وجود پر گواہ ہیں حالانکہ وہ اللہ کے پاس حاضر ہو کر اسے دیکھ نہیں سکی ہیں۔ |
| لَمْ تُحِطْ بِهِ الْاَوْهَامُ ؛ | 19 | خیالات اور وہم وگمان بھی اس کا احاطہ نہیں کر سکتے۔ |
| بَلْ تَجَلَّىٰ لَهَابِهَا ؛ وَبِهَا امْتَنَعَ مِنْهَا ؛ وَاِلَيْهَا حَاكَمَهَا ؛ | 20 | بلکہ وہ خیالات اور وہم وگمان ہی کے وسیلے سے خیالات وہم وگمان پر آشکار ہوا ہے اور خود خیالات اور وہم وگمان ہی کے ذریعہ سے خیالات اور وہم وگمان کے قابو میں آنے سے منع کر دیا ہے اور ان ہی کو اپنی پوزیشن پر فیصلہ کرنے والا بنا دیا ہے۔ |
| لَيْسَ بِذِيْ كِبَرٍ امْتَدَّتْ بِهِ النِّهَايَاتُ فَكَبَّرَتْهُ تَجْسِيْمًا وَلَا بِذِيْ عِظَمٍ تَنَاهَتْ بِهِ الْغَايَاتُ فَعَظَّمَتْهُ تَجْسِيْدًا ؛ | 21 | اللہ کی بڑائی لمبائی چوڑائی اور موٹائی پر نہیں ہے جو اسے جسمانی صورت میں بڑا کر کے دکھاتے ہوں اور نہ ہی اللہ کی عظمت اس قسم کی ہے جو اس کی حدود وانتہا کو لامحدود مگر قابل ختم قرار دے اور اسے مجسم دکھائے۔ |
| بَلْ كَبُرَشَانًا وَّعَظُمَ سُلْطَانًا ؛ | 22 | بلکہ اس کی شان اور حکمرانی اس کی کبریائی اور عظمت کا سبب ہیں۔ |
| وَاَشْهَدُاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الصَّفِيُّ وَاَمِيْنُهُ الرَّضِيُّ ؛ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ ؛ | 23 | اور میں شہادت دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے بندے اور اس کے رسولؐ ہیں اور اس کے برگزیدہ اور درست کردار اور پسندیدہ رسولؐ ہیں اللہ ان پر اور ان کی آل پر درود و سلام بھیجتا رہے۔ |
| اَرْسَلَهُ بِوُجُوْبِ الْحُجَجِ وَظُهُوْرِ الْفَلَجِ وَاِيْضَاحِ الْمَنْهَجِ ؛ | 24 | اللہ نے انہیں واضح اور واجب ثبوت اور حجت کے ساتھ اور کھلی ہوئی کامیابیوں اور آشکار و روشن راستہ کے ساتھ بھیجا تھا۔ |
| فَبَلَّغَ الرِّسَالَةَ صَادِعًا بِهَا ، وَحَمَلَ عَلَى الْمَحَجَّةِ دَالًّا عَلَيْهَا ؛ وَاَقَامَ اَعْلَامَ الْاِهْتِدَاءِ ؛ وَمَنَا رَالضِّيَا وَجَعَلَ اَمْرَاسَ | 25 | چنانچہ آنحضرتؐ نے اللہ کے پیغامات کو اس طرح پہنچایا کہ حق و باطل الگ الگ ہو گئے اور لوگوں کو ہدایت کی راہ پر دلیل و برہان کے ساتھ قائم کیا اور ہدایت کرنے والے نشانات اور ثبوت قائم کئے اور ایسے مینار کھڑے کئے جو راہ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاِسْلَامَ مَتِيْنَةً وَعُرَى الْاِيْمَانِ وَثِيْقَةً ؛ | | راست کو روشن رکھتے ہیں اور ساتھ ہی اسلامی سلسلوں کو سنجیدگی اور متانت عطا کی تھی۔اور ایمان کی کڑیوں اور جوڑ و بند کو مستحکم کر دیا تھا۔ |
| وَلَوْفَكَّرُوْا فِيْ عَظِيْمِ الْقُدْرَةِ وَجَسِيْمِ النِّعْمَةِ لَرَجَعُوْا اِلَى الطَّرِيْقِ وَخَافُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ | 26 | اگر انسانوں نے اللہ کی عظیم الشان قدرت اور اس کی بہت موٹی سی ایک ہی نعمت پر غور و فکر سے کام لیا ہوتا تو وہ ضرور راہِ راست کی طرف پلٹ آئے ہوتے اور جلا ڈالنے والے عذاب سے ڈرے ہوتے۔ |
| وَلٰكِنَّ الْقُلُوْبَ عَلِيْلَةٌ ؛ وَالْبَصَائِرَ مَدْخُوْلَةٌ ؛ | 27 | لیکن بات یہ ہے کہ انکے دل بیماری میں مبتلا رہے ہیں اور ان کی بصیرت اور بصارت خود ساختہ تصورات سے متاثر رہتی چلی آئی ہے۔ |
| اَلَايَنْظُرُوْنَ اِلٰى صَغِيْرِ مَاخَلَقَ كَيْفَ اَحْكَمَ خَلْقَهُ ؛ وَاَتْقَنَ تَرْكِيْبَهُ ؛ | 28 | کیا یہ سارے انسان اللہ کی ایک چھوٹی سی مخلوق کو بھی نہیں دیکھتے ہیں کہ اللہ نے اس کو پیدا کر کے کیسا مستحکم بنایا ہے اور اسے کیسی بھروسے کی ترکیب دی ہے۔ |
| وَفَلَقَ لَهُ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَسَوّٰى لَهُ الْعَظْمَ وَالْبَشَرَ ؟ | 29 | اور اس کے لئے کان اور آنکھیں تیار کیں اور اس کے جوڑ و بند و اعضاء ہڈیاں اور کھال اور صورت آراستہ کی ہے۔ |
| اُنْظُرُوْا اِلَى النَّمْلَةِ فِيْ صِغَرِ جُثَّتِهَا وَلَطَافَةِ هَيْئَتِهَا ؛ | 30 | تم ذرا چیونٹی کی طرف اس کے چھوٹے سے جسم پر نظر ڈالو اور اس کی باریک و پتلی اور پُر لطف ھیّت پر غور کرو۔ |
| لَا لَكَادُ تُنَالُ بِلَحْظِ الْبَصَرِ ؛ | 31 | کنکھیوں سے دیکھے جا سکنے کے قابل ہونے سے بھی چھوٹی ہے۔ |
| وَلَا بِمُسْتَدْرَكِ الْفِكَرِ ؛ | 32 | اور نہ غور و فکر کی زد پر آنے کے قابل ہے۔ |
| كَيْفَ دَبَّتْ عَلٰى اَرْضِهَا ؛ | 33 | دیکھو کہ وہ کیسے اطمینان سے زمین پر چلتی پھرتی ہے۔ |
| وَصُبَّتْ عَلٰى رِزْقِهَا ؛ | 34 | اور اپنے کھانے کی چیز پر کیسے جھپٹی ہے اور کیسے |
| تَنْقُلُ الْحَبَّةَ اِلٰى جُحْرِهَا ؛ | 35 | دانے کو اپنے بل (سوراخ) کی طرف منتقل کرتی ہے۔ |
| وَتَعُدُّهَا فِيْ مُسْتَقَرِّهَا ؛ | 36 | اور کیسے اپنا رزق اپنی قیام گاہ میں مہیا رکھتی ہے۔ |
| تَجْمَعُ فِيْ حَرِّهَا لِبَرْدِهَا ؛ | 37 | اور گرمی کے موسم میں سردی کے موسم کے لئے رزق جمع کرتی ہے اور |
| وَفِيْ وِرْدِهَا لِصَدَرِهَا ؛ | 38 | گرمی کی آمد کے زمانہ میں گرمی کی شدت کے زمانہ کے لئے رزق جمع کرتی رہتی ہے۔ |
| مَكْفُوْلَةٌ بِرِزْقِهَا ؛ | 39 | اللہ اس کے رزق کا ضامن اور کفیل ہو گیا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| مَرْزُوْقَةٌ بِوَفْقِهَا ؛ | 40 | اوراس کی حالت کی مناسبت سے اس کے لئے رزق کی راہیں کھولی ہیں۔ |
| لَایُغْفِلُهَا الْمَنَّانُ ؛ | 41 | احسان کرنے والا اللہ اس سے غافل نہیں۔ |
| وَلَا یَحْرِمُهَا الدَّیَّانُ ؛ | 42 | جزا اور رزق دینے والے نے اسے محروم نہیں رکھا ہے۔ |
| وَلَوْفِی الصَّفَا الْیَابِسِ وَالْحَجَرِ الْجَامِسِ ؛ | 43 | خواہ چیونٹیاں اپنے بل خشک چٹانوں اور پتھروں ہی کے اندر کیوں نہ بنالیں۔ |
| وَفَکَّرْتَ فِیْ مَجَارِیْ اَکْلِهَا وَفِیْ عُلْوِهَا وَسُفْلِهَا ؛ | 44 | اگر تم اس کی خوراک کی نالیوں اور نظام پر اور اس کے بلند و پست حصّوں میں غور وفکر کرتے۔ |
| وَمَا فِی الْجَوْفِ مِنْ شَرَاسِیْفِ بَطْنِهَا ؛ | 45 | اور یہ سوچتے کہ اس کے اندر والے حصے میں اور اس کے پیٹ اور پسلیوں میں کیا کیا اور کیسا انتظام ہے۔ |
| وَمَافِی الرَّاسِ مِنْ عَیْنِهَا وَاُذُنِهَا لَقَضَیْتَ مِنْ خَلْقِهَا عَجَبًا وَلَقِیْتَ مِنْ وَصْفِهَاتَعَبًا ؛ | 46 | اور اس کے سر میں اور آنکھوں اور کانوں میں کیسے تعلق پیدا کیا گیا ہے تو تم اس کے لئے ایک عجیب مخلوق ہونے کا فیصلہ کر لیتے اور تمہیں اس کی حالت اور صفات وخصوصیات بیان کرنے میں سخت محنت وتکلیف کا سامنا کرنا پڑتا۔ |
| فَتَعَالَی الَّذِیْ اَقَامَهَا عَلَی الْقَوَائِمِهَا وَبَنَاهَا عَلٰی دَعَائِمِهَا ؛ | 47 | لہٰذا مانو کہ اس کو پیدا کرنے والی بلند و بالا ہستی نے بڑی کاریگری کے ساتھ اسے اس کے پیروں پر قائم کیا ہے اور اس کی تخلیق میں اسے مناسب ستونوں پر مستحکم کیا ہے۔ |
| لَمْ یَشْرَکْهُ فِیْ فِطْرَتِهَا فَاطِرٌ وَلَمْ یُعِنْهُ عَلٰی خَلْقِهَا قَادِرٌ ؛ | 48 | پھر اللہ کے لئے یہ بھی مانو کہ چیونٹی کے بنانے میں کوئی اس کا شریک نہیں ہوا ہے اور نہ کسی اور قدرت رکھنے والے نے اس کی تخلیق میں مدد کی بلکہ اس نے خود اس کو بنایا اور فطرت وخصوصیات عطا کی ہیں۔ |
| وَلَوْ ضَرَبْتَ فِیْ مَذَاهِبِ فِکْرِکَ لِتَبْلُغَ غَایَاتِهِ مَادَلَّتْکَ الدَّلَالَةُ اِلَّا عَلٰی اَنْ فَاطِرَ النَّمْلَةِ هُوَفَاطِرُ النَّخْلَةِ ؛ | 49 | اور اگر تم چیونٹی کی تخلیق کی حقیقت اور انتہائی مقاصد کا پتہ لگانے کے لئے اپنی ان راہوں پر چلو جو تمہارے فکر میں اللہ نے ودیعت کی ہوئی ہیں تو تمہارے فکر کی ساری راہیں اس کے سوا اور کوئی دلیل نہ دیں گی کہ چیونٹی کا خالق بھی وہی ہے جو کھجور کا پیدا کرنے والا ہے۔ |
| لِدَقِیْقِ تَفْصِیْلِ کُلِّ شَیْءٍ وَغَامِضِ اخْتِلَافِ کُلِّ حَیٍّ ؛ | 50 | کیونکہ ہر چیز کی تفصیل نہایت گہری باریکیوں سے تعلق رکھتی ہے اور ہر زندہ چیز کے اعضاء اور بناوٹ میں بڑا غیر محسوس سا فرق واختلاف ہے۔ |
| وَمَا الْجَلِیْلُ وَاللَّطِیْفُ وَالثَّقِیْلُ | 51 | اور اللہ کی مخلوقات میں خواہ وہ جلیل القدر واضح اور بڑی چیزیں ہوں یا بہت |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْخَفِيْفُ وَالْقَوِيُّ وَالضَّعِيْفُ فِيْ خَلْقِهِ اِلَّاسَوَاءٌ ؛ | | باریک غیر محسوس مخلوق ہو، خواہ وہ قوی ہوں یا ضعیف ہوں یا سخت ہوں یا نرم ہوں وہ سب یکساں تخلیقی قانون کے ماتحت ہیں۔ |
| وَكَذٰلِكَ السَّمَاءُ وَالْهَوَاءُ وَالرِّيَاحُ وَالْمَاءُ ؛ | 52 | اسی قانون کے ماتحت آسمان آتے ہیں، ہوائیں آتی ہیں پانی اور فضا سب یکساں طور پر شامل ہوتے ہیں۔ |
| فَانْظُرْ اِلَى الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالنَّبَاتِ وَالشَّجَرِ وَالْمَاءِ وَالْحَجَرِ ؛ | 53 | تم سورج اور چاند پر نظر ڈالو اور نباتات اور درختوں کو دیکھو اور پانی اور پتھروں پر غور کرو۔ |
| وَاخْتِلَافِ هٰذَااللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؛ | 54 | ان راتوں کے اور دنوں کے اختلاف پر، گھٹنے بڑھنے اور موسمیں بدلنے کو دیکھو۔ |
| وَتَفَجُّرِ هٰذِهِ الْبِحَارِ وَكَثْرَةِ هٰذِهِ الْجِبَالِ وَطُوْلِ هٰذِهِ الْقِلَالِ وَتَفَرُّقِ هٰذِهِ اللُّغَاتِ وَ الْاَلْسُنِ الْمُخْتَلِفَاتِ ؛ | 55 | ان سمندروں کے اجرا پر اور ان پہاڑوں کی کثرت پر نگاہ ڈالیں اور پہاڑوں کی چوٹیوں کی بلندی کو دیکھیں اور زبانوں کے فرق پر اور بولیوں کے اختلاف پر غور کریں۔ ان سب میں ایک ہی ہمہ گیر قانون نظر آئے گا۔ |
| فَالْوَيْلُ لِمَنْ اَنْكَرَ الْمُقَدِّرَ وَجَحَدَ الْمُدَبِّرَ ؛ | 56 | چنانچہ افسوس ہے ان پر جو اللہ کے مقرر کئے ہوئے مقدر کو نہیں مانتے اور مدبر کائنات کے معاملے میں ہٹ دھرمی اور جھگڑا کرتے ہیں۔ |
| زَعَمُوْا اَنَّهُمْ كَالنَّبَاتِ مَالَهُمْ زَارِعٌ وَلَا لِاخْتِلَافِ صُوَرِهِمْ صَانِعٌ ؛ | 57 | ان کا دعویٰ ہے کہ وہ تو نباتات کی طرح ہیں ان کا بونے والا کوئی نہیں ہے اور نہ وہ اپنی صورتوں وغیرہ کے اختلاف کا کسی کو بنانے والا مانتے ہیں۔ |
| وَلَمْ يَلْجَأُوْا اِلٰى حُجَّةٍ فِيْمَاادَّعَوْا ؛ | 58 | انہوں نے اپنے دعویٰ کو کسی دلیل وحجت پر قائم نہیں کیا ہے۔ |
| وَلَاتَحْقِيْقٍ لِّمَا اَوْعَوْا ؛ | 59 | اور نہ سنی سنائی غپ شپ کی تحقیق ہی کر کے سمجھا ہے۔ |
| وَهَلْ يَكُوْنُ بِنَاءٌ مِنْ غَيْرِبَانٍ ؟ اَوْجِنَايَةٌ مِنْ غَيْرِجَانٍ؟ | 60 | کیا کوئی عمارت بغیر معمار کے بنتی ہے یا کوئی جرم بلا مجرم کے سرزد ہو جایا کرتا ہے؟ |
| وَاِنْ شِئْتَ قُلْتَ فِي الْجَرَادَةِ اِذْخَلَقَ لَهَا عَيْنَيْنِ حَمْرَاوَيْنِ ؛ | 61 | اگر تم چاہو تو ٹڈی کے لئے بھی کچھ بات کروں کہ اللہ نے اس کو بھی دو سرخ رنگ کی آنکھیں دی ہیں۔ |
| وَاَسْرَجَ لَهَاحَدَقَتَيْنِ قَمْرَاوَيْنِ ؛ | 62 | اور ان آنکھوں کے چاندوں سے دو چراغ روشن کر دئے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَجَعَلَ لَهَا السَّمْعَ الْخَفِّي وَفَتَحَ لَهَا الْفَمَ السَّوِيَّ ؛ | 63 | اور اسکے دو چھوٹے چھوٹے کان بھی بنائے ہیں اور نہایت موزوں منہ بنایا ہے۔ |
| وَجَعَلَ لَهَا الْحِسَّ الْقَوِيَّ وَنَابَيْنِ بِهِمَا تَقْرِضُ وَمِنْجَلَيْنِ بِهِمَا تَقْبِضُ ؛ | 64 | اور بڑی تیز اور طاقت ور محسوس کرنے کی قوت بھی دی ہے۔ اور اس کے دو دانت بنائے ہیں جن سے وہ پتیوں کو کاٹتی ہے اور درانتی کی طرح کے دو پیر بھی دیئے ہیں جن سے وہ پکڑنے کا کام لیتی ہے۔ |
| يَرْهَبُهَا الرُّرَّاعُ فِيْ زَرْعِهِمْ ؛ | 65 | کاشتکار اپنی کھیتیوں کے سلسلے میں اس سے ڈرتے ہیں۔ |
| وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ذَبَّهَا وَلَوْ اَجْلَبُوْا بِجَمْعِهِمْ حَتّٰى تَرِدَ الْحَرْثَ فِيْ نَزَوَاتِهَا ؛ وَتَقْضِيَ مِنْهُ شَهَوَاتِهَا ؛ | 66 | اگر کاشتکار سب مل کر چاہیں کہ ٹڈی دل کو ہانک دیں تب بھی وہ کامیاب نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ ٹڈی دل اُچھلتا کودتا کھیتی پر چھا جاتا ہے اور اپنی خواہش پوری کر لیتا ہے۔ |
| وَخَلْقُهَا كُلُّهُ لَايَكُوْنُ اِصْبَعًا مُسْتَدِقَّةً ؛ | 67 | اور اس کی کل قدّ وقامت ایک باریک اور چھوٹی انگلی کے برابر بھی نہیں ہوتی۔ |
| فَتَبَارَكَ الَّذِيْ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا ؛ | 68 | بہت بابرکت ہے وہ ذات جسے تمام آسمانوں اور زمینوں کی مخلوقات خوشی اور ناگواری دونوں طرح سجدہ بجالاتی ہے۔ |
| وَيُعَفِّرُ لَهُ خَدًّا وَّوَجْهًا ؛ | 69 | اور اس کے حضور میں چہرہ اور گالوں کو خاک میں ملتے ہیں۔ |
| وَيُلْقِيْ بِالطَّاعَةِ اِلَيْهِ سِلْمًا وَّضَعْفًا ؛ | 70 | عاجزی اور سپردگی اور کمزوری کے عالم میں اس کے سامنے سر اطاعت خم کئے ہوئے ہیں۔ |
| وَيُعْطِيْ لَهُ الْقِيَادَ رَهْبَةً وَّخَوْفًا ؛ | 71 | اور اس کو خوف اور پارسائی کی صورت میں اپنی باگ ڈور سونپے ہوئے ہیں۔ |
| فَالطَّيْرُ مُسَخَّرَةٌ لِاَمْرِهٖ ؛ | 72 | اور تمام پرندے اور پرواز کرنے والے اس کے حکم کے مطیع اور مسخر ہیں۔ |
| اَحْصٰى عَدَدَ الرِّيْشِ مِنْهَا وَالنَّفَسِ ؛ | 73 | اس نے ان کے پروں اور سانسوں کی گنتی تک کو احاطہ کیا ہوا ہے۔ |
| وَاَرْسٰى قَوَائِمَهَا عَلَى النَّدٰى وَالْيَبَسِ ؛ | 74 | اور ان کو خشکی اور تری میں قائم رہنے کی قوت دے رکھی ہے۔ |
| وَقَدَّرَ اَقْوَاتَهَا ؛ | 75 | اور ان سب کے لئے ان کی خوراک اور غذا مقدر کر رکھی ہے۔ |
| وَاَحْصٰى اَجْنَاسَهَا ؛ | 76 | اور ان کی جنسوں اور قسموں پر شماری احاطہ رکھتا ہے |
| فَهٰذَا غُرَابٌ وَّهٰذَا عُقَابٌ وَّهٰذَا حَمَامٌ وَهٰذَا نَعَامٌ ؛ | 77 | اور سمجھتا ہے کہ یہ کوّا ہے اور یہ باز یا شاہین ہے اور یہ کہ یہ کبوتر ہے اور یہ کہ یہ شتر مرغ ہے۔ |
| دَعَا كُلُّ طَائِرٍ بِاسْمِهٖ وَكَفَلَ لَهُ بِرِزْقِهٖ ؛ | 78 | اس نے ہر پرندہ کو نام لے کر دعوت دی اور سب کیلئے رزق فراہم کرنے کا ذمہ لیا |
| وَاَنْشَاَ السَّحَابَ الثِّقَالَ فَاَهْطَلَ دِيَمَهَا ؛ | 79 | پھر بھاری بوجھل بادل پیدا کئے تا کہ موسلا دھار بارش برسے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَعَدَّدَ قَسْمَهَا ؛ | 80 | اورانہیں بھی ضرورت کے مطابق تقسیم کردیا۔ |
| فَبَلَّ الْاَرْضَ بَعْدَ جُفُوْفِهَا ؛ | 81 | زمین کوخشکی کے بعدتر بتر کردیا۔ |
| وَاَخْرَجَ نَبْتَهَا بَعْدَ جُدُوْبِهَا؛ | 82 | اورنجر ہوجانے کے بعداس میں لہلہاتا ہوا سبزہ اورنباتات پیدا کردیں‘‘ |

## تشریحات:

اللہ تعالیٰ کے وجود، قدامت اور قدرت پر نہایت سادہ الفاظ میں بہت تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے جس سے نہایت سادہ سوجھ بوجھ رکھنے والے قطعی ان پڑھ مرد وعورت بھی اپنے الفاظ سے اللہ کی صحیح پوزیشن بیان کرنے کے قابل ہوجاتے ہیں۔اور یہ حضور علیہ السلام کا ایسا کمال ہے کہ جس کو ٹھیک سے بیان کردینا بھی کمال ہوگا۔

**2۔رسوؐل اللہ کی کامیاب کارکردگی اور مقبولیت اور ساتھ ہی قلبی مریضوں کا تبلیغ کو قبول نہ کرنا۔**

اس عنوان میں جو حضرت علی علیہ السلام نے اپنے تین جملوں (27 تا 25) میں بیان کیا ہے۔ایک ایسی بحث اور صورت حال نکلتی ہے جس میں قریش اور قریشی علما بھی اور اُن کے مخالف نام نہاد شیعہ علما بھی فریب دیتے ہیں۔ہم چاہتے ہیں کہ ایسی صورت کو واضح کردیں۔قرآن کریم اور حضرت علی علیہ السلام کے بیانات کو یکجائی طور پر اور اجتماعی حیثیت سے سامنے رکھا جائے تو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کی کارکردگی نہایت کامیاب ثابت ہوتی ہے اور یہی حضرت علی علیہ السلام بھی فرماتے ہیں (25) اب ہوتا یہ ہے کہ قریش اس کامیابی کو اپنی کامیابی کہہ کر ساری دنیا کو دھوکہ دیتے ہیں یعنی وہ رسوؐل اللہ کی کامیاب تبلیغ اور محنت کا نتیجہ ہیں اور جو کچھ رسوؐل اللہ چاہتے تھے وہی کچھ قریش کی صورت میں سامنے آیا ہے۔یعنی رسوؐل اللہ ایسی ہی خلافت وحکومت چاہتے تھے جیسی خلافت وحکومت قریش نے قائم کی تھی اور رسوؐل اللہ اسلام کا ایسا ہی نظام چاہتے تھے جیسا نظام قریش نے قائم کیا اور جو بعد رسوؐل آگے بڑھا۔چونکہ قریش کی یہ پوزیشن قرآن سے ثابت نہیں ہوتی اس لئے قریش کے مخالفین اس کا انکار کردیتے ہیں جو صحیح انکار ہے۔مگر اس انکار سے قریشی علما اپنے مخالفوں کا مُنہ بند کرنے کے لئے اُن پر یہ الزام لگا دیتے ہیں کہ تم رسوؐل کو ناکام اور ناقابل ثابت کرتے ہو جو قرآن کے خلاف ہے۔اتنا عظیم الشان رسوؐل کیسے ناکام ہوسکتا ہے جس کی ایک نظر سے انسان سر سے پیر تک بدل جاتے تھے۔پھر وہ رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی عظمت وکامیابی زور وشور سے پیش کرتے ہیں لہٰذا عوام الناس یہ ماننے کو تیار نہیں ہوتے کہ رسوؐل اللہ ناکام رہے۔لہٰذا رسوؐل اللہ کی کامیابی سے عوام قریش کی کامیابی۔اُن کی خلافت اور اُن کے نظام کو برحق سمجھتے چلے آرہے ہیں۔حالانکہ رسوؐل اللہ کی کامیابی سے قریش کے برحق ہونے کا کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔یہ فریب اس لئے کامیاب ہوجاتا ہے اور ہونا چاہیے کہ عوام کو یہ تاثر دیا گیا ہے کہ رسوؐل کے مخاطب صرف قریش تھے۔اس تاثر کے پیدا کرنے میں شیعہ علما اور قریش دونوں برابر کے شریک ہیں اور جب یہ مان لیا جائے کہ رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے مخاطب صرف یہی قریش مکہ میں اور قریش اور انصار مدینہ میں مخاطب تھے تو لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ اگر رسوؐل اللہ کامیاب ہوئے تو مہاجرینِ قریش اور انصار کو برحق اور صحیح مسلمان ماننا پڑے گا۔اور وہ صحیح اور برحق مسلمان بن گئے تھے تو اُن کی خلافت وحکومت اور اُن کا اسلامی نظام کیوں صحیح اور برحق نہ مانا جائے گا؟ نام نہاد شیعہ علما کو یہ مغالطہ اس لئے ہوا کہ اُنہوں نے قرآن کو راہنما بنانے کے بجائے قریش ساز تاریخ و حدیث وتفسیر کی کتابوں کو اپنا راہنما بنایا اور یہ مانتے چلے آئے کہ واقعی رسوؐل کے مخاطب وہی لوگ تھے جو تاریخوں، حدیثوں اور تفاسیر میں لکھے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

پھر اُنہوں نے تاریخ وحدیث وروایات سے خلفائے ثلاثہ اور قریشی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ثبوت دے کر انہیں باطل ثابت کیا اور ٹھیک کیا مگر اس طرح رسولؐ کی ناکامی ثابت ہوتی تھی لہٰذا کسی نے اُن کی بحث اور محنت کا اثر نہ لیا۔ حالانکہ وہ ٹھیک کہتے تھے کہ قریش سر سے پیر تک باطل پرست ہیں۔ مگر مقابلہ میں رسولؐ کی پوزیشن آجاتی ہے کہ اگر سارے قریش اور تمام انصار باطل پر رہے تو آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ نے ساری زندگی کی محنت میں کیا کمایا؟ نام نہاد شیعہ علما نے بڑی محنت کی اور ثابت کر دیا کہ چند اشخاص کے علاوہ سب باطل پر عمل پیرا رہے مگر اُن کی یہ ساری محنت پلٹ کر رسولؐ کی ناکامی ثابت کرتی رہی اور نام نہاد شیعہ علما کی محنت، بحثیں اور مناظرے اور تصنیفات ناکام و بے نتیجہ ہو کر رہ گئیں اور مسلمانوں کی کثرت ثلاثہ اینڈ کمپنی کے مذہب پر برقرار رہتی چلی آئی۔ یہ صرف اس لئے کہ قریش نے شیعہ علما کے سامنے رسولؐ کو کھڑا کر دیا اور اُن کی ہر ضرب رسولؐ سے ٹکرا کر خود اُن پر پڑتی رہی اور وہ خود پٹتے اور ناکام ہوتے رہے۔ لہٰذا جیسا کہ ہم نے شروع ہی میں کہا ہے کہ رسولؐ کی کامیابی کا قریش سے کوئی تعلق نہیں ہے رسولؐ کی کامیابی ایک الگ بات ہے اور قریش کی حالت اور پوزیشن ایک الگ اور دوسری مختلف بات ہے۔ اور وہ یوں کہ آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ کا قریش سے کوئی تعلق نہیں ہے 1۔ وہ نہ قریش میں سے تھے۔ 2۔ نہ قریش میں مبعوث ہوئے اور 3۔ نہ قریش کو اپنا اولین مخاطب بنایا۔ 4۔ نہ ہی صرف قریش اور انصار حضورؐ کے مخاطب تھے۔ 5۔ نہ رسولؐ کی کامیابی کا اُن قریش اور انصار سے کوئی تعلق ہے۔ ان پانچ باتوں کو ہم نے طرح طرح اور تفصیل کے ساتھ قرآن سے بھی اور قریش ساز تاریخ وحدیث وتفسیر سے بھی ثابت کر دیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ بظاہر رسولؐ کے اولین مخاطب اہل مکہ تھے۔ مگر یہ صحیح نہیں ہے کہ مکے میں صرف قریش بستے تھے۔ وہاں کئی اور قبیلے بھی آباد تھے۔ عیسائی بھی تھے یہودی بھی تھے۔ ایسی حالت میں صرف قریش کو رسولؐ کا مخاطب قرار دینا ایک دھوکہ ہے۔ پھر رسولؐ کی بعثت تو مومنین میں ہوئی تھی (3/164) اور وہ مومنین ہی میں کے ایک فرد تھے (3/164) کافروں، مشرکوں اور بے دینوں سے رسولؐ کا کوئی تعلق کوئی رشتہ اور سروکار نہ تھا (39/41) اُنہوں نے اُمۃ مسلمہ کو پہلا مخاطب بنایا اُن میں قرآن کی تلاوت اور تعلیم شروع کی (2/128-129) اور اپنی تبلیغ کو اپنے نبطی قبیلوں اوس وخزرج کے اندر مدینہ میں جاری کیا جو حضورؐ کے قریب ترین اور خون کے رشتے دار تھے اور جن پر آپ نے اپنی تبلیغ کو مکمل کیا اور جنہیں معنوی حیثیت سے انصار کا لقب دیا گیا جو حضورؐ کو مدینہ لے کر آئے اور اہل قریش سے آپؐ کی جان بچائی۔ ورنہ وہاں قتل کے سامان کر لئے گئے تھے۔ قریش تو آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ کی دعوت اور تبلیغ میں سر راہ آ گئے تھے۔ آ گئے تھے اس لئے اُن کو بھی مخاطب کیا گیا اس لئے کہ پوری نوع انسان کو مخاطب کرنا آپ کی ذمہ داری تھی۔ مکہ میں چونکہ اُن کی کثرت تھی اس لئے اُن کو رسولؐ کی مخاطب قوم کہا گیا ہے۔ بالکل اُسی طرح جیسے سدوم کی باشندہ ایک مردود وملعون قوم کو حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کہا گیا ہے جن سے حضرت لوط اور ابراہیم کا کوئی تعلق اور رشتہ نہ تھا۔ (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 51 حاشیہ نمبر 63) یہاں تک کہ وہ دونوںؑ اُس قوم کے علاقہ کے باشندے بھی نہ تھے۔ بہر حال قریش نے اپنے دلوں میں حکومت رسولؐ پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بنا لیا تھا جس کے لئے قرآن نے جگہ جگہ دلوں کی بیماری کا ذکر کیا ہے اور حضرت علی علیہ السلام نے بھی اَلْقُلُوْبُ الْعَلِیلَۃُ اور اَلْبَصَائِرُ الْمَدْخُوْلَۃُ بیمار دل اور بصیرۃ خود ساختہ تصورات سے متاثر لکھا۔ لہٰذا اُن پر رسولؐ کی تبلیغ کا اثر کیسے ہوتا؟ یعنی رسولؐ اللہ تو سو فیصد کامیاب ہوئے اُن کی کامیابی کو قریش کی ترازو میں تولنا غلط اور دھوکہ ہے۔ قریش نے اپنے منصوبے پر عمل کیا تھا۔ نہ کہ اسلام پر۔ اور منصوبہ یہی تھا کہ رسولؐ کی مقرر کردہ معصوم حکومت کی جگہ قومی اور مشاورتی حکومت قائم ہو جائے۔ قرآن کو مہجور کر کے بیانات کا رخ قومی حکومت کی طرف موڑ لیا جائے اور قومی حالات اور واقعات کو اس طرح ترتیب دیا جائے کہ سازش چھپ کر رہ جائے۔ چنانچہ عہد رسولؐ سے لے کر چوتھی صدی ہجری تک اپنی حکومت کی قوت سے یہ منصوبہ مکمل کر لیا

Presented by Ziaraat.Com

گیا۔اور یوں پبلک کے سامنے مہجور قرآن رکھا' خود ساختہ روایات وافسانے تاریخ کی صورت میں پیش کئے اور اس سب کی تائید کرنے والی احادیث وتفاسیر ولغات رکھیں۔اور یہ سب کچھ بڑے اطمینان وتدبر اور حُسن تدریج سے کیا کہ تیرہ سو سال تک یعنی ہم سے پہلے تک کسی کو اس سازش وفراڈ پر شبہ تک نہ ہوا۔قریش کو یہ ڈھیل اور سہولت قانون مشیت کے مطابق دی گئی تھی۔پھر ہمیں یہ موقع اور ہدایات دی گئیں اور ہم نے قریش کی پوری سازش کو کھول کر رکھ دیا۔اور اب صرف ہماری تصنیفات کے عام ہونے کی دیر ہے جس کے لئے نظام کو کوئی عجلت اور بے چینی نہیں ہے۔

## 3۔چیونٹی کی تخلیق اور کردار قرآن اور صاحبِ قرآن کی نظر میں:

حضورؑ علیہ السلام نے مناسب مقام پر اللہ کی شان اور قدرت کو سمٹی ہوئی صورت میں دکھانے کیلئے چیونٹی کی طرف متوجہ فرمایا ہے (جملے 28 تا 30) اور بڑی تفصیل و وضاحت سے اُس کی ساخت اور صفات و کردار کو بیان فرمایا ہے اور آنے والے زمانے کے محققین کے لئے حیوانات وحشرات الارض کے حالات لکھنے کا راستہ کھول دیا تھا۔چناچہ اس سلسلے میں بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔قرآن کریم میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی لشکر کشی کے سلسلے میں فرمایا گیا ہے کہ:

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ O حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ O فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ O (19 تا 17/27)

''اور سلیمانؑ کے لئے جنّات اور انسانوں اور پرندوں کی فوجیں جمع کی گئیں تھیں جنہیں ایک باقاعدہ نظام کے ماتحت رکھا جاتا تھا۔ایک مرتبہ سلیمانؑ اپنی اُن افواج کے ساتھ سفر کرتا ہوا چیونٹیوں کی وادی سے گزر رہا تھا کہ ایک چیونٹی نے لشکروں کو آتے دیکھ پکارا اور چیونٹیوں سے کہا کہ۔''اے چیونٹیو تم جلدی سے اپنے اپنے رہنے کے مسکنوں میں داخل ہو جاؤ ایسا نہ ہو کہ سلیمانؑ اور اُس کی فوجیں تمھیں کچل ڈالیں اور اُنہیں خبر بھی نہ ہو کہ اُن کے پیروں میں چیونٹیاں کُچلی گئی ہیں۔'' چیونٹی کی یہ بات سُن کر سلیمانؑ مسکرائے اور ہنسے اور کہا کہ۔''اے میرے پروردگار مجھے ایسے انتظام میں رکھنا کہ میں تیرے اُن تمام احسانات کا شکر ادا کرتا رہوں جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں اور ایسے صالح اعمال بجالاتا رہوں جو تجھے پسند آئیں اور اپنی رحمتؐ سے مجھے اپنے مخصوص صالح بندوں میں داخل کر دینا۔''

## 4۔چیونٹی کی سوجھ بوجھ اور حضرت سلیمانؑ کی قدرت وفہم اور محمدؐ اور آل محمدؐ میں شمار کی تمنا۔

اِن آیات سے چیونٹی کی نظر اور احساسات کی وسعت واضح ہوتی ہے وہ لشکر کے ایڈوانس گارڈ کے دستے کو دیکھ کر سمجھ جاتی ہے کہ ایسے دستے کے پیچھے ایک عظیم الشان فوج ضرور ہونا چاہیے اور دستے کی شان اور اہتمام سے یہ یقین کر لیتی ہے کہ وہ عظیم الشان فوج حضرت سلیمانؑ کے علاوہ اور کسی کی نہیں ہو سکتی اسی لئے اُن کا نام لے کر وادی میں پھیلی ہوئی بے شمار چیونٹیوں کو خبردار کرتی ہے اور اُس کی آواز کا تمام چیونٹیوں تک پہنچنا اور سب کا محفوظ مسکنوں تک پہنچنا ظاہر ہے۔اور یہ سب اللہ کے کمالات کا ثبوت ہے۔پھر حضرت سلیمان علیہ السلام کا چیونٹی کی آواز کو سُن لینا انبیاء علیہم السلام کو عطا شدہ قدرت کا پتہ دیتا ہے۔اُدھر چیونٹی کا یہ احساس فطری ہے کہ افواج کو چیونٹیوں کے کچل جانے کا پتہ بھی نہ چلے گا۔یعنی چیونٹی کو اپنی جسامت اور قد وقامت اور گھوڑوں کی قد وقامت کا فرق معلوم تھا اور اسی بات پر حضرت سلیمانؑ نے خندہ فرمایا تھا اور گویا یہ بتایا تھا کہ انبیاءؑ کا

Presented by Ziaraat.Com

شعور اُس سے زیادہ ہوتا ہے جو چیونٹی سمجھتی تھی۔ پھر یہ نوٹ کیجیے کہ انبیاءؑ علیہم السلام کی مائیں اُن کے باپوں کے برابر ہوتی ہیں۔ اور یہاں بھی اللہ کی رحمتؐ وہی رحمۃ لِلعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور تمام انبیاءؑ و رسل آلِ محمدؐ میں داخلے کی تمنا کرتے ہیں۔ ایسے صالح بندے جن میں تمام انبیاء اور رسلؑ داخل ہونے کی دعائیں مانگیں اور تمنائیں کریں وہ عام صالحین نہیں ہوسکتے وہ صرف محمدؐ اور علیؑ و فاطمہؑ اور آئمہ معصومین ہی ہوسکتے ہیں۔

## 5۔ ٹڈی دَل سے محفوظ رہنے کی کوششیں عالم گیر ہوچکی ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام نے ٹڈی کے متعلق بیان دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ:۔

وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ذَبَّهَا وَلَوِاجْلَبُوْابِجَمْعِهِمْ ؛ حَتّٰى تَرِدَ الْحَرْثَ فِيْ نَزَوَاتِهَا ؛ وَتَقْضِيَ مِنْهُ شَهَوَاتِهَا ؛ (جملہ 66)

اگر کاشتکار سب مل کر چاہیں کہ ٹڈی دَل کو ہانک دیں تب بھی وہ کامیاب نہیں ہوسکتے یہاں تک کہ ٹڈی دَل اُچھلتا کودتا کھیتی پر چھا جاتا ہے اور اپنی خواہش پوری کر لیتا ہے۔''

یہی اطلاع تھی جس کے بعد ٹڈی دَل کو ہانکنے کی اجتماعی کوششیں شروع ہوئیں اور آج تو ہوائی جہازوں سے دوائیں چھڑک کر ٹڈیوں کو مارنے کا کام بھی حکومتوں کی سطح پر ہو رہا ہے اور طرح طرح کی کوششیں جاری ہیں۔ سائنس کا ایک محکمہ بھی اس پر کام کر رہا ہے مختلف دوائیں ایجاد کی جارہی ہیں اور کوششیں ہو رہی ہیں کہ ٹڈیوں کو فنا کر دیا جائے اور کھیتوں کو اُن سے بچایا جائے لیکن ابھی تک مکمل کامیابی اور اطمینان حاصل نہیں ہوا ہے۔ بہرحال انسان اِدھر متوجہ ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 184

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 228

# خُطبہ ﴿229﴾

1 ۔ صفاتِ خداوندی اور توحید پر ایک شاہکار خطبہ مانا جاتا رہا ہے۔

2۔ اس میں صرف اللہ اور اس کے طرز عمل کا تذکرہ فرمایا گیا ہے۔

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| مَاوَحَّدَهُ مَنۡ كَيَّفَهُ ؛ | 1 | جس نے اللہ کو کیفیتوں اور حالتوں کے ماتحت رکھا اس نے اللہ کو یکتا نہیں رہنے دیا۔ |
| وَلَاحَقِيۡقَتَهُ اَصَابَ مَنۡ مَثَّلَهُ ؛ | 2 | جس نے اللہ کو مثالوں سے سمجھا یا بیان کیا وہ اللہ کی حقیقت تک نہیں پہنچا۔ |
| وَلَا اِيَّاهُ عَنَى مَنۡ شَبَّهَهُ ؛ | 3 | جس نے اللہ کو کسی چیز سے تشبیہ دی اس نے اللہ کی صفات بیان کرنے کا ارادہ ہی نہیں کیا (یعنی کچھ اور بیان کرتا رہا) |
| وَلَا صَمَدَهُ مَنۡ اَشَارَ اِلَيۡهِ وَتَوَهَّمَهُ ؛ | 4 | جس نے اللہ کو قابلِ اشارہ سمجھا اور اس کے متعلق وہم کیا اس نے اللہ کو بے نیاز نہیں رہنے دیا (یعنی محتاج قرار دیا) |
| كُلُّ مَعۡرُوۡفٍ بِنَفۡسِهٖ مَصۡنُوۡعٌ ؛ | 5 | وہ تمام چیزیں جو اپنی ذات سے پہچانی جاتی ہیں وہ کسی کاریگر کی بنائی ہوئی یا مخلوق ہوا کرتی ہیں۔ |
| وَكُلُّ قَائِمٌ فِىۡ سِوَاهُ مَعۡلُوۡلٌ ؛ | 6 | اور تمام وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز میں ہوں یا دوسرے کے سہارے پر قائم ہوں وہ کسی سبب یا علت کی محتاج ہوا کرتی ہیں۔ |
| فَاعِلٌ لَابِاضۡطِرَابِ اٰلَةٍ ؛ | 7 | وہ فاعل ہے مگر اوزاروں اور آلات کو استعمال کئے بغیر کام کرتا ہے۔ |
| مُقَدِّرٌ لَابِجَوۡلِ فِكۡرَةٍ ؛ | 8 | وہ ہر چیز کا مقدر طے کرتا ہے مگر عقل وفکر کے سہارے اور مدد کے بغیر۔ |
| غَنِىٌّ لَابِاسۡتِفَادَةٍ ؛ | 9 | وہ کسی سے فائدہ اُٹھائے بغیر غنی اور بے نیاز ہے۔ |
| لَاتَصۡحَبُهُ الۡاَوۡقَاتُ ؛ | 10 | اوقات اور زمانہ اس کے ہم صحبت اور ہم نشین نہیں۔ |
| وَلَاتَرۡفِدُهُ الۡاَدَوَاتُ ؛ | 11 | آلات واوزار اور اعضاء اس کے مددگار نہیں۔ |
| سَبَقَ الۡاَوۡقَاتَ كَوۡنُهُ ؛ | 12 | وہ اوقات اور زمانہ سے پہلے بھی تھا۔ |
| وَالۡعَدَمَ وُجُوۡدُهُ ؛ | 13 | اور اس کی موجودگی عدم سے پہلے سے ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْاِبْتِدَاءَ اَزَلُهُ ؛ | 14 | اس کی ہمیشگی ہر ابتدا کے پہلے سے ہے۔ |
| بِتَشْعِيْرِهِ الْمَشَاعِرَ عُرِفَ اَنْ لَّامَشْعَرَلَهُ ؛ | 15 | اس نے جو احساس اور شعور کی قوتیں پیدا کی ہیں ان ہی سے معلوم ہوا کہ وہ شعور اور احساس کا محتاج نہیں ہے اور اسے شعور و احساس سے سمجھا نہیں جا سکتا۔ |
| وَبِمُضَادَّتِهِ بَيْنَ الْاُمُوْرِ عُرِفَ اَنْ لَاضِدَّلَهُ ؛ | 16 | اور اس نے جو چیزوں میں ایک دوسرے کی ضد رکھی ہے اسی ضد نے بتایا ہے کہ اس کی کوئی ضد نہیں ہے۔ |
| وَبِمُقَارَنَتِهِ بَيْنَ الْاَشْيَاءِ عُرِفَ اَنْ لَا قَرِيْنَ لَهُ ؛ | 17 | اور اس نے جو چیزوں کو ایک دوسری کے قریب رکھا اور مربوط کیا ہے اسی سے معلوم ہوا کہ اس کا نہ کوئی ساتھی ہے نہ وہ کسی چیز سے مربوط ہے۔ |
| ضَادَّ النُّوْرَ بِالظُّلْمَةِ ؛ | 18 | اللہ نے نور کو ظلمت یا اندھیرے کی ضد بنایا ہے۔ |
| وَالْوُضُوْحَ بِالْبُهْمَةِ ؛ | 19 | اور واضح چیزوں کی ضد مبہم اور گنجلک چیزوں کو بنایا۔ |
| وَالْجُمُوْدَ بِالْبَلَلِ ؛ | 20 | اور جامد اور ٹھوس چیزوں کی ضد نرم اور کھوکھلی چیزوں کو بنایا ہے۔ |
| وَالْحَرُوْرَ بِالصَّرْدِ؛ | 21 | گرمی کی ضد سردی کو قرار دیا ہے۔ |
| مُؤَلِّفٌ بَيْنَ مُتَعَادِيَاتِهَا ؛ | 22 | اللہ ایک دوسرے کی دشمن چیزوں میں الفت اور میل پیدا کرنے والا ہے۔ |
| مُقَارِنٌ بَيْنَ مُتَبَايِنَاتِهَا ؛ | 23 | متضاد چیزوں میں ربط پیدا کرنے والا ہے۔ |
| مُقَرِّبٌ بَيْنَ مُتَبَاعِدَاتِهَا ؛ | 24 | دور دور رہنے والوں میں قربت پیدا کرنے والا ہے۔ |
| مُفَرِّقٌ بَيْنَ مُتَدَانِيَاتِهَا ؛ | 25 | آپس میں ہم آہنگ اور ملی ہوئی چیزوں کو الگ الگ کرنے والا ہے۔ |
| لَايُشْمَلُ بِحَدٍّ ؛ | 26 | نہ وہ کسی حد میں شامل اور محدود ہے۔ |
| وَلَايُحْسَبُ بِعَدٍّ ؛ | 27 | اور نہ حساب اور گنتی میں آتا ہے۔ |
| وَاِنَّمَا تَحُدُّ الْاَدَوَاتُ اَنْفُسَهَا ؛ | 28 | اور یہ ایک حقیقت ہے کہ اسباب اور اوزار ایک دوسرے کو محدود کرتے ہیں۔ |
| وَتُشِيْرُ الْاٰلَاتُ اِلٰى نَظَائِرِهَا؛ | 29 | اور آلات اپنے ہم مثل کی ہی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ |
| مَنَعَتْهَا مُنْذُ الْقِدْمَةَ ؛ | 30 | لفظ مُنْذُ مخلوق کو قدیم ہونے سے روکتا ہے۔ |
| وَحَمَتْهَا قَدْ الْاَزَلِيَةِ ؛ | 31 | اور لفظ قَدْ نے بھی انہیں ہمیشگی اور ازلیت سے محروم کر دیا ہے۔ |
| وَجَنَّبَتْهَا لَوْلَا التَّكْمِلَةَ ؛ | 32 | اور لفظ لَوْلَا نے مخلوقات کو سو فیصد مکمل ہونے سے روک دیا ہے۔ |
| بِهَاتَجَلّٰى صَانِعُهَا لِلْعُقُوْلِ ؛ | 33 | ان ہی چیزوں نے اپنے خالق کو عقلوں پر روشن کیا ہے۔ |
| وَبِهَا امْتَنَعَ عَنْ نَظَرِ الْعُيُوْنِ ؛ | 34 | اور ان ہی چیزوں کے دباؤ نے اللہ کو آنکھوں کی نظر کی قوت سے نکال دیا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| لَايَجْرِیْ عَلَيْهِ السُّكُوْنُ وَالْحَرَكَةُ ؛ | 35 | اللہ پر حرکت کرنا یا ٹھہرا رہنا دونوں اثر انداز نہیں ہو سکتے (جو ہر جگہ ہو وہ حرکت کیوں کرے) |
| وَكَيْفَ يَجْرِیْ عَلَيْهِ مَا هُوَاَجْرَاهُ ؟ وَيَعُوْدُ فِيْهِ مَاهُوَ اَبْدَاهُ ؛ وَ يَحْدُثُ فِيْهِ مَاهُوَ اَحْدَثَهُ ؟ | 36 | اور اس پر وہ چیزیں کیسے اثر انداز ہو سکتی ہیں جنہیں اس نے پیدا کیا ہو۔ اور جس چیز کی ابتدا ہی اس نے کی ہو وہ اس پر کیسے عائد ہو سکتی ہے؟ اور جن چیزوں کو اس نے پیدا کیا وہ اسی کے اندر کیسے ہو سکتی ہے؟ |
| اِذًا لَّتَفَاوَتَتْ ذَاتُهُ ؛ | 37 | اگر یہ غلط باتیں مان لی جائیں تو اللہ کی حقیقت میں تبدیلی اور تفاوت بھی ماننا پڑے گا۔ |
| وَلَتَجَزَّأَ كُنْهُهُ ؛ | 38 | اور یہ بھی ماننا ہوگا کہ اللہ کے بہت سے اجزا ہیں اور وہ قابل تجزیہ ہے۔ |
| وَلَامْتَنَعَ مِنَ الْاَزَلِ مَعْنَاهُ ؛ | 39 | اور یہ سب کچھ ماننا اللہ کی ہمیشگی اور دوام بے معنی ہو جائے گا۔ |
| وَلَكَانَ لَهُ وَرَآءٌ اِذْ وُجِدَلَهُ اَمَامٌ ؛ | 40 | اور اگر اللہ کے لئے پیچھے اور دور کے الفاظ بولے جائیں تو اس کے لئے لفظ آگے اور دہنے بائیں بھی بولنا ہوگا۔ |
| وَلَالْتَمَسَ التَّمَامَ اِذْلَزِمَهُ النُّقْصَانُ ؛ | 41 | اور جب نقصان میں کمی لازم آئے تو نقصان پورا کرنے اور تکمیل کے لئے التماس کرنا بھی لازم ہو جائے گا۔ |
| وَاِذًا لَّقَامَتْ اٰيَةُ الْمَصْنُوعِ فِيْهِ ؛ | 42 | ایسا مانتے ہی اس میں وہ تمام نقائص ماننا لازم ہو جائے گا جو مخلوقات میں موجود ہیں۔ |
| وَلَتَحَوَّلَ دَلِيْلًا بَعْدَ اَنْ كَانَ مَدْلُوْلًا عَلَيْهِ ؛ | 43 | اور اس طرح کسی اور خالق کے وجود پر دلیل قائم ہو جائے گی حالانکہ تمام مخلوقات کا وجود اللہ کے خالق ہونے کا ثبوت اور دلیل تھی۔ |
| وَخَرَجَ بِسُلْطَانِ الْاِمْتِنَاعِ مِنْ اَنْ يُّؤَثِّرُ فِیْ غَيْرِهٖ ؛ | 44 | حقیقی صورت حال یہ ہے کہ اللہ پر ان چیزوں کا اثر نہیں ہوتا ہے جو مخلوقات پر اثر انداز ہوتی ہیں یہ حقیقت بھی ان غلط تصورات سے بدل جاتی ہے۔ |
| اَلَّذِیْ لَايَحُوْلُ وَلَايَزُوْلُ وَلَا يَجُوْزُ عَلَيْهِ الْاُفُوْلُ؛ | 45 | اللہ وہ ہستی ہے جس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہو سکتی اور نہ وہ اپنی جگہ سے ہٹ سکتا ہے۔ نہ وہ چھپ سکتا ہے۔ |
| لَمْ يَلِدْ فَيَكُوْنَ مَوْلُوْدًا ؛ | 46 | اس نے کوئی اولاد پیدا نہیں کی ورنہ وہ خود کسی کی اولاد ثابت ہو جاتا۔ |
| وَلَمْ يُوْلَدْ فَيَصِيْرُ مَحْدُوْدًا ؛ | 47 | نہ وہ کسی سے پیدا ہوا، ورنہ وہ محدود ہو کر رہ جاتا۔ |
| جَلَّ عَنِ اتِّخَاذِ الْاَبْنَاءِ ؛ | 48 | وہ اس سے برتر و بالاتر ہے کہ اولاد اختیار کرے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَطَهُرَ عَنْ مُّلَامَسَةِ النِّسَآءِ ؛ | 49 | اوراس سے کہیں زیادہ پاک اور بے نیاز ہے کہ وہ عورتوں کو چھوئے۔ |
| لَاتَنَالُهُ الْاَوْهَامُ فَتُقَدِّرَهُ ؛ | 50 | اس تک اوھام کی رسائی نہیں ہے اور نہ اس کے متعلق اندازے اور صورتیں طے کی جاسکتی ہیں۔ |
| وَلَاتَتَوَهَّمُهُ الْفِطَنُ فَتُصَوِّرَهُ ؛ | 51 | اور فہم ودانش اس کا وہم تک نہیں کرسکتی اور نہ اس کا تصور کرسکتی ہے۔ |
| وَلَا تُدْرِكُهُ الْحَوَاسُ فَتَحُسَّهُ ؛ | 52 | حواس کی اس تک پہنچ نہیں ہے تا کہ اسے محسوساتی وجود سمجھا جاسکے۔ |
| وَلَا تَلْمِسُهُ الْاَيْدِیْ فَتَمَسَّهُ ؛ | 53 | اور اسے ہاتھ چھو نہیں سکتے کہ اس کو دست رس کے اندر سمجھا جاسکے۔ |
| وَلَا يَتَغَيَّرُ بِحَالٍ ؛ | 54 | اور اپنی حالت میں بدلتا نہیں ہیں۔ |
| وَلَايَتَبَدَّلُ فِی الْاَحْوَالِ ؛ | 55 | اور نہ وہ ایک حال سے دوسرے حالات میں تبدیل ہوتا ہے۔ |
| وَلَاتُبْلِيْهِ اللَّيَالِیْ وَالْاَيَّامُ ؛ | 56 | اور یہ دن رات کی آمد ورفت اس پر اثر انداز نہیں ہوتی ہے نہ پرانا کرتی ہے۔ |
| وَلَا يُغَيِّرُهُ الضِّيَاءُ وَالظَّلَامُ ؛ | 57 | اور نہ روشنی اور اندھیرا اسے متاثر کرتے ہیں نہ اس میں تبدیلی کرتے ہیں۔ |
| وَلَا يُوْصَفُ بِشَیْءٍ مِنَ الْاَجْزَاءِ ؛ وَلَا بِالْجَوَارِحِ وَالْاَعْضَآءِ ؛ وَلَا بِعَرَضٍ مِنَ الْاَعْرَاضِ وَلَا بِالْغَيْرِيَّةِ وَالْاَبْعَاضِ ؛ | 58 | اس کی کوئی ایسی صفت بیان نہیں کی جاسکتی ہے جس میں اجزاء سے تعلق ہو اور نہ جوڑ و بند اور اعضاء (ہاتھ پیر آنکھیں وغیرہ) سے نسبت ہو اور نہ سہارا لینے والی چیزوں میں سے کسی چیز کی بات ہو اور نہ ایسی صفت ہو جو اس کی ذات کے علاوہ غیر ہو یا اس کے حصے کر ڈالے۔ |
| وَلَايُقَالُ لَهُ حَدٌّ وَّلَا نِهَايَةٌ ؛ وَلَا انْقِطَاعٌ وَلَا غَايَةٌ ؛ | 59 | نہ اس کے لئے حد بندی کی جائے اور نہ اس کے لئے ابتدا اور انتہا کی بات ہو اور نہ اس کے خاتمہ کا اور کسی مقصد کے ماتحت ہونے کا تصور ہو۔ |
| وَلَا اَنَّ الْاَشْيَاءَ تَحْوِيْهِ فَتُقِلَّهُ اَوْتَهْوِيْهِ ؛ اَوْ اَنَّ شَيْئًا يَّحْمِلُهُ فَيُمِيْلَهُ اَوْيَعْدِلَهُ ؛ | 60 | اور نہ یہ کہ چیزوں کو اس پر حاوی قرار دیا جائے کہ وہ اسے بلند کریں یا چاہیں تو پستی میں اتار دیں یا یہ کہ کچھ چیزیں اسے سنبھالے ہوئے یا اُٹھائے ہوئے ہیں وہ چاہیں تو اسے کسی طرف موڑ دیں یا درست رکھیں۔ |
| وَلَيْسَ فِی الْاَشْيَاءِ بِوَالِجٍ وَلَا عَنْهَا بِخَارِجٍ ؛ | 61 | اور نہ اللہ چیزوں کے اندر ہے کہ ان کا جز بنا ہوا ہو اور نہ وہ چیزوں سے خارج ہے کہ دوری ہو جائے۔ |
| يُخْبِرُ لَابِلِسَانٍ وَّلَهَوَاتٍ ؛ | 62 | وہ خبریں دیتا ہے مگر زبان اور لب ولہجہ اور حلق اور متعلقات کے وسیلے سے نہیں |
| وَيَسْمَعُ لَابِخُرُوْقٍ وَّاَدَوَاتٍ ؛ | 63 | وہ ہر بات ہر آہٹ سنتا ہے مگر شگافوں اور سوراخوں اور آلات اور اوزاروں (کانوں وغیرہ) کے وسیلے سے نہیں سنتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | |
|---|---|
| يَقُوْلُ وَلَا يَلْفِظُ وَيَحْفَظُ وَلَا يَتَحَفَّظُ ؛ وَيُرِيْدُ وَلَا يُضْمِرُ يُحِبُّ وَيَرْضَىٰ مِنْ غَيْرِ رِقَّةٍ وَيُبْغِضُ وَ يَغْضَبُ مِنْ غَيْرِ مُشَقَّةٍ ؛ | 64 وہ کہتا ہے مگر الفاظ استعمال نہیں کرتا ہے یاد رکھتا ہے مگر حافظہ کے ذریعے سے نہیں وہ ارادہ کرتا ہے مگر سوچ بچار کے بعد نہیں وہ محبت بھی کرتا ہے اور راضی بھی ہوتا ہے مگر دل کی نرمی کی وجہ سے نہیں اور وہ دشمنی بھی رکھتا ہے غصہ بھی کرتا ہے مگر بلا کسی مشقت وتکلیف اٹھائے ہوئے۔ |
| يَقُوْلُ لِمَنْ اَرَادَ كَوْنَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ لَا بِصَوْتٍ يَقْرَعُ وَلَا بِنِدَاءٍ يُسْمَعُ ؛ | 65 جس چیز کو کسی شکل میں بنانے کا ارادہ کرتا ہے اس کو کہتا ہے کہ ہو جا وہ فوراً اسی شکل میں بن جاتی ہے مگر یہ کہنا نہ آواز بلند کر کے ہے نہ ایسی ندا سے ہوتا ہے جو سننے میں آجائے۔ |
| وَاِنَّمَا كَلَامُهُ ـ سُبْحَانَهُ ـ فِعْلٌ مِّنْهُ اَنْشَأَهُ ؛ | 66 اور اس کے علاوہ اور کوئی مطلب نہیں کہ ذاتِ پاک کا کلام ایک فعل ہوتا ہے جسے اس نے خود ایجاد کیا ہے۔ |
| وَمِثْلُهُ لَمْ يَكُنْ مِنْ قَبْلِ ذٰلِكَ كَائِنًا ؛ | 67 اور اس کلام یا فعل کی مانند اس کی ایجاد سے پہلے ویسا کلام یا فعل موجود نہ تھا۔ |
| وَلَوْ كَانَ قَدِيْمًا لَكَانَ اِلٰهًا ثَانِيًا ؛ | 68 اگر وہ کلام یا فعل قدیم سے ہوتا تو وہ دوسرا معبود ہوتا۔ |
| لَايُقَالُ كَانَ بَعْدَ اَنْ لَمْ يَكُنْ فَتَجْرِيَ عَلَيْهِ الصِّفَاتُ الْمُحْدَثَاتُ ؛ وَلَايَكُوْنُ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ فَصْلٌ ؛ وَلَا لَهُ عَلَيْهَا فَضْلٌ فَيَسْتَوِيَ الصَّانِعُ وَالْمَصْنُوْعُ ؛ وَيَتَكَافَأَ الْمُبْتَدِعُ وَالْبَدِيْعُ ؛ | 69 اللہ کے لئے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ نہ ہونے کے بعد ہوا ہے۔ ورنہ اس پر وہ تمام صفات جاری ہوں گی جو عدم سے وجود میں آنے والی مخلوقات پر جاری ہوتی ہیں اور پھر مخلوقات میں اور اللہ میں یا نئی پیدا ہونے والی مخلوق میں اور قدیم و واجب الوجود میں کوئی فرق نہ رہے گا۔ اور اللہ کو مخلوقات پر بزرگی اور برتری ہی نہ رہے گی چنانچہ بنانے والا اور بننے والا برابر ہو جائیں گے اور ایجاد کرنے والا موجد اور ایجاد یکساں ہو جائیں گے۔ |
| خَلَقَ الْخَلَائِقَ عَلٰى غَيْرِ مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَيْرِهٖ ؛ | 70 اللہ نے مخلوقات کو کسی مثال یا ایسے نمونہ کے بغیر وجود بخشا جو اللہ کے علاوہ کسی اور نے تیار کیا ہوتا۔ |
| وَلَمْ يَسْتَعِنْ عَلٰى خَلْقِهَا بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِهٖ ؛ | 71 اور مخلوقات میں سے کسی ایک سے بھی تخلیق میں مدد حاصل نہیں کی تھی۔ |
| وَاَنْشَأَ الْاَرْضَ فَاَمْسَكَهَا مِنْ غَيْرِ اشْتِغَالٍ ؛ | 72 اور اللہ نے زمین کو ایجاد کیا اور بلا مشغول ومصروف ہوئے زمین کو تھامے رکھا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَرْسَاهَا عَلٰى غَيْرِ قَرَارٍ وَاَقَامَهَا بِغَيْرِ قَوَائِمَ وَ رَفَعَهَا بِغَيْرِ دَعَائِمَ ؛ | 73 | اور بغیر کوئی سہارا دیئے ہوئے مستحکم کر دیا اور بلا پائے اور ٹانگوں کے اسے قائم کر دیا اور بغیر ستونوں کے اسے بلند کر دیا۔ |
| وَحَصَّنَهَا مِنَ الْاَوَدِ وَالْاِعْوِجَاجِ ؛ وَمَنَعَهَا مِنَ التَّهَافُتِ وَالْاِنْفِرَاجِ ؛ | 74 | ٹیڑھا ترچھا ہو جانے سے اسے محفوظ کر دیا اور پھٹنے اور ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گر جانے سے منع کر دیا۔ |
| اَرْسٰى اَوْتَادَهَا وَضَرَبَ اَسْدَادَهَا ؛ | 75 | اس کے لئے اس کی میخوں کو استحکام بخشا اور روک تھام کرنے والے سامان کو ٹھیک طور پر نصب کیا (یعنی پہاڑوں اور چٹانوں کو قائم کیا) |
| وَاسْتَفَاضَ عُيُوْنَهَا وَخَدَّاَوْدِيَتَهَا ؛ | 76 | اور اس کے چشموں کو جاری کر کے پانی کی نالیوں، نالوں اور راج باہوں کے راستے بنائے۔ |
| فَلَمْ يَهِنْ مَابَنَاهُ وَ لَاضَعُفَ مَاقَوَّاهُ ؛ | 77 | چنانچہ جو کچھ اللہ نے بنایا اس میں ڈھیلا پن نہ آیا اور جس کو قوی بنایا اس میں کمزوری نہ آئی۔ |
| هُوَالظَّاهِرُ عَلَيْهَا بِسُلْطَانِهِ وَعَظَمَتِهِ ؛ | 78 | وہ اپنی حکمرانی اور عظمت کی وجہ سے زمین پر غالب اور مسلط ہے۔ |
| وَهُوَالْبَاطِنُ لَهَا بِعِلْمِهِ وَمَعْرِفَتِهِ ؛ | 79 | اور وہ اپنے علم اور دانائی کی وجہ سے زمین کے باطن اور پوشیدہ کیفیات پر مطلع ہے |
| وَالْعَالِىُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ مِنْهَا بِجَلَالِهِ وَعِزَّتِهِ ؛ | 80 | اور اپنے جلال و عزت کے سبب سے زمین اور اس کی ہر چیز پر برتری و بلندی رکھتا ہے۔ |
| لَايُعْجِزُهُ شَىْءٌ مِنْهَا طَلَبَهُ وَلَايَمْتَنِعُ عَلَيْهِ فَيَغْلِبَهٗ ؛ | 81 | زمین اور زمین کے اندر کی کوئی چیز اللہ کی پسند اور طلب سے باہر نہیں نکل سکتی اور نہ تعمیل کو منع کر کے اس پر غالب آ سکتی ہے۔ |
| وَلَا يَفُوْتُهُ السَّرِيْعُ مِنْهَا فَيَسْبِقَهُ ؛ | 82 | اور زمین کی کوئی تیز رو اور سریع الرفتار چیز اللہ کے قابو سے باہر نہیں نکل سکتی تا کہ اللہ پر سبقت لے جا سکے۔ |
| وَلَايَحْتَاجُ اِلٰى ذِىْ مَالٍ فَيَرْزُقَهُ ؛ | 83 | اور وہ دنیا کے کسی مالدار کا محتاج نہیں ہے کہ کوئی اسے رزق دیا کرے۔ |
| خَضَعَتِ الْاَشْيَاءُ لَهُ ؛ | 84 | تمام چیزیں اللہ کے سامنے عاجز اور بے بس ہیں۔ |
| وَذَلَّتْ مُسْتَكِيْنَةً لِعَظْمَتِهِ ؛ | 85 | اور اللہ کی عظمت کے سامنے ہر چیز بے دست و پا اور ذلت کی حالت میں ہے۔ |
| لَاتَسْتَطِيْعُ الْهَرَبَ مِنْ سُلْطَانِهِ اِلٰى غَيْرِهٖ فَتَمْتَنِعَ مِنْ نَّفْعِهٖ وَضَرِّهٖ ؛ | 86 | کوئی چیز یہ قدرت نہیں رکھتی کہ اس کی سلطنت اور حکمرانی سے بھاگ کر کسی اور کی طرف نکل جائے اور اس طرح وہ اللہ کی نفع رسانی اور ضرر رسانی کو منع کر کے بے نیاز ہو جائے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَا كُفُوَّ لَهُ فَيُكَافِئَهُ ؛ | 87 | اور نہ اللہ کا ہم سر و ہم پلہ کوئی ہے جو برابری کر سکے۔ |
| وَلَا نَظِيْرَ لَهُ فَيُسَاوِيَهُ ؛ | 88 | اور نہ ہی کوئی اس کا مثل و نظیر ہے جو اس کے مساوی ہو جائے۔ |
| هُوَ الْمُفْنِيْ لَهَا بَعْدَ وُجُوْدِهَا ؛ | 89 | وہی اس دنیا کو اور تمام چیزوں کو وجود عطا کرنے کے بعد فنا کرنے والا ہے۔ |
| حَتّٰى يَصِيْرَ مَوْجُوْدُهَا كَمَفْقُوْدِهَا ؛ | 90 | یہاں تک کہ دنیا کی موجودہ چیزیں ان چیزوں کی طرح ہو جائیں جو مٹ کر غائب ہو چکی ہیں۔ |
| وَلَيْسَ فَنَاءُ الدُّنْيَا بَعْدَ ابْتِدَاعِهَا بِاَعْجَبَ مِنْ اِنْشَائِهَا وَاخْتِرَاعِهَا ؛ | 91 | اور دنیا کو ایجاد اور پیدا کرنے کے بعد فنا کر دینا اتنا تعجب خیز نہیں ہو سکتا جتنا کہ اسے نیا نیا پیدا کرنا اور ایجاد کرنا تعجب خیز تھا۔ |
| وَكَيْفَ وَلَوِ اجْتَمَعَ جَمِيْعُ حَيَوَانِهَا مِنْ طَيْرِهَا وَبَهَائِمِهَا ؛ وَمَا كَانَ مِنْ مُّرَاحِهَا وَسَائِمِهَا؛ وَاَصْنَافِ اَسْنَاخِهَاوَ اَجْنَاسِهَا؛ وَمُتَبَلِّدَةِ اُمَمِهَا وَاَكْيَاسِهَا عَلٰى اِحْدَاثِ بَعُوْضَةٍ مَّا قَدَرَتْ عَلٰى اِحْدَاثِهَا ؛ | 92 | اور یہ کیسے تعجب خیز تھا؟ اس کو یوں سمجھو کہ اگر تمام حیوان جمع ہو جائیں پرندے بھی اور وحشی جانور بھی اور رات کو گھروں میں آرام کے لئے آنے والے بھی جمع ہو جائیں خواہ چراگاہوں میں چرنے والے جانور ہوں اور دوسری تمام قسموں اور جنسوں کے تمام ہی جانور جمع ہو جائیں اور تمام امتوں کے عقلمند اور موٹی عقل کے لوگ بھی جمع ہو جائیں اور سب مل کر اگر ایک مچھر پیدا کرنا چاہیں تو وہ سب ایک مچھر پیدا کرنے پر بھی قادر نہ ہو سکیں گے۔ |
| وَلَا عَرَفَتْ كَيْفَ السَّبِيْلُ اِلٰى اِيْجَادِهَا ؛ | 93 | اور نہ یہ پتہ چل سکے گا کہ مچھر کو ایجاد کرنے کی کونسی راہ یا طریقہ ہو سکتا ہے؟ |
| وَلَتَحَيَّرَتْ عُقُوْلُهَا فِيْ عِلْمِ ذٰلِكَ وَتَاهَتْ ؛ | 94 | اور مچھر کی تخلیق و ایجاد کے علم کے سلسلے میں ان کی عقلیں حیران و سرگردان ہو کر رہ جائیں گی۔ |
| وَعَجَزَتْ قُوَاهَا وَتَنَاهَتْ وَرَجَعَتْ خَاسِئَةً حَسِيْرَةً ؛ | 95 | اور ان کی عقلی و فکری قوتیں عاجز اور ناکارہ ہو کر رہ جائیں گی اور ناکامی و نامرادی اور زبوں حالی کے ساتھ واپس پلٹ آئیں گی۔ |
| عَارِفَةً بِاَنَّهَا مَقْهُوْرَةٌ مُقِرَّةً بِالْعَجْزِ عَنْ اِنْشَائِهَا مُذْعِنَةً بِالضَّعْفِ عَنْ اِفْنَائِهَا ؛ | 96 | یہ جانتے ہوئے کہ وہ مغلوب ہیں اور یہ اقرار کرتے ہوئے پلٹیں گی کہ وہ مچھر کی ایجاد سے بھی عاجز ہیں اور وہ تو مچھر کو فنا کرنے کی قوت بھی نہیں رکھتے ہیں۔ |
| وَاِنَّ اللّٰهَ ـ سُبْحَانَهُ ـ يَعُوْدُ بَعْدَ فَنَآءِ الدُّنْيَا وَحْدَهُ لَاشَيْءَ مَعَهُ كَمَا كَانَ قَبْلَ ابْتِدَائِهَا كَذٰلِكَ يَكُوْنُ بَعْدَ فَنَائِهَا بِلَاوَقْتٍ وَّمَكَانٍ وَّلَا حِيْنٍ وَّلَازَمَانٍ ؛ | 97 | اور یقیناً اللہ پاک دنیا کو فنا کرنے کے بعد تنہا اکیلا ہوگا کوئی چیز اس کے ساتھ موجود نہ ہوگی جیسا کہ وہ دنیا کی ابتدا کرنے سے پہلے تنہا تھا۔ اسی طرح دنیا کو فنا کرنے کے بعد بھی اکیلا ہوگا نہ اس کے ساتھ وقت ہوگا نہ کوئی مکان و جگہ ہوگی اور نہ کوئی گھڑی ہوگی نہ زمانہ ہوگا چنانچہ: |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| عُدِمَتْ عِنْدَ ذٰلِکَ الْاٰجَالُ وَ الْاَوْقَاتُ وَزَالَتِ السِّنُوْنُ وَالسَّاعَاتُ ؛ | 98 | اس وقت مدتیں ،اوقات مٹ چکیں گے ۔یہ سن وسال اور صدیاں اور لمحات و ساعات زائل ہوجائیں گے۔ |
| فَلَاشَیْءَ اِلَّااللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ الَّذِیْ اِلَیْہِ مَصِیْرُ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ ؛ | 99 | بہرحال ہر چیز پر مسلط رہنے والا اللہ تنہا رہ جائے گا اور وہی وہ ہستی ہے جس کی طرف تمام معاملات وحالات ومخلوقات نے جانا تھا۔چنانچہ |
| بِلَا قُدْرَۃٍ مِنْھَا کَانَ ابْتِدَاءُ خَلْقِھَا ؛ وَبِغَیْرِ امْتِنَاعٍ مِنْھَا کَانَ فَنَاؤُھَا ؛ | 100 | ان کی تخلیق اور ایجاد کی قدرت ان کے پاس پیدا ہونے سے پہلے بھی نہ تھی اسی طرح دنیا کا اور ان کا فنا کیا جانا بھی ان کے اختیار میں نہیں اور ان کی ممانعت اور ناگواری کے باوجود فنا لازم ہوگی۔ |
| وَلَوْ قَدَرَتْ عَلَی الْاِمْتِنَاعِ لَدَامَ بَقَاؤُھَا ؛ | 101 | اگر ان کو فنا کئے جانے سے روکنے کی قدرت حاصل ہوتی تو ان کا باقی رہنا دائمی ہو جاتا۔ |
| لَمْ یَتَکَاءَ دْہُ صُنْعُ شَیْءٍ مِنْھَا اِذْصَنَعَہُ وَلَمْ یُؤُدْہُ مِنْھَا خَلْقُ مَابَرَاہُ وَخَلَقَہُ ؛ | 102 | جب اللہ نے کسی چیز کا بنانا چاہا تو اسے اس کے بنانے میں کوئی دقت نہیں ہوئی اور جن جن چیزوں کو اس نے بنایا اور وجود بخشا تو ان کے بنانے میں اسے تھکن محسوس نہیں ہوئی۔ |
| وَلَمْ یُکَوِّنْھَا لِتَشْدِیْدِ سُلْطَانٍ وَلَالِخَوْفٍ مِّنْ زَوَالٍ وَنُقْصَانٍ ؛ وَلَا لِلْاِسْتِعَانَۃِ بِھَا عَلٰی مُکَاثِرٍ ؛ وَلَا لِلْاِحْتِرَازِ بِھَامِنْ ضِدٍّ مُثَاوِرٍ وَلَا لِلْازْدِیَادِبِھَا فِیْ مُلْکِہٖ وَلَالِمُکَاثَرَۃِ شَرِیْکٍ فِیْ شِرْکِہٖ وَلَالِوَحْشَۃٍ کَانَتْ مِنْہُ فَاَرَادَ اَنْ یَسْتَانِسَ اِلَیْھَا ؛ | 103 | اللہ نے اس کائنات کو اور کائناتی مخلوق کو اس لئے پیدا نہیں کیا تھا کہ وہ اپنی سلطنت کو بڑھائے اور مضبوط کرے نہ اس لئے کہ اپنی حکومت کے زوال اور نقصان سے ڈرتا تھا۔اور نہ اس لئے کہ اسے کسی مدّ مقابل کے خلاف مدد حاصل کرنا تھی نہ اس لئے کہ اسے کسی حملہ آور دشمن سے محفوظ رہنا تھا اور قوت فراہم کرنا تھی اور نہ اس لئے کہ اسے اپنے ملک ومملکت کی حدود کو بڑھانا اور وسعت دینا مطلوب تھا۔اور نہ اس لئے کہ اسے اپنے کسی شریک حکومت کے مقابلہ میں اپنی کثرت کا مظاہرہ کرنا تھا۔ اور نہ اس لئے کہ وہ اپنی تنہائی سے گھبرا گیا تھا اور اپنی دلچسپی کے لئے دنیا کو پیدا کرنے کا ارادہ کیا تا کہ اس سے اپنا دل بہلاتا رہے۔ |
| ثُمَّ ھُوَ یُفْنِیْھَا بَعْدَ تَکْوِیْنِھَا لَالِسَامٍ دَخَلَ عَلَیْہِ فِیْ تَصْرِیْفِھَا وَتَدْبِیْرِھَا وَلَا لِرَاحَۃٍ وَّاصِلَۃٍ اِلَیْہِ وَلَا لِثِقْلٍ شَیْءٍ مِنْھَا عَلَیْہِ ؛ | 104 | پھر وہ کائنات کو بنانے کے بعد اسے فنا کریگا۔فنا بھی اسلئے نہ کریگا کہ اللہ کو کائنات کی دیکھ بھال کرنے اور اس میں تبدیلیاں کرنے اور اس کی تدبیریں کرنے میں دقت اور دل تنگی ہورہی ہوگی اور نہ اسلئے کہ فنا کر کے اسے آرام وراحت ملے گی اور نہ اس لئے کہ دنیا کی چیزیں اس پر ناگوار گزرنے والا بوجھ بن گئی تھیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| لَايُمِلُّهُ طُوْلُ بَقَائِهَا فَيَدْعُوْهُ اِلٰى سُرْعَةِ اِفْنَائِهَا ؛ | 105 | اللہ کو کائنات کی موجودگی اور بقا دل تنگ نہیں کر سکتی ہے کہ وہ دل بھر جانے کی وجہ سے اس کو فنا کرنے کے حکم میں جلدی کرے۔ |
| لٰكِنَّهُ سُبْحَانَهُ دَبَّرَهَا بِلُطْفِهٖ ؛ وَاَمْسَكَهَا بِاَمْرِهٖ وَاَتْقَنَهَا بِقُدْرَتِهٖ ؛ | 106 | لیکن بات یہ ہے کہ اللہ پاک نے اپنے لطف وکرم اور مہربانیوں سے کائنات کا بندوبست کیا ہے اور اپنے حکم سے اس کی دیکھ بھال اور روک تھام کر رکھی ہے۔ اور اپنی قدرت سے اسے مستحکم بنایا ہے۔ |
| ثُمَّ يُعِيْدُهَا بَعْدَ الْفَنَاءِ مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ مِنْهُ اِلَيْهَا ؛ وَلَا اسْتِعَانَةٍ بِشَيْءٍ مِّنْهَا عَلَيْهَا ؛ وَلَا لِانْصِرَافٍ مِنْ حَالٍ وَحْشَةٍ اِلٰى حَالِ اسْتِئْنَاسٍ وَلَا مِنْ حَالِ جَهْلٍ وَّعَمًى اِلٰى حَالِ عِلْمٍ وَّالْتِمَاسٍ وَلَا مِنْ فَقْرٍ وَّحَاجَةٍ اِلٰى غِنًى وَّكَثْرَةٍ وَلَا مِنْ ذُلٍّ وَّضَعَةٍ اِلٰى عِزٍّ وَّقُدْرَةٍ ؛ | 107 | چنانچہ اسے فنا کر دینے کے بعد دوبارہ وجود دے کر پلٹائے گا اس لئے نہیں کہ اسے کائنات کی محتاجگی ہوگی اور نہ اس لئے کہ وہ کائنات کی کسی چیز سے مدد لینا چاہے گا اور نہ اسلئے کہ وہ وحشت کی حالت کو دلچسپی سے بدلنا چاہے گا۔ اور نہ اسلئے کہ وہ جہالت اور بے بصیرتی کی حالت سے نکل کر علم وبصیرت اور تجربات کا ماحول اختیار کرنا چاہے گا اور نہ اسلئے کہ اس پر ناداری اور محتاجی چھا جائیگی اور وہ دولت وفراوانی حاصل کرنا چاہے گا۔ اور نہ اسلئے کہ وہ ذلت اور پستی میں مبتلا ہوگا اور پھر وہ عزت اور توانائی حاصل کرنے کیلئے کائنات کو دوبارہ پلٹائے گا۔ |

## تشریحات:

اس خطبے کے متعلق مترجمین اور شارحین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ:

1۔ ''یہ خطبہ توحید کے متعلق ہے اور علم ومعرفت کی اتنی بنیادی باتوں پر مشتمل ہے کہ جن پر کوئی دوسرا خطبہ حاوی نہیں ہے''
(مفتی جعفر حسین جلد 2 صفحہ 168)

2۔ ''اس خطبہ عجیبہ وبدیعہ میں امیرؑ المومنین نے خداشناسی کی تعلیم دی ہے، وہ خداشناسی، جو بصیرت اور فہم پر مبنی ہو علم اور ایمان پر مبنی ہو۔ صرف ظن وتخمین کا نتیجہ نہ ہو'' (رئیس احمد جعفری صفحہ 1314)

یہ ریمارکس ذاتی تجربہ پر منحصر نہیں ہیں بلکہ علامہ رضی صاحب رضی اللہ عنہ نے اس خطبے کے شروع میں لکھا ہے کہ:

''فِي التَّوْحِيْدِ وَتَجْمَعُ هٰذِهِ الْخُطْبَةُ مِنْ اُصُوْلِ الْعِلْمِ مَالَا تَجْمَعُهُ خُطْبَةٌ غَيْرَهَا''

ترجمہ: ''یہ خطبہ توحید پر ہے اور یہ خطبہ علم کے اصول کو اس طرح جمع کرتا ہے کہ دوسرے کسی خطبے نے ان کو جمع نہیں کیا ہے''

ہم اِن میں سے کسی سے بھی متفق نہیں ہیں اس لئے کہ توحید اور صفاتِ خداوندی پر حضرت علی علیہ السلام کا ہر خطبہ اپنے اپنے مقام پر اور اپنے اپنے عنوانات پر مکمل اور شاہکار ہے۔ جہاں جس پہلو کو ملحوظ رکھا ہے اسے مکمل کر دیا ہے اور بس۔ رہ گیا رضی صاحب کا لفظ ''اصول علم'' ایک ایسی بات ہے جو غالباً وہ خود بھی نہ سمجھتے تھے۔ اور نہ اس کا ان خطبات سے تعلق ہے۔ یہاں تو ہر خطبہ اصول علم کی بنیاد رکھتا چلا گیا ہے دراصل وہ جو کچھ کہنا چاہتے

Presented by Ziaraat.Com

تھے کہہ نہ سکے۔ وہ ہم عرض کرتے ہیں کہ اس خطبہ (نمبر 229) میں حضورؑ نے ان قیاسات کو واضح فرمایا ہے جو علما نے کائنات کی تخلیق اور فنا پر قائم کئے تھے یا جو ان کے قلب و ذہن میں گزر رہے تھے یا آئندہ گزریں۔ یعنی ''شاید اس لئے پیدا کی تھی'' یا شاید اس لئے فنا کرے گا'' ان شاید وں اور احتمالات سے جو خرابیاں ذات باری تعالیٰ پر اثر انداز ہوتی تھیں ان سب کا تفصیلی جواب اس خطبے میں دیا گیا ہے۔ اور بس۔

علاوہ ازیں گول قسم کے ریمارکس قارئین کے علم میں اضافہ نہیں کرتے بلکہ اُنہیں تذبذب میں ڈال دیتے ہیں ہونا یہ چاہئے کہ ریمارکس دینے والا شخص کسی ایک یا چند پہلوؤں کو لکھے اور ان پر اپنے ریمارکس ترتیب دے تا کہ حضورؑ کے جملوں اور ریمارکس میں ربط و تعلق دیکھ کر قاری کسی نتیجے پر پہنچ سکے۔ ''علمی اصول یا اصولِ علم جمع کر دیئے'' یعنی چہ؟ اُن اصولوں کو یا ان میں کسی ایک کو قارئین کے سامنے رکھو انہیں سمجھاؤ تو وہ خود ہی خطبے سے باقی اصول نکال کر دیکھ لیں گے۔ گول گول باتیں کر کے اپنے علم کی دھونس بٹھانا غلط ہے۔

## 2۔ اللہ الفاظ استعمال نہیں کرتا تو جبرائیل الفاظ کہاں سے لائے اور قرآن میں الفاظ کس کے ہیں۔

بتانا یہ چاہئے تھا کہ حضورؑ کے اس جملے کا کیا مطلب ہے کہ'' یَقُوْلُ وَلَا یَلْفِظ ''''وہ کہتا ہے مگر الفاظ میں نہیں کہتا ہے'' (64) اس پر رضی صاحب کو کچھ کہنا چاہئے تھا۔ نہج البلاغہ کی مدح و ثنا کرنے والوں کو کچھ بولنا چاہئے تھا۔ نہج البلاغہ پر اعتراضات کی دُھول اُڑانے والوں کو کچھ روشنی ڈالنا چاہئے تھی۔ مگر چونکہ سب قریشی عقاید و تصورات کے بچاری تھے خاموشی سے گزر گئے۔ ہم کہتے ہیں کہ وہ بات بات نہیں کہلا سکتی جس میں الفاظ نہ ہوں؟ وہ کہنا کیسے کہنا کہلائے گا جس میں ایک بھی لفظ نہ ہو؟ وہ کلام کلام ہو ہی نہیں سکتا جس میں الفاظ نہ آئیں؟ پھر یہ اتنا بڑا کلام کیسے کلام اللہ کہلا سکتا ہے جسے قرآن کہتے ہیں اور جس میں 267052 سے زیادہ الفاظ موجود ہیں؟ اور پھر حضور علیہ السلام نے ایک جملہ چھوڑ کر فرمایا ہے کہ '' وَاِنَّمَا کَلَامُہٗ سُبْحَانَہٗ فِعْلٌ ''''اُس ذات پاک کا کلام تو صرف اور صرف فعلؑ ہوتا ہے'' لہٰذا یقیناً یہ الفاظ والا قرآن اللہ کا کلام ہرگز نہیں ہے۔ اللہ کے کلام یا قرآن کو ایک عظیم الشان فعل کی صورت میں ہونا چاہئے اور اس فعل کو بھی ایسا فعل ہونا چاہئے کہ تمام افعال سمٹ کر اس ایک فعل کے ماتحت آجائیں اور اس ایک فعل سے صادر ہونے والے افعال بن جائیں۔ اور کوئی فعل اور کسی کا فعل اس سے باہر نہ نکل سکے۔ اور اللہ کا ایسا فعل وہ اولین اور بنیادی فعل ہے جسے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کی تخلیق فرمایا گیا'' اول ما خلق اللّٰہ نوری ''اور سنو۔ مانو یا نہ مانو۔ محمدؐ ہی لوح و قلم ہیں وہی عرش و کرسی ہیں۔ اور وہی یہ پوری کائنات ہیں۔ محمدؐ ہی قرآن العظیم ہیں۔ محمدؐ ہی علیؑ و فاطمہؑ و حسنینؑ اور آئمہؑ معصومین ہیں۔

تُو علیؑ را زتاریکی دیدہ اِی زَان سبب غیران بَر اُو بُگزِیدۂ اِیْ (مولانا رُوم)

آنکھوں پر پٹیاں باندھ باندھ کر اور اندھیرا پھیلا پھیلا کر علیؑ کو دیکھنے والے جو کچھ دیکھتے رہے وہ حضرت علی علیہ السلام نہ تھے۔ ایک جھلک نظر آجانا خوش قسمتی کہلا سکتی ہے مگر حضورؑ کو دیکھ لینا نہیں کہلا سکتا۔ اور جنہوں نے جھلک بھی نہ دیکھی ہو ان کا بدقسمت ہونا کچھ اور نہیں کہلا سکتا۔ لہٰذا ایسے لوگوں کے ریمارکس کسی توجہ کے مستحق نہیں کہلا سکتے۔

## 3۔ زمین کو آسمان کے مقام سے سیاروں اور ستاروں کی طرح اس کی حقیقی پوزیشن میں رکھا ہے۔

تحقیقات جدیدہ کی روشنی میں ہم یہ جانتے ہیں کہ یہ زمین ہمارے نظام شمسی کا ایک کُرہ ہے جو نظام کے باقی ستاروں کی مانند ایک ستارہ ہے اور باقی ستاروں کی طرح سورج کے چاروں طرف گھومتا ہے جس کی وجہ سے ماہ و سال وجود میں آتے ہیں اور ساتھ ہی خود اپنی محوری (Axial) گردش بھی کرتا ہے جس سے یہ دن اور رات پیدا ہوتے ہیں۔ یعنی جس طرح مریخ و مشتری وغیرہ ستارے فضا میں سورج کے چاروں

Presented by Ziaraat.Com

طرف گھومتے ہیں زمین بھی بعینہ ان ہی ستاروں کی طرح فضا میں متحرک ہے۔اس صورت حال کو ذہن نشین کرانے کے لئے فرمایا ہے کہ:۔

''اور اللہ نے زمین کو ایجاد کیا اور بلا مشغول و مصروف ہوئے زمین کو تھام کر قابو میں رکھا ہے (72)'' مطلب یہ ہے کہ زمین کو ایجاد کرنے اور سنبھالنے میں اللہ کا نہ وقت لگا نہ محنت کرنا پڑی۔اور زمین کے لئے نہ سہارے پیدا کئے نہ اس کے لئے ٹانگیں اور پائے بنائے بلکہ ان کے بغیر ہی اسے مضبوطی سے قائم رہنے کے قابل بنا دیا اور اسے اس کی بلندی پر پہنچانے کے لئے ستونوں کی ضرورت نہیں ہوئی بلا کسی مدد کے اُسے فضاؤں میں بلند مقام دیا (73) لہٰذا زمین کو بالکل آسمانوں اور ستاروں اور سیاروں کی طرح سمجھنا چاہئے۔

**4۔ کائنات کو فنا کرنے کی تمام منفی صورتوں کو بڑی تفصیل سے بیان فرمایا ہے لیکن مثبت پہلو کو چھوڑ دیا ہے۔**

پورے خطبے کو پوری توجہ اور غور و فکر سے پڑھنے کے بعد یہ سوال کھڑا رہ جاتا ہے کہ آخر کائنات کو فنا کرنے کی ضرورت کیا ہے؟ کیوں اسے اس کے حال پر چھوڑے رکھنا پسند نہ کیا؟ وہ لوگ جو یہ کہتے، لکھتے اور سمجھتے رہے کہ:۔

''یہ خطبہ توحید پر ہے'' انہیں یہ بھی کہنا چاہئے تھا کہ:۔

''یہ خطبہ کائنات کے فانی ہونے پر ہے'' پھر جہاں یہ کہا تھا کہ:۔

''اس خطبے میں اصول علم کو جمع کر دیا ہے'' وہیں یہ بھی کہنا چاہئے تھا کہ:۔

''اس خطبے میں کائنات کو فنا کرنے کی غرض و غایت کو چھوڑ دیا ہے''

قارئین اپنی آنکھوں سے خود دیکھیں کہ خود علامہ رضی رضی اللہ عنہ یہ تو نوٹ کر لیتے ہیں کہ یہ خطبہ توحید پر تمام علمی اصول کو جمع کر لیتا ہے لیکن وہ یہ نوٹ نہیں کرتے کہ توحید کی غرض و غایت کیا ہے؟ اور جس کے بغیر توحید کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے اور اصول علم کو جمع کرنا بے معنی اور بے ضرورت ہو کر رہ جاتا ہے۔آیئے ہم آپ کو کائنات کے فنا کرنے کی غرض و غایت کی طرف متوجہ کریں اور اس سلسلے میں مودودی جیسے شخص کو آگے رکھ لیں۔

**4۔الف) ثلاثہ پرست مودودی بھی حقیقی خلافت الٰہیہ کا تصور رکھتا ہے مگر مجبور ہے، کہ حق سے دور اور باطل سے قریب رہے۔**

مودودی اپنی تفسیر تفہیم القرآن میں جب حضرت آدم علیہ السلام کا پورا قصہ سورہ طٰہٰ کی آیات (20/115-125) سے لکھ چکے تو آیت (20/124) پر ایک تشریحی حاشیہ لکھا ہے جسے ہم یہاں لکھتے ہیں تا کہ آپ حقیقی خلافت الٰہیہ کو سمجھنے میں اپنی بصیرت سے کام لیں۔جس آیت پر وضاحتی حاشیہ لکھا ہے اس میں اللہ نے فرمایا ہے کہ:

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى O (20/124)

**مودودی ترجمہ:** ''جو میرے ذکر سے منہ موڑے گا اس کے لئے دنیا میں تنگ زندگی ہو گی اور قیامت کے روز ہم اُسے اندھا اُٹھائیں گے'' (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 134)

اس آیت پر تشریح سنئے:۔

**4۔ب) مودودی کا حقیقی خلافت پر بیان۔**

''102۔ اس جگہ آدم علیہ السلام کا قصہ ختم ہو جاتا ہے۔یہ قصہ جس طریقہ سے یہاں اور قرآن کے دوسرے مقامات پر بیان ہوا ہے اس پر غور کرنے سے میں یہ سمجھا ہوں (واللہ اعلم بالصواب) کہ زمین کی اصل خلافت وہی تھی جو آدم علیہ السلام کو ابتداً جنت میں دی گئی تھی۔وہ جنت

Presented by Ziaraat.Com

ممکن ہے کہ آسمانوں میں ہو اور ممکن ہے کہ اسی زمین پر بنائی گئی ہو۔ بہرحال وہاں اللہ تعالیٰ کا خلیفہ اس شان سے رکھا گیا تھا کہ اس کے کھانے پینے اور لباس و مکان کا سارا انتظام سرکار کے ذمہ تھا اور خدمت گار فرشتے اس کے حکم کے تابع تھے۔ اس کو اپنی ذاتی ضروریات کے لئے قطعاً کوئی فکر نہ کرنی پڑتی تھی تا کہ وہ خلافت کے بزرگ تر اور بلند تر وظائف ادا کرنے کے لئے مستعد ہو سکے۔ مگر اس عہدے پر مستقل تقرر ہونے سے پہلے امتحان لینا ضروری سمجھا گیا تا کہ امیدوار کی صلاحیتوں کا حال کھل جائے۔ اور یہ ظاہر ہو جائے کہ اس کی کمزوریاں کیا ہیں اور خوبیاں کیا؟ چنانچہ امتحان لیا گیا اور جو بات کھلی وہ یہ تھی کہ یہ امیدوار تحریص و اطماع کے اثر میں آ کر پھسل جاتا ہے۔ اطاعت کے عزم پر مضبوطی سے قائم نہیں رہتا اور اس کے علم پر نسیان غالب آ جاتا ہے۔ اس امتحان کے بعد آدمؑ اور ان کی اولاد کو مستقل خلافت پر مامور کرنے کے بجائے آزمائشی خلافت دی گئی۔ اور آزمائش کے لئے ایک مدت (اَجل مسمّیٰ جس کا اختتام قیامت پر ہوگا) مقرر کر دی گئی اس آزمائش کے دَور میں امیدواروں کے لئے معیشت کا سرکاری انتظام ختم کر دیا گیا۔ اب معاش کا انتظام انہیں خود کرنا ہے۔ البتہ زمین اور اس کی مخلوقات پر ان کے اختیارات برقرار ہیں۔ آزمائش اس بات کی ہے کہ اختیار رکھنے کے باوجود یہ اطاعت کرتے ہیں یا نہیں؟ اور اگر بھول لاحق ہوتی ہے یا تحریص و اطماع کے اثر میں آ کر پھسلتے ہیں تو تنبیہہ، تذکیر اور تعلیم کا اثر قبول کر کے سنبھلتے بھی ہیں یا نہیں؟ اور ان کا آخری فیصلہ کیا ہوتا ہے اطاعت یا معصیت کا؟ اس آزمائشی خلافت کے دوران ہر ایک کے طرزِ عمل کا ریکارڈ محفوظ رہے گا۔ اور یوم الحساب میں جو لوگ کامیاب نکلیں گے ان ہی کو پھر مستقل خلافت، اُس دائمی زندگی اور لازوال سلطنت کے ساتھ جس کا لالچ دے کر شیطان نے حکم کی خلاف ورزی کرائی تھی عطا کی جائے گی۔ اس وقت یہ پوری زمین جنت بنا دی جائے گی اور اس کے وارث خدا کے وہ صالح بندے ہوں گے۔ جنہوں نے آزمائشی خلافت کے دوران طاعت پر قائم رہ کر، یا بھول لاحق ہونے کے بعد بالآخر طاعت کی طرف پلٹ کر اپنی اہلیت ثابت کر دی ہوگی۔ جنت کی اس زندگی کو جو لوگ محض کھانے پینے اور اینڈنے کی زندگی سمجھتے ہیں ان کا خیال صحیح نہیں ہے۔ وہاں پیہم ترقی ہوگی بغیر اس کے کہ اس کے لئے کسی تنزل کا خطرہ ہو۔ اور وہاں خلافت الٰہی کے عظیم الشان کام انسان انجام دے گا۔ بغیر اس کے کہ اسے پھر کسی ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے۔ مگر ان ترقیات اور ان خدمات کا تصور کرنا ہمارے لئے اتنا ہی مشکل ہے جتنا ایک بچہ کے لئے یہ تصور کرنا مشکل ہوتا ہے کہ بڑا ہو کر جب وہ شادی کرے گا تو ازدواجی زندگی کی کیفیات کیا ہوں گی؟ اسی لئے قرآن میں جنت کی زندگی کے صرف انہی لذائذ کا ذکر کیا گیا ہے جن کا ہم اس دنیا کی لذتوں پر قیاس کر کے کچھ اندازہ کر سکتے ہیں'' (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 135-134)

## 4۔ج) مودودی کے باطل تصورات کی نفی کے بعد حقیقی خلافتِ الٰہیہ بالکل سامنے آ کھڑی ہوتی ہے۔

مودودی کے منفی پہلوؤں کو واضح کرنے کی ضرورت نہیں وہ خود بخود گر جائیں گے۔ آپ یہ نوٹ کیجئے کہ حضرت علی علیہ السلام اپنے کئی ایک خطبات میں مطلوبہ غرض و غایت بیان فرماتے رہے لہٰذا آپ حضورؑ کے اٹھائیسویں خطبے کے یہ تین جملے پڑھئے:

**اَلَا وَاِنَّ الْیَوْمَ الْمِضْمَارُ ؛ وَغَدًا السِّبَاقُ ؛ وَالسَّبْقَةُ الْجَنَّةُ وَالْغَایَةُ النَّارُ ؛ (خطبہ 28 ،جملہ نمبر 3تا5)**

''خبردار ہو کر نوٹ کرو کہ آج کا دن کل کے لئے تیاری کا دن ہے اور کل کا دن مقابلے اور سبقت لے جانے کا دن ہوگا۔ سبقت لے جانا ہے جنت کے لئے ورنہ آخر کار جہنم ہی ٹھکانہ ہے''

اب قارئین یہ نوٹ کریں کہ ہم نے اس خطبے (28) کی تشریحات میں مسئلہ رجعت کی تفصیل اور دلائل کے ساتھ وضاحت کی ہے اس

Presented by Ziaraat.Com

لئے چاہئے کہ بیان الامامۃ میں یہ تشریحات دوبارہ پڑھی جائیں تو واضح ہوگا کہ مندرجہ بالا تینوں جملوں میں اس موجودہ زندگی کو ''آج کا دن'' فرمایا ہے اس لئے کہ یہ زندگی یوم الحساب میں کامیابی کے لئے دی گئی ہے تاکہ دوسری زندگی کے لئے تیاری کی جائے تاکہ جب وہ زندگی ملے تو بلا شرمندگی کامیابی ملنے میں کمی نہ رہے۔اور ''کل کا دن'' دوسری زندگی کو فرمایا گیا ہے اور یہ زندگی قیامت کے بعد کی زندگی نہیں ہے۔اس لئے کہ قیامت کے بعد کی زندگی کے لئے قرآن نے کسی مقابلے اور سبقت لے جانے کا ذکر نہیں کیا ہے۔لہٰذا یہ دوسری زندگی اور کل کا دن درحقیقت رجعت کا دن ہے۔اس لئے کہ قائم قیامت حضرت حجتؑ امام آخر الزمان جناب محمدؑ ابن حسنِ عسکری علیہما السلام ظہور فرماتے ہی دوھرا نظام شروع فرمائیں گے یعنی محروم الجزا لوگوں کو جزا دینے کا پروگرام جسے رجعت فرمایا گیا ہے۔اور دوسرا پروگرام اس زمانے کے لوگوں کو صحیح اسلام پر فائز کرنے اور اسلام کی مفقود شدہ غرض وغایت تک پہنچانے کا پروگرام یعنی انسانوں کو لامحدود قدرتیں اور لامحدود حیات دینے کا پروگرام۔لہٰذا یہ وہ زمانہ ہوگا یا وہ مذکورہ کل کا دن ہوگا جس میں مذکورہ مقابلہ اور سبقت لے جانے میں کوشش کی جائے گی اور اسی دنیا کے فنا ہونے سے پہلے پہلے اس مقابلے اور سبقت لے جانے میں جنت کی زندگی حاصل کرلی جائے گی تاکہ قیامت کے بعد بقول مودودی حقیقی خلافت میں ترقی کرتے چلے جانے کا استحقاق حاصل ہوجائے۔فرق یہ ہے کہ ہم حقیقی خلافت وامامت بارہویں امام علیہ السلام کے زمانے کو مانتے ہیں جو اسی زمین پر اسی دنیا میں اسلام کو اس کی حقیقی صورت اور وسعت کے ساتھ برسرکار لائیں گے۔تمام تصادم کرنے والی قوتیں تعاون میں لگ جائیں گی۔اور انسان مقابلہ کرکے انتہائی ترقی اور دائمی حیات حاصل کرسکیں گے یعنی جو قیامت کے صور سے بھی نہ مریں گے اور قیامت میں حقوق اللہ کے محاسبے سے فارغ ہوکر بھی حسب معمول ترقی میں آگے آگے رہیں گے اور ان کے ساتھ وہ لوگ بھی شامل ہوجائیں گے جنہیں رجعت کے بعد جنت میں داخلے کا حق حاصل ہوگا۔یا رجعت سے پہلے ہی اپنے صحیح عقائد اور اعمال کی بنا پر جنت ملے گی۔لہٰذا جنت کی زندگی ہی وہ زندگی ہوگی جس میں امام آخر الزمان اور قائم قیامت علیہ السلام کے ماتحت ہمیشہ ترقی کرتے چلے جائیں گے۔یہ ہے دنیا کو فنا کرنے کی غرض وغایت۔

یا یہ کہئے کہ فنائے دنیا کئے بغیر نوع انسان کی ہمہ گیر ترقی اور اجتماعی جدوجہد کا اور مجموعی مقابلے اور بازی لے جانے کا وہ دن نہیں آسکتا جس کے آجانے کی اطلاع حضرت علی علیہ السلام دے چکے ہیں (خطبہ 28، جملہ 3 تا 5) یہاں یہ بھی نوٹ کرلیں کہ فنائے کائنات سے مراد وہ تمام علاقے جہاں جہاں حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد بستی ہوگی اور جہاں جہاں جنات رہتے ہوں گے اور اسے ٹیکنیکل زبان میں یہ کہہ لیجئے کہ ہمارا یہ شمسی نظام سارا کا سارا فنا کی لپیٹ میں آنے والا ہے باقی نظام، کہکشائیں، سدیمیں وغیرہ کے فنا کرنے کی نہ ضرورت ہوگی اور نہ فنا کی جائیں گی۔ اللہ کے سوا اللہ کی ساری مخلوقات فانی ہیں، ملائکہ مخلوقات ہیں، روحیں مخلوقات ہیں اور سب فانی ہیں اور جب ضرورت ہوگی فنا کردی جائیں گی۔ جب تک وہ محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کے تخلیقی پروگرام میں مُمد ومعاون ہیں باقی رکھی جائیں گی۔یاد رکھیں کہ اللہ نے یہ چاہا تھا کہ وہ اپنی تمام قدرتوں اور صفات کے ساتھ ظاہر ہوجائے اس لئے اللہ نے محمدؐ کو پیدا کیا تھا اور فرمادیا تھا کہ: میں ایک مخفی خزانہ تھا (كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا) میں نے پسند کیا کہ ظاہر ہوجاؤں اس لئے میں نے تجھے پیدا کیا۔(فَخَلَقْتُکَ یَامحمدؐ) اور یہ بھی فرمایا تھا کہ لَوْلَاکَ مَاخَلَقْتُ الْاَفْلَاک اگر تجھے پیدا نہ کیا ہوتا تو میں یہ افلاک پیدا نہ کرتا۔معلوم ہوا کہ تخلیق کائنات کی غرض وغایت یہ ہے کہ محمدؐ اور اجزائے نورِ محمدؐ صلوٰۃ اللہ علیہم اپنے پروگرام کے مطابق اللہ کا تعارف مکمل کریں۔لہٰذا جہاں جس چیز کی ضرورت نہ ہوگی اسے فنا کرنے کی درخواست پر فنا کردیا جائے گا اور جہاں جس کی ضرورت ہوگی اُسے پیدا کردیا جائے گا۔مثلاً زمین کو نئی زمین سے بدل دیا جائے گا۔فرمایا گیا کہ:

Presented by Ziaraat.Com

یَوۡمَ تُبَدَّلُ الۡاَرۡضُ غَیۡرَ الۡاَرۡضِ وَ السَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوۡا لِلّٰہِ الۡوَاحِدِ الۡقَہَّارِ O(14/48)

''اُس روز اللہ زمین کو دوسری زمین سے اور آسمانوں کو دوسرے آسمانوں سے بدل دے گا اور سب کے سب آدمی قھار کے سامنے ہوں گے''

**قیامت کا آخری محاسبہ تبدیل شدہ زمین پر ہوگا مودودی زمانہ بتاتے ہیں۔**

''57؎ اس آیت سے اور قرآن کے دوسرے اشارات سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت میں زمین و آسمان نیست و نابود نہیں ہو جائیں گے بلکہ صرف موجودہ نظام طبیعی کو درہم برہم کر ڈالا جائے گا اس کے بعد نفخ صور اول اور نفخ صور آخر کے درمیان ایک خاص مدت میں جسے اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے زمین اور آسمانوں کی موجودہ ھیئت بدل دی جائے گی اور ایک دوسرا نظام طبیعت دوسرے قوانین فطرت کے ساتھ بنا دیا جائے گا۔ وہی عالم آخرت ہوگا۔ پھر نفخ صور آخر کے ساتھ تمام وہ انسان جو تخلیقِ آدمؑ سے لے کر قیامت تک پیدا ہوئے تھے از سر نو زندہ کئے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہوں گے۔ اِسی کا نام قرآن کی زبان میں حشر ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 493)

یہاں سوچئے کہ اس بعد جنت و جہنم ہی باقی ہیں۔ اس بدلی ہوئی زمین پر نہ سابقہ دفینے ہیں نہ وہ سامان جو حقوق العباد کے مجرموں کو سزا دینے کے لئے درکار ہوگا۔ لہٰذا سب امرت دھارا کی طرح جنت یا جہنم کی جزا اور سزا ملنے کا موقع ہے۔ لہٰذا ثابت ہے کہ قیامت سے پہلے رجعت لازم ہے تا کہ قرار واقعی جزا و سزا دی جا سکے۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 185

علی نقی طہرانی :خطبہ نمبر: 229

# خُطبہ ﴿230﴾

1۔ ایسے حضراتؑ جن پر اپنے والدینؑ کو قربان کرنے کی تمنا کی ہے۔

2۔ وہ حضراتؑ ایسے ہیں، جن کو اہل آسمان جانتے پہچانتے ہیں مگر زمین والے انکے مقام سے ناواقف ہیں۔

3۔ مسلمانوں کو ناکامیوں کی اطلاع دی ہے ان کی بدکرداری بیان فرمائی ہے۔

4۔ فتنہ کی آگ جل رہی تھی اس میں کودنے سے منع فرمایا ہے۔

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| اَلَابِاَبِیۡ وَاُمِّیۡ ھُمۡ مِّنۡ عِدَّۃٍ اَسۡمَاؤُھُمۡ فِی السَّمَآءِ مَعۡرُوۡفَۃٌ ؛ | 1 | خبردار کہ وہ گنتی کے صرف چند لوگ ہیں جن پر میرے ماں باپ فدا ہوں ان کے بلند و بزرگ مقام کی بنا پر ان کے نام آسمانوں میں جانے پہچانے ہیں۔ |
| وَفِی الۡاَرۡضِ مَجۡھُوۡلَۃٌ ؛ | 2 | اور زمینی باشندوں میں جہالت سے غیر معروف ہیں۔ |
| اَلَا فَتَوَقَّعُوۡا مَایَکُوۡنُ مِنۡ اِدۡبَارِ اُمُوۡرِکُمۡ وَانۡقِطَاعِ وُصۡلِکُمۡ وَاسۡتِعۡمَالِ صِغَارِکُمۡ ؛ | 3 | خبردار کہ ان کو غیر معروف رکھنے کی وجہ سے تمہیں منتظر رہنا چاہئے اور امیدوار رہنا چاہئے کہ تمہیں مسلسل ناکامیاں پیش آنا ہیں اور تمہارے تمام تعلقات اور رابطے منقطع ہو جانا ہیں اور تم پر تمہارے گھٹیا لوگوں کا تسلط ہو جانا ہے۔ |
| ذَاکَ حَیۡثُ تَکُوۡنُ ضَرۡبَۃُ السَّیۡفِ عَلَی الۡمُؤۡمِنِ اَھۡوَنَ مِنَ الدِّرۡھَمِ مِنۡ حِلِّہٖ ؛ | 4 | یہ صورت حال جب پیدا ہوگی جب ایک مومن کے لئے ایک درھم حاصل کرنے سے تلوار کا زخم کھانا آسان ہو جائے گا۔ |
| ذَاکَ حَیۡثُ یَکُوۡنُ الۡمُعۡطَی اَعۡظَمَ اَجۡرًا مِنَ الۡمُعۡطِی ؛ | 5 | اور اس صورتِ حال کے پیدا ہو جانے کے بعد ایک عطا کرنے والے سے زیادہ اجر اُسے ملے گا جو عطیہ قبول کرے گا۔ |
| ذَاکَ حَیۡثُ تَسۡکُرُوۡنَ مِنۡ غَیۡرِ شَرَابٍ ، بَلۡ مِنَ النِّعۡمَۃِ وَنَعِیۡمٍ ؛ | 6 | اور اس صورت حال میں تم بلا پئے نشے میں دھت ہو جاؤ گے اور وہ نشہ اور مدہوشی نعمتوں اور مال و دولت کی فراوانی کا ہوگا۔ |
| وَتَحۡلِفُوۡنَ مِنۡ غَیۡرِ اِضۡطِرَارٍ ؛ | 7 | اور تم بلا کسی مجبوری کے حلف اٹھایا کرو گے۔ |
| وَتَکۡذِبُوۡنَ مِنۡ غَیۡرِ اِحۡرَاجٍ ؛ | 8 | اور بغیر کسی حرج اور نقصان کے خطرے کے جھوٹ بولا کرو گے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| ذٰلِکَ اِذَاعَضَّکُمُ الْبَلَاءُ کَمَایَعَضُّ الْقَتَبُ غَارِبَ الْبَعِیْرِ مَااَطْوَلَ هٰذَا الْعِنَاءَ وَاَبْعَدَ الرَّجَاءَ؟ | 9 | وہ اس وقت ہوگا جب تکلیفیں اور مصیبتیں تمہیں اسی طرح کاٹیں گی جس طرح اونٹ کی کوہان کو کاٹھی اور پالان کاٹتا ہے۔کتنا طویل زمانہ ہوگا مصیبتیں جھیلنے کا اوراس سے چھٹکارہ پانے کی امیدیں کتنی دور ہوں گی؟ |
| اَیُّهَا النَّاسُ اُقْعُدُوْا هٰذِهِ الْاَزِمَّةَ الَّتِیْ تَحْمِلُ ظُهُوْرُهَا الْاَثْقَالَ مِنْ اَیْدِیْکُمْ وَلَاتَصَدَّعُوْا عَلٰی سُلْطَانِکُمْ فَتَذُمُّوْا غِبَّ فِعَالِکُمْ وَلَا تَقْتَحِمُوْا مَااسْتَقْبَلْتُمْ مِنْ فَوْرَنَارِ الْفِتْنَةِ ؛ | 10 | اے لوگو ان سواریوں کی باگیں اور چارجامہ اتار پھینکو کہ جن کی کمروں نے تمہارے ہاتھوں سے گناہوں کے کتنے بوجھ اُٹھائے ہیں اورتم لوگ اپنے حاکم کو چھوڑ کر دستکش نہ ہو جاؤ۔ورنہ تم اپنی بدکاری کے انجام میں خود کو بُرا بھلا کہہ کر مذمت کروگے اور فتنہ کی جو آگ تمہارے سامنے جل رہی ہے اس میں بلاسوچے سمجھے فوراً چھلانگ نہ لگادیا کرو۔ |
| وَامِیْطُوْاعَنْ سَنَنِهَا وَخَلُّوْاقَصْدَ السَّبِیْلِ لَهَا ؛ | 11 | اورفتنہ کی راہ سے مُڑ کر چلا کرو اور راستہ کا درمیانی حصہ اس کے لئے خالی چھوڑ دیا کرو۔ |
| فَقَدْ لَعَمْرِیْ یَهْلِکُ فِیْ لَهَبِهَا الْمُؤْمِنُ وَیَسْلَمُ فِیْهَا غَیْرُ الْمُسْلِمِ ؛ | 12 | اپنی جان کی قسم کہ فتنہ کی یہ ایسی آگ ہے جس میں مومن اس کے شعلوں سے جھلس کر ہلاک ہوجائے گا اور غیر مسلم اس میں صحیح وسلامت رہے گا۔ |
| اِنَّمَا مَثَلِیْ بَیْنَکُمْ مَثَلُ السِّرَاجِ فِی الظُّلْمَةِ لِیَسْتَضِیْءَ بِهٖ مَنْ وَلَجَهَا ؛ | 13 | اصلی بات یہ ہے کہ تمہارے اندر میری مثال تاریکی میں ایک ایسے چراغ کی سی ہے جو خود کو سپرد کردینے والے کو روشنی دیتا ہے۔ |
| فَاسْمَعُوْا اَیُّهَا النَّاسُ وَعُوْا ؛ وَاَحْضِرُوْا اَذْهَانَ قُلُوْبِکُمْ تَفْهَمُوْا ؛ | 14 | اے لوگو سنو اور حافظے میں محفوظ کرلو اور اپنے دلوں کے کان کھول کر میرے سامنے حاضر رہو اور بات کو ٹھیک سے سمجھو‘‘ |

## تشریحات:

اس خطبے کے اولین تین جملوں (3 تا 1) کو ٹھیک سے سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہماری کتاب ’’کلمہ اور نماز‘‘ کا مطالعہ کیا جائے۔

آپ کی فوری ضرورت کے لئے اس قدر عرض کیا جاتا ہے کہ جس طرح والدین اپنے پیارے اور ہونہار بچوں پر اور اپنے پالنے والے بزرگوں پر قربان ہوجانے کو تیار رہتے ہیں اُسی طرح حضرت علی علیہ اسلام جن پر اپنے والدین کو قربان کرنے کی تمنا کررہے ہیں اور جن سے جاہل رہنے پر مسلمانوں کو ناکامی ونامرادی کی اطلاع دے رہے ہیں وہ حضرات بھی حضرت علی علیہ السلام کے اپنے ہی بچے اور بزرگ ہیں (صلوٰۃ اللہ علیہم)۔

**2۔ وہ حضراتؑ جو آسمانوں میں لاکھوں سال سے معروف ومعزز ومحترم لوگ ہیں۔**

آپ جانتے ہیں کہ جس وقت حضرت آدم علیہ السلام کی اطاعت اور سجدہ کے لئے اللہ نے تمام ملائکہ اور عزازیل وغیرہ آسمانی مخلوق کو حاضر کررکھا تھا تو وہاں وہ حضرات علیہم السلام بھی موجود تھے جن سے حضرت آدمؑ نے بحکم خداوندی ملائکہ کو متعارف کرایا تھا (33/2) اور جب

Presented by Ziaraat.Com

اللہ نے عزازیل سے، جو سجدہ نہ کرنے کی بنا پر ابلیس ہو گیا تھا، سجدہ نہ کرنے کا سبب دریافت کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ:

قَالَ یٰۤاِبۡلِیۡسُ مَا مَنَعَکَ اَنۡ تَسۡجُدَ لِمَا خَلَقۡتُ بِیَدَیَّ اَسۡتَکۡبَرۡتَ اَمۡ کُنۡتَ مِنَ الۡعَالِیۡنَO (38/75)

مودودی ترجمہ: ''فرمایا اَے ابلیس تجھے کیا چیز اُس کو سجدہ کرنے سے مانع ہوئی، جسے میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا ہے۔ تُو بڑا بن رہا ہے یا تُو ہے ہی کچھ اُونچے درجے کی ہستیوں میں سے؟۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 348)

یہ تھیں وہ اونچے درجے والی ہستیاں جن سے حضرت آدم علیہ السلام نے ملائکہ سے تعارف کرایا تھا (33/2) اور جن پر آدمؑ کو سجدہ کرنا واجب نہ تھا۔ قرآن میں اُن حضرات علیہم السلام کے نام آپ کو نہ ملیں گے اس لئے کہ حروف مقطعات کا نہ علما نے ترجمہ کیا اور نہ اُن کو ظاہر کرنا چاہا۔ اس لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ ہم یہاں ایک حدیث لکھیں۔ سُنیے:

قال اللّٰہ مَنۡ خَلَفۡتَ فِیۡ اُمَّتِکَ؟ قُلۡتُ خَیۡرُ ھَا۔ قال: علی بن ابیطالبؑ؟ قُلۡتُ نَعَمۡ یَا رَبِّ۔ قال یا محمدؐ اِنّی اَطلعتُ اِلَی الارض اطلاعۃ فَاَخۡتَرۡتُکَ مِنۡھَا فشققت لک اِسمًا مِنۡ اسمائ فلا اذکر فی موضع الا ذکرت معی فَانَا المحمود وانت محمد۔ ثُمَّ اطلعتُ الثانیۃ فَاَخۡتَرۡتُ مِنۡھا عَلِیًّا وشققت لَہٗ اسۡمًا من اسمائی فَاَنَا الۡاَعۡلٰی وھو عَلِیٌّ یا محمدؐ انّی خلقتک وَخَلَقۡتُ عَلِیًّا وَ فاطمۃؑ والحسنؑ والحسینؑ والآئمۃ مِنۡ وُلدہ مِنۡ نوری وَعَرَضۡتُ ولایتکم عَلٰی اھل السماوات والارض فَمَنۡ قبلھا کان عندی من المؤمنین وَمَنۡ جحدھا کان عندی مِنَ الکافرین۔ یامحمدؐ لَوۡ اَنَّ عَبۡدًا مِنۡ عبیدی عبدنی حتّٰی ینقطع اَوۡ یصیر کا لشن البالی ثُمَّ جَاءَنِی جَاحدًا لولایتکم مَاغفرت لہ حتّٰی یقرّبولایتکم۔ یا محمدؐ تَحِبُّ اَنۡ تراھم؟ قَالَ قُلۡتُ نَعَمۡ یَا رَبِّ۔ فقال التفت عَن یمین العرش فَالۡتَفتُّ فَاِذابِعَلِیّ وفاطمۃؑ والحسنؑ والحسینؑ وعلیؑ بن الحسینؑ ومحمدؑ بن علیؑ و جعفرؑ بن محمدؑ و موسیٰؑ بن جعفرؑ وعلیؑ بن موسیٰؑ ومحمدؑ بن علیؑ و علیؑ بن محمدؑ والحسنؑ بن علیؑ والمھدی علیہ السلام فی مصباح مِن نُور قیام یصلون وھو فی وسطھم کانہ کوکب دری و قال یا محمدؐ ھٰؤُلآء الحجج وھو الثمار من عترتک وعزّتی و جلالی انہ الحُجّۃ الواجبۃ لاولیائی والمنتقم من اعدای۔ (جواہر الاعتقادیہ صفحہ 258-257)

''آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معراج میں سب سے پہلے جس مسئلہ پر اللہ نے بات کی تھی اور آنحضرتؐ کے بعد قیامت تک جو انتظام فرمایا تھا وہ ولایت محمدیہ کا تقرر و تعین تھا۔ چنانچہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ اُس مقام قرب پر پہنچے جو کبھی انسانی عقل میں نہ سما سکے گا۔ وہاں اللہ نے دریافت فرمایا کہ اَے محمدؐ تم نے اپنے پیچھے اپنی اُمت پر کس کو اپنا خلیفہ بنا کر چھوڑا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ جو اُمت میں سب سے زیادہ خیر پر ہے۔ اللہ نے کہا کہ علیؑ ابن ابی طالب کو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں میرے پروردگار۔ فرمایا کہ میں نے زمین پر مخصوص اطلاع کی بنا پر تمام اہل دنیا میں سے تجھے اختیار کیا اور اپنے خاص ناموں میں سے میں نے تیرے لئے ایسا نام الگ کیا جس سے میرا ذکر جہاں بھی ہوا کرے وہیں اُس میں تیرا ذکر بھی شامل رہا کرے چنانچہ میرا نام محمود ہے اور تم محمدؐ ہو۔ پھر دوسری دفعہ اہل زمین پر مخصوص اطلاع کے ماتحت میں نے تمام مخلوق میں سے علیؑ کو اختیار کیا اور اُس کے لئے بھی اپنے ناموں میں سے ایک نام اُسی مقصد کے لئے تجویز کیا تا کہ جہاں بھی ذکر ہو ہم دونوں کا ساتھ ساتھ ذکر ہوا کرے چنانچہ میں اعلیٰ ہوں تو وہ علیؑ ہے۔ اَے محمدؐ یقیناً میں نے تمھیں اور

Presented by Ziaraat.Com

علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ کی اولاد کے اماموں کو اپنے نور میں سے پیدا کیا اور پھر میں نے تم سب کی ولایت (حکومت) کو ساری مخلوقات کے روبرو پیش کیا۔ پھر جس جس نے تمھاری حکومت کو قبول کیا وہ میرے حضور میں مومنین میں داخل ہوا اور جس جس نے بے اعتنائی کی وہ میرے سامنے کافروں میں شمار ہوا۔ اَے محمدؐ اگر میرے بندوں میں سے کوئی بندہ ساری عمر میری عبادت کرتا ہوا مر جائے یا عبادت کرتا ہوا چمڑے کی مشک کی طرح سوکھ جائے اور میرے پاس ایسی حالت میں آئے کہ وہ تم سب کی ولایت کا منکر تھا تو میں اُسے ہرگز نہ بخشوں گا۔ سوائے اس صورت کے کہ وہ تمہاری ولایت کا اقرار کرتا ہوا آئے۔ اَے محمدؐ کیا تمہیں اپنے اُن تمام آئمہؑ اور متعلقین کو یہاں دیکھنا محبوب ہے؟ میں نے عرض کیا کہ ضرور محبوب ہے میں یہی چاہتا ہوں۔ فرمایا کہ اَے محمدؐ عرش کے دھنی طرف توجہ سے دیکھو۔ میں نے جیسے ہی توجہ کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ علیؑ ابن ابیطالبؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ و علیؑ بن الحسینؑ و محمدؐ بن علیؑ اور جعفرؑ بن محمدؐ و موسیٰؑ بن جعفرؑ و علیؑ بن موسیٰؑ و محمدؐ بن علیؑ و علیؑ بن محمدؐ و حسنؑ بن علیؑ و المھدی علیہم السلام ایک نورانی چراغ کی صورت میں نماز کے لئے کھڑے ہیں۔ اور مہدی علیہ السلام اُن کے درمیان اس طرح ہیں جیسے ایک نور کی بارش کرنے والا ستارہ ہوتا ہے۔ پھر اللہ نے فرمایا کہ اَے محمدؐ یہ ہستیاں تیری عترت کی بزرگ ترین ہستیاںؑ ہیں اور میری تمام مخلوق پر میری حجت ہیں۔ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ہے کہ مہدیؑ میرے تمام اولیاؑ کے لئے عظیم الشان سلطان اور بزرگ ترین حجت ہے اور میرے تمام دشمنوں سے انتقام لینے والا ہے۔''

(علامہ شیخ مفید علیہ الرحمۃ کی کتاب جواہر الاعتقادیہ، صفحہ 258 اور 257)

قارئین کرام نوٹ فرمائیں کہ اس حدیث شریف کی آخری سطریں اور آخری الفاظ آپ کی خصوصی توجہ چاہتے ہیں۔ وہ اس لئے کہ آپ اُن ہی حضور علیہ السلام کے عہد و زمانہ سے تعلق رکھتے ہیں اور آپ کی ذمہ داریاں بھی تمام زمانوں کے لوگوں سے زیادہ اور سنگین ہیں۔ اگر حضور علیہ السلام باقی آئمہ علیہ السلام کی طرح اپنے ظاہری جسم کے ساتھ کسی ایک مرکزی مقام پر رہنے کے پابند ہوتے تو ہمیں اُن کی زیارت اور ملاقات کے لئے اُس مرکزی مقام تک جانا پڑتا۔ لیکن آپ کو اللہ تعالیٰ نے تمام ہی مادی قیود و حجابات سے آزاد و مختار رکھا ہے۔ اس لئے ہمیں، جہاں بھی ہم ہوں ہر وقت اور ہر لمحہ سرکار علیہ السلام کو اپنے آس پاس یقین کرنا چاہیے۔ اور ہمارے قلب و ذہن پر یہ احساس طاری رہنا چاہیے کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں یا جو کچھ منہ سے کہہ رہے ہیں یا جو کچھ دل میں سوچ رہے ہیں وہ سب کچھ اُن حضرتؑ کے سامنے ہے۔ اور نہ معلوم کب اور کس شکل میں وہؑ ہمارے سامنے آ کھڑے ہوں۔ لہٰذا ہم پر واجب ہے کہ ہم مُنہ سے کوئی ایسا لفظ نہ نکالیں اور ہاتھ سے کوئی ایسا کام نہ کریں اور دل میں ایسے خیالات کو جگہ نہ دیں جو اُن کے شایان شان نہ ہو۔ اگر ہم یہ طرز فکر و عمل اختیار کر لیں تو یقین کیجئے کہ جو کچھ میں لکھ رہا ہوں وہ سب کچھ بار بار آپ کے تجربے میں آئے گا۔ آپ کی اس سلسلے کی تمام مشکلات اور دقتیں سامنے سے ہٹتی چلی جائیں گی۔ آپ اپنی زندگی میں ایک انقلاب دیکھیں گے جو اندر اور باہر دونوں طرف سے آئے گا۔ انشاءاللہ وامام علیہ السلام۔

یہ تھے وہ حضرات علیہ السلام جن سے تمام اہل آسمان خوب اچھی طرح شناسا ہیں اور اُن ہی پر حضرت علی علیہ السلام اپنے ماں باپ کو قربان کرنے کی تمنا کرتے ہیں اور اُن ہی کو اختیار نہ کرنے سے مسلمان نام کے تمام لوگ ناکام و نامراد رہتے چلے آئے ہیں اور اب تو انہیں ساری اقوام عالم سے ذلیل ترین لوگ خود مسلمان مانتے ہیں اور وہ تمام اقوام اور مذاہب اور ممالک کے سامنے ہر عمدہ چیز کے بھکاری بن چکے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

## 3۔ باقی خطبہ ظہور حضرت حجۃ علیہ السلام تک پیش آنے والے فتنوں پر ہے۔

خطبہ کا باقی حصہ اُن حالات اور فتنوں کی طرف اشارہ کرتا ہے جو ظہور حضرت قائم قیامت محمدؑ بن حسن عسکری علیہ السلام کے ظہور تک پیش آنے والے ہیں اور اُن سے محفوظ رہنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ اور اُن لوگوں کو تنبیہہ کی گئی ہے جو حضورؑ کی اطاعت میں فروگزاشت سے کام لیتے تھے۔ اُن ہی کو آنے والے فتنوں سے ڈرایا گیا ہے۔ اور یہ اطاعت میں فروگزاشت کرنے والے وہی لوگ تھے جو قریش تھے یا قریشی مسلک رکھتے تھے یا قریش کے جاسوس اور تنخواہ دار تھے۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 186

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 230

# خُطبہ ﴿231﴾

1۔ اللہ کے احسانات اور رحیمانہ سلوک یاد دلا کر مسلمانوں سے نیک اعمال کی اپیل کی ہے۔

2۔ موت اور حال گزشتگان سنا کر محتاط رہنے کی نصیحت کی ہے۔

3۔ دنیا کی بے وفائی سے خبردار کیا ہے۔

4۔ وقت کی تیز رفتاری سے چوکنا کیا ہے۔

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| اُوصِیۡکُمۡ .اَیُّھَاالنَّاسُ بِتَقۡوَی اللّٰہِ وَکَثۡرَۃِ حَمۡدِہٖ عَلَی الۡاٰئِہِ اِلَیۡکُمۡ وَنَعۡمَائِہٖ عَلَیۡکُمۡ وَبَلَائِہٖ لَدَیۡکُمۡ ؛ | 1 | اے لوگو میں تمہیں اللہ کے تقوے کی وصیت کرتا ہوں اور اس کی ان نعمتوں پر جو اس نے تم پر ارزاں کیں اور ان انعامات پر جو تمہیں عطا کئے اور ان توجہات والتفات پر جو تمہارے سامنے ہیں بہت زیادہ حمد وثنا کرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ |
| فَکَمۡ خَصَّکُمۡ بِنِعۡمَۃٍ ؛ | 2 | اس نے تمہیں کتنا زیادہ اپنی نعمتوں کے لئے مخصوص رکھا اور |
| وَتَدَارَکَکُمۡ بِرَحۡمَۃٍ ؛ | 3 | اپنی رحمت سے تمہارا تدارک کرتا رہا اور |
| اَعۡوَرۡتُمۡ لَہٗ فَسَتَرَکُمۡ ؛ | 4 | تم نے کھل کر اس کی نافرمانیاں کیں اور اسے قدرت اور طاقت سے تہی دست اور ننگا ثابت کیا لیکن اس نے تمہارا پردہ رکھا۔ |
| وَتَعَرَّضۡتُمۡ لِاَخۡذِہٖ فَاَمۡھَلَکُمۡ ؛ | 5 | تم نے سزا دینے کے قابل جرائم کئے مگر اس نے تمہیں مہلت پر مہلت دی۔ |
| وَاُوۡصِیۡکُمۡ بِذِکۡرِ الۡمَوۡتِ وَاِقۡلَالِ الۡغَفۡلَۃِ عَنۡہُ ؛ | 6 | اور میں تمہیں موت کو یاد رکھنے اور موت کے متعلق اپنی لاپرواہی کو کم کرنے کی بھی وصیت کرتا ہوں۔ |
| وَکَیۡفَ غَفۡلَتُکُمۡ عَمَّالَیۡسَ یُغۡفِلُکُمۡ ؛ | 7 | اور ذرا سوچو کہ تم ایسی چیز سے کیسے غفلت کر کے مطمئن رہ سکتے ہو جو تمہاری تاک میں ہے اور کبھی تم سے غافل نہ رہتی ہو۔ |
| وَطَمَعُکُمۡ فِیۡمَنۡ لَیۡسَ یُمۡھِلُکُمۡ ؟ | 8 | اور تم ایسی چیز سے رعایت کی طمع رکھتے ہو جو تمہیں مہلت نہ دے گی۔ |
| فَکَفٰی وَاعِظًا بِمَوۡتٰی عَایَنۡتُمُوۡھُم | 9 | تمہاری نصیحت کے لئے تو وہی واعظ کافی ہیں جو تمہارے سامنے مرے اور تم نے ان |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| حُمِلُوْا اِلٰی قُبُوْرِهِمْ غَيْرَ رَاكِبِيْنَ وَاُنْزِلُوْا فِيْهَا غَيْرَ نَازِلِيْنَ ؛ | | کی مدد کی کہ انہیں اُٹھا کر ان کی قبروں تک لے گئے حالانکہ ان میں سوار ہونے کی طاقت بھی نہ تھی اور تم نے انہیں قبروں میں اُتارا جب کہ وہ خود اترنے کے قابل بھی نہ تھے۔ |
| فَكَاَنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوْا لِلدُّنْيَا عُمَّارًا وَكَاَنَّ الْاٰخِرَةَ لَمْ تَزَلْ لَهُمْ دَارًا ؛ | 10 | یہ تو ایسا ہی ہوا گویا انہوں نے کبھی اس دنیا میں عمریں نہ گزاری تھیں اور گویا آخرت ان کا ہمیشہ سے ٹھکانا مقرر تھا۔ |
| اَوْحَشُوْا مَاكَانُوْا يُوْطِنُوْنَ وَاَوْطَنُوْا مَاكَانُوْا يُوْحِشُوْنَ ؛ | 11 | جسے انہوں نے وطن بنایا تھا اسے وہ لوگ سنسان اور وحشتناک بنا گئے اور جس سے وحشت کرتے اور گھبراتے تھے اسے اب اپنا وطن بنالیا ہے۔ |
| وَاشْتَغَلُوْا بِمَا فَارَقُوْا وَاَضَاعُوْا مَا اِلَيْهِ انْتَقَلُوْا ؛ | 12 | جسے چھوڑ کر جانا تھا ہر وقت اس کی دیکھ بھال اور انتظام میں مشغول رہے اور اُسے ضائع کرتے چلے گئے جہاں منتقل ہونا پڑا ہے۔ |
| لَا عَنْ قَبِيْحٍ يَسْتَطِيْعُوْنَ اِنْتِقَالاً ؛ وَلَا فِیْ حَسَنٍ يَسْتَطِيْعُوْنَ ازْدِيَادًا ؛ | 13 | اور اب نہ تو ان کو اس کی قدرت ہے کہ وہ اپنی برائیوں سے نکل جائیں اور نہ یہ قدرت ہے کہ اپنے لئے اب اچھائیوں میں اضافہ کر سکیں۔ |
| اَنِسُوْا بِالدُّنْيَا فَغَرَّتْهُمْ ؛ | 14 | ان لوگوں نے دنیا سے محبت کی اور دنیا نے انہیں دھوکہ دیا اور انہوں نے دنیا پر اعتبار کیا اور دنیا نے انہیں پٹخ دیا۔ |
| وَوَثِقُوْا بِهَا فَصَرَعَتْهُمْ فَسَابِقُوْا؛ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ. اِلٰی مَنَازِلِكُمُ الَّتِیْ اُمِرْتُمْ اَنْ تَعْمُرُوْهَا وَالَّتِیْ رُغِّبْتُمْ فِيْهَا ؛ | 15 | اللہ تم پر رحم کرے تم ان منزلوں کی طرف جلدی سے سبقت کرو جن کے آباد کرنے کا تمہیں حکم دیا جا چکا ہے اور جن کی تمہیں رغبت اور شوق دلایا گیا ہے۔ |
| وَدُعِيْتُمْ اِلَيْهَا ؛ | 16 | اور جن کی طرف تمہیں دعوت دی گئی ہے۔ |
| وَاسْتَتِمُّوْا نِعَمَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ بِالصَّبْرِ عَلٰی طَاعَتِهِ وَالْمُجَانَبَةِ لِمَعْصِيَتِهِ ؛ | 17 | اللہ کی جم کر اطاعت کر کے اور نافرمانیوں سے باز رہ کر اس کی ان نعمتوں کو پوری کرالو جو تمہیں ملی ہیں۔ |
| فَاِنَّ غَدًا مِنَ الْيَوْمِ قَرِيْبٌ مَااَسْرَعَ السَّاعَاتِ فِی الْيَوْمِ وَاَسْرَعَ الْاَيَّامَ فِی الشَّهْرِ وَاَسْرَعَ الشُّهُوْرَ فِی السَّنَةِ وَاَسْرَعَ السِّنِيْنَ فِی الْعُمُرِ ؛ | 18 | چنانچہ آنے والا کل آج کے دن کے بالکل قریب ہے کیا ہی تیزی سے گزرتے ہیں دن کے یہ گھنٹے اور کتنی جلدی سے نکل جاتے ہیں مہینے کے یہ دن، اور کتنے تیز رفتار ہیں سال کے یہ مہینے اور اس عمر کے سالوں کے جلدی سے گزر جانے کی حقیقت تو سب کو معلوم ہی ہو جاتی ہے‘‘ |

Presented by Ziaraat.Com

## تشریحات:

ہم سمجھتے ہیں کہ مسلسل خطبات پڑھنے والے قارئین حضرت علی علیہ السلام کی پے در پے نصیحتیں پڑھتے پڑھتے تھک جاتے ہوں گے۔ دل اُکتانے لگتا ہوگا۔ مگر حضرت علی علیہ السلام نہ تھکتے ہیں نہ اُکتاتے ہیں اور نہ مایوس ہوتے ہیں۔ برابر ایک سے بڑھ کر دوسری نصیحت کرتے چلے جاتے ہیں، نئے نئے انداز اختیار فرماتے ہیں۔ اثر انگیزی کا ہر پہلو سامنے رکھتے ہیں اور ہر اجتماع کو اس طرح مخاطب فرماتے ہیں کہ گویا وہ لوگ پہلی مرتبہ سامنے آئے ہیں اور گویا اُنہیں پہلے کوئی نصیحت نہیں کی گئی۔ یہ وہ فکر و تردد ہے جو محمدؐ و علیؑ اور تمام آئمہ علیہم السلام کے قلوب میں بیٹھا ہوا ہے جو اُن حضراتؑ کو اُمت کے جہنم میں جانے کے تصور سے ہوتا ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ نوع انسان کو عذاب و تکلیف سے بچا لیا جائے اور یہی وہ حالت ہے جس پر اللہ نے فرمایا تھا کہ:

اَفَمَنۡ زُیِّنَ لَهٗ سُوۡٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا فَاِنَّ اللّٰهَ یُضِلُّ مَنۡ یَّشَآءُ وَیَهۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ ۫ فَلَا تَذۡهَبۡ نَفۡسُكَ عَلَیۡهِمۡ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیۡمٌۢ بِمَا یَصۡنَعُوۡنَ O( 35/8)

**2۔ کیا تم ان لوگوں کو بخشوانے کی فکر میں اپنی صحت کو ضائع کر دو گے؟۔**

**مودودی ترجمہ:** ''بھلا کچھ ٹھکانا ہے اُس شخص کی گمراہی کا جس کے لئے اُس کا بُرا عمل خوشنما بنا دیا گیا ہے اور وہ اُسے اچھا بھی سمجھ رہا ہو؟ حقیقت یہ ہے کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہی میں ڈال دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے راہ راست دکھا دیتا ہے۔ پس اَے نبیؐ خواہ مخواہ تمھاری جان اِن لوگوں کی خاطر غم و افسوس میں نہ گھلے۔ جو کچھ یہ کر رہے ہیں اللہ اُس کو خوب جانتا ہے''۔ (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 222)

**مودودی کی تشریح قریشی لیڈروں کا حال:**

''15 اُوپر کے دو پیراگراف عوام الناس کو خطاب کر کے ارشاد ہوئے تھے۔ اب اس پیراگراف میں اُن علمبردارانِ ضلالت کا ذکر ہو رہا ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو نیچا دکھانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے تھے۔'' (مسلسل دوسری تشریح) (ایضاً جلد 4 صفحہ 221)

**دوسری تشریح جس میں آپ کو قریشی لیڈروں کا لیڈر اپنے تصورات کے ساتھ نظر آئے گا:۔**

''16 یعنی ایک بگڑا ہوا آدمی تو وہ ہوتا ہے جو بُرا کام تو کرتا ہے مگر یہ جانتا اور مانتا ہے کہ جو کچھ وہ کر رہا ہے بُرا کر رہا ہے۔ ایسا شخص سمجھانے سے بھی درست ہو سکتا ہے اور کبھی خود اُس کا اپنا ضمیر بھی ملامت کر کے اُسے راہ راست پر لا سکتا ہے۔ کیونکہ اُس کی صرف عادتیں ہی بگڑی ہیں ذہن نہیں بگڑا ہے لیکن ایک دوسرا شخص ایسا ہوتا ہے جس کا ذہن بگڑ چکا ہوتا ہے جس میں بُرے اور بھلے کی تمیز باقی نہیں رہتی۔ جس کے لئے گناہ کی زندگی ایک مرغوب اور تابناک زندگی ہوتی ہے جو نیکی سے گھن کھاتا ہے اور بدی کو عین تہذیب و ثقافت سمجھتا ہے جو صلاح و تقویٰ کو دقیانوسیت اور فسق و فجور کو ترقی پسندی خیال کرتا ہے۔ جس کی نگاہ میں ہدایت گمراہی اور گمراہی سراسر ہدایت بن جاتی ہے۔ ایسے شخص پر کوئی نصیحت کارگر نہیں ہوتی۔ وہ نہ خود اپنی حماقتوں پر متنبہ ہوتا ہے اور نہ کسی سمجھانے والے کی بات سُن کر دیتا ہے۔ ایسے آدمی کے پیچھے پڑنا لاحاصل ہے۔ اُسے ہدایت دینے کی فکر میں اپنی جان گھلانے کے بجائے داعی حق کو اُن لوگوں کی طرف توجہ کرنی چاہیے جن کے ضمیر میں ابھی زندگی باقی ہو اور جنھوں نے اپنے دل کے دروازے حق کی آواز کے لئے بند نہ کر لئے ہوں۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 221۔222)

Presented by Ziaraat.Com

یہ ہے وہ صورت حال جو عمر بن الخطاب پر حاوی تھی۔ ابھی مودودی کی تشریحات باقی ہیں جنہیں پڑھنا ضروری ہے۔ سُنیے:۔

**تیسری تشریح ''اللہ کا طریق کار'':** ''17۔ پہلے فقرے اور اس فقرے کے درمیان یہ ارشاد کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہی میں ڈال دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے راہ راست دکھا دیتا ہے'' صاف طور پر یہ معنی دے رہا ہے کہ جو لوگ اس حد تک اپنے ذہن کو بگاڑ لیتے ہیں اللہ تعالیٰ اُن کو ہدایت کی توفیق سے محروم کر دیتا ہے اور اُن ہی راہوں پر بھٹکنے کے لئے انہیں چھوڑ دیتا ہے جن میں بھٹکتے رہنے پر وہ خود مصر ہوتے ہیں۔ یہ حقیقت سمجھا کر اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تلقین فرماتا ہے کہ ایسے لوگوں کو راہ راست پر لے آنا تمہارے بس میں نہیں ہے لہٰذا اُن کے معاملے میں صبر کر لو اور جس طرح اللہ کو اُن کی پروا نہیں رہی ہے تم بھی اُن کے حال پر غم کھانا چھوڑ دو۔''

**اسی تشریح میں قریشی لیڈروں اور سرداروں کا کمینہ پن بیان کرتے ہیں۔**

''اس مقام پر دو باتیں اچھی طرح سمجھ لینی چاہئیں، ایک یہ کہ یہاں جن لوگوں کا ذکر ہو رہا ہے وہ عامۃ الناس نہیں تھے بلکہ مکہ معظّمہ کے وہ سردار تھے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو ناکام کرنے کے لئے ہر جھوٹ، ہر فریب اور ہر مکر سے کام لے رہے تھے۔ یہ لوگ درحقیقت حضورؐ کے متعلق کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ تھے۔ خوب جانتے تھے کہ آپؐ کس چیز کی طرف بلا رہے ہیں اور آپؐ کے مقابلے میں وہ خود کن جہالتوں اور اخلاقی خرابیوں کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں ہیں۔ یہ سب کچھ جاننے اور سمجھ لینے کے بعد ٹھنڈے دل سے اُن کا فیصلہ یہ تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو نہیں چلنے دینا ہے۔ اور اس غرض کے لئے اُنہیں کوئی اوچھے سے اوچھا ہتھیار اور کوئی ذلیل سے ذلیل ہتھکنڈا استعمال کرنے میں باک نہ تھا۔ اب یہ ظاہر بات ہے کہ جو لوگ جان بوجھ کر اور آپس میں مشورے کر کر کے آئے دن ایک نیا جھوٹ تصنیف کریں اور اُسے کسی شخص کے خلاف پھیلائیں وہ دُنیا بھر کو دھوکا دے سکتے ہیں مگر خود اپنے آپ کو تو وہ جھوٹا جانتے ہیں اور خود اُن سے تو یہ بات چھپی ہوئی نہیں ہوتی کہ جس شخص پر اُنہوں نے ایک الزام لگایا ہے وہ اُس سے بَری ہے۔ پھر اگر وہ شخص جس کے خلاف یہ جھوٹے ہتھیار استعمال کئے جا رہے ہیں اُن کے جواب میں کبھی صداقت اور راست بازی سے ہٹ کر کوئی بات نہ کرے تو اُن ظالموں سے یہ بات بھی کبھی چھپی نہیں رہ سکتی کہ اُن کا مدمقابل ایک سچا اور کھرا انسان ہے۔ اس پر بھی جن لوگوں کو اپنے کرتوتوں پر ذرا شرم نہ آئے اور وہ سچائی کا مقابلہ مسلسل جھوٹ سے کرتے ہی چلے جائیں اُن کی یہ روش خود ہی اس بات پر شہادت دیتی ہے کہ اللہ کی پھٹکار اُن پر پڑ چکی ہے اور اُن میں بُرے بھلے کی کوئی تمیز باقی نہیں رہی ہے۔ دوسری بات جسے اس موقع پر سمجھ لینا ضروری ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پیش نظر محض اپنے رسولؐ پاک کو اُن کے معاملے کی اصل حقیقت سمجھانا ہوتا تو وہ خفیہ طور پر صرف آپؐ ہی کو سمجھا سکتا تھا۔ اس غرض کے لئے وحی جلی میں علی الاعلان اس کے ذکر کی حاجت نہ تھی۔ قرآن مجید میں اُسے بیان کرنے اور دنیا بھر کو سنانے کا مقصود دراصل عوام الناس کو متنبہ کرنا تھا کہ ''جن لیڈروں اور پیشواؤں کے پیچھے تم آنکھیں بند کئے چلے جا رہے ہو وہ کیسے بگڑے ہوئے ذہن کے لوگ ہیں اور اُن کی بیہودہ حرکات کس طرح مُنہ سے پکار پکار کر بتا رہی ہیں کہ اُن پر اللہ کی پھٹکار پڑی ہوئی ہے۔'' (ایضاً صفحہ 222۔223)

**چوتھی تشریح مودودی کے حساب سے قریش پر دنیا میں مواخذہ ہونا اور بدعملی کی سزا ملنا ضروری تھا۔**

۔''18۔ اس فقرے میں آپ سے آپ یہ دھمکی پوشیدہ ہے کہ ''ایک وقت آئے گا جب اللہ تعالیٰ اُنہیں اُن کی کرتوتوں کی سزا دے گا۔''

کسی حاکم کا کسی مجرم کے متعلق یہ کہنا کہ میں اُس کی حرکتوں سے خوب واقف ہوں، صرف یہی معنی نہیں دیتا کہ حاکم کو اُس کی حرکتوں کا علم ہے

Presented by Ziaraat.Com

بلکہ اُس میں یہ تنبیہہ لازمًا مضمر ہوتی ہے کہ ''میں اُس کی خبر لے کر رہوں گا۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 221 تا 223)

قارئین نے نوٹ کیا ہے کہ ان لمبی چوڑی تشریحات میں کہیں بھول کر بھی مودودی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی اُس ہمدردی کا تذکرہ نہیں کیا جو حضورؐ کو نوع انسان کے ساتھ تھی۔ بلکہ حضورؐ کی مدح وثنا کے خلاف اُن پر دبی زبان میں یہ اعتراض عائد کیا ہے کہ وہ قابل توجہ اور ہمدردی لوگوں کے بجائے ناکارہ لوگوں پر توجہ اور ہمدردی رکھتے تھے۔ پھر مودودی نے اپنی تشریحات میں جو جو الزامات قریشی لیڈروں پر عاید کئے ہیں۔ ان کا تذکرہ اس آیت (35/8) میں نہیں ہے۔ یعنی مودودی نے پرانے یا کافر قریش پر اس لئے تہمتیں لگائی ہیں کہ نئے یا مسلمان قریش کو اُن سے اچھا اور مختلف کر کے دکھایا جائے۔ حالانکہ جو کچھ مودودی نے بیان کیا وہ کفار پر صادق آنے کے بجائے سو فیصد مسلمان قریش پر صادق آتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں وہ سب کچھ ابوسفیان اور ابوجہل وابولہب پر صادق آنے کے بجائے عمر وعثمان اینڈ کمپنی پر صادق آتا ہے۔ اِنہوں نے ہر اوچھے سے اوچھا اور کمینے سے کمینہ حربہ اور مکروفریب استعمال کیا اِن ہی کے لئے تو فرمایا گیا ہے کہ:۔

**يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَالَمْ يَنَالُوْا وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا لَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ O** (توبہ 9/74)

''یہ صحابہ قسمیں کھا کھا کر کہتے ہیں کہ ہم نے وہ بات نہیں کہی تھی حالانکہ اُنہوں نے یقیناً وہ کافرانہ بات کہی ہے۔ وہ صحابہ اسلام لانے کے بعد حق پوشی کے مرتکب ہوئے ہیں اور اُنہوں نے وہ کچھ کر گزرنے کی ہمت کی تھی جس میں ناکام رہے۔ یہ وہ صحابہ ہیں جو صرف اس بات کا انتقام لے رہے ہیں کہ اللہ اور اُس کے رسولؐ نے اپنے اپنے فضل سے اُن کو غنی کر دیا ہے۔ اگر یہ صحابہ توبہ کر لیں اُن کے لئے اسی میں خیر ہے اور اگر اُنہوں نے ولایت سازی جاری رکھی تو اللہ اُن صحابہ کو دردناک عذاب میں مبتلا کرے گا۔ دُنیا میں بھی دردناک عذاب اور آخرت میں بھی دردناک عذاب دے گا اور زمین پر کوئی اُن کا حکمران اور مددگار نہ ہوگا۔''

قارئین نوٹ کریں کہ اس آیت میں مذکور مسلمان صحابہ محسن کُش بھی ہیں اور احسان فراموش بھی ہیں اور اللہ ورسولؐ کے خلاف ہر سازش اور قاتلانہ حملہ کرنے کے لئے آمادہ رہنے والے مومنین ہیں۔ اُنہوں نے جنگ تبوک کے سفر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کو قتل کرنے کی سازش کی تھی اور عین وقت پر بھاگ گئے تھے۔ (دیکھو تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 216 حاشیہ 84) اور تمام اہل علم جانتے ہیں کہ عائشہ اینڈ کمپنی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کو دوا کے بہانے زہرِ قاتل پلایا تھا (بخاری)

بہرحال بات یہ شروع ہوئی تھی کہ آنحضرتؐ اور آئمہ اہلبیت نہ چاہتے تھے کہ کوئی جہنم میں جائے اس لئے دن رات لوگوں کو نصیحت میں گزارتے ہیں۔ نہ کبھی تھکتے تھے نہ بور ہوتے تھے۔ تبلیغ کے ساتھ ساتھ نصیحت اور وعظ بھی کرتے جاتے تھے۔ ہر قسم کی مدد کرتے تھے۔ خود اور اپنے بچوں کو بھوکا رکھ کر لوگوں کا پیٹ بھرتے تھے۔ خود تنگدست رہتے تھے اور دوسروں کو غنی بنا دیتے تھے اور غنی پارٹی ہی نے آخر دغا کی، فراڈ کیا، دھوکا دیا، اِنہوں نے صبر کیا۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 187

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر:231

# خُطبہ ﴿232﴾

**1۔چیلنج! پوری کائنات میں سے جو چاہو دریافت کرلو۔2۔زمین سے زیادہ سماوات کے حالات وتفصیلات اور راستوں سے واقف۔3۔عقائدواعمال کی مذمت کرنے کیلئے مذموم آدمی کوموت تک کا موقع دو۔4۔مہاجر صرف وہ مومن ہے جو حجتِ خدا کی معرفت رکھتا اوراقرار کرتا ہے۔**

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| فَمِنَ الْاِیْمَانِ مَایَکُوْنُ ثَابِتًا مُسْتَقِرًّا فِی الْقُلُوْب ؛ | 1 | چنانچہ ایمان کی قسموں میں سے ایک ایمان وہ ہے جو دلوں میں مستقلاً برابر قائم اور برقرار رہو۔ |
| وَمِنْهُ مَایَکُوْنُ عَوَارِیَ بَیْنَ قُلُوْبٍ وَالصُّدُوْرِ اِلٰی اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ ؛ | 2 | اورایک ایمان وہ ہوتا ہے جودل اور سینے کے اندرایک عارضی اورمعلوم مدت تک مانگی ہوئی چیز کی طرح رہتا ہے۔(نساء4/136) |
| فَاِذَا کَانَتْ لَکُمْ بَرَائَةٌ مِنْ اَحَدٍ فَقِفُوْهُ حَتّٰی یَحْضُرَهُ الْمَوْتُ ؛ | 3 | چنانچہ جب تمہیں کسی مسلمان سے اس دوسرے ایمان کی وجہ سے تبرا اختیار کرنے کی ضرورت محسوس ہوتو تبرا میں اس وقت تک توقف کرو جب تک وہ مرنہ جائے۔یاموت اس پرطاری نہ ہوجائے۔ |
| فَعِنْدَ ذٰلِکَ یَقَعُ حَدُّ الْبَرَائَةِ ؛ | 4 | اس وقت تبرا کرنے کی حدصحیح مقام پرآجائے گی۔اورتبرا جائز ہوگا۔ |
| وَالْهِجْرَةُ قَائِمَةٌ عَلٰی حَدِّهَا الْاَوَّلِ ؛ | 5 | اورراہِ خدامیں ہجرت کرنا اسی پہلے قاعدے اورشرط کے مطابق ہے اور رہے گا۔ |
| مَاکَانَ لِلّٰهِ فِیْ اَهْلِ الْاَرْضِ حَاجَةٌ مِّنْ مُّسْتَسِرِّ الْاِمَّةِ وَمُعْلِنِهَا ؛ لَایَقَعُ اسْمُ الْهِجْرَةِ عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا بِمَعْرِفَةِ الْحُجَّةِ فِی الْاَرْضِ ؛ | 6 | یہ سمجھ لینا چاہئے کہ اللہ کوساری دنیا کے لوگوں سے اس کی محتاجگی نہیں ہے کہ وہ اعلانیہ اسلام میں داخل ہوں یا پوشیدہ طور پر یا نہ ہوں بہرحال ہجرت کا نام اس وقت تک نہ دیا جائے گا جب تک کوئی شخص اللہ کی مقرر کی ہوئی حجت اللہ فی الارض کی معرفت حاصل نہ کرلے اوراس کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے وطن نہ چھوڑے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَمَنْ عَرَفَهَا وَاَقَرَّبِهَا فَهُوَ مُهَاجِرٌ وَلَايَقَعُ اسْمُ الْاِسْتِضْعَافِ عَلٰى مَنْ بَلَغَتْهُ الْحُجَّةُ فَسَمِعَتْهَا اُذُنُهُ وَوَعَا قَلْبُهُ ؛ | 7 | چنانچہ جوکوئی حجتؑ اللہ کی معرفت حاصل کرلے اوراس کا اقرار کرتا ہوصرف وہی مہاجر ہے اور جسے حجتِ خداوندی پہنچ جائے اور وہ اپنے کانوں سے حجتؑ اللہ کی بات سن کراسے محفوظ کرلے اس پر ضعیف اور معذور ومُستضعف کے نام کا اطلاق نہیں ہوسکتا ہے۔ |
| اِنَّ اَمْرَنَا صَعْبٌ مُسْتَصْعَبٌ لَايَحْمِلُهُ اِلَّاعَبْدٌ مُؤْمِنٌ امْتَحَنَ اللّٰهُ قَلْبَهُ لِلْاِيْمَانِ وَلَا يَعِيْ حَدِيْثَنَا اِلَّاصُدُوْرٌ اَمِيْنَةٌ وَاَحْلَامٌ رَزِيْنَةٌ ؛ | 8 | یقیناً ہمارا معاملہ اورحکومت ایک ایسا دشوار اور مشکل مسئلہ ہے کہ اسے صرف وہی مومن بندہ برداشت کرسکتا ہے جس کے دل کا اللہ نے ایمان کے معاملہ میں امتحان لے لیا ہواور ہماری باتوں کوامانتدار سینے اور پختہ عقلیں ہی محفوظ رکھ سکتی ہیں'' |
| اَيُّهَا النَّاسُ سَلُوْنِىْ قَبْلَ اَنْ تَفْقِدُوْنِىْ فَلَاَنَا بِطُرُقِ السَّمَآءِ اَعْلَمُ مِنِّىْ بِطُرُقِ الْاَرْضِ قَبْلَ اَنْ تَشْغَرَ بِرِجْلِهَا فِتْنَةٌ تَطَأُ فِىْ خِطَامِهَا وَتَذْهَبُ بِاَحْلَامِ قَوْمِهَا ؛ | 9 | اےنوع انسان مجھے اپنے ہاتھوں سے کھودینے سے پہلے پہلے جوچاہو مجھ سے دریافت کرلو چنانچہ میں بلا شبہ اور بالضرور آسمانی حالات اور آسمانی راہوں سے اپنے زمینی علم کے مقابلے میں زیادہ جانتا ہوں اوراس سے پہلے پہلے تو ضرور پوچھ لو کہ وہ فتنہ اپنے پیروں پر قائم ہوجائے اور خود اپنی لگام کو اپنے پیروں سے روندنے لگے اور قوم قریش کی عقلوں کو چھین کر ساتھ لے جائے۔ |

## تشریحات:

پہلی بات تو یہ نوٹ کریں کہ حضرت علی علیہ السلام پہلے دو جملوں میں ایمان کی دو قسمیں تو بتاتے ہیں مگر لفظ منافق نہیں بولتے دونوں قسموں کے مومنین کو مسلمان فرماتے ہیں۔اس سے قرآن کریم کا ایک بڑا مسئلہ حل ہوجاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ اللہ نے لفظ ''مُنَافِقُ'' یا ''مُنَافِقِیْنَ'' کو سیاسی یا قریشی قسم کے مسلمانوں کے لئے بطور پردہ استعمال کیا ہے۔یعنی قریشی مسلمان یا مومنین جے رہیں اُکھڑنے نہ پائیں اور قرآن میں اپنے جرائم کا بیان ہوتے وقت یہ سوچ لیں کہ ہمیں متعین نہیں کیا گیا ہے لہٰذا حقیقی مسلمان یہ سوچ کر خاموش ہوجائیں گے کہ نہ معلوم کون کون شخص یا اشخاص مراد ہیں اور ہم بھی کہہ سکیں گے بُرے مسلمانوں میں سے کوئی ہوگا یا ہوں گے اور جب اللہ نے پردہ رکھا ہے اور متعین نہیں کیا ہے تو ہمیں بھی اور تمھیں بھی پردہ رکھنا چاہیے اور خود اپنی سوجھ بوجھ اور تجربے سے کسی کو متعین نہیں کرنا چاہیے چنانچہ اللہ نے قرآن کریم میں یہاں سے وہاں تک یہ پردہ برابر ڈالے رکھا اور کسی کا نام نہیں لیا۔کہیں فلاں کہہ کر (29 تا 27/25) پردہ رکھا۔کہیں اُن کی صفات اور کارکردگی بیان کرکے پردہ رکھا۔ (7/175-176)

### 2 ۔ تبراو مذمت اور اعلان حقیقت کو مشروط اور محدود کرنے کا حکم دیا۔

پھر حضرت علی علیہ السلام نے بھی اس پردہ کو منافق کی زندگی کی آخری سانس تک پھیلا دیا اور توقف کرنے کا حکم دیا (3) اور نباہ کرنے اور تعاون کی راہیں نکالنے اور صبر وضبط وہدایت کاری کی رغبت دلائی۔تاکہ مرنے سے پہلے پہلے اُس قسم کا مومن اپنی اصلاح کرسکے۔رسولؐ اللہ صلی

Presented by Ziaraat.Com

اللہ علیہ وآلہ ہرگز حذیفہ رضی اللہ عنہ کو منافقین کے نام نہ بتاتے مگر اُنہوں نے بجلی چمکنے کی وجہ سے خود اُنہیں پہچان لیا تھا۔ بہرحال آپؐ نے بھی تاکید فرمائی تھی کہ زندگی میں اُن کے ناموں کا اعلان نہ کیا جائے۔ البتہ معاملہ چونکہ خود رسولؐ پر حملے کا تھا اِس لئے یہ بتا دیا گیا تھا کہ حذیفہ رضی اللہ عنہ کو وہ نام بتا دیے گئے ہیں۔ اِس سے یہ فائدہ ہوا کہ لوگ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے سوال کرنے لگے اور یوں کئی ایک منافق پہچان لئے گئے۔ بعض نے تنگ آ کر اور بات کو پُرانی سمجھ کر خود ہی اقبال کر لیا کہ بخدا اَے حذیفہ میں اُن منافقین میں سے ایک ہوں۔ اس صبر وضبط واحتیاط نے رفتہ رفتہ پورے قریش کا حال واضح کر دیا اور مزید تجربے اور تحقیق وتفتیش نے ثابت کر دیا کہ قریش کے کسی فرد نے بھی اپنی قوم کا ساتھ نہ چھوڑا تھا اور وہ سب قومی قسم کے مسلمان ومومن رہے یعنی سب نے قومی پالیسی کے ماتحت اسلام اختیار کیا تھا اور خود قرآن نے پوری قوم کو حقیقی مسلمانوں سے واضح الفاظ میں الگ کر دیا (31-30/25) (66/6)

## 3۔ لفظ ہجرت اور مہاجرین بھی ایک پردہ رہتا رہا ہے۔

مکہ سے مدینہ میں رفتہ رفتہ سارے قریش آ گئے اور سب مہاجرین کہلائے اور سب نے ہجرت کی چادر اوڑھے رکھی۔ وہ لوگ جو مکہ کے علاوہ دوسری آبادیوں سے آئے اُن کا ذکر قریشی تاریخ نہیں کرتی لہٰذا وہ بھی قریش کے جمگھٹے میں چھپ کر رہ گئے۔ یہاں حضور علیہ السلام نے یہ فیصلہ کر دیا کہ جو شخص حضرت علی علیہ السلام کی معرفت رکھتا تھا یعنی یہ جانتا تھا کہ رسولؐ اللہ نے دعوت ذوی العشیرہ میں حضرت علیؑ کو اپنا خلیفہ اور وزیر اور وصی اور بھائی بنایا تھا اور جو اس وزارت وخلافت ووصایت کو برقرار رکھنے کی غرض سے وطن چھوڑ کر رسولؐ اللہ کے ناصر کی حیثیت سے مدینہ میں آیا تھا صرف وہی مہاجر ہے۔ باقی دیگر اغراض کے ماتحت آنے والے لوگ مہاجر نہیں ہیں۔

## 4۔ ابوبکر مہاجر نہیں تو کوئی اور قریشی کیسے مہاجر ہو سکتا ہے۔

اور نوٹ کیجئے کہ نہ رسولؐ اللہ کو اللہ نے اپنی حجت فرمایا نہ اُنہوں نے خود کو حجۃ اللہ قرار دیا اور نہ اُن کے زمانے کے مسلمانوں نے اُن پر حجۃ اللہ کی حیثیت سے ایمان رکھا اور نہ اُن میں سے کسی نے رسولؐ کو اس لقب سے پکارا۔ لہٰذا رسولؐ کو جاننا اور اُن کے لئے یا اُن کے نام پر ہجرت کرنا اُس شرط کو پورا نہیں کرتا جو حضرت علی علیہ السلام نے قائم کی ہے (7-6) رہ گیا حضرت علی علیہ السلام کا حجۃ اللہ ہونا، وہ یوں ثابت ہے کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ ''ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اُن کی قوم کے مقابلہ میں حُجَّة دی تھی'' (تِلْکَ حُجَّتُنَآ اٰتَیْنٰهَآ اِبْرٰهِیْمَ عَلٰی قَوْمِهٖ (6/83) اور رسولؐ کو جو حجت دی گئی تھی اُس کے لئے فرمایا تھا کہ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِیْنَ O (6/149) ان قریش سے کہہ دو کہ اللہ کے پاس ایک خاص حجۃ ہے جو پہنچنے والی ہے اور اگر اللہ نے چاہا تو تم سب کو ہدایت کر دے گا'' اور یہ حجۃ اللہ، حضرت علی علیہ السلام تھے اور لفظ '' اَلْبَالِغَه '' اس لئے فرمایا کہ یہ حجۃ جس طرح خلافت ووزارت وغیرہ کے لئے ایک حکم کے ماتحت سامنے لائی گئی تھی۔ (وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ ) (26/214) اس معاملے سے قربت رکھنے والے تمام سرگروہوں کو ڈرا دو) اُسی طرح ایک خاص حکم کے ماتحت پہنچنے والی تھی (یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ (5/67) اَے رسولؐ پہنچا دو) اس لئے حضرت علی علیہ السلام کو پہنچنے والی حجت (اَلْحُجَّةُ الْبَالِغَهُ ) فرمایا گیا ہے۔

## 5۔ ابوبکر نہ اللہ پر ایمان رکھتا تھا نہ حجۃ اللہ کو مانتا تھا نہ وہ مہاجر کہلایا، نہ وہ ناصرِ رسولؐ تھا۔

ابوبکر مہاجر نہ تھا، پہلی دلیل تو وہی ہے کہ وہ حجت اللہ پر ایمان نہ رکھتا تھا۔ دوسری دلیل وہ آیت ہے جس کی وجہ سے اُسے یارِ غار اور پکا اور پہلا مہاجر کہا جاتا ہے آیت سُنیے اور قرآن میں دیکھئے اور قرآنی ماحول دیکھ کر ایمان داری سے فیصلہ کیجئے فرمایا گیا کہ:

Presented by Ziaraat.Com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَالَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ O اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْئًا وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ O اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ O (40 تا 38/9)

**مودودی کا ترجمہ:** ''اے لوگو جو ایمان لائے ہو تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب بھی تم سے اللہ کی راہ میں جہاد کی خاطر نکلنے کے لئے کہا گیا تو تم زمین سے چمٹ کر رہ گئے؟ کیا تم نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کر لیا ہے؟ ایسا ہے تو تمہیں معلوم ہو کہ دنیوی زندگی کا یہ سب سروسامان آخرت میں بہت تھوڑا نکلے گا۔ تم نہ اُٹھو گے تو خدا تمھیں دردناک عذاب دے گا اور تمہاری جگہ کسی دوسری قوم کو بدل لے گا اور تم خدا کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکو گے۔ وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ (یعنی تمہیں دوسری قوم سے بدلنے پر بھی قادر ہے) تم نے اگر نبیؐ کی مدد نہ کی تو کچھ پرواہ نہیں اللہ اُس کی مدد تو اُس وقت بھی کر چکا ہے جب کہ کافروں نے اُسے نکال دیا تھا اور جب وہ دو میں کا دوسرا تھا جب وہ دونوں غار میں تھے جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا کہ۔ ''غم نہ کر اللہ ہمارے ساتھ ہے۔'' اُس وقت اللہ نے اُس پر اپنا سکینہ نازل کیا اور اُس کی مدد ایسے لشکروں سے کی جو تم کو نظر نہ آتے تھے۔ اور کافروں کا بول نیچا کر دیا۔ اور اللہ کا بول تو اُونچا ہی ہے۔ اللہ زبردست اور دانا وبینا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 195۔196)

یہ ترجمہ نظروں میں رکھیئے اور اختصار اور بحث میں اُلجھے بغیر ہماری تفسیر احسن التعبیر سے چند عنوانات پڑھیئے:

**''(8ب) رسولؐ کی قوم کے مومنین رسولؐ اللہ اور اسلام کی طرفداری میں جنگ کرنے کے مخالف تھے۔ عذاب الیم اور خروج کی دھمکی:**

''آیات (39۔38/9) میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ وہ مومنین جو محض دنیا کمانے کے لئے ایمان لائے تھے رسولؐ اللہ اور اسلام کی نصرت کیلئے کبھی بھی دل سے جنگ و جہاد کے لئے نہیں نکلتے تھے اور اعلان جہاد ہوتے ہی زمین گیر ہو جایا کرتے تھے۔ چنانچہ اُن مومنین کو جہنم کے عذاب الیم کی اور اسلام سے خارج کر دیے جانے کی دھمکی دی گئی ہے اور واضح کر دیا گیا کہ ایسے مومنین دو چار نہیں تھے۔ دس بیس نہیں تھے بلکہ ایک پوری قوم تھی۔ اسی لئے اُن سے بدلنے اور اُن کے بدلے میں ایک پوری قوم لانے کا اعلان کیا گیا ہے اور یہ رسولؐ کی وہی نام نہاد قوم تھی جو قرآن کو مہجور کرنے کا بیڑا اُٹھائے ہوئے تھی (30/25) اُسے محض دنیا کا اقتدار و حکومت درکار تھی (154 تا 152/3 اور 205۔204/2) اور آخرت کی اُسے بالکل پرواہ نہ تھی (38/9) یہی غرض اُن کے سب سے بڑے لیڈر کی اسکیم میں تفصیل سے مذکور ہے اور اُسے دُنیا میں حکومت اور بالادستی کی ضرورت ہے (205۔204/2) علامہ مودودی ان دونوں آیات (39۔38/9) کے متعلق دبے پاؤں گزر گئے۔ جنگ کیلئے نہ نکلنے والوں کی نہ مذمت کی نہ انہیں نفاق کی آڑ میں چھپایا یعنی مان لیا کہ ان دونوں آیات میں منافقین نہیں بلکہ مومنین مخاطب ہیں اور ہم یہی ثابت کر رہے ہیں کہ عہد رسولؐ کے مومنین کی کثرت اللہ و رسولؐ کی مخالف تھی (7 تا 8/5) جس نے اللہ و رسولؐ کے خلاف ایک ملکی و قومی اسلام تیار کیا تھا (151-150/4) اور دو بڑے لیڈر یاروں نے اپنی پوری قوم کو رسولؐ کے خلاف راستہ پر کار بند کیا تھا (29 تا 27/25) اس قوم کو اللہ نے قرآن میں کئی بار دوسری مومن قوم سے بدلنے کی دھمکی دی ہے (89/6، 54/5، 39/9، 47/38) وغیرہ۔

Presented by Ziaraat.Com

**9۔ اللہ نے رسولؐ کی اس وقت بھی مدد کی تھی جب رسولؐ کا تم میں سے ایک شخص بھی مددگار نہ تھا:**

آیت (40/9) میں اللہ نے نصرت پر فخر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ ہم نے رسولؐ کی اُس وقت بھی مدد کی تھی جب اُسے کافروں نے شہر بدر کر دیا تھا اور وہ بے یار و مددگار دو میں کا دوسرا ایک غار میں تھا اور اپنے ساتھی کو یہ کہہ کر دلاسہ دے رہا تھا کہ غم نہ کر اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ غور طلب یہ ہے کہ اللہ نے ابوبکر کو ناصر کی حیثیت نہیں دی بلکہ اُسے ایسا ساتھی قرار دیا جو خود رسولؐ پر ایک بوجھ تھا اور اُسے یہ بھی معلوم نہ تھا کہ یہاں بھی اللہ موجود ہے اور نہ یہ یقین تھا کہ اللہ یہاں بھی اپنے رسولؐ کی مدد کرے گا۔ اس آیت (40/9) میں دوسرے شخص کی گھبراہٹ ظاہر کرنے کے سوا اور کوئی مقصد نہیں ہے۔ اور نہ اس کو شمار کرنے کی کوئی ضرورت مذکور ہے اور نہ ابوبکر کو مدد اور تائید میں شریک کیا۔ یعنی یہ بھی نہ کہا کہ ہم نے اُن دونوں پر سکینہ نازل کیا تھا۔ اور نہ یہ کہا کہ ہم نے اُن دونوں کی تائید یا مدد کی۔ اس سے معلوم ہوا کہ ابوبکر کسی خطرے میں نہ تھا یعنی وہ دشمنوں کا آدمی تھا اُسے نہ نصرت کی ضرورت تھی نہ سکینہ درکار تھا اور نہ تائید چاہئے تھی۔ یہ بھی نوٹ کریں کہ اللہ نے مکہ سے تنہا رسولؐ کے نکالے جانے (اَخرَجَهُ) کا ذکر فرمایا ہے حالانکہ ابوبکر بھی نکلا تھا۔ اگر ابوبکر کی ہجرت تسلیم کی جاتی تو اللہ اُن دونوں کے نکالے جانے کیلئے اَخرَجَهُمَا فرماتا۔ لہٰذا ابوبکر ہجرت سے بھی خارج کر دئے گئے۔ اس آیت (40/9) کا نتیجہ یہ ہوا کہ ابوبکر:

1۔ رسولؐ کے ساتھ مکہ سے نکلنے اور ہجرت سے محروم رہا۔ (اَخرَجَهُ)

2۔ وہ دشمن کا آدمی تھا اس لئے نصرت سے محروم رہا۔ (نَصَرَهُ اللّٰه)

3۔ وہ دشمن کا آدمی تھا سکینہ سے محروم رکھا گیا۔ (اَنزَلَ سَكِينَتَهُ عَلَيهِ)

4۔ وہ دشمن کا آدمی تھا تائید ملائکہ میں شامل نہیں (اَيَّدَهُ)

5۔ وہ دشمن کو رسولؐ کی نشاندہی کر رہا تھا۔ (لَا تَحزَنَ)

یعنی غم کے بہانے شور کر کے دشمن کو بلانا چاہتا تھا۔۔ یہ ہے ابوبکر کی فضیلت۔''

یہ تھا ہماری تفسیر احسن التعبیر میں آیات (40 تا 38/9) میں قریشی مومنین اور ابوبکر کا حال۔ لہٰذا واضح ہو گیا کہ ابوبکر و عمر و عثمان و عائشہ وغیرھم پوری قوم قریش کی ہجرت قبول نہیں اس لئے کہ انہوں نے حجۃ اللہ علیہ السلام کے لئے ہجرت نہیں کی تھی اُن کے اپنے ذاتی اور قومی مقاصد تھے جن کی وجہ سے وہ مدینہ میں آئے تھے (7 تا 5/232)۔

**6۔ محمدؐ و آل محمدؐ کی ولایت و حکومت پر ایمان رکھنے والے قلوب اللہ کے آزمائے ہوئے ہوتے ہیں اِیرا غیرا نہیں۔**

حضورؑ کا جملہ نمبر (8) یہ سبب بتاتا ہے کہ یہ نام نہاد شیعہ علما و عوام کیوں محمدؐ و آل محمدؐ صلوٰۃ اللہ سے غداری کرتے ہیں؟

اور کیوں ناپسندیدہ اعمال و عقائد پر عمل کرتے ہیں؟ یہ سب اس لئے دشمنانِ محمدؐ و آل محمدؐ سے ملتے جلتے یا اُن سے بھی بدتر ہوتے ہیں کہ وہ سب کے سب کاروباری شیعوں کی اولادیں ہیں۔ پیدائشی طور پر برائے نام شیعہ ہیں وہ اللہ کے امتحان سے دور دور رہتے ہوئے زندگی بسر کرتے ہیں اور حقیقی شیعہ مذہب کے پاس نہیں پھٹکتے اور اپنی نمازوں اور روزوں کی آڑ میں چھپے رہتے ہیں اور رسوم عزاداری کو رسمی طور پر منا کر سال بھر پلٹ کر مقاصد محمدؐ و آل محمدؐ کی طرف نہیں دیکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ حقیقی شیعہ اور حضرت حجۃ علیہ السلام نے اُن کا بائیکاٹ کر رکھا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

## 7۔ حضرت علیؑ نے اپنے خبیر ہونے کا ثبوت چیلنج کے ساتھ دیا ہے(59/25)۔

قرآن کریم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا تھا کہ۔''تم اُس زندہ ہستی پر توکل کرو جو زندہ اور زندگی کا خالق جو ہرگز نہ مرے گا اس لئے کہ موت کا بھی خالق ہے اور تم اُسی کی حمد و تسبیح کیا کرو اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے کے لئے کافی ہے۔ وہ وہی ہستی ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا ہے اور اُسی نے وہ سب کچھ پیدا کیا ہے جو آسمانوں اور زمینوں کے درمیان کہیں بھی موجود ہے۔ اور یہ سب کچھ اُس نے اپنے چھ دنوں کے اندر مکمل کر دیا تھا۔ اور پھر عرش کی طرف متوجہ ہوا تھا اور وہی رحمان ہے اُس سلسلے کی جو چیز جاننا چاہو وہ خبیر سے پوچھ لیا کرو۔(فرقان 59۔58/25) اِن آیات سے دو سوال خود بخود پیدا ہو گئے تھے اول یہ کہ عہد رسولؐ میں رسولؐ سے زیادہ جاننے والا شخص موجود تھا۔ دوم یہ کہ وہ کون تھا؟ جو رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو ساری کائنات کے حالات اور خبریں دے سکتا تھا۔ چنانچہ اس خطبہ 232 کا آخری جملہ(9) اُس خبیر علیہ السلام کا تعین و تشخص کر دیتا ہے اور واضح ہو جاتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام وہ خبیر ہیں جو اس پوری کائنات سے اور کائنات میں وقوع پذیر ہونے والے حالات و واقعات سے' یہاں کی تمام تخلیقات سے تمام حادثات سے' تمام تغیرات سے تمام تجدیدات سے واقف رکھے جاتے ہیں اور یہ ساری کائنات اُن کے سامنے اسی طرح حاضر اور مستحضر ہے جس طرح کسی کے سامنے اُس کی ہتھیلی حاضر ہوتی ہے۔ فرق یہ ہے کہ وہ اپنی ہتھیلی کی صرف سطح کو دیکھتا ہے۔ اُسے نہ ہتھیلی کی پشت نظر آتی ہے نہ وہ ہتھیلی کے اندر کے گوشت پوست رگوں اور ہڈیوں کو دیکھ سکتا ہے۔ نہ اُسے دوران خون نظر آتا ہے نہ وہ محسوسات کے نظام کو دیکھتا ہے۔ مگر علیؑ سے کچھ پوشیدہ نہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 188

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 232

# خُطبہ ﴿233﴾

**1۔حمد وثنا کرنے کا ایک سبب۔2۔قریش کا محمدؐ کو ناکام کرنے پر اجماع، اتفاق واتحاد کرنا۔3۔موت اور قیامت کے لوازمات۔4۔جہنم کی چند باتیں۔5۔کھولتی ہوئی دیگوں کا وجود۔6۔اہل جنت اور جنت کی باتیں۔ 7۔حاضرین کو دنیا میں رہنے کا طریقہ بتایا ہے۔8۔بستر پر مرنے والا شہید ہے مگر کیسے؟**

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| اَحۡمَدُہٗ شُکۡرًا لِاِنۡعَامِہٖ ؛ | 1 | میں اللہ کے انعام کے شکریہ میں اس کی حمد وثنا بجالاتا ہوں۔ |
| وَاسۡتَعِیۡنُہٗ عَلٰی ؛ | 2 | اسی کی مدد چاہتا ہوں، |
| وَظَائِفِ حُقُوۡقِہٖ ؛ | 3 | اس کے واجب کئے ہوئے حقوق کو ادا کرنے میں۔ |
| عَزِیۡزُ الۡجُنۡدِ عَظِیۡمُ الۡمَجۡدِ ؛ | 4 | وہ غالب رہنے والی فوجوں والا ہے اور عظیم الشان عزت والا ہے۔ |
| وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ ؛ | 5 | میں شہادت دیتا ہوں کہ بلاشبہ محمدؐ اس کے بندے اور رسولؐ ہیں۔ |
| دَعَا اِلٰی طَاعَتِہٖ وَقَاھَرَ اَعۡدَائَہٗ جِھَادًا عَنۡ دِیۡنِہٖ ؛ | 6 | انہوں نے لوگوں کو اللہ کی اطاعت کرنے کی دعوت دی تھی اور دین کے لئے جہاد کر کے اللہ کے دشمنوں پر غلبہ حاصل کیا تھا۔ |
| لَایَثۡنِیۡہِ عَنۡ ذٰلِکَ اجۡتِمَاعٌ عَلٰی تَکۡذِیۡبِہٖ ؛ | 7 | قریش وغیرہ کا آنحضرتؐ کو جھٹلانے پر اجماع واتفاق کر لینا اور۔ |
| وَالۡتِمَاسٌ لِاِطۡفَاءِ نُوۡرِہٖ ؛ | 8 | ان کے نور کو بجھا دینے میں طرح طرح کی کوششیں اور اسکیمیں بنانا۔ان کو ان کے مشن میں ناکام نہ کر سکا۔ |
| فَاعۡتَصِمُوۡا بِتَقۡوَی اللّٰہِ فَاِنَّ لَھَا حَبۡلًا وَّثِیۡقًا عُرۡوَتُہٗ وَمَعۡقِلًا مَنِیۡعًا زِرۡوَتُہٗ ؛ | 9 | تمہیں چاہئے کہ تم اللہ کے تقویٰ سے وابستہ رہو اس لئے کہ تقویٰ کے سلسلے (رسیاں) کے تمام حلقے مضبوط ہیں اور اس کی پناہ گاہ بھی بلند ومحفوظ ہے۔ |
| وَبَادِرُوۡا الۡمَوۡتَ وَغَمَرَاتِہٖ وَامۡھَدُوۡا لَہٗ قَبۡلَ حُلُوۡلِہٖ ؛ | 10 | تم لوگ جسم میں موت کے حلول کرنے اور اس کی سختیاں شروع ہونے سے پہلے پہلے آمادہ اور تیار ہو جاؤ اور ضروری سامان فراہم کر لو۔ |
| وَاَعِدُّوۡا لَہٗ قَبۡلَ نُزُوۡلِہٖ ؛ | 11 | اور موت کے نازل ہونے سے پہلے پہلے اس کے لئے تیار ہو جاؤ۔ |
| فَاِنَّ الۡغَایَۃَ الۡقِیَامَۃُ ؛ | 12 | چنانچہ یقینی اور آخری مقصد قیامت کی منزل ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَكَفٰى بِذٰلِكَ وَاعِظًا لِمَنْ عَقَلَ وَمُعْتَبَرًا لِمَنْ جَهِلَ ؛ | 13 | اور عقل سے کام لینے والوں کیلئے بھی اور جہالت سے دوچار لوگوں کیلئے بھی قیامت بہت کافی واعظ اور نصیحت کرنے والا ہے اور جاہلوں کو سبق دینے والا ہے۔ |
| وَقَبْلَ بُلُوْغِ الْغَايَةِ مَاتَعْلَمُوْنَ مِنْ ضِيْقِ الْاَرْمَاسِ ، وَشِدَّةِ الْاِبْلَاسِ وَهَوْلِ الْمُطَّلَعِ وَرَوْعَاتِ الْفَزَعِ ، وَاخْتِلَافِ الْاَضْلَاعِ وَاسْتِكَاكِ الْاَسْمَاعِ وَظُلْمَةِ اللَّحْدِ وَخِيْفَةِ الْوَعْدِ ؛ وَغَمِّ الضَّرِيْحِ وَرَدَمِ الصَّفِيْحِ ؛ | 14 | اور قیامت کے پہنچنے سے پہلے کس کس چیز کا سامنا کرنا پڑے گا وہ تمہیں معلوم ہے (مثلاً) قبر کی تنگی، غم واندوہ کی فراوانی اور مایوسی کی شدت۔ اور اس مقام کا خوف و خطرہ جس میں پہنچنے کی تمہیں اطلاع دی جاتا ہے مسلسل اور پے در پے خوف اور پریشانی دب دب کر پسلیوں کا ادھر سے اُدھر ہو جانا، کانوں کا بہرا ہو جانا، لحد و قبر کا اندھیرا، عذاب کے ان وعدوں کا خوف جو اللہ نے کئے تھے۔ قبر کا ڈھک دیا جانا اور پتھر کی سلوں سے منہ بند کر دیا جانا۔ |
| فَا للّٰهَ اللّٰهَ عِبَادَ اللّٰهِ فَاِنَّ الدُّنْيَا مَاضِيَةٌ بِكُمْ عَلٰى سَنَنٍ ؛ | 15 | چنانچہ اے بندگانِ خدا اللہ سے ڈرو اور ڈرتے رہو اس لئے کہ یہ دنیا تمہیں لئے ہوئے ایک ہی طریقے پر چلی جا رہی ہے۔ |
| وَاَنْتُمْ وَالسَّاعَةُ فِيْ قَرَنٍ ؛ | 16 | اور تم اور قیامت کی گھڑی ایک ہی رسی میں جوڑی دار بنا دیئے گئے ہو۔ |
| وَكَاَنَّهَا قَدْجَاءَ تْ بِاَشْرَاطِهَا ؛ | 17 | صورتِ حال یہ ہے گویا قیامت اپنی شرطوں سمیت آ چکی ہے۔ |
| وَاَزِفَتْ بِاَفْرَاطِهَا ؛ | 18 | اور اس نے اپنے پرچم قریب گاڑ دیئے ہیں۔ |
| وَوَقَفَتْ بِكُمْ عَلٰى صِرَاطِهَا ؛ | 19 | اور تمہیں اپنی راہ میں روک کر تم پر نگرانی کر رہی ہے۔ |
| وَكَاَنَّهَا قَدْ اَشْرَفَتْ بِزَلَازِلِهَا ؛ | 20 | اور گویا وہ اپنی مصیبتوں سمیت تمہارے سر پر کھڑی ہے۔ |
| وَاَنَاخَتْ بِكَلَا كِلِهَا ؛ | 21 | اور مطمئن ہو کر اپنا سینہ ٹکا دیا ہے۔ |
| وَاَنْصَرَمَتِ الدُّنْيَا بِاَهْلِهَا ؛ | 22 | اور یہ کہ دنیا اپنے باشندوں سے کنارہ کش ہو کر فارغ ہو چکی ہے۔ |
| وَاَخْرَجَتْهُمْ مِنْ حِضْنِهَا ؛ | 23 | اور انہیں اپنی آغوش سے الگ کر چکی ہے۔ |
| فَكَانَتْ كَيَوْمٍ مَضٰى اَوْشَهْرٍ انْقَضٰى ؛ | 24 | یعنی ہم آغوشی ایک دن کیلئے تھی اور وہ دن گزر گیا ہے یا ایک مہینہ جو بسر ہو چکا ہے |
| وَصَارَ جَدِيْدُ هَارَثًا وَسَمِيْنُهَا غَثًّا ؛ | 25 | اور اب جتنی چیزیں نئی تھیں پرانی ہو چکی ہیں اور جو موٹے تازے تھے وہ دبلے اور لاغر ہو چکے ہیں۔ |
| فِيْ مَوْقِفٍ ضَنْكِ الْمَقَامِ وَاُمُوْرٍ مُشْتَبِهَةٍ عِظَامٍ ؛ | 26 | کیونکہ وہ ایسے مقام پر آ گئے ہیں جو بہت تنگ ہے اور ایسے معاملات سے دوچار ہو کر جو نہایت باعظمت مگر غیر یقینی ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَنَارٍ شَدِيْدٍ كَلْبُهَا عَالٍ لَجَبُهَا سَاطِعٍ لَهَبُهَا مُتَغَيِّظٍ زَفِيْرُهَا ؛ مُتَاَجِّجٍ سَعِيْرُهَا بَعِيْدٍ خُمُوْدُهَا ذَاكٍ وَّقُوْدُهَا ؛ مُخِيْفٍ وَعِيْدُهَا غَمٍّ قَرَارُهَا مُظْلِمَةٍ اَقْطَارُهَا حَامِيَةٍ قُدُوْرُهَا فَظِيْعَةٍ اُمُوْرُهَا ؛ | 27 | اور ایسی آگ ہے جس کی تکلیف بہت سخت ہے آوازیں بہت بلند ہیں۔شعلے بھڑکے ہوئے ہیں۔بھڑکنے کی صدائیں غضبناک ہیں۔اس کی لپٹیں اور دھکنا خوفناک ہے بجھایا جانا بہت مشکل ہے۔اس کا ایندھن جلنے اور بھڑکنے والا ہے۔اس کی دھمکیاں بہت ڈراؤنی ہیں۔اس کی گہرائی ناپید ہے اس کے ارد گرد اور اطراف تاریکی میں غرق ہیں اور اس کی دیگیں بہت گرم اور کھولتی ہوئی ہیں اور سارے حالات اور معاملات کے نتائج رسوا کرنے والے ہیں۔ |
| وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا (زمر 39/73) قَدْ اُمِنَ الْعَذَابُ وَانْقَطَعَ الْعِتَابُ وَزُحْزِحُوْا عَنِ النَّارِ وَاطْمَاَنَّتْ بِهِمُ الدَّارُ وَرَضُوُا الْمَثْوٰى وَالْقَرَارَ ؛ | 28 | اور جو لوگ اپنے پروردگار کے تقوے اور پرھیزگاری پر کاربند رہے انہیں گروہوں کی صورت میں جنت کی طرف ہانکا جائے گا (39/73) وہ عذاب سے محفوظ رہیں گے۔اور ڈانٹ ڈپٹ کئے جانے والوں سے الگ رہیں گے آگ کی سزا سے دور ہٹائے ہوئے۔ان کی آمد سے بہشت مطمئن اور خوش ہوگی۔اور وہ خود بھی اپنے قیام وقرار کی جگہ جنت سے راضی اور شاد ہوں گے۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جن کے اعمال دنیا میں پاکبازانہ تھے اور ان کی آنکھیں رنج وغم وخوف کا اثر لے کر روتی رہتی تھیں۔ |
| اَلَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا زَاكِيَةٌ وَاَعْيُنُهُمْ بَاكِيَةٌ ؛ | 29 | دنیا میں ان کی راتیں دنوں میں تبدیل رہیں وہ رات بھر عاجزی سے مغفرت طلب کرنے میں گزارتے رہے تھے۔ |
| وَكَانَ لَيْلُهُمْ فِىْ دُنْيَاهُمْ نَهَارًا تَخَشُّعًا وَّاسْتِغَارًا ؛ | 30 | اور ان کے دن راتوں میں تبدیل رہے اور وہ رات کی طرح دن میں باطل پرستوں سے الگ اور گھبرائے رہتے تھے۔چنانچہ اللہ نے ان کے لئے جنت کو |
| وَكَانَ نَهَارُهُمْ لَيْلًا تَوَحُّشًا وَّ انْقِطَاعًا فَجَعَلَ اللّٰهُ لَهُمُ الْجَنَّةَ مَاٰبًا ؛ وَالْجَزَاءَ ثَوَابًا وَكَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا فِىْ مُلْكٍ دَائِمٍ ؛وَنَعِيْمٍ قَائِمٍ؛ | 31 | ان کی واپسی کی منزل قرار دے دیا اور جنت کی نعمتوں اور آسائشوں کو ان کے کردار کی جزا بنا دیا اور یہ لوگ اور ان سے متعلق اہل وعیال اس جزا کے بڑھ کر حقدار تھے کہ ہمیشہ برقرار رہنے والے ملک میں رہیں اور قائم رہنے والی نعمتوں سے استفادہ کرتے رہیں۔ |
| فَارْعَوْا ۔عِبَادَاللّٰهِ۔مَابِرِعَايَتِهِ يَفُوْزُ فَائِزُكُمْ ؛ | 32 | چنانچہ اے بندگان خدا تم ان چیزوں کی رعایت اور پابندی کرو جن کی پابندی کرنے سے تم میں سے فائز ہونے والے فیضیاب ہوئے اور ان سے بچو۔ |
| وَبِاِضَاعَتِهِ يَخْسَرُ مُبْطِلُكُمْ ؛ | 33 | اور جن کو ضائع کرنے والے غلط کار اور نقصان اُٹھانے والے ثابت ہوئے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَبَادِرُوْا اٰجَالَكُمْ بِاَعْمَالِكُمْ ؛ | 34 | تم لوگ اپنی عمروں اور زندگی کو غنیمت سمجھ کر اعمال کا ذخیرہ جمع کرلو۔ |
| فَاِنَّكُمْ مُّرْتَهَنُوْنَ بِمَا اَسْلَفْتُمْ وَمَدِيْنُوْنَ بِمَا قَدَّمْتُمْ ؛ | 35 | یہ ایک حقیقت ہے کہ جو کچھ تم نے پہلے بھیجا ہے تم اس کے لئے ذمہ دار اور رہن پڑے ہو اور جو کچھ آئندہ بھیجو گے ان کی جزا پاؤ گے۔ |
| وَكَانَ قَدْ نَزَلَ بِكُمُ الْمَخُوْفُ فَلَا رَجْعَةً تَنَالُوْنَ وَلَا عَثْرَةً تُقَالُوْنَ ؛ | 36 | اور وہ تو مجسم خوف کی صورت میں تم پر نازل شدہ ہے اور تم تک پہنچ چکنے والی موت کے لئے واپسی نہیں ہے اور نہ گناہوں اور لغزشوں سے اس کے بعد رہائی کی کوئی صورت ہے |
| اِسْتَعْمَلَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ بِطَاعَتِهٖ وَطَاعَةِ رَسُوْلِهٖ وَعَفَا عَنَّا وَعَنْكُمْ لِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ ؛ | 37 | خدا سے درخواست ہے کہ وہ ہمیں اور تمہیں اپنی اور اپنے رسولؐ کی اطاعت کا موقع دے اور ہماری اور تمہاری لغزشوں کو اپنے فضل اور رحمت کی وجہ سے نظر انداز کردے۔ |
| اَلْزَمُوا الْاَرْضَ وَاصْبِرُوْا عَلَى الْبَلَاءِ ؛ وَلَا تُحَرِّكُوْا بِاَيْدِيْكُمْ وَسُيُوْفِكُمْ فِيْ هَوٰى اَلْسِنَتِكُمْ ؛ | 38 | زمین کو اپنے اوپر لازم کرلو یعنی برے لوگوں سے میل جول نہ رکھو۔اور آزمائشوں میں صبر سے کام لو۔اور اپنی زبانوں اور خواہشوں سے متاثر ہو کر اپنے ہاتھوں کو اور اپنی تلواروں کو حرکت میں نہ لاؤ۔ |
| وَلَا تَسْتَعْجِلُوْا بِمَا لَمْ يَعَجِّلْهُ اللّٰهُ لَكُمْ ؛ | 39 | اور جن معاملات میں اللہ نے تمہیں جلدی کرنے کا حکم نہیں دیا اور خود بھی جلدی نہیں کی ہے تم بھی ان میں عجلت سے کام نہ لو۔ |
| فَاِنَّهٗ مَنْ مَّاتَ مِنْكُمْ عَلٰى فِرَاشِهٖ وَهُوَ عَلٰى مَعْرِفَةِ حَقِّ رَبِّهٖ وَحَقِّ رَسُوْلِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ مَاتَ شَهِيْدًا وَوَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَاسْتَوْجَبَ ثَوَابَ مَانَوٰى مِنْ صَالِحِ عَمَلِهٖ وَقَامَتِ النِّيَّةُ مَقَامَ اِصْلَاتِهٖ لِسَيْفِهٖ ؛ | 40 | لہٰذا یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جو شخص تم میں سے اپنے بستر پر مرے گا اور وہ اپنے پروردگار کے اور اللہ کے رسولؐ کے اور رسولؐ کے اہلبیتؑ کے حقوق کی معرفت رکھتا ہوگا وہ شہید مرے گا اور اس کا اپنا حق اللہ پر لازم ہو جائے گا۔اور جس نیک عمل کی اس نے نیت کر رکھی ہوگی اس کا ثواب اسے دیا جانا بھی واجب ہو جاتا ہے۔اور اس کی یہ نیت تلوار سے جہاد کرنے کے قائم مقام ہو جاتی ہے۔ |
| فَاِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ مُدَّةً وَّاَجَلًا ؛ | 41 | البتہ ہر چیز اور ہر بات کے لئے ایک مدّت اور وقت مقرر کیا ہوا ہے۔ |

## تشریحات:

سب سے پہلے تو یہی نوٹ کرنے کی بات ہے کہ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے خلاف اللہ کے دشمنوں نے پورے اتفاق اور اتحاد کے ساتھ ایک اجتماعی محاذ بنایا تھا۔اور خود قریشی تاریخ' محاذ بنانے والوں کو قریش مانتی اور کہتی ہے اور محاذ بنانے والوں کے نام بھی بتاتی ہے۔اور اُن کے سرگروہ اور سردار کا نام ابوسفیان معلوم و مشہور ہے اور ابوسفیان اور اس کے ماتحت سرداروں نے کیا کچھ کیا اور اور کب ہتھیار ڈالے اُس کا ذکر بھی

Presented by Ziaraat.Com

تاریخ نے کیا ہے۔مگراس ذکر میں ابوبکروعمروعثمان اور معاویہ نے اپنا دامن سمیٹ کراور بچا کر رکھا ہے اور اُن کے بعد اُن کی جانشین حکومتوں بنی اُمیہ اور بنی عباس نے بھی خود کو بچا بچا کر تاریخ کو لکھوایا مگر ہم نے نئے پُرانے دونوں قسم کے قریش کو ننگا کر کے اُن کی ہر خفیہ سازش کو تفصیل سے بیان الامامت میں بیان کر دیا ہے۔اور ثابت کر دیا ہے ابوسفیان کے ساتھ وہ تمام قریش بھی شامل تھے جو اسلام کا نقاب پہن کر ہجرت کی آڑ میں مدینے میں رسولؐ اللہ کے صحابہ کہلا رہے تھے۔

## 2۔ابوبکروعمر ہی نہیں بلکہ اُن کی بیٹیاں عائشہ اور حفصہ بھی رسولؐ کے خلاف قائم شدہ اجتماعی محاذ میں شریک تھیں۔

یہاں مسلمان قریشیوں کی شمولیت پر عموماً اور ابوبکروعمروعثمان کے دشمنِ رسولؐ ہونے پر خصوصاً قرآن سے ثبوت ملاحظہ ہو فرمایا گیا ہے کہ:

اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ O(66/4)

**مودودی کا جھکا ہوا ترجمہ:** ''اگر تم دونوں اللہ سے توبہ کرتی ہو تو (تو یہ تمہارے لئے بہتر ہے) کیونکہ تمھارے دل سیدھی راہ سے ہٹ گئے ہیں اور اگر نبیؐ کے مقابلے میں تم نے باہم جتھہ بندی کی تو جان رکھو کہ اللہ اُس کا مولیٰ ہے اور اُس کے بعد جبریل اور تمام صالح اہل ایمان اور سب ملائکہ اُس کے ساتھی اور مددگار ہیں۔'' (تفہیم القرآن جلد 6 ص 26 تا 22)

قارئین یہ آیت اور مودودی کا یہ ترجمہ کئی بار سامنے لایا جا تا رہا ہے اور اس پر تنقید کر کے مودودی کی شرمناک طرفداری بھی ثابت ہوتی رہی ہے۔ بہرحال اب تو صرف اتنا دیکھ لیں کہ رسولؐ کی دو ازواج عائشہ اور حفصہ خاص طور پر نبیؐ کے خلاف قائم شدہ قریشی محاذ میں شامل تھیں اور یہ مدینہ تک برابر شامل رہیں۔مودودی اُن ازواج رسولؐ کے نام بھی بتاتے ہیں۔

## 2(الف) مودودی رسولؐ کے خلاف محاذ میں شریک ازواج کے نام بھی بتاتے ہیں؟؟

''10۔ اس سے معلوم ہوا کہ قصور صرف حضرت عائشہ اور حفصہ ہی کا نہ تھا بلکہ دوسری ازواج مطہرات بھی کچھ نہ کچھ قصوروار تھیں اسی لئے اُن دونوں کے بعد اس آیت میں باقی سب ازواج کو بھی تنبیہ فرمائی گئی۔'' (تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 26)

بات واضح اور ثابت ہوگئی کہ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقابلے میں قریشی صحابہ کے ساتھ ساتھ اُن کی عورتیں بھی محاذ میں شریک تھیں اور حضور علیہ السلام کے ساتویں اور آٹھویں جملے کی رُو سے یہ سب قریش رسولؐ اللہ کو جھٹلانے اور اُن کے نور کو بجھانے میں کوشاں تھے (8۔7) اور یہ کوشش سورہ تحریم کے مودودی شان نزول کے حساب سے آٹھویں سال ہجرت تک ثابت ہے (تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 10)۔

معلوم ہوا کہ ابوسفیان نے جو محاذ اعلان رسالت کے وقت قائم کیا تھا وہ برابر قرآن سے اکیس سال تک ثابت ہے۔لہٰذا قوم قریش کا ہر مرد، ہر عورت، اور ہر بچہ رسالتؐ و امامت کا دشمن تھا۔جن کو آنحضرتؐ نے مغلوب کر دیا تھا (7۔6) یہی سبب ہے کہ ہم قریشی قوم کے کسی فرد کو حقیقی مسلمان نہیں سمجھتے۔

## 3۔حضرت علیؑ کی دعا حقیقی مومنین کے حق میں اللہ نے قبول فرما کر قرآن کریم ہی میں سند دے دی تھی۔

حضور علیہ السلام نے حقیقی مومنین کی خطائیں اور لغزشیں نظر انداز کر دینے کی اللہ سے دعا فرمائی تھی (37) اور اُس کے جواب میں اللہ نے وعدہ فرمایا تھا کہ:

Presented by Ziaraat.Com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ O(8/29)

''اَے وہ لوگو جو ایمان لے آئے ہو اگر تم نے پرہیز گاری اختیار کر لی تو تمہارے لئے حق اور باطل میں فرق کرنے والے کو متعین کر دیا جائے گا اور تمہاری لغزشیں خطائیں اور بُرائیاں چھپا دی جائیں گی اور تمہیں بخش دیا جائے گا اور اللہ تو عظیم الشان فضل والا ہے۔''

ایسے وعدے قرآن کریم میں اور بھی کئی مقامات پر کئے گئے ہیں مگر یہ یاد رکھیں کہ وہ وعدے صرف اُن لوگوں کے لئے ہیں جن کو حضرت علی علیہ السلام پسند فرماتے ہوں یہ نہ نام نہاد شیعوں کے لئے ہیں اور نہ نام نہاد مسلمانوں کے لئے ہیں۔ یہ وعدے اُن ہی مومنین کے لئے ہیں جن کو بستر پر مرنے کے بعد بھی شہید فرمایا ہے (جملہ 40) اور شرط یہ لگائی ہے کہ وہ مومنین جو اللہ، رسولؐ اور اہلبیت علیہم السلام کے حقوق کی معرفت رکھتے ہوں گے بستری موت سے بھی شہید مریں گے یعنی مرتے ہی زندۂ جاوید ہو جائیں گے اور امام زمانہ حضرت حجۃ علیہ السلام کے نظام میں داخل ہو جائیں گے اور اللہ کی تمام کھانے پینے اور پہننے والی نعمتوں سے مالا مال رہیں گے۔ یہاں یہ سن لیں کہ وہ لوگ جو صرف اللہ کو مانتے ہیں اور اہل بیت رسولؐ کی نفی کرتے ہیں اُن کے عقائد و اعمال صفر سے ضرب کھا کر یہیں اسی دنیا میں صفر ہو جاتے ہیں اور آخرت میں وہ دشمنانِ خدا کی حیثیت میں محشور ہوں گے اور ابدالآباد جہنم میں جلنا پُھنکنا اُن کے حصے میں آئے گا۔ شائد وہ بیان الامامت پڑھ کر باز آ جائیں اور توبہ کر لیں اور اہلبیت علیہم السلام سے وابستہ ہو جائیں۔ آمین۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر:189

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 233

# خُطبہ ﴿234﴾

**1۔نظام مشاورت اور ملاؤں سے تبرا۔2۔مخالفین کو ہمنوا بنانے کی تاکید۔3۔تقویٰ پر زور اور تاکید۔4۔بناوٹی بڑوں کو بڑا نہ گردانو۔5۔دنیا کی مذمت۔6۔اپنے ہاتھ چبانے والوں کا حال اور قسمیں (فرقان 29-25/27)۔**

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | |
|---|---|---|
| اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الۡفَاشِیۡ ؛ | 1 | تمام حمد وستائش اللہ کے لئے ہے جس کی حمد ہمہ گیر ہے۔ |
| وَالۡغَالِبِ جُنۡدُہٗ ؛ | 2 | اور جس کی فوج غالب ہے۔ |
| وَالۡمُتَعَالِیۡ جَدُّہٗ ؛ | 3 | اور جس کی عزت وشان بلند ہے۔ |
| اَحۡمَدُہٗ عَلٰی نِعَمِہِ التُّؤَمِ وَالۡاٰئِہِ الۡعِظَامِ ؛ | 4 | میں اس کی مسلسل نعمتوں پر اور عظیم الشان عطیات پر اس کی حمد وثنا کرتا ہوں۔ |
| اَلَّذِیۡ عَظُمَ حِلۡمُہٗ فَعَفَا وَعَدَلَ فِیۡ کُلِّ مَاقَضٰی وَعَلِمَ بِمَا یَمۡضِیۡ وَمَامَضٰی ؛ | 5 | وہی ہستی ہے جس کی بردباری عظیم ہے۔اور اس نے درگزر کرنا اختیار کیا ہوا ہے۔اور اس نے جتنے فیصلے کئے ہیں سب عدل پر مبنی ہیں۔وہ تمام گزری ہوئی اور گزرنے والی چیزوں کا علم رکھتا ہے۔ |
| مُبۡتَدِعِ الۡخَلَائِقِ بِعِلۡمِہٖ وَمُنۡشِئِہِمۡ بِحُکۡمِہٖ بِلَا اِقۡتِدَاءٍ وَّتَعۡلِیۡمٍ ؛ | 6 | اس نے اپنے علم سے مخلوقات کی ابتدا اور ایجاد کی ہے اور اپنے حکم کی قوت سے ان کا انشاء اور نشو ونما کیا ہے۔اس تخلیق میں نہ کسی کی پیروی کی نہ کسی سے تعلیم حاصل کی۔ |
| وَلَااحۡتِذَاءٍ لِّمِثَالِ صَانِعٍ حَکِیۡمٍ ؛ | 7 | اور نہ کسی کاریگر سے نمونہ اور مثال حاصل کی۔ |
| وَلَا اِصَابَۃِ خَطَاءٍ ؛ | 8 | اور نہ کوئی غلطی سرزد ہوئی۔ |
| وَلَاحَضۡرَۃِ مَلَاءٍ ؛ | 9 | اور نہ ملاؤں اور مشورہ دینے والوں کو حاضر رکھا۔ |
| وَاَشۡہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ ابۡتَعَثَہٗ وَالنَّاسُ یَضۡرِبُوۡنَ فِیۡ غَمۡرَۃٍ وَیَمُوۡجُوۡنَ فِیۡ حَیۡرَۃٍ | 10 | اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے بندے اور اس کے رسولؐ ہیں۔جن کو اس وقت مبعوث کیا گیا تھا جب لوگ لاعلمی اور جہالت میں سرگرداں تھے اور حیرت میں غوطے کھا رہے تھے۔ |
| قَدۡ قَادَتۡہُمۡ اَزِمَّۃُ الۡحِیۡنِ وَاسۡتَغۡلَقَتۡ عَلٰی اَفۡئِدَتِہِمۡ اَقۡفَالُ الرَّیۡنِ ؛ | 11 | بدبختی اور تباہی کی لگامیں ان کی قیادت کرتے ہوئے انہیں کھینچے لئے جا رہی تھیں اور ان کے دلوں پر زنگ اور کدورت کے تالے پڑے ہوئے تھے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اُوْصِيْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّهَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ الْمُوْجِبَةُ عَلَى اللّٰهِ حَقَّكُمْ | 12 | اے بندگان خدا میں تمہیں اللہ کا تقویٰ اختیار کرنے کی وصیت کرتا ہوں یقیناً تم پر تقویٰ کرنا اللہ کا حق ہے ۔۲۔اور تقویٰ تمہارے حقوق کو اللہ پر واجب الادا کرنے کا ذریعہ ہے۔ |
| وَاَنْ تَسْتَعِيْنُوْا عَلَيْهَا بِاللّٰهِ وَتَسْتَعِيْنُوْا بِهَاعَلَى اللّٰهِ ؛ | 13 | اور یہ کہ متقی بننے کے لئے اللہ سے مدد و اعانت مانگو اور اللہ کی قربت حاصل کرنے کے لئے تقویٰ سے مدد مانگو۔ |
| فَاِنَّ التَّقْوٰى فِى الْيَوْمِ الْحِرْزُ وَالْجُنَّةُ ؛ | 14 | چنانچہ تقویٰ آج دنیا میں محافظ اور سپر یا ڈھال ہے۔ |
| وَفِىْ غَدِالطَّرِيْقُ اِلَى الْجَنَّةِ ؛ | 15 | اور کل آخرت میں جنت کی طرف لے جانے والا راستہ یا طریقہ ہے۔ |
| مَسْلَكُهَا وَاضِحٌ ؛ وَسَالِكُهَا رَابِحٌ وَمُسْتَوْدَعُهَا حَافِظٌ ؛ | 16 | تقویٰ کا مسلک و مذہب واضح ہے ۔2۔اور اس پر چلنے والا نفع میں ہے ۔ 3۔اور تقویٰ جس کی امانت ہے وہ (خدا) متقی کا محافظ ہے۔ |
| لَمْ تَبْرَحْ عَارِضَةً نَفْسَهَا عَلَى الْاُمَمِ الْمَاضِيْنَ وَالْغَابِرِيْنَ لِحَاجَتِهِمْ اِلَيْهَا غَدًا اِذَا اَعَادَاللّٰهُ مَا اَبْدَىٰ وَاَخَذَمَا اَعْطَى وَسَالَ عَمَّا اَسْدَىٰ ؛ | 17 | تقویٰ نے خود کو گزر چکنے والی امتوں پر بھی پیش کیا تھا اور پیچھے رہ جانے والی امتوں پر بھی پیش کیا تھا اس لئے کہ ان سب کو تقویٰ کی مدد کی اس وقت ضرورت پیش آنا ہے جب کل یعنی قیامت میں اللہ اپنی مخلوقات کو پلٹائے گا اور جو کچھ انہیں دے رکھا تھا واپس لے گا اور اپنی بخشی ہوئی چیزوں کے بارے میں مواخذہ کرے گا۔ |
| فَمَا اَقَلَّ مَنْ قَبِلَهَا وَحَمَلَهَا حَقَّ حَمْلِهَا ؛ | 18 | کتنے کم ہیں تعداد میں وہ لوگ جنہوں نے تقویٰ کو قبول کیا اور صحیح طریقے سے تقویٰ پر عمل کرنے کا حق ادا کیا؟ |
| اُولٰئِكَ الْاَقَلُّوْنَ عَدَدَ ؛ وَهُمْ اَهْلُ صِفَةِ اللّٰهِ سُبْحَانَهُ اِذْيَقُوْلُ : | 19 | وہ متقی گنتی اور شمار کے حساب سے بہت ہی کم ہیں اور اللہ نے ان کے سلسلے میں فرمایا بھی یہی تھا کہ: |
| " وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِىَ الشَّكُوْرُ" | 20 | ''میرے بندوں میں شکر گزار بندے بہت کم ہیں (34/13، سورہ سبا) |
| فَاَهْطِعُوْا بِاَسْمَاعِكُمْ اِلَيْهَا وَوَاكِظُوْابِجِدِّكُمْ عَلَيْهَا ؛ | 21 | لہٰذا تم لوگ تقویٰ کی پکار پر کان لگانے میں جلدی کرو اور اپنی تمام کوشش اور توجہ اس پر عمل کرنے میں صرف کردو۔ |
| وَاعْتَاضُوْهَا مِنْ كُلِّ سَلَفٍ خَلَفًا وَمِنْ كُلِّ مُخَالِفٍ مُّوَافِقًا ؛ | 22 | اور اسے ماضی میں گزری ہوئی کوتاہیوں کے بدلے میں استعمال کرو اور ہر مخالفت کرنیوالے کے مقابلے میں تقویٰ کو لا کر مخالف کو اپنا موافق اور ہمنوا بنالو |
| اَيْقِظُوْا بِهَانَوْمَكُمْ وَاقْطَعُوْابِهَا يَوْمَكُمْ ؛ | 23 | اور تقویٰ کے ذریعہ سے اپنی نیند کو بیداری میں تبدیل کرلو اور اس کے ذریعہ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | سے اپنے دن گزارا کرو۔ |
| وَاَشْعِرُوْهَا قُلُوْبَكُمْ ؛ | 24 | اوراسے اپنے دلوں کا شعوراور شعار بنالو۔ |
| وَارْحَضُوْا بِهَا ذُنُوْبَكُمْ ؛ | 25 | اوراپنے گناہوں کواس سے دھوڈالواور |
| وَدَاوُوْا بِهَا الْاَسْقَامَ ؛ | 26 | تقویٰ ہی سے اپنے نقائص کا معالجہ کرو۔ |
| وَبَادِرُوْا بِهَا الْحِمَامَ ؛ | 27 | اورموت کی تاریکی سے بچنے کے لئے تقویٰ میں سبقت کرو۔ |
| وَعْتَبِرُوْا بِمَنْ اَضَاعَهَا ؛ | 28 | اورتقویٰ کوضائع کرنے والوں سے سبق لینا چاہئے۔ |
| وَلَايَعْتَبِرَنَّ بِكُمْ مَّنْ اَطَاعَهَا ؛ | 29 | ایسا نہ ہوکہ تم بھی تقویٰ کوضائع کرواورلوگ تم سے عبرت حاصل کریں۔ |
| اَلَا فَصُوْنُوْهَا وَتَصَوَّنُوْا بِهَا ؛ وَكُوْنُوْا عَنِ الدُّنْيَا نُزَّاهًا ؛ وَاِلَى الْاٰخِرَةِ وُلَّاهًا ؛ | 30 | خبردارتمہیں تقویٰ کی حفاظت کرنا چاہئے تاکہ تم تقویٰ سے خودہی اپنی حفاظت کراسکودنیا سے بچ کررہواورآخرت سے والہانہ طور پروابستگی اختیارکرو۔ |
| وَلَا تَضَعُوْا مَنْ رَّفَعَتْهُ التَّقْوٰى ؛ | 31 | اورجسے تقویٰ نے بلندکیا ہواسے ضائع نہ کرو۔(حقیرنہ سمجھو) |
| وَلَا تَرْفَعُوْا مَنْ رَّفَعَتْهُ الدُّنْيَا ؛ | 32 | اورجسے دنیانے بلندی دی ہےاسے کبھی بلندنہ کرو۔(اسے حقیروادنیٰ سمجھو) |
| وَلَا تَشِيْمُوْا بَارِقَهَا وَلَا تَسْمَعُوْا نَاطِقَهَا وَلَاتَجِيْبُوْا نَاعِقَهَا ؛ | 33 | اوردنیاکے بجلیاں چمکانے والے بادلوں سے سیرابی کی آس نہ لگانا۔اوراس کی باتوں کااثرنہ لینا۔اورنہ دنیا کی طرف بلانے والے کی دعوت قبول کرنا۔ |
| وَلَاتَسْتَضِيْئُوْا بِاَشْرَاقِهَا وَلَا تُفْتَنُوْا بِاَعْلَاقِهَا ؛ | 34 | اورنہ دنیا کی جگمگاہٹ سے روشنی حاصل کرو۔اورنہ اس کے سامان کی عمدگی پر فریفتہ ہوجاؤ۔اوریہ اس لئے کہ: |
| فَاِنَّ بَرْقَهَا خَالِبٌ وَنُطْقَهَا كَاذِبٌ وَاَمْوَالَهَا مَحْرُوْبَةٌ وَاَعْلَاقَهَا مَسْلُوْبَةٌ ؛ | 35 | اس کی بجلیاں صرف دکھاوے کی ہیں۔اسکی تمام باتیں جھوٹی ہیں۔اس کا مال ودولت غارت ہونے والا ہے۔اوراس کا عمدہ سامان چھن جانے والا ہے۔ |
| اَلَا وَهِيَ الْمُتَصَدِّيَةُ الْعَنُوْنُ وَالْجَامِحَةُ الْحَرُوْنُ ؛ وَالْمَائِنَةُ الْخَؤُوْنُ ؛ | 36 | خبردار رہوکہ یہ دنیابدمعاش عورت کی طرح لبھا کرمنہ موڑ لینے والی ہے۔اور سرکش گھوڑے کی طرح اڑیل ہے۔اوربڑی جھوٹی اورخیانت کار ہے۔ |
| وَالْجَحُوْدُ الْكَنُوْدُ وَالْعَنُوْدُ الصَّدُوْدُ وَالْحَيُوْدُ الْمَيُوْدُ ؛ | 37 | جان بوجھ کرہٹ دھرمی کرنے اورجھگڑنے والی ہے۔اورعنادوکینہ رکھنے والی اورناشکرگزار ہے۔اورسیدھے راستے پرنہ چلنے والی کجرواورانتقام کے لئے تیاریاں کرنے والی ہے۔ |
| حَالُهَا انْتِقَالٌ وَطُاَتُهَا زَلْزَالٌ ؛ وَعِزُّهَا ذُلٌّ وَجِدُّهَا هَزْلٌ وَعُلُوُّهَا سُفْلٌ دَارُهَا حَرَبٌ | 38 | اس کا حال ہی یہ ہے کہ ایک کولبھانا اوردوسرے کے پاس منتقل ہوجانا اوراس کا ہرقدم زلزلہ انگیز ہے۔اس کی فراہم کردہ عزت دراصل ذلت ہے۔اس کی سعی |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وسَلْبٍ وَنَهْبٍ وَّعَطَبٍ ؛ | | اور کوشش بازیگری اور مذاق ہے۔اور اس کی عطا کردہ بلندی پستی ہے۔اس کا علاقہ اور گھر جنگ ولوٹ مار کی جگہ ہے اور تاراجی وتباہی کی جگہ ہے''۔ |
| اَهْلُهَا عَلٰى سَاقٍ وَّسِيَاقٍ ؛ وَّلِحَاقٍ وَّفِرَاقٍ ؛ | 39 | اس کے باشندے سامان باندھے سفر کے انتظار میں پابہ رکاب کھڑے ہیں۔ ملاقاتوں اور جدائی میں الجھے ہوئے ہیں۔ |
| قَدْتَحَيَّرَتْ مَذَاهِبُهَا ' وَاَعْجَزَتْ مَهَارِبُهَا ؛ وَخَابَتْ مَطَالِبُهَا ؛ | 40 | اس کے مذاہب حیرت خیز ہیں۔اوران مذاہب سے بھاگنے والے عاجز ہو چکے ہیں۔اور منصوبے اور مقاصد اور مطالبات نامراد ونا کام ہیں۔ |
| فَاَسْلَمَتْهُمُ الْمَعَاقِلُ وَلَفَظَتْهُمُ الْمَنَازِلُ وَاَعْيَتْهُمُ الْمَحَاوِلُ ؛ | 41 | دنیا کی پناہ گاہوں اور گھاٹیوں نے پناہ لینے والوں کو بے یار و مددگار چھوڑا ہوا ہے۔اوران کے گھروں اور منزلوں نے انہیں لفظوں کی طرح (منہ سے) نکال دیا ہے۔ان کی دانشوری نے انہیں ناکام ونا کارہ کر دیا ہے۔ |
| فَمِنْ نَاجٍ مَعْقُوْرٍ وَلَحْمٍ مَجْزُوْرٍ وَشِلْوٍ مَذْبُوْحٍ وَدَمٍ مَّسْفُوْحٍ ؛ | 42 | اور جو بچے ہوئے باقی لوگ ہیں ان کے ٹخنے کٹے ہوئے۔گوشت کے لوتھڑے ہیں۔کھالیں اتری ہوئی کٹے ہوئے جسم اور بہتے ہوئے خون ہیں۔ |
| وَعَاضٍّ عَلٰى يَدَيْهِ وَصَافِقٍ بِكَفَّيْهِ وَمُرْتَفِقٍ بِخَدَّيْهِ وَزَارٍ عَلٰى رَأْيِهٖ ؛ وَرَاجِعٍ عَنْ عَزْمِهٖ وَ قَدْاَدْبَرَتِ الْحِيْلَةُ ؛ وَاَقْبَلَتِ الْغِيْلَةُ ؛ وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ؛ | 43 | کچھ اپنے ہاتھ چبانے والے (فرقان 25/27)۔کچھ افسوس سے ہاتھ ملنے والے ہیں۔کچھ رنج سے کہنیوں پر گال ٹکائے ہوئے ہیں۔کچھ اپنی رائے، اجتہاد اور فیصلوں پر نالاں ہیں۔کچھ اپنے ارادوں سے باز آرہے ہیں۔اب مکر اور حیلے بے کار ہو چکے اور ناچار پلٹ رہے ہیں۔اور مصیبت ناک نتائج سامنے آ کھڑے ہوئے ہیں۔اوراب بھاگ نکلنے کا موقعہ نہیں رہا ہے۔ |
| هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ قَدْ فَاتَ مَافَاتَ وَذَهَبَ مَاذَهَبَ ؛ وَمَضَتِ الدُّنْيَا لِحَالِ بَالِهَا ؛ | 44 | افسوس ہزار افسوس جو ہاتھ سے جاتا رہا وہ تو جاتا ہی رہا ہے اور جو مواقع ہاتھ سے نکل گئے وہ تو نکل چکے ہیں اور دنیا اپنی پسندیدہ روش کیساتھ گزری چلی گئی ہے۔ |
| '' فَمَابَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ (دخان 44/29) | 45 | چنانچہ دنیا پرستوں کی ہلاکت پر نہ آسمان رویا اور نہ زمین نے اپنے باشندوں کی تباہی پر گریہ کیا۔ |

## تشریحات:

حضرت علی علیہ السلام نے تخلیق کائنات کو تقریباً تمام ہی خطبات میں کم وزیادہ بیان فرمایا ہے اور اس حقیقت پر بہت زور دیا ہے کہ اللہ نے تخلیق کائنات میں نہ کسی سے مدد لی نہ کسی نمونے اور مثال کی نقل کی نہ اللہ کو ایسا کرنے کی احتیاج وضرورت تھی۔اور اس حقیقت کو تمام اہل مذاہب بھی اپنے طریقے سے اور اپنے اپنے الفاظ میں مانتے ہیں۔اگر نہ مانیں تو یہ ماننا پڑے گا کہ اللہ سے یا خالق کائنات سے عقل وقدرت و

Presented by Ziaraat.Com

اختیار میں کوئی اور ہستی بڑھ کر ہے اور یہ مانتے ہی اللہ کی ذات میں سینکڑوں عیب اور کمزوریاں ماننا پڑیں گی جس کے لئے اہل مذاہب تیار نہیں ہیں۔ سوال یہ ہوگا کہ ہم نے اس پہلو کو پہلے کیوں بیان نہیں کیا؟ جواب یہ ہے کہ اللہ کی یہ پوزیشن مسلم ہے اور دوسرا جواب یہ ہے کہ اس خطبے میں حضرت علی علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا ہے کہو: وَلَا اِصَابَةِ خَطَاءٍ وَّ لَا حَضْرَةِ مَلَاءٍ (9۔8)

" کار تخلیق میں نہ اللہ سے کوئی خطا سرزد ہوئی اور نہ اُس نے مُلّاؤں، مشیروں اور سرداروں کو حاضر رکھا تھا۔"

یہ آٹھواں اور نواں جملہ تھا جن کی وجہ سے ہمیں یہاں خیال آیا کہ یہاں یہ عنوان قائم کیا جائے کہ:

**2۔ اللہ کے جانشینوںؑ، انبیاءؑ و رُسلؑ، خلفاؑ اور آئمہؑ کو اللہ کی موجودگی میں کسی مخلوق سے راہنمائی درکار نہیں۔**

اللہ کی ہدایت کاری و راہنمائی اور تعلیم و تربیت کے باوجود اور ہر لمحہ اللہ سے رابطہ کے ہوتے ہوئے یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے کہ یہ حضراتؑ کسی مخلوق سے مشورہ کرنے یا ہدایت حاصل کرنے کے محتاج ہوں۔ لہٰذا کسی نبیؑ یا رسولؑ یا خلیفہؑ خداوندی یا امامؑ کو انسانوں سے راہنمائی حاصل کرنے کا محتاج ماننا ویسا ہی ہے جیسے اللہ کو کسی نمونے یا مثال کی اقتداء کرنے کا محتاج ماننا ہے اور جس طرح ایسا ماننے والا کافر اور منکر خداوندی ہے اُسی طرح انبیاءؑ کو لوگوں کے مشوروں کا محتاج ماننا' ماننے والوں کی بے دینی اور کفر کا ثبوت ہے۔ اور ہم نے اس دلیل کو اب تک استعمال نہ کیا تھا لہٰذا یہ عنوان قائم کرنا اور اس پہلو کو سامنے لانا ضروری ہوگیا تھا۔ لہٰذا حضورؑ علیہ السلام کا یہ جملہ بھی تائید کے لئے دوبارہ پڑھیے کہ:

مُبْتَدِعِ الْخَلَائِقِ بِعِلْمِهٖ ،وَمُنْشِئِهِمْ بِحُكْمِهٖ ، بِلَا اِقْتِدَاءٍ وَّ تَعْلِيْمٍ (6)

۔"اُس نے اپنے علم سے مخلوقات کی ابتدا اور ایجاد کی تھی اور اپنے حکم کی قوت سے اُن کا انشا اور نشو ونما کیا تھا۔ اس تخلیق میں نہ کسی کی پیروی کی اور نہ ہی کسی سے تعلیم حاصل کی۔"(6)

لہٰذا جن حضرات علیہم السلام کو اللہ نے خود براہ راست تعلیم دی ہو۔ انہیں اللہ کے سوا نہ کسی سے تعلیم کی احتیاج ہوسکتی ہے نہ ہدایت کی اور نہ وہ کسی کے پیرو اور مقتدی ہوسکتے ہیں۔ اُن کے زمانے کے تمام انسان اور جنّات اُن کے محتاج اور پیرو ہوتے ہیں۔ لہٰذا قارئین یہ نوٹ کریں کہ یہ عقیدہ اور تصور باطل ہے خود ساختہ ہے اور قرآن کا مخالف کہ نبیؐ اللہ کے سوا کسی اور سے بھی تعلیم و ہدایات حاصل کرتا ہے یا کرسکتا ہے۔ وہ صرف اُن ہی سے تعلیم و ہدایات حاصل کرے گا جن کی تعلیم و ہدایات اللہ کی تعلیم و ہدایات ہوگی اور وہ بھی اللہ کے حکم سے حاصل کرے گا۔

**3۔ انبیاؑ کی تعلیم و تربیت براہ راست اللہ تعالیٰ کرتا ہے۔ اُن کا ہر کام اور ہر بات اللہ کی نگرانی میں رہتی ہے۔**

بہر حال قرآن کریم سے ثابت ہے کہ انبیاؑ کی تعلیم و تربیت اللہ کی ذاتی ذمہ داری ہے اس پر چند مقامات دیکھیں۔

**(1) کشتی بنانا سکھایا:**

حضرت نوح علیہ السلام سے کشتی بنوائی تو فرمایا کہ :فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا(27/23)(37/11)

**مودودی:۔** "ہم نے اُس پر وحی کی کہ ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی کے مطابق کشتی تیار کر۔" (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 275، جلد 2 صفحہ 337)

**2۔ انبیاؑ کی پرورش:** "وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مُحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ (طٰهٰ 39/20)

**مودودی۔** "میں نے اپنی طرف سے تجھ پر محبت طاری کر دی اور ایسا انتظام کیا کہ تو (موسیٰؑ) میری نگرانی میں پالا جائے۔"

(تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 94۔93)

Presented by Ziaraat.Com

**3۔ تعلیم وتربیت۔**

وَیُعَلِّمُهُ الْکِتٰبَ و الْحِکْمَةَ و التّوراةَ وَ الْاِنْجِیْلَ (3/48)

**مودودی۔** ''اور اللہ اسے (عیسیٰؑ) کتاب کی تعلیم دے گا توریت اور انجیل کا علم سکھائے گا۔'' اور بنی اسرائیل کی طرف اپنا رسولؑ مقرر کرے گا۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 252)

**4۔ انبیاؑ کو اپنی ذات کے لئے بنایا جاتا ہے۔** وَاصْطَنَعْتُکَ لِنَفْسِیْ (20/41)

**مودودی۔** ''اے موسیٰؑ میں نے تجھ کو اپنے کام کا بنایا ہے۔ (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 94)

یہ ترجمہ غلط ہے صحیح یوں ہے کہ۔ ''اے موسیٰؑ میں نے تجھے اپنی ذات کے لئے ایجاد کیا ہے''

**5۔ محمدؐ ہر لحہ اللہ کی آنکھوں کے سامنے یا نگرانی میں رہے۔** وَاصْبِرْ لِحُکْمِ رَبِّکَ فَاِنَّکَ بِاَعْیُنِنَا ۔الخ (52/48)

**مودودی۔** ''اے نبیؐ اپنے رب کا فیصلہ آنے تک صبر کرو تم ہماری نگاہ میں ہو۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 184)

یہ ترجمہ غلط ہے۔ اوپر مذکور آیات میں لفظ بِاَعْیُنِنَا کا ترجمہ۔ ''ہماری نگرانی میں۔'' کیا ہے۔ یہ خبیث مولوی جہاں تک ممکن ہو غلط ترجمہ کرنے کا عادی ہے اسی لئے اس نے ترجمہ کا طریقہ چھوڑ کر تفہیم کا طریقہ نکالا ہے تاکہ جہاں جو تصور چاہے قرآن میں اضافہ یا کمی کر دے۔ بہر حال یہ پانچ مقامات یہ فیصلہ کر دیتے ہیں کہ انبیا علیہم السلام کی پیدائش، پرورش، تربیت اور تعلیم اور کام کاج سب اللہ کرتا ہے انہیں اپنے لئے ایجاد کرتا ہے اور انہیں ہر لحہ اپنی نگرانی میں رکھتا ہے۔ لہٰذا انہیں کسی غیر خدا سے کوئی راہنمائی حاصل کرنے کی نہ احتیاج ہوتی ہے نہ فرصت ہوتی ہے اور یہ منشا و مقصد تھا مذکورہ پہلو کو اور اللہ کی صفات کو سامنے لانے کا۔

**4۔ تقویٰ بھی بار بار خطبات میں آیا ہے مگر اب تقویٰ سے ماضی کی اصلاح مقصود ہے۔**

شائد ہی کوئی ایسا خطبہ گزرا ہو جس میں تقویٰ کا بالکل بھی ذکر نہ فرمایا ہو۔ بلکہ ہم نے یہ دیکھا ہے کہ پورے پورے خطبات تقویٰ کی ماہیت وعظمت واثر انگیزی اور تاکید پر گزرتے رہے ہیں۔ مگر اس خطبے میں تقویٰ کو پالیسی اور اسلامی مقاصد کو محفوظ رکھنے کے لئے بطور مددگار بیان فرمایا ہے اور جس سے تقویٰ اور تقیہ کا رشتہ اور تعلق واضح ہو جاتا ہے اور ہماری خصوصی توجہ چاہتا ہے تاکہ عوام الناس بھی اس اہم ترین پہلو پر عمل کر سکیں اور حق وصداقت کو باطل پرستوں سے بچا کر منزل مقصود تک پہنچ سکیں اور اُن کی کھڑی کی ہوئی تمام رکاوٹوں کو غیر محسوس طریقوں سے ہٹاتے چلے جائیں گے اور تصادم کے بغیر غالب آجائیں۔

**5۔ اسلامی پالیسی اور مقصد کو مخالفوں سے محفوظ رکھنے کے متعلق خطبے کے جملے۔**

یہاں حضورؐ کے وہ جملے دوبارہ پڑھئے جن سے دشمنانِ دین کو مخالفت میں ناکام ونامراد کیا جائے گا۔ فرمایا ہے کہ:

وَاعْتَاضُوْهَا مِنْ کُلِّ سَلَفٍ خَلَفاً وَّ مِنْ کُلِّ مُخَالِفٍ مُوَافِقاً .

۔''اور تقویٰ کو ماضی میں گزری ہوئی کوتاہیوں کے بدلے میں استعمال کرو اور ہر مخالفت کرنے والے کے مقابلے میں تقویٰ کو لا کر مخالف کو اپنا ہمنوا اور طرف دار بنالو۔'' (22)

پالیسی میٹر (Policy Matter) سے متعلق اور بھی چند جملے سامنے لائے جائیں گے پہلے اس پہلے جملے کو واضح کر لیجیے۔ اس جملے

Presented by Ziaraat.Com

میں جملے کا جوہر یہ ہے کہ مخالف کوئی ہو، کسی قسم کا ہو اُسے اپنا طرفدار اور ہمنوا بنا کر چھوڑنا ہے۔ اور اپنی تمام سابقہ کوتاہیوں کو مستعد اعمال میں تبدیل کر دینا ہے اور اِن دونوں مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے تقویٰ کی مدد حاصل کرنا ہے۔ یہاں یہ سوال خود بخود پیدا ہوتا ہے کہ۔ ''تقویٰ کیا ہے؟''۔ اور جواب بھی خود بخود یہ ہے کہ ۔''ہر وہ بات اور ہر وہ عمل تقویٰ ہے جس سے یہ مقاصد حاصل ہو جائیں۔''

اب یہ دیکھنا ہے اور سمجھنا باقی رہ جاتا ہے کہ ہمارا مخالف کون ہے؟ اور ہم سے مخالفت کیوں اور کس معاملے میں ہے؟ ان دونوں سوالات کا جواب اس بات کو سمجھنے سے مل جائے گا کہ ہمیں ہدایات دینے والے حضرت علی علیہ السلام ہیں اور مخالف کو ہمنوا بنانے کے وہ بھی حضرت علی علیہ السلام کا ویسا ہی طرفدار بن جائے گا جیسے طرفدار ہم ہیں۔ یعنی ہم سے مخالفت حضرت علی علیہ السلام کی وجہ سے کی جاتی ہے۔ لہٰذا مخالفت یہ ہے کہ ہم حضرت علیؑ کے طرفدار ہیں اور حضرت علیؑ کے مشن کی کامیابی چاہتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں اُن لوگوں کے مخالف ہیں جنہوں نے حضرت علی علیہ السلام کو خلیفہ، حکمران اور جانشین رسولؐ بنانے کے بجائے اپنی قومی حکومت بنالی تھی۔ یعنی ہم ابوبکر، عمر اور عثمان اور قریش اور قریشی پالیسیوں کے مخالف ہیں۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ مخالفت دین کے تصورات اور عقائد کی بنا پر ہے اور مخالف کو اپنا ہمنوا اور طرفدار بنانے کا کھلا مطلب و مقصد یہ ہے کہ ہم ابوبکر و عمر وغیرہ کے طرفداروں کو حضرت علی علیہ السلام کا طرفدار اور اپنی معصوم پالیسی کا ہمنوا بنالیں۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام ہمیں اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے پوری چھوٹ دے رہے ہیں اور اس سلسلے کی تمام باتوں، کوششوں اور اقدامات کو تقویٰ فرماتے ہیں اور ہمیں آزادی دیتے ہیں کہ ہم اِس مقدس مقصد کے لئے جو چاہیں کریں۔ وہ سب کچھ تقویٰ ہوگا یعنی ہم آزاد و مختار ہیں کہ اس مقصد کے لئے ہر وہ بات کریں اور ہر وہ قدم اُٹھائیں جو بظاہر عام احکامات کے خلاف ہو اور یہی تقیہ ہے۔ ہمارے لئے ضروری نہیں ہے کہ ہم باطل پرستوں اور جھوٹوں سے ہر حال میں سچ بولیں، ایفائے عہد کریں۔ لہٰذا ہمارے لئے جائز ہے کہ جھوٹوں سے جھوٹ بول دیں۔ غداروں سے غداری کر گزریں۔ دھوکا اور فریب کے طرفداروں کے ساتھ دھوکے اور فریب کا سلوک کریں۔ لُٹیروں کے طرفداروں کو ضرورت پڑنے اور مناسب موقع ملنے پر لوٹ لیں اور خاندانِ رسولؐ کا قتل عام کرنے اور کرانے والوں کے طرفداروں کو قتل یا قتل عام کر دیں اور ہمارے یہ تمام اعمال تقویٰ میں شمار ہیں۔

**6۔ ابوبکر و عمر یا قریش کے طرفداروں کا سچ اور نیکی و وفا اور خلوص نماز، روزہ اور عبادت دھوکہ اور فریب کی تائید میں جھوٹ اور فریب ہیں۔**

قریش اور قریش کے طرفداروں نے سارے قرآن کو جھٹلایا (6/66) لہٰذا اُن کا اور اُن میں سے کسی کا سچ بولنا سچ شمار نہیں اس لئے کہ وہ سچ بول کر باطل کی حمایت و پیروی کرانا چاہتے ہیں۔ قریش نے قرآن کو مجبور کر کے ساری امت کو فریب دیا اور اللہ کے یہاں دشمنانِ رسولؐ میں شمار ہوئے لہٰذا اُن کا یا اُن میں سے کسی کا دھوکہ اور فریب نہ دینا بھی دھوکہ اور فریب ہی ہے۔ اور اُس کا بنیادی سبب یہ ہے کہ قریش نے اور اُن کے ہم مسلک و ہم مذہب لوگوں نے اسلام کو بطور فریب اختیار کیا تھا یعنی لوگوں کو اسلام کے نام پر دھوکہ دیا جائے اور وہ تمام فوائد حاصل کئے جائیں جو مسلمان بن کر حاصل کئے جانا ممکن ہوں۔ لہٰذا وہ سچ اس لئے بولتے ہیں، نماز اس لئے پڑھتے ہیں کہ بھولے بھالے مومنین انہیں مسلمان سمجھیں حالانکہ وہ سب کچھ ہو سکتے ہیں مسلمان نہیں ہو سکتے وہ تو اللہ، رسولؐ اور علیؑ کے دشمن ہیں اور کامیاب دشمنی کے لئے مسلمان بنتے ہیں تاکہ اللہ و رسولؐ اور علیؑ کے حقوق پر قبضہ جمائے رکھیں۔ لہٰذا اُن کے سچے بھی جھوٹے ہیں اُن کے نمازی بھی بے دین ہیں۔ ہم ہر غیر مسلم کو غیر مسلم تو سمجھتے ہیں دشمنانِ خدا اور رسولؐ نہیں سمجھتے۔ غیر مسلموں کے ساتھ بہت پیار اسلوک کرنا ہم پر واجب ہے لیکن قریشی مسلمانوں کے ساتھ ہر وہ بدترین سلوک جائز سمجھتے ہیں جو اُنہوں نے قرآن اور حدیث اور خود اپنی تیار کردہ تاریخ کی رُو سے محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ اور حسنینؑ اور اُن کی اولاد اور پیروؤں کے ساتھ

Presented by Ziaraat.Com

صدیوں تک جاری رکھا تھا۔اور تقویٰ کے صحیح معنی یہی ہیں۔

**7۔ خطبے کے آخر میں (43) قریش کے سب سے بڑے ظلم اور ظالم کی یاد دلائی گئی ہے تا کہ ہمارا خون گرم رہے۔**

حضور علیہ السلام نے اپنے قارئین وسامعین کی توجہ سورہ فرقان (29 تا 27/25) کی طرف موڑ دی ہے (43) تا کہ ہم ابوبکر کا وہ بیان پڑھیں جو اُس نے بازپُرس کے روز اللہ اور ربّ الارض علیہ السلام کو دینا ہے وہ قرآن کی زبان میں **الظّٰلِمُ** ہے یعنی قیامت تک اسلام کے خلاف جتنے مظالم ہوئے اُن سب کا بانی مبانی اور ابتدا کرنے والا ابوبکر ہے۔وہ پیشی کے وقت اپنے ہاتھ چباتا ہوا آئے گا یہ وہی ہاتھ ہیں جن سے اُس نے بیعت لی تھی اور حضرت علی علیہ السلام کی جگہ خلیفہ بنا تھا۔وہ بتائے گا کہ اُس کے یار نے اُسے رسوؐل کے راستے سے ہٹایا اور اپنی راہ پر چلایا تھا۔کاش وہ اُس کو یار نہ بناتا اور کاش وہ رسوؐل کے راستے پر برقرار رہتا۔یہیں وہ اُس یار یعنی عمر کو شیطان قرار دیتا ہے۔(29 تا 27/25) اگلی آیات میں رسوؐل اللہ نے اللہ سے شکایت کی ہے کہ اَے میرے پروردگار بلاشبہ میری قوم نے قرآن کو مہجور کر کے قابو میں کر لیا ہے۔اللہ نے بتایا ہے کہ تیری قوم بھی سابقہ لوگوں کی طرح تیری دشمن ہے مجرم ہے اور اُس قوم کے مقابلے میں میں تمہاری نصرت اور راہنمائی کے لئے کافی ہوں (30۔31/25) یہاں پھر معلوم ہوا کہ رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ کے سوا کسی کی راہنمائی اور مشوروں کی احتیاج نہ تھی لہٰذا **شاورھم** والی آیت (159/3) میں بھی قریشی لیڈروں کے جرائم کو نظر انداز کرنے کی بات ہے نہ کہ مجرموں سے راہنمائی لینے کی۔یہ بھی قریش کا فریب ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر:190

علی نقی طہرانی :خطبہ نمبر: 234

# خُطبہ ﴿235﴾

اس خطبہ کا نام قَاصِعَہ لکھا ہوا چلا آ رہا ہے اور کسی کو یہ علم نہیں کہ یہ نام کس نے رکھا تھا چنانچہ یہ جملہ سنئے کہ :

"وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُسَمِّي هٰذِهِ الْخُطْبَةَ بِالْقَاصِعَةِ"

لوگوں میں سے کسی نے اس خطبے کا نام قَاصِعَہ رکھ دیا تھا"

1۔شیطان کی مذمت خاص طور سے اور قریش کی مذمت عام طور پر کی گئی ہے ۔2۔اسے سرکشوں کا اور تعصب برتنے والوں کا سرغنہ فرمایا۔3۔اس کی مومنیت اور عبادت کی مدت چھ ہزار(6000) سال بتائی ہے۔4۔شیطان سے ہوشیار رہنے کی وجوہات اور طریقے بتائے۔ 5۔مسلمانوں میں سے سرکش اور منہ زور لوگ شیطان کے فرمانبردار بن گئے تھے،مسلمانوں پر پورا پورا تسلط قائم کر لیا تھا ،مسلمانوں کو اپنے سیدوں اور بزرگوں کی پیروی سے روکا تھا۔ 6۔اسلام کے جھوٹے دعویدار موجود رہے ہیں شیطان ان کی زبان سے بولتا تھا تا کہ قوم کی عقلیں چھین لے ۔7۔موسیٰؑ اور ہارونؑ کا لباس فرعون کے دربار میں ۔ 8۔پھٹے حال میں رکھنے کا سبب؟غلبہ اور تسلط دینے کا نقصان ؟۔ 9۔پتھروں ( کعبہ ) سے آزمائش۔ 10۔ابراہیمؑ واسماعیلؑ واسحاقؑ کی اولاد کی باتیں ۔ 11۔عربوں کے وجود میں آنے کا قصہ۔ 12۔رسولؐ نے کیا کچھ عطا کیا ؟۔13۔اسلام کو خیر باد کہہ دیا گیا تھا۔14 ۔کفر کے غلبہ کی پیشگوئی۔15۔بچپن میں عربوں کے سینگ توڑنے کی بات۔16۔رسولؐ نے علیؑ کو کیا مقام دیا۔17۔عظیم فرشتہ بچپن سے ہمراہ تھا۔18۔درخت کا چل کر آنا ،کلمہ پڑھنا اور قریش کا جادوگر کہہ کر چل دینا۔

Presented by Ziaraat.Com

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | |
|---|---|---|
| اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ الَّذِیۡ لَبِسَ الۡعِزَّ وَالۡکِبۡرِیَاءَ ؛ | 1 | تمام حمد وثنا اس اللہ کے شایان شان ہے جو عزت اور کبریائی غلبہ اور بڑائی کا لباس پہنے ہوئے ہے۔ |
| وَاخۡتَارَھُمَا لِنَفۡسِہٖ دُوۡنَ خَلۡقِہٖ ؛ | 2 | اور جس نے عزت اور کبریائی کو مخلوق کے خلاف اپنی ذات کیلئے مخصوص کرلیا ہے۔ |
| وَجَعَلَھُمَا حِمًی وَّحَرَمًا عَلٰی غَیۡرِہٖ ؛ | 3 | اور اپنے سوا باقی سب کے لئے ممنوع اور حرام کر رکھا ہے۔ |
| وَاصۡطَفَاھُمَا لِجَلَالِہٖ ؛ | 4 | اور ان دونوں کو اپنی شان اور مرتبہ کے لئے مصطفیٰ بنایا ہوا ہے۔ |
| وَجَعَلَ اللَّعۡنَۃَ عَلٰی مَنۡ نَازَعَہٗ فِیۡھِمَا مِنۡ عِبَادِہٖ ؛ | 5 | اور ان سب کے لئے لعنت اور محرومی قرار دی ہے جو اس کے بندوں میں سے ان دونوں صفات میں تنازع کھڑا کرے۔ |
| ثُمَّ اخۡتَبَرَ بِذٰلِکَ مَلَائِکَتَہُ الۡمُقَرَّبِیۡنَ ؛ | 6 | پھر اللہ نے ان ہی دونوں چیزوں کے ذریعہ سے اپنی ذات سے قربت رکھنے والے فرشتوں کا امتحان لیا تھا۔ |
| لِیُمَیِّزَ الۡمُتَوَاضِعِیۡنَ مِنۡھُمۡ مِنَ الۡمُسۡتَکۡبِرِیۡنَ ؛ | 7 | تا کہ ان میں عاجزی اور انکساری کرنے والوں کو تکبر کرنے اور بڑائی چاہنے والوں سے الگ کردے۔ |
| فَقَالَ سُبۡحَانَہٗ وَھُوَ الۡعَالِمُ بِمُضۡمَرَاتِ الۡقُلُوۡبِ وَالۡمَحۡجُوۡبَاتِ الۡغُیُوۡبِ: اِنِّیۡ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنۡ طِیۡنٍ فَاِذَا سَوَّیۡتُہٗ وَنَفَخۡتُ فِیۡہِ مِنۡ رُّوۡحِیۡ فَقَعُوۡا لَہٗ سَاجِدِیۡنَ فَسَجَدَ الۡمَلَائِکَۃُ کُلُّھُمۡ اَجۡمَعُوۡنَ اِلَّاۤ اِبۡلِیۡسُ.<br>(سورہ صٓ 74تا38/71) | 8 | چنانچہ اس ذات پاک نے فرمایا تھا، حالانکہ وہ دل میں چھپی ہوئی باتوں سے اور غیب کے پردوں میں لپٹی ہوئی حقیقتوں سے واقف اور ان کا عالم ہے کہ، بلا شبہ میں ایک بشر کو طین سے پیدا کرنے والا ہوں۔ چنانچہ جیسے ہی میں اسے تیار کر کے سنوار کر موزوں صورت دے دوں اور اس میں اپنی روح میں سے کچھ داخل کر دوں تو تم اس کی عظمت کے لئے سجدے میں گرے ہوئے ملنا۔ چنانچہ تمام ملائکہ نے بیک وقت اجتماعی حیثیت سے سجدہ کیا مگر ابلیس نے سجدہ نہیں کیا تھا۔<br>(سورہ صٓ 74تا38/71) |
| اَعۡتَرَضَتۡہُ الۡحَمِیَّۃُ فَافۡتَخَرَ عَلٰۤی آدَمَ بِخَلۡقِہٖ ؛ | 9 | اسے اپنی خود فہمیدہ بڑائی کی بنا پر آدمؑ کو سجدہ کرنے میں عار اور غیرت آئی اور اس نے اپنے تخلیقی مادہ (آگ) کی وجہ سے آدمؑ پر اپنی بڑائی جتائی اور فخر کیا۔ |
| وَتَعَصَّبَ عَلَیۡہِ لِاَصۡلِہٖ ؛ | 10 | اور اپنی ناری اصلیت کی بنا پر اس نے تعصب سے کام لیا اور سجدہ نہ کیا (یعنی اللہ کے حکم کو بھی ٹھکرا دیا) |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَعَدُوُّ اللّٰهِ اِمَامُ الْمُتَعَصِّبِيْنَ وَسَلَفُ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ؛ | 11 | چنانچہ یہ دشمنِ خدا متعصب لوگوں کا امام بن گیا اور تکبر کرنے والوں کو پیش رو لیڈر ہو گیا۔ |
| الَّذِىْ وَضَعَ اَسَاسَ الْعَصَبِيَّةِ ؛ | 12 | یہ وہی ہستی ہے جس نے تعصب کی بنیاد رکھی۔ |
| وَنَازَعَ اللّٰهَ رِدَاءَ الْجَبَرِيَّةِ ؛ | 13 | اور اللہ سے اُس کی جبّاریت میں تنازع کیا تھا۔ |
| وَاَدْرَعَ لِبَاسَ التَّعَزُّرِ ؛ | 14 | اور خود ہی عزت و سربلندی کا لباس پہن لیا تھا۔ |
| وَخَلَعَ قِنَاعَ التَّذَلُّلِ؛ | 15 | اور بندہ ہونے کا لباسِ ذلت و خواری اتار پھینکا تھا۔ |
| اَلَاتَرَوْنَ كَيْفَ صَغَّرَهُ اللّٰهُ بِتَكَبُّرِهٖ ؛ وَضَعَهُ اللّٰهُ بِتَرَفُّعِهٖ ؟ ؛ | 16 | کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ نے کس طرح اسے تکبر کرنے کی بنا پر چھوٹا اور کم رتبہ بنایا اور۔ رفعت و بلندی کی جگہ اسے پست و بے عزت کیا؟ |
| فَجَعَلَهُ فِى الدُّنْيَا مَدْحُوْرًا ؛ | 17 | چنانچہ دنیا میں راندہ درگاہ قرار دیا۔ |
| وَاَعَدَّلَهُ فِى الْاٰخِرَةِ سَعِيْرًا ؛ | 18 | اور آخرت میں اس کے لئے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے۔ |
| وَلَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَخْلُقَ اٰدَمَ مِنْ ؛ نُوْرٍ يَّخْطَفُ الْاَبْصَارَ ؛ضِيَاؤُهٗ ؛ وَيَبْهَرُ الْعُقُوْلَ رُوَاؤُهٗ ؛وَطِيْبٍ يَاْخُذُ الْاَنْفَاسَ عَرْفُهٗ لَفَعَلَ ؛ | 19 | اور اگر اللہ نے یہ ارادہ کیا ہوتا کہ وہ آدمؑ کو ایسا بنا دے کہ ابلیس اس پر فخر نہ کر سکے تو اس نے آدمؑ کو ایسے نور سے پیدا کیا ہوتا کہ جس کی تابناکی سے ابلیس سمیت سب کی آنکھیں چندھیا جاتیں اور آدمؑ کی خوبصورتی عقلوں پر چھا جاتی اور ایسی خوشبو پھیلتی جو سانسوں کو قابو میں کر لیتی اور بلاشبہ اللہ آدمؑ کو ایسا ہی پیدا کر سکتا تھا۔ |
| وَلَوْفَعَلَ لَظَلَّتْ لَهُ الْاَعْنَاقُ خَاضِعَةً ؛ | 20 | اگر اللہ نے آدمؑ کو اس اہتمام سے پیدا کیا ہوتا تو آدمؑ کے سامنے سب کی گردنیں جھک جاتیں۔ |
| وَلَخَفَّتِ الْبَلْوٰى فِيْهِ عَلَى الْمَلَائِكَةِ ؛ | 21 | اور ایسا کرنے سے ملائکہ کی آزمائش بہت ہلکی پڑ جاتی اور وہ آدمؑ کو سجدہ کرنے میں رغبت محسوس کرتے۔ |
| وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ يَبْتَلِىْ خَلْقَهٗ بِبَعْضِ مَايَجْهَلُوْنَ اَصْلَهٗ تَمِيْزًا بِالْاِخْتِبَارِ لَهُمْ ؛ | 22 | ولیکن اللہ پاک نے مخلوقات کی آزمائش ان چیزوں سے کی ہے جن کی بنیاد و حقیقت سے وہ ناواقف ہوتے ہیں تاکہ اس آزمائش سے ان میں تمیز قائم ہو سکے |
| وَنَفْيًا لِّلْاِسْتِكْبَارِ ، عَنْهُمْ وَاِبْعَادًا لِلْخُيَلَاءِ مِنْهُمْ ؛ | 23 | اور اس طرح ان سے غرور و تکبر کی نفی کی جا سکے (یعنی انہوں نے بلا چون و چرا اللہ کا حکم مانا ہے) اور اس طرح یہ طے ہو جائے کہ وہ خود پسندی اور باطل حمیت سے بہت دور ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاعْتَبِرُوْا بِمَا كَانَ مِنْ فِعْلِ اللّٰهِ بِاِبْلِيْسَ ؛ | 24 | تم پر لازم ہے کہ تم اللہ کے اس سلوک سے سبق حاصل کرو جو اس نے ابلیس کے ساتھ کیا تھا۔ |
| اِذْ اَحْبَطَ عَمَلَهُ الطَّوِيْلَ ؛ وَجَهْدَهُ الْجَهِيْدَ ؛ | 25 | جب اللہ نے اس کی طویل اور بھرپور کوششوں اور عبادتوں کو ضبط وضائع کر دیا تھا۔ |
| وَكَانَ قَدْ عَبَدَاللّٰهَ سِتَّةَ اٰلَافِ سَنَةٍ ، لَايُدْرَىٰ أَمِنْ سِنِى الدُّنْيَا أَمْ مِنْ سِنِى الْاٰخِرَةِ عَنْ كِبَرِ سَاعَةٍ وَّاحِدَةٍ ؛ | 26 | اور اس نے یقیناً چھ ہزار سال اللہ کی عبادت کی تھی اور مادی دلیل و درایت سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ چھ ہزار سال ہماری اس دنیا والے سال تھے یا کہ وہ سال آخرت والے تھے۔ یہ ساری اطاعت اور عبادت ایک گھڑی کی بڑائی نے تباہ کر کے رکھ دی تھی۔ |
| فَمَنْ ذَا بَعْدَ اِبْلِيْسَ يَسْلَمُ عَلَى اللّٰهِ بِمِثْلِ مَعْصِيَتِهِ ؟ | 27 | چنانچہ ابلیس کے بعد کون ایسا شخص ممکن ہے جو ابلیس جیسی نافرمانی کرے اور اللہ کے عذاب اور گرفت سے محفوظ بھی رہ جائے؟ |
| كَلَّا مَا كَانَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ. لِيُدْخِلَ الْجَنَّةَ بَشَرًا بِاَمْرٍ اَخْرَجَ بِهِ مِنْهَا مَلَكًا ؛ | 28 | ہرگز کوئی ایسا شخص ممکن نہیں ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ اللہ پاک جس خطا کی سزا میں ایک بادشاہِ جنات کو جنت سے نکال باہر کرے اسی خطا پر ایک آدمی کو جنت میں داخل کر دے |
| اِنَّ حُكْمَهُ فِىْ اَهْلِ السَّمَآءِ وَاَهْلِ الْاَرْضِ لَوَاحِدٌ ؛ | 29 | **یقیناً اللہ کا حکم آسمانوں کے رہنے والوں کے لئے اور زمین کے باشندوں کے لئے ایک ہی ہے۔** |
| وَمَابَيْنَ اللّٰهِ وَبَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِهِ هَوَادَةٌ فِىْ اِبَاحَةِ حِمًى حَرَّمَهُ عَلَى الْعَالَمِيْنَ ؛ | 30 | اور اللہ کے اور اس کی مخلوقات میں سے کسی ایک کے درمیان ایسی گاڑھی محبت کا رشتہ نہیں ہے کہ جس کے لئے کسی ایسے ممنوعہ فعل کی اباحت یا جواز ہو جسے تمام کائنات کی مخلوقات کے لئے اس نے حرام کر رکھا ہو۔ |
| فَاحْذَرُوْا ۔عِبَادَاللّٰهِ۔عَدُوَّ اللّٰهِ اَنْ يُّعْدِيَكُمْ، بِدَائِهِ ؛ وَاَنْ يَّسْتَفِزَّكُمْ، بِنِدَائِهِ ؛ وَاَنْ يُّجْلِبَ عَلَيْكُمْ بِخَيْلِهِ وَرَجْلِهِ ؛ | 31 | چنانچہ اے اللہ کے بندو تم اللہ کے دشمن سے بچ کر رہا کرو ایسا نہ ہو کہ وہ تمہیں اپنی ایجاد کی ہوئی کوئی بیماری لگا دے اور یہ کہ وہ تمہیں کہیں اپنی دلکش ندا سے بہکا نہ دے۔ اور یہ کہ وہ تم پر اپنے سواروں اور پیدل فوج سے حملہ نہ کرا دے۔ |
| فَلَعَمْرِىْ لَقَدْ فَوَّقَ لَكُمْ سَهْمَ الْوَعِيْدِ ؛ | 32 | چنانچہ میں اپنی زندگی کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ابلیس نے اپنی شر انگیزی کے تیر کو اپنی کمان میں جوڑ رکھا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَغْرَقَ لَكُمْ بِالنَّزْعِ الشَّدِيْدِ ؛ وَرَمَاكُمْ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ؛ | 33 | اور اسے تمہاری طرف بڑے زور سے کھینچا ہوا ہے اور بہت نزدیک آ کر تمہارے اوپر چھوڑنے والا ہے۔ |
| وَقَالَ:".رَبِّ بِمَا اَغْوَيْتَنِىْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ (حجر 15/39) | 34 | اور شیطان نے کہا کہ ''اے میرے پروردگار چونکہ تو نے مجھے اغوا کیا ہے اب میں بھی زمین میں اولاد آدمؑ کے لئے اغوا کو زینت سے سجا کر پیش کروں گا اور ضرور ان سب کو اغوا کر کے چھوڑوں گا (15/39) |
| قَذْفًابِغَيْبٍ بَعِيْدٍ وَّرَجْمًابِظَنٍّ غَيْرِ مُصِيْبٍ | 35 | شیطان نے یہ دعویٰ علم غیب نہ ہوتے ہوئے بطور تہمت کیا تھا اور گمان کا نہ پہنچنے والا تیر مارا تھا۔ |
| صَدَّقَهُ بِهِ اَبْنَاءُ ، الْحَمِيَّةِ ؛ وَاِخْوَانُ ، الْعَصَبِيَّةِ وَفُرْسَانُ الْكِبْرِ وَالْجَاهِلِيَّةِ ؛ | 36 | مگر ابلیس کے اس دعویٰ کو ناحق کے غیرت مندوں نے سچا ثابت کر دکھایا اور ضد اور تعصب کے بھائیوں نے اور ایام جاہلیت کی بڑائی کے شہسواروں نے اس کا ساتھ دیا۔ |
| حَتّٰى اِذَا انْقَادَتْ لَهُ الْجَامِحَةُ مِنْكُمْ ؛ وَاسْتَحْكَمَتِ الطَّمَاعِيَةُ مِنْهُ فِيْكُمْ ؛ | 37 | یہاں تک کہ اس کی تصدیق کی کہ تم میں سے تمام سرکش لوگ اس کے پیرو ہو گئے اور یوں ابلیس کا تمہیں گمراہ اور بدراہ کرنے کا لالچ اور امید مستحکم ہو گئے۔ |
| فَنَجَمَتِ الْحَالُ مِنَ السِّرِّا الْخَفِيِّ اِلَى الْاَمْرِ الْجَلِيِّ ؛ | 38 | چنانچہ اصلی صورت حال پوشیدہ راز سے باہر نکل کر کھلی کھلی سامنے آ گئی اور اس کی اسکیم نمایاں ہو گئی۔ |
| اِسْتَفْحَلَ سُلْطَانُهُ ؛ عَلَيْكُمْ وَدَلَفَ بِجُنُوْدِهِ نَحْوَكُمْ ؛ | 39 | اور قریش پر اس کا پورا تسلط قائم ہے۔ اور وہ اپنی فوجوں کو لے کر تمہارے پاس آ گیا ہے۔ |
| فَاَقْحَمُوْكُمْ وَلَجَاتِ الذُّلِّ ؛ | 40 | اور اس کی فوجوں نے تمہیں ذلت کے غاروں میں ڈھکیل دیا ہے۔ |
| وَاَحَلُّوْكُمْ وَرَطَاتِ ، الْقَتْلِ وَاَوْطَأُوْكُمْ اِثْخَانَ الْجِرَاحَةِ : | 41 | اور تمہیں انہوں نے قتل و غارت کے بھنوروں میں پھنسا دیا ہے۔ اور پے در پے زخم لگا کر تمہیں زخموں سے مغلوب کر لیا ہے۔ |
| طَعْنًا فِىْ عُيُوْنِكُمْ ؛ وَحَزًّا فِىْ حُلُوْقِكُمْ ؛ وَدَقًّا لِمَنَاخِرِكُمْ ؛ وَقَصْدًالِّمَقَاتِلِكُمْ ؛ وَسَوْقًا بِخَزَائِمِ الْقَهْرِ اِلَى النَّارِ الْمُعَدَّةِ لَكُمْ ؛ | 42 | تمہاری آنکھوں میں نیزے گاڑ کر تمہارے گلے کاٹ کر۔ اور تمہارے ناک اور نتھنوں کو چیر کر اور تمہیں تمہاری قتل گاہ میں ڈالنے کے ارادے کے ساتھ تمہارے جوڑ و بند توڑ کر اور تمہاری ناک میں قہر و غضب کی نکیل ڈال کر تمہیں اس آگ کی طرف کھینچے لئے جا رہا ہے جو تمہارے ہی لئے تیار کی گئی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاَصْبَحَ اَعْظَمَ فِیْ دِیْنِکُمْ جَرْحًا ؛ وَ اَوْرٰی فِیْ دُنْیَاکُمْ ، قَدْحًا ؛ مِنَ الَّذِیْنَ اَصْبَحْتُمْ لَهُمْ ؛ مُنَاصِبِیْنَ وَعَلَیْهِمْ مُتَاَلِّبِیْنَ ؛ | 43 | لہٰذا تمہارے دین کو زخمی کرنے کے لئے شیطان اعظم شخص ہے اور تمہاری دنیا میں فتنہ اور فساد کی آگ بھڑکانے میں سب سے زیادہ آتش انگیز ہے۔ وہ تمہارے ان دشمنوں سے بھی زیادہ خطرناک ہے جن سے تم ٹکر لیتے رہتے ہو۔ اور ان کے خلاف دوسروں سے مدد طلب کرتے ہو۔ |
| فَاجْعَلُوْا عَلَیْهِ حَدَّکُمْ ، وَلَهُ جَدَّکُمْ | 44 | لہٰذا تمہیں چاہئے کہ تم اپنا سارا زور اور تمام قطع تعلق کی کوشش اسی کے خلاف مجتمع کر کے صرف کر دو۔ وہ تمہارا اس لئے بھی دشمن ہے کہ۔ |
| فَلَعَمْرُ اللّٰهِ لَقَدْ فَخَرَ عَلٰی اَصْلِکُمْ ،وَوَقَعَ فِیْ حَسَبِکُمْ ، وَدَفَعَ فِیْ نَسَبِکُمْ | 45 | خدا کی قسم ابلیس نے تمہاری بنیاد آدمؑ پر فخر کیا اور انہیں حقیر سمجھا۔ اور تمہارے مقام و منزلت پر اس نے زبان درازی کی تھی۔ اور تمہارے نسب کو گھٹیا اور پست قرار دیا تھا۔ |
| وَاَجْلَبَ بِخَیْلِهٖ ، عَلَیْکُمْ ؛ وَقَصَدَ بِرَجْلِهٖ سَبِیْلَکُمْ ؛ | 46 | اور اپنے سواروں کے ساتھ تم پر حملہ آور ہوا۔ اور اپنی پیادہ فوج کے ساتھ تمہارا راستہ روکنے کا قصد کیا۔ |
| یَقْتَنِصُوْنَکُمْ بِکُلِّ ، مَکَانٍ ؛ وَیَضْرِبُوْنَ مِنْکُمْ کُلَّ بَنَانٍ ؛ | 47 | شیطان اور اس کی افواج ہر کہیں سے تمہیں شکار کرتی ہیں اور تمہارے تمام جوڑوں پر ضرب لگاتے ہیں۔ |
| لَاتَمْتَنِعُوْنَ بِحِیْلَةٍ ؛ | 48 | تم کسی حیلے اور ترکیب سے انہیں منع نہیں کر سکتے۔ |
| وَلَاتَدْفَعُوْنَ بِعَزِیْمَةٍ فِیْ حَوْمَةِ ذُلٍّ ؛ وَحَلْقَةِ ضِیْقٍ ؛ وَّ عَرْصَةِ مَوْتٍ ؛ وَجَوْلَةِ بَلَاءٍ ؛ | 49 | تم پکا ارادہ کر کے بھی ان سے بچاؤ کا انتظام نہیں کر سکتے ہو حالانکہ تم ذلت کے چکروں میں ہو تم ایک تنگ دائرہ میں گھیر دئے گئے ہو۔ موت کا میدان اور بلاؤں کا انبوہ تم پر چھایا ہوا ہے۔ |
| فَاَطْفِئُوْا مَاکَمَنَ فِیْ قُلُوْبِکُمْ مِنْ نِیْرَانِ ؛ الْعَصَبِیَّةِ وَاَحْقَادِ الْجَاهِلِیَّةِ ؛ | 50 | تمہیں چاہئے کہ تم اپنے دلوں کے اندر جلتی ہوئی عصبیت کی آگ کو اور جاہلیت کے کینوں کو ٹھنڈا کر دو۔ |
| فَاِنَّمَاتِلْکَ الْحَمِیَّةُ تَکُوْنُ فِی الْمُسْلِمِ مِنْ خَطَرَاتِ الشَّیْطَانِ وَنَخَوَاتِهٖ وَنَزَغَاتِهٖ وَنَفَثَاتِهٖ ؛ | 51 | حقیقت یہ ہے کہ مسلمان کے اندر یہ حمیت اور خود پسندی شیطان کے پیدا کئے ہوئے خطرات میں سے ہوتے ہیں۔ یہ اسی کی طرف سے خود پسندی اور تنازعات اور ٹوٹنے اور ٹوٹکے ہوا کرتے ہیں۔ |
| وَاعْتَمِدُوْا وَضْعَ التَّذَلُّلِ عَلٰی رُؤُسِکُمْ ؛ | 52 | تم لوگ پختہ ارادہ کر لو کہ تم عاجزی اور انکساری کو اپنے سر کا تاج بناؤ گے۔ |
| وَاِلْقَآءَ التَّعَزُّزِ تَحْتَ اَقْدَامِکُمْ ؛ | 53 | اور خود ساختہ عزت کو اپنے پیروں سے مسل دو گے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَخَلْعَ التَّكَبُّرِ مِنْ اَعْنَاقِكُمْ ؛ | 54 | اور بڑائی اور مصنوعی کبریائی کا طوق اپنی گردنوں سے اتار کر پھینک دو گے۔ |
| وَاتَّخِذُوْا التَّوَاضُعَ مُسْلَحَةً بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ عَدُوِّكُمْ اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ فَاِنَّ ؛ | 55 | اور یہ کہ تم اپنے اور اپنے دشمن ابلیس اور ابلیسی افواج کے درمیان ایک تواضع اور عاجزی اور انکسار کا محاذِ جنگ قائم کرو گے۔ |
| لَهُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ جُنُوْدًا، وَّاَعْوَانًا ؛ وَّرَجْلًا وَّفُرْسَانًا | 56 | حقیقت یہ ہے کہ ابلیس کی مدد کرنے کے لئے ہر امت میں اس کی فوجیں اور مددگار رہتے چلے آئے ہیں۔ اور پیدل اور سوار فوجیں بھی موجود رہی ہیں۔ |
| وَلَا تَكُوْنُوْا كَالْمُتَكَبِّرِ عَلَى ابْنِ اُمِّهٖ مِنْ غَيْرِ مَافَضْلٍ جَعَلَهُ اللّٰهُ فِيْهِ سِوَى مَا اَلْحَقَتِ الْعَظَمَةُ بِنَفْسِهٖ مِنْ عَدَاوَةِ الْحَسَدِ ؛ | 57 | اور تمہیں چاہئے کہ تم اس مغرور اور متکبر شخص کی طرح نہ ہو جانا جس نے اپنے ماں جائے بھائی کے مقابلے میں تکبر کیا تھا۔ حالانکہ اللہ نے اس کو کوئی بزرگی اور بڑائی نہ دی تھی۔ |
| وَقَدْحَتِ الْحَمِيَّةُ فِيْ قَلْبِهٖ مِنْ نَّارِ الْغَضَبِ ؛ | 58 | صرف دشمنی اور حسد کی وجہ سے اسکی ذہنیت میں بڑائی کا احساس پیدا ہوا تھا اور صرف خود پسندی اور ذاتی حمیّت نے اسکے دل میں غیظ و غضب کی آگ بھڑکا دی تھی۔ |
| وَنَفَخَ الشَّيْطَانُ فِيْ اَنْفِهٖ مِنْ رِيْحِ الْكِبْرِ الَّذِيْ اَعْقَبَهُ اللّٰهُ بِهِ النَّدَامَةَ، وَاَلْزَمَهُ اٰثَامَ الْقَاتِلِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ؛ | 59 | اور شیطان نے اس کی ناک میں تکبر اور بزرگی کی ہوا پھونک دی تھی اور اسی وجہ سے اللہ نے ندامت کو اس کے تعاقب میں لگا دیا تھا۔ اور اللہ نے قیامت تک قاتلوں کے قتل میں اسے بھی مجرم قرار دے دیا۔ |
| اَلَا وَقَدْ اَمْعَنْتُمْ فِي الْبَغْيِ ؛ | 60 | آگاہ ہو جاؤ کہ تم نے بغاوت اور ستمگری میں اپنی کوششوں اور کاوشوں کی حد کر دی ہے |
| وَاَفْسَدْتُمْ فِي الْاَرْضِ ؛ | 61 | اور تم نے ساری زمین میں فساد برپا کر دیا ہے۔ |
| مُصَارَحَةً لِلّٰهِ بِالْمُنَاصَبَةِ | 62 | اور یہ اس طرح کہ تم نے اللہ سے کھلی دشمنی کر کے دکھائی۔ |
| وَمُبَارَزَةً لِلْمُؤْمِنِيْنَ ، بِالْمُحَارَبَةِ ! فَاللّٰهَ اللّٰهَ ، فِيْ كِبْرِ الْحَمِيَّةِ وَفَخْرِ الْجَاهِلِيَّةِ ؛ | 63 | اور مومنین کے ساتھ چیلنج دے کر جنگ جاری رکھی ہے۔ چنانچہ اللہ سے ڈرو اور ڈرتے رہو۔ خود پسندی اور خود بینی کے تکبر سے ڈرو، ایام جاہلیت کے فخر سے ڈرو۔ |
| فَاِنَّهُ مَلَاقِحُ الشَّنَاٰنِ ؛ وَمَنَافِخُ الشَّيْطَانِ ؛ الَّتِيْ خَدَعَ بِهَا الْاُمَمَ ، الْمَاضِيَةَ وَالْقُرُوْنَ الْخَالِيَةَ | 64 | اس لئے کہ یہ چیزیں ہی دشمنی اور بغاوت کی بنیاد بنتی ہیں۔ یہی شیطان کے پھونک بھرنے کا سامان ہیں یہی وہ چیزیں ہیں جن سے شیطان نے گزشتہ امتوں کو فریب دیا تھا اور ان ہی سے ان امتوں کو ورغلایا تھا جو نبیوں سے خالی صدیوں میں گزرتی رہی ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | |
|---|---|
| حَتّٰی اَعْنَقُوْا فِیْ حَنَادِسِ ، جَهَالَتِهٖ وَمَهَاوِیْ ضَلَا لَتِهٖ ذُلُلًا عَنْ ، سِیَاقِهٖ سُلُسًا فِیْ قِیَادِهٖ ؛ | 65 | یہاں تک کہ وہ امتیں جہالت کی تاریکیوں اور گمراہی کے جال میں بڑی تیزی سے جا پھنسیں حالانکہ شیطان کا ہانکنا اور ڈھکیلنا جبریہ نہ تھا ان کی رضامندی سے تھا۔ |
| اَمْرًا تَشَابَهَتِ الْقُلُوْبُ ، فِیْهِ وَتَتَابَعَتِ الْقُرُوْنُ عَلَیْهِ وَکِبْرًا تَضَایَقَتِ الصُّدُوْرُبِهٖ ؛ | 66 | بہرحال شیطان کی قیادت اور پیروی اختیار کر لینے کا یہ معاملہ ایسا رہا ہے جس میں گمراہ ہونے والوں کے دل آپس میں ہم رنگ رہے ہیں۔اور سابقہ امتوں کے لوگ ایک دوسرے کی پیروی کرتے چلے آئے ہیں اور ایسی خود پسندی اور سربلندی میں الجھے رہے ہیں جن سے دلوں میں تنگی قائم رہی ہے۔ |
| اَلَا فَالْحَذَرَ الْحَذَرَ مِنْ طَاعَةِ سَادَاتِکُمْ وَکُبَرَائِکُمُ الَّذِیْنَ تَکَبَّرُوْا عَنْ حَسَبِهِمْ ؛ وَتَرَفَّعُوْا فَوْقَ نَسَبِهِمْ ؛ وَاَلْقُوا الْهَجِیْنَةَ عَلٰی رَبِّهِمْ ؛ | 67 | خبردار تم اپنے سرداروں اور بڑے لوگوں کی اطاعت سے باز آجاؤ کہ جو لوگ اپنے حسب اور دولت پر تکبر کرتے رہے اور اپنے نسب کو بلند کرتے رہے اور ہر بری اور ناپسندیدہ بات کو اپنے پروردگار سے منسوب کرتے رہے۔ |
| وَجَاحَدُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا ، صَنَعَ بِهِمْ مُکَابَرَةً، لِقَضَائِهٖ وَمُغَالَبَةً لِاٰلَائِهٖ ؛ | 68 | اور ہر اس احسان کا ہٹ دھرمی سے انکار کرتے رہے جو اللہ نے ان پر کیا تھا تا کہ وہ اللہ کے فیصلوں اور مقدرات کے خلاف تکبر اور بحث و مباحثہ کریں اور اس کی نعمتوں پر غلبہ حاصل کر لیں۔ |
| فَاِنَّهُمْ قَوَاعِدُ اَسَاسِ ، الْعَصَبِیَّةِ ؛ وَدَوَائِمُ اَرْکَانِ الْفِتْنَةِ ؛ وَسُیُوْفُ اعْتِزَآءِ الْجَاهِلِیَّةِ ؛ | 69 | بلاشبہ وہی تمہارے سردار اور بڑے لوگ تعصب اور خود پسندی کی بنیاد و بانی ہیں اور وہی فتنہ و فساد کی عمارت کے ستون اور سہارا ہیں۔وہی لوگ ہیں جو ایام جاہلیت کے اعزاز اور سرفرازی کو قائم رکھنے والی تلواریں ہیں۔ |
| فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تَکُوْنُوْا لِنِعَمِهٖ عَلَیْکُمْ اَضْدَادًا ؛ | 70 | لہٰذا تم اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور اس کی عطا کردہ نعمتوں کے خلاف ایسے متضاد عمل نہ کرو کہ نعمتیں بند کر دی جائیں۔ |
| وَلَالِفَضْلِهٖ عِنْدَکُمْ حُسَّادًا ؛ | 71 | اور جو فضل و کرم تم پر کیا جا چکا ہے اس سے حسد نہ کرو۔ |
| وَلَاتُطِیْعُوْا الْاَدْعِیَاءَ الَّذِیْنَ شَرِبْتُمْ بِصَفْوِکُمْ کَدَرَهُمْ ؛ | 72 | اور ان دعویداران دین کی اطاعت نہ کرو جن کو نیک اور برحق سمجھ کر تم اپنے صاف و پاک ہدایت خیز پانی کے ساتھ ان کا گدلا اور گمراہ کن پانی پیتے رہتے ہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَخَلَطْتُمْ بِصِحَّتِكُمْ ، مَرَضَهُمْ وَ اَدْخَلْتُمْ فِيْ حَقِّكُمْ بَاطِلَهُمْ | 73 | اورتم لوگ اپنے تندرستی عطا کرنے والے اعمال میں ان کے بیمار کرنے والے اعمال کو ملاتے رہتے ہو۔اوراپنے برحق دین میں ان کے باطل دین کو داخل کرتے رہتے ہو۔ |
| وَهُمْ اَسَاسُ الْفُسُوْقِ ، وَاَحْلَاسُ الْعُقُوْقِ اَتَّخَذَهُمْ اِبْلِيْسُ مَطَايَا ، ضَلَالٍ ؛ | 74 | اور حالانکہ وہی تمہارے بزرگ وسردار لوگ لاقانونیت کی بنیاد ہیں ۔اور وہی دین سے نکل جانے والی نافرمانیوں سے وابستہ رہے ہیں۔ |
| وَجُنْدًا بِهِمْ يَصُوْلُ عَلَى النَّاسِ ؛ وَتَرَاجِمَةً يَنْطِقُ عَلٰى اَلْسِنَتِهِمْ ؛ | 75 | اور جنہیں ابلیس نے گمراہی سے لادنے اور پھیلانے کی سواری بنارکھا ہے۔ اورتمہارے سرداروں کو اپنا ایسا لشکر بنارکھا ہے جس سے لوگوں پر حملہ کرتا ہے اورانہیں اپنے ایسے مترجم اور مبلغ بنایا ہوا ہے کہ جن کی زبان سے خود بولتا ہے۔ |
| اِسْتِرَاقًا لِّلْعُقُوْلِ كُمْ ؛ وَدُخُوْلًا فِيْ عُيُوْنِكُمْ ، ونَفْثًا فِيْ اَسْمَائِكُمْ | 76 | تاکہ تمہاری عقل پر قابو حاصل کر لے ۔اورتمہاری آنکھوں میں داخل ہوکر تمہاری نظروں سے کام لے۔اورتمہارے کانوں میں اپنی آواز پہنچاتا رہے۔ |
| فَجَعَلَكُمْ مَرْمٰى نَبْلِهٖ ، وَمَوْطِئً قَدَمِهٖ وَ ، مَاخَذَيَدِهٖ | 77 | اس طرح اس نے تمہیں اپنے تیروں کا نشانہ بنالیا ہے اور اپنے قدم بقدم چلانے کا آلہ اوراپنے ہاتھوں کٹھ پتلی بنالیا ہے۔ |
| فَاعْتَبِرُوْا بِمَا اَصَابَ الْاُمَمَ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ مِنْ بَاسِ اللّٰهِ وَصَوْلَاتِهٖ وَقَائِعِهٖ وَمَثُلَاتِهٖ | 78 | چنانچہ تم لوگوں کو چاہئے کہ تم اپنے سے پہلے گزرنے والی سرکش اور کبریائی جتانے والی امتوں پر آنے والے اللہ کے عذاب اورانتقام اورحملوں سے سبق حاصل کرواوران واقعات اورتباہیوں سے بچو۔ |
| وَتَعِظُوْا بِمَثَاوِيْ ، خُدُوْدِهِمْ وَمَصَارِعِ جُنُوْبِهِمْ ؛ | 79 | اوران کے گالوں کے بل زمین پرلٹائے جانے سے اور پہلوؤں کے بل گرائے جانے سے نصیحت حاصل کرکے باز رہو۔ |
| وَاسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ لَوَاقِحِ الْكِبْرِ ؛ | 80 | اورمغرور وسرکش بنانے والی چیزوں سے بچنے کے لئے اللہ کی اسی طرح پناہ چاہو۔ |
| كَمَا تَسْتَعِيْذُوْنَهٗ مِنْ طَوَارِقِ الدَّهْرِ | 81 | جس طرح دنیا کی اورآفات اورمصیبتوں سے پناہ مانگتے رہتے ہو۔ |
| فَلَوْ رَخَّصَ اللّٰهُ فِي الْكِبْرِ لِاَحَدٍ مِّنْ عِبَادِهٖ لَرَخَّصَ فِيْهِ لِخَاصَّةِ اَنْبِيَائِهٖ وَاَوْلِيَائِهٖ وَالٰكِنَّهٗ ، سُبْحَانَهٗ كَرَّهَ اِلَيْهِمُ التَّكَابُرَ وَرَضِيَ لَهُمُ التَّوَضُّعَ | 82 | اگراللہ نے اپنے بندوں میں سے کسی ایک کو بھی غرور وتکبر کرنے کی چھوٹ دی ہوتی تو وہ اپنے مخصوص نبیوں کو اوراولیا کو ضرور اجازت دیتا۔ولیکن اس ذات پاک نے ان کے لئے تکبر کو ناپسند فرمایا۔اوران کے لئے انکساری کو پسند کیا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاَلْصَقُوْا بِالْاَرْضِ ،خُدُوْدَهُمْ.وَعَفَّرُوْا فِی التُّرابِ وُجُوْهَهُمْ ؛ وَخَفَضُوْا اَجْنِحَتَهُمْ ، لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَكَانُوْا اَقْوَامًا مُّسْتَضْعَفِیْنَ | 83 | چنانچہ انہوں نے اللہ کے حضور اپنے گالوں کو زمین پر ٹکایا اور اپنے چہروں کو مٹی سے آلودہ رکھا اور اپنے دست و بازو کو مومنین کو گلے لگانے کے لئے پھیلائے رکھتے تھے۔ اور ہمیشہ ایک ضعیف و ناتوان قوم کی طرح رہتے تھے۔ |
| قَدِاخْتَبَرَهُمُ اللّٰهُ بِالْمَخْمَصَةِ وَ ابْتَلَاهُمْ بِالْمَجْهَدَةِ وَامْتَحَنَهُمْ بِالْمَخَاوِفِ وَ مَخَضَهُمْ بِالْمَكَارِهِ ؛ | 84 | یقیناً اللہ نے اپنے انبیاءؑ اواولیاءؑ کو الجھنوں میں ڈال کر آزمایا اور محنت اور جفاکشی میں مبتلا کیا۔اور خوف وہراس سے ان کا امتحان لیا اور ناگواریوں میں انہیں مبتلا کیا۔ |
| فَلَا تَعْتَبِرُوْ الرِّضَاوَ السَّخَطَ بِالْمَالِ وَالْوَلَدِ ؛ | 85 | لہٰذا تم لوگ اللہ کی خوشنودیوں اور ناراضگیوں کا معیار اپنی اولاد اور اموال کو نہ سمجھو۔ |
| جَهْلًا بِمَوَاقِعِ الْفِتْنَةِ ؛ وَالْاِخْتِبَارِ فِی مَوَاضِعِ الْغِنَی وَلْاِقْتِدَارِ ؛ | 86 | کیونکہ تم یہ نہیں جانتے کہ اللہ کس طرح فتنہ کے مواقع پیدا کر کے اور دولت واقتدار دے کر آزمائش کے موضوع سامنے لاتا ہے۔ |
| فَقَدْ قَالَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی " اَیَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِیْنَ نُسَارِعُ لَهُمْ فِی الْخَیْرَاتِ بَلْ لَّایَشْعُرُوْنَ" (سورہ مومنوں 56-23/55) | 87 | چنانچہ اس سلسلے میں بھی اللہ پاک بلند و برتر نے فرمایا ہے کہ ''کیا یہ لوگ یہ حساب لگاتے ہیں کہ ہمارا ان کو مال اور اولاد سے مدد دینا ان کے ساتھ کوئی اچھا سلوک ہے؟ ایسا نہیں ہے بات یہ ہے کہ وہ حقیقت حال کا شعور نہیں رکھتے ہیں'' (56-23/55) |
| فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ یَخْتَبِرُ عِبَادَهُ الْمُسْتَكْبِرِیْنَ فِیْ اَنْفُسِهِمْ بِاَوْلِیَائِهٖ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ فِیْ اَعْیُنِهِمْ. | 88 | حقیقت یہ ہے کہ اللہ پاک نے اپنے مغرور اور سرکش بندوں کا انکی اندرونی حالت سے امتحان لیا ہے اور انکی آزمائش کیلئے اپنے اولیاءؑ سے ان کو وابستہ کر دیتا ہے جو کہ ان کی نظروں میں ناتوان وضعیف لگتے ہیں۔ |
| وَلَقَدْ دَخَلَ مُوْسَی ابْنُ عِمْرَانَ وَمَعَهُ اَخُوْهُ هَارُوْنَؑ .صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِمَا .عَلٰی فِرْعَوْنَ وَعَلَیْهِمَا مَدَارِعُ الصُّوْفِ دَبِاَیْدِیْهِمَا الْعِصِیُّ ؛ | 89 | اور بلا شبہ موسیٰؑ ابن عمرانؑ اور ان کے بھائی ہارونؑ اللہ ان پر درود بھیجے فرعون کے دربار میں داخل ہوئے تھے جب کہ ان دونوں کے جسم پر اون کے بنے ہوئے صوفی کرتے تھے اور ان کے ہاتھوں میں لاٹھیاں تھیں۔ |
| فَشَرَطَالَهُ اِنْ اَسْلَمَ بَقَاءَ مُلْكِهِ وَدَوَامَ عِزِّهِ ؛ | 90 | اور ان دونوں نے فرعون کے سامنے یہ شرط پیش کی تھی کہ اگر وہ اسلام لے آئے تو اس کا ملک و بادشاہت اور اس کی عزت ہمیشہ برقرار رہے گی۔(ورنہ تباہ ہو جائے گی) |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَقَالَ: اَلَاتَعْجَبُوْنَ مِنْ هٰذَيْنِ يَشْرُطَانِ لِيْ دَوَامَ الْعِزِّوَبَقَاءَ الْمُلْكِ وَهُمَا بِمَا تَرَوْنَ مِنْ حَالِ الْفَقْرِوَالذِّلِّ ؛ فَهَلَّا اُلْقِيَ عَلَيْهِمَا اَسَاوِرُ مِنْ ذَهَبٍ؟ | 91 | چنانچہ فرعون نے اپنے اہل دربار سے کہا تھا کہ کیا تم ان دونوں آدمیوں پر تعجب نہیں کررہے ہو جو میرے سامنے یہ شرط رکھتے ہیں کہ تیری حکومت اور تیرا ملک اور تیری عزت ہمیشہ برقرار رہے گی ،اور جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ یہ دونوں کیسی فقیرانہ اور ذلیل حالت میں ہیں۔ یہ کیا بات ہے کہ حکومت وملک وعزت برقرار رکھنے کی طاقت ہوتے ہوئے سونے کے دو کنگن بھی پہنے ہوئے نہیں ہیں۔ |
| اِعْظَامًا لِلذَّهَبِ وَجَمْعِهِ وَاحْتِقَارًا لِلصُّوْفِ وَلُبْسِهِ ؛ | 92 | فرعون نے یہ اسلئے کہا کہ اسکے نزدیک سونا اور سونے کی جمع آوری بڑی عظمت رکھتی تھی اور صوف اور صوفی کپڑے پہننا بڑی حقارت اور ذلت کی بات تھی۔ |
| وَلَوْ اَرَادَاللّٰهُ .سُبْحَانَهُ لِاَنْبِيَائِهِ حَيْثُ بَعَثَهُمْ اَنْ يَّفْتَحَ لَهُمْ كُنُوْزَ الذُّهْبَانِ ؛ وَمَعَادِنَ الْعِقْيَانِ، وَمَغَارِسَ الْجِنَانِ، وَاَنْ يَّحْشُرَ مَعَهُمْ طُيُوْرَ السَّمَآءِ وَ وُحُوْشَ الْاَرْضِ لَفَعَلَ ؛ | 93 | اور اگر اللہ نے یہ ارادہ کیا ہوتا کہ اپنے انبیاء کو مبعوث کرنے کے وقت انکے لئے سونے کے خزانوں اور خالص سونے کی کانوں کے منہ کھول کر ان کے قبضے میں دے دیتا اور ان کیلئے باغات فراہم کرتا اور یہ کہ ان کے ساتھ آسمانی پرندوں اور زمین کے وحشی جانوروں کو ان کے ساتھ ساتھ رکھتا تو اللہ یہ سب کچھ کرسکتا تھا۔ |
| وَلَوْ فَعَلَ لَسَقَطَ ، الْبَلَاءُ وَبَطَلَ ، الْجَزَآءُ وَاضْمَحَلَّتِ انْبَآءُ ؛ | 94 | اگر اللہ نے نبیوں کیلئے یہ سب اہتمام کردیا ہوتا تو انسانوں کی آزمائش ختم ہوجاتی اور نیک عملی کی جزا دیا جانا باطل ہوجاتا۔ اور آسمانی غیبی خبریں کمزور ہوجاتیں۔ |
| وَلَمَا وَجَبَ لِلْقَابِلِيْنَ اَجُوْرُ الْمُبْتَلِيْنَ ؛ وَلَا اسْتَحَقَّ الْمُؤْمِنُوْنَ ثَوَابَ الْمُحْسِنِيْنَ ؛ | 95 | اور آزمائے جانے اور کامیاب ہونے والوں کا اجر واجب نہ رہتا۔ اور نہ اس صورت میں ایمان لانے والے نیک کردار لوگ جزا کے مستحق رہتے۔ |
| وَلَا لَزِمَتِ الْاَسْمَآءُ مَعَانِيْهَا ؛ | 96 | اور نہ الفاظ ہی اپنے معنی کا ساتھ دیتے۔ |
| وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ جَعَلَ رُسُلَهُ اُولِيْ قُوَّةٍ فِيْ عَزَائِمِهِمْ ؛ وَضَعَفَةً فِيْمَا تَرَى الْاَعْيُنُ مِنْ حَالَاتِهِمْ ؛ | 97 | ولیکن اللہ پاک نے اپنے رسّولوں کو اور ان کے ارادوں کو قوی بنایا ہے اور آنکھوں سے دکھائی دینے والے ظاہری حالات میں انہیں کمزور و ناتوان بنایا ہے۔ |
| مَعَ قَنَاعَةٍ تَمْلَاءُ الْقُلُوْبَ وَالْعُيُوْنَ غِنًى ؛ | 98 | ساتھ ہی انہیں ایسی قناعت بخشتا ہے جو دیکھنے اور سننے والوں کے دلوں کو بھی بے نیازی سے بھر کر انہیں بھی غنی کردیتی ہے۔ |
| وَخَصَاصَةٍ تَمْلَاءُ الْاَبْصَارَ وَالْاَسْمَاعَ اَذًى ؛ | 99 | اور انہیں تنگدستی سے ایسا مخصوص و مانوس کردیتا ہے کہ جسے دیکھنے اور سننے والوں کو اذیت اور دکھ ہوتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَوْ كَانَتِ الْاَنْبِيَآءُ اَهْلَ قُوَّةٍ لَّاتُرَامُ ؛وَعِزَّةٍ لَّاتَضَامُ ؛ وَمُلْكٍ تَمْتَدُّ نَحْوَهُ اَعْنَاقُ الرِّجَالِ؛ وَ تُشَدُّ اِلَيْهِ عَقَدُ الرِّحَالُ ؛ | 100 | اور اگر انبیاء ایسی قوت و طاقت رکھتے ہوتے جسے دبانے کا کوئی بھی ارادہ نہ کرتا اور ایسی عزت اور غلبہ رکھتے ہوتے کہ جس کے خلاف اُٹھنا ہی ممکن نہ ہوتا۔اور ایسا ملک و بادشاہت ان کے پاس ہوتی کہ اس کے سامنے لوگوں کی گردنیں جھکتیں۔اور اس کی طرف جانے کے لئے لوگ سواریوں پر زینیں کستے، |
| لَكَانَ ذٰلِكَ اَهْوَنَ عَلَى الْخَلْقِ فِى الْاِعْتِبَارِ وَاَبْعَدَ لَهُمْ مِنَ الْاِسْتِكْبَارِ ؛ وَلَاٰمَنُوْا عَنْ رَّهْبَةٍ قَاهِرَةً لَهُمْ،اَوْرَغْبَةٍ مَّائِلَةٍ ، بِهِمْ فَكَانَتِ النِّيّاتُ مُشْتَرَكَةً ، وَالْحَسَنَاتُ مُقْتَسَمَةً | 101 | تو ایسی صورتِ حال واقتدار مخلوق کیلئے ان کی بات کا اعتبار کرنے کیلئے بہت آسان ہوتی اور اس کا انکار کرنا لوگوں کیلئے بہت مشکل اور بعید ہوجاتا اور تکبر وغرور کرنا کسی کیلئے ممکن نہ رہتا۔اور لوگ خوف چھا جانے اور جبری دباؤ سے ایمان لے آتے۔یا ان کی طرف مائل ہوکر رغبت سے ایمان لے آتے۔اور اس صورت میں سب کی ایک جیسی نیت ہوتی اور ان کی نیکیاں بھی آپس میں تقسیم ہوجاتیں۔ |
| وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ اَرَادَ اَنْ يَّكُونَ الْاِتِّبَاعُ لِرُسُلِهِ ؛ وَالتَّصْدِيْقُ بِكُتُبِهٖ ؛ وَالْخُشُوعُ لِوَجْهِهٖ، وَالْاِسْتِكَانَةُ لِاَمْرِهٖ ، وَالْاِسْتِسْلَامُ لِطَاعَتِهٖ اُمُوْرًالَهٗ خَاصَّةً لَّاتَشُوْبُهَا مِنْ غَيْرِ هَاشَائِبَةٌ ؛ | 102 | لیکن اللہ پاک نے یہ ارادہ کیا تھا کہ اس کے رسّولوں کی پیروی میں اور اس کی کتابوں کی تصدیق میں اور اس کے سامنے عاجزی کرنے میں اور اس کے حکم کی اطاعت کرنے میں اور اس کی اطاعت کو قبول کرنے میں سب کچھ اللہ کے لئے قطعی خاص اور خالص ہو اور اللہ کے سوا ان چیزوں میں کسی اور کے اثر کا شبہ اور شائبہ تک نہ ہو۔ |
| وَكُلَّمَا كَانَتِ الْبَلْوٰى وَالْاِخْتِبَارُ اَعْظَمَ كَانَتِ الْمَثُوْبَةُ وَالْجَزَاءُ اَجْزَلَ ؛ | 103 | اور جس قدر امتحان وآزمائش عظیم ہوگی اتنا ہی اجر وثواب اور جزا بڑھ کر ہوگی (یعنی حقیقت اور مادّی دھشت و لالچ کے بغیر ایمان وعمل قبول ہے ورنہ نہیں۔) |
| اَلَا تَرَوْنَ اَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهَ اخْتَبَرَ الْاَوَّلِيْنَ مِنْ لَدُنْ آدَمَ .صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِلَى الْاٰخِرِيْنَ مِنْ هٰذَا الْعَالَمِ بِاَحْجَارٍ لَّاتَضُرُّوَلَا تَنْفَعُ ؛ وَلَا تَبْصِرُوَلَاتَسْمَعُ | 104 | کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ پاک نے اولین زمانہ سے آدمؑ صلوٰۃ اللہ علیہ سے لے کر آخری زمانہ تک اس جہان کی مخلوقات کو ایسے پتھروں سے آزمایا ہے جو نہ نقصان پہنچا سکتے تھے اور نہ کسی کو نفع دے سکتے تھے۔ اور نہ دیکھ سکتے تھے نہ سن سکتے تھے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَجَعَلَهَا بَيْتَهُ الْحَرَامَ الَّذِىْ جَعَلَهُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ قِيَامًا ؛ | 105 | چنانچہ اللہ نے پتھروں ہی کو اپنا قابل احترام گھر بنایا اور جسے لوگوں کے لئے قیام کرنے کا مقام بنادیا ہے۔ |
| ثُمَّ وَضَعَهُ بِاَوْعَرِ بِقَاعِ الْاَرْضِ حَجَرًا ؛ | 106 | پھر یہ کہ اللہ نے اس گھر کو زمین کے علاقوں میں سے ایک سنگستانی علاقہ میں قائم کیا۔ |
| وَاَقَلِّ نَتَائِقِ الدُّنْيَا (الْاَرْضِ ) مَدَرًا ؛ | 107 | اور کم مٹی والے اور کم بلندی والے دنیا کے پتھروں والے مقام پر بنایا |
| وَاَضْيَقِ بُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ قُطْرًا ؛ | 108 | اور دنیا کی تنگ وادیوں میں سے زمین کے ایک طرف والی تنگ وادی |
| بَيْنَ جِبَالٍ خَشِنَةٍ وَّرِمَالٍ دَمِثَةٍ وَّعُيُوْنٍ وَّشِلَةٍ وَّقُرًى مُنْقَطِعَةٍ لَايَزْكُوْبِهَا خُفٌّ وَلَا حَافِرٌ وَّلَاظِلْفٌ ؛ | 109 | میں تجویز کیا جو کہ کھردرے بے ڈھنگے پہاڑوں کے سلسلے کے اندر، باریک اور پیر دھنسانے والی ریت میں بے آب چشموں کے پاس، دور سے دور دیہات اور ایک دوسرے سے غیر متعلق جہاں نہ اونٹ فربہ ہوسکتے تھے نہ گھوڑے نہ بھیڑ بکریاں اور گائیں موٹی ہوسکتی تھیں۔ |
| ثُمَّ اَمَرَ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَوَلَدَهُ اَنْ يَّثْنُوْا اَعْطَافَهُمْ نَحْوَهُ ؛ | 110 | پھر اللہ نے آدم علیہ السلام اور ان کے بیٹوں کو حکم دیا کہ وہ سب اپنی توجہات کو اس گھر کی طرف منعطف (جمائے) رکھیں۔ |
| فَصَارَ مَثَابَةً لِّمُنْتَجَعِ اَسْفَارِهِمْ ؛ | 111 | چنانچہ بیت الحرام ان کے سفروں کو مسلسل جاری رکھنے اور انہیں مفید بنانے کا ذریعہ بن گیا۔ |
| وَغَايَةً لِّمُلْقَى رِحَالِهِمْ ؛ | 112 | اور ان کے لاد کر لانے والے سامان کا مقصد ومنتہا قرار پا گیا کہ |
| تَهْوِىْ اِلَيْهِ ثِمَارُ الْاَفْئِدَةِ مِنْ مَفَاوِزِ قِفَارٍ سَحِيْقَةٍ وَمَهَاوِىْ فِجَاجٍ عَمِيْقَةٍ ؛ وَجَزَائِرِ بِحَارٍ مُنْقَطِعَةٍ ؛ حَتّٰى يَهُزُّوْا مَنَاكِبَهُمْ ذُلُلًا ؛ | 113 | دور دور تک پھیلے ہوئے بلا پانی اور بے گھاس کے بیابانوں سے گزرتے ہوئے دور دراز گھاٹیوں کے اونچے نیچے راستوں کو پار کر کے اور زمین سے منقطع جزیروں سے انسان اللہ کے گھر کی طرف آتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اپنے اپنے کاندھوں کو نہایت عاجزی اور انکساری کے ساتھ حرکت دیتے (اور حضرت ہاجرہؑ کی نقل کرتے) ہوئے چلتے ہیں۔ |
| يُهَلِّلُوْنَ لِلّٰهِ حَوْلَهُ | 114 | خانہ کعبہ کے چاروں طرف اور اس کے ماحول میں لا الہ الا اللہ کی |
| وَيَرْمُلُوْنَ عَلٰى اَقْدَامِهِمْ شُعْثًا غُبْرًا لِّلّٰهِ | 115 | صدائیں بلند کرتے ہوئے تیز تیز قدموں سے چلتے ہیں اس حال میں کہ بال بکھرے ہوئے اور دھول میں اٹے ہوئے لبیک اللھم لبیک کہتے ہوئے اس کی طرف بڑھتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| قَدْ نَبَذُاالسَّرَابِيْلَ وَرَاءَ ظُهُوْرِهِمْ ؛وَشَوَّهُوْا بِاِعْفَاءِ الشُّعُوْرِ مَحَاسِنَ خَلْقِهِمْ ؛ اِبْتِلَاءٍ عَظِيْمٍ وَامْتِحَانًا شَدِيْدًا وَاخْتِبَارًا مُبِيْنًا وَتَمْحِيْصًا بَلِيْغًا ؛ | 116 | وہ لوگ معمول کے کپڑے اپنے پیچھے چھوڑ آتے ہیں۔اور بالوں کو کٹوا کر اپنی جسمانی خوبصورتی کے بگڑنے کی پرواہ نہیں کرتے۔یہ ایک عظیم الشان آزمائش ہے۔اور بڑا سخت امتحان ہے۔اور بڑی کھلی جانچ ہے۔ اور اندر تک پہنچنے والی پرکھ ہے۔ |
| جَعَلَ اللّٰهُ سَبَبًا ، لِرَحْمَتِهِ وَوُصْلَةً اِلٰى جَنَّتِهِ ؛ | 117 | ان چیزوں کو اللہ نے اپنی رحمت کا سبب بنا دیا ہے اور اپنی جنت میں پہنچنے کا ذریعہ بنایا ہے۔ |
| وَلَوْ اَرَادَ سُبْحَانَهُ اَنْ يَضَعَ بَيْتَهُ الْحَرَامَ وَمَشَاعِرَهُ الْعِظَامَ بَيْنَ جَنَّاتٍ وَّ اَنْهَارٍ ؛ وَّسَهْلٍ وَّقَرَارٍ ؛ حَمِّ الْاَشْجَارِ دَانِى الثِّمَارِ مُلْتَفَّ الْبُنَا، مُتَّصِلِ الْقُرٰى بَيْنَ ،بُرَّةٍ سَمْرَآءَ وَ رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ وَاَرْيَافٍ مُحْدِقَةٍ ؛ وَعِرَاصٍ مُغْدِقَةٍ ؛ وَزُرُوْعٍ نَاضِرَةٍ ؛ وَطُرُقٍ عَامِرَةٍ ؛ | 118 | اور اگر اللہ نے یہ ارادہ کیا ہوتا کہ وہ اپنے محترم گھر کو اور عظیم الشان محسوس علامات کو اُجاڑ و بیابان کے بجائے باغات اور نہروں کے درمیان بناتا اور جہاں کی زمین نرم وہموار ہوتی ،درختوں کے جھنڈ ہوتے ، جھکے ہوئے پھلوں کے خوشے ہوتے ۔مسلسل عمارتیں موجود ہوتیں۔آبادیاں قریب ہوتیں۔گیہوں کے گلاب گوں پودے ہوتے سرسبز وشاداب چمن ہوتے ۔سبزے اور گھاس سے لہلہاتی چراگاہیں ہوتیں۔پانی میں ڈوبے ہوئے میدان ہوتے۔سرسبز وشاداب کھیتیاں ہوتیں۔راستے آباد اور مسافر رواں دواں ہوتے۔ |
| لَكَانَ قَدْصَغَّرَ قَدْرَ الْجَزَاءِ عَلٰى حَسْبِ ضَعْفِ الْبَلَاءِ ؛ | 119 | اگر ایسا کیا ہوتا تو لوگوں کی جزا بھی اسی تناسب سے کم ہوجاتی جس تناسب سے لوگوں کی تکلیف وآزمائش میں کمی ہوتی۔ |
| وَلَوْكَانَ الْاِسَاسُ الْمَحْمُوْلُ عَلَيْهَا وَالْاَحْجَارُ الْمَرْفُوْعُ بِهَابَيْنَ زُمُرُّدَةٍ خَضْرَاءَ ؛ | 120 | اور اگر وہ بنیادیں جن پر اس مکان (بیت اللہ) کی تعمیر اُٹھائی گئی ہے اور وہ پتھر جن سے اسے بنایا گیا ہے پوری بلندی تک سبز زمرد کے ہوتے۔ |
| وَيَاقُوْتَةٍ حَمْرَاءَ وَنُوْرٍ وَّضِيَآءٍ ؛ | 121 | اور اس کے ساتھ ساتھ سرخ یاقوت بھی استعمال کیا جاتا اور روشنی اور جگمگاہٹ کا انتظام بھی ہوتا۔ |
| لَخَفَّ ذٰلِكَ مُصَارَعَةَ الشَّكِّ فِى الصُّدُوْرِ ؛ | 122 | تو ضروری تھا کہ وہ اس تعمیر سے دلوں کے اندر شکوک وشبہات کی الٹ پلٹ کو کم کردیتی۔ |
| وَلَوَضَعَ مُجَاهَدَةَ اِبْلِيْسَ عَنِ الْقُلُوْبِ ؛ | 123 | اور ابلیسی کوششوں کا دلوں سے اثر مٹا ڈالتی۔ |
| وَلَنَفَى مُعْتَلِجَ الرَّيْبِ مِنَ النَّاسِ ؛ | 124 | اور لوگوں کے اندر سے ابھرنے والے الجھاؤ اور ادھیڑ بن کی نفی کردیتی۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَخْتَبِرُ عِبَادَهُ بِاَنْوَاعِ الشَّدَائِدِ وَ يَتَعَبَّدَهُمْ بِاَنْوَاعِ الْمَجَاهِدِ؛ وَ يَبْتَلِيْهِمْ بِضُرُوْبِ الْمَكَارِهِ اِخْرَاجًا لِلتَّكَبُّرِ مِنْ قُلُوْبِهِمْ ، وَاِسْكَانًا لِلتَّذَلُّلِ فِيْ نُفُوْسِهِمْ وَ لِيَجْعَلَ ذٰلِكَ اَبْوَابًا فُتُحًا اِلٰى فَضْلِهِ ؛ وَاَسْبَابًا ذُلُلًا لِعَفْوِهِ | 125 | لیکن بنیادی اور اصولی بات پھر وہی ہے کہ اللہ اپنے بندوں کو طرح طرح کی سخت آزمائشوں میں سے گزار کر آزماتا ہے۔اور ان سے ایسی عبادت چاہتا ہے جو طرح طرح کی محنت اور کوشش سے بجالائی گئی ہو۔اور انہیں طرح طرح کی ناگوار صورت حال سے آزماتا ہے۔تاکہ ان کے دلوں سے احساس بڑائی اور تکبر کو خارج کردے۔اور ان کے اندر اپنے مقابلے میں احساس ذلت بٹھا دینا چاہتا ہے۔تاکہ آزمائش کے ان سب طریقوں کو اپنے فضل کے کھلے ہوئے دروازے بنادے۔اور اسی کو معافی کا وسیلہ بھی بنادے۔ |
| فَاللّٰهَ اللّٰهَ فِيْ عَاجِلِ الْبَغْيِ ؛ | 126 | چنانچہ تم سب اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرتے رہو دنیا میں بغاوت اور سرکشی کے نتیجے سے بھی ڈرو۔ |
| وَاٰجِلِ وَخَامَةِ الظُّلْمِ ؛ | 127 | اور آخرت میں بھی ظلم وستم کے عذاب سے خوف کھاؤ۔ |
| وَسُوْءِ عَاقِبَةِ الْكِبْرِ | 128 | اور غرور وتکبر کے بُرے نتائج وپاداش سے بھی ڈرتے رہو۔ |
| فَاِنَّهَا مَصِيْدَةُ اِبْلِيْسَ الْعُظْمٰى ؛ | 129 | اس لئے کہ سرکشی، ظلم وستم اور غرور وتکبر ابلیس کا بہت بڑا اور کامیاب جال ہے۔ |
| وَمَكِيْدَتُهُ الْكُبْرٰى الَّتِيْ تُسَاوِرُ قُلُوْبَ الرِّجَالِ مُسَاوَرَةَ السُّمُوْمِ الْقَاتِلَةِ ؛ فَمَا تُكْدِيْ اَبَدًا ،وَلَاتُشْوِيْ اَحَدًا ؛ لَاعَالِمًا لِعِلْمِهِ ؛ وَلَا مُقِلًّا فِيْ طِمْرِهِ | 130 | اور وہ ابلیس کے بڑے بڑے مکروں میں سے ایک زہریلی چال ہے جو لوگوں کے دلوں میں زہر پھیلا دیتی ہے اور قاتل ثابت ہوتی ہے۔اس کا زہریلا اثر کبھی ضائع نہیں ہوتا۔اور نہ ہی اسکے وار سے کوئی بچنے پاتا ہے۔نہ وہ زہریلا وار عالم کو اسکے علم کی وجہ سے چھوڑتا ہے۔اور نہ پھٹے پُرانے کپڑے پہننے والا زاہد اس سے بچتا ہے۔ |
| وَعَنْ ذٰلِكَ مَاحَرَسَ اللّٰهُ عِبَادَهُ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَمُجَاهَدَةِ الصِّيَامِ فِيْ اَيَّامِ الْمَفْرُوْضَاتِ ؛ | 131 | ابلیس کے اس زہریلے وار سے اللہ ہی ان مومنین کی حفاظت کرتا ہے جو نماز اور روزے کو اور زکاۃ اور روزوں کی محنت کو انکے فرض کئے ہوئے ایام میں اپنی حفاظت کا ذریعہ بناتے ہیں۔چنانچہ |
| تَسْكِيْنًا لِاَطْرَافِهِمْ وَتَخْشِيْعًا لِاَبْصَارِهِمْ وَتَذْلِيْلًا لِنُفُوْسِهِمْ وَتَخْفِيْضًا لِقُلُوْبِهِمْ وَاِذْهَابًا لِلْخُيَلَاءِ عَنْهُمْ ؛ | 132 | اللہ ان کے ہاتھوں پیروں اور دیگر اعضاء کو سکون عطا کرتا ہے اور ان کی آنکھوں کو عاجزی کی طرف مائل رکھتا ہے۔اور ان کے نفوس کو ذلت کی طرف متوجہ کرتا ہے اور دلوں کو جھکنے کی عادت ڈالتا ہے۔اور ان سے خود پسندی کو دور کرتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| لِمَافِیْ ذٰلِکَ مِنْ تَعْفِیْرِ عِتَاقِ الْوُجُوْہِ بِالتُّرَابِ تَوَاضُعًا ؛ وَالْتِصَاقِ کَرَائِمِ الْجَوَارِحِ بِالْاَرْضِ تَصَاغُرًا ؛ وَلُحُوْقِ الْبُطُوْنِ بِالْمُتُوْنِ مِنَ الصِّیَامِ تَذَلُّلًا ؛ مَعَ مَافِی الزَّکَاۃِ مِنْ صَرْفِ ثَمَرَاتِ الْاَرْضِ وَغَیْرَ ذٰلِکَ اِلٰی اَھْلِ الْمَسْکَنَۃِ وَالْفَقْرِ ؛ | 133 | ان تمام عبادتوں میں سے نماز میں چہروں کو زمین پر ملا جاتا ہے۔ یہ فعل سرکشی اور غرور کو خاک میں ملا دیتا ہے اور عاجزی پیدا کرتا ہے۔ اور تمام وہ اعضاء جو عزت کے اظہار کے لئے ہیں انہیں زمین پر بچھا دیا جاتا ہے اس سے بڑائی اور بزرگی کی ذہنیت کو پچھاڑ دیا جاتا ہے۔ روزوں کی بھوک اور پیاس پیٹ کو کمر سے ملا دیتی ہے اور نقاہت اور کمزوری غالب آجاتی ہے یوں نفس کی سرکشی ذلیل ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے تمام غرباء اور محتاجوں کو موقع ملتا ہے کہ وہ اپنی ضرورت کی تمام چیزیں خریدیں، غلہ اور پھل جمع کریں لہٰذا زکوٰۃ غرباء اور مساکین کو پہنچائی جاتی ہے۔ |
| اُنْظُرُوْا اِلٰی مَافِیْ ھٰذِہِ الْاَفْعَالِ مِنْ قَمْعِ نَوَاجِمِ الْفَخْرِ وَقَدْعِ طَوَالِعِ الْکِبْرِ ؛ | 134 | ان اعمال و افعال اور عبادات پر غور کریں ان میں فخر کے ابھرے ہوئے جذبات کو دبانے اور مٹانے کے لئے اور تکبر و تمکنت کو اُکھاڑ پھینکنے کے لئے کیسا مسلسل و مستحکم انتظام جاری کیا گیا ہے۔ |
| وَلَقَدْ نَظَرْتُ فَمَا وَجَدْتُ اَحَدًا مِنَ الْعَالَمِیْنَ یَتَعَصَّبُ لِشَیْءٍ مِنَ الْاَشْیَآءِ اِلَّاعَنْ عِلَّۃٍ تَحْتَمِلُ تَمْوِیْہَ الْجُھَلَآءِ ؛ | 135 | میں نے بھی اس پہلو پر نظر ڈالی ہے مگر مجھے تو پوری کائنات میں کوئی ایک بھی ایسا نہ ملا جو کسی چیز سے تعصب تو کرتا ہے مگر اس کے پاس تعصب یا سداری کرنے کی کوئی نہ کوئی وجہ اور دلیل نہ ہو۔ لہٰذا جاہلوں کے لئے وہ دلیل یا وجہ شبہ کا سبب بن جاتی ہے (اور وہ بھی تعصب کرنے لگتے ہیں) |
| اَوْحُجَّۃٍ تَلِیْطُ بِعُقُوْلِ السُّفَھَآءِ غَیْرَکُمْ فَاِنَّکُمْ تَتَعَصَّبُوْنَ لِاَمْرٍ لَایُعْرَفُ لَہٗ سَبَبٌ وَّلَا عِلَّۃٌ ؛ | 136 | یا کوئی اور حجت و دلیل ایسی ہوتی ہے جو بے وقوفوں کی عقل سے چپک جاتی ہے مگر تمہارا یہ حال ہے کہ تم جس سے تعصب کرتے ہو یا جس کی جنبہ داری یا پاسداری کرتے ہو تمہارے پاس اُس کے لئے کوئی قابل فہم دلیل و حجت اور سبب نہیں ہوتا لہٰذا تم بلا علت فخر و ناز کرتے ہو۔ |
| اَمَّا اِبْلِیْسُ فَتَعَصَّبَ عَلٰی آدَمَ لِاَصْلِہٖ وَطَعَنَ عَلَیْہِ فِیْ خِلْقَتِہٖ ؛ | 137 | تم ابلیس کو دیکھو کہ اس نے آدمؑ سے تعصب برتا تھا تو اس نے آدمؑ کی بنیاد اور اصلیت کو دلیل بنایا تھا۔ اور اپنے تخلیقی اعتراض میں کہا تھا کہ |
| فَقَالَ: اَنَا نَارِیٌّ وَّاَنْتَ طِیْنِیٌّ ؛ | 138 | میں آگ سے پیدا کیا گیا ہوں اور ناری ہوں اور تمہیں مٹی سے پیدا کیا گیا ہے اور تم طینی ہو۔ |
| وَاَمَّا الْاَغْنِیَاءُ مِنْ مُتْرَفَۃِ الْاُمَمِ ؛ | 139 | اور ادھر تم سرمایہ داروں کو دیکھو جو ساری امتوں میں خوش حال لوگ تھے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَتَعَصَّبُوْا لِاٰثَارِ مَوَاقِعِ النِّعَمِ ؛ | 140 | انہوں نے نعمتوں کی بہتات اور نعمتیں حاصل کرنے کے مواقع اور وسائل کو دلیل بنا کر تعصب کیا تھا اور کہا تھا کہ |
| فَقَالُوْا: نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ (سبا 34/35) | 141 | ہم اموال و اولاد میں سب سے زیادہ ہیں اور نعمتوں کی فراوانی ہی کی بنا پر ہمیں عذاب بھی نہ ہوگا (35/34) (مطلب یہ کہ اگر ہم غلط کار لوگ ہوتے تو ہمیں نعمتیں نہ دی جاتیں لہٰذا ہم صالح اور نجات یافتہ لوگ ہوئے) |
| فَاِنْ كَانَ لَابُدَّ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ فَلْيَكُنْ ؛ تَعَصُّبُكُمْ لِمَكَارِمِ الْخِصَالِ وَمَحَامِدِ ، الْاَفْعَالِ وَمَحَاسِنِ، الْاُمُوْرِ الَّتِىْ تَفَاضَلَتْ، فِيْهَا الْمَجْدَآءُ وَالنَّجْدَآءُ مِنْ بُيُوْتَاتِ الْعَرَبِ وَيَعَاسِيْبِ، الْقَبَائِلِ بِالْاَخْلَاقِ، الرَّغِيْبَةِ وَالْاَحْلَامِ، الْعَظِيْمَةِ وَالْاَخْطَارِ ،الْجَلِيْلَةِ وَالْاٰثَارِ ، الْمَحْمُوْدَةِ فَتَعَصَّبُوْا لِخِلَالِ الْحَمْدِ مِنَ الْحِفْظِ لِلْجِوَارِ، | 142 | چنانچہ اگر تمہارے لئے تعصب پر عمل کرنا لازم ہی ہو جائے تو تمہیں چاہئے کہ تم بزرگانہ منافع بخش خصلتوں اور عادتوں پر اور قابل حمد و ثنا اعمال و افعال پر اور سیرت کی بلندی پر فخر و تعصب کرو جن پر عرب کے خاندانوں کے عظیم ترین اور دلیر و بہادر لوگ اور قبیلوں کے سردار اپنی فضیلت اور برتری ثابت کیا کرتے تھے۔ وہ مرغوب و پسندیدہ اخلاق پیش کرتے تھے۔ وہ اپنی عقل و دانش اور عمدہ فیصلوں کا مظاہرہ کرتے تھے۔ اپنے بلند مقام اور مرتبوں کو سامنے لاتے تھے اور ماضی میں گزرے ہوئے کارناموں کی یاد دلاتے تھے تم بھی انکے قدم بقدم چلنے میں تعصب سے کام لو انکی طرفداری کرو۔ پڑوسیوں کے حقوق کی حفاظت کرنا |
| وَالْوَفَآءِ بِالذِّمَامِ | 143 | اور عہد و پیمان کو وفا کرنا۔ |
| وَالطَّاعَةِ لِلْبِرِّ ؛ | 144 | اور نیک لوگوں کی اطاعت کرنا۔ |
| وَالْمَعْصِيَةِ لِلْكِبْرِ ؛ | 145 | اور سرکش اور متکبر لوگوں کی نافرمانی کرنا۔ |
| وَالْاَخْذِ بِالْفَضْلِ ؛ | 146 | اچھے سلوک اور فضل و کرم کو عام کرنا۔ |
| وَالْكَفِّ عَنِ الْبَغْيِ ؛ | 147 | بغاوت اور ظلم و ستم سے باز رہنا۔ |
| وَالْاِعْظَامِ لِلْقَتْلِ ؛ | 148 | قتل و غارت کو روکنے کے لئے اہمیت دینا۔ |
| وَالْاِنْصَافِ لِلْخَلْقِ ؛ | 149 | مخلوقات کے اندر عدل و انصاف قائم رکھنا۔ |
| وَالْكَظْمِ لِلْغَيْظِ ؛ | 150 | غصہ کو پی جانا۔ اور |
| وَاجْتِنَابِ الْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ ؛ | 151 | اور فتنہ و فساد سے خود بچ کر رہنا۔ اور ساری دنیا میں فساد پھیلنے سے روکنا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاحْذَرُوْا مَانَزَلَ بِالْاُمَمِ قَبْلَكُمْ مِنَ الْمَثُلَاتِ بِسُوْءِ ، الْاَفْعَالِ وَزَمِيْمَ الْاَعْمَالِ ؛ | 152 | ان عذابوں اور سختیوں اور آفات سے بچتے رہنے کی کوشش کرنا جو تم سے پہلے والی امتوں پر ان کی بدکاریوں اور مذموم اعمال کی وجہ سے نازل ہوتے رہے۔ |
| فَتَذَكَّرُوْا فِی الْخَيْرِ وَالشَّرِّاحْوَالَهُمْ ؛ | 153 | اوران کے اچھے اور برے اعمال وحالات کو یاد کیا کرو اوران پر اپنے اعمال کو جانچتے رہو۔ |
| وَاحْذَرُوْا اَنْ تَكُوْنُوْا اَمْثَالَهُمْ ؛ | 154 | اوران کے مانند ہو جانے سے ڈرتے رہو۔ |
| فَاِذَاتَفَكَّرْتُمْ فِیْ تَفَاوُتِ حَالَيْهِمْ فَالْزَمُوْا كُلَّ اَمْرٍ لَّزِمَتِ الْعِزَّةُ بِهٖ شَاْنَهُمْ ؛ | 155 | چنانچہ جب تم نے ان کے اچھے اور برے حالات پر غور وفکر کر لیا اور دونوں قسم کے حالات کا فرق دیکھ لیا تو اب تم صرف ان حالات پر کاربند ہو جاؤ جن کے نتیجے میں انہیں عزت اور برتری حاصل ہوئی تھی۔ |
| وَزَاحَتِ الْاَعْدَآءُ لَهٗ عَنْهُمْ | 156 | اور جن کی وجہ سے ان کے دشمن ان سے دور اور ناکام رہے تھے۔ |
| وَمُدَّتِ الْعَافِيَةُ فِيْهِ عَلَيْهِمْ ؛ | 157 | اور جن کی وجہ سے ان میں خیر وعافیت اور تندرستی وتوانائی قائم رہتی رہی۔ |
| وَانْقَادَتِ النِّعْمَةُ لَهٗ مَعَهُمْ ؛ | 158 | اور نعمتیں اور مسرتیں ان کے ساتھ فراوانی سے ہم سفر رہیں۔ |
| وَوَصَلَتِ الْكَرَامَةُ عَلَيْهِ حَبْلَهُمْ : | 159 | اور بزرگی وسرفرازی نے اپنے رشتے ان سے استوار کر لئے۔ |
| مِنَ الْاِجْتِنَابِ لِلْفُرْقَةِ ؛ | 160 | ان اعمال وافعال میں سے یہ بھی تھے کہ: انہوں نے پھوٹ ڈالنے اور تفرقہ اندازی سے اجتناب کیا۔ |
| وَاللُّزُوْمِ لِلْاُلْفَةِ ؛ | 161 | اور انہوں نے آپس میں الفت اور وابستگی کو اپنے اوپر لازم کر لیا۔ |
| وَالتَّحَاضِّ عَلَيْهَا ؛ | 162 | اور اسی پر ایک دوسرے کو ابھارا اور قائم رکھتے تھے۔ |
| وَتَوَاصِیْ بِهَا ؛ | 163 | اور الفت ووابستگی ہی کی وصیت کرتے تھے۔ |
| وَاجْتَنِبُوْا كُلَّ اَمْرٍ كَسَرَ فِقْرَتَهُمْ وَ اَوْهَنَ مُنَّتَهُمْ ؛ | 164 | اس کے ساتھ ہی تم ان تمام کاموں سے بچتے رہو جنہوں نے ان کی کمر کی ہڈی کو توڑا۔ اوران کی طاقت کو ضعیفی میں بدل دیا تھا۔ |
| مِنْ تَضَاغُنِ الْقُلُوْبِ وَتَشَاحُنِ الصُّدُوْرِ وَ تَدَابُرِ النُّفُوْسِ وَ تَخَاذُلِ الْاَيْدِیْ | 165 | اس لئے کہ انہوں نے دلوں میں کینہ رکھا۔ اور سینوں میں بغض کو جگہ دی تھی۔ آپس میں تعاون اور مدد سے روگردانی کر لی تھی اور اپنے ہاتھوں سے ایک دوسرے کی پشت پناہی بند کر دی تھی۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | |
|---|---|
| وَتَدَبَّرُوْا اَحْوَالَ الْمَاضِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَبْلَكُمْ كَيْفَ كَانُوْا فِيْ حَالِ التَّمْحِيْصِ وَالْبَلَاءِ ؟ | 166 |
| اَلَمْ يَكُوْنُوْا اَثْقَلَ الْخَلَائِقِ اَعْبَاءً ؛ وَاَجْهَدُ الْعِبَادِ بَلَاءً ؟ وَاَضْيَقَ اَهْلِ الدُّنْيَا حَالًا ؟ | 167 |
| اَتَّخَذَتْهُمُ الْفَرَاعِنَةُ عَبِيْدًا ؛ فَسَامُوْهُمْ سُوْءَ الْعَذَابِ وَ جَرَّعُوْهُمُ الْمُرَارَ ؛ | 168 |
| فَلَمْ تَبْرَحِ الْحَالُ بِهِمْ فِيْ ذُلِّ الْهَلَكَةِ ؛ وَقَهْرِ الْغَلَبَةِ : | 169 |
| لَايَجِدُوْنَ حِيْلَةً فِيْ ، امْتِنَاعٍ وَلَاسَبِيْلًا اِلٰى دِفَاعٍ ؛ | 170 |
| حَتّٰى اِذَا رَاَى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ جِدَّالصَّبْرِ مِنْهُمْ عَلَى الْاَذٰى فِيْ مُحَبَّتِهٖ ؛ وَالْاِحْتِمَالِ لِلْمَكْرُوْهِ مِنْ خَوْفِهٖ ؛ | 171 |
| جَعَلَ لَهُمْ مِنْ مَّضَايِقِ الْبَلَآءِ فَرَجًا ، فَاَبْدَلَ لَهُمُ الْعِزَّ مَكَانَ الذُّلِّ وَالْاَمْنَ مَكَانَ الْخَوْفِ | 172 |
| فَصَارُوْا مُلُوْكًا حُكَّامًا ؛ وَاَئِمَّةً اَعْلَامًا ؛ | 173 |
| وَقَدْ بَلَغَتِ الْكَرَامَةُ مِنَ اللّٰهِ لَهُمْ ؛ مَالَمْ تَذْهَبِ الْاٰمَالُ اِلَيْهِ بِهِمْ ؛ | 174 |

ساتھ ہی ماضی میں گزرے ہوئے اپنے پہلے کے مومنین کے حالات و واقعات واعمال پر غور وفکر کرو۔ کہ وہ کون کون سی اور کیسی کیسی بلاؤں اور آزمائشوں میں مبتلا رہتے چلے گئے؟

کیا وہ مومنین باقی لوگوں سے زیادہ بوجھ میں دبے ہوئے اور بے بس نہ تھے؟ اور تمام بندوں سے زیادہ جفاکشی اور بلاؤں میں مبتلا نہ تھے؟ اور تمام دنیا والے لوگوں سے تنگی اور مصیبت کے حال میں نہ تھے ؟۔

چنانچہ اس زمانہ کے فرعونوں نے انہیں اپنا غلام بنالیا تھا۔ اس لئے انہیں بدترین عذاب میں مبتلا رکھا جاتا تھا۔ اور انہیں مصیبت کے کڑوے گھونٹ پلاتے تھے۔

چنانچہ وہ مسلسل تباہی اور ہلاکت کی ذلتوں سے گھرتے اور غلبہ وتسلط کی رسوائیوں میں مبتلا رہتے چلے گئے۔

اور ان تکلیفوں کو دور رکھنے کی کوئی چال ان کے قابو میں نہ تھی۔ اور وہ ان حالات سے دفاع اور بچاؤ کا کوئی راستہ نہ پاتے تھے۔

یہاں تک کہ جب اللہ نے یہ دیکھ لیا کہ وہ مومنین اللہ کی محبت کی خاطر اذیت اور تکالیف پر پوری کوشش اور محنت سے صبر کئے جا رہے ہیں اور اس کے خوف سے مصیبتوں کو برداشت کر رہے ہیں۔

تو اللہ نے مصیبتوں اور بلاؤں کی بھرمار کو ختم کر کے ان کے لئے سہولت کی راہیں کھول دیں اور ذلت کی جگہ ان کے لئے عزت کو بدل دیا۔ اور خوف وہراس کی جگہ امن وچین عطا کر دیا۔

پھر کیا تھا وہ تو بادشاہ اور حکمران بن گئے اور وہ مشہور ومعروف امام و راہنما بن کر اُبھرے۔

اور عزت وسرفرازی وسربلندی اللہ کی طرف سے ان تک پہنچ گئی۔ جیسی عزت وسربلندی کی انہیں امید بھی نہ تھی۔

Presented by Ziaraat.Com

| | |
|---|---|
| فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانُوْا حَيْثُ كَانَتْ الْاَمْلَاءُ ، مُجْتَمِعَةً ؛ وَالْاَهْوَاءُ ، مُؤْتَلِفَةً وَالْقُلُوْبُ ؛ مُعْتَدِلَةً؛ وَالْاَيْدِیْ ، مُتَرَادِفَةً ؛ والسُّيُوْفُ ، مُتَنَاصِرَةً وَالْبَصَائِرُ ، نَافِذَةً وَالْعَزَائِمُ وَاحِدَةً ؟ | 175 |
| اَلَمْ يَكُوْنُوْا اَرْبَابًا فِیْ اَقْطَارِ الْاَرَضِيْنَ وَمُلُوْكًا عَلٰی رِقَابِ الْعَالَمِيْنَ ؟؟ | 176 |
| فَانْظُرُوْا اِلٰی مَاصَارُوْا اِلَيْهِ فِیْ اٰخِرِ اُمُوْرِهِمْ حِيْنَ وَقَعَتِ الْفُرْقَةُ وَتَشَتَّتِ الْاُلْفَةُ ؛ وَاخْتَلَفَتِ الْكَلِمَةُ وَالْاَفْئِدَةُ ؛ وَتَشَعَّبُوْا مُخْتَلِفِيْنَ ؛ تَفَرَّقُوْا مُتَحَارِبِيْنَ ؛ | 177 |
| قَدْ خَلَعَ اللّٰهُ عَنْهُمْ لِبَاسَ كَرَامَتِهِ وَسَلَبَهُمْ غَضَارَةَ نِعْمَتِهِ | 178 |
| وَبَقِیَ قَصَصُ اَخْبَارِهِمْ فِيْكُمْ عِبْرَةً لِلْمُعْتَبِرِيْنَ مِنْكُمْ ؛ | 179 |
| فَاعْتَبِرُوْا بِحَالِ وَلَدِ اِسْمَاعِيْلَ وَبَنِیْ اِسْحَاقَ وَبَنِیْ اِسْرَائِيْلَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ ؛ | 180 |
| فَمَا اَشَدَّ اعْتِدَالَ الْاَحْوَالِ ؛ | 181 |
| وَاَقْرَبَ اشْتِبَاهَ الْاَمْثَالِ ؛ | 182 |
| تَاَمَّلُوْا اَمْرَهُمْ فِیْ حَالِ تَشَتُّتِهِمْ وَتَفَرُّقِهِمْ ؛ | 183 |
| لَيَالِیَ كَانَتِ الْاَكَاسِرَةُ وَالْقَيَاصِرَةُ اَرْبَابًا لَهُمْ ؛ | 184 |

غور کرو کہ اس زمانہ میں ان کا کیا حال تھا جب ان کی جماعتیں متحد تھیں۔اوران کی خواہشیں ہم آہنگ تھیں۔اوران کے دل اعتدال پر تھے۔ان کے ہاتھ تعاون کرتے تھے۔ان کی تلواریں ایک دوسرے کی نصرت کرتی تھیں اوران کی بصیرتیں برسرکار تھیں۔اورارادے ایک سے تھے؟

کیا اس حالت میں وہ لوگ ساری دنیا کے علاقوں کے پالنے والے رب نہ تھے؟اور پوری کائنات کی گردنوں پرسوار بادشاہ نہ تھے؟۔

چنانچہ غور کرو کہ آخر میں جا کر انکا کیا حال ہوگیا تھا جب ان میں پھوٹ پڑگئی فرقہ بندی ہوگئی اورالفت بکھرگئی اورکلمہ میں اختلاف پیدا ہوگیا؟اوردلوں میں نفرت پیدا ہوگئی۔اختلاف میں بہت سے شعبے بنا لئے اورمختلف پارٹیوں میں ایک دوسرے سے جنگ کرنے لگےتو

آخراللہ نے ان کی عزت اور بزرگی کا لباس چھین لیا۔اورنعمتوں کے وسائل اورذخیرہ کوواپس لےلیا۔

اوراب تمہارے اندران کی عبرت انگیز کہانیاں سبق حاصل کرنیوالوں کے لئے سامانِ عبرت بن کررہ گئیں۔

اسی سلسلے میں تم اسماعیلؑ کی اولاداوراسحاق کی اولاداور بنی اسرائیل (یعقوبؑ کے بیٹوں) پرنظرڈالو(ان پرسلام ہو)

ان کے حالات بھی کس شدت سے ملتے جلتے ہوئے ہیں؟

اوران کی مثالیں کتنی ایک دوسری سے مشابہ اورقریب ہیں۔

لہٰذا تمہیں جن حالات پرتوجہ دینا غور کرنا اورسبق لینا ہے وہ وہ حالات ہیں جوان میں تفرقہ اور پھوٹ پڑجانے کے بعد پیدا ہوئے تھے۔

تم ان راتوں پرنظرڈالو جب ایران کے کسریٰ اورروم کے قیصران پر رب بنے ہوئے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| يَحْتَازُوْنَهُمْ عَنْ رَّدِيْفِ الْاٰفَاقِ وَبَحْرِ الْعِرَاقِ وَخُضْرَةِ الدُّنْيَا اِلٰى مَنَابِتِ الشِّيْحِ وَمَهَافِى الرِّيْحِ وَنَكَدِ الْمَعَاشِ | 185 | وہ بادشاہ انہیں دنیا کے سبزہ زاروں سے ،عراق کے دریاؤں اور سمندروں سے اور آباد و شاداب علاقوں سے نکال کر خار دار جھاڑیوں میں طوفانی ہواؤں اور بے روک آندھیوں والے بیابانوں میں اور خوراک نہ مل سکنے والے ریگستانوں میں ڈھکیلتے اور ہانکتے رہتے تھے۔ |
| فَتَرَكُوْهُمْ عَالَةً مَسَاكِيْنَ اِخْوَانَ دَبَرٍ وَّوَبَرٍ اَذَلَّ الْاُمَمِ دَارًا وَاَجْدَبَهُمْ قَرَارًا لَايَأْوُوْنَ اِلٰى جَنَاحِ دَعْوَةٍ يَعْتَصِمُوْنَ بِهَا ؛ | 186 | چنانچہ انہیں فقیر و مسکین اور نادار و قلاش اور زخمی اور بیکار اونٹوں کا چرواہا اور بالوں کی جھونپڑیوں کا باشندہ بنا کر چھوڑے دیتے تھے۔ان کا علاقہ ساری امتوں سے ذلیل تر تھا اور ان کے ٹھہرنے کے مقامات خشک سالیوں سے تباہ حال تھے کوئی ایسا صاحب اثر نہ تھا جو انہیں اس حال سے نکالنے کی دعوت دیتا اور وہ اس کے بازوؤں میں پناہ لے سکتے۔ |
| وَلَا اِلٰى ظِلِّ اُلْفَةٍ يَعْتَمِدُوْنَ عَلٰى عِزِّهَا ؛ | 187 | اور نہ کسی صاحب عزت اور غلبہ والے شخص کی الفت و محبت کا سایہ موجود تھا جس پر یہ لوگ بھروسہ کر لیتے۔ |
| فَالْاَحْوَالُ مُضْطَرِبَةٌ ؛ وَالْاَيْدِىْ مُخْتَلِفَةٌ ؛ وَالْكَثْرَةُ مُتَفَرِّقَةٌ ؛ فِىْ بَلَاءٍ اَزْلٍ وَاَطْبَاقِ جَهْلٍ مِنْ بَنَاتٍ مَوْؤُدَةٍ ؛ وَاَصْنَامٍ مَّعْبُوْدَةٍ وَاَرْحَامٍ مَّقْطُوْعَةٍ وَغَارَاتٍ مَشْنُوْنَةٍ ؛ | 188 | چنانچہ ان کے حالات بے چینی سے لبریز اور نا قابل اطمینان تھے۔اور ان کے ہاتھ الگ الگ اور بے سکت تھے۔اور ان کی کثرت میں پھوٹ پڑی ہوئی تھی۔وہ ازلی بلاؤں اور مصیبتوں میں مبتلا تھے۔اور ان پر جہالت کی تہیں جمی ہوئی تھیں ان کے یہاں بیٹیاں سخت اذیت میں مبتلا تھیں۔اور ان میں ہر طاقتور معبود واجب الاطاعت تھا۔اور وہاں ماؤں اور رحموں کا احترام ختم کر دیا گیا تھا۔اور لوٹ مار و قزاقی پھیلی ہوئی تھی۔ |
| فَانْظُرُوْا اِلٰى مَوَاقِعِ نِعَمِ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ حِيْنَ بَعَثَ اِلَيْهِمْ رَسُوْلًا ؛ | 189 | اب تم ان کی اس حالت کو سامنے لاؤ جب اللہ نے انہیں نعمتوں کے مواقع دئے تھے اور اس وقت کی حالت پر غور کرو جب اللہ نے ان میں اپنا رسولؐ مبعوث کیا تھا۔ |
| فَعَقَدَ بِمِلَّةِ طَاعَتَهُمْ | 190 | اور انہیں آنحضرتؐ کی ملت کا فرمان بردار بنایا۔ |
| وَجَمَعَ عَلٰى دَعْوَتِهِ اُلْفَتَهُمْ ؛ | 191 | اور انہیں انؐ کی دعوت پر مجتمع کیا ان میں باہم الفت و وابستگی پیدا کی۔ |
| كَيْفَ نَشَرَتِ النِّعْمَةُ عَلَيْهِمْ جَنَاحَ كَرَامَتِهَا ؛ | 192 | اور پھر کس طرح نعمتوں نے ان پر عزت و کرامت کے بازو پھیلا دئے۔ |
| وَاَسَالَتْ لَهُمْ جَدَاوِلَ نَعِيْمِهَا ؛ | 193 | اور ان کے اوپر خوشحالی کی نہریں بہا دیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْتَفَّتِ الْمِلَّةُ بِهِمْ فِیْ عَوَائِدِ بَرَكَتِهَا ؛ | 194 | اورآنحضرتؐ کی شریعت نے انہیں اپنی برکت سے استفادہ کیلئے ہر طرف سے گھیر لیا۔ |
| فَاَصْبَحُوْا فِیْ نِعْمَتِهَا غَرِقِيْنَ ؛ | 195 | چنانچہ شریعت کی نعمتوں میں ڈوبے ہوئے صبح کرتے تھے۔ |
| وَفِیْ خُضْرَةِ عَيْشِهَا فَكِهِيْنَ ؛ | 196 | اوران کی زندگی کے دوران خوش حالیوں اورعیاشیوں میں مگن رہتے رہے۔ |
| قَدْ تَرَبَّعَتِ الْاُمُوْرُ بِهِمْ فِیْ ظِلِّ سُلْطَانٍ قَاهِرٍ ؛ | 197 | یقیناً ایک زبردست وغالب سلطانؑ کے زیرسایہ ان کے تمام کام اور کاروبار مستحکم ہوگئے۔ |
| وَآوَتْهُمُ الْحَالُ اِلٰی كَنَفِ عِزٍّ غَالِبٍ ؛ | 198 | اورانکے حالات کی درستی نے انہیں غالب رہنے والی عزت کی پناہ میں دے دیا |
| وَتَعَطَّفَتِ الْاُمُوْرُ عَلَيْهِمْ فِیْ ذُرَی مُلْكٍ ثَابِتٍ؛ | 199 | اور ایک مستحکم بادشاہت کے ماتحت ان کے تمام کام اور معاملات سہولت سے انجام پانے لگے۔ |
| فَهُمْ حُكَّامٌ عَلَی العالَمِيْنَ ؛ وَمُلُوْكٌ فِیْ اَطْرَافِ الْاَرَضِيْنَ ؛ | 200 | چنانچہ وہ لوگ سارے عالمین پرحکمران بن گئے۔اورزمین کے تمام اطراف اور علاقوں میں انہیں بادشاہ مانا جانے لگا۔ |
| يَمْلِكُوْنَ الْاُمُوْرَ عَلٰی مَنْ كَانَ يَمْلِكُهَا عَلَيْهِمْ ؛ | 201 | اب وہ ان لوگوں کے کاموں کے مالک بن گئے جوکل تک ان کے مالک تھے۔ |
| وَيُمْضُوْنَ الْاَحْكَامَ فِيْمَنْ كَانَ يُمْضِيْهَا فِيْهِم ؛ | 202 | اوراب ان پراحکام نافذ کرنے لگے جوکل تک ان پرحکم چلاتے تھے۔ |
| لَاتُغْمَزُ لَهُمْ قَنَاةٌ وَّ لَاتُقْرَعُ لَهُمْ صَفَاةٌ! | 203 | اب نہ ان پر نیزہ چلایا جاسکتا ہےاورنہ ان پر پتھر پھینکا جاسکتا ہے۔ |
| اَلَاوَاِنَّكُمْ قَدْ نَفَضْتُمْ اَيْدِيَكُمْ مِّنْ حَبْلِ الطَّاعَةِ ؛ | 204 | خبردار ہوجاؤ کہ تم نے اپنے ہاتھوں کوسلسلہءاطاعت سے چھڑالیا ہے۔ |
| وَثَلَمْتُمْ حِصْنَ اللّٰهِ الْمَضْرُوْبَ عَلَيْكُمْ بِاَحْكَامِ الْجَاهِلِيَّةِ ؛ | 205 | اورتم نے اس قلعہ میں سرنگ لگالی ہے جواللہ نے زمانہ جاہلیت کے احکام سے حفاظت کے لئے تمہارے گرد بنایا تھا۔ |
| وَاِنَّ اللّٰهَ.سُبْحَانَهُ.قَدِامْتَنَّ عَلٰی جَمَاعَةِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فِيْمَا عَقَدَبَيْنَهُمْ مِنْ حَبْلِ هٰذِهِ الْاُلْفَةِ ؛ | 206 | اور یقیناً اللہ پاک نے اس امت کی ایک جماعت پرمنتی احسان کیا تھا جن کے درمیان رشتہ محبت والفت کی اسی رسّی کا معاہدہ اور بندھن باندھا تھا۔ |
| الَّتِیْ يَنْتَقِلُوْنَ فِیْ ظِلِّهَا وَيَاْوُوْنَ اِلٰی كَنَفِهَا ؛ | 207 | یہ الفت کی وہی رسّی اور معاہدہ ہے جس کے سایہ میں لوگ منتقل ہوتے ہیں اوراس کے پہلو میں پناہ لیتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| بِنِعْمَةٍ لَّايَعْرِفُ اَحَدٌ مِّنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ لَهَا قِيْمَةً ؛ | 208 | یہ وہ نعمت ہے کہ جس کی قیمت کو ساری مخلوقات میں سے کوئی ایک بھی نہیں پہچانتا ہے۔ |
| لِاَنَّهَا اَرْجَحُ مِنْ كُلِّ ثَمَنٍ ، وَاَجَلُّ مِنْ كُلِّ خَطَرٍ | 209 | اور یہ اس لئے کہ وہ ہر قسم کی قیمتوں سے بڑھ کر اور سب سے اہم ہے اور ہر قسم کی بزرگی سے بزرگ تر ہے۔ |
| وَاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ صِرْتُمْ بَعْدَا الْهِجْرَةِ اَعْرَابًا ؛ | 210 | اور یہ جان لو کہ تم لوگ ایمان لانے اور ہجرت کر لینے کے بعد پھر ہجرت و ایمان سے خارج ہو کر جاہلیت کے حکم میں داخل ہو گئے ہو۔ |
| وَبَعْدَ الْمَوَالاةِ اَحْزَابًا ؛ | 211 | اور اسلامی ولایت میں داخلہ کے بعد مخالف گروہ بن گئے ہو۔ |
| مَاتَتَعَلَّقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا بِاسْمِهِ ؛ | 212 | تم صرف اسلام کے نام سے تعلق رکھنے والے مسلمان ہو۔ |
| وَلَا تَعْرِفُوْنَ مِنَ الْاِيْمَانِ اِلَّارَسْمَهُ ؛ | 213 | اور تم اسلام کو نہیں پہچانتے سوائے اسکے کہ ایک رسمی صورت اختیار کر رکھی ہے۔ |
| تَقُوْلُوْن : اَلنَّارَ وَلَا الْعَارَ ؛ | 214 | تمہارا قول یہ ہے کہ آگ میں کود پڑیں گے مگر عار کو برداشت نہ کریں گے۔ |
| كَاَنَّكُمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تُكْفِئُوْا الْاِسْلَامَ عَلٰى وَجْهِهِ انْتِهَاكًا لِّحَرِيْمِهِ ؛ | 215 | اس قول کی پشت پر تمہاری اسکیم یہ ہے کہ تم اسلام کی توہین کر کے اور اس کا عہد توڑ کر اسے منہ کے بل اوندھا کر ڈالو۔ |
| وَنَقْضًا لِّمِيْثَاقِهِ الَّذِىْ وَضَعَهُ اللّٰهُ لَكُمْ حَرَمًا فِىْ اَرْضِهِ؛ | 216 | تم وہ عہد توڑنا چاہتے ہو جسے اللہ نے زمین پر تمہارے لئے محترم بنایا تھا۔ |
| وَاَمَنًا بَيْنَ خَلْقِهِ ؛ | 217 | اور مخلوقات کے درمیان اسے امن قرار دیا تھا۔ |
| وَاِنَّكُمْ اِنْ لَّجَاْتُمْ اِلٰى غَيْرِهِ حَارَبَكُمْ اَهْلُ الْكُفْرِ ؛ | 218 | اور خبردار رہو کہ تم نے اگر اسلام کے سوا کسی اور سے پناہ چاہی تو پھر تم سے اہل کفر جنگ کریں گے۔ |
| ثُمَّ لَاجَبْرَائِيْلُ وَلَامِيْكَائِيْلُ وَلَا مُهَاجِرُوْنَ وَلَا اَنْصَارٌ يَنْصُرُوْنَكُمْ ؛ | 219 | پھر اس صورت میں نہ تو جبرائیل اور میکائیل ہوں گے اور نہ مہاجرین اور انصار ہی ہوں گے کہ تمہاری نصرت کر سکیں۔ |
| اِلَّاالْمُقَارَعَةَ بِالسَّيْفِ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَكُمْ ؛ | 220 | سوائے تلواروں کو کھڑکانے کے اور کوئی چارہ کار نہ رہے گا یہاں تک کہ اللہ ہی تمہارے درمیان اپنا حکم جاری کرے۔ |
| وَاِنَّ عِنْدَكُمُ الْاَمْثَالَ مِنْ بَاسِ اللّٰهِ وَقَوَارِعِهِ ؛ | 221 | اور یقیناً ایسی صورتوں کے لئے تمہارے پاس اللہ کے عذاب کی بلاؤں اور سختیوں کی بہت سی مثالیں موجود ہیں۔ |
| وَاَيَّامِهِ وَوَقَاعِهِ ؛ | 222 | اور اس کے تباہ کر ڈالنے والے دن اور واقعات بھی تمہارے سامنے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَلاَ تَسْتَبْطِئُوا وَعِيْدَهُ جَهْلًا بِاَخْذِهِ وَتَهَاوُنًا بِبَطْشِهِ وَيَاسًا مِّنْ بَاسِهِ ؛ | 223 | لہٰذا تم لوگ اللہ کی گرفت سے انجان بن کر اور اس کے عذاب کو آسان سمجھ کر اور اس کے قہر سے مایوس ہو کر اللہ کے عذاب کو دور نہ سمجھ لینا۔ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ ـسُبْحَانَهٗـ لَمْ يَلْعَنِ الْقَرْنَ الْمَاضِىَ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ اِلَّا لِتَرْكِهِمِ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْىَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؛ | 224 | چنانچہ اللہ پاک نے تم سے پہلے گزری ہوئی اقوام پر کبھی لعنت نہیں کی سوائے اس کے کہ جب انہوں نے عالمی اچھائیوں کا حکم دینا چھوڑا اور عالمی ناپسندیدہ کاموں سے روکنا بند کر دیا (یعنی اپنی رحمت وسلوک سے انہیں جب ہی محروم کیا جب انہوں نے امر بالمعروف ونہی عن المنکر کو ترک کر دیا) |
| فَلَعَنَ اللّٰهُ السُّفَهَآءَ لِرُكُوْبِ الْمَعَاصِىْ ؛ وَالْحُلَمَآءَ لِتَرْكِ التَّنَاهِىْ ؛ | 225 | چنانچہ اللہ نے بے وقوفوں پر اس لئے لعنت کی کہ ان لوگوں نے نافرمانی اور گناہ پر عمل کیا۔ اور عقلمندوں پر اس لئے لعنت کی کہ انہوں نے گناہوں سے روکنا بند کر رکھا تھا۔ |
| اَلَاوَقَدْ قَطَعْتُمْ قَيْدَ ، الْاِسْلَامِ وَعَطَّلْتُمْ ؛ حُدُوْدَهٗ ؛ وَاَمَتُّمْ اَحْكَامَهٗ ؛ | 226 | خبردار رہو کہ تم نے اسلام کی تمام ہی پابندیاں توڑ ڈالی ہیں اور اسکی حدود کو التواء میں ڈال دیا ہے۔ اور اسکے احکام کو موت کے گھاٹ اُتار دیا ہے۔ |
| اَلَاوَقَدْ اَمَرَنِىَ اللّٰهُ بِقِتَالِ اَهْلِ الْبَغْىِ وَالنَّكْثِ وَالْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ ؛: | 227 | خبردار رہو کہ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ باغیوں سے، عہد شکنوں سے اور زمین میں فساد پھیلانے والوں سے جنگ کروں۔ |
| فَاَمَّا النَّاكِثُوْنَ فَقَدْ قَاتَلْتُ ؛وَاَمَّا الْقَاسِطُوْنَ فَقَدْجَاهَدْتُ وَاَمَّا الْمَارِقَةُ فَقَدَ دَوَّخْتُ ؛ وَاَمَّا الشَّيْطَانُ الرَّدْهَةِ فَقَدْ كُفِيْتُهٗ بِصَعْقَةٍ سُمِعَتْ لَهَا وَجْبَةَ قَلْبِهٖ وَرَجَّةَ صَدْرِهٖ ؛ | 228 | چنانچہ میں عہد شکنوں، ناکثین کے ساتھ جنگ کر چکا ہوں اور نافرمانوں، قاسطین کے ساتھ میں نے جہاد کر لیا ہے۔ اور بے دینوں، مارقین کو بھی خوب ذلیل وخوار کر چکا ہوں اور گڑھے میں گر کر مرنے والا شیطان تو میرے لئے اس کی مہم پوری ہوگئی۔ اور وہ بجلی سے مارا گیا اور اس کی دل سے نکلنے والی چیخ اور سینے کی تھرتھری سب طرف سنی گئی تھی۔ |
| وَبَقِيَتْ بَقِيَّةٌ مِنْ اَهْلِ الْبَغْىِ ؛ | 229 | اور جو کچھ باقی رہ جانے والے باغی لوگ ہیں ان کے متعلق یہ ہے کہ |
| وَلَئِنْ اَذِنَ اللّٰهُ فِى الْكَرَّةِ عَلَيْهِمْ لَاُدِيْلَنَّ مِنْهُمْ اِلَّا مَايَتَشَذَّرُ فِىْ اَطْرَافِ الْبِلَادِ تَشَذُّرًا؛ | 230 | اگر اللہ نے مجھے دوبارہ حملہ کرنے کے اجازت دے دی تو میں ان پر ضرور حملہ کروں گا اور اس دفعہ کے حملے میں میں اُن کا ستیاناس کر کے رکھ دوں گا اور سلطنت کا رخ موڑ دوں گا وہی لوگ بچ سکیں گے جو دور دراز کے شہروں کی حدود میں منتشر ہو جائیں گے۔ |
| اَنَا وَضَعْتُ فِى الصِّغَرِ بِكَلَاكِلِ الْعَرَبِ ؛ | 231 | میں نے تو کم سنی ہی میں عربوں کا سینہ پیوندِ زمین کر دیا تھا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَكَسَرْتُ نَوَاجِمَ قُرُوْنِ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ ؛ | 232 | اور قبیلہ ربیعہ اور مضر کے نخروں والے سینگ توڑ کر رکھ دئے تھے۔ |
| وَقَدْ عَلِمْتُمْ مَوْضِعِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ بِالْقَرَابَةِ ؛ الْقَرِيْبَةِ ؛ وَالْمَنْزِلَةِ ،الْخَصِيْصَةِ وَضَعَنِيْ فِيْ حَجْرِهٖ وَاَنَاوَلِيْدٌ ؛ يَضُمُّنِيْ اِلٰى صَدْرِهٖ ؛ وَيَكْنُفُنِيْ فِيْ فِرَاشِهٖ ؛ وَيَمَسُّنِيْ جَسَدَهٗ وَيُشِمُّنِيْ عَرْفَهٗ ؛ وَكَانَ يَمْضُغُ الشَّيْءَ ثُمَّ يُلْقِمُنِيْهِ ؛ | 233 | اور یقیناً تمہیں علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ میرا کیا مقام رہا ہے۔ ہماری قریب ترین قرابت اور خصوصی منزلت کا بھی تمہیں علم ہے میں چھوٹا سا بچہ ہی تھا جب انہوں نے مجھے گود میں رکھنا شروع کیا تھا۔ مجھے اپنے سینے سے چمٹائے رکھتے تھے۔ بستر میں اپنے ساتھ سلاتے تھے۔ اپنے جسم کو میرے ساتھ ملا کرتے تھے اور وہ مجھے اپنی خوشبو سُنگھایا کرتے تھے۔ اور پہلے وہ کسی چیز کو چبا کر نرم کرلیا کرتے پھر مجھے لقمے بنا بنا کر کھلایا کرتے تھے۔ |
| وَمَا وَجَدَ لِيْ كِذْبَةً ، فِيْ قَوْلٍ ؛ وَلَا خَطْلَةً فِيْ فِعْلٍ ؛ | 234 | نہ حضورؐ نے میری کسی بات میں جھوٹ پایا نہ میرے کسی کام میں خطا اور شبہ پایا۔ |
| وَلَقَدْ قَرَنَ اللّٰهُ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ مِنْ لَدُنْ اَنْ كَانَ فَطِيْمًا اَعْظَمَ مَلَكٍ مِّنْ مَّلَائِكَتِهٖ | 235 | اللہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک عظیم المرتبہ فرشتے کو اس وقت تعینات کر رکھا تھا جب آپؐ دودھ بڑھائی کی عمر کو پہنچنے والے تھے |
| يَسْلُكُ بِهٖ طَرِيْقَ ، الْمَكَارِمِ وَمَحَاسِنَ اَخْلَاقِ الْعَالَمِ لَيْلَهٗ وَنَهَارَهٗ ؛ | 236 | وہ فرشتہ دن رات حضورؐ کے ساتھ رہتا تھا اور انہیں شب و روز کرمفرمائی کے طریقوں اور سارے جہاں کے اچھے اخلاق سے منسلک رکھتا تھا۔ |
| وَلَقَدْ كُنْتُ اَتَّبِعُهٗ اِتِّبَاعَ الْفَصِيْلِ اَثَرَاُمِّهٖ ؛ | 237 | اور یقیناً میں آنحضرتؐ کے ساتھ ساتھ پیروی کرتا ہوا چلا کرتا تھا اسی طرح کی پیروی جیسے ایک اونٹنی کا بچہ اپنی ماں کے پیچھے پیچھے مل کر چلا کرتا ہے۔ |
| يَرْفَعُ لِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ مِّنْ اَخْلَاقِهٖ عَلَمًا؛ | 238 | آپؐ میرے لئے ہر روز اپنے اخلاق کا ایک نیا پرچم بلند کرتے تھے۔ |
| وَيَاْمُرُنِيْ بِالْاِقْتِدَاءِ بِهٖ | 239 | اور مجھے ان پرچموں کی یعنی اپنی اخلاق کی پیروی کا حکم دیتے تھے۔ |
| وَلَقَدْ كَانَ يُجَاوِرُ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ بِحِرَاءَ ؛ | 240 | اور ہر سال غار حرا میں قیام فرمایا کرتے تھے۔ |
| فَاَرَاهُ وَلَا يَرَاهُ غَيْرِيْ ؛ | 241 | میں آپؐ کو غار حرا میں دیکھتا تھا اور میرے سوا انہیں وہاں کوئی نہ دیکھتا تھا |
| وَلَمْ يَجْمَعْ بَيْتٌ وَاحِدٌ يَوْمَئِذٍ فِي الْاِسْلَامِ غَيْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ. وَخَدِيْجَةَ وَاَنَا ثَالِثُهُمَا ؛ | 242 | وہ وہ وقت تھا کہ اسلام کسی گھر میں نہ آیا تھا سوائے آنحضرتؐ اور خدیجہؑ کے گھر کے اور میں ان کا تیسرا ہوا کرتا تھا۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ |
| اَرَىٰ نُوْرَ الْوَحِيْ وَالرِّسَالَةِ ؛ | 243 | میں رسالت اور وحی کے نور کو دیکھا کرتا تھا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَشُمُّ رِيْحَ النُّبُوَّةِ ؛ | 244 | اور میں نبوت کی خوشبو سونگھا کرتا تھا۔ |
| وَلَقَدْ سَمِعْتُ رَنَّةَ الشَّيْطَانِ حِيْنَ نَزَلَ الْوَحْيُ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ | 245 | اور جب وحی نازل ہوئی تو میں نے شیطان کی چیخیں سن کر رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ |
| فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَاهٰذِهِ الرَّنَّةُ ؟ | 246 | حضور شیطان نے چیخیں کیوں ماری ہیں؟ |
| فَقَالَ هٰذَا الشَّيْطَانُ قَدْ اَيِسَ مِنْ عِبَادَتِهِ ؛ | 247 | حضورؐ نے فرمایا یہ شیطان ہے جو آئندہ اپنی عبادت کئے جانے سے مایوس ہو گیا ہے۔ |
| اِنَّکَ تَسْمَعُ مَا اَسْمَعُ وَتَرَىٰ مَا اَرَىٰ ؛ | 248 | اور یہ بھی فرمایا کہ تم بھی وہ سب کچھ سنتے ہو جو میں سنتا ہوں۔اور جو کچھ میں دیکھتا ہوں تم بھی وہ سب کچھ دیکھتے ہو۔ |
| اِلَّا اَنَّکَ لَسْتَ نَبِيٌّ ؛ وَلٰكِنَّکَ لَوَزِيْرٌ وَاِنَّکَ لَعَلٰى خَيْرٍ ؛ | 249 | فرق یہ ہے کہ تم نبی نہیں ہو بلکہ ایک اہم وزیر ہو اور تمہارے لئے وزیر ہونا ہی بہتر ہے۔ |
| وَلَقَدْ كُنْتُ مَعَهُ .صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ لَمَّا اَتَاهُ الْمَلَأُ مِنْ قُرَيْشٍ فَقَالُوْا لَهُ : | 250 | اور میں اس وقت بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ تھا جب قریش کے مُلّا رسولؐ اللہ کے پاس آئے اور حضورؐ سے کہا کہ: |
| يَامُحَمَّدُ اِنَّکَ قَدِ ادَّعَيْتَ عَظِيْمًا لَّمْ يَدَّعِهِ اٰبَاؤُکَ وَلَا اَحَدٌ مِّنْ بَيْتِکَ ؛ | 251 | یا محمدؐ آپ نے ایک ایسا عظیم ترین دعویٰ کیا ہے جیسا دعویٰ نہ تو آپؐ کے آباؤ اجداد نے کیا تھا اور نہ ہی آپ کے گھر والوں نے ایسا دعویٰ کیا تھا۔ |
| وَنَحْنُ نَسْئَلُکَ اَمْرًا اِنْ اَنْتَ اَجَبْتَنَا اِلَيْهِ وَاَرَيْتَنَاهُ عَلِمْنَا اَنَّکَ نَبِيٌّ وَّرَسُوْلٌ ؛ | 252 | اور ہم اس دعویٰ کی تحقیق کے لئے آپؐ سے ایک مطالبہ کرتے ہیں اگر آپؐ نے اس کو پورا کر دیا تو ہم مان لیں گے کہ آپؐ نبی بھی ہیں اور رسولؐ بھی ہیں۔ |
| وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ عَلِمْنَا اَنَّکَ سَاحِرٌ كَذَّابٌ | 253 | اور اگر تم اسے پورا کر کے نہ دکھا سکے تو ہمیں معلوم ہو جائے گا کہ آپ نہ نبی ہیں نہ رسول بلکہ ایک جھوٹے جادوگر ہیں۔ |
| فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَمَا تَسْأَلُوْنَ ؟ | 254 | آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ تم اپنا سوال بیان کرو۔ |
| قَالُوْا تَدْعُوْ لَنَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ حَتّٰى تَنْقَلِعَ بِعُرُوْقِهَا وَتَقِفَ بَيْنَ يَدَيْکَ ؛ | 255 | مُلّاؤں نے کہا کہ آپؐ ہمارے لئے اس درخت کو یہاں بلائیں تا کہ وہ اپنی جڑوں سمیت چل کر یہاں آئے اور آ کر آپؐ کے سامنے کھڑا ہو جائے۔ |
| فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، فَاِنْ فَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ ذٰلِکَ اَتُؤْمِنُوْنَ وَتَشْهَدُوْنَ بِالْحَقِّ ؟ | 256 | اس پر رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ چنانچہ اگر اللہ نے تمہارے لئے یہ مطالبہ پورا کر دیا تو کیا تم سب ایمان لے آؤ گے اور حق پر گواہی دو گے؟ انہوں نے یہ شرط مان لی۔حضورؐ نے فرمایا |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| قَالُوْا نَعَمْ : قَالَ : فَاِنِّیْ سَاُرِیْکُمْ ، مَاتَطْلُبُوْنَ وَاِنِّیْ لَاَعْلَمُ اَنَّکُمْ لَاتَفِیْئُوْنَ اِلٰی خَیْرٍ ؛ وَاِنَّ فِیْکُمْ مَنْ یُّطْرَحُ فِی الْقَلِیْبِ ؛ وَمَنْ یُّحَزِّبُ الْاَحْزَابَ ، ثُمَّ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ یَا اَیَّتُھَا الشَّجَرَۃُ اِنْ کُنْتِ تُؤْمِنِیْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَتَعْلَمِیْنَ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَانْقَلِعِیْ بِعُرُوْقِکِ حَتّٰی تَقِفِیْ بَیْنَ یَدَیَّ بِاِذْنِ اللّٰہِ ، وَالَّذِیْ بَعَثَہٗ بِالْحَقِّ لَانْقَلَعَتْ بِعُرُوْقِھَا وَجَائَتْ وَلَھَا دَوِیٌّ ، شَدِیْدٌ وَقَصْفٌ کَقَصْفِ اَجْنِحَۃِ ، الطَّیْرِ حَتّٰی وَقَفَتْ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ؛ مُرَفْرِفَۃً وَاَلْقَتْ بِغُصْنِھَا الْاَعْلٰی عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَبِبَعْضِ اَغْصَانِھَا عَلٰی مَنْکِبِیْ وَکُنْتُ عَنْ یَمِیْنِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ ؛ | | کہ اچھا میں تمہارا مطالبہ پورا کر کے تمہیں دکھائے دیتا ہوں۔اور ساتھ ہی میں یہ بھی علم رکھتا ہوں کہ تم خیر کی طرف پلٹنے والے نہیں ہو۔اور تم ہی میں سے کچھ لوگ تو وہ ہوں گے جو بدر کے کنویں میں پھینکے جانے والے ہیں۔ اور کچھ وہ لوگ ہیں جو جنگ احزاب میں گروہ در گروہ جنگ کرنے کے لئے آئیں گے۔پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ اے درخت اگر تو اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے اور جانتا ہے کہ میں اللہ کا رسولؐ ہوں تو فوراً اپنی جڑوں سمیت اُکھڑ کر یہاں آجا اور میرے سامنے رک کر کھڑا ہو جا یہ اللہ کا حکم ہے۔اور قسم ہے اس کی جس نے محمدؐ کو حق کے ساتھ مبعوث کر کے بھیجا کہ وہ درخت اپنی جڑوں سمیت اُکھڑ کر زمین کو پھاڑتا ہوا آیا اور اس کے ساتھ ساتھ سخت گڑگڑاہٹ اور پرندوں کے اُڑنے کی آوازیں آرہی تھیں یہاں تک کہ درخت حضورؐ کے پاس آپہنچا اور حضورؐ کے سامنے کھڑا ہو گیا، صلی اللہ علیہ وآلہ اور اس نے تعظیماً اپنی سب سے اوپر والی بلند شاخیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ پر بکھیر دیں اور بعض شاخیں میرے کاندھوں پر بھی جھکی ہوئی تھیں کیونکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ کے دہنی طرف کھڑا تھا۔ |
| فَلَمَّا نَظَرَ الْقَوْمُ اِلٰی ذٰلِکَ قَالُوْا عُلُوًّا وَاسْتِکْبَارًا : فَمُرْھَا فَلْیَاْتِکَ نِصْفُھَا وَیَبْقٰی نِصْفُھَا | 257 | جب قریش کے ملاؤں نے یہ سب کچھ دیکھ لیا تو نہایت نخرے اور غرور سے کہنے لگے کہ اسے حکم دیں کہ آدھا آپ کے پاس آئے اور آدھا اپنی جگہ موجود رہے۔ |
| فَاَمَرَھَا بِذٰلِکَ فَاَقْبَلَ اِلَیْہِ نِصْفُھَا کَاَعْجَبِ اِقْبَالٍ وَّاَشَدِّہٖ دَوِیًّا ؛ | 258 | چنانچہ آپ نے درخت کو یہی حکم دے دیا تو درخت کا آدھا حصہ آپؐ کی طرف چلا آیا اور اس مرتبہ کا آنا نہایت ہی عجیب طریقہ پر اور شدید ترین گڑگڑاہٹ کے ساتھ تھا۔ |
| فَکَادَتْ تَلْتَفُّ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ فَقَالُوْا کُفْرًا وَّعُتُوًّا : فَمُرْ ھٰذَا النِّصْفَ فَلْیَرْجِعْ اِلٰی نِصْفِہٖ کَمَا کَانَ ؛ | 259 | چنانچہ وہ اس تیزی کے ساتھ پہنچا تھا کہ معلوم ہو رہا تھا کہ اس دفعہ وہ رسولؐ اللہ سے لپٹ ہی جائے گا۔یہ حالت دیکھ کر انہوں نے بڑھے ہوئے کفر اور سرکشی کے ساتھ کہا کہ اس آدھے حصے کو حکم دیں کہ یہ پلٹ جائے اور |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | جیسا پہلے تھا ویسا ہو جائے۔ |
| فَاَمَرَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فَرَجَعَ ؛ | 260 | حضورؐ نے حکم دیا تو وہ پلٹ گیا۔ |
| فَقُلْتُ اَنَا :لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ ، اِنِّیْ اَوَّلُ مُؤْمِنٍ بِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ اَوَّلُ مَنْ اَقَرَّبِاَنَّ الشَجَرَةَ فَعَلَتْ مَافَعَلَتْ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی تَصْدِیْقًا بِنُبُوَّتِکَ وَاِجْلَالًا لِّکَلِمَتِکَ ؛ | 261 | میں نے عرض کیا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں آپ پر ایمان میں اول ہوں اور اول ہی اقرار کرنے والا ہوں کہ جو کچھ اس درخت نے کیا ہے وہ مرے روبرو واقع ہوا ہے اور درخت نے ثابت کر دیا کہ درخت نے اللہ کے حکم سے آپؐ کی نبوت کی تصدیق کی ہے۔ اور آپؐ کے کلام کی عظمت اور برتری ثابت کی ہے اور، |
| فَقَالَ الْقَوْمُ کُلُّهُمْ بَلْ سَاحِرٌ کَذَّابٌ عَجِیْبُ السِّحْرِ خَفِیْفٌ فِیْهِ وَهَلْ یُصَدِّقُکَ فِیْ اَمْرِکَ اِلَّامِثْلُ هٰذَا؟ (یَعْنُوْنَنِیْ ) | 262 | قریشی قوم نے کہا کہ ایسا نہیں بلکہ یہ ایک زبردست اور عجیب جادوگر ہے اور اس کو جادو میں بہت صفائی حاصل ہے۔ اور اس معاملے میں آپ کی تصدیق کرنے والا بھی آپ کی ہی مثل ہونا چاہئے (قوم کا اشارہ میری طرف تھا) حالانکہ |
| وَاِنِّیْ لِمِنْ قَوْمٍ لَّاتَاخُذُهُمْ فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ ؛ | 263 | میں تو اس جماعت میں سے ہوں کہ جن پر اللہ کے معاملے میں کوئی ملامت اثر نہیں کر سکتی۔ |
| سِیْمَاهُمْ سِیْمَا الصِّدِّیْقِیْنَ وَکَلَامُهُمْ کَلَامُ الْاَبْرَارِ عُمَّارُ اللَّیْلِ وَمَنَارُ النَّهَارِ؛ مُتَمَسِّکُوْنَ بِحَبْلِ ؛ الْقُرْاٰنِ یُحْیُوْنَ سُنَنَ اللّٰهِ وَسُنَنَ رَسُوْلِهٖ ، لَایَسْتَکْبِرُوْنَ وَلَا یَعْلُوْنَ وَلَایَغُلُّوْنَ وَلَایُفْسِدُوْنَ : قُلُوْبُهُمْ فِیْ الْجِنَانِ وَاَجْسَادُهُمْ فِی الْعَمَلِ ؛ | 264 | وہ جماعت اپنے چہروں سے سچی ثابت ہوتی ہے اور اس کا کلام بھی نیکوں کا کلام ہوتا ہے وہ راتوں کو جاگ کر آباد رکھنے والے اور دن میں راہنمائی کرنے والے مینار ہیں۔ قرآن کے رشتے سے وابستہ رہنے والے ہیں اللہ کے قوانین کو زندہ رکھنے والے اور رسولؐ کی سنت کو اختیار کرنے والے ہیں۔ کبھی بڑائی نہیں مارتے۔ تکبر نہیں کرتے اور نہ عالی شان بنتے ہیں اور نہ خیانت کرتے ہیں۔ کبھی فساد نہیں پھیلاتے ہیں۔ ان کے دل جنت میں رہتے ہیں اور بدن نیک عمل میں مصروف ملتے ہیں۔'' |

## تشریحات:

یہ خطبہ نہج البلاغہ کے تمام خطبوں سے طویل ترین خطبہ ہے اور اس خطبے میں جن حقائق پر حضور علیہ السلام نے زیادہ توجہ دی ہے وہ اللہ کی عزت اور کبریائی ہیں۔ یہ پورا خطبہ اور خطبے کے مختلف اجزا اللہ کی اسی عزت و کبریائی کو مختلف حیثیتوں سے بیان کرتے ہیں۔ یہ ایک فطری حقیقت ہے کہ اس کائنات اور کائناتی موجودات و مخلوقات کا خالق و مالک و مُربّی ہی عزت و کبریائی کا بھی خالق و مالک ہے اور مخلوقات کی شکل و صورت اور

Presented by Ziaraat.Com

قدّ وقامت اور صفات وخصوصیات سب کچھ عطیہ خداوندی ہے۔ جس کو جو کچھ مِلا وہ اُن کے خالق و مالک اللہ سے ملا۔ اللہ نے دیا۔ کسی مخلوق کو نہ اپنے پیدا ہونے پر اختیار تھا۔ نہ علم تھا نہ قدرت تھی اور نہ اپنی وضع وقطع اور صفات پر اختیار وعلم وقدرت تھی۔ لہٰذا اگر کسی مخلوق میں اللہ نے تخلیقی حیثیت سے عزت اور کبریائی کا کچھ حصہ رکھا ہے تو وہ بھی عطیہ خداوندی ہے اس مخلوق کا ذاتی نہیں ہے۔ اس خطبے میں حضرت علی علیہ السلام اُس مخلوق سے تعارف کراتے ہیں جس نے مندرجہ بالا تخلیقی حقائق ۔''عِزّت و کِبریائی ۔'' میں اپنی عقل وبصیرت و تجربے اور کوشش اور جدوجہد (اجتہاد) کو مداخلت اور فیصلے کا حق دیا حالانکہ وہ خود اور اُس کی عقل وبصیرت اور قوت جدوجہد بھی مخلوق تھی اور خالق کے حکم اور فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنے کی مجاز نہ تھی۔ اُس ہستی کا نام قرآن کریم میں ابلیس اور شیطان آتا ہے۔ وہ اللہ کی عزت وکبریائی میں مداخلت کے وقت اپنی نوع یعنی جنات کا بادشاہ (28) تھا۔ امام رضا علیہ السلام کے بیان کے مطابق اُس کا پیدائشی نام حارِث تھا۔ اور اُس کا ایک قدیم نام ساری اُمتوں میں عزازیل بھی مشہور چلا آرہا ہے۔ ہم نہیں جانتے کہ یہ نام کس نے اور کب رکھا تھا بہرحال فارسی زبان کا ایک پُرانا شعر یہ ہے کہ:

تکبر عزازیل را خوار کرد　　بزندانِ لعنت گرفتار کرد

عزازیل کو تکبر نے ذلیل وخوار کر دیا اور لعنت کی قید میں گرفتار رکھا ہے۔ یہی مناسب جگہ ہے کہ جہاں یہ بتا دیا جائے کہ ابلیس نے چھ ہزار سال اطاعت وعبادتِ خداوندی میں گزارے اور ترقی کے بہت سے درجات طے کر کے اللہ کا پسندیدہ مقام حاصل کر لیا تھا اور سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے راندۂ درگاہِ خداوندی یعنی رجیم ہو گیا اور لعنتی قرار پایا۔ کافر کہلایا، ابلیس اور شیطان کا لقب حاصل کیا۔

**2۔ شیطان کے ہم مذہب لوگ ہمیشہ اونچے درجے کے مومنین ہوتے ہیں خود شیطان ہوتے ہوئے شیطان پر لعنت کرتے ہیں مگر سجدہ راز کھول دیتا ہے۔**

ہمارے چاروں طرف مسلمان ہی مسلمان اور تمام فرقوں کے مسلمان ہیں اُن کی کثرت تو سیدھے سادے اور بہکائے ہوئے مقلّد مسلمانوں کی ہے۔ مگر ہر فرقے میں کچھ اونچے درجے کے مسلمان بھی ملتے ہیں جو اپنے اپنے مذہب پر فخر کرتے ہوئے ملیں گے۔ پابند نماز ہوں گے۔ حاجی ہوں گے۔ حافظان قرآن ہوں گے۔ مولوی اور علامہ ہوں گے پابندِ شرع یعنی داڑھی رکھے ہوئے اُونچے پائنچوں کی شلوار یا پیجامہ پہنے ہوئے بات بات میں اسلام اسلام کہتے ہوئے مگر یہ سو فیصد ابلیسی گروہ کے مومن ہوں گے اُن کو جانچنے کے لئے سجدہ کی بات کریں اور کہیں کہ ہر نبیؑ سجدے کا حقدار ہوتا ہے۔ بس یہ بات سُنتے ہی اُن کے چہرے کا رنگ بدل جائے گا ناگواری کے آثار ظاہر ہو جائیں گے۔ زبان سے وہ کیا کیا کہیں گے ہمیں معلوم نہیں۔ ہوسکتا ہے کوئی لاحول بھی پڑھے، ہوسکتا ہے کوئی تبلیغ شروع کر دے۔ ہوسکتا ہے کوئی شرک کا فتوی لگا دے۔ آدم علیہ السلام کی بات درمیان میں آجائے تو کہہ دے کہ وہ سجدہ نہ تھا۔ صرف جھکنا تھا اور باریکیاں اور بہانے اور بکواس کرنے لگے۔ مگر امتحان تو چہرے پر ناگواری کے آتے ہی مکمل ہو گیا۔ وہ ابلیس کا ہم مذہب اور شیطان کا جہنمی مومن ثابت ہو گیا اور اگر کوئی خوش ہو کر اور تمہیں حقیقی مومن سمجھ کر اور تمہارا لب ولہجہ پہچان کر مان لے تو وہ حقیقی مومنین میں شمار کرنے کے قابل ہوگا۔ جو ایسا نکلے تو پھر علی علیہ السلام کا ذکر شروع کر دیں۔ اب بھی رنگ بحال رہے بلکہ خوشی میں اضافہ نظر آئے تو کھل کر بتا دیں کہ آپ کون ہیں۔ وہ گلے سے لگا لے یا از سرنو ہاتھ ملائے تو سمجھ لینے کے لئے کافی ہے کہ وہ قریش کا مخالف اور محمد وآل محمد صلی اللہ علیہ وعلیہم کا دوستدار ہے۔ اس سلسلے میں سجدہ کے جواز پر قرآن کریم سے تفصیلی گفتگو ہوتی رہتی ہے۔ سابقہ خطبوں سے مدد لیں اور مخالف کا مُنہ قرآن کی آیات سے بند کر دیں اور بتا دیں کہ ہمارے یہاں اللہ کا کوئی حکم یا شریعت منسوخ نہیں ہوتی سب پر

Presented by Ziaraat.Com

عمل ہوتا ہے اور منسوخ کی معنوی حیثیت سے تو شریعت محمدؐ یہ اور خود قرآن بھی سارا کا سارا منسوخ یعنی لکھا ہوا ہے۔ ہمارے سامنے نہ فریب سازی چلتی ہے نہ فریب کارانہ جملے اور خود ساختہ اصطلاحات چلتی ہیں۔ لہٰذا یہاں تک یہ نوٹ کر لیں کہ عزت و بزرگی اور کبریائی اللہ کی ذات سے مخصوص ہے جو اس خصوصیت میں رخنہ اندازی کرتا ہے وہ شیطان ہے اور جس جس کو اللہ نے عزت و بزرگی و کبریائی عطا کی ہے اُس کا انکار کرنے والا بھی شیطان ہے اور شیطان لعنتی اور جہنمی ہے۔ اور بس۔

**3۔ اللہ نے آزمائش و امتحان کو پہلا نمبر دیا ہے اور اس کے لئے انبیاءؑ اور رسلؑ کو بدلی ہوئی صورت میں پیدا کیا ہے۔**

اس عنوان کے ماتحت سب سے پہلے یہ یاد دلائیں کہ کائنات کی ساری مخلوقات میں سے صرف انسان اور جنات صاحبانِ عقل و ارادہ و اختیار و ضمیر و وجدان پیدا کئے گئے ہیں۔ ان ہی دونوں کو وہم ہو سکتا ہے۔ یہی گمان کر سکتے ہیں یہی ظن و تخمین کر سکتے ہیں۔ اُن ہی کو شبہات و وسوسے گھیر سکتے ہیں۔ ان ہی کو دھوکہ اور غلط فہمی ہو سکتی ہے یہی مبالغہ اور غرور و تکبر کر سکتے ہیں۔ ان ہی کے لئے الفاظ گناہ، غلطی اور غلط کاری، بھول چوک، سرکشی، نافرمانی، کوتاہی، لغزش، بہکنا، اغوی، ظلم و ستم و جبر و استبداد وغیرہ استعمال ہو سکتے ہیں اور مشہور ہے اور بہت حد تک صحیح مشہور ہے کہ آزمائش اور امتحان بھی اُن دونوں مخلوقات کا ہوتا ہے۔

اس خطبے کی رو سے امتحان و آزمائش ہر مخلوق کی ہو سکتی ہے مثال میں فرشتوں کی آزمائش اور امتحان مذکور ہے (7۔6) لہٰذا یہ سمجھ لینا چاہیے کہ باقی مخلوقات کی آزمائش اُن کی تخلیقی حیثیت کے اندر محدود رہتی ہے اور انسانوں اور جنات کی آزمائش اُن کی وسعت تخلیق کی رو سے وسیع تر اور دور رس ہوتی ہے۔ اور آٹھویں جملے میں اُس اعتراض کا جواب دیا ہے جو اہل عقل کرتے ہیں کہ جب اللہ کو علم غیب اور ہر صورت حال معلوم ہے تو آزمائش کی ضرورت ہی نہیں لہٰذا آزمائش تو وہ کرے گا جو حقیقت حال سے جاہل ہو۔ تاکہ آزمانے اور امتحان لینے کے بعد وہ حقیقت حال پر مطلع ہو سکے۔ یہ اعتراض ہے تو صحیح مگر اللہ کی آزمائش خود علم حاصل کرنا نہیں بلکہ حقیقت سے ناواقفوں کو مطلع کرنا ہوتا ہے اور چونکہ اللہ علم غیب کی بنا پر علم غیب کی وجہ سے جزا و سزا نہ خود دیتا ہے نہ کسی اور کو اپنے ذاتی علم کی بنا پر سزا یا جزا دینے کا اختیار دیتا ہے بلکہ جزا یا سزا کے لئے مادی ثبوت چاہتا ہے تاکہ شخصِ متعلق کوئی بہانہ یا اعتراض نہ کر سکے اور یہیں یہ بات صاف ہو جانا چاہیے کہ اکثر علما و عوام یہ سمجھتے ہیں کہ قیامت میں مواخذہ بھی صرف انسانوں اور جنات ہی سے ہوگا اور جزا و سزا بھی صرف انسانوں اور جنات ہی کو دی جائے گی۔ لہٰذا حشر و محشر بھی انسانوں اور جنات کا ہی ہوگا۔ اس سلسلے میں ہمیں وہ کچھ کہنا چاہیے جو قرآن اور صاحبان قرآن علیہم السلام نے فرمایا ہو۔ اپنی طرف سے کوئی بات بطور کُلیہ نہیں کہنا چاہیے ورنہ پٹائی ہونا لازم ہے۔

**3۔الف) قرآن میں کسی بات کی کمی نہیں چھوڑی گئی ہے۔ چرند و پرند و حیوانات قریش کی مثل امتیں ہیں اور ان سب کا حشر ہونے والا ہے۔**

بہر حال یہ آیت ملاحظہ فرمائیں۔

وَمَامِن دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ مَّافَرَّطْنَا فِی الْكِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ اِلٰی رَبِّهِمْ یُحْشَرُوْنَ O(6/38)

"زمین پر چلنے والا کوئی جانور ہو یا ہوا میں پروں سے اُڑنے والا کوئی پرندہ ہو یہ سب تمہاری مثل کی اُمتیں ہیں اور ہم نے مکمل کتاب میں کسی چیز کی کسر نہیں چھوڑی ہے پھر یہ تمام اُمتیں اپنے رب کے سامنے محشور ہوں گی۔"

Presented by Ziaraat.Com

اِس سے واضح بیان اور کیا ہوگا جو تمام چرند و پرند وغیرہ کے حشر کا ثبوت بنے۔ اور کتابِ خداوندی کی تکمیل پر دلیل ہو اور وہ لوگ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو اپنے جیسا بشر کہہ کر اُن کی شان میں کمی کرتے ہیں آپ اُن کو گدھوں اور کتوں اور سؤروں کی مثل کہہ کر اُن کی پوزیشن واضح کر دیں۔ اور سابقہ عنوان میں یہی بات دکھانا ہے کہ اُمتوں میں شیطانی مومنین بھی ہوتا تھے اور گدھوں اور کتوں کی مثل لوگ بھی ہوتا تھے۔ اس لئے انبیاء اور رُسُل علیھم السلام کو اُن کی حقیقی صورت میں نہیں بھیجا گیا۔ مثلاً روشنی سے چمگادڑ کی مثل والے آدمی اندھے ہو جاتے اور اُن کو نبیؐ نظر ہی نہ آتا۔ نوری اور شفاف صورت ہوتی تب بھی لوگوں کی نظریں اُن میں سے ہو کر پار نکل جاتیں اور نبیؐ کو نہ دیکھتے اور چلتے ہوئے نبیؐ سے ٹکراتے رہتے اس لئے کہ شفافیت کی وجہ سے نظریں پار نکلتی رہتیں۔ جیسے شفاف شیشے پر نظر نہ ٹھہرنے اور کھڑکی کھلا سمجھنے اور سگرٹ پھینکنے اور واپس اندر ہی آ کر گرنے کا تجربہ مجھے بار بار ہوا ہے۔ اور اُن کی خوشبو سے سونگھنے کی قوت معطل ہو جاتی اور حواس خمسہ کے بجائے صرف چار حواس کام کرتے اور عقلی فیصلوں میں نقص اور خامی پیدا ہو جاتی اور جب یہ دیکھتے کہ ہر کام اُن کے اشاروں سے ہوتا چلا جاتا ہے تو اُن کی آزمائش کا راستہ بند ہو جاتا پھر کیسے کہتے کہ اُس درخت کو یہاں بُلاؤ؟ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام نے اس خطبے میں نبیوں کی پوزیشن کو کئی طرح واضح کر دیا ہے۔

## 4۔ حضرت آدمؑ کی حقیقی تخلیق اور واقعی صورت حال کو پوشیدہ رکھا۔

حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے رعب سے گردنیں جھکانا نہ چاہا (20) اور ملائکہ کے امتحان کو ٹائٹ کرنے کے لئے آدمؑ کے رغبت اور شوق کو کم کرنے کے لئے (21) آخر آدمؑ کی نوری پوزیشن کو چھپانے کے لئے مٹی اور طینی صورت کو آگے بڑھا دیا تا کہ ابلیس اور ملائکہ کی نظریں نہ چندھیائیں اور ابلیس فخر کر سکے اور آدمؑ کی خوبصورتی کو سادہ صورت کی آڑ میں کر دیا اور آدمؑ کی خوشبو کو اُن کی ناک میں پہنچنے سے روک دیا تا کہ آزمائش پوری ہو سکے (19) ورنہ درحقیقت حضرت آدم علیہ السلام نور و ضیا و خوشبوؤں سے بنی ہوئی مخلوق تھے (20۔19) اُن کی اس عظیم الشان پوزیشن کو چھپانے کے لئے وہ سب کچھ کیا جو بعد کے جملوں میں ہے (23 تا 21)۔ اور ہم نے چوبیسویں جملے سے یہی سبق لیا جو حقیقی پوزیشن کا واضح کرنے کے لئے لکھا ہے (19 تا 24) اور طے کر لیا ہے کہ لفظ آزمائش, طریقِ آزمائش اور مقاصد آزمائش سامنے رکھ کر انبیاءؑ و رُسُل علیھم السلام کی حقیقی پوزیشن پر ایمان و یقین رکھا کریں گے اور بَشَرٌ مِثْلُکُمْ (تمھارے مثل بشر ہے) جیسے الفاظ اور بیانات سے اُلجھن میں نہ پڑیں گے بلکہ ان الفاظ اور بیانات کو خبیث اور ابلیسی ذہنیت والے آدمیوں کیلئے سمجھا کریں گے اور ایسی نافرمانی اور سرکشی ہرگز اختیار نہ کریں گے جو بیان کی گئی ہے۔ (27 تا 30) اور حضرت علی علیہ السلام کی نصیحت (31) کے مطابق ابلیس ہی سے نہیں بلکہ اُس کے متعلق اللہ کے ہر طریق کار سے اور ہر بیان سے زیادہ سے زیادہ بچ کر رہا کریں گے اور اس عملدرآمد کو اختیار کر لینے سے ابلیس نہ ہمیں اپنی دلکش آواز ہی سُنائے گا بلکہ نہ ہم ایسے پختہ کار مومنین پر سواروں اور پیادوں سے حملہ آور ہونے کی ہمت کرے گا (31) نہ وہ اس تیر کو ہم پر پھینک سکے گا جو مذکور ہوا ہے (33) (32) اور ہمیں ہمارا ایمان حمیت کے بیٹوں اور عصبیت کے بھائیوں اور تکبر کے سواروں سے دور رکھے گا اور ہم ہرگز ابلیس کی اقتدا کرنے والے پیرو نہ بنائے جا سکیں گے (34 تا 37) جیسا کہ قریش کے معاملے میں پوشیدہ راز کھل گیا اور اُن کا پیروان ابلیس ہونا ثابت ہو گیا (39۔38) اس کے بعد حضور علیہ السلام نے شیطان اور قریش کا وہ گٹھ جوڑ بیان فرمایا ہے جو عہد رسولؐ اور عہدِ مرتضویؑ میں جاری رہا تھا (40 تا 43)۔ اور ہم اپنی پوری قوت اور ساری ایمانی بصیرت ابلیس اور ابلیس کے پیروؤں اور ابلیس کے مشن کے خلاف استعمال کرتے رہیں گے (44) انشاءاللہ و امام علیہ السلام۔ اللہ اور امام علیہ السلام کے فضل و مدد سے ہم نے اپنے دلوں سے عصبیت کی آگ اور کینوں کو بجھا دیا ہے (50) اور ہم نے پہلے ہی سے عاجزی اور انکساری

Presented by Ziaraat.Com

کو اپنے سر کا تاج بنا رکھا ہے اور خود ساختہ عزت ہی نہیں بلکہ خود ساختہ مذہب کو بھی پیروں سے مسل دیا ہے (52 تا 54) اور اپنے امام و مالک علیہ السلام کے دشمنوں اور اُن کے ناپسندیدہ لوگوں کے مقابلے میں ہر طرح کا محاذ قائم کیا ہوا ہے (55) نہ صرف عاجزی اور انکساری کا محاذ اور نہ صرف بدکاری، لالچ اور طمع کے خلاف محاذ قائم کیا ہوا ہے بلکہ اُن کے مصنوعی دین مصنوعی عبادتوں اور عبادت کے مصنوعی اور مقبول طریقوں کے خلاف بھی محاذ قائم کیا ہوا ہے۔ ہم پر اُن کی قرآن خوانی دینی تقریریں نماز و اذان تک اثر انداز نہیں ہوتیں ہم اُن سے اور اُن کے تمام اچھے اور بُرے اعمال واقوال سے متنفر ہیں۔ اور یقین کامل رکھتے ہیں کہ ہم نے واشگاف طریقہ پر وہ تمام راہیں بند کر دی ہیں جن سے شیطان اور شیطان کے چیچے آج کے یا سابقہ اُمتوں کے افراد کو پھانسا کرتے تھے (64۔65) ہم محمدؐ و آل محمدؐ اور آئمہ اہلبیت علیہم السلام کو عموماً اور امام زمانہ قائم قیامت علیہ السلام کو خصوصاً اپنا مالک و راہنما اور سید و سردار سمجھتے ہیں اور اُن کے علاوہ ہم نے ہر سچے یا جھوٹے سردار کو اپنے دل و دماغ سے خارج کر دیا ہے۔ دین کے معاملے میں صرف حضرت حجۃ علیہ السلام ہی دل و دماغ میں مقیم ہیں (67) ہم آج اپنے نظام کے علاوہ کسی کو دین دار نہیں سمجھتے۔ ہم اُن سب کو باطل کے ڈنڈے سے ہانکتے ہیں (72 تا 75) لہٰذا باطل اور باطل پرست ہم تک پہنچ ہی نہیں سکتے۔

**5۔ اللہ کی سادہ اور سنجیدہ تعلیم و ہدایات اور وعدوں پر یقین و اعتماد رکھنا ہر قسم کی آزمائش میں کامیاب کرتا ہے۔**

اللہ کی سنجیدہ ہدایات اور وعدوں کی مثالیں:

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ O اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنصُورُونَ O وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُونَ O (173 تا 171/37)

''یقیناً ہم اپنے بھیجے ہوئے رسّولوں سے پہلے ہی وعدہ کر چکے ہیں کہ بلا شبہ وہی منصور و ظفریاب ہونگے اور ہمارا ہی لشکر غالب ہو کر رہے گا''

**دوسری مثال:**

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ O وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ O

''یہ تمام انسانوں کے لئے ایک بیان حقیقت ہے اور متقی لوگوں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے۔ دل شکستہ نہ ہو غم نہ کرو تم ہی غالب رہو گے اگر تم مومن ہو۔'' (139۔138/3)

یہ اور ایسی بہت سی آیات قرآن میں موجود ہیں جن سے یہ یقین ہو جانا چاہیے کہ اللہ کے رسوّل اور اللہ اور رسّولوں پر ایمان رکھنے والوں کے لئے کامیابیاں اور فتح و نصرت طے شدہ ہے تو لازم تھا کہ رسوّل اور مومن کسی حال میں ہوں ناکامی اُن کے لئے ہے ہی نہیں لہٰذا نہ رسّولوں کو آزمائش میں ہراساں ہونا چاہیے اور نہ مومنین کو فکر کرنا چاہیے۔ اور ان دونوں فریقوں کو ہر آزمائش اور امتحان کو خوشی خوشی لبیک کہنا چاہیے لہٰذا حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

''یقیناً اللہ نے اپنے انبیّاء اور اولیّاء کو اُلجھنوں میں ڈال کر آزمایا اور محنت اور جفاکشی اور خودکُشی میں مبتلا رکھا اور خوف و ہراس سے اُن کا امتحان لیا اور اُنھیں ناگواریوں سے دوچار کیا۔'' (84)

لہٰذا انبیا علیہم السلام کا ہر امتحان سے گزر جانا اِس بات کا ثبوت ہے کہ اُن حضرات کو آیات خداوندی پر مکمل یقین و اعتماد رہتا رہا ہے اور اس کے خلاف باقی انسانوں کا آزمائشوں میں ناکام ہوتے رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام الناس کی کثرت نے کبھی آیات خداوندی پر یقین و اعتماد نہ کیا تھا۔ اور اسی لئے قرآن کریم میں جگہ جگہ اور بار بار آزمائشی اور امتحانی حالات کا ناپسندیدہ ذکر ہوتا رہا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

## 6۔ صوفیانہ لباس، دربارِ فرعون اور موسیٰ وہارون عالم فقر وغربت میں، فرعون کو تحفظ کا وعدہ دینا:

انبیا علیھم السلام کو اپنی حقیقی تخلیق اور قدرت پر کس قدر اطمینان حاصل تھا وہ اُن کی استقامت اور حیران کن حالات میں اللہ کے مقام سے بیباکانہ اقوال واعمال سے واضح ہوتا ہے چنانچہ حضرت علی علیہ السلام حضرات موسیٰ وہارون علیھما السلام کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

''اور بلاشبہ موسیٰ ابن عمران اور اُن کے ساتھ اُن کے بھائی ہارونؑ، اللہ اُن دونوں پر درود بھیجتا رہے فرعون کے دربار میں داخل ہوئے جبکہ اُن دونوں کے جسم پر اُون سے بنے ہوئے صوفی کُرتے تھے اور دونوں کے ہاتھوں میں لاٹھیاں تھیں (89) اور اُن دونوں نے فرعون کے سامنے یہ شرط پیش کی تھی کہ اگر وہ اسلام لے آئے تو اُس کا مُلک اور بادشاہت اور اُس کی عزت ہمیشہ برقرار رہے گی۔'' (89۔90)

یہ صورت حال خود بتاتی ہے کہ اُن دونوں بھائیوں پر اُن کے لباس اور حالات نے ذرہ برابر بُرا اور مادی اثر نہ ڈالا تھا بلکہ وہ فرعون کے لباس اور اہل دربار کی شان وشوکت اور فرعون کے دبدبے اور ہیبت سے ذرہ برابر متاثر نہ ہوئے تھے بلکہ خود کو عظیم الشان انسان سمجھ رہے تھے۔ یعنی جس طرح فرعون خود کو وہی سمجھ رہا تھا جو کچھ وہ تھا اُسی طرح یہ حضرات بھی مع اپنے صوفیانہ لباس اور لاٹھیوں کے خود کو وہی کچھ سمجھ رہے تھے جو کچھ وہ درحقیقت تھے۔ یعنی وہ اللہ کے نائب اور خود اللہ کی حیثیت میں وہاں موجود تھے اور اُن سے کائنات میں نہ قدرت میں زیادہ تھا نہ کسی کو اُن سے زیادہ اختیارات حاصل تھے اور فرعون اور فرعون کا دربار وحکومت اُن کے ایک اشارے سے بھاپ بن کر ہوا میں منتشر ہوسکتی تھی اور اسی بنا پر وہ ذمہ داری لے رہے تھے فرعون کی عزت اور حکومت اور ملک کے محفوظ رہنے کی۔ اور خود فرعون نے حیران ہوکر کہا تھا کہ:

''چنانچہ فرعون نے اپنے اہل دربار سے کہا کہ کیا تم اِن دونوں آدمیوں پر تعجب نہیں کر رہے ہو کہ جو میرے سامنے یہ شرط رکھتے ہیں کہ تیری حکومت اور تیری عزت ہمیشہ برقرار رہے گی؟ اور جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ یہ دونوں کیسی فقیرانہ اور ذلیل حالت میں ہیں یہ کیا بات ہے کہ حکومت اور ملک اور عزت برقرار رکھنے کی طاقت ہوتے ہوئے سونے کے دو کنگن بھی پہنے ہوئے نہیں ہیں۔'' (91)

## 7۔ فرعون ہی نہیں بلکہ انبیاؑء کے مقابلہ میں تمام بادشاہ، اقوام وعوام بچگانہ غلطیاں کرتے رہے۔

یہ بات تو سمجھ آتی ہے کہ فرعون نے اُن کے لباس اور فقیرانہ حالت سے اُنھیں کمزور اور غریب سمجھا مگر اُن کی شرط اور اُن کے دعویٰ کے بعد بھی اُنھیں غریب وفقیر وناتواں سمجھا۔ یہ کیوں نہ سوچا کہ غریب وفقیر وناتواں لوگ ایسا عظیم الشان دعویٰ نہیں کیا کرتے اور پھر وہ ایک جابر وقاہر بادشاہ کے سامنے ایسا دعویٰ کر رہے ہیں جہاں ایک اشارے پر اُن کے سر، زمین پر لُڑھکتے نظر آسکتے ہیں۔ پھر یہ کہ اُنھوں نے سوچ سمجھ کر یہ دعویٰ کیا ہوگا اور ہر آزمائش وامتحان اور ہر نتیجہ کے لئے تیار ہوکر یہاں آئے ہوں گے۔ فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کو پال کر جوان کیا تھا وہ انھیں ایک نہایت عقلمند انسان سمجھتا تھا اور اُسے معلوم تھا کہ وہ ملکی قانون کی رو سے قتل کے مجرم اور پھانسی کے حقدار ہیں۔ اس کے باوجود وہ کس بنا پر درّانہ دربار میں چلے آئے اور ایسا دعویٰ کر دیا جو کسی بھی انسان کی قدرت میں نہیں ہے۔ اور جس کے معنی یہ ہیں کہ نہ انھیں گرفتار کیا جاسکتا ہے نہ پھانسی پر لٹکایا جاسکتا ہے۔ آخر اُن کے ساتھ وہ کون سی طاقت ہے جو اُنہیں بے خوف اور مطمئن رکھے ہوئے ہے۔؟ یہ وہ باتیں ہیں جو سمجھ میں نہیں آتیں۔ یہ وہ غلطیاں ہیں جو انبیاء علیھم السلام کے مقابلے میں سب ہی کرتے رہے۔ اُن کی ظاہری حالت کیسی بھی ہوتی، اُن کے دعاوی سے یہ سمجھنا پہلے درجے کی بات تھی کہ اُن کی پشت پر خدائی طاقت موجود ہے۔ دانشور اور جاہل اُن کی ظاہری حالت سے دھوکہ کھاتے رہے اور اپنی خداداد عقل وبصیرت کو کام میں نہ لائے۔ مگر مومنین کو تو انبیاؑء وآئمہ علیھم السلام کی ظاہری حالت سے فریب نہ کھانا چاہیے اور سمجھنا چاہیے کہ اللہ کی تمام نعمتیں، تمام قدرتیں اور تمام

Presented by Ziaraat.Com

اختیارات، سارا علم وحکمت اور سارے خزانے اُن کے اشارے کے منتظر رہتے ہیں۔ جیسا کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ:

''اگر اللہ نے یہ ارادہ کیا ہوتا کہ اپنے انبیّا کو مبعوث کرنے کے وقت اُن کے لئے سونے کے خزانوں اور خالص سونے کی کانوں کے مُنہ کھول کر اُن کے قبضے میں دے دیتا اور اُن کے لئے باغات فراہم کرتا اور یہ کہ اُن کے ساتھ آسمانی پرندوں کو اور زمین کے وحشی جانوروں کو بھی اُن کے ہمراہ کر دیتا تو یقیناً کر سکتا تھا۔ اگر اللہ نے اپنے نبیّوں کے لئے یہ سب اہتمام کر دیا ہوتا تو انسانوں کی آزمائش ختم ہو جاتی اور نیک عملی کی جزا دیا جانا باطل ہو جاتا اور آسمانی غیبی خبریں کمزور ہو جاتیں۔ اور آزمائے جانے اور کامیاب ہونے والوں کا اجر واجب نہ رہتا۔ اور نہ اس صورت میں ایمان لانے والوں اور نیک کردار لوگوں کو جزا کا استحقاق رہتا۔ اور نہ الفاظ اور اسماء اپنے معنی کا ساتھ دیتے۔ ولیکن اللہ پاک نے اپنے رسولوں کو اُن کے ارادوں میں قوی بنایا اور آنکھوں سے نظر آنے والے حالات میں اُنھیں کمزور دکھایا ہے۔'' (97 تا 93)

یہاں یہ بھی سمجھ لیں کہ سونے کے خزانوں اور کانوں کا انبیّاء کو دیا جانا اس لئے بھی ضروری نہ تھا کہ اُنہیں اُن کی مادی حفاظت اور دیکھ بھال میں اُلجھنا پڑتا پہرے دار بٹھانا پڑتے' حساب کتاب رکھنا پڑتا اور یوں وہ پورا وقت (full time) خدائی مشن پر نہ لگا سکتے اور معذور و بے قصور ہوتے۔ لہٰذا اللہ نے انبیّاء علیھم السلام میں یہ یقین پیدا کر دیا کہ جس چیز کی ہمیں ضرورت ہوگی وہ ضرورت کے پیدا ہونے سے پہلے ہی ہمارے سامنے حاضر ہو گی۔ اس لئے بھی انبیّاء علیھم السلام کے ساتھ کسی قسم کا اُلجھاؤ نہیں رکھا گیا۔ ساری کائنات اور کائنات کی تمام موجودات اُن کے سامنے مسخر کر دی گئیں لہٰذا انھیں متعلقہ سامان کو اُٹھائے پھرنے سے بچا کر رکھا گیا اور وہی حالت بہترین اور مفید ترین حالت تھی جس میں اللہ نے انبیّاء و آئمہ علیھم السلام کو رکھا ہے۔

## 8۔ عربوں کی کثرت جرائم پیشہ لوگوں سے وجود میں آئی تھی حضرت ابراہیمؑ بدکاروں اور بدمعاشوں میں بھیجے گئے تھے۔

آگے چل کر حضرت علی علیہ السلام اقوام عالم کے عروج و زوال کو بیان فرماتے ہیں۔ عروج و زوال کے اسباب اور حالات پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اُن سے سبق حاصل کرنیکی تاکید فرماتے ہیں۔ اور رفتہ رفتہ اُن حالات کو بیان فرماتے ہیں جن سے گزر گزر کر لوگ عرب کے ریگستانوں تک پہنچے اور عرب میں آبادی شروع ہوئی اور کس طرح یہ ویران وسنسان بیابان آباد ہوا؟ اور اُن جلاوطن ہو کر آنے والوں نے قومی وتمدنی صورت اختیار کی۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام اُن اقوام کے زوال کا تذکرہ فرماتے ہیں جو ایک زمانہ میں حکمرانی کر رہی تھیں (174۔173) جو پوری زمین کو پالنے والی قوم تھی ساری کائنات کی گردنوں پر حکومت کرتے تھے (176) اور جب اُن پر زوال آیا تو ایران وروم کے بادشاہوں نے اُن کو غلام بنا لیا اور اُن کے رب بن گئے (184) اور سرکشی، بدمعاشی اور جرائم کے عادی لوگوں کو عرب کے ریگستانوں میں دھکیل کر چھوڑ آتے تھے۔ جہاں خوراک ملنا مشکل تھا۔ اور اُن ریگستانوں کے خطرناک مقامات تک پہنچانے میں جو اونٹ لنگڑے یا زخمی اور بیمار ہو جاتے تھے فوجی دستے اُنہیں بھی اُن جلاء وطن کئے جانے والے مجرموں ہی کے ساتھ چھوڑ آتے تھے۔ (185) ان بیابانوں اور ریگستانوں میں، جن کو مہذب اقوام ''عربہ'' کہتی تھیں اور جو صدیاں گزرنے کے بعد عربہ سے عرب کہلانے لگا، زندگی بڑی دشوار تھی (186)۔ حضرت علی علیہ السلام اس علاقہ کو ساری دنیا سے ذلیل ترین علاقہ فرماتے ہیں (186) جہاں دھکیلے ہوئے یہ مجرمین فقیر و ناچار و محتاج اور بے یار و مددگار تھے (186) کوئی اُن سے ہمدردی کرنے والا نہ تھا (186) پناہ دینے والے بازو نہ تھے اور سایہ الفت ومحبت نہ تھا (187)۔ بے چینی و بے قراری اور مصائب وآلام سے دبے ہوئے جہالت سے معمور، ماؤں بہنوں اور عورتوں کی حالت نہایت شرمناک، تعداد کی کمی کی بنا پر ماں بہن اور بیٹی کے رشتے ختم کر دئے جاتے

Presented by Ziaraat.Com

تھے(188)اِن ہی لوگوں کی اولاد تھی جس سے آگے چل کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کا سابقہ پڑا تھا۔اس حرام درحرام چلے آنے والی نسل ہی کو کہنا پڑا تھا کہ:

**مودودی:** ۔''جن عورتوں سے تمھارے باپ نکاح کر چکے ہوں اُن سے ہرگز نکاح نہ کرو مگر جو پہلے آج تک ہو چکا سو ہو چکا۔درحقیقت یہ ایک بے حیائی کا فعل تھا۔ناپسندیدہ اور بُرا طریقہ تھا۔تم پر تمھاری مائیں، بیٹیاں، بہنیں، پھوپھیاں، خالائیں، بھتیجیاں، بھانجیاں اور تمھاری وہ مائیں جنھوں نے تمھیں دودھ پلایا ہو۔اور تمھاری دودھ شریک بہنیں، اور تمھاری بیویوں کی مائیں، اور تمھاری بیویوں کی لڑکیاں جنھوں نے تمھاری گودوں میں پرورش پائی ہو۔اُن بیویوں کی لڑکیاں جن سے تمھارا تعلق زن وشوہر ہو چکا ہو وغیرہ وغیرہ تم پر حرام ہیں۔''

یہ تھے وہ لوگ جو عرب کہلاتے تھے قریش کہلاتے تھے جو حرام درحرام جنسی تعلق کے ماتحت صدیوں سے پیدا ہوتے اور بڑھتے چلے آنے والی نسل کے لوگ تھے جن کو حرام سے ہر حرام رشتے کا نام لے لے کر روکا گیا تھا۔جنہیں مسلمان اور نمازی وحاجی وتہجد گزار ہو جانے کے بعد بھی خبیث مومنین کہا گیا سُنیے: **مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ** ....(3/179)۔''اللہ کے لئے یہ بات شایان شان نہیں ہے کہ مومنین اس حالت میں گڈ مڈ چھوڑ دیے جائیں جس میں تم آج کل ہو۔یہاں تک کہ وہ پاکیزہ مومنین کو خبیث مومنین سے تمیز کرا کے الگ الگ نہ کر دے۔''

یہ نوٹ کر لیں کہ 9 ہجری تک خبیث وطیب مومنین گڈ مڈ تھے اور اُن کو الگ الگ کرنے کی کوئی آیت قرآن میں نہیں ہے یعنی وفات رسولؐ تک خبیث مومنین کی کثرت پاکیزہ مومنین میں ملی جُلی رہی اور حرام سے منع کرنے اور پابندی کرانے کے بعد جو چند لوگ حلال رشتوں سے پیدا ہوئے ہوں گے' اُن کو شمار کرنا بیکار ہے کہ یزید کی افواج کے تین شب وروز اہل مدینہ کے صحابہ کی بہنوں' بیٹیوں اور ازواج سے مسلسل زنا کیا یہ 12 ہزار فوج تھی اور اس کے بعد حرام سے پیدا ہونے والوں کی پھر کثرت ہوگئی تھی یعنی خبیث مردوں اور عورتوں مومنین ومومنات کا وہی حال ہو گیا جو بعثت رسولؐ کے وقت تھا۔

## 9۔بعثت رسولؐ کے بعد وفات رسولؐ تک رسولؐ کی مخاطب قوم کا حال بیان کیا گیا ہے۔

جملہ نمبر 188 تک عربوں کا شرمناک اور دردانگیز حال بیان کرتے ہوئے اُن کی قزاقانہ زندگی پر بات ختم کر دی تھی پھر بعثت رسولؐ اور نعمتوں کی بھرمار کا ذکر(203 تا 189) فرمایا ہے۔اِن چودہ جملوں کی روانی اور بیانات کا تسلسل اور ہیبت اس طرح قاری پر چھا جاتی ہے کہ وہ یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے قریش کی غاصبانہ حکومت کو بھی اُن کے فضائل میں شریک اور جائز قرار دے دیا ہے اور بیانات کا دبدبہ یہ ہوش لینے نہیں دیتا کہ حضور علیہ السلام دراصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی حکومت کو بیان فرما رہے ہیں نہ کہ مخاطبین کی حکمرانی کو۔

## 10۔قریشی حکومت کی بات نہیں بلکہ رحمۃ للعالمین ،نذیرٌ للعالمین کی عالمینی حکمرانی کی بات ہوتی رہی ہے۔

لہٰذا یہاں رُک کر حضورؐ کے چند جملوں پر دوبارہ نظر ڈالئے اور غور کیجیے تو مغالطہ رفع ہو جائے گا چنانچہ یہ بھی تو اُن ہی جملوں میں ہے کہ:

**قَدْ تَرَبَّعَتِ الْاُمُوْرُ بِهِمْ فِيْ ظِلِّ سُلْطَانٍ قَاهِرٍ ؛ وَ آوَتْهُمُ الْحَالُ اِلٰى كَنَفِ عِزٍّ غَالِبٍ؛ وَتَعَطَّفَتِ الْاُمُوْرُ عَلَيْهِمْ فِيْ ذُرًى مُلْكٍ ثَابِتٍ؛ فَهُمْ حُكَّامٌ عَلَى الْعَالَمِيْنَ ؛ وَمُلُوْكٌ فِيْ اَطْرَافِ الْاَرَضِيْنَ ؛**

''یقیناً ایک زبردست اور غالب سُلطان کے زیر سایہ اُن کے تمام کام اور کاروبار مستحکم ہو گئے اور اُن کے حالات کی درستی نے انہیں غالب رہنے والی

Presented by Ziaraat.Com

عزت کی پناہ میں دے دیا۔ اور ایک مستحکم بادشاہت کے ماتحت اُن کے تمام کام اور معاملات سہولت سے انجام پانے لگے۔ چنانچہ یوں وہ لوگ سارے عالمین میں حکمران بن گئے اور زمین کے تمام اطراف اور علاقوں میں اُنھیں بادشاہ مانا جانے لگا۔'' (197 تا 200، خطبہ 235)

یہاں صاف الفاظ میں وہ لوگ ایک زبردست اور غالب سلطان کی رعایا ہیں۔ پھر وہ ایک غالب رہنے والی عزت کی پناہ میں ہیں اور بدستور وہ ایک مستحکم بادشاہ کی رعایا ہے لہٰذا ایسی عظیم الشان حکومت اور حکمران کی رعایا ہونے کی بنا پر اب انہیں بھی تمام ممالک اپنا حکمران سمجھتے ہیں اور گویا جہاں تک اُس زبردست اور غالب سلطان کی غالب رہنے والی عزت اور بادشاہت ہے اس کی رعایا بھی وہاں تک حکمران ہیں۔ ورنہ قریشی حکومت تو اپنی پوری جدّو جہد کے بعد ہی چند ملکوں پر حکمران بن سکے تھے۔ عالمین اور ساری دنیا اور زمین کے تمام علاقوں کی بات بھی قریشی حکومت سے لاکھوں کروڑوں اور اربوں گنا زیادہ ہے۔ قریشی حکومت تو حضرت علی علیہ السلام کے زمانے تک صرف عرب کے گرد و نواح تک محدود تھی۔ بہر حال یہ بیان آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی حکومت کا ہے جو سارے عالمین اور پوری دنیا پر محیط تھی اور وہ بھی مادی نہیں بلکہ روحانی حیثیت رکھتی تھی یعنی سابقہ کتب اور قرآن میں مذکور پیشگوئیوں کی رو کے مطابق تھی۔ نہ کہ اسلام کا مادی طور پر پھیل جانا اور احکام کا نافذ ہو جانا؟

## 11۔ عہد مرتضوی سے بہت پہلے قریش اسلام اور تعلیمات اسلام سے دستکش ہو چکے تھے۔

حضرت علی علیہ السلام ہی نے قریش کی اسلامی نقاب اُتارنے کے لئے فرمایا ہے کہ۔ قریش اللہ کی اطاعت سے نکل گئے تھے۔

''خبردار ہو جاؤ کہ تم نے اپنے ہاتھوں کو سلسلۂ اطاعتِ خدا سے چھڑا لیا ہے۔'' (جملہ نمبر 204) اس کی وضاحت یوں فرمائی ہے کہ:

۔''یہ جان لو کہ تم لوگ ایمان لانے اور ہجرت کر لینے کے بعد پھر ایمان اور ہجرت سے خارج ہو کر اور ایام جاہلیت کے حکم میں داخل ہو کر سچے اور صحیح اور کورے عرب بن چکے ہو۔ اور اسلامی ولایت میں داخلے کے بعد اسلام کے مخالف گروہ بن گئے ہو۔'' (211۔210) یہ حالات عہد مرتضوی تک وقوع میں آ چکے تھے تو قریش کی حکومت کو ساری کائنات کی حکومت سمجھ لینا محض مغالطہ ہے یا فریب خوردگی ہے یا فریب دینے کی کوشش ہے۔

## 12۔ قرآن اور حضرت علیؑ کے بیانات سے قریش کا بدستور اپنے سابقہ ایام جاہلیت کے مذہب سے وابستہ رہنا۔

حضرت علی علیہ السلام نے قریش کو کبھی بھی حقیقی مسلمان یا مومن تسلیم نہیں کیا ہے وہ قریش کا راز اس طرح کھولتے ہیں کہ:

''اور تم نے اُس قلعے میں اس طرح نقب اور سُرنگ لگا لی ہے جو اللہ نے تمھیں زمانۂ جاہلیت کے احکام سے محفوظ رکھنے کیلئے تمہارے گرد بنایا تھا۔''

(جملہ نمبر 205) یعنی چوری چوری اپنے سابقہ مذہب اور مرکز سے تعلق برقرار رکھا اور برائے نام مسلمان بن گئے تھے۔ یعنی:۔

مَا تَتَعَلَّقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا بِاسْمِهٖ (212)۔'' نام کے سوا تمھارا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے'' اور یہ کہ۔''تم ایمان میں سے کچھ بھی نہیں پہچانتے سوائے اس کے کہ ایک رسمی صورت اختیار کر رکھی ہے (213)۔

## قریشی فیصلہ اور پالیسی:۔

''تمہارا قول یہ ہے کہ اَلنَّارُ وَ لَا الْعَارُ ۔آگ میں کود پڑیں گے مگر اسلام اختیار کرنے کی بے عزتی قبول نہ کریں گے (214)۔ پھر فرماتے ہیں کہ'' تمہارے اس قول کی پشت پر تمھاری یہ پالیسی ہے کہ تم اسلام کی توہین کر کے اور اس کا عہد توڑ کر اسلام کو مُنہ کے بل گرا دو گے'' (215)۔ یہ تھے اہل عرب عموماً اور قریش خصوصاً اور یہ تھا اُن کا اسلام۔ اِسکے بعد اپنا اور رسولؐ کا مادی تعلق بیان فرمایا ہے اور درخت کے اُکھڑ کر آنے کا چشم دید واقعہ بیان فرمایا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

## 13۔جنگ جمل، صفین اور نہروان اللہ کے حکم سے وقوع میں آئیں اور آخری و فیصلہ کُن جنگ کی اجازت کے منتظر تھے قریش کا خاتمہ؟

یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ احکام خداوندی برابر جاری رہے ہیں۔یعنی جنگ جمل وصفین اور جنگ نہروان کے لئے فرمایا ہے کہ:۔

خبردار ہوجاؤ کہ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں باغیوں سے اور عہد شکنوں سے اور زمین میں فساد پھیلانے والوں سے جنگ و جہاد کروں۔''(227)

اور آگے چل کر فرمایا ہے کہ:

''اگر اللہ نے مجھے اُن پر دوبارہ حملہ کرنے کی اجازت دے دی تو میں اُن کا ستیاناس کر کے رکھ دوں گا اور سلطنت کا رُخ ہی موڑ دوں گا۔وہی لوگ بچ سکیں گے جو دور دراز شہروں کی حدود میں منتشر ہوجائیں گے''(230)۔

معلوم ہوا کہ دور امامت میں وحی کے بغیر براہ راست اللہ سے رابطہ قائم رہا ہے اور یہ کہ اللہ نے نہ چاہا کہ قریش کو ختم کرادیا جائے ورنہ اُن کا نام ونشان تک نہ رہتا۔اُن کے مزید ظلم وستم اور کارکردگی کو مسلمانوں میں ریکارڈ کرانا منظور تھا۔تاکہ رجعت میں بھرپور جزا دی جاسکے اور اُن کی دینی مخالفت اور بے دینی کی پوری وسعتیں سامنے لائی جاسکیں۔اُن کے خودساختہ اسلام کی سینکڑوں فرقوں کی صورت میں دھجیاں بکھرتی ہوئی دیکھی جاسکیں۔تولا اور تبرا سامنے آسکے۔ابوبکر وعمر کے احکامات بار بار رد کئے جاسکیں۔فدک کی جائیداد بار بار واپس ملے اور غلط کاری ودشمنی ثابت ہوجائے۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 233

علی نقی طہرانی :خطبہ نمبر: 236

# خُطبہ ﴿236﴾

## (مظلوم ترین خطبہ) ظالم کون ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | |
|---|---|---|
| فَجَعَلۡتُ اَتۡبَعُ مَاۡخَذَرَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ ؛ | 1 | چنانچہ میں نے وہی راہ اختیار کی جو رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے اختیار کی تھی |
| فَاَطَأُذِکۡرَہٗ حَتّٰی انۡتَھَیۡتُ اِلَی الۡعَرَجِ ؛ | 2 | اور اپنا ہر قدم اُن کی یاد پر رکھتا اور ان کی اتباع کرتا ہوا مقامِ عرج تک پہنچا تھا۔ |

### تشریحات:

ہم نے یہاں اس خطبہ کو مظلوم لکھا ہے جس کا سبب ہمارا ہر قاری خود سمجھ جائے گا۔ یعنی دو جملوں کو علامہ رضی رضی اللہ عنہ کے علاوہ کوئی شخص خطبہ نہ کہے گا۔ پہلا ظلم یہی ہے کہ خطبے کو پورا لکھنے کے بجائے صرف دو جملے لکھے اور اپنے کئی جملے خطبے کے بعد لکھ مارے جن سے ضائع کردہ خطبہ پر کوئی اطلاع نہیں ملتی۔ اور اطلاع ملتی ہے تو یہ کہ علامہ رضی نے حضرت علی علیہ السلام کے طویل کلام کو جان بوجھ کر ضائع کیا ہے۔ رضی صاحب کے جملے سُنیے جو کہ خطبے کے ساتھ ہی لکھے ہوئے چلے آرہے ہیں، لکھتے ہیں کہ:

قَوۡلُہٗ عَلَیۡہِ السَّلَامُ " فَاَطَأُ ذِکۡرَہٗ" مِنَ الۡکَلَامِ الَّذِیۡ رُمِیَ بِہٖ اِلٰی غَایَتِیَ الۡاِیۡجَازِ وَالۡفَصَاحَۃِ اَرَادَ اِنِّی کُنۡتُ اُعۡطٰی خَبَرَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ مِنۡ بَدۡءِ خَرُوۡجِی اِلٰی اَنۡ اِنۡتَھَیۡتُ اِلٰی ھٰذَا الۡمَوۡضِعِ فَکَنٰی عَنۡ ذٰلِکَ بِھٰذِہِ الۡکِنَایَۃِ الۡعَجِیۡبَۃِ "

**مفتی جعفر کا ترجمہ**۔ ''سید رضی کہتے ہیں کہ یہ ٹکڑا ایک طویل کلام کا جُز ہے اور (فَاَطَأُ ذِکۡرَہٗ) ایسا کلام ہے جس میں منتہا درجہ کا اختصار اور فصاحت ملحوظ رکھی گئی ہے اس سے مراد یہ ہے کہ ابتدائے سفر سے لے کر یہاں تک کہ میں اس مقام عرج تک پہنچا برابر آپؑ کی اطلاعات مجھے پہنچ رہی تھیں۔ آپؑ نے اس مطلب کو عجیب وغریب کنایہ میں ادا کیا ہے۔'' (خطبہ 236 سے ملحقہ مضمون) (مفتی جعفر کا خطبہ نمبر 233 کا ملحقہ)

توجہ کرلیں۔ رضی صاحب کے یہ جملے اور مفتی کا یہ ترجمہ آپ کے سامنے ہیں۔ ہم تو صرف اتنا سمجھتے ہیں کہ ان جملوں سے قارئین کو خطبے کے متعلق کوئی مدد نہیں ملتی یعنی اگر یہ جملے نہ بھی لکھے جاتے تب بھی کوئی نقصان نہ ہوا ہوتا۔ گویا رضی صاحب نے اپنا اور قارئین کا وقت ضائع کیا ہے اور اپنی فریب خوردہ فصاحت وبلاغت کا ڈھنڈورا پیٹا ہے اور بس۔

Presented by Ziaraat.Com

## 2۔مقام عرج کیا ہے؟ خطبہ کا لب لباب یا نچوڑ:

حضرت علی علیہ السلام کے ان دو 2 جملوں کی مفید تشریح یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے یہ بیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہجرت کے بعد اور اپنی روانگی کے دوران دیا ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ سمجھنا چاہیے کہ آپ مکہ سے روانگی اور سفر کے حالات امت کے لئے ریکارڈ کرنا چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ہمیں وہ تمام تفصیلات جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی روانگی کے بعد وقوع میں آئیں، بتادیں۔ لہٰذا تاریخ واحادیث کی کتابیں اور صورت حال سے جو کچھ واضح ہے وہ یہ ہے کہ رسولؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو تاکید فرمائی تھی کہ وہؑ تمام امانتیں متعلقہ لوگوں کو واپس کریں اور جب تک مدینہ سے اُنھیں بُلانے کا خط نہ پہنچے مکہ میں موجود رہیں اور سامان سفر تیار کریں۔ خط ملتے ہی مدینہ کے لئے روانہ ہو جائیں اور تیزی کے ساتھ پہنچیں۔ مقام عرج ایک گاؤں کا نام ہے جو مکہ اور مدینہ کے درمیان آباد تھا اور وہیں حضور علیہ السلام نے یہ خطبہ دیا تھا تاکہ وہاں اور گردونواح میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی مکہ سے روانگی اور قریشی کدّوکاوش اور اہل مدینہ کی نصرت کی تفصیلات پھیلتی چلی جائیں۔

## 3۔ مکہ سے روانگی مدینہ کا سفر اور متعلقین کے ساتھ مدینہ پہنچنا:

اس سلسلے میں ہم کتاب۔ ''نفسِ رسولؐ'' کا بیان لفظ بلفظ لکھے دیتے ہیں اُس کے بعد ہم اپنا تحقیقی بیان لکھیں گے۔ یہ کتاب۔ ''نفس رسولؐ''، ایک بہت بڑے شیعہ عالم علی حیدر ابن علی اظہر کی ہے جو مطبع اصلاح کھجوا صوبہ بہار نے شائع کی تھی وہ لکھتے ہیں کہ:

''پیغمبرؐ کی روانگی کے بعد تین دن تک حضرت علیؑ نے مکہ میں رہ کر پیغمبرؐ کے احکام کی تعمیل کی۔ امانتیں لوگوں کو واپس کیں، سفر کی تیاری کی چوتھے دن اپنی مادر گرامی فاطمہؑ بنت اسدؑ، فاطمہؑ بنت پیغمبرؐ اور اپنی پھوپھی فاطمہؑ بنت عبدالمطلبؑ اور فاطمہؑ بنت حضرت حمزہ (علیہم السلام) کو لے کر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔ پیغمبرؐ کے غلام ایمن بن اُمّ ایمن اور ابو واقد لیثی جس کے ہاتھ پیغمبرؐ نے مدینہ سے خط لکھ کر روانہ کیا تھا ساتھ ہو گئے۔ راہ میں ابو واقد لیثی نے سواریوں کو تیزی سے ہنکانا شروع کیا۔ آپؑ نے کہا کہ ابو واقد آہستہ چلو۔ کمزور عورتیں ہمراہ ہیں اُن سے اتنی تکان برداشت نہ ہو سکے گی۔ ابو واقد نے عذر کیا کہ کہیں ایسا نہ ہو پیچھا کرنے والے ہمیں پالیں۔ آپؑ نے کہا کہ اس کی پرواہ نہ کرو پیغمبرؐ مجھ سے فرما چکے ہیں کہ مشرکین تمہیں کوئی ضرر نہ پہنچا سکیں گے۔ پھر آپؑ نے خود سواری کی باگ ہاتھ میں لی اور آہستہ آہستہ چلنے لگے۔ جب مقام ضجنان (جہاں عمر اونٹ چرایا کرتا تھا۔ احسنؔ) پر پہنچے تو آپؑ کا پیچھا کرنے والے آپہنچے۔ گھوڑوں پر سوار ڈھانٹے باندھے ہوئے آٹھ آدمی تھے۔ اُن کے ساتھ حرب بنی اُمیہ کا غلام بھی تھا۔ قریش کے حلقے سے جب پیغمبرؐ بخیر و عافیت بچ نکلے اور اُن کی سازش ناکام ہو کر رہ گئی اور کوئی قابو آنحضرتؐ پر نہ چل سکا تو انگاروں پر لوٹتے تھے۔ اب جو اُنھوں نے دیکھا کہ علیؑ عورتوں کو لے کر اُن کی آنکھوں کے سامنے کھلم کھلا ہمارے سب سے بڑے دشمن محمدؐ کے پاس جا رہے ہیں اور وہ ایک اکیلے ہیں اور ہم لوگوں کی جماعت کی جماعت ہے۔ تو غیظ و غضب سے بھڑک اُٹھے کہنے لگے کہ ہماری آنکھوں کے سامنے ایک بے یار و مددگار نوجوان شخص عورتوں کو بے جھجک لے کر نکل جائے اور ہم دیکھتے رہیں اُسے روک نہ سکیں اور نہ اُسے مجبور کر کے واپس لا سکیں۔ یہ تو بڑی ذلت و رسوائی کی بات ہے ہم لوگ شرم سے بھی سر نہ اُٹھا سکیں گے۔ یہ سوچ کر اُنھوں نے اپنی جماعت سے آٹھ شہسواروں کو منتخب کر کے آپؑ کے پیچھے روانہ کیا کہ جہاں مل جائیں زبردستی اُنھیں مکہ واپس لایا جائے۔ آپؑ نے ایمن اور ابو واقد سے کہا کہ اونٹوں کو بٹھا کر اُن کے پیر باندھ دو۔ خود آگے بڑھ کر عورتوں کو اُترنے میں مدد دی۔ اتنے میں پیچھا کرنے والے سر پر آپہنچے۔ آپ تلوار نیام سے کھینچ کر اُن کے سامنے کھڑے ہو گئے (خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ اُس وقت خواتین کے خوف و ہراس کا کیا عالم ہوگا

Presented by Ziaraat.Com

جب اُنھوں نے اپنے کو دشمنوں کے نرغے میں پایا ہوگا؟ کتنی سراسیمہ ہوئی ہوں گی؟ دل میں کبھی خیال آتا ہوگا کہ ایک اکیلے علیؑ ہیں وہ بھی پیادہ پا اور مقابلہ ہے آٹھ سواروں سے۔ نجات پانا مشکل ہی ہے۔ خدا رحم کرے اور علیؑ کو دشمنوں پر فتح یاب کرے۔ کبھی دل کو یہ ڈھارس ہوتی کہ شجاعت و جوانمردی علیؑ کے چہرے سے آشکار ہے اگر وہ دشمنوں سے اکیلے نمٹ لینے کا یقین نہ رکھتے تو یوں علی الاعلان ہمیں ساتھ لے کر روانہ نہ ہوتے) اُن سواروں نے آگے بڑھ کر کہا کہ اے غدار تم اس گھمنڈ میں تھے کہ عورتوں کو لے کر نکل جاؤ گے۔؟ فوراً پلٹ چلو۔ آٹھ آزمودہ کار سوار مدمقابل ایک پا پیادہ شخص، مقابلہ کرنا جس کے لئے خودکشی کے مترادف تھا۔ ظاہر ہے اسی لب ولہجہ میں اُنہیں بات کرنا چاہیے بھی تھا۔ علیؑ نے ایک لاپرواہ نڈر انسان کی طرح جیسے اُنھیں خاطر ہی میں نہ لاتے ہوں، انتہائی سکون اور اطمینان سے جواب دیا۔ اگر میں واپس نہ جاؤں؟ اُنھوں نے کہا جاؤ گے کیسے نہیں ہم زبردستی واپس لے چلیں گے۔ جیتے جی نہ جاؤ گے تو لاش تمھاری جائے گی۔ یہ کہہ کر وہ سواریوں کی طرف بڑھے کہ اُنہیں بھڑکا دیں۔ علیؑ بیچ میں آ گئے۔ جناح نے تلوار چلا دی آپؑ نے وار خالی دے کر بھرپور ہاتھ تلوار کا جناح کے کاندھے پر مارا۔ تلوار اُسے دو حصّے کرتی ہوئی گھوڑے کے کاندھے تک اُتر آئی (علیؑ پا پیادہ تھے جناح گھوڑے پر سوار تھا اور سوار شخص پیادہ پر جھک کر ہی تلوار چلا سکتا تھا تاکہ پیادہ پر وار پورا پڑے۔ جب حملہ کرنے کے لئے جناح جھکا تو آپؑ نے جھکائی دے کر قبل اس کے کہ وہ سیدھا ہو کر دوسرا وار کرے انتہائی پھرتی سے وار کر دیا) اِس کے بعد آپؑ اس کے ساتھیوں پر ٹوٹ پڑے مجمع پراگندہ ہو گیا دشمن کہنے لگے علیؑ اپنے کو روکو ہماری جان بخشی کرو۔ آپؑ نے فرمایا میں پیغمبرؐ کی خدمت میں جا رہا ہوں جسے اپنی جان پیاری نہ ہو وہ آ کر ہمیں روک لے۔ جناح کے قتل ہونے اور اُس کے ہمراہیوں کے فرار کے بعد آپؑ نے ایمن اور ابو واقد سے کہا اب سواریوں کو کھول دو۔ وہاں سے بے خوف وخطر روانہ ہو کر مقام ضجنان میں پہنچے۔ دن اور رات بھر وہاں ٹھیر کر اُن ضعیف الحال مومنین کا انتظار کرتے رہے جنہیں آپؑ نے راستے میں ملنے کی ہدایت کی تھی۔ اُنہی میں اُم ایمن پیغمبرؐ کی کنیز بھی تھیں۔ وہ رات آپؑ نے اور خواتین نے عبادت و ذکر الٰہی میں بسر کی۔ صبح ہوئی نماز صبح پڑھی نماز سے فارغ ہو کر مدینہ کی طرف بڑھے۔ تنہا سفر، دشمنوں سے اندیشہ، رات میں چلتے دن کو کسی محفوظ مقام پر اس خیال سے پوشیدہ ہو جاتے کہ کہیں دشمن گرفتار نہ کر لیں۔ شوقِ دل رہبر تھا۔ جذبِ محبتِ پیغمبر سے سرشار تھے۔ پیادہ پائی اور منزلوں کے طے کرنے کا کبھی اتفاق نہ ہوا تھا۔ راہ دشوار گزار تھی اور قدم قدم پر کانٹے تھے جن کی وجہ سے پائے مبارک زخمی ہو گئے تھے۔ اور چھالے پڑ گئے تھے۔ اس حال میں بھی چلنے سے باز نہ رہے۔ سترہ یا اٹھارہ ربیع الاول کو آنحضرتؐ کی خدمت میں پہنچے۔ اُس وقت آنحضرتؐ موضع قبا میں جو مدینہ سے دو میل ہے کلثوم بن ھدم کے مکان میں مقیم تھے۔ آنحضرتؐ جناب امیرؑ کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ پاؤں کے زخم دیکھ کر تاسف فرمایا اور بکمال شفقت زخموں پر ہاتھ پھرایا جس کی برکت سے اُسی وقت زخم اچھے ہو گئے اور کسی قسم کا درد یا تکلیف یا تکانِ سفر باقی نہ رہا۔ آنحضرتؐ کے دست مبارک کی برکت سے پھر کسی قسم کا درد ہی نہ ہوا اور زخم سے تکلیف ہی نہ پہنچی۔'' (نفس رسول جلد چہارم صفحہ 148 تا 150)

خدا خدا کر کے یہ اقتباس ختم ہوا۔ لکھنے کے دوران اِن عالم صاحب کی بدذوقی اور بدعقیدگی سے بور ہوتے اور صبر کرتے رہے۔ بدذوقی یہ کہ اس شخص کو نہ لفظ رسولؐ اللہ پسند ہے نہ حبیبؐ اللہ پسند ہے بلکہ بار بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ کو لفظ پیغمبر سے ذکر کرتے چلے گئے بھول کی غلطی بھی نہیں کی۔ پھر یہ مانتا ہے کہ رسولؐ اللہ معاذ اللہ غلام اور کنیزوں سے دل چسپی رکھتے تھے۔ اگر حضورؐ کنیزیں رکھتے ہوتے اور غلامی و کنیزی کو جائز سمجھتے تو حضرت فاطمہ علیہا السلام کو کیوں نہ دیتے اور تسبیح کیوں سکھاتے؟ جب کہ اُنھوں نے ہاتھوں کے چھالے دکھا کر مدد کے لئے کنیز مانگی بھی تھی۔؟ پھر یہ شخص

Presented by Ziaraat.Com

حضرت علی علیہ السلام کو دشمن کے خطرے کی وجہ سے دن کو چھپنے اور رات کو سفر کرنے کی بات بھی لکھتا ہے اور یہ بھی مانتا ہے کہ رسولؐ اللہ بتا چکے تھے کہ مشرکین ضرر نہ پہنچا سکیں گے۔ یہ لکھتا ہے کہ رسولؐ نے روانگی سے پہلے سفر کی تیاری کرنے کا حکم دیا تھا۔ اور مانتا ہے کہ اونٹ اور سواریاں ساتھ تھیں لیکن بلا کسی تنگی اور تنگدستی کا ذکر کئے حضرت علی علیہ السلام کو پیدل اور ننگے پیر دکھایا ہے۔ اور ریگستانی علاقہ میں قدم قدم پر کانٹوں کا پھیلے ہوئے ہونا بتایا ہے۔ بلا خاردار جھاڑیوں یا درختوں کانٹوں کا وجود احمقانہ بات ہے۔ اس کو معلوم ہونا چاہیے تھا کہ مکہ سے مدینہ کا فاصلہ ڈیڑھ سو میل کے قریب ہے۔ صرف تین دن کے اندر اندر آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ کا مدینہ پہنچنا، خط لکھنا اور خط کا واپس پہنچنا ممکن نہ تھا۔ مگر یہ شخص خط ملنے کے بعد روانگی دکھاتا ہے۔ یعنی تین دن کے اندر اندر سب کچھ ہو گیا اور چوتھے روز روانہ ہو گئے۔

## 4۔ رسولؐ کی ہدایات عملی اور فطری حالات کے تقاضوں کے ماتحت مرتضوی اقدامات ۔

یہ قدرتی بات تھی کہ صبح یا روشنی ہوتے ہی قریشی محاصرین کو یہ معلوم کر کے سخت غصہ ندامت اور مایوسی سے دوچار ہونا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ اُن کی آنکھوں میں دھول ڈال کر چلے گئے۔ ناکامی کا غیظ وغضب حضرت علی علیہ السلام پر ٹوٹنا تھا۔ قریشی محاصرین نے اور اُن کے سرداروں اور دوسرے بہادروں نے کیا کیا؟ معلوم نہیں۔ مگر یہ معلوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے مکہ کی گلی گلی اور کوچوں میں پھر کر امانتیں واپس کیں اُن کی اس ذمہ داری میں کوئی مخل نہیں ہوا۔ وہ ہفتہ بھر کے قریب مکہ میں رہے۔ اُن کا گھر سب کو معلوم تھا۔ راتیں بھی آتی رہیں، اندھیرا بھی پھیلتا رہا۔ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کا محاصرہ کرنے والے بہادر بھی موجود تھے، حضرت علی علیہ السلام کو تنہا گلیوں میں چلتے پھرتے بھی دیکھتے تھے۔ مگر کسی کو جرأت نہ ہوئی کہ بات کرتا یا ٹوکتا۔ یہ بھی نوٹ کرنا اور یاد رکھنا چاہیے کہ وہ خبیث لوگ سب ہی مکہ میں موجود ہیں جن کو قریشی حکومت خاندان رسولؐ کے افراد بنائے گی کوئی چچا بن جائیں گے، چچازاد بھائی بنیں گے۔ یہ اچھا موقع ہے یہ سمجھنے کا کہ خانوادۂ رسولؐ میں صرف وہ چار فاطمہؑ نام کی خواتین ہیں اور مردوں میں اُس وقت مکہ میں موجود صرف ایک حضرتؑ علی علیہ السلام ہیں اور کوئی نہیں ہے۔ ورنہ اُن کو بھی ساتھ لیا جاتا۔ اور اگر وہ موجود ہوتے تو حضرتؑ علی کے مددگاروں میں ہوتے یعنی جب حضرت علی علیہ السلام مکہ سے روانہ ہو جائیں گے تو خاندانِ رسولؐ کا کوئی فرد مکہ میں باقی نہ رہے گا۔ لہٰذا وہ ساری کہانیاں اور افسانے خود ساختہ ( self made ) ہیں جن میں دکھایا گیا ہے کہ فلاں فلاں اشخاص رسولؐ کے اعزا میں سے قریشی افواج کے ساتھ آئے تھے۔ یہاں اُبھرنے یا اُبھارنے والے سوالات کا جواب یہ ہے کہ رسولؐ اللہ کی ہجرت سے پہلے بہت سے مسلمان مدینہ آ چکے تھے اور عمر بن الخطاب تو چھ سال پہلے سے مدینہ کے محلّہ قبا میں موجود تھا اور یہودی درسگاہ میں زیر تعلیم تھا۔ لہٰذا اگر آپ کو حضرات حمزہ وعقیل علیہما السلام کا پتہ نہ چلے تو تعجب کی بات نہیں، اُن کا تو سارا خاندان صدیوں سے مدینہ میں اوس وخزرج کے نام سے آباد ہے۔ اُن کا یہاں آتے جاتے رہنا فطری چیز ہے۔ حضرت عبداللہ علیہ السلام کا انتقال یہیں اپنے خاندان میں ہوا تھا۔ تمھیں معلوم نہ ہونا قابل تعجب ہے ( دیکھو ہماری کتاب مرکز انسانیت وغیرہ ) یہاں صرف یہ نوٹ کریں کہ تنہا حضرت علیؑ پورے مکہ پر ایک بلا کی طرح مسلّط ہیں۔ اور کسی بھی چھیڑ چھاڑ کا بہانہ ڈھونڈ رہے ہیں کہ بہانہ ملے تو مکہ کو چین کی نیند سُلا دیں۔ ابوسفیان۔ ابولہب ایسے ملاعین حضورؐ سے آنکھ بچا کر گزرتے ہیں گلیاں خالی ہوتی چلی جاتی ہیں۔ آپ منڈی سے سامان سفر خرید کر گھر میں لاتے ہیں۔ اونٹ اور گھوڑا خریدتے ہیں جو رات کو گھر سے باہر بندھے رہتے ہیں۔ کسی کی مجال نہیں کہ کوئی اُدھر سے ہو کر گزرے جب تک آپ مکہ سے روانہ نہیں ہو گئے اہل مکہ خود کو خطرے میں سمجھتے رہے۔ جوان خون، بلا کا خطرناک بہادر اور سر پر کوئی بڑا بوڑھا بزرگ نہیں جس کا خوف ہو۔ نہ معلوم کب مکہ کی گلیوں میں خون بہنے لگے۔ جو لوگ جوان تھے وہ ہی علیؑ کے

Presented by Ziaraat.Com

مقابلے کی جرأت کر سکتے تھے مگر وہ بچپن سے حضرت علیؑ کو قریش کا دیا ہو لقب قظیم جانتے تھے۔یعنی دانت توڑ کر مُنہ بند کر دینے والا۔بہر حال جب آپؑ نے اپنی پھوپھیؑ اپنی والدہؑ اپنی چچازاد بہنوںؑ سلام اللہ علیھن کو محملوں میں سوار کرایا تو دور دور تک کوئی شخص موجود نہ تھا لہٰذا کسی کو معلوم نہ تھا کہ چاروں فاطماؑؤں میں سے کونسی فاطمہ کس محمل میں سوار کی گئی ہیں۔جناب ابو واقد اور ایمن رضی اللہ عنہما دُور گلی کے موڑ سے آگے اپنی اپنی سواریوں کے ساتھ منتظر تھے۔جب آپؑ اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے تو اُنہیں آواز دی تو وہ لوگ آئے اور اونٹوں کو اُٹھایا اور آپؑ کے پیچھے پیچھے خانۂ کعبہ تک آئے۔آپؑ نے اُتر کر طواف کیا دعا مانگی اور سوار ہو کر سفر شروع کر دیا۔سرداران قریش حرم سے یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے۔مگر خاموش بیٹھے تھے۔اور غالباً انتظار کر رہے ہوں گے کہ علیؑ مستورات کو لے کر کسی ویرانے میں پہنچیں تو ایسی حالت میں حملہ کا انتظام کریں کہ علیؑ مستورات کے تحفظ کی وجہ سے مجبور ہو جائیں اور یکسوئی سے حملہ آوروں سے نہ نمٹ سکیں اور یہی وجہ تھی کہ بیس پچیس میل وادی ضُجنَان پہنچ گئے تو پہلا حملہ آور دستہ پہنچا تھا لیکن ذلیل وخوار ہو کر بھاگا تھا۔اس کے بعد اہل مکہ نے یا کسی اور نے مزاحمت نہ کی تھی۔آپؑ بزرگ خواتین کی دیکھ بھال اور خدمت بنفس نفیس کرتے تھے اس میں آپؑ کو پیدل بھی چلنا پڑتا تھا۔کئی غریب خاندان بھی آپؑ کے ساتھ آپؑ کی پناہ میں سفر کر رہے تھے۔اُن کے ضعیفوں کو اپنی سواری پر بٹھا دیتے تھے اس لئے بھی پیدل چلنا پڑتا تھا۔آپؑ کے ساتھ پانی کا کافی سٹاک تھا خیمے تھے۔کھانے پکانے کا انتظام تھا۔ہمراہی خواتین کھانا تیار کرتی تھیں۔تمام ہمسفر لوگوں کو نہایت آرام سے سفر کرا کر مدینہ پہنچے تھے۔سارے قافلے کی دیکھ بھال بھی آپؑ کی ذمہ داری، سوتے برائے نام تھے۔یہ صحیح ہے کہ آپؑ کے پیروں پر ورم آ گیا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ کے ہاتھ پھرانے سے ورم وتھکن سب غائب ہو گئی تھی۔خواتین کے لئے مکان اور آرام دہ پلنگ اور بستر موجود تھے۔حضرت علی علیہ السلام کے انتظار میں آپ محلّہ قبا ہی میں مقیم رہے۔انصار نے زیارت کے لئے باری باری وہیں آنا شروع کر دیا اور پورا مدینہ حضرت علیؑ اور فاطماؑؤں کا منتظر تھا۔اس لئے کہ اُن کے پہنچنے سے پہلے رسولؐ اللہ مدینہ میں داخل نہ ہوں گے۔یہی فیصلہ تھا جس سے کبیدہ خاطر ہو کر ابوبکر پہلے روز محلّہ سُخ میں مہمان ہو گئے تھے جو محلّہ قبا کی طرح مدینہ سے باہر مخالف سمت میں دو تین میل اُدھر تھا۔ابوبکر وفات رسولؐ کے بعد اسی محلّہ میں مقیم رہے۔اُدھر عمر بن الخطاب بھی عہد ابوبکر تک محلّہ قبا میں آباد رہے۔اِن دونوں کے مکانات رسولؐ کے مخالف مرکز کے ہیڈ کوارٹر تھے (قرآن)(82-4/81)(4/108)۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 234

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر: 237

# خُطبہ ﴿237﴾

**1۔لوگوں کو نیک بنانے کے لئے نرم نرم، پیاری پیاری باتیں۔ 2۔عمل کرنے کے مواقع اور مقاصد۔**

**بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم**

| | | |
|---|---|---|
| فَاعۡمَلُوۡا وَاَنۡتُمۡ فِیۡ نَفۡسِ الۡبَقَآءِ ؛ | 1 | جب تک تمہیں زندگی کی سہولتیں حاصل ہیں برابر مفید عمل جاری رکھو۔ |
| وَالصُّحُفُ مَنۡشُوۡرَۃٌ ؛ | 2 | اور جب تک تمہارے اعمال ریکارڈ کئے جارہے ہیں اچھا ریکارڈ تیار کرالو۔ |
| وَالتَّوۡبَۃُ مَبۡسُوۡطَۃٌ؛ | 3 | اور توبہ کے مواقع حاصل ہیں۔ |
| وَالۡمُدۡبِرُ یُدۡعٰی ؛ | 4 | ابھی واپس جانے والوں کو توبہ کے لئے بلایا اور موقع دیا جارہا ہے۔ |
| وَالۡمُسِیۡءُ یُرۡجٰی ؛ | 5 | اور بدکاروں کو بخشش کی امید دلائی جارہی ہے۔ |
| قَبۡلَ اَنۡ یَّخۡمُدَ الۡعَمَلَ ؛ | 6 | مواقع سے فائدہ اُٹھالو قبل اس کے کہ اعمال اپنی روشنی کھودیں اور |
| وَیَنۡقَطِعَ الۡمَھَلُ ؛ | 7 | مہلت اور مواقع ہاتھ سے نکل جائیں۔ |
| وَیَنۡقَضِیَ الۡاَجَلُ ؛ | 8 | اور مدت ہاتھ سے نکل جائے۔ |
| وَیُسَدَّ بَابُ التَّوۡبَۃِ ؛ | 9 | اور توبہ سنی جانے والا دروازہ بند ہوجائے۔ |
| وَتَصۡعَدَ الۡمَلَائِکَۃُ ؛ | 10 | اور ریکارڈ اور ملائکہ تم سے بلند ہوجائیں۔ |
| فَاَخۡذَا اَمۡرُؤٌ مِّنۡ نَفۡسِہٖ ، لِنَفۡسِہٖ ؛ وَاَخۡذَمِنۡ ، حَیٍّ لِّمَیِّتٍ ؛ وَمِنۡ فَانٍ لِبَاقٍ ؛ وَمِنۡ ذَاھِبٍ لِدَائِمٍ ؛ | 11 | چنانچہ انسان کو چاہئے کہ وہ اپنی ذات سے اپنے لئے اور زندہ لوگوں سے مردوں کے لئے اور مٹ جانے والی زندگی سے باقی رہنے والی زندگی کے لئے اور ہاتھ سے نکلی جانے والی صورت سے ہمیشہ برقرار رہنے والی صورت کے لئے جو کچھ استفادہ کرسکتا ہو کرتا رہے۔ |
| اَمۡرُؤٌ خَافَ اللّٰہَ وَھُوَ مُعَمَّرٌ اِلٰی اَجَلِہٖ ؛ | 12 | ہر اس شخص کو اللہ سے ڈر کر کام کرتے رہنا چاہئے جسے ایک مدت تک جینے کی عمر دی گئی ہے۔ |
| وَمَنۡظُوۡرٌ اِلٰی عَمَلِہٖ ؛ | 13 | اور اعمال بجالانے کی مہلت دی گئی ہے۔ |
| اَمۡرُؤٌ لَّجَمَ نَفۡسَہٗ بِلِجَامِھَا ؛ | 14 | اچھا آدمی وہ ہے جو اپنے آپ کو لگام دے کر پابند کرے اور، |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَزَمَّهَا بِزَمَامِهَا ؛ | 15 | لگام کوٹھیک سے استعمال کرے۔ |
| فَاَمْسَكَهَا بِلِجَامِهَا عَنْ مَعَاصِي اللّٰهِ | 16 | لگام کواس طرح قابو میں رکھے کہ اللہ کی نافرمانیاں ظہور میں نہ آئیں۔ |
| وَقَادَهَا بِزَمَامِهَا اِلٰى طَاعَةِ اللّٰهِ | 17 | اورلگام سے ایسی قیادت کرے کہ اللہ کی اطاعت جاری رہے۔ |

## تشریحات:

یہ خطبہ نہایت سادہ، سہل اور عام فہم ہے اور کوئی ایسی بات معلوم نہیں ہوتی جو کہ تشریح کا تقاضہ کرتی ہو سوائے اس کے کہ حضورؑ علیہ السلام نے استفادہ کے چار مقام بتائے ہیں۔ اُن میں سے تین تو ترجمہ میں واضح ہو گئے ہیں، یعنی دُنیا سے استفادہ کرنا۔ ہاتھ سے نکل جانے والی چیزوں سے استفادہ کرنا۔ زندہ لوگوں سے استفادہ کرنا اور خود اپنی ذات سے استفادہ کرنا۔ اپنی ذات سے استفادہ یہی ہے کہ اپنے جسم سے زیادہ سے زیادہ مفید کام لیا جائے۔ خود بھی فائدہ اُٹھایا جائے اور دوسروں کو بھی مستفید کیا جائے۔ ایک بات جو نظر سے اوجھل رہتی ہے وہ یہ ہے کہ زندہ لوگوں سے مردہ لوگوں کے لئے استفادہ کیا جائے۔ اس کی سادہ اور رسمی صورت یہ بھی ہے کہ زندہ لوگوں سے کہا جائے کہ اپنے اپنے مردوں کو ایصال ثواب کرو۔ اُن کے لئے فاتحہ خوانی کراؤ۔ نمازیں پڑھواؤ۔ حج کراؤ۔ قربانیاں کرو۔ لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ یہ اعمال خود اُن زندہ لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچا رہے ہیں یعنی نمازی، روزہ دار، قرآن پڑھنے والے حاجی اور قربانیاں کرنے والے مسلمان دنیا میں ذلیل ترین حالت میں ہیں۔ ساری دُنیا کی اقوام کے سامنے براہ راست یا بالواسطہ کاسۂ گدائی لئے بھیک مانگ رہے ہیں تو اُن کا ایصال ثواب مُردوں کو کس طرح اور کیوں مستفید کرے گا؟ سب سے پہلے تو یہ حتمی یقین ہونا چاہیے کہ اُن مذہبی اعمال سے زندوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا تو استفادہ سے محروم زندہ لوگ مُردوں کو کیسے استفادہ کرا سکیں گے؟ اور یہی وہ کلیدی نکتہ ہے جو اِس خطبے میں رکھ دیا گیا ہے۔ اور باقی تمام ہدایات اُسی کے ماتحت آتی ہیں۔ یعنی اصل حقیقت اس مردہ اسلام کو زندہ لوگوں سے استفادہ کرانا اور جس طرح بھی ہو سکے پہلے اسلام اور اُس کے ارکان کو زندہ کرنا تا کہ مذکورہ اعمال سے استفادہ شروع کیا جا سکے۔ مُردہ نمازوں سے استفادہ ناممکن ہے۔ یعنی زندہ لوگوں کو زندہ اسلام سے وابستہ کرنا اور نام نہاد زندہ لوگوں کو سچ مچ زندہ کرنا۔ اس طرح جو لوگ جاہلیت کی موت مر گئے اُن کے لئے استفادہ کی بند راہوں کو کھولنا اور حقیقی اور موجود اور زندہ سر براہ اسلام سے وابستگی کا انتظام کرنا اور اُن کی توجہ مبذول ہوتے ہی تمام زندوں اور مردوں کو استفادہ ہونے لگے گا۔ دوسری کوئی صورت نہیں ہے کہ اسلامی اعمال مسلمانوں کو فائدہ پہنچائیں۔ یہ نام نہاد اسلام ایک مردہ لاش ہے جسے مسلمان اُٹھائے پھر رہے ہیں۔ یہ اسلام پر عمل نہیں، یہ مردہ پرستی ہے اور مُردہ ہو یا زندہ پرستش صرف اللہ کی ہونا چاہیے اور اللہ کی پرستش کے لئے حقیقی اسلام کی بتائی ہوئی عبادتیں ہیں جو آج نام نہاد اسلام کے کسی بھی فرقے میں موجود نہیں لہٰذا ہر فرقہ کی عبادت مُردہ پرستی ہے۔ جس کا نتیجہ سامنے ہے۔ یہ اصلاحات جو لیڈر صاحبان کرتے چلے آ رہے ہیں یہ مسلمانوں کو حقیقی اسلام سے دُور تر اور گمراہ تر کرتی چلی جاتی ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 236

علی نقی طہرانی : خطبہ نمبر:239

# خُطبہ ﴿238﴾

**1۔اہلؑ بیت علم کی زندگی اور جہالت کی موت ہیں۔2۔وہ اسلام کے ستون اور سہارا اور مسلمانوں کی جائے پناہ ہیں۔3۔ان کی وجہ سے حق اپنے صحیح مقام پر پلٹ آیا تھا۔4۔مسلمانوں نے دوبارہ باطل کو اختیار کر لیا تھا۔**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| هُمۡ عَيۡشُ الۡعِلۡمِ ؛ | 1 | وہ علم کی زندگی ہیں۔ |
| وَمَوۡتُ الۡجَهۡلِ ؛ | 2 | اور جہالت کی موت ہیں۔ |
| يُخۡبِرُكُمۡ حِلۡمُهُمۡ عَنۡ عِلۡمِهِمۡ وَظَاهِرُهُمۡ عَنۡ بَاطِنِهِمۡ وَصَمۡتُهُمۡ عَنۡ حِكَمِ مَنۡطِقِهِمۡ ؛ | 3 | ان کی برداشت اور بردباری ان کے علم کی اور ان کا ظاہری حال ان کے باطنی حال کی اور ان کی خاموشی ان کے بولنے کی حکمتوں کی خبر دیتے ہیں۔ |
| لَايُخَالِفُوۡنَ الۡحَقَّ وَلَايَخۡتَلِفُوۡنَ فِيۡهِ ؛ | 4 | نہ وہ حق کی مخالفت کرتے ہیں اور نہ حق میں اختلاف ہی کرتے ہیں۔ |
| هُمۡ دَعَائِمُ الۡاِسۡلَامِ ؛ | 5 | وہؑ اسلام کے ستون وسہارے ہیں۔ |
| وَوَلَائِجُ الۡاِعۡتِصَامِ ؛ | 6 | اور وہؑ پناہ گاہ اور مقام حفاظت ہیں۔ |
| بِهِمۡ عَادَالۡحَقِّ فِيۡ نِصَابِهٖ ؛ | 7 | ان ہی کی وجہ سے حق اپنے نصاب اور دستور پر واپس پلٹا ہے۔ |
| وَانۡزَاحَ الۡبَاطِلُ عَنۡ مَّقَامِهٖ ؛ | 8 | اور باطل کو حق کی جگہ سے ہٹنا پڑا ہے۔ |
| وَانۡقَطَعَ لِسَانُهٗ عَنۡ مَنۡبَتِهٖ ؛ | 9 | اور باطل کی زبان جڑ سے کٹ گئی ہے۔ |
| عَقَلُوا الدِّيۡنَ عَقۡلَ وِعَايَةٍ وَرِعَايَةٍ ؛ | 10 | انہوںؑ نے دین کو دین کے مخزن کی عقل کے ماتحت رکھ کر اسی کے لحاظ سے اختیار کیا تھا۔ |
| لَاعَقۡلَ سَمَاعٍ وَّرَوَايَةٍ ؛ | 11 | نہ کہ سنی سنائی اور روایتی عقل سے۔ |
| فَاِنَّ رُوَاةَ الۡعِلۡمِ كَثِيۡرٌ | 12 | یہ ایک عالمی حقیقت ہے کہ روایتی اور افسانوی علم بیان کرنے والے کثرت سے موجود رہتے آئے ہیں۔ |
| وَرُعَاتَهٗ قَلِيۡلٌ ؛ | 13 | اور علم کی حفاظت کرنے والے قلت میں رہے ہیں۔ |

**(نوٹ) جناب رضی صاحب رضی اللہ عنہ کی مرتب کردہ نہج البلاغہ کا ترجمہ مکمل ہوا۔**

Presented by Ziaraat.Com

**تشریحات:**

محمدؐ وعلیؑ وفاطمہؑ اور حسنینؑ اور باقی آئمہ اہلبیت علیہم السلام کا نور خداوندی ہونا ہی اس کی دلیل ہے کہ یہ حضراتؑ علم کی زندگی ہیں اور نور کے سامنے جس طرح اندھیرا یا ظلمت نہیں ٹھہرتی اسی طرح نور اور علم کے سامنے جہل یا جہالت مرجاتی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ یہ حضرات علیہم السلام پوری کائنات کی زندگی ہیں۔ اُن ہی سے یہ کائنات پیدا ہوئی اور اُن ہی کے لئے پیدا ہوئی ہے وہی وہ نورانی پانی ہیں جن سے ہر زندہ چیز پیدا کی گئی تھی۔ (وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ) (30/21) یا مُردوں کو زندگی عطا کی گئی۔''

**2۔ اہلؑ بیت قرآن ہیں اور قرآن کی طرح اختلاف سے پاک ومنزّہ ہیں۔**

اُن حضرات صلوٰۃ اللہ علیہم کی پوزیشن کو سمجھنے کے لئے قرآن کریم کی یہ آیت دیکھیں:

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِیْهِ اخْتِلَافًا كَثِیْرًا O(4/82)

**مودودی:**۔ ''کیا یہ لوگ قرآن پر غور نہیں کرتے اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو اس میں بہت کچھ اختلاف بیانی پائی جاتی۔''

**مودودی کی تشریح:** ''منافق اور ضعیف الایمان لوگوں کی جس روش پر اُوپر کی آیتوں میں تنبیہہ کی گئی ہے اِس کی بڑی اور اصل وجہ یہ تھی کہ اُنہیں قرآن کے منجانب اللہ ہونے میں شک تھا۔ انہیں یقین نہ آتا تھا کہ رسولؐ اللہ پر واقعی وحی اُترتی ہے اور یہ جو کچھ ہدایات آرہی ہیں براہ راست خدا ہی کے پاس سے آرہی ہیں۔ اسی لئے اُن کی منافقانہ روش پر ملامت کرنے کے بعد اب فرمایا جارہا ہے کہ یہ لوگ قرآن پر غور ہی نہیں کرتے ورنہ یہ کلام تو خود شہادت دے رہا ہے کہ یہ خدا کے سوا کسی دوسرے کا کلام ہو ہی نہیں سکتا۔ کوئی انسان اس بات پر قادر نہیں ہے کہ سالہا سال تک وہ مختلف حالات میں مختلف مواقع پر مختلف مضامین پر تقریریں کرتا رہے اور اول سے آخر تک اُس کی ساری تقریریں ایسا ہموار، یک رنگ، متناسب مجموعہ بن جائیں جس کا کوئی جز دوسرے جز سے متصادم نہ ہو، جس میں تبدیلی رائے کا کہیں نشان تک نہ ملے جس میں متکلم کے نفس کی مختلف کیفیات اپنے مختلف رنگ نہ دکھائیں اور جس پر کبھی نظر ثانی تک کی ضرورت نہ پیش آئے۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 377-376)

آپ نے یہ آیت اور مودودی کا ترجمہ اور تشریح پڑھی ہے اس سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں میں سے کچھ لوگوں کو قرآن کے کلام اللہ ہونے پر یقین نہ تھا۔ انہیں بتایا گیا تھا کہ اگر وہ لوگ قرآن میں تدبر اور غور کریں اور اُس میں کسی طرح کا اختلاف نہ پائیں تو سمجھ لیں کہ قرآن کلام اللہ ہے اس لئے کہ یہ انسان کی قدرت سے باہر ہے کہ ایسا کلام کرے جس میں اختلاف نہ ہو۔ قرآن کے اس جواب کو اہل بیت علیہم السلام کی پوزیشن کو سمجھنے کے لئے راہنما بنانا چاہیے اور یقین کر لینا چاہیے کہ اہلبیتؑ تمام انسانوں سے بلند اور خدائی مقام کے حامل ہیں اس لئے کہ اُن کے کلام میں کہیں اور کسی طرح کا اختلاف نہیں ہے اور اسی معیار کی تصدیق کیلئے اللہ نے پورے قرآن کو رسولؐ کریم کا ایک قول فرمایا ہے۔ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِیْمٍ O(40/69،19/81) یقیناً یہ پورا قرآن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ کی ایک بات ہے۔'' آپ دیکھتے ہیں کہ اللہ نے قرآن میں دو مقامات پر پورے قرآن کو رسولؐ کریم کی صرف ایک بات فرمایا ہے اور یہ ایک بات کتنی بڑی بات ہے؟ قرآن میں اس کی وسعت یہ ہے کہ۔'' یہ قرآن کائنات کی تمام کائناتی موجودات ومخلوقات کی تفصیلات اپنے اندر رکھتا ہے۔ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَتَفْصِیْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَهُدًی وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَO(12/111)

لہٰذا اہلبیت علیہم السلام بھی مومنین کے لئے قرآن سے کہیں زیادہ بلند وبالا مقام رکھتے ہیں اور وہ بلندی کم از کم اُسی قدر بلند ہے جس

Presented by Ziaraat.Com

قدر اللہ قرآن سے بلند و برتر ہے۔ جن حضرات کی صرف ایک بات قرآن کی تمام تفصیلات کو اپنے اندر رکھتی ہو اُن کی زندگیوں کی تمام باتیں کیا مقام رکھتی ہوں گی؟ اس کا جواب عقل انسانی کے دائرے میں سمانے والا نہیں ہوسکتا۔ یہ ہے حضرت علی علیہ السلام کے ایک جملے (4) کا مختصر سا مطلب۔ رہ گیا اہلؑ بیت کا اسلام کے ستون اور سہارے ہونا (5) اور اسلام کی پوری کائنات کے لئے پناہ اور پناہ گاہیں ہونا (6) یہ اُن کی معمولی اور فطری پوزیشن ہے۔ قریش نے اسلام اور حق کو جس اہتمام سے بدل ڈالنے اور اُلٹ دینے کا نظام جاری کیا تھا اُس کے بعد بھی اسلام پورا کا پورا اپنے قوانین اور دستور اور تفصیلات کے ساتھ واپس آجانا ممکن نہ ہوتا (8۔7) اور حق و باطل میں تمیز نہ رہتی اگر حضرت علی علیہ السلام پانچ سال تک سربراہ اُمت نہ بنالئے جاتے۔ یہ ابوبکر و عمر و عثمان اور قریش کے منصوبے کا ناکام ہوجانا ہی تھا جس کا انتقام قریشی حکومتوں نے کربلا کی صورت میں لیا اور آج تک وہ انتقام جاری ہے۔ بار بار اُسی انتقام کی آگ طرفدارانِ قریش کے دلوں میں بھڑک اُٹھتی ہے تو وہ اِن نام نہاد شیعوں کا صفایا اور قتل عام کر ڈالنے میں مصروف ہوجاتے ہیں اور نہ بچوں کی رعایت کرتے ہیں نہ بڈھوں اور ضعیفوں کی پرواہ کرتے ہیں نہ عورتوں کی بے بسی کا لحاظ رکھتے ہیں۔ اپنے روزمرہ کے کاموں اور پروگراموں میں اُسی انتقام کو ملحوظ رکھتے ہیں۔ دُور رَس اسکیمیں بناتے ہیں اور حالات کو بتدریج قتل عام کی طرف جھکاتے اور بڑھاتے چلے جاتے ہیں اور یہ برائے نام شیعہ کبھی نہ اُن کی اسکیموں پر توجہ دیتے ہیں نہ اپنے مستقل تحفظ کا انتظام کرتے ہیں اور نہ دشمن کے استیصال کا کوئی منصوبہ بناتے ہیں بلکہ اُن سے اتحاد کے لئے اپنے اہم ترین عقائد کو خیرباد کہتے چلے جاتے ہیں۔ وہ بلافصل خلافت سے دست بردار ہورہے ہیں۔ پورا ملک ایران اور ایران کی نام نہاد شیعہ حکومت اور حکمران خمینی ملعون اُن سے دوستی کی پینگیں بڑھا رہا ہے اور خود پاکستانی شیعوں کو ماتم اور عزائے حسینؑ کے خلاف تیار کررہا ہے۔ علماء کو کاریں عورتوں کو چادریں مردوں کو پوسٹروں کے ذریعے اغوا کررہا ہے۔ علما مخالفین کی گود میں جا بیٹھے ہیں لاکھوں روپے ماہوار کی تنخواہیں اور وظائف لے رہے ہیں خلفائے ثلاثہ کے برحق ہونے کا اعلان شائع کرچکے ہیں۔ وزیر و مشیر بن گئے ہیں۔ مگر ایک دن آنے والا ہے کہ یہ سب مذکورہ انتقام کے شکار ہوں گے اور اہلبیتؑ سے غداری کی سزا پائیں گے آیئے انتظار کریں۔

Presented by Ziaraat.Com

مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر: 177

علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر: 178

# خُطبہ ﴿239﴾

## محمدؐ و علیؑ فاطمہؑ اور حسنینؑ و دیگر آئمہؑ نے دیکھ بھال کر اللہ کی عبادت کی ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدۡسَالَہٗ ذِعۡلِبُ الۡیَمَانِیُ فَقَالَ : ھَلۡ رَاَیۡتَ رَبَّکَ یَا اَمِیۡرَالۡمُؤۡمِنِیۡنَ ؟ | 1 | ذعلب یمانی رضی اللہ عنہ نے سوال کیا کہ اے امیر المومنینؑ کیا آپ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے؟ |
| فَقَالَ عَلَیۡہِ السَّلَامُ : | 2 | چنانچہ علی علیہ السلام نے فرمایا کہ |
| اَفَاَعۡبُدُمَا لَااَرٰی ؟ | 3 | کیا میں ایسی ہستی کی عبادت کرتا ہوں جسے میں نے دیکھا بھی نہ ہو؟ |
| فَقَالَ: کَیۡفَ تَرَاہُ؟ | 4 | ذعلبؓ نے پوچھا کہ آپ نے اسے کیسے دیکھا؟ |
| قَالَ عَلَیۡہِ السَّلَامُ ؛ | 5 | علی علیہ السلام نے فرمایا کہ: |
| لَاتُدۡرِکُہُ الۡعُیُوۡنُ بِمُشَاھِدَۃِ الۡعِیَانِ | 6 | اسے آنکھیں کھلے طور پر مشاہدہ کی گرفت میں نہیں لاسکتیں۔ |
| وَلٰاکِنۡ تُدۡرِکُہُ الۡقُلُوۡبُ بِحَقَائِقِ الۡاِیۡمَانِ | 7 | ولیکن دل ہیں جو ایمان کی حقیقتوں کی راہ سے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ |
| قَرِیۡبٌ مِنَ الۡاَشۡیَا غَیۡرُ مُلَامِسٍ | 8 | وہ تمام چیزوں سے اتنا قریب ہیں کہ چھوا نہ جا سکے۔ |
| بَعِیۡدٌ مِنۡھَا غَیۡرُ مُبَایِنٍ | 9 | اوران سے اتنا دور ہے کہ جدا نہ ہو سکے۔ |
| مُتَکَلِّمٌ لَّابِرَوِیَّۃٍ | 10 | وہ باتیں کرتا ہے مگر سوچ بچار کا محتاج نہیں۔ |
| مُرِیۡدٌ لَّابِھِمَّۃٍ | 11 | وہ ہر کام اپنے ارادے سے کرتا ہے۔ مگر ارادہ کرنے میں ارادہ نہیں کرتا۔ |
| صَانِعٌ لَّابِجَارِحَۃٍ | 12 | وہ مخلوقات کی ایجاد کرتا ہے مگر ایجاد کرنے میں پلاننگ منصوبہ سازی کا محتاج نہیں ہے۔ |
| لَطِیۡفٌ لَّایُوۡصَفُ بِالۡخَفَاءِ | 13 | محسوس ہو سکنے سے بالاتر ہے مگر اسے پردہ میں پوشیدہ نہیں کیا جا سکتا۔ |
| کَبِیۡرٌ لَّایُوۡصَفُ بِالۡجَفَاءِ | 14 | وہ بڑائی کا مالک ہے مگر زبردستی اور دخل اندازی سے دور ہے۔ |
| بَصِیۡرٌ لَّایُوۡصَفُ بِالۡحَاسَّۃِ | 15 | وہ ہر چیز کو دیکھتا ہے مگر حواس خمسہ کا محتاج نہیں ہے۔ |
| رَحِیۡمٌ لَّایُوۡصَفُ بِالرِّقَّۃِ | 16 | وہ رحیم ہے مگر تکلیف سے متاثر ہو کر رحم نہیں کرتا ہے۔ |
| تَعۡنُوا لُوۡجُوۡہُ لِعَظَمَتِہٖ | 17 | اس کے چہرہ کے سامنے ہر چہرہ اس کی عظمت کو مانتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَجِبُ الْقُلُوْبُ مِنْ مَّخَافَتِهٖ | 18 | ہر دل اس کے خوف سے لرز اُٹھتا ہے۔ |

## تشریحات:

یہاں ہم پہلی گزارش یہ کرتے ہیں کہ ہمارے قارئین کو پلٹ کر خطبہ 4 کی تشریحات عنوان نمبر (چہارم) سے پڑھتے ہوئے، عنوان نمبر (ششم کا8) پر ذعلب یمانی رضی اللہ عنہ کا یہ سوال پڑھیں اور اس صفحہ کے بعد ہماری یہ تشریح دیکھنے والوں کے لئے بات سہل ہو جائے گی۔ وہ اس لئے کہ ذعلب یمانی رضی اللہ عنہ ہوں یا کوئی اور صحابی ہو، اُن کی دینی معلومات اُن معلومات کے مقابلے میں بہت کم اور سطحی تھیں جو ہمارے قارئین کے سامنے آچکی ہیں۔ نہ وہ قرآن کو آپ کے برابر جانتے تھے نہ اُن کے روبرو اتنی احادیث آئی ہیں اور نہ اُنھوں نے حضرت علی علیہ السلام کے سارے خطبات سُنے تھے۔ یوں بھی اس زمانے کے لوگوں کا علم نہایت سرسری و محدود تھا۔ پھر وہ زمانہ مشرکین اور دشمنانِ محمدؐ و علیؑ سے لبریز تھا۔ اُن کے سیاسی ہتھکنڈوں اور اعتراضات کو بے اثر کرنے کے لئے اللہ و رسولؐ دونوں دفاعی بیانات دیتے تھے۔ وہ لوگ عوام کو فریب دے کر اسلام سے دُور لے جانے کی فکر میں رہتے تھے۔ لہٰذا کوشش یہ رہتی تھی کہ تمام تعلیمات و ہدایات عوام کی عقلی سطح سے اوپر نہ اُٹھیں اور اعتراض کی گنجائش نہ نکلے اور یوں دشمنوں کا مُنہ بند رکھا جائے۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام نے ذعلب کو سطحی اور دفاعی جواب دے کر ٹال دیا ہے۔ مگر یہ جواب بھی ایسا ہے کہ ذعلب اور حاضرینِ جلسہ تو الگ آج ہم اور آپ بھی اُس جواب کو جواب کے الفاظ کی حد تک نہیں سمجھ سکتے ورنہ بتایئے کہ ''حقائق ایمانی'' کیا ہوتے ہیں اور حقائق ایمانی سے اللہ کو کیسے دیکھا جا سکتا ہے؟ لہٰذا بات یہ ہوئی کہ حضور علیہ السلام کے اس جواب کو نہ تو اُس وقت کوئی سمجھا نہ آج سمجھتا ہے اور نہ کبھی سمجھ سکے گا۔ مگر اُن کی سمجھ میں یہ آ گیا کہ حضرت علی علیہ السلام نے بھی اللہ کو اپنی آنکھوں سے نہ دیکھا تھا، مگر یہ اُن کی جاہلانہ اور منفی سمجھ تھی۔ یا خود فرض کردہ نفی تھی۔ جس سے وہ خاموش اور بے بس ہو کر رہ گئے۔ حالانکہ نہ حضرت علی علیہ السلام نے یہ جواب دیا کہ ''میں نے اللہ کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا'' اگر آپؑ نے اِن الفاظ میں جواب دیا ہوتا تو آنکھوں سے دیکھنے کی نفی ہو جاتی اور یہ کہنا اور سمجھنا صحیح ہوتا کہ ''حضرت علیؑ نے بھی اللہ کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا تھا'' لہٰذا جب تک حضرت علی علیہ السلام کا ایسا انکاریہ جملہ یا جواب نہ دکھایا جائے اُس وقت تک حضرت علیؑ کے ساتھ آنکھوں سے دیکھنے کی نفی منسوب کرنا نہ صرف غلط ہوگا بلکہ ایک جھوٹ اور تہمت بھی ہوگی۔ پھر حضرت علی علیہ السلام نے اپنے جواب میں یہ بھی نہیں فرمایا کہ: ''میں نے اللہ کو دل کی آنکھوں سے یا حقائق ایمانی سے دیکھا ہے'' اگر یہ جواب دیا ہوتا تب بھی کھینچ تان کر آنکھوں سے دیکھنے کی نفی ہو سکتی تھی مگر حضرت علی علیہ السلام نے ایسی کوئی بھی ڈھیلی بات نہیں فرمائی ہے۔ وہ برابر اپنے اُس اعلان پر قائم رہے ہیں کہ ''کیا میں کسی ایسی ہستی کی عبادت کرتا ہوں جسے میں نے دیکھا بھی نہ ہو۔؟ اور اُس کے معنی صرف یہ ہیں کہ: ''میں جس اللہ کی عبادت کرتا ہوں میں نے اُسے دیکھا ہے'' یعنی میری عبادت دیکھی بھالی سوچی سمجھی اور حد یقین تک پہنچی ہوئی عبادت ہے۔ میں فرضی اللہ کی عبادت نہیں کرتا ہوں۔ یہ ہے اس خطبہ 239 میں حضرت علی علیہ السلام کی حقیقی پوزیشن۔

اس کے خلاف خود اپنے وہم و گمان و قیاس و اجتہاد سے یہ طے کر لینا کہ حضرت علی علیہ السلام نے بھی اللہ کو نہیں دیکھا تھا، باطل ہے بلا دلیل ہے اور اس خطبے کے کسی جملے سے حضرت علی علیہ السلام کے اللہ کو دیکھنے کی نفی نہیں ہوتی ہے البتہ نفی ہوتی ہے عام انسانوں کے اللہ کو دیکھنے کی۔ لہٰذا خطبے میں اور جو کچھ بیان فرمایا ہے وہ اسی لئے بیان کیا ہے کہ تمام حاضرین اللہ کو دیکھ سکنے سے مایوس ہو جائیں اور آئندہ اللہ کے لئے لفظ کَیْفَ استعمال نہ کریں اور اپنی تخلیقی حدود کے اندر رہا کریں۔

Presented by Ziaraat.Com

## 2۔ اللہ کی آنکھیں ہر لمحہ اللہ کو دیکھتی رہتی ہیں۔

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ عہد رسولؐ اور عہد مرتضوی کے مومنین بھی اُس تفصیل سے محمد علیؑ و آئمہ صلوٰۃ اللہ علیہم پر ایمان نہ لائے تھے جس تفصیل سے ہمارے قارئین ایمان لائے ہیں اور اُس کا سبب وہی تھا کہ وہ دفاعی زمانہ تھا۔ بیان سب کچھ کر دیا گیا تھا مگر دشمنوں اور سیاسی لیڈروں کا مُنہ بند رکھنے کا خیال بھی رکھا گیا تھا۔ قرآن میں اللہ نے اور احادیث میں معصومین نے برابر اس کا خیال رکھا ہے اور آج اُسی احتیاط اور انداز بیان کو آڑ بنا کر محمدؐ و آل محمد علیہم السلام کے قرآنی فضائل کو چھپایا جاتا ہے مگر قرآن نے جتنا کچھ بیان کر دیا ہے وہی دشمنان محمدؐ و آلِ محمدؐ کا مُنہ بند کرنے کے لئے کافی ہے اور ہمارے بیانات و فضائل پڑھنے والے جانتے ہیں کہ ہم نے قرآن کریم سے محمدؐ و آل محمد علیہم السلام کے تمام مطلوبہ فضائل اور قریش اینڈ کمپنی کی تمام مذمتیں واشگاف انداز میں پیش کر دی ہیں اور کسی قریشی عالم کی مجال نہیں کہ اُن فضائل اور اُن مذمتوں کا انکار کر سکے۔ قرآن و حدیث کا انداز بیان ہی ایسا ہے کہ مجرمین کو اس سے فائدہ نہیں پہنچتا اور جہاں ضرورت ہو اور جس معاملے میں ضرورت ہو مجرموں کو ننگا کرنے کا انتظام موجود ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ کچھ لوگوں کو قرآن کے اُس انتظام سے واقفیت ہی نہ ہو۔ ہم تمام قریشی علما کو چیلنج کرتے چلے آئے ہیں کہ آؤ اپنے مذہب کو قرآن سے ثابت کرو۔ ہمارے سامنے جو بھی آیا وہ ایک یا دو نشستوں میں محمدؐ و آل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم پر ایمان لا کر اُٹھا اور دشمنان محمدؐ و آل محمدؐ پر لعنت بھیجتا ہوا گیا۔ اس کا یہی سبب ہے کہ ہم قرآن و حدیث کے انتظام پر مطلع ہیں۔ قریشی فریب کاریاں ہمارے سامنے دو قدم بھی نہیں چل سکتی ہیں اور ہمارے بیانات چونکہ قرآنی بیانات ہوتے ہیں یا معصومین علیہم السلام کے جملے ہوتے ہیں اس لئے اُن کو رد نہیں کیا جا سکتا جب تک وہ اپنے ایمان و اسلام کو رد نہ کر دیں۔ آیئے ایک حدیث سُنیے ارشاد ہے کہ ''حضرت اسود بن سعید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے پاس تھا کہ حضورؑ نے بلا کسی سوال کے کلام کی ابتدا یوں کی کہ:

**عَنْ اَسْوَدُ بِنْ سعید قال: کُنْتُ عِنْدَ اَبِی جعفر علیه السلام فانشاء ابتداء مِنْهُ مِنْ غَیْرِ اَسَالَهٗ نَحْنُ حُجَّة اللّٰهِ وَنَحْنُ بَابُ اللّٰهِ وَنَحْنُ لِسَانُ اللّٰهِ وَنَحْنُ وَجْهُ اللّٰه وَنَحْنُ عَیْنُ اللّٰهِ فِی خَلْقِهٖ وَنَحْنُ وَلَاةُ اَمْرُاللّٰهِ فِی عِبَادِهٖ۔** (کافی کتاب التوحید)

''ہم اللہ کی حجت ہیں اور ہم اللہ کے دروازے ہیں اور ہم اللہ کی زبان ہیں اور ہم اللہ کا چہرہ ہیں اور ہم اللہ کی مخلوقات میں اللہ کی آنکھیں ہیں اور ہم ہی اللہ کے بندوں میں اللہ کا حکم نافذ کرنے والے ہیں۔''

اب سوچئے کہ کیا اللہ خود اپنی آنکھوں سے بھی غائب رہ سکتا ہے؟ دیکھنا یہ ہے کہ صرف حضرت علیؑ ہی نہیں بلکہ وہاں تو چودہ معصومین علیہم السلام اللہ کی آنکھیں ہیں اور اللہ ہر وقت اُن کے سامنے رہتا تھا۔ وہ اپنے دیکھے ہوئے اللہ کی عبادت کرتے تھے۔ یہ دوسری بات ہے کہ ذعلب یمانی رضی اللہ عنہ ابھی ایمان کی اُس حقیقت تک نہ پہنچے تھے کہ اپنے سوال کا صحیح جواب سمجھ کر ہضم کر سکتے۔ پھر وہاں تنہا ذعلب یمانی رضی اللہ عنہ ہی نہ تھے نہ معلوم مجمع میں کون کون ہوگا؟ ورنہ اُس کو یہ حدیث سُنا دیتے جو ہاشم بن ابی عمارہ کو سُنائی تھی کہ: حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ:

**اَنَا عَیْنُ اللّٰهِ وَ اَنَا یَدُاللّٰهِ وَ اَنَا جَنبُ اللّٰهِ وَاَنَا بَابُ اللّٰه** (کافی کتاب التوحید کی اگلی حدیث نمبر 8)

میں اللہ کی آنکھ ہوں میں اللہ کا ہاتھ ہوں اور میں اللہ کا پہلو یا پہلو نشین ہوں اور میں اللہ کا دروازہ ہوں۔''

Presented by Ziaraat.Com

## 3۔جَنبُ اللّٰہ کی شان میں کمی کرنے والے قرآن میں جہنمی ہیں:

نویں حدیث میں اُن لوگوں کا ذکر ہے جو قرآن میں جہنمی ہیں۔آیت سُنیے (59۔56/39)۔

اَنۡ تَقُوۡلَ نَفۡسٌ یّٰحَسۡرَتٰی عَلٰی مَافَرَّطۡتُّ فِیۡ جَنۡبِ اللّٰہِ وَاِنۡ کُنۡتُ لَمِنَ السّٰخِرِیۡنَO....(39/56-59)

''کہیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں کوئی شخص یہ کہے کہ۔''افسوس میری اُس تقصیر پر جو میں جنب اللہ کے سلسلے میں کرتا رہا بلکہ میں تو اُلٹا اُن کو مسخر کرنے اور بے دست و پا کرنے میں مصروف رہا۔یا یہ کہے کہ'' کاش اللہ نے مجھے ہدایت بخشی ہوتی تو میں بھی متقیوں میں سے ہوتا۔'' یا یہ کہے کہ کاش مجھے ایک موقع اور مل جاتا اور میں بھی نیک عمل کرنے والوں میں شامل ہو جاتا۔''اور اُسے یہ جواب ملے گا کہ کیوں نہیں میری آیات تیرے پاس آ چکی تھیں پھر تُو نے انہیں جھٹلایا اور تکبر کیا اور تُو حق چھپانے والوں میں سے تھا۔''(59۔56/39)

یہ ہیں جنبُ اللہ اور یہ ہیں ابوبکر و عمر و عثمان اینڈ کمپنی کے لیڈر حضرات۔آیات کو قرآن میں خود پڑھیں۔

Presented by Ziaraat.Com

# خُطبہ ﴿240﴾

حرف ''اَلِف'' غائب ہے مگر خطبے کی روانی اور شان حسبِ معمول برقرار ہے۔

1۔اللہ ورسولؐ کی صفات اور مدح بیان فرمائی ہے۔2۔دنیا میں رہنے پر نصیحتیں فرمائی ہیں اور تنبیہات کی ہیں۔3 ۔موت اور مردے کا حال بیان فرمایا ہے۔4۔قیامت، مواخذہ، دوزخ اور جنت کا مختصر حال بیان فرمایا ہے(مطالب المسئول فی مناقب رسولؐ محمد بن طلحہ اهلسنت شافعی صفحہ176-173)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| حَمِدۡتُ مَنۡ عَظُمَتۡ مِنَّتُہٗ ؛ وَسَبَغَتۡ نِعۡمَتُہٗ ؛ وَسَبَقَتۡ غَضَبَہٗ رَحۡمَتُہٗ ؛ وَتَمَّتۡ کَلِمَتُہٗ ؛ وَنَفَذَتۡ مَشِیَّتُہٗ ؛ وَبَلَغَتۡ حُجَّتُہٗ وَعَدَلَتۡ قَضِیَّتُہٗ ؛ | 1 | میں اس کی حمد وثنا کرتا ہوں جس کا منتی احسان عظیم الشان ہے اس کی نعمت ہر طرف پھیلی ہوئی ہے جس کی رحمت اس کے غضب پر مقدم ہے اس کا کلمہ مکمل ہو چکا ہے اور ساری کائنات میں اس کی مشیت وقانون برسرکار ہے اور اس کی حجتیں کائنات کے ہر گوشہ میں پہنچی ہوئی ہیں اور اس کے فیصلے عدل پر مبنی ہیں۔ |
| حَمۡدُتُہٗ حَمۡدَ مُقِرٍّ بِرُبُوۡبِیَّتِہٖ ؛ | 2 | میں اللہ کی ایسی حمد وثنا بجالاتا ہوں جیسی ایک ربوبیتِ خداوندی کا اقرار کرنے والا بجالاتا ہے اور |
| مُتَخَضِّعٍ لِّعُبُوۡدِیَّتِہٖ | 3 | اس کی بندگی میں عاجز رہنے والا۔ |
| مُنۡتَضِلٍ مِنۡ خَطِیۡئَتِہٖ | 4 | اس کی نافرمانی نہ کرنے والا۔ |
| مُعۡتَرِفٍ بِتَوۡحِیۡدِہٖ | 5 | اس کی وحدانیت اور یکتائی ماننے والا۔ |
| مُسۡتَعِیۡذٍ مِّنۡ وَعِیۡدِہٖ | 6 | اور اس کے عذاب سے پناہ طلب کرنے والا حمد وثنا کرتا ہے۔ |
| مُؤَمِّلٌ مِّنۡ رَبِّہٖ مَغۡفِرَۃً تُنۡجِیۡہِ یَوۡمَ یَشۡغَلُ کُلٌّ عَنۡ فَصِیۡلَتِہٖ وَبَنِیۡہِ ؛ | 7 | میں اللہ کی حمد اسی بے قراری سے کرتا ہوں جس بے قراری سے قیامت کے روز مغفرت اور نجات چاہنے والا حمد وثنا کرے گا۔جس دن ہر شخص اپنے بیٹوں اور رشتہ داروں سے بے پرواہ ہو کر اپنی ہی فکر میں مبتلا ہو جائے گا۔ |
| نَسۡتَعِیۡنُہٗ وَنَسۡتَرۡشِدُہٗ وَنَسۡتَھۡدِیۡہِ ؛ | 8 | ہم اللہ ہی سے مدد کے طلب گار ہیں۔اسی سے راست روی اور ہدایت طلب کرتے ہیں۔ |
| وَنُؤۡمِنُ بِہٖ وَ نَتَوَکَّلُ عَلَیۡہِ ؛ | 9 | اور اسی پر ایمان لائے ہیں اور اسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَشَهِدْتُ لَهُ شَّهُوْدَ عَبْدٍ مُّخْلَصٍ مُوْقِنٍ | 10 | اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ایک مخلص بندے والی گواہی جسے پورا یقین حاصل ہے |
| وَفَرَّدْتُهُ تَفْرِيْدَ مُؤْمِنٍ مُتَيَقِّنٍ ؛ | 11 | اور میں اس کے لئے فردّیت اور اکیلے پن کا اعلان کرتا ہوں اسی طرح کی فردیت جو ایک پر یقین مومن مانتا ہے۔ |
| وَوَحَّدْتُهُ تَوْحِيْدَ عَبْدٍ مُذْعِنٍ ؛ | 12 | اور میں اس کے لئے ایک مطیع وفرماں بردار مومن والی توحید و یکتائی مانتا ہوں۔ |
| لَيْسَ لَهُ شَرِيْكٌ فِيْ مُلْكِهِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ سَهِيْمٌ فِيْ صُنْعِهٖ ؛ | 13 | اس کی مملکت اور حکمرانی میں کوئی شریک نہیں اور نہ ہی اس کی تخلیق میں کوئی حصہ دار رہا ہے۔ |
| جَلَّ عَنْ مُّشِيْرٍ وَّوَزِيْرٍ وَّعَنْ عَوْنٍ وَّمُعِيْنٍ وَّنَصِيْرٍ وَّنَظِيْرٍ ؛ | 14 | وہ اس سے بہت ارفع واعلیٰ اور پاک ہے کہ کوئی اس کو مشورہ دینے والا ہو یا کوئی اس کا وزیر ہو یا کوئی اس کا معین و مددگار اور ناصر ہو یا کوئی اس کا مثل و مانند ہو۔ |
| عَلِمَ فَسَتَرَ ؛ وَبَطَنَ فَخَبَرَ وَمَلَكَ فَقَهَرَ وَعُصِيَ فَغَفَرَ وَحَكَمَ فَعَدَلَ وَتَكَرَّمَ وَتَفَضَّلَ لَمْ يَزَلْ وَلَنْ يَزُوْلَ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ؛ | 15 | وہ سب علم رکھتا ہے مگر پردہ پوشی کر دیتا ہے باطن کے حالات پر مطلع اور خبر رکھتا ہے اس نے حکومت کی تو سب پر غالب ہے اُس کی نافرمانی کی گئی تو اس نے بخش دیا اور احکام نافذ کئے تو عدل برقرار رکھا اور وہ فضل و کرم برابر جاری رکھتا ہے ہمیشہ سے ہے اور کبھی اپنی جگہ سے نہ ہٹے گا کوئی چیز اس کی مثل و مانند نہیں ہے۔ |
| وَهُوَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَبَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ ؛ | 16 | اور وہی ہر چیز سے پہلے سے ہے اور ہر چیز کے بعد بھی رہے گا۔ |
| رَبٌّ مُتَفَرِّدٌ بِعِزَّتِهٖ وَمُتَمَكِّنٌ بِقُوَّتِهٖ ؛ | 17 | وہ ایسا پروردگار ہے جو اپنی عزت اور غلبے کی وجہ سے منفرد و یگانہ ہے اور قوت کے سبب ہر چیز پر مسلّط ہے۔ |
| مُتَقَدِّسٌ بِعُلُوِّهٖ مُتَكَبِّرٌ بِسُمُوِّهٖ ؛ | 18 | اپنی اعلیٰ شان کی وجہ سے مقدس اور پاک ہے اور اپنی بلندی کی بنا پر بالا دست ہے |
| لَيْسَ يُدْرِكُهُ بَصَرٌ وَلَمْ يُحِطْ بِهٖ نَظَرٌ ؛ | 19 | اسے بصارت پا نہیں سکتی اور نظر اس کا احاطہ نہیں کر سکتی۔ |
| قَوِيٌّ مُنِيْعٌ بَصِيْرٌ سَمِيْعٌ رَؤُفٌ رَحِيْمٌ ؛ | 20 | وہ قوت کا خالق ہے برتری اسی کے لئے ہے وہ بصارت کا خالق ہے سماعت کا خالق ہے نرمی اور رحم کا مالک ہے۔ |
| عَجَزَ عَنْ وَصْفِهٖ مَنْ وَصَفَهُ (يَصِفَهُ) | 21 | جس نے بھی اللہ کے صفات بیان کئے وہ اپنے بیان میں ناکام و عاجز رہا۔ |
| وَضَلَّ عَنْ نَعْتِهٖ مَنْ عَرَفَهُ ؛ | 22 | اور جس کسی نے اللہ کی ذات کو پہنچاننے کا دعویٰ کیا وہ اللہ کی تعریف میں گم ہو کر رہ گیا |
| قَرُبَ فَبَعُدَ وَبَعُدَ فَقَرُبَ ؛ | 23 | جس نے خود قریب ہونے کی کوشش کی وہ اور دور ہو گیا اور جس نے دور ہونا چاہا وہ قریب ہو گیا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| يُجِيبُ دَعْوَةَ مَنْ يَّدْعُوْهُ وَيَرْزُقُهُ وَيَحْبُوْهُ ؛ | 24 | جوکوئی دعا کرتا ہے وہ اس کی دعا قبول کرتا ہے اور اسے رزق دیتا ہے اور بلا کسی بدل اور عوض کے بے حساب بخششیں کرتا رہتا ہے۔ |
| ذُوْلُطْفٍ خَفِيٍّ وَ بَطْشٍ قَوِيٍّ وَرَحْمَةٍ ، مُوْسِعَةٍ وَعُقُوْبَةٍ ، مُوْجِعَةٍ ؛ | 25 | وہ پوشیدہ لطف وکرم کرتا ہے۔اس کی گرفت بڑی سخت ہے۔اور رحمت بڑی کشادہ ہے۔اور اس کی سزا بڑی دردناک ہے۔ |
| رَحْمَتُهُ جَنَّةٌ عَرِيْضَةٌ مُوْنِقَةٌ وَعُقُوْبَتُهُ جَحِيْمٌ مَمْدُوْدَةٌ مُوْبِقَةٌ | 26 | اس کی رحمت جنت ہے جو بہت لمبی چوڑی اور دلوں کو اطمینان بخشنے والی ہے اور اس کی سزا اور عذاب جہنم ہے۔جو تباہ کن اور پھیلا ہوا ہے۔ |
| وَشَهِدْتُّ بِبَعْثِ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِهِ وَعَبْدِهِ وَصَفِيِّهِ وَنَجِيِّهِ وَحَبِيْبِهِ وَخَلِيْلِهِ | 27 | اور میں رسولؐ اللہ کی بعثت پر بھی گواہی دیتا ہوں کہ وہ حضرت محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں اور اس کے بندے ہیں اور مصطفیٰ و برگزیدہ ہیں اس کے رازدار دوست اور محبوب ہیں۔ |
| بَعَثَهُ فِيْ خَيْرِ عَصْرٍ وَحِيْنَ فَتْرَةٍ وَّكُفْرٍ ، رَحْمَةٍ لِّعَبِيْدِهِ وَمِنَّةً لِّمَزِيْدِهِ خَتَمَ بِهِ نُبُوَّتَهُ وَشَيَّدَ بِهِ حُجَّتَهُ ؛ | 28 | اللہ نے انہیں زمانہ کے بہترین ومناسب ترین وقت پر مبعوث کیا تھا۔ اور اس وقت کفر کا دور دورہ تھا نبوت کا سلسلہ ٹوٹا ہوا تھا۔آپؐ کو اپنے بندوں پر رحمت بنا کر بھیجا اور منتی احسان بھی کیا اور حضورؐ کے اوپر اپنے سلسلہ ءِ نبوت کو ختم ومکمل کر دیا اور آپؐ کے ذریعہ سے اپنی حجت کو پختہ کر دیا۔ |
| فَوَعَّظَ وَنَصَحَ وَبَلَّغَ وَكَدَحَ ؛ | 29 | چنانچہ حضورؐ نے وعظ اور تقریریں کیں ،نصیحتیں کیں اللہ کے پیغامات پہنچائے اور پوری پوری کوشش سے کار نبوت انجام دیا۔ |
| رَؤُفٌ بِكُلِّ مُؤْمِنٍ رَحِيْمٌ سَخِيٌّ وَلِيٌّ ، زَكِيٌّ عَلَيْهِ رَحْمَةٌ وَّتَسْلِيْمٌ وَّبَرَكَةٌ وَّتَعْظِيْمٌ وَّتَكْرِيْمٌ مِّنْ رَبٍّ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ قَرِيْبٍ مُّجِيْبٍ حَلِيْمٍ ؛ | 30 | آپؐ تمام مومنین پر نرمی فرماتے تھے رحیم تھے سخی تھے سب پر ہمدرد حاکم تھے جسمانی اور روحانی طور پر پاک تھے۔ان پر غفور ورحیم پروردگار کی طرف سے رحمت نازل ہو،سلام اور برکتیں اور تعظیم اور کرامتیں نازل ہوں ،اللہ تمام مخلوقات سے قریب، بردبار اور دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے۔ |
| وَصَّيْتُكُمْ مَعْشَرَ مَنْ حَضَرَنِيْ بِوَصِيَّةِ رَبِّكُمْ وَذَكَّرْتُكُمْ بِسُنَّةِ نَبِيِّكُمْ ؛ | 31 | اے گروہ حاضرین میں تمہیں تمہارے پروردگار کا حکم سناتے ہوئے وصیت کرتا ہوں اور تمہارے نبیؐ کی سنت تمہارے سامنے بیان کرتا ہوں۔ |
| فَعَلَيْكُمْ بِرَهْبَةٍ تَسْكُنُ قُلُوْبُكُمْ وَ خَشِيَّةٍ تَذْرِيْ دُمُوْعَكُمْ ؛ وَتَقِيَّةٍ تُنْجِيْكُمْ قَبْلَ يَوْمَ يُبْلِيْكُمْ وَتَذْهَلُكُمْ | 32 | چنانچہ تم پر لازم ہے کہ تم پارسائی اختیار کرو جو تمہارے دلوں کو سکون و اطمینان عطا کرے گی۔اور ایسا عاجزانہ خوف اختیار کرو کہ تمہارے آنسو بہنے لگیں۔اور ایسی ذمہ داری اور پرہیزگاری اختیار کرو جو تمہیں آزمائش کا |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | دن آنے اور غفلت طاری ہو جانے سے پہلے ہی نجات دلوا دے۔ |
| يَوْمَ يَفُوْزُ فِيْهِ مَنْ ثَقَلَ وَزْنَ حَسَنَتِهٖ وَخَفَّ وَزْنَ سَيِّئَتِهٖ ؛ | 33 | اس دن وہی کامیاب ہوگا جس کی نیکیوں کا پلّہ بھاری ہوگا اور برائیوں کا پلہ ہلکا ہوگا۔ |
| وَلْتَكُنْ مَسْئَلَتُكُمْ وَتَمُلُّقُكُمْ مَسْئَلَةَ ذُلٍّ وَخُضُوْعٍ وَشُكْرٍ وَخُشُوْعٍ بِتَوْبَةٍ وَّنُزُوْعٍ وَّنَدَمٍ وَّرُجُوْعٍ ؛ | 34 | اور تمہیں چاہئے کہ جب اللہ سے کوئی سوال اور دعا کرو تو تمہارے سوال میں خوشامد اور عاجزی ہونا چاہئے احساسِ شکر اور عبدیت کی ذلت اور پوری توجہ ہونا چاہئے۔ توبہ والی عاجزی ندامت اور نیکی کی طرف رجوع ہونے کا جذبہ ہونا چاہئے۔ |
| وَلْيَغْتَنِمْ كُلُّ مُغْتَنِمٍ مِّنْكُمْ صِحَّتَهٗ قَبْلَ سَقَمِهٖ وَشَبِيْبَتَهٗ قَبْلَ هَرَمِهٖ وَسَعَتَهٗ قَبْلَ فَقْرِهٖ وَفَرْغَتَهٗ قَبْلَ شُغْلِهٖ وَحَضَرَهٗ قَبْلَ سَفْرِهٖ وَتَهَوَّنَهٗ قَبْلَ تَكَبُّرٍ وَّتَهَرُّمٍ وَّتَمَرُّضٍ وَّتَسَقُّمٍ يَمَلُّهٗ طَبِيْبُهٗ وَيُعْرِضُ عَنْهُ حَبِيْبُهٗ وَيَنْقَطِعُ عُمُرَهٗ وَيَتَغَيَّرُ عَقْلُهٗ؛ | 35 | تم میں ہر تندرست آدمی کو بیماری سے پہلے صحت کو غنیمت سمجھنا چاہئے۔ بڑھاپے سے پہلے جوانی کو اور تنگ حالی سے پہلے خوشحالی کو اور ناپسندیدہ الجھاؤ اور مصروفیت سے پہلے فراغت کو۔ اور سفر سے پہلے گھر پر موجودگی کو۔ اور مغروری کے زمانہ سے پہلے عاجزانہ اور منکسرانہ زندگی کو غنیمت سمجھو اور بڑھاپے اور امراض اور جسمانی خرابیوں میں مبتلا ہونے سے بچے رہو ورنہ تمہیں طبیب ملول کریگا۔ اور تمہارے حالات سے تنگ آ کر تمہارے دوست تم سے بے رخی کرنے لگیں گے۔ اور عمر منقطع ہو جائے گی اور عقل بدل کر حماقت بن جائے گی۔ |
| ثُمَّ قِيْلَ مَوْعُوْكٌ وَجِسْمُهٗ مَنْهُوْكٌ ثُمَّ جُدَّ فِيْ نَزْعٍ ، شَدِيْدٍ وَّحَضَرَةُ كُلِّ قَرِيْبٍ وَّبَعِيْدٍ فَشَخَّصَ بَصَرُهٗ وَطَمَحَ نَظَرُهٗ وَرَشَحَ ، جَبِيْنُهٗ وَعَطَفَ ، عَرِيْنُهٗ وَسَكَنَ ، جَنِيْنُهٗ وَجَذَبَ ، نَفْسُهٗ وَبَكَتْهُ ،عِرْسُهٗ وَحُفِرَ ، رَمْسُهٗ وَيَتَمَّ ، وَلَدَهٗ | 36 | پھر کوئی کہے گا کہ تکلیف کی وجہ سے حالت خراب ہوگئی اور جسم لاغر ہو گیا ہے پھر جان نکلنے کی سختی شروع ہوتی ہے اور نزدیک و دور کے لوگ عیادت کو آتے ہیں۔ اسکی آنکھیں بے نور کھلی رہ جاتی ہیں۔ اور پتلیاں پھر جاتی ہیں پیشانی پر موت کے پسینے آتے ہیں۔ ناک کا بانسہ ترچھا ہو جاتا ہے۔ آواز بند ہو جاتی ہے۔ روح نکال لی جاتی ہے۔ اسکی زوجہ رونے لگتی ہے۔ غسل دینے کیلئے گڑھا کھودا جاتا ہے۔ اور اس کے بچے یتیم ہو جاتے ہیں۔ |
| وَتَفَرَّقُ عَنْهُ عَدَدَهٗ | 37 | اور اس سے اس کے جتھے والے جدا ہو جاتے ہیں اور اس |
| وَفُصَمٌ جَمْعُهٗ ؛ | 38 | کے تمام جوڑ و بند رشتہ توڑ دیتے ہیں۔ |
| وَذَهَبَ بَصَرُهٗ وَسَمْعُهٗ ؛ | 39 | اور اس کی بصارت و سماعت بالکل رخصت ہو جاتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| مُـدِّدَ وَجُـرِّدَ وَغُـرِّیَ وَغُسِّـلَ وَنُشِّفَ وَسُـجِّـیَ وَبَسَـطَ لَـهُ وَهُیِّـئَ وَنُشِرَ عَلَیْهِ کَـفَنُهُ وَشَدَّمِنْهُ ذَقَنُهُ وَقُمِّصَ وَعُمِّمَ وَدِّعَ وَسُـلِّـمَ وَحُـمِّلَ فَوْقَ سَرِیْرٍ وَصُلِّیَ عَلَیْهِ بِتَکْبِیْرٍ بِغَیْرِ سُجُوْدٍ وَتَعْفِیْرٍ ؛ | 40 | پھر اسے لمبا اور سیدھا لٹا دیتے ہیں لباس اتار کر ننگا کر دیا جاتا ہے۔ غسل دیا جاتا ہے ایک کپڑے سے جسم پونچھا جاتا ہے۔ اور خشک کر کے اس پر ایک چادر ڈالی جاتی ہے۔ ایک چادر نیچے بچھائی جاتی ہے اس پر کفن پھیلایا جاتا ہے۔ اس کی ٹھڈی باندھی جاتی ہے قمیص پہنائی جاتی ہے۔ عمامہ لپیٹا جاتا ہے۔ اور اس کے بعد رخصت کر دیا جاتا ہے اور جنازہ اُٹھانے والوں کو سونپ دیا جاتا ہے جو اسے اُٹھا کر پلنگ پر رکھ لیتے ہیں۔ پھر رکوع اور سجدوں کے بغیر تکبیروں سے اس کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے۔ |
| وَنُـقِلَ مِنْ دُوْرٍ مُزَخْرَفَةٍ وَّقُصُوْرٍ مُشَیَّدَةٍ وَّحُـجُـرٍ مُـنَـجَّدَةٍ وَجُـعِـلَ فِـیْ ضَرِیْحٍ مَـلْـحُـوْدٍ وَّضِیْـقٍ مُرْصُوْدٍبِلَبِنٍ مَنْضُوْدٍ ؛ وَمُسَقَّفٌ بِـجُـلْـمُـوْدٍ وَهِیْلَ عَلَیْهِ غُفَرَهُ وَحُثِیَ عَلَیْهِ مَدَرُهُ وَتَحَقَّقَ حَذَرُهُ وَنَسِیَ خَبَـرُهُ وَرَجَـعَ عَـنْهُ وَلِیُّهُ وَصَفِیُّهُ وَنَدِیْمُهُ وَنَسِیْبُهُ وَحَمِیْمُهُ وَتَبَدَّلَ بِهِ قَرِیْنُهُ وَحَبِیْبُهُ فَهُـوَ حَشْـوُ قَبْـرٍ وَرَهِیْـنُ قُـفْـرٍ یَسْـعٰی بِـجِسْـمِهٖ دُوْدُ قَبْرِهٖ وَیَسِیْلُ صَدِیْدُهُ عَنْ مِـنْـخَـرِهٖ تُسْـحِـقُ تُـرْبَتُهُ لَحْمَهُ وَیَنْشِفُ حَمُهُ بِجَنْبِهٖ وَیَرِمُ عَظْمُهُ حَتّٰی یَوْمَ حَشْرِهٖ فَیُنْشَرُ مِنْ قَبْرِهٖ ؛ | 41 | اور اسے آراستہ محلوں اور نقش و نگار اور فرش و مسندوں والے کمروں سے لا کر لحد والی ضریح میں رکھ دیا جاتا ہے۔ اس کی قبر کو اینٹوں کی تہوں کے ساتھ چنا جاتا ہے اور اسے اندر لٹا کر اوپر پتھر رکھ کر قبر بند کر دی جاتی ہے اور مٹی اور ڈھیلوں سے پُر کر دی جاتی ہے۔ اور اس کو چھوڑ کر چلے آنے کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ اور پھر اس کی خبر سارتک بھلا دی جاتی ہے پھر اس کا ولی اور پسندیدہ لوگ اور اس کے ساتھی اور حصہ دار اور دوست واحباب سب پلٹ جاتے ہیں اور وہ قبر میں تنہا پڑا رہ جاتا ہے۔ اور اس کے تمام جوڑی دار اور دوست اب قبر سے بدل جاتے ہیں۔ وہ قبر میں پڑا پڑا مٹی میں ملنے لگتا ہے اس کے بدن پر کیڑے دوڑتے پھرتے ہیں اس کی ناک سے پیپ بہتی ہے اور اس کا گوشت خاک میں مل جاتا ہے اس کا خون دونوں پہلوؤں میں جم کر سوکھ جاتا ہے اور اس کی ہڈیاں گل سڑ کر مٹی ہو جاتی ہیں۔ اور قیامت کے دن تک اسی حالت میں رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ اسے دوبارہ زندہ کر کے قبر سے اُٹھائے۔ |
| حِیْـنَ یَـنْـفَـخُ فِـی الصُّوْرِ وَیُرْعٰی بِـحَشْـرٍوَنَشُـوْرٍ فَثَـمَّ بُعْثِرَتْ قُبُوْرٌ وَّحُصِّلَتْ سَرِیْرَةُ صُدُوْرٍ وَ | 42 | جب صور پھونکا جائے گا اور وہ قبر سے اُٹھے گا اور اس وقت تمام قبروں والے زندہ ہوں گے اور قبروں سے نکالے جائیں گے۔ اور ان کے سینوں کے راز کھولے جائیں گے۔ |
| جِـیْءَ بِـکُلِّ نَبِیٍّ وَصِدِّیْقٍ وَّشَهِیْدٍ فَوَحَّدَ لِلْفَصْلِ قَدِیْرٌ بِعَبْدِهٖ خَبِیْرٌ بَصِیْرٌ ؛ | 43 | اور تمام نبیؑ اور صدیقؑ اور شہیدؑ حاضر کئے جائیں گے اور فیصلے کیلئے قادر مطلق سب کو الگ الگ اور اکیلا اکیلا کھڑا کریگا اور وہ دیکھنے والا اور خبر رکھنے والا ہے |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَكَمْ مِنْ زَفْرَةٍ تُغْنِيْهِ وَ حَسْرَةٍ تُضْنِيْهِ فِيْ مَوْقِفٍ مُهِيْلٍ وَمَشْهَدٍ جَلِيْلٍ بَيْنَ يَدَيْ مَلِكٍ عَظِيْمٍ وَبِكُلِّ صَغِيْرٍ وَّ كَبِيْرٍ عَلِيْمٌ وَحِيْنَئِذٍ يُلْجِمُهُ عَرَقُهُ وَيَحْضُرُهُ قَلَقُهُ عِبْرَتُهُ غَيْرَ مَرْحُوْمَةٍ | 44 | اور بہت سی صدائیں جی اٹھنے والے مردوں کو پریشانی میں ڈال دیں گی اور وہ خوف وہراس کے عالم میں دبلے ہوجائینگے اور خوفزدہ حالت میں اس عظیم الشان مقام حساب پر اس عظیم بادشاہ کے حضور میں حاضر ہونگے جو ہر چھوٹے بڑے گناہ کو جانتا ہے اس وقت گنہگاروں کو اس قدر پسینہ آئیگا کہ منہ تک پہنچ جائیگا ۔اس وقت اس کی ساری بے چینیاں ، پچھتاوے موجود ہوں گے مگر رحم نہ کیا جائے گا، |
| وَصَرْخَتُهُ غَيْرَ مَسْمُوْعَةٍ وَحُجَّتُهُ غَيْرَ مَقْبُوْلَةٍ ؛ | 45 | اور اس کی چیخ وپکار نا قابل سماعت رہے گی اور اس کے عذرات اور دلیل و حجت نا قابل قبول ٹھہرے گی۔ |
| وَتَبَلَّغَتْ جَرِيْرَتُهُ وَنُشِرَ صَحِيْفَتُهُ ؛ | 46 | اور اس کی تمام بدکاریاں سامنے پہنچا دی جائیں گی اور اسکا نامہ اعمال پھیلا دیا جائے گا۔ |
| فَنَظَرَ فِيْ سُوْءِ عَمَلِهٖ ؛ | 47 | چنانچہ اس کی بداعمالیوں کا ملاحظہ کیا جائے گا۔ |
| وَشَهِدَتْ عَلَيْهِ؛ عَيْنُهُ بِنَظَرِهٖ وَ يَدَهُ بِبَطْشِهٖ وَ رِجْلُهُ بِخُطُوِهٖ وَ فَرْجُهُ بِمَسِّهٖ وَجِلْدُهُ بِلَمْسِهٖ ؛ فَسُلْسِلَ جِيْدُهُ وَغُلَّتْ يَدَهُ ؛ | 48 | اور اس کی آنکھیں اس کی غلط نگاہی پر شہادت دیں گی اس کے ہاتھ اس کی دست درازی پر اور اس کے پیر غلط رفتار پر اور اس کی شرمگاہ غلط استعمال پر، اور اس کی کھال غلط سپردگی پر شہادت دیں گی۔ |
| وَسِيْقَ وَسُحِبَ وَحُدَهُ فَوَرَدَ جَهَنَّمَ بِكَرْبٍ وَّشِدَّةٍ فَظَلَّ يُعَذَّبُ فِيْ جَحِيْمٍ ؛ | 49<br>50 | پھر اسکی گردن میں طوق ڈالا جائیگا اور ہاتھوں میں ہتھکڑی پہنائی جائیگی۔<br>اور ہانک کر اور گھسیٹ کر تنہا تنہا جہنم پر وارد کیا جائے گا۔ بڑے دکھ اور سختیوں کے ساتھ جہنم میں جھونک دیا جائے گا اور وہاں اسے آگ کے ڈھیر میں عذاب دیا جائے گا۔ |
| وَّيُسْقَىٰ شُرْبَةً مِّنْ حَمِيْمٍ ؛ وَتُشْوَىٰ وَجْهُهُ ؛ وَتَسْلَخُ جِلْدُهُ ؛ وَتَضْرِبُهُ زَبَنِيَتُهُ بِمَقْمَحٍ مِّنْ حَدِيْدٍ ؛ | 51<br>52 | اور وہاں اسے کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا اور اس کا منہ جھلس کر رہ جائے گا۔<br>اور اس کی کھال اتاری جائے گی اور مہیب اور وحشی صورت والے اسے لوہے کے گرزوں سے ماریں گے۔ |
| وَيَعُوْدُ جِلْدُهُ بَعْدَ كَجِلْدٍ جَدِيْدٍ ؛ | | |
| يَسْتَغِيْثُ فَتُعْرِضَ عَنْهُ خَزَنَةُ جَهَنَّمَ | 53 | اور اس کی کھال بار بار جلتی اور نئی کھال کی طرح واپس آتی رہے گی۔ |
| وَيَسْتَصْرِخُ فَيَلْبِثُ حُقْبَةً يَنْدِمُ ؛ | 54 | وہ فریاد کرتا رہیگا مگر جہنم کے نگران لوگ منہ پھرائے رکھیں گے وہ چیختا چلاتا ندامت کا اظہار کرتا ہوا وہاں مدتوں پر مدتیں اور زمانوں پر زمانے |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | گزارتا چلا جائے گا۔ |
| نَعُوْذُ بِرَبِّ قَدِيْرٍ مِّنْ شَرِّ كُلِّ مَصِيْرٍ وَّ نَسْئَلُهُ عَفْوَمَنْ رَّضِيَ عَنْهُ وَمَغْفِرَةً مَنْ قَبِلَهُ ؛ | 55 | ہم اپنے قادر مطلق پروردگار سے جہنم میں ٹھکانا بنانے والے ہر شخص کے شر اور برائی سے پناہ طلب کرتے ہیں اور اللہ سے ایسی معافی چاہتے ہیں جیسی معافی اس نے کسی سے خوش ہو کر اسے دی ہو اور اس سے ایسی معرفت چاہتا ہوں جو اس نے پہلے ہی سے دے دی ہو۔ |
| وَهُوَ وَلِيُّ مَسْئَلَتِيْ وَمُنْجِحُ طَلِبَتِيْ ؛ | 56 | اور وہ میرے سوالات اور ضرورتوں کو پورا کرنے والا ولی اور حاکم ہے اور وہی میرے مطالبات کو پروان چڑھانے والا ہے۔ |
| فَمَنْ زُحْزِحَ عَنْ تَعْذِيْبِ رَبِّهٖ جُعِلَ فِيْ جَنَّتِهٖ بِعِزَّتِهٖ وَخُلِّدَ فِيْ قُصُوْرٍ مُشَيَّدَةٍ وَمَلَكَ بِحُوْرٍ عِيْنٍ وَّحَفَدَةٍ ؛ | 57 | چنانچہ جو شخص اپنے پروردگار کے عذاب سے بچا لیا گیا وہی اس کی جنت میں عزت کے ساتھ شان دار اور مضبوط محلوں میں رہے گا۔ اور حوریں اور خادم اس کی ملکیت میں ہوں گے۔ |
| وَطِيْفَ عَلَيْهِ بِكُئُوْسٍ وَسُكِّنَ حَظِيْرَةِ قُدُسٍ ؛ | 58 | اور ساغر و مینا لئے ہوئے اس کے چاروں طرف طواف میں رہیں گے۔ اور وہ مقدس احاطہ میں آباد کئے جائیں گے۔ |
| وَتَقَلَّبَ فِيْ نَعِيْمٍ وَّسُقِيَ مِنْ تَسْنِيْمٍ وَّشُرِبَ مِنْ عَيْنٍ سَلْسَبِيْلٍ وَّمُزِّجَ لَهٗ بِزَنْجَبِيْلٍ مُخْتَمٍ بِمِسْكٍ عَبِيْرٍ ؛ | 59 | اور ان کا چلنا پھرنا اُٹھنا بیٹھنا اور نقل و حرکت نعمتوں کے اندر ہوگی تسنیم سے انہیں پلایا جائے گا سلسبیل سے ان کا مشروب فراہم کیا جائے گا جس میں سونٹھ کی ملاوٹ ہوگی اور مشک اور بہت سی خوشبوؤں کے مُرکب کی مہریں لگی ہوئی ہوں گی۔ |
| مُسْتَدِيْمٍ لِلْمُلْكِ مُسْتَشْعِرُ لِلسُّرُوْرِ ؛ | 60 | وہ جنتی لوگ دائمی طور پر اس حکومت کے لئے ہیں اور لذت و سرور کے لئے عقل و شعور طلب کرنے والے ہیں۔ |
| يَشْرِبُ مِنْ خُمُوْرٍ فِيْ رَوْضٍ مُغْدَقٍ ؛ | 61 | وہ سرسبز اور سیراب گلزاروں میں شراب پئیں گے۔ |
| لَيْسَ يَصْدَعُ مِنْ شُرْبِهٖ وَلَيْسَ يُنْزَفُ لُبُّهٗ ؛ | 62 | جس کے پینے سے نہ سر بھاری ہوگا نہ سر درد رہے گا نہ ان کی عقل اور سوجھ بوجھ و شعور متاثر ہوں گے۔ |
| هٰذِهٖ مَنْزِلَةُ مَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ وَحَذَّرَ نَفْسَهٗ مَعْصِيَتَهٗ ؛ | 63 | یہ ان لوگوں کی منزل اور قیام گاہ ہوگی جو اپنے پالنے والے کے روبرو محتاط زندگی گزارتے اور خود پر قابو رکھتے اور نافرمانیوں سے بچتے رہے ہوں گے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتِلْکَ عُقُوْبَةَ مَنَ جَحَدَ مَشِيَّتَهُ وَسَوَّلَتْ لَهُ نَفْسَهُ مَعْصِيَتَهُ ؛ | 64 | اور وہ سزائیں جو پہلے مذکور ہوئی ہیں ان لوگوں کے لئے ہوں گی جنہوں نے مشیتِ خداوندی کے خلاف محاذ جاری رکھا ہوگا اور اپنے آپ کو بہلا پھسلا کر نافرمانیوں میں لگائے رکھا ہوگا۔ |
| فَهُوَ قَوْلٌ فَصْلٌ ؛ | 65 | یہ دونوں نتائج آخری اور حتمی ہیں۔ |
| وَحُكْمٌ عَدْلٌ ؛ | 66 | اور عدل سے معمور اللہ کا حکم ہے۔ |
| وَخَيْرُ قَصَصٍ قُصَّ وَوَعْظٌ بِهٖ نُصَّ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ؛ | 67 | اور تمام قصوں سے بہتر قصہ ہے جو سنایا گیا ہے اور وہ وعظ ہے جسے اللہ حکیم وحمید نے بہترین طریقے پر نازل کر کے مستحکم اور واضح کیا ہے۔ |
| نَزَلَ بِهِ رُوْحُ قُدُسٍ مُبِيْنٍ عَلٰى قَلْبِ نَبِيٍّ مُهْتَدٍ رَشِيْدٍ صَلَّتْ عَلَيْهِ رُسُلٌ سَفَرَةٌ مُّكْرَمُوْنَ بَرَرَةٌ ؛ | 68 | جس کے ساتھ ہی منہ سے بولنے والی مقدس روح نازل ہوئی تھی اس نبیؐ کے دل پر جو اللہ کا پسندیدہ اور ہدایت فراہم کرنے والا تھا۔ جس پر سارے رسُول اور اللہ کے سارے معزز اور مقدس سفیر درود بھیجتے رہے۔ |
| عُذْتُ بِرَبٍّ عَلِيْمٍ رَحِيْمٍ كَرِيْمٍ مِّنْ شَرِّ كُلِّ رِحِيْمٍ فَلْيَتَضَرَّعْ مُتَضَرِّعٌ وَلْيَبْتَهِلْ مُبْتَهِلُكُمْ وَلْيَسْتَغْفِرْ كُلَّ مَرْبُوْبٍ مِنْكُمْ بِيْ وَلَكُمْ وَحَسْبِيْ رَبِّيْ وَحْدَهٗ؛ | 69 | میں تمام راندہ درگاہِ خداوندی لوگوں کے شر کے مقابلے میں پناہ چاہتا ہوں اپنے علیم و رحیم اور کریم پروردگار سے چنانچہ اللہ کے حضور عاجزی کرنیوالوں اور گڑگڑا کر دعائیں کرنیوالوں کو چاہئے کہ عاجزی اور دعا کریں اور تم میں سے ہر وہ شخص جو پالا جا رہا ہے مغفرت طلب کرے میری خاطر اور اپنی خاطر اور میرے لئے تو تنہا میرا پروردگار ہی موزوں ہے‘‘ |

## تشریحات:

اس خطبے میں جیسا کہ آپ نے دیکھا ہے، حضرت علی علیہ السلام نے حرفِ الف استعمال نہیں فرمایا۔ یہ خطبہ محمد بن طلحہ شافعی کی کتاب مطالب المسئول فی مناقب آلِ رسولؐ صفحہ 172 تا 173 پر آج تک بھی موجود ہے۔ ہم نے ابتدائیہ میں بھی اور بعد میں بھی بار بار عرض کیا ہے کہ علامہ رضی رضی اللہ عنہ مجتہدین کے نرغے میں گھرے رہے۔ اُن کے والد بھی مجتہد تھے، بڑا بھائی بھی مجتہد تھا اور اُن کے اُستاد شیخ مفید بھی مجتہد تھے اور تینوں اُن کی وفات کے بعد تک موجود رہے۔ اُنہیں زہر خورانی سے مار دیا گیا تھا۔ مرحوم رضی اللہ عنہ نے نہج البلاغہ میں جو کچھ جمع کیا وہ اس خیال سے جمع کیا تھا کہ مجتہدین نہ کسی خطبے کا انکار کر سکیں اور نہ اختلاف کی راہ نکال سکیں۔ اس خیال کو مدنظر رکھتے ہوئے اُنہوں نے سینکڑوں خطبات و خطوط کتابوں میں موجود ہوتے ہوئے نہج البلاغہ میں نقل نہیں کئے تھے۔ اس سے درحقیقت کوئی نقصان نہیں ہوا اس لئے کہ حضور علیہ السلام کا پورا کلام مختلف کتابوں میں محفوظ ہے۔ اور خصوصاً ذمہ دار لائبریریوں میں اس کا مستحکم انتظام کر دیا ہے۔ بس یہ سہولت حاصل نہیں ہے کہ سارا کلام ایک ہی کتاب میں مل جائے۔

Presented by Ziaraat.Com

**2۔ خطبہ کے مطالب کو نہایت قدرت اور تسلطِ قطعی کے ساتھ بڑے جامع اور بھرپور معنی والے الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔**

عربی داں حضرات برابر حضرت علی علیہ السلام کے کمال کی داد دیتے چلے آئے ہیں۔ ہمارے اُردو داں قارئین ہمارے ترجمے کی بے کسی اور بے بضاعتی سے اتنا تو ضرور سمجھ سکتے ہیں کہ حضورؑ کے بیان کردہ الفاظ کے معنی سمیٹنے میں برابر قاصر رہتے چلے آئے ہیں اور ہر جملے کا ترجمہ ہماری مقرر کردہ جگہ سے زیادہ لیتا چلا آیا ہے۔ اور ہمیں برابر یہ احساس رہا ہے کہ ہم اُن کی منشا اور مطالب کو قابو میں نہیں رکھ سکے ہیں اور یہاں عربی داں حضرات سے اُمید کرتے ہیں کہ وہ ہماری ترجمانی کی خامیوں پر صَرف نظر کر کے ہماری بے بضاعتی پر ہمیں معاف فرما دیں گے۔

**3۔ رحمت کا وجود تمام مخلوقات سے بھی قبل ثابت ہو چکا ہے مگر رحمت کب سے موجود ہے۔**

اِس خطبے کا پہلا جملہ بتاتا ہے کہ اللہ کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت رکھتی ہے یعنی اللہ کی رحمت اُس کے غضب سے پہلے تھی۔ یعنی غضب بعد کی بات ہے۔ ہم یہ معلوم کر چکے ہیں کہ رحم اور غضب دو متضاد حالات کا نام ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ اللہ پر متضاد و متخالف حالات طاری نہیں ہو سکتے اِس لئے کہ وہ فانی نہیں ہے۔ یہ دونوں صفات رحم اور غضب فانی یعنی مخلوق کی صفات ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اللہ کے بعض کاموں پر رحم کا اطلاق ہوتا ہے اور بعض پر غضب کا۔ مگر اللہ وہ کام رحم اور غضب کی صفات کے ماتحت نہیں کرتا بلکہ وہ اُس کے کرنے کے کام ہوتے ہیں اس لئے کرتا ہے۔ یہ بھی معلوم ہے کہ اول الذکر کاموں کی بنا پر اللہ کو رحیم کہا جاتا ہے اور دوسری قسم کے کاموں پر جبار و قہار وغیرہ کہا جاتا ہے۔ اور خود اللہ نے بھی قرآن کریم میں رحیم و کریم وغیرہ الفاظ استعمال فرمائے ہیں جن کی وضاحت اور تشریحات حضرت علی علیہ السلام کے خطبات سے واضح ہو چکی ہیں اور ہر ایسی صفت کی نفی کر دی گئی ہے جس سے ذات خدا میں عیب و نقص و احتیاج کی گنجائش یا امکان محسوس ہوتا ہو۔ قریشی عقیدہ کے علما نے اس پر بہت سی بحثیں نکالی ہیں اور اپنے باطل عقائد کا اُن ہی پر دار و مدار قائم کیا ہے اور اللہ کی پوزیشن کو مشکوک کرنے کی انتہائی کوشش کی ہے اور حضرت علی علیہ السلام کے خطبوں نے قریشی عقائد کو باطل ثابت کر دیا ہے۔ اور ہم نے بڑی اور کھلی تفصیل سے بیان الامامت میں اُن عقائد کی رگِ حیات کاٹ کر رکھ دی ہے۔ بہر حال قریش نے اُن عقائد کو اس زور سے پھیلایا اور مغالطے شائع کئے کہ آج بھی اُمت کے تمام فرقوں میں بہت سے غلط عقائد پھیلے ہوئے ہیں مثلاً مسئلہ تقدیر پر بہت سی غلط باتیں عورتوں اور مردوں میں دن رات کی جاتی ہیں اور کوئی محسوس تک نہیں کرتا کہ وہ سراسر اللہ پر الزام اور تہمت لگاتے رہتے ہیں۔ اور تو اور خود شیعہ علماء نے قریش کے باطل عقائد کا اثر لیا ہے اور اپنے یہاں کئی غلط باتیں پھیلا دی ہیں۔

**4۔ اللہ کا رحم و غضب و غصہ اور افسوس اور انتقام ہماری طرح کا رحم و غضب وغیرہ نہیں ہوتا، محمدؐ و آلِ محمدؐ کو نسبت دی ہے۔**

بہر حال ہم اس سلسلے میں وضاحت کے لئے معصومؑ فیصلہ سامنے لاتے ہیں جس سے اُدھر لوگوں میں پھیلے ہوئے غلط عقائد و سوالات واضح ہو جائیں گے اور اِدھر اللہ کی پوزیشن سامنے آجائے گی۔ حدیث سُنیے:

**حمزہ بن بزیع عَنْ ابی عبداللّٰہ علیہ السلام فی قول اللّٰہ عزّوجلّ "فَلَمَّا اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَامِنْھُمْ فَاَغْرَقْنٰھُمْ اَجْمَعِیْنَ" (سورہ زخرف 43/55) فقال اِنَّ اللّٰہ عزّوجلّ لاَ یَاسَفُ کَاَسَفنا ولکنہ خلقَ اَوْلِیَاءَ لِنفسہِ یاسفون و یرضون وھم مخلوقون مربوبون فَجَعَلَ رَضَاھم رضا نَفْسِہٖ وَسخطھم سخِط نفسہ لانّہ جعلھم الدعاۃ الیہ والادلّاء عَلَیہ فلذٰلک صاروا کذٰلک وَلَیْسَ انّ ذٰلک یصل الی اللّٰہ وقال کما یصل الٰی خلقہ لکن ھٰذا معنی ما قال من ذٰلک و قد قال "مَنْ اَھَان لِی وَلِیًّا فقد بارزنی بالمحاربۃ وَدَعَانِیْ اِلَیْھَا "وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ**

Presented by Ziaraat.Com

(4/80)وَقَالَ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَایُبَایِعُونَ اللّٰہَ یَدُاللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ (48/10)فکل ھٰذا وشبھہ علٰی ماذکرت لَکَ و ھٰکذا الرضا والغضب وَغیر ھما مِن الاشیاء مِمَّا یشاکل ذٰلک ولو کان یصل اللّٰہ الاسف والفجر و ھوالذی خلقھما و انشاھما لجازلقائل ھٰذا اَنْ یقول انّ الخالق یبید یوماًما، لانّہ اذا دخلہ الغصب والفجر دخلہ التغییر واذا دخلہ التغییر لم یؤمن علیہ الابادۃ ثُمَّ لم یعرف المکوِّن من المکوَّن والقادر من المقدور علیہ ولا الخالق من المخلوق تعالی اللّٰہ عن ھٰذا القول علوّا کبیرًا بل ھُوَ الخالق الاشیاء لا لحاجۃ فَاِذا کان لالحاجۃ استحال الحدّ و الکیف فیہ .( کافی کتاب التوحید باب النوادر حدیث نمبر 6 )

ترجمہ۔''حضرت حمزہ بن بزیعؒ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت (55/43) کی تفسیر دریافت کی تو فرمایا کہ اللہ نے کہا ہے کہ آخر کار اُنہوں نے ہمیں جب افسوس میں مبتلا کر دیا تو ہم نے اُن سے انتقام لیا اور اُن کو اکٹھا غرق کر دیا۔'' امام علیہ السلام نے فرمایا کہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ ہماری طرح سے اور ہماری طرح کا افسوس نہیں کرتا ہے۔ بلکہ اُس نے اپنے لئے ایسے اولیاء پیدا کئے ہیں جو افسوس بھی کرتے ہیں اور خوش بھی ہوتے ہیں اور چونکہ وہ اولیاء اُس کی پیدا کردہ مخلوق ہیں اور اُسی کے پروردہ ہیں لہٰذا اُن کی رضامندی اور خوشی کو اپنی رضامندی اور خوشی قرار دیا ہے اور اُن کے غصہ کو خود سے منسوب کر کے اپنا غصہ فرمایا ہے اور یہ سب کچھ اس لئے کہ اُن کو اپنی طرف دعوت دینے اور بُلانے والے اور اپنی طرف راہنمائی کرنے والے مقرر فرمایا ہے۔ اس لئے اُن کو یہ مقام دیا ہے اور یہ اس لئے نہیں کہ انسانوں کی نافرمانی سے خدا کا کوئی نقصان ہوتا ہے بلکہ اللہ نے خود فرمایا ہے کہ جو کوئی میرے کسی ولی کی توہین کرتا ہے تو مجھے جنگ کا چیلنج کر کے مجھے لڑنے کے لئے للکارتا اور بلاتا ہے۔ اور اولیاء کے لئے یہ بھی فرمایا کہ جو کوئی اللہ کے رسولؐ کی اطاعت کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے اور یہ بھی فرمایا کہ یقیناً جو لوگ تیری بیعت کر رہے تھے وہ اللہ کی بیعت کر رہے تھے اور اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھوں پر تھا۔'' یہ بیان کردہ فرماناتِ خداوندی اور اسی کی قسم کے اِن سے مشابہ احکامات خداوندی وہی پوزیشن ثابت کرتے ہیں جو میں نے تم سے بیان کی ہے کہ غصہ اور رضامندی اور دیگر جذبات کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں بلکہ اللہ کے اولیاء کی بات ہوا کرتی ہے۔ اور اگر یہ جائز مان لیا جائے کہ افسوس اور تنگ دلی خدا پر وارد ہوتی ہے حالانکہ اُن کو خود خدا نے پیدا کیا ہے تو ایک کہنے والے کے لئے جائز ہو جائے گا کہ وہ کہے کہ: ''ایک روز ایسا آئے گا کہ اللہ فنا ہو جائے گا۔'' اس لئے کہ جب افسوس اور تنگ دلی اللہ پر اثر انداز ہوتے ہیں تو لازم ہے کہ اللہ میں تغیر و تبدل واقع ہو اور متغیر ہونے والی تمام موجودات فانی ہیں۔ وہ تباہی اور فنا سے محفوظ نہیں رہ سکتیں اور اس صورت میں خالق اور مخلوق میں' اور قادر اور مقدور میں فرق کیا رہے گا۔ حالانکہ اللہ ایسے قول اور ایسے حالات سے منزہ اور ارفع و اعلیٰ ہے۔ وہ ایسا خالق ہے جو مخلوقات کا محتاج نہیں ہے اُس پر حد بندی اور کیفیات عاید نہیں ہوتیں۔''

مختصر الفاظ میں یہ کہیے کہ جن کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے اور جن کی نافرمانی اللہ کی نافرمانی ہے اور جن کی اتباع اللہ کا محبوب بناتی ہے (3/31) اُن کا خوش ہونا اللہ کی خوشی ہے اُن کا افسوس اللہ کا افسوس ہے۔ اُن کا غیظ وغضب اور غصہ اللہ کا غیظ وغضب اور غصہ ہے۔ یعنی اُن کے جذبات تمام اللہ کی طرف منسوب ہوتے ہیں اُن کا ہر کام و اقدامات اللہ کے کام اور اقدامات ہوتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

**5۔ مودودی قریشی عقائد کی تائید میں اللہ پر اعتراض کی طرف سے مطمئن رہتے ہیں:**

یہاں تک قارئین کی سمجھ میں یہ بات یقیناً آ چکی ہوگی کہ ذات خداوندی میں تغیرات اور تبدیلیاں ہرگز نہیں ہونا چاہئیں اور نہیں ہوتیں اور نہ ہوسکتی ہیں ورنہ اللہ کو فانی ماننا ہوگا اور اللہ کو فانی مان کر دین و مذہب کے تمام ہی عقائد و تصورات باطل ہو جاتے ہیں۔ اس خطرناک عقیدہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے اُسی آیت (55/43) کو مودودی کی تفسیر سے سامنے لائیے اور دیکھیے کہ مودودی اللہ کی پوزیشن پر کیا کہتے ہیں؟ اور آیا وہ اللہ سے تغیرات کی نفی کرتے ہیں یا نہیں؟ آیت پھر سُنیے فَلَمَّا اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ O (55/43)

**مودودی ترجمہ:** ''آخر کار جب اُنہوں نے ہمیں غضب ناک کر دیا تو ہم نے اُن سے انتقام لیا اور اُن کو اکٹھا غرق کر دیا۔''

(تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 546۔545)

یہ ترجمہ کرنے کے بعد مودودی صاحب خاموشی سے گزر گئے نہ کوئی نوٹ لکھا نہ تشریح کی اور اپنے قاریوں کو بتا دیا کہ اللہ پر غیظ و غضب اثر انداز ہوتا رہا یہاں تک ناقابل برداشت ہو گیا تو آخر کار اللہ پر وہ حالت طاری ہوگئی جو غیظ و غضب کی انتہا ہوتی ہے اور اس حالت میں اللہ نے اُن سے یہ انتقام لیا کہ سب کو ڈبو کر دل ہلکا کر لیا۔ کھلے الفاظ میں ثابت کر دیا کہ اللہ کی ذات میں تغیر ہوتا رہتا ہے اور وہ مختلف اور پسندیدہ اور ناپسندیدہ حالات سے گزرتا رہتا ہے لہٰذا اُس کا فانی ہونا مانتے چلے گئے ہیں۔

**5 (الف)۔ تمام باطل عقائد کے لئے قرآن کے ترجموں اور تفسیروں میں گنجائش رکھی ہے۔**

جن حضرات نے قریشی عقائد کے علماء کے تراجم اور تفاسیر دیکھی ہیں وہ ہماری تصدیق کریں گے۔ قریشی علما نے کھل کر اپنی تفاسیر میں اللہ کے متعلق باطل عقائد لکھے ہیں یا کم از کم باطل عقائد پر لوگوں کی ہمت افزائی کی ہے۔ اس سلسلے میں مودودی کو پھر دیکھیں کہ قرآن میں ایک ہی آیت دو سورتوں میں آئی ہے اور دونوں جگہ مودودی صرف ترجمہ کر کے گزر گئے اور اللہ پر قائم ہونے والے اعتراضات کا دفاع نہیں کیا لہٰذا وہ آیت اور اُس کے دونوں ترجمے دیکھیے۔ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ O (57/2)

**مودودی ترجمے:**

1۔ ''مگر تمہارے اسلاف نے جو کچھ کیا وہ ہم پر ظلم نہ تھا بلکہ اُنھوں نے اپنے آپ ہی پر ظلم کیا'' (57/2 تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 77۔78)

2۔ ''مگر اس کے بعد اُنھوں نے جو کچھ کیا تو ہم پر ظلم نہیں کیا بلکہ آپ اپنے ہی اوپر ظلم کرتے رہے۔'' (160/7 تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 88)

یہاں بھی علامہ مودودی ترجمہ کر کے گزر گئے اور کوئی تشریحی نوٹ نہیں لکھا جس سے اللہ پر ظلم کئے جا سکنے کی نفی نہیں ہوتی بلکہ ظلم کا اِمکان پیدا کرنے والوں کے لئے گنجائش چھوڑ گئے۔ اس بات کو معصومؑ حدیث سے سُنیے:

**5۔(ب) محمدؐ و آل محمدؐ پر مظالم کو اللہ نے اپنے اوپر ظلم کرنا قرار دیا ہے وہ ظلم سے منزّہ ہے۔**

عَنْ زراره عن ابی جعفر علیه السلام سالته عن قول اللّٰه عزّوجلّ وَمَاظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهِمْ يَظْلَمُوْنَ''قَالَ : اِنَّ اللّٰه تعالٰی اَعْظَمُ وَاَعَزُّوَاَجَلُّ وَاَمْنَعُ اَنْ يظلم وَلٰكِنّه خَلَطَنَا بِنفْسِهٖ فَجَعَلَ ظُلْمَنَا ظُلْمَهٗ و ولايتنا ولايته حيث يقول:اِنَّمَاوَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ يعنی الْاَئِمَة مِنَّاثُمَّ قَالَ فِی موضع آخر ''وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ مثلهٗ ،(سوره اعراف 7/160)

Presented by Ziaraat.Com

''حضرت زرارہ رضی اللہ عنہ نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اسی آیت (57/2)(160/7) کی تفسیر پوچھی جس میں فرمایا ہے کہ:
''اُنھوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنے اوپر ہی ظلم کرتے رہے۔'' امام علیہ السلام نے فرمایا کہ ''حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تو اس سے بزرگ تر ہے اور غالب تر ہے اور جلیل تر ہے اور بہت روکنے والا ہے کہ اس پر ظلم کیا جا سکے مگر اللہ نے ہمارے نفوس کو اپنے نفس سے وابستہ کر رکھا ہے لہٰذا ہمارے اوپر ظلم کو اپنے اوپر ظلم قرار دیتا ہے اور ہماری ولایت اور حکومت کو اپنی ولایت اور حکومت فرماتا ہے جیسا کہ قرآن میں (55/5) فرمایا ہے کہ۔ ''تم تمام اہل ایمان کا ولی اللہ ہے اور وہ مومنین تمہارے ولی ہیں جو نماز قائم رکھتے ہیں اور ایسی حالت میں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں جبکہ وہ قلاش و نادار رہتے ہیں۔'' اور خدا پر ظلم کرنے والی آیت دوسرے مقام (160/7) پر بھی موجود ہے۔''

اِس حدیث نے وہ امکان ختم کر دیا جو مودودی اینڈ کمپنی نے برقرار رکھا تھا اور واضح کر دیا کہ تمام انبیاء و رُسلؑ اور آئمہ علیہم السلام کے اعمال و احساسات ہوتے ہیں اور قرآن میں جو ایسی صفات بیان ہوئی ہیں جن سے اللہ کی ذات میں تغیر اور احتیاج و نقص واقع ہوتا ہے وہ تمام صفات انبیاء و رُسل و آئمہ علیہم السلام کی نمایندگی کرتی ہیں۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام کا اپنے پہلے جملے میں یہ کہنا کہ۔ ''اللہ کی رحمت اللہ کے غضب پر سبقت رکھتی ہے۔'' یہی کہنا ہے کہ ''محمدؐ مصطفیٰ رحمۃ للعالمین ساری مخلوقات پر سبقت رکھتے ہیں۔'' اور قرآن میں مذکور اللہ کی تمام ممکن اور مخلوق صفات پر مقدم اور حاوی ہیں۔ یہیں اسی پہلے جملے سے یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ محمدؐ و آئمہ علیہم السلام ہی سے اللہ کا کلمہ مکمل ہوتا ہے اور وہی حضراتؑ اللہ کی مشیت و ارادہ ہیں اور اُسے نافذ کرنے والے ہیں اور وہی اللہ کی حجت کے طور پر ساری کائنات میں عادلانہ فیصلوں کی حیثیت سے موجود ہیں۔ ہماری اسی وضاحت کے ذیل میں آپ جملہ (20) میں مذکور صفات کو دیکھئے وہاں ہم اللہ کی مذکورہ صفات کو اللہ کی مخلوق کہہ کر ترجمہ میں لائے ہیں مثلاً اللہ کو قَوِیٌّ کہنے کی بجائے قوت کا خالق لکھا ہے سَمِیعٌ کی جگہ سماعت کا خالق کہا ہے۔ بَصِیرٌ نہیں بصارت کا خالق ہے۔ رَؤفٌ و رَحِیم نہیں ہے بلکہ نرمی اور رحم کا خالق ہے۔ یعنی ایسی تمام صفات محمدؐ و آلِ محمدؐ کی صفات ہیں۔

## 6۔ وہ تقیہ جو آزمائشوں اور باز پُرس اور یوم حساب سے پہلے ہی نجات دلا دے؟

آپؑ نے ایسا تقیہ اختیار کرنے کا حکم دیا ہے جو ہر قسم کی آزمائشوں اور باز پُرس و جواب دہی سے پہلے پہلے فارغ کر کے نجات یافتہ بنا دے۔ ہم عرض کرتے رہے ہیں کہ تقویٰ اور تقیہ ایک ہی مادّے سے بنتے ہیں اور وہ مادہ ''و۔ق۔ی'' ہے۔ اس کا بنیادی مصدر وِقَایَۃٌ ہے اور اس کے بنیادی معنی ہیں ہر نقصان یا ضرر پہنچانے والی چیز سے بچنا اور بچانا'' اسی مادّے اور مصدر سے لفظ تَقْوٰی اور تَقِیّہ ہیں۔ لفظ تقویٰ سیدھے سیدھے اور سادہ حالت میں سیدھے سیدھے اور سادہ طریقہ پر بچنے اور بچانے پر استعمال ہوتا ہے مگر لفظ تَقِیّہ ایسے تقویٰ یا ایسے بچنے اور بچانے کو کہتے ہیں جو پیچیدہ حالات میں اختیار کیا جائے۔ یعنی دوسرے الفاظ میں یہ کہہ لیجئے کہ تقویٰ پر ہر سیدھا سادہ مسلمان عمل کر سکتا ہے لیکن تقیہ پر عمل کرنے کے لئے نہایت ہوشمندی اور دانشور مومن درکار ہے۔ سیدھے سادے مومنین کو تقیہ پر عمل کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ہے لہٰذا:

## 7۔ تقیہ کو مودودی کے بیانات سے یہاں پر روشنی میں لانا ضروری ہے تا کہ سہولت ہو جائے:

اس سلسلے میں ہم قرآن کریم اور مودودی کو آگے بڑھاتے ہیں اور اُن کے بیانات کے بعد اپنی تشریح پیش کریں گے چنانچہ سُنیے اللہ فرماتا ہے کہ:

لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِکَ فَلَیْسَ مِنَ اللّٰہِ فِیْ شَیْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْھُمْ تُقٰۃً وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَہٗ وَاِلَی اللّٰہِ الْمَصِیْرُ O قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ اَوْ تُبْدُوْہُ یَعْلَمْہُ اللّٰہُ وَیَعْلَمُ مَا فِیْ

Presented by Ziaraat.Com

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِیْ الْاَرْضِ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌO (آل عمران (29-3/28)

**مودودی ترجمہ:** ''مومنین اہل ایمان کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا رفیق اور دوست ہرگز نہ بنائیں۔ جو ایسا کرے گا اُس کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں۔ ہاں یہ معاف ہے کہ تم اُن کے ظلم سے بچنے کے لئے بظاہر ایسا طرزِ عمل اختیار کر جاؤ۔ مگر اللہ تمھیں اپنے سے ڈراتا ہے اور تمھیں اُسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔ اَے نبیؐ لوگوں کو خبردار کر دو کہ تمھارے دلوں میں جو کچھ ہے اُسے خواہ تم چھپاؤ یا ظاہر کرو اللہ بہرحال اُسے جانتا ہے زمین و آسمان کی کوئی چیز اُس کے علم سے باہر نہیں ہے اور اُس کا اقتدار ہر چیز پر حاوی ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 243۔244)

اس ترجمہ پر مودودی نے دو عدد تشریحات لکھی ہیں اُن کو پڑھنا ضروری ہے۔

**تشریح نمبر 1۔**

''25؎ یعنی اگر کوئی مومن کسی دشمنِ اسلام جماعت کے چنگل میں پھنس گیا ہو اور اُسے اُن کے ظلم و ستم کا خوف ہو تو اُس کو اجازت ہے کہ اپنے ایمان کو چھپائے رکھے اور کفار کے ساتھ بظاہر اس طرح رہے کہ گویا اُن ہی میں کا ایک آدمی ہے۔ یا اگر اُس کا مسلمان ہونا ظاہر ہو گیا ہو تو اپنی جان بچانے کے لئے وہ کفار کے ساتھ دوستانہ روّیہ کا اظہار کر سکتا ہے حتیٰ کہ شدید خوف کی حالت میں جو شخص برداشت کی طاقت نہ رکھتا ہو اُس کو کلمۂ کفر تک کہہ جانے کی اجازت ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 244)

**تشریح نمبر 2۔**

''26؎ یعنی کہیں انسانوں کا خوف تم پر اتنا نہ چھا جائے کہ خدا کا خوف دل سے نکل جائے۔ انسان حد سے حد تمھاری دُنیا بگاڑ سکتے ہیں مگر خدا تمھیں ہمیشگی کا عذاب دے سکتا ہے لہٰذا اپنے بچاؤ کے لئے اگر بدرجۂ مجبوری کبھی کفار کے ساتھ تقیّہ کرنا پڑے تو وہ بس اِس حد تک ہونا چاہیے کہ اسلام کے مشن اور اسلامی جماعت کے مفاد اور کسی مسلمان کی جان و مال کو نقصان پہنچائے بغیر تم اپنی جان و مال کا تحفظ کر لو۔ لیکن خبردار کفر اور کفار کی کوئی ایسی خدمت تمہارے ذریعے انجام نہ ہونے پائے جس سے اسلام کے مقابلے میں کفر کو فروغ حاصل ہونے اور مسلمانوں پر کفار کے غالب آجانے کا امکان ہو۔ خوب سمجھ لو کہ اگر اپنے آپ کو بچانے کے لئے تم نے اللہ کے دین کو یا اہل ایمان کی جماعت کو یا کسی ایک فرد مومن کو بھی نقصان پہنچایا یا خدا کے باغیوں کی کوئی حقیقی خدمت انجام دی تو اللہ کے محاسبے سے ہرگز نہ بچ سکو گے۔ جانا تم کو بہرحال اُسی کے پاس ہے'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 244)

یہاں قارئین یہ نوٹ کر رکھیں کہ علامہ کا یہ ترجمہ اور تشریحات ہمارے مقصد میں مُمد و معاون ہیں لیکن ہم یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ علامہ کا لکھا ہوا تمام سامان قرآن کی اجازت کے ماتحت نہیں سماتا۔ اول اس لئے کہ آیات میں کوئی لفظ ایسا نہیں جس کا ترجمہ ''ظلم سے بچنا'' کیا جا سکے یا چُنگل میں پھنس جانا ہو۔'' نہ وہاں کہیں جان بچانے کی بات ہے اور نہ ہی برداشت اور نا قابل برداشت کی شرط ہے۔ بہرحال اُن کے تمام مطالب کو ذہن میں رکھیے اور ایک دوسرا بیان سُنیے جو مومن آل فرعون کے سلسلے میں ہے۔

**مودودی کی تشریح مومنِ آل فرعون کے متعلق:**

''46؎ یہاں یہ بات نگاہ میں رہنی چاہیے کہ مومنِ آلِ فرعون نے گفتگو کے آغاز میں کھل کر یہ ظاہر نہیں کیا تھا کہ وہ حضرت موسیٰؑ پر ایمان لے آیا ہے بلکہ ابتداءً وہ اسی طرح کلام کرتا رہا کہ وہ بھی فرعون کے گروہ کا ایک آدمی ہے اور محض اپنی قوم کی بھلائی کے لئے بات کر رہا ہے مگر جب فرعون اور اُس

Presented by Ziaraat.Com

کے درباری کسی طرح راہ راست پر آتے نظر نہ آئے تو آخر میں اُس نے اپنے ایمان کا راز فاش کر دیا جیسا کہ پانچویں رکوع (سورہ مومن) میں اُس کی تقریر سے ظاہر ہوتا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 407)

مودودی کا تیسرا بیان ایک بہت مشہور اور قرآنی واقعہ سے متعلق ہے اور واقعہ کا نچوڑ یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے غلہ ناپنے کا پیمانہ اپنے بھائی کی خرجی میں چھپا دیا تھا اور تلاشی میں برآمد کر لیا اور اُس کی سزا میں بھائی کو اپنے پاس روک لیا تھا اس پیمانے کے سلسلے میں مودودی بیان دیتے ہیں:

**7۔(الف) مودودی تقیہ اور توریہ کے جواز میں بیان دیتے ہیں؟**

'' 63 احتیاط ملاحظہ ہو کہ ''چور'' نہیں کہتے بلکہ صرف یہ کہتے ہیں کہ ''جس کے پاس ہم نے اپنا مال پایا ہے'' اسی کو اصطلاح شرع میں ''توریہ'' کہتے ہیں یعنی ''حقیقت پر پردہ ڈالنا'' یا ''امر واقعہ کو چھپانا'' جب کسی مظلوم کو ظالم سے بچانے یا کسی بڑے مظلمہ کو دفع کرنے کی کوئی صورت اس کے سوا نہ ہو کہ کچھ خلاف واقعہ بات کہی جائے یا کوئی خلاف حقیقت حیلہ کیا جائے تو ایسی صورت میں ایک پرہیز گار آدمی صریح جھوٹ بولنے سے احتراز کرتے ہوئے ایسی بات کہنے یا تدبیر کرنے کی کوشش کرے گا جس سے حقیقت کو چھپا کر بدی کو دفع کیا جا سکے ایسا کرنا شرع اور اخلاق میں جائز ہے بشرطیکہ محض کام نکالنے کے لئے ایسا نہ کیا جائے بلکہ کسی بڑی بُرائی کو دور کرنا ہو۔ اب دیکھئے کہ ساری معاملے میں حضرت یوسفؑ نے کس طرح جائز توریہ کی شرائط پوری کی ہیں۔ بھائی کی رضامندی سے اس کے سامان میں پیالہ رکھ دیا۔ مگر ملازموں سے یہ نہیں کہا کہ اس پر چوری کا الزام لگاؤ۔ پھر جب سرکاری ملازم چوری کے الزام میں اُن لوگوں کو پکڑ لائے تو خاموشی کے ساتھ اُٹھ کر تلاشی لے لی۔ پھر اب جو اُن بھائیوں نے کہا بن یمین کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لیجئے۔ تو اس کے جواب میں بس اُن ہی کی بات اُن پر اُلٹ دی کہ تمہارا اپنا فتویٰ یہ تھا کہ جس کے سامان میں سے تمہارا مال نکلے وہ ہی رکھ لیا جائے تو اب تمہارے سامنے بن یمین کے سامان میں سے ہمارا مال نکلا ہے اور اسی کو ہم رکھ لیتے ہیں۔ دوسرے کو اُس کی جگہ کیسے رکھ سکتے ہیں۔ اس قسم کے توریہ کی مثالیں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات میں بھی ملتی ہیں اور کسی دلیل سے بھی اس کو اخلاقاً معیوب نہیں کہا جا سکتا۔'' (تفہیم القرآن جلد 2۔ صفحہ 425 تا 426)

**7۔(ب) اللہ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے اقدامات کی تائید فرمائی تقیہ میں مدد دی۔**

یہاں تک تقیہ اور توریہ پر مودودی کے بیانات ختم ہو گئے اس کی تائید میں آیت بھی سُن لیں فرمایا گیا ہے کہ:

**فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ O (12/76)**

**مودودی ترجمہ:** ''تب یوسفؑ نے اپنے بھائی سے پہلے اُن کی خرجیوں کی تلاشی لینی شروع کی پھر اپنے بھائی کی خرجی سے گم شدہ چیز نکال لی اُس طرح ہم نے یوسفؑ کی تائید اپنی تدبیر سے کی۔ اُس کا یہ کام نہ تھا کہ بادشاہ کے دین (یعنی مصر کے شاہی قانون) میں اپنے بھائی کو پکڑتا الا یہ کہ اللہ ہی ایسا چاہے۔ ہم جس کے درجے چاہتے ہیں بلند کر دیتے ہیں اور ایک علم رکھنے والا ایسا ہے جو ہر صاحب علم سے بالاتر ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 420 تا 421)

**7۔(ج) تقیہ اُن تمام اقدامات و تدابیر و مکر و حیلوں کا نام ہے جن سے دین و دینی مقاصد کو محفوظ و کامیاب رکھا جائے۔**

اِن تمام آیات (29۔28/ 3، 28/40، 35/40، 54/3، 46/14) اور بہت سی دوسری آیات ہمیں تحفظ دینِ خداوندی

Presented by Ziaraat.Com

کیلئے آزاد چھوڑ دیتی ہیں۔جھوٹوں کے ساتھ ایسا جھوٹ بولنا جائز ہے جواُن کے نزدیک جھوٹ نہ ہو۔اس کا نام توریہ رکھ لیجیے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ وہ دین خداوندی کو ناکام کرنے کے لئے جو جو کچھ کرتے ہیں وہی کچھ یا اُس سے بھی سنگین تر اقدامات ہم دین کو کامیاب کرنے کے لئے کر سکتے ہیں۔دشمنان دین کو ناکام کرنے کے لئے انہیں فریب دینا جائز ہے۔اُن کو بہکانا' اغوا کرنا جائز ہے اُن کی راہ میں ہر رکاوٹ پیدا کرنا واجب ہے۔کھڈا کھودنا اور اُنہیں اُس میں دھکیل دینا جائز ہے۔اُن کا وہ مال ومتاع اور سامان ووسائل لوٹ لینا اور تباہ کر دینا جائز وضروری ہے جو وہ اسلام کے خلاف استعمال کرنے کے لئے جمع کر رہے ہوں۔اُن کی افواج پر شب خون مارنا جائز ہے الغرض ہر وہ فعل تقیہ ہے جو محاسبہ اور باز پُرس سے محفوظ رکھتے ہوئے دین کی حفاظت کرے۔

Presented by Ziaraat.Com

# خُطبہ ﴿241﴾

## میں کون ہوں؟

**سندات:(1) ابن ابی الحدید.(2)سید شہاب الدین،توضیح الدلائل(3)سلطان مرزا،البلاغ المبین**

**بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم**

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا النُّوۡنُ وَالۡقَلَمُ ؛(قلم 68/1) | 1 | میں ہی ''النون والقلم و مایسطرون'' ہوں(68/1) |
| وَاَنَا النُّوۡرُ وَمِصۡبَاحُ الظُّلَمِ ؛ | 2 | میں ہی وہ خاص نور ہوں (اعراف 7/157)اور میں تاریکیوں کو روشن رکھنے والا چراغ ہوں(نور 24/35) |
| اَنَا الطَّرِیۡقُ الۡاَقۡوَمِ ؛ | 3 | میں ہی سب سے زیادہ قائم رہنے والا طریقہ اور راستہ ہوں۔ |
| اَنَا فَارُوۡقُ الۡاَعۡظَمِ ؛ | 4 | میں ہی سب سے بڑا حق و باطل کو جدا کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا عِیۡبَۃُ الۡعِلۡمِ ؛ | 5 | میں علم کا ذخیرہ ہوں۔ |
| اَنَا وَئِبَۃُ الۡحِلۡمِ ؛ | 6 | میں بردباری کی کان ہیں۔ |
| اَنَا النَّبَاُ الۡعَظِیۡمِ ؛(النباء، 78/1/2) | 7 | میں ہی عظیم الشان خبر ہوں(سورہ النباء،2-78/1) |
| اَنَا الصِّرَاطُ الۡمُسۡتَقِیۡمِ ؛ | 8 | میں ہی صراط مستقیم ہوں(1/5) |
| اَنَا وَارِثُ الۡعُلُوۡمِ ؛ | 9 | میں ہی علوم خداوندی کا وارث ہوں۔ |
| اَنَا هَیُوۡلَی النُّجُوۡمِ ؛ | 10 | میں ہی وہ جوھر و مادہ ہوں جس سے ستارے بنائے گئے ہیں۔ |
| اَنَا عُمُوۡدُ الۡاِسۡلَامِ ؛ | | میں ہی اسلام کا ستون ہوں۔ |
| اَنَا مُکَسِّرُ الۡاَصۡنَامِ ؛ | 11 | میں ہی بتوں اور جتھوں کا توڑنے والا ہوں۔ |
| اَنَا لَیۡثُ الزَّحَامِ ؛ | 12 | میں شیر نیستان ہوں۔ |
| اَنَا اَنِیۡسُ الۡهَوَامِ ؛ | 13 | میں غمگینوں اور دکھیا لوگوں کو سہارا دینے والا ہوں۔ |
| اَنَا فَخَّارُ الۡاَفۡخَرُ ؛ | 14 | میں تمام فخر کرنے والوں سے زیادہ فخر کا حقدار ہوں۔ |
| اَنَا الصِّدِّیۡقُ الۡاَکۡبَرُ ؛ | 15 | میں سب سے بڑا دین کی تصدیق کرنے والا ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا اِمَامُ الْمَحْشَرِ ؛ | 16 | میں قیامت میں حشر نشر کا راہنما ہوں۔ |
| اَنَا سَاقِیُ الْکَوْثَرِ ؛ | 17 | میں حوض کوثر پر لوگوں کو کوثر پلانے والا ہوں۔ |
| اَنَا صَاحِبُ الرَّایَاتِ ؛ | 18 | میں ہی تمام پرچموں کا مالک ہوں۔ |
| اَنَا سَرِیْرَةُ الْخَفِیَّاتِ ؛ | 19 | اور میں تمام مخفی باتوں اور رازوں کا مرکز ہوں۔ |
| اَنَا جَامِعُ الْاٰیَاتِ ؛ | 20 | میں ہی تمام آیات خداوندی کو ایک جگہ جمع کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مُؤَلِّفُ الشَّتَّاتِ ؛ | 21 | میں ہی بکھری اور متفرق چیزوں کو وابستہ کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مُفْرِجُ الْکَرَبَاتِ ؛ | 22 | میں تکلیفوں کو راحت میں بدلنے والا ہوں۔ |
| اَنَا دَافِعُ الشِّقَاقِ ؛ | 23 | میں تباہی وانتشار کو دور کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا حَافِظُ الْکَلِمَاتِ ؛ | 24 | میں کلماتِ خداوندی کا محافظ ہوں۔ |
| اَنَا مُخَاطِبُ الْاَمْوَاتِ؛ | 25 | میں تمام مُردوں کا مخاطب ہوں۔ |
| اَنَا حَلَّالُ الْمُشْکِلَاتِ ؛ | 26 | میں مشکلوں کو حل کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مَزِیْلُ الشُّبْهَاتِ ؛ | 27 | میں شبہات کو دور کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا صَنِیْعَةُ الْغَزَوَاتِ | 28 | میں جنگوں کو فتح کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَاصَاحِبُ الْمُعْجِزَاتِ | 29 | میں معجزات پر اختیار رکھتا ہوں۔ |
| اَنَا الزَّمَامُ الْاَطْوَلُ | 30 | میں بہت طویل باگ ڈور ہوں۔ |
| اَنَا مُحْکِمُ الْمُفَصِّلِ | 31 | میں مستحکم کر کے فضیلت دینے والا ہوں۔ |
| اَنَا حَافِظُ الْقُرْاٰنِ ؛ | 32 | میں قرآن کی حفاظت کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا تِبْیَانُ الْاِیْمَانِ ؛ | 33 | میں ایمان کی وضاحت کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا قَسِیْمُ الْجِنَانِ ؛ | 34 | میں جنتوں کو بانٹنے والے ہوں۔ |
| اَنَاشَاطِرُ الْمِیْزَانِ ؛ | 35 | میں ناپ تول اور میزان میں ماہر ہوں۔ |
| اَنَامُکَلِّمُ الثُّعْبَانِ ؛ | 36 | میں سانپوں سے باتیں کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا حَاطِمُ الْاَوْثَانِ ؛ | 37 | میں بتوں کو چورا کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَاحَقِیْقَةُ الْاَدْیَانِ ؛ | 38 | میں تمام دینوں کی حقیقت ہوں۔ |
| اَنَا عَیْنُ الْاَعْیَانِ ؛ | 39 | میں تمام چشموں کا مصدر ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا قَرَنُ الْاَقْرَانِ ؛ | 40 | میں تمام سرداروں کا سردار ہوں۔ |
| اَنَامُذِلُّ الشَّجْعَانِ ؛ | 41 | میں بہادری کا دعویٰ کرنے والوں کو ذلیل کرڈالنے والا ہوں۔ |
| اَنَا فَارِسُ الْفُرْسَانِ ؛ | 42 | میں شہسواروں کا شہسوار ہوں۔ |
| اَنَا سُؤَالُ الْمَتٰی ؛ | 43 | میں المتیٰ کا سوال ہوں۔ |
| اَنَا لَمَمْدُوْحُ هَلْ اَتٰی ؛ | 44 | میں هل اتیٰ کے ماتحت سراہا گیا ہوں۔ |
| اَنَا شَدِيْدُ الْقَوٰی ؛ | 45 | میں ہی شدید القویٰ ہوں۔ |
| اَنَاحَامِلُ اللَّوٰی ؛ | 46 | میں قیامت میں محمدؐ کی لوا (پرچم) کا اٹھانے والا ہوں۔ |
| اَنَا كَاشِفُ الرَّدٰی ؛ | 47 | میں تکلیفوں کو دور کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا بَعِيْدُ الْمَدٰی | 48 | میں ہر موجود چیز کی انتہا ہوں۔ |
| اَنَا عِصْمَةُ الْوَرٰی ؛ | 49 | میں ساری موجودات کی پناہ ہوں۔ |
| اَنَاذَكِيُّ الْوِغٰی ؛ | 50 | میں جنگ کی آگ تیز کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا قَاتِلُ مَنْ بَغٰی ؛ | 51 | میں باغیوں کا قاتل ہوں۔ |
| اَنَا مَوْهُوْبُ الشَّذَا ؛ | 52 | مجھے علم لدّنی دیا گیا ہے۔ |
| اَنَا اَعْذَی الْقَذٰی ؛ | 53 | میں گرد وغبار اور ناگواریوں سے پاک ہوں۔ |
| اَنَاصِفْوَةُ الصَّفَا ؛ | 54 | میں منتخب لوگوں میں سے منتخب کیا گیا ہوں۔ |
| اَنَا كُفْوُالْوَفَا ؛ | 55 | میں مجسم وفا کا ہم پلہ وہم سر ہوں۔ |
| اَنَا مَوْضِحُ الْقَضَايَا ؛ | 56 | میں فیصلوں کو واضح کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مُسْتَوْدَعُ الْوَصَايَا ؛ | 57 | میں وصیتوں کی امانت گاہ ہوں۔ |
| اَنَا مَعْدِنُ الْاِنْصَافِ ؛ | 58 | میں انصاف کی کان ہوں۔ |
| اَنَا مَحْضُ الْعِفَافِ ؛ | 59 | میں مجسم ومکمل پارسائی ہوں۔ |
| اَنَا صَوَابُ الْخِلَافِ ؛ | 60 | میں ہر مخالف اور غلط چیز کے مقابلے میں راستی اور حق ہوں۔ |
| اَنَا رِجَالُ الْاَعْرَافِ ؛ | 61 | میں ان مَردوں میں سے ہوں جو اعراف پر ساری نوع انسان کو پہچانیں گے (7/46-48) |
| اَنَاسُوْرُالْمَعَارِفِ ؛ | 62 | میں حقائق اور معرفت کی شہر پناہ ہوں۔ |
| اَنَامَعَارِفُ الْعَوَارِفِ ؛ | 63 | میں تمام عارفوں کے لئے سامان معرفت ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا صَاحِبُ الْاِذْنِ ؛ | 64 | میں وہ ہوں جس کو اجازت دی گئی ہے (طٰہٰ 20/109، سبا 34/23) |
| اَنَا قَاتِلُ الْجِنِّ ؛ اَنَا يَعْسُوْبُ | 65 | میں جنوں کا قاتل ہوں۔ میں دین کے شہد بنانے والے مکھیوں کا سردار ہوں، تمام مومنین |
| الدِّيْنِ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِمَامُ | 66 | سے صالح ہوں۔ (تحریم 66/4) اور تمام متقین کا امام ہوں۔ |
| الْمُتَّقِيْنَ ؛ | | |
| اَنَا اَوَّلُ الصِّدِّيْقِيْنَ ؛ | 67 | میں تمام صدیقوں میں پہلا صدیق ہوں۔ |
| اَنَا الْحَبْلُ الْمَتِيْنَ ؛ | 68 | میں اللہ کا وہ سنجیدہ سلسلہ ہوں جس سے سب کو وابستہ رہنا لازم ہے (عمران 3/103) |
| اَنَا دِعَامَةُ الدِّيْنِ ؛ | 69 | میں دین کا سہارا ستون ہوں۔ |
| اَنَاصَحِيْفَةُ الْمُؤْمِنُ ؛ | 70 | میں مومن کے لئے ضابطہ حیات ہوں۔ |
| اَنَا ذَخِيْرَةُ الْمُهَيْمِنِ ؛ | 71 | میں اللہ کی طرف سے اس کی نگہبانی کا ذخیرہ ہوں۔ |
| اَنَا الْاِمَامُ الْاَمِيْنِ ؛ | 72 | میں ایک صاحبِ امانت امام ہوں۔ |
| اَنَا الدِّرْعُ الْحَصِيْنِ ؛ | 73 | میں ایک مضبوط اور احاطہ کرنے والی زرہ ہوں۔ |
| اَنَا ضَارِبُ بِالسَّيْفَيْنِ ؛ | 74 | میں دو تلواریں بیک وقت چلانے والا مجاہد ہوں۔ |
| اَنَا طَاعِنٌ بِالرُّمْحَيْنِ ؛ | 75 | میں دو دو نیزوں سے جنگ کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا صَاحِبُ بَدْرٍوَحُنَيْنٍ | 76 | میں جنگ بدر و حنین کا فاتح ہوں۔ |
| اَنَا شَقِيْقُ الرَّسُوْلِ | 77 | میں رسولؐ کے ساتھ دو تن ایک جان ہوں۔ |
| اَنَا بَعْلُ الْبَتُوْلِ ؛ | 78 | میں بتولؑ کا شوہر ہوں۔ |
| اَنَا سَيْفُ اللّٰهَ الْمَسْلُوْلِ ؛ | 79 | میں اللہ کی کھینچی ہوئی تلوار ہوں۔ |
| اَنَا اَدَامُ الْغَلِيْلِ ؛ | 80 | میں بغض و کینہ کی سوزش دور کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا شَفَاءُ الْعَلِيْلِ ؛ | 81 | میں بیماروں کے لئے شفا ہوں۔ |
| اَنَا سُؤَالُ الْمَسَائِلُ ؛ | 82 | میں مسائل پیش کرنے کا سوال کرتا ہوں۔ |
| اَنَا نَجْحَةُ الْوَسَائِلِ ؛ | 83 | میں وسائل میں کامیابی عطا کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا قَالِعُ الْبَابِ ؛ | 84 | میں خیبر کے دروازہ کا اکھیڑنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مَغْرَقُ الْاَحْزَابِ ؛ | 85 | میں حملہ آور گروہوں کو منتشر کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا سَيِّدُالْعَرَبِ ؛ | 86 | اور ملک عرب کا سید و سردار ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا کَاشِفُ الْکَرْبِ ؛ | 87 | میں بے چینیوں کو ہٹانے والا ہوں۔ |
| اَنَا سَاقِیُ الْعِطَاشِ ؛ | 88 | میں پیاسوں کو پلانے والا ہوں۔ |
| اَنَا النَّائِمُ عَلَی الْفِرَاشِ ؛ | 89 | میں رسولؐ کے بستر پر سونے والا ہوں۔ |
| اَنَا الْجَوْهَرَةُ السَّمِیْنَةُ ؛ | 90 | میں بہت اہم اور ہمہ گیر جوہر ہوں۔ |
| اَنَا بَابُ الْمَدِیْنَةِ | 91 | میں علم رسولؐ کا دروازہ ہوں۔ |
| اَنَا کَلِمَةُ الْحِکْمَةِ ؛ | 92 | میں حکمت پر حاوی کلمہ ہوں۔ |
| اَنَا وَاضِحُ الشَّرِیْعَةِ ؛ | 93 | میں اسلامی شریعت کو واضح کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا حَافِظُ الطَّرِیْقَةِ؛ | 94 | میں اسلامی طریقوں کا نگہبان ہوں۔ |
| اَنَا مُوْضِحُ الْحَقِیْقَةِ ؛ | 95 | میں حقیقت کو واضح کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مُطِیْعَةُ الْوَدِیْعَةِ ؛ | 96 | میں تمام سپرد شدہ امانتوں کا پیش کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مُبِیْدَ الْکُفْرَةِ ؛ | 97 | میں کفر اور کافروں کو مٹانے والا ہوں۔ |
| اَنَا اَبُو الْاَئِمَّةِ ؛ | 98 | میں آئمہؑ کا باپ ہوں۔ |
| اَنَا دَوْحَةُ الْاَصْلِیَّةِ ؛ | 99 | میں ہر حقیقت واصلیت وشرافت کا عظیم الشان درخت ہوں۔ |
| اَنَا مِفْضَالُ الْفَضِیْلَةِ ؛ | 100 | میں فضل وبزرگی عطا کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا خَلِیْفَةُ الرِّسَالَةِ | 101 | میں پوری رسالت کا جانشین ہوں۔ |
| اَنَا سَمِیْدَ عُ الْبَسَالَةِ ؛ | 102 | میں شجاعت میں پیش قدمی کا مخزن ہوں۔ |
| اَنَا وَارِثُ الْمُخْتَارِ ؛ | 103 | میں رسولؐ مختار کا وارث ہوں۔ |
| اَنَا طَهِیْرُ الْاَطْهَارِ؛ | 104 | میں تمام طاہرین کا طاہر ہوں۔ |
| اَنَا عِقَابُ الْکُفُوْرِ ؛ | 105 | میں تمام حق پوش لوگوں کے لئے عذاب ہوں۔ |
| اَنَا مِشْکوٰةُ النُّوْرِ ؛ | 106 | میں نوری چراغ رکھنے کی جگہ ہوں۔ |
| اَنَا جُمْلَةُ الْاُمُوْرِ ؛ | 107 | میں کائنات کے تمام امور واحکام کا خلاصہ ہوں۔ |
| اَنَا زُهْرَةُ النُّوْرِ ؛ | 108 | میں مکمل نور کا مرکز ہوں۔ |
| اَنَا بَصِیْرَةُ الْبَصَائِرِ ؛ | 109 | میں تمام بصیرتوں اور دانش کا مخزن ہوں۔ |
| اَنَا ذَخِیْرَةُ الذَّخَائِرِ ؛ | 110 | میں تمام ذخیروں کا ذخیرہ ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَابِشَارَةُ الْبَشَرِ ؛ | 111 | میں نوعِ بشر کے لئے خوش خبری ہوں۔ |
| اَنَا الشَّفِيْعُ الْمُشَفَّعُ فِی الْمَحْشَر؛ | 112 | میں قیامت میں حشر نشر میں تمام شفاعت کرنیوالوں کی سفارش قبول کرنیوالا ہوں۔ |
| اَنَا ابْنِ عَمِّ الْبَشِّيْرِ النَّذِيْرِ ؛ | 113 | میں بشر ونذیر رسولؐ کا چچازاد بھائی ہوں۔ |
| اَنَا طُوْدُ الْاَطْوَادِ ؛ | 114 | میں تمام پہاڑوں سے اونچا پہاڑ ہوں۔ |
| اَنَا جُوْدُ الْاَجْوَادِ ؛ | 115 | میں تمام سخیوں سے بڑا سخی ہوں۔ |
| اَنَا حِلْيَةُ الْخُلْدِ ؛ | 116 | میں بہشت کا زیور اور پوشاک دینے والا ہوں۔ |
| اَنَا بَيْضَةُ الْبَلَدِ ؛ | 117 | میں بستیوں کے لئے چاندنی رات ہوں۔ |
| اَنَا صَمْصَامُ الْجِهَادِ | 118 | میں جہاد کے لئے ثابت قدم رہنے والی تلوار ہوں۔ |
| اَنَا حِلْيَةُ الْاَسَادِوَ | 119 | میں سرداروں کا زیور وشان ہوں۔ |
| اَنَا الشَّاهِدُ الْمَشْهُوْدُ | 120 | میں ہی دیکھ رہا ہوں اور خود ہی دیکھا جا رہا ہوں میں ہی گواہ ہوں اور میں ہی گواہی ہوں، |
| اَنَ الْعَهْدُ الْمَعْهُوْدُ ؛ | 121 | میں ہی معاہدہ ہوں اور میرا ہی عہد لیا گیا ہے۔ |
| اَنَا مَنْحُ الْمَنَائِحِ | 122 | میں ہی تمام بخشش وعطا ہوں۔ |
| اَنَا صَلَاحُ الْمَصَالِحِ ؛ | 123 | میں ہی مصلحتوں کی بہتری ہوں۔ |
| اَنَا غَمْضُ الْغَوَامِضِ | 124 | میں ہی تمام رازوں کا راز اور اشاروں کا اشارہ ہوں۔ |
| اَنَا لَحْظَةُ اللَّوَاحِظِ ؛ | 125 | میں تمام قابل لحاظ چیزوں کو پیش نظر رکھنے والا ہوں۔ |
| اَنَا اَعْذُوْبَةُ اللَّفْظِ ؛ | 126 | میں سب سے میٹھا اور شیریں لفظ ہوں۔ |
| اَنَا اَعْجُوْبَةُ الْحِفْظِ ؛ | 127 | میں حفظ اور حفاظت کا عجیب ترین ریکارڈ ہوں۔ |
| اَنَا نَفِيْسُ النَّفَائِسِ ؛ | 128 | میں تمام عمدہ چیزوں کا نتیجہ ہوں۔ |
| اَنَا غَيَاثُ الضَّنَكِ ؛ | 129 | میں تنگی اور ناداری میں مددگار ہوں۔ |
| اَنَا سَرِيْعُ الْفَتَكِ ؛ | 130 | میں شجاعت دکھانے میں جلد باز ہوں۔ |
| اَنَا رَحِيْبُ الْبَاعِ ؛ | 131 | میں پھیلاؤ میں بہت کشادہ ہوں۔ |
| اَنَاوَقْرُ الْاَسْمَاعِ ؛ | 132 | میں ہی وہ ڈاٹ ہوں جو کانوں میں لگائی جاتی ہے۔ |
| اَنَاارِثُ الْوَارِثِ ؛ | 133 | میں تمام وارثوں کا اثاثہ ہوں۔ |
| اَنَا نَفْثَةُ النَّافِثِ ؛ | 134 | میں تمام چپکے چپکے چھپ کر بات کرنے والوں کی باتیں ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا جَنبُ اللّٰہِ ؛ | 135 | میں اللہ کا پہلو نشین ہوں۔ |
| اَنَاوَجہُ اللّٰہِ ؛ | 136 | میں اللہ کا چہرہ ہوں۔ |

## تشریحات:

اِس خطبے کے متعلق پہلی بات یہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے قرآن وحدیث میں مذکور اپنی لاتعداد صفات میں سے تھوڑی سی صفات اس خطبے میں بلاغ کے سامنے رکھ دی ہیں۔اُن صفات کے دباؤ سے دشمنانِ مرتضوی اکثر چراغ پا ہوئے ہیں اور دشمنان مرتضوی میں سُنی اور شیعہ کی شرط نہیں ہے۔اس لئے کہ چراغ پا ہونے والوں کی کثرت شیعہ مجتہدین میں ہے۔اوراُن کی دشمنی کی وجہ سے حقیقی شیعہ اُن پر لعنت کرتے آئے ہیں۔ رہ گئے اہل سُنت یعنی سُنت رسولؐ پر زور دینے والے علماء۔اُنہوں نے تو فضائل مرتضوی بیان کرنے میں کبھی کمی نہیں کی ہے اِس کے ثبوت میں علامہ سید محمد صالح کشفی الترمذی سُنی الحنفی کی کتاب کوکب دُرّی دیکھنا کافی ہوگا۔اس کتاب پر بھی ڈھکّو جیسے شیعہ مجتہد اعتراضات کرتے رہے ہیں۔

### 2۔ قوانین ومشیت پر عمل کرنے سے حقیقت واقعی تبدیل نہیں ہوجاتی۔

بہرحال دشمنانِ خدا اور رسولؐ کے اعتراضات فریب سازی اور دھوکہ دہی سے زیادہ کوئی وزن نہیں رکھتے ہیں۔آپ جانتے ہیں کہ کثرت الناس اللہ کی اطاعت نہیں کرتی۔یہی نہیں بلکہ انسانوں کی کثرت سرکشی اور نافرمانی کرتی چلی جارہی ہے۔یہ سرکشی اور نافرمانی روز ازل سے جاری ہے یعنی ابلیس نے اللہ کی اطاعت نہ کی' اطاعت کا انکار کیا اور تا قیامت اطاعت نہ کرنے کا اعلان بھی کردیا تھا۔تو کیا اب اس صورت میں اللہ خود کو غالب وقادر،عزیز وجبار کہنا چھوڑ دے؟ کیا کسی کے اطاعت نہ کرنے سے اللہ کو مجبور وبے بس مان لیا جائے؟ ہرگز نہیں۔اِس لئے کہ اللہ نے طے کر دیا ہے کہ کسی سے زبردستی اطاعت نہیں کرائی جائے گی لہٰذا اللہ اپنی قدرت وقوت اور غلبہ کو استعمال کر کے اطاعت نہیں کراتا۔یعنی قوانین خداوندی کی پابندی خود اللہ کو بھی کرنی پڑتی ہے۔اسی طرح اگر لوگ علی ومحمد علیہما السلام کے مقابلے میں اُٹھ کھڑے ہوں اور اُن کے خلاف اپنی تمام خداداد قدرت وقوت ووسائل کو استعمال کرنے لگیں اور وہ اُن کے مقابلے میں قانونی سلوک کریں تو اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ یہ حضرات علیہم السلام مشکل کُشا یا حاجت روا نہیں رہے ہیں اس قسم کے اعتراضات بچگانہ یا ابلہ فریبی ہوتے ہیں۔لہٰذا خطبات مرتضوی میں جو صفات مذکور ہیں وہ سب خداداد ہیں۔ان کا استعمال کرنا بہرحال قوانین خداوندی کے ماتحت رہتا ہے۔جس طرح اللہ ہرحال میں غالب ہے اُسی طرح حضرت علیؑ ہرحال میں مشکل کُشا ہیں۔خواہ اس قدرت کو استعمال کریں یا نہ کریں۔

### 3۔ نٓ وَالۡقَلَمِ سے خطبہ کا افتتاح فرمایا گیا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے پہلے جملے میں سورۃ القلم کی پہلی آیت سے اپنی پوزیشن یا صفات کی ابتدا فرمائی ہے۔پوری آیت یوں ہے۔

نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ ( 1/68)

**مودودی ترجمہ**:''ن۔قسم ہے قلم کی اور اُس چیز کی جسے لکھنے والے لکھ رہے ہیں۔''(تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 58)

**مودودی تشریح**:۔''1۔ امام تفسیر مجاہد کہتے ہیں کہ قلم سے مراد وہ قلم ہے جس سے ذِکر یعنی قرآن لکھا جارہا تھا۔اس سے خود بخود یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ وہ چیز جو لکھی جارہی تھی اُس سے مراد قرآن مجید ہے۔''(تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 58)

Presented by Ziaraat.Com

قارئین نوٹ کریں کہ مودودی صاحب اور اُن کے تفسیر کے امام صاحب دونوں بلا کسی دلیل وثبوت کے قرآن کو مراد لیتے ہیں اور آیت کا ترجمہ بھی غلط کرتے ہیں۔ بہرحال آیت کو سمجھنے اور مودودی اینڈ کمپنی کی غلطیاں دیکھنے کے لئے آپ ہماری تفسیر احسن التعبیر کا بیان پڑھیں۔

**پہلی آیت کا ترجمہ اور مفہوم:**۔ ''ن کی اور قلموں کی اور اُن سطروں کی قسم جو وہ قلم لکھ رہے ہیں اور لکھتے رہیں گے'' آیت میں پہلی یہی بات ہے کہ قلم واحد نہیں ہے بہت سے قلم کا تحریر میں مصروف ہیں اور یہ بات لفظ مَا یَسْطُرُوْنَ جو وہ لکھتے ہیں'' سے واضح ہو جاتی ہے اگر قلم تنہا یا واحد ہوتا تو مَا یَسْطُرُوْنَ کی جگہ مَا یَسْطُرُ لایا جاتا۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ کسی ایک قلم کی قسم نہیں کھائی گئی ہے بلکہ بہت سے قلم ہیں جن سے لکھا جا رہا ہے۔ یہ بھی سمجھنے کی بات ہے کہ قلم ایک لکھنے کا آلہ ہے جو خود نہیں لکھ سکتا۔ لہٰذا جتنے قلم قابل قسم ہیں اُتنے ہی اہل قلم یا منشی بھی موجود ہیں جو قلموں سے لکھنے میں مصروف ہیں۔ ظاہر ہے کہ قلموں سے اہل قلم کا مرتبہ زیادہ ہوتا ہے۔ لکھے جانے والے سامان کے مقدس ہونے کی بنا پر قلموں کو معزز اور قابل قسم قرار دیا گیا ہے تو اہل قلم کا مرتبہ بے حد وحساب بلند ہونا لازم ہے۔

**4۔ بَیتُ النبوۃ وامامۃ میں تمام کتبہائے خداوندی اور قدیم وجدید ریکارڈ اور احادیث کی تدوین وتالیف جاری تھی۔**

یہ نوٹ کرنا چاہیے کہ بیت النبوۃ وامامۃ میں ہر لحہ کُتبہائے خداوندی کی حفاظت کے سلسلے کا کارِ تحریر جاری رہتا تھا۔ پُرانی اور شکستہ ہو جانے سے پہلے ہی نقلیں تیار کرتے رہنا ضروری ہوتا تھا۔ مشکل مقامات کی تشریحات تیار کرنا اور اُمت کے ذمہ دار افراد کو ایسا ریکارڈ تیار کر کے دینا جس کے ضائع ہو جانے یا ضائع کر دیے جانے کا یقین ہوتا تھا۔ مثال کے طور پر جناب ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کو خاص طور پر تیار کیا گیا تھا کہ وہ قریشی حکومت کے آدمی سمجھے جاتے رہیں لیکن ساتھ ہی نبوّت اور امامتؑ کے علمی ریکارڈ کو مطلوبہ لوگوں تک پہنچائیں چنانچہ صحیح بخاری کی تالیف سے پہلے منصوبہ سو فیصد رازدارانہ انداز میں جاری رہا لیکن بخاری سے یہ راز کھل گیا چنانچہ وہاں ابوھریرہؓ سے ایک روایت نقل کی گئی ہے جس میں ابوھریرہؓ نے کہا ہے کہ:۔ **حفظت من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وعائین فاما احدھما فبثثتہ واما الاخر فلو بثثتہ قطع ھذا البلعوم**

(بخاری جلد اول ص 23 جز اول باب حفظ العلم)

''میں نے رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم کی دو بوریوں (خرجیوں یا شلیتوں) کی حفاظت کی ہے۔ ایک بوری کا علم تو یہ ہی ہے جو میں پھیلاتا چلا آ رہا ہوں۔ رہ گئی علم کی دوسری بوری اگر میں اس میں سے علم پھیلانا شروع کر دوں تو میرا نرخرا کاٹ دیا جائے گا''۔

یہاں صرف یہ دیکھئے کہ ابوھریرہؓ کو محفوظ رکھنے کے لئے علمی ریکارڈ کی دو ''وِعَائَین'' دی گئی تھیں۔ یہ لفظ ''وِعَاءِ'' قرآن میں استعمال ہوا ہے (سورہ یوسفؑ 12/76) یہ وہی غلہ سے بھری ہوئی خرجی یا شلیتا تھا جس میں سے غلہ ناپنے کا پیمانہ نکلا تھا۔ علم سے بھری ہوئی خرجی یا شلیتا ظاہر ہے کہ لکھے ہوئے لٹریچر کا پتہ دیتا ہے۔ دو بوریوں یا خرجیوں میں لکھا ہوا کتنے من آ سکتا ہے اور اُس میں کتنے صفحات اور سطریں ہونا چاہئیں؟ بہرحال یہ ماننا پڑے گا کہ بیت النبوۃ وامامۃ میں دن رات اسلامی لٹریچر لکھا اور تقسیم کیا جا رہا تھا۔

**5۔ بیت النبوۃ وامامۃ میں اہل قلم علیہم السلام کا تذکرہ اور مقام طرح طرح بیان ہوا ہے۔**

یہاں یہ نوٹ کر کے آگے بڑھیں کہ ایک لاکھ سے زیادہ انبیاء اور رُسُل علیہم السلام پر نازل شدہ (213/2 حدید 25/57) تمام سامان خانوادۂ رسولؐ میں حضرت ابوطالب علیہ السلام تک سارا کا سارا محفوظ رہتا چلا آیا تھا اور وہ سب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مع تبرکات سونپا گیا تھا۔ اب قرآن پڑھیے۔

Presented by Ziaraat.Com

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌO فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهُO فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍO مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍO بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ O كِرَامٍ بَرَرَةٍ O قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهُO (80/11-17)

۔''وہ سب کچھ (جو کہ آیات 10 تا 1 / 80) میں بیان ہوا ہے) وہ کچھ ہرگز نہیں ہے جو سمجھ لیا گیا ہے۔ وہ تو وہی مخصوص تذکرہ ہے۔ چنانچہ جو کوئی حقیقت کو سمجھنا اور مطابقت کرنا چاہے اُسے چاہیے کہ وہ تذکرہ اُن مکرم اور معظم اور بلند مرتبہ اور پاکیزہ صحیفوں میں دیکھے جو کہ معزز و پارسا کاتبوں (سفیروں) کے ہاتھوں میں موجود ہیں اور اللہ نے اُس مخصوص انسان کو قتل کر ڈالنا اور لعنتی قرار دینا طے کر رکھا ہے جس کی حق پوشی اُن صحیفوں اور اُن آیات (10 تا 1 / 80) میں مذکور ہوئی ہے۔'' (17 تا 11 / 80)

اُن آیات میں جہاں یہ ثابت ہے کہ بیت النبوّۃ و امامۃؑ میں تمام صحفِ خداوندی موجود تھے وہیں اُن کے مقدس کاتبوں کی منزلت و مرتبہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی یہاں قریش کے ایک زبردست قومی لیڈر کا ذکر ہوا ہے جسے قتل ہونا ہے اور جو لعنتی ہے۔ یہ سب کچھ دیکھ لینے کے بعد یہ سمجھنا مشکل نہیں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے حرف نون اور قلم کو اپنی ذاتِ پاک سے کیوں منسوب کیا ہے؟ بات واضح ہے کہ حضورؐ پہلے امام ہیں یعنی دورِ نبوّت کے دوران جو تعلیمات دی گئیں اور جو جو کتبہائے خداوندی نازل ہوئیں وہ سب تعلیمات و کتب و ہدایات و تبرکات حضورؐ کی تحویل میں آئے اور آپؐ کے تیار کردہ اور آپؐ کی اولاد کے آئمہ علیہم السلام نے قیامت تک اُن تمام کتب و ہدایات اور تعلیمات پر عمل کرنا ہے لہٰذا اَنَا النُّوْن وَ الْقَلَمْ فرما کر آپؐ نے پورے دین اور دینی تعلیمات اور ذمہ داریوں کو اپنی ذات سے وابستہ ہونے کی اطلاع دی ہے۔ اور اُسی کو پورے خطبے میں طرح طرح سے واضح فرمایا ہے۔ جو کچھ قرآن میں بیان ہوا ہے وہ درحقیقت حضرت علی علیہ السلام کو سامنے رکھ کر بیان ہوا ہے۔ لہٰذا اس خطبے کی صحیح صحیح اور پوری پوری تشریحات کے معنی سارے قرآن کو قارئین کے سامنے رکھنا ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپؐ نے اپنے دوسرے جملے میں خود کو ''اَلنُّوْر'' اور مِصْبَاحُ الظُّلَمِ'' فرمایا ہے لہٰذا سورۂ اعراف میں آیت (157 / 7) کا ترجمہ سُنیے:۔

**اَلنُّوْر ۔مخصوص نور کی تشریح:**

''جو لوگ کہ اس رسوؐل، مکے کے باشندے نبیؐ کی پیروی کریں جن کو اپنے پاس سابقہ کتابوں توریت اور انجیل میں اس مکّی نبیؐ اور رسوؐل کی تفصیلات لکھی ہوئی ملتی ہیں اور جو نبیؐ اور رسوؐل انہیں عالمی طور پر پسندیدہ چیزوں پر عمل کا حکم دیتا ہے اور مسلمہ ناپسندیدہ باتوں سے منع کرتا ہے اور اُن کے لئے وہ تمام پاکیزہ چیزیں حلال قرار دیتا ہے جو اُن کے ملاّؤں نے اپنے اجتہاد سے حرام کر دی تھیں اور وہ تمام گندی چیزیں حرام کرتا ہے جو مجتہدین نے حلال کر دی تھیں اور اُن کے اوپر سے وہ سارا بوجھ اُتار کر الگ کرنا چاہتا ہے جو اُن کے مجتہدین نے لاد دیا تھا اور اُن کے گلے سے پابندیوں کا وہ طوق اُتارنا چاہتا ہے جو اُن کے علماء نے تقلید کے لئے پہنایا تھا۔ چنانچہ جو لوگ رسوؐل پر ایمان لائے اور اُن کی عزت کی اور اُن کی نصرت کی اور اُن کی اور اِس نور کی پیروی کی جو محمدؐ کے ساتھ اُترا تھا۔ وہی مومنین وہی انصار فلاح پانے والے ہیں۔''

مِصْبَاحُ الظُّلَمْ : اِس کی تشریح کے لئے سورۂ نور کی 36,35 آیات کا ترجمہ سُنیے۔

''اللہ ہی تو آسمانوں اور زمینوں کو نورؐ عطا کرنے والا ہے یعنی ساری کائنات اللہ کی قوت و قدرت سے موجود اور واضح ہے۔ اللہ کے نوؐر کی مثال ایسی ہے جیسے کہ ایک طاق میں چراؐغ رکھا ہوا ہو اور وہ چراؐغ ایک فانوس (گلوب) میں ہو اور فانوس بھی ایسا ہو جیسے موتی کی طرح ضیا پاشی کرنے والا ستارہ۔ اور وہ چراؐغ زیتون کے ایسے مبارک درخت کے تیل سے روشن کیا جاتا ہو اور وہ درخت مشرق و مغرب کی نسبتوں سے مبرا

Presented by Ziaraat.Com

ہو۔جس کا تیل بلا آگ کی مدد کے خود بخود بھڑک اُٹھتا ہو۔یعنی وہ اللہ کے اُس نوؑر میں نوؑر ہی نوؑر کا اضافہ کرتا چلا جائے۔اللہ اپنے اُس نوؑر اور نورؑ پُرنوؑر کی طرف جسے چاہتا ہے راہنمائی کر دیتا ہے اور اللہ اُس کی راہنمائی ہی کے لئے یہ مثالیں لوگوں کے لئے بیان کرتا ہے اور اللہ ہر شے کا کما حقہ عالم ہے۔

## 6۔(36۔35/24) کی تشریح تعبیر القرآن سے ملاحظہ کریں۔

۔''اِن آیات (36،35/24) میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت بیان ہوئی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اُن حضرؑات کا تذکرہ ہوا ہے جن کی سپردگی میں وہ نور دیا گیا تھا۔جنھوں نے اُس نور کو اپنے انوار واجسام وابدان میں محفوظ رکھا اور اُسے روز افزوں جلاء دی اور اُس نور کو وہ جسم وبدن فراہم کیا جس سے اُس کو ہمارا آنکھوں سے دیکھ سکنا اور قلوب کو نورانی کرنا ممکن ہو گیا اور اُس کی نورانیت کو روز افزوں کرتے ہوئے قیامت تک اُس کے قرب وتعارف کا انتظام کیا اور نورٌ بالائے نوؑر بناتے چلے جانے کا انتظام ونصرام کیا اور خود کو وہ شجرہ طیبہ ثابت کیا جو جغرافیائی نسبتوں اور حدود کی قید سے ارفع واعلیٰ ہے اور اُس نور کو وہ تمام سامان فراہم کیا جو کسی اور مادی ذریعہ سے حاصل نہ ہو سکتا تھا اور آگ اور آگ کی مخلوق ابلیس وغیرہ سے قطعاً مخلوط نہ ہونے دیا اور اُس پر نازل کردہ تعلیمات خداوندی کو چار دانگ عالم میں پھیلا دیا۔اُس کے دین کو اپنے اور اپنے اعزہ واقربا اور چاہنے والوں کے خون سے روشن وتابناک ورنگین بنا دیا جو اُس کے چاروں طرف روز ازل سے اور قیامت تک اُسی طرح محافظ رہے جس طرح فانوس چراغ کا تحفظ کرتا ہے جو اتنے ہی شفاف فانوس اور رکھوالے تھے جتنا کہ وہ نور خود تھا۔ورنہ اس نور کی تابناکی اور شعلہ فشانی ماند پڑ جاتی۔ اُنھوں نے اُس نور کی پرورش وتربیت میں جو سامان فراہم کیا وہ بھی نورانی اور نور پُرنور کا اضافہ کرنے والا تھا (35/24) اس لئے کہ وہ خود نور ہی نور تھے اُن میں حقیقی مادے اور ظلمانی سامان کا ایک ذرہ بھی نہ تھا۔جن لوگوں نے اس آیت سے اللہ کو نور سمجھا ہے اُنھوں نے گویا اللہ کو مخلوق بنا دیا ہے۔اللہ تو ساری کائنات کا اور نور وظلمات کا خالق ہے (1/6) اس لئے ہم نے اپنے ترجمہ میں اللہ کو نور نہیں بنایا ہے بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نور لکھا ہے۔اور اللہ نے بھی حضوؐر کو نوؑر ہی فرمایا ہے۔اور ساری اُمت کا بچہ بچہ تک جانتا اور مانتا ہے کہ حضوؐر اللہ کے نُو راور اولین مخلوق تھے۔پوری کائنات کے ہادیٔ راہنما اور رحمت تھے۔اور جب تک کائنات موجود ہے وہ اس کائنات کے سرپرست رہیں گے اور یہ ایک چیختی ہوئی حقیقت ہے کہ محمدؐ کے سرپرستوں کی سرپرستی کو اللہ نے اپنی سرپرستی اور پناہ فرمایا ہے (8 تا 6/93) اُن کا احترام اور اطاعتِ مطلقہ حضورؐ پر بھی فرض وواجب کی ہے (24۔23/17) ہر اُس شخص پر سرپرستانِ محمدؐ وآلِ محمدؐ کا احترام واکرام واجب ہے جو امت محمدیہ میں شمار چاہتا ہو۔جسے شفاعت محمدؐی کی ضرورت ہو۔رہ گئے شیاطین تو اُن کے لئے نہ شفاعت ہے نہ جنت ہے وہ ملاعین اور مردود ہیں اور بس۔''

قارئین اندازہ فرمائیں کہ سارے خطبے کی اس طرح تشریح کرنے کے لئے کتنا وقت درکار ہوگا؟ لہٰذا ہم اپنے قارئین سے التجا کرتے ہیں کہ ہمارے ترجمہ ہی سے استفادہ فرمائیں اور ہمیں آگے بڑھنے کی اجازت دیں۔ہمیں معلوم ہے کہ حقیقی مومنین فضائل میں کمی یا تقصیر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے تو ہم کمی اور تقصیر نہیں کر رہے ہیں۔ہم نے نو ہزار صفحات محمد وآلِ محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کے فضائل ہی پر لکھے ہیں اور جب تک ہمارے قلم کو قائمِ قیامت حضرتِ حجۃ صاحب عصر والزمان کی اجازت ہے وہ فضائل ہی فضائل لکھتا چلا جائے گا۔

Presented by Ziaraat.Com

# خُطبہ ﴿242﴾

یہ خطبہ بھی تمام مستند کتابوں میں لکھا ہوا چلا آ رہا ہے۔ مگر ہم اسے علامہ سید محمد صالح کشفی الترمذی کی کتاب ''کوکب دُرّی فی فضائلِ علیؑ'' سے نقل کر رہے ہیں۔ اور اُن ہی کے ترجمہ کو پیش کر رہے ہیں۔ فرق یہ رہے گا کہ اُنھوں نے ہر جملے کو الگ الگ مَنقبت کا نمبر دے کر لکھا ہے۔ مگر ہم سابقہ خطبات کی طرح نمبر اور جملے لکھیں گے۔ وہ ہر جملے کے ساتھ۔ ''قَالَ اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ ۔'' وغیرہ لکھتے گئے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ عِنْدِیْ مَفَاتِیْحُ الْغَیْبِ لَایَعْلَمُھَا بَعْدَ مُحَمَّدٍ غَیْرِیْ ؛ | 1 | میں وہ شخص ہوں کہ میرے پاس غیب کی کنجیاں ہیں کہ اُن کنجیوں کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد میرے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ |
| اَنَا بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ؛ | 2 | میں ہر چیز کی حقیقت سے خبردار اور آگاہ ہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ قَالَ فِیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا ؛ | 3 | میں وہ شخص ہوں جس کی شان میں رسولؐ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ''میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اس شہرِ علم کا دروازہ ہیں'' |
| اَنَا ذُوالْقَرْنَیْنِ الْمَذْکُوْرُ فِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی ؛ | 4 | ''میں ذوالقرنین ہوں جس کا ذکر کتب سماوی میں مذکور ہے جو اس سے پہلے نازل ہوئیں۔ |
| اَنَا الْحَجَرُ الْمُکَرَّمُ الَّذِیْ تَفْجَرُ مِنْہُ اَثْنَتَا عَشَرَۃَ عَیْنًا ؛ | 5 | میں ہوں حجر مکرم (بزرگ پتھر) جس سے بارہ چشمے جاری ہوئے یعنی دوازدہ امامؑ کی امامت۔ |
| اَنَا الَّذِیْ عِنْدِیْ خَاتِمُ سُلَیْمَانَ ؛ | 6 | میں ہوں وہ شخص جس کے پاس سلیمانؑ کی انگوٹھی موجود ہے یعنی میں تمام مخلوقات جن وانس وغیرہ میں متصرف اور حاکم ہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَتَوَلّٰی حِسَابَ الْخَلَائِقِ ؛ | 7 | میں ہوں وہ شخص جو خلائق کے حساب کا متکفل اور ذمہ دار ہوں۔ |
| اَنَا اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ ؛ | 8 | میں لوح محفوظ ہوں کہ میرے ضمیر مہر تنویر میں تمام حقائق کونی والٰہی کی صورتیں ثابت اور قائم ہیں۔ |
| اَنَا مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اِنَّ اِلَیْنَا اِیَابَھُمْ | 9 | میں لوگوں کے دلوں اور ظاہر و باطن کی آنکھوں کو خیر و شر کی طرف پھیرنے |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ؛ | | والا ہوں ۔اوران کا مرجع اور بازگشت ہماری طرف ہے اوران کا حساب ہم پر اور ہمارے ذمہ ہے۔ |
| اَنَا الَّذِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَاعَلِیُّ الصِّرَاطُ صِرَاطُکَ وَالْمَوْقِفُ مَوْقِفُکَ ؛ | 10 | میں ہوں وہ شخص جس سے رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علیؑ صراط مستقیم تیرا ہی راستہ ہے اور موقف تیرا ہی موقف ہے یعنی جس چیز پر تو ثابت اور راسخ ہے اسی پر راسخ اور ثابت ہونا چاہئے یا کہ پل صراط تیرا صراط ہے اور تو اس کا صاحب ہے تو جس کو چاہے برق خاطف چمکنے والی بجلی کی طرح گزار دے جنّاتِ نعیم میں اس کو پہنچا دے اور جس کو چاہے اوندھے منہ درکات جہنم میں بھیجے ۔اور بعض عبور و مرور کی سختیوں اور رنج والام میں گرفتار کرے اس اخلاص اور مراتب اعتقاد کے تفاوت کے موافق جو تجھ سے رکھتے ہیں ۔اور اسی طرح قیامت کے موقف تیرے موقف ہیں اور تجھ سے متعلق ہیں جس کو چاہے اپنی حمایت کے سایہ میں لے کر وہاں کی سختی اور محنت اس پر آسان کر دے اور بعض کو ایام حساب کے (پچاس ہزار سال) گزارنے کے انتظار کی عقوبت اور عذاب میں مبتلا کرے‘‘ |
| اَنَا الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتَابِ عَلٰى مَاكَانَ وَمَايَكُوْنُ | 11 | میں ہوں وہ شخص جس کے پاس گزشتہ اور آئندہ کے موافق کتاب خدا کا علم ہے۔ |
| اَنَا آدَمُ الْاَوَّلُ اَنَا نُوْحُ الْاَوَّلُ اَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْخَلِيْلُ حِيْنَ اُلْقِیَ فِی النَّارِ اَنَامُوْنِسُ الْمُؤْمِنِيْنَ ؛ | 12 | میں ہوں آدمؑ اوّل ۔میں ہوں نوحؑ اوّل ۔میں ہوں ابراہیم خلیل اللہ جبکہ آگ میں ڈالا گیا میں ہوں مومنوں کا مونس اور غم گُسار۔ |

**(بارھویں جملے کی وضاحت) مولف نے واضح کیا ہے کہ:**

’’مولف عرض کرتا ہے کہ کتاب ’’مراۃ الطالبین‘‘ میں مرقوم ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے بہشت اور دوزخ کے بعد چھ لاکھ سال کے عرصہ میں آدمؑ صفی کی پیدائش سے پہلے دس ہزار آدمؑ پیدا کئے اور ہر ایک آدمؑ کو دس ہزار سال کی عمر عنایت ہوئی اور پھر اس کو موت دی اور ان کے بعد پھر ان کی طرح دس ہزار آدمؑ پیدا کئے اور ہر آدمؑ کو بدستور سابق دس ہزار سال کی عمر عطا فرمائی اور مرتبہ اوّل و دوم آدموں کے بعد آدمؑ صفی کو خلق فرمایا۔اس بنا پر ہر آدمؑ کے زمانہ میں ایک نوحؑ ہوا پس نوحؑ اول اس معنی میں صادق آتا ہے۔ملا جامی قدس سرّہ السامی فرماتے ہیں کہ۔

عالم لطفی وعین جود از روئے یقین — ذات تو مقصود ایجاد دو عالم آمدہ

بود بر آدمؑ مقدم معنیت اندر ازل — نام سبقت کردہ بر حوا و آدمؑ آمدہ

Presented by Ziaraat.Com

آدمؑ اول توئی گر راست می پرسی زمن — گرچہ آدمؑ از رہ صورت مقدم آمدہ
صدقِ دعویٰ را دریں معنی خطاب بوترابؑ — شاہد است اتاّ ز ہر اعیاں مبہم آمدہ

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا فتَّاحُ الْاَسْبَابِ ؛ | 13 | میں ہوں سببوں کا کھولنے والا اور سبب بنانے والا۔ |
| اَنَا مُنْشِئُ السَّحَابِ ؛ | 14 | میں ہوں بادلوں کا پیدا کرنے والا ۔ |
| اَنَا مُوَرِّقُ الْاَشْجَارِ ؛ | 15 | میں ہوں درختوں کو پتے دینے والا ہوں اور ان کو سرسبز کرنے والا ۔ |
| اَنَا مُفَجِّرُ الْعُيُوْنِ اَنَا مُطَّرِوَ الْاَنْهَارِ ؛ | 16 | میں ہوں چشمے نکالنے والا اور نہروں اور ندیوں کو جاری کرنے والا۔ |
| اَنَادَاحِیُ الْاَرْضِيْنَ اَناسَمَّاکُ لسَّمٰوٰتِ ؛ | 17 | میں ہوں زمینوں کو بچھانے والا اور آسمانوں کو بلند کرنیوالا۔ |
| عِنْدِیْ فَصْلُ الْخِطَابِ اَنَا قَسِيْمُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ؛ | 18 | میں ہوں وہ شخص کہ میرے پاس فصل خطاب (یعنی وہ خطاب جو حق و باطل کو جدا جدا کردے اور درست وغلط میں تمیز کردے۔ یا ایسا کلام جو حقائق کو کھولنے اور معارف کو سمجھنے اور سمجھانے میں نہایت واضح اور ظاہر ہو)<br>میں ہوں اہل بہشت پر بہشت کے درجات اور اہل جہنم پر جہنم کے درکات تقسیم کرنے والا۔ |
| اَنَا تَرْجَمَانُ وَحْیِ اللّٰهِ اَنَا مَعْصُوْمٌ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؛ | 19 | میں ہوں وحی خدا کی تفسیر و بیان میں صغائر و کبائر اور خطرات وشکوک سے عمداً و سہواً معصوم ہوں جس کی عصمت خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ |
| اَنَا حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰی مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَفَوْقَ الْاَرْضِيْنَ ؛ | 20 | میں ان لوگوں پر جو ملائکہ اور نفوس قدسی کی جنس سے آسمانوں میں ہیں اور طبقات زمین کے رہنے والے انس و جن اور ملائکہ ارضی وغیرہ پر خدا کی وحدانیت اور کمال قدرت کی حجت قاطع اور برہان ساطع ہوں۔ |
| اَنَا خَازِنُ عِلْمِ اللّٰهِ اَنَا قَائِمُ بِالْقِسْطِ ؛ | 21 | میں ہوں علم الٰہی کا خزانچی میں ہوں عدل وعدالت سے موصوف اور قائم۔ |
| اَنَا دَابَّةُ الْاَرْضِ ؛ | 22 | میں ہوں دابۃ الارض جو قیامت کے علامات اور نشانات میں سے ہے۔ |
| اَنَا الرَّاجِفَةُ اَنَا الرَّادِفَةُ ؛ | 23 | میں ہوں وہ نفخہ اولیٰ جو زمین کو زور سے ہلانے والا اور جنبش میں لانے والا ہے اور میں رادفہ یعنی نفخہ دوم اور رادف اس لئے نام رکھا گیا کہ پہلے کے بعد آنے والا ہے جو ردف سے لیا گیا اور راجفہ رجف سے بنا ہے جس کے معنی شدت تحریک ہیں'' |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الصَّیْحَةُ بِالْحَقِّ یَوْمُ الْخُرُوْجِ الَّذِیْ لَایُکْتَمُ عَنْهُ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؛ | 24 | میں ہوں صیحہ (چیخ) برحق جو کہ خلقت کے باہر نکلنے اور مشہود ہونے کے دن ہوگا وہ دن جس سے آسمان وزمین کی مخلوقات پوشیدہ نہیں ہے۔ |
| اَنَا عَلِیُّ ؑ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٌ صَوْتَهُ فِی الْحُرُوْبِ کَاَصْوَاتِ الرَّعْدِ ؛ | 25 | میں ہوں علیؑ ابن ابی طالبؑ جس کی آواز جنگوں میں بجلی کی آوازوں کی طرح ہے۔ |
| اَنَا اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰهُ حُجَّتَهُ وَکَتَبَ عَلٰی حَوَاشِیْهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ ؐ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ و وَصِیُّهُ ؛ثُمَّ خَلَقَ الْعَرْشَ وَ کَتَبَ عَلٰی اَرْکانه اَرْبَعَةِ لا اِلٰهَ اِلَّااللّٰه مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه علیٌ وَلِیُّ اللّٰه وَوَصِیه،وَقَالَ ثُمَّ خَلَقَ الْاَرْضِیْنَ فَکَتَبَ عَلٰی اَطْرَافِهَا.وَقَالَ ثُمَّ خَلَقَ اللَّوحَ فَکَتَبَ عَلٰی حُدُوْدِهٖ لا اِلٰهَ اِلَّااللّٰه مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه علیٌ وَلِیُّ اللّٰه وَوَصِیُّهُ، | 26 | میں وہ پہلا شخص ہوں جس کو اللہ تعالیٰ نے اوّل اپنی حجت پیدا کیا اور اس کے اطرف پر لکھا لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ ؐ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ و وَصِیُّه ،اور فرمایا،یعنی پھر عرش کو پیدا کیا اور اس کے چاروں ارکان پر کلمات مذکورہ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ ؐ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ و وَصِیُّه لکھا۔نیز فرمایا آنحضرت کرم اللہ وجہ نے پھر خدا نے طبقات زمین کو پیدا کیا اور اس کے اطراف و جوانب پر کلمات مذکورہ بالا تحریر فرمائے۔نیز آنحضرت کرم اللہ وجہ نے فرمایا کہ اس کے بعد لوح کو پیدا کیا اور اسکے کناروں پر کلمات مذکورہ بالا قلم قدرت سے تحریر فرمائے۔ |
| اَنَا السَّاعَةُ الَّتِیْ لِمَنْ کَذَّبَ بِهَا عَذَّبَ سَعِیْرًا ؛ | 27 | میں وہ ساعت ہوں کہ جو شخص اس کو جھٹلائے اور اس کا منکر ہو اس کے لئے دوزخ واجب ہے اور اس ساعت سے مراد روز قیامت ہے۔ |
| اَنَا ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَارَیْبَ فِیْهِ ؛ | 28 | میں وہ کتاب ہوں جس میں کسی قسم کا شک وریب نہیں جس سے مراد قرآن مجید ہے۔ |
| اَنَا الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ یُّدْعٰی بِهٖ ؛ | 29 | میں وہ خدا کے اسماء حسنیٰ ہوں جن کے بارے میں خدا نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کو ان اسماء سے پکارا جائے۔ |

مولوی معنوی فرماتے ہیں کہ:

اَے مرغ خوش اِلحان بخواں اللہ مولا ناعلیؑ — تسبیح خود کن برزبان اللہ مولا ناعلیؑ

اسمش عظیم واعظم است غفار فرد عالم است — مولا حق آدم است اللہ مولا ناعلیؑ

خواہی کہ یابی زو نشان جان دردہ او برفشان — کو جانِ دہ است او جاں ستاں اللہ مولا ناعلیؑ

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا النُّوْرُ الَّذِیْ اِقْتَبَسَ مِنْهُ مُوْسٰیؑ فَهَدٰی ؛ | 30 | میں وہ نور ہوں جس سے موسیٰؑ نے روشنی طلب کی تو ہدایت پائی۔ |
| اَنَا هَادِمُ الْقُصُوْرِ ؛ | 31 | میں دنیا کے محلوں اور عالم کی عمارتوں کو منہدم کرنے والا ہوں۔ |
| اَنَا مُخْرِجُ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنَ الْقُبُوْرِ ؛ | 32 | میں مومنوں کو ان کی قبروں سے نکالنے والا ہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ عِنْدِیْ اَلْفُ کِتَابٍ مِنْ کُتُبِ الْاَنبِیَآءِ ؛ | 33 | میں وہ شخص ہوں جس کے پاس انبیاء علیہم السلام کی کتابوں میں سے ہزار کتابیں موجود ہیں۔ |
| اَنَا الْمُتَکَلِّمُ بِکُلِّ لُغَتٍ فِی الدُّنْیَا ؛ | 34 | میں ہوں وہ شخص جو دنیا کی ہر لغت و زبان میں کلام کرتا ہے۔ |
| اَنَاصَاحِبُ نُوْحٍ وَمُنْجِیْهِ اَنَاصَاحِبُ اَیُّوْبَ الْمُبْتَلٰی وَمُنْجِیْهِ وَشَافِیْهِ اَنَاصَاحِبُ یُوْنُسَ وَمُنْجِیْهِ ؛ | 35 | میں ہوں نوحؑ کا صاحب و رفیق اور اس کا نجات دینے والا اور میں ہوں ایوبؑ کا صاحب جو انواع و اقسام کے رنج و بلا میں مبتلا تھا اور اس کو ان بلاؤں سے نجات دینے والا اور اس کو شفاء عطا کرنے والا اور میں ہوں یونسؑ کا صاحب اور نجات دہندہ۔ |
| اَنَا اَقَمْتُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ بِنُوْرِیْ وَالْقُدْرَةِ الْکَامِلَةِ ؛ | 36 | ''میں ہوں جس نے ساتوں آسمانوں کو اپنے نور اور خدا کی قدرت سے قائم کیا ہے۔ |
| اَنَا الَّذِیْ بِیْ اَسْلَمَ اِبْرَاهِیْمُ الْخَلِیْلُ لِرَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَاَقَرَّ بِفَضْلِهٖ ؛ | 37 | میں وہ شخص ہوں کہ میرے سبب سے ابراہیمؑ خلیل پروردگار عالمین پر اسلام لائے اور اس کی بزرگی اور فضل کا اقرار کیا'' |
| اَنَا عَصَاءُ الْکَلِیْمِ وَبِهٖ اٰخِذٌ بِنَاصِیَةِ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ ؛ | 38 | موسیٰ کلیم اللہ کا عصاء میں ہوں اور میں اس کے ذریعے سے تمام مخلوق کی پیشانیوں کے بالوں کو پکڑنے والا ہوں اور ان پر قابض اور متصرف ہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ نَظَرْتُ فِیْ عَالَمِ الْمَلَکُوْتِ فَلَمْ اَجِدْ غَیْرِیْ وَقَدْغَابَ ؛ | 39 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے عالم ملکوت میں نظر کی پس اپنے سوا اور کوئی چیز نہ پائی اور وہ غیر بے شک غائب تھا'' |
| اَنَا الَّذِیْ اُحْصِیْ هٰذَا الْخَلْقَ وَاِنْ کَثَّرُوْا حَتّٰی اَءَ دِّیَتُهُمْ اِلَی اللّٰهِ ؛ | 40 | میں وہ شخص ہوں کے خلقت کے اعداد اور گنتی کو شمار کرتا اور معلوم کرتا ہوں اگر چہ وہ بہت ہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی طرف ان کو پہنچاؤں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ لَایَتَبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَمَا اَنَا بِظَلَّامٍ لِلْعَبِیْدِ ؛ | 41 | میں وہ شخص ہوں کہ قول و کلام میرے پاس متغیر اور متبدل نہیں ہوتا اور میں بندگان خدا پر ظلم کرنیوالا نہیں ہوں۔ |
| اَنَا وَلِیُّ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ وَالْمُفَوَّضُ اِلَیْهِ اَمْرُهٗ وَاَحْکُمُ فِیْ عِبَادِهٖ ؛ | 42 | میں زمین میں خدا کا ولی ہوں اور امر خدا میرے سپرد کیا گیا ہے۔ اور میں اس کے بندوں پر حکم کرتا ہوں جیسا کہ فرمایا ہے یا جیسا میں چاہتا ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ دَعَوْتُ السَّمٰوٰاتِ السَّبْعَ فَاَجَابُوْنِیْ فَاَمَرْتُهَا فَیَنْصِبُوْنَ ؛ | 43 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے ساتوں آسمانوں کو بلایا انہوں نے میرے حکم کو قبول کیا پس میں نے ان کو حکم دیا اور وہ قائم ہو گئے۔ |
| اَنَا الَّذِیْ بَعَثْتُ النَّبِیّٖنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ ؛ | 44 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے نبیوںؑ اور رسّولوں کو مبعوث کیا ہے۔ |
| اَنَاالَّذِیْ دَعَوْتُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ فَاَجَابَانِیْ ؛ | 45 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے سورج اور چاند کو بلایا اور ان سے اطاعت طلب کی پس انہوں نے میرا کہنا قبول کیا۔ |

**مولوی معنوی ارشاد فرماتے ہیں:**

خواجۂ خیرالبشر باب شبیرؑ و شبرؑ — راجع شمس و قمر شاہ سلام علیک
حیدر لشکر شکن باب حسینؑ و حسنؑ — شیرِ خدا بوالحسنؑ شاہ سلام علیک

| | | |
|---|---|---|
| اَنَافَطَرْتُ الْعٰلَمِیْنَ ؛ | 46 | میں نے جملہ عوالم کو پیدا کیا ہے۔ |
| اَنَادَاحِی الْاَرْضِیْنَ وَعَالِمٌ بِالْاَقَالِیْمِ ؛ | 47 | میں زمینوں کو بچھانے والا اور تمام ولایتوں کے حالات سے خبردار ہوں۔ |
| اَنَا اَمْرُ اللّٰهِ وَالرُّوْحُ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِرَبِّیْ ؛ | 48 | میں ہوں امر خدا اور اس کی روح چنانچہ ارشاد فرمایا ہے کہ کہہ دو اے محمدؐ کہ روح میرے پروردگار کے امر سے ہے۔ |
| اَنَا الَّذِیْ قَالَ اللّٰهُ لِاَعْدَائِهٖ اَلْقِیَافِیْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍعَنِیْدٍ ؛ | 49 | میں وہ شخص ہوں کہ خدا تعالیٰ نے اس کے دشمنوں کے لئے فرمایا ہے کہ ''تم دونوں ہر کافر گردن کش کو دوزخ میں ڈالو۔ |
| اَنَا الَّذِیْ لَرَسَیْتُ الْجِبَالَ وَبَسَطْتُ الْاَرْضِیْنَ اَنَا مُخْرِجُ الْعُیُوْنِ وَمُنْبِتُ الزَّرُوْعِ وَمُشْرِفُ الْاَشْجَارِ وَمُخْرِجُ الثِّمَارِ ؛ | 50 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے پہاڑوں کو زمین کی حفاظت کے لئے لنگر کیا ہے اور مخلوقات کی سکونت کے لئے میں نے زمینوں کو بچھایا ہے اور میں چشموں کو نکالنے والا ہوں اور کھیتوں کو اگانے والا اور درختوں کو بلند کرنے والا اور میووں کو نکالنے والا ہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اُقَدِّرُ اُقْوَاتَهَا وَمُنْزِلُ الْمَطْرِ وَمُسْمِعُ الرَّعْدِ وَالْبَرْقِ ؛ | 51 | میں وہ شخص ہوں جو لوگوں کے کھانوں کا اندازہ کرتا ہوں اور میں بارش برساتا ہوں اور میں رعد اور برق کی آوازیں سنواتا ہوں۔ |
| اَنَا مُضِئُ الشَّمْسِ وَمُطْلِعُ الْفَجْرِ وَمُنْشِئُ النُّجُوْمِ وَمُنْشِئُ الْفُلْكِ فِی الْبُحُوْرِ ؛ | 52 | میں ہوں سورج کو روشن کرنے والا اور صبح نکالنے والا اور ستاروں کو پیدا کرنے والا اور کشتیوں کو سمندر میں چلانے والا۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَقُوْمُ السَّاعَةَ اَنَا الَّذِیْ اِنْ اَمَتُّ فَلَمْ اَمُتْ وَاِنْ قُتِلْتُ فَلَمْ اُقْتَلْ ؛ | 53 | میں ہوں وہ شخص جو قیامت کو برپا کرے گا۔ اور میں وہ شخص ہوں کہ اگر مجھے موت دی جائے تو نہ مروں گا اور اگر میں قتل کیا جاؤں تو میں قتل نہ ہوں گا (اور درحقیقت) |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ اَعْلَمُ یُحْدِثُ اَنَا بَعْدَ اٰنٍ وَسَاعَةً بَعْدَ سَاعَةٍ اَنَا الَّذِیْ اَعْلَمُ خَطَرَاتِ الْقُلُوْبِ وَلَمْحِ الْعُیُوْنِ وَمَا یُخْفِی الصُّدُوْرُ ؛ | 54 | میں وہ شخص ہوں کہ ہر ساعت اور آن میں جو چیز پیدا ہوتی ہے اس کو جانتا ہوں اور میں وہ شخص ہوں کہ ان چیزوں کو جو دلوں میں گزرتی ہیں جانتا ہوں اور آنکھوں کے جھپکنے کا حال مجھے معلوم ہے اور جو کچھ سینوں میں پوشیدہ ہے اس کا مجھے علم ہے۔ |
| اَنَا صَلٰوةُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَزَکٰوتُھُمْ وَحَجُّھُمْ وَجِھَادُھُمْ ؛ | 55 | میں مومنوں کی نماز اور انکی زکوٰۃ اور ان کا حج اور ان کا جہاد ہوں۔ |

**مولوی معنوی فرماتے ہیں:**

سبحان حی لا ینام پیدا از و ہر صبح و شام — حج و نماز است و صیام اللہ مولانا علیؑ

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا النَّاقُوْرُ الَّذِیْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ اَنَا صَاحِبُ النَّشْرِ الْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ اَنَا اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ وَاَنَاوَعَلِیٌّ مِنْ نُوْرٍ وَاحِدٍ ؛ | 56 | میں وہ ناقور ہوں جس کا ذکر حق تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے وہ جب صور پھونکا جائیگا اور نشر اول یعنی اول قبر سے اُٹھانے اور برانگیختہ کرنے کا حساب میں ہوں اور یہ زندہ کرنے سے کنایہ ہے اور اسی طرح نشر آخر یعنی عرصات کی طرف زمین کے اٹھانے کا صاحب میں ہوں اور میں وہ پہلا شخص ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میرے نور کو پیدا کیا ''اور میں ؐ اور علیؑ ایک نور سے ہیں''۔ |
| اَنَا صَاحِبُ الْکَوَاکِبِ وَمُزِیْلُ الدَّوْلَةِ اَنَا صَاحِبُ الزَّلْزَالِ وَالرَّاجِفَةُ وَاَنَا صَاحِبُ الْبَلَایَا وَفَصْلُ الْخَطَابِ ؛ | 57 | میں ہوں صاحب کواکب اور دولت کا دور کرنے والا میں ہوں صاحب زلزلہ اور راجفہ اور میں ہوں صاحب مقاصد و مطالب اور صاحب بلایا اور وہ کلام جو حق و باطل میں فرق کر دیتا ہے۔ |
| اَنَاصَاحِبُ اِرَمَ ذَاتَ الْعِمَادِ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُھَا فِی الْبِلَادِ وَاَنَا نَازِلُھَا وَاَنَا مُنْفِقُ الْبَازِلُ بِمَا فِیْھَا ؛ | 58 | میں اس ارم کا صاحب ہوں اور مالک ہوں جو بڑے عمودوں اور ستونوں والا ہوں ایسا ارم کہ جس کی مثل کسی شہر میں پیدا نہیں ہوا اور میں اسکے اتارنے والا ہوں جو نفیس جواہرات وغیرہ اس ارم میں ہیں۔ ان کو بذل اور خرچ کرنیوالا میں ہوں۔ |
| اَنَا اَھْلَکْتُ الْجَبَابِرَةَ الْمُتَقَدِّمِیْنَ بِسَعْیِ ذِی الْفِقَارِ ؛ | 59 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے ذوالفقار کی سعی اور کوشش سے پہلے سرکشوں اور جباروں کو ہلاک کیا ہے۔ |

**مولوی معنوی فرماتے ہیں:**

سر دفتر ہر انجمن علامہ مصر و یمن — آں پر دل دشمن شکن اللہ مولانا علیؑ

اے بندہ شیریں زباں از دیو گریابی اماں — ہر دم بگو از صدق جاں اللہ مولانا علیؑ

گر عاشقی وراہ بیں فرہ مشو خود را مبیں — وآنگہ جان و دل گزیں اللہ مولانا علیؑ

Presented by Ziaraat.Com

اے شمس دیں جاں باز جان دُرِ معانی برفشاں تا ایدت در گوش جاں اللہ مولا نا علیؑ

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ حَمَلْتُ النُّوْحَ فِی السَّفِینَةِ اَنَا الَّذِیْ اَنْجَئْتُ اِبْرَاهِیْمَ وَ مُوْنِسُهُ وَاَنَا مُوْنِسُ یُوْسُفَ فِی الْجُبِّ وَمُخْرِجُهُ اَنَاصَاحِبِ مُوْسیٰؑ وَالْخِضْرِ وَمُعَلِّمُهُمَا ؛ | 60 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے نوحؑ کو کشتی میں سوار کیا جو اس نے تیار کی تھی میں وہ شخص ہوں کہ جس نے ابراہیمؑ کو آگ سے نجات دی تھی اور عالم غربت میں اس کا مونس رہا۔ میں ہوں جو کنویں میں یوسفؑ کا مونس رہا اور اس کو کنویں سے نکالا تھا موسیٰؑ اور خضرؑ کا صاحب اور ان کو تعلیم دینے والا ہوں جس نے اسرار الہیٰ کے غوامض اور حکمتوں کی ان کو تعلیم دی تھی۔ |
| اَنَا مَنْشَاءُ الْمَلَکُوْتِ وَالْکَوْنِ ؛ | 61 | ملکوت اور عالم کون کے پیدا کرنے کا باعث اور سبب میں ہوں یا ان دونوں کا پیدا کرنے والا میں ہوں۔ |
| اَنَا الْبَارِئُ اَنَا الْمُصَوِّرُ فِی الْاَرْحَامِ ؛ | 62 | میں نقصانوں سے مبرہ ومنزہ ہوں میں رحموں میں بچوں کو صورت دینے والا ہوں۔ |
| اَنَاالَّذِیْ اُبْرِئُ الْاَکْمَهَ وَاَدْفَعُ الْاَبْرَصَ وَاَعْلَمُ مَافِی الضَّمَائِرُ اُنَبِّئُکُمْ بِمَا تَاْکُلُوْنَ وَمَاتَدَّخِرُوْنَ فِیْ بُیُوْتِکُمْ ؛ | 63 | میں وہ شخص ہوں کہ مادر زاد اندھوں کو بینا کرتا ہوں اور برص کے مرض کو دور کرتا ہوں اور جو کچھ دلوں میں ہے اس سے واقف ہوں اور میں وہ شخص ہوں کہ تم کو اس چیز سے آگاہ وخبردار کرتا ہوں جو کچھ تم کھاتے ہو اور جو کچھ اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہو۔ |
| اَنَا الْبَعُوْضَةُ الَّتِیْ ضَرَبَ اللّٰهُ بِهَا مَثَلا اِنَّ اللّٰهَ لَایَسْتَحِیْ اِنْ یَضْرِبَ مَثَلا مَّابَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؛ | 64 | میں وہ بعوضہ ہوں جس کی مثال اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بیان فرمائی ہے کہ خدا حیا نہیں کرتا اس بات سے کہ وہ مثل بیان کرے مچھر کی یا اُس سے بڑی چیز کی۔ یعنی میں اللہ کی قدرت کی ایک آیت ہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَطَاعَنِیَ اللّٰهُ فِیْ الظَّلْمَةِ ؛ | 65 | میں وہ شخص ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ظلمت اور تاریکی میں میری اطاعت اور فرمانبرداری کی یعنی اس وقت میں میری درخواست اور التماس کو قبول کیا۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَقَامَنِیَ اللّٰهُ وَالْخَلْقُ فِیْ الظُّلْمَةِ وَدَعٰی اِلٰی طَاعَتِیْ فَلَمَّا ظَهَرْتُ اَنْکَرُوْهُ قَالَ جَلَّ وَعَلَا فَلَمَّا جَائَهُمْ مَّاعَرَفُوْا کَفَرُوْابِهٖ ؛ | 66 | میں ہوں وہ شخص کہ اللہ تعالیٰ نے میری حقیقت کو قائم کیا اور مہیا کیا جبکہ تمام مخلوقات ظلمت اور نیستی کے بھنور میں گرفتار تھی اور اس مخلوق کو میری اطاعت کی طرف دعوت دی پس جب وہ ظلمت روشن اور ظاہر ہوگئی اور وہ مخلوق عالم وجود میں آ گئی انہوں نے میری اطاعت اور فرمانبرداری سے انکار کر دیا چنانچہ حق تعالیٰ خود اپنے کلام پاک میں اس طرف اشارہ فرماتا ہے کہ جس وقت وہ ان کے پاس آیا انہوں نے اس کی قدر ومنزلت نہ پہچانی اور اس کے منکر وکافر ہو گئے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ کَسَوْتُ الْعَظَامَ لَحْمًا ؛ | 67 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے ہڈیوں کو گوشت کا لباس پہنایا۔ |
| اَنَا الَّذِیْ هُوَ حَامِلُ عَرْشِ اللّٰهِ مَعَ الْاِبْرَارِ مِنْ وُلْدِیْ وَحَامِلُ الْعَلَمِ اَنَا الَّذِیْ اَعْلَمُ تَاوِیْلَ الْقُرْاٰنِ وَالْکُتُبِ السَّالِفَةِ اَنَا لُمَرْسُوْخُ فِی الْعِلْمِ ؛ | 68 | میں وہ شخص ہوں جو اپنی اولاد کے نیکوکاروں کیساتھ عرش خدا کا اٹھانے والا ہوں اور میں وہ شخص ہوں جو علم لوائے حمد کا اٹھانے والا ہوں میں وہ شخص ہوں جو معانی قرآن اور کتب گزشتہ کی تاویل سے خوب واقف ہے میں علم میں راسخ کیا گیا ہوں۔ |
| اَنَا وَجْهُ اللّٰهِ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلُّ شَیْءٍ هَالِکٌ اِلَّا وَجْهَهٗ اَنَاصَاحِبُ الْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ ؛ | 69 | میں آسمانوں اور زمینوں میں وجہ اللہ ہوں جس کے سوا ہر چیز ہلاک اور فنا ہونے والی ہے میں ہوں جبت اور طاغوت کا صاحب اور ان کو ہلاک کرنے والا جو مشرکوں کے بت اور معبود ہیں۔ |
| اَنَابَابُ اللّٰهِ الَّذِیْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنَّ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَسْتَکْبَرُوْا عَنْهَا لَاتُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَ لَایَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُجْرِمِیْنَ | 70 | میں وہ باب اللہ خدا کا دروازہ ہوں جس کا ذکر قرآن میں یوں ہے کہ جن لوگوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی اور ان سے سرکشی کی اور تکبر اختیار کیا ان کے لئے آسمانوں کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور وہ بہشت میں داخل نہ ہوں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں داخل نہ ہو جائے اور یہ بات محال عادی ہے پس ان کا بہشت میں داخل ہونا بھی محال ہے۔ ہم مجرموں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ خَدَمَنِیْ جِبْرَئِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ اَنَا الَّذِیْ رُدَّلِیَ الشَّمْسَ مَرَّتَیْنِ اَنَا الَّذِیْ خَصَّ اللّٰهُ جِبْرَئِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ بِالطَّاعَةِ لِیْ ؛ | 71 | میں وہ شخص ہوں کہ جبرئیلؑ اور میکائیلؑ نے میری خدمت کی ہے میں وہ شخص ہوں کہ میرے لئے آفتاب کو دو دفعہ لوٹایا گیا یعنی واپس لایا گیا۔ میں وہ شخص ہوں کہ اللہ نے جبرئیلؑ اور میکائیلؑ کو میری اطاعت کے لئے خاص کیا ہے۔ |
| اَنَاصَاحِبُ الطُّوْرِ وَاَنَاصَاحِبُ الْکِتٰبِ الْمَسْطُوْرِ اَنَا بَیْتُ اللّٰهِ الْمَعْمُوْرِ اَنَا الْحَرْثُ وَالنَّسْلُ اَنَا الَّذِیْ فَرَضَ اللّٰهُ طَاعَتِیْ عَلٰی کُلِّ ذِیْ رُوْحٍ مُتَنَفِّسٍ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ ؛ | 72 | میں ہوں صاحب طور اور وہ ایک مشہور پہاڑ ہے جو مدائن میں واقع ہے اور میں ہوں کتاب مسطور یعنی قرآن یا لوح محفوظ کا صاحب اور میں ہوں بیت معمور اور وہ ایک مکان ہے آسمان میں کعبہ کے مقابل واقع ہے اور اس کی عمارتیں اس کے زیارت اور طواف کرنے والوں کی تعداد کے موافق ہیں اور اخبار میں وارد ہوا ہے کہ بیت المعمور میں ہر روز ستر ہزار فرشتے طواف کے واسطے داخل ہوتے ہیں اور ان کو طواف کی نوبت نہیں آتی یا بیت المعمور سے خانہ کعبہ مراد ہے جو |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | حاجیوں اور زائرین سے بھرا ہوا ہے جیسا کہ مدارک میں مرقوم ہے۔ میں ہی وہ حرث و نسل ہوں جس کو تباہ و برباد کیا گیا اور میں وہ شخص ہوں کہ خدا تعالیٰ نے میری اطاعت اپنی مخلوق میں سے ہر ذی روح اور ہر متنفس پر فرض کی ہے۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَنْشُرُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَنَا قَاتِلُ الْاَشْقِیَاءِ بِسَعْیِ ذِی الْفَقَارِ وَمُحْرِقُهُمْ بِالنَّارِ ؛ | 73 | میں وہ شخص ہوں جو اولین اور آخرین مخلوق کو نشر اور برانگیختہ کرے گا میں ذوالفقار کی کوششوں سے بدبختوں اور بدکاروں کو قتل کرنے والا ہوں اور ان کے خرمن حیات کو آتش غضب سے جلانیوالا ہوں۔ |

**مولوی معنوی فرماتے ہیں:**

آں ساعد دین حق وینبوع معالی — کز یمن دے آدمؑ شد مسعود علیؑ بود
آں شہہ کہ بشمشیر دے از آئینہ دیں — زنگِ ستم وبدعت بزدود علیؑ بود
آں فاتح دولت ومفتاح سعادت — کو قفلِ درِ مصطبہ بکشود علیؑ بود

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ اَظْهَرَنِیَ اللّٰهُ عَلَی الدِّیْنِ اَنَا الْمُنْتَقِمُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ اَنَا الَّذِیْ اِلَیَّ دَعْوَةُ الْاُمَمِ اَنَا الَّذِیْ لَرُدُّ الْمُنَافِقِیْنَ مِنْ حَوْضِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ؛ | 74 | میں وہ شخص ہوں کہ مجھ کو حق تعالیٰ نے دین پر غالب کیا ہے اور میں ظالموں سے بدلا لینے والا ہوں میں ہی وہ شخص ہوں کہ جس کی طرف تمام امتوں کو دعوت دی گئی ہے اور میں وہ شخص ہوں کہ منافقوں کو رسولؐ اللہ کے حوض سے رد کروں گا۔ |
| اَنَابَابٌ فَتَحَ اللّٰهُ مَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا اَنَا الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَفَاتِیْحُ الجَنَانِ وَمَقَالِیْدُ النَّیْرَانِ ؛ | 75 | میں وہ دروازہ ہوں جس کو خدا نے کھولا ہے جو کوئی اس دروازہ میں داخل ہوگا دونوں جہانوں کی ہر قسم کی مکروھات سے محفوظ اور امن میں رہے گا میں وہ شخص ہوں کہ بہشت اور دوزخ کی کنجیاں جس کے ہاتھ میں ہیں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ جَهَدَ الْجَبَابِرَةُ بِاِطْفَاءِ نُوْرِ اللّٰهِ وَاِدْحَاضِ حُجَّتِهٖ فَاَبَی اللّٰهُ اِلَّا اَنْ یُتِمَّ نُوْرَهٗ وَ وَلَایَتَهٗ اَعْطَی اللّٰهُ نَبِیَّهٗ نَهْرَ الْكَوْثَرِ وَاَعْطَانِیْ نَهْرَ الْحَیٰوةِ اَنَامَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ فَعَرَّفَنِی اللّٰهُ مَنْ یَشَاءُ وَیَمْنَعُنِیْ مَنْ یَشَاءُ ؛ | 76 | میں وہ شخص ہوں کہ جباروں نے نور خدا کو بجھانے اور اس کی حجت کو باطل کرنے کی کوشش کی پس اللہ تعالیٰ نے انکار کیا مگر یہ کہ اس کی ولایت اور اس کا نور کامل ہو خدا نے اپنے پیغمبرؐ کو دریائے کوثر دیا اور مجھ کو دریائے حیات عطا کیا۔ میں زمین میں رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ ہوں پس جس کو نہ چاہا میرا شناسا اور عارف نہ بنایا۔ |
| اَنَا قَائِمٌ فِیْ خُضْرٍ حَیْثُ الْاَرْوَاحُ تَتَحَرَّكُ وَلَانَفْسٌ یَتَنَفَّسُ غَیْرِیْ ؛ | 77 | میں وہ شخص ہوں کہ ملکوت کی سبزی میں کھڑا ہوں روحیں تو حرکت کرتی ہیں مگر وہاں میرے سوا کوئی سانس لینے والا نہیں ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا عَالِمٌ صَامِتٌ وَّمُحَمَّدٌ عَلِمٌ نَاطِقٌ ؛ | 78 | میں خاموش عالم ہوں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ بولنے والے عالم ہیں۔ |
| اَنَا صَاحِبُ الْقَرْنِ الْاُوْلٰی اَنَا حَاوَرْتُ مُوْسٰی الْکَلِیْمُ وَاَغْرَقْتُ الْفِرْعَوْنَ اَنَا عَذَابُ یَوْمِ الظُّلَّةِ ؛ | 79 | میں ہوں قرن اولیٰ کا صاحب کہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ ''خیر القران قَرْنِی'' سب قرنوں سے بہتر میرا قرن ہے۔ میں نے ہی موسیٰ سے مکالمہ اور باتیں کی ہیں اور میں نے فرعون کو غرق کیا ہے اور یوم ظلہ کا عذاب میں ہوں جو بنی اسرائیل پر بھیجا گیا تھا۔ |
| اَنَا آیَاتُ اللّٰهِ وَاَمِیْنُ اللّٰهِ اَنَا اُحْیِ وَاُمِیْتُ اَنَا اَخْلُقُ وَاَرْزُقُ اَنَا لسَّمِیْعُ اَنَا الْعَلِیْمُ اَنَا الْبَصِیْرُ اَنَا الَّذِیْ اَجُوْزُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعَ فِیْ طُرْفَةِ عَیْنٍ اَنَا الْاَوَّلُ اَنَا الثَّانِیُ ؛ | 80 | میں ہوں رحمت خدا کی آیات اور خدا کا راز دار اور میں زندہ کرتا ہوں اور میں مارتا ہوں میں پیدا کرتا ہوں اور رزق دیتا ہوں میں ہوں سننے والا میں ہوں دانا میں ہوں بینا ظاہر اور باطن اشیاء کا میں ہوں وہ شخص جو ساتوں آسمانوں اور زمین کے ساتوں طبقوں کی ایک چشم زدن میں سیر کرتا ہوں اور میں ہوں اول یعنی نفخہ اولیٰ اور میں ہوں ثانی یعنی نفخہ ثانیہ۔ |
| اَنَا ذُوالْقَرْنَیْنِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ ؛ | 81 | میں اس امت کا ذوالقرنین ہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَنْفُخُ فِی النَّاقُوْرِ یَوْمٌ عَسِیْرٌ عَلَی الْکَافِرِیْنَ غَیْرَ یَسِیْرٍ ؛ | 82 | میں وہ شخص ہوں کہ صور پھونکوں گا اس روز جو کہ کافروں پر بہت سخت ہے اور جس میں بالکل آسانی کا احتمال نہیں ہے۔ |
| اَنَا الْاِسْمُ الْاَعْظَمُ وَهُوَ کٓهٰیٰعٓصٓ ؛ | 83 | میں ہوں اسم اعظم کہ وہ کٓھٰیٰعٓصٓ ہے۔ |
| اَنَا الْمُتَکَلِّمُ فِیْ لِسَانِ صَبَاءِ عِیْسٰیؑ اَنَا یُوْسُفُ الصِّدِّیْقُ اَنَا الَّذِیْ تَابَ اللّٰهُ لِیْ اَنَا الَّذِیْ یُصَلِّیْ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ عِیْسٰی فِیْ خَلْفِیْ اَنَا الْمُنْقَلِبُ فِی الصُّوَرِ ؛ | 84 | میں ہوں وہ شخص کہ عیسیٰؑ کی بچپن کی زبان میں گویا ہوا اور میں ہوں یوسفؑ صدیق۔ وہ شخص جس کی توبہ اللہ نے میرے لئے قبول کی میں وہ شخص ہوں کہ آخری زمانہ میں عیسیٰؑ میرے پیچھے نماز پڑھیں گے میں مختلف صورتوں میں پلٹنے والا ہوں۔ |

**مولوی معنوی ارشاد فرماتے ہیں:**

آں نکتہ تحقیق حقائق بہ حقیقت — کز روئے یقین مظہر حق بود علیؑ بود
آن نکتہ توحید خدا کز وم احمدؐ — جز او نفس وحدتے نشنود علیؑ بُود
آں بود وجود وجہاں کز رہِ مغنیٰ — بے او نہ شدے عالم موجود علیؑ بُود
آں نور مجرد کہ بُد او در ہمہ حالت — با یوسفؑ و با عیسیٰؑ و با ھُودؑ علیؑ بُود
با ملک سلیمانی و با عصمت یحییٰ — با منزلت آدمؑ و داؤدؑ علیؑ بود

Presented by Ziaraat.Com

آں روح مصطفیٰ کہ خداوند بہ قرآن بنواخت بچند آیہ وبستود علیؑ بود
ہم صابر وہم صادق ہم قانت متفق ہم ہادی وہم شاھد ومشہود علیؑ بود
ہم اول وہم آخر وہم ظاہر و باطن ہم وعدہ وہم موعد وموعود علیؑ بود
ایں سر بشنو باز زشمس الحق تبریز کز نقدِ وجود دو جہاں سود علیؑ بود

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰی اَنَا اُبْدِءُ وَاُعِیْدُ اَنَا فَرْعٌ مِنْ فُرُوْعِ زَیْتُوْن وَقِنْدِیْلٌ مِنْ قَنَادِیْلِ النُّبُوَّةِ ؛ | 85 | میں ہوں آخرت اور اولیٰ یعنی دنیا وآخرت۔ میں ہوں چیزوں کا پیدا کرنیوالا اور ان کو ظاہر کرنیوالا میں ہوں ان کا اعادہ کرنے والا۔ اور ان کا حشر کرنے والا ۔ میں زیتوں کی شاخوں میں سے ایک شاخ ہوں جس کی قسم خدا تعالیٰ نے قرآن مجید میں کھائی ہے والتین والزیتون اور میں نبوت کی قندیلوں میں سے ایک قندیل ہوں کہ شمع رسالت کو آفات وہواؤں سے محفوظ رکھتا ہوں۔ |
| اَنَا مُظْهِرُ الْاَشْیَاءِ کَیْفَ اَشَاءُ ؛ | 86 | میں ہوں چیزوں کا ظاہر کرنیولا اور موجودات کا پیدا کرنیوالا جسطرح چاہوں۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَرٰی اَعْمَالَ الْعِبَادِ لَایَعْزُبُ عَنِّیْ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ ؛ | 87 | میں ہوں وہ شخص کہ بندوں کے اعمال کو دیکھتا ہوں مجھ سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے نہ زمین نہ آسمانوں میں۔ |
| اَنَا مِصْبَاحُ الْهِدَایَةِ اَنَا مِشْکٰوةٌ فِیْهَا نُوْرُ الْمُصْطَفٰی اَنَا الَّذِیْ لَیْسَ شَیْءٍ مِنْ عَمَلِ عَامِلٍ اِلَّا بِمَعْرِفَتِیْ ؛ | 88 | میں ہوں چراغ ہدایت میں ہوں وہ مشکوٰۃ (چراغ دان) جس میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کا نور ہے۔ میں وہ شخص ہوں کہ کسی عمل کرنے والے کا عمل میری معرفت کے بغیر معتبر نہیں اور پایۂ اعتبار سے ساقط ہے۔ |
| اَنَا خَازِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنَا قَایِمٌ بِالْقِسْطِ اَنَا عَالِمٌ بِتَغَیُّرِ الزَّمَانِ وَحَدْثَانِهٖ اَنَا الَّذِیْ اَعْلَمُ عَدَدَ النَّمْلِ وَوَزْنَهَا وَمِقْدَارَ الْجِبَالِ وَوَزْنَهَا وَعَدَدَ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ ؛ | 89 | میں ہوں آسمانوں اور زمین کا خزانچی کہ سب میری قدرت کے تصرف میں ہے۔ میں ہوں عدل کا قائم کرنے والا میں زمانے کے ایک حال سے دوسرے حال میں تبدیل ہونے اور اس کے حوادث سے خبردار اور آگاہ ہوں میں ہوں وہ شخص کہ چیونٹیوں کی تعداد اور ان کے وزن سے اور پہاڑوں کی مقدار اور ان کے وزن سے اور بارش کے قطروں کی تعداد سے واقف ہوں۔ |
| اَنَا آیَاتُ اللّٰهِ الْکُبْرٰی الَّتِیْ اَرٰهَا اللّٰهُ فِرْعَوْنَ وَعَصٰی ؛ | 90 | میں اللہ تعالیٰ کی وہ بڑی آیات ہوں جو اس نے فرعون کو دکھائی تھیں اور فرعون نے عصیان اور نافرمانی کی تھی۔ |
| اَنَا الَّذِیْ اَقْبَلَ اِلَی الْقِبْلَتَیْنِ وَاُحْیٰ مَرَّتَیْنِ وَاُظْهِرُ الْاَشْیَاءَ کَیْفَ اَشَاءُ ؛ | 91 | میں ہوں وہ شخص جس نے دو قبلوں کی طرف منہ کیا یعنی کعبہ اور بیت المقدس اور میں دو دفعہ زندہ کرتا ہوں اور میں وہ شخص ہوں کہ چیزوں کو جس طرح چاہتا ہوں ظاہر کرتا ہوں |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ رَمَیْتُ وَجْهَ الْکُفَّارِ کَفَّ تُرَابٍ فَرَجَعُوْا وَهَلَکُوْا اَنَا الَّذِیْ جَحَدَ وَلَایَتِیْ اَلْفُ اُمَّةٍ فَمَسَخَهُمْ ؛ | 92 | میں وہ شخص ہوں کہ میں نے کفار کے منہ پر خاک کی مٹھی ڈالی پس وہ واپس ہوئے اور ہلاک ہوگئے اور میں ہوں وہ شخص کہ پہلی امتوں میں سے ایک ہزار امتوں نے میری ولایت کا انکار کیا پس اللہ تعالیٰ نے ان کو مسخ کر دیا۔ |
| اَنَا الَّذِیْ سَالِفُ الزَّمَانِ وَخَارِجٌ وَظَاهِرٌ فِی آخِرِ الزَّمَانِ ؛ | 93 | میں وہ شخص ہوں کہ زمانے کے پہلے سے ہے اور خروج کرنے والا ہوں اور آخری زمانہ میں ظاہر ہونے والا ہوں۔ |
| اَنَا قَاصِمُ فَرَاعِنَةِ الْاَوَّلِیْنَ وَمُخْرِجُهُمْ مُعَذِّبُهُمْ فِی الْاٰخِرِیْنَ اَنَا مُعَذِّبُ الْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ مُخْرِجُهُمْ مُعَذِّبُ یَغُوْثُ وَیَعُوْقُ وَنَسَرًا وَقَدْ اَضَلُّوْا کَثِیْرًا ؛ | 94 | میں پہلے مشرکوں (فراعنہ) کی گردنیں توڑنے والا اور ان کی سلطنت سے ان کو نکالنے والا اور قیامت صغریٰ میں عذاب دینے والا ہوں جبت اور طاغوت کو سزا دینے والا اور ان کو خانہ کعبہ سے نکالنے والا اور میں یغوث۔ یعوق اور نسر کو جو مشرکوں کے بت ہیں عذاب دینے والا ہوں۔ |
| اَنَا مَتَکَلِّمُ بِسَبْعِیْنَ لِسَانًا وَمُفْتِیْ کُلِّ شَیْءٍ عَلٰی سَبْعِیْنَ وَجْهًا اَنَا الَّذِیْ اَعْلَمُ مَایَحْدُثُ فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ اَمْرًا بَعْدَ اَمْرٍ وَّشَیْاءً بَعْدَ شَیْءٍ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ ؛ | 95 | میں ہوں ستر زبانوں میں بولنے والا اور ہر چیز کا ستر طریقوں سے فتویٰ دینے والا۔ میں ہوں وہ شخص کہ جانتا ہوں ہر چیز کو جو رات میں اور دن میں ایک چیز کے بعد پیدا ہوتی اور ظاہر ہوتی ہے اور یہ تمام امور سے کنایہ ہے یعنی میں ہر ایک امر کو جو قیامت تک واقع ہوگا جانتا ہوں۔ |

**مولوی معنوی فرماتے ہیں:**

قیومی وہم اکرمی سلطانی واہم اعظمی — بر جملہ عالم اعلمی اللہ مولانا علیؑ
ہم انبیاء گویا زتو ہم اولیا داناز تو — ہم عارفان شیداز تو اللہ مولانا علیؑ
احسان زتو ارکان زتو برہان زتو ابدان زتو — ہم روح وہم ریحاں تو اللہ مولانا علیؑ

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ اَرٰی اَعْمَالَ الْخَلَائِقِ فِی مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَلَا یَخْفٰی عَلَیَّ شَیْءٌ مِنْهُمْ | 96 | میں وہ شخص ہوں کہ مشرقوں اور مغربوں میں مخلوقات کے عملوں کو دیکھتا ہوں اور ان کی کوئی چیز مجھ پر پوشیدہ نہیں ہے" |

**مولوی معنوی فرماتے ہیں:**

اے رہنمائے مومناں اللہ مولانا علیؑ — اے ستر پوش غیب داں اللہ مولانا علیؑ
دانندۂ راز ہمہ انجام وآغاز ہمہ اللہ مولانا علیؑ — اے قدر و اعزاز ہمہ اللہ مولانا علیؑ

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا الَّذِیْ عِنْدِیْ اِثْنَانِ وَسَبْعُوْنَ اِسْمًامِنَ الْعِظَامِ ؛ | 97 | میں وہ شخص ہوں کہ میرے پاس اسمائے اعظم الٰہی سے بہتر اسم ہیں |
| اَنَا الْکَعْبَۃُ الْحَرامُ وَالْبَیْتُ الْحَرَامُ وَالْبَیْتُ الْعَتِیْقُ اَنَا الَّذِیْ یُمْلِکنِیَ اللّٰہُ شَرْقَ الْاَرْضِ وَغَرْبَھَا مِنْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَلَمْحِ الْبَصَرِ ؛ | 98 | میں ہوں کعبۃ الحرام اور بیت الحرام اور بیت العتیق کہ تینوں نام کعبہ شریف کے ہیں اور میں وہ شخص ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو ایک چشم زدن میں مشرق و مغرب یعنی تمام روئے زمین کا مالک کردے گا۔ |
| اَنَا مُحَمَّد الْمُصْطَفٰی اَنَا عَلِیٌّ الْمُرْتَضٰی کَمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ ظَھَرَ مِنِّیْ اَنَا الْمَمْدُوْحُ بِرُوْحِ الْقُدْسِ اَنَا الْمِعٰی الَّذِیْ لَایَقَعُ عَلِیّ اِثْمٌ وَّشُبْہٌ ؛ | 99 | میں ہوں محمدؐ مصطفیٰ میں ہوں علیؑ المرتضیٰ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ علیؑ مجھ سے ظاہر ہوا میں وہ شخص ہوں کہ روح القدس سے میری مدح کی گئی ہے میں وہ ہوں کہ صاحب فراست کا کوئی گناہ اور اشتباہ مجھ پر واقع نہیں ہوا ہے۔ |
| اَنَا اُظْھِرُ الْاَشْیَاءَ الْوُجُوْدِیَّۃِ کَیْفَ اَشَاءُ فِیْھَا ؛ | 100 | میں وہ شخص ہوں کہ اشیائے وجودیہ کو جس طرح چاہتا ہوں ظاہر کرتا ہوں۔ |

## تشریحات:

قارئین کرام نے خُطْبَۃُ الْبَیَان کے ایک سو منتخب جملے ملاحظہ فرمائے۔ یہ انتخاب حضرت علامہ سید محمد صالح کشفی نے کیا ہے جو کہ اَباً وَ جَدًّا ایک حقیقی اور پسندیدہ صوفی تھے اور ہمارے یہاں کسی کو صوفی اور پسندیدہ صوفی کہنا اور لکھنا ایک بلند مرتبہ رکھتا ہے۔ چنانچہ ہم تشریحات کا آغاز کرنے سے پہلے اُن کی کتاب کوکب دُرّی کے چھٹے باب سے سولھویں منقبت تک لکھتے ہیں تا کہ آپ موصوف سے اور موصوف کے والد ماجد علیہ الرحمہ سے متعارف ہو جائیں۔ لکھا ہے کہ:

''مصابیح القلوب میں مذکور ہے کہ ایک روز امیرؑ المومنین رحبہ میں بیٹھے ہوئے فرما رہے تھے کہ ''میں ہوں عبداللہ برادر رسولِ خدا اور میرے سوا رسولِ خدا کا بھائی ہونے کا کوئی شخص دعویٰ نہیں کر سکتا مگر جو کذّاب ہو۔ ایک شخص نے اُٹھ کر کہا میں اس بات کا دعویٰ کرتا ہوں۔ راوی کہتا ہے کہ مدعی کا گلا ایسا پکڑا گیا کہ اُسی وقت اُس کی روح جہنم کو سدھاری۔

مولف عرض کرتا ہے کہ نقل مذکور سے کسی قدر ملتا جلتا ایک واقعہ جو امیرؑ المومنین کے خارقِ عادت اور کرامت پر مشتمل ہے اس فقیر کے سامنے ظہور میں آیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک روز میرے والد کے پاس آ کر ایک شخص نے کہا۔ ''یا حضرت! معاویہ کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ اُنھوں نے جواب دیا کہ ہم صوفی ہیں اور مقولہ مشہور ہے کہ اَلصُّوْفِیُّ لَامَذْھَبَ لَہٗ (صوفی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا) کے مواقف ہمارا مشرب صلح کُل ہے۔ سائل نے کہا۔ اگرچہ آپ کا احوال نخستہ مآل بالکل آپ کے قول کے مطابق ہے لیکن بحکم آیہ وَ اَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْھَر (سائل کو محروم نہ رکھو اور اُس سے سخت آواز سے پیش نہ آؤ) طالبوں کی مشکلات کا حل کرنا کمال کی علامت ہے۔ مسکرا کر فرمایا کہ ''ظاہراً اُس سے بڑی تقصیر صادر ہوئی کہ کوئی مومن اپنے بیٹے کو معاویہ کے نام سے نامزد نہیں کرتا۔''

حاضرین مجلس میں سے ایک شخص عبداللہ نام نے اپنے باپ حاجی صالح نام سے جا کر کہا۔ ''مجھ کو آج معلوم ہوا کہ میر عبداللہ مشکین قلم تشیّع کا پہلو

Presented by Ziaraat.Com

رکھتے ہیں اور مجلس کا واقعہ من وعن بیان کیا۔ اُس کے باپ نے کہا۔ ''اِسی وقت میری طرف سے جا کر کہنا کہ حاجی صالح کہتا ہے کہ اگر میرے گھر میں لڑکا پیدا ہوگا تو میں اُس کا نام معاویہ رکھوں گا۔'' جو کچھ اُس کے باپ نے کہا تھا اُس نے میرے والد ماجد سے جبکہ وہ کتابت میں مشغول تھے آ کر بیان کیا۔ چونکہ بہت متحمل مزاج اور حوصلے والے شخص تھے۔ اُس سے عُذر خواہی کر کے از روئے شفقت ومرحمت، جو اُن کا جبلی خاصہ تھا فرمایا ۔''اَے عبداللہ یہ طریقہ لائق آدمیوں کا نہیں کہ ایک شخص کے حالات دوسرے شخص سے جا کر بیان کئے جائیں۔ اَنسب یہ ہے کہ آئندہ یہ طریقہ چھوڑ دو۔ الغرض اس کو نصیحت کرتے اور وعظ فرماتے ہوئے اُن کے حال میں تغیّر اور جذبے کے آثار ظاہر ہونے لگے اور یہ نوبت پہنچی کہ مستی کے عالم نے اہل مجلس میں اس قدر اثر کیا کہ حاضرین پر سخت رقت طاری ہوئی۔ بعد ازاں قلم ہاتھ سے رکھ کر اہل مجلس سے دریافت کیا کہ بچہ کتنے مہینے میں پیدا ہوتا ہے؟ جواب دیا کہ حمل کی زیادہ سے زیادہ مدت دس مہینے اور کم از کم چھ ماہ ہے۔ فرمایا: ''اپنے باپ سے جا کر کہہ دے کہ اگر تو چھ مہینے دنیا میں زندہ رہا تو ہم فقر کی ٹوپی سر پر نہ رکھیں گے اور امیرؑ برحق اور امامؑ مطلق کی حقیقی محبت کا دم نہ بھریں گے'' خدا کی قسم چار مہینے میں وہ متعصب اِس دنیائے فانی سے رخصت ہو کر عالمِ باقی میں اپنے مقام مقررہ میں جا رہا۔ میرے والد اُس کے مرنے کی خبر سُن کر اس قدر متاسف ہوئے کہ آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اُس وقت فرمایا کہ یہ فقیری اور درویشی کا طریقہ نہ تھا جو مجھ سے ظاہر ہوا۔ مجھ کو لازم تھا کہ اس کے حق میں نیک دعا کرتا کہ آئمہ معصومینؑ کے دوستوں میں سے ہوتا۔ لیکن تقدیر تبدیل نہیں ہو سکتی۔'' (صفحہ 362۔363)

اِس بیان سے پہلا سبق یہ ملتا ہے کہ صوفی حضرات امت میں پھیلے ہوئے تفرقوں کو مٹانے اور محمد وآل محمد سلام اللہ علیہم سے پبلک کو وابستہ کرنے کا مشن چلاتے رہے ہیں اور اپنے طرز کلام و بیانات سے نفرت اور تعصب کو کم کرنے میں کوشاں رہے ہیں لہٰذا اُن کے بیانات میں اگر کہیں ثلاثہ اینڈ کمپنی کے حق میں نرم الفاظ یا ہلکی سی مدح وثنا ملے تو وہ تبلیغی مصلحت کے ماتحت ظاہری صورت ہوتی ہے۔ اُن کے دلوں میں کہیں غیر محمدؐ وآل محمدؐ کی جگہ اور گنجائش نہیں ہوتی۔ اُن کے قلوب محبت وعقیدتِ علیؑ اور نبیؐ اور اُن کی اولاد علیہم السلام سے لبریز ہوتے ہیں۔ اُن کے علاوہ کسی اور کا ذکر وہ از راہ مجبوری ومصلحت کرتے ہیں۔ اور سب کے سب علماءِ شیعہ سے بہر حال بدرجہا بہتر عقائد رکھتے ہیں۔ کوکب دُرّی کے مصنف نے مذکورہ جملوں کے دوران اشعار لکھتے ہوئے جن علامہ کو مولوی معنوی لکھا ہے وہ دراصل مولوی جلال الدین رومی رحمۃ اللہ ہیں۔ علامہ شمس الدین معروف بہ شمس تبریز کے قصیدے کے چند اشعار سے صوفی عقائد کی تصدیق سُن لیں۔

تا صورتِ پیوند جہاں بود علیؑ بود — تا نقش زمیں بود و زماں بود علیؑ بود
ہم اول وہم آخر وہم ظاہر وباطن — ہم عابد وہم مَعبد ومعبود علیؑ بود
ہم آدم ہم شیثؑ وہم ادریسؑ وہم ایّوب — ہم یوسفؑ وہم یونسؑ ہم ھودؑ علیؑ بود
ہارونؑ ولایت کہ پس از موسیٰؑ عمران — واللہ کہ علیؑ بود علیؑ بود وعلیؑ بود
ایں کفر نہ باشد سخنِ کفر نہ ایں است — تا ھست علیؑ باشد و تا بود علیؑ بود
عیسیٰؑ بوجود آمد وفی الحال سخن گفت — آں نطق وفصاحت کہ بدُ و بود علیؑ بود
موسیٰؑ و عصاوید بیضا و نبوت — در مصر بفرعون کہ بنمود علیؑ بود
جبرئیل کہ آمد زبرِ خالق بے چوں — در پیش محمدؐ شد و مقصود علیؑ بود

Presented by Ziaraat.Com

آں لحمک لحمی بشنو تا کہ بدانی — آں یار کہ اُو نفس نبیؐ بود علیؑ بود
آں شاہِ سرفراز کہ اندر شب معراج — با احمدؐ مختار یکے بود علیؑ بود
چند آنکہ نظر کردم و دیدم بحقیقت — از ہر دو جہاں مقصد و مقصود علیؑ بود
آں قلعہ کشائے کہ در قلعۂ خیبر — بر کند بیک حملہ و بکشود علیؑ بود
آں مرد سرافراز کہ اندر رہِ اسلام — تا کار نہ شد راست نیاسود علیؑ بود
آں شیرِ دلاور کہ برائے طمعِ نفس — بر خوانِ جہاں پنجہ نیابود علیؑ بود
دو ہر دو جہاں جملہ ز پیدا و ز پنہاں — شمس الحق تبریز کہ بنمود علیؑ بود

یہاں یہ سن لیجیے کہ اگر کم از کم ایک مومن کے عقائد ایسے نہ ہوں تو زیرِ تشریح خطبہ قلب و ذہن کی برداشت سے باہر ہے۔ جگہ جگہ سوالیہ جملے گھیر لیں گے۔ مگر یاد رکھیں کہ اگر آپ نے حضرت علی علیہ السلام کو ہٹا کر اُن کی جگہ اللہ کو رکھا تو وہاں اللہ اللہ نہ رہے گا۔ لہٰذا جہاں ایسا شبہ واقع ہو وہاں اللہ کو علیؑ کی جگہ لے آیئے اور خالص عقلی دلیل سے اللہ کو باقی رکھیے، ہم داد دیں گے۔

## 2۔ محمدؐ علیؑ فاطمہؑ و حسنینؑ و دیگر آئمہؑ کا مسلمہ مقام ہر وقت ذہن میں رہنا ضروری ہے۔

اگر آپ یہ جانتے اور مانتے ہیں کہ چہاردہ معصومین علیہ السلام اولین مخلوق ہیں اور لامحدود زمانہ تک خالص قُرب خداوندی میں رکھے گئے ہیں اور تربیت کئے گئے ہیں اور جن حالات اور صورتوں میں اَربوں سال اللہ سے متصل رہے ہیں وہ بھی عقل و فہم کی حدود میں آنے والے حالات اور صورتیں نہیں ہیں وہی حالات اور صورتیں تھیں جن کی بنا پر دیکھے ہوئے اللہ کی عبادت کرنے کا دعویٰ برحق ثابت ہوتا ہے۔ بہرحال پھر اللہ کا بتدریج اور تعارفی ضرورت محمدیہؐ کے مطابق کائنات کو وجود بخشنا اور ساری کائنات کو نورِ محمدیؐ سے پیدا کرنا' نورِ محمدی کی پسندیدہ صورت دینا اور نورِ محمدیؐ سے پیدا کرنا یعنی چہاردہ معصومینؑ کو علت مادی اور علت فاعلی اور علت صوری اور علت نمائی بنا کر کائنات اور کائناتی موجودات کو زیورِ تخلیق سے آراستہ کرنا اور ہدایت یافتہ بنانا سب پر اطاعت کو واجب کرنا پوری مخلوق کی ذمہ داریاں سپرد کرنا۔ الغرض اگر حدیث معصومین علیہم السلام کے مسلمہ عقائد سامنے ہوں تو خطبہ کے سمجھنے اور دل نشین کرنے میں کوئی دقت پیش نہیں آسکتی۔ ورنہ قدم قدم پر قدم اُکھڑتے نظر آئیں گے۔ ہم مانتے ہیں کہ یہ خطبہ سادہ اور سطحی عقائد رکھنے والوں کے لئے نہیں ہے یہ تو اُن مومنین کے لئے ہے جو اسلام اور خدا و رسولؐ کے بلند ترین عقائد پر مطلع ہوں۔ جو یہ جانتے ہوں کہ قرآن میں مذکور صفات خداوندی محض افہام و تفہیم اور وسیلۂ کلام بنانے کے لئے مذکور ہوئی ہیں تاکہ آپ اللہ کے متعلق بلند ترین عقائد و تصورات قائم کرسکیں اور اللہ کو مادیت سے باہر نکال کر سمجھ سکیں۔

## 3۔ تمام مخلوقات سامنے' ساری مخلوقات کی ذمہ داریاں سامنے۔

خطبہ میں آنے والی بہت سی حیرانیاں ایک حدیث سے دور ہو جائیں گی۔ سُنیے فرمایا کہ:

**عن محمد بن سنان قال کنتُ عند ابی جعفر الثانی علیه السلام فاجریت اختلاف الشیعة فقال: یا محمد اِنَّ اللّٰه تبارک تعالیٰ لم یزل متفردًا بوحدانیة ثم خلق محمدً او علیًّا و فاطمة فمکثوا الف دهرٍ ثم خلق جمیع الاشیاء فَاَشهد هم خلقها وَاَجْری طاعتهم عَلیها و فوّض امورها اِلیهم فهم یحلّون ما یشاؤون ویحرّمون ما یشاؤون ولن**

Presented by Ziaraat.Com

یشاؤ و ا الا ان یشاء اللّٰہ .ثم قال یا محمد ھٰذہ الدیانۃ التی ...الخ (کتاب الحجۃ کافی نمبر5ابواب التاریخ)

محمد بن سنان نے کہا کہ میں جناب امام تقی علیہ السلام کے پاس تھا میں نے اُن سے شیعوں کے اختلاف کا ذکر کیا تو فرمایا کہ اے محمد اللہ برابر اپنی واحدانیت اور یگانگت کے ساتھ موجود چلا آرہا تھا کہ اُس نے محمدؐ وعلیؑ اور فاطمہؑ کو پیدا کر دیا اور وہ ایک ہزار زمانوں تک موجود رہتے چلے گئے۔ پھر اللہ نے تمام چیزوں کو پیدا کیا اور ہر ہر چیز کی تخلیق پر اُن کو حاضر رکھا اور گواہ بنایا اور اُن تمام چیزوں پر اُن کی اطاعت واجب کی اور تمام مخلوقات کے تمام کام اور معاملات اُن حضراتؑ کو سونپ دیے چنانچہ وہ حضراتؑ تمام مخلوقات کے لئے جو کچھ چاہتے ہیں حلال کرتے ہیں اور جو کچھ چاہتے ہیں حرام کرتے ہیں اور وہ کچھ نہیں چاہتے جب تک اللہ نہ چاہے۔ اے محمد یہ ہے حقیقی دین و دیانت۔ جو اس سے ذرا بھی اِدھر اُدھر ہوا ہلاک وتباہ وجہنمی ہو گیا اور جو حرف بہ حرف اس سے وابستہ رہا وہ کامیاب ہوا لہٰذا تم اَے محمد اس سے وابستہ رہو۔''

(کافی کتاب الحجۃ، جلد اول، ابواب التاریخ، مولد النبیؐ ' حدیث نمبر5)

## 4۔ حدیث کو مانو تو سب ہی ماننا پڑے گا؟

اول یہ کہ تخلیق محمد وعلی وفاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہم باقی کائنات سے ایسے ہزار زمانے پہلے ہوئی جب زمانہ متعین کرنے والا سامان چاند وسورج نہ تھے یعنی کروڑوں اربوں سال سے زیادہ عرصہ تک یہ تینوں حضراتؑ خالص اللہ کے قرب وتوجہات سے وابستہ رہے اور اُنہیں ایسا بنا لیا گیا کہ ساری کائنات اور موجودات اور تمام چیزوں کی تخلیق پر وہ موجود وشاہد ومشہود رہیں اور تخلیق کے ہر پہلو اور تفصیل کو دیکھیں۔ چنانچہ ہر چیز اُن کے سامنے بنی اور جہاں جہاں بنی وہاں وہاں وہ بیک وقت موجود رہے۔ جو چیز بنتی گئی اُس سے اُن حضراتؑ کا تعارف کرایا گیا اور اُن کی اطاعت ہر چیز پر واجب کی گئی اور ہر ہر چیز کی متعلقہ ذمہ داریاں اُن حضرات علیہم السلام کو سپرد کر دی گئیں اور وہ اُن ذمہ داریوں کو حسب منشائے خداوندی پورا کر رہے ہیں۔ یہاں یہ بات اور نوٹ کر لیں کہ حلال کرنے اور حل کرنے کے معنی کھولنے اور جائز کرنے کے ہیں اور حرام کرنے کے معنی بند کرنے اور روکنے اور ناجائز کرنے کے ہیں۔ اور مخلوقات کے کُل امور میں اُن کو سامان بقا وسامان ترقی فراہم کرتے رہنا بھی داخل ہے۔ اُن کی موت وزیست بھی شامل ہے۔ اُن کی آسودگی اور تنگی بھی داخل ہے اور یہ سب کچھ وہ حضرات علیہم السلام معیار خداوندی ومشیت الٰہی کے مطابق انجام دیتے ہیں۔ اُن کو سند دی گئی ہے کہ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ (دھر 76/30 اور 29/81) اُن کی مشیت وہی ہے جو اللہ کی مشیت ہے۔

## 5۔ خطبے کے جملوں پر نظر ڈالتے جائیں اور محمدؐ وعلیؑ وفاطمہؑ اور دیگر آئمہؑ کے مقام سے مقابلہ کرتے چلیں۔

خطبہ کا پہلا جملہ غیب کی کنجیوں کا حضرت علی علیہ السلام کے پاس ہونا بتاتا ہے۔ اور یہ بات عام عقل کے آدمی کو قرآن کریم کے خلاف معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ وہاں اللہ نے یہ فرمایا ہے کہ:

وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَۃٍ اِلَّا یَعْلَمُھَا وَلَا حَبَّۃٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ O(6/59)

اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ بحر وبر میں جو کچھ ہے سب سے وہ واقف ہے۔ درخت سے گرنے والا کوئی پتہ ایسا نہیں جس کا اُسے علم نہ ہو۔ زمین کے تاریک پردوں میں کوئی دانہ ایسا نہیں جس سے وہ باخبر نہ ہو۔ خشک وتر سب کچھ ایک کھلی کتاب میں لکھا ہوا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 546)

Presented by Ziaraat.Com

فی الحال ایک اور آیت پڑھ لیں تا کہ مودودی صاحب کا عادی مجرم ہونا ثابت ہو جائے فرمایا گیا کہ:۔

وَمَامِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ مَافَرَّطْنَا فِی الْكِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ اِلٰی رَبِّهِمْ یُحْشَرُوْنَ O(6/38)

**مودودی** :''زمین میں چلنے والے کسی جانور اور ہوا میں پروں سے اُڑنے والے کسی پرندے کو دیکھ لو وہ سب تمھاری ہی طرح کی انواع ہیں ہم نے اُن کی تقدیر کے نوشتے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد اول صفحہ 537)

## 6۔ قریش اور قریشی علما نے عہد رسولؐ ہی میں قرآن کو تبدیل کر دیا تھا اور دشمن رسولؐ کا لقب پایا تھا۔

یہ بار بار ثابت کیا گیا ہے کہ عہدِ رسولؐ ہی میں قریشی قوم نے قرآن کو معنوی حیثیت سے تبدیل کر دیا تھا اور انہیں اللہ نے مجرم اور دشمن رسولؐ قرار دے کر (فرقان 31۔30/ 25) صحیح قرآن پیش کئے جانے کی ذمہ داری لے لی تھی۔ مودودی بھی قریشی مذہب کے عالم ہیں لہٰذا وہ بھی قرآن کے غلط معنی کرتے ہیں۔ لہٰذا دوسری آیت (6/38) میں لفظ اُمَمٌ یعنی اُمتیں موجود ہے مگر مودودی اُمتیں ترجمہ نہیں بلکہ ''انواع'' لکھتے ہیں۔ پھر دونوں آیتوں میں لفظ کتاب آیا ہے مودودی (6/37) میں اپنی جیب سے اُسے تقدیر کا نوشتہ بنا دیتے ہیں اور (6/59) میں کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ یعنی قرآن کی جگہ کوئی اپنی پسند کی کھلی کتاب بنا ڈالتے ہیں۔ حالانکہ دونوں آیتوں میں اللہ نے یہ بتایا ہے کہ قرآن مجید میں ہر چیز کا بیان موجود ہے اور اُس میں کوئی کمی یا خامی یا کسر نہیں چھوڑی گئی ہے اور اسی بات کو آگے چل کر یوں فرمایا ہے کہ:

مَاكَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَلٰكِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَتَفْصِیْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَO(12/111)

**پھر مودودی**:۔''یہ جو کچھ قرآن میں بیان کیا جا رہا ہے یہ بناوٹی باتیں نہیں ہیں۔ بلکہ جو کتابیں اس سے پہلے آئی ہوئی ہیں انہی کی تصدیق ہے اور ہر چیز کی تفصیل اور ایمان لانے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے''۔ (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 438)

اس آیت میں بھی مودودی صاحب نے آیت میں آئے ہوئے لفظ ''قوم'' کو غائب کر لیا ہے۔ معلوم ہوا کہ مودودی لفظ امت اور قوم کو اپنی قوم کے سامنے لانے میں خطرہ محسوس کرتے ہیں۔ بہرحال یہ تازہ آیت (12/111) بات واضح کر دیتی ہے کہ اللہ نے قرآن میں ہر ہر شے کی تفصیل بیان فرما دی ہے اور ایسا کرنے میں کسی طرح کی کمی یا کسر نہیں چھوڑی ہے (6/38) اور غیب اور مفاتح الغیب اور بحر و بر اور ہر گرنے والے پتے اور اندھیرے میں ڈالے جانے والے دانے اور تمام ہی خشک و تر کا حال کتاب مبین یا قرآن میں بیان کر دیا ہے (6/59) اور یوں علامہ مودودی کی فریب کاری واضح ہو جاتی ہے کہ وہ ''الکتاب'' اور ''کتاب مبین'' کو قرآن کے بجائے کچھ اور بنا دینا چاہتے ہیں تا کہ قرآن کریم کی تعلیم دینے والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو علم غیب سے ناواقف اور کائنات کی تفصیلات سے بے بہرہ دکھا سکیں لیکن قرآن میں اللہ نے واضح کر دیا ہے کہ:۔

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِیْمٍO ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍ Oمُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ Oوَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ Oوَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ Oوَمَا هُوَ عَلَی الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍO(81/19-24)

''بلاشبہ یہ پورا قرآن اور اس میں مذکور تمام تفصیلات رسولؐ کریم کی ایک بات کے برابر ہے۔ اور اس ہستی کے نزدیک وہ رسولؐ کریم قوت والا ہے جو عرش پر مکان رکھتی ہے۔ یا عرش کی مکین ہے۔ ساری کائنات اس رسولؐ کریم کی اطاعت کرتی ہے جو کہ امانت دار ہے۔ اور تمہارا مالک پاگل نہیں اس نے تو اس کو بیان کرنے والے افق پر دیکھا ہے۔ اور وہ رسولؐ کریم غیب کی پوری جنس کے معاملے میں کنجوس و بخیل و تنگ دل نہیں ہیں''۔

Presented by Ziaraat.Com

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حقداروں کو علم غیب عطا کرنے میں سخی ہیں بخیل نہیں۔ چنانچہ علم غیب ہی نہیں بلکہ حقدار حضرات کو رسولؐ کریم نے وہ بھی سب کچھ تعلیم کر دیا تھا جو وہ جانتے نہ تھے یعنی اُن سے جہالت و نادانی کی نفی کر دی تھی:

.... وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ O (2/151)

یہاں یہ بھی نوٹ کر لیں کہ لفظ ''يُعَلِّمُكُمْ'' مضارع کا صیغہ ہے اور اس کے معنی ہوتے ہیں کہ: ''وہ تمھیں تعلیم دیتا ہے اور دیتا رہے گا''۔ لہٰذا علم غیب ہو یا کوئی اور علم ہو رسولؐ اللہ فراخدلی کے ساتھ تعلیم جاری رکھیں گے۔ البتہ علوم خداوندی کی کنجیاں وہ خود ہیں یا خود اُن کی تحویل میں ہیں۔ اب بتایئے کہ حضرت علی علیہ السلام نے کون سی ایسی بات فرما دی ہے جو کسی طرح اور کسی حیثیت سے بھی قابل اعتراض ہو؟ یا ناممکن العمل ہو؟ یا اُن کی قدرت سے باہر ہو؟ یا اللہ کے خلاف ہو؟

سُنو اور یاد رکھو کہ علم غیب ہو یا کوئی اور علم ہو کسی کو از خود نہ معلوم ہوا ہے نہ ہو سکتا ہے۔ تمام ضروری سامان کی طرح علوم بھی اللہ دیتا ہے۔ اور اُس نے کہیں یہ نہیں فرمایا کہ میں کسی کو علم غیب نہ دوں گا یا میں علم غیب نہیں دے سکتا یا میں علم غیب دینا چاہوں تب بھی نہیں دے سکتا۔ پھر یہ سوچئے کہ مندرجہ بالا حدیث کی تفصیلات کے بعد اور قرآن کی مذکورہ تفصیلات کے بعد کون سی ایسی چیز باقی رہ جاتی ہے جس کے علم کو علم غیب کہا جا سکے۔؟ جنھوں نے ایک ایک چیز کی ایک ایک مخلوق کی تخلیق کی پوری ترتیب' تدبیر اور تنظیم اور سامان تخلیق وصفات وخصوصیات خود دیکھی ہوں اُن سے کائنات کی کون سی چیز چھپی رہ سکتی ہے؟ ذرا سوچ کر ایک چیز کا نام بتایئے؟

اور ہم یہ بتائے دیتے ہیں کہ ساری دنیا کے موجودہ اور آیندہ آنے والے انسان کوئی ایسی بات بتا سکیں گے جو مذکورہ آیات اور حدیث کی تفصیلات سے باہر رہ گئی ہو۔ لہٰذا صاحب قرآن حضرت علی علیہ السلام ہی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ حضرات علم غیب کی کنجیاں رکھنے اور ہر ہر چیز کی تفصیلات کے علیم ہونے کا اعلان فرمائیں (2-1)۔

## 7۔ بچوں، عورتوں، جاہلوں، نادانوں اور دیہاتیوں کی عقلی حدود تک کہی ہوئی باتوں کو محدود کرنا غلط ہے۔

یہ کہنا کہ۔ ''میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ علم کے شہر کا دروازہ ہے۔'' صاف بتاتا ہے کہ یہ بات ایسے لوگوں سے کہی گئی ہے جو ساری دنیا کا تصور اپنے سر میں نہ رکھتے ہوں۔ لیکن ساری دنیا کی بار بار سیر کر چکنے والوں کے لئے یہ بات بہت چھوٹی اور محدود بات ہے۔ لہٰذا علم کا شہر ہونا درحقیقت رسولؐ کے شایان شان نہیں ہے اور علم کے شہر کا دروازہ ہونا حضرت علیؑ کیلئے ایک گھٹیا اور توہین انگیز بات ہے۔ لیکن بات چونکہ بہت گھٹیا اور ذلیل لوگوں سے ہو رہی ہے یعنی عرب مخاطب ہیں اس لئے یہ توہین برداشت کر لی گئی تھی (3) مگر جو لوگ علیؑ اور محمدؐ کے علم کو یہیں تک محدود رکھنا چاہتے ہیں وہ یا تو فریب ساز ہیں یا ترقی کے دروازے بند رکھنا چاہتے ہیں بہر حال وہ جو کچھ بھی ہوں محمدؐ و علیؑ اُن کے پیمانوں میں نہیں سماتے۔ سمندر آپ کے برتنوں کو دیکھ کر سکڑ نہیں سکتا۔ عرب کو دیکھ کر عالمین سمٹ نہیں سکتا اور جن حضرات علیہم السلام کے لئے لفظ عالمین طرح طرح اور بار بار بولا گیا ہو اُن حضرات کو جاہلوں کی زبان میں جاہلوں کے لئے عربی، مکی یا مدنی کہا جا سکتا ہے اور کہا گیا ہے۔ لیکن وہ نہ عرب میں سما سکتے ہیں نہ مکہ اور مدینہ میں سمٹ سکتے ہیں۔ وہ لامحدود ہستیاں ہیں اُن جاہلوں کے لئے تو بڑے سے بڑا لفظ عالمین تھا جو اُن حضرات علیہما السلام کے لئے ایک چھوٹا لفظ ہے۔ وہ اس عالمین میں اُسی طرح محدود نہیں کئے جا سکتے جس طرح ربُ العالمین کو عالمین میں سمویا نہیں جا سکتا۔ اُس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ ربُ العالمین ہے تو وہ نذیرٌ للعالمین اور رحمۃٌ للعالمین ہیں اُن کے لئے تو کم از کم یہ کہنا چاہیے ''میں علم کا عالمین ہوں اور علم کے عالمین کی شاہراہ علیؑ ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com

## 8۔ محمدؐ وعلیؑ اور اللہ کی لامحدودیت:

یہاں پہلے آپ علامہ مودودی کا ایک جملہ پڑھ لیں تو ہم اُس کا مطلب سُنائیں گے:

**مودودی اور کائنات:**

''رہے بعید ترین اجرام فلکی جو ہمارے موجودہ آلات سے نظر آتے ہیں اُن کی روشنی تو زمین تک پہنچنے میں دس کروڑ سال لگ جاتے ہیں'' اس پر یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ انسان نے ساری کائنات دیکھ لی ہے۔ یہ خدا کی خدائی کا بہت تھوڑا سا حصہ ہے جواب تک انسانی مشاہدے میں آیا ہے آگے نہیں کہا جا سکتا کہ مزید ذرائع مشاہدہ فراہم ہونے پر اور کتنی وسعتیں انسان پر منکشف ہوں گی۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 261)

مودودی کے جملے سے واضح ہو گیا کہ انسان نے ابھی ساری کائنات یا عالمین نہیں دیکھے ہیں نہ معلوم عالمین یا کائنات کی اور کتنی وسعتیں ابھی دیکھنا باقی ہیں۔ یہ جملہ یہ بھی بتاتا ہے کہ موجودہ آلات سے جو بعید ترین اجرام فلکی نظر آتے ہیں اُن کی روشنی اس زمین تک دس کروڑ سال میں پہنچتی ہے۔ ذرا حساب لگائیے کہ روشنی ایک سیکنڈ میں 186000 (ایک لاکھ چھیاسی ہزار) میل کا سفر طے کرتی ہے تو دس کروڑ سال میں کتنی مسافت طے کرے گی۔

ایک سیکنڈ =186000 میل

ایک منٹ =60 x 186000

ایک گھنٹہ =60 x 60 x 186000

ایک دن = 24 x 60 x 60x 186000

ایک مہینہ = 30 x 24 x 60x 60x 186000

ایک سال =12 x 30 x 24 x 60 60 x 186,000

دس کروڑ سال = 100,000,000 x 31674240

یعنی 3167424000000000 میل

یعنی سادہ اور روزمرہ والے سالوں کے حساب سے کائنات کا موجودہ بعید ترین ستارہ تین سنکھ سولہ پدم چوھتّر کھرب چوبیس ارب میل ہے (غلطی ہو تو صحیح کر لیں) کم از کم اس وسعت کے اندر کوئی چیز ایسی نہیں ہو سکتی جس پر محمدؐ وعلیؑ و فاطمہؑ اور دیگر آئمہ معصومین کا علم حاوی اور محیط نہ ہوں۔ بتائیے اس وسعت کے سامنے علم کا شہر کہنا کتنا حقیر اور کیسے حقیر لوگوں کے لئے ہو سکتا ہے؟

بہر حال یہاں ہمیں یہ کہنے دیں کہ درحقیقت شیعہ وسُنی عوام اور شیعہ مجتہدین اور قریشی علما اپنے ہاتھوں اور پیروں کے علاوہ اور کسی چیز پر ایمان نہیں رکھتے مگر ہم بھی فرض کیے لیتے ہیں کہ وہ اللہ کو ربُّ العالمین مانتے ہیں تو اُن کو بھی یہ ماننا ہوگا کہ عالمین یا کائنات کی مذکورہ وسعتوں میں نہ کوئی ایسی جگہ ہونا چاہیے نہ کوئی ایسی چیز ہونا چاہیے جو اللہ کو معلوم نہ ہو یا جہاں تک اللہ کی ربوبیت نہ پہنچتی ہو۔ اسی طرح اُن کو یہ بھی ماننا پڑے گا کہ جہاں جہاں تک اللہ کا علم و ربوبیت پہنچتے ہیں وہاں وہاں تک رحمۃٌ للعالمین اور نذیرٌ للعالمین کی رحمت و تنذیر پہنچتی ہے اور اللہ کی طرح اُنہیں تمام مخلوقات کے حالات وضروریات کا علم حاصل رہتا ہے۔ لہٰذا جس طرح اللہ پوری کائنات پر حاوی اور محیط ہے اُسی طرح اُس نے محمدؐ وعلیؑ و فاطمہؑ اور

Presented by Ziaraat.Com

حسنینؑ اور دیگر آئمہؑ کو حاوی ومحیط رکھا ہے۔اور اُن کا شمار عام لوگوں کے ساتھ نہیں بلکہ اللہ کے ماتحت شمار ہونا چاہیے۔

**9۔ جیسا کہ بہت سی صفاتِ خداوندی اللہ کی حقیقی صفات نہیں ہیں اُسی طرح حساب کتاب بازپُرس کرنا' جزا سزا اُسے محدود کرتا ہے۔**

ہم نے عرض کیا ہے کہ ہر وہ صفت یا کام اللہ کی حقیقی صفت اور کام نہیں ہوسکتا جس سے اللہ کی ذات میں کوئی نقص واحتیاج ثابت ہو اور اس کی مثالیں بھی دی جا چکی ہیں اور بتا دیا گیا ہے کہ محمدؐ وعلیؑ اور دیگر آئمہ علیہم السلام وہ اولیائے خداوندی یا حکمران ہیں جو اللہ کیلئے اللہ کی جگہ ذمہ داریاں پوری کرتے ہیں اور اِس طرح اُن کے احساسات واقوال اور اعمال اللہ سے منسوب کئے جاتے ہیں جیسے غصہ،غضب،محبت،رحم،افسوس وغیرہ ایسی تمام صفات اللہ کی صفات نہیں ہوسکتیں جن سے اللہ کی ذات میں تغیر پیدا ہونے کا امکان ہو چونکہ متغیر ہونے والی تمام چیزیں فانی ہیں۔ ایسی صفات کو اللہ سے اسلئے منسوب کیا گیا ہے کہ وہ صفات محمدؐ وعلیؑ اور آئمہؑ میں موجود ہیں اور یہ اللہ کے نمائندے ہیں اور اُن کے اقوال واعمال اللہ سے منسوب ہیں۔اِسی طرح وہ تمام صفات جن میں اللہ کو ہر بندے کے سامنے آنے کا تقاضہ ہو۔اُسے باتیں اور سوال وجواب کرنا لازم ہو چلنا پھرنا کھڑا ہونا،بیٹھنا پڑتا ہو اللہ کی صفات نہیں ہوسکتیں۔لہٰذا حساب کتاب حشر ونشر،جزا وسزا بھی اُس نے اپنے نمائندوں کو سونپ دیا ہے اور خود سے حسب قاعدہ منسوب کرلیا ہے۔آیئے اس سلسلے میں نمونہ اور مثال کے طور پر قرآن کریم کی بہت سی آیات میں سے چند ملاحظہ ہوں۔

**10۔ قیامت وحشر ونشر وغیرہ کا انتظام نمایندگان سے:**

اللہ نے فرمایا کہ:یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ وَنَحْشُرُالْمُجرِمِیْنَ یَوْمَئِذٍ زُرْقًا O( 102،103،104،105،106،107/20)یَوْمَئِذٍ یَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَاعِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا Oیَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا O(20/108-109)

**مودودی،آٹھ آیتوں کا ترجمہ:**

''اُس دن جب صور پھونکا جائے گا اور ہم مجرموں کو اس حال میں گھیر لائیں گے کہ اُن کی آنکھیں دہشت کے مارے پتھرائی ہوئی ہوں گی۔آپس میں چپکے چپکے کہیں گے کہ دنیا میں مشکل ہی سے تم نے کوئی دس دِن گزارے ہوں گے۔ہمیں خوب معلوم ہے کہ وہ کیا باتیں کر رہے ہوں گے۔ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ اُس وقت اُن میں سے جو زیادہ سے زیادہ محتاط اندازہ لگانے والا ہوگا وہ کہے گا کہ نہیں تمھاری دنیا کی زندگی بس ایک دن کی زندگی تھی۔یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر اُس دن یہ پہاڑ کہاں چلے جائیں گے؟ کہو کہ میرا رب اُن کو دھواں بنا کر اُڑا دے گا۔اور زمین کو ایسا ہموار اور چٹیل بنا دے گا کہ اُس میں تم کوئی بل اور سِلوٹ نہ دیکھو گے۔اُس روز سب لوگ منادی (اَلدَّاعِی) کی پکار پر سیدھے چلے آئیں گے۔کوئی ذرا اکڑ نہ دکھا سکے گا اور آوازیں رحمان کے آگے دب جائیں گی ایک سرسراہٹ کے سوا تم کچھ نہ سُن سکو گے۔اُس روز شفاعت کارگر نہ ہوگی اِلا یہ کہ کسی کو رحمان اس کی اجازت دے دے۔اور اُس کی بات سننا پسند کرے۔''

(ترجمہ ختم ہوا،تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 122 تا 126)

**10(الف)۔ مودودی کا ترجمہ کیا کچھ بتاتا ہے؟**

پہلی بات یہ کہ قیامت میں حشر ونشر اور لوگوں کے حاضر ہونے کی بات ہوئی ہے۔دوسری بات یہ کہ حشر ونشر کے لئے صور پھونکا یا بجایا گیا مگر صور کس نے پھونکا یا بجایا مذکور نہیں ہے۔تیسری بات یہ ہے کہ حشر کے لئے بلانے والا اللہ کے سوا کوئی اور ہے جسے اَلدَّاعِی کوئی مخصوص دعوت

Presented by Ziaraat.Com

دینے یا بلانے والا کہا گیا ہے اور اس الداعی کو مودودی نے اپنے الفاظ میں منادی لکھا ہے یعنی ندا دینے والا۔ اس کی آواز ہر جگہ پہنچی اور سُنی گئی۔ لوگ زندہ ہو کر بے چون و چرا اس کی اتباع و تعمیل کے لئے چلے آ رہے ہیں چوتھی بات یہ ہے کہ اللہ یہاں تنہا نہیں ہے بلکہ الفاظ نَحْنُ اور نَحْشُرُ بتاتے ہیں کہ اس حشر و نشر کے کم از کم تین حضرات انچارج ہیں جن میں سے ایک خود اللہ ہے اور دوسرا وہ مخصوص اَلدَّاعِی یا بقول مودودی منادی کرنے والا ہے اور تیسرے کا ان آیات میں ذکر نہیں ہے تا کہ نَحنُ اور نَحْشُرُ جمع کے صیغوں کی تعداد پوری کی جا سکے۔ بہر حال یہ طے شدہ حقیقت ہے کہ تنہا اللہ کچھ نہیں کر رہا ہے۔ تیسرا وہ شخص ہو سکتا ہے جس نے صور پھونکا یا بجایا تھا۔ دوسری جگہ فرمایا ہے کہ:

**10(ب)۔ حشر و نشر کئے جانے کی دوسری مثال میں بھی تنہا اللہ نہیں ہے۔**

**وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ O يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ O اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ O يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ O نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ O (45 تا 41/50)**

**مودودی ترجمہ:** ''اور سُنو جس دن منادی کرنے والا ہر شخص کے قریب ہی سے پکارے گا۔ جس دن لوگ آوازۂ حشر کو ٹھیک ٹھیک سُن رہے ہوں گے وہ زمین سے مُردوں کے نکلنے کا دن ہوگا۔ ہم ہی زندگی بخشتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف اُس دن سب کو پلٹنا ہے۔ جب زمین پھٹے گی اور لوگ اُس کے اندر سے نکل کر تیز تیز بھاگے جا رہے ہوں گے۔ یہ حشر ہمارے لئے بہت آسان ہے۔ اَے نبیؐ جو باتیں یہ لوگ بنا رہے ہیں اُنہیں ہم خوب جانتے ہیں اور تمھارا کام اُن سے جبراً بات منوانا نہیں ہے بس تم اس قرآن کے ذریعہ سے ہر اُس شخص کو نصیحت کر دو جو میری تنبیہ سے ڈرے۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 125 تا 128)

اس ترجمہ کا نچوڑ سامنے لانے سے پہلے ان آیات پر کی ہوئی مودودی کی تشریحات بھی سُن لیں تب آیات کا پورا مطلب واضح ہو سکے گا۔

**10۔(ج) مودودی کی وضاحت و تشریحات:**

۔''52؎ یعنی جو شخص جہاں مرا پڑا ہوگا یا جہاں بھی دنیا میں اُس کی موت واقع ہوئی تھی، وہیں خدا کے منادی کی آواز اُس کو پہنچے گی کہ اُٹھو اور چلو اپنے رب کی طرف اپنا حساب دینے کے لئے۔ یہ آواز کچھ اس طرح کی ہوگی کی روئے زمین کے چپے چپے پر جو شخص بھی زندہ ہو کر اُٹھے گا وہ محسوس کرے گا کہ پکارنے والے نے کہیں قریب ہی سے اُس کو پکارا ہے۔ ایک ہی وقت میں پورے کرۂ ارض پر ہر جگہ یہ آواز یکساں سُنائی دے گی۔ اس سے بھی کچھ اندازہ ہو سکتا ہے کہ عالم آخرت میں زمان و مکاں کے اعتبارات ہماری موجودہ دنیا کی بہ نسبت کس قدر بدلے ہوئے ہوں گے اور کیسی قوتیں کس طرح کے قوانین کے مطابق وہاں کارفرما ہوں گی۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 127)

دوسری تشریح: ''53؎ اصل الفاظ ہیں يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ دوسرے معنی کے لحاظ سے مطلب یہ ہے کہ وہ یقینی طور پر یہ آوازۂ حشر سُنیں گے۔ انہیں خود معلوم ہو جائے گا کہ یہ کوئی وہم نہیں ہے بلکہ واقعی یہ آوازۂ حشر ہی ہے۔ کوئی شبہ انہیں امر میں نہ رہے گا کہ جس حشر کی انہیں خبر دی گئی تھی وہ آ گیا ہے اور یہ اُسی کی پکار بلند ہو رہی ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 127)

**10۔(د) حشر اور قیامت اور باز پرس اور جزا و سزا اللہ تعالیٰ اور نمایندگانؑ خدا محمدؐ و علیؑ وغیرھمؑ پروگرام کے مطابق انجام دیں گے**

آپ نے قرآن کی آیات، مودودی کا ترجمہ اور تشریحات دیکھی ہیں جس سے دوبارہ ثابت ہوا کہ قیامت کا پروگرام اور عملدرآمد تنہا اللہ

Presented by Ziaraat.Com

انجام نہ دے گا۔اور جمع کے صیغے بول کر اللہ نے واضح کر دیا کہ قیامت کی کارروائی کئی ہستیاں انجام دیں گی اور اُن سب کے سامنے پیشی اور حساب کو اللہ کے سامنے پیشی اور اللہ کا حساب لینا فرمایا گیا ہے۔اور اسی کو ثابت کرنے کیلئے اللہ نے فرمایا ہے کہ وَ اِلَیْنَا الْمَصِیْرُ اور یہ کہ ذٰلِکَ حَشْرٌ عَلَیْنَا یَسِیْر اور یہ تمام پیشیاں ہمارے سامنے ہوں گی اور وہ حشر ونشر ہمارے لئے آسان ہے۔اور قارئین دیکھ رہے ہیں کہ یہاں بھی پہلی مثال کے مانند ایک ایسا بُلانے والا، ایک ایسا پکارنے والا منادی اور داعی موجود ہے جو ایک آواز سے تمام جنوں اور انسانوں وغیرہ کے مُردوں کو زندگی اور ہوش وحواس دے کر حاضر کرلے گا۔یہ نوٹ کریں اس کام کو اللہ کے سوا کوئی اور ہستی انجام دے رہی ہے اور قیامت کے کاموں میں اس سے بڑا اور کوئی بھی کام نہیں ہے۔اور حشر ونشر برپا کرنے والی یہ ہستی بقول مودودی روئے زمین کے چپے چپے پر ہر جگہ ہر مُردے کے پاس موجود ہے اور یہ ہستی بقول مودودی بھی زمان ومکان وطبیعی قوانین کی گرفت سے بلند وبالا اور ارفع واعلیٰ ہے اور یہ وہی ہستی ہے جس نے فرمایا ہے کہ:

اَنَا الَّذِیْ اَتَوَلّٰی حِسَابَ الْخَلَائِقِ ؛ ''میں وہی ہستی ہوں جو تمام مخلوقات سے بازپُرس پر حکمران اور ذمہ دار ومتکفل ہوں''(7)

اَنَا مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اِنَّ اِلَیْنَا اِیَابَھُمْ

''اُن کا مرجع اور بازگشت ہماری طرف ہونا ہے اور پھر ہمارے ہی ذمہ اُن کا حساب لینا ہے(9)

اَنَا قَسِیْمُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ؛ اور میں اُن میں جنت وجہنم کو تقسیم کرنے والا ہوں۔''(18)

اَنَا الصَّیْحَةُ بِالْحَقِّ یَوْمُ الْخُرُوْجِ ''میں ہی حشر ونشر برپا کرنے والا آوازۂ برحق ہوں'' 24( 42/50)

اَنَا مُخْرِجُ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنَ الْقُبُوْرِ ؛'' میں ہی مومنین کو قبروں سے نکالنے والا ہوں''(32)

اَنَا الَّذِیْ قَالَ اللّٰهُ لِاَعْدَائِهِ اَلْقِیَافِیْ جَهَنَّمَ کُلَّ کَفَّارٍعَنِیْدٍ ؛ ''میں ہی وہ شخص ہوں جس سے اللہ کہے گا کہ تم دونوں (محمدؐ وعلیؑ) اُن تمام لوگوں کو جہنم میں ڈال دو جو میرے دشمن اور حق پوش اور عناد رکھتے تھے۔''(49)

''اور میں وہی شخص ہوں جو پہلے اور آخری حشر ونشر کا انچارج ومالک ہوں۔''( 56)

''میں ہی وہ ہستی ہوں جو تمام اولین اور آخرین کا حشر ونشر کرنے والا ہوں''۔(73)

''میں وہ شخص ہوں جو صور پھونکے یا بجائے گا''(82)

''میں ہی وہ ہستی ہوں جو حقیقی ناقور یعنی صور ہے اور صور بجانے والا ہے چنانچہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔

فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ Oفَذٰلِکَ یَوْمَئِذٍ یَّوْمٌ عَسِیْرٌ Oعَلَی الْکٰفِرِیْنَ غَیْرُ یَسِیْرٍ O (10 تا8/ 74)

۔''پھر جس وقت صور پھونکا جائے گا وہ دن کافروں پر ایک سخت دن ہوگا جس دن ذرا سی بھی آسانی نہ ہوگی۔''(جملہ 56)

خطبہ زیرتشریح میں یہ تمام جملے( 7,9,18, 24, 32, 49, 56, 73, 82) حشر ونشر اور حساب وجزا وسزا کے متعلق فرمائے گئے ہیں۔اور

Presented by Ziaraat.Com

یہاں تک ثابت ہوجاتا ہے کہ حشر ونشر وحساب وجزا وسزا کی تکمیل اللہ محمدؐ علیؑ فاطمہؑ اور باقی آئمہ اہلبیت علیہم السلام کریں گے۔

## 11۔الکتاب کا سارا علم رکھنے والا خطیبؑ وہ قدرتیں بیان کررہا ہے جو الکتاب کے سارے علم سے حاصل ہوئی تھیں ۔

اِس خطبے پر ایمان نہ لانے والوں کے لئے ہم اس کے سوا اور کیا کہیں کہ وہ لوگ نہ قرآن سے واقف ہیں نہ حدیثوں پر مطلع ہیں نہ قرآن پر ایمان رکھتے ہیں نہ رسولؐ کو سمجھے ہیں نہ اُنؐ پر ایمان رکھتے ہیں۔اوران ہی وجوہات سے وہ اللہ کو بھی نہیں سمجھے اور نہیں سمجھے تو اللہ پر بھی اُن کا ایمان نہیں ہے اور یہ ساری نفیاں اللہ نے صرف ایک آیت میں سمودی ہیں۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اٰمِنُوۡا بِاللّٰہِ وَرَسُوۡلِہٖ وَالۡکِتٰبِ الَّذِیۡ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ وَالۡکِتٰبِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ مِنۡ قَبۡلُ ؕ وَمَنۡ یَّکۡفُرۡ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ فَقَدۡ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیۡدًا O(4/136)

**ترجمہ مودودی:** ''اے لوگو جو ایمان لائے ہو ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسولؐ پر اور اُس کتاب پر جو اللہ نے اپنے رسولؐ پر نازل کی ہے اور ہر اُس کتاب پر جو اُس سے پہلے وہ نازل کر چکا ہے۔جس نے اللہ اور اُس کے ملائکہ اور اُس کی کتابوں اور اُس کے رسولؐوں اور روز آخرت سے کفر کیا وہ گمراہی میں بھٹک کر بہت دور نکل گیا۔'' (تفہیم جلد اول صفحہ 406۔407)

قارئین غور کریں کہ عہد رسولؐ اور عہد مرتضویؑ میں ایسے مومنین تھے جو نہ اللہ پر ایمان لائے تھے نہ رسولؐ اللہ پر ایمان ویقین رکھتے تھے اور نہ ہی وہ قرآن اور سابقہ کتابوں کو مانتے تھے۔ایسے مومنین کی برابر چودہ سو سال سے کثرت چلی آرہی ہے۔اسی قسم کے مومنین میں حضرت علی علیہ السلام خطبے دیتے رہے اور ایسے ہی مومنین کے سامنے ہم اُن خطبات کی تشریحات پیش کرتے جارہے ہیں اور اُمید کرتے ہیں کہ وہ کم ازکم اُن آیات اور احادیث کو پڑھ کر تو دیکھ ہی لیں گے جو ہم اِن تشریحات میں لکھتے چلے آئے ہیں اور شاید وہ مضامین کو دیکھ کر مان لیں کہ حضرت علی علیہ السلام وہی کچھ فرمارہے ہیں جو قرآن اور حدیث میں موجود ہے اور جن پر ایمان لانا اُن کے لئے ضروری تھا۔

## 11۔(ب)الکتاب کا ذرا سا علم ملکہ کے تخت کو ڈیڑھ ہزار میل سے پلک جھپکنے میں لے آیا تھا:

بہرحال اِن مومنین کو آیت سنایئے:۔

قَالَ الَّذِیۡ عِنۡدَہٗ عِلۡمٌ مِّنَ الۡکِتٰبِ اَنَا اٰتِیۡکَ بِہٖ قَبۡلَ اَنۡ یَّرۡتَدَّ اِلَیۡکَ طَرۡفُکَ ؕ فَلَمَّا رَاٰہُ مُسۡتَقِرًّا عِنۡدَہٗ قَالَ ہٰذَا مِنۡ فَضۡلِ رَبِّیۡ ۟ لِیَبۡلُوَنِیۡۤ ءَاَشۡکُرُ اَمۡ اَکۡفُرُ ؕ ۔(نمل 27/40)

**مودودی ترجمہ:** ''جس شخص کے پاس کتاب کا ایک علم تھا وہ بولا ''میں آپؑ کی پلک جھپکنے سے پہلے اُسے لائے دیتا ہوں۔'' جوں ہی کہ سلیمانؑ نے وہ تخت اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا وہ پکار اُٹھا۔''یہ میرے رب کا فضل ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا رہوں یا کافر نعمت بن جاتا ہوں اور جو کوئی شکر کرتا ہے اُس کا شکر اُس کے اپنے ہی لئے مفید ہے ورنہ کوئی ناشکری کرے تو میرا رب بے نیاز اور اپنی ذات میں آپ بزرگ ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 576۔577)

اس آیت (27/40) کی پہلی تشریح (47) سے ثابت ہے کہ مودودی نہیں جانتے کہ۔''الکتاب۔'' کون سی کتاب ہے اور ثابت کرتے ہیں کہ قریشی مذہب کے تمام مفسرین کو بھی یہ معلوم نہ تھا کہ الکتاب کون سی کتاب ہے۔مطلب یہ ہوا کہ سارا قرآن پڑھ لینے سے بھی اُن تمام مفسرین اور مودودی کو یہ یقین نہ آیا کہ''۔الکتاب۔'' قرآن کریم ہے۔اس لئے اللہ نے قریشی مومنین کو دوبارہ ایمان لانے کے لئے کہا تھا (4/136)

Presented by Ziaraat.Com

حالانکہ قرآن میں سورۂ بقرہ سے لے کر آخر تک بار بار بتایا گیا ہے کہ قرآن ہی الکتاب ہے اور خاص طور پر جہاں اللہ نے رسولؐ کی رسالت پر اپنے برابر کا گواہ (شہید) متعین کیا ہے۔

**11۔(ج) پوری الکتاب کا علم رکھنے والا ہی رسالتِ محمدیہؐ پر اللہ کے برابر کا حاضر و ناظر گواہ ہوسکتا ہے۔**

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِO (الرعد 13/43)

اور فرمایا ہے کہ: ''اے رسولؐ ان سے کہہ دو کہ میرے اللہ کے بھیجے ہوئے رسولؐ ہونے پر میرے اور تمھارے درمیان حاضر و ناظر گواہ اللہ کافی ہے اور وہ شخص حاضر و ناظر گواہ ہے جس کے پاس مکمل کتاب یا قرآن کا پورا علم ہے''

سوچئے کہ عہد رسولؐ میں ''الکتاب'' قرآن کے سوا اور کون سی کتاب کو الکتاب یعنی مکمل کتاب کہا جا سکتا تھا۔؟ مگر جیسا کہ اللہ نے فیصلہ کر دیا کہ قریش قرآن و زبور و تورات و انجیل پر ایمان نہ رکھتے تھے (136/4) بہر حال اِس آیت میں آپ اِن دونوں جملوں کو برابر برابر رکھ کر دیکھیں

عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ (27/40) 1۔مکمل کتاب میں سے کچھ علم (27/40) اور

عِلْمُ الْكِتٰبِ (13/43) یعنی 2۔مکمل کتاب کا مکمل علم (13/43)

اب وہ نتیجہ دیکھئے جسے مودودی بھی مانتا اور لکھتا ہے۔

**11۔(د) مودودی صاحب کی تشریح علم کا معجزہ ۔**

''48 اُس شخص کا دعویٰ صرف دعویٰ ہی نہ رہا بلکہ فی الواقعہ جس وقت اس نے دعویٰ کیا اُسی وقت ایک ہی لحظہ میں وہ تخت حضرت سلیمانؑ کے سامنے رکھا نظر آیا۔۔۔اب رہی یہ بات کہ ڈیڑھ ہزار میل سے ایک تختِ شاہی پلک جھپکتے ہی کس طرح اُٹھ کر آ گیا؟ تو اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ

**11۔(ہ) مقام مرتضویؑ کا اندازہ لگایئے؟۔**

''زمان و مکان اور مادہ و حرکت کے جو تصورات ہم نے اپنے تجربات و مشاہدات کی بنا پر قائم کئے ہیں اُن کے جملہ حدود صرف ہم ہی پر منطبق ہوتے ہیں۔خدا کے لئے نہ یہ تصورات صحیح ہیں اور نہ وہ اُن کی حدود سے محدود ہے۔اُس کی قدرت ایک معمولی تخت تو در کنار، سورج اور اُس سے بھی زیادہ بڑے سیاروں کو آن کی آن میں لاکھوں میل کا فاصلہ طے کرا سکتی ہے۔جس خدا کے صرف ایک حکم سے یہ عظیم کائنات وجود میں آ گئی ہے۔اُس کا ایک ایک ادنیٰ اشارہ ملکۂ سبا کے تخت کو روشنی کی رفتار سے چلا دینے کے لئے کافی تھا۔'' (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 577۔578)

قارئین نوٹ کریں کہ حضرت علی علیہ السلام وہی محشر بر پا کرنے والے داعی ہیں' منادی ہیں جو رُوئے زمین کے چپے چپے پر موجود ہوں گے جن کی آواز پوری کائنات میں قریب سے سُنی جائے گی اور جن کے لئے پہلے بھی مودودی نے زمان و مکان کی بلندی کا انکار کیا تھا اور جو علم الکتاب کے عالم تھے (11)۔اور جو تمام علوم خداوندی کے خزینہ دار ہیں (21) اور اللہ کی قدرت و قوانین آپ کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔

**12۔پوری کائنات اور تمام اجرام فلکی کو اپنے ظہور و تعارف کے واسطے اپنے نمایندگان کے لئے مسخر و مطیع کیا ہے تا کہ نمایندگی مشیت کے مطابق ہوتی رہے۔**

لہٰذا پوری کائنات کا اُن کے اشاروں پر چلنا عین منشاء خداوندی ہے جو لوگ انبیاء علیہم السلام کے فرائض کو ترسیل احکام تک محدود کرتے ہیں اُن کو سوچنا چاہیے کہ اگر انبیاءؑ و رُسُل علیہم السلام کا فریضہ ترسیل و تعمیلِ احکام ہی تک محدود ہوتا تو محمدؐ و علیؑ و فاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہم کو کروڑوں اربوں

Presented by Ziaraat.Com

سال پہلے پیدا کرنے کی کوئی سمجھ میں آنے والی وجہ نہیں ہوسکتی۔لہٰذا محمدؐ وعلیؑ وفاطمہ علیہم السلام کو باقی انبیاء ورُسُل کی طرح پیدا ہونے دیا ہوتا۔نہ انہیں ساری کائنات کے لئے رحمت بنانے کی ضرورت تھی نہ نذیر للعالمین بنانے کی احتیاج تھی۔نہ اُن کو ذکر اور رسول بنا کر نازل کرنے کی کوئی وجہ تھی (11۔10/65) نہ اُنہیں نازل ہونے والا نور بنانے کی وجہ تھی۔(8/64)(157/7)(15/5)(16/5)(33تا32/9) (وغیرہ کافی اول ص374 تا376) مطلب یہ ہے کہ صرف احکام وہدایات کیلئے انہیں ساری کائنات اور کائنات کی تمام موجودات پر حاکم بنانے اور تمام اجرام فلکی کو اُن کا مطیع ومسخر کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی۔اگر مسلمانوں نے استنجاء اور اُٹھک بیٹھک اور پتھروں کا طواف ہی کرنا تھا تو یہ کہنے کی کیا ضرورت تھی کہ:۔

وَسَخَّرَلَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَO وَاتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ O(34۔33/14)

''۔تمہارے لئے سورج اور چاند کو تمہارا مطیع ومسخر بنا دیا گیا جو برابر تمہارا گشت لگائے چلے جا رہے ہیں۔تمہارے لئے رات اور دن کو فرماں بردار بنایا گیا ہے جو مسلسل آ جا رہے ہیں۔تمھیں وہ سب کچھ دیدیا گیا ہے جو جو کچھ تم نے مانگا ہے۔اگر تم اپنی مانگی ہوئی اور ہماری دی ہوئی نعمتوں کا شمار واحاطہ کرنا چاہو تو نہ کرسکو گے۔بلاشبہ پوری نوع انسان بڑی بے انصاف اور ناشکری ہے۔''

**12۔(الف) محمدؐ وعلیؑ وفاطمہؑ کے علاوہ اللہ سے مانگنے والے کون تھے؟ جو لاتعداد چیزوں کو پہلے سے جانتے تھے؟ اور جن کا سوال رد نہ کیا جاسکتا تھا؟**

ہم علما کو تنگ بندی نہیں کرنے دیتے۔اِس آیت کے مخاطب صرف وہ لوگ ہیں جن کی ہر مانگ، ہر سوال اور ہر دُعا اور ہر ضرورت پوری کرنا اللہ پر واجب ہے۔اور اللہ پر کوئی چیز واجب ہو نہیں سکتی جب تک کہ وہ خود اپنے اوپر واجب نہ کرلے۔لہٰذا وہ لوگ ایسی ہستیاں ہیں کہ اُن کی ہر مانگ اور ہر سوال اور ہر دعا اور ہر ضرورت پوری کرنا اللہ نے خود اپنے اوپر واجب کر رکھا ہے جیسا کہ فرمایا تھا کہ:

كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ (54/6)۔''تمھارے پروردگار نے اپنی ذات پر اُس مجسمۂ رحمت، رحمتِ کُل یا رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ کو واجب کرلیا ہے(54/6) لہٰذا معلوم ہوا کہ وہ حضرات علیہم السلام محمدؐ وعلیؑ وفاطمہؑ اور آئمہ معصومین علیہم السلام تھے جنھوں نے جو کچھ مانگا اللہ نے وہ سب کچھ دے دیا۔اب سوال یہ ہے کہ اُن حضراتؑ نے جو کچھ مانگا تھا وہ سب کچھ اُنھیں مانگنے سے پہلے معلوم ہونا چاہیے۔اور یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ ان بے حد وشمار مانگے جانے والی چیزوں کی صفات وفوائد کیا ہیں؟ لہٰذا یہ وہی حضراتؑ ہیں جن کو کائنات کی تخلیق پر حاضر وناظر رکھا گیا۔تعارف کرایا گیا۔اُن پر اطاعت واجب کی گئی۔اُن کے تمام کام اور کاروبار کی ذمہ داری دی گئی تھی۔وہی حضراتؑ ایسے مانگنے والے ہو سکتے ہیں جو ہر مانگی جانے والی اور ہر ملنے والی نعمت کو منشاء ومشیتِ خداوندی کے مطابق استعمال کرسکیں اور نوع انسان کو ترقی کی راہوں پر چلا کر انتہا تک پہنچا سکیں۔لہٰذا محمد وآلِ محمد علیہم السلام کو ترسیل وتنفیذ احکام تک محدود کرلینا قریشی سازش ہے۔تاکہ وہ دین سے استنجاء کرنے میں وقت گزارتے رہیں۔یہی ہیں وہ لوگ جن کو بے انصاف اور ناشکرے فرمایا گیا ہے(34/14)

**13۔دو طویل حدیثوں میں سے چند جملوں کو بطور نصیحت سامنے رکھیے اور مطمئن ہو جایئے۔**

ہم اپنی تشریحات کو مختصر کرنے کے لئے حدیث کی معتبر ترین کتاب کافی سے چند جملے بطور ریمارکس اور نصیحت یہاں لکھتے ہیں تاکہ

Presented by Ziaraat.Com

قارئین محمدؐ وآلِ محمد علیہم السلام کے حیران کُن مقام میں اُلجھنے کے بجائے اپنی عقل کے لئے اطمینان کی راہیں نکال سکیں۔ یہ یاد رہنا چاہیے کہ مندرجہ ذیل جملے امام رضا علیہ السلام کے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ۔

''افسوس ہی افسوس ہے کہ ان لوگوں کی عقلیں گمراہ ہوگئیں اور فہم وادراک نے جواب دے دیا ہے ۔سوچنے سمجھنے کا ذخیرہ حیران وپریشان ہوکر رہ گیا ہے، آنکھیں مایوس ہوگئی ہیں، آگے بڑھنے میں ناکام ہوچکی ہیں۔عظیم المرتبہ لوگ چھوٹے چھوٹے نظر آنے لگے ہیں۔ صاحبان حکمت حیران ہوکر رہ گئے ہیں، صاحبان شعور بے بس ہوچکے ہیں، خطیب لوگ حسرت میں مبتلا ہیں، عقل مندوں کی عقل پر جہالت چھا گئی ہے، شعرا تھک گئے ہیں، صاحبان ادبیت عاجز ہوگئے ہیں، فصاحت وبلاغت کے دعویدار گونگے ہوگئے ہیں۔ یہ سب امامت کی اسی ایک صفت اور شان کو بھی بیان نہ کرسکے اور اس کی تعریف اور تعین سے قاصر ہوگئے اور اپنی عاجزی اور بے بضاعتی کا اقرار کرلیا ہے اور اپنی کوتاہی مان لی ہے''۔ چنانچہ جب امامؑ کی ایک صفت کو سمجھنے اور بیان کرنے میں یہ حال ہے تو تمام صفات کے بیان کی کس میں طاقت ہوسکتی ہے اور امامؑ کی پوزیشن کی حقیقتوں تک کیسے پہنچ سکتے ہیں؟ جب کہ امامؑ کا مقام تو ستاروں سے بھی بلند تر ہے پکڑنے والے کا ہاتھ وہاں تک پہنچتا ہی نہیں ہے۔ وہؑ قدس وطہارت کی کان ہوتا ہے وہؑ سراسر علم ہوتا ہے، علم کو ترقی دینے والا ہوتا ہے۔ وہؑ سیاست الٰہیہ کا عالم ہوتا ہے۔ امر خدا کا قائم کرنے والا ہوتا ہے۔ دین خدا کا نگہبان ہوتا ہے۔'' (کافی جلد اول کتاب الحجۃ باب 15)

**"وَتَسْتَهِل بنورهم البلاد و ينموا ببركتهم التلادُ جَعَلَهُمُ اللّٰه حَيَاةٌ لِلَانامِ و مصابيح للظلام و مفاتيح للكلام و دعائم للاسلام جَرَتْ بِذٰلِکَ فِيْهِمْ مَقَادِيْرَ اللّٰهِ علىٰ مَحتومها"** (کافی جلد اول نادر جامع فی فضل الامام والصفاتہ حدیث 2)

''اور اُنؑ کے نور سے شہر آباد ہوتے ہیں۔ اُن کی برکت سے اولادیں نشوونما پاتی ہیں۔ اُنؑ کو اللہ نے مخلوقات کے لئے زندگی کا ذریعہ بنا دیا ہے۔ وہ اندھیروں کے لئے چراغ ہیں۔ کلام کی کنجیاں ہیں اسلام کے ستون اور سہارے ہیں اور اُن ہی مقاصد کے لئے اللہ کی مستحکم تقدیریں اُن کے اندر سے ہوکر گزرتی ہیں۔'' (کافی ایضاً حدیث 2)

یہ جملے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کے تھے۔ ہمیں صرف اتنا اور عرض کرنا ہے کہ قرآن کریم کو اور حدیث شریف کو اُن کے ظاہری اور مصدری معنوں میں پڑھ لینے والوں کے لئے کوئی خطبہ ناقابل فہم اور اعتراض کے قابل نہیں ہے۔

## 14۔ عابد۔ عبادت اور معبود اہل علم وفہم کی نظر میں؟

اللہ کی ایک آیت اور مودودی کی تشریح آپ کو مدد دے گی فرمایا گیا ہے کہ: لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ ۔الخ (22/67)

**مودودی ترجمہ:** ''ہر امت کے لئے ہم نے ایک طریق عبادت مقرر کیا ہے جس کی وہ پیروی کرتے ہیں۔''

مودودی تشریح: ''116۔ یہاں مَنْسَکَ کا لفظ قربانی کے معنی میں نہیں ہے بلکہ پورے نظام عبادت کے معنی میں ہے۔ اس سے پہلے اُسی لفظ کا ترجمہ ''قربانی کا قاعدہ'' کیا گیا تھا کیونکہ وہاں بعد کا فقرہ ''تاکہ لوگ اُن جانوروں پر اللہ کا نام لیں جو اُس نے اُن کو بخشے ہیں'' اس کے وسیع معانی میں سے صرف قربانی مراد ہونے کی تصریح کررہا تھا۔ لیکن یہاں (22/67) اُسے محض ''قربانی'' کے معنی میں لینے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ بلکہ عبادت کو بھی اگر ''پرستش'' کے بجائے ''بندگی'' کے وسیع تر مفہوم میں لیا جائے تو مدعا قریب تر ہوگا۔ اس طرح منسک (طریق بندگی) کے وہی معنی ہوجائیں گے جو شریعت اور منہاج کے معنی ہیں'' (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 249)

Presented by Ziaraat.Com

دوسری تشریح بے چون و چرا اطاعت کرنا ہی عبادت ہے۔

''30 اس لئے کہ ایسی بے چون و چرا اطاعت ہی اُس کے معبود بن جانے کے لئے کافی ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 589)

بات صاف ہوگئی کہ عبادت کے معنی بندگی یا بندہ بن جانا یا بے چون و چرا اطاعت کرنا ہیں۔ لہٰذا جس کی بے چون و چرا اطاعت کا حکم دیا جائے اُسے معبود کہنا درست ہے اور یہ بات محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ اور تمام آئمہ علیہم السلام کے حق میں صحیح ہے اس لئے کہ اُن کی اطاعت اللہ کی طرح سب پر واجب ہے لہٰذا وہ سب معبود ہیں اور مخلوق اُن کے بندے ہیں۔ علاوہ ازیں علیؑ کی طرف نظر کرنا عبادت ہے اور ظاہر ہے کہ نظر کرنے والا عبادت گزار عابد ہے اور علیؑ معبود ہیں، لہٰذا جناب شمس تبریز علیہ الرحمۃ کا یہ کہنا بجا و درست ہے کہ:

ھم اوّل ھم آخر و ھم ظاہر و باطن

ھم عابد و ھم معبد و معبود علیؑ بود

(بقلم احسنؔ عفی عنہ)

Presented by Ziaraat.Com

# بیان الامامة

## (حصه دوم)

## ﴿ترجمه و تشریحاتِ خطوط﴾

Presented by Ziaraat.Com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

# بیان الامامۃ (حصہ دوم)

(''خطوط وتشریحات'')

تمہید:۔ بیا ن الامامۃ کا ابتدائیہ لکھا جاچکا ہے۔ یہاں چند باتیں بطور یاددھانی سامنے رکھنا چاہتے ہیں۔

اوّل یہ کہ حضرت علی علیہ السلام کے خطوط پڑھتے ہوئے خطبات کی بنیادی باتوں کوفراموش نہ فرمائیں کہ حکومت وخلافت اللہ، رسولؐ اور قرآن کی رُو سے حضرت علی علیہ السلام کا حق تھا۔ اور قریش قومی طاقت سے حکمران بن گئے تھے اور حضرت علی علیہ السلام نے اَمن وامان برقرار رکھنے کی خاطر اُن سے جنگ نہ کی تھی۔ اور جب قدرتی دباؤ نے اُنہیں خلیفہ منوالیا تو فرمادیا تھا کہ:۔

''اَلَا اَنَ اِذْرَجَعَ الْحَقُّ اِلٰی اَھْلِہٖ وَنُقِلَ اِلٰی مُنْتَقَلِہٖ'' (77۔2/76 نہج البلاغہ)

اس سلسلے کی ضروری تفاصیل الفاروق وطبری سے لکھی جاچکی ہیں یہاں ڈاکٹر طٰہٰ حسین کا ایک جملہ سُنتے چلیں لکھا ہے کہ:۔

**1۔ قریش نے خلافت وحکومتِ رسولؐ کا رُخ اپنی طرف پھیرلیا**

۔''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد قریش نے خلافت کا رُخ بنی ھاشم کی طرف سے اس لئے پھیر دیا تھا کہ نبوت اور خلافت قریش کے اس خاندان میں جمع کرنا اَمن وعافیت کے خلاف ہے۔'' (کتاب علیؑ صفحہ 21)

چند صفحات کے بعد طٰہٰ حسین حکومت وخلافت کو حضرت علی علیہ السلام کا حق مانتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:۔

**2۔ خلافت وحکومتِ رسولؐ حضرت علیؑ کا حق تھا**

۔''مسلمانوں کی خاطر اپنی طبیعت کو اس بات پر راضی کرلیا کہ اپنے حق سے چشم پوشی کرلیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علیؑ کا اندازہ تھا کہ حضرت ابوبکر کے بعد خلافت اُن ہی کو ملے گی اور مسلمان اِس بوڑھے کو خلیفہ بنادینے میں معذور تھے۔'' (علیؑ صفحہ 30)

قارئین یہ سمجھ کر کہ قریش اور اُنکے لیڈر اللہ ورسولؐ اور قرآن کے حکم کے خلاف تھے، دوسری بات یہ یادرکھیں کہ:۔

**3۔ قرآن کو مہجور کرنے والی بھی یہی قوم تھی**

رسولؐ اللہ کی یہ نام نہاد قوم قرآن کی رُو سے دُشمن خدا ورسولؐ بھی تھی (فرقان 31-25/30) (الانعام 6/66) اور یہ کہ قریش نہ اللہ پر ایمان رکھتے تھے نہ رسولؐ پر اُن کا ایمان تھا نہ وہ سابقہ کتبہائے خداوندی اور قرآن پر حقیقی ایمان رکھتے تھے (نساء

Presented by Ziaraat.Com

4/136) لہٰذا جیسا کہ قریش کو اللہ نے ظاہری اور برائے نام مومن کہہ کر پکارا ہے (4/136) حضرت علی علیہ السلام نے بھی قرآن کی پیروی میں اُن کو ظاہری مسلمان و مومن شمار کیا ہے اور بس۔

تیسری بات یہ ذہن میں رہنا چاہئے کہ دوسرے خلیفہ حضرت عمر کے زمانے میں اللہ، رسولؐ اور قرآن کے خلاف بیس پچیس (20۔25) لاکھ تنخواہ دار فوج (Standing Army) سے سینکڑوں چھاؤنیاں عرب میں بھری ہوئی تھیں جو حضرت عثمان کے زمانہ میں برقرار تھیں۔

**4۔ پانچ سال تک بلا تنخواہ دار افواج کے، قریش کو شکستوں سے دوچار رکھتے رہے**

علی علیہ السلام نے زمام حکومت ہاتھ میں لیتے ہی تنخواہ دار افواج کو چھٹی دے دی۔ خزانے پبلک میں تقسیم کر دیئے اور اللہ و رسولؐ کے طریقے پر حکومت قائم رکھی۔ پانچ سال قریش نے حکومت چھیننے کے لئے جنگیں جاری رکھیں۔ مگر علی علیہ السلام نے تنخواہ دار فوج سے کام نہ لیا۔ چند جملے طٰہٰ حسین سے سن لیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ:۔

**5۔ رضا کار مجاہدین نے قریش کو ہمیشہ ہزیمت دی**

۔''پس حضرت علیؑ جانتے تھے کہ گنجائش کی آخری حدود تک لوگوں کو آزادی کا حق ہے اور اسی لئے وہ لوگوں کو اُن کی مرضی کے خلاف مجبور نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ہر اطاعت کے لئے اُن پر جبر فرماتے تھے۔'' (علیؑ صفحہ 303) مسلسل لکھا ہے کہ:۔

۔''دوسری بات جس پر حضرت علیؑ کسی کو مجبور نہ کرتے تھے وہ لڑائی ہے۔ آپؑ کا خیال ہے کہ غدّاروں، گمراہوں اور دین سے خارج ہو جانے والوں سے جنگ کرنا آپؑ کا اور مسلمانوں کا اُسی طرح فرض ہے جس طرح اھل کتاب اور مشرک دشمنوں سے جہاد کرنا **لیکن یہ فرض آپؑ نے لوگوں پر جبراً لادا نہیں اور نہ اقتدار سے کام لے کر اس پر زبردستی کی** بلکہ آپؑ نے اس کی دعوت دی جس نے اُس دعوت پر لبیک کہا اُس سے خوش ہوئے اور اُس کی تعریف کی اور جو بیٹھ رہا اُس کو نصیحت کی، آمادہ کیا۔ آمادہ کرنے کی انتہائی کوشش کی۔ جنگ جمل اور صفین کے معرکوں کے لئے آپؑ نے کسی کو مجبور نہیں کیا اور نہ خوارج کے ساتھ معرکوں کے لئے کسی پر زبردستی کی۔ ان تمام لڑائیوں میں **آپؑ کے ساتھی وہی لوگ تھے جو اپنی بصیرت سے آپؑ کو جان کر آپؑ کا حق پہچان کر آپؑ کے ساتھی بنے اور رضا کارانہ خدمت پیش کی۔ اگر آپ چاہتے تو فوجی بھرتی کر سکتے تھے۔ لیکن فوجی خدمت کا یہ طریقہ جو لوگوں کو اس فرض پر مجبور کرے اب تک جاری نہ ہو سکا تھا۔ اگر آپ چاہتے تو مال دے کر لوگوں کو اس طرف متوجہ کر سکتے تھے جب کہ لوگ لڑائی سے گریز**

Presented by Ziaraat.Com

کرتے تھے۔لیکن آپؑ نے ایسا بھی نہیں کیا۔آپ کو گوارا نہ تھا کہ اپنے ساتھیوں کا خلوص اور خیر خواہی دام دے کر خریدیں۔آپؑ تو یہ چاھتے تھے کہ دوست اور ساتھی **ایمان اور بصیرت کی روشنی میں آپ کا ساتھ دیں**۔ بلکہ آپؑ نے تو اس سے بھی زیادہ کیا۔اِنہیں لڑائیوں میں اِنہیں ساتھیوں کے ساتھ گُھس پڑے اور اُن کو مال غنیمت بھی نہیں لینے دیا۔جس پر آپؑ کے ساتھی کبیدہ خاطر ہوئے اور کہا کہ **اُن کا خون تو ہمارے لئے مباح کر دیا لیکن مال مباح نہیں کیا**۔'' (علیؑ صفحہ۔ 304۔303)

یعنی حضرت علیؑ کے مقابلے پر تنخواہ دار فوجوں کا ٹڈی دل برابر پانچ سال برسرِ جنگ رہا جس کو مال غنیمت لوٹنے کی کُھلی چھوٹ ملی ہوئی تھی۔مگر مقدر میں شکست وھزیمت وذلت وندامت وناکامی تھی۔

چوتھے نمبر پر یہ بات کبھی نہ بھولیں کہ قریش نے خود منت سماجت کر کے حضورؐ کو خلافت وحکومت سونپی تھی۔لہٰذ آپؑ نے اپنے احتجاجات اور بحثوں میں قریش پر قریش ہی کے قائم کردہ اور مسلّمہ اصول بطورِ حجت پیش کئے ہیں اُن کو حضرت علی علیہ السلام کے خلاف یا شیعہ مسلّمات کے خلاف استعمال کرنا غلط ہوگا۔چونکہ حکومت واپس دینے میں قریش نے اللہ ورسولؐ اور قرآن وعلیؑ کے مسلّمات کی اطاعت کا نہ وعدہ کیا تھا نہ وہ اپنے مسلّمہ مذھب کی رُو سے اللہ، رسولؐ اور قرآن کی اطاعت کر سکتے تھے۔

**6۔حضرت علیؑ نے نہ حکومت طلب کی نہ اُن کو ضرورت تھی۔اُن کی مرضی کے خلاف منت وسماجت سے دی گئی**

بہر حال علامہ مودودی کا اپنا بیان یہ ہے کہ:۔

''۔اُس وقت اُن چھ میں سے چار اصحاب موجود تھے جن کو حضرت عمر نے اپنی وفات کے وقت اُمت کے مقدم ترین اصحاب قرار دیا تھا۔ایک حضرت علیؑ دوسرے حضرت طلحہ تیسرے حضرت زبیر چوتھے حضرت سعد بن ابی وقاص ان میں سے حضرت علیؑ ہر لحاظ سے پہلے نمبر پر تھے۔شوریٰ کے موقع پر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے اُمت کی عام رائے معلوم کرنے کے بعد یہ فیصلہ کر دیا تھا کہ حضرت عثمان کے بعد دوسرے شخص جن کو اُمت کا زیادہ سے زیادہ اعتماد حاصل ہے حضرت علیؑ ہی ہیں۔اس لئے یہ بالکل فطری امر تھا کہ لوگ خلافت کے لئے اُن ہی کی طرف رجوع کرتے۔صرف مدینے ہی میں نہیں پوری دُنیائے اسلام میں دوسرا کوئی شخص ایسا نہ تھا جس کی طرف اس غرض کے لئے مسلمانوں کی نگاہیں اُٹھتیں۔حتیٰ کہ اگر آج کے رائج طریقوں کے مطابق بھی کوئی انتخاب کرایا جاتا تو لازماً اکثریت کے ووٹ اُنہی کو حاصل ہوتے۔چنانچہ تمام معتبر روایتوں سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور دوسرے اھل مدینہ اُن کے پاس گئے اور اُن سے کہا کہ:۔''یہ نظام کسی امیر کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔لوگوں کے لئے ایک

Presented by Ziaraat.Com

امام کا وجود ناگریز ہے۔اور آج آپؑ کے سوا ہم کوئی ایسا شخص نہیں پاتے جو اس منصب کے لئے آپ سے زیادہ مستحق ہو۔نہ سابق خدمات کے اعتبار سے اور نہ **رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرب کے اعتبار سے۔**'' اُنہوں نے انکار کیا اور لوگ اصرار کرتے رہے۔آخر کار اُنہوں نے کہا کہ۔'' میری بیعت گھر بیٹھے خفیہ طریقے سے نہیں ہوسکتی۔عام مسلمانوں کی رضا کے بغیر ایسا ہونا ممکن نہیں ہے۔'' **پھر مسجد نبوی میں اجتماع عام ہوا اور تمام مہاجرین وانصار نے اُن کے ہاتھ پر بیعت کی۔**''

اگلی سطر میں لکھتے ہیں کہ:۔

''۔اِس روداد سے امر میں کوئی شبہ نہیں رہتا کہ حضرت علیؑ کی خلافت قطعی طور پر ٹھیک ٹھیک اُن ہی اصولوں کے مطابق منعقد ہوئی تھی جن پر خلافت راشدہ کا انعقاد ہوسکتا تھا۔ **وہ زبردستی اقتدار پر قابض نہیں ہوئے۔اُنہوں نے خلافت حاصل کرنے کے لئے برائے نام بھی کوئی کوشش نہیں کی لوگوں نے خود آزادانہ مشاورت سے اُن کو خلیفہ منتخب کیا۔صحابہ کی عظیم اکثریت نے اُن کے ہاتھ پر بیعت کی اور بعد میں شام کے سوا تمام بلاد اسلامیہ نے اُن کو خلیفہ تسلیم کیا۔**'' (خلافت وملوکیت صفحہ 122۔121)

علامہ مودودی کا یہ بیان چیخ چیخ کر بتاتا ہے کہ قریش نے حضرت علی علیہ السلام کو اپنے قائم کردہ نظامِ حکومت کے مطابق اپنے مسلّمہ قواعد وضوابط اور اصولوں کے مطابق اپنا خلیفہ بنایا تھا اور اُن سے وہی کچھ چاہا تھا جو سابقہ قریشی حکمرانوں سے چاہتے تھے۔ لہٰذا قریش پر اُن ہی کے اُن کے مسلّمہ قواعد وضوابط اور اصولوں کے مطابق حجت قائم کرنا ضروری تھا۔لہٰذا ہماری چوتھی بات کو فراموش نہ کریں۔اور پانچویں بات تو ایسی ہے کہ اُسے نہ بھُلایا جاسکتا ہے نہ سامنے سے ہٹایا جاسکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ:۔

خلافت سونپنے کے روز ہی سے قریش نے خلافت وحکومت واقتدار کو واپس لینے کی کوشش شروع کی اور اُس وقت تک چین سے نہ بیٹھے جب تک حضرت علی علیہ السلام کو شہید نہ کردیا۔دن رات غدّاریاں کیں، ہر ممکن سازش اور مکروفریب کئے، جنگیں کیں دل بھر کر اللہ ورسولؐ اور قرآن کی خلاف ورزیاں کیں۔مختصر یہ کہ وہ سب کوششیں اور کام کئے جو بدترین دشمن بھی نہیں کرتے۔اور خطبات کی طرح اِن کمینہ اقدامات کا ذکر بھی آنے والے خطوط میں کہیں کہیں آپ کو ملے گا۔اور اپنی تشریحات میں ہم بھی کہیں کہیں آپ کو متوجہ کریں گے۔آپ دیکھیں گے کہ ناموں کے سوا حضرت علی علیہ السلام کے مخالفوں میں اسلام وقرآن کا کہیں پتہ نہ چلے گا۔

اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ o

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر1) خط

## اِلٰی اَھْلِ الْکُوْفَۃِ عِنْدَ مَسِیْرِہٖ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ اِلَی الْبَصْرَۃِ (مدینہ سے بصرہ جاتے ہوئے اہل کوفہ کولکھا گیا تھا)

1۔عثمان کے قتل میں عائشہ،طلحہ اورزبیر کا ہاتھ،2۔مدینہ میں فتنہ کی چکّی چل رہی تھی۔

3۔اھل کوفہ کو عائشہ،طلحہ اورزبیر کے خلاف جہاد کی دعوت دی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ عَبْدِاللّٰہِ عَلِیٍّ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ اِلٰی اَھْلِ الْکُوْفَۃِ جَبْھَۃِالْاَنْصَارِوَسَنَامِ الْعَرَبِ، | 1 | اللہ کے بندے اورمومنین کے حاکم علیؑ کی طرف سے اہل کوفہ کے نام جو میرے انصار میں سب سے بڑھ کراورعرب میں بلندمرتبہ لوگ ہیں۔ |
| اَمَّا بَعْدُ! فَاِنِّی اُخْبِرُکُمْ عَنْ اَمْرِعُثْمَانَ حَتّٰی یَکُوْنَ سَمْعُہٗ کَعَیَانِہٖ، | 2 | بعدازحمدِ خداوصلوٰۃ واضح ہوکہ میں تمہیں عثمان کے متعلق اِس انداز سے خبردار کرتا ہوں کہ دیکھنے اورسننے میں کوئی فرق نہ رہے۔ |
| اِنَّ النَّاسَ طَعَنُوْاعَلَیْہِ فَکُنْتُ رَجُلاً مِنَ الْمُھَاجِرِیْنَ اَکْثِرُاسْتِعْبَابَہٗ،وَاُقِلُّ عِتَابَہٗ، | 3 | حقیقتِ حال یہ گذری ہے کہ تمام مسلمانوں نے عثمان کو برابر طعنے دئے مگرمہاجرین میں سے میں اکیلا ایک شخص ایسا تھا جس کی کوشش تھی کہ زیادہ سے زیادہ لوگ عثمان کے خلاف نہ بھڑکیں اورجس نے عثمان پرکم سے کم غصہ اورعتاب کیا۔ |
| وَکَانَ طَلْحَۃُوَالزُّبَیْرُاَھْوَنُ سَیْرِھِمَافِیْہِ الْوَجِیْفُ، | 4 | اور وہ طلحہ اور زبیر تھے جن کی ہلکی سے ہلکی کاروائیاں بھی عثمان کے خلاف مہلک و خطرناک اور بےچینی پھیلانے والی تھیں۔ |
| وَاَرْفَقُ حِدَائِھِمَاالْعَنِیْفُ، | 5 | اورنرم سے نرم رویہ بھی انتہائی طور پرملامت انگیز اوراشتعال پھیلانے والا تھا۔ |
| وَکَانَ مِنْ عَائِشَۃَفِیْہِ فَلْتَۃُ غَضَبٍ، | 6 | اورعائشہ نے تو عثمان کے خلاف اپنے غیظ وغضب اوراشتعال کی انتہا کردی تھی۔ |
| فَاُتِیْحَ لَہٗ قَوْمٌ قَتَلُوْہُ | 7 | چنانچہ ان تینوں کی اشتعالی کاروائیوں سے ایک قوم اُٹھی اورعثمان کوقتل کرڈالا۔ |
| وَبَایَعَنِی النَّاسُ غَیْرَ مُسْتَکْرَھِیْنَ،وَلَامُجْبَرِیْنَ، بَلْ طَائِعِیْنَ مُخَیَّرِیْنَ. | 8 | اوراس کے بعد سوچ سمجھ کرآپس میں مشورے کرکے،بلا جبر واکراہ،آزادانہ رغبت و اطاعت کے ساتھ مجھے اپنا حاکم بنانے کی بیعت کرلی۔ |
| وَاعْلَمُوْا اَنَّ دَارَالْھِجْرَۃِ قَدْ قَلَعَتْ بِاَھْلِھَا وَقَلَعُوْابِھَا، | 9 | اور یہ بھی سمجھ لوکہ عہدرسولؐ میں ہجرت کیلئے مناسب پناہ گاہ رہنے والا شہرمدینہ اپنے حقیقی اھل کوجڑ سے اکھیڑ چکا ہے اوروہ حقیقی باشندے بھی مدینہ کوجڑ سے اکھیڑ چکے ہیں۔ |
| وَجَاشَتْ جَیْشَ الْمِرْجَلِ، | 10 | اورمدینہ ایک دیگ کی طرح پورے جوش وخروش سے اُبل رہا ہے۔ |
| وَقَامَتِ الْفِتْنَۃُ عَلَی الْقُطْبِ، | 11 | اوروہاں ایک خاص فتنہ جم کرکھڑا ہوگیا ہے اوراپنی چکّی میں لوگوں کو پیس رہا ہے۔ |
| فَاَسْرِعُوْا اِلٰی اَمِیْرِکُمْ | 12 | چنانچہ تم لوگ جلدی سے اپنے حاکم کے پاس پہنچو۔ |
| وَبَادِرُوْاجِھَادَعَدُوِّکُمْ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ. | 13 | اوراپنے واپنے حاکم کےاورحکومت واسلام کے دشمن سے جہاد میں کوشش کروانشاءاللہ‘‘ |

Presented by Ziaraat.Com

**تشریح:** یہ بات سب سے پہلے نوٹ کرنے کی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام مدینہ کو ہمیشہ کیلئے چھوڑ کر جا رہے ہیں اور اپنی زندگی میں مدینہ واپس نہ آئیں گے۔ اُنکے ساتھ اسلام کا مرکز بھی مدینہ سے ایسا گیا کہ پھر نہ سچا مرکز مدینہ میں کبھی قائم ہوا اور نہ جھوٹے مراکز یا دار الخلافے مدینہ آئے۔ علاوہ ازیں اھل بیت علیھم السلام بھی اسکے بعد مدینہ میں خوش ہو کر اور چین سے نہ رہے۔ یہی تفصیل ہے حضورؐ کے نویں جملے کی اور اِس میں حضور علیہ السلام نے مدینہ کو مجرم قرار دیا ہے۔ اور یہی روانگی کا دن تھا جس دن سے مدینہ کی عزت و حرمت دوست داران محمد و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واجمعین کے دلوں سے نکل گئی تھی۔ اور امام حسین علیہ السلام اور اُن کے ساتھیوں کے نکلنے سے تو مدینہ بالکل ذلیل ہو کر رہ گیا تھا۔ اور قدرت نے اھل مدینہ سے ایسا انتقام لیا تھا کہ ویسا انتقام کسی بستی کے باشندوں سے نہیں لیا گیا۔ اسکے چونکہ برعکس حضرت علی علیہ السلام اور مرکز اسلام کوفہ میں منتقل ہو رہا تھا اسلئے اس شہر کی عزت کو چار چاند لگتے چلے گئے۔ یہیں کے باشندوں نے تحریک تشیّع کی بنیاد رکھی۔ یہیں کے رہنے والوں نے اللہ و رسولؐ اور قرآن و علیؑ کے دشمنوں کی حکومت کو بیخ و بُن سے اکھیڑا۔ اُن کی اینٹ سے اینٹ بجائی۔ یہیں سے مادی و روحانی ترقی نے آگے قدم بڑھایا۔ یہیں کے باشندوں نے یورپ اور بیرونی دُنیا میں محمد و آل محمد صلوٰۃ اللہ علیھم کا تعارف کرایا۔ کیمیا اور دیگر علوم کو دُنیا میں پھیلنے کی راہیں کھولیں۔ یہیں کے رہنے والوں نے **الکوفی لا یُوفِی** کا لقب حاصل کیا اور ثابت کر دیا کہ وہ محمدؐ و آل محمدؐ اور اُن کے مشن کے علاوہ کسی کے وفادار نہیں ہوتے۔ یہیں کے رہنے والے وہ مجاہد اور شہدا تھے جو کربلا میں سب سے زیادہ حسینؑ اور خاندان حسینؑ پر نثار ہوئے۔ یہاں بھی نہ کوئی مدنی شہید ہوا نہ کوئی مکی شہدا میں نظر آتا ہے۔ یعنی مکہ و مدینہ کے مقابلے میں کوفہ عزت و شرافت والی بستی ثابت ہوتا رہا ہے۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ مدینہ کی عزت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے اب تک برقرار ہے انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ آنحضرتؐ مدینہ کی قبر میں قید نہیں ہیں۔ وہ شہید ہیں (بخاری) اور معہ جسم پوری کائنات میں جہاں پسند فرماتے ہیں وہاں رہتے ہیں۔ اور حضرت حجت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مرکز میں باقی شہدائے کربلا اور آئمہ علیھم السلام کے ساتھ مقیم رہتے ہیں۔ رہ گیا مکہ! اُس کی عظمت بھی رسولؐ اور آئمہ علیھم السلام کی وجہ سے تھی وہ حضرات وہاں نہیں تو کعبہ کے پتھروں اور دیواروں کی اپنی کوئی ذاتی عظمت نہیں ہوا کرتی۔ مکان کی عزت و عظمت مکین کی وجہ سے ہوتی ہے مکین نہیں تو مکان کی عظمت و عزت بے معنی اور بت پرستی سے زیادہ کچھ نہیں چنانچہ اب مکہ و مدینہ صرف آثار قدیمہ ہیں اور کچھ نہیں ہیں۔

## 2۔ عائشہ، طلحہ اور زبیر نہ صرف عثمان کے دشمن تھے بلکہ حضرت علیؑ کے بھی دشمن تھے

خطبات کی تشریحات میں قتلِ عثمان اور کردارِ عثمان کے متعلق تفصیلات گذر چکی ہیں۔ یہاں اس خط کے جملے (7۔1/4) کی خانہ پری کے لئے عائشہ و طلحہ و زبیر کے لئے چند باتیں لکھی جاتی ہیں تا کہ اُن کی اور عثمان کی دشمنی سامنے آجائے اور حضرت علی علیہ السلام کے مقابلے میں برسر جنگ ہونے کا مقصد سمجھ میں آجائے۔

## 3۔ عثمان کا قتل کیا جانا یا سمندر میں ڈبویا جانا عائشہ کے نزدیک ضروری تھا

علامہ ابن سعد نے لکھا ہے کہ ''۔ جب عثمان محاصرے میں گھرے ہوئے تھے تو مروان اُن کی حمایت میں پوری کوشش کر رہا تھا۔ جب اُسے معلوم ہوا کہ عائشہ مدینہ کے حالات کو نظر انداز کر کے حج کے ارادے سے مکہ کو روانہ ہو رہی ہیں تو اُنہیں روکنے اور سمجھانے کی غرض سے زید بن ثابت اور عبدالرحمٰن بن عتاب کو لے کر عائشہ کے پاس آیا اور کہا کہ اَے اُم المومنین کیا اچھا ہوتا کہ آپ حج کا ارادہ ترک کر دیتیں۔ خلیفہ وقت اپنے گھر میں

Presented by Ziaraat.Com

محصور ہیں آپ کی موجودگی اُن کی حفاظت کا سبب بن سکتی ہے۔عائشہ نے کہا کہ ہمارا سامان سفر باندھا جاچکا ہے اب میرا رُکنا ممکن نہیں ہے۔اُن لوگوں نے دوبارہ روکنے کی کوشش کی مگر عائشہ نے پہلے کی طرح منع کر دیا تو مروان نے یہ شعر پڑھا کہ:۔

قیس نے میرے خلاف شہروں میں آگ لگادی اور جب آگ بھڑک اُٹھی تو خود بھاگ کھڑا ہوا

مطلب یہ تھا کہ تم ہی نے عثمان کے خلاف یہ خطرناک حالات پیدا کئے ہیں اور اب نتیجہ برآمد ہونے سے پہلے فرار کر جانا چاہتی ہو۔عائشہ نے کہا کہ سُنو! خدا کی قسم میرا دل تو یہ چاہتا ہے کہ تمہارے اور عثمان دونوں کے پیروں میں ایک ایک چکی بندھی ہوتی اور تم دونوں کو سمندر میں ڈال دیا جاتا'' یہ کہہ کر مکہ کو روانہ ہوگئی۔

علامہ بلاذری یہ لکھتے ہیں کہ:۔

''۔جب عثمان کا معاملہ بہت نازک ہوگیا تو اُنہوں نے مروان بن حکم اور عبدالرحمٰن بن عتاب ابن اُسید کو حکم دیا کہ تم عائشہ کے پاس جاؤ وہ حج کو جارہی ہیں اور اُن کو رُکنے کے لئے کہو شاید اُن کی موجودگی میں میری مصیبت ٹل جائے۔عائشہ نے جواب دیا کہ میں رخت سفر باندھ چکی ہوں اپنے اوپر حج واجب کرلیا ہے میں نہیں رُک سکتی۔مروان نے مذکورہ بالا شعر پڑھا تو عائشہ نے کہا کہ آئے مروان جی تو یہ چاہتا ہے کہ عثمان میرے ان تھیلوں میں سے کسی ایک تھیلے میں ہوتا اور میں خود اُٹھا کر لے جاتی اور سمندر میں ڈال دیتی۔''

تمام قریشی تواریخ کی رُو سے حضرت عائشہ کا فتویٰ یہ تھا کہ وہ :۔

''اُقْتُلُوْا نَعْثَلاً قَتَلَ اللّٰہُ نَعْثَلاً اِنَّہٗ فَقَدْ کَفَرَ'' اِس نعثل کو قتل کر ڈالو، اللہ اس نعثل کو قتل کرے یہ یقیناً کافر ہوگیا ہے۔

نعثل ایک لمبی داڑھی والے یہودی کا نام تھا۔عثمان کے دُشمن عثمان کو اُسی سے نسبت دیا کرتے تھے۔

## 4۔طلحہ نے عثمان کے ساتھ محسن کُشی کی اُس کے قتل میں مددگار و معاون رہے

تواریخ اور ابن ابی الحدید کی شرح میں ہے کہ:۔

(1)''عثمان کا شدید ترین دُشمن طلحہ تھا اور زبیر بھی اُن ہی کے لگ بھگ تھا۔عثمان کہا کرتے تھے کہ میں نے طلحہ کو بہت سا سونا دیا تھا اور اب وہ میرے خون کا پیاسا ہے۔خداوندا اُسے اس دولت سے فائدہ اُٹھانے کا موقعہ نہ دے اور اُسے بغاوت کے نتیجہ سے دوچار کرنا۔عثمان کی محصوری کے حالات میں لکھا گیا ہے کہ جس روز عثمان قتل ہوا اس دن طلحہ نقاب ڈالے ہوئے حملہ آوروں میں شامل تھا اور تیر چلا رہا تھا۔اور اُسی نے عثمان کے گھر میں داخل ہوکر حملہ کرنے کی راہ ایک انصاری کے گھر میں سے لوگوں کو بتائی تھی۔(ابن ابی الحدید جلد 2 صفحہ 404)

(2) عثمان کے محاصرین نے بہت سخت رویہ اختیار کیا کھانا اور پانی تک اندر جانے سے روک دیا یہاں تک کہ حضرت علیؑ نے پانی اندر بھجوایا۔

(کتاب الانساب جلد 5 صفحہ 71)

(3) کتاب **الامامت والسیاسۃ** جلد 1 صفحہ 24 پر ہے کہ کوفہ اور مصر والے رات دن عثمان کے دروازے کو گھیرے رہتے تھے اور طلحہ اِن دونوں جماعتوں کو بھڑکاتے رہتے تھے۔طلحہ نے کہا کہ جب تک کھانا اور پانی عثمان تک پہنچ رہا ہے اُسے تمہارے محاصرے کی کیا پرواہ ہوسکتی ہے لہٰذا پانی اندر نہ جانے دو۔''

Presented by Ziaraat.Com

(4) بلاذری نے ابن سیرین سے روایت کی ہے کہ اصحاب پیغمبرؐ میں طلحہ سے بڑھ کر عثمان کے خون کا کوئی پیاسا نہ تھا۔''

(کتاب الانساب جلد 5 صفحہ 81 عقد الفرید جلد 3 صفحہ 269)

## 5۔ زبیر بھی عثمان کے قتل میں طلحہ کی طرح برابر مدد و معاون رہے

(1) مسعودی نے روایت کی ہے کہ بروز جنگ جمل مروان نے کہا۔''لو زبیر بھی چلائے۔اب کہیں یہ دوسرا قاتل بھی نہ کھسک جائے یہ کہہ کر اُسنے کہا کہ کچھ پرواہ نہیں یہاں پڑے یا وہاں پڑے اور تیر نکال کر طلحہ کی رگ ھفت اندام پر مارا اور قتل کر دیا۔(مروج الذھب جلد 2 صفحہ 11)

(2) ابن ابی الحدید لکھتے ہیں کہ طلحہ عثمان کے خلاف برانگیختہ کیا کرتے تھے زبیر کا بھی یہی حال تھا زبیر نے کہا تھا کہ اُقْتُلُوْهُ فَقَدْ بَدَّلَ دِيْنَكُمْ عثمان کو قتل کر ڈالو اُس نے یقیناً تمہارے دین کو بدل دیا ہے۔لوگوں نے کہا کہ آپ کا بیٹا تو عثمان کی حمایت میں جنگ کر رہا ہے اور آپ ایسا کہتے ہیں؟ زبیر نے کہا کہ مجھے عثمان کا قتل کیا جانا ایسی صورت میں بھی پسند ہے جب کہ میرا بیٹا بھی اُس کے ساتھ قتل ہو جائے۔''(شرح نہج البلاغہ جلد 2 صفحہ 404)

(3) معاویہ نے حابس بن سعد سے کہا کہ مجھے عثمان کی سرگزشت سناؤ۔اُس نے کہا کہ قتل عثمان کے کرتا دھرتا محمد بن ابی بکر اور عمار بن یاسر تھے۔اور عثمان کے معاملے میں دو شخصوں نے بڑی آگ لگائی ایک طلحہ اور دوسرے زبیر اور سب سے زیادہ حسن سلوک اگر کسی نے عثمان کے ساتھ کیا تو وہ علیؑ ہیں۔عثمان کے قتل ہونے کے بعد لوگ علیؑ پر اس طرح ٹوٹے جیسے شمع پر پروانے ٹوٹتے ہیں۔یہاں تک کہ آپؑ کی نعلین گم ہوگئی اور ردا بدن سے گر گئی۔''

(الامامۃ والسیاسۃ جلد 1 صفحہ 74، کتاب صفین صفحہ 72، شرح ابن ابی الحدید جلد 1 صفحہ 259)

## 6۔ مدینہ میں فتنہ کا جم کر کھڑا ہونا اور دیگ کی طرح سے اُبال کھانا

اِس خط کے دسویں اور گیارھویں جملوں سے قریشی لیڈروں کی اُس بے چینی اور گھبراہٹ کی طرف اشارہ فرمایا ہے جو حضرت علی علیہ السلام کو عوام کے دباؤ سے خلیفہ مان لینے کے بعد پیدا ہوئی تھی۔اور اب وہ سوچ رہے ہیں کہ علیؑ کی بیعت کر کے ہاتھ کٹ جانے کے بعد بیعت کو کیسے توڑیں۔ بیعت نہ توڑیں تو علیؑ سے دشمنی اور مخالفت کیسے کریں۔؟ اور مخالفت نہ کریں تو حضرت علی علیہ السلام کے پورے موقف کو اختیار کیسے کریں؟ دن رات اسکیمیں بنائی اور بگاڑی جا رہی تھیں۔لہٰذا ایک فریق ایسا تیار کیا گیا جو روز اوّل سے حضرت علیؑ کی بیعت نہ کرے گا جیسا کہ خود حضرت علی علیہ السلام نے ابوبکر وغیرہم کی بیعت نہ کی تھی۔تا کہ وقت آنے پر وہ لوگ یہ کہہ سکیں کہ ہم نے تو علیؑ کو خلیفہ و حکمران تسلیم ہی نہیں کیا۔جس طرح علیؑ نے قریشی خلافت کو تسلیم نہیں کیا تھا۔بیعت کر لینے والوں میں سے ایک پارٹی وہ بنائی گئی جو حضرت علیؑ سے تعاون نہ کرے گی۔اور آخری جماعت وہ ہوگی جو ہر ممکن تصادم برپا رکھے گی۔اِن تینوں جماعتوں میں وہ لوگ شامل ہوئے جو عوام کے نزدیک مقدس لوگ تھے۔جیسے عائشہ، سعد بن ابی وقاص، عبداللہ بن عباس وغیرہ۔الغرض مدینہ میں حضرت علی علیہ السلام کی حکومت کو پلٹنے کی کھچڑی پک رہی تھی اور حضرت علی علیہ السلام کوفہ کے انصار کو مطلع کر رہے تھے۔اور قریشی عوام و خواص اور لیڈروں کو بلا تکلف اپنا اور اپنے انصار کا عدو (دشمن) لکھ رہے تھے اور یہ بتا رہے تھے کہ اُن دشمنوں پر جہاد کے لئے فوج کشی دینی فریضہ ہے اور یہ کہ تمام مسلمانوں کو اس جہاد میں شریک ہو کر دشمنان اسلام کو ھزیمت دینا لازم ہے۔لہٰذا حضور علیہ السلام نے پہلے ہی خط میں قریشی قوم کی پوری اسکیم کا کچا چٹھہ پبلک کے سامنے رکھ دیا ہے جو پانچ سال تک پیش آنے والے واقعات اور منصوبوں کا جوہر ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر2) خط

## اِلَیھِم بَعدَ فَتحِ البَصرَۃ

### بصرہ کی فتح پر اہل کوفہ کو مبارک باد

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَجَزَاکُمُ اللّٰہُ مِنْ اَھلِ مِصرٍ عَنْ اَھلِ بَیتِ نَبِیِّکُمْ اَحسَنَ مَا یَجزِیْ العَامِلِیْنَ بِطَاعَتِہٖ، | 1 | اور اَے کوفہ شہر کے باشندو تمہیں تمہارے نبیؐ کے اہلؑ بیت کی جانب سے بصرہ کو فتح کرنے کے صلے میں اللہ وہ بہترین جزا دے جو وہ اپنی اطاعت میں اعمال بجالانے والوں کو دیا کرتا ہے۔ |
| وَالشَّاکِرِیْنَ لِنِعْمَتِہٖ، | 2 | اور جو جزا وہ اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں کو دیا کرتا ہے۔ |
| فَقَدْ سَمِعْتُمْ وَاَطَعْتُمْ، | 3 | یقیناً تم نے میرا حکم سنا اور اس کی اطاعت کی۔ |
| وَدُعِیْتُمْ فَاَجَبْتُمْ . | 4 | اور تمہیں جہاد پر بلایا گیا تو تم نے دعوت قبول کی۔'' |

**تشریح:** 1۔ یہاں بھی پہلی بات جو اُبھر کر سامنے آتی ہے وہ وہی ہے کہ اھل کوفہ تنخواہ دار لوگ نہ تھے ورنہ مبارکباد اور دُعا کا حق ہی پیدا نہ ہوا ہوتا۔ اُن کو رضا کارانہ جہاد کے لئے بلایا گیا وہ اپنے اسلحہ اور خورد و نوش کا سامان لے کر حاضر ہوئے۔ دُشمنانِ اسلام سے راہِ خدا میں جہاد کیا اور فتح حاصل کی اور مبارکباد و شکریئے کے حقدار ہوئے۔ پھر یہ دیکھئے کہ حضرت علی علیہ السلام امام زمانہ اور حکمران ہیں لیکن مبارکباد، شکریہ اور جزا کی دُعا تمام اھل بیت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے دی جارہی ہے۔ یعنی اھل کوفہ نے فتح حاصل کر کے دین اسلام اور رسولؐ و آل رسولؐ کا تحفظ کیا ہے۔ دوسرے الفاظ میں دشمنوں سے خطرہ اللہ و رسولؐ اور اسلام و آلؐ رسولؐ کو ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا شکریہ ادا کرنا مبارکباد دینا امام زمانہ اور آل رسول علیہم السلام کا کام ہے اور بہترین جزا دینا اللہ کا کام ہے۔ اور اُس نے جہاد کرنے والوں کے لئے فرمادیا ہے کہ:۔

**2۔ راہ خدا میں جہاد وہی لوگ کرتے ہیں جو دُنیاوی زندگی کو آخرت کے بدلے میں فروخت کردیتے ہیں**

| |
|---|
| فَلْیُقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ یَشْرُوْنَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا بِالْاٰخِرَۃِ وَمَنْ یُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیُقْتَلْ اَوْ یَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِیْہِ اَجْرًا عَظِیْمًاo (النسآء 4/74) |

''اللہ کی راہ میں اُن لوگوں کو جنگ کرنا چاہئے جو آخرت کی زندگی کے بدلے میں دُنیا کی زندگی کو فروخت کردیا کرتے ہیں۔ چنانچہ جو اللہ کی راہ میں جنگ کرے گا اور مارا جائے گا یا غالب رہے گا اُسے ہم ضرور عظیم الشان اجر دیں گے۔''

یہی اجر ہے جو امام زمانہ علیہ السلام نے اھل کوفہ کو دے دیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر3) خط

**كَتَبَهُ لِشُرَيْحِ ابْنِ الْحَارِثِ قَاضِيهِ . شریح ابن حارث کو لکھا گیا جو عہد ثلاثہ سے قاضی تھا**

1۔مکان کی خریداری پر قاضی سے باز پرس 2۔مکان کی دستاویز کی پہلی اور آخری اور عجیب صورت۔

**رُوِیَ اَنَّ شُرَيْحَ ابْنَ الْحَارِثِ قَاضِیَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اشْتَرَیٰ عَلٰی عَهْدِهٖ دَارًا بِثَمَانِيْنَ دِيْنَارًا،فَبَلَغَهٗ ذٰلِکَ فَاسْتَدْعَاهُ وَقَالَ لَهٗ:**

روایت کی گئی ہے کہ شریح ابن حارث نے امیر المومنین علی علیہ السلام کے دور خلافت میں ایک مکان اَسّی دینار میں خریدا تھا۔جب یہ خبر حضرت علیؑ کو معلوم ہوئی تو اُسے اپنا قاضی ہونے کی بنا پر باز پُرس کے لئے بُلا بھیجا۔جب وہ حاضر ہوا تو اس سے فرمایا کہ:۔

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O**

| | | |
|---|---|---|
| **بَلَغَنِیْ اَنَّکَ ابْتَعْتَ دَارًا بِثَمَانِيْنَ دِيْنَارًا وَ كَتَبْتَ لَهَا كِتَابًا، وَاَشْهَدْتَ فِيْهِ شُهُوْدًا؟** | 1 | ''مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ تم نے ایک مکان اَسّی دینار میں خریدا ہے اور خریداری کی دستاویز بھی لکھی ہے اور اُس دستاویز میں گواہوں کی شہادتیں بھی لکھوائی ہیں؟ |
| **فَقَالَ لَهٗ شُرَيْحٌ:** | | قاضی شریح نے آپ سے عرض کیا کہ:۔ |
| **قَدْ كَانَ ذٰلِکَ يَااَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ،** | | یا امیر المومنینؑ وہ خبر اور تمام تفصیلات یقیناً صحیح ہیں۔ |
| **قَالَ فَنَظَرَ اِلَيْهِ نَظْرَ مُغْضِبٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ :** | | راوی کہتا ہے کہ علیؑ نے قاضی کی طرف غضبناک نظر سے دیکھا اور اس سے کہا کہ:۔ |
| **يَاشُرَيْحُ اَمَا اِنَّهٗ سَيَاْتِيْکَ مَنْ لَّا يَنْظُرُ فِیْ كِتَابِکَ،** | 2 | اے شریح یقیناً بہت جلد تیرے پاس ایک ایسا شخص آنے والا ہے جو تیری لکھی ہوئی دستاویز پر نظر نہ ڈالے گا۔ |
| **وَلَايَسْاَلُکَ عَنْ بَيِّنَتِکَ،حَتّٰی يُخْرِجُکَ مِنْهَا شَاخِصًا،** | 3 | اور نہ ہی تجھ سے تیرے گواہوں اور ثبوت کے متعلق کچھ پوچھے گا بلکہ تجھے حیران و پریشان اس گھر سے باہر نکال لے جائے گا۔ |
| **وَيُسَلِّمُکَ اِلٰی قَبْرِکَ خَالِصًا،** | 4 | اور تجھے تیری ہر چیز سے جدا کر کے تیری قبر کے سپرد کر دے گا۔ |
| **فَانْظُرْ يَاشُرَيْحُ لَا تَكُوْنُ ابْتَعْتَ هٰذِهِ الدَّارَ مِنْ غَيْرِ مَالِکَ،** | 5 | اے شریح اس پر غور کر لو کہ کہیں تم نے یہ گھر کسی دوسرے کے مال کے بدلے میں تو نہیں خریدا ہے؟ |
| **اَوْنَقَدْتَ الثَّمَنَ مِنْ غَيْرِ حَلَالِکَ،** | 6 | یا کہیں ایسے مال سے اس کی قیمت ادا کی ہو جو تمہارے لئے حلال نہ تھا؟ |
| **فَاِذَا اَنْتَ قَدْخَسِرْتَ دَارَالدُّنْيَاوَدَارَالْاٰخِرَةِ،** | 7 | اگر ایسا ہوا ہے تو سمجھ لو کہ تمہاری دنیا بھی اور تمہاری آخرت بھی گھاٹے میں رہی ہے۔ |
| **اَمَا اِنَّکَ لَوْكُنْتَ اَتَيْتَنِیْ عِنْدَشِرَائِکَ مَا اشْتَرَيْتَ لَكَتَبْتُ لَکَ كِتَابًاعَلٰی هٰذِهِ النُّسْخَةِ، فَلَمْ تَرْغَبْ فِیْ شِرَاءِ هٰذِهِ الدَّارِ بِدِرْهَمٍ فَمَا فَوْقُ.** | 8 | اور اگر کہیں تم اس مکان کی خریداری کے وقت میرے پاس آئے ہوتے تو میں تمہارے لئے ایک ایسی تحریر لکھ کر دیتا کہ اسے دیکھنے کے بعد تم اس مکان کو ایک درھم میں بلکہ اس سے بھی کم میں خریدنے کو تیار نہ ہوتے۔'' |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالنُّسْخَةُ هٰذِهٖ، | | اور وہ دستاویز یہ ہے |
| هٰذَامَااشْتَرَىٰ عَبْدٌ ذَلِيْلٌ، | 1 | یہ ایک حقیر و ذلیل بندے کی خرید ہے۔ |
| مِنْ مَيِّتٍ قَدْ اُذْعِجَ لِلرَّحِيْلِ، | 2 | جو اس نے ایک ایسے مرنے والے سے خریدی ہے جو دنیا سے سفر کیلئے تیار ہے۔ |
| اشْتَرَىٰ مِنْهُ دَارًا مِّنْ دَارِ الْغُرُوْرِ مِنْ جَانِبِ الْفَانِيْنَ، وَخِطَّةِ الْهَالِكِيْنَ، | 3 | یہ ایک گھر ہے جو خود فریبی کے علاقہ میں، فنا ہونے والوں کے پاس اور ہلاک ہونے والوں کے رقبے میں بنا ہوا ہے۔ |
| وَتَجْمَعُ هٰذِهِ الدَّارَ حُدُوْدٌ اَرْبَعَةٌ: | 4 | اور اس مکان کی چاروں حدیں یوں ہیں کہ: |
| اَلْحَدُّ الْاَوَّلُ يَنْتَهِيْ اِلٰى دَوَاعِي الْاٰفَاتِ، | 5 | اُس کی پہلی حد آفتوں کے سامان سے ملی ہوئی ہے۔ |
| وَالْحَدُّ الثَّانِي يَنْتَهِيْ اِلٰى دَوَاعِي الْمُصِيْبَاتِ، | 6 | دوسری حد مصیبتوں سے جا کر مل جاتی ہے۔ |
| وَالْحَدُّ الثَّالِثُ يَنْتَهِيْ اِلَى الْهَوَى الْمُرْدِيْ، | 7 | اور تیسری حد تباہ کر ڈالنے والی نفسانی خواہشات پر تمام ہوتی ہے۔ |
| وَالْحَدُّ الرَّابِعُ يَنْتَهِيْ اِلَى الشَّيْطَانِ الْمُغْوِيْ، | 8 | اور اس کی چوتھی حد اغوا کرنے والے شیطان کے علاقہ میں ہے۔ |
| وَفِيْهِ يُشْرَعُ بَابُ هٰذِهِ الدَّار ، | 9 | اور یہ ہی وہ سمت ہے جہاں میرے خریدے ہوئے اس مکان کا دروازہ کھلتا ہے۔ |
| اَشْتَرَىٰ هٰذَاالْمُغْتَرُّ بِالْاَمَلِ، | 10 | اُمیدوں اور آرزوؤں کے فریب میں مبتلا اِس شخص نے اِس گھر کو اُس شخص سے خریدا ہے |
| مِنْ هٰذَاالْمُزْعَجِ بِالْاَجَلِ، | 11 | جو مرنے کے لئے باہر نکالا جا چکا ہے۔ |
| هٰذِهِ الدَّارَبِالْخُرُوْجِ مِنْ عِزِّ الْقَنَاعَةِ، | 12 | یہ مکان اس قیمت پر خریدا گیا ہے کہ خریدنے والا قناعت وصبر کی عزت سے خارج ہو جائے گا۔ |
| وَالدُّخُوْلِ فِيْ ذُلِّ الطَّلَبِ وَالضَّرَاعَةِ، | 13 | اور بھیک مانگنے اور ہاتھ پھیلانے کی ذلت میں داخل ہو جائے گا۔ |
| فَمَااَدْرَكَ هٰذَاالْمُشْتَرِيْ فِيْمَااشْتَرَىٰ مِنْهُ مِنْ دَرَكٍ فَعَلٰى مُبَلْبِلِ اَجْسَامِ الْمُلُوْكِ، | 14 | چنانچہ اب اگر مکان کے خریدار کو مکان خریدنے میں کوئی نقصان پہنچے گا تو پھر بادشاہوں کے جسموں کو تہہ و بالا کرنے والے کی ذمہ داری ہے۔ |
| وَسَالِبِ نُفُوْسِ الْجَبَابِرَةِ، | 15 | اور جابروں وظالموں کی زندگی چھین لینے والے کی ذمہ داری ہے۔ |
| وَمُزِيْلِ مُلْكِ الْفَرَاعِنَةِ، | 16 | اور اس کی ذمہ داری ہے جو فرعونوں کی اور، |
| مِثْلِ كِسْرٰى وَقَيْصَرَوَتُبَّعٍ وَّحِمْيَرَ، | 17 | مثلاً قیصر اور کسریٰ کی اور تُبَّع اور حِمْیَر کی سلطنتوں کو برباد کرنے والا ہے۔ |
| وَمَنْ جَمَعَ الْمَالَ عَلَى الْمَالِ فَاَكْثَرَ، | 18 | اور جو مال پر مال جمع کر کے بڑھانے والوں سے۔ |
| وَمَنْ بَنٰى وَشَيَّدَ، | 19 | اور تعمیرات کر کے سجانے والوں سے۔ |
| وَزَخْرَفَ وَنَجَّدَوَادَّخَرَوَاعْتَقَدَوَنَظَرَ بِزَعْمِهٖ لِلْوَلَدِ، | 20 | اور اولاد کے لئے زر و جواہر کے ذخیرے جمع کر کے مستحکم کرنے والوں سے سب کچھ چھین لے گا اس کی ذمہ داری ہے کہ:۔ |
| اَشْخَاصُهُمْ جَمِيْعًااِلٰى مَوْقِفِ الْعَرْضِ وَالْحِسَابِ | 21 | وہ ان تمام مذکورہ اشخاص کو اُس جگہ جمع کرے گا جہاں اُن سے پورا پورا حساب لیا |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَوْضِعِ الثَّوَابِ وَ الْعِقَابِ، | | جائے اور جہاں انہیں عذاب اور ثواب دیا جائے گا |
| اِذْوَقَعَ الْاَمْرُبِفَصْلِ الْقَضَاءِ ، وَخَسِرَ هُنَالِکَ | 22 | اُسی وقت ہی معاملات کے صحیح فیصلے ہوں گے۔اور اُسی وقت تمام باطل پرست |
| الْمُبْطِلُوْنَ،(40/78) | | گھاٹے میں رہیں گے(40/78) |
| شَهِدَ عَلٰی ذٰلِکَ الْعَقْلُ اِذَاخَرَجَ مِنْ اَسْرِالْهَوٰی | 23 | اس دستاویز پر عقل نے ایسی حالت میں گواہی دی ہے جب کہ وہ خواہشات میں |
| وَسَلِمَ مِنْ عَلَائِقِ الدُّنْیَا. | | گرفتار نہیں تھی اور دُنیا کے تمام تعلقات سے دستکش تھی۔'' |

**تشریح:۔** حضرت علی علیہ السلام کی لکھی ہوئی یہ دستاویز دُنیا میں اپنی مثل آپ ہے نہ یہ طریقہ پہلے کسی اور کو سوجھا نہ بعد میں اس کو اختیار کیا گیا۔ یہاں مکانات کا بنانا اور خرید و فروخت بھی انسانوں کی اپنی پسند کے ماتحت نہیں چھوڑی گئی ہے۔ اِس لئے کہ اس آزادی سے سینکڑوں جرائم جنم لیتے ہیں اور نوع انسان کی آزادی اور ترقی میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ اور اُدھر اللہ پر توکل اور قناعت میں مخل ہوتے ہیں۔ آزادانہ مکانات بنانے اور سجانے سے جو خرابیاں سامنے آتی ہیں وہ بیان فرمادی گئی ہیں۔ اگر آپ اُس نظام میں شامل رہنا چاہتے ہیں جہاں مال حرام کو داخلہ نہ ملے۔ جہاں آخرت ہر وقت سامنے رہے اور دُنیا اور سامانِ دُنیا عارضی اور حقیر معلوم ہوتا رہے۔ جہاں انسان ہمہ قسمی ذلت سے محفوظ رہے۔ جہاں خود فریبی' فنا اور ہلاکت کا گذر نہ ہو سکے۔ آفات و مصائب و نفسانی و پست خیالیاں دُور سے دُور رہیں۔ جہاں غلط آرزوئیں اور غلط اُمیدیں پاس نہ پھٹکیں۔ جہاں عزت و استغنا کبھی مجروح نہ ہو اور کسی حال اور کسی صورت میں نقصان سے سابقہ نہ پڑے تو آپ کا فریضہ ہے کہ خود کو نظام معصومین علیہم السلام کے سپرد کر کے بے اختیار ہو جائیں یا دوسرے الفاظ میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے بندے بن جائیں اور کہہ دیں کہ:۔

سپردم بتو مایۂ خویش را

تو دانی حسابِ کم و بیش را

## 2۔ مذکورہ بادشاہوں سے مزید تعارف

**فرعون۔** بادشاہانِ مصر کا لقب تھا۔ یہ نہایت شاندار عظیم بادشاہ گذرے ہیں اِن میں سے بعض اپنے ظلم و جور کی وجہ سے ایسے بدنام ہوئے کہ یہ لقب ہی ظالموں اور سرکشوں کے لئے مخصوص ہو گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پالنے والا فرعون ہماری تفسیر میں منفرد انسان کی حیثیت سے سامنے آتا ہے۔

**حِمَیر۔** یمن کے بادشاہوں کا لقب رہا ہے۔ یہ بادشاہ سلطنتِ انباط کے مخالف رہے ہیں اور ایران کے جانبدار تھے۔ یہ لوگ یمن کے ساتھ ساتھ حضر موت، حبشہ اور حجاز پر بھی حکمرانی کرتے ہیں۔ اِن کے دوسرے دَور کے بادشاہوں کو تُبّع کہا جاتا تھا۔

**کِسریٰ۔** ایران کے بادشاہوں کو کہتے تھے فارسی زبان کا لفظ خُسرَو ہے، عربی میں کسریٰ خُسرو سے بنا لیا گیا ہے۔

**قیصر۔** شاہان روم کا لقب رہا ہے۔ یہ عیسائی مذہب کی حکومت اور حکومتِ انباط کی دوست تھی۔ یہی حکومت تھی جو مسلسل ہمارے بزرگوں کی قدر و منزلت قائم کرنے میں کوشاں رہی اور آج بھی عیسائی اور یہودی حکومتیں محمد و آل محمد علیہم السلام کی حامی و مددگار ہیں۔ اور ہمیشہ مددگار رہیں گی۔

انشاءاللہ والامام علیہ السلام۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 4) خط

## بصرہ کے گورنر حضرت عثمانؓ بن حنیف کے نام

1۔ بغاوت چھوڑنے والوں کو معافی دینا 2۔ باغیوں سے جنگ ضروری ہے۔
3۔ نیم دلی یا بد دلی سے شاملِ جنگ ہونیوالوں کو ساتھ نہ لینا بہتر ہوتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنۡ عَادُوۡا اِلٰی ظِلِّ الطَّاعَۃِ فَذٰلِکَ الَّذِیۡ نُحِبُّ | 1 | اگر طلحہ، زبیر و عائشہ بغاوت چھوڑ کر اطاعت کے سایہ میں پلٹ آئیں تو وہی ہمیں محبوب ہے۔ |
| وَاِنۡ تَوَافَتِ الۡاُمُوۡرُ بِالۡقَوۡمِ اِلَی الشِّقَاقِ وَالۡعِصۡیَانِ | 2 | اور اگر اُنکے مقاصد انہیں قومی دشمنی اور تفرقہ پردازی اور نافرمانی کیطرف گھسیٹیں تو تمہیں چاہئے |
| فَانۡهَدۡ بِمَنۡ اَطَاعَکَ اِلٰی مَنۡ عَصَاکَ، | | کہ تم انکے خلاف اٹھو اور ان لوگوں کو ساتھ لیکر اپنے مخالفوں کا مقابلہ کرو جو تمہاری اطاعت کریں۔ |
| وَاسۡتَغۡنِ بِمَنۡ اَنۡقَادَ مَعَکَ عَمَّنۡ تَقَاعَسَ عَنۡکَ | 3 | اور جو تمہاری قیادت میں آگے بڑھیں اُن کو کافی سمجھو اور اُن لوگوں کی بالکل پرواہ نہ کرو جو تم سے جی چراتے ہوں۔ |
| فَاِنَّ الۡمُتَکَارِہَ مُغِیۡبُهٗ خَیۡرٌ مِّنۡ مَشۡهَدِهٖ، | 4 | دراصل ناگواری سے ساتھ دینے والوں کا موجود نہ ہونا اُنکے موجود رہنے سے بہتر ہوا کرتا ہے |
| وَقُعُوۡدُهٗ اَغۡنٰی مِنۡ نُهُوۡضِهٖ ؛ | 5 | اور اُن کا جنگ سے الگ ہو کر بیٹھ رہنا اُن کے جنگ کے لئے اُٹھنے سے مفید ہوتا ہے۔ |

**تشریح:** یہ ذکر ہو چکا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے بصرہ کی طرف کوچ کرتے ہوئے اہل کوفہ کو جہاد کے لئے پہنچنے کا خط لکھا تھا۔ مدینہ سے یہ روانگی اسی لئے ہوئی تھی کہ عائشہ، طلحہ و زبیر اپنی فوج لے کر بصرہ کو روانہ ہو گئے تھے اور حضور علیہ السلام بصرہ ہی میں اِن تینوں سے جنگ کرنا چاہتے تھے۔ آپؑ نے حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جواب میں یہ خط لکھا ہے اور باغی مسلمانوں سے جنگ کو لازمی قرار دیا ہے۔ یعنی امام وقت علیہ السلام سے باغی کی نہ نماز کا خیال کیا جائے گا نہ مسلمان و مومن کہلانے کی پرواہ کی جائے گی انہیں بے دریغ جہنم واصل کیا جائے گا۔

### 2۔ امام زمانہ علیہ السلام سے بغاوت پر علامہ مودودی اور دیگر علماء کا فتویٰ سُنیں

مودودی نے لکھا ہے کہ:۔ اس مسئلہ میں صحیح شرعی پوزیشن قاضی ابوبکر ابن العربی نے احکام القرآن میں اس طرح بیان کی ہے کہ:۔

۔''لوگوں کو بلا امام چھوڑ دینا ممکن نہ تھا چنانچہ امامت اُن باقی صحابہ کے سامنے پیش کی گئی جن کا ذکر حضرت عمر نے شوریٰ میں کیا ہے اور انہوں نے اسے رد کر دیا تھا۔ اور حضرت علیؑ نے جو امامت کے سب سے زیادہ حقدار اور اہل تھے اُسے قبول کر لیا تھا۔ تا کہ اُمت کو خونریزی اور آپس کی پھوٹ سے بچایا جا سکے۔ جس سے دین و ملت کو نا قابل تلافی نقصان پہنچ جانے کا خطرہ تھا۔ پھر جب اُن سے بیعت کر لی گئی تو شام کے لوگوں نے اُن کی بیعت قبول کرنے کے لئے یہ شرط لگائی کہ پہلے حضرت عثمان کے قاتلوں کو گرفتار کر کے اُن سے قصاص لیا جائے۔ حضرت علیؑ نے اُن سے کہا کہ پہلے بیعت میں داخل ہو جاؤ پھر حق کا مطالبہ کرو اور وہ تمہیں مل جائے گا۔ مگر انہوں نے کہا کہ آپ بیعت کے مستحق ہی نہیں ہیں۔ جبکہ ہم قاتلین عثمان کو صبح شام آپ کے ساتھ دیکھ رہے ہیں۔ اس معاملے میں حضرت علیؑ کی رائے زیادہ صحیح تھی۔ اور اُن کا قول زیادہ درست تھا۔ کیونکہ اگر وہ اس وقت قاتلین عثمان سے بدلہ لینے کی کوشش کرتے تو قبائل اُن کی حمایت پر اُٹھ کھڑے ہوتے اور لڑائی کا ایک تیسرا محاذ کھل جاتا۔ اس لئے وہ انتظار کر رہے تھے کہ حکومت مضبوط ہو جائے اور تمام مملکت میں اُن کی بیعت منعقد ہو لے۔ اس کے بعد باقاعدہ عدالت میں اولیاء مقتول کی طرف سے دعویٰ پیش ہو اور حق کے مطابق فیصلہ

Presented by Ziaraat.Com

کر دیا جائے۔ علمائے اُمت کے درمیان اس امر میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ امام کے لئے قصاص کو مؤخر کرنا ایسی حالت میں جائز ہے جبکہ اُس سے فتنہ بھڑک اُٹھنے اور تفرقہ برپا ہونے کا خطرہ ہو۔'' ایسا ہی معاملہ حضرات طلحہ اور زبیر کا تھا ان دونوں حضرات نے نہ تو حضرت علیؑ کو خلافت سے بے دخل کیا تھا نہ اُن کے دین پر معترض تھے۔ البتہ اُن کا خیال یہ تھا کہ پہلے حضرت عثمان کے قاتلوں سے ابتداء کی جائے مگر حضرت علیؑ اپنی رائے پر قائم رہے اور رائے اُنہی کی صحیح تھی۔''

آگے چل کر قاضی صاحب آیت۔ '' فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰی تَفِیْٓءَ اِلٰٓی اَمْرِ اللّٰہِ'' (الحجرات 9) کی تفسیر میں کلام کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:۔

۔''حضرت علیؑ نے ان حالات میں اسی آیت کے مطابق عمل کیا تھا۔ اُنہوں نے اُن باغیوں کے خلاف جنگ کی تھی جو امام پر اپنی رائے مسلط کرنا چاہتے تھے۔ اور ایسا مطالبہ کر رہے تھے جس کا انہیں حق نہ تھا۔ اُن کے لئے صحیح طریقہ یہ تھا کہ وہ حضرت علیؑ کی بات مان لیتے اور اپنا مطالبہ قصاص عدالت میں پیش کر کے قاتلین پر مقدمہ ثابت کرتے۔ اگر ان لوگوں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہوتا اور پھر حضرت علیؑ مجرموں سے بدلہ نہ لیتے تو انہیں کش مکش کرنے کی بھی ضرورت نہ ہوتی عامۂ مسلمین خود ہی حضرت علیؑ کو معزول کر دیتے۔''

(احکام القرآن جلد 4 صفحہ 1707۔1706، طبع مصر 1958ء) خلافت وملوکیت صفحہ 127۔126)

پھر علامہ مودودی صفحہ 137 پر لکھتے ہیں کہ:۔

۔''ابوبکر جصاص احکام القرآن میں لکھتے ہیں:۔'' علیؑ بن ابی طالبؑ رضی اللہ عنہ نے باغی گروہ کے خلاف تلوار سے جنگ کی اور اُن کے ساتھ وہ اکابر صحابہ اور اھل بدر تھے جن کا مرتبہ سب جانتے ہیں۔ اس جنگ میں وہ حق پر تھے اور اس میں اُس باغی گروہ کے سوا جو اُن سے برسر جنگ تھا اور کوئی بھی اُن سے اختلاف نہ رکھتا تھا۔ مزید برآں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمار سے فرمادیا تھا کہ تم کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔ یہ ایک ایسی خبر ہے جو تواتر کے ساتھ منقول ہوئی ہے اور عام طور صحیح مانی گئی ہے۔'' (احکام القرآن للجصاص جلد 3 صفحہ 492) خلافت وملوکیت صفحہ 137)

لہٰذا حضرت علی علیہ السلام کے مخالف اور بغاوت کرنیوالے سب کے سب جنت کے حقدار نہ رہے خواہ تلوار سے قتل ہوئے ہوں یا اپنی موت مرے ہوں۔

## 3۔ حضرت علیؑ رضا کارانہ خوشی خوشی جہاد کرنے والوں کو اجازت دیا کرتے تھے

یہ خط بتاتا ہے کہ حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہرگز اپنی تعداد بڑھانے کی فکر نہ کرتے تھے۔ اُنہیں اپنی کامیابی اور فتوحات کا یقین تھا۔ وہ اللہ کی طرح بندوں سے مستغنی تھے۔ اور وہ تنہا شخص ہیں جن کو میدان جنگ میں کبھی شکست کا منہ نہ دیکھنا پڑا اور اللہ کے تمام وعدے اُن کے حق میں صحیح نکلے۔ بدتر سے بدتر فوج بھی ہمیشہ کامیاب اور مظفر ومنصور پلٹتی رہی۔

ہم نے بھی لکھا ہے اور تمام تواریخ مانتی ہیں کہ عائشہ اور طلحہ وزبیر نے عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے معاھدہ کر کے دھوکا دیا۔ یعنی رات کو اُن پر حملہ کر دیا تھا۔ اور دھوکا دینا غدّاری کرنا معاہدہ شکنی کرنا قریشی قوم اور قریشی لیڈروں کی آبائی سنت ہے۔ اُن سے صرف مکر وفریب ودغا کی اُمید رکھنا چاہیئے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر5) خط

## اِلَی الْاَشْعَثِ بِنْ قَیْسٍ عَامِلِ آذَرْبِیْجَانَ: آذربائیجان کے گورنر اشعث بن قیس کے نام

1۔عہدہ اور حکمرانی کا مطلب ''کھاؤ پیئو اور مزے اڑاؤ نہیں'' وہ گردن میں امانت کا پھندا ہے

2۔بلا اجازت اور بلا دلیل کوئی بڑا کام کرنے کی ممانعت۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَاِنَّ عَمَلَکَ لَيْسَ لَکَ بِطُعْمَةٍ، | 1 | اور تجھے ملی ہوئی حکومت کھانے پینے اور موج اُڑانے کا سامان نہیں ہے۔ |
| وَلٰکِنَّهُ فِیْ عُنُقِکَ اَمَانَةٌ وَاَنْتَ مُسْتَرْعًی لِّمَنْ فَوْقَکَ، | 2 | ولیکن وہ تو تمہاری گردن میں لٹکی ہوئی ایک امانت ہے اور تم اپنے اوپر حکمران کی طرف سے اس امانت کے محافظ ہو۔ |
| لَيْسَ لَکَ اَنْ تَفْتَاتَ فِیْ رَعِيَّةٍ، | 3 | تمہیں یہ اختیار نہیں ہے کہ تم رعایا کے ساتھ جو بھی چاہو کرتے رہو۔ |
| وَلَا تُخَاطِرَ اِلَّا بِوَثِيْقَةٍ، | 4 | اور نہ یہ اختیار ہے کہ بلا کسی مضبوط وجہ کے کسی بڑے مسئلہ میں اُلجھو۔ |
| وَفِیْ يَدَيْکَ مَالٌ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، | 5 | اور تیرے ہاتھ میں اللہ کے مال میں سے کچھ مال رہتا ہے۔ |
| وَاَنْتَ مِنْ خُزَّانِهٖ حَتّٰی تُسَلِّمَهُ اِلَیَّ، | 6 | اور تم اُس مال خدا کے اُسوقت تک خزانچی ہو جب تک اُس مال کو میرے سپرد نہ کردو۔ |
| وَلَعَلِّیْ اَنْ لَّا اَکُوْنَ شَرَّ وُلَاتِکَ لَکَ. وَالسَّلَامُ، | 7 | اور اُمید ہے کہ مجھے تمہارے لئے ایک بُرا حکمران نہ بننا پڑے گا۔ والسلام۔ |

**تشریح:** قریشی حکمرانوں کا فریضہ تھا کہ وہ بتدریج خلافت الٰہیّہ کو شاھانِ عجم کی راہ پر ڈال دیں چنانچہ حضرات ابوبکر و عمر و عثمان، حکومت نبوّیہ کو آہستہ آہستہ اور بڑی حکمت عملی سے تبدیل کر رہے تھے اور پرانے لوگ کہیں کہیں چونک پڑتے تھے۔ علامہ مودودی سے ایک مثال سُن لیں لکھتے ہیں کہ:۔

۔''مثال کے طور پر جب ولید بن عقبہ کوفہ کی گورنری کا پروانہ لے کر حضرت سعد بن ابی وقاص کے پاس پہنچا تو انہوں نے فرمایا کہ:۔''معلوم نہیں ہمارے بعد تُو زیادہ دانا ہو گیا یا ہم تیرے بعد احمق ہو گئے ؟'' اُس نے جواب دیا۔''ابو اسحاق برا فروختہ نہ ہو یہ تو بادشاہی ہے۔ صبح کوئی اس کے مزے لوٹتا ہے تو شام کوئی اور۔'' حضرت سعد نے کہا۔''میں سمجھتا ہوں واقعی تم لوگ اِسے بادشاہی بنا کر چھوڑو گے۔'' (خلافت وحکومت صفحہ 108)

کہنا یہ ہے کہ حضرات ابوبکر و عمر و عثمان نے لوگوں کو بادشاہی یا ملوکیت کی راہ پر ڈالا تھا۔ لہٰذا پورے ملک میں لوگ بادشاہی کے انداز پر سوچتے تھے اور حکومت کو مزے لوٹنے کی چیز سمجھتے تھے۔ اس خط میں حضرت علی علیہ السلام نے پہلی بات ہی یہ فرمائی ہے کہ:۔

۔''تمہاری عملداری وحکومت تمہاری مزے اڑانے اور کھانے پینے کی چیز نہیں ہے۔ بلکہ تمہاری گردن میں لٹکنے والی ایک امانت اور ذمہ داری ہے جس کے لئے تم اپنے اوپر حکمران کے سامنے جوابدہ اور ذمہ دار ہو۔ تمہیں یہ اختیارات حاصل نہیں ہیں کہ رعایا کے ساتھ جو دل چاہے وہ کر لیا کرو۔ بلکہ تمہیں قوانین خداوندی کے اندر رہتے ہوئے کام کرنا ہیں۔ (4۔1/5) اِن چاروں جملوں سے یہ بات طے ہو جاتی ہے کہ تمام ماتحت حکمرانوں اور گورنروں کو ہر معاملے میں قانون خدا اور رسولؐ یعنی قرآن اور سُنت پر کاربند رہنا ہوگا اور امامؑ کی دی ہوئی ہدایات سے تجاوز کا اختیار نہیں ہوگا اور اپنے ہر اقدام کی پشت پر ایک مضبوط دلیل پیش کرنا ہوگی۔ سابقہ خلفاء کے اختیار کردہ قرآن وسنتِ نبویؐ کے خلاف رسوم ورواج اور دستور پر عمل نہیں کیا جائے گا۔ وہ تو سابقہ کافروں کے قدم بقدم اس لئے چلے کہ رفتہ رفتہ اسلامی حکومت کو ایرانیوں اور رومیوں اور یونانیوں اور حمیریوں اور حبشیوں کے طرز حکومت میں

Presented by Ziaraat.Com

بدل دیں۔اور قرآنی قوانین کی جگہ کافروں کے قوانین کا مرکب وملمع جاری کردیں۔چونکہ وہ خلفاء نہ قرآن پر عبور رکھتے تھے نہ اُنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی تمام احادیث سُنی تھیں نہ تمام فیصلوں کے وقت وہ موجود رہے تھے اس لئے انہوں نے اس کو بہتر اور آسان سمجھا کہ جو ملک فتح کریں اُس ملک میں وہی طریقہ اور رواج اور قانون بحال رکھتے چلے جائیں جو وہاں رائج چلا آرہا تھا۔اس لئے اُنہوں نے وہاں پر ہر جگہ وہیں کی زبان بحال رکھی۔ وہی دفاتر قائم رکھے وہی اسٹاف وہی عملہ برقرار رکھا۔یعنی صرف حکم چلانے والے بدل گئے اور کچھ نہ بدلا اور چین سے حکومت چلتی رہی۔اس سلسلے میں علامہ شبلی کی چند بنیادی باتیں سنتے چلیں لکھا ہے کہ:۔

۔''حضرت عمر کی سیاست کا ایک بڑا اصول یہ تھا کہ وہ قدیم سلطنتوں اور حکمرانوں کے قواعد اور انتظامات سے واقفیت پیدا کرتے تھے اور اُن میں جو چیزیں پسند کے قابل ہوتی تھیں اُن کو اختیار کرتے تھے۔خراج۔عشور۔دفتر۔رسد۔کاغذاتِ حساب۔اِن تمام انتظامات میں اُنہوں نے ایران وشام کے قدیم قواعد پر عمل کیا۔البتہ جہاں کوئی نقص پایا اس کی اصلاح کردی۔عراق کے بندوبست کا جب ارادہ کیا تو حذیفہ اور عثمان بن حنیف کے نام حکم بھیجا کہ عراق کے دو بڑے زمینداروں کو میرے پاس بھیج دو۔چنانچہ یہ زمیندار مع مترجم کے اُن کے پاس آئے اور انہوں نے اُن سے دریافت کیا کہ سلاطین عجم کے یہاں مالگذاری کی تشخیص کا کیا طریقہ تھا؟۔جزیہ حالانکہ بظاہر مذہبی لگاؤ رکھتا تھا تاہم اس کی تشخیص میں وہی اصول ملحوظ رکھے جو نوشیروان نے اپنی حکومت میں قائم کئے تھے۔علامہ ابوجعفر محمد بن جریر طبری نے جہاں نوشیرواں کے انتظامات وبالخصوص جزیہ کا ذکر کیا ہے لکھا ہے:۔

۔''هِيَ الْوَدَاعِ الَّتِي اِقْتَدَى بِهَا عمر بن الخطاب حِيْنَ افتح بلا دالفرس ۔یعنی یہ وہی قاعدے ہیں کہ حضرت عمر نے جب فارس کا ملک فتح کیا تو اُن کی اقتدا کی۔''اِس سے زیادہ صاف اور مصرّح علامہ ابن مسکویہ نے اس مضمون کو لکھا ہے۔علامہ مذکور نے جو حکیم اور فلسفی اور شیخ ابوعلی سینا کا معاصر وہم پایہ تھا تاریخ میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام تجارب الامم ہے۔اس میں جہاں حضرت عمر کے انتظامات ملکی کا ذکر کیا ہے لکھا ہے کہ:۔

۔''وَكَانَ عمر يلكثر الحلوة بقوم من الفرس يقرؤن عليه سيات الملوك و لا سيّما ملوك العجم لفضلاء وسيما انوشيروان فانه كان معجبابها كثر الاقتدء بِهَا۔''یعنی عمر فاروق فارس کے چند آدمیوں کو صحبت خاص میں رکھتے تھے یہ لوگ اُن بادشاہوں کے آئینِ حکومت پڑھ کر سُنایا کرتے تھے خصوصاً شاہانِ عجم کے اور اُن میں سے بھی خاص کر نوشیرواں کے،اس لئے کہ اُن کو نوشیرواں کے آئین بہت پسند تھے اور اُن کی بہت پیروی کرتے تھے۔''

علامہ موصوف کے بیان کی تصدیق اس سے بھی ہوتی ہے کہ عموماً مورخوں نے لکھا ہے کہ جب فارس کا رئیس ہرمزان اسلام لایا تو حضرت عمر نے اُس کو اپنے خاص درباریوں میں داخل کیا اور انتظامات ملکی کے متعلق اُس سے اکثر مشورہ لیتے تھے (الفاروق حصہ دوم صفحہ 89-88)

علامہ شبلی کے اس بیان سے تصدیق ہوگئی کہ حضرت عمر نے اپنا کاروبارِ حکومت چلانے کیلئے کفار کے دانشوروں اور سیاست دانوں میں سے ماہرین کو انتخاب کر کے اپنے چاروں طرف بطور مشیر رکھا ہوا تھا اور سابقہ حکومتوں وکفار حکمرانوں کے آئین وقوانین ودَساتیر جمع کر رکھے تھے اور حسب ضرورت وہ ماہرین کفار کے جدید وقدیم قوانین وقواعد پڑھ کر سناتے اور بہترین مشورے دیتے رہتے تھے اور حضرت عمر اُن قوانین اور مشوروں کے مطابق اُنکی اقتداء اور پیروی کرتے اور اُنہیں اپنی سلطنت میں بطور قوانین جاری ونافذ کرتے رہتے تھے یہاں یہ بھی سنتے چلیں کہ حضرت عمر کی پیروی میں عثمان، معاویہ بھی حتیٰ کہ عباسیوں کے خلفانے بھی ہمیشہ مذکورہ بالا ماہرین کی ایک جماعت برقرار رکھی اور بدستور اُنکی صوابدید سے کاروبارِ حکومت چلایا۔

اب یہ سوچنے کی بات ہے کہ قریشی حکمرانوں نے بجائے کافرانہ قوانین وآئین کی پیروی کے قرآن وحدیث کو اپنا راہنما کیوں نہ بنایا؟ یہاں

Presented by Ziaraat.Com

یہ ماننا پڑے گا کہ یا تو قرآن وحدیث اُن قوانین سے خالی تھے یا یہ لوگ قرآن وحدیث کے قوانین کو نافذ کرنے کے مخالف تھے۔اس کا صحیح فیصلہ بھی قبل از وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کر گئے تھے لہٰذا حدیث کی مسلمہ صحیح ومستند کتاب بخاری میں علامہ محمد اسماعیل بخاری نے لکھا ہے کہ:۔

**بَابُ قول النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لَتَتَّبِعُنَّ سُنَنَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ** .حَدَّثَنَا احمد بن یونس قال حَدَّثَنَا ابن ابی ذئب عَنِ الْمقبری عن ابی ھریرۃؓ عَنْ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لَاتَقُومُ السَّاعَۃَ حَتّٰی تَاخُذَ اُمَّتِیْ بِاَخذ القرونِ قَبْلِھَا شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ فَقِیْلَ یَا رَسُولَ اللّٰہِ کَفَارِسَ وَالرُّوْمِ ؟ قَالَ وَمَنِ النَّاسُ اِلَّااُولٰئِکَ .

2۔ حَدَّثَنَا محمد بن عبدالعزیز قَالَ حَدَّثَنَا ابو عُمُر الصَّنْعَانِیُ مِنَ الیَمَن عَنْ زیدبن اسلم عَنْ عَطَابن یَسَار عَنْ ابی سیعد الخدری عَن النَّبِی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لَتَتَّبِعُنَّ سُنَنَ مَنْ قَبْلِکُمْ شِبْرًا شِبْرًا وَذِرَاعًا ذِرَاعًا حَتّٰی لو دَخَلُو احجر ضبّ تَبِعْتُمُوھُمْ .قُلْنَا یا رسولؐ اللّٰہ اَلْیَھُوْدُ وَالنَّصَارٰی قَال فمن ؟ (بخاری جلد2 پارہ29 صفحہ 1088 کتاب الاعتصام)

۔''وہ باب جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول بیان کیا جائے گا جس میں حضورؐ علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ تم لوگ اپنے سے پہلی قوموں کے قوانین اور سُنتوں کی پیروی کرو گے چنانچہ اس سلسلے میں احمد بن یونس نے حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سے ابن ابی ذئب مقبری نے بیان کیا اور انہوں نے ابو ہریرہؓ سے سُنا اور اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ فرماتے تھے کہ قیامت قائم ہو ہی نہیں سکتی جب تک کہ میری اُمت اپنے سے پہلی اُمتوں اور اقوام کی سرکشانہ بالشت بالشت اور ہاتھ سے ناپ ناپ کر پیروی نہ کر چکے۔اُن سے کہا گیا کہ کیا ایرانیوں اور رومیوں کی پیروی بھی کرے گی؟ فرمایا کہ اُن کے علاوہ لوگ اور کون ہو سکتے ہیں۔مطلب یہ کہ ایرانیوں اور رومیوں کی پیروی ہی تو تمہیں پسند آئے گی۔دوسری حدیث محمد بن عبدالعزیز نے ابوعمر صنعابی سے اور انہوں نے زید بن اسلم سے اور انہوں عطا بن یسار سے اور انہوں نے سعید الخدری سے اور انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ فرماتے تھے کہ تم لوگ اپنے سے پہلے کے لوگوں کی بالشت بالشت اور ہاتھوں ہاتھ ناپ ناپ کر سرکشانہ پیروی کرو گے یہاں تک کہ اگر اُن میں کوئی بجّو کے سوراخ میں گھسا ہوگا تو تم بھی گھسو گے۔ہم نے عرض کیا کہ یا رسولؐ اللہ کیا ہم یہودیوں اور نصرانیوں کی اقتداء و پیروی بھی کریں گے؟ فرمایا کہ اور کس کی پیروی؟ مطلب یہ کہ تم یہود و نصاریٰ کی اور ایرانیوں اور رومیوں کی پیروی ضرور کرو گے۔''

معلوم ہوا کہ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلے سے جانتے تھے کہ قریشی حکمران قرآن کو اختیار نہ کریں گے بلکہ دنیا بھر کے کافروں اور مشرکوں اور بے دینوں کے قدم بقدم چلیں گے۔یہ تھا وہ راستہ جس پر ان حکمرانوں نے ایک چوتھائی صدی تک جادہ پیمائی کی تھی اور حضرت علی علیہ السلام اس راستے کو مٹا کر قرآن وحدیث کے راستے پر اُمت کو چلانا چاہتے تھے اور ذرا سی لاپرواہی اور غفلت برداشت نہ کرتے تھے۔چنانچہ اشعث بن قیس کو صاف اور واضح زبان میں خط لکھا اور حکومت کی ذمہ داریاں یاد لائیں اور نہایت مہذبانہ انداز میں انتہائی اقدامات کی دھمکی بھی دی اور بتا دیا کہ میں بارہ مہینے اور چوبیس گھنٹے پسندیدہ اور نرم رَو حکمران نہیں رہ سکتا۔بُرے لوگوں اور بُرے عملدارآمد کے جواب میں بُرا اقدام کرنے پر تیار رہتا ہوں۔ایسے حالات پیدا نہ کرنا کہ میں تمہارے لئے ایک بُرا حکمران بن جاؤں اور رحم وکرم ونوازشات کو بالائے طاق رکھ کر تمہاری پٹائی اور ذلت کے احکام جاری کر دوں۔مطلب یہ کہ مجھ سے صرف نرم روی اور برداشت ہی کی اُمید نہ رکھنا۔میں سب طرح کے حالات سے نمٹنا جانتا ہوں لہٰذا شریفانہ اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے ہی میں خیریت ہے۔مجھے سابقہ حکمرانوں کی طرح غلط روی کا عادی نہیں بنایا جا سکتا۔نہ مجھے سرکشی سے ڈرایا جا سکتا ہے۔نہ مجھے ابوبکر وعمر وعثمان اور اُن کے گورنروں کے رویہ کی مثال دے کر موڑا جا سکتا ہے۔ساری دُنیا اِدھر سے اُدھر ہو جائے۔میں قرآن سے ذرہ برابر نہ ہٹونگا۔اور غلط کاروں کو ذمہ دار بنانے کے تمام ضروری اقدامات کروں گا۔ساری دُنیا کو قرآن پر عمل کرنے کیلئے مجبور کروں گا۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر6) خط

## اِلٰی مُعَاوِیَةَ: معاویہ کے نام

1۔ معاویہ کو قریشی لیڈروں کے خودساختہ اصول انعقادِ خلافت پر متوجہ کر کے اپنے برحق خلیفہ ہونے پر لاجواب گفتگو کی ہے۔ 2۔ عثمان کے خلاف سازش سے اپنی بریت کا اعلان کیا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّهٗ بَايَعَنِیَ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا اَبَابَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ عَلٰی مَابَايَعُوْ عَلَيْهِ، | 1 | بلاشبہ مجھے اسی پوری قوم نے خوشی سے بیعت کر کے اپنا خلیفہ بنایا تھا جس قوم نے جس اصول پر ابوبکر و عمر اور عثمان کو اپنا خلیفہ بنایا تھا۔ |
| فَلَمْ يَكُنْ لِلشَّاهِدِاَنْ يَّخْتَارَ،وَلَا لِلْغَائِبِ اَنْ يَّرُدَّ، | 2 | قریشی قوم کے اس عمل درآمد کے بعد کسی بھی موجود شخص کو یہ اختیار نہیں رہتا کہ وہ اس عمل کے خلاف کسی اور کو خلیفہ بنالے اور نہ اُس وقت کے غائب شخص کو اُنکے فیصلے کو رد کرنے کا اختیار رہتا ہے۔ |
| وَاِنَّمَا الشُّوْرٰی لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ، | 3 | قریشی و انصاری عقیدے اور عمل کے ماتحت خلافت کے لئے مشورہ کر کے فیصلہ کرنے کا اختیار صرف مہاجرین اور انصار ہی کو حاصل ہے۔ |
| فَاِنِ اجْتَمَعُوْاعَلٰی رَجُلٍ وَسَمُّوْهُ اِمَامًا كَانَ ذٰلِكَ لِلّٰهِ رَضیً، | 4 | چنانچہ اگر مہاجرین اور انصار کسی شخص کو خلیفہ بنانے کا اجتماعی فیصلہ کر کے اسے خلیفہ و امام نامزد کر دیں تو اسی فیصلے میں اللہ کی رضامندی ہوگی۔ |
| فَاِنْ خَرَجَ عَنْ اَمْرِهِمْ خَارِجٌ بِطَعْنٍ اَوْبِدْعَةٍ رَدُّوْهُ اِلٰی مَا خَرَجَ مِنْهُ، | 5 | اس نامزدگی کے بعد جو کوئی اس قریشی فیصلے کی اطاعت سے خارج ہوگا، خواہ طعن وطنز کر کے یا کوئی نئی بدعت گھڑ کر اسے سارے مسلمان مل کر اپنی خلافت کے ماتحت جبراً لائیں گے۔ اور مطیع بنائیں گے۔ |
| فَاِنْ اَبٰی قَاتَلُوْهُ عَلٰی اتِّبَاعِهٖ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ، | 6 | اب اگر وہ شخص نہ مانے گا تو اُس سے جنگ کریں گے اس لئے کہ اُس نے مومنین قریش کے خلاف راہ اختیار کی ہے۔ |
| وَوَلَّاهُ اللّٰهُ مَاتَوَلّٰی، | 7 | اور اللہ بھی اُسے اُسی ولایت سے وابستہ رکھے گا جو اُس نے اختیار کی تھی۔ |
| وَلَعَمْرِیْ.يَامُعَاوِيَةُ.لَئِنْ نَظَرْتَ بِعَقْلِكَ دُوْنَ هَوَاكَ لَتَجِدَنِّیْ اَبْرَأَالنَّاسِ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ،وَلَتَعْلَمَنَّ اَنِّیْ كُنْتُ فِیْ عُزْلَةٍ عَنْهُ اِلَّا عَنْ تَتَجَنَّیْ،فَتُجْنَ مَا بَدَالَكَ،وَالسَّلَامُ، | 8 | اور اے معاویہ مجھے اپنی جان کی قسم اگر تو ذاتی خواہشات اور اپنی مصلحتوں سے ہٹ کر اپنی عقل سے کام لو تو یقیناً مجھے عثمان کے قتل میں تمام انسانوں سے زیادہ بری و بے قصور پائے گا اور تجھے ضرور یہ علم ہو جائے گا کہ میں اس سے ہٹ کر خانہ نشین رہا ہوں۔ سوائے اس کے کہ تم اپنے مقاصد کے لئے مجھ پر تہمت عائد کرو۔ والسلام |

**تشریح:** اِس خط میں حضور علیہ السلام نے وہی دلیل بیان فرمائی جو مودودی اور قاضی ابوبکر نے خلافت وملوکیت میں اور احکام القرآن (تشریحات خط 4) مین بیان کی ہے اور حضرت علی علیہ السلام کے تمام اقدامات کو برحق وقرآن کے مطابق لکھا ہے اور ہم شروع ہی میں بیان کر چکے ہیں۔ اور قریش

Presented by Ziaraat.Com

کے تمام علماء نے حضرت علیؑ کو حق پر مانا ہے۔اور حضرت عائشہ،طلحہ،زبیر اور معاویہ کو باغی اور باطل گروہ قرار دیا ہے۔فرق یہ ہے کہ قرآن کی رُو سے ہم عائشہ،طلحہ،زبیر اور معاویہ اور اُن کے تمام طرفداروں کو نہ صرف باطل اور باغی گروہ کہتے ہیں بلکہ قرآن کریم میں اُن کے لئے کوئی رعایت نہیں پاتے ہیں اور جس طرح قریشی حکومتوں اور علماء نے اس معاملے کو قرآن کے سر چپکایا ہے اُسے غلط قرار دیتے ہیں۔چنانچہ وہ آیت علامہ مودودی کی تفہیم القرآن سے مع ترجمہ ملاحظہ فرمالیں۔اللہ کا ارشاد ہے کہ:۔

## قرآن اور باغی گروہ اور قریشی علماء پر نظر؟

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا فَاِنْ بَغَتْ اِحْدٰهُمَا عَلَی الْاُخْرٰی فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰی تَفِیْٓءَ اِلٰٓی اَمْرِ اللّٰهِ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَo (حجرات 49/9)

**مودودی ترجمہ**۔''اور اگر اہل ایمان میں سے دو گروہ آپس میں لڑ جائیں تو اُن کے درمیان صلح کراؤ۔پھر اگر اُن میں سے ایک گروہ دوسرے گروہ سے بغاوت (زیادتی) کرے تو بغاوت (زیادتی) کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے۔پھر اگر وہ پلٹ آئے تو اُن کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرادو اور انصاف کرو کہ اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 76 تا 78)

## مودودی کی تشریحات اوّل سے آخر تک تمام صورت حال کے لئے

**پہلی تشریح** ''یہ نہیں فرمایا کہ۔''جب اہل ایمان میں سے دو گروہ آپس میں لڑیں۔'' بلکہ فرمایا یہ ہے کہ۔''اگر اہل ایمان میں سے دو گروہ آپس میں لڑ جائیں۔'' اِن الفاظ سے یہ بات خود بخود نکلتی ہے کہ آپس میں لڑنا مسلمانوں کا معمول نہیں ہے۔اور نہیں ہونا چاہئے۔اور نہ اُن سے یہ امر متوقع ہے کہ وہ مومن ہوتے ہوئے آپس میں لڑا کریں گے۔البتہ اگر کبھی ایسا ہو جائے تو اس صورت میں وہ طریق کار اختیار کرنا چاہئے جو آگے بیان کیا جا رہا ہے۔علاوہ بریں گروہ کے لئے بھی ''فرقہ'' کے بجائے ''طائفہ'' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے عربی زبان میں ''فرقہ'' بڑے گروہ کے لئے اور طائفہ چھوٹے گروہ کے لئے بولا جاتا ہے۔اس سے بھی یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں یہ ایک انتہائی ناپسندیدہ حالت ہے۔جس میں مسلمانوں کی بڑی بڑی جماعتوں کا مبتلا ہو جانا متوقع نہیں ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 76)

**دوسری تشریح** ''13 اس حکم کے مخاطب وہ تمام مسلمان ہیں جو ان دونوں گروہوں میں شامل نہ ہوں۔اور جن کے لئے اُن کے درمیان صلح کی کوشش کرنا ممکن ہو۔دوسرے الفاظ میں،اللہ تعالیٰ کے نزدیک مسلمانوں کا یہ کام نہیں کہ اُن کی اپنی ملت کے دو گروہ آپس میں لڑ رہے ہوں اور وہ بیٹھے اُن کی لڑائی کا تماشہ دیکھتے رہیں۔بلکہ یہ افسوس ناک صورتِ حال جب بھی پیدا ہو،تمام اہل ایمان کو اس پر بے چین ہو جانا چاہئے اور اُن کے باہمی معاملات کی اصلاح کے لئے جس کے بس میں جو کچھ بھی ہو وہ کوشش اُسے صرف کر ڈالنی چاہئے۔فریقین کو لڑائی سے باز رہنے کی تلقین کی جائے۔انہیں خدا سے ڈرایا جائے۔بااثر لوگ فریقین کے ذمہ دار آدمیوں سے جا کر ملیں۔نزاع کے اسباب معلوم کریں اور اپنی حد تک ہر وہ کوشش کریں جس سے اُن کے درمیان مصالحت ہو سکتی ہو۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 76)

**تیسری تشریح** ''14 یعنی مسلمانوں کا یہ کام بھی نہیں کہ وہ زیادتی کرنے والے کو زیادتی کرنے دیں۔اور جس پر زیادتی کی جا رہی ہو اُسے اُس کے حال پر چھوڑ دیں،یا اُلٹا زیادتی کرنے والے کا ساتھ دیں بلکہ اُن کا فرض یہ ہے کہ اگر لڑنے والے فریقین میں صلح کرانے کی تمام کوششیں ناکام ہو جائیں تو پھر یہ دیکھیں کہ حق پر کون ہے اور زیادتی کرنے والا کون ہے؟ جو حق پر ہو اس کا ساتھ دیں اور جو زیادتی کرنے والا ہو اس سے لڑیں۔اس لڑائی

Presented by Ziaraat.Com

کا چونکہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اس لئے یہ واجب ہے اور جہاد کے حکم میں ہے۔ اس کا شمار اس فتنے میں نہیں ہے جس کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اَلْقَائِمُ فِیْھَا خَیْرٌ مِنَ لْمَاشِیْ و القاعد فیھَا خَیْرٌ مِنَ الْقَائِم۔ (اس میں کھڑا رہنے والا چلنے والے سے، اور بیٹھ جانے والا کھڑا رہنے والے سے بہتر ہے۔) کیونکہ اس فتنے سے مراد تو مسلمانوں کی وہ باہمی لڑائی ہے جس میں فریقین عصبیت اور حمیت جاھلیہ اور طلب دنیا کے لئے لڑ رہے ہوں۔ اور دونوں میں سے کوئی بھی حق پر نہ ہو۔ رہی یہ لڑائی جو زیادتی کرنے والے گروہ کے مقابلے میں برسرِ حق گروہ کی حمایت کے لئے لڑی جائے، تو یہ فتنہ میں حصہ لینا نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہے۔ تمام فقہا کا اس کے وجوب پر اتفاق ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں اس کے واجب ہونے پر کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (احکام القرآن للجصّاص) بلکہ بعض فقہا نے تو اسے جہاد سے بھی افضل قرار دیا ہے۔ اور ان کا استدلال یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنا پورا زمانہ خلافت کفار سے جہاد کرنے کے بجائے باغیوں سے لڑنے میں صرف کر دیا۔ (روح المعانی) اس کے واجب نہ ہونے پر اگر کوئی اس بات سے استدلال کرے کہ حضرت علیؓ کی ان لڑائیوں میں حضرت عبداللہ بن عمر اور بعض دوسرے صحابہ نے حصہ نہیں لیا تھا وہ غلطی پر ہے۔ ابن عمر خود فرماتے ہیں کہ ماوجدت فی نفسی من شیءٍ ما وَجدتُ مِن ھٰذہ الا یة انّی لم اقاتل ھٰذہ الفئة الباغیه کماامرنی اللّٰه تعالٰی؛ (المستدرك للحاكم ،كتاب اَلمعرفة الصحابه، باب الدفع عمن قعد واعن بيعة علیؓ ) مجھے اپنے دل میں کسی بات پر اتنی زیادہ کھٹک محسوس نہیں ہوئی جتنی اس آیت کی وجہ سے ہوئی کہ میں نے اللہ کے حکم کے مطابق اُس باغی گروہ سے جنگ نہیں کی۔'' زیادتی کرنے والے گروہ سے ''قتال'' کرنے کا حکم لازماً یہی معنی نہیں رکھتا کہ اس کے خلاف ہتھیاروں سے جنگ کی جائے۔ اور ضرور اُس کو قتل ہی کیا جائے۔ بلکہ اس سے مراد اُس کے خلاف طاقت کا استعمال ہے اور اصل مقصود اُس کی زیادتی کا ازالہ ہے۔ اس مقصد کے لئے جس طاقت کا استعمال ناگریز ہو اُسے استعمال کرنا چاہئے۔ اور جتنی طاقت کا استعمال کافی ہو، نہ اس سے کم استعمال کرنا چاہئے نہ اُس سے زیادہ۔ اس حکم کے مخاطب وہ لوگ ہیں جو طاقت استعمال کر کے زیادتی کا ازالہ کرنے پر قادر ہوں۔

## چوتھی تشریح حقیقی معنی کا اقرار

۔''15 اس سے معلوم ہوا کہ یہ لڑائی باغی (زیادتی کرنے والے گروہ) کو بغاوت (زیادتی) کی سزا دینے کے لئے نہیں ہے بلکہ اُسے اللہ کے حکم کی طرف پلٹنے پر مجبور کرنے کے لئے ہے۔ اللہ کے حکم سے مراد یہ ہے کہ کتاب اللہ و سنت رسول اللہ کی رُو سے جو بات حق ہو اُسے یہ باغی گروہ قبول کر لینے پر آمادہ ہو جائے اور جو طرزِ عمل اس میزان حق کی رُو سے زیادتی قرار پاتا ہے اُس کو چھوڑ دے۔ جوں ہی کہ کوئی باغی گروہ اس حکم کی پیروی پر راضی ہو جائے اس کے خلاف طاقت کا استعمال بند ہو جانا چاہئے کیونکہ یہی حق کا مقصود اور اُس کی آخری حد ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 78۔77)

## آخری تشریح اور فقہاء کے بیانات اور مرتضویؓ پوزیشن

۔''17 اس قانون کی کوئی تشریح رسول للہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت میں نہیں ملتی کیونکہ حضورؐ کے زمانے میں مسلمانوں کے درمیان جنگ کی کبھی نوبت ہی نہیں آئی کہ آپؐ کے عمل سے یا قول سے اس کے احکامات کی تفصیلات معلوم ہوتیں۔ بعد میں اس قانون کی مستند تشریح اس وقت ہوئی جب حضرت علیؓ کے عہد خلافت میں خود مسلمانوں کے درمیان لڑائیاں ہوئیں۔ اُس وقت چونکہ بکثرت صحابہ کرام موجود تھے۔ اس لئے اُن کے عمل اور اُن کے بیان کردہ احکام سے اسلامی قانون کے اس شعبے کا مفصل ضابطہ مرتب ہوا۔ خصوصیت کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اُسوہ اس معاملے میں تمام فقہا کا اصل مرجع ہے۔ ذیل میں ہم اس ضابطہ کا ایک ضروری خلاصہ درج کرتے ہیں۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 78)

Presented by Ziaraat.Com

اسکے بعد مودودی نے بڑی تفصیل سے قریشی فقہا اور محدثین و مورخین کے قلم سے پانچ صفحات میں بغاوت یا خروج کی مختلف قسموں پر مسائل لکھے ہیں اور تمام مسائل میں فقہا اور علماء نے کوشش کی ہے یزید و معاویہ کی قسم کے حکمرانوں کی رعایت کی جائے۔ ہم حضرت علی علیہ السلام کے بیان فرمودہ مسائل کے علاوہ باقی تمام مسائل کو بکواس قرار دیتے ہیں اسلئے کہ وہ خطا کاروں کے اجتہادات ہیں اور ہم اجتہاد کے صحیح مسائل کو بھی حرام قرار دیتے ہیں۔

## حضرت علیؑ کے اُسوۂ حسنہ اور مودودی کے بیانات

مودودی کا حضرت علی علیہ السلام کے متعلق بیان:۔''اس ضابطہ کا دوسرا ماخذ جس پر تمام فقہائے اسلام نے اعتماد کیا ہے حضرت علیؑ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول اور عمل ہے۔ آپؑ نے جنگ جمل میں فتحیاب ہونے کے بعد اعلان کیا کہ بھاگنے والے کا تعاقب نہ کرو۔ زخمی پر حملہ نہ کرو۔ گرفتار ہو جانے والوں کو قتل نہ کرو۔ جو ہتھیار ڈال دے اس کو امان دو۔ لوگوں کے گھروں میں نہ گھسو۔ عورتوں پر دست درازی نہ کرو خواہ وہ تمہیں گالیاں ہی کیوں نہ دے رہی ہوں۔ آپؑ کی فوج کے بعض لوگوں نے مطالبہ کیا کہ مخالفین کو اور اُن کے بال بچوں کو غلام بنا کر تقسیم کر دیا جائے۔ **اس پر غضب ناک ہو کر آپؑ نے فرمایا کہ تم میں سے کون ام المومنین عائشہ کو اپنے حصے میں لینا چاہتا ہے**۔ باغیوں کے اموال کا حکم جو حضرت علیؑ کے اُسوۂ حسنہ سے ماخوذ ہے وہ یہ ہے کہ اُن کا کوئی مال خواہ اُن کے لشکر میں ملا ہو یا اُن کے پیچھے اُن کے گھروں پر ہو اور خواہ وہ زندہ ہوں یا مارے گئے ہوں بہر حال اُسے نہ مال غنیمت قرار دیا جائے گا اور نہ فوج میں تقسیم کیا جائے گا البتہ جس مال کا نقصان ہو چکا ہو اس کا کوئی ضمان (ضمانت) لازم نہیں آتا۔ جنگ ختم ہونے اور بغاوت کا زور ٹوٹ جانے کے بعد اُن کے مال اُن ہی کو واپس دے دئے جائیں گے۔ اُن کے اسلحہ اور سواریوں کو جو جنگ کے دوران ہاتھ آجائیں تو اُنہیں اُن کے خلاف استعمال کیا جائے گا۔ مگر فاتحین کی ملکیت بنا کر مال غنیمت کے طور پر تقسیم نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر اُن سے بغاوت کا اندیشہ نہ ہو تو اُن کی یہ چیزیں بھی واپس دے دی جائیں گی۔ (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 82۔81)

یہاں مودودی کی تشریحات و بیانات ختم ہو گئے۔ سب سے پہلے ہمیں قارئین کو یہ بتانا ہے کہ حضرت علیؑ علیہ السلام جہاد کے دوران یا جہاد میں فتح کے بعد دشمن کا مال لُوٹنے یا مال غنیمت حاصل کرنے میں قرآن کے حقیقی حکم (8/68) پر عمل کرتے تھے اور کبھی مال غنیمت نہ لیتے تھے۔ تواریخ میں دُشمن کی تلوار اُس حالت میں لیتے تھے جب کہ اُسے اپنے ہاتھ سے قتل کر ڈالتے تھے۔ مثال میں عمر بن عَبد وَد جنگ خندق میں اور مرحب جنگ خیبر میں مشہور شجاعان کفار ہیں۔ اُن کے بدن سے زر و جواہر کی پیٹیاں اور زیور نہ لیا تھا اور رونے والی بہنوں وغیرہ نے رونا بند کر دیا تھا کہ ہمارے وارث کو کسی بہادر اور غیور نے قتل کیا ہے۔ اُنہوں نے عہد رسولؐ میں کبھی بھی قرآن کے رعایتی حکم (8/69) پر عمل نہیں کیا جو مشروط تھا اور اُس کی رُو سے مال غنیمت کو دو گنا کر کے واپس دینا قرآن میں مذکور ہے (انفال 8/70) لہٰذا یہ سمجھنا غلط ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کا مسلمان باغیوں سے مال غنیمت نہ لینا باغیوں کے مسلمان ہونے کی وجہ سے تھا۔ مسلمان تو وہ تھے ہی نہیں۔ دوسری بات یہ نوٹ کرنے کی ہے کہ اگر حضرت ابوبکر و عمر نے مال غنیمت کے متعلق قرآن کے حقیقی احکام (68 تا 8/70) کو مان کر عربوں کو مال غنیمت لوٹنے سے منع کر دیا ہوتا تو وہ نہ عربوں کی بغاوت پر قابو پا سکتے اور نہ بیرونی ممالک میں فتوحات حاصل کر سکتے تھے اور چند ہی روز میں خلافت حضرت علی علیہ السلام کو واپس دینے پر مجبور ہو جاتے لیکن قریش قلبی حیثیت سے اسلام نہ لائے تھے اس لئے اُنہوں نے اپنے مخالف مسلمانوں کو لوٹنا اور لونڈی غلام بنانا جاری رکھا تھا۔

## علامہ مودودی نے قرآن کے الفاظ بدل کر حضرت علیؑ کے قریشی مخالفوں کی طرفداری کی

قارئین نے دیکھا ہے کہ مودودی نے پہلی، دوسری اور تیسری تشریح میں قرآن کے الفاظ ''بَغَتْ اور تَبْغِیْ'' کے معنی بغاوت اور باغی کے

Presented by Ziaraat.Com

بجائے۔''زیادتی کرنے والے۔'' کرتے چلے گئے اور چوتھی تشریح میں اس خیانت اور بے ایمانی کو قبول کرلیا ہے یعنی جمل وصفین والوں کو اللہ وسولؐ اور علیؑ کا باغی لکھ دیا ہے۔لہٰذا قرآن کی ترجمانی میں عمداً ردّوبدل کرنے اور باغیوں کی طرفداری کرنے کی بنا پر مودودی خود باغی و بے دین ہوگئے ہیں اور آخری بیان میں مودودی نے کُھل کر اللہ وقرآن کے خلاف لکھا ہے کہ:۔

''بغاوت کرنے والے گروہ سے ''قتال'' کرنے کا حکم لازماً یہی معنی نہیں رکھتا کہ اُس کے خلاف ہتھیاروں سے جنگ کی جائے اور ضرور اُس کو قتل ہی کیا جائے۔''(تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 77)

مودودی کی یہ بکواس محض قریشی باغیوں کی طرفداری میں قرآن کے ظاہر الفاظ۔''فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ۔''(49/9)(چنانچہ باغیوں سے جنگ کرو) کو بدل دیا ہے اور اپنی وضاحت میں قرآن کی ہر ممکن مخالفت کی ہے۔بہرحال یہ خط بھی معاویہ اور قریش اور علمائے قریش کا مُنہ بند کرنے کے لئے کافی ہے۔مگر ہمارے مجتہد نام کے علماء اور اُن کے مقلدین یا پیروی کرنے والے شیعوں نے کبھی بھی حضرت علی علیہ السلام کے خطوط وخطبات کو اور اُن کے حقیقی مطالب کو پیش نہ کیا ورنہ قریشی مذہب کب کا مر چکا ہوتا۔

# ( نمبر 7) خط معاویہ کے نام۔ایضاً

**1۔معاویہ کے خط پر سبق آموز ریمارکس۔2۔قریشی عقیدے کی رو سے بیعت کی پوزیشن اور منحرف اور غوروخوض کرنے والوں کی حالت**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ اَتَتْنِیْ مِنْکَ مَوْعِظَۃٌ مُّوَصَّلَۃٌ وَرِسَالَۃٌ مُّحَبَّرَۃٌ، | 1 | بعدازحمدوثناودرودواضح ہوکہ تمہارا بے تکی نصیحتوں سے لبریز اور نمائشی اور خودساختہ اور بے سروپا خط مجھے مل گیا ہے؛ |
| نَمَّقْتَھَا بِضَلَالِکَ ، | 2 | جسے تم نے اپنی گمراہی کی بنا پر لکھا ہے؛ |
| وَاَمْضَیْتَھَا بِسُوْءِ رَایِکَ، | 3 | اور اپنی رائے کی خرابی کے سہارے بھیجا ہے؛ |
| وَکِتَابُ امْرِیءٍ لَیْسَ لَہٗ بَصَرٌ یَّھْدِیْہِ، | 4 | اور یہ ایک ایسے شخص کی تحریر معلوم ہورہی ہے جس کو بصیرت حاصل نہیں ہے تاکہ وہ اس سے راہنمائی حاصل کرسکے؛ |
| وَلَا قَائِدٌ یُّرْشِدُہٗ، | 5 | اور نہ اُسے کوئی قائد یا راہنما ملا جو اُسے راستی کا سبق دیتا؛ |
| قَدْدَعَاہُ الْھَوٰی فَاَجَابَہٗ، | 6 | ہوا یہ کہ اُسے اس کے غلط مقاصد نے دعوت دی اور اُس نے قبول کرلیا۔ |
| وَقَادَۃُ الضَّلَالُ فَاتَّبَعَہٗ، | 7 | اور گمراہی نے اُس کی قیادت کی اور اُس نے اُس کی پیروی کرلی۔ |
| فَھَجَرَ لَاعِظًا وَّضَلَّ خَابِطًا، | 8 | چنانچہ اُس نے عقل وفہم سے ہجرت کرلی اور شبہات کے دباؤ سے گمراہ ہوگیا۔ |
| لِاَنَّھَا بَیْعَۃٌ وَّاحِدَۃٌ لَّایُثْنٰی فِیْھَا النَّظَرُ ، | 9 | سبب یہ ہے کہ خلافت کی بیعت صرف ایک دفعہ ہوتی ہے۔نہ اس میں دوبارہ غوروخوض کی گنجائش ہے۔ |
| وَلَا یُسْتَانَفُ فِیْھَا الْخِیَارُ، | 10 | اور نہ ہی یہ بیعت ہوچکنے کے بعد کسی اپیل اور اعادہ کی گنجائش واختیار ہے۔ |
| اَلْخَارِجُ مِنْھَا طَاعِنٌ ، | 11 | اس سے خارج ہونے والا اسلام پر اعتراض کرنے والا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْمُرَوِّیْ فِیْهَا مُدَاهِنٌ ۔ | 12 | اور اس میں غور کا قائل منافق ہے۔ |

**تشریح:۔** خط کے پہلے آٹھ جملے کسی بد باطن معترض کو جواب دینے میں منہ توڑ جواب دینا سکھاتے ہیں اور اپنے مخاطب کا منہ بند کرنے اور اُس کی عقلی پوزیشن کو مسمار کرنے کے لئے ایک شاہکار ہیں۔ لہٰذا یہ الفاظ اور الفاظ کی ترتیب اور بندش ہر اہل قلم کو نوٹ کر کے رکھنا چاہئے اور قریشی قسم کے لوگوں پر استعمال کرنا چاہئے۔ ساتھ یہ نوٹ کرنا چاہئے کہ جس شخص کو اہل عرب عموماً اور قریشی لیڈر خصوصاً **دُھاۃ العرب** یعنی عرب کے سب سے بڑے دانشور اور عظیم سیاستدان کہتے چلے آئے ہیں اس کا حال اور پوزیشن حضرت علی علیہ السلام کی نظر میں کتنی گھٹیا اور بے وزن رہی ہے؟ علامہ شبلی سے سنئے:۔

## معاویہ کی پوزیشن حضرت عمر اور علامہ شبلی کے نزدیک

۔''عمر کی طبیعت شروع سے جوہر شناس تھی یعنی جس شخص میں جس قسم کی قابلیت ہوتی تھی وہ اس کی تہہ تک پہنچ جاتے تھے اُس کے ساتھ ہی اُنہوں نے ملک کے تمام قابل آدمیوں سے واقفیت بہم پہنچائی تھی۔ یہی بات تھی کہ اُنہوں نے جس شخص کو جو کام دیا اس کے انجام دینے کے لئے اُس سے بڑھ کر آدمی نہیں مل سکتا تھا۔ عرب میں چار شخص تھے جن کو ''**دُھاۃ العرب**'' کہا جاتا ہے یعنی جو فنِ سیاست و تدبیر میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے امیر معاویہ۔ عمرو بن العاص۔ مغیرہ بن شعبہ اور زیاد بن سمیہ۔ حضرت عمر نے زیاد کے سوا تینوں کو بڑے بڑے ملکی عہدے دئے اور چونکہ یہ لوگ **صاحب ادَّعا** بھی تھے اس لئے اس طرح اُن پر قابو رکھا کہ کبھی کسی قسم کی خودسری نہ کرنے پائے۔ زیاد اُن کے زمانے میں شانزدہ (16) سالہ نوجوان تھا۔ اس لئے اُس کو کوئی بڑا عہدہ نہیں دیا لیکن اُس کی قابلیت اور استعداد کی بنا پر ابوموسیٰ اشعری کو لکھا کہ **کاروبار حکومت میں اُس کو مشیر کار بنائیں**۔''

(الفاروق حصہ دوم صفحہ 12۔11 رحمانی پریس دھلی)

شبلی کا یہ بیان خود حضرت عمر کی قابلیت کا بھی سدرہ المنتہی ہے۔ مگر حضرت علی علیہ السلام کے خط کے یہ آٹھ جملے حضرت عمر کی قابلیت کو بھی تحت الثریٰ میں پہنچا دیتے ہیں۔ دراصل جس چیز کو حضرت عمر اور قریشی علماء قابلیت کے نام سے پکارتے ہیں وہ دراصل دھوکا، فریب، غداری، بدنہادی کا دوسرا نام ہے اور ظاہر ہے کہ جن لوگوں کو وہ پسند کریں گے وہ اُن ہی کی ترازو میں تولے ہوئے لوگ ہونا ضروری ہیں۔ اُن میں وہ تمام صفات ہونا لازم ہیں جو اُن آٹھ جملوں میں ہیں۔ حضور علیہ السلام نے خلافت اور خلافت کی بیعت کے متعلق جو کچھ بھی لکھا ہے وہ سراسر قریشی لیڈروں کے مسلّمات اور خانہ ساز قوانین و قواعد ہیں جن کے سامنے نہ معاویہ کی مجال تھی کہ وہ چُون چرا کر سکتا، نہ اُس وقت سے آج تک کے قریشی علماء حضرت علی علیہ السلام کے خلاف زبان کھول سکتے ہیں اس لئے کہ وہاں خلاف ورزی کی سزا صرف قتل طے شدہ ہے۔

## خلافت الٰہیّہ کے لئے کسی خرید و فروخت یعنی بیعت کی ضرورت نہیں وہ تو ایمان میں شامل ہے

مگر خلافت الٰہیّہ سے اُن قوانین و قواعد کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہاں تو مسلمان ہونے اور کلمہ پڑھنے ہی کے وقت سے خلافت و خلیفہ یا مملکت و امام کا اقرار و اعلان کیا جاتا ہے۔ یعنی **اللّٰہ** پر ایمان **رسولٌ اللّٰہ** پر ایمان اور **خلیفۃ اللّٰہ** پر ایمان یعنی **اَشْهَدُاَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه وَاَشْهَدُاَنَّ محمدٌ رسولُ اللّٰه وَاَشْهَدُاَنَّ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰه**۔ یہ تینوں اجزا مستقل ہیں اور تا قیامت ان میں تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا نہ رسولؐ کا تعین انسانوں کے ہاتھ میں ہے نہ خلیفہ یا ولی کو لوگ مقرر و معزول کریں گے۔ نہ غور و خوض کی ضرورت ہے۔ خلافت الٰہیہ میں جبر نہیں کیا جائے گا۔ جس کا دل چاہے اللہ و رسولؐ اور وُلی پر ایمان لائے، دل نہ چاہے ایمان نہ لائے۔ حکومت الٰہیّہ میں نظام و انتظام ایسا ہوگا کہ اُسے اختیار کئے بغیر محرومی و نامرادی سے دست و گریباں رہنا لازم ہے۔ لوگ نامرادیوں سے تنگ آ کر خود بخود بلا جبر و کراہ ولایت میں داخل ہوں گے۔ داخل ہوں گے تو فلاح اور سربلندی ملے گی۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر8) خط

## اِلٰی جَرِیْرِابْنِ عَبْدِاللّٰہِ الْبَجَلِّیِ لَمَّااَرْسَلَہٗ اِلٰی مُعَاوِیَۃَ

**(جریر بن عبداللہ بَجَلّی کے نام جب اُسے معاویہ کے پاس بھیجا ہوا تھا (اور اسے وہاں دیر ہوگئی تھی)**

1۔معاویہ نے جریر کو بیوقوف بنا کر جواب دینے میں تاخیر کی تو اُسے فوراً لوٹنے کا حکم بھیجا۔

2۔معاویہ کو جنگ یا صلح میں سے ایک کو قبول کرنے کا رُسوا کُن تقاضہ فرمایا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِذَااَتَاکَ کِتَابِیْ فَاحْمِلْ مُعَاوِیَۃَعَلَی الْفَصْلِ، | 1 | حمد وثنا اور درود کے بعد معلوم ہو کہ جیسے ہی تمہیں میرا یہ خط ملے تو معاویہ کو ایک آخری فیصلے پر مجبور کردو۔ |
| وَخُذْہُ بِالْاَمْرِ الْجَزْمِ، | 2 | اور اسے ایک مستحکم بات ماننے کا تقاضہ کرو۔ |
| ثُمَّ خَیِّرْہُ بَیْنَ حَرْبٍ مُّجْلِیَۃٍ اَوْسِلْمٍ مُّخْزِیَۃٍ، | 3 | پھر اُسے اختیار دو کہ وہ یا تو ایک بے گھر کر دینے والی جنگ کو اختیار کرلے یا ایک رُسوا کن صلح کو مانے۔ |
| فَاِنِ اخْتَارَالْحَرْبَ فَانْبِذْاِلَیْہِ، | 4 | چنانچہ اگر وہ جنگ کو اختیار کرے تو اُسے چھوڑ کر چلے آؤ۔ |
| وَاِنِ اخْتَارَالسِّلْمَ فَخُذْ بَیْعَتَہٗ،وَالسَّلَامُ. | 5 | اور اگر وہ صلح پر رضامند ہو تو اُس سے بیعت لے کر واپس پہنچو۔والسلام |

**تشریح:۔** جب حضرت علی علیہ السلام جنگ جَمل کے سلسلے میں بصرہ تشریف لے گئے تھے۔اُس زمانہ میں جریر بن عبداللہ بجلی عثمان کی جانب سے ھمدان کے گورنر تھے اور اشعث بن قیس صوبہ آذربائجان کے گورنر تھے۔جب حضرت علیؑ جنگ فتح کر کے کوفہ کو واپس جانے لگے تو اِن دونوں کو لکھا کہ تم وہاں کے لوگوں سے بیعت لے کر میرے پاس پہنچو۔چنانچہ اُن دونوں نے تعمیل کی اور حضورؑ کے پاس آ گئے۔جب حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ سے بیعت لینے کے لئے قاصد بھیجنے کا ارادہ کیا تو جریر بن عبداللہ نے عرض کیا کہ آپ مجھے قاصد کی حیثیت سے معاویہ کے پاس بھیجیں۔میری اس سے دوستی ہے میں اُسے آپ کی اطاعت پر رضامند کرلوں گا۔مالک اشتر نے منع کیا کہ جریر کو نہ بھیجیں میرے خیال میں یہ دل سے معاویہ کے ساتھ ہے۔حضورؑ نے فرمایا کہ جانے دو دیکھتے ہیں یہ کیا کچھ کر کے آتا ہے۔آپؑ نے اُسے معاویہ کے نام ایک خط بھی دیا اور دمشق روانہ کر دیا۔جب جریر نے معاویہ کو حضرت علی علیہ السلام کا خط اور پیغام دیا تو معاویہ نے خط کو پڑھا مگر جریر کو جواب کچھ نہ دیا اور کہا کہ یہ جلدی کرنے کا معاملہ نہیں ہے۔مجھے اس پر بہت غور وخوض کرنا ہوگا،رؤساء شام اور اھل دربار سے مشورے کرنے ہوں گے۔چنانچہ تم اطمینان سے قیام کرو اور خود بھی یہاں کے حالات پر نظر ڈالو اور صورت حال پر غور وتامل کرو۔چنانچہ جریر ٹھہر گئے اور دربار کے حالات اور شام کے رئیسوں اور سرداروں کے حالات دیکھنے لگے۔معاویہ نے اسی دوران عمرو بن العاص کو اُن کے گھر قرقیسیا سے بلا بھیجا اور حضرت علیؑ پر فتح یاب ہونے کی صورت میں عمرو بن العاص کو مصر کی حکومت دینے کا معاہدہ کرلیا اور اُس کی عقل و ہمدردی خرید لی۔عمرو بن العاص نے بھی یہی مشورہ دیا کہ قتل عثمان کا پورا الزام حضرت علیؑ پر لگایا جائے اور جلد سے جلد اُن پر فوج کشی کر دی جائے۔جریر دیکھ رہے تھے کہ رؤسائے شام اور سرداران افواج بڑے جوش وغضب سے معاویہ پر فوج کشی کا تقاضہ کر رہے ہیں۔معاویہ کوشش کر کے جریر کو ایسے نظارے دکھا رہا تھا جن میں جریر مرعوب ہو جائیں اور یقین کرلیں کہ جنگ ناگزیر ہے اور جنگ بڑی شدت کے ساتھ ہوگی۔جب کبھی جریر جواب کے لئے کہتا

Presented by Ziaraat.Com

معاویہ خوبصورت عذرات میں اُلجھا کر جریر کو بے وقوف بناتا رہا۔اُدھر کوفہ میں لوگ جریر کو سازشی اور سازش میں اُلجھا ہوا سمجھنے اور اُسے واپس بلانے کا تقاضہ کرنے لگے یوں یہ خط جریر کو لکھا گیا اور معاویہ نے جریر کو ناکام واپس کر دیا۔وہ کوفہ میں پہنچا،شام اور معاویہ اور عمرو عاص کے حالات سنائے،وہاں مالک اشتر نے اُنہیں ایسا تنگ پکڑا کہ جریر چوکڑی بھول گئے۔اور امیر المومنین علیہ السلام کو چھوڑ کر اپنے بال بچوں میں چلے گئے اور بقول طبری معاویہ کو خط لکھا کہ جلد سے جلد علیؑ پر حملہ کر دو۔یہ بھی کہا گیا ہے کہ جریر معاویہ کے پاس چلا گیا اور برابر اُس کے ساتھ رہا۔

یہاں شام پر حملے کے لئے افواج تیار تھیں معاویہ کے جواب کا انتظار ہو رہا تھا لہٰذا جریر کے آنے کے بعد افواج نے ھدایات کے مطابق روانگی شروع کر دی۔اِس روانگی کی اطلاعات معاویہ کو فراہم ہو رہی تھیں اور اُس پر خوف و ہراس چھایا ہوا تھا۔بہر حال اُس نے بھی مقام صفین پر مورچے سنبھالنے کے احکامات دے دئے۔

## ( نمبر9) خط معاویہ کو لکھا

1۔قریش نے رسولؐ اللہ کو قتل کرنے کا انتظام کیا۔2۔خاندان رسولؐ پر زندگی ناممکن بنائے رکھی۔

3۔ہم نے برابر رسولؐ اللہ اور اسلام کی حفاظت جاری رکھی۔

4۔علیؑ کے ساتھ ایسے قریش کا نام بھی نہ لینا چاہئے جو اسلامی تحفظ میں پیچھے رہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَاَرَادَ قَوْمُنَا قَتْلَ نَبِيِّنَا، | 1 | چنانچہ ہماری کہلانے والی قوم نے ہمارے نبیؐ کو قتل کرنے کے منصوبے بنائے؛ |
| وَاجْتِيَاحَ اَصْلِنَا، | 2 | اور ہماری نسل کو منقطع کرنے اور جڑیں کھود ڈالنے کا بندوبست جاری رکھا؛ |
| وَهَمُّوْا بِنَا الْهُمُوْمَ، | 3 | اور ہمارے لئے غم والم فراہم رکھنے کو اہمیت دی؛ |
| وَفَعَلُوْا بِنَا الْاَفَاعِيْلَ، | 4 | اور ہمارے ساتھ ہر برا سلوک جاری رکھا؛ |
| وَمَنَعُوْنَا الْعَذْبَ، | 5 | اور راحت وسکون کو ہم تک پہنچنے سے روک دیا؛ |
| وَاَحْلَسُوْنَا الْخَوْفَ، | 6 | اور ہمیں مستقلاً خوف و ہراس سے دوچار رکھنے کا انتظام کرتے رہے؛ |
| وَاضْطَرُّوْنَا اِلٰى جَبَلٍ وَعْرٍ، | 7 | اور ہمارے خاندان کو ایک خشک پتھریلے پہاڑ میں پناہ لینے پر مجبور رکھا؛ |
| وَاَوْقَدُوْا لَنَا نَارَ الْحَرْبِ، | 8 | اور ہمارے لئے جنگ کی آگ بھڑکا کر ہمیں ختم کر ڈالنے میں لگے رہے؛ |
| فَعَزَمَ اللّٰهُ لَنَا عَلَى الذَّبِّ عَنْ حَوْزَتِهٖ، وَالرَّمْيِ مِنْ وَّرَاءِ حُرْمَتِهٖ، | 9 | مگر اللہ نے ہمیں رسولؐ کے دین کی حفاظت اور ان کی عزت وحرمت کو محفوظ رکھنے کی ہمت اور مستقل ارادہ عطا کیا۔ |
| وَمُؤْمِنُنَا يَبْغِيْ بِذٰلِكَ الْاَجْرَ، وَكَافِرُنَا يُحَامِيْ عَنِ الْاَصْلِ، | 10 | ہمارا مومن قریشی مظالم کو اجر وثواب کی خاطر برداشت کرتا تھا۔اور ہمارا کافر قرابت کی وجہ سے حمایت کرتا تھا؛ |
| وَمَنْ اَسْلَمَ مِنْ قُرَيْشٍ خِلْوٌ مِّمَّا نَحْنُ فِيْهِ | 11 | اور قریش میں سے جو لوگ اسلام اختیار کر چکے تھے وہ ہم پر آنیوالی مصیبتوں اور مظالم سے اس |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| بِحَلْفٍ يَمْنَعُهُ ، اَوْعَشِيْرَةٍ تَقُوْمُ دُوْنَهُ، | | لئے محفوظ تھے کہ انہوں نے اپنے خاندانوں اور چودھریوں سے حلفیہ معاہدے لے رکھے تھے اور خود اُنکے رشتے دار انکی مدد کیلئے اٹھ کھڑے ہوتے تھے؛ |
| فَهُوَ مِنَ الْقَتْلِ بِمَكَانٍ اَمِنٍ، | 12 | یوں وہ امن وچین سے رہتے تھے۔ |
| وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ،صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، اَذَا اَحْمَرَّالْبَاسُ وَاحْجَمَ النَّاسُ قَدَّمَ اَهْلَ بَيْتِهِ فَوَقٰى بِهِمْ اَصْحَابَهُ حَرَّالسُّيُوْفِ وَالْاَسِنَّةِ، | 13 | اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کا اپنا طریقہ بھی یہی تھا کہ جب جنگ اور خطرات کی شدت ہوتی تھی تو وہ اپنے صحابہ کو پیچھے رکھا کرتے تھے اور اپنے اہلبیتؑ کو آگے بڑھا دیا کرتے تھے۔ یوں صحابہ کو برچھیوں اور تلواروں کی مار سے بچاتے رہتے تھے؛ |
| فَقُتِلَ عُبَيْدَةُابْنُ الْحَارِثِ يَوْمَ بَدْرٍ، وَقُتِلَ حَمْزَةُ يَوْمَ اُحُدٍ، وَقُتِلَ جَعْفَرٌ يَوْمَ مُؤْتَةَ، | 14 | چنانچہ عبیدہ بن حارثؓ جنگ بدر میں قتل ہوئے۔ اور حمزہؓ جنگ احد میں قتل ہوگئے اور جعفرؓ جنگ موتہ میں قتل ہوگئے۔ |
| وَاَرَادَ مَنْ لَّوْشِئْتُ ذَكَرْتُ اسْمَهُ مِثْلَ الَّذِىْ اَرَادُوْا مِنَ الشَّهَادَةِ، وَلٰكِنْ اَجَالُهُمْ عُجِّلَتْ،وَمَنِيَّتُهُ اُخِّرَتْ، | 15 | اور اگر میں چاہوں تو ایک اور شخص کے نام کا تذکرہ بھی کرسکتا ہوں جس نے اُن شہدائے اہلبیتؑ ہی کی طرح شہید ہوجانے کا ارادہ کر رکھا تھا۔ مگر ہوا یہ کہ ان حضرات کی عمروں نے ختم ہونے میں جلدی کی مگر اسکی تمنا کے پورا ہونے میں تاخیر کردی گئی؛ |
| فَيَاعَجَبًالِلدَّهْرِاِذْ صِرْتُ يُقْرَنُ بِىْ مَنْ لَمْ يَسْعَ بِقَدَمِىْ، وَلَمْ تَكُنْ لَهُ كَسَابِقَتِىْ، الَّتِىْ لَايُدْلِىْ اَحَدٌ بِمِثْلِهَا اِلَّااَنْ يَّدَّعِىَ مُدَّعٍ مَالَااَعْرِفُهُ، وَلَااَظُنُّ اللّٰهَ يَعْرِفُهُ، وَالْحَمْدُلِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، | 16 | اب تو زمانہ کی حالت قابل تعجب ہے کہ وہ چلتے چلتے یہاں تک بڑھ آیا کہ اب میرے ساتھ ایسے لوگوں کا ذکر کیا جانے لگا ہے جنہوں نے اسلام کیلئے جدوجہد میں میرے ایسے کارنامے انجام نہیں دئے اور نہ انکے حصے میں میرے ایسے دیرینہ اسلامی خدمات آئے، سوائے اسکے کہ کوئی کسی ایسی خدمت کا دعویٰ کر بیٹھے جسے میں نہیں جانتا اور نہ میرے خیال میں اللہ ہی اسکے کردار کا نگران اور عارف ہے۔ اور ہر حال میں اللہ کی حمد وثناء بجالانا چاہئے۔ |
| وَاَمَّامَا سَئَلْتَ مِنْ دَفْعِ قَتَلَةِ عُثْمَانَ اِلَيْكَ فَاِنِّىْ نَظَرْتُ فِىْ هٰذَاالْاَمْرِ فَلَمْ اَرَهُ يَسَعُنِىْ دَفْعُهُمْ اِلَيْكَ وَلَااِلٰى غَيْرِكَ، | 17 | اور رہ گیا تمہارا یہ سوال کہ میں عثمان کے قاتلوں کو تمہارے حوالے کردوں؟ میں نے اس مطالبے پر بھی غور کیا ہے اور یہ نتیجہ نکالا ہے کہ عثمان کے قاتلوں کو تمہارے یا کسی اور کے حوالے کردینا میرے اختیار ووسعت سے باہر ہے۔ |
| وَلَعَمْرِىْ لَئِنْ لَّمْ تَنْزِعْ عَنْ غَيِّكَ وَشِقَاقِكَ لَتَعْرِفَنَّهُمْ عَنْ قَلِيْلٍ يَّطْلُبُوْنَكَ، | 18 | اور اپنی جان کی قسم اگر تو نے اپنی گمراہی اور تفرقہ انگیزی کو خیرباد نہ کہا تو سمجھ لے کہ تو بہت جلد اُنہیں پہچان لیگا اور جلد ہی وہ لوگ خود تجھے تلاش کرتے ہوئے آئیں گے۔ |
| لَايُكَلِّفُوْنَكَ طَلَبَهُمْ فِىْ بَرٍّوَلَا بَحْرٍ وَّلَا جَبَلٍ وَّلَا سَهْلٍ اِلَّااَنَّهُ طَلَبٌ يَسُوْءُكَ وِجْدَانُهُ ، وَزَوْدُلَا يَسُرُّكَ لُقْيَانُهُ وَالسَّلَامُ لِاَهْلِهِ. | 19 | اور تجھے یہ تکلیف نہ ہونے دینگے کہ تو انہیں خشکی میں یا سمندروں میں یا پہاڑوں اور میدانوں میں ڈھونڈتا پھرے اور تمہارا یہ مطالبہ ایک ایسا مطالبہ بن جائیگا جو کہ تمہیں پسند نہ آئیگا اور ان سے ملاقات تمہیں خوش نہ کرے گی۔ سلامتی کے اہل پر سلام ہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

**تشریح:۔** 1۔خط میں پہلے معاویہ کو وہ سلوک یاد دلایا ہے جو اعلان نبوت کے بعد معاویہ کے باپ ابوسفیان اور قریش کے دوسرے لیڈروں اور سرداروں نے رسولؐ اور خاندانِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیھم کے ساتھ کیا تھا اور جو کچھ وہ قوم آج تک کرتی چلی آرہی ہے۔ یہاں قارئین اس فریب میں مبتلا نہ رہیں کہ مسلمان ہوجانے والے قریشیوں نے رسولؐ وخاندانِ رسولؐ پر مظالم کرنا بند کردئے تھے یا بند کردئے ہوں گے۔ **لاوَاللّٰہ** مظالم کسی وقت بند نہیں کئے گئے۔ پہلے مظالم کی غرض یہ تھی کہ ابوسفیان اور قریش، محمدؐ اور نبوتِ محمدؐ یہ کو اپنی قومی پالیسی اور مصلحتوں کے ماتحت لانے میں کوشاں ہوئے تھے۔ جب اس سلسلے میں قریش کے مشرک اور مومن دونوں محاذ ناکام ہوگئے اور رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے قریش کو اپنی جانشینی اور خلافت ووزارت بھی لینے پر آمادہ نہ پایا تو قریش ہی کے سامنے مجمع عام میں اپنی جانشینی، خلافت ووزارت و بھائی چارہ حضرت علی بن ابی طالب علیھما السلام کو سونپ کر قریش کی دینی محرومی پر مُہر ثبت کردی۔ اب ظلم وستم کی پہلی غرض بدل گئی۔ اب مقصد یہ تھا کہ جس طرح بھی ممکن ہو علیؑ علیہ السلام کو درمیان سے ہٹایا جائے اور رسولؐ کی جانشینی، خلافت ووزارت قوم کی جمہوری اور شورائی حکومت کو سونپی جائے۔ قرآن کی ایسی معنوی تشریح اور تفسیر کی جائے کہ علیؑ اور علیؑ کی وحدانی خلافت الٰہیّہ کا تصور تک دلوں سے نکل جائے۔ (فرقان 27 تا 25/31 اور 6/66)

چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کو قتل کرنے اور خاندانِ رسولؐ کی نسل کشی کی اسکیم بہرحال صورت بدل بدل کر جاری رکھی گئی۔ رسولؐ پر بار بار حملے ہوئے اور آخر کار نہایت سہولت سے دوا کے بہانے زہر ھلاھل سے قتل کردیا گیا (بخاری) رسولؐ کی نسل کشی (2/205) کے لئے کربلا تک کے واقعات وحالات ساری دُنیا کے سامنے خود اُن ہی کی تیار کی ہوئی تاریخوں میں موجود ہیں۔ اِدھر حضرت علیؑ سے لے کر گیارہویں امام علیھم السلام تک تلوار اور زہر برابر استعمال ہوتا چلا گیا۔ اس خط میں جو کچھ حضرت علی علیہ السلام نے لکھا ہے وہ تمام قرآن وحدیث وتواریخ سے ہم دکھا چکے ہیں۔ چنانچہ ہماری تفسیر احسن التعبیر اور ہماری تشریحات **بیان الامامة** میں پندرہ سولہ ہزار صفحات دُنیا کا سب سے بڑا ریکارڈ ہے جو قریش کو برہنہ و بے نقاب پیش کرتا ہے۔ اور اُن کے تاریخی فراڈ کو کھول کر رکھ دیتا ہے۔

## 2۔ خط کا دوسرا پہلو معاویہ کی عثمان کے قاتلوں کی طلبی سے تعلق رکھتا ہے اس مطالبہ پر علامہ مودودی

جنگ جمل وصفین میں حضرت علی علیہ السلام کے رَویّہ اور عملدرآمد پر مودودی اور دیگر علماء کے بیانات لکھے جاچکے ہیں۔ علمائے قریش نہ مانیں مگر اُن بیانات سے حضرت علی علیہ السلام کے خلاف ان جنگوں میں شامل تمام لوگ علیؑ کے مخالف ثابت ہوچکے ہیں اب قاتلان عثمان کے مطالبے پر مودودی کا بیان پھر سُن لیں وہ لکھتے ہیں کہ:۔

''تیسرے حضرت عثمان کے خون کا مطالبہ جسے لے کر دو طرف سے دو فریق اُٹھ کھڑے ہوئے ایک طرف حضرت عائشہ اور طلحہ وزبیر اور دوسری طرف معاویہ۔ یہ کہے بغیر چارہ نہیں کہ دونوں کی پوزیشن آئینی حیثیت سے کسی طرح درست نہیں مانی جاسکتی ہے **ظاہر ہے کہ یہ جاہلیت کے دور کا قبائلی نظام تو نہ تھا** کہ کسی مقتول کے خون کا مطالبہ لے کر جو چاہے اور جس طرح چاہے اُٹھ کھڑا ہو۔ اور جو طریقہ چاہے اُسے پورا کرانے کے لئے استعمال کرلے۔ **یہ ایک باقاعدہ حکومت تھی جس میں ہر دعوے کے لئے ایک ضابطہ اور قانون موجود تھا۔** خون کا مطالبہ لے کر اُٹھنے کا حق مقتول کے وارثوں کو تھا۔ جو زندہ تھے اور وہیں موجود تھے۔ حکومت اگر مجرموں کو پکڑنے اور اُن پر مقدمہ چلانے میں واقعی دانستہ ہی تساھل کررہی تھی تو بلاشبہ دوسرے لوگ اُس سے انصاف کا مطالبہ کرسکتے تھے۔ لیکن کسی حکومت سے انصاف کے مطالبے کا یہ کون سا طریقہ ہے، اور شریعت میں کہاں اِس کی نشان دہی کی جاسکتی ہے کہ آپ سرے سے اس حکومت کو جائز حکومت ہی اس وقت تک نہ مانیں جب تک وہ آپ کے اس مطالبہ کے مطابق عمل درآمد نہ کردے۔ حضرت علیؑ اگر

Presented by Ziaraat.Com

جائز خلیفہ تھے ہی نہیں تو پھر اُن سے اس مطالبے کے آخر کیا معنی ہیں؟ کہ وہ مجرموں کو پکڑیں اور سزا دیں؟ **کیا وہ کوئی قبائلی سردار تھے جو کسی قانونی اختیار کے بغیر جسے چاہیں پکڑ لیں اور سزا دے ڈالیں؟** اِس سے بھی زیادہ غیر آئینی طریق کار یہ تھا کہ پہلے فریق نے بجائے اس کے کہ وہ مدینے جا کر اپنا مطالبہ پیش کرتا، جہاں خلیفہ اور مجرمین اور مقتول کے ورثاء سب موجود تھے اور عدالتی کاروائی کی جا سکتی تھی؛ بصرے کا رخ کیا اور فوج جمع کر کے خون عثمان کا بدلہ لینے کی کوشش کی جس کا لازمی نتیجہ یہ ہونا تھا کہ ایک خون کے بجائے دس ہزار مزید خون ہوں۔ اور مملکت کا نظام الگ دَرہم بَرہم ہو جائے۔ شریعت الٰہی تو درکنار دنیا کے کسی آئین و قانون کی رُو سے بھی اسے ایک جائز کارروائی نہیں مانا جا سکتا۔ اِس سے بدر جہا زیادہ غیر آئینی طرز عمل دوسرے فریق یعنی معاویہ کا تھا۔ جو معاویہ بن ابوسفیان کی حیثیت سے نہیں بلکہ شام کے گورنر کی حیثیت سے خون عثمان کا بدلہ لینے کے لئے اُٹھے، مرکزی حکومت کی اطاعت سے انکار کیا گورنری کی طاقت اپنے اس مقصد کے لئے استعمال کی۔ اور مطالبہ یہ نہیں کیا کہ حضرت علیؑ قاتلین عثمان پر مقدمہ چلا کر اُنہیں سزا دیں بلکہ مطالبہ یہ کیا کہ وہ قاتلین عثمان کو اُن کے حوالے کر دیں تا کہ وہ خود اُنہیں قتل کریں۔ یہ سب کچھ دَورِ اسلام کی نظامی حکومت کے بجائے زمانہ قبل از اسلام کی قبائلی بدنظمی سے اشبہ ہے۔ خون عثمان کے مطالبے کا حق اوّل تو معاویہ کے بجائے عثمان کے شرعی وارثوں کو پہنچتا تھا۔ تاہم اگر رشتہ داری کی بنا پر معاویہ اس مطالبے کے مجاز ہو بھی سکتے تھے تو اپنی ذاتی حیثیت میں ہو سکتے تھے نہ کہ شام کے گورنر کی حیثیت میں۔ عثمان کا رشتہ جو کچھ بھی تھا۔ معاویہ بن ابی سفیان سے تھا۔ شام کی گورنری اُن کی رشتہ دار نہ تھی۔ اپنی ذاتی حیثیت میں وہ خلیفہ کے پاس مستغیث بن کر جا سکتے تھے۔ اور مجرمین کو گرفتار کرنے اور اُن پر مقدمہ چلانے کا مطالبہ کر سکتے تھے۔ گورنر کی حیثیت سے انہیں کوئی حق نہ تھا کہ جس خلیفہ کے ہاتھ پر باقاعدہ آئینی حیثیت سے بیعت ہو چکی تھی، جس خلافت کو اُن کے زیر انتظام صوبے کے سوا باقی پوری مملکت تسلیم کر چکی تھی اُس کی اطاعت سے انکار کر دیتے۔ اور اپنے زیر انتظام علاقے کی فوجی طاقت کو مرکزی حکومت کے مقابلے میں استعمال کرتے اور **ٹھیٹھ جاہلیتِ قدیمہ کے طریقے پر یہ مطالبہ کرتے کہ قتل کے ملزموں کو عدالتی کاروائی کے بجائے مدعی قصاص کے حوالے کر دیا جائے تا کہ وہ خود اُن سے بدلہ لے۔**'' (خلافت وملوکیت صفحہ 124 تا 126)

اِسکے بعد علامہ مودودی نے قاضی ابوبکر ابن العربی کی کتاب احکام القرآن سے اِن دونوں فریق حضرت عایشہ، طلحہ، زبیر اور معاویہ کو اللہ و رسولؐ اور برحق خلیفہ کا باغی ثابت کیا ہے اور قرآن کی رُو سے حضرت علی علیہ السلام کی جنگ کو جائز قرار دیا ہے (صفحہ 126 تا 127) ہم پہلے خط میں لکھ بھی چکے ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ کے جواب میں یہ بحث لکھنے کے بجائے اسے گمراہ اور تفرقہ پرداز لکھا ہے اور بتایا ہے کہ جنہیں تو عثمان کا قاتل سمجھ رہا ہے وہ خود آ کر تجھ سے ملاقات کریں گے اور یہ ملاقات تجھے بہت بھاری اور ناگواری گذرے گی اس لئے کہ وہ تجھے تیری تہمت طرازی اور سازش کی سزا دیں گے اور اپنی بریت ثابت کریں گے۔ ہم دکھا چکے ہیں کہ قتل عثمان کا فتویٰ دینے والے عائشہ اور زبیر تھے اور فوج کشی اور حملہ کرنے والے طلحہ اور زبیر تھے۔ جنہوں نے معاملے کو مشکوک کرنے ہی کے لئے تو علی علیہ السلام کے خلاف تلوار اُٹھائی تھی۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر10) خط ''معاویہ کے نام''

1۔معاویہ نے دعوتِ جنگ دی تھی تو جواب میں پہلے اسے نصیحتیں کیں اور راست روی کی تاکید کی اور پھر ڈانٹ کر تنبیہ کی۔

2۔بنی امیہ کی سابقہ پوزیشن یاد دلائی ۔

3۔اپنی جنگی قوت اور اس کے نانا، ماموں اور بھائی کے قتل کی یاد دلائی ہے۔

4۔کتاب اللہ کی دھائی دے کر جان بچانے کی پیش گوئی فرمائی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| كَيْفَ اَنْتَ صَانِعٌ اِذَا تَكَشَّفَتْ عَنْكَ جَلَابِيْبُ مَا اَنْتَ فِيْهِ مِنْ دُنْيَا قَدْ تَبَهَّجَتْ بِزِيْنَتِهَا، | 1 | تمہارا اُس وقت کیا حال ہوگا جب تمہارے اوپر سے یہ سازش کی چادر اُتار لی جائیگی جس میں تم لپٹے ہوئے ہو اور جسکی آڑ میں تم دُنیا میں خود کو سجا کر اور سنوار کر پیش کر رہے ہو اور اُس دُنیا نے تمہیں لبھا لیا ہے اور اپنی سجاوٹ سے تمہیں گرویدہ کر رکھا ہے۔ |
| وَخَدَعَتْ بِلَذَّتِهَا، | 2 | اور اپنی لذّتوں سے تمہیں دھوکے میں مبتلا کر رکھا ہے۔ |
| دَعَتْكَ فَاَجَبْتَهَا، وَقَادَتْكَ فَاتَّبَعْتَهَا، وَاَمَرَتْكَ فَاَطَعْتَهَا. | 3 | دُنیا نے تمہیں دعوت دی اور تم نے اُس کی دعوت قبول کر لی۔ اُس نے تمہاری قیادت و راہنمائی کی اور تم نے اُس کی پیروی اختیار کر لی۔ اُس نے حکم دیا تو تم نے اُس کی اطاعت اختیار کر لی۔ |
| وَاِنَّهُ يُوْشِكُ اَنْ يَقِفَكَ وَاقِفٌ عَلٰى مَالَا يُنْجِيْكَ مِنْهُ مُنْجٍ. (مِجَنٌّ) | 4 | بہت قریب ہے وہ وقت کہ جب تجھے ایک روکنے والا روک کر اُن چیزوں سے مطلع کرے گا جن سے تمہیں کوئی نجات دلانے والا بھی نجات نہ دلا سکے گا۔ |
| فَاقْعَسْ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ، | 5 | چنانچہ تم اس معاملے سے ہاتھ اُٹھا لو۔ |
| وَخُذْ اُهْبَةَ الْحِسَابِ، | 6 | اور باز پرسی اور حساب کے لئے تیار ہو جاؤ۔ |
| وَشَمِّرْ لِمَا قَدْ نَزَلَ بِكَ، | 7 | اور اپنے اوپر نازل ہونے والی کے لئے دامن لپیٹ کر تیار ہو جاؤ۔ |
| وَلَا تُمَكِّنِ الْغُوَاةَ مِنْ سَمْعِكَ، | 8 | اور اغوا کرنے والوں کی باتوں پر کان نہ لگاؤ۔ |
| وَاِلَّا تَفْعَلْ اُعْلِمْكَ مَا اَغْفَلْتَ مِنْ نَفْسِكَ، | 9 | اگر تم نے اس نصیحت پر عمل نہ کیا تو میں تمہیں تمہاری تمام غفلتوں سے متنبہ کروں گا۔ |
| فَاِنَّكَ مُتْرَفٌ قَدْ اَخَذَ الشَّيْطَانُ مِنْكَ مَاْخَذَهُ، | 10 | تم سہولت اور عیش پروری کی زندگی میں اُلجھے ہوئے ہو یقیناً ابلیس نے تمہارے اندر اپنے منصوبہ کے لئے تمام بنیادی سامان جمع کر دیا ہے۔ |
| وَبَلَغَ فِيْكَ اَمَلَهُ، | 11 | اور اُس نے اپنی تمام آرزوؤں اور اُمیدوں کو تمہارے اندر پہنچا دیا ہے۔ |
| وَجَرٰى مِنْكَ مَجْرَى الرُّوْحِ وَالدَّمِ، | 12 | اور وہ تیرے اندر اسی طرح گھلا ملا ہوا ہے جیسے جسم میں روح اور خون گھلا ملا ہوتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَتٰی کُنْتُمْ یَامُعَاوِیَةُ سَاسَةَ الرَّعِیَّةِ؟ وَوُلَاةَ اَمْرِ الْاُمَّةِ، | 13 | اور اَے معاویہ یہ تو سوچو کہ تم بنی امیہ رعایا کی سیاست سے اور اُمت پر حکمرانی کرنے کی اور راہنمائی کی اہلیت سے کب شناسا تھے؟ |
| بِغَیْرِ قَدَمٍ سَابِقٍ ، وَلَا شَرَفٍ بَاسِقٍ، | 14 | بلا کسی اسلامی پیش قدمی کے اور بلا اسلامی عزت اور بزرگی حاصل کئے ہوئے ہی۔ |
| وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ لُزُوْمِ سَوَابِقِ الشِّقَآءِ ، | 15 | اس قسم کا دعویٰ کرنا ازلی بدبختی کا ثبوت ہے۔اور ہم اس سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔ |
| وَاُحَذِّرُکَ اَنْ تَکُوْنَ مُتَمَادِیًا فِیْ غِرَّةِ الْاُمْنِیَّةِ ، مُخْتَلِفَ الْعَلَانِیَةِ وَالسَّرِیْرَةِ، | 16 | اور میں تمہیں خبردار کرنا چاہتا ہوں کہ تم ہمیشہ آرزوؤں کے فریب میں مبتلا رہتے چلے آرہے ہو اور تمہارے اعلانات تمہاری باطنی حالت سے مختلف رہتے آئے ہیں۔ |
| وَقَدْدَعَوْتَ اِلَی الْحَرْبِ فَدَعِ النَّاسَ جَانِبًا وَاَخْرُجْ اِلَیَّ ،وَاَعْفِ الْفَرِیْقَیْنَ مِنَ الْقِتَالِ لِیُعْلَمَ اَیُّنَاالْمَرِیْنُ عَلٰی قَلْبِهٖ وَالْمُغَطّٰی عَلٰی بَصَرِهٖ، | 17 | اور تم نے مجھے جنگ کی دعوت دی ہے چنانچہ لوگوں کو الگ ہٹا دو اور میرے تنہا کے مقابلے میں تنہا نکلو اور دونوں فریقوں کو جنگ سے معاف رکھو تا کہ سب کو یہ علم ہو جائے کہ کس کے دل پر زنگ جما ہوا ہے اور کون آنکھوں پر پردے ڈالے ہوئے ہے۔ |
| فَاَنَااَبُوْحَسَنٍ قَاتِلُ جَدِّکَ وَ خَالِکَ وَ اَخِیْکَ شَدْخًا یَوْمَ بَدْرٍ ،وَذٰلِکَ السَّیْفُ مَعِیْ ، وَبِذٰلِکَ الْقَلْبِ اَلْقٰی عَدُوِّیْ، | 18 | چنانچہ میں وہی حسنؑ کا والد ہوں اور تیرے دادا کا اور تیرے ماموں کا اور تیرے بھائی کا بدر میں تباہ کر کے مارنے والا قاتل ہوں۔اور وہی تلوار میرے پاس ہے اور میں اب بھی اسی قلب کے ساتھ اپنے دشمن سے ملاقات کو تیار ہوں۔ |
| مَااسْتَبْدَلْتُ دِیْنًا، وَلَااسْتَحْدَثْتُ نَبِیًّا، | 19 | اور تمہاری طرح نہ تو میں نے اپنا دین بدلا ہے۔ |
| وَاِنِّیْ لَعَلٰی الْمِنْهَاجِ الَّذِیْ تَرَکْتُمُوْهُ طَائِعِیْنَ، | 20 | اور نہ نبیؐ کی قسمیں کر کے اُسے خود گھڑا ہے۔ |
| وَدَخَلْتُمْ فِیْهِ مُکْرِهِیْنَ، | 21 | اور یقیناً میں اُسی اسلامی راستے پر برقرار ہوں جسے تم نے خوشی سے چھوڑ رکھا ہے۔ اور تم لوگ اس دین میں داخل بھی ناگواری سے ہوئے تھے۔ |
| وَزَعَمْتَ اَنَّکَ جِئْتَ ثَائِرًابِعُثْمَانَ، | 22 | اور تم یہ بھی جھوٹا دعویٰ کر رہے ہو کہ تم عثمان کے خون کا بدلہ لینے کے لئے اُٹھے ہو۔ |
| وَلَقَدْ عَلِمْتَ حَیْثُ وَقَعَ دَمُ عُثْمَانَ فَاطْلُبْهُ مِنْ هُنَاکَ اِنْ کُنْتَ طَالِبًا، | 23 | حالانکہ تمہیں یقیناً معلوم ہے کہ عثمان کہاں قتل ہوا تھا؟ چنانچہ اس کے خون کا مطالبہ وہیں جا کر کرو جہاں قتل ہوا تھا اگر تم واقعی خون کا بدلہ چاہتے ہو تو طریقہ یہ ہے۔ |
| فَکَاَنِّیْ قَدْرَاَیْتُکَ تَضِجُّ مِنَ الْحَرْبِ اِذَا عَضَّتْکَ ضَجِیْجَ الْجِمَالِ بِالْاَثْقَالِ،وَکَاَنِّیْ بِجَمَاعَتِکَ تَدْعُوْنِیْ جَزْعًا مِنَ الضَّرْبِ الْمُتَتَابِعِ وَالْقَضَاءِ الْوَاقِعِ، | 24 | میں تو اب وہ نظارہ دیکھ رہا ہوں کہ گویا جنگ تمہیں دانتوں سے کاٹ رہی ہے اور تم اس طرح بلبلا رہے ہو جس طرح بھاری بوجھ سے لدے ہوئے اونٹ بلبلایا کرتے ہیں۔ اور گویا تمہاری جماعت تلواروں کے پے در پے واروں سے اور سروں پر منڈلانے والی موت سے اور مقتولوں کے انبار لگ جانے سے گھبرا گھبرا کر مجھے پکار رہی ہے۔ |
| وَمَصَارِعَ بَعْدَالْمَصَارِعَ .اِلٰی کِتَابِ اللّٰهِ وَهِیَ کَافِرَةٌ جَاحِدَةٌ اَوْمُبَایِعَةٌ حَائِدَةٌ. | 25 | اور قرآن کی دوہائی دے رہی ہے۔حالانکہ تمہاری جماعت کافر ہے حق کی منکر ہے اور بیعت کرنے کے بعد اسے توڑنے والی ہے۔ |

**تشریح:۔** 1۔ یہاں آخری بات کو پہلا نمبر دینا پڑتا ہے یعنی حضرت علی علیہ السلام کی آنکھیں وہ نظارہ دیکھ رہی تھیں جو آج سے کئی ماہ بعد

Presented by Ziaraat.Com

جنگ صفین میں پیش آنے والا تھا۔اور جسے حضور علیہ السلام نے لفظ بلفظ اُسی طرح معاویہ کولکھ کر بھیج دیا تھا جس طرح اُن پر یہ مصیبت واقع ہونا تھی۔جو ذاتِ پاک زمین پر رہتے ہوئے معراج کی تمام تفصیلات ملاحظہ کرتی رہی ہو اُس کا ایسی پیشین گوئی کرنا کوئی قابل تعجب چیز نہیں تھی۔جس کے سامنے کائنات کی تمام تفصیلات حاضر رہتی ہوں اُس ہستیؑ کی ایسی پیشگوئی پر فخر کرنا گھٹیا سی بات ہے۔عین اللہ سے کوئی چیز چھپی نہیں رہ سکتی یہ دوسری بات ہے کہ ظاہری مسلمانوں کو مسلمان رکھنے کی خاطر بعض باتیں انہیں نہ بتائی جائیں۔ورنہ بدن میں رَچا بَسا کفر اُن پر غالب آجانا ممکن ہوجائے گا اور مجتہد قسم کے جاہلوں کو بدہضمی ہوجانے کا اندیشہ ہوگا۔اُن کا اپنا گھڑا ہوا اللہ بکھر کر پاش پاش ہوجائے گا۔

## 2۔معاویہ اور قریش نے مجبوراً اسلام اختیار کر کے اُسے تبدیل کر دیا تھا

چنانچہ حضورؑ نے یہ حقیقت واضح فرمادی ہے کہ معاویہ اور اُس کے بزرگ قریش نے مجبور ہوکر بڑی ناگواری سے اسلام کو اختیار کیا تھا اور رفتہ رفتہ اُسے تبدیل کر کے رکھ دیا تھا۔(10/19) اور یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ قریش نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرآنی پوزیشن کو بھی نئے نئے پہلو نکال کر اپنے اجتہاد سے کچھ سے کچھ بنالیا تھا۔(یونس 10/19)

## 3۔حضرت علیؑ کا یہی چیلنج قریش اور قریشی علماء کے لئے مافوق الفطرت ہے تمام عرب پر بالادستی

معاویہ ہی کو حضورؑ نے چیلنج نہیں کیا ہے وہ تو پورے عرب کو زندگی بھر چیلنج کرتے رہے ہیں۔اور جو سور ما سامنے آیا اُسے جہنم واصل کرتے رہے ہیں۔وہ تو تنہا شام پر حملے کے لئے روانہ ہوگئے تھے اپنی فوج سے کہہ دیا تھا کہ میں تمہارا محتاج نہیں ہوں۔میں تنہا ملک شام کو فتح کرسکتا ہوں۔مجاہدین نے منت سماجت کر کے بڑی مشکل سے ساتھ چلنے کی اجازت لی تھی۔**ورنہ وہ تو تنِ تنہا کئی میل جاچکے تھے۔**جو شخص سارے عرب سے فرداً فرداً بھی طاقتور ہو اور اُن کی اجتماعی طاقت سے بھی کہیں زیادہ ہو اُسے قریشی نام نہاد سور ماؤں یعنی لنگڑے لولے اور بزدلوں کے برابر قرار دینا بڑی بے بصیرتی کی بات ہے۔یہ تو اُنکا مشیت خداوندی اور ارادۃ اللّٰہ ہونا تھا جس سے یہ دشمنان دین محفوظ رہ گئے ورنہ اُنہیں مسل کر رکھ دیا جاتا۔یہ کتنی بے شرمی و بے حیائی کی بات ہے کہ معاویہ ایسا شخص حضرت علی علیہ السلام کو جنگ کی دعوت دیتا ہے؟؟

## 4۔قریش نے اپنی خودساختہ تاریخ میں حضرت علیؑ کے مخالفوں کو دُھات العرب اور دانشور بنا رکھا ہے

قارئین پر حضور علیہ السلام کے ہر خط سے یہ واضح ہوجائے گا کہ اُن کے رُوبرو سارے عرب میں نہ ہی کوئی عاقل و دانا اور بابصیرت تھا نہ ہی کوئی اسلامی حکومت کے نظم ونسق و آئین کو سمجھنے والا تھا(10/13)۔یہ سب ابلیس کے فریب میں مبتلا تھے۔(10/10-12)

# ( نمبر 11) خط (لشکر کو ھدایات)

**1۔فوج کا پڑاؤ کیسے مقام پر ہونا چاہئے؟2۔ہراول دستہ اور خبر رسانی؟3۔رات میں حفاظت کا انتظام؟4۔سونے کی مقدار و مقصد؟**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَاِذَا نَزَلۡتُمۡ بِعَدُوٍّ اَوۡ نَزَلَ بِکُمۡ فَلۡیَکُنۡ مَعَسۡکَرُکُمۡ فِیۡ قُبُلِ الۡاَشۡرَافِ، | 1 | جب تم دشمن کے مقابلے میں پڑاؤ ڈالو یا دشمن تمہارے مقابلے میں قیام کرے تو تمہاری لشکر گاہ ٹیلوں کے آگے ہونی چاہئے۔ |
| اَوۡ سِفَاحِ الۡجِبَالِ، اَوۡ اَثۡنَاءِ الۡاَنۡھَارِ، | 2 | یا پہاڑوں کے آگے ہونا چاہئے۔یا نہروں کو پشت پر رکھ کر پڑاؤ ڈالنا چاہئے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| كَيْمَا يَكُوْنُ لَكُمْ رِدْءًا، | 3 | تا کہ ٹیلے اور پہاڑ اور نہریں تمہاری پشت کی حفاظت کریں۔ |
| وَدُوْنَكُمْ مَرَدًّا، | 4 | اور دشمن کو تم سے دور رکھنے میں مددگار بن جائیں۔ |
| وَلْتَكُنْ مُقَاتَلَتُكُمْ مِنْ وَجْهٍ وَّاحِدٍ اَوِ اثْنَيْنِ، | 5 | اور اس طرح تمہیں صرف ایک طرف سے یا دو طرف سے دشمن سے جنگ کرنا پڑے۔ (اور تم چاروں طرف سے نہ گھیرے جا سکو۔) |
| وَاجْعَلُوْا لَكُمْ رُقَبَاءَ فِيْ صَيَاصِي الْجِبَالِ، وَمَنَاكِبِ الْهِضَابِ، | 6 | اور پڑاؤ ڈالتے ہی پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور ٹیلوں کی بلندیوں پر دشمنوں کی نقل و حرکت دیکھنے والے نگران مقرر کر دیا کرو۔ |
| لِئَلَّا يَاْتِيَكُمُ الْعَدُوُّ مِنْ مَّكَانِ مَخَافَةٍ اَوْ اَمْنٍ، | 7 | تا کہ دشمن کا کوئی دستہ کسی خفیہ اور خوفناک جگہ سے یا کسی کھلی اور اطمینان کی جگہ سے تم پر اچانک حملہ نہ کر سکے۔ |
| وَاعْلَمُوْا اَنَّ مُقَدِّمَةَ الْقَوْمِ عُيُوْنُهُمْ، وَعُيُوْنَ الْمُقَدِّمَةِ طَلَائِعُهُمْ، | 8 | اور یہ بھی جان لو کہ فوج کے آگے چلنے والا ہراول دستہ فوج کی آنکھوں کا کام دیتا ہے۔ اور ہراول دستے کی آنکھیں اُنکے آگے چلنے والے نگران لوگ (پٹرول) ہوتے ہیں۔ |
| وَاِيَّاكُمْ وَالتَّفَرُّقَ، فَاِذَا نَزَلْتُمْ فَانْزِلُوْا جَمِيْعًا وَاِذَا ارْتَحَلْتُمْ فَارْتَحِلُوْا جَمِيْعًا، | 9 | اور خبردار بکھرنے سے باز رہنا چنانچہ جب تم کہیں پڑاؤ ڈالو تو سب ایک ساتھ اُترا کرو اور جب تم روانہ ہو تو سب مل کر ایک ہی ساتھ سفر کیا کرو۔ |
| وَاِذَا غَشِيَكُمُ اللَّيْلُ فَاجْعَلُوا الرِّمَاحَ كِفَّةً، | 10 | اور جب رات تم پر تاریکی پھیلا دے تو تم اپنے چاروں طرف نیزوں کو گاڑ کر ایک باڑ بنا لیا کرو۔ |
| وَلَا تَذُوْقُوا النَّوْمَ اِلَّا غِرَارًا اَوْ مَضْمَضَةً. | 11 | اور رات کو نیند میں غرق نہ ہو جاؤ بلکہ نیند کا مزا صرف اس قدر لو جیسے غرارہ کرنے یا کلی کرنے سے پانی کا مزا۔ |

**تشریح:۔** 1۔اس خطبے میں پہلی بات تو یہی معلوم ہوتی ہے کہ آپؑ کی افواج تنخواہ دار فوجیں نہ تھیں ورنہ اس خط میں مذکور ہدایات اُن کو ٹریننگ کے زمانہ میں ملی ہوئی ہوتیں اور اُنہیں سفر و قیام کی عملی تعلیم اُن کے کمانڈر نے دے دی ہوتی۔ یہ بالکل نئے لوگ تھے جنہیں ہر ہر بات لڑائی سے پہلے یا لڑائی کے دوران بتانی پڑتی تھی۔ دوسری بات یہ کہ پوری مملکت میں قوانین و ہدایات پہنچانے کے لئے خطوط ہی کو ذریعہ بنایا جاتا تھا۔

**2۔فوج کے اجزا** سفر کے دوران فوج کا بڑا اور بھاری ہتھیاروں والا حصہ مین باڈی کہلاتا ہے۔ ہسپتال، راشن، باورچی خانہ وغیرہ مین باڈی میں رہتے ہیں۔ سردار یا سپہ سالار لشکر بھی اسی میں ہوتا ہے۔ روانگی سے کافی دیر پہلے ایک کافی بڑا دستہ آگے روانہ کیا جاتا ہے جو مقدمہ یا مین گارڈ کہلاتا ہے اور جو اتنا بڑا اور طاقتور ہونا چاہئے کہ دشمن کو اتنی دیر تک روکے رکھے کہ مین باڈی لڑنے کی ضروری پوزیشن اختیار کر لے۔ مین باڈی اور مین گارڈ یا ایڈوانس گارڈ میں رابطہ جاری رہتا ہے۔ اسی طرح ایڈوانس گارڈ کی طرح سے دو دستے مین باڈی کے داہنی طرف اور بائیں طرف مناسب فاصلے پر چلتے ہیں تا کہ داہنی اور بائیں طرف سے آنے والے خطروں کو روک سکیں ان کو فلینک (flank) گارڈ کہتے ہیں۔ اسی طرح مین باڈی کے پیچھے کی حفاظت کے لئے ریئر گارڈ (Rear) تعینات ہوتا ہے۔ یہ چاروں گارڈ اپنے اپنے گارڈوں کی حفاظت اور رابطہ کا بندوبست کرتے ہیں یہ چھوٹے چھوٹے دستے ہوتے ہیں اور انہیں پٹرول (Petrol) کہا جاتا ہے۔ سفر کے دوران فوج کا خاکہ دیکھئے:۔

Presented by Ziaraat.Com




یہ خاکہ بتاتا ہے کہ فوج میں رابطہ اور تحفظ اور خبر رسانی کا کیسا منظّم بندوبست رہتا ہے کہ آگے پیچھے داہنے بائیں دشمن کی نقل وحرکت ہر آن کمانڈر کو معلوم رہتی ہے اور حملے کی صورت میں دشمن کو چاروں طرف سے نرغے میں لیا جاسکتا ہے۔ یہ تمام ہدایات وتعلیم اور مہارت تنخواہ دار افواج کو چھاؤنیوں میں مکمل کرادی جاتی ہے۔ اُن کو عادی بنادیا جاتا ہے۔ قواعد اور پیریڈ ہی اُن کی ترقی اور پروموشن کا ذریعہ ہوتی ہے۔ یہاں فوج تو فوج ہے خود حضرت علی علیہ السلام کو یہ تعلیم وٹریننگ کبھی کسی نے نہیں دی تھی۔ بہرحال وہؑ دُنیا کی بہترین افواج کی تعلیم وہدایات سے کماحقہ واقف تھے۔ اور ہر فوج کو ایسے ہزاروں طریقے سکھا سکتے تھے جو دشمن کو ہزیمت دینے میں مفید ہوتے۔ اور حضورؑ سے تعلیم یافتہ فوج کہیں کسی سے شکست نہ کھا سکتی تھی پھر علی علیہ السلام نے اپنی فوج کو شب بیداری کی تعلیم بھی دے دی ہے جس سے اللہ خود ایسی فوج کا محافظ ہوجایا کرتا ہے۔

## ( نمبر12) خط لِمَعْقِلِ ابْنِ قَيْسِ الرِّيَا حِيْ حِيْنَ اَنْفَذَهُ اِلَى الشَّامِ فِيْ ثَلَاثَةِ اٰلَافٍ مُقَدِّمَةً لَهٗ

**مَعْقِل بن قیس کو زبانی ھدایات جب کہ اُسے تین ہزار فوجیوں کے ہراول دستے کا انچارج بنا کر شام کی طرف بھیجا**

**1۔سفر کا طریقہ، شب وروز کی احتیاطیں، آرام وقیام 2۔تصادم کی صورت میں اقدامات 3۔اللہ کا خیال**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اِتَّقِ اللّٰهَ الَّذِيْ لَابُدَّلَكَ مِنْ لِقَائِهٖ،وَلَا مُنْتَهٰى لَكَ دُوْنَهٗ، | 1 | تم اس اللہ کے سامنے ذمہ دار رہنا جس کے روبرو جانا ضروری ہے اور اس کے علاوہ تمہارا کوئی ٹھکانہ نہیں ہوگا؛ |
| وَلَا تُقَاتِلَنَّ اِلَّامَنْ قَاتَلَكَ، | 2 | جو تم سے جنگ کرے اس کے علاوہ کسی اور سے جنگ نہ کرنا؛ |
| وَسِرِ الْبَرْدَيْنِ،وَغَوِّرْ بِالنَّاسِ،وَرَفِّهْ فِي السَّيْرِ، | 3 | صبح شام کے ٹھنڈے اوقات میں سفر کرنا دوپہر کے اوقات میں لوگوں کو آرام کرنے دو یا آہستہ چلو؛ |
| وَلَا تَسْرِاَوَّلَ اللَّيْلِ،فَاِنَّ اللّٰهَ جَعَلَهٗ سَكَنًا،وَقَدَّرَهٗ مَقَامًا لَّا ظَعْنًا، | 4 | اور شروع رات میں سفر نہ کراؤ اس لئے کہ رات کو اللہ نے سکون وچین کے لئے بنایا ہے اور قیام کرنے کا وقت رکھا ہے نہ کہ سفر کیلئے اور جدائی کے لئے، |
| فَارِحْ فِيْهِ بَدَنَكَ،وَرَوِّحْ ظَهْرَكَ، | 5 | اسلئے رات میں اپنے بدن کو راحت پہنچاؤ اور سواریوں اور جانوروں کو بھی آرام کرنے دو؛ |
| فَاِذَاوَقَفْتَ حِيْنَ يَنْبَطِحُ السَّحَرُ،اَوْحِيْنَ يَنْفَجِرُ الْفَجْرُ،فَسِرْ عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ، | 6 | اور جب یہ معلوم ہو جائے کہ صبح نمودار ہونے لگی اور روشنی جھلکنے لگی ہے تو اللہ کی برکت رسانی کے بھروسہ پر سفر شروع کر دینا چاہئے؛ |
| فَاِذَالَقِيْتَ الْعَدُوَّ فَقِفْ مِنْ اَصْحَابِكَ وَسَطًا، | 7 | جب تم دشمن کو دیکھ لو تو اپنے مخصوص ساتھیوں کے درمیان میں قیام کرو۔ |
| وَلَا تَدْنُ مِنَ الْقَوْمِ دُنُوَّ مَنْ يُرِيْدُ اَنْ يُّنْشِبَ الْحَرْبَ، | 8 | اور نہ تم دشمن کے اتنا قریب ٹھہرو جتنا کوئی جلدی سے جنگ چھیڑنے والا ٹھہرا کرتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَا تَبَاعَدْ عَنْهُمْ تَبَاعُدَ مَنْ يَّهَابُ الْبَاْسَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ اَمْرِیْ، | 9 | اور نہ اتنی دور قیام کرو جیسے کوئی جنگ سے ڈرنے والا ہٹ کر قیام کیا کرتا ہے۔ یہ سب کچھ میرا حکم پہنچنے تک بجالاتے رہنا؛ |
| وَلَا يَحْمِلَنَّكُمْ شَنَاٰنُهُمْ عَلٰى قِتَالِهِمْ قَبْلَ دُعَائِهِمْ وَالْاِعْذَارِ اِلَيْهِمْ، | 10 | اور ایسا نہ ہونے پائے کہ تم اُن کی دشمنی یا دشمنانہ رویہ کی بنا پر جنگ چھیڑ دو اس سے پہلے کہ اُن کو دعوت دین دی جائے اور اتمام حجت پوری کی جائے۔ |

**تشریح:۔** اِن ہدایات میں حضرت علی علیہ السلام کے اطمینان قلب پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ جن حالات میں یہ افواج روانہ کی جارہی ہیں اُن سے سارا عرب عموماً ملک شام و معاویہ خصوصاً لرزہ براندام ہیں۔ اُن کے حالات پڑھنے سے خود پڑھنے والا گھبرا اُٹھتا ہے۔ وہاں اپنے سرداروں اور کرتا دھرتا لوگوں کو ہر مکر و فریب کر گذرنے کی تدبیریں بتائی جاتی ہیں۔ اور حضرت علی علیہ السلام ایسے اطمینان سے ہدایات دیتے ہیں کہ نہ کوئی جلدی معلوم ہوتی ہے نہ دشمن کی غداری و مکر کا خیال و خوف ہے، تقوی اور ذمہ داری ملحوظ ہے۔ غلط شخص اور غلط موقع پر جنگ کی ممانعت کی جارہی ہے۔ خاص اصحاب کے درمیان رہنے کی تاکید اس لئے کہ ہر ایک کے چہرہ پر نظر رہے۔ کوئی چپکے سے جنگ چھیڑنے کا اشارہ نہ کر سکے۔ بلا اتمامِ حجت اور عذرات کو سُنے بغیر جنگ کی دوھری دوھری ممانعت کی گئی ہے۔ سفر میں جانوروں تک کے آرام اور فطرت کا خیال رکھا گیا ہے۔ اللہ کے احکام سامنے رہتے ہیں۔ دشمنوں کی زیادتیوں اور دشمنی کو بھلا دینے کی تاکید فرمائی ہے۔ یعنی قرآن پر لفظ بلفظ عمل کرانے کا پختہ ارادہ کئے ہوئے ہیں۔ اللہ نے فرمایا ہے: وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰى اَلَّا تَعْدِلُوْا... (5/2،8) کسی قوم سے دُشمنی تمہیں عدل کے خلافِ عمل کرنے پر نہ اُبھارے ہر حال میں عدل و انصاف کرتے رہو۔

## ( نمبر 13) خط — اِلٰى اَمِيْرَيْنِ مِنْ اُمَرَاءِ جَيْشِهٖ، اپنی فوج کے دو سرداروں کے نام

**فرمان کا پس منظر!** جنگ صفین کے سلسلے میں علیؑ نے اپنی روانگی سے پہلے جناب زیادؓ ابن نضر اور شریحؓ ابن ھانی کو بارہ ہزار فوج کے سردار بنا کر بطور ہراول دستہ روانہ کیا تھا۔ دورانِ سفر اُن کی مڈبھیڑ معاویہ کے ہراول دستہ سے ہوئی جو ابوالاعور سلمی کی قیادت میں مقام سورالروم پر پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا۔ انہوں نے اسے اور اس کی فوج کو حضرت علی علیہ السلام کی اطاعت کی دعوت دی۔ انہوں نے قبول کرنے سے انکار کیا تو انہوں نے علیؑ کو خط لکھ کر اطلاع دی اور آئندہ اقدامات کی اجازت طلب کی۔ علیؑ نے مالک اشتر رضی اللہ عنہ کو ہدایات دے کر زیرِ قلم خط کے ساتھ اُن کے پاس بھیجا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ اَمَّرْتُ عَلَيْكُمَا وَعَلٰى مَنْ فِيْ حَيِّزِ كُمَا مَالِكَ ابْنَ الْحَارِثِ الْاَشْتَرِ فَاسْمَعَا لَهٗ وَاَطِيْعَا، | 1 | میں نے تم دونوں پر بھی اور جو لوگ تمہارے اختیار میں ہیں اُن پر بھی مالک ابن حارث اشتر کو امیر مقرر کیا ہے تم دونوں اُسکے احکام کو سننا اور اُس کی اطاعت کرنا؛ |
| وَاجْعَلَاهُ دِرْعًا وَّمِجَنًّا، | 2 | اور تم دونوں انہیں اپنے لئے اور اپنے ماتحت لوگوں کیلئے زرہ اور ڈھال بنا کر رکھنا؛ |
| فَاِنَّهٗ مِمَّنْ لَّا يُخَافُ وَهْنُهٗ وَلَا سَقْطَتُهٗ، وَلَا بُطْؤُهٗ عَمَّا الْاِسْرَاعُ اِلَيْهِ اَحْزَمُ، وَلَا اِسْرَاعُهٗ اِلٰى مَا الْبُطْءُ عَنْهُ اَمْثَلُ، | 3 | وہ یقیناً اُن لوگوں میں سے ہیں جن سے نہ کمزوری اور لغزش کا اندیشہ ہوتا ہے اور نہ جلدی کی جگہ سستی کا اور نہ ڈھیل دینے کی جگہ جلد بازی کا خطرہ ہوتا ہے۔ (یعنی وہ ایسے حاکم ہیں جن کی موجودگی میں خطرات نہیں ہوتے) |

**تشریح:** 1۔ پچھلے خط میں جو ہدایات لکھی جا چکی تھیں وہ کام آئیں اور حضور علیہ السلام کے ایڈوانس گارڈ کو معاویہ کے ایڈوانس گارڈ سے کوئی خطرہ پیش

Presented by Ziaraat.Com

نہیں آیا۔اُنہوں نے پہلے سے پڑاوڈالے ہوئے اپنے دشمن کے مقابلے میں پڑاوڈالا۔اُسے تبلیغ کی اور حضرت علی علیہ السلام کو حالات سے مطلع کیا۔اور تاحکم ثانی تمام حالات کے لئے تیار ومنتظر رہے۔

**2۔مالک اشترؓ کی مدح وثنا اور ذمہ داری پر یہ خط سند ہے**

اس خط میں مالک اشترؓ کے متعلق جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے اور کسی صحابی کو یہ عزت حاصل نہیں ہوئی ہے۔حضرت مالکؓ اشتر علیؑ وخاندانِ علی علیہ السلام کے تحفظ کے لئے دھکتی ہوئی آگ میں کود جانے کو تیار رہتے تھے اُن سے زیادہ کوئی اور فدا کار نہ تھا۔

# ( نمبر 14) خط

## وَصِيَّةٌ لِعَسْكَرِهٖ قَبْلَ لِقَآءِ الْعَدُوِّ بِصِفِّيْنَ

**صفین میں دشمن کی ملاقات سے پہلے پہلے اپنی فوج کو ہدایات فرمائی ہیں**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| لَا تُقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى يَبْدَؤُكُمْ،فَاِنَّكُمْ بِحَمْدِاللّٰهِ.عَلٰى حُجَّةٍ وَتَرْكُكُمْ اِيَّاهُمْ حَتّٰى يَبْدَؤُكُمْ حُجَّةٌ اُخْرٰى لَكُمْ عَلَيْهِمْ، | 1 | جب تک وہ جنگ میں پہل نہ کریں تم ان سے جنگ نہ کرنا،اس لئے کہ تم بفضل خدا دلیل وحجت کے ماتحت ہو اور تمہارا پہل نہ کرنا اور انہیں آزاد چھوڑ دینا کہ جنگ کی ابتدا بھی وہی کریں یہ ان پر دوسری دلیل وحجت ہے؛ |
| فَاِذَا كَانَتِ الْهَزِيْمَةُ بِاِذْنِ اللّٰهِ فَلَا تَقْتُلُوْا مُدْبِرًا،وَّلَا تُصِيْبُوْا مُعْوِرًا، | 2 | اور جب انہیں اللہ کے حکم سے شکست ہو جائیگی تو کسی بھاگنے والے کو قتل نہ کرنا،کسی بے کس اور خالی ہاتھ پر حملہ نہ کرنا؛ |
| وَلَا تُجْهِزُوْا عَلٰى جَرِيْحٍ،وَلَا تَهِيْجُوْا النِّسَآءَ بِاَذًى،وَاِنْ شَتَمْنَ اَعْرَاضَكُمْ وَسَبَبْنَ اُمَرَاءَ كُمْ، | 3 | اور نہ ہی کسی زخمی کی جان لینا اور نہ عورتوں کو اذیت دیکر پریشان کرنا۔چاہے وہ گالیاں دیکر تمہاری بے عزتی ہی کیوں نہ کریں اور تمہارے حاکموں کو بھی گالیاں دیتی رہیں۔ |
| فَاِنَّهُنَّ ضَعِيْفَاتُ الْقُوٰى وَالْاَنْفُسِ وَالْعُقُوْلِ، | 4 | اس لئے کہ وہ تخلیقی طور پر جسمانی اور روحانی اور عقلی طور پر کمزور ہوتی ہیں؛ |
| اِنْ كُنَّا لَنُؤْمَرُ بِالْكَفِّ عَنْهُنَّ وَاِنَّهُنَّ لَمُشْرِكَاتٌ، | 5 | ہمیں عہد رسولؐ میں حکم دیا گیا تھا کہ ان سے نہ الجھا کریں حالانکہ وہ مشرک ہوتی تھیں |
| وَاِنْ كَانَ الرَّجُلُ لِيَتَنَاوَلُ الْمَرْاَةَ فِى الْجَاهِلِيَّةِ بِالْفِهْرِ اَوِ الْهِرَاوَةِ فَيُعَيَّرُ بِهَا عَقِبُهٗ مِنْ بَعْدِهٖ. | 6 | اور اگر زمانہ جاہلیت میں بھی کوئی مرد کسی عورت کو پتھر یا لاٹھی سے مارتا تھا تو اُس کو اور اُس کے بعد کی نسلوں کو برا کہا جاتا رہتا تھا۔'' |

**تشریح:۔** یہاں بھی حق پر ہونے کی دلیل سے اپنی فوج کو بطورِ اپیل اسلامی قوانین کو ملحوظ رکھنے کی تاکید فرمائی ہے اور اُس زمانے سے آج تک تمام قریشی علماء علی علیہ السلام کی ایسی تاکیدوں اور احکامات کی مدح وثنا اور تعریفیں کرتے اور اپنی اپنی کتابوں میں لکھتے چلے آئے ہیں۔چنانچہ علامہ مودودی خلیفۂ راشد اور دُنیادار بادشاھوں کا فرق یوں دکھاتے ہیں کہ:۔

**حضرت علیؑ خلیفہ خدواندی تھے بادشاہ اور خلیفہ راشد کا فرق،مودودی**

۔''حضرت علیؑ نے جنگ کے سلسلے میں جو طرزِ عمل اختیار کیا وہ ایک خلیفہ راشد اور ایک بادشاہ کے فرق کو پوری طرح نمایاں کر دیتا ہے۔اُنہوں نے اپنی فوج میں پہلے ہی یہ اعلان کر دیا کہ بھاگنے والے کا پیچھا نہ کرنا۔کسی زخمی پر حملہ نہ کرنا اور فتحیاب ہو کر مخالفین کے گھروں میں نہ گُھسنا۔فتح کے بعد

Presented by Ziaraat.Com

اُنہوں نے دونوں طرف کے شہدا پر نماز جنازہ پڑھائی اور انہیں احترام کے ساتھ دفن کرایا۔ تمام مال جو لشکر مخالف سے ملا تھا۔ اُسے مال غنیمت قرار دینے سے قطعی انکار کر دیا۔ اور بصرے کی جامع مسجد میں اس کو جمع کر کے اعلان فرما دیا کہ جو اپنا مال پہچان لے وہ لے جائے۔ لوگوں نے خبر اڑائی کہ علیؑ یہ ارادہ رکھتے ہیں کہ بصرے کے مَردوں کو قتل اور عورتوں کو لونڈیاں بنالیں۔ حضرت علیؑ نے فوراً اس کی تردید کی اور فرمایا۔ ''مجھ جیسے آدمی سے یہ اندیشہ نہ ہونا چاہیئے یہ سلوک تو کافروں کے ساتھ کرنے کا ہے مسلمانوں کے ساتھ یہ سلوک نہیں کیا جا سکتا۔'' بصرے میں داخل ہوئے تو ہر گھر سے عورتوں نے گالیاں اور کوسنوں کی بوچھاڑ کر دی۔ حضرت علیؑ نے اپنی فوج میں اعلان کیا کہ۔ ''خبردار کسی کی بے پردگی نہ کرنا کسی گھر میں نہ گھسنا۔ کسی عورت سے تعرض نہ کرنا خواہ وہ تمہیں اور تمہارے امراء اور صلحاء کو گالیاں ہی کیوں نہ دیں۔ ہم کو تو اُن پر دست درازی کرنے سے اُس وقت بھی روکا گیا تھا جب یہ مشرک تھیں اب ہم اُن پر ہاتھ کیسے ڈال سکتے ہیں۔'' حضرت عائشہ کے ساتھ جو شکست خوردہ فریق کی اصل قائد تھیں انتہائی احترام کا برتاؤ کیا اور پوری حفاظت کے ساتھ انہیں مدینہ بھیج دیا۔'' (خلافت وملوکیت صفحہ 131) پھر لکھا ہے کہ:۔

**۔'' آغاز ہی میں حضرت علیؑ نے اپنی فوج میں یہ اعلان کر دیا کہ۔ ''خبردار لڑائی کی ابتدا اپنی طرف سے نہ کرنا۔ جب تک حملہ نہ کریں۔ پھر جب تم انہیں شکست دیدو تو کسی بھاگنے والے کو قتل نہ کرنا۔ کسی زخمی پر ہاتھ نہ ڈالنا۔ کسی کو برہنہ نہ کرنا۔ کسی مقتول کی لاش کا مُثلہ نہ کرنا۔ کسی گھر میں نہ گھسنا۔ اُن کے مال نہ لوٹنا۔ اور عورتیں خواہ تمہیں گالیاں ہی کیوں نہ دیں اُن پر دست درازی نہ کرنا۔'' (خلافت وملوکیت صفحہ 136)**

مودودی نے پہلا بیان جنگ جمل کے متعلق دیا تھا اور یہ بیان جنگ صفین کے متعلق دیا ہے اور ابوبکر کی خلافت کے متعلق بھی ایک جھلک دیکھ لیں تو بہتر ہوگا کہ وہ بادشاہ تھے یا خلیفہ تھے؟ یہ ایک تاریخی مسلّمہ حقیقت ہے کہ سارے عرب نے حضرت ابوبکر کو زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا تھا اس لئے کہ وہ ان کو رسولؐ کا مقرر کردہ خلیفہ نہ مانتے تھے۔ اور یہ بھی تاریخی مسلمہ حقیقت ہے کہ نہ رسول اللہؐ نے ان کو اپنا خلیفہ بنایا تھا اور نہ ہی مسلمانان عرب میں یہ اعلان کیا تھا کہ ان کو مال زکوٰۃ دیا جائے۔ لہٰذا تمام عرب مسلمان تھا۔ دین کے تمام احکام وارکان پر عمل پیرا تھا۔ مگر تنہا انہوں نے زکوٰۃ نہ دینے والوں سے جنگ کو جائز سمجھا اور تمام صحابہ کی رائے اور فتوئے کے خلاف جائز سمجھا اور مسلمانوں پر فوج کشی شروع کر دی۔

## حضرت ابوبکر، اُس کے احکام اور نیز اس کے فوجی سردار اور مسلمان

**1۔ خالد بن ولید کا طرز عمل:۔** ''میں امیر ہوں اور جب تک مجھے اُن کا کوئی صریح حکم اس کے خلاف نہ ملے اور میں دشمن کے زیر کرنے کا کوئی موقع پاؤں تو کیا میں اُس کے لئے اُن کو اطلاع دے کر حکم حاصل کروں اور اس طرح وہ موقع ہاتھ سے جاتا رہے؟ میں تو یہ ہرگز ایسا نہ کروں گا بلکہ جو موقع بہدست ہوگا اُس سے فائدہ اُٹھاؤں گا۔ اسی طرح اگر ہم کسی مصیبت میں پھنس جائیں جس کے متعلق اُنہوں نے اپنے فرماں تقرر میں کوئی تصریح نہیں کی ہو تو اُس موقع پر ہم کیا کریں گے؟ ہم جو بہتر صورت دیکھیں اس پر فوراً عمل کریں گے۔

**2۔ مالک بن نویرہ پر فوج کشی:۔** مالک بن نویرہ ہمارے قریب موجود ہے میں تو بہر حال خود اپنے ہمراہی مہاجرین اور دوسرے مسلمانوں کے ساتھ مالک بن نویرہ کے مقابلے پر بڑھتا ہوں اور تم کو ساتھ آنے پر مجبور کرتا ہوں۔'' (ترجمہ طبری خلافت ابوبکر صفحہ 95۔94)

یہ حضرت ابوبکر کا سب سرداران لشکر سے زیادہ پسندیدہ سپہ سالار تھا جو ہر کام، ہر نقل وحرکت اور ہر اقدام کے لئے خلیفہ کے حکم کا منتظر نہیں رہ سکتا بلکہ موقع پرستی کو ان کے احکام سے زیادہ اہم سمجھتا تھا اور موقع کا ہاتھ سے نکل جانا غلط سمجھتا تھا۔

**3۔ مخالفوں کو بلا نوٹس بے دریغ قتل کر دینے اور جلا ڈالنے کو جائز سمجھنا:۔** ''ابوبکر نے اُن کو حکم دیا تھا کہ جب وہ کسی مقام پر پہنچیں تو اذان دیں اور

Presented by Ziaraat.Com

اقامت کہیں اگر اس مقام کے باشندے بھی اذان اور اقامت کہیں تو اُن سے کوئی تعرض نہ کریں اور اگر وہ لوگ ایسا نہ کریں تو اُن پر فوراً حملہ کر کے سب کو جس طرح چاہیں بے دریغ قتل کر ڈالیں۔ جلا دیں اور جو چاہیں کریں۔ اور اگر وہ شعار اسلامی کا جواب دے دیں تو پھر اُن سے زکوٰۃ کا اقرار لیا جائے اگر وہ مان لیں تو بہتر ہے ورنہ بغیر تنبیہ کے اچانک اُن پر حملہ کر کے اُن کو غارت کر دیا جائے۔'' (ایضا ترجمہ طبری صفحہ 96)

سوچئے بلا اطلاع اچانک قتل و غارت اور آگ میں جلانا قرآن وسنت میں کہاں ہے؟

**4۔ عبداللہ بن عمر اور ابوقتادہ نے مالک بن نویرہ اور اُن کی قوم کے نمازی اور مسلم ہونے کی گواہی دی**

لکھا ہے کہ ''اس دستے کے لوگوں میں جن میں ابوقتادہ بھی تھے ان اسیروں، مالک بن نویرہ، عاصم، عبید، حرین اور جعفر کے بارے میں اختلاف ہو گیا ابوقتادہ وغیرہ نے اس بات کی شہادت دی کہ اُنہوں نے اذان دی اقامت کہی اور نماز پڑھی۔ شہادت کے اختلاف کی وجہ سے خالد نے اُن کو قید کر دیا۔

**5۔ مسلمان نمازیوں کو قتل کرنے کیلئے ایک بے معنی بہانہ وفراڈ بھی:۔** اُس رات اس قدر سردی اور ہوا تھی کہ کوئی شے اسکی تاب نہ لاتی تھی۔ جب سردی اور بڑھنے لگی خالد نے منادی کو حکم دیا اُس نے بلند آواز سے چلا کر کہا کہ **اَوقِدُوا اسراکم** (اپنے قیدیوں کو گرم کرو) بنی کنانہ کے محاورے میں اس لفظ کے معنی قتل کرنے کے تھے۔ دوسرں کے محاورے میں جب اَوقِد کہیں تو قتل کے معنی سمجھے جاتے تھے۔ سپاہیوں نے اس لفظ کا مفہوم مقامی محاورے کے اعتبار سے یہ سمجھ لیا کہ ان قیدیوں کے قتل کا حکم دیا گیا ہے۔ انہوں نے اُن سب کو قتل کر ڈالا۔ ضرار بن ازور نے مالک بن نویرہ کو قتل کیا۔ خالد کو جو شور وغل سنائی دیا وہ اپنے خیمے سے برآمد ہوئے مگر اس وقت تک سپاہی اُن سب کا کام تمام کر چکے تھے۔ اب کیا ہو سکتا تھا۔ خالد نے کہا کہ اللہ جس کام کو کرنا چاہتا ہے وہ بہر حال ہوتا ہے۔ اس سے پہلے بھی لوگوں کا اِنکے بارے میں اختلاف تھا۔ ابوقتادہ نے کہا کہ یہ سب تمہارا کیا دھرا ہے۔ خالد نے ابوقتادہ کو ڈانٹ دیا وہ ناراض ہو کر ابوبکر کے پاس مدینے آ گئے۔ ابوبکر اُن پر برہم ہوئے کہ امیر کی اجازت کے بغیر کیوں آئے؟ عمر نے اُنکی سفارش کی مگر ابوبکر نے کہا کہ جب تک یہ پھر اپنے امیر کے پاس واپس نہ جائیں میں معاف نہیں کرونگا۔ ابوقتادہ خالد کے پاس چلے آئے اور پھر خالد کے ساتھ مدینے آئے۔'' (ایضا صفحہ)

قارئین غور فرمائیں کہ اذان، اقامت اور نماز جیسی چیزوں میں اختلاف کیسے ہو سکتا تھا؟ مگر یہ تینوں چیزیں لوٹ مار اور غارتگری میں رکاوٹ بن جاتیں۔ لہٰذا ابوقتادہ اور عبداللہ بن عمر صحابہ نے گواہی دی جس پر خالد کیوں یقین کرتا وہ تو خود قتل وغارت اور لوٹ مار کے لئے آئے تھے۔ اور یہ محاورے والا بہانہ تو سراسر بکواس ہے۔ لیکن ذرا دیر میں ثابت ہوا جاتا ہے کہ خالد بن ولید نے ضرار بن ازور کو بار بار مالک بن نویرہ کے قتل کا حکم دیا تب اس نے قتل کیا تھا اور یہ ساری عبارت سازی طبری کو نقل کرائی گئی تھی اور ایک چھوٹی کہانی ہے۔ آگے چل کر لکھا ہے کہ:۔

**6۔ حضرت ابوبکر خالد کو زنا اور قتل کی سزا نہیں دیتے حضرت عمر اور صحابہ اپنا سر پیٹ کر رہ گئے:۔**

'' حضرت عمر نے حضرت ابوبکر سے کہا کہ خالد ایک مسلمان کے خون کے ذمہ دار ہیں اور اگر یہ بات ثابت نہ ہو سکے تب بھی اس قدر تو ثابت ہے کہ اُن کو قید کر دیا جائے۔ اس معاملے میں عمر نے بہت اصرار کیا۔ ابوبکر نے عمر سے کہا کہ اَئے عمر اب اس معاملے میں خاموشی اختیار کرو خالد سے اجتہادی غلطی ہوئی ہے۔ تم اُنکے بارے میں اب ہرگز کچھ مت کہو۔'' (صفحہ 97۔96)

چونکہ خالد حضرت عمر کے خلاف حضرت ابوبکر کے مشن کی تائید میں دن رات دوڑ بھاگ کر رہا تھا اور حضرت عمر آرام سے گھر میں رہتے تھے۔ اسلئے حضرت ابوبکر کا حضرت عمر کو خاموش رکھنا اور خالد کی تائید ومدد کرنا ضروری تھا۔ یہاں یہ بھی دیکھ لیں کہ اجتہادی غلطی اور اجتہاد کیا ہوتے ہیں اور مجتہد کی کیا شان ہوتی ہے اور اُنکے ظلم وزنا اور قتل معاف ہوتے ہیں اور نظام اجتہاد کی اسی قدیم ترازو میں آپ ابلیس ومجتہد کو بھی تول لیں۔ وہ بفضل شیطان ان سے

Presented by Ziaraat.Com

کئی ہاتھ لمبے نکلیں گے۔

**7۔ مالک بن نویرہ وغیرھم کے قتل کی کہانی کا دوسرا انداز طبری ہی میں:۔** اجتہاد کا ایک اور فراڈی رخ یہ ہے کہ:۔ ''عروہ کے باپ سے مروی ہے کہ اس موقع پر مہم میں بعض لوگوں نے تو شہادت دی کہ جب ہم نے اذان دی، اقامت کہی اور نماز پڑھی ان لوگوں نے بھی ایسا ہی کیا مگر دوسروں نے کہا نہیں ایسا کچھ نہیں ہوا۔ اس وجہ سے وہ سب قتل کر دئے گئے۔ مالک بن نویرہ کا بھائی متمم بن نویرہ حضرت ابوبکر کے پاس اپنے بھائی کا قصاص لینے آیا اور اُس نے درخواست کی کہ ہمارے قیدی رہا کر دئے جائیں۔ ابوبکر نے قیدیوں کی رہائی کیلئے اس کی درخواست قبول کر لی اور حکم لکھ دیا۔ عمر نے خالد کے متعلق ابوبکر سے سخت اصرار کیا کہ ان کو برطرف کر دیا جائے۔ اور کہا کہ اُن کی تلوار میں بے گناہ مسلمان کا خون ہے۔ ابوبکر نے کہا کہ عمر یہ نہیں ہوسکتا کہ میں اس تلوار کو جسے اللہ نے کفار کیلئے نیام سے برآمد کیا ہے پھر نیام میں نہ رکھوں گا۔'' (صفحہ 97)

سوچیں کہ صدیق مالک بن نویرہ کو کفار کہتا ہے اور فاروق اُن کو مسلمان قرار دیتا ہے۔ ان دونوں میں سچا کون ہے؟

**8۔ سارے قریش جھوٹے اور منافق تھے (المُنٰفِقُوْنَ 63/1) یہ ساری قریشی تاریخ سرتاپا جھوٹی ہے**

اور سُنئے طبری پھر لکھتا ہے کہ۔ ''حارث بن ربعی نے مالک بن نویرہؓ کے مسلمان ہونے کی شہادت دی تھی اور اُنکے قتل کے بعد انہوں نے عہد کیا تھا کہ وہ آئندہ کبھی خالد کے ہمراہ کسی جنگ میں شریک نہ ہوں گے۔ اور وہ بیان کرتے تھے کہ جب خالد کی فوج نے مالک بن نویرہ کے قبیلے پر یورش کی تو رات کی وجہ سے وہ حملہ آوروں سے خائف تھے اور انہوں نے اسلحہ سنبھالے۔ ہم نے اُن سے کہا کہ ہم مسلمان ہیں انہوں نے کہا کہ ہم بھی مسلمان ہیں ہم نے پوچھا کہ پھر ان ہتھیاروں کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے کہا اور تمہارے ہتھیاروں کا کیا مطلب ہے؟ ہم نے کہا کہ اچھا اگر جیسا تم کہتے ہو یہ ہی ہے تو ہتھیار رکھدو۔ انہوں نے ہتھیار رکھ دئے۔ ہم نے نماز پڑھی انہوں نے نماز پڑھی۔ خالد مالک بن نویرہ کے قتل کے متعلق یہ عذر پیش کرتے تھے کہ اس نے بار بار یہ بات کہی۔ ''میں سمجھتا ہوں کہ تمہارے صاحب نے یہ اور یہ کہا ہوگا۔'' خالد نے کہا کہ کیا تم اُن کو اپنا صاحب نہیں سمجھتے؟'' اور پھر آگے بڑھ کر اُن کی اور اُن کے ساتھیوں کی گردن ماردی۔ عمر کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی انہوں نے ابوبکر سے اُن کی شکایت کی اور پیہم اصرار سے کہا کہ دیکھئے دشمن خدا خالد نے ایک مسلمان کو قتل کر دیا اور پھر اس کی بیوی پر کود پڑا۔ خالد اُس مہم سے پلٹ کر مدینے آئے وہ ایک زنگ آلودہ قبا پہنے تھے اور عمامہ باندھے تھے جس میں متعدد تیر چبھے ہوئے تھے۔ جب مسجد میں آئے عمر نے بڑھ کر تیروں کو اُن کے سر سے کھینچ کر توڑ ڈالا۔ اور کہا کہ محض دکھانے کے لئے اس ھیئت سے آئے ہو۔ تم نے ایک مسلمان کو قتل کیا اور پھر اس کی بیوی پر قبضہ کر لیا۔ بخدا میں تم کو سنگسار کروں گا۔ خالد نے اُس وقت ایک لفظ زبان سے نہ کہا کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ ابوبکر کا بھی یہی خیال ہوگا۔ وہ ابوبکر کے پاس سیدھے چلے آئے۔ اور سارا واقعہ کہہ سُنایا اور معذرت چاہی۔ اس اعتراف پر ابوبکر نے اُن کو معاف کر دیا۔ اُن کی خوشنودی حاصل کر کے وہ اُٹھ آئے۔ عمر مسجد میں بیٹھے تھے۔ خالد نے کہا۔ **''اُے اُمّ شملہ کے بیٹے اب آؤ کیا کہتے ہو عمر تاڑ گئے کہ ابوبکر اُن سے راضی ہوگئے ہیں۔ وہ چپکے سے اُٹھ کر اپنے گھر چلے گئے اور خالد کو کوئی جواب نہ دیا۔''** (ترجمہ طبری صفحہ 98۔97)

قارئین دیکھیں کہ قریشی حکمرانوں کی تیار کرائی ہوئی تاریخ میں کس بے تکلفی سے فریب و فراڈ کیا جاتا رہا ہے مگر مالک بن نویرہ اور اُس کے قبیلے کا نمازی اور مسلمان ہونا بہر حال ثابت ہوگیا ساتھ ہی حضرت ابوبکر کے چہیتے سپہ سالار کا زانی ہونا بھی سامنے آگیا۔ اب بتایئے کہ بقول مودودی ایسے ہی خلیفہ راشد ہوتے ہیں یا جابر و ظالم بادشاہ ہوتے ہیں؟

**9۔ خالد بن ولید وغیرہ کا کردار دوسری تواریخ سے بھی دیکھیں:۔** بہر حال حق و باطل کو واضح کرنے کے لئے ہم یوں جلدی سے اِن ظالموں اور

Presented by Ziaraat.Com

جابروں کو چھوڑنے والے نہیں۔ایس جعفر حسین ذاکر کی مرتب کردہ تاریخ سے چند حوالے پڑھتے چلیں حضرت ابوبکر کے حالات میں لکھا ہے کہ:۔

۔''صاحب حبیب السیئر لکھتے ہیں کہ۔''جب خالد بن ولید محاربۂ طلیحہ سے فارغ ہوا تو سپاہ اسلام کو لیکر بطاح علاقہ بنی تمیم کی طرف گیا اور سریئے (فوجی دستے) اطراف وجوانب میں بھیجے۔انہیں میں سے ایک دستہ بنی یربوع پر بھیجا گیا۔جنہوں نے ابوبکر کو زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا تھا۔اور جن کا سردار مالک بن نویرہ تھا۔اس دستے میں عبداللہ بن عمر بن خطاب اور ابوقتادہ بھی تھے۔ابوالفداء اور ایئرونگ لکھتے ہیں کہ بنی یربوع نے ابوبکر کو زکوٰۃ دینے سے انکار کیا تھا۔اس قبیلے کا سردار مالک بن نویرہ تھا۔یہ شخص بڑا شہسوار، بہادر، نامی شاعر، خاندانی اور نہایت ہر دل عزیز تھا۔اُس میں سب ہی صفتیں موجود تھیں جو عرب میں باعث شہرت وافتخار ہوتی ہیں۔اسکی زوجہ اُمّ تمیم یا ام متمم عرب کی تمام عورتوں میں سب سے زیادہ حسین تھی۔اور صاحب فوات الوفیات کے مطابق خالد بن ولید زمانہ جاہلیت سے اس پر عاشق تھا۔یہ شخص پیغمبرؐ خدا کے پاس آخر مسلمان ہوا تھا۔حضرتؐ نے حکم دیا تھا کہ تمہاری قوم جو زکوٰۃ دیا کرے وہ تم جمع کر کے بھیج دیا کرو کیونکہ تم اُنکے سردار ہو۔بروایت اصابہ جب اُس نے حضرت ابوبکر کو زکوٰۃ نہ دی اور اپنے ہی لوگوں میں تقسیم کر دی تو خالد بن ولید کو مالک بن نویرہ سے زکوٰۃ وصول کرنے کو بھیجا ایرونگ لکھتے ہیں کہ حضرت ابوبکر بھی اس باغی سردار کے چال وچلن اور خصلت کی بابت اعلیٰ خیال رکھتے تھے۔اور اس پر نرمی سے کامیابی حاصل کرنا چاہتے تھے اسلئے خالد کو ہدایت کی تھی کہ اگر مالک تمہارے قابو میں آجائے تو اُس سے نہایت ادب وتعظیم سے پیش آنا۔ابن اثیر نے لکھا ہے کہ جب خالد کی فوج رات کے وقت مالک اور اُسکے ساتھیوں کے پاس پہنچی تو بنی یربوع نے ہتھیار سنبھال لئے اِن لوگوں نے کہا کہ ہم مسلمان ہیں۔اصحاب مالک نے کہا کہ ہم بھی مسلمان ہیں۔اصحاب خالد نے کہا تو ہتھیار رکھدو انہوں نے ہتھیار رکھدیئے۔اصحاب خالد نے نماز پڑھی اُنہوں نے بھی نماز پڑھی اسکے بعد اصحاب خالد نے اُن لوگوں کو گرفتار کر لیا۔وہ سردی اور بارش کی رات تھی قیدی رات بھر سردی اور بارش میں کھلے آسمان کے نیچے بندھے کھڑے رہے اور پھر خالد کے حکم سے قتل کر دیئے گئے۔ابوالفداء نے لکھا ہے کہ عبداللہ بن عمر اور ابوقتادہ نے بہت سمجھایا مگر خالد کب مانتا تھا۔اگرچہ آخر میں مالک نے یہ بھی کہا کہ مجھے ابوبکر کے پاس لے چل وہ جو حکم کریگا میں اُسے بجالاؤں گا۔خالد نے کہا یہ نہیں ہوسکتا۔میں تجھے قتل ہی کرونگا۔اور ضرار بن ازور کو حکم دیا کہ تلوار مار۔اس وقت مالک بن نویرہ نے اپنی بیوی کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ اس عورت نے مجھے قتل کرایا ہے۔خالد نے جواب دیا کہ نہیں خدا نے تجھے قتل کروایا ہے۔کیونکہ تو اسلام سے پھر گیا۔مالک نے کہا کہ ہرگز نہیں میں اس وقت اسلام پر قائم ہوں۔بلکہ بقول ایرونگ کلمہ شہادت بھی پڑھا۔خالد نے کہا اے ضرار گردن مار ضرار نے زور سے ایک تلوار ماری کہ سر گردن سے الگ ہو گیا۔بقول ایرونگ خالد کے حکم سے اُنکا ملک پامال کر دیا گیا۔ریوڑ اور گلّے لوٹ لئے گئے۔اور بال بچے قید کر لئے گئے۔تاریخ الخمیس' ابوالفداء، انسان العیون وغیرہ میں لکھا ہے کہ مالک کے سر پر بال بہت زیادہ تھے۔دو پتھروں کا چولھا بنا کر اسکے سر کو بجائے ایندھن جلایا گیا اور گوشت ہنڈیا میں پکا کر کھایا گیا۔اسکے مرتے ہی خالد نے مالک کی بیوی کو پکڑ کر اپنا دل ٹھنڈا کیا۔صواعق محرقہ میں لکھا ہے کہ خالد نے اُسی رات کو مالک بن نویرہ کی زوجہ سے مجامعت کی۔بعد میں نکاح کی ٹھہری۔خالد نے عبداللہ ابن عمر اور ابوقتادہ سے محفل نکاح میں شریک ہونے کو کہا اُن دونوں نے انکار کر دیا۔بروایت کنز الاعمال خالد نے زنا کیا تھا۔اُسکو سنگسار کرنے کا عمر نے تقاضہ کیا خالد کو بلایا گیا مدینہ آکر اُس نے بروایت روضۃ الصفا وحبیب السیئر ابوبکر کے دربان کو دو عدد دینار سرخ بھیجے تاکہ وہ خالد کو ایسے وقت پیش کرے جب عمر وہاں نہ ہو دربان نے وہ دینار لے لئے اور خالد کو تنہا پیش کیا تھا۔علامہ شہرستانی نے کتاب ملل ونحل میں لکھا ہے کہ عمر نے اپنے عہد خلافت میں مالک بن نویرہ کی قوم کے قیدی اور مال اُنکے وارثوں کو واپس دلوائے تھے''۔

(تاریخ الاسلام حصہ دوم صفحہ 33 تا 63)

Presented by Ziaraat.Com

**10۔ چند آخری باتیں۔ مالک اور اس کی قوم نمازی و مسلمان تھے مالک صحابی رسولؐ بھی تھا**

یہ حقیقت طرح طرح سے ثابت ہوگئی کہ وہ تمام مسلمان جن کو مرتد کہہ کر اُن کا قتل عام اور لوٹ مار جائز رکھی گئی عموماً اور مالک بن نویرہ اور اُنکا قبیلہ خصوصاً مسلمان اور نمازی لوگ تھے۔ اس پر عبداللہ ابن عمر، ابوقتادہ اور دوسرے صحابہ گواہ تھے اور حضرت ابوبکر نے مالک بن نویرہ کا خون بہا ادا کر کے بھی اس کا مسلمان ہونا ثابت کیا اور ساتھ ہی مالک بن نویرہ کے صحابی رسولؐ ہونے پر زندہ اور تحریری شہادت بھی موجود ہے اور یہ تحریری ریکارڈ بھی ایک مقدس سُنّی عالم نے تیار کیا ہے وہ تھے محدثین میں علامہ ابن حجر عسقلانی جنہوں نے صحیح بخاری کی مفصل شرح فتح الباری لکھی ہے۔ انہوں نے صحابہ رسولؐ کے حالات میں بھی ایک ضخیم کتاب ''**اصابہ**'' کے نام سے کئی جلدوں میں لکھی ہے۔ اس کتاب میں مالک بن نویرہ کے حالات درج کئے ہیں جو اس حقیقت پر دلیل قطعی ہے کہ مالک نہ صرف مسلمان تھا بلکہ صحابی رسولؐ بھی تھا۔ اور یہ بھی سُنتے چلیں کہ ابوبکر کی خلافت کا انکار کرنے والے تمام صحابی رسولؐ ہی تھے۔ علامہ ابن حجر نے اصابہ میں لکھا ہے:۔ **كَانَ النَّبِيُّ اسْتَعْمَلَهُ عَلٰى صَدَقَاتِ قَوْمِه فَلَمَّا بلغتهٗ وفاة النبیؐ اَمْسَكَ الصدقات وفَرَّقهافی قومة وقال فی ذٰلِكَ** ۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مالک بن نویرہ کے ذمہ کر دیا تھا کہ اپنی قوم کی زکوٰۃ وغیرہ کی رقومات وہی وصول کیا کرے اور مرکز میں بھیجا کرے۔ مگر جب اُس کو حضورؐ کی وفات کی اطلاع ہوئی تو اُن رقومات کو روک کر اپنی قوم میں تقسیم کر دیا اس سلسلے میں دو شعر بھی کہے:

فَقُلْتُ خذوا اموالكم غير خالف ولانا ظرفی مايَجبٰی من الفد

فان قام بالدين المحوق قائم اَطَعْنا وَقُلْنَا الدين دين محمدؐ

''یہ خبر سُنتے ہی میں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم بے خوف ہو کر اپنا اپنا مال واپس لے لو اور جو بات کل پیش آئے گی اس کی فکر نہ کرو۔ اگر اس دین کا جس کا سردار اُٹھ گیا ہے کوئی محافظ یعنی جو اُٹھنے والے سردار کا جانشین قائم ہوگا تو ہم اُس کی بھی اطاعت کریں گے اور کہیں گے کہ صحیح مذہب محمدؐ کا ہی دین ہے۔'' (اصابہ جلد 6 صفحہ 36)

یہ تحریر بھی ثابت کرتی ہے کہ نہ مالک بن نویرہ مرتد ہوا تھا نہ زکوٰۃ دینے سے اس نے انکار کیا تھا۔ بلکہ اس انتظار میں تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کا حقیقی جانشین اُن کی جگہ پر بیٹھے تو اس کی اطاعت کریں اور مال زکوٰۃ اس کے پاس بھیجے۔ مگر چونکہ اُس نے ابوبکر کو آنحضرت کا جانشین تسلیم نہ کیا تھا اس لئے ابوبکر نے اس پر بھی فوج کشی کر دی تھی۔ اور سُنئے:۔ **فَلَمَّا قَتَلَ اَمَرَ خَالِدٌ براسه فَنَصَبَ اثفية لقدر ان خالد ارای امراة مالک وكانت فائقة فی الجمال فقال مالک بعد ذٰلِكَ لامراته فقتلنی يعنی اقتل مِن اَجْلِكِ۔**

۔''جب مالک بن نویرہ قتل کیا جا چکا تو خالد نے حکم دیا کہ اُس کا سر چولھا بنایا جائے اور اس پر دیگچی چڑھا کر کھانا پکایا جائے۔ جب خالد مالک کے پاس پہنچا تھا تو خالد کی نظر مالک کی بیوی پر پڑ گئی تھی جو حسن و جمال میں اپنی مثال خود ہی تھی اس وجہ سے فوراً مالک نے اپنی بیوی سے کہا تھا کہ تو نے مجھے قتل کر دیا ہے یعنی تیرے ہی عشق کی وجہ سے خالد مجھے قتل کرے گا (تاکہ میرے بعد تجھ پر قبضہ کر سکے) (اصابہ جلد 6 صفحہ 37) علامہ دیار بکری نے لکھا ہے کہ۔ وقتل مالك بن نويرة فتزوج امراته ام متمم من ليلة كانت جميلة جب مالک بن نویرہ قتل کر دیا گیا تو جس دن وہ قتل ہوا اُسی رات کو خالد نے اس کی بیوی متمم سے ہم بستری کر لی کیونکہ وہ بہت خوبصورت تھی۔''

**11۔ حضرت ابوبکر کا ایک خط بنی حنیفہ کا قتل عام:۔** تاریخ طبری میں خط بھی موجود ہے:۔''اسی زمانے میں حضرت ابوبکر نے مسلمہ بن سلامہ بن وقس کے ہاتھ ایک خط خالد کو بھیجا تھا جس میں ان کو حکم دیا تھا کہ اگر اللہ تم کو فتح دے تو بنی حنیفہ کے ان تمام مردوں کو جن کی داڑھی نکل آئی ہے قتل کر دو۔

Presented by Ziaraat.Com

مگر جب مسلمہ خط لے کر خالد کے پاس پہنچے تو اس سے پہلے ہی خالد بنی حنیفہ سے صلح کر چکے تھے۔'' (ترجمہ طبری صفحہ 120۔119)

علامہ مودودی نے اِن کے تمام حالات پڑھے تھے مگر اس کے باوجود اِن کو راشد خلیفہ سمجھتے رہے اور کہیں ان کو بادشاہ نہ لکھا۔ حالانکہ اِن کے لئے صرف ظالم و جابر و سنگدل بادشاہ ہی کے الفاظ زیب دیتے ہیں۔

# ( نمبر15) شکوہ

## اِذَالَقِیَ الْعَدُوَّ مُحَارِبًا:

### دشمن سے جنگ کے لئے سامنے آتے تو اللہ سے یوں شکایت کیا کرتے تھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ اَفْضَتِ الْقُلُوْبُ،وَمُدَّتِ الْاَعْنَاقُ، وَشَخَصَتِ الْاَبْصَارُ،وَنُقِلَتِ الْاَقْدَامُ،وَاُنْضِیَتِ الْاَبْدَانُ، | 1 | اَے اللہ دل تیری طرف کھنچ رہے ہیں۔اور گردنیں تیری جانب اُٹھ رہی ہیں۔اور آنکھیں تیری طرف لگی ہوئی ہیں۔اور قدم پر قدم تیری سمت بڑھ رہے ہیں۔اور جسم کمزور ہو چکے ہیں؛ |
| اَللّٰھُمَّ قَدْ صَرَّحَ مَکْنُوْنُ الشَّنَاٰنُ، | 2 | اے اللہ چھپی ہوئی دشمنی کھل کر سامنے آچکی ہے؛ |
| وَجَاشَتْ مَرَاجِلُ الْاَضْغَانِ، | 3 | اور کینے اور بغض کی دیگیں جوش کھا کر ابلنے لگی ہیں؛ |
| اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَشْکُوْ اِلَیْکَ غَیْبَۃَ نَبِیِّنَا،وَکَثْرَۃَ عَدُوِّنَا،وَتَشَتُّتَ اَھْوَائِنَا، | 4 | اَے اللہ ہم تجھ سے اپنے نبیؐ کے زمانۂ غیبت کا اور اپنے دشمنوں کی کثرت کا اور خواہشوں میں انتشار پھیل جانے کا شکوہ کرتے ہیں؛ |
| رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ. | 5 | اے ہمارے پروردگار تو ہمارے اور ہماری اس نام نہاد قوم کے درمیان ایک حقیقی فیصلہ کر ڈال اور تو ہی سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا ہے۔'' |

**تشریح:۔** یہ ہے وہ درد جو اُس وقت بڑھ جاتا تھا جب دشمنوں کی افواج مرنے کے لئے سامنے آ کھڑے ہوتی تھیں۔یعنی عرصہ دراز سے یہ ثابت ہوتا چلا آ رہا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام کے مقابلے پر آنے والوں کے لئے اللہ نے موت مقدر کی ہوئی ہے اور مرنے والوں کے بچے یتیم ہونے والے ہیں۔ بیویاں بیوہ ہونے کے لئے تیار ہوگئی ہیں اور ماں باپ اور دیگر عزیز و اقارب داغ جدائی کا صدمہ برداشت کرنے والے ہیں۔ یہ نظارہ ٹھنڈے دل سے دیکھنے کا نہیں ہوتا ہے۔حضورؑ کا دل تڑپ اُٹھتا تھا اور آپؑ کے ہاتھ دُعا کے لئے اُٹھ جاتے تھے نہ معلوم کتنی عورتیں رنڈ سالہ پہنے ہوئے اور کتنے بچے یتیمی کی چادر میں لپٹے ہوئے سامنے آ کھڑے ہوتے ہوں گے۔اور درد والم سے بچنے کے لئے آپ اللہ سے ایک ایسا فیصلہ چاہتے تھے جو آخری و حتمی ہو۔

### دُشمنی کو چھپانا ضروری، عہد مرتضویؑ میں ضروری نہ رہا

اس شکوے میں یہ واضح ہو گیا کہ حضرت علی علیہ السلام کے مدّ مقابل لوگ خاندانِ رسولؐ و علیؑ کے دشمن تھے اور یہ دشمن لوگ اب اپنی قدیم دشمنی کو چھپانا بھی ضروری نہ سمجھتے تھے یا یہ کہ دُشمنی اب چھپنے کے قابل نہ رہی تھی۔اور چونکہ اُن پوشیدہ دشمنوں کو اپنی قوم بھی فرما دیا تھا لہٰذا دُشمنی کی عمر یا ابتدا عہد رسولؐ تک پہنچ جاتی ہے۔یعنی قریش عہد رسولؐ سے برابر دُشمنی کو طرح طرح پوشیدہ رکھنے میں کوشاں رہتے چلے آئے تھے یعنی دوستی کے پردے میں دشمنی کرتے تھے۔یعنی بظاہر دوست اور اپنے بنے رہتے تھے اور بباطن دشمن تھے۔ حضرت علی علیہ السلام نے اس منافقانہ دُشمنی کا پردہ فاش نہیں کیا بلکہ خود

Presented by Ziaraat.Com

دُشمنوں سے اب دُشمنی چھپائی نہیں جاسکتی۔ اِس دشمنی کا بڑا حملہ قرآن کو مہجور کرنے میں ظاہر ہوا تھا جب اللہ نے اپنے رسولؐ کو بتایا تھا کہ **وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا** o (31-25/30)۔ ''اور اُسی طرح ہم نے ہر نبیؑ کے لئے برابر جرائم پیشہ لوگوں میں سے دشمن برقرار رکھے ہیں اور تمہارے لئے تمہارا پروردگار ہدایت اور نصرت کے لئے کافی ہے۔'' یعنی قریش دوست بنے رہنے میں کوشاں رہے اور اللہ اُن کی دشمنی کو ظاہر کرنے اور سامنے لانے کا انتظام کرتا رہا۔ بہرحال اب لاکھ چھُپائیں پھر بھی اُن کی دُشمنی نہیں چھپتی۔ اور چھوٹا بڑا بھائی کہنے سے بھی عداوت پر پردہ نہیں ڈالا جاسکتا۔ مجتہدین کا یہ ڈھونگ بھی اُن کو نہیں چھپا سکتا کہ ہم میں کوئی اختلاف نہیں ہے یا یہ کہ ہمارا اللہ ایک ہے، رسولؐ ایک ہے، قرآن ایک ہے، دین ایک ہے اور ہم سب ایک ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام کا یہ شکوہ راز کھولتا ہے۔

# ( نمبر 16) خط

## كَانَ يَقُوْلُ لِاَصْحَابِهٖ عِنْدَالْحَرْبِ:

### جنگ کے وقت علی علیہ السلام اپنے صحابہ سے فرمایا کرتے تھے

**1۔ جنگ پر اُبھارنے، حملہ کرنے، گھات لگانے کا طریقہ 2۔ قریشی قوم نے مسلسل کفر کو دلوں میں رکھا موقع ملتے ہی اعلان کر دیا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| لَا تَشْتَدَنَّ عَلَيْكُمْ فَرَّةٌ بَعْدَ هَاكَرَّةٌ، | 1 | وہ بھاگنا جس کے بعد جم کر لڑنے کا موقع ملے، |
| وَلَا جَوْلَةٌ بَعْدَهَا حَمْلَةٌ، | 2 | اور لڑتے لڑتے جگہ کا اسلئے چھوڑ دینا کہ کامیاب حملہ یقینی ہو تمہیں ناگوار اور غلط معلوم نہ ہونا چاہیے |
| وَاَعْطُوا السُّيُوْفَ حُقُوْقَهَا، | 3 | اور تلواروں کو تیغ آزمائی کر کے اُن کے حقوق ادا کر دو؛ |
| وَوَطِّنُوْا لِلْجُنُوْبِ مَصَارِعَهَا، | 4 | اور پہلو کے بل گرانے کے لئے دشمنوں کے واسطے جگہ تیار رکھو؛ |
| وَاذْمُرُوْا اَنْفُسَكُمْ عَلَى الطَّعْنِ الدَّعْسِيِّ، | 5 | اور خود کو سختی سے نیزہ مارنے اور |
| وَالضَّرْبِ الطِّلَحْفِيِّ، | 6 | تلوار کا بھرپور ہاتھ ڈالنے کے لئے تیار رکھا کرو؛ |
| وَاَمِيْتُوا الْاَصْوَاتَ فَاِنَّهُ اَطْرَدُ لِلْفَشَلِ، | 7 | مُنہ سے کسی قسم کی آواز باہر نکلنے سے روک دو اس سے بزدلی کا مظاہرہ رک جاتا ہے؛ |
| فَوَالَّذِىْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَاَ النَّسَمَةَ، مَااَسْلَمُوْا وَلٰكِنِ اسْتَسْلَمُوْا، وَاَسَرُّوا الْكُفْرَ فَلَمَّا وَجَدُوْا اَعْوَانًا عَلَيْهِ اَظْهَرُوْهُ. | 8 | اُس ذات پاک کی قسم جو دانے کو اگانے کیلئے پھاڑتا ہے۔ اور جانداروں کو پیدا کرتا ہے کہ یہ لوگ شروع ہی سے اسلام نہیں لائے تھے۔ بلکہ کفر کو دل میں چھپا کر اطاعت کر لی تھی اور جب انہیں کفر کی مدد کرنے والے مل گئے تھے انہوں نے اپنے کفر کو ظاہر کر دیا تھا۔'' |

**تشریح:۔** جو لوگ باقاعدہ جنگی تعلیمات حاصل نہیں کرتے وہ خاندانی روایات اور سُنے سُنائے حالات و واقعات اور ہر حال میں جم کر لڑنے کو قابل فخر جنگ سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو بتایا ہے کہ ایسی حالت میں جم کر لڑنا غلط ہے جب کہ خود ہی خطرے میں پھنس جانے کا اندیشہ ہو۔ مثلاً حملہ دو یا زیادہ طرف سے ہو جائے یعنی داہنے بائیں اور سامنے بھی حملہ آور ہوں ایسی صورت میں ضروری ہے کہ بچ کر دوڑو اور حملہ آوروں کو سامنے کر لو یعنی گھیرے سے نکل جاؤ اور ضرورت ہو تو ہلکے ہلکے دوڑتے رہو جب فاصلہ تلوار بھر رہ جائے پلٹو اور دو ہاتھ میں دشمن کو گراؤ اور بھیڑ ہونے اور گھیرے میں آجانے سے پہلے ہی پھر ہلکے ہلکے دوڑنا شروع کر دو اور رُک رُک کر باری باری آگے آنے والوں کو گراتے جائیں۔ تیز دوڑنے والے اور جوشیلے لوگ جلدی تم تک پہنچیں گے۔

Presented by Ziaraat.Com

رُکتے جاؤ پلٹ کر ہاتھ مارو اور چل دو یُوں ایک بہادر اور جری شخص سینکڑوں حملہ آوروں کو موت کے گھاٹ اُتار سکتا ہے۔ لہٰذا جگہ چھوڑنا اور عمدہ موقع نکالنا بُزدلی نہیں فنون جنگ میں سے ایک فن ہے اور کئی آدمی بزدل سمجھ کر جلدی جلدی حملہ کریں گے اور مَلَکُ الموت سے جا ملیں گے۔ بہرحال قرآن میں حملہ کو کامیاب بنانے کے لئے غلط جگہ چھوڑ کر موزوں جگہ لینا اور صف بدلنا یا موزوں دستہ میں شامل ہونے کی اجازت بھی دی گئی اور اس طرح کی نقل و حرکت کو جنگ سے بھاگنے یا پیٹھ پھیرانے میں شمار نہیں کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا گیا ہے کہ:۔ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ o (انفال 8/16)

مودودی ترجمہ:۔ ''جس نے ایسے موقع پر پیٹھ پھیری..... اِلّا یہ کہ جنگی چال کے طور پر ایسا کرے یا کسی دوسری فوج سے جا ملنے کے لئے..... تو وہ اللہ کے غضب میں گھر جائے گا اس کا ٹھکانہ جہنم ہوگا اور وہ بہت بری جائے بازگشت ہے۔ (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 135-134)

بہرحال دشمنوں سے جنگ کامیاب بنانے کے لئے تمام فنون جنگ جائز ہیں بشرطیکہ وہ کمینہ حرکات، غداری اور فریب کاری نہ ہوں۔ نیزہ ہو یا تلوار ہو ڈھیلے ہاتھ سے پکڑنا غلط ہے۔

## قریش اور قریش کے طرفدار لوگوں کے اسلام و ایمان وغیرہ کی نفی فرمائی ہے اُن میں سے کوئی کسی زمانہ میں حقیقی مسلمان نہ تھا

یہی بات اللہ نے قرآن میں طرح طرح سے اور مختلف انداز میں فرمائی ہے۔ (نساء 4/136) اور ہم نے بڑی تفصیل سے دکھایا ہے کہ قریشی قوم ایسا ایمان لائی تھی کہ اس کو مسلمان یا مومن کہہ کر پکارا جا سکے۔ اُن کا ہدف یا مقصد دُنیا کمانا اور اقتدار جمانا تھا۔ وہ اس میں روز اوّل سے کامیاب رہے۔ مگر رفتہ رفتہ دُنیا نے بھی اُن کا ساتھ چھوڑ دیا اور رفتہ رفتہ بتدریج اُنہیں بھکاری اور اسلام کا گداگر بنا کے رکھ دیا۔ آج وہ ایک بے مغز محتاج قوم ہیں جن سے ہر قوم نفرت کرتی ہے۔

# ( نمبر 17) خط ''اِلٰی مُعَاوِیَۃَ جَوَابًا'' معاویہ کو اس کے جواب میں لکھا گیا

**1۔ ملک شام کے مطالبہ کا جواب 2۔ فن جنگ اور افرادی قوت میں برابر ہونے کا جواب**

**3۔ ایک خاندان سے ہونے کی اپیل اور خاندانی تقابل 4۔ جنگ میں قتل ہونے والوں کا حشر؟**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَاَمَّا طَلَبُکَ اِلَیَّ الشَّامَ، فَاِنِّی لَمْ اَکُنْ لِّاُعْطِیَکَ الْیَوْمَ مَا مَنَعْتُکَ اَمْسِ، | 1 | اور رہ گیا تمہارا یہ مطالبہ کہ میں تمہیں ملک شام سپرد کر دوں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جو چیز میں نے تمہارے مطالبہ پر کل تمہیں نہ دی تھی اُسے منع کر چکنے کے بعد آج وہی چیز تمہیں کیسے دے سکتا ہوں؟ |
| وَاَمَّا قَوْلُکَ: ''اِنَّ الْحَرْبَ قَدْ اَکَلَتِ الْعَرَبَ اِلَّا حُشَاشَاتِ اَنْفُسٍ بَقِیَتْ'' | 2 | اور رہ گیا تمہارا یہ قول کہ: ''**ملک عرب کو جنگ کھا چکی ہے اور چند آخری سانسوں کے علاوہ اُس میں کچھ نہیں رہا ہے۔**'' |
| اَلَا وَمَنْ اَکَلَهُ الْحَقُّ فَاِلَی الْجَنَّةِ، وَمَنْ اَکَلَهُ الْبَاطِلُ فَاِلَی النَّارِ، | 3 | خبردار ہو کر سنو کہ عرب کے جن لوگوں کو حق نے کھایا ہے وہ سیدھے جنت میں گئے۔ اور جن لوگوں کو باطل نے کھایا وہ سیدھے جہنم میں پہنچے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَمَّااسْتِوَاؤُنَا فِی الْحَرْبِ وَالرِّجَالِ فَلَسْتَ بِاَمْضٰی عَلَی الشَّکِ مِنِّیْ عَلَی الْیَقِیْنِ، | 4 | اور یہ کہنا کہ ہم اور تم جنگی معاملات میں اور افرادی قوت میں برابر کے ہیں۔ سنو کہ تم شک میں بھی اتنے بڑھے ہوئے نہیں ہو جتنا میں یقین میں بڑھا ہوا ہوں۔ |
| وَلَیْسَ اَھْلُ الشَّامِ بِاَحْرَصَ عَلَی الدُّنْیَا مِنْ اَھْلِ الْعِرَاقِ عَلَی الْاٰخِرَةِ، | 5 | اور اہل شام دُنیا اور حیات دُنیا کی بھی اتنی حرص نہیں رکھتے جتنی حرص اہل عراق کو آخرت کی ہے؛ |
| وَاَمَّاقَوْلُکَ: | 6 | اور رہ گیا تیرا یہ کہنا کہ:۔ |
| ”اِنَّا بَنُوْ عَبْدِ مَنَافٍ“فَکَذٰلِکَ نَحْنُ، | | **”ہم عبدِ مناف کی اولاد ہیں اور تم بھی اُن ہی کی اولاد میں سے ہو۔“** |
| وَلٰکِنْ لَیْسَ اُمَیَّةُ کَھَاشِمٍ،وَلَاحَرْبٌ کَعَبْدِالْمُطَّلِبِ،وَلَااَبُوْسُفْیَانَ کَاَبِیْ طَالِبٍ، | 7 | ولیکن نہ اُمیّہ ھاشمؑ کی مانند تھا اور نہ حرب ہی عبدالمطلبؑ کی طرح تھا اور نہ ابوسفیان ابوطالبؑ کی طرح کا تھا؛ |
| وَلَاالْمُھَاجِرُ کَالطَّلِیْقِ، | 8 | اور نہ مہاجر طلاق زدہ غلام کی طرح ہوا کرتا ہے؛ |
| وَلَاالصَّرِیْحُ کَاللَّصِیْقِ، | | اور نہ ہی چالاکی سے چپکایا ہوا روشن اور پاکیزہ نسب والے کی مانند ہوا کرتا ہے؛ |
| وَلَاالْمُحِقُّ کَالْمُبْطِلِ، | 9 | اور غلط کار و باطل پرست حق پرست کا ہم پلہ نہیں ہوسکتا؛ |
| وَلَاالْمُؤْمِنُ کَالْمُدْغِلِ، | 10 | اور نہ مومن دغاباز کے برابر ہوتا ہے؛ |
| وَلَبِئْسَ الْخَلَفُ خَلَفٌ یَّتْبَعُ سَلَفًا ھَوٰی فِیْ نَارِ جَھَنَّمَ. | 11 | کتنی بُری نسل وہ نسل ہے جو برابر جہنمی اباؤاجداد کی پیروی کرتی چلی آرہی ہو۔ |
| وَفِیْ اَیْدِیْنَا بَعْدُ فَضْلُ النُّبُوَّةِ الَّتِیْ اَذْلَلْنَا بِھَاالْعَزِیْزَ وَنَعَشْنَا بِھَاالذَّلِیْلَ، | 12 | اور اس سب کے بعد ہمارے ہاتھ میں اُس نبوّت کی فضیلت بھی تو ہے جس کے ذریعہ سے ہم نے طاقتوروں کو کمزور کر دیا اور پست درجہ میں دھکیلے ہوئے لوگوں کو بلند مرتبہ کر دیا ہے؛ |
| وَلَمَّااَدْخَلَ اللّٰهُ الْعَرَبَ فِیْ دِیْنِهٖ اَفْوَاجًا، | 13 | اور جب اللہ نے ملک عرب کے لوگوں کو اپنے دین میں فوج در فوج داخل کیا تھا، |
| وَاَسْلَمَتْ لَهُ ھٰذِهِ الْاُمَّةُ طَوْعًاوَّکَرْھًا کُنْتُمْ مِمَّنْ دَخَلَ فِی الدِّیْنِ اِمَّارَغْبَةً وَّاِمَّارَھْبَةً عَلٰی حِیْنَ فَازَاَھْلُ السَّبْقِ بِسَبْقِھِمْ، | 14 | اور یہ اُمت خوشی خوشی یا ناگواری سے اسلام لے آئی تو تم وہ لوگ تھے جو کسی لالچ یا خوف سے مسلمان ہو کر دین میں داخل ہو گئے تھے۔ اور وہ وہ وقت تھا کہ جب سبقت کرنے والے سبقت حاصل کر چکے؛ |
| وَذَھَبَ الْمُھَاجِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ بِفَضْلِھِمْ، | 15 | اور پہلے درجے کے ہجرت کرنے والے فضیلت لے جا چکے تھے۔ |
| فَلَا تَجْعَلَنَّ لِلشَّیْطَانِ فِیْکَ نَصِیْبًا،وَلَا عَلٰی نَفْسِکَ سَبِیْلًا،وَالسَّلَامُ. | 16 | چنانچہ اَے معاویہ اپنے معاملات میں شیطان کا حصہ مقرر کر کے اس سے مدد حاصل نہ کر اور نہ ہی اسے اپنے اوپر مسلط کر۔ والسلام۔ |

**تشریح:۔** معاویہ نے چاہا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام سے ملک شام بطورِ رشوت لیکر آنے والے خدشات و خطرات کو دُور کر دے۔ ساتھ ہی وہ یہ بھی چاہتا تھا کہ حضور علیہ السلام جنگ کا ارادہ بھی چھوڑ دیں۔ اس سلسلے میں اُس نے پہلے تو جنگی برابری کا ذکر کر کے ڈرایا اور پھر خاندان کے ایک ہونے کی اپیل

Presented by Ziaraat.Com

کی۔مطلب یہ کہ ہم دونوں ایک خاندان کے افراد ہیں۔آپس میں لڑنا خاندانی تفرقہ اور بے عزتی کا سبب ہوگا۔حضرت علی علیہ السلام نے خط کے جواب میں معاویہ کو اُسکے مقاصد اور اسکیم میں ناکام وشرمسار کر دیا ہے۔ملک شام کے مطالبہ پر فرمایا ہے کہ پہلے بھی تو نے یہ مطالبہ کیا تھا اور میں نے انکار کر دیا تھا۔وہ سوچ سمجھ کر غور وخوض کے بعد کیا گیا تھا۔لہٰذا اگر اب ملک شام تمہیں دے دوں تو ثابت ہو جائیگا کہ پہلا انکار ایک احمقانہ اور ناعاقبت اندیشانہ فعل تھا۔لہٰذا یقین کر لو کہ وہ انکار ہی مفید ترین اور عاقلانہ انکار تھا۔تم میری بات اور فیصلے میں تضاد واختلاف وحماقت ثابت کرنے میں محروم رہے۔

پھر یہ فیصلہ کر دیا کہ میری مخالفت کرنیوالے یا میرے خلاف جنگ کرنیوالے خواہ طلحہ وزبیر ہوں یا خواہ معاویہ ودیگر صحابہ ہوں وہ سب کے سب جہنمی ہیں۔اور میرے طرفدار وانصار سب کے سب جنتی ہیں۔جنگی اور افرادی طاقت اسلئے قابل توجہ نہیں کہ ایک طرف خالص حق ویقین وآخرت ہے اور دوسری طرف خالص باطل ودُنیا پرستی ہے۔خاندانی رشتہ داری کی اپیل پر افرادی تقابل تو اسلئے کیا ہے کہ ملک شام کے رؤساء کی نظر میں معاویہ اپنا صحیح مقام حاصل کر لے اور معاویہ کو لصیق کہہ کر یہ بتایا ہے کہ تیرا اور تیرے خاندان کا میرے خاندان کے ساتھ کوئی تعلق ورشتہ نہیں ہے۔یہ ایک فریب ہے جسے قریش نے پال پوس کر جوان کیا ہے۔یعنی قریش کی خانہ ساز وخانہ زاد سازشوں میں قریش کا، خاندانِ رسولؐ ونسلِ رسولؐ سے ہونا بھی ایک سازش ہے۔

حضور علیہ السلام کا معاویہ کو ''لَصِیق'' کہنا سادہ اور مہذب الفاظ میں ''چپکایا ہوا'' (To be glued with) کہنا ہے۔اس سے جہاں معلوم ہوتا ہے کہ ''اُس باپ کا بیٹا نہیں یا اُس نسل کا فرد نہیں جس کا مشہور ہے'' بہرحال یہاں سے معاملہ تحقیق وتفتیش میں پڑ جاتا ہے۔

## بنی اُمیہ نسلِ اسماعیل علیہ السلام سے تھے یا نہیں؟ علمائے قدیم کے بیانات پر ایک نظر

علامہ محمد باقر مجلسی کے نام سے منسوب کتاب بحارالانوار جلد 8 صفحہ 383 میں کامل بہائی سے نقل کیا گیا ہے کہ:۔

اِنَّ اُمَیَّةَ کَانَ غُلَامًا رُوْمِیًّا لِعَبْدِ الشَّمْسِ فلما الفاه کیسا لطنا اعتقه و تبناه فقیل اُمیة ابن عبدالشمس کَمَا کَانُوْا یَقُوْلُوْنَ قَبْلَ نزول الایة زید ابن محمدؐ۔''

۔''اُمیہ عبدالشّمس کا ایک رُومی غلام تھا۔جب اُس نے اُس کو ہوشیار اور بافہم وفراست دیکھا تو اُسے آزاد کر دیا اور اپنا بیٹا بنالیا جس کی وجہ سے اُسے امیہ بن عبدالشّمس کہنے لگے جیسا کہ آیت اُترنے سے پہلے لوگ زید کو زید ابن محمدؐ کہا کرتے تھے۔''

اس بیان میں بہرحال عبدالشّمس کو حضرت عبد مناف کا بیٹا مان لیا گیا جو سراسر غلط ہے۔لہٰذا نہ امیہ نسلِ حضرت اسماعیلؑ سے ہے نہ عبدالشّمس خاندانِ رسولؐ سے ہے۔یوں سارے بنی اُمیہ نسلِ ابراہیم واسماعیل علیہما السلام سے خارج ہوتے ہیں اور خاندانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریشی گندگی سے پاک ہوتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

## قریش کو ہمیشہ اپنی خاندانی سازش کے کُھل جانے کا اندیشہ رہتا تھا معاویہ کی فکر و کاوش

اب آپ قریشی سازش کا حال علامہ ابوالحدید معتزلی اور ابولفرج اصفہانی سے سُنئے :۔ اِنَّ مُعَاوِیَۃَ قَالَ لِدَعبل انَّسابۃ اَرَأَیْتَ عَبدالمطلبؑ قال نعم قال کَیْفَ رَاَیْتَہُ قال رأیتُہُ رجلا نبیلاً جمیلًا وضیاء کان عَلٰی وجھہ نور النُبوّۃ .قالَ اَفَرَایْتَ اُمیّۃ ابن عبدالشمس قال نعم قال کَیْفَ رَأَیْتَہُ فال رَاَیْتُہُ رَجُلًا ضَئِیْلًا منحنیا اعمیٰ یقودہ عَبْدُہٗ ذکوان فقال معاویۃ ذلک ابنہ ابو عمرو قال انتم تقولون ذلک فَامَّا قریش فلم تکن تعرف اِلَّااَنَّہُ عبدہ ۔" (شرح ابن ابی الحدید جلد 3 صفحہ 466)

۔"معاویہ نے ماہر انساب دعبل سے پوچھا کہ کیا تم نے عبدالمطلبؑ کو بھی دیکھا تھا؟ دعبل نے کہا کہ ہاں میں نے عبدالمطلبؑ کو دیکھا تھا۔ معاویہ نے پوچھا کہ تم نے عبدالمطلبؑ کو کیسا پایا؟ دعبل نے کہا کہ وہ ایک باوقار اور خوبرو اور روشن جبین شخص تھے اور اُن کے چہرے پر نبوتؐ کا نور چمکتا تھا۔ معاویہ نے پوچھا کہ کیا تم نے اُمیہ کو بھی دیکھا ہے؟ دعبل نے کہا ہاں میں نے اسے بھی دیکھا ہے پوچھا کہ تم نے اُسے کیسا پایا؟ جواب دیا کہ ایک کمزور جسم کا خمیدہ قامت اور اندھا شخص تھا اس کے آگے آگے اس کا غلام **ذکوان** ہوتا تھا جو اس کو لئے لئے چلا پھرا کرتا تھا۔ معاویہ نے کہا کہ وہ تو اس کا بیٹا ابوعمرو (حرب) تھا۔ دعبل نے کہا کہ تم لوگ تو یہی کہتے ہو مگر قریش تو اس سے غلام کی حیثیت میں واقف ہیں۔" یہ بیان بتاتا ہے کہ معاویہ کو اپنے خاندان کے غلط الحاق کا پتہ لگ چکا تھا اور وہ طویل العمر نسّابوں سے اس کی تحقیق و اصلاح میں لگا رہتا تھا۔

## معاویہ کا حسب و نسب، ابوسفیان معاویہ کا باپ بھی اسی طرح نہ تھا، جیسے وہ زیاد کا باپ نہ تھا (بروایت ابی الحدید)

معاویہ بھی ابوسفیان کا بیٹا اُسی قاعدے اور اصول کے ماتحت تھا جس اصول اور قاعدے کی رُو سے معاویہ نے زیاد بن سمیہ کو ابوسفیان کا بیٹا اور اپنا بھائی بنالیا تھا۔ چنانچہ ابی الحدید جلد 1 صفحہ 63 پر لکھتے ہیں کہ:۔ "وَکَانَتْ ھندتذکرفی مکۃ بفجور وعھر وقال الزمخشری فی کتاب ربیع الا برار کان معاویہ یعزی اِلٰی اربعۃ الی مسافر ابن ابی عمرو اِلٰی عمارۃ بن الولید ابن المغیرۃ واِلی العباس والی الصباح۔"

"۔معاویہ کی ماں ہند مکہ میں فسق و فجور کی بدنام زندگی گذارتی تھی اور زمخشری نے ربیع الابرار میں لکھا ہے کہ معاویہ کو چار آدمیوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے ایک مسافر ابن ابی عمرو اور ایک عمارہ ابن ولید ابن مغیرۃ اور ایک عباس بن عبدالمطلب اور ایک صباح۔"

یہ تھا مختصر سا حال حضورؐ کے بولے ہوئے ایک لفظ "**لصیق**۔" کی شان میں ۔لہٰذا اس خط نمبر 17 نے معاویہ کی دُنیا بھی ڈبودی آخرت تو تھی ہی نہیں ہم نے دکھایا ہے کہ عربوں کے یہاں نابغہ پیدا کرنے کے لئے کراس بریڈنگ بہت ضروری تھی۔ حلال زادہ **دُھات العرب ہو ہی نہیں سکتا**۔

Presented by Ziaraat.Com

# حضرت عدنان علیہ السلام کے نیچے سازش سے پاک شجرہ




Presented by Ziaraat.Com

اِس شجرہ کو اب شجرۂ طیبہ کہا جا سکتا ہے۔اس لئے کہ اب اِس میں سے وہ جڑیں اُکھیڑ دی گئی ہیں جو قریش کے خاندانوں کی بنیاد بنتی تھیں۔اور جن کی وجہ سے اس شجرہ طیبہ میں شجرہ خبیثہ شامل تھا۔(ابراہیم 26۔14/24)

"کَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِى السَّمَاءِ o تُؤْتِىٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ o وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ o (سورہ ابراھیمؑ 26۔14/24)

مودودی ترجمہ:۔کلمہ طیّبہ کی کس چیز سے مثال دی ہے اسکی مثال ایسی ہے جیسے ایک اچھی ذات کا درخت جس کی جڑ زمین میں گہری جمی ہوئی ہے اور شاخیں آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ہر آن وہ اپنے رب کے حکم سے اپنے پھل دے رہا ہے۔یہ مثالیں اللہ اِسلئے دیتا ہے کہ لوگ اِن سے سبق لیں۔**اور کلمہ خبیثہ کی مثال ایک بدذات درخت کی سی ہے جو زمین کی سطح سے اکھاڑ پھینکا جاتا ہے اُس کیلئے کوئی استحکام نہیں ہے۔"**

(تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 484/485)

## شجرہ طیبہ اور شجرہ خبیثہ پاک اور ناپاک رسولؐ و قریش کے نسبوں کی مثالیں ہیں نہ کہ درختوں کی تفصیل

اگر آپ آیات میں آئے ہوئے صرف الفاظ پر نظر رکھیں اور صرف الفاظ سے اللہ کا منشا سمجھنا چاہیں تو پہلی بات قطعی صاف ہے یعنی اللہ۔**"کلمۂ طیبہ"** کو مثالوں سے سمجھانا چاہتا ہے۔یعنی وہ ایسی مثالیں دے گا جو کلمہ طیبہ کو واضح کریں گی۔لہٰذا اللہ نے کلمہ طیبہ کو شجرہ طیبہ کی مانند فرما کر شجرہ طیبہ کی صفات بیان کی ہیں۔اور ہم سے چاہا ہے کہ ہم کلمہ طیبہ کو شجرہ طیبہ کے مانند اُن ہی صفات کا حامل سمجھیں جو شجرہ طیبہ کی بیان کی گئی ہیں۔اِن آیات کی ذیل میں قریش نے کئی ایک روایات گھڑی ہیں۔جن میں کھجور کے درخت کو شجرہ طیبہ بتایا گیا ہے جو آیات کے خلاف ہے۔**وہ ہر آن کھانے کا سامان نہیں دیتا۔** آیت میں پھلوں کا ذکر نہیں ہے اور کھجور کا درخت پھل دیتا ہے اور سال بھر میں ایک بار ایک موسم میں دیتا ہے اور کھجور کے درخت میں شاخیں ہوتی ہی نہیں ہیں۔آسمانوں تک پہنچنا تو ایک الگ بات ہے۔پھر کھجور کی جڑ زمین میں ہوتی ہے۔شجرہ طیبہ کی جڑ کو زمین میں نہیں بتایا گیا ہے اُس کی جڑ' بنیاد یا اصل کو ثابت فرمایا گیا ہے۔**"ثابت"** کے معنی ہمیشہ برقرار رہنے والی فرمایا ہے۔نہ کہ زمین میں گہری اُتری ہوئی۔لہٰذا دُنیا کا کوئی درخت ایسا نہیں جس کی جڑ ہمیشہ برقرار رہے اور جس کی شاخیں آسمانوں میں ہوں اور جو کھانے پینے کا سامان ہر آن (کُلَّ حِیْن) دیتا ہو۔لہٰذا یہ سچ مچ کا کوئی درخت نہیں ہے بلکہ ایک مثالی درخت ہے۔یعنی **کَلِمَةً طَيِّبَةً** درحقیقت **اُس شجرۂ پاکیزہ کی مانند ہے** جو ہمیشہ برقرار رہنے والا ہے اور تمام انسانوں اور حیوانوں کیلئے ہر آن رزق فراہم کر رہا ہے۔اگر وہ پاک و پاکیزہ نسب موجود نہ ہوتا تو کوئی ذی حیات زندہ نہ رہ سکتا تھا کیونکہ رزق یا سامانِ حیات نہ ملنے سے ذی حیات کیسے باقی رہ سکتے تھے؟ لہٰذا پاک و پاکیزہ شجرۂ نسبؐ ہی باعثِ حیات کائنات ہے۔پاکیزہ شجرہ ہی وجہِ تخلیقِ کائنات ہے اور کلمہ طیّبہ محمدؐ و علیؑ کی ذوات مقدسہ ہیں جو ساری کائنات پر چھائی ہوئی ہیں اور **رحمة للعالمین** ہیں ہر ضرورت مند اُن ہی کی طرف ہاتھ اُٹھا کر مانگتا ہے۔اُنکے مقابلے میں جو کلمہ آتا ہے وہ کلمۂ خبیثہ ہے اور جو نسب مخالفت کرے وہی شجرۂ خبیثہ ہے۔یہ سب کچھ قرآن کریم کے الفاظ سے ثابت ہے نہ کسی تاویل کی احتیاج ہے نہ کسی روایت کی ضرورت ہے۔اور قرآن کے اس مطلب پر معصومین علیہم السلام کی بہت سی معصوم احادیث تائید کرتی ہیں۔چنانچہ کافی کی کتاب الحجۃ باب فیہ نکت ونتف من التنزیل فی الولایت میں شجرہ طیّبہ کی جڑ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور شجرہ طیّبہ کا تنا حضرت علی علیہ السلام ہیں اور شاخیں آئمہ معصومین علیہم السلام ہیں اور علوم آئمہ علیہم السلام اسکے پھل ہیں۔اور مومنین اس درخت کے پتے ہیں (امام جعفر صادق علیہ السلام حدیث 80)۔شجرۂ طیّبہ پر تفصیل ہماری کتاب۔"مرکز انسانیت" میں ملاحظہ فرمائیں وہاں حضرت آدم علیہ السلام سے امام حسین علیہ السلام تک صحیح شجرہ ملے گا۔والسلام۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر18) خط

## اِلٰی عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّھُوَ عَامِلُہٗ عَلَی الْبَصْرَۃِ:

### عبداللہ ابن عباس کے نام جب کہ وہ بصرہ کا گورنر تھا

1۔ بنی تمیم کی مدح وثنا کے ساتھ ساتھ اپنی رشتہ داری جتائی اور سخت سلوک کرنے سے منع کیا۔

2۔ عبداللہ ابن عباس کا باطن کُھلنا چاہتا ہے مگر اُسے چوکنا کر دیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَاعْلَمْ اَنَّ الْبَصْرَۃَ مَھْبِطُ اِبْلِیْسَ وَ مَغْرِسُ الْفِتَنِ، | 1 | اور یہ سمجھ لو کہ بصرہ ابلیس کے اُترنے اور قیام کرنے کا مقام ہے۔ اور فتنوں کی کھیتی کی جگہ ہے۔ |
| فَحَادِثْ اَھْلَھَا بِالْاِحْسَانِ اِلَیْھِمْ، وَاَحْلُلْ عُقْدَۃَ الْخَوْفِ عَنْ قُلُوْبِھِمْ، | 2 | لہٰذا وہاں کے باشندوں کو احسان اور اچھے سلوک سے اطاعت شعار بناؤ اور اُن کے دلوں سے جنگ جمل کا جما ہوا خوف اکھیڑ پھینکو؛ |
| وَقَدْ بَلَغَنِیْ تَنَمُّرَکَ لِبَنِیْ تَمِیْمٍ، وَغِلْظَتُکَ عَلَیْھِمْ، | 3 | اور مجھے یہ اطلاع پہنچی ہے کہ تم بنی تمیم کے ساتھ دشمنی کا رویہ رکھتے ہو اور اُن سے سختی سے پیش آنا جائز سمجھتے ہو؛ |
| وَاِنَّ بَنِیْ تَمِیْمٍ لَمْ یَغِبْ لَھُمْ نَجْمٌ اِلَّا طَلَعَ لَھُمْ اٰخَرُ، | 4 | اور حقیقت یہ ہے کہ بنی تمیم کا کوئی ستارہ (بہادر) غائب نہیں ہونے پاتا کہ دوسرا ستارہ اُس کی جگہ طلوع ہوتا رہا ہے؛ |
| وَاِنَّھُمْ لَمْ یُسْبَقُوْا بِوَغْمٍ فِیْ جَاھِلِیَّۃٍ وَّلَا اِسْلَامٍ، وَاِنَّ لَھُمْ بِنَا رَحِمًا مَّاسَّۃً وَقَرَابَۃً خَاصَّۃً، | 5 | اور یہ بھی حقیقت ہے کہ جنگ جوئی اور بہادری میں نہ تو جاہلیت کے زمانہ میں کوئی اُن سے بازی لے گیا اور نہ اسلام لانے کے بعد کوئی اُن سے بڑھ سکا۔ اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ انہیں ہم سے رحمی تعلق اور مخصوص قرابت داری بھی حاصل ہے؛ |
| نَحْنُ مَاجُوْرُوْنَ عَلٰی صِلَتِھَا، وَمَازُوْرُوْنَ عَلٰی قَطِیْعَتِھَا، | 6 | اور ہم اُس رشتے کا خیال رکھیں گے تو ہمیں اُس کے صلے میں اجر ملے گا اور اس رشتے کو منقطع کرنے سے گناہگار ہوں گے؛ |
| فَارْبَعْ اَبَاالْعَبَّاسِ. رَحِمَکَ اللّٰہُ. فِیْمَا جَرٰی عَلٰی یَدِکَ وَلِسَانِکَ مِنْ خَیْرٍ وَّشَرٍّ، فَاِنَّاشَرِیْکَانِ فِیْ ذٰلِکَ، | 7 | چنانچہ اَے عباس کے بیٹے نرمی اختیار کرو۔ اللہ تم پر رحم کرے۔ تمہارے ہاتھوں یا تمہاری زبان سے جو اچھائی یا برائی سرزد ہونے والی ہو اُس میں جلدی نہ کیا کرو اِس لئے کہ اُس میں ہم دونوں شریک مانے جائیں گے۔ |
| وَکُنْ عِنْدَ صَالِحِ ظَنِّیْ بِکَ، | 8 | تمہیں تو میرے اندازے میں اچھی پوزیشن کا آدمی نکلنا چاہئے۔ |
| وَلَا یَفِیْلَنَّ رَأْیِیْ فِیْکَ. وَالسَّلَامُ. | 9 | اور تمہارے متعلق میری رائے غلط نہ نکلنا چاہئے۔ والسلام |

**تشریح:۔** اس خط کی غرض وغایت تو یہ ہے کہ سابقہ دشمنی اور بُرے رویہ کو دورانِ حکومت سامنے رکھنا اور بُرا سلوک کرنا ایک غلط بات ہے اور خط سے ظاہر ہے کہ عبداللہ ابن عباس بنی تمیم کے ساتھ سخت سلوک کرتے تھے اور بنی تمیم کی اس سرکشی کو یاد رکھتے تھے جو انہوں نے طلحہ وزبیر وحضرت عائشہ کی طرفداری

Presented by Ziaraat.Com

میں جنگ جَمل میں دکھائی تھی۔اُن کو اچھے اور احسان کے رویہ کی تاکید فرمائی ہے اور سخت و درشت سلوک سے منع فرمایا ہے۔اور یہ بتایا ہے کہ بنی تمیم حضرت الیاسؑ پر جا کر شجرہ رسولؐ میں مل جاتے ہیں یعنی سولھویں دادا کی اولاد ہیں۔یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ بصرہ شیطان کی قیامگاہ اور فتنوں کے پیدا ہونے کا مقام ہے۔لہٰذا پورے شہر کے ساتھ عدل و احسان کا سلوک ضروری ہے تاکہ فتنے اور ابلیس احسان کے بوجھ سے دبے رہیں۔اور پبلک میں تفرقہ و انتشار پھیلانے کا کام نہ کر سکیں۔اور آخر میں عبداللہ کو مہذب الفاظ میں دھمکی دی ہے کہ میں تم سے عمدہ اور بصیرت افروز رویہ کی رائے اور اُمید رکھتا ہوں اس اُمید اور رائے کو برقرار رکھو۔عبداللہ سمجھتا تھا کہ حضورؑ کی رائے بدل گئی تو گورنری بھی بدل جائے گی۔مطلب یہ ہے کہ عدل و انصاف و احسان مستقل چیزیں ہیں حکومت کو اُن پر قائم رہنا چاہئے۔

## ( نمبر19) خط (اِلٰی بَعْضِ عُمَّالِہٖ) آپؑ کے بعض گورنروں کے نام

**1۔نرمی مصلحت آمیز رویہ اختیار کرنے کی تاکید 2۔مشرکوں کو نہ دُور پھینکا جائے گا نہ تقرب دیا جائے گا**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ،فَاِنَّ دَھَاقِیْنَ اَھْلِ بَلَدِکَ شَکَوْا مِنْکَ غِلْظَۃً وَّقَسْوَۃً،وَّاحْتِقَارًا وَّجَفْوَۃً، | 1 | بعد از حمد و ثنا اور درود کے معلوم ہو کہ تمہاری بستی کے کاشتکاروں نے تمہارے سخت مزاج ہونے اور بے رحمی اور حقارت آمیز و جفا کارانہ رویہ کی شکایت کی ہے؛ |
| وَنَظَرْتُ فَلَمْ اَرَھُمْ اَھْلًا لِاَنْ یُدْنَوْا لِشِرْکِھِمْ،وَلَا اَنْ یُقْصَوْا وَیُجْفَوْا لِعَھْدِھِمْ، | 2 | اور میں غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اُنہیں مشرک ہونے کی وجہ سے مقرب بھی نہیں بنایا جا سکتا اور اُن سے تحفظ کا معاہدہ ہے اُس کی وجہ سے اُنہیں بہت دور بھی نہیں کیا جا سکتا ہے؛ |
| فَالْبَسْ لَھُمْ جِلْبَابًا مِنَ اللِّیْنِ تَشُوْبُہٗ بِطَرْفٍ مِّنَ الشِّدَّۃِ، | 3 | لہٰذا تم اُن کے لئے نرمی اور سختی ملا ہوا لباس پہنو جس میں دونوں مناسب اور موزوں مقدار رکھتے ہوں؛ |
| وَدَاوِلْ لَھُمْ بَیْنَ الْقَسْوَۃِ وَالرَّافَۃِ،وَامْزُجْ لَھُمْ بَیْنَ التَّقْرِیْبِ وَالْاِدْنَاءِ،وَالْاِبْعَادِ وَالْاِقْصَاءِ،اِنْشَآءَ اللّٰہِ. | 4 | اور اُن کے معاملے میں سخت دلی اور نرم دلی کے درمیان رَوِیّہ اختیار کرو۔اور اُن کے لئے تقرب اور توجہ اور الگ رکھنے اور رد کر دینے میں ایک اعتدال کی مِلی جُلی راہ تیار کر لو۔انشاءاللہ تم کامیاب ہو جاؤ گے۔ |

**تشریح:۔** کیونکہ یہ لوگ مجوسی یعنی آتش پرست تھے اسلئے اپنے گورنر کے اُس فرق کو نوٹ کر لیا جو اُنکے ساتھ سلوک میں اور مسلمانوں کے ساتھ سلوک میں روا رکھا جاتا تھا۔حالانکہ ایسا واضح فرق رکھنا غلط تھا۔رعایا کے ہر مسلک و ملت کے افراد کے ساتھ یکساں سلوک لازم ہے۔وہ کسی بھی عقیدے اور مذہب کے لوگ ہوں بہر حال وہ سب رعایا ہوتے ہیں اور رعیت ہونے کی بنا پر برابر کے سلوک کے حقدار ہوتے ہیں۔کسی کے مذہب یا نسل کی بنا پر سلوک میں تبدیلی اسلامی فراخدلی اور رویہ کے خلاف ہے۔اور زیرِ نظر گورنر یقیناً یہ فراخدلی برسرکار نہیں رکھتا تھا۔یعنی شکایت جائز تھی اسلئے اُسے اپنے رویّے میں تبدیلی کی تاکید فرمائی ہے۔اور مذہبی تعصب کو دُور رکھنے پر متوجہ کیا۔اور غیر مسلموں سے جو معاہدہ کیا جاتا ہے وہ یاد دلایا ہے۔حقارت،درشتی،بے رحمی اور جبر سے قطعاً منع فرمایا ہے۔حقیقت یہ ہے کہ علی علیہ السلام کے گورنروں کی کثرت قریشی ڈھنگ پر تربیت یافتہ تھی یہ ایک مجبوری تھی۔

Presented by Ziaraat.Com

## ( نمبر20) خط

اِلٰی زِیَادِابْنِ اَبِیْہِ،وَھُوَ خَلِیْفَۃُ عَامِلِہٖ عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلَی الْبَصْرَۃِ،وَعَبْدُاللّٰہِ عَامِلُ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامِ یَوْمَئِذٍ عَلَیْھَا وَعَلٰی کُوْرِالْاَھْوَازِ وَ فَارِسَ وَکِرْمَانَ. زیادابن ابیہ کے نام جب کہ عبداللہ ابن عباس نے اسے اپنا خلیفہ بنارکھا تھا۔اورعبداللہ ابن عباس بصرہ کا اوراھواز کے علاقہ کا اورایران وکرمان کا گورنر تھا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَاِنِّیْ اُقْسِمُ بِاللّٰہِ قَسَمًا صَادِقًا،لَئِنْ بَلَغَنِیْ اَنَّکَ خُنْتَ مِنْ فَیْءِ الْمُسْلِمِیْنَ شَیْئًا صَغِیْرًااَوْکَبِیْرًااَلَاشُدَّنَّ عَلَیْکَ شَدَّۃً تَدَعُکَ قَلِیْلَ الْوَفْرِ،ثَقِیْلَ الظَّھْرِ،ضَئِیْلَ الْاَمْرِ.وَالسَّلَام. | 1 | اور میں اللہ کی سچی قسم کھا کر لکھتا ہوں کہ اگر مجھے یہ خبر ملی کہ تم نے مسلمانوں کے مال فئی میں سے کسی بھی چھوٹی یا بڑی چیز کی خیانت کی ہے تو یقین کرلو کہ میں تمہیں ایسی سخت مار ماروں گا جو تمہیں قلاش کردیگی اور تمہاری کمر مڑی کی مڑی رہ جائیگی اور تمہارا حال لوگوں کے اندر گھنونا اور بے آبرو ہوکر رہ جائیگا۔والسلام |

## ( نمبر21) خط

اِلَیْہِ اَیْضًا: دوبارہ اُسی (زیاد) کے نام

**1۔فضول خرچی اورتکبّر سے باز رہنے کی تاکید کی ہے 2 ۔بیکسوں اور بیواؤں کی پرورش کا تقاضہ فرمایا ہے**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَدَعِ الْاِسْرَافَ مُقْتَصِدًا، | 1 | میانہ روی کو سامنے رکھتے ہوئے فضول خرچی سے دور ہٹ جاؤ۔ | |
| وَاذْکُرْفِی الْیَوْمِ غَدًا، | 2 | ہر روز آنے والے کل کو بھی مدنظر رکھو۔ | |
| وَاَمْسِکْ مِنَ الْمَالِ بِقَدْرِ ضَرُوْرَتِکَ،وَقَدِّمِ الْفَضْلَ لِیَوْمِ حَاجَتِکَ. | 3 | ضرورت بھر مال کو رکھ کر اپنی ضرورت سے زیادہ کو یوم حساب کے لئے آگے بھیج دیا کرو۔ | |
| اَتَرْجُوْاَنْ یُّعْطِیَکَ اللّٰہُ اَجْرَالْمُتَوَاضِعِیْنَ وَاَنْتَ عِنْدَہٗ مِنَ الْمُتَکَبِّرِیْنَ؟ | 4 | کیا تم یہ اُمید رکھتے ہو کہ اللہ تمہیں عاجزانہ زندگی بسر کرنیوالوں اور لوگوں پر صَرف کرنیوالوں کا اجر عطا کردے گا؟ اور حالانکہ تو اللہ کے نزدیک مغرور لوگوں میں شمار ہے۔ | |
| وَتَطْمَعُ۔وَاَنْتَ مُتَمَرِّغٌ فِی النَّعِیْمِ تَمْنَعُہُ الضَّعِیْفَ وَالْاَرْمَلَۃَ۔اَنْ یُّوْجِبَ لَکَ ثَوَابَ الْمُتَصَدِّقِیْنَ؟وَاِنَّمَاالْمَرْءُ مَجْزِیٌّ بِمَا اَسْلَفَ وَقَادِمٌ عَلٰی مَاقَدَّمَ.وَالسَّلَامُ. | 5 | اور طمع یہ رکھتے ہو کہ اللہ تمہارے لئے صدقات وخیرات کرنیوالوں کا ثواب واجب کر دے گا؟ باوجودیکہ تم نعمتوں کے مزے لوٹ رہے ہو اور ضعیفوں اور بیوہ عورتوں کو اُن کے حقوق سے محروم رکھتے ہو اور اس کے سوا کی اُمید نہ رکھو کہ انسان صرف اپنے اعمال کی جزا پاتا ہے اور وہی کچھ اُسے ملے گا جو اُس نے خود آگے بھیجا ہے۔والسلام۔ | |

**تشریحات(خطوط نمبر21-20):۔** خط نمبر 20 کا عنوان بتاتا ہے کہ مصر کے گورنر عبداللہ ابن عباس نے اس زیاد کو اپنا خلیفہ بنارکھا تھا۔لہٰذا زیاد کو جو کچھ لکھا گیا۔اور زیاد نے جو کچھ کیا اُس کا عبداللہ ابن عباس ذمہ دار ہے آپ کو یاد ہوگا کہ ہم نے چاروں نابغاؤں یا دُھات العرب کے ذکر میں علامہ شبلی کے قلم سے عمر بن الخطاب کا یہ جملہ لکھا تھا کہ۔''**زیاد اُن کے زمانہ میں سولہ سالہ نوجوان تھا اس لئے اس کو کوئی بڑا عہدہ نہ دیا لیکن اس کی قابلیت**

Presented by Ziaraat.Com

اور استعداد کی بنا پر ابوموسیٰ اشعری کو لکھا کہ کاروبار حکومت میں زیاد کو مشیر کار بنائیں۔'' (الفاروق حصہ 2 صفحہ 12)

چونکہ عبداللہ بن عباس بھی عمر بن خطاب' معاویہ' عمرو بن عاص' مغیرہ بن شعبہ کی قابلیتوں اور استعداد کو دل کی گہرائی میں جگہ دئے ہوئے تھا اور اِن پانچوں' عمر بن الخطاب' عمرو بن عاص' مغیرہ بن شعبہ' معاویہ بن ابوسفیان اور زیاد بن سمیہ کو کامیاب لیڈر مانتا تھا اور اُن کے نقش قدم پر چلنا کامیابی کی دلیل سمجھتا تھا۔ اس لئے عبداللہ بن عباس نے زیاد کو بلا کر اپنا خلیفہ بنا لیا تھا تا کہ باقی چاروں کی پالیسیاں اور سیاسی نکات حاصل کر سکے۔ اور قریشی مفاد کے لئے کام کر سکے۔ اور ممکن ہو تو حضرت علی علیہ السلام کو مغالطہ میں رکھ سکے۔

## زیاد بن سمیہؑ یا زیاد بن ابیہ اِسی کا بیٹا کربلا کا فیلڈ مارشل ابن زیاد تھا

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ یہ زیاد پہلے عمر بن الخطاب کی زیر سرپرستی و تربیت رہا اور پھر حضرت عمر کے تیار کردہ قریشی لیڈروں کے ساتھ رہا اور آج کل عبداللہ ابن عباس کے ساتھ ہے۔ اور حال اس کا وہی ہے جو حضرت علی علیہ السلام نے ان دونوں خطوط (21۔20) میں لکھ دیا ہے۔ اور یہ خطوط اس لئے لکھے گئے ہیں تا کہ زیاد کو یہ معلوم ہو جائے کہ حضرت علی علیہ السلام براہ راست اسی کو ماخوذ کریں گے۔ یہ نہ دیکھیں گے کہ عبداللہ ابن عباس نے اُسے خلیفہ بنا رکھا ہے۔ اور لکھ دیا ہے کہ اُسے براہِ راست سخت سے سخت سزا دیں گے۔ کمر توڑ کر رکھ دیں گے۔ دوسرے خط (21) میں اُسے مغرور لکھا ہے اور ضعیفوں اور بیواؤں کا مال کھا جانیوالوں میں شمار کیا ہے اور عبداللہ ابن عباس نے خلیفہ بنایا ہی اسلئے تھا کہ مال حرام کھانے اور بٹورنے میں اُس کی مدد کرے اور باز پُرس پر علی علیہ السلام کو اپنے ہتھکنڈوں سے لاجواب و مطمئن کر سکے اور پبلک کو بھی اپنی فریب کاری اور سیاسی عذرات سے چپ رکھ سکے۔

## عبداللہ ابن عباس؛ قریشی اسکیم کا مُہرہ۔ حضرت عمر کا پروردہ؛ علیؑ کا نام نہاد چچازاد بھائی؛ نقاب اُتار کر خم ٹھونک کر سامنے

**1۔** خط نمبر 17 میں ہم نے قریش کو شجرۂ طیبہ سے الگ کر دیا ہے۔ چنانچہ بنی عدی اور عدی نیز بنی تیم اور تیم بھی الگ کر دئے گئے اور عباس وابولھب وغیرہ کو حضرت عبدالمطلب علیہ السلام کی اولاد سے خارج کر دیا گیا۔ یعنی اُس حقیقی شجرہ کا آخری حصہ تفصیل سے لکھ دیا ہے جو حضرت آدم علیہ السلام تک حضرت علیؑ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہما سے پہنچتا ہے اور ہماری کتاب مرکز انسانیت میں لکھا چلا آ رہا ہے۔ بنی تیم سے ابوبکر اور بنی عدی سے عمر کے مظالم و حالات سے اور بنی امیہ کے کردار سے تو ساری دنیا واقف ہو چکی ہے۔ اب ہم مختصر عبداللہ ابن عباس سے تعارف کراتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ شیعہ علماء اور عوام میں یہ شخص حضرت علی علیہ السلام کا چچازاد بھائی۔ حضرت علی علیہ السلام کا شاگرد رشید۔ پہلا مفسر اور پسندیدہ صحابی مشہور ہے۔ اور ہم اُسے قریشی لیڈروں سے بھی بڑا دشمنِ علیؑ و اولاد علی علیہم السلام مانتے ہیں۔

## 2۔ عبداللہ ابن عباس بعد رسولؐ، شب قدر کا منکر تھا اِس انکار پر فرشتے نے پَر مار کر اُسے اندھا کر دیا تھا

صرف اِسی ایک بات سے ثابت ہو جائے گا کہ عبداللہ ابن عباس بھی قریشی لیڈروں والا ایمان رکھتا تھا۔ اُس کا حضرت علی علیہ السلام کی ولایت و امامت سے کوئی تعلق نہ تھا۔ لہٰذا **علمائے شیعہ اور شیعہ عوام کا عبداللہ ابن عباس سے عقیدت و احترام محض قریشی روایات سے پیدا کردہ مغالطہ ہے**۔ یہاں ہم عوام الناس کی سہولت کے لئے علامہ ظفر صاحب جلد اوّل کافی صفحہ 280 سے ترجمہ یوں شروع کرتے ہیں کہ:۔

## (2۔الف) علامہ ظفر کی مترجمہ کافی کی جلد اوّل اُردو زبان میں حوالہ تا کہ زیادہ لوگ تصدیق کر سکیں

۔''اللہ کا وہ حکم جو شب قدر میں (ہم پر) نازل ہوا اگر تم نے رسولؐ اللہ سے سننے کے بعد انکار کیا تو اللہ تم کو واصل جہنم کرے گا۔ اُسی طرح جس

Presented by Ziaraat.Com

طرح تم کو فضیلت علیؑ کے انکار پر اندھا بنا دیا۔ اُنہوں (عبداللہ ابن عباس) نے کہا کیا اِس پر میری بینائی گئی ہے۔؟ فرمایا تمہیں اس کا علم ہے۔ واللہ یہ اندھا نہیں ہوا مگر فرشتے کے پَر مارنے سے۔ فرمایا میں اُس کی بات پر ہنسا اور میں نے اُس کی کمزوری عقل پر نظر رکھ کر اُس روز چھوڑ دیا۔ دوسرے روز پھر میں اُس سے مِلا۔ میں نے کہا تم نے کل سے زیادہ سچا کلام پہلے نہیں کیا۔ تم سے پہلے علی بن ابی طالب علیہما السلام نے کہا کہ ہر سال شب قدر آتی ہے۔ اُس میں ملائکہ تمام سال کے معاملات لے کر آتے ہیں بے شک اِس امر کے لئے بعدِ رسولؐ اللہ کچھ والیانِ امر ہونے ضروری ہیں۔ تم نے پوچھا تھا وہ کون ہیں؟ حضرتؑ نے فرمایا تھا۔ میں اور میرے صلب سے گیارہ امام جو محدث ہیں۔ تم نے کہا سوائے رسولؐ اللہ کے زمانہ کے شب قدر کو نہیں دیکھا۔ پس وہ فرشتہ تم پر ظاہر ہوا جو اُن سے باتیں کرتا تھا اور اُس نے کہا اَے عبداللہ تم نے جھوٹ بولا میری آنکھوں نے دیکھا ہے اس چیز کو جو تجھ سے علیؑ نے بیان کی تیری آنکھوں نے اُس کو نہیں دیکھا۔ لیکن اس کے دل میں یہ بات بیٹھی ہوئی تھی اور وہ کانوں سے سُن چکا تھا۔ پس فرشتے نے اپنا باز و تجھ پر مارا جس سے تُو اندھا ہو گیا۔ ابن عباس نے کہا کہ اگر ہم کسی چیز میں اختلاف کرتے ہیں تو یہ اختلاف اللہ کے حکم سے ہوتا ہے۔ میں نے کہا کہ تو اللہ کا حکم بھی اُس شخص کا سا حکم ہوتا ہے جو مختلف دوا مروں کا حکم دیتا ہے؟ عبداللہ نے کہا کہ ایسا اللہ کا حکم نہیں ہوتا۔ میں نے کہا کہ اپنے غلط رویہ سے تم بھی ہلاک ہوئے اور دوسرے کو بھی ہلاک کیا۔'' (کافی کتاب الحجۃ باب 40 جلد اوّل صفحہ 281-280 طبع اوّل)

## (2۔ب) ڈاکٹر طٰہٰ حسین شیعہ علماء کی چوری پکڑتے ہیں عبداللہ کی اپنے امامؑ سے بغاوت مسلمانوں کا مال لُوٹ کر مکہ میں

یہاں سے ہم عبداللہ ابن عباس کا دشمنانہ سلوک لکھتے ہیں جو جناب طٰہٰ حسین کے قلم سے اُنکی کتاب۔ ''علی۔'' میں لکھا ہوا ہے اور جس کتاب کو علامہ پرویز کے ادارہ طلوع اسلام نے ترجمہ کر کے شائع کرایا تھا۔ ہم ڈاکٹر صاحب کے وہ تمام الفاظ و بیانات لکھیں گے جو مسلمان علماء میں مشہور اور صحیح ہیں اور ہم بہر حال عبداللہ اور اُسکے والد اور اولاد کو دشمن خاندانِ رسولؐ سمجھتے ہیں۔ بہر حال ہم لفظ بلفظ نقل کرنے اور قارئین کو پُورا پُورا اثر لینے کی چُھٹی دیتے ہیں سنئے:۔ **''علیؑ اور ابن عباسؓ۔''**

1۔ ''اُنہیں دنوں حضرت علیؑ کے مصائب میں ایک اور مصیبت کا اضافہ اُس شخص کے ہاتھوں ہوا جو آپؑ کا سب سے زیادہ قریبی اور آپؑ کی نگاہ میں سب سے زیادہ پسندیدہ تھا۔ یعنی آپؑ کے طرف دار آپؑ کے چچازاد بھائی۔ آپؑ کی طرف سے بصرہ کے حاکم عبداللہ بن عباس۔ یہ آپؑ کے حالات اور معاملات کے سب سے زیادہ واقف اور آپؑ کی مدد اور مشورے پر سب سے زیادہ قادر تھے۔ اور اس کے اہل تھے کہ جب ساری دُنیا حضرت علیؑ سے آنکھیں پھیر لے، دُشمن اُنؑ کے ساتھ مکر و فریب کرے۔ دوست دشواریوں کا باعث بن جائے تو یہ اُنؑ کے ساتھ اخلاص برتیں اور اُنؑ کے کام آئیں۔

2۔ حضرت علیؑ نے اپنے بھائی کے لئے کوئی کمی نہیں کی۔ اُس سے کوئی بات چھپائی نہیں۔ کوئی راز اُس سے مخفی نہیں رکھا **اُس کو اپنا تصور کیا**۔ خود کوفہ میں رہے اور اپنے وزیر کو بصرہ کا حاکم بنایا جو آپؑ کی حکومت کا سب سے بڑا اور اہم شہر تھا۔ حضرت علیؑ کو سب لوگوں سے اپنے لئے مصیبت کا اندیشہ تھا۔ اگر نہیں تھا تو اسی بھائی اور دونوں لڑکوں سے۔

3۔ ابن عباس دینی اور دنیاوی معاملات پر جو عبور رکھتے تھے بنی ہاشم میں خصوصیت کے ساتھ اور قریش اور تمام مسلمانوں میں عموماً جو امتیازی شان حاصل تھی اس کا تقاضہ تھا کہ وہ بڑی سے بڑی اور کٹھن سے کٹھن مصیبت ٹوٹ پڑنے پر بھی بھائی سے انحراف نہ کرتے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ وہ صفین کے معرکے سے بہت شکستہ خاطر ہو کر آئے۔ اُنہوں نے دیکھا کہ امیر معاویہ مکر کی چالوں اور اہل شام کی وفا شعاریوں سے اُبھرتے اور غالب ہوتے جا رہے ہیں اور حضرت علیؑ کے ساتھی خود اپنے امام سے الگ ہو کر بہت سے تو خفیہ جنگ کی سرگرمیوں سے وابستہ ہو گئے ہیں۔ اور بہت سے کُھلّم کُھلا مقابلے میں

Presented by Ziaraat.Com

شریک ہیں۔ پھر وہ ثالثوں کی مجلس میں پہنچے وہاں بھی عراقیوں کی پھوٹ اور شامیوں کے اتحاد کا نقشہ دیکھا واپس آئے تو اس یقین کے ساتھ کہ **دنیا بھائی سے مُنہ پھیر چکی ہے زمانہ اُن کے خلاف ہوگیا ہے اور معاملات امیر معاویہ کے حق میں ٹھیک ہونا چاہتے ہیں۔ پھر بھائی کو دیکھا کہ ان حالات کے باوجود اپنی اُسی سیدھی راہ پر چلے جارہے ہیں۔ نہ خود کجرو ہیں نہ کسی کی کجروی کو گوارا کرتے ہیں۔ نرمی اور چشم پوشی کی سیاست چلا رہے ہیں اور مسلمانوں کے ساتھ رحم و ہمدردی والی پالیسی پر عامل ہیں۔ اور فاروق اعظم کی طرح لوگوں کے ساتھ شدت اور سختی کا برتاؤ نہیں کرتے۔ بلکہ اپنا مقابلہ کرنے والوں سے شدت کے ساتھ لڑتے ہیں اور صلح کرنے والے سے بے احتیاطی کے ساتھ صلح کر لیتے ہیں۔ مکر و فریب پر گرفت اور بدگمانی پر مواخذہ نہیں کرتے۔ جب تک لوگ شرارت کی ابتدا نہ کریں وہ اقدام نہیں کرتے۔**

4۔ پھر ہم نے دیکھا کہ شام جانے کیلئے ابن عباس حضرت علیؑ کے پاس نہیں آئے اور نہ نہروان میں اُنؑ کے ساتھ رہے۔ بلکہ خود بصرہ ہی میں ٹھہرے رہے اور حضرت علیؑ کے پاس فوج روانہ کردی گویا وہ اِس **بے سود جنگ سے اُکتا گئے تھے**۔ اسلئے بیٹھ رہے اور انجام کا انتظار کرتے رہے۔ چنانچہ بہت جلد انہوں نے دیکھ لیا کہ اس لڑائی کا انجام خرابی، پھوٹ اور بیزاری کی صورت میں نکلا۔ حضرت علیؑ نے خوارج کا مقابلہ کیا۔ لیکن اس سے زیادہ کچھ نہ ہوسکا کہ اپنے ساتھیوں کی ایک جماعت کا خاتمہ کردیا۔ اور ملک شام پھر بھی نہ جاسکے بلکہ کوفہ واپس آنا پڑا اور پھر نکلنے کی نوبت ہی نہ آئی۔ **ابن عباس نے دیکھا کہ بھائی کا ستارہ گردش میں ہے اور امیر معاویہ کی قسمت جاگ رہی ہے تو بصرہ میں ٹھہر کر بھائی اور بھائی پر آنے والی مصیبتوں سے زیادہ خود اپنے معاملہ پر غور کرنے لگے۔ اسی موقع پر شاید بیت المال سے اپنی ذات کیلئے انہوں نے کچھ رقم لے لی۔ ابن عباس کا یہ عمل اُن کی اور حضرت علیؑ کی اِس روش سے کسی طرح میل نہیں کھاتا جسکے اپنے اقبال کے دنوں میں دونوں پابند تھے**۔ اسکے بعد یہ دیکھ کر کہ بیت المال کے افسر ابوالاسودؒ ولی اس پر معترض ہیں۔ ابن عباس نے اُن کو ایک دن نہایت سختی کا جواب دیا۔ جس سے ابوالاسود کو بڑی کوفت ہوئی اور اُنہوں نے حضرت علیؑ کو لکھا کہ:۔

5۔ **عبداللہ ابن عباس کی خیانت اور تشدد کی اطلاع دی گئی**

''امابعد۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ذمہ دار نگراں اور امانتدار والی بنایا ہے ہم نے آپکی آزمائش کی اور آپکو زبردست امین اور رعایا کا خیرخواہ پایا۔ رعایا کو آپ بہت کچھ دیتے ہیں اور خود اُنکی دنیا سے اپنا ہاتھ روکتے ہیں۔ چنانچہ آپ نہ اُنکا مال کھاتے ہیں اور نہ اُنکے معاملات میں رشوت سے آپ کا کوئی تعلق ہے۔ آپؑ کے بھائی اور آپؑ کے گورنر آپؑ کے علم و اطلاع کے بغیر وہ رقم کھا گئے جو اُنکے ہاتھ میں تھی اور میں یہ بات آپ سے مخفی نہیں رکھ سکتا۔ خدا کا فضل آپ کے شامل حال رہے۔ اِدھر توجہ فرمایئے اور مجھے اپنی رائے لکھئے والسلام۔ بلاشبہ اس خط نے حضرت علیؑ کو سخت متوحش کردیا اور اُن کی غیر معمولی مصیبتوں میں **ایک بڑی مصیبت ایک تیز چبھنے والی خلش کا اضافہ کردیا**۔ لیکن عادت کے مطابق آپؑ نے اس مصیبت پر صبر کیا اور ابوالاسود کو لکھا کہ:۔

6۔ **ابوالاسود کو جوابی خط**:۔ ''امابعد۔ میں نے تمہارے خط کا مطلب سمجھا، تم جیسا آدمی اُمت اور امام دونوں کیلئے مجسّم خیرخواہی ہے تم نے حق کی حمایت کی اور ناحق سے رُوگردانی کی ہے۔ میں نے تمہارے صاحب کو اس بارے میں لکھا ہے اور تمہارے خط کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔ تمہاری موجودگی میں ایسی باتیں ہوں جن پر غور کرنے میں اُمت کی فلاح ہو تو مجھے ضرور مطلع کرنا۔ تمہیں یہ کرنا چاہئے اور یہی تمہارا فرض ہے۔ والسلام۔ اور اسی وقت ابن عباس کو لکھا کہ:۔

7۔ **ابن عباس سے حساب طلبی کا خط جاتا ہے**:۔ ''امابعد۔ مجھے تمہارے بارے میں ایک بات کا پتہ چلا ہے۔ اگر وہ سچ ہے تو تم نے اپنے رب کو خفا کیا۔ اپنی امانت برباد کی۔ اور اپنے امام کی نافرمانی کی اور مسلمانوں کے خائن بنے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے زمین کو بنجر کردیا اور جو رقم تمہارے قبضے میں تھی وہ کھا گئے۔ پس میرے سامنے حساب پیش کرو اور جان لو کہ **اللہ کا حساب لوگوں کے حساب سے زیادہ سخت ہے**۔''

Presented by Ziaraat.Com

8۔ اِس پر تعجب نہیں کرنا چاہئے کہ حضرت علیؑ ابوالاسود کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ اسکی حاضری میں ہونیوالے معاملات کی اطلاع چاہتے ہیں۔ اور ابن عباس کے بارے جو کچھ لکھا اُسکو منظور کرتے ہیں۔ اسلئے کہ حضرت علیؑ مال اور عمّال کے بارے میں بڑے محتاط اور بڑے سخت تھے۔ اس معاملے میں اُنکی شان حضرت عمر کی سی تھی۔ وہ حد درجہ اسکے خواہاں رہا کرتے تھے کہ گورنروں کے بارے میں کوئی بات اُن سے پوشیدہ نہ رہے۔ جیسا کہ تم آئندہ صفحات میں پڑھو گے۔ اور اس پر بھی تعجب نہیں کرنا چاہئے کہ ابن عباس کو اسطرح کیسے لکھ دیا؟ اسلئے کہ مالیات کے بارے میں نرمی اور مسلمانوں کے کسی معاملے میں مداھنت (سستی اور بے پرواہی) آپؑ کی عادت نہ تھی۔ تعجب تو اس پر ہے کہ حضرت علیؑ کا خط ملنے پر ابن عباس نے صرف اتنا لکھا کہ:

**9۔ عبداللہ ابن عباس نے خط میں جھوٹ لکھا اور علیؑ پر بدگمانی کا الزام لگایا**

''امابعد۔ آپ کو جو اطلاع ملی وہ غلط ہے اور میں اپنے زیر تصرف رقم کا اوروں سے زیادہ منتظم و محافظ ہوں۔

خدا آپ پر مہربان ہو آپ بدگمانی کی باتوں میں نہ آئیں۔ والسلام۔''

ایسا جواب جو نہ پڑھنے والے کو مطمئن بنا سکے نہ لکھنے والے کو الزام سے بچا سکے۔ البتہ اُس سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ کاتب اپنے آپ پر غیر معمولی اعتماد رکھتا ہے اور دوسروں کو کوئی وقعت نہیں دیتا۔ حالانکہ ابن عباس حضرت عمر کی صحبت میں رہ چکے ہیں اور اُن کی سیرت سے واقف ہیں اور جانتے ہیں کہ گورنروں سے حساب لینے میں وہ کس قدر سخت تھے۔ ابن عباس اپنے بھائی حضرت علیؑ کی صحبت میں بھی رہ چکے ہیں اور جانتے ہیں کہ مالیات کے بارے میں وہ نرم نہیں ہوتے یہی وجہ ہے کہ حضرت علیؑ اس جواب سے مطمئن نہیں ہوئے جس سے کاتب و مکتوب الیہ دونوں تشنہ رہتے ہیں۔ پس آپؑ نے سختی کے ساتھ تفصیلی حساب پیش کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے ابن عباس کو لکھا کہ:۔

**10۔ عبداللہ بن عباس کو حساب پیش کرنے کا دوسرا خط لکھا گیا**

''امابعد۔ میں تم سے اس وقت تک درگزر نہیں کر سکتا جب تک تم مجھ کو یہ نہ بتا دو کہ تم نے جزیہ کی کتنی رقم لی؟ کہاں سے لی؟ اور کس مد میں اُس کو خرچ کیا؟ اگر تم کو امانت سونپی گئی ہے تو اللہ سے ڈرو، میں نے تم سے اس کی حفاظت چاہی تھی۔ یہ دولت جس کا بڑا حصہ تم نے سمیٹ لیا ہے حقیر ہے لیکن اس کی ذمہ داری بڑی سخت ہے۔ والسلام۔''

حیرت ہے کہ ابن عباس یہ خط لیتے ہیں اور پڑھتے ہی آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ وہ مسلمانوں کے مال کی حفاظت اور انتظام کے ایک ذمہ دار گورنر کی طرح حساب و کتاب لے کر امیر المومنینؑ کی خدمت میں حاضری نہیں دیتے۔ نہ ایک چچازاد بھائی کی طرح قرابت و اخوت کی رعایت کا حق ادا کرتے ہیں جو امام کو اس کا حقدار خیال کرتا ہے کہ وہ مسلمانوں کے مال اور مفاد کی سپرد کردہ امانت کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کر لے اور اس سلسلے میں والی کو اگر امداد کی ضرورت ہے تو پیش کرے۔ اور اگر کچھ بھول گیا ہے تو یاد دلائے۔ اگر کچھ کوتاہی ہو گئی ہے تو نصیحت کرے۔

11۔ ابن عباس نے ایسی کوئی بات تو کی نہیں البتہ اپنے آپ کو **امام کا مدّ مقابل اور خلیفہ کا ہم سر بنا لیا اور خیال کرنے لگے کہ وہ خلیفہ کی بازپُرس اور اُس کے احتساب سے بلند و بالا ہیں**۔ الزام لگانے یا بدگمانی کی بات تو الگ رہی۔ حالانکہ ابن عباس اور لوگوں سے اس حقیقت سے باخبر تھے کہ **شیخین ہر مسلمان کو اس کا حقدار جانتے تھے کہ وہ خلیفہ سے بازپُرس کرے اور سوال کرے کہ وہ کیا کرتا ہے اور کیا نہیں کرتا**۔ اسی طرح امام بھی حق دار ہے۔ بلکہ اس کا فرض ہے کہ والیوں اور حاکموں سے اُن کے کاموں کا حساب لیتا رہے اور اس سلسلے میں شدت سے کام لے تا کہ وہ کوتاہی اور غفلت نہ کریں۔ اور رعایا کی بدگمانیوں سے محفوظ بھی رہیں۔ پھر وہ بے بس اور کمزور لوگ جو حاکموں کے ظلم و زیادتی سے بچے رہنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ خلیفہ کی سخت نگرانی نہ رہنے

Presented by Ziaraat.Com

کی حالت میں اپنے حاکموں کے بارے میں بہت غلط خیال قائم کریں گے۔

**12۔** ابن عباس حضرت عمر کا معمول اچھی طرح جانتے تھے۔ کہ وہ رعایا سے اُن کے حاکموں کے بارے میں الزامات اور شکایات خود حاکموں کی موجودگی میں یا غیر حاضری میں سنتے تھے۔ پھر جو کچھ بھی پیش کیا جاتا اس کی تحقیق کرتے تھے۔ تاکہ عدل وانصاف کیا جا سکے۔ اور جو ذمہ داری اپنے سر لی ہے اللہ کے سامنے اور لوگوں کے سامنے اُس سے عہدہ برآ ہوں۔ **ابن عباس یہ بھی جانتے تھے کہ بارہا حضرت عمر نے گورنروں کو معزول کرنے کے بعد اُن کی دولت تقسیم کی ہے** اور یہ کہ حاکموں کے تقرر سے پہلے وہ اُن کی دولت کا حساب کرتے تھے اور معزول کرنے کے بعد جانچتے تھے۔ اور اُن کی یہ بات گورنر منظور کرتے تھے۔ نہ انکار کرتے تھے نہ ناگواری محسوس کرتے تھے۔ اور نہ اپنے آپ کو اُس سے اُونچا خیال کرتے تھے۔ اور یہ حاکم کون لوگ تھے؟ نبیؐ کے پسندیدہ متعدد صحابہ۔ ابن عباس کو اس کا بھی علم تھا کہ بہت سے مسلمان اور غالباً وہ خود بھی حضرت عثمان سے ناراض ہوئے کہ وہ مسلمانوں کے مالی حدود سے کچھ تجاوز کرتے تھے۔ اُن کے حاکموں سے لوگ ناراض ہوئے کہ اُنہوں نے خود غرضی سے کام لیا۔ اور مسلمانوں کے مال کے بارے میں غیر معقول رویہ اختیار کر کے معاملات کو پیچیدہ کیا۔ خود حضرت عثمان کا قتل اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اور اُن کے چچازاد بھائی اسی لئے میدان میں آئے کہ نبیؐ اور شیخین کی سُنت زندہ کریں گے۔ پس حضرت علیؑ نے اپنے ایک ایک گورنر سے چاہے وہ ابن عباس ہی کیوں نہ ہوں اگر یہ مطالبہ کیا کہ وہ مسلمانوں کے اُس مال کا حساب پیش کریں جو اُن کے پاس ہے تو یہ کوئی حد سے بڑھی ہوئی بات نہ تھی۔ اور ان تمام باتوں کے بعد ابن عباس اپنے بھائی کو تمام لوگوں سے زیادہ جانتے تھے۔ اور ایک ایسا جواب لکھ سکتے تھے جس سے وہ رضامند ہو سکتے۔ جس سے اُن کو نہ تکلیف ہوتی نہ خلش۔ اور نہ گراں باری۔ وہ نرم لب ولہجہ میں یہ لکھ سکتے تھے کہ جزیہ میں انہوں نے کوئی رقم اپنی ذات کے لئے نہیں لی۔ اور یہ کہ کوئی رقم کسی غلط مد میں صرف نہیں ہوئی۔ اور یہ بھی ہو سکتا تھا کہ وہ کوفہ میں جا کر اُن سے مل لیتے اور صاف صاف اپنی باتیں اُن کو بتا دیتے۔ لیکن اُنہوں نے ان باتوں سے گریز کیا اور نہیں چاہا کہ حضرت علیؑ اپنے دوسرے گورنروں کی طرح اُن سے برتاؤ کریں۔ پس اپنا کام چھوڑ دیا نہ امام کو استعفیٰ دیا اور نہ منظوری کا انتظار کیا۔ خود ہی کام چھوڑ کر ترک مستقر کر دیا۔ اور وہ اس طرح کہ پھر کوفہ نہیں آئے۔ نہ عراق میں قیام کیا اور نہ کسی ایسی جگہ ٹھہرے کہ امام حسابات کی پیشی کا مواخذہ یا معزولی سے پہلے کچھ باز پرس کر سکے۔ بلکہ مستقر چھوڑ کر سیدھے مکہ چلے گئے جہاں امام کا اقتدار اپنا کام نہیں کر سکتا۔ (جہاں عموماً مجرم پناہ لیا کرتے ہیں) جہاں امام اُن کو اگر وہ سزا کے مستحق ہیں سزا نہیں دے سکتا۔ اور حرم میں جا کر مقیم ہو گئے۔ اپنے امام کی گرفت سے بھی آزاد اور اپنے حریف امیر معاویہ کے خطرے سے بھی بے خوف۔

**13۔** ابن عباس نے اِسی غلطی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اپنے بھائی کے حق میں ایسے الفاظ کہے جن سے اُن کو حد درجہ تکلیف پہنچی۔ جو اُن کے دل میں چبھنے والا غم اور بے چین رکھنے والا درد بن کر رہ گیا۔ ابن عباس لکھتے ہیں کہ۔ **"اللہ سے ایسی حالت میں ملنا کہ مسلمانوں کے کچھ مال کی ذمہ داری میرے سر ہو مجھے زیادہ پسند ہے اس بات سے کہ جمل، صفین اور نہروان کے معرکے میں بہے ہوئے خونوں کی ذمہ داری مجھ پر ہو۔"** گویا ابن عباس خیال کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے جو جنگ کی وہ اللہ کی راہ میں نہ تھی۔ اور اس سلسلے میں انہوں نے مسلمانوں کا جتنا خون بہایا وہ سب کا سب ملک گیری کے لئے تھا۔ حضرت علیؑ کے لئے یہ بات کس قدر جگر خراش اور دلدوز ہے؟

**14۔** بھائی کے لئے یہ سب باتیں تو لکھیں لیکن ایک بہت چھوٹی اور بہت اہم بات لکھنا بھول گئے۔ اور وہ یہ کہ اُن خونریزیوں میں وہ خود بھی بھائی کے شریک رہے۔ چنانچہ جنگ جمل وصفین میں موجود تھے۔ اور ان دونوں معرکوں میں بھائی کی فوجوں کے سپہ سالار تھے۔ پس وہ اللہ سے ایسی حالت میں نہیں ملیں گے کہ اُن کے ذمہ صرف مسلمانوں کا کچھ مال ہے بلکہ اس ملاقات میں اُن کے دامن پر اُس خون کے داغ بھی ہوں گے جو اپنے بھائی علیؑ کی

Presented by Ziaraat.Com

جماعت میں شریک رہ کر بہائے ہیں۔اور علیؑ میں اور ان میں ایک فرق بھی ہوگا۔علیؑ نے تو اس ایمان اور عقیدے کے ساتھ یہ خونریزی کی ہے کہ وہ حق کی راہ میں لڑ رہے ہیں۔اور اِن کی یہ ساری خونیریزی ملک گیری اور اقتدار کی ہوس میں نہیں ہوئی ہے۔

**15۔** یہی وجہ ہے کہ جب حضرت علیؑ نے اپنے بھائی کا یہ خط پڑھا تو ایک جملے سے زیادہ کچھ نہ کہہ سکے۔جو دوست دشمن سبھی سے نہایت تلخ مایوسی کی ایک تصویر ہے۔فرمایا۔''**گویا ابن عباس اِن خونریزیوں میں ہمارے شریک نہ تھے۔**''

**16۔** ابن عباس کا خط پڑھیئے اور اندازہ لگائیے کہ اس میں **کتنی سختی اور کیسی سنگدلی ہے**۔خلافت سے قبل ابن عباس کو حضرت علیؑ سے جو اخوت تھی۔ اور خلافت کے بعد جو خلوص اور خیر خواہی تھی خط پڑھ کر دیکھئے کہ اَب اُس سے کس درجہ انکار ہے۔لکھتے ہیں کہ:۔

اَمَّا بعد۔ مال میں سے کچھ لینے کی اطلاع آپ تک پہنچائی گئی ہے۔میں سمجھ رہا ہوں کہ آپ اُس کو بہت بڑھا چڑھا رہے ہیں۔بڑی اہمیت دے رہے ہیں۔خدا کی قسم زمین کے اندر جو کچھ چاندی سونا ہے اور اسکے اوپر جس قدر مال و دولت ہے سب کی ذمہ داری لیکر خدا کے پاس جانا مجھے زیادہ پسند ہے اس بات سے کہ میں امارت اور اقتدار کے لئے امت کا خون بہانے کی ذمہ داری لیکر جاؤں۔جس کو آپ چاہیں اپنا حاکم بنا کر بھیج دیجئے۔''

**17۔** ایک خلیفہ اور اُس کے گورنر کے درمیان اس قسم کی غیض و غضب کی بات، پھر ایک شخص اور اُسکے چچازاد بھائی کے درمیان ایسی سخت کلامی نہ ہوتی اگر ابن عباس شیخین کی اور حضرت علیؑ کی سیرت پیش نظر رکھتے اور اپنے آپ کو نظر انداز کر دیتے۔لیکن انہوں نے اپنی ذات کو ذرا بھی نظر انداز نہ کیا اور اس کا خیال نہیں کیا کہ وہ مسلمانوں کے ایک شہر پر حضرت علیؑ کی طرف سے والی ہیں۔اور یہ کہ اُنہوں نے حضرت علیؑ کے ہاتھ پر اس بات کی بیعت کی ہے کہ کتاب و سنت پر عمل کریں گے۔اور رعایا میں انصاف کریں گے۔

**18۔** ابوالاسود رعایا کے ایک فرد ہونے کی حیثیت سے اس کا حق رکھتے ہیں کہ وہ امام کے سامنے اپنے حاکم سے جھگڑا کریں۔پھر یہ کہ وہ بصرہ کے بیت المال پر امام کی طرف سے امین ہیں۔اُن کے فرائض میں سے ہے کہ حکمران کے تصرفات میں جو بات اُن کی نگاہ میں مشکوک ہو اس کی اطلاع امام کو دیں۔لیکن ابن عباس نے نہ صرف غصے میں طیش کی باتیں کیں اور حیرت انگیز بے جا تصرف کیا بلکہ اِس سے بھی بُری ایک حرکت کی جس نے نہ صرف امام کو خفا کیا بلکہ اُس سے تمام رعایا اور خصوصاً بصرے کے لوگ سخت ناراض ہوئے۔واقع یہ ہوا کہ ابن عباس مکہ روانہ ہوگئے لیکن اُس طرح خالی ہاتھ نہیں جیسا تقرر کے وقت بصرہ آئے تھے۔بلکہ بیت المال سے جتنا مال منتقل کیا جا سکتا ہے وہ سب ساتھ لے کر، حالانکہ وہ خوب جانتے تھے کہ اس مال میں اُن کا جتنا حق ہے اتنا ہی تمام بصرے والوں کا بھی ہے۔

**19۔** **ابن عباس کا اندازہ تھا کہ** بصرے کے لوگ اس مال کے لے جانے میں کسی طرح حارج نہیں ہوں گے۔جس کا اندازہ مؤرخوں نے ساٹھ (60) ہزار درہم لگایا ہے۔اس لئے **اُنہوں نے اپنے ماموؤں میں سے بنی ہلال کو بلوایا اور کہا کہ اجرت لے کر اُس کو محفوظ جگہ پہنچا دیں۔چنانچہ انہوں نے ایسا کر دیا۔**اب وہ بصرے سے نکلے۔اُن کے پاس مسلمانوں کا مال تھا۔جس کی حفاظت اُن کے ماموں کر رہے تھے یہ دیکھ کر بصرے کے لوگوں میں ہیجانی کیفیت پیدا ہوئی اور اُنہوں نے چاہا کہ جو کچھ وہ لے کر جا رہے ہیں اُن سے واپس لے لیں۔اور قریب تھا کہ بنی ہلال کے آدمیوں میں اور بصرے کے دوسرے عربوں میں آویزش ہو جائے۔بنی ہلال اپنے بھانجے کی حمایت میں غصے میں بھرے ہوئے تھے۔اور قدیم عرب عصبیت تازہ کر کے پوری قوت سے آمادہ ہوگئے تھے۔کہ اپنے عزیز کی مدد ضرور کریں گے چاہے وہ ظالم ہو چاہے مظلوم۔بصرہ کے باقی عرب طیش میں تھے کہ اُن کا مال اُن کی موجودگی میں غصب کیا جا رہا ہے۔لیکن بنی ازد کے کچھ سنجیدہ لوگوں نے موقع کی نزاکت کا احساس کیا اور اپنے پڑوسی بنو ہلال کو گھروں میں کر دیا۔اِسی

Presented by Ziaraat.Com

طرح بنی ربیعہ کے کچھ حلیم الطبع لوگ اور احنف بن قیس اور اُس کے ساتھی تمیموں نے بھی ازدیوں کا ساتھ دیا۔لیکن بنی تمیم کے باقی آدمیوں نے طے کرلیا کہ لڑیں گے اور یہ مال واپس لے کر رہیں گے۔ چنانچہ اُن کے اور بنی ھلال کے درمیان جھڑپ شروع ہوگئی اور فریقین میں خونریزی ہونے ہی والی تھی کہ بصرہ کے کچھ عقلمند لوگ بنی تمیم کے پاس پہنچ گئے اور اُن کو جھگڑے کی جگہ سے واپس لاکر ہی اُن سے علیحدہ ہوئے۔اس کے بعد ابن عباس اطمینان کے ساتھ ماموؤں کی حفاظت میں سارا مال لے کر بیت الحرام کے سایہ اَمن میں پہنچ گئے۔اور پہنچتے ہی خوشحالی اور عیش کی زندگی جینے لگے۔مورخوں نے لکھا ہے کہ تین ہزار دینار میں تین حوروش لونڈیاں خریدیں حضرت علیؑ کو جب اس کی خبر پہنچی تو آپ نے لکھا کہ:۔

**20۔ <u>عبداللہ ابن عباس اللہ کے لوٹے ہوئے مال سے دن رات عیاشی کررہے ہیں</u>**

''اَمّا بعد۔ میں نے تم کو اپنی امانت میں شریک کیا تھا۔میرے گھر والوں میں تم سے زیادہ بھروسے کے لائق کوئی آدمی نہ تھا۔جو میری ہمدردی کرتا۔میری تائید کرتا۔اور امانت مجھے واپس کرتا۔ <u>لیکن تم نے دیکھا کہ اب بھائی کے وہ دن نہیں رہے دُشمن حملہ آور ہے۔لوگوں کی دیانت خراب اور اُمت فتنوں سے دوچار ہوچکی ہے تو تم نے بھی آنکھیں پھیر لیں۔چھوڑنے والوں کے ساتھ تم نے اُس کا ساتھ چھوڑ دیا۔اور بُری طرح اُس کو بے یارومددگار کردیا غدّاروں کے ساتھ تم نے بھی اس سے بیوفائی کی۔نہ ہمدردی کی۔نہ امانت واپس کی۔ گویا جہاد میں تمہارے پیش نظر اللہ نہ تھا</u>۔تم کو اپنے خدا کی طرف سے کوئی راہنمائی نہ تھی۔ <u>یا پھر تم محمدؐ کی اُمت کے ساتھ اُن کی دنیا حاصل کرنے کی چال چل رہے تھے۔گویا تم جو یہ کے مال سے لوگوں کی غفلت کے منتظر تھے</u> اور جیسے ہی موقع ملا دوڑ پڑے۔جست لگائی اور جس قدر دولت لوٹ سکے۔ایک لاغر بکری کو خون خون کردینے والے بھیڑیے کی طرح جھپٹ لیا۔سبحان اللہ کیا قیامت پر تمہارا ایمان نہیں ہے؟ اور کیا بعد میں بُری طرح حساب نہیں ہوگا۔اور کیا تم جانتے نہیں کہ حرام کھاتے ہو اور حرام پیتے ہو۔کیا تم پر گران نہیں کہ تم لونڈیوں کی قیمت لگانے پر اور عورتوں سے نکاح پر یتیموں' بیواؤں اور اُن مجاہدین کا مال خرچ کرتے ہو جن پر اللہ کے شہروں سے مال غنیمت بھیجا ہے اللہ سے ڈرو۔قوم کا مال واپس کردو۔اگر تم نے ایسا نہیں کیا تو بخدا اگر مجھے موقع ملا تو میں تمہارا انصاف کروں گا۔اور حق حقدار تک پہنچاؤں گا۔ظالم کو ماروں گا اور مظلوم کا انصاف کروں گا۔''

**21۔** مذکورہ بالا الفاظ میں حضرت علیؑ نے چبھنے والے اور چٹکیاں لینے والے غم واَلم کا جسطرح بیان کیا ہے،لوگوں سے انتہائی مایوسی' اُن کی وفاداری، اُن کے پاس عہد اور اَدائے امانت میں شک کی جو تصویر کھینچی ہے۔حرص وہوس کی اتباع اور صحیح مسلک پر باقی نہ رہنے کا جو نقشہ پیش کیا ہے اور ان حالات میں بھی اللہ کے حق اور مسلمانوں کے مال کے لئے جس طرح غیظ وغضب کا اظہار کیا ہے میں نہیں جانتا کہ اس سے بڑھ کر بلیغ ومؤثر تعبیر کسی اور نے کی ہے۔لیکن اس تلخ مکتوب کا جواب ابن عباس جن الفاظ میں دیتے ہیں اُن سے اِسکے سوا کچھ نتیجہ نہیں نکالا جاسکتا کہ اُن کو صرف اپنی ذات پر اعتماد ہے دوسروں کی رائے اُن کے نزدیک کوئی وقعت نہیں رکھتی چنانچہ لکھتے۔

**22۔** ''امابعد۔ مجھے آپ کا خط ملا۔میں نے بصرہ کے مال سے جو کچھ لے لیا ہے آپ اس کو میرے لئے بڑی اہمیت کی بات بتارہے ہیں۔ <u>بخدا میں نے جو کچھ لیا ہے بیت المال میں میرا حق اس سے کہیں زیادہ ہے</u>۔'' والسلام

اس حیرت انگیز جواب پر مجھے زیادہ وقت دینے کی ضرورت نہیں جس سے نہ کوئی حق ثابت ہوتا ہے نہ ذمہ داری ساقط ہوتی ہے (اور جرم ثابت ہے) اور اس دردانگیز خط وکتابت کو حضرت علیؑ کے جواب پر ختم کرتا ہوں۔

**23۔** ''امابعد۔ آپ کی خوش فہمی حیرت انگیز ہے کہ مسلمانوں کے بیت المال میں سے آپ کو ایک عام مسلمان سے زیادہ حق ہے۔آپ کامیاب

Presented by Ziaraat.Com

تھے اگر یہ باطل تمنا اور بے جا دعویٰ آپ کو گناہ سے بچا سکتا۔ خدا آپ کو سلامت رکھے اس حیثیت سے آپ کی منزل کوسوں دُور ہے۔ مجھے خبر ملی ہے کہ آپ نے مکہ کو اپنا وطن بنالیا ہے اور وہیں ڈیرا ڈنڈا ڈال دیا ہے۔ اور مدینہ اور طائف کی جوان لونڈیاں اپنی نگاہوں سے پسند کر کے خریدی ہیں اور دوسروں کا مال دے کر اُن کی قیمت ادا کی ہے۔ بخدا میں یہ پسند نہیں کرتا کہ جو کچھ آپ نے مسلمانوں کے مال سے لیا ہے وہ میرے لئے حلال ہو اور اُسے ترکہ میں چھوڑ دوں۔ پس مجھے کیوں حیرت نہ ہو کہ آپ اس حرام کو خوشی خوشی کھا رہے ہیں۔ تھوڑے دن لطف اٹھا لیجئے اور اپنی جگہ رُکے رہیے۔ آپ کے لئے وہ منزل آ گئی جہاں سے فریب خوردہ حسرت کو پکارتا ہے۔ اپنی حد سے بڑھا ہوا توبہ کی تمنا کرتا ہے۔ اور ظالم کے دل میں باز آجانے کی آرزو پیدا ہوتی ہے۔ لیکن وہ وقت پکارنے اور تمنا کرنے کا نہ ہوگا۔ والسلام

**24۔ عمر بن الخطاب نے عبداللہ بن عباس کو لارے دے کر اپنے زیرِ اثر رکھا اور اُس کی بددیانتی ظاہر کرتے رہے عہدہ نہ دیا**

بعض راویوں کا خیال ہے کہ حضرت عمر نے ابن عباس کو بعض مقامات کی حکومت سپرد کرنے کا ارادہ کیا۔ پھر اپنے لئے اور ابن عباس کے لئے خطرہ سمجھ کر باز آ گئے۔ اپنے لئے یہ خطرہ کہ غنیمت سے کچھ کھا لینے کی تاویل کریں گے۔ اُن کے لئے یہ خطرہ کہ حکمرانی اُن کو گناہ سے آلودہ کر دے گی۔ اُن ہی راویوں کا یہ بھی خیال ہے کہ حضرت علیؑ نے جب ابن عباس کو بصرہ کا حاکم بنایا تو جو کچھ اُنہوں نے اپنی ذات کے لئے مباح کر لیا تھا اس کے لئے ذیل کی آیت کی تاویل کی۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ ۔ ''جان لو کہ جو کچھ تم کو مال غنیمت ملا ہے اس کا حکم یہ ہے کہ کل کا پانچواں حصہ اللہ اور اُس کے رسولؐ کا اور ایک حصہ آپ کے قرابت داروں کا اور ایک حصہ یتیموں کا اور ایک حصہ مسکینوں کا اور ایک حصہ مسافروں کا ہے۔'' (8/41)

**ابن عباس رسولؐ اللہ کے قریبی رشتہ دار ہیں** اسلئے اُن کا خمس میں کچھ حصے کا حق ہے جو اللہ نے رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے، قرابتداروں، یتیموں مسکینوں اور ابن السبیل کیلئے مقرر کیا ہے۔ لیکن ابن عباس میری نظر میں اپنے دین اپنے علم عقل اور اپنی رائے کی صحت کے لئے اس تاویل سے بلند و بالا ہیں۔ بلاشبہ وہ جانتے تھے۔ کہ اُن کا حق اس خمس میں دوسرے قرابت داروں، یتیموں مسکینوں اور مسافروں سے بڑھ کر نہیں ہے۔ ساتھ ہی وہ یہ بھی جانتے تھے کہ اُن کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ اس خمس میں سے خود ہی اپنا حق لے لیں۔ انہیں اپنا یہ حق بھی اُسی امام سے لینا چاہئے جو اس لئے مقرر کیا گیا ہے کہ مسلمانوں میں اُن کا مال تقسیم کرے اور اُن کے مصالح عامہ میں خرچ کرے اور اسی خمس میں سے رشتہ داروں، یتیموں اور مسکینوں میں تقسیم کرنا ہے۔ ابن عباس کے علاوہ اگر کوئی دوسرا مسلمان یہ جانتا کہ بیت المال میں اس کا حق ہے اور وہ خود لے لیتا تو چاہے وہ اپنے حصے میں کچھ کمی بیشی نہ کرتا لیکن حدود سے تجاوز کرنے والا ہوتا اور امام کا حق ہوتا کہ اسے واجبی سزا دے۔ علاوہ ازیں ابن عباس جانتے تھے کہ اُن کے بھائی خلافت اور رشتہ داری کی بنا پر خمس کے مستحقوں میں تقسیم کے معاملے میں رسولؐ اللہ کے نقش قدم پر چلنے کے سب سے زیادہ اہل ہیں۔ تعجب ہے کہ بہت سے محدثین نے احتیاط کے پیش نظر اس واقعہ کا تذکرہ نہیں کیا اُن کی نگاہ میں ابن عباس کا نبیؐ سے جو تعلق ہے اور دین میں تفقہ کا جو درجہ اُنہیں حاصل ہے اس میں اس قسم کی زیادتی اور خلیفہ کی مخالفت کرنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ لیکن دوسرے راویوں نے اس واقعہ کے بیان میں غلو سے کام لیا ہے اُن کا خیال ہے کہ ابن عباس نے حضرت علیؑ کے آخری خط کے جواب میں لکھا تھا کہ اگر اپنی تحریروں سے مجھے معاف نہیں رکھیں گے تو یہ مال میں امیر معاویہ تک پہنچا دوں گا جسے وہ آپ کے مقابلے پر خرچ کریں گے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ ابن عباس اس حد تک نہیں پہنچے تھے۔ اور اپنے بھائی کے خلاف انہوں نے ایسی کھلی مخالفت نہیں کی تھی۔ لیکن اس واقعہ کے نتائج حضرت علیؑ کے اقتدار اور آپ کے ساتھیوں کے حق میں براہ راست بڑی مصیبت ثابت ہوئے۔ (علیؑ۔ صفحہ 257۔239)

Presented by Ziaraat.Com

## (2۔ج) بہت سی خیانتوں کے باوجود ڈاکٹر طٰہٰ حسین قابل مدح وثنا ہیں

ہم ڈاکٹر طٰہٰ حسین مرحوم کو اس لئے قابل داد وتعریف سمجھتے ہیں کہ وہ سو فیصد قریشی مذہب کے عالم ہوتے ہوئے بھی اپنی رائے آزاد رکھنے میں کامیابی سے گذرتے ہیں اور اسی لئے حق سے بہت دُور نہیں نکلتے اور جب یہ بھی مان لیا جائے کہ قریش کی تیار کردہ تاریخ ہی اُن کی راہنما ہوتی ہے تو اُن کے تحسین وآفرین میں مزید اضافہ کرنا لازم ہے۔ عبداللہ ابن عباس کو اپنے دل کی گہرائی سے وہ حضرت علی علیہ السلام کا چچازاد بھائی مانتے ہیں اور وہ تمام مدارج ومقامات اُس کو دیتے ہیں جو قریش ساختہ تاریخ وروایات میں دئے گئے ہیں۔ اس کے باوجود ڈاکٹر صاحب نے عبداللہ کی ایسی مذمت کی ہے جو کسی قریشی عالم یا شیعہ عالم سے دیکھنے کو نہیں ملی ہے۔ اس لئے ڈاکٹر صاحب ہمارے لئے اور بھی زیادہ قابل احترام ہیں۔

### تکلّف برطرف مجھ کو ملے اذنِ غزل خوانی

آپ قریشی اسکیم، سازش اور پروپیگنڈے کو شیطان کے حوالے کر کے یہ سمجھ لیں کہ نہ قریش نسل اسماعیل علیہ السلام سے ہیں نہ عبداللہ ابن عباس حضرت علی علیہ السلام سے کوئی رشتۂ قرابت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ نہ عبداللہ ابن عباس خلافت الٰہیّہ کو مانتے ہیں نہ حضرت علیؑ کو خلیفہ بلافصل مانتے ہیں وہ ایک سو بیس فیصد قریشی ہیں۔ خلفائے ثلاثہ کے دشمنوں اور مخالفوں کو اپنا دشمن اور مخالف یقین کرتے ہیں۔ وہ اُن ہی مومنین میں اللہ کے مخاطب ہیں (4/136) جو اللہ ورسولؐ پر اور قرآن، توریت، زبور وانجیل پر اللہ کی پسند ومعیار کا ایمان نہ رکھتے تھے۔ جن کو بار بار حقیقی ایمان لانے کو کہا گیا لیکن وہ اپنے خودساختہ اللہ ورسول اور کتب خداوندی پر ایمان رکھتے رہے۔ اور اللہ ورسولؐ اور قرآن کی ہر بات اور ہر حکم اور ہر مسئلہ کو اپنی قومی یا قریشی مصلحت کا ہم نوا بنا کر اختیار کرنا ان کی سنت رہی ہے۔ اللہ کے متعلق اُن کا عقیدہ یہ رہتا چلا آیا ہے کہ (معاذ اللہ) ہر کام اللہ کے حکم سے ہوتا ہے خواہ قتل ہو زنا ہو یا چوری ہو اللہ کی مدد اور تائید حاصل نہ ہو تو نہ کوئی قاتل کسی کو قتل کر سکتا ہے نہ زانی زنا کر سکتا ہے نہ ڈاکو ڈاکہ ڈال سکتا ہے۔ اسی اصول کی روشنی میں اُن کے علماء یزید پر لعنت سے منع کرتے اور لکھتے آئے ہیں اور اُس کے لئے دُعائے مغفرت کی تاکید کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ وہ اللہ نہیں جس کا نازل کردہ یہ رسولؐ اور قرآن ہے اسی غلط عقیدے کی وجہ سے اللہ پر دوبارہ ایمان لانے کا حکم ہوا (4/136) رسولؐ کے متعلق اُن کا یہ عقیدہ ہے (معاذ اللہ) کہ بالکل اُن ہی ایسا انسان تھا غلطیاں بھی کرتا تھا لوگوں سے مشورے لے کر احکام دیتا تھا۔ عمدہ رائے کے مقابلے میں اپنا حکم یا فیصلہ بدل دیا کرتا تھا۔ قرآن کے متعلق اُن کا عقیدہ یہ ہے کہ اس میں قیامت تک آنے والے انسانوں کی تمام ضروریات کے مسائل نہیں ہیں (31۔25/27) اور (6/66) اس لئے حکم ہوا تھا کہ قرآن اور رسولؐ پر ایمان لاؤ (4/136)۔ توریت، زبور اور انجیل کو وہ منسوخ بمعنی متروک یعنی ناقابل عمل سمجھتے تھے اس لئے انہیں حکم دیا گیا تھا کہ قرآن سے پہلی تمام کتابوں پر ایمان لاؤ (4/136) چونکہ اُن ہی مومنین نے دورانِ حیاتِ رسولؐ قتلِ رسولؐ کی عملی کوششیں کیں (انفال 8/30) (توبہ 9/74) (تفہیم القرآن جلد 2 حاشیہ 84) اور آخر کار بیماری کے دوران دوا کی جگہ زہر پلا کر قتل کر دیا (بخاری) تاکہ وہ رسولؐ کی جگہ اپنی قومی حکومت بنا سکیں اور اللہ اور قرآن کی تنفیذ اپنے مصالح کے ماتحت کر لیں۔ چنانچہ اُس قوم قریش (25/30) کا پہلا حکمران حضرت ابوبکر تھا دوسرا قوم کا سب سے بڑا اور کامیاب لیڈر حضرت عمر تھا اور تیسرا اُن دونوں کے قدم بقدم چل کر مارے جانے والا حکمران حضرت عثمان تھا۔ اسی قومی خلافت کے دوران چوتھے **قریشی خلیفہ** معاویہ بن ابوسفیان نے تاریخ سازی اور روایت وحدیث نوازی وغیرہ کی ابتدا کی اور اُن ہی کے ادوارِ حکومت میں یہ ریکارڈ تیار کرایا گیا جس میں قریش رسولؐ اللہ کے ہم قوم وہم نسب اور بزرگ بنا دئے گئے اور عبداللہ بن عباس جیسے غدّار محسن کُش اور لٹیرے حضرت علی علیہ السلام کے چچازاد بھائی بنائے گئے اور حضرات ابوبکر عمر وعثمان اور دیگر لیڈروں کو رسولؐ کے داماد وخسر اور مختلف رشتے دار بنا کر مختلف مدارج اور القاب سے سجایا گیا۔ یہ خلافت نہ

Presented by Ziaraat.Com

بنی ہوتی تو قریش کا نام ونشان تک کہیں نہ ملتا اور اگر کچھ ملتا تو یہ کہ:۔ ''قریش نہ کسی مُربی یعنی پالنے والے کا نام ہے نہ کسی مُربّیہ کو کہا جاتا ہے نہ کسی قوم کا نام ہے نہ کسی فرد کا نام ہے نہ یہ کوئی ماں ہے نہ باپ ہے یہ تو نسب کا دیوان ہے۔(طبری جلد اول صفحہ 46)

سات آٹھ صدیوں کے اِس دورِ حکومت نے جہاں اسلام اور اسلامی تصورات کو گہن لگا دیا وہیں اپنی قوم کو چار چاند لگا دئے اور آج جو کچھ اسلامی ریکارڈ کہہ کر پیش کیا جاتا ہے وہ سب کچھ قریش ساز کہانیاں اور افسانے ہیں۔

جس نے حکومت بنائی وہ خلیفہ دوم تھے اور جس نے علیؑ کے ہاتھوں سے حکومت چھنوائی اور باقی رہی وہ عبداللہ بن عباس تھے۔

حضرت عمر کا قومی حکومت بنانا مسلمات میں سے ہے قومی حکومت بنا کر اُسے ایسی متمدن، باوقار و مالدار و فاتح بنانا یہ ان کی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ حضرت عثمان تک حکومت کو پہنچایا اور معاویہ کو تیار رکھنا کہ وہ حضرت علیؑ سے حکومت لے یہ حضرت عمر کی دانشوری اور لیڈرشپ کا نتیجہ تھا۔ حضرت علیؑ کے ہاتھوں طلحہ و زبیر اور معاویہ کو ناکام رکھا بار بار شکست دی۔ مگر معاویہ تک حکومت پہنچانے کا خفیہ انتظام بھی کر گئے اور عبداللہ ابن عباس کو تیار کر گئے کہ وہ مناسب اوقات و ایام میں کیا کیا رول ادا کرے؟ یہ تمام پارٹ ادا کرنے میں عبداللہ ابن عباس نے ثابت کر دیا کہ حضرت عمر کی ساری سوجھ بوجھ و بصیرت اور منصوبے کا شاہ کار عبداللہ بن عباس تھا۔ اور حضرت عمر نے اِس کی تربیت و تعلیم و تہذیب میں اپنا سارا کمال صرف کر دیا تھا۔ علامہ شبلی سے عبداللہ ابن عباس اور عمر بن الخطاب کا رشتہ تعلق اور قربت سنئے:۔

علم الفقہ کا مَرجع، مرکز۔ مُعلّم اور درس گاہ اور طالبانِ علم

۔''فقہ کے جس قدر سلسلے آج اسلام میں قائم ہیں سب کا مرجع حضرت عمر کی ذاتِ بابرکات ہے۔ بلاد اسلام میں جو مقامات فقہ کے مرکز مانے جاتے ہیں وہ یہ ہیں مکہ معظّمہ۔ مدینہ منورہ۔ بصرہ۔ کوفہ۔ شام۔ اس انتساب کی وجہ یہ ہے کہ فقہ کے بڑے بڑے شیوخ اور بانی فن اِن ہی مقامات کے رہنے والے تھے۔ مثلاً مکہ معظّمہ کے شیخ عبداللہ بن عباس تھے۔ مدینہ منورہ کے زید بن ثابت و عبداللہ بن عمر۔ کوفہ کے حضرت علیؑ عبداللہ بن مسعود ابو موسیٰ اشعری۔ شام کے ابودرداء و معاذ بن جبل۔ اِن میں (حضرت علیؑ کے سوا) اکثر بزرگ حضرت عمر ہی کی صحبت سے مستفید ہوئے تھے۔ اور خاص کر عبداللہ بن عباس۔ عبداللہ بن عمر عبداللہ بن مسعود تو ان کے ساختہ پرداختہ تھے۔ عبداللہ بن مسعود کا قول ہے کہ عمر کے ساتھ ایک ساعت کا بیٹھنا میں سال بھر کی عبادت سے بہتر سمجھتا ہوں۔ عبداللہ بن عباس کو گویا حضرت عمر نے اپنے دامن تربیت میں پالا تھا۔ یہاں تک کہ لوگوں کو اس پر رشک ہوتا تھا۔ صحیح بخاری میں خود عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت عمر مجھ کو شیوخ بدر کے ساتھ بٹھایا کرتے تھے اس پر بعض بزرگوں نے کہا کہ آپ اس نوعمر کو ہمارے ساتھ کیوں شریک کرتے ہیں اور ہمارے لڑکوں کو جوان کے ہمسر ہیں کیوں یہ موقع نہیں دیتے۔ حضرت عمر نے فرمایا یہ وہ شخص ہے جس کی قابلیت تم کو معلوم نہیں۔ محدث عبدالبر نے استعاب میں لکھا ہے۔ کَانَ عمر یحب ابن عباس ویقربہ یعنی حضرت عمر ابن عباس کو محبوب رکھتے تھے اور اُن کو تقرب دیتے تھے۔ اکثر ایسا ہوتا کہ حضرت عمر کی مجلس میں کوئی مسئلہ پیش ہوتا۔ عبداللہ ابن عباس اُس کا جواب دینا چاہتے لیکن کمسنی کی وجہ سے جھجکتے۔ حضرت عمر اُن کی ہمت بندھاتے اور فرماتے کہ علم سِن کی کمی اور زیادتی پر موقوف نہیں۔ کوئی شخص اگر عبداللہ ابن عباس کے مجتہدات کو حضرت عمر کے مسائل سے ملائے تو صاف نظر آئے گا کہ دونوں میں استاد اور شاگرد کا تناسب ہے۔'' (الفاروق حصہ 2 صفحہ 108)

عبداللہ ابن عباس کو ایک نہ بھولنے والا عملی سبق جو کام آیا اور دوسروں نے بھی اسے نہ بھلایا

دوسرے مقام پر شبلی نے لکھا ہے کہ:۔ ''حمص کا عامل جب مر گیا تو حضرت عبداللہ بن عباس کو مقرر کرنا چاہا لیکن چونکہ اُن کی طرف سے مطمئن نہ تھے اس

Presented by Ziaraat.Com

لئے بلا کر اُن سے کہا **فی نفسی منک شی ء** یعنی میرے دل میں تمہاری طرف سے ذرا کھٹکا ہے۔ اُنہوں نے پوچھا کیوں؟ فرمایا **انّی خَشَیْتُ عَلَیْک اَنْ تاتی عَلَی الفیٔ هُوَ آت** یعنی مجھکو ڈر ہے کہ تم محاصل مُلکی پر تصرف نہ کرو۔'' **یہ صرف سوءِ ظن نہ تھا بلکہ وقوع میں بھی آیا** حضرت علیؑ نے اپنے عہد خلافت میں جب حضرت عبداللہ کو **عامل مقرر کیا تو اُنہوں نے بیت المال میں سے بہت سی رقم لے لی اور جب حضرت علیؑ نے بازپُرس کی تو لکھ بھیجا ابھی میں نے اپنا پورا حق نہیں لیا ہے۔** (الفاروق حصہ دوم 91۔90)

**عبداللہ ابن عباس تاریخی حیثیت سے بھی عمر بن الخطاب اور قریش کے حامی تھے**

قارئین نے دیکھا ہے کہ ڈاکٹر طٰہٰ حسین جیسے بے باک عالم نے اپنے آخری پیراگراف میں عبداللہ ابن عباس جیسے ملعون کی طرفداری کا رُخ اختیار کر لیا اور لکھ دیا کہ وہ عداوت و سرکشی و بغاوت کی اُس حد تک نہ گیا ہوگا۔ لیکن ہم کہتے ہیں کہ جس زمانے میں عبداللہ بن عباس نے دشمنی کو چھپائے رکھا وہ اُس زمانے میں بھی قریش اور قریشی مقاصد کا پُرخلوص حامی تھا اور اس خلوص و حمایت کا ہر قریشی لیڈر کو یقین تھا۔ حضرت علیؑ تو اللہ و رسولؐ کی طرح ظاہری حالت اور ظاہری بیانات کے مطابق عمل کرتے تھے۔ دوست بننے والوں سے دوستی کی نظر و سلوک کرتے تھے مومنین بننے والوں کو مومن سمجھ کر حقوق دیتے تھے۔ لہٰذا عبداللہ کو چچازاد بھائی کی حیثیت دے رکھی تھی اور اس حالت پر عمر گزار دی۔ باطن پر نہ اللہ کوئی فیصلہ کرتا ہے نہ رسولؐ کرتے تھے۔ لیکن وہ اللہ ہے، وہ رسولؐ ہیں اور وہ امام برحق علی علیہ السلام ہیں۔ مگر ہم نہ اللہ ہیں، نہ رسولؐ ہیں، نہ ہم امامؑ ہیں۔ لہٰذا ہمارے فیصلے واقعات کی تحقیقات اور چھان بین کے بعد ہوں گے۔ اُن میں ظاہر و باطن رکاوٹ نہ بنیں گے۔ عبداللہ بن عباس روزِ اوّل سے وہی ذہنیت رکھتے تھے، وہی خمیر رکھتے تھے، وہی عصبیت رکھتے تھے جو قریش میں تھی۔ وہ باقی قریش کی طرح اپنی قوم، لیڈرانِ قوم اور مقاصد و مصالح قومی کے پرستار تھے۔ اُن کے متعلق یہ مان لینا کہ وہ اپنی قوم کے خلاف علیؑ و محمدؐ کے طرفدار ہو سکتے ہیں یا ہو گئے ہیں اُمید کے خلاف مان لینا ہے۔ ہم نے اپنے بیانات اور تحریروں میں اور اللہ نے اپنی آیات میں یہ فیصلہ کر رکھا ہے کہ قریش میں سے کوئی شخص نہ حقیقی مومن ہو سکتا ہے نہ محمد و علی علیہما السلام کا دوست ہو سکتا ہے۔

**قریش نے قرآن سے، حدیث سے فراڈ کیا اور قریشی علماء نے اس میں مدد جاری رکھی ہے**

قریش کا قرآن اور رسولؐ سے فراڈ کرنا جگہ جگہ قرآن سے ثابت ہے (31۔25/30) تو اور کونسی ایسی چیز ہو سکتی ہے جس کے ساتھ وہ فراڈ نہ کریں؟ لہٰذا اُن کے اصول پر و پیگنڈا کے ماتحت کئی ہزار جگہ یہ لکھا گیا اور برابر لکھا جا رہا ہے کہ قریشی قوم عموماً اور بنی عدی و بنی تیم و بنی امیہ خصوصاً حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔ لوگوں نے مان لیا اور خود بھی لکھنے، ماننے اور کہنے لگے۔ کسی نے تحقیق کی ضرورت محسوس نہ کی۔ نسل رسولؐ کو اُنہوں نے قیداری قرار دیا۔ بعض نے تحقیق کی تو وہ قیداری کے بجائے نبطی ثابت ہوئے۔ حضرت علی علیہ السلام نے خود کو نبطی اور کوثی فرمایا پھر بھی اُن کو قیداری لکھا جاتا رہا اور خود سید کہلانے والے علماء تک نے قیداری مان لیا۔ ہم نے قریشی مسلمات اور خود ساختہ مفروضات کی پول کھولی اور ہر چیز کو سیدھا کر دیا۔ لہٰذا قارئین قریشی پروپیگنڈے اور اصرار و تکرار کو نظر انداز کر دیں اور سمجھ لیں کہ قریش قرآن، رسولؐ اور علیؑ کی آڑ لے کر غلط چیزوں کو صحیح بنانے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہیں گے۔ حضرت علیؑ نے بغاوت نہ کی، تلوار نہ اُٹھائی تو اُنہوں نے اسی بنیاد پر خلافت کو برحق اور خلفائے ثلاثہ کو برحق خلفا قرار دیا۔ لیکن حضرت علی علیہ السلام نے جن صحابہ و زوجہ رسولؐ کے خلاف تلوار اُٹھائی قریشی علماء نے تو اُنہیں بھی برحق اور جنتی قرار دیا ہے۔ حالانکہ وہ برحق امام کے باغی مان لئے گئے۔ برحق امام کا باغی جہنمی مانا جانا چاہئے تھا۔ مگر قریشی علماء قریش کو جہنمی نہ کہیں گے، بہانے تلاش کریں گے، فراڈ کریں گے، انہیں جنتی بنا کر چھوڑیں گے۔ حضرت علیؑ نے جنگ جمل میں قتل ہونے والوں پر نماز جنازہ پڑھی تھی یہ کہانی اس لئے بنائی گئی کہ حضرت علی علیہ السلام کے نماز پڑھنے سے

Presented by Ziaraat.Com

پہلے اُن باغیانِ (اللہ ورسوؐل اور) خلیفہ برحق، کومسلمان بنائیں پھر شہادت کا درجہ دے کر جنتی بنادیں لیکن یُوں تو انہوں نے اپنا مذہب ترک کر دیا۔ ارے دوستو! تمہارے یہاں تو حضرت علی علیہ السلام معصوم نہیں لہٰذا ایک خطا کار نے اگر باغیوں کی نماز جنازہ پڑھ دی تو ایک خطا کی ہے وہ خطا بہت سے بہت خطائے اجتہادی ہوسکتی ہے مگر ایسی خطا تو نہیں ہوسکتی کہ چوکور باغیوں کو مسلمان اور شہدا اور جنتی بنادے۔ تم وہی تو ہو جو عبداللہ بن اُبی کو جنتی نہیں مانتے حالانکہ رسوؐل اللہ نے اُس کے جنازے پر نماز پڑھی تھی اور کہتے ہو کہ وہ منافقوں کا سردار تھا۔ بتاؤ جب رسوؐل کی نماز سے ایک منافق نہ مسلمان بنا نہ جنتی بنا تو تم حضرت علیؑ کی نماز سے باغیانِ اسلام اور اللہ ورسوؐل سے جنگ کرنے والوں کو مسلمان، شہید اور جنتی بنائے دے رہے ہو۔ یہ کون سا مذہب ہے؟ علیؑ نے تلوار نہیں اُٹھائی لہٰذا غاصبانِ خلافت مسلمان بھی رہے صحابہ بھی رہے۔ علیؑ نے نماز پڑھ دی تو باغیانِ خدا اور رسوؐل شہداء اور جنتی ہوگئے۔ علیؑ نے غاصب وغادر وخائن قرار دیا تو کچھ نہ ہوا؟ کہو یہ کون سا دھرم ہے؟ قارئین یاد رکھیں قریش کی ساری تاریخ فریب سے بھری پڑی ہے۔ اُن کی تفاسیر اور لُغات میں بھی اہل علم کے ساتھ انتہا کی فریب سازی کی گئی ہے۔

## ( نمبر22) خط اِلٰی عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ عَبَّاسٍ: عبداللہ ابن عباس کو لکھا گیا تھا

**وَکَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ یَّقُوْلُ: مَا انْتَفَعْتُ بِکَلَامٍ بَعْدَ کَلَامِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ کَانْتِفَاعِیْ بِھٰذَا الْکَلَامِ.**

**اور عبداللہ ابن عباس کہا کرتے تھے کہ جتنا فائدہ مجھے حضرت علیؑ کے اس کلام نے پہنچایا ہے اتنا فائدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے کلام کے علاوہ مجھے اور کسی کے کلام نے نہیں پہنچایا ہے۔**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْمَرْءَ قَدْیَسُرُّہُ دَرْکُ مَالَمْ یَکُنْ لِّیَفُوْتَہُ وَیَسُوْءُہُ فَوْتُ مَالَمْ یَکُنْ لِّیُدْرِکَہُ، | 1 | بعد از حمد وثنا اور درود کے سنو کہ کبھی آدمی کو ایسی چیز کا حاصل کر لینا مطمئن اور خوش کر دیتا ہے جو اُس کے ھاتھوں سے نکل جانے والی ہوا کرتی ہے۔ اور کبھی اُسے ایسی چیز کا ھاتھ سے نکل جانا دکھ دیتا ہے جو اُسے ملنے والی ہوتی ہی نہیں ہے۔ |
| فَلْیَکُنْ سُرُوْرُکَ بِمَا نِلْتَ مِنْ اٰخِرَتِکَ، وَلْیَکُنْ اَسَفُکَ عَلٰی مَا فَاتَکَ مِنْھَا، | 2 | چنانچہ تمہاری مسرت کی بنیاد ان چیزوں پر ہونا چاہئے جو آخرت میں برقرار رہیں۔ اور تمہارا غمگین ہونا بھی اُن ہی چیزوں پر منحصر رہنا چاہئے جو آخرت والی چیزوں میں سے ضائع ہوجائیں۔ |
| وَمَانِلْتَ مِنْ دُنْیَاکَ فَلَا تُکْثِرْ بِہٖ فَرَحًا، وَمَافَاتَکَ مِنْھَافَلَا تَاْسَ عَلَیْہِ جَزَعًا، | 3 | اور جو چیزیں تمہیں تمہاری دُنیا تک محدود ملیں اُن پر مسرت میں کثرت نہ کیا کرو اور دُنیا والی چیزوں میں سے جو چیز ضائع ہوجائے اُس پر مایوسی اور واویلا نہ کیا کرو۔ |
| وَّلْیَکُنْ ھَمُّکَ فِیْمَا بَعْدَالْمَوْتِ. | 4 | بلکہ تمہاری تمام کوشش اور ہمت اُن چیزوں کے متعلق ہونا چاہئے، جو موت کے بعد تمہارے کام آئیں۔ |

**تشریح:۔** حضور علیہ السلام کے یہ چاروں جملے واقعی اسی وزن کے ہیں جو کتاب میں عبداللہ بن عباس سے منسوب کر کے لکھا گیا ہے۔ قارئین نے چونکہ عبداللہ بن عباس کا حال تفصیل سے پڑھا ہے اور اُنہیں یقین ہوگیا ہوگا کہ اس منافق کو حضرت علی علیہ السلام کا کوئی کلام نفع نہ پہنچا سکتا تھا۔ اس لئے ہمیں تو حضورؑ کی اس نصیحت سے یہ سمجھنا چاہئے کہ حضورؑ عبداللہ ابن عباس کو قوم قریش کا ایک پختہ کار اور دُنیا دار عیاش فرد سمجھتے تھے اور جانتے تھے کہ اُس کی مسرت و

Presented by Ziaraat.Com

ملال کا معیار بڑا تھرڈ کلاس ہے۔اس لئے اُس کا راستہ روکنے کی خاطر یہ نصیحت کی ہے۔اور فرض ادا فرمایا ہے۔اور بس۔

## ( نمبر23)وصیت قَالَهُ قُبَيْلَ مَوْتِهٖ عَلٰى سَبِيْلِ الْوَصِيَّةِ لَمَّا ضَرَبَهُ ابْنُ مُلْجَمٍ لَعَنَهُ اللّٰهُ

**جب ابن ملجم ملعون نے آپؑ کے سر مبارک پر تلوار ماردی تو انتقال سے کچھ پہلے آپ نے بطور وصیت ارشاد فرمایا:**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَصِيَّتِيْ لَكُمْ اَنْ لَاتُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَمُحَمَّدٌ. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ،فَلَا تُضَيِّعُوْا سُنَّتَهٗ، | 1 | تم سے میری وصیت یہ ہے کہ تم لوگ کسی کو بھی اللہ کا شریک نہ بنانا۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی سنت کو ضائع نہ کرنا۔ |
| اَقِيْمُوْا هٰذَيْنَ الْعَمُوْدَيْنِ وَاَوْقِدُوْا هٰذَيْنِ الْمِصْبَاحَيْنِ وَخَلَاكُمْ ذَمٌّ. | 2 | اِن دونوں ستونوں کو قائم رکھنا اور ان دونوں چراغوں کو روشن کئے رکھنا، اگر تم نے ایسا کیا تو مذمت اور برائی تم سے رخصت ہوگئی۔ |
| اَنَا بِالْاَمْسِ صَاحِبُكُمْ وَالْيَوْمَ عِبْرَةٌ لَكُمْ، وَغَدًا مُّفَارِقُكُمْ، | 3 | میں کل تک تمہارا مالک اور ساتھی اور ہم صحبت تھا اور آج تمہارے لئے درسِ عبرت ہوں اور کل تم سے جدا ہو جاؤں گا۔ |
| اِنْ اَبْقَ فَاَنَا وَلِيُّ دَمِيْ، وَاِنْ اَفْنَ فَالْفَنَآءُ مِيْعَادِيْ، | 4 | اگر میں زندہ رہ گیا تو میں خود ہی اپنے خون اور انتقام کا حاکم اور ولی ہوں گا۔اور اگر مر گیا تو میری موت ہی میری وعدہ گاہ ہے۔ |
| وَاِنْ اَعْفُ فَالْعَفْوُ لِيْ قُرْبَةٌ،وَهُوَ لَكُمْ حَسَنَةٌ،فَاعْفُوْا،اَلَاتُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ؟ | 5 | اور اگر میں معاف کردوں تو معاف کرنا میرے لئے قربتِ الٰہی کا سبب بنے گا۔اور وہ تمہارے لئے بھی نیکی ہوگی۔چنانچہ تم بھی معاف کر دینا۔کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہیں بخش دے؟ |
| وَاللّٰهِ مَا فَجَاَنِيْ مِنَ الْمَوْتِ وَارِدٌ كَرِهْتُهٗ، | 6 | اللہ کی قسم مجھ پر موت کا وارد ہونا ایسا نہیں ہے کہ مجھے اُس کا آنا ناگوار گذرا ہو، |
| وَلَاطَالِعٌ اَنْكَرْتُهٗ، | 7 | اور نہ ہی یہ ایسا حادثہ ہے کہ مجھے اس سے برا محسوس ہوا ہو۔ |
| وَمَا كُنْتُ اِلَّا كَقَارِبٍ وَّرَدَ،وَطَالِبٍ وَّجَدَ، | 8 | اور میں اس کے سوا کچھ نہیں کہ ایک پانی کا تلاش کرنے والا تھا جسے پانی مل گیا۔اور طلبگار تھا جس نے پالیا۔ |
| وَمَاعِنْدَاللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ. | 9 | اور اللہ کے پاس تو نیک لوگوں کے لئے بھلائی کے سوا اور کچھ ہے ہی نہیں۔'' |

**تشریح:۔** ہم نے بار بار اور طرح طرح سے محمدؐ اور آئمہ معصومین صلی اللہ علیہم اجمعین کے متعلق پڑھا ہے اور ہر بیان و دلیل پر یقین آتا رہا ہے کہ یہ حضرات علیہم السلام ہم لوگوں کی طرح نہیں مرتے بلکہ اُن کا مرنا درحقیقت انتقال ہوتا ہے۔یعنی ایک حالت کو بدل کر دوسری حالت میں نکل جانا۔یعنی مادیات کے اُلجھاؤ سے نکل کر ابدی حیات کی ہمہ گیری آزادی سے سرفراز ہو جانا۔وہ حضرات علیہم السلام تو حقیقتوں کی بنیاد ہیں۔ہم تو لوگوں کو یہ یقین دلا دیتے ہیں کہ اگر وہ سرکار رجعت علیہ السلام سے مربوط ہو جائیں تو یہیں اسی زندگی میں حیات و ابدی اختیارات حاصل کر لیں گے اور چند گھنٹوں میں اس موت اور موت کے حالات سے پار نکل جائینگے۔اس یقین و اطمینان کے باوجود ہمیں اُن حضراتؑ کی موت اور موت کا عنوان دیکھ کر دلدوز تکلیف

Presented by Ziaraat.Com

ودُکھ ہوتا ہے۔دل بیٹھنے لگتا ہے،آنسورُ وکے نہیں رُکتے،آواز بیٹھ جاتی ہے،بالکل وہی حالت طاری ہوتی ہے جیسے ماں یاباپ یابیٹا آنکھوں کے سامنے دم توڑ رہے ہوں۔ہماری یہ حالت ہی حقیقی انسانیت ہے۔یعنی یہ ثبوت ہے اس حقیقت کا کہ ہم کواُن ہی حضراتؑ کے سامان سے بنایااور پیدا کیا گیا تھا۔بس یہ سامان جوش میں آجاتا ہے اور ہمیں زور لگا کراُنکی طرف کھینچتا رہتا ہے۔بہرحال یہاں حضرت علی علیہ السلام بہتر (72) گھنٹے سے سرشگافتہ حالت میں سہارا لئے بیٹھے ہیں۔سب سے زیادہ چاہنے والی اورسب سے زیادہ کمزورہستی یعنی حضرت فاطمہؑ زہراعلیہا السلام یہ غم دیکھنے سے پہلے ہی اُٹھالی گئی ہیں۔ جن سے ملاقات موجودہ صدمہ کوحضرت علی علیہ السلام کے دل سے کم کررہی ہے۔مادرگرامی کی عدم موجودگی حسنینؑ وزینبؑ وام کلثومؑ علیہم السلام کے محزون چہروں پرموجود ہےاورحضورعلیہ السلام اس سے غافل نہیں ہیں۔سارا کنبہ وصیۃ کی لفظ سن کرموجودوگوش برآواز ہے۔سرکارعلیہ السلام ٹوٹی ہوئی اُمیدوں کوجوڑنے والے الفاظ''اگرزندہ رہا''فرما کرچہروں کودیکھتے جارہے ہیں۔فطری طورمستورات اوربچوں پراطمینان کی جھلک نمایاں نظرآتی ہے۔ لیکن حسنین وعباس علیہم السلام ذمہ دارانہ سنجیدگی سے وصیت کاہر ہرلفظ سن رہے ہیں۔حضورؑ انہیں اس ماحول سے بلند کرنے اوراللہ کی طرف متوجہ کرنے کیلئے مغفرت کا سہارا دیتے ہیں۔اپنی ذاتی مغفرت الگ وہ توساری نوع انسان کی مغفرت کا ذمہ دارکنبہ ہے۔لہٰذا معافی کی سفارش نہ بھی کی ہوتی تو یہاں سے معافی کے سوا کچھ نہ ملتا۔حضرت علیؑ قربت الٰہی کی فکر میں ہیں تواُن کے یہ بچے یہ بچیاں یہ بیٹے یہ بیٹیاں یہ پوتے یہ نواسیاں سب ہی توذریعۂ قرابت خداوندی ہیں۔البتہ انہیں موت کا آنا ناگوارضرورگزررہا ہےاورگزرے گا۔یہ اُسی قسم کی ناگواری ہوگی جوآپؑ کواپنے والداوروالدہ گرامی اور آنحضرتؐ سے ایسی ہی جدائی میں گزری تھی۔جس طرح آپؑ کامیاب گزرگئے تھے یہ بھی سب کے سب کامیاب گزرجائیں گے۔ان پروہ زمانہ آنے والا ہے جب آپؐ،حضرت فاطمہؑ اورآنحضرت علیہم السلام بےچین ہوکراُن کی غمگساری کے لئے آئینگے۔ساری کائنات لرزرہی ہوگی۔ہرطرف صدائے واویلا بلند ہوگی مگر یہ حاضرینِ وصیت چمکتے چہروں کے ساتھ مطمئن ہوں گے۔

## صرف دوؐستون اوردو(2)چراغوں کی حفاظت؟

اس وصیت کوضابطۂ حیات بنانے کیلئے پہلا جملہ فرمایا گیا ہے۔اِس پرقارئین کوبھی عمل کرنا ہوگا۔لہٰذاغورفرمائیں کہ راہنمائے کائنات نے کائناتی راہنماؤں سے کیا تاکید فرمائی ہے؟ یہ ساری کائنات اورتمام کائناتی موجودات ومخلوقات اور کارخانۂ ھست وبودصرف دوستونوں پرقائم ہے اورصرف دو چراغوں سے روشن ہےاوروہ ہیں۔**1۔ہمہ گیرتوحیدخداوندی اور 2۔ہمہ گیرسُنتِ محمدیؐ**؟؟یعنی ان دو(2)چیزوں میں سارادین،دین کی تمام عبادات واحکامات اوررسومات وقواعدوضوابط،شریعت وحقیقت،تصوف وسلوک ریاضت سب داخل ہیں۔اوراسی بنیاد پرفرمایا گیا ہے کہ:۔

**نہ ذکرخفی ونہ جلی رادانم۔نہ شیخ ومشائخ نہ ولی رادانم۔مولائے خودوپیرخودومرشدِخود۔اللہ ومحمدؐ وعلیؑ رادانم**۔(5/55)نہ عبادت کے خفیہ طورطریقوں کو جانتاہوں نہ اعلانیہ سے واقف،نہ شیخوں کونہ شیخ ساز ولیوں کونظروں میں سماتا ہوں میں تواپنا پیرومرشداورمولاصرف اللہ ومحمدؐ وعلیؑ کومانتااورجانتاہوں۔ مطلب یہ ہے کہ میری نماز وعبادات میں اللہ ومحمدؐ وعلیؑ ایک جگہ اور ہرجگہ موجودرہتے ہیں۔ان میں تفرقہ ڈالنے والی خواہ نماز ہو یا کوئی اورعبادت ہووہ شرک ہے۔سنتِ رسولؐ کے خلاف ہےاوراس کانتیجہ وہی ہے جوصدیوں سے سامنے کھڑا مسکرارہا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر24) وصیت

## بِمَا يُعْمَلُ فِيْ اَمْوَالِهٖ كَتَبَهَا بَعْدَ مُنْصَرِفِهٖ مِنْ صِفِّيْنَ

## آپؑ کی وصیت اپنے اموال میں عمل درآمد کے متعلق، جسے آپؑ نے صفین سے واپسی پر تحریر فرمایا تھا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| هٰذَا مَا اَمَرَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ مَالِهٖ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ لِيُوْلِجَهُ بِهِ الْجَنَّةَ وَيُعْطِيَهُ بِهِ الْاَمَنَةَ، | 1 | یہ وہ وصیت ہے جسکا حکم اللہ کے بندے امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ کیطرف سے جاری ہوا ہے جسکی رو سے میرے مال میں ایسا عمل درآمد اختیار کیا جائیگا جس سے اللہ کی رضامندیاں مطلوب ہیں تا کہ اللہ مجھے جنت میں داخلہ عطا کر کے امن وآسائش سے نوازے۔ |
| وَاِنَّهُ يَقُوْمُ بِذٰلِكَ الْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ: يَاْكُلُ مِنْهُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَيُنْفِقُ مِنْهُ فِي الْمَعْرُوْفِ، | 2 | اس وصیت پر عمل کرنے کی ذمہ داری حسنؑ بن علیؑ کی ہے۔ وہ اس مال میں سے عالمی پسندیدگی کے مطابق اپنا آزوقہ لیتے رہیں گے اور اس مال کو بھی عالمی پسند کے ماتحت صرف کیا کرینگے۔ |
| فَاِنْ حَدَثَ بِحَسَنٍ حَدَثٌ وَّحُسَيْنٌ حَيٌّ قَامَ بِالْاَمْرِ بَعْدَهُ، وَاَصْدَرَهُ مَصْدَرَهُ، | 3 | اگر حسنؑ کو ایسا حادثہ پیش آجائے جس سے وہ یہ ذمہ داری پوری کرنے کے قابل نہ رہیں اور حسینؑ زندہ ہوں تو وہ اُنکے قائم مقام ہونگے اور اس ذمہ داری کو حسب تحریر ادا کرتے رہیں گے |
| وَاِنَّ لِبَنِيْ فَاطِمَةَ مِنْ صَدَقَةِ عَلِيٍّ مِثْلَ الَّذِيْ لِبَنِيْ عَلِيٍّ، | 4 | اور یقیناً اس مال میں سے جتنا حصہ واختیار اولاد فاطمہؑ کا ہے اُتنا ہی اور اُسی کے مانند اولاد علیؑ کا بھی حصہ واختیار ہے۔ |
| وَاِنِّيْ اِنَّمَا جَعَلْتُ الْقِيَامَ بِذٰلِكَ اِلَى ابْنَيْ فَاطِمَةَ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَقُرْبَةً اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، وَتَكْرِيْمًا لِحُرْمَتِهٖ، وَتَشْرِيْفًا لِوُصْلَتِهٖ. | 5 | اور یقیناً میں نے جان بوجھ کر اپنے اموال کا انتظام فاطمہؑ کی اولاد کو سپرد کیا ہے اللہ کی رضا مندیوں کیلئے، رسولؐ کی قربت وخوشنودی کی خاطر اور آنحضرتؐ کی عزت وحرمت اور تکریم کی خاطر اور اُن سے قرابتداری کے شرف کو ملحوظ رکھتے ہوئے۔ |
| وَيَشْتَرِطُ عَلَى الَّذِيْ يَجْعَلُهُ اِلَيْهِ اَنْ يَّتْرُكَ الْمَالَ عَلٰى اُصُوْلِهٖ، | 6 | اور اِس مال کے منتظم پر لازمی شرط یہ رہے گی کہ وہ اُسے اُسکی اصلی حالت پر قائم رکھے گا۔ |
| وَيُنْفِقَ مِنْ ثَمَرِهٖ حَيْثُ اُمِرَ بِهٖ وَهُدِيَ لَهٗ، | 7 | اور صرف اسکے پھلوں سے مندرجہ بالا مصارف پورے کریگا۔ |
| وَاَنْ لَّا يَبِيْعَ مِنْ اَوْلَادِ نَخِيْلِ هٰذِهِ الْقُرٰى وَدِيَّةً حَتّٰى تُشْكِلَ اَرْضُهَا غِرَاسًا. | 8 | اور یہ بھی کہ وہ اس بستی کے نخلستان کی نئی پود کو فروخت نہ کرے گا یہاں تک کہ نئے درختوں کے پروان چڑھ جانے سے کاشت کی فراوانی ہو جائے۔ |
| وَمَنْ كَانَ مِنْ اِمَائِيَ الَّاتِيْ اَطُوْفُ عَلَيْهِنَّ لَهَا وَلَدٌ اَوْهِيَ حَامِلٌ فَتُمْسَكَ عَلٰى وَلَدِهَا وَهِيَ مِنْ حَظِّهٖ، | 9 | اور وہ کنیزیں جو میری زوجیت کے ماتحت ہیں اُن میں سے جسکے اولاد ہے یا جو حاملہ ہے تو اُسے بچے کیلئے روک لیا جائے گا اور اُسکے اخراجات بچہ کے حصہ میں سے ادا ہوں گے۔ |
| فَاِنْ مَّاتَ وَلَدُهَا وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ | 10 | اگر اس کا بچہ مرجائے اور وہ خود زندہ ہو تو وہ بھی آزاد ومختار ہوگی۔ یقیناً اس کے اوپر |

Presented by Ziaraat.Com

| | |
|---|---|
| عَتِیقَۃٌ قَدْاُفْرِجَ عَنْھَاالرِّقُّ،وَحَرَّرَھَاالْعِتْقُ. | سے تمام پابندیاں ختم ہوگئیں اوراُسے ہرطرح کی آزادی واختیار حاصل ہوگیا۔'' |

**تشریح:۔** یہ وصیت چاہتی ہے کہ ہم حضرت علی علیہ السلام کا ایک ایسا عملدرآمد پیش کریں جس میں وہ وَحْدَہٗ لَاشَرِیکَ لَہٗ اور جسے قریش ساز کہانیوں اور تاریخ کی بنا پر ہمارے سوا تمام علمائے شیعہ نے قبول کرکے مان لیا اور اپنی تمام کتابوں میں لکھدیا کہ حضرت علی علیہ السلام (معاذ اللہ) مزدوری کرکے گذر بسر کیا کرتے تھے۔مطلب یہ تھا کہ جس طرح حضرات ابوبکر عمر اور عثمان کئی کئی ہفتوں کے بعد خدمت رسولؐ میں آتے تھے ورنہ اپنے کاروبار میں مصروف رہتے تھے۔اور ہزارھا مسائل سے ناواقف تھے۔اُسی طرح حضرت علی علیہ السلام کو بھی مزدوری کے بہانے صحبت رسولؐ سے دور رکھنے کی راہ نکالی جائے۔لیکن اِن خانہ ساز روایات اور کہانیوں کے باوجود حضرت علی علیہ السلام کا دن رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ ساتھ رہنا ثابت ہوگیا ہے اور اُدھر حضرت علی علیہ السلام کے دَعَاوِی سے ثابت ہے کہ آپ تبلیغی اوقات میں ہمیشہ آنحضرتؐ کے داہنے بائیں آگے پیچھے ساتھ ساتھ پائے جاتے تھے۔چنانچہ اُن کا یہ دعویٰ کہ میں بتا سکتا ہوں کہ کون سی آیت دن میں نازل ہوئی اور کون سی رات میں اُتری اور کون سی میدان میں اُتری اور کون سی پہاڑ پر نازل ہوئی وغیرہ وغیرہ۔یہ دعویٰ اُسی صورت میں کیا جاسکتا ہے جب کہ حضرت علی علیہ السلام نزول آیات کے تمام مواقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ ساتھ رہے ہوں۔گو ہم آیات کے نزول کا مطلب اُن کی تلاوت کو لیتے ہیں یعنی لوگوں نے آیات کی تلاوت کے وقت کو اُن کے نزول کا وقت مشہور کیا ہے۔بہرحال ہمارے بیانات اور تحریریں قریشی معیار پر بھی پوری اُترتی ہیں۔لہٰذا یہ ثابت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام تبلیغی اور دوسرے اوقات ہی میں نہیں بلکہ زیادہ تر شب کو بھی حضورؐ کے ساتھ رہتے تھے۔اور مناسب وموزوں موقع نکال کر سامان حیات فراہم کرنے کیلئے نکلتے تھے۔رہ گیا قریشی کہانیوں اور تاریخی بیانات سے حضورؐ کا مزدوری کرنا یہ واقعات وحالات کی رُو سے سراسر غلط ہے۔اوّل اسلئے کہ مزدوری میں مزدور یہ طے کرتا ہے کہ فلاں کام اتنی دیر میں کرنے کی اُجرت یہ لوں گا۔لہٰذا قریش ساختہ تاریخ سے کوئی ایسا واقعہ اور شخص مذکور نہیں جہاں مزدوری کا طے کرنا پایا جائے۔یا کسی کام کے ٹھیکے پر لینے کا قصہ بھی موجود نہیں ہے۔البتہ یہ ملے گا کہ حضرت علی علیہ السلام کسی کے کھیت میں پانی دے رہے تھے یا گڈائی کر رہے تھے۔مگر کہیں یہ نہ ملے گا کہ فلاں شخص اُن کو مزدوری پر لے گیا تھا۔آپؑ نے نہ کسی سے مزدوری اور اُجرت لی، نہ کسی نے آپؑ کو مزدوری یا اُجرت دی۔

## روزگار یا آمدنی کے سلسلے میں حضرت علیؑ وحدہ لاشریک لہ ہونا کیسے؟

حقیقت اور مستقل طریقہ یہ تھا کہ حضور علیہ السلام اپنا کھدائی، گڈائی اور سینچائی کا سامان لے کر کھیتوں اور باغوں اور نخلستانوں میں چلے جاتے اور جس کھیت یا باغ یا نخلستان میں جس چیز کی ضرورت کو ملاحظہ فرماتے وہ کام شروع کردیتے۔اور تھک جانے یا اپنا پروگرام پورا ہوجانے کے بعد گھر چلے آتے۔کھیت، باغ یا نخلستان کے مالک سے نہ پوچھا تھا نہ اُسے بتایا تھا اور یہ معلوم ہی تھا کہ باغ ونخلستان یا کھیت کا مالک کون ہے اور نہ اس کی ضرورت تھی۔آپؑ برابر اسی طرح ضرورت کے مطابق گڈائی، کھدائی یا سینچائی کرتے اور چلے آتے۔مالک جب دیکھتا لوگوں سے پوچھتا پھرتا تھا اور پتہ لگ جانے پر آکر ملتا۔پیسوں کے متعلق دریافت کرتا اور جواب ملتا کہ میں نے کھیت کو ضرورت مند دیکھا اُس کی ضرورت پوری کردی اور چلا آیا۔یوں بلا مالک سے بات کئے بلا مزدوری طے کئے کون کام کرسکتا تھا؟ لہٰذا مدینہ اور گردونواح میں یہ کیریکٹر مشہور ہوگیا اور یوں لوگ محنت کے برابر یا محنت سے زیادہ رقم بھیجنے لگے۔آپؑ نے طے کردیا کہ ہمیں اناج لینا زیادہ پسند ہے کہ گھر پیس کر آٹا استعمال کریں۔یوں آمدنی کا ایک سلسلہ شروع ہوگیا اور جاری رہا۔کہیں سے پیسے آجاتے کہیں سے اناج، کہیں سے کھجوریں آجاتیں۔یہ ہے وہ کیریکٹر جو اللہ کے توکل اور لوگوں کی شرافت پر منحصر تھا۔جسے خبیثوں نے مزدوری بنا دیا ہے۔اس عملدرآمد میں آپ یہ بھی کرتے تھے کہ افتادہ اور بنجر زمین انتخاب فرماتے، کھدائی اور تردد جاری رکھتے، درخت لگاتے، کہیں موزوں جگہ کنواں

Presented by Ziaraat.Com

کھودتے۔ چشمہ معلوم کرتے اور اللہ آپ کی مدد کرتا، چشمے تو گویا حضورؑ کا انتظار کرتے تھے کہ وہ آئیں توجہ دیں تو ہم باہر نکل کر بہنے لگیں۔ آپؑ اپنے فارغ اوقات میں برابر زمین کو قابل کاشت بناتے رہے۔ نخلستان لگاتے رہے، بڑے قیمتی درخت پیدا کئے، نئے نئے قلم لگائے۔ اسی لئے تقاضہ فرمایا ہے کہ نئی پود کو فروخت نہ کیا جائے۔ رحلت رسولؐ کے بعد آپ نے مدینہ سے باہر بھی باغات لگائے تھے۔ مدینے کے تمام باشندے تقریباً کاشتکار تھے اور سب ہی رشتہ دار تھے۔ اوس وخزرج اور نبطی ہم نسب لوگ تھے اور کھیتی باڑی میں ہر طرح تعاون کرتے تھے۔ درختوں کی عمدہ سے عمدہ نسل فراہم کرتے تھے۔ آپؑ نے اپنی محنت سے نہایت ذرخیز زمین تیار کی، نخلستان و باغات لگائے اور کنبہ کو اقتصادی طور پر مضبوط کر کے چھوڑا۔ جنہیں حکومتِ وقت کی طرف دیکھنے کی ضرورت نہ تھی۔ اسی زمین ونخلستانوں سے غربا پروری کی مہم جاری تھی۔ اسی سے مساکین وتیامی اور قیدیوں کی فارغ البالی کا انتظام کیا جاتا تھا۔ (76/8.10) اس محنت کی اور محنت کے نتائج کی دھوم مچی ہوئی تھی۔ علامہ ابن ابی الحدید نے اپنی شرح میں لکھا ہے کہ:۔

**حضورؑ کی زمینیں، نخلستان چشموں اور باغات ومقامات:۔**

**قَدْ عَلِمَ كُلُ اَحَدٍاَنَّ عَلِيًّا عليه السلام استخرج عُيُوْنًا كَثِيْرَةً بكد لمينه بالمدينة وينبع وسويعه واَحْيَابِها مواتا كثيرًا ثمَّ اَخْرَجَهَا عَنْ مِلْكِهٖ وَتَصَدّقَ بِهَا عَلَى المسلمين وَلَمْ يمت وشيء مِنها فى مِلْكِهٖ. (جلد 3۔ صفحہ 433)**

حضرت علی علیہ السلام نے مدینہ اور ینبع اور سویعہ میں بہت سے چشمے زمین کھود کر نکالے اور بہت سی مردہ زمینوں کو آباد کیا قابل کاشت بنایا اور پھر انہیں اپنی ملکیت میں نہیں رکھا بلکہ مسلمانوں پر وقف کر دیا اور وہ اس حالت میں دُنیا سے رخصت ہوئے کہ کوئی چیز آپ کی ملکیت میں نہ تھی۔''

**حضورؑ کی وصیت کے اغراض ومقاصد وشرائط:۔** پہلے تو یہ سمجھ لیں کہ وصیت مرنے سے کافی پہلے ہوش وحواس کی درستی کی حالت میں کرنا اور لکھنا چاہئے۔ اور وصیت میں آخرت ونجات کو مدّنظر رکھنا ضروری ہے۔ پھر اس وصیت میں یہ دیکھئے کہ حضور علیہ السلام کے سامنے رسولؐ اللہ اور حضرت فاطمہؑ کا ایک خاص اور اپنے سے بلند تر مقام رکھا گیا ہے۔ حضورؑ نے حضرت فاطمہ علیہا السلام کی اولاد کو الگ رکھا ہے اور انہیں اپنی اولاد نہیں فرمایا ہے بلکہ اپنی اولاد کو دوسرا نمبر دیا ہے اور اولاد فاطمہؑ کے ماتحت رکھا ہے۔ اور ایسا کرنے میں اللہ کی رضامندیوں اور اللہ کے رسولؐ کی قربت اور خوشنودی کو اپنا مقصد قرار دیا ہے۔ اور اس طرح رسولؐ اللہ کی عزت وحرمت کو سامنے رکھا ہے۔ باغات ونخلستانوں اور زمین کو فروخت کرنے سے منع فرما کر اُنہیں اصلی حالت اور فراوانی کے ساتھ آگے بڑھانے کی تاکید فرمائی ہے۔ اور واضح کر دیا ہے کہ زمین سے حاصل ہونے والی فصلیں اور باغات اور نخلستانوں سے حاصل ہونے والے پھل ہی تمام قسم کے اخراجات کے لئے کافی ہوا کریں گے۔ اپنی ازواج واولاد کے حقوق اور آزادی کو واضح فرما دیا ہے۔

## ( نمبر 25) وصیت

**كَانَ يَكْتُبُهَا لِمَنْ يَّسْتَعْمِلُهُ عَلَى الصَّدَقَاتِ:**

**جن لوگوں کو آپؑ صدقات وزکوٰۃ کی وصولی پر تعینات فرماتے تھے اُن کیلئے تحریر فرماتے تھے**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَنْطَلِقْ عَلٰى تَقْوَى اللّٰهِ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ، | 1 | اللہ کا تقویٰ سامنے رکھتے ہوئے اور اسے تنہا ویگانہ سمجھتے ہوئے اور کسی کو اس کا شریک کار نہ مانتے ہوئے روانہ ہو جاؤ۔ |
| وَلَا تُرَوِّ عَنَّ مُسْلِمًا، | 2 | اور کسی مسلمان پر رعب ڈال کر خوفزدہ نہ کرنا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَا تَجْتَازَنَّ عَلَيْهِ كَارِهًا، | 3 | اور گراں گذرنے والے طریقہ سے بچنا چاہئے |
| وَلَا تَأْخُذَنَّ مِنْهُ اَكْثَرَ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْ مَالِهٖ، | 4 | اور جتنا اللہ کا حق نکلتا ہو اس سے زیادہ کسی سے وصول نہ کرنا۔ |
| فَاِذَا قَدِمْتَ عَلَى الْحَيِّ فَانْزِلْ بِمَائِهِمْ، مِنْ غَيْرِ اَنْ تُخَالِطَ اَبْيَاتَهُمْ، ثُمَّ امْضِ اِلَيْهِمْ بِالسَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ حَتّٰى تَقُوْمَ بَيْنَهُمْ فَتُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ وَلَا تُخْدِجْ بِالتَّحِيَّةِ لَهُمْ، | 5 | اور جب کسی کھلی آبادی (رٹھان) وغیرہ پر پہنچو تو انکے گھروں میں دخل اندازی کرنے کی بجائے انکے کنویں پر جانا اور انکی طرف سکون اور وقار سے بڑھنا۔ انکے درمیان ٹھہر کر ان سب کو سلام کرنا اور دیکھو سلام و آداب اور پیاری توجہ دینے سے کسی طرح کی کسر نہ چھوڑنا۔ پھر اُنسے اسطرح بات شروع کرنا کہ اے بندگان خدا مجھے تمہارے پاس اللہ کے ولیؑ اور |
| ثُمَّ تَقُوْلُ: عِبَادَاللّٰهِ ، اَرْسَلَنِيْ اِلَيْكُمْ وَلِيُّ اللّٰهِ وَخَلِيْفَتُهُ لِاٰخُذَ مِنْكُمْ حَقَّ اللّٰهِ فِيْ اَمْوَالِكُمْ، فَهَلْ لِلّٰهِ فِيْ اَمْوَالِكُمْ مِنْ حَقٍّ فَتُؤَدُّوْهُ اِلٰى وَلِيِّهٖ؟ | 6 | اسکے خلیفہؑ نے اسلئے بھیجا ہے کہ تمہارے اموال میں جو اللہ کا حق ہو تم سے لے لوں چنانچہ اگر تمہارے اموال میں تمہارے ہی علم کے مطابق اللہ کا کچھ حق ہو تو اسے اللہ کے ولیؑ کو ادا کردو۔ |
| فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ لَا . فَلَا تُرَاجِعْهُ، | 7 | اور اگر کوئی کہنے والا یہ کہے کہ میرے ذمہ اللہ کا اس وقت کوئی حق نہیں ہے تو اس سے دوبارہ کوئی سوال جواب نہ کرنا۔ |
| وَاِنْ اَنْعَمَ لَكَ مُنْعِمٌ فَانْطَلِقْ مَعَهٗ مِنْ غَيْرِ اَنْ تُخِيْفَهٗ اَوْ تُوْعِدَهٗ اَوْ تَعْسِفَهٗ اَوْ تَرْهِقَهٗ، | 8 | اور اگر کوئی اللہ کی نعمت پانے والا تم پر بھی انعام کرنا چاہے تو تم اس کے ساتھ اس طرح جاؤ کہ نہ اسے ڈراؤ نہ تنبیہ نہ دھمکی دو اور نہ اس پر سختی ہونے پائے نہ اسے تکلیف پہنچے۔ |
| فَخُذْ مَا اَعْطَاكَ مِنْ ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ، | 9 | چنانچہ سونا چاندی اور جو بھی اور جتنا بھی وہ دے لے لینا |
| فَاِنْ كَانَ لَهٗ مَاشِيَةٌ اَوْ اِبِلٌ فَلَا تَدْخُلْهَا اِلَّا بِاِذْنِهٖ، فَاِنَّ اَكْثَرَهَا لَهٗ، فَاِذَا اَتَيْتَهَا فَلَا تَدْخُلْ عَلَيْهَا دُخُوْلَ مُتَسَلِّطٍ عَلَيْهِ، وَلَا عَنِيْفٍ بِهٖ، وَلَا تُنَفِّرَنَّ بَهِيْمَةً وَلَا تُفْزِعَنَّهَا، | 10 | پھر اگر اس کے پاس گائیں یا بکریاں یا اونٹ ہوں تو ان میں سے ان کی اجازت کے بغیر داخل نہ ہو جانا۔ کیونکہ ان کا بڑا حصہ تو اسی کا ہے۔ اور جب اجازت کے بعد ان کے غول میں داخل ہونا تو تمہارا داخلہ ایسا نہ ہو گویا تم اس پر مسلط ہو۔ اور نہ یہ کہ تمہیں ان پر تشدد کرنے کا حق حاصل ہے اور نہ جانوروں کو بھڑکانا اور نہ ڈرانا۔ |
| وَلَا تَسُوْئَنَّ صَاحِبَهَا فِيْهَا، وَاَصْدَعِ الْمَالَ صَدْعَيْنِ، | 11 | اور نہ اپنے سخت رویہ سے مالک کو دکھ پہنچانا اور جتنا مال ہو اس کے دو حصے کر دینا۔ |
| ثُمَّ خَيِّرْهُ: فَاِذَا اخْتَارَ فَلَا تَعَرَّضَنَّ لِمَا اخْتَارَهٗ، | 12 | اور مالک کو مختار بنا دینا کہ وہ دونوں میں سے جو حصہ بہتر خیال کرے لے لے۔ |
| | 13 | اور جب وہ کوئی حصہ انتخاب کر لے تو اس کے انتخاب پر اعتراض نہ کرنا۔ |
| ثُمَّ اَصْدَعِ الْبَاقِيَ صَدْعَيْنِ ثُمَّ خَيِّرْهُ، | 14 | پھر بقیہ حصے کے دو حصہ کر دینا اور پھر مالک کو مختار بنا دینا کہ وہ جو حصہ بہتر سمجھے وہ لے لے۔ |
| فَاِذَا اخْتَارَ فَلَا تَعَرَّضَنَّ لِمَا اخْتَارَهٗ، | 15 | چنانچہ جب وہ پھر کوئی سا حصہ چن لے تو تم کوئی اعتراض نہ کرنا۔ |
| فَلَا تَزَالُ كَذٰلِكَ حَتّٰى يَبْقٰى مَا فِيْهِ وَفَاءٌ لِحَقِّ اللّٰهِ فِيْ مَالِهٖ، | 16 | لہذا تم اسی طرح اپنے حصہ میں آنیوالے حصہ کو دو حصے کرتے جاؤ اور اسکا پسند کردہ حصہ بلا اعتراض چھوڑتے جاؤ یہاں تک کہ وہ آخری حصہ رہ جائے جو اللہ کے حق کو پورا کرتا ہے |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاقْبِضْ حَقَّ اللّٰهِ مِنْهُ، | 17 | چنانچہ اس میں سے اللہ کا حق تم قبضہ میں لے لو۔ |
| فَاِنِ اسْتَقَالَکَ فَاَقِلْهُ، | 18 | اور اگر مالک اب تک کی ساری تقسیم کو ناپسند کردے تو تم بھی اسے رد کردو اور |
| ثُمَّ اخْلِطْهُمَا، | 19 | تمام مال کو دوبارہ ملا جلا دو۔ |
| ثُمَّ اصْنَعْ مِثْلَ الَّذِیْ صَنَعْتَ اَوَّلاً حَتّٰی تَاْخُذَ حَقَّ اللّٰهِ فِیْ مَالِهٖ. | 20 | پھر حسب سابق تقسیم کا عملدرآمد شروع کر کے آخر تک آؤ۔ اور اللہ والا حصہ نکال لو۔ |
| وَلَا تَاْخُذَنَّ عَوْدًا وَ لَاهَرِمَةً وَ لَا مَکْسُوْرَةً وَ لَا مَهْلُوْسَةً، وَ لَا ذَاتَ عَوَارٍ، | 21 | اور اگر تمہارے حصے میں کوئی بہت بوڑھا جانور یا ٹوٹی ہوئی کمر اور ٹانگ والا جانور یا بیمار یا عیب دار جانور آجائے تو اسے ہماری طرف روانہ نہ کرنا بلکہ وہیں امانت چھوڑ دینا۔ |
| وَ لَاتَاْمَنَنَّ عَلَیْهَا اِلَّا مَنْ تَثِقُ بِدِیْنِهٖ رَافِقًا بِمَالِ الْمُسْلِمِیْنَ حَتّٰی یُوَصِّلَهُ اِلٰی وَلِیِّهِمْ فَیَقْسِمَهٗ بَیْنَهُمْ، | 22 | اور امانت بھی صرف ایسے شخص کے پاس چھوڑنا جس کی دینداری پر تمہیں بھروسہ ہو جو مسلمانوں کے مال سے اس وقت تک برابر ہمدردی سے پیش آئے جب تک وہ ان کے ولی تک نہ پہنچ جائے اور وہ مسلمانوں میں اس مال کو تقسیم نہ کردے۔ |
| وَ لَا تُوَکِّلْ بِهَا اِلَّانَاصِحًا شَفِیْقًا وَاَمِیْنًا حَفِیْظًا غَیْرَ مُعَنِّفٍ وَ لَا مُجْحِفٍ وَمُلْغِبٍ وَّ لَامُتْعِبٍ، | 23 | اور اس مال کو ایسے شخص کی تحویل میں دینا جو دوسروں کو بھی نصیحت کرنے اور شفقت کرنیوالا اور امانتدار اور حفاظت کرنیوالا ہو۔ نہ کہ سخت مزاج اور نہ جانوروں کو دوڑانے بھگانے والا اور نہ تھکا کر بے دم کردینے والا اور نہ مشقت میں مبتلا کرنے والا ہو۔ |
| ثُمَّ اَحْدُرْ اِلَیْنَا مَااجْتَمَعَ عِنْدَکَ، | 24 | پھر جو مال تمہارے پاس جمع ہوتا جائے اسے ہماری طرف روانہ کرتے جاؤ۔ |
| نُصَیِّرْهُ حَیْثُ اَمَرَاللّٰهُ، | 25 | تاکہ ہم اسے اللہ کے احکام کے مطابق بھیجتے اور سونپتے رہیں۔ |
| فَاِذَا اَخَذَهَا اَمِیْنُکَ فَاَوْعِزْ اِلَیْهِ اَنْ لَّا یَحُوْلَ بَیْنَ نَاقَهٍ وَّبَیْنَ فَصِیْلِهَا، وَ لَایُمَصِّرَ لَبَنَهَا فَیَضُرَّ ذٰلِکَ بِوَلَدِهَا، | 26 | پھر جب تمہارا تعینات کیا ہوا امین مال کو لے کر چلے تو تم اسے ہدایت کرو کہ وہ اونٹنی کے دودھ پیتے بچے کو ماں سے الگ نہ رکھے اور نہ ہی سارے کا سارا دودھ نکال لے وہ اس کے بچے کے لئے نقصان دے گا۔ |
| وَلَا یَجْهَدَنَّهَا رُکُوْبًا، | 27 | اور نہ اس پر سواری کر کے اسے ستاتا رہے۔ |
| وَلْیَعْدِلْ بَیْنَ صَوَاحِبَاتِهَا فِیْ ذٰلِکَ وَبَیْنَهَا، | 28 | اور سواری کے معاملے میں باقی اونٹوں کے ساتھ عدل کرے اور اسے انکے برابر رکھے. |
| وَلْیُرَفِّهْ عَلَی اللَّاغِبِ، وَلْیُسْتَانْ بِالنَّقِبِ وَالظَّالِعِ ،وَلْیُوْرِدْهَا مَاتَمُرُّبِهٖ مِنَ الْغُدُرِ، | 29 | تھکے ہوئے جانوروں کو راحت و آرام دیتا چلے اور جسکے کُھر گھسے ہوئے ہوں یا پیر میں تکلیف ہو انہیں آہستہ چلائے اور پانی کے جوہڑ اور تالاب راہ میں پڑیں تو پانی پر ٹھہرائے. |
| وَلَایَعْدِلْ بِهَا عَنْ نَبْتِ الْاَرْضِ اِلٰی جَوَادِّ الطُّرُقِ، | 30 | اور انہیں سرسبز علاقوں سے موڑ کر خشک راہوں سے لے کر نہ چلے۔ |
| وَلْیُرَوِّحْهَا فِی السَّاعَاتِ، | 31 | اور موقع بموقع انہیں آرام و راحت دیتا چلے۔ |
| وَلْیُمْهِلْهَا عِنْدَالنِّطَافِ وَالْاَعْشَابِ حَتّٰی | 32 | اور جہاں کہیں سبزہ اور گھاس ملے وہاں انہیں چرنے کی مہلت دیتا ہوا ہم تک پہنچے تاکہ بحکم |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| تَاتِيْنَا بِاِذْنِ اللّٰهِ. بُدَّنًا مُنْقِيَاتٍ، غَيْرَ مُتْعَبَاتٍ وَلَامَجْهُوْدَاتٍ لِنَقْسِمَهَا عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ، فَاِنَّ ذٰلِكَ اَعْظَمُ لِاَجْرِكَ وَاَقْرَبُ لِرُشْدِكَ، اِنْشَاءَ اللّٰه. | 33 | خداوہ سب تندرست وتوانا ہوں اوران کی ہڈیوں کا گودابڑھا ہوا ہو۔اوروہ تھکے ہارے اور برے حال میں نہ ہوں تا کہ ہم اللہ کی کتاب کے اور رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی سنت کے مطابق تقسیم کرسکیں۔<br>ان تمام ہدایات پرعمل کرنا تمہارے لئے عظیم الشان اجر کا باعث ہوگا اور ہدایت کے بہت قریب لے جائے گا۔انشاءاللہ |

**تشریح:۔** بدقسمتی اورمشکل یہ ہے کہ ہم خلیفۂ خلافت اورانتظامات خلافت کوقرآن اورسنت اورحقوق العباد کی ترازو میں تولنا چاہتے ہیں اورحضرات ابوبکر وعمروعثمان ومعاویہ قرآن کی بجائے صرف مصالحِ قومی' تقاضائے وقت اورقریشی مفاد کی ترازو میں تولتے ہیں۔اورساتھ ہی وہ حضرات ابوبکروعمروعثمان اورعلیؑ میں مقابلہ کرکے کامیابی اورناکامی کا پیمانہ بھی مقررکرنا چاہتے ہیں۔لہٰذا یہ دومتضادعنوانات ہیں ان میں تقابل ممکن ہی نہیں ہے۔ایک حق ہے تو دوسرا باطل،ایک اسلام ہے تو دوسرا کفر،ایک نور ہے تو دوسرا گھپ اندھیر یا ظلمت،ایک دن ہے تو دوسرا رات ہے،اُن میں مقابلے کیلئے کوئی قدرمشترک نہیں ہے۔

## ہمارے سامنے مسئلہ زکوٰۃ اورزکوٰۃ کی وصولی ہے

اس سلسلے میں قریش کی اپنی تیارکی ہوئی تاریخ یہ بتاتی ہے کہ حضرت ابوبکر نے اپنے سپاہ سالارکوزکوٰۃ کی وصولی کیلئے مسلمانوں کے خون کی ندیاں بہانے اورقتل وغارت ولوٹ ماراورعزتیں لوٹنے کی چھوٹ دئے رکھی۔غلاموں اورکنیزوں سے مارکیٹیں لبریزکردیں۔حضرت عمرنے رسوؐل اللہ کے خلاف سواری کے گھوڑوں وغیرہ پربھی زکوٰۃ وصول کرنا شروع کردی تھی (الفاروق) اورٹیکس وصول کرنے والے دودومرتبہ گھوڑوں پرٹیکس وصول کرلیتے تھے۔یہاں تک کہ خلیفہ سے شکایت کی جاتی تو وہ ایک سال میں دوبارٹیکس کی ممانعت کا حکمنامہ جاری کرتے (الفاروق) یعنی باقاعدہ قوانین وہدایات ملک میں جاری نہ تھے۔رہ گئے حضرت عثمان تو ان کے حالات اورلاش کی بےحرمتی تاریخ میں موجود ہے (فتنۃ الکبری)۔سوچئے کہ حضرت علی علیہ السلام کا اِن لوگوں سے مقابلہ کیسے کیا جائے۔اورکہاں سے کیا جائے؟

## کسی کی بےایمانی اوربددیانتی کی طرف سے پرواکئے بغیراللہ ورسوؐل کے احکام کی پابندی کئے جانا

بہرحال حضرت علی علیہ السلام کی وصیت نمبر(25) میں ساری دُنیا کومعلوم ہوگیا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام بےایمانی' خیانت اورمکروفریب کا توڑکرنے کیلئے بھی کسی مسلمان پرشک وشبہ نہ کریں گے اورزیادہ سے زیادہ یا پوری زکوٰۃ وصول کرنے لئے بھی کوئی سیاسی یا مکارانہ حربہ کام میں نہ لائیں گے۔خواہ مالی کمی کی بناپرحکومت ہی ہاتھ سے کیوں نہ نکل جائے۔مکروفریب ودغا اور بےایمانی اورخیانت سےاوردوسروں پرشک وشبہ سے حضرت علیؑ کے سوااورکوئی دُور نہ رہ سکتا تھا۔آپ نے دیکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے زکوٰۃ وصول کرنے والوں کی زبان اور ہاتھ پیر باندھ کررکھ دیئے ہیں۔انہیں سچی بات توسچی بات ہے اُف تک کرنے کی اجازت نہیں ہے اورتمام اختیارات اورآزادی پبلک کوسونپ دی ہے۔اُن کی ''**ہاں**'' کو**ہاں**'' ماننا اور''**ناں**'' کو**ناں**'' سمجھنا لازم ہے۔خواہ گورنر یا عامل کوشک وشبہ اوریقین ہی کیوں نہ ہورہا ہو۔اُسے مسکراھٹوں میں قبول کرنا اور ماننا لازم ہے۔یہ رعایت حضرات ابوبکروعمروعثمان وغیرہ تو کہاں،دُنیا کے کسی حکومتی نظام میں نہ ملے گی۔اورپھرقرآن ورسوؐل اورایمان ویقین میں پَگی تُلی اس قلیل آمدنی سے جباروں اور

Presented by Ziaraat.Com

لٹیروں اور اربوں پتی حکومتوں کے مقابلہ میں پانچ سال رعب و دبدبہ اور فتح اور غلبہ کے ساتھ حکومت کرنا صرف اللہ ہی کا کام ہوسکتا تھا۔ انسان کا نہیں یہ بے مثل و بے نظیر حکومت ہے۔

## کیا کبھی حضرات ابوبکر و عمر و عثمان نے خود کو علیؑ کی طرح اللہ کا ولی اور اللہ کا خلیفہ کہا ہے؟

جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام خلفائے ثلاثہ کے جانشین بنائے گئے تھے اور یہ کہ چاروں خلافتیں ایک ہی سلسلے کی حکومتیں تھیں وہ بہت غلط سمجھتے ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام خلفائے ثلاثہ سے کسی معنی میں کوئی نسبت نہ رکھتے تھے۔ وہ قرآن کے مطابق اللہ و محمدؐ کے برابر ولی تھے۔ (5/55) سارے انسانوں پر اللہ و رسولؐ کی طرح حاکم تھے اور خلیفۂ خداوندی تھے اور اللہ کے حکم سے مسلمانوں پر رسولؐ کے قائم کردہ خلیفہ، وزیر اور جانشین اور رسولؐ کے بھائی تھے (شعرا 217 تا 26/214)۔ اور اسی بناء پر علی علیہ السلام نے حضرات ابوبکر و عمر کے طریقے پر حکومت کرنے کی شرط کو ٹھکرا دیا تھا ورنہ حضرت عثمان کو خلافت کی ہوا بھی نہ لگتی۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہم اذان اور اقامت اور تشہد میں اَشْهَدُ اَنَّ عَلِيًّا حُجَّةُ اللّٰهِ و خَلِيْفَتُهٗ بِلَافَصْل کا اعلان کرتے ہیں۔ اگر معاذ اللہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرات ابوبکر و عمر کی پیروی کرنے کی شرط پر حکومت حاصل کی ہوتی تو ہم یہ اعلان کرنے کا حق نہ رکھتے۔ لہٰذا ہمارے اس اعلان سے دو باتیں ثابت ہوتی ہیں اوّل یہ کہ دعوت ذوی العشیر کے دن سے آپؐ خلیفہ خدا اور رسولؐ ہیں اور دوم یہ کہ آپؐ کے مقابل بننے والی حکومتیں سازش کے ماتحت بنائی گئی تھیں۔ حضرت علیؑ نے اُن کی پیروی کو اور اُن کے حکومت عطا کرنے کو ٹھکرا دیا۔ لہٰذا وہ خلیفہ بلافصل برابر قائم چلے آرہے ہیں۔

## حضرات ابوبکر و عمر کی طرزِ حکومت کی پیروی کی بجائے حضرت علیؑ نے قرآن و سنت کو قائم کیا

قارئین کو معلوم ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سارے قریش کے متعلق پیشن گوئی فرمادی تھی (بخاری) کہ تم یہود و نصاریٰ اور عجمیوں کی بالشت بالشت اور ہاتھوں سے ناپ ناپ کر پیروی کرو گے۔ اور حضرت عمر کے متعلق بڑے فخر سے مانا گیا ہے کہ اُس نے عجمیوں کے قدم بقدم اپنی حکومت چلائی تھی (الفاروق حصہ 2 صفحہ 88) (وغیرہ)

تفصیلات بار بار لکھی جاتی رہی ہیں۔ یہاں پھر عجمی حکمرانوں کی پیروی کا ایک رُخ دیکھتے چلیں۔ علامہ شبلی لکھتے ہیں۔ ''جہاں تک ہم کو معلوم ہے عراق کے سوا حضرت عمر نے اور کسی صوبے کی پیمائش نہیں کرائی بلکہ جہاں جس کا بندوبست تھا اور بندوبست کے جو کاغذات پہلے سے تیار تھے اُن کو اُسی طرح قائم رکھا۔ یہاں تک کہ دفتر کی زبان تک نہیں بدلی یعنی جس طرح اسلام سے پہلے عراق و ایران کا دفتر فارسی میں تھا، شام کا رومی زبان میں تھا مصر کا قبطی زبان میں تھا۔ حضرت عمر کے عہد میں بھی اُسی طرح رہا خراج کے محکمے میں جس طرح قدیم سے پارسی یونانی اور قبطی ملازم تھے بدستور بحال رہے۔ مصر میں فرعون کے زمانے میں جو بندوبست ہوا تھا وہی قائم رکھا۔ اور رومن امپائر میں بھی وہی جاری رہا'' (الفاروق حصہ 2 صفحہ 20.21)

یعنی حضرت عمر کے نزدیک قرآن و حدیث اِن انتظامات سے خالی تھے یا عجمی حکمرانوں کے بنائے قوانین قرآن و حدیث سے بہرحال بہتر اور سہل تر اور مفید تر تھے۔ بتایئے حضرت علی علیہ السلام کیسے ان تارکین و مخالفین قرآن و سنت لوگوں کی پیروی کر سکتے تھے؟ اُنہوں نے کتاب و سنت کو قائم کیا تھا۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر26) وصیت

## اِلٰی بَعْضِ عُمَّالِہٖ وَقَدْ بَعَثَہٗ عَلَی الصَّدَقَۃِ

### ایک گورنر کے نام جسے صدقات وصول کرنے پر تعینات کیا ہوا تھا

**1۔ پبلک سے اموال وصول کرنے والوں کو ہدایات 2۔ امانتداری اور عبادت میں خلوص کی ایک صورت**
**3۔ قیامت میں سب سے زیادہ دشمن کس کے ہوں گے 4۔ غرباء اور مساکین کا خیال رکھنا**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| آمُرُہٗ بِتَقْوَی اللّٰہِ فِیْ سَرَائِرِ اَمْرِہٖ وَخَفِیَّاتِ عَمَلِہٖ، حَیْثُ لَاشَاھِدَ غَیْرُہٗ وَلَا وَکِیْلَ دُوْنَہٗ. | 1 | میں اُنہیں حکم دیتا ہوں کہ وہ اپنے تمام رازوں میں اور خفیہ کاموں میں اللہ کے سامنے ذمہ دار رہیں جہاں نہ اللہ کے علاوہ کوئی اور گواہ ہوگا۔ اور نہ کوئی وکالت کرنے والا ہوگا۔ |
| وَآمُرُہٗ اَنْ لَّایَعْمَلَ بِشَیْءٍ مِنْ طَاعَۃِ اللّٰہِ فِیْمَا ظَھَرَ فَیُخَالِفَ اِلٰی غَیْرِہٖ فِیْمَا اَسَرَّ، | 2 | اور میں اُنہیں یہ حکم بھی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کی اطاعت کے سلسلے میں نہ کوئی ایسی بات کہیں اور نہ کوئی ایسا کام کریں جو صرف لوگوں پر ظاہر کرنے اور دکھانے کے لئے ہو۔ مگر دل میں اُس کے خلاف کرنے کا ارادہ چھپا ہوا ہو۔ |
| وَمَنْ لَّمْ یَخْتَلِفْ سِرُّہٗ وَعَلَانِیَتُہٗ وَفِعْلُہٗ وَمَقَالَتُہٗ فَقَدْ اَدَّی الْاَمَانَۃَ ؛ وَاَخْلَصَ الْعِبَادَۃَ. | 3 | اور یہ کہ جو شخص اپنے ظاہر اور باطن کو اپنے اعمال و اقوال کی ظاہری اور باطنی صورتوں کو یکساں رکھے اُس نے یقیناً اللہ کی امانتوں کو ادا کر دیا اور اسکی عبادت میں خلوص برقرار رکھا؛ |
| وَآمُرُہٗ اَنْ لَّایَجْبَھَھُمْ وَلَا یَعْضَھَھُمْ وَلَا یَرْغَبَ عَنْھُمْ تَفَضُّلاً بِالْاِمَارَۃِ عَلَیْھِمْ، | 4 | اور اُنہیں یہ حکم بھی دیتا ہوں کہ وہ اپنے ماتحت رعایا کو رنجیدہ اور غمگین نہ رکھیں نہ اُن کی باتوں پر سخن چینی کریں نہ تہمت لگائیں۔ اور اپنے عہدہ کی برتری کی بنا پر اکڑ کر نہ رہا کریں؛ |
| فَاِنَّھُمُ الْاِخْوَانُ فِی الدِّیْنِ، وَالْاَعْوَانُ عَلٰی اسْتِخْرَاجِ الْحُقُوْقِ، | 5 | یہ اس لئے کہ وہ ان کے دینی بھائی بھی ہیں اور وہ اللہ کے قائم کئے ہوئے حقوق ادا کرنے میں اُن کے مددگار بھی ہیں؛ |
| وَاِنَّ لَکَ فِیْ ھٰذِہِ الصَّدَقَۃِ نَصِیْبًا مَفْرُوْضًا وَحَقًّا مَعْلُوْمًا، | 6 | اور یہ صحیح ہے کہ صدقات کے اِن اموال میں تمہارا ایک فرض شدہ حصہ اور معلوم حق ہے؛ |
| وَشُرَکَآءَ اَھْلَ مَسْکَنَۃٍ وَضُعَفَآءَ ذَوِیْ فَاقَۃٍ، | 7 | اور اِن اموال میں بے سہارا مسکین اور کمزور فاقہ کش لوگ بھی شریک ہیں؛ |
| وَاِنَّامُوَفُّوْکَ حَقَّکَ،فَوَفِّھِمْ حُقُوْقَھُمْ، | 8 | اور ہم بلاشبہ تمہارا حق وحصہ ادا کرتے ہیں چنانچہ تم بھی اُن لوگوں کے حقوق ادا کرو؛ |
| وَاِلَّا فَاِنَّکَ مِنْ اَکْثَرِ النَّاسِ خُصُوْمًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ، | 9 | اور اگر تم نے مساکین اور فاقہ زدہ لوگوں کے حقوق ادا نہ کئے تو سمجھ لو کہ قیامت میں انسانوں کی اکثریت تمہارے خلاف دعویدار اور دشمن ہوگی؛ |
| وَبُؤْسًا لِّمَنْ خَصْمُہٗ عِنْدَاللّٰہِ الْفُقَرَآءُ وَالْمَسَاکِیْنُ وَالسَّائِلُوْنَ وَالْمَدْفُوْعُوْنَ وَالْغَارِمُ وَابْنُ السَّبِیْلِ، | 10 | اور بڑا بدبخت ہے وہ شخص جسکے خلاف اللہ کے سامنے دعویدار دشمن فقیر اور مساکین اور ضرورت منداور قرضدار اور مسافر اور دھتکارے ہوئے لوگ ہونگے |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَنِ اسْتَهَانَ بِالْاَمَانَةِ وَرَتَعَ فِي الْخِيَانَةِ، وَلَمْ يُنَزِّهْ نَفْسَهُ وَ دِيْنَهُ عَنْهَا ، فَقَدْ اَحَلَّ بِنَفْسِهِ فِي الدُّنْيَا الذُّلَّ وَالْخِزْيَ، وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَذَلُّ وَاَخْزٰى، | 11 | یہ نوٹ کرلو کہ جو کوئی امانت اور دیانت کو حقیر سمجھے اور خیانت پر منہ مارتا اور چرتا پھرے اور خود کو اور اپنے دین کو اس سے پاک نہ رکھے۔ تو بلا شبہ اُس نے اپنے آپ کو دنیا میں ذلت وخواری کے لئے آزاد چھوڑ دیا اور وہ آخرت میں سب سے بڑھ کر ذلیل اور سب سے زیادہ خواری کے عالم میں ہوگا۔ |
| وَاِنَّ اَعْظَمَ الْخِيَانَةِ خِيَانَةُ الْاُمَّةِ، وَاَفْظَعَ الْغِشِّ غِشُّ الْاَئِمَّةِ. والسلام. | 12 | اور یقیناً سب سے عظیم ترین خیانت امت سے خیانت کرنا ہے اور سب سے بڑی دھوکہ بازی اپنے اماموںؑ سے دھوکہ بازی ہوتی ہے۔ والسلام۔ |

**تشریح:**۔ اِن بارہ جملوں میں حضور علیہ السلام نے جو احکامات دیئے ہیں وہ صرف گورنروں اور صدقات وزکوٰۃ وصول کرنے والوں ہی سے مخصوص نہیں ہیں ہر مومن کا ظاہر و باطن ایک ہونا چاہیئے ۔ ہر مومن کو دوسرے مومنین کے ساتھ بھائیوں ایسا سلوک رکھنا چاہیئے اُن کے حقوق خود بھی ادا کرنا چاہیئے اور دوسروں سے بھی ان کے حقوق دلوانا چاہیئے ۔ اور زکوٰۃ وصدقات کا جہاں تک تعلق ہے اُن میں گورنروں اور متعین شدہ لوگوں کی خصوصیت ہے۔ اس تمام تاکید اور تمام ہدایات سے بھی یہ واضح ہوتا ہے کہ حضور علیہ السلام مومنین پر اُسی طرح کا یقین اور بھروسہ رکھیں گے جیسا کہ سابقہ وصیت میں واضح کیا گیا ہے۔ رہ گیا کاروباری حیثیت کا نظام وانتظام اس میں کوئی شخص ایک پائی بھی اِدھر سے اُدھر نہیں کرسکتا۔ اگر ہر آدمی کی چوروں کی طرح نگرانی اور دیکھ بھال کی جائے اور آجکل کا انتظام (Management) جاری رکھا جائے تو ایمانداری اور بے ایمانی کی گنجائش ہی نہ رہے گی ۔ ہر قدم پر حساب لیا جائے رسیدوں پر دستخط کرائے جائیں جیسا نظام جبر واستبداد کا تقاضہ ہے تو معصومؑ کی ضرورت نہیں ۔ یہ ضرورت تو اس صورت میں لازم ہوتی ہے جب لوگوں کو عصمت کی طرف بڑھانا ہو۔ بھول چوک غلط کاری اور غلط فکری کو انسانوں سے دور کیا جانا مقصود ہو۔

## ( نمبر 27) معاهده

## اِلٰى مُحَمَّدٍؐ ابْنِ اَبِيْ بَكْرٍ حِيْنَ قَلَّدَهُ مِصْرَ

**ابوبکر کے بیٹے محمدؐ سے عہد لیا گیا جب انہیں ملک مصر کا گورنر بنایا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَاخْفِضْ لَهُمْ جَنَاحَكَ، | 1 | پبلک کے لئے اپنی آغوش کھلی رکھنا؛ |
| وَاَلِنْ لَهُمْ جَانِبَكَ، | 2 | اور اپنے پہلوؤں کو اُن کے لئے نرم اور ہموار رکھو؛ |
| وَالْبُسْطُ لَهُمْ وَجْهَكَ، | 3 | اور اُن کے ساتھ ہنس مکھ رہا کرو؛ |
| وَآسِ بَيْنَهُمْ فِي اللَّحْظَةِ وَالنَّظْرَةِ، حَتّٰى لَا يَطْمَعَ الْعُظَمَآءُ فِيْ حَيْفِكَ لَهُمْ، وَلَا يَيْأَسَ الضُّعَفَآءُ مِنْ عَدْلِكَ عَلَيْهِمْ، | 4 | اور اُن سے ایسا سلوک کرنا کہ بڑے لوگ تم سے اپنی ناحق طرفداری کی آس نہ لگائیں اور چھوٹے لوگ بڑے لوگوں کے مقابلے میں تمہارے عدل وانصاف سے مایوس نہ ہوجائیں۔ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُسَائِلُكُمْ مَعْشَرَ عِبَادِهِ عَنِ الصَّغِيْرَةِ مِنْ اَعْمَالِكُمْ وَالْكَبِيْرَةِ ، وَالظَّاهِرَةِ وَالْمَسْتُوْرَةِ، | 5 | چنانچہ اَے بندگانِ خدا یہ سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے تمام چھوٹے اور بڑے اعمال پر اور تمام ظاہری اور پوشیدہ کردار پر جواب طلب کرے گا؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنْ يُعَذِّبْ فَاَنْتُمْ اَظْلَمُ وَاِنْ يَّعْفُ فَهُوَ اَكْرَمُ. | 6 | اس لئے اگر وہ تمہیں عذاب دے تو تمہارے ظلم اور قصور کی بنا پر دے گا۔ اور اگر معاف کرے تو معافی اس کے اپنے کرم کی بنا پر ہوگی؛ |
| وَاعْلَمُوْا .عِبَادَاللّٰهِ.اَنَّ الْمُتَّقِيْنَ ذَهَبُوْا بِعَاجِلِ الدُّنْيَا وَاٰجِلِ الْاٰخِرَةِ،فَشَارِكُوْا اَهْلَ الدُّنْيَا فِيْ دُنْيَاهُمْ وَلَمْ يُشَارِكْهُمْ اَهْلُ الدُّنيا فِيْ آخِرَتِهِمْ، | 7 | اور اَے خدا کے بندو یہ بھی سمجھ لو کہ متقین نے ایسی رفتار اختیار کی تھی کہ جس سے اُنہوں نے جانے والی دنیا سے بھی فائدے حاصل کئے اور آنے والی آخرت سے بھی نفع اندوزی کی وہ دنیا میں دنیا والوں کے ساتھ شریک رہے مگر دُنیا پرست اُن کی آخرت میں شریک نہ ہو سکے؛ |
| سَكَنُوا الدُّنْيَا بِاَفْضَلِ مَاسُكِنَتْ وَاَكَلُوْهَا بِاَفْضَلِ مَا اُكِلَتْ | 8 | وہ دنیا میں اس طرح رہے کہ کھانے کی چیزوں میں سے بہترین چیزیں کھائیں اور |
| فَحَظُوْا مِنَ الدُّنْيَا بِمَا حَظِيَ بِهِ الْمُتْرَفُوْنَ ؛ | 9 | اسطرح انہوں نے دنیا کی ان تمام ہی چیزوں سے استفادہ کیا جو یہاں عیش پرستوں کو حاصل تھیں؛ |
| وَاَخَذُوْا مِنْهَامَااَخَذَهُ الْجَبَابِرَةُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ ؛ | 10 | اور دنیا سے وہ سب کچھ حاصل کیا جو سرکش اور مغرور اور جابر لوگوں کو حاصل تھا؛ |
| ثُمَّ انْقَلَبُوْاعَنْهَا بِالزَّادِ الْمُبَلِّغِ ؛وَالْمَتْجَرِالرَّبِحِ : | 11 | پھر اُنہوں نے دنیا سے اس طرح واپسی اختیار کی کہ اُن کے پاس منزل تک پہنچانے والے اور نفع میں رکھنے والے سامان کا ذخیرہ بھی تھا؛ |
| اَصَابُوْ لَذَّةَ زُهْدِ الدُّنْيَا فِيْ دُنْيَاهُمْ ؛ | 12 | دُنیا میں رہتے ہوئے اُنہوں نے اِسی دنیا میں ترکِ دنیا کی لذت بھی حاصل کر لی؛ |
| وَتَيَقَّنُوْا اَنَّهُمْ جِيْرَانُ اللّٰهِ غَدًا فِيْ آخِرَتِهِمْ | 13 | اور یہ بھی یقین رکھا کہ کل آخرت میں وہ بلا شبہ اللہ کے پڑوسی ہوں گے۔ اور وہاں نہ انکی کوئی بات رد کی جائیگی اور نہ ہی انکی عیش وعشرت اور لذت میں کمی واقع ہوگی؛ |
| لَاتُرَدُّلَهُمْ دَعْوَةً ؛وَلَايُنْقَصُ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِنْ لَذَّةٍ ؛ | | |
| فَاحْذَرُوْاعِبَادَ اللّٰهِ الْمَوْتِ وَقُرْبَهُ وَاَعِدُّوْا لَهُ عُدَّتَهُ | 14 | چنانچہ خدا کے بندو موت سے اور اس کی قربت سے بچنے میں کوشاں رہو اور اس کے لئے پسندیدہ سامان سے تیاری کرو؛ |
| فَاِنَّهُ يَاْتِيْ بِاَمْرٍعَظِيْمٍ وَخَطْبٍ جَلِيْلٍ : | 15 | یقیناً موت آئیگی اور ایک عظیم صورت حال اور جلیل الشان پیغام کیساتھ آئے گی؛ |
| بِخَيْرٍ لَايَكُوْنُ مَعَهُ شَرٌّ اَبَدًا ؛اَوْشَرٍّ لَايَكُوْنُ مَعَهُ خَيْرًا اَبَدًا ؛ | 16 | خیر اور اچھائی لائے گی تو اُس کے ساتھ ہرگز شر اور برائی نہ ہوگی۔ اور شر اور برائی لائے گی تو اُس شر کے ساتھ ہرگز خیر و بھلائی نہ ہوگی؛ |
| فَمَنْ اَقْرَبُ اِلَى الْجَنَّةِ مِنْ عَامِلِهَا وَمَنْ اَقْرَبُ اِلَى النَّارِ مِنْ عَامِلِهَا ؟ | 17 | چنانچہ کون ہے جو جنت کے اعمال بجالانیوالے کی بہ نسبت جنت سے قریب ہو؟ اور وہ کون ہوسکتا ہے جو دوزخ کیلئے کام کرنے والے سے دوزخ سے قریب ہو؟ |
| وَاَنْتُمْ طُرَدَاءُ الْمَوْتِ اِنْ اَقَمْتُمْ لَهُ اَخَذَكُمْ وَاِنْ فَرَرْتُمْ مِنْهُ اَدْرَكَكُمْ ؛وَهُوَاَلْزَمُ لَكُمْ مِنْ ظِلِّكُمْ، اَلْمَوْتُ مَعْقُوْدٌ بِنَوَاصِيْكُمْ ؛ | 18 | اور موت تو تمہارا پیچھا کرتی ہوئی آرہی ہے اگر تم اُس کے لئے ٹھہرو گے تو وہ تمہیں پکڑ لے گی اور اگر تم اس سے بھاگو گے تو تب بھی وہ تم تک پہنچ جائے گی۔ اور وہ تمہارے ساتھ اسی طرح لازم ہے جیسے تمہارا سایہ تمہارے ساتھ رہتا ہے۔ اور موت کو تمہاری پیشانیوں کے ساتھ باندھا ہوا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالدُّنْيَاتُطْوَىٰ مِنْ خَلْفِكُمْ ؛ | 19 | اور دنیا کو تمہارے پیچھے پیچھے بستر کی طرح لپیٹا جا رہا ہے؛ |
| فَاحْذَرُوْا نَارًا قَعْرُهَا بَعِيْدٌ وَحَرُّهَا شَدِيْدٌ ،وَعَذَابُهَا جَدِيْدٌ: | 20 | چنانچہ تم اُس آگ سے خبردار ہو جاؤ جس کی گہرائی بہت ہی زیادہ ہے اور اُس کی آنچ بہت ہی سخت ہے اور اُس کا عذاب ہمیشہ نیا اور تازہ رہتا ہے؛ |
| دَارٌ لَيْسَ فِيْهَا رَحْمَةٌ ؛ | 21 | وہ ایسا مقام ہے جس میں رحم اور رحمت نہیں ہے؛ |
| وَلَا تُسْمَعُ فِيْهَا دَعْوَةٌ ؛ | 22 | جس میں فریاد کی شنوائی نہیں ہے؛ |
| وَ لَا تُفَرَّحُ فِيْهَا كُرْبَةٌ ؛ | 23 | جہاں تکلیف میں فرحت رسانی نہیں ہوتی ہے؛ |
| وَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ يَّشْتَدَّ خَوْفُكُمْ مِنَ اللّٰهِ وَاَنْ يُّحْسُنَ ظَنُّكُمْ بِهٖ فَاجْمَعُوْا بَيْنَهُمَا ؛ | 24 | اور اگر تم یہ کر لو کہ اللہ کا زیادہ سے زیادہ خوف بھی رکھو اور اُس سے اچھی امیدیں بھی وابستہ رکھو تو خوف اور حسنِ ظن کو اپنے اندر جمع کر لو؛ |
| فَاِنَّ الْعَبْدَ اِنَّمَا يَكُوْنُ حُسْنُ ظَنِّهٖ بِرَبِّهٖ عَلٰى قَدْرِ خَوْفِهٖ مِنْ رَّبِّهٖ؛ | 25 | چنانچہ ایک سمجھ دار بندے کو اللہ سے اتنی ہی اچھی امیدیں بھی ہونا چاہئیں جتنا کہ وہ اس سے ڈر کر برائیوں سے باز رہے؛ |
| وَاِنَّ اَحْسَنَ النَّاسِ ظَنًّا بِاللّٰهِ اَشَدُّهُمْ خَوْفًا لِلّٰهِ ؛ | 26 | اور حقیقت یہ ہے کہ سارے لوگوں میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہی سب سے زیادہ اللہ سے بھلائیوں کا امیدوار ہوا کرتا ہے؛ |
| وَاعْلَمْ يَامُحَمَّدَ ابْنَ اَبِىْ بَكْرٍ اَنِّىْ قَدْ وَلَّيْتُكَ اَعْظَمَ اَجْنَادِىْ فِىْ نَفْسِىْ اَهْلَ مِصْرٍ ؛ | 27 | اور اے ابوبکر کے بیٹے محمد میں نے تمہیں اہل مصر پر ولی و حکمران بنایا ہے جو میری سب سے بڑی فوج ہیں۔ لہٰذا تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ، |
| فَاَنْتَ مَحْقُوْقٌ اَنْ تَخَالِفَ عَلٰى نَفْسِكَ ؛ | 28 | چنانچہ تم پر میں یہ حق قائم کرتا ہوں کہ تم اپنی اُن خواہشات کی برابر مخالفت کرتے رہو گے جو تمہارے فرائض کے خلاف ہوں گے؛ |
| وَاَنْ تُنَافِحَ عَنْ دِيْنِكَ وَلَوْلَمْ يَكُنْ لَكَ اِلَّاسَاعَةً مِنَ الدَّهْرِ | 29 | اور یہ کہ تم ہر حال میں اپنے دین کے لئے سینہ سپر رہنا خواہ تمہارے پاس اس دنیا میں زندہ رہنے کے لئے ایک ہی گھڑی رہ گئی ہو؛ |
| وَ لَا تُسْخِطَ اللّٰهَ بِرِضَا اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِهٖ ؛ | 30 | اور مخلوقات میں سے کسی کے خوش کرنے کی خاطر اللہ کو ناراض نہ کرنا؛ |
| فَاِنَّ فِى اللّٰهِ خَلَفًا مِّنْ غَيْرِهٖ وَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ خَلَفٌ فِىْ غَيْرِهٖ. | 31 | اس لئے کہ اللہ سے وہ سب کچھ مل سکتا ہے جو ساری مخلوقات سے ملے مگر مخلوقات سے وہ سب کچھ نہیں مل سکتا جو اللہ دے سکتا ہے؛ |
| صَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا الْمُوَقَّتِ لَهَا ؛وَلَا تُعَجِّلْ وَقْتَهَا لِفَرَاغٍ ؛ وَ لَا تُؤَخِّرْهَا عَنْ وَقْتِهَا لِاشْتِغَالٍ ؛ | 32 | اور یہ کہ تم نماز کو اسکے مقررہ وقت پر ادا کرنا۔ جان چھڑانے کیلئے وقت سے پہلے ادا نہ کرنا اور دوسرے کاموں میں اُلجھ کر اس کے وقت میں دیر نہ کرنا؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ كُلَّ شَىْءٍ مِنْ عَمَلِكَ تَبَعٌ لِّصَلَاتِكَ ؛ | 33 | یہ سختی سے نوٹ کر لو کہ تمہارے اعمال میں سے ہر عمل تمہاری نماز کے لئے اور نماز کی پیروی میں ہونا چاہئے؛ |
| فَاِنَّهٗ لَاسَوَآءٌ اِمَامُ الْهُدٰى وَاِمَامُ الرَّدٰى ؛وَوَلِىُّ نَبِىٍّ وَعَدُوُّ النَّبِىِّ ؛ | 34 | چنانچہ حقیقت یہ ہے کہ ھدایت کا امام اور ہلاکت و گمراہی کا امام برابر نہیں ہو سکتے اور نہ ہی نبیؐ کا ولی اور نبیؐ کا دشمن یکساں ہو سکتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَقَدْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ: "اِنِّیْ لَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِیْ مُؤْمِنًا وَلَا مُشْرِکًا: اَمَّا الْمُؤْمِنُ فَیَمْنَعُہُ اللّٰہُ بِاِیْمَانِہٖ ؛وَاَمَّا الْمُشْرِکُ فَیَقْمَعُہُ اللّٰہُ بِشِرْکِہٖ ؛ | 35 | اور بلا شبہ مجھ سے رسولؐ اللہ نے فرمایا تھا کہ:۔"مجھے اپنی امت کے سلسلے میں نہ مومن سے خطرہ ہے اور نہ مشرک سے خوف ہے۔اسلئے کہ مومن کے ایمان کیوجہ سے اللہ اسکی حفاظت کریگا۔اور مشرک کو اسکے شرک کی بنا پر ذلیل وخوار کریگا۔ |
| وَلٰکِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْکُمْ کُلَّ مُنَافِقِ الْجَنَانِ عَالِمِ اللِّسَانِ؛ یَقُوْلُ مَاتَعْرِفُوْنَ وَیَفْعَلُ مَاتُنْکِرُوْنَ . | 36 | ولیکن مجھے اُمت کے جن لوگوں سے خوف وخطرہ ہے وہ، وہ منافق لوگ ہیں جو دل سے منافق ہیں اور زبان سے عالم ہیں، وہ باتیں تو ایسی کرتے ہیں جن سے تم واقف اور مطمئن ہو اور اعمال ایسے کرتا ہے اور کرانا چاہتا ہے جنکے تم دراصل منکر ہو۔ |

**تشریح:**۔ یہ معاہدہ نمونہ ہے اس حلفِ وفاداری کا جو کسی کو گورنری یا کوئی اور عہدہ سپرد کرنے پر لی جاتی تھی۔اس میں محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کی ذمہ داریوں سے تعلق رکھنے والی خاص خاص ہدایات میں سے پہلی اور بنیادی ہدایت یہ ہے کہ ایک گورنر کی نظر میں ساری رعایا یہاں سے وہاں تک ہم سروہم پلہ سمجھی جائے کسی کو یہ محسوس نہ ہونے پائے کہ گورنر فلاں شخص پر زیادہ مہربان ومتوجہ رہتا ہے۔ایسا تصور پیدا کرنیوالا رویہ اصول حکومت کو مسمار کرتا ہے اور اس سے پبلک میں طبقہ واریت اور مختلف جماعتیں پیدا ہوتی ہیں۔اور سازشوں اور شورشوں کا آغاز ہو جاتا ہے۔لہٰذا سب سے پہلے محمد بن ابی بکر کو اسی طرف متوجہ کیا گیا ہے تا کہ مالداروں اور غریبوں کو یقین ہو جائے کہ نہ کسی کی ناجائز طرفداری اور رعایت کی جائے گی نہ کسی کا کوئی حق روکا جائیگا۔

## نماز کا مقام دین کے پورے نظام کا مقام ہے نماز ہی دین ہے

حضرت علی علیہ السلام کے نزدیک نماز کو قائم کرنا پورے دین کو قائم کرنا ہے چنانچہ فرمایا ہے کہ:۔

**اَقَامَ الصَّلٰوۃَ اِنَّھَا الْمِلَّۃُ** ''نماز کو قائم کرنا ہی پوری ملت کو قائم کرنا ہے۔''

یعنی نماز کو دین کا ستون کہنا یا نماز کو دین کا ایک رکن قرار دینا قریشی پالیسی کی باتیں اور مقولے ہیں۔محمد بن ابوبکر سے فرمایا ہے کہ تیرے تمام اعمال نماز کی اتباع یا پیروی میں ہونا چاہیں۔یہاں یہ جملہ اور ساتھ میں شامل کرلیں تمہارے تمام اقوال بھی نماز کی پیروی میں ہونا چاہئیں ۔یعنی ہم بات بھی وہی کریں جو نماز کے تقاضے کو پورا کرتی ہو اور کام بھی وہی کریں جو نماز کے پروگرام میں آتا ہو۔یعنی نماز ایسی ہونی چاہئے جو ہمیں ہمہ گیر پروگرام دے ہم بات ہی وہی کریں جو نماز کرنے کو کہے اور کام بھی وہی کریں جو نماز کا حکم ہو۔جیسا کہ حضرت شعیب علیہ السلام سے دریافت کیا گیا تھا کہ:۔

**قَالُوْا یٰشُعَیْبُ اَصَلٰوتُکَ تَاْمُرُکَ اَنْ نَّتْرُکَ مَایَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْ اَمْوَالِنَا مَانَشٰٓؤُا اِنَّکَ لَاَنْتَ الْحَلِیْمُ الرَّشِیْدُo (11/87)**

''انہوں نے پوچھا کہ اَے شعیب کیا تمہاری نماز یہ حکم بھی دیتی ہے کہ ہم اُن تمام کو چھوڑ دیں جن کی اطاعت وعبادت ہمارے اباواجداد کرتے تھے؟ اور یہ کہ ہمیں اپنے اموال میں اپنی منشا کے مطابق تصرف کرنے کا حق نہیں ہے؟ اگر ایسی ہی ہے تو یقیناً تم تو بڑے استاد اور راست باز نکلے۔''

قومی لیڈروں نے حضرت شعیب علیہ السلام پر تین چار ہزار سال پہلے یہ طنز کیا تھا۔لیکن اس طنز میں یہ ثابت ہے کہ نماز اُس ہمہ گیر نظام کا نام ہے جو انسانیت کی بے راہ روی کو روکتا ہے اور عبادت واطاعت سے لے کر مالی تصرفات اور زندگی کے پورے نظام کو قوانین کا پابند کرتا ہے۔یہاں اُس نماز کا ذکر نہیں ہے جو ہر بدمعاش، ہرزانی اور ہر ڈاکو اور ہر خلیفہ پڑھتا ہے اور امید کرتا ہے کہ تمام گناہ بخشے گئے اور نئے گناہوں کی چھوٹ مل گئی ہے۔یعنی نماز ہر برا کام کرنے کا سرٹیفکیٹ ہے۔چنانچہ دنیا میں سب سے زیادہ سنگین وشرمناک گناہ کرنے والی وہ قوم ہے جو پنج وقتہ نماز پڑھتی ہے اور خود کو اللہ کا پیارا سمجھتی ہے۔لہٰذا دنیا کی ساری اقوام میں سب سے زیادہ جرائم اور گناہ مسلمانوں میں کئے جاتے ہیں۔اور اسی لئے آج ساری دنیا کے اقوام سے

Presented by Ziaraat.Com

جاہل اور سب کی بھکاری قوم بھی مسلمان ہیں۔ جو ہندوؤں یہودیوں نصاریٰ اور کمیونسٹوں تک سے بھیک مانگ رہے ہیں اور نحمدہ ونصلی پڑھ کر اللہ و محمدؐ کے نام پر بھیک مانگتے ہیں۔ زندگی کی تمام سہولتوں اور آسائیش فراہم کرنے والی چیزوں کے لئے بے دینوں اور یہود و نصاریٰ کے محتاج ہیں۔ مگر دن رات نمازیں پڑھتے ہیں۔ نمازوں کا سودا کرتے ہیں۔ انہوں نے تو عہد رسولؐ میں وہ نماز نہیں پڑھی نہ وہ دین اختیار کیا جو اللہ نے بھیجا تھا نہ اللہ کو رسولؐ کو حقیقی معنی میں قبول کیا نہ قرآن اور سابقہ کتابوں پر سچا ایمان لائے (4/136) یہ تو عہد رسولؐ میں اللہ و رسولؐ سے خیانت کرنے والے لوگ ہیں (8/27) ان ہی مومنین سے رسولؐ اللہ کو خوف تھا جو اہل زبان اور زبان کے عالم تھے۔ باتیں بڑی لچھے دار کرتے تھے لیکن سر سے پیر تک اللہ و رسولؐ کی مخالفت اور دشمنی میں کام کرتے تھے۔ (معاہدہ 34 تا 36) اور بالواسطہ ابوبکر کے بیٹے کو بھی اُن سے ہوشیار رہنے کی تاکید کی گئی ہے۔ اور یہاں یہ نوٹ کرلیں کہ آج دنیا میں مسلمانوں کے سوا اور کہیں مشرک نہ پایا جائے گا اور شرک اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ اللہ و رسولؐ کی حکومت میں ان لوگوں کو شریک و شامل مانا جائے جن کے لئے نہ قرآن میں اجازت آئی اور نہ خود انہوں نے مانا کہ خلفائے ثلاثہ کو رسولؐ نے خلیفہ اور امت کا سربراہ بنایا تھا۔ بس حقیقی شرک یہی ہے اور آج تو ماشاء اللہ شیعہ کہلانے والوں کے علماء و دانشور اس شرک میں فخریہ شریک ہیں اور اس شرکت کی تنخواہ اور وظائف لے رہیں۔ یا خود ہی امامِ امت بنے ہوئے ہیں اور اللہ کے جانشین کی حیثیت سے احکام نافذ کر رہے ہیں۔

# ( نمبر 28) خط اِلیٰ مُعَاوِیَۃَ جَوَابًا وَھُوَ مِنْ مُحَاسِنِ الْکُتُب

## معاویہ کے جواب میں لکھا گیا اور یہ آپؑ کے اچھے خطوط میں سے ایک خط ہے

**1۔ ایک سیاسی حربہ کا جواب 2۔ ستر تکبیروں والی نماز جنازہ 3۔ نسلی و دینی تقابل 4۔ استقرار خلافت کا بطلان**
**5۔ عثمان کے قتل کا حال 6۔ شیخین کو ہدایت کرنا جرم نہیں 7۔ دعوت جنگ کا جواب 8۔ کفن پہننے والی فوج ہمراہ ہوگی۔**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَقَدْ اَتَانِیْ کِتَابُکَ تَذْکُرُ فِیْہِ اصْطِفَاءَ اللّٰہِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ لِدِیْنِہٖ وَتَاْئِیْدِہٖ اِیَّاہُ بِمَنْ اَیَّدَہٗ مِنْ اَصْحَابِہٖ. | 1 | اللہ و نبیؐ کی مدح و ثنا کے بعد معلوم ہو کہ مجھے تمہارا خط مل چکا ہے اُس میں تم نے مجھے اطلاع دی ہے کہ اللہ نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کو اپنے دین کے لئے مصطفیٰ بنایا تھا اور اُن کی تائید کرنے والے صحابہ عطا کئے تھے۔ |
| فَلَقَدْ خَبَأَ لَنَا الدَّھْرُ مِنْکَ عَجَبًا اِذْ طَفِقْتَ تُخْبِرُنَا بِبَلَاءِ اللّٰہِ تَعَالٰی عِنْدَنَا وَ نِعْمَتِہٖ عَلَیْنَا فِیْ نَبِیِّنَا؛ | 2 | یقیناً زمانہ نے تمہارے تعجب انگیز حالات کو ہم سے چھپائے ہی رکھا جو اَب معلوم ہو رہے ہیں۔ یعنی تم ہمیں اُن احسانات کی اطلاع دے رہے ہو جو اللہ نے خود ہم پر کئے ہیں اور ہمیں ان نعمتوں کی خبر دے رہے ہو جو رسولؐ کے ذریعہ ہم پر نازل ہوئی ہیں۔ |
| فَکُنْتَ فِیْ ذٰلِکَ کَنَاقِلِ التَّمْرِ اِلٰی ھَجَرَ اَوْ دَاعِیْ مُسَدِّدِہٖ اِلَی النِّضَالِ ؛ | 3 | تمہارا حال اس معاملہ میں ویسا ہی ہے جیسے کوئی کھجوریں لاد کر ھجر (بحرین کے پاس ایک شہر جو کھجور کی بہتات میں مشہور تھا) لے جائے (یعنی الٹے بانس بریلی) کو یا کوئی اپنے استاد کو تیر اندازی کے مقابلے کی دعوت دے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَ زَعَمْتَ اَنَّ اَفْضَلَ النَّاسِ فِی الْاِسْلَامِ فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَذَکَرْتَ اَمْرًا اِنْ تَمَّ اعْتَزَلَکَ کُلُّهٗ | 4 | تم نے یہ جھوٹا دعویٰ بھی کیا ہے کہ اسلام میں سارے انسانوں سے زیادہ افضل فلاں اور فلاں تھے اگر یہ سچ بھی ہو تو تمہیں اس ساری صورتحال سے معزول رکھا گیا ہے۔ |
| وَاِنْ نَقَصَ لَمْ یَلْحَقْکَ ثَلْمَتُهٗ ؛ | 5 | اور اگر یہ غلط اور نامکمل بات ہے تو بھی اس کا نقصان تم تک نہیں پہنچتا۔ |
| وَمَا اَنْتَ وَالْفَاضِلَ وَ الْمَفْضُوْلَ وَالسَّائِسَ وَالْمَسُوْسَ ؛ | 6 | اور یہ تو سوچو کہ کہاں تم اور کہاں فاضل اور مفضول کی بحث اور کہاں بنیاد رکھنے والے اور تعمیر ہونے والے اور حاکم و محکوم کی پوزیشن؟ |
| وَمَالِلطُّلَقَآءِ وَابْنَآءِ الطُّلَقَاءِ وَ التَّمْیِیْزَ بَیْنَ الْمُهَاجِرِیْنَ الْاَوَّلِیْنَ وَتَرْتِیْبَ دَرَجَاتِهِمْ وَالتَّعْرِیْفَ طَبَقَاتِهِمْ ؛ | 7 | اور جان کی امان دے کر آزاد کئے ہوئے غلاموں اور غلاموں کے بیٹوں سے اس کا کیا تعلق کہ وہ سب سے پہلے درجہ کے مہاجرین اور دوسرے درجہ کے مہاجروں میں تمیز کرنے بیٹھ جائیں۔ اور اُن کے درجات کو ترتیب دینے لگیں اور اُن کے طبقات کی تعریف و شناخت تجویز کرنے لگیں۔ |
| هَیْهَاتَ لَقَدْ حَنَّ قِدْحٌ لَیْسَ مِنْهَا وَطَفِقَ یَحْکُمُ فِیْهَا مَنْ عَلَیْهِ الْحُکْمُ لَهَا ؛ | 8 | افسوس کہ جوئے کے تیروں میں نقلی تیر آواز دینے لگے اور وہ شخص احکام اور فیصلہ صادر کرنے لگے جس کے خلاف حکم اور فیصلہ صادر ہونا ہے؛ |
| اَلَا تَرْبَعُ اَیُّهَا الْاِنْسَانُ عَلٰی ظَلْعِکَ ؟ وَتَعْرِفُ قُصُوْرَ ذَرْعِکَ وَتَتَاَءَ خَرُحَیْثُ اَخَّرَکَ الْقَدَرُ ؛ | 9 | اَے بے وقوف انسان تو لنگڑا ہوتے ہوئے اپنی رفتار پر کیوں قائم نہیں ہوتا۔ اور کیوں اپنے بازو کی کوتاہی کو نہیں پہچانتا اور کیوں تو پیچھے ہٹ کر وہاں نہیں ٹھہرتا جہاں تجھے اللہ کی تقدیر نے ہٹایا ہے؛ |
| فَمَا عَلَیْکَ غَلَبَةُ الْمَغْلُوْبِ وَلَا لَکَ ظَفَرُ الظَّافِرِ ؛ | 10 | بھلا تجھے کسی کے مغلوب ہونے اور شکست کھانے سے اور کسی کے غالب آنے اور فتح پانے سے کیا تعلق ہے؟ |
| وَاِنَّکَ لَذَهَّابٌ فِی التِّیْهِ رَوَّاغٌ عَنِ الْقَصْدِ ؛ | 11 | اور تم تو گمراہی کے بیابان میں بھٹک رہے ہو اور راہ راست سے بہت دور نکل چکے ہو؛ |
| اَلَا تَرٰی غَیْرَ مُخْبِرٍ لَّکَ ؛ | 12 | کیا تم یہ نہیں سمجھتے کہ میں خبر دینے کے لئے تم سے یہ باتیں نہیں کر رہا ہوں؛ |
| وَلٰکِنْ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ اُحَدِّثُ. اَنَّ قَوْمًا ن اسْتُشْهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مِنَ الْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَلِکُلٍّ فَضْلٌ ؛ | 13 | بلکہ اللہ کی نعمتوں کو بیان کر رہا ہوں۔ کہ بلاشبہ مہاجروں اور انصار میں سے ایک قوم اللہ کی راہ میں شہید ہوئی تھی اور انہیں بزرگی کا ایک درجہ دیا گیا تھا۔ |
| حَتّٰی اِذَا اسْتُشْهِدَ شَهِیْدُنَا قِیْلَ :سَیِّدُالشُّهَدَاءِ وَخَصَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ بِسَبْعِیْنَ تَکْبِیْرَةً عِنْدَ صَلَاتِهٖ عَلَیْهِ ؟ | 14 | مگر جب وہ وقت آیا کہ ہم میں سے شہید ہونے والا شہید ہوا تو اُسے سید الشھداء (شہیدوں کا سردار) کہا گیا تھا۔ اور اُسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے یہ خصوصیت دی تھی کہ اُن کی نماز جنازہ پڑھنے میں ستر تکبیریں پڑھی تھیں؛ |
| اَوَ لَاتَرٰی اَنَّ قَوْمًا قُطِّعَتْ اَیْدِیْهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلِکُلٍّ فَضْلٌ ؛ | 15 | اور کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ کی راہ میں ایک قوم کے ہاتھ کٹتے رہے اور اُن سب کو ایک درجہ کی فضیلت ملی تھی؛ |
| حَتّٰی اِذَا فُعِلَ بِوَاحِدِنَا مَافُعِلَ بِوَاحِدِهِمْ قِیْلَ | 16 | یہاں تک کہ جب ہمارے آدمیؑ کے ساتھ وہی کچھ ہوا تو اُنہیں جعفر طیار، جنت میں |

Presented by Ziaraat.Com

| | |
|---|---|
| الطَّيَّارُ فِي الْجَنَّةِ وَذُو الْجَنَاحَيْنِ ؟ | پرواز کرنے والا اور دو پروں والے کا لقب دیا گیا تھا؛ |
| وَلَوْلَا مَانَهَى اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ تَزْكِيَةِ الْمَرْءِ نَفْسَهُ لَذَكَرَ ذَاكِرٌ فَضَائِلَ جَمَّةً ؛ | 17 اور اگر اللہ نے خود اپنی بڑائی اور مدح وثنا کرنے سے منع نہ کیا ہوا ہوتا تو بیان کرنے والا اپنے بھی وہ سب فضائل اور بزرگیاں بیان کر دیتا؛ |
| تَعْرِفُهَا قُلُوْبُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا تَمُجُّهَا اٰذَانُ السَّامِعِيْنَ ؛ | 18 جن کا اعتراف مومنوں کے دل کرتے ہیں اور سننے والوں کے کان انہیں اپنے سے دور نہیں چاہتے؛ |
| فَدَعْ عَنْكَ مَنْ مَّالَتْ بِهِ الرَّمِيَّةُ ؛ | 19 چنانچہ ایسوں کے تذکرے کو دفع کرو جن کے تیر نشانوں سے چوکتے رہے ہوں؛ |
| فَاِنَّا صَنَائِعُ رَبِّنَا وَالنَّاسُ بَعْدُ صَنَائِعُ لَنَا (صَنَائِعُنَا)؛ | 20 لہٰذا ہم اللہ کی خاص صنعت ہیں اور اس صنعت کے بعد باقی تمام انسان ہماری (یا ہمارے لئے) صنعت ہیں؛ |
| لَمْ يَمْنَعْنَا قَدِيْمُ عِزِّنَا وَلَا عَادِيُّ طَوْلِنَا عَلٰى قَوْمِكَ اَنْ خَلَطْنَاكُمْ بِاَنْفُسِنَا فَنَكَحْنَا وَاَنْكَحْنَا فِعْلَ الْاَكْفَاءِ وَلَسْتُمْ هُنَاكَ ؛ وَاَنّٰى يَكُوْنُ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ ؛ | 21 ہمیں ہماری قدیم عزت نے اور ہماری نسلی برتری نے تمہاری قوم کے ساتھ ملنے جلنے سے منع نہیں کیا اور تمہیں ہم پلہ (کفو) بنالیا اور ہم نے تمہاری قوم میں نکاح بھی کئے اور نکاح قبول بھی کئے۔ حالانکہ تم ہمارے کفو اور ہم پلہ قوم نہ تھے اور ہو بھی کیسے سکتے تھے جبکہ، |
| وَمِنَّا النَّبِيُّ وَمِنْكُمُ الْمُكَذِّبُ ؟ وَمِنَّا اَسَدُ اللّٰهِ وَمِنْكُمْ اَسَدُ الْاَحْلَافِ وَمِنَّا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمِنْكُمْ صِبْيَةُ النَّارِ وَمِنَّا خَيْرُ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ وَمِنْكُمْ حَمَّالَةُ الْحَطَبِ ؟ فِيْ كَثِيْرٍ مِمَّالَنَا وَعَلَيْكُمْ ؛ | 22 ہمارے اندر نبیؐ ہے اور تمہارے اندر جھٹلانے والے ہیں۔ ہم میں اللہ کا شیر ہے اور تمہارے اندر جھوٹے حلف اور قسمیں اٹھانے والوں کا شیر ہے۔ اور ہم میں جنت کے تمام جوانوں کے سردار ہیں اور تم میں جہنمی لڑکے ہیں۔ اور ہم میں تمام عالمین کی عورتوں سے بہتر عورتؑ ہے اور تم میں حمّالة الحطب (111/4,5) ہے۔ اور ایسی ہی اور بہت سی قرآنی حقیقتیں ہیں جو ہماری بزرگی اور تمہاری پستی کی دلیل ہیں۔ |
| فَاِسْلَامُنَا مَا قَدْ سُمِعَ وَجَاهِلِيَّتُنَا لَاتُدْفَعُ وَكِتَابُ اللّٰهِ يَجْمَعُ لَنَامَا شَذَّعَنَّا وَهُوَقَوْلُهُ سُبْحَانَهُ : | 23 چنانچہ ہمارا اسلام تو وہ ہے جسکی دھوم سنی جا چکی ہے اور زمانہ جاہلیت میں ہماری نسل کی بزرگی سے انکار کی مجال نہیں اور ہمارے جو حالات مختلف زمانوں کے ہیں انہیں اللہ کی کتاب نے اپنے اندر جمع کر رکھا ہے مثلاً اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ: |
| " وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ (انفال 8/75، الاحزاب 33/6) وَقَوْلُهُ تَعَالٰى: | 24 قرآن میں مذکور ارحام والے کتاب اللہ کے اندر حاکم ہیں بعض دوسرے ارحام والوں پر (8/75، 33/6) اور یہ بھی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ: |
| اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ (آل عمران 3/68) | 25 یقیناً ابراہیمؑ سے ولایت میں تمام انسانوں سے قریب ترین وہ لوگ ہیں جو ابراہیمؑ کی اتباع کرتے چلے گئے اور اب صاحبان ولایت یہ نبیؐ ہے اور ان کے ساتھ ایمان لانے والے ہیں اور اللہ ان مومنین کا ولی وحاکم ہے (3/28) لہٰذا، کبھی |
| فَنَحْنُ مَرَّةً اَوْلٰى بِالْقَرَابَةِ وَتَارَةً اَوْلٰى بِالطَّاعَةِ | 26 ہم قرابت کی بنا پر ولی ہوتے ہیں اور کبھی اطاعت کو ہماری ولایت کا سبب بتایا جاتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَمَّا احْتَجَّ الْمُهَاجِرُوْنَ عَلَى الْاَنْصَارِ يَوْمَ السَّقِيْفَةِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ فَلَجُوْ عَلَيْهِمْ ؛ | 27 | اور جب سقیفہ کے دن مہاجروں نے انصار پر رسولؐ کی قرابت کو اپنی حکومت کی حجت میں پیش کیا تو انصار کے مقابلہ میں حکومت لے لی تھی، |
| فَاِنْ يَّكُنِ الْفَلَجُ بِهٖ فَالْحَقُّ لَنَادُوْنَكُمْ ؛ | 28 | لہٰذا اگر قرابت کیوجہ سے حکومت لی تھی تو خلافت وحکومت ہمارا حق ہے نہ کہ مہاجروں کا۔ |
| وَاِنْ يَّكُنْ بِغَيْرِهٖ فَالْاَنْصَارُ عَلٰى دَعْوَاهُمْ ؛ | 29 | اور اگر حکومت وخلافت کا کوئی معیار تھا تو انصار کا دعویٰ برابر قائم ہے۔ |
| وَزَعَمْتَ اَنِّیْ لِكُلِّ الْخُلَفَاءِ حَسَدْتُ وَعَلٰى كُلِّهِمْ بَغَيْتُ ؛ | 30 | اور تو نے یہ جھوٹا دعویٰ بھی کیا ہے کہ میں نے تمام خلفاء سے حسد کیا اور ان کے خلاف بغاوتیں پیدا کی تھیں؛ |
| فَاِنْ يَّكُنْ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ فَلَيْسَ الْجِنَايَةُ عَلَيْكَ فَيَكُوْنَ الْعُذْرُ اِلَيْكَ وَتِلْكَ شَكَاةٌ ظَاهِرٌ عَنْكَ عَارُهَا ؛ | 31 | اگر تمہارا یہ دعویٰ بالکل ویسا ہی ہے جیسا کہ تم نے لکھا ہے تو بھی میں نے تمہیں تو کوئی نقصان نہیں پہنچایا جو تم سے عذر ومعذرت کروں۔ اور اگر یہ کوئی قابل شکایت عمل تھا بھی تو اِس کی برائی تم پر عائد نہیں ہوتی ہے؛ |
| وَقُلْتَ اِنِّیْ كُنْتُ اُقَادُ كَمَا يُقَادُ الْجَمَلُ الْمَخْشُوْشُ حَتّٰى اُبَايِعَ ؛ | 32 | اور تم نے یہ بھی لکھا ہے کہ مجھے اسطرح کھینچ کر لایا گیا تھا جیسے اُس اونٹ کو کھینچا جاتا ہے جسکی ناک میں نکیل پڑی ہوئی ہوتی ہے۔ اور یوں مجھے بیعت پر مجبور کیا گیا تھا؛ |
| وَلَعَمْرُ اللّٰهِ لَقَدْ اَرَدْتَ اَنْ تَذُمَّ فَمَدَحْتَ ؛ وَاَنْ تَفْضَحَ فَافْتَضَحْتَ وَمَا عَلَى الْمُسْلِمِ مِنْ غَضَاضَةٍ فِیْ اَنْ يَّكُوْنَ مَظْلُوْمًا مَالَمْ يَكُنْ شَاكًّا فِیْ دِيْنِهٖ ؛ وَلَا مُرْتَابًا ؛ بِيَقِيْنِهٖ ؛ | 33 | اور خدا کی قسم تم نے یہ سب کچھ اس ارادے سے کہا ہے کہ تم میری مذمت کرو لیکن تو نے تو میری مدح وثنا کر دی ہے اور مجھے رسوا کرتے کرتے خود رسوا ہو کر رہ گئے ہو۔ اور ایک مسلمان شخص کے لئے اس میں کوئی توھین کی بات نہیں ہے کہ وہ مظلوم ہو اور ایسے حال میں ظلم برداشت کرے کہ نہ اُسے اپنے دین میں شک وشبہ ہو نہ اس کا یقین ڈگمگایا ہو؟ |
| وَهٰذِهٖ حُجَّتِیْ اِلٰى غَيْرِكَ قَصْدُهَا ؛ وَلٰكِنِّیْ اَطْلَقْتُ لَكَ مِنْهَا بِقَدْرِمَا سَنَحَ مِنْ ذِكْرِهَا ؛ | 34 | اور میری اس دلیل وحجت کی زد تیرے علاوہ دوسرے لوگوں پر پڑتی ہے پھر بھی میں نے تیرے جواب میں جتنا ضروری تھا تذکرہ کر دیا ہے؛ |
| ثُمَّ ذَكَرْتَ مَا كَانَ مِنْ اَمْرِیْ وَاَمْرِ عُثْمَانَ ؛ | 35 | پھر تم نے میرے اور عثمان کے مابین گذرنے والے واقعات کا تذکرہ بھی کیا ہے؛ |
| فَلَكَ اَنْ تُجَابَ عَنْ هٰذِهٖ لِرَحِمِكَ مِنْهُ ؛ | 36 | چونکہ تمہاری عثمان سے رشتہ داری ہے اسلئے ضروری ہے کہ تمہیں اسکا باقاعدہ جواب دیا جائے |
| فَاَيُّنَا كَانَ اَعْدٰى لَهٗ وَاَهْدٰى اِلٰى مَقَاتِلِهٖ ؛ | 37 | اب سمجھنا یہ ہے کہ ہم دونوں میں سے کون ہے جس نے عثمان کے ساتھ زیادہ دشمنی کا سلوک کیا ہو اور اُس کے قتل کرانے میں زیادہ مددگار بنا ہو؟ |
| اَمَّنْ بَذَلَ لَهٗ نُصْرَتَهٗ فَاسْتَقْعَدَهٗ وَاسْتَكَفَّهٗ ؟ اَمَّنِ اسْتَنْصَرَهٗ فَتَرَاخٰى عَنْهُ وَبَثَّ الْمَنُوْنَ اِلَيْهِ حَتّٰى اَتٰى قَدَرُهٗ عَلَيْهِ؟ | 38 | کیا وہ شخص جس نے اُس سے مدد کرنے کا وعدہ کیا ہو اور عثمان نے مدد لینے سے انکار کر کے اسے روک کر بٹھا دیا ہو؟ یا وہ شخص جس سے عثمان نے بار بار مدد طلب کی ہو اور اُسنے وعدوں کے بعد بھی ٹال دیا ہو اور اس کیلئے موت کے اسباب فراہم کرتا رہا ہو یہاں تک کہ اُس |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | کے مقدر کی موت اُس پر ٹوٹ پڑی؛ |
| كَلَّاوَاللّٰهِ " قَدْيَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَائِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاسَ اِلَّاقَلِيْلاً" (احزاب 33/18) | 39 | ''تیری بات ہرگز صحیح نہیں ہے۔یقیناً اللہ نے معلوم کرلیا تھا تم لوگوں میں سے اُن لوگوں کو جو جہاد سے روکنے والے تھے اور اپنے مسلمان بھائیوں سے کہتے تھے کہ تم ہمارے پاس آجاؤ اور وہ جنگ میں شرکت نہیں کرتے مگر تھوڑے سے۔''(33/18) |
| وَمَا كُنْتُ لِاَعْتَذِرَ مِنْ اَنِّیْ كُنْتُ اَنْقِمُ عَلَيْهِ اَحْدَاثًا فَاِنْ كَانَ الذَّنْبُ اِلَيْهِ اِرْشَادِیْ وَهِدَايَتِیْ لَهٗ فَرُبَّ مَلُوْمٍ لَّاذَنْبَ لَهٗ ؛ | 40 | اور میں اس بات پر کوئی معذرت کرنے کو تیار نہیں ہوں کہ میں اُنکی دینی ایجادات پر ناراض رہتا تھا۔چنانچہ اگر میرا قصور یہ ہے کہ میں اسکو ٹوکتا اور صحیح راہ دکھاتا تھا اور ہدایت کرتا رہتا تھا۔تو اکثر ہدایت کاروں کو بے گناہ ہی ملامت کا نشانہ بنالیا جاتا ہے؛ |
| وَقَدْ يَسْتَفِيْدُ الظِّنَّةَ الْمُتَنَصِّحُ " وَمَا اَرَدْتُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَااسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِيْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ " (هود 11/88) | 41 | اور ناصح کو بدگمانی کا شکار ہونا پڑتا ہے اور میرا تو یہ ارادہ تھا کہ میں اپنی وسعتوں کے اندر اصلاح حال کروں اور میری توفیق میرے بجائے میرے اللہ کے ہاتھ میں ہے۔لہٰذا میں اُسی پر بھروسہ کرتا ہوں۔اور اُسی کی نیابت میں کام کرتا ہوں؛ |
| وَذَكَرْتَ اَنَّهٗ لَيْسَ لِیْ وَلِاَصْحَابِیْ عِنْدَكَ اِلَّا السَّيْفُ ؛ | 42 | اور تو نے یہ بھی لکھا ہے کہ تیرے پاس میرے لئے اور میرے ساتھیوں کے لئے تلوار کے سوا کچھ نہیں ہے؛ |
| فَلَقَدْ اَضْحَكْتَ بَعْدَ اسْتِعْبَارٍ ؛ | 43 | یقیناً یہ لکھ کر تو نے مجھے عبرت حاصل کرنے کے دوران ہنسا دیا ہے؛ |
| مَتٰی اَلْفَيْتَ بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ عَنِ الْاَعْدَاءِ نَاكِلِيْنَ؟ وَبِالسُّيُوْفِ مُخَوَّفِيْنَ ؟ | 44 | اے معاویہ تو نے عبدالمطلبؑ کی اولاد کو دشمن سے منہ پھیرتے ہوئے کبھی دیکھا ہے؟اور کبھی اُنہیں تلواروں کے خوف میں مبتلا پایا ہے؟ |
| لَبِّثْ قَلِيْلاً يَّلْحَقِ الْهَيْجَا حَمَلْ ؛ فَسَيَطْلُبُكَ مَنْ تَطْلُبُ وَيَقْرُبُ مِنْكَ مَاتَسْتَبْعِدُ وَاَنَا مُرْقِلٌ نَحْوَكَ فِیْ جَحْفَلٍ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِءٍ حُسَانٍ ؛ | 45 | (بقول شاعر) تھوڑی دیر ٹھہرو کہ حَمل ابن بدر میدان جنگ میں پہنچ جائے۔جسے تم طلب کررہے ہو وہ ڈھونڈتا ہوا آئیگا۔اور جسے تم دور سمجھ رہے وہ سر پر سوار ملے گا اور میں بہت جلد تیزی کیساتھ تمہارے سر پر اس طرح پہنچ رہا ہوں کہ میرے ساتھ مہاجرین اور انصار کا اور انکے نقش قدم پر چلنے والے خوش رفتار تابعین کا لشکر جرار ہوگا؛ |
| شَدِيْدٍ زِحَامُهُمْ سَاطِعٍ قَتَامُهُمْ مُتَسَرْبِلِيْنَ سِرْبَالَ الْمَوْتِ ؛ | 46 | یہ ایک ایسا لشکر ہوگا جس میں بے پناہ ہجوم ہوگا۔جس کے چلنے سے فضا میں گرد و غبار پھیل جاتا ہے اور وہ مرنے کے لئے کفن سے آراستہ ہوگا؛ |
| اَحَبُّ اللِّقَآءِ اِلَيْهِمْ لِقَآءُ رَبِّهِمْ ؛ | 47 | انہیں اپنے پروردگار کی زیارت سے زیادہ کسی کا ملنا محبوب نہیں ہے۔ |
| قَدْصَحِبَتْهُمْ ذُرِّيَّةٌ بَدْرِيَّةٌ وَسُيُوْفٌ هَاشِمِيَّةٌ ؛ | 48 | ان کے ساتھ شہدائے بدر کی اولادیں اور ہاشمی تلواریں بھی ہوں گی؛ |
| قَدْعَرَفْتَ مَوَاقِعَ نِصَالِهَا فِیْ اَخِيْكَ وَخَالِكَ وَجَدِّكَ وَاَهْلِكَ وَمَاهِیَ مِنَ الظَّالِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ | 49 | جن کی تیز دھاروں کی کاٹ تم اپنے بھائی اور خالو اور دادا اور اہل خاندان پر دیکھ چکے ہو وہ ظالموں سے اب بھی دور نہیں ہیں۔''(11/83) |

**تشریح:۔** قارئین کے سامنے یہ حقیقت آگئی ہوگی کہ معاویہ اپنے خطوط کے ذریعہ حضور علیہ السلام کو اشتعال دلا کر ان کے قلم سے ایسے الفاظ نکلوانا چاہتا

Presented by Ziaraat.Com

رہا ہے جن کو وہ بطور سیاسی حربے کے استعمال کر سکے۔لیکن حضرت علی علیہ السلام کی طرف سے جانے والا ہر خط اُسے مایوس کرتا ہے اور ایسا ہوتا ہی نہیں ہے جسے وہ مجمع عام میں بلند آواز سے پڑھ کر حاضرین کو سنا سکے۔یہی وجہ ہے کہ وہ بار بار خطوط لکھتا ہے اور ہر دفعہ یہ امید کرتا ہے کہ اس دفعہ اُس کو اس کی منشاء کے مطابق جواب مل جائے گا۔اِسی قسم کی امید پر یہ خط لکھا گیا ہے یہ خط یقیناً معاویہ نے اپنے دربایوں کو سنا کر بھیجا ہوگا اس میں وہ شامیوں کو یہ تاثر دے رہا ہے کہ وہ خود بھی اُن لوگوں میں شامل رہا ہے جن کے سامنے اللہ نے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ پر اپنی نعمتیں نازل کی تھیں اور مصطفیٰ بنایا تھا اور یہ کہ وہ بھی رسولؐ کی تائید کرنے والے صحابہ میں شامل رہا ہوگا۔اس جملے کے جواب میں حضورؑ نے یہ نہیں لکھا کہ تو اور تیرا باپ اور سارا خاندان دشمنانِ خدا اور رسولؐ میں شامل تھے،تمہیں مصطفائی اور اللہ کی نعمتوں کا ذکر کرتے ہوئے شرم آنا چاہیئے۔یہ صرف اس لئے کہ حضورؑ جانتے ہیں کہ اُن کے خطوط پڑھنے کے بعد اٹھا کر رکھ دیئے جاتے ہیں لہٰذا کیوں اپنا وقت ضائع کیا جائے مختصر اور جامع جواب لکھ دیا جائے۔گو آگے چل کر بتا دیا ہے کہ تیرا کنبہ رسولؐ کا دشمن تھا اور وہ میری تلوار سے قتل ہوئے تھے۔البتہ اُسے یہ بتا دیا ہے کہ تیرا ہمیں اِن چیزوں کی اطلاع دینا نہایت مضحکہ خیز ہے۔یہیں پر حضورؑ نے اُس تاجر کی مثال دی ہے جو کھجوروں کو فروخت کرنے کے لئے ''**ھجر**'' لے جائے اور نقصان اٹھائے۔جس پر ہم نے اپنے یہاں کی ضرب المثل ''**اُلٹے بانس بریلی کو**'' لکھی ہے۔یعنی بریلی میں بانس بہت زیادہ پیدا ہوتے ہیں اور ہر قسم کے بانس وہاں سے باہر بھیجے جاتے ہیں ظاہر ہے کہ باہر کہیں سے بانس لے کر بریلی جانا اور منافع کی امید کرنا معاویہ والی حماقت ہوگی۔بحرین سے قریب ایک شہر ھجر نام کا ہوا کرتا تھا جہاں پورے ملک سے زیادہ کھجوریں پیدا ہوتی اور بارہ مہینے ارزاں بکتی رہتی تھیں۔چنانچہ کوئی تاجر بصرہ میں اپنا مال فروخت کر چکا تو کوئی عمدہ اور مفید سامان خریدنے کی فکر میں بازار کا گشت لگایا اُس نے بصرہ میں بہت عمدہ کھجوریں اور سستے داموں بکتے دیکھیں لہٰذا بہت سی کھجوریں خرید کر اپنے اونٹوں پر لادیں اور ھجر میں قیام کیا۔وہاں کھجوریں اس کی خرید سے بھی سستی بک رہی تھیں۔سوچا کہ چند روز ٹھہروں اور بھاؤ چڑھنے پر مارکیٹ میں مال لاؤں۔مگر نہ بھاؤ چڑھنا تھا اور نہ چڑھا۔اُس کی کھجوریں گلنا سڑنا شروع ہوگئیں بہرحال تنگ آ کر اونے پونے مال بیچا اور پچھتاتا ہوا چلا گیا۔یہ بڑا سنجیدہ اور مذاق تھا جس سے معاویہ کو حد بھر خفت ہوئی ہوگی۔مگر وہ تو نہ صرف قریشی لیڈر تھا بلکہ حد بھر بے شرم و بے حیا بھی تھا۔حضورؑ نے اپنے چوتھے جملے میں معاویہ کو جھوٹا قرار دیا ہے اور یقیناً وہ سب علما و عوام فریب زدہ ہیں جو قریشی لیڈروں اور ان کے پیروکاروں کو سارے انسانوں سے افضل کہتے اور لکھتے ہیں۔اس لئے کہ قریشی حکومتوں کی اپنی گھڑی اور لکھی ہوئی کتابوں میں بھی ایسی کوئی بات نہیں لکھی گئی کہ اُن کا افضل ہونا ثابت ہو جائے۔البتہ اُن کی مذمت پر ڈھیروں سامان موجود ہے اور اگر قرآن اور حدیث پر چھوڑ دیا جائے تو اُن کا اور اُن کی پوری قوم کا مومن ہونا ثابت نہیں ہوتا (4/136)(25/30.31)۔

بہرحال معاویہ نے چاہا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام وہ سب کچھ لکھ دیں جو وہ حضرات ابوبکر و عمر و عثمان کے متعلق سمجھتے تھے اور یہی اس کیلئے مفید ہوتا مگر حضورؑ نے اُن کا نام تک بھی نہ لکھا بلکہ فلاں کہہ کر بات پلٹا دی اور کہہ دیا کہ یہ نامکمل بات ہے اگر مکمل بھی ہو جائے تو تیرا اس سے بہرحال تعلق نہیں ہے۔یہ معاملہ نہ تجھے فائدہ پہنچاتا ہے نہ تیرا نقصان کرتا ہے مطلب یہ کہ تو فضولیات میں اپنا وقت ضائع کرتا ہے۔پھر اُسے اُس کی اور اُس کی قوم کا حال بتایا ہے کہ تم جان کی امان پانے والے غلام اور طلاق زدہ لوگ ہو کر مہاجر و انصار کی باتیں کرتے ہو جو تمہیں زیب نہیں دیتیں۔تم خود کو اپنی حد تک محدود رکھو۔تمہیں اس سے کیا تعلق کہ کون افضل ہے کون مفضول ہے کون فاتح ہے اور کون مفتوح ہے۔تمہیں اُس ذلیل حالت پر قائم رہنا چاہیئے جس پر اللہ نے تمہیں رکھا ہے۔پھر نہایت خوبصورتی سے یہ بتایا ہے کہ فی سبیل اللہ جہاد کرنے والے اور شہید ہونے والے بھی برابر نہیں ہوتے۔ہماری بنیاد ہی اونچی ہے لہٰذا ہمارا شہید تمام شہیدوں کا سردار ہوتا ہے۔ہم جنت میں بھی سارے جنتیوں کے سردار ہیں۔یہیں خاندانی افراد کو آمنے سامنے رکھ دیا ہے تاکہ

Presented by Ziaraat.Com

معاویہ خود کو اور اپنی قوم کو ایک ساتھ دیکھے۔ اور اپنی حقیقت کو سامنے رکھے اور اگر کسی کو خط سنا دے تو عمر بھر منہ دکھانے کے قابل نہ رہے۔

## لیڈرانِ قریش کا نسل ابراہیمؑ سے سازشاً الحاق کرنا اور بنی ہاشم کی مہربانیاں

یہاں وہ لوگ غور کریں جو ابولھب اور عباس کو رسولؐ اللہ کے چچا کہا کرتے ہیں۔ اُن کو سوچنا چاہئے کہ اگر ابولھب سے کسی قسم کی بھی رشتہ داری ہوتی تو حضرت علی علیہ السلام یہاں حضرت فاطمہ علیہا السلام کے مقابلے میں حَمَّالَةَ الْحَطَبِ کا ذکر نہ کرتے۔ اس لئے کہ وہ بہرحال معاذ اللہ چچی ہوتی۔ لیکن یہاں واضح کر دیا ہے کہ وہ اور تمام مذکورہ لوگ معاویہ کے آدمی ہیں یعنی قریش کہلانے والی قوم اور نسل سے ہیں۔ لہٰذا یہ جملے بار بار پڑھیں کہ:۔

''ہم میں سے نبیؐ ہے۔ یعنی نبیؐ ہماری نسل سے ہے اور مکذب تمہاری نسل سے ہے۔ اور اسد اللہ ہماری نسل سے ہے اور جھوٹی حلف اٹھانے والا شیر تمہاری نسل سے ہے اور جنت کے جوانوں کے دونو سردار ہماری نسل سے ہیں۔ اور جہنمی لڑکے تمہاری نسل سے ہیں۔ اور تمام عالمین کی عورتوں سے بہتر عورتؑ ہماری نسل سے ہے۔ اور لکڑیوں کا گٹھا اُٹھائے اُٹھائے پھرنے والی عورت تمہاری نسل سے ہے۔''

یہاں صرف قوم و قبیلے کی بات نہیں ہو رہی ہے بلکہ نسل ابراہیم و اسماعیل علیہما لسلام کی بات پیش نظر ہے۔ یہاں اُن کا بھی ذکر ہے جو نسل اسماعیل علیہ السلام سے اسلام لائے اور اُن کا بھی ذکر ہے جو اعلان نبوت سے پہلے کے یعنی ایام جاھلیت کے لوگ تھے۔ چنانچہ فرمایا ہے کہ: فَاِسْلَامُنَا مَا قَدْ سُمِعَ وَجَاهِلِيَّتُنَا لَا تُدْفَعُ یعنی ہماری نسل کے اسلام کی دھوم سنائی دے رہی ہے۔ اور زمانہ جاہلیت میں ہماری نسل کی بزرگی سے انکار کی مجال نہیں ہے (28/23) اور یہیں اپنی پوری نسل کو حضرت ابراہیمؑ علیہ السلام کی اتباع کرنے والے اور پہلے درجے میں وابستہ قرار دیا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کو پیش کیا ہے اور اُن مومنین کو نبیؐ کے ساتھ وابستہ فرمایا ہے جو نبیؐ کے ساتھ ایمان لائے تھے۔ اور جو قرآن کی رو سے سو فیصد جنتی حضرات ہیں آیت سنئے اور مومنین میں سے اُن لوگوں کو نوٹ کیجئے جو صاحبان مقتدرت تھے فرمایا گیا کہ:۔

## قریشی مسلمانوں میں سے صاحبان مقتدرت نے ہر دفعہ جھاد فی سبیل اللہ سے رخصت چاہی ساتھ ایمان لانے والے جنتی

سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ o رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ o لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ o اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (89-9/86)

مودودی ترجمہ: ''جب کبھی کوئی سورت اس مضمون کی نازل ہوئی کہ اللہ کو مانو اور اس کے رسولؐ کے ساتھ مل کر جہاد کرو تو تم نے دیکھا کہ جو لوگ ان میں سے صاحب مقدرت تھے وہی تم سے درخواست کرنے لگے کہ انہیں جہاد کی شرکت سے معاف رکھا جائے اور انہوں نے کہا کہ ہمیں چھوڑ دیجئے کہ ہم بیٹھنے والوں کے ساتھ رہیں۔ اُن لوگوں نے گھر بیٹھنے والیوں میں شامل ہونا پسند کیا اور اُن کے دلوں پر ٹھپہ لگا دیا گیا۔ اس لئے اُن کی سمجھ میں اب کچھ نہیں آتا۔ بخلاف اس کے رسولؐ نے اور اُن لوگوں نے جو رسولؐ کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی جان و مال سے جہاد کیا اور اب ساری بھلائیاں اُن ہی کیلئے ہیں اور وھی فلاح پانے والے ہیں۔ اللہ نے اُنکے لئے ایسے باغات تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ ہے عظیم الشان کامیابی'' (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 222.221) مودودی جو ایمان لائے اور جو نبیؐ کے ساتھ ایمان لائے دونوں کا فرق سنئے لکھتے ہیں کہ:۔

## آمَنُوْا مَعَهٗ کی تشریح مودودی والے مسلمانوں کی بات سُنیں

''یعنی اگرچہ یہ بڑی شرم کے قابل بات ہے کہ اچھے خاصے ھٹے کٹے تندرست، صاحب مقدرت لوگ ایمان کا دعویٰ رکھنے کے باوجود کام کا

Presented by Ziaraat.Com

وقت آنے پر میدان میں نکلنے کے بجائے گھروں میں گھس بیٹھیں اور عورتوں میں جا شامل ہوں لیکن چونکہ ان لوگوں نے خود جان بوجھ کر اپنے لئے یہی رویہ پسند کیا تھا اس لئے قانون فطرت کے مطابق ان سے وہ پاکیزہ احساسات چھین لئے گئے جن کی بدولت آدمی ایسے ذلیل اطوار اختیار کرنے میں شرم محسوس کیا کرتا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 222-221)

قریشی علماء ''آمَنُوْا مَعَهٗ'' (جو نبیؐ کے ساتھ ایمان لائے) کا مطلب یہ بیان کیا کرتے ہیں کہ ''جو نبیؐ پر ایمان لائے'' یعنی وہ تمام مسلمانوں کو آمَنُوْا مَعَهٗ میں شامل کر دیا کرتے ہیں۔ مودودی کی یہ تشریح عام مومنوں کو اُن مومنین سے الگ کر دیتی ہے جو مندرجہ بالا آیات (89-9/86) میں بیان ہوئے ہیں۔ آمَنُوْا مَعَهٗ کہتے ہی خالص جنتیوں کی بات ہوتی ہے نہ کہ مشکوک مومنوں کی بات۔ یہی لوگؑ اور نبیؐ حضرت ابرہیمؑ سے وابستہ ہیں۔ اِن جملوں (25-28/22) میں آپ نے خاندان کو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے وابستہ دکھایا اور اُن ہی کی نسل سے ہونا قرآن سے ثابت کیا ہے۔

## قریش نام کی قوم کو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کی رعایت دی گئی تھی، نہ وہ کفو تھے نہ ہم نسب تھے

اور قریش کو افرادی مقابلے سے پہلے آپؑ نے اکیسویں جملے میں واضح فرما دیا ہے کہ اعلان اسلام کی بنا پر قریش کہلانے والے لوگوں میں نکاح کرنے اور اُن کے نکاح قبول کر لینے کی رعایت دی گئی تھی ورنہ حقیقتاً وہ اس قابل نہ تھے (وَلَسْتُمْ هُنَاکَ) لہٰذا اس ملنے جلنے یعنی خلط ملط ہونے کو اور حضرت عائشہ و حفصہ اور دیگر عورتوں سے نکاح کر لینے کو دلیل بنا کر قریش کا نسل ابراہیم علیہ السلام سے ہونا ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ دوران حکومت گھڑی جانے والی کہانیاں ایک مجہول نسل کو نسل ابراہیمؑ میں مدغم نہیں کر سکتیں۔ لہٰذا یہ جملہ (21) قریش کو مکھی کی طرح نکال پھینکتا ہے۔

## محمدؐ و علیؑ اور اُن کی نسل اللہ کی عجیب ترین و عظیم ایجاد و کاریگری ہیں اور انسان اُن حضرات کی کاریگری ہیں

اور یہ جملہ بتاتا ہے کہ ہم تو اللہ کی عجیب ترین و عظیم ترین ایجاد ہیں اس ایجاد کی عظمت کا بھی یہی تقاضہ ہے کہ قریش اس نسل و نسب سے دور رکھے جائیں (28/20) چنانچہ نسل کی بات یہ فرمانے کے بعد شروع کی ہے کہ ''ہم سب اپنے پرودگار کی کاریگری اور ایجاد ہیں اور باقی نوع انسان ہماری کاریگری اور ایجاد ہے'' (28/20) یا مجتہدین والے ترجمہ کی رو سے ''نوع انسان ہمارے لئے بنائی اور ایجاد کی گئی ہے۔'' اِن دونوں میں سے کوئی معنی بھی اختیار کر لیں حقیقت میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ نوع انسان ہی نہیں پوری کائنات اور کائنات کی تمام مخلوقات و موجودات محمد و آل محمد علیہم السلام کے لئے پیدا کی گئی ہے اسی پر شہادت ہے حدیث قدسی '' لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاک'' اَے محمدؐ اگر تو نہ ہوتا تو میں یہ افلاک وغیرہ کچھ پیدا نہ کرتا۔ اُسی جملے (20) کی تشریح میں علامہ ابی الحدید نے لکھا کہ یقول لَیْسَ من البشر علینا نعمة بَل اللّٰه تعالٰی هُوَ الَّذِی انعم عَلَیْنَا فلیس بیننا و بینه واسطة و الناس باسرهم صنا ئعنا فخن الواسطة بینهم و بین اللّٰه تعالٰی و هذا مقام جلیل ظاهره ماسمعتَ و باطنه اَنَّهُمْ عَبِیْدُاللّٰه وَاِنَّ النَّاسَ عَبِیْدَهُمْ (شرح جلد 3۔ صفحہ 451)

حضرتؑ یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ ہم پر کسی بشر کا احسان نہیں بلکہ خداوند عالم نے ہمیں تمام نعمتیں براہ راست دی ہیں اور ہمارے اور اللہ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں ہے اور تمام لوگ ہمارے احسان پروردہ اور ساختہ پرداختہ ہیں اور ہم اللہ اور مخلوق کے درمیان واسطہ ہیں۔ یہ ایک عظیم منزلت اور جلیل مقام ہے ان الفاظ کا ظاہری مفہوم وہی ہے جو تمہارے گوش گذار ہو چکا ہے لیکن اِن کے باطنی معنی یہ ہیں کہ ہم اللہ کے بندے ہیں اور تمام لوگ ہمارے بندے ہیں۔'' یہی کچھ حدیث میں آیا ہے۔ احادیث سے ناواقف لوگوں کو بہت سی حقیقتیں ھضم نہیں ہوتیں۔ ہم تو اِن حضرات علیہم السلام کو عِلّتِ مادی و علت صوری اور علت فاعلی و علت غائی یقین کرتے ہیں۔ انسانی صورت میں آئے اور اسلامی قوانین کی پابندیاں پوری کرنے آئے تھے لوگوں

Presented by Ziaraat.Com

سے معاشرت اور میل جول اُنہیں اُن کی صحیح پوزیشن سے نہیں گراتا۔

## علیؑ و محمدؐ کی قریش کے مقابلے میں برتری اور قرآن میں اس نسل کے ہر زمانہ کے حالات

جملہ نمبر 23 میں حضرت علی علیہ السلام یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ:

''اللہ کی کتاب نے ہمارے وہ تمام حالات اپنے اندر جمع کر لئے ہیں جو چھوٹ جانے والے تھے'' (28/23)

یہاں پہلے تو یہ سوچیئے کہ علمائے شیعہ نے محمد و آل محمد صلی اللہ علیہم اجمعین کے حالات قرآن سے لکھنا تو الگ رہا انہوں نے تو یہ بھی کہیں نہ کہا کہ اُن حضراتؑ کے حالات قرآن کریم میں محفوظ ہیں۔ بہرحال اس جملے میں آپؑ نے قرآن کریم کی آیات (33/6) اور (8/75) کا یہ ٹکڑا لکھا ہے کہ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ ..... (8/75),(33/6)

یعنی حضرت علی علیہ السلام اپنی نسلی و خاندانی و ذاتی برتری پر ان آیات کو دلیل قرار دیتے ہیں۔ مگر شیعہ سُنی ترجموں اور تفسیروں میں آیات کے الفاظ اور معنی کا ستیاناس کر کے رکھ دیا گیا ہے۔ اور کیوں نہ ہو جب کہ عہد رسولؐ ہی سے قریش نے قرآن کو مہجور کرنا' معنوی ردوبدل کرنا' غلط مفاہیم کو قرآن سے وابستہ کرنے کا کام شروع کر دیا تھا (25/30.31/6/66) اور آج انہیں غلط تفاہیم اور معنوی ردوبدل کرتے ہوئے چودہ سو سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے اور اپنے اس عمل کو درجہ کمال تک پہنچا دیا ہے۔ بہرحال حضورؐ کی بیان کردہ آیت میں اللہ نے یہ فرمایا ہے کہ ''محمدؐ نبیؐ مومنین کے ہر ہر معاملے میں تمام مومنین کے مقابلے میں اُن کی سوجھ بوجھ و عقل سے بڑھ کر اُن کی اپنی جان سے بھی زیادہ مختار و حکمران ہیں اور نبیؐ کی بیویاں تمام مومنین کی مائیں ہیں اور نبیؐ کے رحمی رشتہ داروں میں سے بعض لوگ اپنے رشتہ داروں سے بھی اور باقی تمام اہل ایمان سے بھی اور تمام مہاجرین سے بھی کتاب اللہ کی رو سے رسولؐ کی مانند اُن کی سوجھ بوجھ و عقل اور جان سے بھی زیادہ مختار و حکمران ہیں اُن کے بعد تمہیں یہ اختیار ہے کہ تم اپنے دوسرے اولیاء (حکمرانوں) کے ساتھ وہ پسندیدہ سلوک کر سکو جو کتاب اللہ کی سطروں میں لکھا ہوا ہے۔''

یہ آیات عام مومنین سے لے کر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پوری اُمت میں ایسی درجہ بندی کر دیتی ہیں کہ کسی کو اُن مدارج سے اِدھر اُدھر ہونے کا اختیار نہیں رہتا۔ پوری تفصیل ہماری تفسیر احسن التعبیر میں ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں تو یہ دیکھیں کہ اللہ کی طرف سے اور قرآن کی رو سے اللہ کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ تمام انسانوں پر حکمراں (اَوْلٰی) ہیں اُن کے سامنے کسی کو اپنی سوجھ بوجھ و بصیرت و عقل سے یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ رسولؐ کی رضامندی کے خلاف کوئی بات کہہ سکیں یا کوئی حرکت یا عمل کر سکیں بلکہ اُن کی سوچ کو بھی رسولؐ کی سوچ و اجازت کے ماتحت رہنا ہوگا۔ اسی کا عملی صورت میں یہ بیان ہوا ہے کہ:۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا۝ (33/36) (وہی سورت)

**مودودی ترجمہ:۔** ''کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اُسکا رسولؐ کسی معاملے کا فیصلہ کر دے تو پھر اسے اپنے اُس معاملے میں خود فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل رہے اور جو کوئی اللہ اور اسکے رسولؐ کی نافرمانی کرے تو وہ صریح گمراہی میں پڑ گیا۔'' (تفہیم جلد 4 صفحہ 98۔97)

**اس آیت پر علامہ مودودی کی تشریح:** ''یہ آیت اگرچہ ایک خاص موقع پر نازل ہوئی ہے مگر جو حکم اس میں بیان ہوا ہے وہ اسلامی آئین کا اصل الاصول ہے اور اس کا اطلاق پورے اسلامی نظام زندگی پر ہوتا ہے۔ اس کی رُو سے کسی مسلمان فرد یا قوم یا ادارے یا عدالت یا پارلیمنٹ یا ریاست کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ جس معاملے میں اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے کوئی حکم ثابت ہو اُس میں وہ خود اپنی آزادیٔ رائے استعمال کرے۔ مسلمان ہونے کے معنی ہی خدا

Presented by Ziaraat.Com

اور رسولؐ کے آگے اپنے آزادانہ اختیار سے دست بردار ہو جانے کے ہیں۔ کسی شخص یا قوم کا مسلمان بھی ہونا اور اپنے لئے اس اختیار کو محفوظ بھی رکھنا، دونوں ایک دوسرے کی نفی کرتے ہیں۔ کوئی ذی عقل انسان ان دونوں رویوں کو جمع کرنے کا تصور نہیں کر سکتا۔ جسے مسلمان رہنا ہو اس کو لازماً حکم خدا اور رسولؐ کے آگے جھک جانا ہوگا۔ اور جسے نہ جھکنا ہو اس کو سیدھی طرح ماننا پڑے گا کہ وہ مسلمان نہیں ہے۔ نہ مانے گا تو چاہے اپنے مسلمان ہونے کا وہ کتنا ہی ڈھول پیٹے، خدا اور خلق دونوں کی نگاہ میں وہ منافق ہی قرار پائے گا۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 99۔98)

یہ عملی صورت لیڈران قریش اور اُن کے پیروکاروں کے مذہب وعقائد اور تصورات اور فیصلوں کو باطل ثابت کرتی ہے۔ بہر حال تمام ہی مومنین اور مومنات کا اپنے معاملات میں رسولؐ کے سامنے بے اختیار ہونا اصولی حیثیت سے آیت (33/6) میں بیان ہو گیا ہے اور جو الفاظ نبیؐ کو تمام مومنین اور مومنات پر کلی اختیارات دیتے ہیں وہ الفاظ یہ ہیں کہ ''**اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی**'' ''**یہ خاص نبیؐ اولیٰ ہے**'' مولیٰ ہے۔ مختار کل ہے۔ حکمران ہے۔''

یہی الفاظ آئے ہیں رسولؐ کے رحمی رشتہ داروں کے لئے کہ:

**''بَعۡضُهُمۡ اَوۡلٰی بِبَعۡضٍ فِیۡ کِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُهٰجِرِیۡنَ ۔''(33/6)**

**رحمی رشتہ دار بعض رحمی رشتہ داروں سے بھی اور تمام مومنین اور مہاجرین سے بھی اَوْلیٰ ہیں۔ مولیٰ ہیں۔ مختار کل ہیں۔ حکمران ہیں۔**

مختصر بات یہ ہوئی کہ **اللہ۔ رسولؐ۔ رحمی رشتہ دار** تمام ایمان لانے والوں پر اَولیٰ بالتصرف اور مختار ہیں۔ اُن کے احکام اور فیصلے ہر کسی کو بلا چون وچرا ماننا لازم ہیں۔ ورنہ اسلام سے خارج ہیں۔ اس آیت کا حوالہ دے کر حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ اینڈ کمپنی کے تمام راستے بند کر دئے ہیں۔ اُس کی فضیلت وغیرہ کی بحثیں بکواس بن کر رہ گئیں اور ساتھ ہی نسلی برتری ثابت ہوگئی۔ جن کی بیویاں سارے مومنین ومہاجرین وانصار کی مائیں ہوں ظاہر ہے کہ وہ ساری اُمت کے لئے بمنزلہ باپ ہوں گے اور باپ کے روبرو اور ماں کے سامنے **اُفّ** تک کرنے کا اختیار نہیں رہتا۔ چہ جائیکہ کوئی اور اختیار (24۔17/23)۔ تفسیر احسن التعبیر سے (7۔33/6) ضرور دیکھ لیں معلومات میں اضافہ ہوگا۔

## ( نمبر29) خط **اِلٰی اَهۡلِ الۡبَصۡرَةِ: بصرہ کے باشندوں کے نام**

**1۔ بصرہ والوں کے کچھ ناپسندیدہ اطوار کی بنا پر انہیں تنبیہ فرمائی ہے۔ 2۔ اپنے حیران کن اور لاثانی سلوک کا تذکرہ فرما کر ایک روح فرسا دھمکی تحریراً ارسال کر دی ہے۔ جس سے اہل بصرہ کی نیند اڑ جائے**

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدۡ کَانَ مِنۡ اِنۡتِشَارِ حَبۡلِکُمۡ وَشِقَاقِکُمۡ مَالَمۡ تَغۡبُوۡا عَنۡهُ فَعَفَوۡتُ عَنۡ مُّجۡرِمِکُمۡ ؛ | 1 | اور تمہاری قومی پھوٹ، انتشار اور فرقہ واریت جس مقام پر بھی ہے اُسے تم خود بھی سمجھتے ہو؛ |
| وَرَفَعۡتُ السَّیۡفَ عَنۡ مُدۡبِرِکُمۡ وَقَبِلۡتُ مِنۡ مُّقۡبِلِکُمۡ ؛ | 2 | مگر میں نے تمہارے مجرموں کو اصلاح کا موقع دینے کے لئے نظر انداز کر دیا تھا؛ |
| فَاِنۡ خَطَتۡ بِکُمُ الۡاُمُوۡرُ الۡمُرۡدِیَةُ ؛ وَسَفَهُ الۡاٰرَاءِ الۡجَائِرَةِ | 3 | اور تمہارے پیٹھ پھرا کر جنگ سے بھاگنے والوں کو تہہ تیغ نہ کیا تھا۔ اور تعاون کے لئے بڑھ کر آنے والوں کو قبول کر لیا تھا؛ |
| اِلٰی مُنَابَذَتِیۡ وَخِلَافِیۡ فَهَا اَنَا ذَا قَدۡ قَرَّبۡتُ | 4 | چنانچہ اس سلوک کے بعد بھی اگر تمہیں تمہارے تباہ کن معاملات اور مصلحتیں اور |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| جِيَادِیْ ؛ وَرَحَلْتُ رِكَابِیْ ؛ | | اقدامات غلط سمت میں لے جائیں اور تم اپنی احمقانہ رائے اور ظالمانہ طرز فکر سے میری مخالفت اور عہد شکنی پر قائم ہو گئے ہو تو سن لو کہ میں نے اپنے گھوڑوں کو قریب تیار رکھا ہوا ہے۔ اور زین و رکاب سے آراستہ کیا ہوا ہے۔ |
| وَلَئِنْ اَلْجَاْتُمُوْنِیْ اِلَی الْمَسِيْرِ اِلَيْكُمْ لَاُوْقِعَنَّ بِكُمْ وَقْعَةً لَايَكُوْنُ يَوْمُ الْجَمَلِ اِلَيْهَا اِلَّا كَلَعْقَةِ لَاعِقٍ ؛ | 5 | اور اگر تم نے مجھے اپنی طرف فوج کشی اور روانگی کے لئے مجبور کیا تو میں تمہارے ساتھ ایسی جنگی صورت پیدا کر دوں گا کہ تمہارے اندر واقعہ روز جمل کا حال ایسا رہ جائے گا جیسے کوئی کسی چیز کو محض زبان سے چاٹ لے؛ |
| مَعَ اَنِّیْ عَارِفٌ لِّذِی الطَّاعَةِ مِنْكُمْ فَضْلَهُ ؛ | 6 | اسکے ساتھ ہی میں تمہارے اندر ان لوگوں کو جانتا ہوں جو اطاعت کی فضیلت رکھتے ہیں |
| وَلِذِی النَّصِيْحَةِ حَقَّهُ ؛ | 7 | اور جو خیر خواہ ہیں میں ان کا حق پہچانتا ہوں؛ |
| غَيْرَ مُتَجَاوِزٍ مُتَّهَمًا اِلٰی بَرِیءٍ وَلَا نَاكِثًا اِلٰی وَفِیٍّ . | 8 | اور میں مجرموں کیساتھ بے گناہوں کو اور وفاداروں کیساتھ عہد شکنوں کو نہ لپیٹوں گا۔'' |

**تشریح:۔** قارئین نے دیکھا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام میدان جنگ سے بھاگنے والے دشمنوں کو نہ گرفتار کراتے تھے اور نہ انہیں قتل کرنے دیتے تھے نہ کسی زخمی کو قتل کرنے کی اجازت دیتے تھے۔ نہ لوٹ مار کرنے دیتے تھے۔ بلکہ چھوڑ جانے والے سامان کو بھی دشمنوں کو واپس دے دیتے تھے۔ اگر آپؑ نے حضرات ابوبکر و عمر والا رویہ اختیار کیا ہوتا تو بصرہ میں ایک کھلا قتل عام ہونا چاہئے تھا۔ اور اھل بصرہ یہی امید رکھتے تھے کہ قتل عام کیا جائے گا سارے شہر کو لوٹا جائے گا مردوں کو غلام اور عورتوں کو کنیزیں بنایا جائے گا۔ لیکن آپ نے اعلان کرادیا تھا کہ مجھ جیسے انسان سے یہ امید نہ کرنا چاہئے۔ اس حسن سلوک کے بعد بھی بصرہ میں معاویہ اور قریشی لیڈر وافتراق وانتشار پھیلاتے رہتے تھے۔ اسے روکنے کے لئے یہ خط لکھا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ اگر مجھے فوج کشی پر مجبور کیا گیا تو جنگ جمل والے سلوک کی اب امید نہ رکھنا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ رحیمانہ سلوک ہر حال میں اور ہر مجرم کے ساتھ کرنا غلط ہے۔ یہ تو حضرت علی علیہ السلام کا اپنا رحیمانہ طریقہ ہے۔ قرآن کریم (مائدہ 5/33) تو ان لوگوں کو بڑی بے رحمانہ سزا دینے کا حکم دیتا ہے۔ لہٰذا رحم و کرم کے بعد بھی اگر لوگ نہ مانیں اور دین سے اور امام عصر علیہ السلام سے بغاوت جاری رکھیں تو یقیناً ایسے لوگوں کو دنیا سے مٹا دینا جائز ہو جائے گا وہ جنگی قیدی ہی تو ہوں گے جن کے ہاتھ اور پیر الٹی طرف سے کاٹنے کا حکم ہے۔ سولیاں دینا جہاں ضروری ہے دنیا سے نفی کرنا لازم ہے (5/33)۔

## ( نمبر 30) خط اِلٰی مُعَاوِيَه: معاویہ کے نام، گمراہی اور کفر کی طرف بڑھنے سے روکنے کیلئے ہدایات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَاتَّقِ اللّٰهَ فِيْمَا لَدَيْكَ وَانْظُرْ فِیْ حَقِّهٖ عَلَيْكَ ؛ | 1 | اللہ کی عائد کردہ ذمہ داریاں اختیار کرو اور اُن حقوق کو ادا کرو جو اُس نے قائم کئے ہیں؛ |
| وَارْجِعْ اِلٰی مَعْرِفَةِ مَا لَاتُعْذَرُ بِجَهَالَتِهٖ ؛ | 2 | اور اُن چیزوں کی معرفت حاصل کرنے کیلئے پلٹو جن سے لاعلمی کا عذر قابل قبول نہیں ہوگا |
| فَاِنَّ لِلطَّاعَةِ اَعْلَامًا وَاضِحَةً وَّسُبُلاً نَيِّرَةً ؛ | 3 | اس لئے کہ اطاعتِ خداوندی کے واسطے واضح نشانات اور روشن راہیں سامنے ہیں۔ اور |
| وَمَحَجَّةً نَّهْجَةً وَغَايَةً مَطْلُوْبَةً ؛ | | دلیل و حجت سے ثابت شدہ طریقے اور سب کی پسندیدہ اور مطلوبہ منزل موجود ہے؛ اور |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| يَرِدُهَا الْاَكْيَاسُ ، وَيُخَالِفُهَا الْاَنْكَاسُ ؛ | 4 | دانشور لوگ تو اس منزل کی طرف بڑھنے میں کوشاں رہتے ہیں اور گھٹیا لوگ اس منزل کے خلاف راستے اختیار کرتے ہیں؛ |
| مَنْ نَّكَبَ عَنْهَا جَارَا عَنِ الحَقِّ وَخَبَطَ فِيْ التِّيْهِ ؛ | 5 | بہر حال جو کوئی اس منزل سے ہٹتا ہے وہ حق سے ہٹ جاتا ہے؛ اور گمراہی میں اُلجھ کر رہ جاتا ہے؛ |
| وَغَيَّرَ اللّٰهُ نِعْمَتِهُ وَاَحَلَّ بِهٖ نَقْمَتَهُ ؛ | 6 | اور اللہ اُس سے اپنی نعمتیں چھین لیتا ہے اور اُسے اپنے عذاب کے حوالے کر دیتا ہے؛ |
| فَنَفْسَكَ نَفْسَكَ ؛ | 7 | لہٰذا اپنی جان بچاؤ اور خود کو ہلاکت سے باہر نکالو؛ |
| فَقَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ لَكَ سَبِيْلَكَ ؛ | 8 | یقیناً اللہ نے تیرے لئے تیرا راستہ اور راہ عمل واضح کر دئے ہیں؛ |
| وَحَيْثُ تَنَاهَتْ بِكَ اُمُوْرُكَ ؛ | 9 | اور وہ مقام بتا دیا ہے جہاں تمہیں تمہارے کام اور معاملات لے جائیں گے؛ |
| فَقَدْ اَجْرَيْتَ اِلٰى غَايَةِ خُسْرٍ ؛ وَمَحَلَّةِ كُفْرٍ ؛ | 10 | اور تمہارا حال یہ ہے کہ تم تو انتہائی گھاٹے اور کفر کے مقام کی طرف دوڑے جا رہے ہو؛ |
| وَاِنَّ نَفْسَكَ قَدْ اَوْلَجَتْكَ شَرًّا ؛ وَاَقْحَمَتْكَ غَيًّا ؛ وَاَوْرَدَتْكَ الْمَهَالِكَ وَ اَوْعَرَتْ عَلَيْكَ الْمَسَالِكَ . | 11 | تمہارے نفس نے تمہیں برائیوں میں دھکیل دیا ہے اور باغیانہ روش میں گمراہی کے اندر جھونک دیا ہے اور ہلاکتوں میں لا کر چھوڑ دیا ہے اور تمہارے لئے راستی کی راہوں کو دشوار بنا دیا ہے۔'' |

**تشریح:۔** اس خط سے حضرت علی علیہ السلام نے یہ ثابت کیا ہے کہ آپؑ کا عمل درآمد معاویہ کے ساتھ دشمنانہ نہ تھا بلکہ قانونی عمل درآمد تھا۔ قانون خداوندی کے تقاضوں کو پورا کرنا آپؑ کی ذمہ داری تھی۔ قرآن کریم نے حکم دیا ہے کہ:۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ o(5/8)

''اے لوگوں جو ایمان لائے ہو اللہ کی خاطر راستی پر قائم رہنے والے اور شہادت کو قسطوں پر برقرار رکھنے والے بنو۔ کسی قوم سے دشمنی تمہیں اس پر آمادہ نہ کر دے کہ تم دشمن سے عدل و انصاف نہ کرو۔ برابر عدل کو قائم رکھو عدل کرتے رہنا تقویٰ سے بہت قربت رکھتا ہے۔ اللہ کے سامنے ذمہ دار رہو۔ تم جو کچھ بھی کرتے ہو اللہ اس سے پوری طرح خبردار رہتا ہے (مائدہ 5/8)۔

اس آیت کا بھی تقاضہ ہے کہ دشمن کو اچھی اچھی باتیں بتائی جائیں نصیحت کی جائے اور اُسے آخرت میں عذاب سے بچنے کا مشورہ دیا جائے۔ اس کے سامنے اس کی صحیح تصویر پیش کی جائے اور وہ تمام طریقے بتائے جائیں جن پر عمل کرنے سے اس کی نجات ممکن ہو سکے۔ ماننا نہ ماننا عمل کرنا نہ کرنا بہر حال اُس کا اپنا کام ہے۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام نے اپنا کام کرنے میں کمی نہیں کی اور دشمنی کو رکاوٹ نہیں بننے دیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر31) وصیت لِلْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ كَتَبَهَا اِلَیْهِ بِحَاضِرِیْنَ مُنْصَرِفًا مِنْ صِفِّیْنَ

حسنؑ بن علیؑ (دونوں پر سلام ہو) کے لئے وصیت جسے صفین سے واپس آتے ہوئے ایک گاؤں بنام حاضرین کے پاس تحریر فرمایا تھا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنَ الْوَالِدِ الْفَانِ ؛ | 1 | یہ ایک فنا ہو جانے والے باپ کی طرف سے وصیت ہے؛ |
| الْمُقِرِّ لِلزَّمَانِ ؛ الْمُدْبِرِ الْعُمُرِ ، الْمُسْتَسْلِمِ لِلدَّهْرِ الذَّامِ لِلدُّنْیَا ؛ | 2 | جس نے زمانہ کے فانی ہونے کا بھی اقرار کرلیا ہے جسکی عمر پیٹھ پھرائے واپس جارہی ہے جس نے دنیا میں رہنے کے قوانین کو مان کر خود کو سپرد کر دیا ہے جو دنیا سے دور ہٹنے میں مصروف ہے؛ |
| السَّاكِنِ مَسَاكِنَ الْمَوْتٰى الظَّاعِنِ عَنْهَا غَدًا | 3 | جو مرتے رہنے والوں کے ٹھکانوں میں سکونت رکھتا ہے اور کل یہاں سے کوچ کرنیوالا ہے |
| اِلَى الْمَوْلُوْدِ الْمُؤَمِّلِ مَالا یُدْرِکَ | 4 | وصیت اُس بیٹے کیلئے ہے جو نہ ملنے والی چیزوں کی بھی اُمید رکھتا ہے اور اُسی راہ پر چلا جارہا ہے جس راہ نے ہلاک ہو جانا ہے؛ |
| السَّالِکِ سَبِیْلَ مَنْ قَدْهَلَکَ ؛ | | |
| غَرَضِ الْاَسْقَامِ ؛ | 5 | جو نقائص اور خامیوں کی زد پر ہے؛ |
| وَ رَهِیْنَةِ الْاَیَّامِ ؛ | الف | اور یہاں کے شب و روز گذارنے میں رہن و پابند ہے؛ |
| وَ رَمِیَّةِ الْمَصَائِبِ ؛ | ب | اور مصائب کی تیراندازی کا نشانہ ہے، |
| وَ عَبْدِالدُّنْیَا ؛وَتَاجِرِ الْغُرُوْرِ ؛ | ج | اور اس دنیا کے قواعد کا مطیع ہے، اور دنیا کے دھوکوں کا تاجر ہے، |
| وَغَرِیْمُ الْمَنَایَا ؛ | د | اور اموات کا مقروض ہے؛ |
| وَاَسِیْرِ الْمَوْتِ ؛ | ہ | اور اسی لئے موت کا قیدی ہے، |
| وَ حَلِیْفِ الْهُمُوْمِ ؛ | و | اور غموں اور رنج و ملال کے ساتھ عہد کئے ہوئے ہے؛ |
| وَ قَرِیْنِ الْاَحْزَانِ ؛ | ز | اور حزن کی تمام قسموں کا ساتھی ہے؛ |
| وَ نَصْبِ الْاٰفَاتِ ؛ | ح | اور آفتوں کا منظور نظر ہے؛ |
| وَصَرِیْعِ الشَّهَوَاتِ ؛ | ط | اور خواہشوں کا مقتول ہے؛ |
| وَخَلِیْفَةِ الْاَمْوَاتِ ؛ | ی | اور مرنے والوں کا جانشین ہے؛ |
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ فِیْمَا تَبَیَّنْتُ مِنْ اِدْبَارِ الدُّنْیَا عَنِّیْ ، وَجُمُوْحِ الدَّهْرِ عَلَیَّ ؛ وَاِقْبَالِ الْاٰخِرَةِ اِلَیَّ ، مَایَزَعُنِیْ عَنْ ذِکْرِ مَنْ سِوَایَ وَ الْاِهْتِمَام بِمَا وَرَائِیْ غَیْرَ اَنِّیْ حَیْثُ تَفَرَّدَ بِیْ دُوْنَ هُمُوْمِ النَّاسِ هَمُّ نَفْسِیْ ؛ | 6 | بعد از حمد و ثنائے خدا اور سوٗل واضح ہو کہ میں نے دُنیا کے خود سے منہ موڑنے اور اپنے اوپر زمانہ کی زیادتیوں کو دیکھ لینے اور آخرت کے اپنی طرف بڑھتے آنے سے جو کچھ سمجھا ہے وہ یہ ہے کہ یہ سب کچھ مجھے دوسروں کی (غیروں کی) یاد سے اور خود اُن کاموں سے جو میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں روکتا ہے۔ اور اپنے معاملات کے اہتمام میں لگاتا ہے اسلئے کہ دوسروں کے فکر و اندوہ سے ہٹ کر خود میرا فکر و اندوہ میری اپنی تنہا ذات پر منحصر ہے۔ لہٰذا مجھے اپنی عاقبت کی فکر میں لگ جانا چاہئے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَصَدَ قَنِیْ رَائِیْ وَصَرَفَنِیْ عَنْ هَوَایَ ؛ | 7 | چنانچہ میری رائے نے مجھے درست ثابت کر کے میری تصدیق کر دی اور مجھے میری خواہش سے ہٹا دیا ہے؛ |
| وَصَرَّحَ لِیْ مَحْضُ اَمْرِیْ ؛ | 8 | اور میرے لئے میرے کاموں کی حقیقت واضح کر دی ہے؛ |
| فَافَضٰی بِیْ اِلٰی جِدٍّ لَّایَکُوْنُ فِیْهِ لَعِبٌ وَصِدْقٍ لَایَشُوْبُهُ کذبٌ . | 9 | چنانچہ مجھے اصلاح حال کی ایسی کوشش میں مصروف کر دیا ہے جس میں تضیع اوقات نہ ہو سکے اور ایسی سچائی کو ثابت کرنے پر مامور کر دیا جس میں جھوٹ کا میل نہ ہونے پائے؛ |
| وَجَدْتُکَ بَعْضِیْ بَلْ وَجَدْتُکَ کُلِّیْ ؛ | 10 | **میں نے تمہیں اپنا ایک جز پایا بلکہ تمہیں وہی کچھ پایا جو کچھ کہ میں کُل ہوں**؛ |
| حَتّٰی کَاَنَّ شَیْئًا لَوْ اَصَابَکَ اَصَابَنِیْ وَکَاَنَّ الْمَوْتَ لَوْاَتَکَ اَتَانِیْ ؛ | 11 | یہاں تک کہ تم میں ایسی یگانگت و یکسانیت پاتا ہوں کہ جو کچھ تم پر گذرتا ہے **وہی کچھ مجھ پر واقع ہوتا ہے**۔ یہاں تک گویا اگر تمہیں موت آئے تو مجھے بھی موت آ جائے گی؛ |
| فَعَنَانِیْ مِنْ اَمْرِکَ مَایَعْنِیْنِیْ مِنْ اَمْرِ نَفْسِیْ | 12 | چنانچہ اس ہم آہنگی کی بنا پر مجھے تمہارا اتنا ہی انتظام کرنا ہے جتنا میں خود اپنی ذات کا کرتا؛ |
| فَکَتَبْتُ اِلَیْکَ کِتَابِیْ مُسْتَظْهِرًا بِهٖ اِنْ اَنَا بَقِیْتُ لَکَ اَوْ فَنِیْتُ . | 13 | اس لئے میں نے تمہارے لئے اپنی یہ وصیت لکھ دی ہے تا کہ یہ تمہاری پشت پناہی کا کام دے خواہ میں تمہارے لئے زندہ باقی رہوں یا فنا ہو جاؤں۔ |
| فَاِنِّیْ اُوْصِیْکَ بِتَقْوَی اللّٰهِ .اَیْ بُنَیَّ . وَلُزُوْمِ اَمْرِهٖ ؛ | 14 | چنانچہ پہلی چیز یہ کہ تم اللہ کے سامنے ہمیشہ اور ہر حال میں ذمہ دار رہنا اَے میرے ننھے بیٹے، اور اس کے احکامات پر لازمی عمل کرنا؛ |
| وَعِمَارَةِ قَلْبِکَ بِذِکْرِهٖ وَالْاِعْتِصَامِ بِحَبْلِهٖ. | 15 | اور اللہ کے ذکر سے اپنے دل کی تعمیر کرتے رہنا۔ اور اس کی رَسی (سلسلے) کو پکڑے رہنا؛ |
| وَاَیُّ سَبَبٍ اَوْثَقُ مِنْ سَبَبٍ بَیْنَکَ وَبَیْنَ اللّٰهِ اِنْ اَنْتَ اَخَذْتَ بِهٖ ؟ | 16 | اور کونسا سبب اور رشتہ اس سبب اور رشتے سے مضبوط اور پر یقین ہو سکتا ہے جو تمہارے اور اللہ کے درمیان ہے؟ شرط یہ ہے کہ تم اُس سے وابستہ رہتے چلے جاؤ۔ |
| اَحْیِ قَلْبَکَ بِالْمَوْعِظَةِ ؛ وَاَمِتْهُ بِالزَّهَادَةِ ؛ | 17 | اپنے دل کو وعظ و تقریر سے زندگی دیتے رہنا اور دُنیا سے بے رخی برت کر دنیاوی جذبات کو مارنا؛ |
| وَقَوِّهٖ بِالْیَقِیْنِ ، وَنَوِّرْهُ بِالْحِکْمَةِ وَذَلِّلْهُ بِذِکْرِ الْمَوْتِ ؛ | 18 | اور یقین کے ذریعہ دل کو قوت دینا اور حکمت سے اُسے منور کرنا اور موت کے تذکروں سے اُس کی انسانی خواہشوں کو ذلیل کرتے رہنا؛ |
| وَقَرِّرْهُ بِالْفَنَاءِ وَبَصِّرْهُ فَجَائِعَ الدُّنْیَا ؛ | 19 | اور اس سے فنا کا اقرار کرانا، دنیاوی حادثات پر متوجہ رکھ کر اس کی بصیرت میں اضافہ کرتے رہنا؛ |
| وَحَذِّرْهُ صَوْلَةَ الدَّهْرِ ؛ | 20 | زمانہ کی بالادستی سے اُسے بچا کر خبردار رکھنا؛ |
| وَفُحْشَ تَقَلُّبِ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ ؛ | 21 | اور دن رات کے انقلاب کی خرابیوں اور نقصانات کو واضح کرتے رہنا؛ |
| وَاَعْرِضْ عَلَیْهِ اَخْبَارَ الْمَاضِیْنَ ؛ | 22 | اور دل کو دُنیا سے گذر جانے والوں کے حالات و واقعات کی خبریں دیتے رہنا؛ |
| وَذَکِّرْهُ بِمَا اَصَابَ مَنْ کَانَ قَبْلَکَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ ؛ | 23 | تم سے پہلے کے اوّلین زمانہ کے لوگوں پر جو کچھ گذرا اُس کا تذکرہ جاری رکھنا اور بار بار یاد دلاتے رہنا؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَسِرْفِي دِيَارِهِمْ وَاٰثَارِهِمْ ؛ | 24 | اوراُن کے شہروں بستیوں اور چھوڑے ہوئے آثار قدیمہ کی سیر کرنا؛ |
| فَانْظُرْ فِيمَا فَعَلُوْا ؛ وَعَمَّا انْتَقَلُوْا ؛ وَاَيْنَ حَلُّوْا وَنَزَلُوْا ؛ | 25 | اوراس پرغور کرنا کہ انہوں نے کیا کچھ کیا تھا۔اور کہاں سے کوچ کیا کدھر کو گئے اور کہاں اُترے اور قیام کیا؟ اور کتنا ٹھہرے؟ |
| فَاِنَّکَ تَجِدُهُمْ قَدِ انْتَقَلُوْا عَنِ الْاَحِبَّةِ وَحَلُّوْا دَارَا الْغُرْبَةِ ؛ | 26 | تمہیں پتہ چلے گا کہ وہ لوگ اپنے پیاروں سے جدا ہوکر کوچ کر گئے اور غربت اور تنہائی کے گھر میں جا اُترے؛ |
| وَكَاَنَّکَ عَنْ قَلِيْلٍ قَدْ صِرْتَ كَاَحَدِهِمْ ؛ | 27 | اور تھوڑے ہی عرصے کے بعد تمہارا شمار بھی اُن ہی لوگوں میں سے ایک کی طرح ہونے لگے گا؛ |
| فَاَصْلِحْ مَثْوَاکَ ، وَلَا تَبِعْ آخِرَتَکَ بِدُنْيَاکَ ؛ | 28 | چنانچہ اپنے آخری ٹھکانے کی اصلاح کرو اور اپنی آخرت کو اپنی دُنیا کے بدلے فروخت نہ کرنا؛ |
| وَدَعِ الْقَوْلَ فِيمَا لَاتَعْرِفُ ؛ وَالْخِطَابَ فِيمَا لَمْ تُكَلَّفْ ؛ | 29 | اور ہر اُس بات کو نظر انداز کردو جس سے تمہارا تعارف نہیں ہے اور جو چیز تمہاری ذمہ داری سے باہر ہے اس پر بات ہی نہ کرو؛ |
| وَاَمْسِکْ عَنْ طَرِيْقٍ اِذَا خِفْتَ ضَلَالَتَهٗ ؛ | 30 | اُس طریقہ اور راستے سے جدا رہو جس میں گمراہی کا خوف محسوس ہو؛ |
| فَاِنَّ الْكَفَّ عِنْدَ حَيْرَةِ الضَّلَالِ خَيْرٌ مِنْ رُكُوْبِ الْاَهْوَالِ ؛ | 31 | ایسے طریقوں اور راستوں سے رکے رہنا اس سے بہتر ہے کہ آدمی گمراہی کے خطرات پر سوار ہوکر تباہی میں جا گرے؛ |
| وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ تَكُنْ مِنْ اَهْلِهٖ ؛ | 32 | اور تم عالمی پسندیدگی پر عمل کرنے کا حکم دیتے رہو تا کہ تم عالمی پسندیدگی کے ذمہ داروں میں سے ہو جاؤ؛ |
| وَاَنْكِرِ الْمُنْكَرَ بِيَدِکَ وَلِسَانِکَ ؛ | 33 | اور تم اپنی زبان اور ہاتھوں سے کہہ کر اور عملاً ان تمام چیزوں کا انکار کردو جو ساری دنیا میں ناپسند کی جاتی ہیں؛ |
| وَبَايِنْ مَّنْ فَعَلَهٗ بِجُهْدِکَ ؛ | 34 | اور جو بھی عالمی ناپسندیدگی کے کام کرے کوشش کر کے اس سے جدا اور مخالف رہو؛ |
| وَجَاهِدْ فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؛ | 35 | اور اللہ کی راہ میں ایسا جہاد کرتے رہو جیسا کہ جہاد کا حق ہے؛ |
| وَ لَا تَاْخُذْکَ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ ؛ | 36 | اور اس طرح اللہ کی راہ میں کام کرنے پر کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہ کرو؛ |
| وَخُضِ الْغَمَرَاتِ لِلْحَقِّ حَيْثُ كَانَ ؛ | 37 | حق کہیں بھی ہو اُسکو حاصل کرنے اور پھیلانے کیلئے ہر سختی اور مشکل برداشت کرتے رہو |
| وَتَفَقَّهْ فِي الدِّيْنِ . | 38 | اور دینی سوجھ بوجھ پیدا کرنے کے لئے بھی ہر تکلیف اٹھاؤ۔ |
| وَعَوِّدْ نَفْسَکَ التَّصَبُّرَ عَلَى الْمَكْرُوْهِ وَنِعْمَ الْخُلُقُ التَّصَبُّرُ فِي الْحَقِّ ؛ | 39 | دین کی خاطر ہر مکروہ اور تکلیف دہ صورت حال پر صبر کرنے کی خود کو عادت ڈالو۔اور حق کے سلسلے میں صبر کرنا بہترین اخلاق ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْجِئْ نَفْسَکَ فِی الْاُمُوْرِ کُلِّهَا اِلٰی اِلٰهِکَ فَاِنَّکَ تُلْجِئُهَا اِلٰی کَهْفٍ حَرِیْزٍ ، وَمَانِعٍ عَزِیْزٍ، | 40 | اور ہر قسم کے معاملات اور اُن کے نتائج کو اللہ کے سپرد کیا کرو اِس طرح تم خود کو ایک محفوظ پناہ کی جگہ میں اور ایک غالب رہنے والے محافظ کے سپرد کرو گے جہاں خطرہ کی رسائی نہیں ہے؛ |
| وَاَخْلِصْ فِی الْمَسْاَلَةِ لِرَبِّکَ فَاِنَّ بِیَدِهِ الْعَطَآءَ وَالْحِرْمَانَ ؛ | 41 | اور ہر سوال اور ہر حاجت خالصتاً اپنے پروردگار کے سامنے پیش کرو اس لئے کہ ہر چیز کا عطا کرنا اور محروم رکھنا اُسی کے ہاتھ میں ہے؛ |
| وَاَکْثِرِ الْاِسْتِخَارَةَ . وَتَفَهَّمْ وَصِیَّتِیْ ؛ وَلَاتَذْهَبَنَّ عَنْهَا صَفْحًا ؛ | 42 | اور کثرت سے بھلائی اور اختیارات طلب کرتے رہو اور میری اس وصیت کی تفہیم جاری رکھو اور اس میں مذکور ہدایات سے ذرہ برابر نہ ہٹنا؛ |
| فَاِنَّ خَیْرَ الْقَوْلِ مَانَفَعَ ؛ | 43 | یقیناً اچھی بات وہی ہے جو نفع پہنچائے؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّهُ لَاخَیْرَ فِیْ عِلْمٍ لَایَنْفَعُ وَلَا یُنْتَفَعُ بِعِلْمٍ لَا یَحِقُّ تَعَلُّمُهُ . | 44 | اور یہ جان لو کہ اُس علم میں کوئی بھلائی نہیں جو فائدہ نہ پہنچائے اور نہ ہی اس علم سے فائدہ پہنچ سکتا ہے جس کا پڑھنا اور پڑھانا موزوں نہ ہو۔ |
| اَیْ بُنَیَّ اِنِّیْ لَمَّا رَاَیْتُنِیْ قَدْ بَلَغْتُ سِنًّا ،وَ رَاَیْتُنِیْ اَزْدَادُ وَهْنًا، بَادَرْتُ بِوَصِیَّتِیْ اِلَیْکَ؛ | 45 | اَے ننھے بیٹے جب میں نے یہ دیکھ لیا کہ میں مناسب عمر تک پہنچ چکا ہوں اور یہ بھی دیکھا کہ کمزوری بڑھتی جا رہی ہے تو میں نے تمہارے لئے اپنی وصیت لکھنے میں اقدام کیا؛ |
| وَاَوْرَدْتُ خِصَالًا مِنْهَا قَبْلَ اَنْ یَّعْجَلَ بِیْ اَجَلِیْ دُوْنَ اَنْ اُفْضِیَ اِلَیْکَ بِمَا فِیْ نَفْسِیْ ؛ | 46 | اور وصیت میں اپنی موت کے جلد آ جانے کا خیال رکھ کر پہلے ہی سے چند ایسی خصلتوں کا بیان ضروری سمجھا جو میرے دل میں تھیں اور جو موت سے پہلے تم پر واضح کرنا تھیں؛ |
| اَوْ اَنْ اُنْقَصَ فِیْ رَاْیِیْ کَمَا نُقِصْتُ فِیْ جِسْمِیْ ؛ | 47 | اور یہ سوچا کہ جس طرح میرا جسم ناقص ہوتا جا رہا ہے اسی طرح وصیت لکھنے سے پہلے میری رائے ناقص نہ ہو جائے۔ |
| اَوْ یَسْبِقَنِیْ اِلَیْکَ بَعْضُ غَلَبَاتِ الْهَوٰی ؛ وَفِتَنِ الدُّنْیَا فَتَکُوْنَ کَا لصَّعْبِ النَّفُوْرِ؛ | 48 | یا وصیت سے پہلے ہی تم پر بعض خواہشات غالب نہ آ جائیں یا دنیا کے فتنے تمہیں ایسا کر دیں کہ تمہارا علیحدگی کا فیصلہ بدلنا دشوار ہو جائے؛ |
| وَاِنَّمَا قَلْبُ الْحَدَثِ کَالْاَرْضِ الْخَالِیَةِ : | 49 | اور یہ ایک فطری حقیقت ہے کہ کمسنوں اور نوجوانوں کا دل اُس خالی زمین کیطرح ہوتا ہے |
| مَاالْقِیَ فِیْهَا مِنْ شَیْءٍ قَبِلَتْهُ ؛ | 50 | کہ جس میں جو بیج ڈالا جائے اسے قبول کر لیتی ہے؛ |
| فَبَادَرْتُکَ بِالْاَدَبِ قَبْلَ اَنْ یَّقْسُوَ قَلْبُکَ ؛ | 51 | چنانچہ میں نے تمہارے دل کے پختہ اور سخت ہو جانے سے پہلے پہلے تمہاری تربیت میں جلدی کی ہے؛ |
| وَیَشْتَغِلَ لُبُّکَ لِتَسْتَقْبِلَ بِجِدِّ رَاْیِکَ مِنَ الْاَمْرِ مَا قَدْ کَفَاکَ اَهْلُ التَّجَارُبِ بُغْیَتَهُ وَتَجْرِبَتَهُ ؛ | 52 | اور تمہارے ذہن کے مشغول ہو جانے سے پہلے وصیت تیار کی ہے۔ تا کہ تم اپنی فطری رائے اور کوشش سے اُن باتوں کو قبول کر سکو جن کو خود تجربے کی ٹھوکریں کھانے کے بعد قبول کرتے۔ لہٰذا تمہیں تجربات اور تلاش کی زحمت سے بچانے کے لئے تجربہ کاروں نے اپنے تجربات وصیت میں سامنے رکھ دئے ہیں؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَتَكُوْنَ قَدْ كُفِيتَ مَؤُوْنَةَ الطَّلَبِ ؛ وَعُوْفِيتَ مِنْ عِلاَجِ التَّجْرِبَةِ ؛ فَاَتَاكَ مِنْ ذٰلِكَ مَاقَدْ كُنَّاَتِيْهِ وَاسْتَبَانَ لَكَ مَارُبَّمَا اَظْلَمَ عَلَيْنَا مِنْهُ . | 53 | چنانچہ علم و تجربہ کی وہ باتیں جو ہم پر آشکار ہوئی ہیں تمہارے پاس بلا محنت و مشقت پہنچ رہی ہیں اور وہ چیزیں بھی اجاگر ہو رہی ہیں اور تمہارے سامنے آ رہی ہیں جو ہمارے سامنے آئی تھیں اور بعض ایسی چیزیں بھی ہو سکتی ہیں جن میں سے بعض سے ہم تاریکی میں رہے ہوں؛ |
| اَیْ بُنَیَّ ، اِنِّیْ . وَاِنْ لَمْ اَكُنْ عُمِّرْتُ عُمُرَ مَنْ كَانَ قَبْلِیْ ؛ | 54 | اے ننھے بیٹے، اگر چہ میں نے اتنی عمر نہیں گذاری ہے جتنی مجھ سے پہلے لوگ گذار کر وصیت کیا کرتے تھے؛ |
| فَقَدْ نَظَرْتُ فِیْ اَعْمَالِهِمْ وَفَكَّرْتُ فِیْ اَخْبَارِهِمْ وَسِرْتُ فِیْ آثَارِهِمْ حَتّٰی عُدْتُ كَاَحَدِهِمْ | 55 | اس کے باوجود میں نے اُن کے عمل درآمد اور کردار پر نظر ڈالی اور اُن کے حالات اور اخبار میں غور و فکر کیا اور ان کے چھوڑے ہوئے آثار و نشانات کی سیر اس طرح کی ہے گویا میں بھی ان ہی میں کا ایک فرد تھا، |
| بَلْ كَاَنِّیْ بِمَا نْتَهٰی اِلَیَّ مِنْ اُمُوْرِهِمْ قَدْ عُمِّرْتُ مَعَ اَوَّلِهِمْ اِلٰی آخِرِهِمْ ، فَعَرَفْتُ صَفْوَ ذٰلِكَ مِنْ كَدَرِهٖ وَنَفْعَهٗ مِنْ ضَرِّهٖ ؛ | 56 | بلکہ اُن سب کے حالات و آثار پر اس طرح عبور حاصل کیا ہے گویا میں نے اُن سب کے ساتھ ساتھ اُن کے اوّل سے آخر تک زندگی گذاری ہے۔ لہٰذا میں نے صاف اور واضح کو گنجلک سے اور نقصان کو نفع سے الگ کر کے معرفت حاصل کی ہے؛ |
| فَاسْتَخْلَصْتُ لَكَ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ نَخِیْلَهٗ ؛ وَتَوَخَّیْتُ لَكَ جَمِیْلَهٗ ؛ وَصَرَفْتُ عَنْكَ مَجْهُوْلَهٗ ؛ | 57 | اور یوں میں نے اب اپنی تمام معلومات اور تجربات کا عطر تمہارے لئے فراہم کر دیا ہے اور میں نے تمام خوبیوں کو چھانٹ چھانٹ کر تمہارے لئے جمع کر دیا ہے اور گنجلکوں اور الجھنوں کو تم سے دور رکھا ہے؛ |
| وَرَاَیْتُ .حَیْثُ عَنَانِیْ مِنْ اَمْرِكَ مَایَعْنِی الْوَالِدَ الشَّفِیْقَ؛ وَاَجْمَعْتُ عَلَیْهِ مِنْ اَدَبِكَ ؛ | 58 | اور اس معاملے میں مجھے تمہارے سامنے آنے والی ہر دقت کو ہٹانے کا اتنا ہی فکر رہا ہے جتنا ایک مہربان باپ کو ہونا چاہئے۔ لہٰذا میں نے تمہاری تعلیم و تربیت کے لئے وہ تمام سامان جمع کر دیا ہے جس سے کہ تمہاری تربیت میں تمہاری، |
| اَنْ یَّكُوْنَ ذٰلِكَ وَاَنْتَ مُقْبِلُ الْعُمُرِ وَمُقْتَبِلُ الدَّهْرِ | الف | نوعمری اور دنیا میں نو وارد ہونے کا خیال رہے اور ضروریات پوری ہو جائیں؛ |
| ذُوْنِیَّةٍ سَلِیْمَةٍ وَنَفْسٍ صَافِیَةٍ ؛ | 59 | چونکہ تمہاری نیت میں سلامت روی اور تمہاری فطرت اور ذہنیت پاک و صاف ہے؛ |
| وَاَنْ اَبْتَدِئَكَ بِتَعْلِیْمِ كِتَابِ اللّٰهِ وَتَاوِیْلِهٖ ؛ وشَرَائِعَ الْاِسْلَامِ وَاَحْكَامِهٖ؛ وَحَلَالِهٖ وَحَرَامِهٖ ؛ | 60 | اسلئے میں نے چاہا تھا کہ پہلے تمہیں کتاب اللہ کی تعلیم دوں اور اُسکی عملی صورت سکھاؤں اور اسلام کی تمام شریعتوں اور انکے احکام پر مطلع کروں اور حلال و حرام کی صورتیں واضح کر دوں؛ |
| وَلَا اُجَاوِزَ ذٰلِكَ بِكَ اِلٰی غَیْرِهٖ ؛ | 61 | اور اُن کے دائرہ سے تجاوز کر کے اور کوئی تعلیم نہ دوں۔ |
| ثُمَّ اَشْفَقْتُ اَنْ یَّلْتَبِسَ عَلَیْكَ مَا اخْتَلَفَ النَّاسُ فِیْهِ مِنَ اَهْوَائِهِمْ وَ آرَائِهِمْ مِثْلَ الَّذِیْ الْتَبَسَ عَلَیْهِمْ ؛ | 62 | پھر غور و خوض کے بعد مجھے زیادہ شفقت پر متوجہ ہونا پڑا اور یہ اندیشہ سامنے آ گیا کہ جن چیزوں اور اغراض کی وجہ سے لوگوں کے اسلامی عقائد اور نظام میں اختلاف پیدا ہوا ہے اور ان کی خواہشوں اور رائے میں فریب و شبہات وقوع میں آئے ہیں۔ وہ کہیں تم پر بھی اثر انداز نہ ہو جائیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَكَانَ احْكَامُ ذٰلِكَ عَلٰى مَاكَرِهْتُ مِنْ تَنْبِيْهِكَ لَهُ اَحَبَّ اِلَيَّ اِسْلَامِكَ اِلٰى اَمْرٍ لَا اٰمَنُ عَلَيْكَ بِهِ الْهَلَكَةَ ؛ | 63 | حالانکہ ان غلط عقائد اور اختلافات کا اور ان کے باطل احکامات کا تم سے ذکر کرنا بھی مجھے ناپسند تھا۔ لیکن مجھے یہ زیادہ محبوب ہے کہ میں تمہارے اسلامی عقائد کو مستحکم کردوں اور تمہیں ایسی حالت میں نہ چھوڑوں جس میں مجھے تمہاری ہلاکت وتباہی کا اندیشہ ہو؛ |
| وَرَجَوْتُ اَنْ يُّوَفِّقَكَ اللّٰهُ فِيْهِ لِرُشْدِكَ وَاَنْ يَّهْدِيَكَ لِقَصْدِكَ ؛ | 64 | اور امید کرتا ہوں کہ اللہ تمہیں تمہاری راست روی میں مدد اور توفیق دے گا اور یہ کہ تمہیں مقاصد اسلامی میں کامیاب کرنے کی ہدایات جاری رکھے گا؛ |
| فَعَهِدْتُ اِلَيْكَ وَصِيَّتِيْ هٰذِهِ . | 65 | چنانچہ ان مذکورہ مقاصد کیلئے تمہیں اپنی یہ وصیت اور عہد نامہ لکھ رہا ہوں۔ |
| وَاعْلَمْ يَابُنَيَّ اَنَّ اَحَبَّ مَااَنْتَ آخِذٌ بِهٖ اِلَيَّ مِنْ وَصِيَّتِيْ تَقْوَى اللّٰهِ . | 66 | اور اَے میرے ننھے سے بیٹے یہ جان لو کہ مجھے اپنی اس وصیت میں جو چیز سب سے زیادہ محبوب ہے اور جس کی تمہیں ہر حال میں پابندی کرنا ہے وہ اللہ کا تقویٰ اور ذمہ داری ہے، |
| وَالْاِقْتِصَادُ عَلٰى مَا فَرَضَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ ؛ | 67 | اور جو فرائض اللہ نے تم پر عائد کئے ہیں اُن میں میانہ روی اور درجہ بندی سے عمل کرنا ہے، |
| وَالْاَخْذُ بِمَا مَضٰى عَلَيْهِ الْاَوَّلُوْنَ مِنْ اٰبَائِكَ وَالصَّالِحُوْنَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِكَ ؛ | 68 | اور اس کردار پر قدم بقدم چلتے رہنا جس پر تمہارے اوّلین باپؑ دادا اور تمہارے اہل بیتؑ کے صالح افراد چلتے رہے تھے؛ |
| فَاِنَّهُمْ لَمْ يَدَعُوْا اَنْ نَّظَرُوْا لِاَنْفُسِهِمْ كَمَا اَنْتَ نَاظِرٌ ؛ | 69 | اس لئے کہ ان بزرگوںؑ نے اپنے اعمال وکردار کے لئے یہ دینی نظریہ کبھی نہ چھوڑا تھا جس نظریہ پر آج تم قائم ہو؛ |
| وَفَكَّرُوْا كَمَا اَنْتَ مُفَكِّرٌ ؛ | 70 | اور اپنے عمل درآمد کو اسی غور وفکر کے ماتحت رکھتے تھے۔ جس فکر کے ماتحت تم اعمال بجالاتے ہو؛ |
| ثُمَّ رَدَّهُمْ آخِرُ ذٰلِكَ اِلَى الْاَخْذِ بِمَا عَرَفُوْا ؛ | 71 | اُن بزرگوںؑ کو اُن کے فکر ونظر اور عمل درآمد نے آخر کار اس نتیجہ پر پہنچا دیا تھا کہ وہ جتنا علم اور تعارف رکھتے ہیں صرف اتنے ہی پر عمل کرتے رہیں؛ |
| وَالْاِمْسَاكِ عَمَّالَمْ يُكَلَّفُوْا ؛ | 72 | اور ہر اُس عمل اور کام سے باز رہتے تھے جو اُن پر واجب نہ کیا گیا تھا؛ |
| فَاِنْ اَبَتْ نَفْسُكَ اَنْ تَقْبَلَ ذٰلِكَ دُوْنَ اَنْ تَعْلَمَ كَمَاعَلِمُوْا فَلْيَكُنْ طَلَبُكَ ذٰلِكَ بِتَفَهُّمٍ وَتَعَلُّمٍ لَابِتَوَرُّطِ الشُّبُهَاتِ وَغُلُوِّ الْخُصُوْمَاتِ ؛ | 73 | بہر حال اگر تم ذاتی علم وتحقیق کے بغیر اُن کے نقش قدم پر نہ چلنا چاہو اور اُسی طرح علم حاصل کرنے کے بعد عمل کرنا پسند ہو جس طرح انہوں نے علم حاصل کیا تھا تو تم پر لازم ہے کہ تم صرف علم وعقل پر تحقیق کی بنیاد رکھو نہ یہ کہ تم شبہات میں اُلجھ کر بحث ومناظرے میں حد سے گذر جاؤ؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَبْدَاْ .قَبْلَ نَظرِکَ فِیْ ذٰلِکَ بِالْاِسْتِعَانَةِ بِـاءِ لٰهِکَ . وَالـرَّغْبَةِ اِلَیْـهِ فِـیْ تَوْفِیْقِکَ وَتَـرْکِ کُـلِّ شَـائِبَةٍ اَوْلَـجَتْکَ فِیْ شُبْهَةٍ اَوْاَسْلَمَتْکَ اِلٰی ضَلَالَةٍ ؛ | 74 | اور اُس تحقیق پر غور وفکر ونظر شروع کرنے سے پہلے اپنے معبود سے مدد کی درخواست کرو اور بڑی رغبت اور تمنا کے ساتھ اپنی توفیقات اور تائید کے لئے دعا کرو اور وہم کے ہر اُس شائبہ سے بچ کر تحقیق شروع کرو جو تمہیں شبہات میں اُلجھا لے یا تمہیں گمراہی کے حوالے کر دے، |
| فَاِذَا اَیْقَنْتَ اَنْ قَدْ صَفَاقَلْبُکَ فَخَشَعَ وَتَمَّ رَاْیُکَ فَاجْتَمَعَ وَکَانَ هَمُّکَ فِیْ ذٰلِکَ هَمًّا وَاحِدًا ؛ | 75 | چنانچہ جب تمہیں یہ یقین ہو جائے کہ تمہارا دل خارجی تصورات اور وہم سے پاک و صاف ہو گیا ہے اور دل میں حق کیلئے جاذبیت پیدا ہو چکی ہے۔ اور دماغ پوری یکسوئی کے ساتھ آمادہ ہے اور تمہاری ہمت تحقیق کے سلسلے میں ایک نقطہ پر مرکوز ہو چکی ہے لہٰذا، |
| فَانْظُرْ فِیْمَا فَسَّرْتُ لَکَ ؛ | 76 | اب تم ان حقائق پر نظر ڈالو جن کی تفسیر میں نے تمہارے لئے کی ہے؛ |
| وَاِنْ اَنْتَ لَمْ یَجْتَمِعْ لَکَ مَاتُحِبُّ نَفْسِکَ وَفَرَاغِ نَظْرِکَ وَفِکْرِکَ ؛ | 77 | اور اگر تمہاری اپنی پسندیدہ معیار کی یک سوئی اور فکر ونظر کا اجتماع واطمینان تمہیں حاصل نہیں ہوا ہے، |
| فَاعْلَمْ اَنَّکَ اِنَّمَا تَخْبِطُ الْعَشْوَآءَ ؛ وَتَتَوَرَّطُ الظَّلْمَآءَ ؛ | 78 | تو یہ جان لو کہ تم ابھی رات میں کم دیکھنے والی اونٹنی کی طرح بھٹکتے پھر رہے ہو اور اندھیرے میں گھوم رہے ہو؛ |
| وَلَیْسَ طَالِبُ الدِّیْنِ مَنْ خَبَطَ اَوْخَلَطَ ! وَالْاِمْسَاکُ عَنْ ذٰلِکَ اَمْثَلُ . | 79 | اور وہ شخص دین کا طالب ہو ہی نہیں سکتا جو خبط میں مبتلا ہو یا مطالب کو گڈمڈ کرتا ہو اور ایسی حالت میں تحقیق دین سے رکا رہنا ہی بہتر ہوتا ہے؛ |
| فَتَفَهَّمْ ، یَا بُنَیَّ ، وَصِیَّتِیْ وَاعْلَمْ اَنَّ مَالِکُ الْمَوْتِ هُوَ مَالِکُ الْحَیَاةِ ؛ | 80 | چنانچہ اَے مُنّے سے بیٹے اب تم میری وصیت کو سمجھنے میں لگ جاؤ۔ اور جان لو کہ جو موت کا مالک ہے وہی حیات وزندگی کا مالک ہے، |
| وَاَنَّ الْخَالِقَ هُوَ الْمُمِیْتُ ؛ | 81 | اور یہ کہ مارنے والا بھی وہی ہے جو پیدا کرنے والا ہے؛ |
| وَاَنَّ الْمُفْنِیَ هُوَ الْمُعِیْدُ ؛ | 82 | اور جو فنا کرنے والا ہے وہی دوبارہ زندہ کر کے پلٹانے والا بھی ہے؛ |
| وَاَنَّ الْمُبْتَلِیَ هُوَ الْمُعَافِیْ ؛ | 83 | اور جو آزمائشوں میں ڈالنے والا ہے وہی نظر انداز کرنے والا بھی ہے۔ |
| وَاَنَّ الدُّنْیَا لَمْ تَکُنْ لِتَسْتَقِرَّ اِلَّا عَلٰی مَا جَعَلَهَا اللّٰهُ عَلَیْهِ مِنَ النَّعْمَآءِ وَالْاِبْتِلَاءِ وَالْجَزَاءِ فِی الْمَعَادِ ؛ | 84 | اور یہ کہ دُنیا اپنی مرضی سے کسی بھی حالت پر قائم نہیں رہ سکتی سوائے اُن حالات کے جو اللہ نے دُنیا کے لئے مقرر فرما دئے ہیں۔ نعمتیں فراہم کرنا، آزمائشوں میں ڈالنا اور آخرت کے لئے جزا فراہم کرنا؛ |
| وَمَاشَآءَ مِمَّالَانَعْلَمُ ؛ | 85 | اور اس کے علاوہ اللہ نے دُنیا کے ذمہ کیا کیا کچھ لگایا ہے۔ اسے ہم نہیں جانتے ہیں؛ |
| فَاِنْ اَشْکَلَ عَلَیْکَ شَیْءٌ مِنْ ذٰلِکَ فَاحْمِلْهُ عَلٰی جَهَالَتِکَ بِهٖ ؛ | 86 | چنانچہ اگر کبھی تمہیں دنیا میں کی کسی چیز کے سمجھنے میں مشکل پیش آئے تو اُسے اپنی لاعلمی و جہالت سمجھ لینا؛ |
| فَاِنَّکَ اَوَّلَ مَاخُلِقْتَ جَاهِلًا ثُمَّ عُلِّمْتَ ؛ | 87 | چنانچہ حقیقت یہ ہے کہ تمہیں اوّل درجہ میں جاہل پیدا کیا تھا پھر تمہیں علم دیا تھا؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَا اَكْثَرَ مَاتَجْهَلُ مِنَ الْاَمْرِ ؛ وَيَتَحَيَّرُ فِيْهِ رَاْيُكَ . وَيَضِلُّ فِيْهِ بَصَرُكَ ؛ ثُمَّ تُبْصِرُهُ بَعْدَذٰلِكَ ؛ | 88 | اور اس سلسلے کی بہت کثیر تعداد ایسی چیزوں کی ہے جن سے تم جاہل ہو اور اُنہیں دیکھ کر تمہاری رائے حیران ہو کر رہ جاتی ہے۔ اور بصیرت و بصارت گمراہ ہو جاتی ہے۔ پھر تم اس حیرانی کے بعد اُن کی بصیرت حاصل کر لیتے ہو؛ |
| فَاعْتَصِمْ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ وَرَزَقَكَ وَسَوَّاكَ | 89 | لہٰذا تمہیں اُس سے وابستہ رہنا چاہئے جس نے تمہیں پیدا کیا۔ جس نے تمہیں سامانِ حیات دیا اور جس نے تمہیں سنوارا؛ |
| فَلْيَكُنْ لَّهُ تَعَبُّدَاكَ وَاِلَيْهِ رَغْبَتُكَ ؛ وَمِنْهُ شَفَقَتُكَ . | 90 | چنانچہ تجھے چاہئے کہ تو اُسی کی عبادت کرے اور اُسی کی طرف رغبت کرے اور اُسی کے زیرِ شفقت رہے۔ |
| **وَاعْلَمْ يَابُنَيَّ** ؛ اَنْ اَحَدًا لَّمْ يُنْبِئْ عَنِ اللّٰهِ كَمَا اَنْبَاَ عَنْهُ الرَّسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ ؛ | 91 | اور اَے میرے ننھے بیٹے یہ بھی جان لو کہ کوئی ایک شخص بھی ایسا نہیں جو اللہ کی طرف سے ایسی غیبی خبریں دے جیسی رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے دی ہیں؛ |
| فَارْضَ بِهٖ رَائِدًا ؛ وَّاِلَى النَّجَاةِ قَائِدًا ؛ | 92 | چنانچہ خوشی خوشی انہیں اپنا راہبر مانو اور نجات کی طرف لے جانے والا قائد تسلیم کرو؛ |
| فَاِنِّیْ لَمْ اَلُكَ نَصِيْحَةً ؛ وَاِنَّكَ لَنْ تَبْلُغَ فِی النَّظَرِ لِنَفْسِكَ . وَاِنِ اجْتَهَدْتَ مَبْلَغَ نَظَرِیْ لَكَ . | 93 | بہرحال میں نے تمہیں نصیحت کرنے میں کوئی کمی نہیں کی ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ تم اپنے طور پر ذاتی کوشش سے اپنے نفع اور نقصان کے لئے اتنا کچھ نہ دیکھ سکتے تھے جتنا میں تمہاری بہبودی کے لئے دیکھ سکتا ہوں۔ |
| **وَاعْلَمْ ، يَابُنَيَّ** اِنَّهٗ لَوْ كَانَ لِرَبِّكَ شَرِيْكٌ لَّاَتَتْكَ رُسُلُهٗ ؛ | 94 | اَے میرے ننھے بیٹے یہ بھی جان لو کہ اگر تیرے پروردگار کے ساتھ کوئی شریک ہوتا تو اُس کی طرف سے بھی رسول آئے ہوتے، |
| وَلَرَاَيْتَ اٰثَارَ مُلْكِهٖ وَسُلْطَانِهٖ ؛ | 95 | اور یقیناً تم اُس شریک کے قائم کردہ نظامِ مملکت کو بھی دیکھتے اور اُس کی حکمرانی کے آثار ونشانات بھی یہاں پاتے؛ |
| وَلَعَرَفْتَ اَفْعَالَهٗ وَصِفَاتِهٖ ؛ | 96 | اور ضروری تھا کہ تمہیں اُسکے کاموں کا بھی تعارف ہوتا اور تم اسکی صفات بھی جان لیتے؛ |
| وَلٰكِنَّهٗ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؛ كَمَا وَصَفَ نَفْسَهٗ ؛ لَايُضَادُّهٗ فِیْ مُلْكِهٖ اَحَدٌ ؛ | 97 | ولیکن وہ تو تنہا و یگانہ معبود ہے۔ جیسا کہ خود اُسی نے بتایا اور بیان کیا ہے۔ اور اللہ کی مملکت اور حکمرانی میں کوئی بھی اُس کی مخالفت کرتا ہوا نہیں پایا جاتا؛ |
| وَ لَا يَزُوْلُ اَبَدًا ؛ وَلَمْ يَزَلْ ؛ | 98 | اور تا ابد کبھی اُسے زوال نہ ہوگا، اور نہ ہی اُسے کبھی زوال ہوا ہے۔ (یعنی ہمیشہ سے قائم ہے اور قائم رہے گا) |
| اَوَّلُ قَبْلَ الْاَشْيَاءِ بِلَا اَوَّلِيَّةٍ ؛ وَآخِرٌ بَعْدَ الْاَشْيَاءِ بِلَانِهَايَةٍ ؛ | 99 | اور وہ تمام چیزوں سے ایسا اوّل اور پہلا ہے کہ اُس سے پہلے کوئی پہل اور اوّلیت کی لفظ بھی نہ تھی۔ اور تمام چیزوں کے بعد بھی وہ ایسا آخری ہے کہ اُسکے بعد کوئی حد وانتہا نہیں؛ |
| عَظُمَ عَنْ اَنْ تَثْبُتَ رُبُوْبِيَّتُهٗ بِاِحَاطَةِ قَلْبٍ اَوْبَصَرٍ ؛ | 100 | وہ ایسا عظیم الشان ہے کہ اُس کی ربوبیت اِسکی محتاج نہیں کہ وہ قلب ونظر کی کوششوں سے ثابت کیا جائے تو رب ثابت ہو ورنہ نہ ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِذَا عَرَفْتَ ذٰلِکَ فَافْعَلْ کَمَایَنْبَغِیْ لِمِثْلِکَ اَنْ یَّفْعَلَهٗ فِیْ صِغَرِ خَطَرِهٖ ؛ وَقِلَّةِ مَقْدُرَتِهٖ ، وَکَثْرَةِ عَجْزِهٖ ؛ وَعَظِیْمِ حَاجَتِهٖ اِلٰی رَبِّهٖ ؛ فِیْ طَلَبِ طَاعَتِهٖ ؛ وَالْخَشْیَةِ مِنْ عُقُوْبَتِهٖ وَالشَّفَقَةِ مِنْ سُخْطِهٖ ؛ | 101 | اب جب کہ تم یہ سمجھ گئے کہ وہ ایسی بلند و بالا ذاتِ پاک ہے تو تمہیں چاہئے کہ تم ویسا ہی عمل کرو جیسا عمل تم ایسی ہستی کو کرنا چاہئے جو کہ نہایت چھوٹی پوزیشن رکھتی ہے؛ کم قوت و قدرت رکھتی ہے اور محتاجی اور عاجزی سے دوچار ہے اور اللہ کے سامنے بہت سی ضرورتیں اور حاجتیں رکھتی ہے؛ اللہ کی اطاعت کرنے کی تلاش کی ضرورت اور اللہ کے عذاب سے اور باز پرس سے ڈرنے اور عاجز رہنے کی ضرورت اور اسکی ناراضگی سے شفقت کی ضرورت ہے (ان تمام ضرورتوں کو ملحوظ رکھ کر عمل کرنا لازم ہے)؛ |
| فَاِنَّهٗ لَمْ یَاْمُرْکَ اِلَّابِحَسَنٍ ، وَلَمْ یَنْهَکَ اِلَّاعَنْ قَبِیْحٍ . | 102 | چنانچہ اللہ نے اسی لئے تمہیں کرنے کے کاموں میں صرف نیکی کرنیکا حکم دیا ہے اور برائی سے منع کرنے کے علاوہ اور کسی چیز سے منع نہیں کیا ہے۔ |
| یَابُنَیَّ اِنِّیْ قَدْ اَنْبَاتُکَ عَنِ الدُّنْیَا وَحَالِهَا ؛ | 103 | اَے ننھے بیٹے میں نے یقیناً تمہیں دنیا کے متعلق غیبی خبریں دے دی ہیں، |
| وَزَوَالِهَا وَانْتِقَالِهَا ؛ | 104 | اور اسکے زوال کے متعلق بھی اور اسکی تبدیلی اور ناپائیداری کے متعلق بھی بتا دیا ہے؛ |
| وَاَنْبَاتُکَ عَنِ الْاٰخِرَةِ وَمَا اُعِدَّ لِاَهْلِهَا فِیْهَا ؛ | 105 | اور تمہیں آخرت کی غیبی اطلاع بھی دے دی ہے۔ اور یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ آخرت میں لوگوں کے لئے کیا کچھ تیار کیا گیا ہے؛ |
| وَضَرَبْتُ لَکَ فِیْهِمَا الْاَمْثَالَ لِتَعْتَبِرَبِهَا ؛ وَتَحْذُوَعَلَیْهَا ؛ | 106 | اور تمہارے لئے میں نے دنیا اور آخرت دونوں کی مثالیں بھی دے دی ہیں تاکہ تم خبردار ہو جاؤ اور عبرت و سبق حاصل کرسکو اور دونوں میں کامیابی کا طریقہ اختیار کرلو؛ |
| اِنَّمَا مَثَلُ مَنْ خَبَرَالدُّنْیَا کَمَثَلِ قَوْمٍ سَفْرٍنَبَا بِهِمْ مَنْزِلٌ جَدِیْبٌ فَاَمُّوْا مَنْزِلاً خَصِیْبًا ؛ وَجَنَابًا مَرِیْعًا ؛ | 107 | جن لوگوں کو دنیا سے واقفیت حاصل ہوگئی اُن کی مثال اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ وہ ایک ایسی مسافر قوم کی طرح ہیں جنہیں ایک سرسبز و شاداب منزل کی خبر ملی ہے اور اُنہوں نے اپنی بنجر و بے آب اور خشک زمین کو چھوڑ کر اُسی تر و تازہ سبز و شاداب منزل کا سفر اختیار کرلیا ہے؛ |
| فَاحْتَمَلُوْا وَعْثَآءَ الطَّرِیْقِ وَفِرَاقَ الصَّدِیْقِ ، وَخُشُوْنَةَ السَّفَرِ وَجُشُوْبَةَ الْمَطْعَمِ ؛ | 108 | اُنہوں نے راستے کی دشواریوں کو برداشت کرنا طے کرلیا ہے۔ دوستوں اور ہمدردوں کی جدائی اور فراق منظور کرلیا ہے۔ سفر کی ناگواریاں اور سختیاں سہنے کیلئے آمادہ ہوگئے اور روکھی سوکھی بدمزہ خوراک پر صبر کرلیا ہے؛ |
| لِیَاتُوْا سَعَةَ دَارِهِمْ ؛ وَمَنْزِلَ قَرَارِهِمْ ؛ | 109 | تاکہ وہ یہ تکلیفیں سہہ کر ایک دن اپنی مستقل منزل کی وسعتوں، سہولتوں اور آسائشوں میں جا پہنچیں؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَلَيْسَ يَجِدُوْنَ لِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ اَلَمًا ؛ | 110 | چنانچہ اُنہیں اس دشوار گذار اور تکلیف دینے والے راستے کی کسی بھی چیز سے دکھ محسوس نہ ہوا اور نہ ہی انہیں اس راہ سے خرچ کرنا جرمانہ یا تاوان محسوس ہوا؛ |
| وَلَا يَرَوْنَ نَفَقَةً فِيْهِ مَغْرَمًا ؛ | | |
| وَلَا شَيْءَ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِمَّا قَرَّبَهُمْ مِّنْ مَّنْزِلِهِمْ ؛ | 111 | اور اُنہیں اس چیز سے زیادہ کوئی اور چیز پسند ہی نہیں ہے جو اُنہیں جلد سے جلد اُنکی منزل کے قریب لیجائے اور انہیں اُنکے رہنے کے مستقل ٹھکانے کے نزدیک کردے |
| وَاَدْنَاهُمْ مِّنْ مَّحَلِّهِمْ ؛ | | |
| وَمَثَلُ مَنِ اغْتَرَّبِهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ كَانُوْا بِمَنْزِلٍ خَصِيْبٍ فَنَبَابِهِمْ اِلٰى مَنْزِلٍ جَدِيْبٍ، فَلَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَهَ اِلَيْهِمْ وَلَا اَفْظَعَ عِنْدَهُمْ مِنْ مُفَارَقَةِ مَا كَانُوْا فِيْهِ اِلٰى مَايَهْجُمُوْنَ عَلَيْهِ وَيَصِيْرُوْنَ اِلَيْهِ . | 112 | اور جو لوگ دنیا کے فریب میں آ گئے اُن کی مثال اُس قوم جیسی ہے جو ایک سرسبز و شاداب اور نعمتوں سے بھری ہوئی جگہ میں رہتے تھے۔ انہیں ایک ایسے مقام پر جانا لازم ہو گیا جو خشک سالی اور بدحالی سے تباہ رہتی تھی۔ اُن کے نزدیک نعمتوں سے لبریز مقام کو چھوڑنے اور بنجر و خشک سالی کے مقام پر آ کر رہنے سے زیادہ کوئی المیہ اور حادثہ نہیں ہو سکتا مگر اُن کو وہیں جانا پڑے گا اور ہمیشہ وہیں رہنا ہوگا۔ |
| يَابُنَيَّ ؛ اجْعَلْ نَفْسَكَ مِيْزَانًا فِيْمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ غَيْرِكَ ؛ | 113 | اَے میرے چھوٹے سے بچے تم اپنے اور باقی لوگوں کے درمیان خود اپنی ذات کو معیار اور ترازو بنالو؛ |
| فَاَحْبِبْ لِغَيْرِكَ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ وَاكْرَهْ لَهٗ مَاتَكْرَهُ لَهَا ؛ | 114 | چنانچہ دوسروں کے ساتھ وہی سلوک پسند کرو جو تم اپنے سے پسند کرتے ہو اور وہ سلوک نہ کیا کرو جو تمہیں اپنے ساتھ کیا جانا ناپسند ہوتا ہے؛ |
| وَلَا تَظْلِمْ كَمَا لَا تُحِبُّ اَنْ تُظْلَمَ ؛ | 115 | اور دوسروں پر ظلم و زیادتی نہ کرو جیسا کہ تمہیں اپنے ساتھ ظلم و زیادتی ناپسند ہے؛ |
| وَاَحْسِنْ كَمَاتُحِبُّ اَنْ يُّحْسَنَ اِلَيْكَ ؛ | 116 | اور دوسروں کیساتھ اچھا سلوک کرو جیسا کہ تمہیں اپنے ساتھ اچھا سلوک پسند ہے؛ |
| وَاسْتَقْبِحْ مِنْ نَّفْسِكَ مَاتَسْتَقْبِحُ مِنْ غَيْرِكَ ؛ | 117 | دوسروں میں جس چیز کو برا سمجھتے ہو اُسے اپنے اندر بھی برا سمجھو؛ |
| وَارْضَ مِنَ النَّاسِ بِمَا تَرْضَاهُ لَهُمْ مِنْ نَفْسِكَ ؛ | 118 | اور لوگوں کے اُس سلوک سے راضی اور خوش ہو جاؤ جس سلوک سے تم انہیں راضی اور خوش دیکھنا چاہتے ہو؛ |
| وَلَا تَقُلْ مَالَا تَعْلَمُ وَاِنْ قَلَّ مَاتَعْلَمُ ؛ | 119 | اور وہ بات نہ کہو جو تم نہیں جانتے خواہ تمہاری معلومات کم ہی کیوں نہ ہوں؛ (یعنی معلومات زیادہ دکھانے کے لئے غلط باتیں نہ کیا کرو) |
| وَلَا تَقُلْ مَالَاتُحِبُّ اَنْ يُّقَالَ لَكَ ؛ | 120 | اور دوسروں کیلئے ایسی بات نہ کہا کرو جو تمہارے حق میں کہی جائے تو تمہیں ناگوار گذرے؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ الْاِعْجَابَ ضِدُّالصَّوَابِ؛ وَآفَةُ الْاَلْبَابِ ؛ | 121 | اور یہ جان لو کہ خود پسندی صحیح چلن کی ضد اور مخالف ہے اور عقل و بصیرت کے لئے تباہی کا سبب ہے؛ |
| فَاسْعَ فِيْ كَدْحِكَ ؛ | 122 | چنانچہ اپنی کدوکاوشوں میں زیادہ محنت کرو؛ |
| وَلَاتَكُنْ خَازِنًا لِغَيْرِكَ ؛ | 123 | اور دوسروں کے لئے ان کے خزانچی نہ بنو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاِذَا اَنْتَ هُدِيْتَ لِقَصْدِكَ فَكُنْ اَخْشَعَ مَاتَكُوْنُ لِرَبِّكَ ؛ | 124 | اور جب تم اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جاؤ تو اپنے سابقہ حالات سے زیادہ اپنے رب کے حضور عاجزی اور بندگی اختیار کرلو؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ اَمَامَكَ طَرِيْقًا ذَامَسَافَةٍ بَعِيْدَةٍ وَمشَقَّةٍ شَدِيْدَةٍ ؛ | 125 | اور یہ بھی جان لو کہ تمہارے سامنے ایک ایسا راستہ ہے جس پر بہت شدید مشقت برداشت کرتے ہوئے بڑی دور دراز مسافت وسفر طے کرنا ہے؛ |
| وَاَنَّهُ لَاغِنٰى بِكَ فِيْهِ عَنْ حُسْنِ الْاِرْتِيَادِ ؛ وَقَدْرِ بَلَاغِكَ مِنَ الزَّادِ مَعَ خِفَّةِ الظَّهْرِ ؛ | 126 | تمہارے لئے یہ مجبوری ہے کہ تم اُس سفر کو طے کرنے کے لئے کافی مقدار میں اور بہت اچھا راستے کا سامان اور بہترین کوشش وتلاش جاری رکھو جو تمہیں منزل تک پہنچا دیں ساتھ ہی ساتھ ہلکے پھلکے بھی رہو اور غلط بوجھ نہ لادلو؛ |
| فَلَا تَحْمِلَنَّ عَلٰى ظَهْرِكَ فَوْقَ طَاقَتِكَ فَيَكُوْنَ ثِقْلُ ذٰلِكَ وَبَالًا عَلَيْكَ ؛ | 127 | چنانچہ اپنی کمر اور کاندھوں پر اپنی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ اُٹھانا ورنہ وہ غلط وزن تمہارے لئے وبالِ جان ہوکر رہ جائے گا؛ |
| وَاِذَا وَجَدْتَ مِنْ اَهْلِ الْفَاقَةِ مَنْ يَحْمِلُ لَكَ زَادَكَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَيُوَافِيْكَ بِهٖ غَدًا حَيْثُ تَحْتَاجُ اِلَيْهِ فَاغْتَنِمْهُ وَحَمِّلْهُ اِيَّاهُ وَاكْثِرْ مِنْ تَزْوِيْدِهٖ وَاَنْتَ قَادِرٌ عَلَيْهِ ، فَلَعَلَّكَ تَطْلُبُهُ فَلَا تَجِدُهُ ؛ | 128 | <u>اور جب تمہیں ایسے غربا اور فاقہ کش لوگ ملیں جو تمہارا بوجھ اُٹھا کر قیامت کے دن تم تک پہنچا دیں اور تمہاری ضرورت کے وقت تمہارے حوالے کردیں تو اُس کو غنیمت اور اپنی مدد سمجھنا اور جتنا ہو سکے اپنا زادِ سفر اُن ہی پر لاد دینا اور اپنے زادِ سفر کو اُن پر لادنے میں بہت زیادہ لادنا اور اس معاملے میں تمہیں قدرت حاصل ہے۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ پھر تم اُنہیں تلاش کرتے پھرو اور نہ پاؤ؛</u> |
| وَاغْتَنِمْ مَنِ اسْتَقْرَضَكَ فِيْ حَالِ غِنَاكَ لِيَجْعَلَ قَضَآئَهُ لَكَ فِيْ يَوْمِ عُسْرَتِكَ ؛ | 129 | اور جو تمہاری خوشحالی اور دولتمندی کے زمانہ میں تم سے قرض مانگتا ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ وہ تمہارا قرض تمہاری تنگ حالی کے زمانہ میں ادا کردے گا تو اُسے قرض دینا بھی غنیمت سمجھو؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ اَمَامَكَ عَقَبَةً كَؤُدًا اَلْمُخِفُّ فِيْهَا اَحْسَنُ حَالًا مِنَ الْمُثْقِلِ ؛ | 130 | اور یہ بھی جان لو کہ تیرے آگے ایک دشوار گذار درّہ ہے جس میں سے ایک ہلکا پھلکا شخص اُس شخص سے اچھے حال میں گذرے گا جو بھاری بوجھ میں لدا ہوا ہوگا جس کا گذرنے میں برا حال ہوگا؛ |
| وَالْبَطِئُ عَلَيْهَا اَقْبَحُ حَالًا مِنَ الْمُسْرِعِ ؛ | 131 | اور اس درّے میں سے گذرنے میں آہستہ چلنے والا تیز رفتار سے بری حالت میں ہوگا |
| وَاَنَّ مَهْبَطَكَ بِهَا لَامَحَالَةَ عَلٰى جَنَّةٍ اَوْعَلٰى نَارٍ | 132 | اور یہ کہ تیرے اُترنے کی جگہ وہاں پر ہر حال میں یا تو جنت ہے اور یا جہنم ہے؛ |
| فَارْتَدْ لِنَفْسِكَ قَبْلَ نُزُوْلِكَ ، وَ وَطِّئِ الْمَنْزِلَ قَبْلَ حُلُوْلِكَ ؛ | 133 | چنانچہ تم اپنے پہنچنے سے پہلے پہلے وہاں اپنا نمائندہ سامان بھیج دو اور اپنی منزل کو اُترنے سے پہلے پہلے تیار و آراستہ کرلو؛ |
| فَلَيْسَ بَعْدَ الْمَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ ، وَلَااِلَى الدُّنْيَا مُنْصَرَفٌ . | 134 | اس لئے کہ موت کے بعد تو خوشنودی کا موقع نہیں ہے اور نہ دنیا میں پلٹنے اور نیک عملی ہی کی گنجائش ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاعْلَمْ اَنَّ الَّذِیْ بِیَدِہٖ خَزَائِنُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ قَدْ اَذِنَ لَکَ فِی الدُّعَآءِ وَ تَکَفَّلَ لَکَ بِالْاِجَابَۃِ ؛ | 135 | اور یہ بھی سمجھ لو کہ جس ہستی کے ہاتھوں اور قبضے میں زمین اور آسمانوں کے خزانے ہیں اُس نے تمہیں دعا مانگنے کی اجازت دے رکھی ہے اور دعا قبول کرنے کا ذمہ لے رکھا ہے؛ |
| وَاَمَرَکَ اَنْ تَسْأَلَہٗ لِیُعْطِیَکَ وَتَسْتَرْحِمَہٗ لِیَرْحَمَکَ ؛ | 136 | اور تمہیں حکم دیا ہے کہ تم مانگو تا کہ تمہیں عطا کیا جائے اور تم رحم کی درخواست کرو تا کہ وہ تم پر رحم کرے؛ |
| وَلَمْ یَجْعَلْ بَیْنَکَ وَبَیْنَہٗ مَنْ تَحْجُبُ عَنْکَ ؛ | 137 | اور تمہارے اور اپنے درمیان کسی کو بطور پردہ مقرر نہیں کیا کہ وہ تمہیں اس سے الگ رکھے؛ |
| وَلَمْ یُلْجِئْکَ اِلٰی مَنْ یَّشْفَعُ لَکَ اِلَیْہِ ؛ | 138 | اور نہ تمہارے لئے یہ پابندی لگائی کہ تم کسی سفارشی کو لاؤ جو تمہاری طرف سے سفارش کرے تو بات بنے، |
| وَلَمْ یَمْنَعْکَ اِنْ اَسَأْتَ مِنَ التَّوْبَۃِ ؛ | 139 | اور تمہیں منع نہیں کیا کہ تم گناہوں کے بعد توبہ نہیں کر سکتے؛ |
| وَلَمْ یُعَاجِلْکَ بِالنِّقْمَۃِ ؛ | 140 | اور تمہارے لئے عذاب دینے میں عجلت سے کام نہیں لیا ہے؛ |
| وَلَمْ یَفْضَحْکَ حَیْثُ الْفَضِیْحَۃُ بِکَ اَوْلٰی ؛ | 141 | اور نہ تمہیں ایسے مواقع پر رسوا کیا جہاں پہلے نمبر پر تمہیں رسوا کرنا ضروری تھا؛ |
| وَلَمْ یُشَدِّدْ عَلَیْکَ فِیْ قَبُوْلِ الْاِنَابَۃِ ؛ | 142 | اور تمہیں سخت شرطیں لگا کر قربت حاصل کرنے سے منع نہیں کیا ہے؛ |
| وَلَمْ یُنَاقِشْکَ بِالْجَرِیْمَۃِ ؛ | 143 | اور نہ جرائم کے سلسلے میں تم پر تنقید و جرح کرتا ہے؛ |
| وَلَمْ یُؤْئِسْکَ مِنَ الرَّحْمَۃِ ؛ | 144 | اور تمہیں اپنی رحمت سے مایوس نہیں کیا ہے؛ |
| بَلْ جَعَلَ نُزُوْعَکَ عَنِ الذَّنْبِ حَسَنَۃً ؛ | 145 | بلکہ اللہ نے تو تمہارے گناہوں سے بچنے کو بھی ایک نیکی قرار دیا ہے؛ |
| وَحَسَبَ سَیِّئَتَکَ وَاحِدَۃً وَّحَسَبَ حَسَنَتَکَ عَشْرًا ؛ | 146 | اور اس نے تمہاری ایک برائی کو حساب کی رو سے ایک ہی شمار کیا ہے۔ لیکن تمہاری ایک نیکی کو اپنے حساب میں دس نیکیاں شمار کیا ہے؛ |
| وَفَتَحَ لَکَ بَابَ الْمَتَابِ وَبَابَ الْاِسْتِیْعَابِ ؛ | 147 | اور تمہارے لئے اُس نے توبہ کو قبول کرنے والا دروازہ کھلا رکھا ہے اور تمہیں واپس لینے کے لئے بھی دروازہ کھلا رکھا ہے؛ |
| فَاِذَا نَادَیْتَہٗ سَمِعَ نِدَاءَکَ وَاِذَانَاجَیْتَہٗ عَلِمَ نَجْوَاکَ ؛ | 148 | چنانچہ تم جب بھی اُسے آواز دو وہ تمہاری ندا سنتا ہے اور جب بھی تم رازداری میں بات کرو وہ تمہارے رازوں کا علم رکھتا ہے؛ |
| فَاَفْضَیْتَ اِلَیْہِ بِحَاجَتِکَ وَاَبْثَثْتَہٗ ذَاتَ نَفْسِکَ ؛ | 149 | چنانچہ تم اپنی تمام ضروریات اُس کے سامنے پیش کیا کرو اور اپنے راز اس کے سامنے پیش کرتے رہو؛ |
| وَشَکَوْتَ اِلَیْہِ ھُمُوْمَکَ ؛ وَاسْتَکْشَفْتَہٗ کُرُوْبَکَ ؛ | 150 | اور اپنے اندوہ اور غم کو اور کرب و بے چینی کو اور ہر قسم کے دکھ کو اُسی کے روبرو بطور شکوہ رکھا کرو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاسْتَعَنْتَهُ عَلٰى اُمُوْرِكَ ؛وَسَاَلْتَهُ مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِهِ مَالَا يَقْدِرُ عَلٰى اِعْطَائِهِ غَيْرُهُ : | 151 | اوراپنے تمام کاموں اور معاملات میں اسی سے مدد چاہا کرو،اوراپنی مدد کے لئے اللہ کی رحمت کے خزانوں سے وہ چیزیں مانگو جن کے دینے پراس کے سوااورکوئی قدرت نہیں رکھتا ہے(مثلاً) |
| مِنْ زِيَادَةِ الْاَعْمَارِ وَصِحَّةِ الْاَبْدَانِ وَسَعَةِ الْاَرْزَقِ ؛ | 152 | عمروں اور زندگی میں اضافہ کرنا اور بدنوں کی صحت برقرار رکھنا اور سامانِ حیات میں وسعت دینا؛ |
| ثُمَّ جَعَلَ فِيْ يَدَيْكَ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِهٖ ؛ بِمَااَذِنَ لَكَ فِيْهِ مِنْ مَسْاَلَتِهٖ ؛ | 153 | پھراُس نے اپنے خزانوں کی کنجیاں تمہارے ہاتھ میں سونپ دی ہیں تاکہ جن چیزوں کوحاصل کرنے کی تمہیں اجازت دی ہے، |
| فَمَتٰى شِئْتَ اسْتَفْتَحْتَ بِالدُّعَاءِ اَبْوَابَ نِعْمَتِهٖ ؛ | 154 | اُن کوحاصل کرنے کے لئے جب تم چاہواُس کی نعمتوں کے دروازے دعا کے ذریعہ سے کھول سکو؛ |
| وَاسْتَمْطَرْتَ شَآبِيْبَ رَحْمَتِهٖ ؛ | 155 | اوراس کی رحمت کی بارشوں کی جھڑیاں لگوالو؛ |
| فَلَا يُقْنِطَنَّكَ اِبْطَآءُ اِجَابَتِهٖ ؛ | 156 | چنانچہ اگردعا کی قبولیت میں دیرہوجائے تومایوس نہ ہوجایا کرو؛ |
| فَاِنَّ الْعَطِيَّةَ عَلٰى قَدْرِ النِّيَّةِ ؛ | 157 | بات یہ ہے کہ اللہ کے عطیات آدمی کی نیت پرمنحصر ہوتے ہیں؛ |
| وَرُبَّمَا اُخِّرَتْ عَنْكَ الْاِجَابَةُ لِيَكُوْنَ ذٰلِكَ اَعْظَمَ لِاَجْرِ السَّائِلِ وَاَجْزَلَ لِعَطَاءِ الْاٰمِلِ ؛ | 158 | اورکبھی کبھی تمہاری دُعا کے قبول ہونے میں اسلئے بھی دیرکی جاتی ہے تاکہ اس تاخیر سے سائل کوبڑااجردینامقصودہوتاہےاورپراُمیدرہنے پرعطیات زیادہ ملیں؛ |
| وَرُبَّمَا سَاَلْتَ الشَّيْءَ فَلَا تُؤْتَاهُ وَاُوْتِيْتَ خَيْرًا مِّنْهُ عَاجِلًا اَوْ آجِلًا ؛ اَوْصُرِفَ عَنْكَ لِمَا هُوَ خَيْرٌ لَكَ ؛ | 159 | اورکبھی کبھی تم ایسی چیز مانگ لیتے ہوجوتمہیں دی نہیں جاتی بلکہ اس کی جگہ تمہیں دنیا میں یا آخرت میں اس سے بہتر چیز دے دی جاتی ہے یاتمہیں تمہاری بہتری کی خاطروہ چیزتم سے دوررکھی جاتی ہے؛ |
| فَلَرُبَّ اَمْرٍ قَدْ طَلَبْتَهُ فِيْهِ هَلَاكُ دِيْنِكَ لَوْاُوْتِيْتَهُ | 160 | اورکبھی تم ایسی چیزیں مانگتے ہوکہ اگروہ چیزیں تمہیں دے دی جائیں تواُن میں تمہارے دین کی تباہی ہوجائے؛ |
| فَلْتَكُنْ مَسْاَلَتُكَ فِيْمَا يَبْقٰى لَكَ جَمَالُهٗ ؛ | 161 | چنانچہ تمہاری طلب کردہ چیزیں ایسی ہونا چاہئیں جن کا جمال وحسن و فائدہ باقی رہنے والا ہو؛ |
| وَيُنْفٰى عَنْكَ وَبَالُهٗ ؛ | 162 | اوراس کے نقصان اوروبال کی تم سے نفی ہوتی ہو؛ |
| فَالْمَالُ لَايَبْقٰى لَكَ وَلَاتَبْقٰى لَهٗ ؛ | 163 | چنانچہ نہ تومال تمہارے لئے باقی رہے گااورنہ تم مال کیلئے باقی رہوگے؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّكَ اِنَّمَا خُلِقْتَ لِلْاٰخِرَةِ لَالِلدُّنْيَا ؛ وَلِلْفَنَاءِ لَالِلْبَقَاءِ ؛ وَلِلْمَوْتِ لَالِلْحَيَاةِ ؛ | 164 | اور یہ بھی جان لوکہ تمہیں صرف آخرت کیلئے پیدا کیا گیا ہے نہ کہ دنیا کیلئے اورفنا کیلئے پیدا کیا گیا ہے نہ کہ بقا کیلئے اورموت کیلئے پیدا کیا گیا ہے نہ کہ زندگی وحیات کیلئے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَنَّکَ فِیْ مَنْزِلِ قُلْعَةٍ وَدَارِ بُلْغَةٍ وَّطَرِیْقٍ اِلَی الْاٰخِرَةِ ؛ | 165 | اورتم بلاشبہ ایک عارضی منزل میں ہواور مقررہ وقت تک رہنے کے مقام پر ہواور آخرت کی طرف جانے والے راستے پر ہو؛ |
| وَاَنَّکَ طَرِیْدُ الْمَوْتِ الَّذِیْ لَایَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبُهُ ؛ وَلَایَفُوْتُهُ طَالِبُهُ ؛ | 166 | اور یقیناً موت تمہارا تعاقب کررہی ہے؛ جس سے بھاگنے والا نہیں بچ سکتا اور اُس سے بچنے کی کوشش کرنے والا اُس کے قابو سے نکل نہیں سکتا؛ |
| وَلَابُدَّاَنَّهُ مُدْرِکُهُ ؛ | 167 | اورموت ہرحال میں اُسے پہنچ کررہتی ہے؛ |
| فَکُنْ مِنْهُ عَلٰی حَذَرٍ اَنْ یُّدْرِکَکَ وَاَنْتَ عَلٰی حَالٍ سَیِّئَةٍ قَدْ کُنْتَ تُحَدِّثُ نَفْسَکَ مِنْهَا بِالتَّوْبَةِ فَیَحُوْلُ بَیْنَکَ وَبَیْنَ ذٰلِکَ ؛ فَاِذَ اَنْتَ قَدْ اَهْلَکْتَ نَفْسَکَ. | 168 | لہٰذاتم اس بات سے برابر ڈرتے اور بچتے رہو کہ کہیں موت تمہیں ایسی حالت میں نہ آدبوچے کہ تم برے حال میں ہواور توبہ کرنے کے ارادے اور اپنے خیالات تمہارے دل میں رہتے چلے آرہے ہوں اور موت اُس سے پہلے ہی آکر تمہارے اورتمہارے ارادوں کے درمیان حائل ہو جائے۔اگر ایسا ہوا تو سمجھ لو کہ تم نے اپنی جان کو تباہ کرڈالا ہے۔ |
| یَابُنَیَّ اَکْثِرْ مِنْ ذِکْرِ الْمَوْتِ وَذِکْرِ مَاتَهْجُمُ عَلَیْهِ ؛ وَتُفْضِیْ بَعْدَ الْمَوْتِ اِلَیْهِ ؛ حَتّٰی یَاْتِیَکَ وَقَدْ اَخَذْتَ مِنْهُ حِذْرَکَ ؛ وَشَدَدْتَ لَهُ اَزْرَکَ ؛ | 169 | اَے میرے ننھے بچے تم موت کو بھی اور اُس منزل کو بھی کثرت سے یاد رکھتے رہو جہاں تمہیں موت کے بعد پہنچنا ہے۔یہ اس لئے کہ جب موت آئے تو تم اپنی منزل کا ضروری سامان جمع کئے ہوئے ہواور خود بھی خود کو موت کے مقابلے میں مضبوط اور تیار کرچکے ہو؛ |
| وَلَا یَاْتِیَکَ بَغْتَةً فَیَبْهَرَکَ . | 170 | اوراسلئے بھی کہ وہ تم پر اچانک نہ ٹوٹ پڑے اورتم اس سے مغلوب ہوکر رہ جاؤ۔ |
| وَاِیَّاکَ اَنْ تَغْتَرَّ بِمَا تَرٰی مِنْ اِخْلَادِ اَهْلِ الدُّنْیَا اِلَیْهَا ؛ وَتَکَالُبِهِمْ عَلَیْهَا ؛ | 171 | تم خبردار ہو جاؤ اور دنیا پرستوں کی دنیاداری جو تم دیکھ رہے ہو اُن کی دنیا سے دل بستگی اور حرص وطمع تمہیں فریب میں مبتلا نہ کردے؛ |
| فَقَدْ نَبَّاَکَ اللّٰهُ عَنْهَا ؛ | 172 | اللہ بھی دنیا کا اور دنیا پرستوں کا حال تمہیں بتا چکا ہے؛ |
| وَنَعَتْ لَکَ نَفْسَهَا؛ | 173 | اور دنیا نے خود بھی اپنی حالت سامنے رکھی ہوئی ہے؛ |
| وَتَکَشَّفَتْ لَکَ عَنْ مَسَاوِیْهَا ؛ | 174 | اور دنیا نے اپنی تمام برائیاں تم پر واضح کردی ہیں؛ |
| فَاِنَّمَا اَهْلُهَا کِلَابٌ عَاوِیَةٌ وَسِبَاعٌ ضَارِیَةٌ یَهِرُّ بَعْضُهَا بَعْضًا ؛ | 175 | حقیقت یہ ہے کہ اہل دنیا تو بھونکنے والے کتوں کیطرح ہیں اور نقصان پہنچانے والے بھیڑیے ہیں جو آپس میں بھی ایک دوسرے پر غراتے رہتے ہیں؛ |
| وَیَاْکُلُ عَزِیْزُهَا ذَلِیْلَهَا ؛ | 176 | اوراہل دنیا تو طاقت ور کمزور لوگوں کو کھا رہے ہیں؛ |
| وَیَقْهَرُ کَبِیْرُهَا صَغِیْرَهَا ؛ | 177 | اور بڑی عمر ودرجہ کے لوگ چھوٹوں کو ستا رہے ہیں؛ |
| نَعَمٌ مُعَقَّلَةٌ ؛ | 178 | کچھ چوپائے جانور بندھے ہوئے ہیں اور کچھ:۔ |
| وَاُخْرٰی مُهْمَلَةٌ قَدْ اَضَلَّتْ عُقُوْلَهَا ؛وَرَکِبَتْ مَجْهُوْلَهَا | 179 | اور ہیں جو آوارہ کھلے پھر رہے ہیں۔یقیناً اس قسم کے دنیاداروں کی عقلیں گمراہ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | ہوگئی ہیں اور وہ انجان راستوں پر چل دیے ہیں؛ |
| سُرُوْحُ عَاهَةَ بِوَادٍ وَعْثٍ ، لَيْسَ لَهَارَاعٍ يُقِيْمُهَا ؛ وَلَا مُقِيْمٌ يُسِيْمُهَا ؛ | 180 | اور آزادی سے دشوار گذار اور تباہ کن جنگل میں نکل گئے ہیں جہاں اُن کا کوئی چرواہا نہیں ہے جو اُن کی راہ نمائی کرے نہ کوئی ذمہ دار ہے جو نگرانی کرے؛ |
| سَلَكَتْ بِهِمُ الدُّنْيَا طَرِيْقَ الْعَمٰى ؛ | 181 | دُنیا نے اُنہیں اندھوں کی طرح گمراہی کے راستے سے وابستہ کر رکھا ہے؛ |
| وَاَخَذَتْ بِاَبْصَارِهِمْ عَنْ مَنَا رِالْهُدٰى ؛ | 182 | اور اُن کی آنکھوں کو ہدایت کے مینار کی طرف سے ہٹا رکھا ہے؛ |
| فَتَاهُوْافِيْ حَيْرَتِهَا ؛ وَغَرِقُوْا فِيْ نِعْمَتِهَا ؛ | 183 | چنانچہ وہ لوگ دنیا کی حیرانیوں اور سرگردانیوں اور نعمتوں میں ڈوبے ہوئے ہیں؛ |
| وَاتَّخَذُوْهَا رَبًّا ؛ فَلَعِبَتْ بِهِمْ وَلَعِبُوْابِهَا ؛ وَنَسُوْا مَا وَرَائَهَا؛ | 184 | اور انہوں نے دنیا کو اپنا رب بنا رکھا ہے دنیا اُن سے کھیل رہی ہے اور وہ دنیا سے کھیل رہے ہیں اور انہوں نے دنیا کے علاوہ ہر چیز کو بھلا رکھا ہے؛ |
| رُوَيْدًا يُسْفِرُ الظَّلَامُ كَانَ قَدْ وَرَدَتِ الْاَظْعَانُ يُوْشِكُ مَنْ اَسْرَعَ اَنْ يَلْحَقَ . | 185 | ذرا ٹھہرو، صبر کرو، تھوڑی سی مہلت دو، اندھیرا کم ہو رہا ہے اس کے دور ہوتے ہی قافلوں کے کجاوے نظر آنے لگیں گے اور تیزی سے چلنے والے مسافر عنقریب آ ملنے والے ہیں۔ |
| وَاعْلَمْ يَابُنَيَّ اَنَّ مَنْ كَانَتْ مَطِيَّتُهُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ فَاِنَّهُ يُسَارُبِهٖ وَاِنْ كَانَ وَاقِفًا ؛ | 186 | اور یہ بھی جان لو کہ اَے میرے ننھے بیٹے جو شخص دن اور رات کے کاندھوں پر سوار ہے وہ معلوم تو ٹھہرا ہوا ہوتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ ٹھہرا ہوا نہیں بلکہ بڑی تیزی سے سرگرمِ سفر ہے؛ |
| وَيَقْطَعُ الْمَسَافَةَ وَاِنْ كَانَ مُقِيْمًا وَّادِعًا ؛ | 187 | اور اپنی مسافت طے کرتا جا رہا ہے گو آرام و راحت کی حالت میں مقیم ہے؛ |
| وَاعْلَمْ يَقِيْنًا اَنَّكَ لَنْ تَبْلُغَ اَمَلَكَ وَلَنْ تَعْدُوَ اَجَلَكَ وَاَنَّكَ فِيْ سَبِيْلِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ ؛ | 188 | اور یہ بھی سمجھ لو کہ یقیناً تم اپنی امیدوں اور آرزوؤں کو حاصل نہیں کر سکتے اور جتنی عمر تمہیں دی گئی ہے تم اس سے آگے نہیں بڑھ سکتے اور یہ کہ تم بھی اسی راہ پر چلے جا رہے ہو جس پر تم سے پہلے والے لوگ گئے تھے؛ |
| فَخَفِّضْ فِي الطَّلَبِ وَاَجْمِلْ فِيْ الْمُكْتَسَبِ ؛ | 189 | چنانچہ تم اپنی حاجتوں کو پورا کرنے والی چیزوں کو حاصل کرنے میں نرمی کو اختیار کرو اور روزی کی تلاش میں درمیانہ روش کو اپنا لو؛ |
| فَاِنَّهُ رُبَّ طَلَبٍ قَدْ جَرَّاِلٰى حَرَبٍ ؛ | 190 | کیونکہ اکثر چیزوں کو حاصل کرنیکی کوشش و تلاش میں اموال ضائع ہو جاتے ہیں |
| وَلَيْسَ كُلُّ طَالِبٍ بِمَرْزُوْقٍ ؛ وَلَا كُلُّ مُجْمِلٍ بِمَحْرُوْمٍ ؛ | 191 | اور ضروری نہیں کہ ہر تلاش و کوشش کرنے والا حاصل بھی کر سکے اور ضروری نہیں کہ ہر ڈھیلی کوشش والا رزق حاصل کرنے میں محروم ہی رہ جائے؛ |
| وَاَكْرِمْ نَفْسَكَ عَنْ كُلِّ دَنِيَّةٍ وَاِنْ سَاقَتْكَ اِلَى الرَّغَائِبِ ؛ | 192 | اور ہر گھٹیا درجہ کی کوشش سے خود کو بچا کر اپنی عزت کو بلند رکھو خواہ گھٹیا کوششوں سے تمہیں اپنی مرغوب چیزیں حاصل ہی کیوں نہ ہوتی ہوں؛ |
| فَاِنَّكَ لَنْ تُعَاضَ بِمَا تَبْذُلُ مِنْ نَفْسِكَ عِوَضًا ؛ | 193 | لیکن گھٹیا کام کر کے جو اپنا وقار کھو دو گے اُس کو دوبارہ حاصل کرنے کیلئے تمہیں کوئی بدل نہ ملے گا؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَاتَكُنْ عَبْدَ غَيْرِكَ وَقَدْ جَعَلَكَ اللّٰهُ حُرًّا | 194 | اور حصول رزق کیلئے دوسروں کے غلام نہ بن جانا اسلئے کہ اللہ نے تمہیں آزاد پیدا کیا ہے |
| وَمَاخَيْرُ خَيْرٍ لَّايَنَالُ اِلَّابِشَرٍّ وَّيُسْرٍ لَّايَنَالُ ؛ اِلَّا بِعُسْرٍ ؟ | 195 | اور دیکھو اُس بھلائی کو بھلائی نہ سمجھو جو شر اور برائی میں مبتلا ہوئے بغیر نہ ملے اور اُس سہولت اور خوشحالی میں کوئی اچھائی نہیں جو تنگی اور دشواری میں مبتلا کر دے۔ |
| وَاِيَّاكَ تُوْجِفَ بِكَ مَطَايَا الطَّمَعِ فَتُوْرِدَكَ مَنَاهِلَ الْهَلَكَةِ؛ | 196 | اور خبردار رہنا کہیں تمہیں حرص اور طمع کی سواریاں ہلاکت کے کنارے لاکر نہ چھوڑ دیں۔ |
| وَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَّايَكُوْنَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ اللّٰهِ ذُوْنِعْمَةٍ فَافْعَلْ ؛ | 197 | اگر تم سے ممکن ہو تو ایسا کرو کہ تمہارے اور اللہ کے درمیان کوئی مالدار و سرمایہ دار شخص تمہیں نعمتیں دینے کا ذریعہ اور وسیلہ نہ بن سکے؛ |
| فَاِنَّكَ مُدْرِكٌ قِسْمَكَ وَاٰخِذٌ سَهْمَكَ ؛ وَاِنَّ الْيُسْرَ مِنَ اللّٰهِ .سُبْحَانَهٗ .اَعْظَمُ وَاَكْرَمُ | 198 | یہ اس لئے کہ تمہیں تمہاری قسمت کا رزق مل کر رہنا ہے اور تم ضرور اپنا حصہ حاصل کر کے رہو گے؛ |
| مِنَ الْكَثِيْرِ مِنْ خَلْقِهٖ وَاِنْ كَانَ كُلٌّ مِّنْهُ ؛ | 199 | صحیح بات یہی ہے کہ اللہ پاک کے ہاتھوں تھوڑا سا ملنا بھی مخلوق کے ہاتھ سے زیادہ ملنے سے زیادہ باوقار ہوتا ہے۔ حالانکہ ملتا تو سارا ہی اللہ کی طرف سے ہے؛ |
| وَتَلَافِيْكَ مَافَرَطَ مِنْ صَمْتِكَ اَيْسَرُ مِنْ اِدْرَاكِكَ مَا فَاتَ مَنْطِقَكَ ؛ | 200 | اور بے موقع خاموشی سے جو نقصان ہو سکتا ہے اُس کا علاج اُس نقصان سے آسان ہوتا ہے جو تمہاری بے موقع گفتگو سے ہو سکتا ہے؛ |
| وَحِفْظُ مَافِى الْوِعَاءِ بِشَدِّ الْوِكَآءِ ؛ | 201 | اور جو چیز برتن کے اندر ہے اُسکا تحفظ ڈھکنے کو بند رکھ کر ہی کیا جا سکتا ہے؛ |
| وَحِفْظُ مَافِىْ يَدَيْكَ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ طَلَبِ مَافِىْ يَدِغَيْرِكَ ؛ | 202 | اور اسکی حفاظت کرنا جو تمہارے دونوں ہاتھوں کے اندر ہے اس بات سے مجھے زیادہ تر محبوب ہے کہ تم وہ چیز مانگتے پھرو جو دوسروں کے ہاتھ میں ہے۔ |
| وَمَرَارَةُ الْيَاْسِ خَيْرٌ مِنَ الطَّلَبِ اِلَى النَّاسِ ؛ | 203 | کسی چیز کے موجود نہ ہونے کی تکلیف سہہ لینا دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بہتر ہے۔ |
| وَالْحِرْفَةُ مَعَ الْعِفَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الْغِنٰى مَعَ الْفُجُوْرِ ؛ | 204 | صنعت و حرفت و کاریگری کے ساتھ ساتھ پارسائی سے روزی کمانا بدچلنی میں مبتلا رکھنے والی دولت و سرمایہ دارانہ زندگی بسر کرنے سے بہتر ہے؛ |
| وَالْمَرْءُ اَحْفَظُ لِسِرِّهٖ، | 205 | اور ہر شخص اپنے راز کی حفاظت خود کر سکتا ہے۔ |
| وَرُبَّ سَاعٍ فِيْمَايَضُرُّهٗ ؛ | 206 | اکثر ایسی چیزوں میں کوشش کی جاتی ہے جو نقصان پہنچانے والی ہوتی ہیں۔ |
| مَنْ اَكْثَرَ اَهْجَرَ وَمَنْ تَفَكَّرَ اَبْصَرَ ؛ | 207 | کثرت سے بولنے والا عقل سے ہجرت کر جاتا ہے اور غور و فکر کرنے والا بصیرت حاصل کر لیتا ہے؛ |
| قَارِنْ اَهْلَ الْخَيْرِ تَكُنْ مِنْهُمْ ؛ | 208 | نیک لوگوں سے ربط و ضبط تمہیں اُن ہی میں شامل کر دے گا؛ |
| وَبَايِنْ اَهْلَ الشَّرِّ تَبِنْ عَنْهُمْ ؛ | 209 | اور شر پسند اور برے لوگوں سے جدا رہو، تا کہ تم ان میں شمار نہ ہونے پاؤ؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| بِئْسَ الطَّعَامُ الْحَرَامُ ؛ | 210 | سب سے بری خوراک حرام خوراک ہوا کرتی ہے؛ |
| وَظُلْمُ الضَّعِيْفِ اَفْحَشُ الظُّلْمِ ؛ | 211 | کمزور پر ظلم وستم کرنا بدترین قسم کی ستم رانی ہے؛ |
| اِذَا كَانَ الرِّفْقُ خُرْقًا كَانَ الْخُرْقُ رِفْقًا ؛ | 212 | جب اور جہاں نرم سلوک سخت اور برا سلوک بن جائے وہاں سخت اور برا سلوک نرم سلوک کہلائے گا؛ |
| رُبَّمَا كَانَ الدَّوَاءُ دَآءً وَالدَّاءُ دَوَاءً ؛ | 213 | بعض حالات میں دوا خود بیماری بن جاتی ہے اور بیماری دوا بن کر رہ جاتی ہے؛ |
| وَرُبَّمَا نَصَحَ غَيْرُ النَّاصِحِ وَغَشَّ الْمُسْتَنْصَحُ | 214 | بعض دفعہ ایسا شخص نصیحت کرتا ہے جسے نہ کرنا چاہئے تھی اور کبھی دوست خیانت کر لیتا ہے |
| وَاِيَّاكَ وَالْاِتِّكَالَ عَلَى الْمُنٰى فَاِنَّهَا بَضَائِعُ النُّوْكٰى | 215 | اور تمناؤں کے بھروسہ پر نہ رہنا۔ یقیناً تمنائیں بے عقلوں کا سرمایہ ہوتی ہیں؛ |
| وَالْعَقْلُ حِفْظُ التَّجَارُبِ وَخَيْرُ مَاجَرَّبْتَ مَا وَعَظَكَ ؛ | 216 | عقلمندی یہ ہے کہ تجربوں کی حفاظت کی جائے، بہترین تجربہ وہ ہے جو وعظ اور نصیحت سے تمہیں حاصل ہو؛ |
| بَادِرِ الْفُرْصَةَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ غُصَّةً ؛ | 217 | فرصت کو بہتر طور پر استعمال کرو قبل اسکے فرصت تمہارے لئے مصیبت بن جائے؛ |
| لَيْسَ كُلُّ طَالِبٍ يُّصِيْبُ وَلَا كُلُّ غَائِبٍ يَّؤُوْبُ | 218 | ہر طالب اور کوشش کرنے والا مقصد میں کامیاب نہیں ہوتا۔ اور ہر جانے والا پلٹ کر نہیں آیا کرتا؛ |
| وَمِنَ الْفَسَادِ اِضَاعَةُ الزَّادِ وَمَفْسَدَةُ الْمَعَادِ ؛ | 219 | آخرت کے سامان کو ضائع کر دینا اور آخرت کو بگاڑنا ہی فساد اندر فساد ہے؛ |
| وَلِكُلِّ اَمْرٍ عَاقِبَةٌ ؛ سَوْفَ يَاْتِيْكَ مَا قُدِّرَ لَكَ؛ التَّاجِرُ مُخَاطِرٌ ؛ | 220 | ہر چیز اور ہر کام کا ایک نتیجہ اور جزا ہوا کرتی ہے۔ جو تیرے مقدر میں ہے وہ جلد تجھ تک پہنچے گا۔ اور جو کوئی تجارت کرتا ہے وہ خطرات سے دوچار رہا کرتا ہے؛ |
| وَرُبَّ يَسِيْرٍ اَنْمٰى مِنْ كَثِيْرٍ ؛ | 221 | اور کبھی تو تھوڑا سا سامان کثیر سامان سے زیادہ بابرکت ہوا کرتا ہے؛ |
| لَاخَيْرَ فِيْ مُعِيْنٍ مَهِيْنٍ ؛ وَلَا فِيْ صَدِيْقٍ ضَنِيْنٍ ؛ | 222 | گھٹیا درجہ کے مددگار میں کوئی بھلائی اور عزت نہیں ہوتی ہے اور نہ کنجوس دوست مفید ہوتا ہے؛ |
| سَاهِلِ الدَّهْرَ مَاذَلَّ لَكَ قُعُوْدُهُ ؛ | 223 | جب تک زمانہ سازگار رہے اس کو عقلمندی اور نرمی سے استعمال کرتے چلے جاؤ؛ |
| وَتُخَاطِرْ بِشَيْءٍ رَجَاءَ اَكْثَرَ مِنْهُ ؛ | 224 | زیادہ کی امید پر خود کو خطرات میں مت ڈالا کرو۔ |
| وَاِيَّاكَ اَنْ تَجْمَعَ بِكَ مَطِيَّةُ اللَّجَاجِ ؛ | 225 | اور خبردار رہو کہ کہیں تمہاری سواری کا اونٹ اور دوسری سواریاں دشمنی کی بنا پر سرکشی نہ کرنے لگیں؛ |
| اَحْمِلْ نَفْسَكَ مِنْ اَخِيْكَ عِنْدَ صَرْمِهٖ عَلَى الصِّلَةِ ؛ | 226 | اپنے آپ کو آمادہ رکھو کہ جب تمہارا بھائی تعلقات کو منقطع کرے تو تم تعلق کو جوڑ لو؛ |
| وَعِنْدَصُدُوْدِهٖ عَلَى اللُّطْفِ وَالْمُقَارَبَةِ ؛ | 227 | اور وہ منہ پھرائے تو تم آگے بڑھ کر اس کے ساتھ لطف وکرم سے پیش آؤ؛ |
| وَعِنْدَ جُمُوْدِهٖ عَلَى الْبَذْلِ ؛ | 228 | اور وہ جب تمہارے ساتھ کنجوسی کرے تو تم کشادہ دلی اور سخاوت سے پیش آیا کرو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَعِنْدَ تَبَاعُدِهٖ عَلَى الدُّنُوِّ ؛ | 229 | اور جب وہ دوری اختیار کرے تو تم اس کے نزدیک ہونے کی کوشش کرو؛ |
| وَعِنْدَ شِدَّتِهٖ عَلَى اللِّيْنِ ؛ | 230 | اور اُس کی سختی پر تم نرم رویہ اختیار کرلو؛ |
| وَعِنْدَ جُرْمِهٖ عَلَى الْعُذْرِ ؛ | 231 | وہ جرم کرے تو تم اُس کے لئے عذر و بریت تلاش کرو۔ |
| حَتّٰى كَاَنَّكَ لَهٗ عَبْدٌ ؛ وَكَاَنَّهٗ ذُوْنِعْمَةٍ عَلَيْكَ ؛ | 232 | یہاں تک بڑھو گویا تم اسکے غلام ہو اور وہ تمہارا نعمتیں دینے والا آقا ہے؛ |
| وَاِيَّاكَ اَنْ تَضَعَ ذٰلِكَ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِهٖ ؛ | 233 | اور خبردار اُس سارے سلوک کو غلط مواقع پر اختیار نہ کر لینا؛ |
| وَاَنْ تَفْعَلَهٗ بِغَيْرِ اَهْلِهٖ ؛ | 234 | اور نہ یہ طرز عمل کسی نااھل شخص کے ساتھ اختیار کرنا؛ |
| لَاتَتَّخِذَنَّ عَدُوَّ صَدِيْقِكَ صَدِيْقًا فَتُعَادِيَ صَدِيْقَكَ ؛ | 235 | اپنے دوست کے دشمن کو اپنا دوست نہ بنانا ورنہ اُس دوست کے دشمن قرار پاؤ گے؛ |
| وَاَمْحَضْ اَخَاكَ النَّصِيْحَةَ حَسَنَةً كَانَتْ اَوْقَبِيْحَةً ؛ | 236 | اور اپنے بھائی کو ڈٹ کر نصیحت کرو خواہ اچھی لگے یا بری معلوم ہو؛ |
| وَتَجَرَّعِ الْغَيْظَ فَاِنِّيْ لَمْ اَرَ جُرْعَةً اَحْلٰى مِنْهَا عَاقِبَةً وَلَا اَلَذَّ مَغَبَّةً ؛ | 237 | اور غیظ و غضب کے گھونٹ خاموشی سے پی جاؤ کیوں کہ میں نے نتیجہ میں صبر کے اِن تلخ گھونٹوں سے زیادہ میٹھے اور زیادہ مزیدار گھونٹ نہیں دیکھے ہیں؛ |
| وَلِنْ لِّمَنْ غَالَظَكَ فَاِنَّهٗ يُوْشِكُ اَنْ يَّلِيْنَ لَكَ ؛ | 238 | اور جو کوئی تمہارے ساتھ بے رحمانہ سختی سے پیش آئے۔ تم جواب میں نرمی سے پیش آؤ اس لئے کہ جلد ہی وہ بھی تم سے نرم سلوک کرے گا؛ |
| وَخُذْعَلٰى عَدُوِّكَ بِالْفَضْلِ فَاِنَّهٗ اَحْلَى الظَّفَرَيْنِ ؛ | 239 | اپنے دشمن کے برے طریقوں کو فضل و کرم و حسن سلوک سے بند کر دو دونوں قسم کی کامیابیوں میں سے یہ کامیابی زیادہ شیریں ہے۔ |
| وَاِنْ اَرَدْتَ قَطِيْعَةَ اَخِيْكَ فَاسْتَبْقِ لَهٗ مِنْ نَّفْسِكَ بَقِيَّةً تَرْجِعُ اِلَيْهَا اِنْ بَدَالَهٗ ذٰلِكَ يَوْمًامَّا؛ | 240 | اگر تم اپنے دینی بھائی سے تعلق ختم کرنے کا ارادہ کرو تو اپنے دل میں اتنی جگہ رہنے دو کہ اگر وہ اپنا طرز عمل دوستی کی طرف لانا چاہے تو وہ دوستی کی طرف پلٹ سکے؛ |
| وَمَنْ ظَنَّ بِكَ خَيْرًا فَصَدِّقْ ظَنَّهٗ ؛ | 241 | جو شخص تمہارے متعلق اچھے خیالات اور عمل کی امید رکھتا ہو اس کے خیالات کو اپنے اچھے سلوک سے صحیح ثابت کر دکھاؤ؛ |
| وَلَا تُضِيْعَنَّ حَقَّ اَخِيْكَ اتِّكَالاً عَلٰى مَابَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ ؛ | 242 | اور تم اپنے اور اپنے دینی بھائی کے آپس کے اچھے اور بھروسے کے تعلقات کی آڑ میں اُس کا حق ضائع نہ کر دینا؛ |
| فَاِنَّهٗ لَيْسَ لَكَ بِاَخٍ مَّنْ اَضَعْتَ حَقَّهٗ ؛ | 243 | چنانچہ وہ شخص تمہارا بھائی کہاں ہوا جس کا تم نے حق مار لیا یا ضائع کر دیا ہو؛ |
| وَلَايَكُنْ اَهْلُكَ اَشْقَى الْخَلْقِ بِكَ ؛ | 244 | اور یہ بھی نہ ہونا چاہئے کہ تمہارے ہاتھوں تمہارے اہل خانہ اور متعلقین ساری مخلوقات سے زیادہ تنگ اور بد بخت ہو کر رہ جائیں؛ |
| وَتَرْغَبَنَّ فِيْمَنْ زَهِدَ عَنْكَ ؛ | 245 | اور جو کوئی تم سے تعلق ہی نہ رکھنا چاہے اُسے تعلق رکھنے پر جبر نہ کرو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَايَكُوْنَنَّ اَخُوْكَ عَلٰى مُقَاطَعَتِكَ اَقْوٰى مِنْكَ عَلٰى صِلَتِهٖ ؛ | 246 | اور تمہارا دینی بھائی تم سے قطع تعلق کرنے میں تمہارے تعلق قائم رکھنے کی کوششوں سے بڑھنے نہ پائے اور تعلق توڑ نہ سکے؛ |
| وَلَايَكُوْنَنَّ عَلَى الْاِسَائَةِ اَقْوٰى مِنْكَ عَلَى الْاِحْسَانِ | 247 | اور تمہارے احسان اور عمدہ سلوک سے اُس کا برا سلوک تم سے کسی طرح بڑھنے نہ پائے؛ |
| وَلَايَكْبُرَنَّ عَلَيْكَ ظُلْمُ مَنْ ظَلَمَكَ ؛ | 248 | اور دیکھو کسی ظلم کرنیوالے کا ظلم تمہارے اوپر گراں اور ناگوار نہ گذرنے پائے؛ |
| فَاِنَّهٗ يَسْعٰى فِيْ مَضَرَّتِهٖ وَنَفْعِكَ ؛ | 249 | اسلئے کہ وہ تمہارے نفع کے لئے اور خود اپنے نقصان کے لئے کوشش کر رہا ہے؛ |
| وَلَيْسَ جَزَاءُ مَنْ سَرَّكَ اَنْ تَسُوْئَهٗ . | 250 | اور جو شخص تمہاری خوشی کا سبب بنے اُس کا بدلہ یہ نہیں ہے کہ اُس سے برائی کی جائے۔ |
| **وَاعْلَمْ ، يَابُنَيَّ** ، اَنَّ الرِّزْقَ رِزْقَانِ : رِزْقٌ يَطْلُبُهٗ، وَ رِزْقٌ يَطْلُبُكَ فَاِنْ اَنْتَ لَمْ تَاْتِهِ اَتَاكَ ؛ | 251 | اور اَے ننھے منے بیٹے یہ سمجھ لو کہ رزق (سامان زندگی) دو طرح کا ہوا کرتا ہے: ایک وہ رزق جسے تم تلاش کرتے ہو اور دوسرا وہ رزق ہوتا ہے جو تمہیں تلاش کرتا پھرتا ہے۔ چنانچہ اگر تم اسکی طرف نہ بھی جاؤ گے تو وہ خود تمہاری طرف آئے گا؛ |
| مَا اَقْبَحَ الْخُضُوْعَ عِنْدَ الْحَاجَةِ ؛ وَالْجَفَآءَ عِنْدَ الْغِنٰى ؛ | 252 | یہ بہت بری عادت ہے کہ جب ضرورت درپیش ہو تو آدمی عاجزی اور منت و سماجت کرے اور جب خوشحالی ہو تو جفا کاری اور بے مروتی دکھائی جائے؛ |
| اِنَّمَالَكَ مِنْ دُنْيَاكَ مَا اَصْلَحْتَ بِهٖ مَثْوَاكَ ؛ | 253 | تمہارے لئے دنیا سے اتنا لینا ہی کافی ہے جس سے تم اپنی آخرت سنوار لو؛ |
| وَاِنْ جَزِعْتَ عَلٰى مَا تَفَلَّتَ مِنْ يَدَيْكَ فَاجْزَعْ عَلٰى كُلِّ مَالَمْ يَصِلْ اِلَيْكَ ؛ | 254 | اگر تمہارا طریقہ یہ ہو کہ تم ہر اُس چیز پر تڑپ اُٹھو جو کہ تمہارے ہاتھوں سے جاتی رہے تو تمہیں تو ہر اُس چیز پر نالہ و فریاد کرنا چاہئے جو تمہیں ملی ہی نہ ہو؛ |
| اَسْتَدِلَّ عَلٰى مَالَمْ يَكُنْ بِمَا قَدْ كَانَ فَاِنَّ الْاُمُوْرَ اَشْبَاهٌ | 255 | تمہیں تو موجودہ حالات کو بعد میں آنیوالے حالات کے لئے دلیل بنانا چاہئے اس لئے کہ حالات آپس میں ایک دوسرے کے مشابہ اور مانند ہوا کرتے ہیں؛ |
| وَلَاتَكُوْنَنَّ مِمَّنْ لَّا تَنْفَعُهُ الْعِظَةُ اِلَّااِذَا بَالَغْتَ فِيْ اِيْلَامِهٖ ؛ | 256 | تم اُن لوگوں میں سے نہ ہو جانا کہ جن کو نصیحت اُس وقت تک فائدہ نہیں پہنچاتی جب تک تم انہیں تکلیف نہ پہنچاؤ؛ |
| فَاِنَّ الْعَاقِلَ يَتَّعِظُ بِالْاٰدَبِ ؛ وَالْبَهَائِمَ لَايَتَّعِظُ اِلَّا بِالضَّرْبِ ؛ | 257 | عقلمند انسان تو باتوں اور تنبیہ سے سمجھ جاتا ہے لیکن حیوان ڈنڈے کے بغیر نہیں سمجھتا ہے۔ |
| اَطْرَحْ عَنْكَ وَارِدَاتِ الْهُمُوْمِ بِعَزَائِمِ الصَّبْرِ وَحُسْنِ الْيَقِيْنِ ؛ | 258 | سر پر آپڑنے والے مصائب اور غم واندوہ کو صبر کی مضبوطی اور یقین کی عمدگی سے دور کرو؛ |
| مَنْ تَرَكَ الْقَصْدَ جَارَ ؛ | 259 | جو کوئی میانہ روی چھوڑ دیتا ہے وہ بھٹک جاتا ہے؛ |
| وَالصَّاحِبُ مُنَاسِبٌ ؛ | 260 | اور جو صحابی ہوتا ہے وہ خاندان والوں کی طرح ہو جاتا ہے؛ |
| وَالصَّدِيْقُ مَنْ صَدَقَ غَيْبُهٗ ؛ | 261 | اور دوست وہ ہے جو پیٹھ پیچھے بھی دوست ثابت ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْهَوٰى شَرِيْكُ الْعَمٰى ؛ | 262 | اور یہ ذاتی خواہشیں بے بصیرتی میں شریک رکھتی ہیں؛ |
| وَرُبَّ بَعِيْدٍ اَقْرَبُ مِنْ قَرِيْبٍ وَقَرِيْبٍ اَبْعَدُ مِنْ بَعِيْدٍ ؛ | 263 | بہت سے دور والے قریبی لوگوں سے بھی قریب ہوتے ہیں اور بہت سے قریبی لوگ دور والوں سے بھی دور ہوتے ہیں؛ |
| وَالْغَرِيْبُ مَنْ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ حَبِيْبٌ ؛ | 264 | غریب اور بے سہارا دراصل وہ شخص ہے جس کا کوئی حبیب نہ ہو؛ |
| مَنْ تَعَدَّى الْحَقَّ ضَاقَ مَذْهَبُهٗ ؛ | 265 | جو لوگ حق کو پھلانگ جاتے ہیں اُن پر اُن کا مذہب تنگ ہو جاتا ہے؛ |
| وَمَنِ اقْتَصَرَ عَلٰى قَدْرِهٖ كَانَ اَبْقٰى لَهٗ؛ | 266 | جو لوگ اپنی قدرت اور حیثیت پر قائم رہتے اور اُس سے تجاوز نہیں کرتے اُن کی قدرت اور حیثیت باقی رہتی ہے۔ |
| وَاَوْثَقُ سَبَبٍ اَخَذْتَ بِهٖ سَبَبٌ بَيْنَكَ وَبَيْنَ اللّٰهِ | 267 | اور سب سے مستقل اور پختہ ذریعہ جو تم اختیار کر سکتے ہو وہ ہے تمہارے اور تمہارے اللہ کے درمیان؛ |
| وَمَنْ لَمْ يُبَالِكَ فَهُوَ عَدُوُّكَ ؛ | 268 | جو تمہاری پرواہ نہیں کرتا وہ یقیناً تمہارا دشمن ہی ہے؛ |
| قَدْ يَكُوْنُ الْيَاْسُ اِدْرَاكًا اِذَا كَانَ الطَّمَعُ هَلَاكًا | 269 | جب حرص وطمع سے تباہی ہوتی ہو تو مایوسی اور تنگ حالی ہی میں فلاح و بہبودی ہے؛ |
| لَيْسَ كُلُّ عَوْرَةٍ تَظْهَرُ وَلَا كُلُّ فُرْصَةٍ تُصَابُ ؛ | 270 | ہر چھپائی جانے والی چیز ضروری نہیں کہ ظاہر ہی ہو کر رہے۔ اور نہ تمام فرصت کے مواقع بار بار آتے ہیں؛ |
| وَرُبَّمَا اَخْطَاءَ الْبَصِيْرُ قَصْدَهٗ وَاَصَابَ الْاَعْمٰى رُشْدَهٗ ؛ | 271 | کبھی کبھی پختہ بصیرت والے اپنے مقاصد میں ناکام ہو جاتے ہیں اور اندھے اور بے بصیرت لوگ راہ راست پا لیتے ہیں؛ |
| اَخِّرِ الشَّرَّ فَاِنَّكَ اِذَا شِئْتَ تَعَجَّلْتَهٗ ؛ | 272 | شر اور برائی کو ٹالتے اور پیچھے ہٹاتے رہو اس لئے کہ تم جب چاہو اُس کی طرف جلدی سے بڑھ سکتے ہو؛ |
| وَقَطِيْعَةُ الْجَاهِلِ تَعْدِلُ صِلَةَ الْعَاقِلِ ؛ | 273 | جاہل کا قطع تعلق کرنا ایک عاقل سے تعلق قائم ہونے کے برابر ہے؛ |
| مَنْ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَهٗ وَمَنْ اَعْظَمَهٗ اَهَانَهٗ ؛ | 274 | جو زمانہ سے خود کو امن میں سمجھ لے وہ اس سے خیانت کر لیتا ہے اور جو اسے بڑا سمجھے وہ اُسے ذلیل کر دیتا ہے؛ |
| لَيْسَ كُلُّ مَنْ رَمٰى اَصَابَ ؛ | 275 | ہر تیر چلانے والے کا تیر نشانہ پر نہیں لگا کرتا ہے؛ |
| اِذَا تَغَيَّرَ السُّلْطَانُ تَغَيَّرَ الزَّمَانُ ؛ | 276 | جب سلطان کے صحیح حالات بدل جاتے ہیں تو زمانہ کے حالات میں بھی تبدیلی ہو جاتی ہے |
| سَلْ عَنِ الرَّفِيْقِ قَبْلَ الطَّرِيْقِ؛وَعَنِ الْجَارِ قَبْلَ الدَّارِ ؛ | 277 | راہ روی اور راستے کے حالات سے پہلے شریکِ سفر کے حالات معلوم کرو اور مکان لینے سے پہلے پڑوسیوں کے حالات پوچھو؛ |
| اِيَّاكَ اَنْ تَذْكُرَ مِنَ الْكَلَامِ مَايَكُوْنُ مُضْحِكًا وَاِنْ حَكَيْتَ ذٰلِكَ عَنْ غَيْرِكَ ؛ | 278 | تم ہوشیار رہ کر اُس کلام کو اختیار نہ کرنا جس میں ہنسانے والی باتیں ہوں خواہ وہ باتیں تم نے کسی اور سے بطور حکایت ہی کیوں نہ سنی ہوں؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاِيَّاكَ وَمُشَاوَرَةَ النِّسَآءِ ؛ فَاِنَّ رَايَهُنَّ اِلٰى اَفَنٍ ؛ وَعَزْمَهُنَّ اِلٰى وَهْنٍ ؛ | 279 | اور خبردار تم عورتوں سے مشورہ نہ کرنا اس لئے کہ اُن کی رائے وقتی اور غیر مستقل ہوتی ہے اور اُن کے ارادے سست ہوا کرتے ہیں؛ |
| وَاكْفُفْ عَلَيْهِنَّ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ بِحِجَابِكَ اِيَّاهُنَّ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحِجَابِ اَبْقٰى عَلَيْهِنَّ ؛ | 280 | اور اُنہیں تو تم اپنے تحفظ میں رکھو اُن کی آنکھوں کے لئے اپنا حجاب فراہم رکھو تمہارے پردے کی پابندی اُن کی حیثیت کو برقرار رکھے گی؛ |
| وَلَيْسَ خُرُوْجُهُنَّ بِاَشَدَّ مِنْ اِدْخَالِكَ مَنْ لَّا يُوْثَقُ بِهٖ عَلَيْهِنَّ ؛ | 281 | اور اُن کا تیرے حجاب سے نکلنا اتنا سخت نہیں جتنا خود تیرا کسی ناقابل وثوق شخص کو اپنے پردہ میں داخل کر دینا؛ |
| وَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَّا يَعْرِفْنَ غَيْرَكَ فَافْعَلْ ؛ | 282 | اور اگر تو ایسا انتظام کر سکے تو ضرور کرنا جس سے وہ عورتیں تیرے علاوہ کسی اور سے تعارف ہی نہ رکھتی ہوں؛ |
| وَلَا تُمَلِّكِ الْمَرْاَةَ مِنْ اَمْرِهَا مَا جَاوَزَ نَفْسَهَا ؛ | 283 | اور عورت کو اسکے ذاتی معاملات کے علاوہ اور کسی معاملے پر مختار و مالک نہ بناؤ؛ |
| فَاِنَّ الْمَرْاَةَ رَيْحَانَةٌ وَّلَيْسَتْ بِقَهْرَمَانَةٍ ؛ | 284 | اسلئے کہ عورت تو ایک پھول ہوتی ہے وہ جبر و قہر اور حکمرانی کرنے کیلئے نہیں ہے؛ |
| وَلَا تَعْدُ بِكَرَامَتِهَا نَفْسَهَا ؛ | 285 | اور عورت کو ذاتی توقیر و احترام سے آگے نہیں بڑھنا چاہئے؛ |
| وَلَا تُطْمِعْهَا فِيْ اَنْ تَشْفَعَ بِغَيْرِهَا ؛ | 286 | اور عورت کو اتنی ڈھیل اور جرأت عطا نہ کرو کہ وہ اپنے علاوہ دوسروں کی سفارش کرنے لگے؛ |
| وَاِيَّاكَ وَالتَّغَايُرَ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ غَيْرَةٍ ؛ | 287 | اور خبردار تم کبھی بھی بدگمانی اور غیرت کے مجروح کرنے والی بات بلاضرورت اور بے موقع نہ کرنا؛ |
| فَاِنَّ ذٰلِكَ يَدْعُوْ الصَّحِيْحَةَ اِلَى السَّقَمِ ؛ وَالْبَرِيْئَةَ اِلَى الرَّيْبِ ؛ | 288 | حقیقت یہ ہے کہ بدگمانی نیک و پاکباز عورت کو بھی عیب و بدراہی کی طرف متوجہ کر دیتی ہے۔ اور ایک پر یقین عورت کو بھی شش و پنج اور اُلجھن میں ڈال دیتی ہے؛ |
| وَاجْعَلْ لِكُلِّ اِنْسَانٍ مِنْ خَدَمِكَ عَمَلًا تَاْخُذُهٗ بِهٖ ؛ | 289 | اور اپنے تمام ماتحت خدمت گذاروں کو اُن کے کام بانٹ دو تا کہ اُن پر باز پرس کر سکو؛ |
| فَاِنَّهٗ اَحْرٰى اَنْ لَّا يَتَوَاكَلُوْا فِيْ خِدْمَتِكَ ؛ | 290 | اس طرح وہ لوگ اپنے کاموں اور ذمہ داریوں کو دوسروں پر نہ ٹال سکیں گے؛ |
| وَاَكْرِمْ عَشِيْرَتَكَ فَاِنَّهُمْ جَنَاحُكَ الَّذِيْ بِهٖ تَطِيْرُ | 291 | اور اپنے چاروں طرف پنچوں اور نمائندوں کا اکرام و احترام کرو۔ وہ تمہارے پر و بازو ہیں جن سے تم پرواز کرتے ہو؛ |
| وَاَصْلُكَ الَّذِيْ اِلَيْهِ تَصِيْرُ ؛ وَيَدُكَ الَّتِيْ بِهَا تَصُوْلُ ؛ | 292 | اور وہ تمہاری ایسی بنیاد ہیں جن پر تم توجہ رکھتے ہو اور تمہارے ایسے ہاتھ ہیں جن سے تم حملہ کرتے ہو؛ |
| اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَ دُنْيَاكَ ؛ | 293 | میں تمہارے دین کو اور تمہاری دُنیا کو اللہ کے سامنے بطور امانت سونپتا ہوں؛ |
| وَاَسْاَلُهٗ خَيْرَ الْقَضَآءِ لَكَ فِى الْعَاجِلَةِ وَالْاٰجِلَةِ ؛ | 294 | اور اللہ سے تمہارے حق میں جلد ہونے والے اور مقررہ مدت پر ہونے والے اچھے فیصلوں کی دعا کرتا ہوں؛ |
| وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَالسَّلَامُ . | 295 | اور تمہاری دنیا اور تمہاری آخرۃ میں کامیابی چاہتا ہوں۔ والسلام |

Presented by Ziaraat.Com

**تشریح:۔** قارئین حضرات نے اس وصیت کی ابتدا میں دیکھا ہے کہ یہ وصیت جنگ صفین سے واپس آتے ہوئے **حاضرین** نام کے ایک گاؤں میں لکھی گئی تھی۔ اگر جناب رضی صاحب رضی اللہ عنہ اور دیگر علما کے نزدیک اس کا مطلب یہ ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام جنگ صفین کے اختتام تک اس وصیت سے ناواقف تھے اور اس کے لکھے جانے کے بعد واقف ہوئے تو ہمیں اِس سے اختلاف وانکار ہے۔ پھر بعض علمائے شیعہ نے وصیت میں آئے ہوئے بعض جملوں کو ناپسند کرتے ہوئے اس وصیت کو محمد ابن حنفیہ رضی اللہ عنہ کے نام مانا ہے۔ چنانچہ مفتی مترجم نے لکھا ہے کہ:۔

''ابن میثم نے جعفر ابن بابویہ قمی علیہ الرحمہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے یہ وصیت نامہ محمد ابن حنفیہ رضی اللہ عنہ کے نام تحریر فرمایا۔

اور علامہ رضی نے تحریر کیا ہے کہ اس سے مراد مخاطب امام حسن علیہ السلام ہیں۔'' (ترجمہ نہج البلاغہ جلد 3 صفحہ 81)

ہم بلا دلیل کسی کے قول اور دعوے کو قبول نہیں کرتے اور خصوصاً نہج البلاغہ کے سلسلے میں ہر اس بات کو نہیں مانتے جس کے لئے حضرت علی علیہ السلام کے اپنے الفاظ نہ ہوں۔ اس وصیت میں بھی حضورؑ نے امام حسین علیہ السلام کا نام نہیں لیا ہے مگر وصیت کے الفاظ میں یہ وصیت اپنے بیٹے کو کی گئی ہے اور وصیت اور وصی سے صرف امام حسنؑ ہی سمجھے جاسکتے ہیں۔ بیٹوں میں سے کسی اور بیٹے کو وصیت کرنا قانون وصایت کے خلاف ہے۔ رہ گئے وہ جملے جو علما کو پسند نہیں آتے وہ اُن کے عقائد کی خامی ہے۔ محمدؐ وعلیؑ وفاطمہؑ اور دیگر آئمہ علیہم السلام اس پوری کائنات کی بنیاد ہیں۔ یہ اُن حضرات ہی کے لئے پیدا کی گئی ہے، اُن ہی سے پیدا کی گئی ہے اُن ہی کے ہاتھوں پیدا کی گئی ہے اور اُن ہی کے مقاصد کی صورت پر پیدا کی گئی ہے لہٰذا اُن سے خطاب کا مطلب بھی پوری کائنات سے خطاب ہوتا ہے۔ لہٰذا جو کچھ اس وصیت میں فرمایا گیا ہے وہ بالواسطہ پوری نوع انسان اور ساری کائنات سے فرمایا گیا ہے۔

اُن کو ''**عَبْدُ الدُّنْیَا**'' ''**دُنیا کا غلام**'' فرمایا ہے۔ ساری دنیا کے نمائندہ کو عبدالدنیا نہ کہا جائے تو پھر کون ایک شخص ایسا ہوسکتا ہے جسکو دنیا کا غلام کہا جاسکے؟ جو تنہا دنیا کے تمام غلاموں کی نمایندگی کر سکے؟ ساری نوع انسان اُن ہی کے مادہ یا سامان سے پیدا ہوئی ہے اُس میں اللہ کے بندے بھی آگئے اور دنیا کے بندے بھی اُسی ایک ہستیؑ میں داخل ہیں۔ وہ ایک ہستی صرف حسنؑ بن علیؑ نہیں خود علیؑ بھی محمدؐ بھی فاطمہؑ بھی وہی ایک ہستی ہیں۔ وہ سب محمدؐ ہیں۔ وہ سب علیؑ (عالین) (سورۃ ص 38/78) اور ساری کائنات کے نمایندے وذمہ دار ہیں۔ کائنات اچھی ہے تو اُنؑ کی ہے بری ہے تو اُن کی ہے۔ یہاں انفرادی بات نہیں ہورہی یہ تو اجتماعی خطاب ہے اور امام حسن علیہ السلام کو سب کا ذمہ دار بنایا جارہا ہے۔ یہ ہمہ گیر وصیت ہے۔ یہ وصیت حضرت امام حسن علیہ السلام کے جسمانی حدود اربع تک محدود وصیت نہیں ہے۔ اس میں تو سب اگلے پچھلے راہنما شامل ہیں خود حضرت علی علیہ السلام شامل ہیں اسی لئے فرمایا ہے کہ:۔ ''میں نے تمہیں اپنا ایک جز پایا بلکہ تمہیں وہی کچھ پایا جو کچھ کہ میں کُل ہوں'' (جملہ نمبر 10) اور

''جو کچھ تم پر گذرتا ہے وہی کچھ مجھ پر واقع ہوتا ہے'' (جملہ نمبر 11)

لہٰذا صرف امام حسن علیہ السلام ہی دنیا کے تمام غلاموں کے نمایندہ نہیں ہیں بلکہ خود حضرت علی علیہ السلام بھی ساری دنیا کے نمایندے ہیں۔ بہرحال یہ طے شدہ بات ہے کہ یہ وصیت (31) جناب امام حسن علیہ السلام کے نام ہے اور اُن کی وجہ سے سارے بیٹوں، بیٹیوں، ازواج اور تمام آئمہ علیہم السلام کے نام ہے۔

## 2۔ وصیت اس وقت کی گئی تھی جب جناب حسنؑ ننھے، منّے چھوٹے سے بچے تھے خود ابّا و بابا نہ تھے

وصیت میں امام حسن علیہ السلام کو بار بار (12 مرتبہ) ''**یَابُنَیَّ**'' اے میرے ننھے مُنے چھوٹے سے بچے کہہ کر مخاطب کیا گیا ہے اور آپؑ کو بہت کم عمر اور دنیا میں نووارد فرمایا گیا ہے (جملہ نمبر 58، 58 الف)۔ لہٰذا ہم یہ نہیں مانتے کہ جنگ صفین کے بعد امام حسن علیہ السلام کو اس وصیت میں

Presented by Ziaraat.Com

مخاطب کیا گیا تھا۔اس لئے کہ اس وقت تو حضرت امام حسن علیہ السلام خود چونتیس (34) سال عمر رکھتے تھے اور خود صاحب اولاد تھے۔البتہ یہ مانا جاسکتا ہے کہ وصیت کا اعلان 37 ہجری مقام حاضرین پر کیا گیا تھا۔

## 3۔وصیت میں کتاب اللہ شرایع اسلام احکام حلال وحرام کی ابتدکرنے کا بھی ذکر ہے

اور وصیت کا علم وتفصیل امام حسن علیہ السلام کو بچپن ہی میں دے دیا گیا تھا۔پھر اس زیرنظر وصیت میں یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ:۔

وَاَنْ اَبْتَدِئَکَ بِتَعْلِیْمِ کِتَابِ اللّٰہِ وَتَاوِیْلِہٖ وَشَرَآئِعَ الْاِسْلَامِ وَاَحْکَامِہٖ وَحَلَالِہٖ وَحَرَامِہٖ، (جملہ نمبر 60)

''میں نے چاہا کہ پہلے تمہیں کتاب اللہ کی تعلیم شروع کرائی جائے اور قرآن کی عملی صورت سکھائی جائے۔اور اسلام کی تمام شریعتوں پر اور احکام پر مطلع کیا جائے اور حلال وحرام کی صورتیں واضح کی جائیں'' (جملہ 60)

اِس کے بعد کیا کوئی مسلمان یہ مان سکتا ہے کہ حضرت امام حسن علیہ السلام اپنی چونتیس (34) سال کی عمر تک نہ شریعت سے واقف تھے نہ حلال وحرام کو جانتے تھے اور نہ اُنہیں قرآن کا علم حاصل تھا؟ ساتھ ہی اس زیرنظر وصیت میں سب کچھ ہے نہیں ہے تو تعلیم قرآن اور تاویل قران اور شریعتوں کے احکام اور حلال وحرام ہی کا ذکر نہیں ہے۔لہٰذا معلوم ہوا اور ماننا پڑے گا کہ یہ سب کچھ زیرنظر وصیت سے پہلے سکھایا جاچکا تھا۔اور خود قرآن کریم نے کم ازکم ایسے تین اشخاص کی موجودگی ثابت کی ہے جن کے سینوں میں روز ازل سے قرآن آیات بیّنات کی صورت میں موجود تھا اور وہ حضرات روز ازل سے مکمل علم عطا کردئے جانے والے تھے (عنکبوت 29/49) اور ظاہر ہے کہ نزول قرآن کے زمانہ میں محمدؐ وعلیؑ فاطمہؑ اور حسنین صلوٰۃ اللہ علیہم کے علاوہ اور کوئی نہ ہوسکتا تھا۔لہٰذا معلوم ہوا کہ زیرنظر وصیت میں کسی باقاعدہ تعلیم کا ذکر اس لئے نہیں ہے کہ امام حسن علیہ السلام کی تعلیم بچپن ہی میں مکمل کردی گئی تھی اور وصیت میں تو عام ہدایات اور تجربات اور نصیحتیں بیان فرمائی گئی ہیں۔

## 4۔بارہ مرتبہ لفظ ''یَا بُنَیَّ'' میں ایک نہایت کم سن بچہؑ حضورؐ کا مخاطب ماننا ہی پڑے گا

یہاں قارئین کرام کو یہ بتانا ہے کہ ''یَا بَنِیَّ'' جوان اور عمر رسیدہ بیٹوں یا بیٹے کو مخاطب کرنے کے لئے بولا جاتا ہے (بقرہ 2/132) اور چھوٹے اور ننھے بچوں کو مخاطب کرنے کے لئے ''یَابُنَیَّ'' کہا جاتا ہے قرآن دیکھنے سے پہلے لغات القرآن مرتبہ مولانا عبدالرشید صاحب نعمانی کی بات سُنیں فرماتے ہیں:۔ بُنَیَّ: میرے بیٹے۔میرے پیارے بیٹے۔میرے چھوٹے سے بیٹے۔اِبْنٌ کی تصغیر ہے۔یہاں تصغیر پیار اور محبت کے لئے ہے۔جیسے ہم اپنی زبان میں کہتے ہیں۔بیٹا یا ننھے وغیرہ۔'' (لغات القرآن جلد دوم صفحہ 50 کالم دوسرا)

### پرویز کی لغات القرآن۔

''سورۃ لقمان میں ''یٰبُنَیَّ'' آیا ہے (31/16) جس کے معنی ہیں ''اے میرے ننھے بیٹے'' یہاں بُنَیَّ اِبْنٌ کی تصغیر ہے'' (جلد اول صفحہ 353)

ایک عربی انگلش ڈکشنری میں یہ معنی لکھے ہیں۔''بُنَیَّ My little son میرے ننے بیٹے''

(معجم عربی۔انکلیزی الفرائدالدُریہ Rev.JG Hava صفحہ 48)

لغایات کے ان بیانات کے بعد یہ معلوم ہونا چاہئے کہ قرآن کریم میں یہ لفظ یابُنَیَّ چار مقامات پر آیا ہے پہلے حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے لے پالک یعنی اپنی بیوی کے بیٹے کو یُبُنَیَّ کہہ کر پکارا ہے (11/42)۔یہ شخص درحقیقت بچہ نہ تھا جوش محبت کے اظہار کے لئے یُبُنَیَّ فرمایا گیا تھا۔دوسری جگہ حضرت یعقوب علیہ السلام اپنے چھوٹے بیٹے حضرت یوسف علیہ السلام کو یُبُنَیَّ فرما کر بھائیوں سے اپنے خواب کو پوشیدہ رکھنے کی تاکید کی تھی (یوسف

Presented by Ziaraat.Com

12/5) تیسری جگہ حضرت لقمان علیہ السلام اپنے بیٹے کو نصیحت فرماتے ہیں اور یٰبُنَیَّ کہہ کر بات شروع کرتے ہیں (31/17,31/16,31/13) آخری دفعہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اللہ کا وہ حکم سنا رہے ہیں جو اُن کی قربانی کے لئے خواب میں دیا گیا تھا۔ اور اُنہیں بچہ ہونے کی بنا پر یٰبُنَیَّ فرما کر مخاطب فرماتے ہیں (37/102) اِن مقامات کی بنا پر یہ فیصلہ غلط اور حماقت ثابت ہو گیا کہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرت امام حسن علیہ السلام کو چونتیس سال کی عمر میں وصیت فرمائی تھی۔

## 5۔ نوری ماحول سے مادی ماحول میں سمانے اور نباھنے کے لئے وصیت میں ہدایات ہیں

ہمارا پیدائشی اور مسلسل نسلی طور پر مادی اور جسمانی ہونا اور لفظ نور اور نورانی پوزیشن سے کما حقہ ناواقف ہونا ہمارے سامنے سب سے بڑی اور حقیقی مشکل ہے۔ اور یہی مشکل ہے جو نور محمدیؐ اور اجزائے نورِ محمدیؐ یعنی محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ اور حسنینؑ اور دیگر آئمہ صلوٰۃ اللہ علیہم کی دنیاوی پوزیشن میں اختلاف و انکار کی رائے کھولتی ہے۔ کوشش کے باوجود ہمیں صحیح نتیجہ نکالنے سے روکتی ہے۔ یہاں بات کو سمجھانے یا سمجھ سے قریب لانے کے لئے ایک مثال سامنے لاتے ہیں جو یہاں اس دنیا میں عملاً پیش آتی ہے اور دیکھی جا سکتی ہے۔ میڈم مانٹسوری کے چلڈرن ہوم میں تعلیم کے لئے بچوں کو داخلہ زیادہ سے زیادہ تین سال کی عمر میں ملتا ہے۔ یہ رعایت ان بچوں کے لئے ہے جو میڈم کے چلڈرن ہوم کے سند یافتہ یا ڈپلومہ رکھنے والے حضرات کے بچے ہوں اور پیدائش سے لے کر تین سال کی عمر تک اپنے اپنے گھروں میں سند اور ڈپلوموں کی شرائط کے مطابق پالا اور تربیت دیا گیا ہو۔ ورنہ عام لوگوں کے لئے ضروری ہے کہ حاملہ عورتیں میڈم کے نرسری ہسپتال میں وضع حمل کرائیں اور ایک ہفتہ بعد بچہ کو ادارہ کی نرسوں کی تحویل میں چھوڑ کر واپس آ جائیں۔ انہیں اور شوہروں کو اجازت ہے کہ ہفتہ میں ایک مقررہ دن پر بچہ کو دیکھنے کے لئے ادارہ میں آئیں مگر اُسی لباس میں آئیں جو اس روز ادارے کا لباس ہے۔ لہٰذا دیکھ بھال اور ملاقات کے بعد واپس آ جائیں۔ یہ ہفتہ وار ملاقات تعلیم کے اختتام تک جاری رہتی ہے۔ یوں داخل ہونے والے بچوں کو والدین کی پسند کے مطابق تعلیمی مہارت اور ڈگری بطور سند دی جاتی ہے۔ بیس سال کی عمر میں بچہ تعلیم مکمل کرتا ہے۔ تعلیم کا معیار، طریقہ تعلیم، تعلیمی نصاب ساری دنیا کے تعلیمی اداروں سے اعلیٰ، کامیاب اور عملی اور مختلف ہوتا ہے وہاں بچوں کو لکچر نہیں دئے جاتے۔ عملی اور فطری ضرورت کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ وہاں لفظ Do اور Dont کبھی نہیں بولا جاتا۔ دماغی تکان کبھی پیدا نہیں ہوتی۔ حواس خمسہ کی ہر حس کی تربیت کی جاتی ہے ہر حس پر امتحانات لئے جاتے ہیں۔ دنیا کے تمام تعلیمی اداروں سے قابل ترین اور لاجواب طلبا نکلتے ہیں۔ بیس سال تک انہیں دنیا کے موجودہ ماحول سے کبھی سابقہ نہیں پڑتا۔ کھانا پینا۔ رہن سہن۔ لباس و طرز معاشرت بالکل جداگانہ اور نرالی و انوکھی ہوتی ہے۔ دنیا میں پھیلی ہوئی چالاکیاں، فریب، جھوٹ، سستی و کاھلی لالچ اور نافرمانی سے سو فیصد ناواقفیت رہتی ہے۔ وہ ایک نیا انسان بن کر ادارہ سے باہر آتا ہے۔ اُسے یہ سمجھانا ناممکن ہو جاتا ہے کہ جھوٹ کیا ہے۔ جھوٹ کیوں بولا جاتا ہے۔ الغرض لاکھ سمجھانے پر بھی وہ بری باتوں کو اُس گہرائی اور یقین کے ساتھ نہیں مانتے جس گہرائی اور یقین سے ساری دنیا مانتی ہے۔ یہی حال بلکہ اس سے زیادہ مستحکم اور پیچیدہ حال ہوتا ہے اُن حضرات کا جو نوری اجسام میں کروڑوں اربوں سال رہے اور پھر اُنہیں مادی حالت اور جسمانی صورت میں منتقل کرنے کا انتظام جاری کیا گیا ہے۔ مگر وہاں بھی تمام نسلوں میں جو ماحول برقرار رکھا گیا اُس کی پاکیزگی، سادگی، شستگی، فطری عظمت، اور بلند نظری، کشادہ دلی کا میڈم مانٹسوری کے نظام سے تقابل کرنا بھی اُس کی توھین ہے چہ نسبت خاک را با عالم پاک؟؟ بقول حضرت علی علیہ السلام۔ ''قرآن میں اُن کے خاندان کے تمام حالات اور اطوار کو ریکارڈ کر دیا گیا ہے۔'' مادی اور جسمانی صورت میں منتقل ہونے کے بعد بھی ملکوتی ماحول برقرار رہتا چلا آیا۔ ملائکہ کا جاروب کشی کرنا، چکی پیسنا، جھولا جھولانا، گود میں کھلانا جنتی پھلوں پھولوں اور خوشبوں سے گھروں کو لبریز رکھنا۔ بدبو اور مکروھات سے دور رکھنا۔

Presented by Ziaraat.Com

ایسے ماں باپ اور ماحول میں رہنے والوں کو بھی مکر وفریب و دغا اور غداری سے متعارف کرانا آسان نہ تھا۔اس لئے قرآن کی تعلیم کا مطلب ہی یہ تھا کہ لوگ قرآن کے معنی کو کیوں بدلتے ہیں؟۔کیوں جھوٹے افسانے تیار کر کے قرآن کے سر لگاتے ہیں۔ان کے غلط مقاصد اور لالچ سے متعارف کرانا ہی قرآن کی نئی تعلیم تھی ورنہ وہ تو روز ازل سے قرآن کے عالم تھے۔انہیں لوگوں کی چالاکیوں اور اغراض سے ہوشیار کرنا ہی اُن کی تعلیم تھی تا کہ وہ قرآن کا اور قرآنی تعلیمات کا تحفظ کر سکیں۔اور مومنین کو راہ راست پر برقرار رکھ سکیں۔

## 6۔حقیقی اور نوری صورت حال کو مادی صورت حال میں عملاً بدل کر پیش کرنا

ہمیں معلوم اور تحقیق ہو چکی ہے کہ محمد وعلی علیہما السلام حضرت آدم علیہ السلام میں ودیعت ہو جانے کے ساتھ ساتھ حضرت آدمؑ سے لے کر تمام انبیاء ورُسُل علیہم السلام کے ساتھ ساتھ بطور نگران اور ھادی رہتے چلے آئے تھے۔(82۔3/81) لیکن اسی بات کو حضورؑ نے اپنی وصیت میں عملاً واضح فرمایا ہے (جملہ 54 تا 56) اور زمانہ گذشتہ کے دانشوروں اور لیڈروں اور راہنماؤں پر فکر ونظر کی جانچ و پڑتال و تحقیق کا معیار پیش کر کے بتایا ہے کہ گویا حضرت علی علیہ السلام سابقہ زمانے کے اوّلین لیڈر سے آخری لیڈر کے ساتھ ساتھ رہ کر اُن سب کے فکر ونظر و کردار پر نگران رہتے چلے آئے ہیں اور کوئی چیز اُن کی نظر سے اوجھل نہیں ہو سکتی یعنی حضورؑ نے زمانہ گذشتہ کی ساری کدّ وکاوش اور اُس کے نتائج سے حضرت امام حسن اور باقی آئمہ علیہم السلام کو اس طرح روشناس کرا دیا ہے کہ آئندہ انہیں کسی نئی بات کے معلوم کرنے کی احتیاج نہیں ہے وہ لیڈروں کی صورتوں اور باتوں ہی سے اُن کا کچّا چٹھا مرتب کر کے رکھ دیا کریں گے۔بلکہ وہ مکاریاں اور عیاریاں جو عہد مرتضویؑ کے بعد ظہور میں آئیں گی اُن سے بھی خود بخود آگاہ ہو جائیں گے (جملہ 53) یعنی یہ وصیت تمام آئمہ علیہم السلام کے لئے بدمعاشوں سے بچنے اور اُن کا تدارک کرنے کے لئے ایک مستقل گائڈ (guide) و راہنما ہے اور تمام نیکوکاروں سے تعلق رکھنے اور اُن کی راہنمائی کرنے کے لئے دستاویز ہے۔اسی لئے حضورؑ نے سست گام مگر پر خلوص دینی بھائیوں کیلئے رعایتی سلوک کی حد کر دی ہے (جملہ نمبر 226 تا 232) اور یہاں تک فرما دیا ہے کہ گویا تم دینی بھائیوں کے غلام ہو اور وہ تمہارے آقائے نعمت ہیں (جملہ 232) اس کے ساتھ ہی یہ تاکید فرمائی کہ ان رعایات کو نااھلوں کے ساتھ روا نہ رکھا جائے (جملہ 233)،(234)۔

## 7۔دوست کے دشمن کو دوست بنانے کی ممانعت فرمائی ہے

وصیت کی ایک اہم بات یہ ہے کہ دوستوں کے دشمن کو دوست بنانا دراصل دوست سے دشمنی کرنا ہے۔چنانچہ اگر دوست کا دشمن کوئی عقل مند اور حق پرست قسم کا انسان ہے تو وہ تمہیں دوست بنانے کیلئے ہر دشمن سے دشمنی ترک کر دے گا۔اور دشمنی کا ترک کرنا دوستی سے ثابت ہوگا۔لہٰذا یوں دشمنیاں ختم اور دوستیاں جاری ہو جائیں گی۔

## 8۔عورتوں کے ساتھ تعلقات و ہدایات

ہم نے حضرت علی علیہ السلام کے اس بیان کی تشریح کر دی ہے جس میں آپؑ نے عورتوں کے عقل اور حصے میں نقص بیان فرمائے ہیں۔اور حضورؑ کا حقیقی مدعا واضح کر دیا ہے۔اور عورتوں کا صحیح مقام سامنے آ گیا ہے اور وہ غلط فہمیاں دور ہو گئی ہیں جو علماء کی غلط فہمی سے پیدا ہو کر معاشرے میں پھیل گئی تھیں۔وہی صورت حال یہاں بھی ہے مگر الفاظ میں اور طرز بیان میں فرق نمودار ہے۔پہلی بات تو وہی ہے کہ عورتوں کے تخلیقی تقاضے اور ضرورت کے مطابق ان میں بے رحمی اور خود غرضی پر محمول عقل نہیں رکھی گئی ہے۔اس لئے اور کئی ایک جذبات و عادات پر اُس کا اثر پڑنا لازمی ہے اور اُس اثر سے محفوظ رکھنے پر ہدایات دی گئی ہیں۔لہٰذا اُن سے مشورہ کر کے کوئی فیصلہ کر لینا اس لئے غلط ہو جائے گا کہ اُن کی رائے ایک رحیمانہ رائے ہوگی۔جس میں تشدد،

Presented by Ziaraat.Com

سختی، اور بے رحمی نہ ہونے کے سبب سے قیام نہ ہوگا اور ذرا سے حالات کی تبدیلی پر اُن کی رائے اور ارادہ رحم و مروّت اور شفقت کی طرف جھک جائے گا۔ یعنی عورتوں میں رحم و مروّت و شفقت اور سادہ دلی و پارسائی ایسی بنیادی چیزیں ہیں جو اُنہیں چالاکی بدظنی و بدباطنی و مکر و فریب و غدّاری و بے وفائی کی طرف فوراً متوجہ نہیں کرتیں۔ یعنی وہ کسی پر جلدی سے یہ شبہ نہیں کرسکتی ہیں کہ اُن سے جھوٹ بولا جارہا ہے۔ انہیں دھوکہ یا فریب دیا جارہا ہے یا یہ کہ کل اُن سے غدّاری اور بے وفائی کی جاسکتی ہے۔ وہ ہر بات کو صحیح بات سمجھنے میں جلدی کرتی ہیں۔ اُنہیں دھوکے اور فریب کا خیال ہی نہیں آتا۔ خود پر خلوص ہوتی ہیں لہٰذا سب کو پر خلوص سمجھتی ہیں۔ مجسّمۂ وفا ہوتی ہیں لہٰذا سب کو وفادار سمجھتی ہیں۔ انہیں مجموعی طور پر حضورؑ نے پھُول فرمایا ہے پھولوں کی طرح یا پھول کی مثل و مانند قرار نہیں دیا یعنی فرمایا کہ ''**فَاِنَّ الْمَرْاَۃَ رَیْحَانَۃٌ**''۔ ''چنانچہ عورت یقیناً پھول ہوتی ہے۔'' (جملہ 284)

یعنی نزاکت اور خوشبو کا مرکب۔ جس میں بدبو اور کرختگی کا نام و نشان نہیں ہوتا۔ لہٰذا لازم ہے کہ کرختگی، بدبو اور بری خصلتیں اور بری خصلتوں والی چیزیں اُن سے دور رکھی جائیں۔ اور ایسی بات تک نہ کی جائے جس سے عورت کا دھیان اور توجہ بے غیرتی اور بدگمانی کی طرف مبذول ہوسکے اور اُس کے سامنے عیب اور بدراہی اور مشکوک راہیں آسکیں (جملہ 288۔ 287)۔ اس کا علاج یہ بتایا ہے کہ عورت کی آنکھوں پر خود کو اس طرح نمایاں اور مسلط کرو کہ تمہارے علاوہ اسے اور کوئی مرد نظر ہی نہ آئے یعنی وہ اور کسی کو اپنا ہم سر اور ہم پلّہ یا کفو سمجھے ہی نہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ اپنی صفات اور اپنی خصلتوں اور خصوصیات سے اُن پر اس طرح چھا جاؤ کہ گویا اُن کے اور دوسرے مردوں کے درمیان ایک موٹا پردہ پڑا ہوا ہے اور تمہارے سوا اُن کو اور مرد نظر نہیں آتا ہے یعنی تم خود پردہ بن کر اُن کی آنکھوں پر چھا جاؤ۔ (وَاکْفُفْ عَلَیْھِنَّ مِنْ اَبْصَارِھِنَّ بِحِجَابِکَ اِیَّاھُنَّ) اور ساتھ ساتھ ہی یہ تاکید فرمائی ہے کہ ایسی راہ پیدا نہ کرو کہ تمہارے حجاب کے اندر کوئی بے اعتبار شخص داخل ہوسکے (جملہ 281) اور اُس پر اتنا زور دیا ہے کہ اگر تجھ سے ہوسکے کہ عورت سے تمہارے علاوہ کسی اور کا تعارف ہی نہ ہونے پائے تو ایسا ضرور کرنا (جملہ 282)۔ مطلب یہ کہ عورت نے نہ کسی اور مرد کو دیکھا ہو نہ عورت کو کسی اور مرد کے اوصاف و خصائل معلوم ہوئے ہوں اور یہ ناممکن عملدرآمد ہے۔ کیونکہ بچپن سے لے کر جوانی تک عام پردے کے باوجود عورت سینکڑوں مردوں کو دیکھے گی اور اُن کے حالات بھی اُن کے کانوں تک پہنچیں گے۔ لہٰذا عملی صورت یہ ہوئی کہ عورتوں کو وہ تمام داؤ گھاٹ اور مکر و فریب و ایکٹنگ بتائی اور دکھائی جائے جو جنسی تعلق کے لئے مردوں کی طرف سے روبہ کار لائے جاسکتے ہیں اور لائے جاتے ہیں اور یوں عورتوں کی سادگی اور سادہ دلی کو مردوں کی طرف سے بدظن کردیا جائے کہ تمہارے علاوہ تمام مرد اُن کی نظر سے گر جائیں اور یہ وہ پردہ ہوگا جو تمہارے علاوہ تمام مردوں کو بے توقیر و بے اعتبار کرکے اُن کے سامنے سے ہٹادے گا۔ اور وہ کسی کی طرف وفا کی امید اور جنسی نظر سے نہ دیکھیں گی۔ دوسرے الفاظ میں عورتوں کو عورتوں کی اور مردوں کی نفسیات و رجحانات پر مطلع کرنا چاہئے تاکہ عورتیں مردوں کو اُن کی صحیح پوزیشن میں بے نقاب دیکھنے کے قابل ہوجائیں اور ہر مرد کو فرشتہ خصلت نہ سمجھ بیٹھیں۔ یعنی عورتوں کو وہ تمام تعلیم دی جائے جس سے وہ اپنی قدر و حفاظت کرنا سیکھ جائیں اور فریب و چالاکی کو سمجھ سکیں۔ اِس سے وہ تمام راہیں بند ہوجاتی ہیں جن کے ذریعہ عورتوں کو ناجائز استعمال کیا جاتا ہے۔ لہٰذا ایسا انتظام کرنا کہ ہر عورت کو کسی مرد سے تعارف نہ ہونے پائے ہر مرد کے قابو کی بات نہیں ہے۔ لہٰذا ہر عورت کا ہر مرد سے تعارف کرادینا ہی اس خطرے کا صحیح تدارک و علاج ہے۔ تاکہ مرد اور عورت بے فکری اور اطمینان سے اپنی اپنی ذمہ داری پوری کرتے رہیں۔ منشا یہ ہے کہ عورتوں کی فطری و تخلیقی حالت کا بھی تحفظ ہوتا رہے تاکہ نوع انسان پیدائشی حیثیت سے بھی ترقی پذیر رہے۔ اور غیر ذمہ دار مردوں کو گھیر کر ذمہ داری اختیار کرنے پر مجبور کیا جائے۔ وہ عربوں کا عموماً اور قریش کو خصوصاً معاشرہ تھا جہاں جنسیات کو بھڑکانے اور غلط راہوں پر ڈالنے کا کھلا اور کامیاب بندوبست تھا۔ اُس معاشرہ میں عورتوں کو محفوظ رکھنے کا وہی طریقہ ہے جو حضرت علی علیہ السلام نے بیان فرمایا ہے (279 تا 288)۔

Presented by Ziaraat.Com

## 9۔حضرت عبدالمطلبؑ اور اُن کے اباواجدادؑ اور بزرگ اُسی اسلامی قوانین پر عمل کرتے رہے جس پر علیؑ و محمدؐ عمل کرتے تھے

یہ کتنی عجیب بات ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرت امام حسن علیہ السلام کو اپنے اباواجدادؑ کے قدم بقدم کی تاکید فرمائی ہے اور کہا ہے کہ:۔

اُس کردار پر قدم بقدم چلتے رہنا جس پر تمہارے اوّلین باپ دادا اور تمہارے اہلبیتؑ کے صالح افراد چلتے رہے تھے۔اِس لئے کہ اُن بزرگوں نے اپنے اعمال و کردار کے لئے یہ دینی نظریہ کبھی نہ چھوڑا تھا جس نظریہ پر آج تم قائم ہو۔اور اپنے عمل درآمد کو اُسی غور و فکر کے ماتحت رکھتے تھے جس فکر و نظر کے ماتحت آج تم اعمال بجالا رہے ہو۔'' (جملہ نمبر 68 تا 70)

جس دین، جس طریقے اور جن اعمال و عبادات اور جن عقائد و اعمال و نظریات پر محمدؐ و علیؑ اور حسنؑ عمل پیرا تھے بالکل اُسی دین اور طریقے پر اور اُن ہی اعمال و عبادات پر اور اُن ہی عقائد اور نظریات پر خاندان علیؑ و محمدؐ کے تمام اوّلین بزرگ عمل کرتے چلے آرہے تھے۔اور آیندہ بھی امام حسن علیہ السلام اور بعد والے آئمہؑ نے قدم بقدم عمل کرنا تھا۔یہ تینوں جملے (68,69,70.) ذمہ داری لیتے ہیں کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام سے لے کر حضرت ابوطالب علیہ السلام تک مسلسل وہی دین اسلام جاری تھا جسے قریش نے اچانک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام سے جاری ہونا بیان کیا ہے۔اور وہ کہانی تیار کی ہے جو آج اسلام کے نام پر سنائی جارہی ہے۔اور اُس کہانی میں تین ہزار سال کے طویل زمانہ کو اسلام سے خالی زمانہ بتایا گیا ہے اور پورے عرب کو اور عرب کی تمام نسلوں اور قبیلوں کو کفر و ضلالت و ایام جاہلیت میں مبتلا دکھایا گیا ہے۔تاکہ نسلِ اسماعیلؑ اور خاندان رسولؐ کے تمام بزرگوںؑ کو بھی (معاذ اللہ) بے دینی اور ضلالت میں مبتلا دکھایا جاسکے۔حالانکہ قرآن کریم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے اور اُن ہی کی دعاؤں اور کوششوں سے اُن کی ذریت میں اُمت مسلمہ قائم تھی اور برابر عہد رسولؐ تک قائم رہتی اور اسلام پر عمل کرتی چلی آرہی تھی۔اور اُن ہی مومنین میں اور اُسی اُمۃ مسلمہ میں حضور صلوٰۃ اللہ علیہ پیدا ہوئے تھے۔جیسا کہ فرمایا گیا ہے کہ:۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَا سِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُo رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ o (2/128,129)

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍo (3/164)

جب حضرت ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ نے دُعا کی کہ:۔''اَے ہمارے پروردگار ہم دونوں کو اپنا مخصوص مسلم بنالے اور ہماری ذریت میں ایک اپنی مخصوص مسلم اُمت قائم کردے اور ہمیں اور اُس مسلم اُمت کو اپنے قواعد و قوانین و دینی رسوم و عبادت پر عملاً دکھا دکھا کر قائم رکھنا اور ہماری اصلاح کے لئے ہم پر متوجہ رہنا یقیناً تُو تو اصلاح کرنے اور متوجہ رہنے والا رحیم ہے۔اور اَے ہمارے پروردگار اُس مسلم اُمت میں مسلم اُمت ہی میں سے ایک ایسا رسولؐ مبعوث کردے جو اُس مسلم اُمت پر تیری آیتوں کی تلاوت کرتا رہے اور وہ اُس مسلم اُمت کو مکمل کتاب اور مکمل حکمت کی تعلیم دیتا رہے اور اُس مسلم اُمت کا تزکیہ نفس کرتا رہے بیشک تُو تو تمام حالات میں ایک غالب رہنے والا حکیم ہے۔یقیناً ہم نے ابراہیمؑ و اسماعیلؑ کی مانی ہوئی منت کا مومنین پر اُس وقت احسان کیا تھا جب مومنین میں مومنین ہی میں سے ہم نے ایک ایسا رسولؐ مبعوث کیا تھا جو اُن مومنین پر اللہ کی آیات تلاوت کرتا تھا اور اُن مومنین کا تزکیہ کرتا تھا اور اُن مومنین کو مکمل کتاب اور مکمل حکمت کی تعلیم دیتا تھا گو وہ مومنین اس تعلیم سے پہلے اس تعلیم سے بے بہرہ تھے۔''

قارئین سوچیں کہ یہ آیات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لے کر عہد رسولؐ تک اسلامی تعلیم و عمل کو مسلسل ثابت کرتی ہیں۔مگر قریش ساز تاریخ

Presented by Ziaraat.Com

اور افسانوں نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بعد ایک اندھیر نگری بنا دی ہے۔ جس میں نہ صرف سارا عرب اور عرب کی تمام اقوام وقبائل کفر وضلالت میں مبتلا دکھائے گئے ہیں بلکہ خود نسلِ ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کو بھی تاریکی کے غار میں دھکیل دیا گیا ہے۔ اور بزرگان رسولؐ کو بھی (معاذ اللہ) کفر و شرک میں مبتلا دکھایا گیا ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ وعلیہ وآلہ کو (معاذ اللہ) کافروں میں پیدا کیا گیا ہے۔ حرام دودھ پی کر حرام غذائیں کھا کر جوان ہونے والا دکھایا گیا ہے اور اُن کی کہانی کے مطابق جب تک (معاذ اللہ) جبرائیل نے اپنے کرتب نہ دکھائے خود رسولؐ کو اسلام سے بے بہرہ اور جاہل بتایا گیا ہے اور حضرت عبدالمطلبؑ وابوطالبؑ اور عبداللہ کو کافر مرنے والا مانا گیا ہے۔ اور قرآن کریم میں کہا گیا ہے کہ:۔

وَتِلْکَ حُجَّتُنَآ اٰتَیْنٰھَآ اِبْرٰھِیْمَ عَلٰی قَوْمِہٖ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ اِنَّ رَبَّکَ حَکِیْمٌ عَلِیْمٌ o وَوَھَبْنَا لَہٗ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ کُلًّا ھَدَیْنَا وَ نُوْحًا ھَدَیْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّیَّتِہٖ دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ وَاَیُّوْبَ وَیُوْسُفَ وَمُوْسٰی وَ ھٰرُوْنَ وَکَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ o وَزَکَرِیَّا وَیَحْیٰی وَعِیْسٰی وَاِلْیَاسَ کُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ o وَاِسْمٰعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَیُوْنُسَ وَلُوْطًا وَکُلًّا فَضَّلْنَا عَلَی الْعٰلَمِیْنَ o وَمِنْ اٰبَآئِھِمْ وَذُرِّیّٰتِھِمْ وَاِخْوَانِھِمْ وَاجْتَبَیْنٰھُمْ وَ ھَدَیْنٰھُمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ o ذٰلِکَ ھُدَی اللّٰہِ یَھْدِیْ بِہٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَلَوْ اَشْرَکُوْا لَحَبِطَ عَنْھُمْ مَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ o اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحُکْمَ وَالنُّبُوَّۃَ فَاِنْ یَّکْفُرْ بِھَا ھٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَکَّلْنَا بِھَا قَوْمًا لَّیْسُوْا بِھَا بِکٰفِرِیْنَ o اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ ھَدَی اللّٰہُ فَبِھُدٰھُمُ اقْتَدِہْ قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا اِنْ ھُوَ اِلَّا ذِکْرٰی لِلْعٰلَمِیْنَ o (الانعام 90 -6/83)

۔''اور یہ تھی ہماری وہ حجت اور دلیل جو ہم نے ابراہیمؑ کو اُس کی قوم کے مقابلے میں دی تھی۔ ہم جسے چاہتے ہیں بلند درجات عطا کر دیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ تمہارا پروردگار نہایت دانا اور علم والا ہے۔ پھر ہم نے ابراہیمؑ کو اسحاقؑ اور یعقوبؑ جیسی اولاد عطا کی اور ہر ایک کو راہ راست دکھائی۔ وہی راہ راست جو اُن سے پہلے نوحؑ کو دکھائی تھی۔ اور نوحؑ ہی کی نسل سے ہم نے داؤدؑ اور سلیمانؑ، ایوبؑ، یوسفؑ، موسیٰ اور ھارونؑ کو ہدایت بخشی اُسی طریقہ پر ہم احسان پیشہ لوگوں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ اُسی کی اولاد سے زکریاؑ یحییٰؑ عیسیٰؑ اور الیاسؑ کو بھی تمام صالحین میں داخل کیا۔ اُسی کے خاندان سے اسماعیلؑ اور الیسعؑ اور یونسؑ اور لوطؑ کی ہدایت کی اور اُن میں ہر ایک کو ہم نے سارے عالمین پر بزرگی عطا کی اور **اُن کے باپ دادا اور اُن کی ذرّیت اور اُن کے بھائی بندوں میں سے ہم نے مجتبیٰ بنائے اور اُنہیں صراط مستقیم کی ہدایت کی**۔ وہی اللہ کی ہدایت ہیں جس سے اپنے بندوں میں سے جن کو چاہتا ہے ہدایت کر دیتا ہے۔ **اور اگر اُن لوگوں نے شرک کو اختیار کر لیا ہوتا تو اُن کے تمام اعمال ضائع ہو جاتے**۔ وہی لوگ تھے جن کو ہم نے کتاب اور حکومت اور نبوت عطا کی تھی۔ اگر یہ قریشی قوم اس کتاب وحکم اور نبوت اور اُن ہادیوںؑ کے وجود کو چھپانا چاہے تو کچھ پروا نہیں ہے ہم نے قریش پر ایک ایسی قوم کو وکیل بنا دیا ہے جو اس حقیقت کو چھپانے والی نہیں ہے۔ وہی لوگ تھے جن کو اللہ نے ہدایت کی تھی۔ لہٰذا اے محمدؐ تم اُن ہی ہدایت یافتہ لوگوں کی اقتداء اور پیروی کرو اور کہہ دو کہ میں اس ہدایت کاری پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا اس لئے کہ یہ ہدایت کاری تو تمام عالمین کے لئے یاددھانی ہے۔''

اسی سلسلے میں بھی فرمایا ہے کہ:۔ اَمْ یَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰی مَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ فَقَدْ اٰتَیْنَآ اٰلَ اِبْرٰھِیْمَ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَاٰتَیْنٰھُمْ مُّلْکًا عَظِیْمًا o فَمِنْھُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِہٖ وَمِنْھُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْہُ وَ کَفٰی بِجَھَنَّمَ سَعِیْرًا o (النسآء 55۔4/54)

۔''کیا یہ قریشی لوگ اسلئے حسد کر رہے ہیں کہ اللہ نے محمدؐ اور آل محمدؐ پر نوازشات کی ہیں؟ اگر حسد کا یہی سبب ہے تو اُنہیں معلوم ہونا چاہئے کہ ہم نے آل ابراہیمؑ کو مکمل کتاب اور مکمل حکمت اور عظیم الشان مملکت بھی عطا کر رکھی ہے۔ اور اِن قریش میں سے بھی بعض نے اِس حقیقت کو مان لیا ہے۔ اور بعض اس مملکت کی راہ میں روڑے اٹکا رہے ہیں اور اُن سب کے لئے بھڑکتی ہوئی دوزخ کافی ہے۔''

Presented by Ziaraat.Com

اِن آیات (90-6/83اور 55-4/54) سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کی ذریت میں نہ صرف ایک مسلم اُمت بنادی تھی بلکہ اُس اُمت کو ایک مملکت عظیمہ بھی دے دی تھی جو تین ہزار سال سے برابر قائم رہتی چلی آئی تھی اور عہد رسولؐ میں مملکت عظیمہ اور اُمۃ مسلمہ قائم تھی اور رسولؐ اللہ کو بھی اُن کی اقتداء اور پیروی کا حکم ملا تھا۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام کا جناب امام حسن علیہ السلام کو اُن بزرگوں کے قدم بقدم چلنے کا حکم دینا قابل تعجب نہیں ہے۔ قابل تعجب تو یہ ہے کہ تمام مسلمانوں نے شیعہ علما سمیت وہ کہانیاں تسلیم کرلیں جن میں اسلام کو تین ہزار سال تک غائب رکھا گیا ہے۔ اور اپنی مصلحتوں کے ماتحت نئے سرے سے شروع کیا گیا ہے۔ لیکن قرآن اور صاحب قرآن علیہ السلام اسلام کو اور اسلام کو نافذ کرنے والوں کو مسلسل بلا ناغہ اور بلا اختلاف ثابت کرتے ہیں اور اُن تمام کہانیوں کو ردّ اور باطل کردیتے ہیں جو قریش نے اپنی حکومت کے زمانے میں تاریخ کے نام پر گھڑوائی تھیں۔

**10۔ نظام اجتہاد اور علم الفقہ باطل پرستوں کا ایجاد کردہ علم ہے جس کے پڑھنے اور پڑھانے سے منع فرمایا ہے**

اسی وصیت کی ایک اہم ترین ہدایت یہ ہے کہ وہ تمام علوم مردود قرار دئے گئے ہیں جن سے نوع انسان کو فائدہ نہیں پہنچتا ہے۔ چنانچہ حضورؑ علیہ السلام نے علم کا نام نہیں لیا اور وہ اس لئے کہ مخالف محاذ اُسی مردود علم پر عمل کررہا تھا۔ آپؑ نے تو ایک کلیدی فیصلہ فرمادیا ہے کہ:۔

''**اچھی بات وہی ہے جو نفع پہنچائے** (جملہ 44) اور اس کی وضاحت یوں فرمائی ہے کہ:۔ ''**یہ سمجھ لو کہ اُس علم میں کوئی بھلائی نہیں جو فائدہ نہ پہنچائے اور نہ ہی اُس علم سے فائدہ پہنچ سکتا ہے جس کا پڑھنا اور پڑھانا موزوں و مناسب نہ ہو**'' (جملہ 44)

چونکہ ہم نے اُن ہی علمی اداروں میں تعلیم حاصل کی ہے جو نظام اجتہاد اور مجتہدین کے ماتحت اور زیر قیادت موجود تھے اور وہاں علم الفقہ اور دیگر وہ تمام علوم انتہائی درجہ تک پڑھے جن سے اجتہاد کی سند ملتی ہے۔ اور طالب علم مجتہد بن کر نکلتا ہے۔ اس لئے ہم اپنے تجربہ اور تحقیق کے ماتحت جس علم کو صرف نقصان پہنچانے والا اور خدا اور رسولؐ کے خلاف لے جانے والا یقین کرتے ہیں وہ یہی علم الفقہ یا اجتہاد ہے جس نے مسلمانوں کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے اور اس میں شیعہ و سُنی دونوں مبتلا ہیں۔ (دیکھو ہماری کتاب اسلام اور علمائے اسلام)

حضور نے اپنے جملے (271) میں اُن ہی بابصیرت لوگوں کے ناکام ہوجانے کا ذکر فرمایا ہے جو خطائے اجتہادی کے قائل ہیں اور اُن سیدھے سادے جاہلوں کو کامیاب دکھایا ہے جو اجتہاد سے ناواقف ہوتے ہیں اور سیدھی سادی کوشش و تلاش کرتے رہتے ہیں۔ (جملہ 271)

## ( نمبر 32) خط **اِلٰی مُعَاوِیَۃ: معاویہ کے نام**

**1۔ فریب سازی سے کثرت کو گمراہ کرنے پر تنبیہ فرمائی ہے 2۔ شیطان کو سونپی ہوئی باگ ڈور چھین لینے کی تاکید۔ 3۔ معاویہ اور اس کے طرفداروں کے حسب و نسب قابل اعتماد نہ تھے**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَاَرۡدَیۡتَ جِیۡلًا مِنَ النَّاسِ کَثِیۡرًا ؛ | 1 | تُو نے انسانوں کی کثرت کو تباہ کردیا ہے۔ |
| خَدَعۡتَھُمۡ بِغَیِّکَ ؛ | 2 | اُنہیں دھوکا دے کر اپنی گمراہی پر فریفتہ کرلیا ہے۔ |
| وَاَلۡقَیۡتَھُمۡ فِیۡ مَوۡجِ بَحۡرِکَ ؛ | 3 | اور انہیں اپنے گمراہی کے سمندر کی موجوں میں پھنسادیا۔ |
| نَغۡشَاھُمُ الظُّلُمَاتُ ؛ | 4 | جہاں اُن پر تاریکیاں چھائی ہوئی ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَتَلاطَمُ بِهِمُ الشُّبُهَاتُ ؛ | 5 | اور اُنہیں شبہات کا تلاطم اچھالتا پھر رہا ہے۔ |
| فَجَارُوْا عَنْ وَجْهَتِهِمْ ؛ | 6 | چنانچہ وہ راہ راست سے دور بھٹک گئے ہیں۔ |
| وَنَكَصُوْا عَلٰى اَعْقَابِهِمْ ؛ | 7 | اور عہد شکنی کے بعد پیچھے کی طرف پلٹ گئے ہیں۔ |
| وَتَوَلَّوْا عَلٰى اَدْبَارِهِمْ ؛ | 8 | اور اپنی پشت پر ولایت بنالی ہے۔ |
| وَعَوَّلُوْ عَلٰى اَحْسَابِهِمْ ؛ | 9 | اور اپنے حسب ونسب سے وابستہ ہوگئے ہیں۔ |
| اِلَّا مَنْ فَآءَ مِنْ اَهْلِ الْبَصَائِرِ ؛ | 10 | البتہ کچھ اہل بصیرت میں سے لوگ اللہ نے واپس پلٹا دئے ہیں۔ |
| فَاِنَّهُمْ فَارَقُوْكَ بَعْدَ مَعْرِفَتِكَ ؛ | 11 | چنانچہ انہوں نے تمہاری شناخت کے بعد تم سے جدائی اختیار کر لی ہے۔ |
| وَهَرَبُوْا اِلَى اللّٰهِ مِنْ مُّوَازَرَتِكَ ؛ | 12 | اور تمہاری نصرت اور مدد سے منہ موڑ کر اللہ کی طرف بھاگ کر آ گئے ہیں۔ |
| اِذْ حَمَلْتَهُمْ عَلَى الصَّعْبِ ؛ | 13 | یہ بھی اس وقت جب تم نے انہیں دشواریوں میں اُلجھا دیا تھا۔ |
| وَعَدَلْتَ بِهِمْ عَنِ الْقَصْدِ ؛ | 14 | اور تو نے انہیں عدل کی راہ سے ہٹا دیا تھا۔ |
| فَاتَّقِ اللّٰهَ يَامُعَاوِيَةُ فِىْ نَفْسِكَ ؛ | 15 | اَے معاویہ تو ذاتی طور پر اللہ کا تقویٰ اختیار کر لے۔ |
| وَجَاذِبِ الشَّيْطَانَ قِيَادَكَ ؛ | 16 | اور شیطان سے اپنی قیادت کی باگ ڈور واپس لے لے۔ |
| فَاِنَّ الدُّنْيَا مُنْقَطِعَةٌ عَنْكَ ؛ | 17 | بلاشبہ یہ دنیا تم سے منقطع ہونے والی ہے۔ |
| وَالْاٰخِرَةُ قَرِيْبَةٌ مِنْكَ. وَالسَّلام. | 18 | اور آخرت اور آخرت کی بازپرس تمہارے قریب آ چکی ہے۔ والسلام |

**تشریح:۔** یہاں یہ سمجھ لینا چاہئے کہ حضرت عمرو تنہا لیڈر تھا جو علی و محمد صلی اللہ علیہما وآلھم کی اس پالیسی کا زیادہ سے زیادہ راز دان تھا جو اسلام اور اسلامی تنفیذ کیلئے یہ دونوں حضراتؑ برسر کار لا سکتے تھے۔ حضرت عمر نے وہ تمام نکات نوٹ کر لئے تھے جن میں حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقدامات اور بیانات سے سیاسی فائدہ اُٹھایا جا سکتا تھا۔ اور جنہیں سیاسی غلطیاں قرار دیا جا سکتا تھا۔ اُن میں سب سے بڑی اور قریش کیلئے مفید ترین پوزیشن یہ تھی کہ یہ دونوں حضرات ھاشمی تھے۔ اور انکی تمام اصلاحی کوششوں اور قربانیوں کو یہ کہہ کر ملیا میٹ کیا جا سکتا تھا کہ جو کچھ کر رہے ہیں بنی ھاشمؑ کے اقتدار کیلئے کر رہے ہیں انہوں نے ساری نوع انسان کو محض ایک بہانہ بنایا ہے۔ یہ الزام لگاتے ہی باقی قبائل اور اُنکے لیڈر غور کرنے اور الزام کو سمجھنے اور تحقیق کرنے کیلئے اندھا دھند تعاون سے روکے جا سکتے تھے۔ اور تعاون کو روک دینا یا سست کر دینا قریش کیلئے مفید اور اللہ و محمد و علی علیہم السلام کیلئے یقیناً مضر تھا۔ چنانچہ یاد رکھیں کہ اِس پہلو سے قریشی لیڈروں نے برابر فائدہ اُٹھایا اور اسلام کو برابر نقصان پہنچایا۔ محمدؐ و علیؑ کے ھاشمیؑ ہونے سے حضرت عمر کی تیار کردہ قریشی پالیسی کو ہمہ گیری اور عالمی پوزیشن حاصل ہوگئی۔ یعنی عمر اور قریشی عمل درآمد کا مطلب یہ ہوگیا کہ وہ اسلام کو اور اسلامی فوائد کو ساری نوع انسان تک وسعت دینا چاہتے ہیں اور محمدؐ و علیؑ اسلام کو اور اسلامی فوائد کو اپنے قبیلے تک محدود کرنا اور محدود رکھنا چاہتے ہیں۔ مطلب یہ کہ اسلام پر ایمان تو دونوں فریق لائے مگر وسعتِ نظر حضرت عمر کے افکار و اعمال میں ہے۔ یہ وہ سیاسی پہلو تھا کہ حضرت عمر نے اس پہلو کو پوشیدہ نہیں رکھا بلکہ مشہور کر دیا اور جہاں جہاں مفید اور ضروری معلوم ہوا کھل کر رسول اللہ سے اختلاف کیا اور اختلاف کرنے کے مواقع پیدا کئے اور بعض مواقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لاجواب اور خاموش کر دیا۔

Presented by Ziaraat.Com

قارئین ہمارے الفاظ اور زبان پڑھتے ہوئے گھبرائیں نہیں۔ اسلئے کہ حق ہر حال میں حق اور باطل ہر حال میں باطل ہے۔ ہم حضرات عمر اور محمدؐ وعلیؑ پر سیاسی نظر ڈال رہے ہیں اور سیاسی نظر ڈالنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم خود کو مذہبی پابندی سے آزاد رکھ کر حالات کو دیکھیں اور خالص دنیاوی اغراض ومقاصد وافادیت پر بات کریں۔ لہٰذا اطمینان اور اپنے اپنے عقائد پر قائم رہتے ہوئے ہماری بات سُنیں تا کہ مخالف وموالف دونوں ایک صحیح اور آخری نتیجے پر پہنچیں۔ یہاں یہ بھی نوٹ کرانا ہے کہ ہم نے تشریحات کا یہ سیاسی انداز اس لئے اختیار کیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اپنے تمام خطوط میں عموماً اور اس خط میں خصوصاً معاویہ پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ معاویہ نے انسانوں کی کثرت کو دھوکے اور فریب وشبہات میں الجھا کر حضرت علیؑ کے خلاف مجتمع کیا ہے ورنہ حق صرف علیؑ کے ساتھ ہے۔ ہم پر لازم ہو گیا کہ اس سوال کا جواب سامنے لائیں جو علوی الزامات سے ہر شخص کے ذہن میں اُبھرتا ہے۔ یعنی ''یہ کیسے ممکن ہوا کہ معاویہ دانشوروں کی کثرت کو کھلے ہوئے حق کے مقابلے میں لا کر کھڑا کر دے؟ اور فوری جواب جو ذہن سے ملتا ہے وہ یہ ہے کہ:۔

۔''یا تو علیؑ حق پر نہیں ہیں یا پھر اُن کے ساتھ کُھلا کُھلا اور واضح حق ہے ہی نہیں۔ یقیناً اُس حق میں شبہات وشکوک کی گنجائش ہے جس سے معاویہ نے فائدہ اُٹھا کر کثرت کو حضرت علیؑ کے خلاف مجتمع کر لیا ہے۔''

یہ سوال اور یہ جواب ہم پر تقاضہ کرتا ہے کہ ہم صورتِ حال کو واضح کریں اور اسطرح واضح کریں کہ طرفداران معاویہ بھی اختلاف وانکار کی گنجائش نہ نکال سکیں۔ اور ہم پر یہ الزام قائم نہ ہو کہ ہم نے محمدؐ وعلیؑ کی طرفداری اور جانبداری کی ہے یا قریش وحضرت عمر ومعاویہ کی مخالفت کی ہے۔ لہٰذا قارئین ہمیں آزادی دیں اور خود بھی آزاد وغیر جانبدارہ کر صورتحال ومعاملات پر نظر ڈالیں۔ مذہبی عقائد وحقائق سے تنگ نظری پیدا ہوتی ہے اُس سے خود کو محفوظ رکھیں۔ یہ مذہبی تنگ نظری ہی ہے کہ یہ مانتے ہوئے کہ حضرات ابوبکر وعمر وعثمان اور معاویہ اینڈ کمپنی نہ معصوم تھی نہ انہوں نے عصمت کا دعویٰ کیا۔ پھر بھی قدم قدم پر یہ سوچتے ہوئے چلنا کہ اُن سے کسی غلطی کا صدور نہ ہو جائے یا کسی بات سے اُنکی کوئی غلطی نہ نکل آئے۔ بہت بڑی غلطی اور تنگ نظری و جانبداری ہے اور غلط جانبداری ہے جو مذہب نے پیدا کی ہے۔ اُدھر محمدؐ وعلیؑ اور دیگر آئمہ علیہم السلام معصوم بھی تھے اور عصمت کا دعویٰ بھی کرتے تھے۔ لہٰذا شیعہ یا طرفدارانِ محمدؐ وعلیؑ وہی کام کریں جو طرفدارانِ لیڈرانِ قریش کرتی ہے تو مذہبی تنگ نظری اور جانبداری تو اُسے بھی کہا جائے گا لیکن وہ عصمت اور معصوم ماننے کی وجہ سے حمایت باطل نہ کہلائے گی۔ محض اور خالص تنگ نظری اور جانبداری ہوگی۔ یعنی اوّل الذکر خطا کار کو معصوم بنا دینے کا کام کرتا ہے جو غلط ہے اور ثانی الذکر معصوم کو معصوم رکھنا چاہتا ہے جو صحیح ہے۔ مگر جانبداری اور تنگ دلی کے ملزم ومجرم دونوں ہیں۔ اسلئے کہ دونوں حقائق کو اپنے حق میں موڑتے ہیں۔ اور واقعات کو فطری صورت میں سامنے نہیں آنے دیتے۔ بہر حال جانبدار کی سب سے بڑی شناخت یہ ہے کہ وہ مسلمات کو اپنے عقائد کے خلاف دیکھ کر مسلمات کا انکار کر دیتا ہے اُس کو اپنے حق میں دیکھتا ہے تو مان لیتا ہے یعنی جانبدار مسلمات کا بھی منکر ہوتا ہے۔ اب میں پھر اپنے سلسلۂ بیان کی طرف پلٹتا ہوں اور یاد دلاتا ہوں کہ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جناب عمر نے رسولؐ اللہ سے کھل کر اختلاف کیا اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ رسولؐ کے خیالات وتصورات وبیانات واقدامات میں تنگی، تنگ دلی اور قبائلی اغراض ومقاصد ہوتے ہیں اور حضرت عمر وسعت خیال وہمہ گیری چاہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ حضرت عمر نے اس اختلاف کو پوشیدہ نہیں رکھا بلکہ اس کو اچھالتے رہے۔ یہی نہیں بلکہ حضرت عمر نے اُن آیات سے بھی کھل کر اختلاف کیا جن میں تنگی یا تنگ نظری پائی۔ یعنی وہ وسعت خیال کو ایک ایسی حقیقت مانتے تھے کہ اللہ ورسولؐ کے بالمقابل کھل کر اپنے موقف پر بات کرتے تھے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرتے تھے۔ یہ صورت حال مسلمات میں سے ہے اور تمام علما نے مانا ہے کہ اختلاف کرنے میں حضرت عمر تمام

Presented by Ziaraat.Com

صحابہ سے بڑھ کر تھے۔علامہ شبلی نے الفاروق میں نوٹ کرایا ہے کہ:۔

''حضرت عمر نے مسائل فقہ میں جس قدر فکر اور خوض کیا تھا صحابہ میں سے کسی نے نہیں کیا تھا۔انہوں نے آغاز اسلام ہی سے فقہ کو مطمع نظر بنالیا تھا۔قرآن مجید میں جو مسائل فقہ مذکور ہیں اُن میں جہاں ابہام ہوتا تھا (یعنی وہم کی گنجائش) وہ خود رسوؐل اللہ صلعم سے دریافت کر لیتے تھے۔اور جب تک پوری تسلی نہیں ہوتی تھی بس نہیں کرتے تھے۔یہ بات اور صحابہ کو حاصل نہ تھی کیونکہ اُنکے برابر کوئی شخص رسوؐل اللہ کی خدمت میں کہنے سننے کی جرات نہیں رکھتا تھا۔ کلالہ کے مسئلے کو جو ایک دقیق اور نہایت مختلف فیہ مسئلہ ہے انہوں نے آنحضرت سے اس قدر بار بار دریافت کیا کہ آپؐ دق آ گئے اور فرمایا کہ سورۂ نساء کی آخری آیت تیرے لئے کافی ہوسکتی ہے۔جو مسائل زیادہ مشکل ہوتے اُنکو یادداشت کے طور پر لکھ لیتے۔اور ہمیشہ اُن پر غور کیا کرتے وقتاً فوقتاً اُنکے متعلق جو رائے قائم ہوتی اُسکو قلم بند اور زیادہ غور و فکر سے اس میں محو و اثبات کیا کرتے۔'' (الفاروق حصہ دوم صفحہ 110)

اس بیان کے بعد یہ ماننے میں کوئی دقت نہیں ہونا چاہئے کہ عہد رسولؐ میں رسولؐ سے بحث و مباحثہ کرنے اور اختلاف نظر پیش کر کے وضاحت چاہنے میں حضرت عمر کا پہلا نمبر تھا۔

## 2۔اسلام کے مقاصد کی ہمہ گیری پر حضرت عمر کا حسین بیان اور رسوؐل اللہ کی پسندیدگی قرآن میں

لہٰذا یہ حقیقت ایسی نہ تھی کہ اس کو قرآن میں ریکارڈ نہ کیا جاتا چنانچہ قرآن میں اللہ نے اعلان کیا کہ:۔

**وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ**o (البقرۃ 2/204)

ہم اس آیت کا اور اس سے اگلی آیت کا ترجمہ اس طرح کرنا چاہتے ہیں کہ آیت سے مذہبی رنگ نکل جائے اور خالص دنیاوی اغراض و مقاصد اور افادیت سامنے آجائے سنئے فرمایا گیا ہے کہ:۔

**''لوگوں میں سے ایک شخص وہ بھی ہے جس کی دنیاوی پالیسی تجھے بہت پسند آتی ہے یا یہ کہ جس کی دنیاوی زندگی کی پالیسی تجھے حیرانی کی حد تک پسند آتی ہے اور وہ اپنی پالیسی کے بیان میں اپنے خلوص پر اللہ کو شاھد بیان کرتا ہے۔یعنی اللہ گواہ ہے کہ وہ اس پالیسی میں پُر خلوص نیک نیت اور اسلام کا ہمدرد و طرفدار ہے۔اور وہ شخص الدالخصام ہے۔''**

یہاں پہلی بات یہ نوٹ کریں کہ اللہ اس شخص کا نام و پتہ وغیرہ (where abouts) نہیں بتاتا۔دوسری بات یہ دیکھیں کہ یہاں اللہ خالص دنیاوی زندگی کی بات بتا رہا ہے یعنی وہ شخص خالص دنیاوی زندگی کو رسوؐل کے سامنے پسندیدہ صورت میں پیش کر رہا ہے یعنی وہ شخص خالص دنیادار اور سیاسی آدمی ہے۔اور اسی لئے اللہ نے بھی اُس شخص کو صیغہ راز میں رکھا ہے۔یہ بھی بتانا پسند نہیں کیا ہے کہ آیا وہ شخص مسلمان ہے؟ یا مسلمانوں اور اسلام کا طرفدار ہے یا غیر مسلم ہے۔صرف اتنا فرمایا کہ ''مِنَ النَّاسِ'' لوگوں میں سے ایک شخص ہے۔مگر آیت سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ وہ اللہ کو مانتا ہے۔ (يُشْهِدُ اللّٰهَ) یعنی مسلمانوں میں سے ایک مسلمان ہے۔اور چونکہ اُس کا بیان رسوؐل اللہ کو پسند آتا ہے لہٰذا بیان اسلام کے حق میں ہے۔ہمیں کہنے دیجئے کہ یہ آیت خود سیاسی الفاظ میں ہے پہلی دلیل یہ ہے کہ وہ شخص خود سیاسی آدمی ہے اُس کا ذکر بھی سیاسی زبان میں کرنا ضروری تھا۔اور دوسری دلیل یہ ہے کہ آخر میں اُسے **''اَلَدُّالْخِصَام''** فرمادیا ہے یعنی سارے موجودہ لوگوں سے سب سے بڑا اور تمہارا حریف اور مدمقابل شخص ہے۔اور اگلی آیت میں وہ پالیسی بیان فرمادی ہے جو دنیاوی زندگی میں وہ اختیار کرنا چاہتا ہے یعنی:۔

Presented by Ziaraat.Com

وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَیُهْلِکَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ۝(البقرۃ 2/205)

یہاں بھی ہم ترجمہ اُس شخص کی دنیاوی اغراض کے مطابق کرتے ہیں۔ سُنئے یعنی۔ ''اگر وہ تمہاری طرح خودمختار وصاحب اقتدار ہو جائے تو اسلامی مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے ہر اُس چیز کو فساد قرار دے گا جو رکاوٹ ڈالنے والی ہوگی خواہ وہ کھتیاں ہوں یا نسل انسانی ہو وہ سب پر غلبہ حاصل کرے گا اور ساری دنیا کو زیرنگین کر کے ایک ہمہ گیر حکومت واقتدار قائم کر کے چھوڑے گا اور فساد کا نام ونشان واسباب کو مٹا دے گا۔ اس لئے کہ اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا ہے۔'' یہ ہے اس شخص کا نقطہ نظر کہ اسلامی قوانین کو ہمہ گیر طور پر استعمال کرو۔ اور ہر مقابلہ پر آنے والی چیز کو فنا کر دو یا ماتحت کر لو۔ یہاں بہتر ہوگا کہ علامہ مودودی سے اِن دونوں آیات کا ترجمہ دکھایا جائے۔ وہ یوں ترجمہ کرتے ہیں کہ:۔

## 3۔اس نظریہ پر مودودی کا گھٹا ہوا اور مذہبی بیان

۔''انسانوں میں کوئی تو ایسا ہے جس کی باتیں دنیا کی زندگی میں تمہیں بہت بھلی معلوم ہوتی ہیں اور اپنی نیک نیتی پر وہ **بار بار خدا کو گواہ ٹھہراتا ہے۔** مگر حقیقت میں بدترین دشمن حق ہوتا ہے۔ جب اسے اقتدار حاصل ہو جاتا ہے تو زمین میں اس کی ساری دوڑ دھوپ اس لئے ہوتی ہے کہ فساد پھیلائے۔ کھیتوں کو غارت کرے اور نسل انسانی کو تباہ کرے۔ حالانکہ اللہ جسے وہ گواہ بنا رہا تھا فساد کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔'' (تفہیم جلد اوّل صفحہ 159۔158)

## 4۔مودودی کی تشریحات صورت حال کو اور بھی گندہ بنا دیتی ہیں:۔

مودودی کی تشریحات پہلے دیکھیں پھر اپنا سیاسی اور غیر جانبدارانہ بیان دیں گے وہ لکھتے ہیں کہ:۔

**پہلی تشریح۔** ''223 یعنی کہتا ہے کہ خدا شاہد ہے کہ میں محض طالب خیر ہوں، اپنی ذاتی غرض کے لئے نہیں، بلکہ صرف حق اور صداقت کے لئے یا لوگوں کی بھلائی کیلئے کام کر رہا ہوں۔'' (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 159)

**دوسری تشریح۔** ''224 ''اَلَدُّ الْخِصَام'' کے معنی ہیں ''وہ دشمن جو تمام دشمنوں سے زیادہ ٹیڑھا ہو'' یعنی جو حق کی مخالفت میں ہر ممکن حربے سے کام لے۔ کسی جُھوٹ، کسی بے ایمانی، کسی غدر وبدعہدی اور کسی ٹیڑھی سے ٹیڑھی چال کو بھی استعمال کرنے میں تامل نہ کرے۔'' (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 159)

**تیسری تشریح۔** ''225 **اِذَا تَوَلّٰی** کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک وہ جو ہم نے متن میں اختیار کیا ہے اور دوسرا مطلب یہ بھی نکلتا ہے کہ یہ مزے مزے کی دل لبھانے والی باتیں بنا کر ''جب وہ پلٹتا ہے'' تو عملاً یہ کرتوت دکھاتا ہے۔'' (تفہیم جلد اوّل صفحہ 160۔159)

اب ہمارا بیان یہ ہے کہ مودودی ہوں یا کوئی اور مترجم ہو وہ منشائے خالق اور منشائے مخلوق کو مدّنظر نہیں رکھتے وہ یا تو کھلا فریب دیں گے یا معنی کا اور مقصد کا ستیاناس کر کے رکھ دیں گے اور حقیقت سے بہرحال دُور دُور رہنے کی برابر کوشش کریں گے۔ یہ **مودودی خلفائے ثلاثہ کو برحق خلفاء مانتے** ہیں لہٰذا اُن کی تمام فوج کشیوں، لُوٹ مار وقتل وغارت اور غلام وکنیز سازی کو بھی برحق مانتے ہیں لیکن اگر اُن کو یہ کہا جائے کہ وہ اقتدار میں آنے والا اور ساری دنیا کو فساد سے بھر دینے والا اور فصلوں اور نسل انسانی کو تباہ کرنے والا شخص خلیفہ دوم تھا اور ان دونوں آیات (205۔2/204) میں انہی کا تذکرہ کیا گیا ہے تو مودودی صاحب ہی نہیں بلکہ کوئی ثلاثہ پرست عالم ماننے کو تیار نہ ہوگا۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ ان کی جگہ کوئی دوسرا شخص تجویز نہ کر سکیں۔ حالانکہ رسوؐل سے باتیں کرنے والا شخص ظاہر ہے کہ عہد رسوؐل ہی کا آدمی ہو سکتا ہے۔ اللہ کو گواہ کر کے بات کرنے والا مسلمان ہی ہو سکتا ہے۔ پھر عہد رسوؐل کے بعد اور کوئی شخص مسلمانوں میں ایسا نہیں ہو سکتا جسے اقتدار حکومت ملا ہو جو فوجوں سے دنیا کو میدان جنگ بنا کر رکھ دے۔ مگر وہ نہ مانیں

Presented by Ziaraat.Com

گے کہ یہاں حضرت عمر کا ذکر ہوا ہے۔انہوں نے اپنے ترجمہ اور تشریح سے اپنے لبوں پر مہر لگا دی ہے۔مگر جب خلافت اور فتوحات کی بات ہوگی تو وہ سینکڑوں تاویلیں کریں گے اور حضرت ابوبکر و عمر کو برسرِ حق ثابت کرنے کے لئے ہر فریب دیں گے۔اب حضرت عمر کی طرف سے بات کرتے ہیں مگر قرآن کی ایک اور آیت کو سامنے رکھ لیں تا کہ ہم قرآن کی مدد اور سہارے سے بات کر سکیں اللہ نے قرآن میں کہا ہے کہ:۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ o (البقرۃ 2/11)

۔''جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم دُنیا میں فساد نہ کرو تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اصلاح کے علاوہ اور کچھ کرتے ہی نہیں ہیں۔(البقرۃ 2/11)

یہاں یہ مخاطب فساد اور اصلاح کا فرق سمجھتے ہیں۔آیت میں اللہ جس چیز کو فساد فرماتا ہے وہ بھی اُسے فساد ہی سمجھتے ہیں اختلاف نظر یہ ہے کہ وہ جو کچھ کرتے ہیں اصلاح کی غرض سے کرتے ہیں۔اُن کی غرض فساد کرنے کی نہیں ہوتی یہ دوسری بات ہے کہ اللہ کے معیار پر وہ کام فساد کہلاتے ہیں۔ بالکل یہی صورت حال مندرجہ بالا آیات میں عمر کے سامنے ہے وہ فساد پھیلانے کی غرض سے فوج کشی اور جنگ نہیں کرتے اُن کی غرض دنیا میں اسلام پھیلانے اور اسلامی انصاف نافذ کرنے کی ہے۔لوگ اپنی حکومت و اقتدار برقرار رکھنے کے لئے اسلام کا انکار کرتے ہیں۔یوں مقاصد میں اختلاف کی بنا پر جنگ ہوتی ہے اور جنگ ہوتی ہے تو وہ سب کچھ ہوتا ہے جو جنگ میں ہوا کرتا ہے فصلیں تباہ ہو جاتی ہیں۔گھوڑوں کے چارہ کے لئے کھیت کاٹ لئے جاتے ہیں۔سواری کے لئے گھوڑے پکڑ لئے جاتے ہیں۔لوگ قتل ہوتے ہیں گرفتار ہوتے ہیں غلام و کنیز بنائے جاتے ہیں۔ مال غنیمت لوٹا جاتا ہے۔ یہ سب کچھ اللہ کے یہاں فساد کہلاتا ہے لیکن حضرت عمر کے یہاں یہ سب کچھ اسلام کی ترقی ہے۔چار ہزار مساجد مفتوحہ علاقے میں بنتی ہیں زکوٰۃ و عشر اور جزیہ جاری ہوتا ہے قرآن پڑھانے کے ادارے قائم ہوتے ہیں لاکھوں لوگ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوتے ہیں ساری دنیا میں اسلام اور اسلامی نظام پھیلتے ہیں۔بتوں اور بت پرستوں کا اقتدار و حکمرانی مٹتی ہے یہ سب کچھ حضرت عمر کے نزدیک فساد نہیں کہلا سکتا۔عمر یہ نہیں مانتا کہ وہی کام رسولؐ کرے تو اصلاح ہے اور کوئی کرلے تو فساد ہے۔حضرت عمر کی وسعت نظر ہر شخص کو وہی پوزیشن دیتی ہے جو محمد علیؐ کو دیتے ہیں۔وہ یہ نہیں مانتے کہ مُلّا مارے تو حلال ہے کوئی اور مارلے تو حرام ہے۔بہر حال حضرت عمر نے اپنی وسعت نظر کو خوب پھیلایا۔اپنی قوم قریش میں بھی پھیلایا اور دوسری اقوام میں بھی پروپیگنڈا کیا۔ہوا یہ کہ رسولؐ، علیؑ اور چند لوگ ایک طرف کھڑے اور مُنہ دیکھتے رہ گئے اور باقی سارے قریش اور تمام قبائل حضرت عمر کے ساتھ ہو گئے۔اور رسولؐ کے بعد اُنہوں نے انصار کو بھی متفق ہونے پر مجبور کر دیا۔قومی حکومت بن گئی۔جہاں قریش کی وسعت نظر اور کشادہ دلی کا پروپیگنڈا ہوا وہیں بنی ھاشم کو تنگ نظر اور رجعت پسند ثابت کرنے کی مہمات چل پڑیں۔اور وہ پالیسی بالکل پٹ کر رہ گئی جس کی نمائندگی علیؑ کرتے تھے۔وسعت قلب و نظر کے نام پر علیؑ کو تعاون پر راضی ہونا پڑا۔حضرت عمر نے قریش اور عرب کو چار چاند لگا دئے دولت کی ریل پیل کر دی ہر طرف عمر ہی عمر زبانوں پر تھا۔نبوت و خلافت اور علیؑ خواب و خیال اور ماضی کی کہانی بن کر رہ گئے۔تمام قریش اور سارا عرب اُس راہ پر نہایت تیزی سے بڑھتا چلا گیا۔جس پر حضرت عمر نے اُن کو چلایا تھا۔عمر نے تمام قریش اور عرب کے تمام قبائل کے دل کی گہرائیوں میں قومی حکومت اور مشاورت کی افادیت کو اتار دیا اور شخصی حکومت اور محدودیت سے سب کو متنفر کر دیا۔دوسرے الفاظ میں جمہوریت قومی حکومت اور وسعت نظر نام تھا عمر بن الخطاب کا اور شخصی حکومت و تنگ نظری و رجعت پسندی نام تھا علیؑ ابن ابیطالبؑ کا۔اُن کو دیکھ کر چہروں پر بشاشت پھیل جاتی تھی اور اِنہیں دیکھ کر چہرے مرجھا جاتے تھے۔ایک نفرت تھی جو خاموشی سے ہر دل میں اُترتی جا رہی تھی۔عمر بڑی بے فکری اور دھڑلے سے کہا کرتے تھے کہ اگر تم نے علیؑ کو راہنما بنا لیا تو وہ تمہیں حق پر چلائے گا۔اور ہرگز اُدھر اِدھر نہ ھٹنے دے گا۔ مگر لوگ اس کا مطلب یہ سمجھتے تھے کہ تمہارے فطری اختیارات چھین لے گا تمہیں غلام بنا کر بے دست و پا کر دیگا ہرگز ایسے حق کی پرواہ نہ کرنا جس میں تم

Presented by Ziaraat.Com

سب کے حقوق مرکر رہ جائیں۔حضرت عمر کے عمل درآمد اور پالیسی نے ہر حق کو ہر صحیح بات کو الٹ کر رکھ دیا تھا۔حضرت عمر نے ہمیشہ حضرت علیؑ کو خلافت کا حریص کہا۔علیؑ نے ہمیشہ ثابت کیا کہ خلافت کے حریص تو حضرت عمر اور دیگر لیڈران قریش ہیں۔حضرت عمر نے اپنے خاص آدمیوں کو یقین دلا دیا تھا کہ اگر کبھی حکومت اور قریش کو کوئی خطرہ پیش آیا تو علیؑ کی طرف سے ہوگا علیؑ کے طرفداروں کی طرف سے ہوگا۔لہٰذا سارے قریش کو قریشی دانشوروں کو علیؑ پر گہری نظر رکھنا چاہئے۔صرف علیؑ سے ہوشیار رہنا چاہئے۔اور اُن کے خلوص اور غیر جانبداری پر کبھی بھروسہ نہ کرنا چاہئے۔اُن کے بیانات اور دلائل کی طرف کبھی توجہ نہ دینا۔وہ ایک جادو بیان شخص ہے۔اُس کی باتوں کی مار سے اور تلوار کی دھار سے بچ نکلنا ناممکن ہے۔چنانچہ اس معاملے میں حضرت عمر اگر کسی پر اعتماد و اعتبار کرتا تھا تو وہ صرف معاویہ کو ایسا شخص سمجھتا تھا جو حضرت علیؑ کی طرف سے یا حضرت علیؑ کی وجہ سے آنے والے خطرات کا مقابلہ کر سکتا تھا وہ عثمان کو بھی علیؑ کا جوڑ نہ سمجھتا تھا۔بہرحال معاویہ تنہا وہ شخص تھا جس کو حضرت عمر نے اپنا راز دار بنا رکھا تھا۔اور معاویہ کو ہر وہ بات بلا تکلف بتا دیتا تھا جو کبھی علیؑ کے خلاف معاویہ کے کام آئے۔حضرت عمر نے معاویہ کو وہ مخصوص خط بھی لکھا تھا جسے ہم نے واقعاتِ کربلا میں نقل کیا ہے اور جس میں حضرت عمر نے اپنا صحیح مذہب و عقیدہ بیان کیا ہے اور جسے یزید بن معاویہ نے عبداللہ بن عمر بن خطاب کو دکھایا تھا۔مطلب یہ ہے کہ اگر علیؑ کے مقابلے میں حضرت عمر معاویہ کو خلیفہ بنا سکتا تو پھر شوریٰ کی اسکیم پیش نہ کرتا بلکہ براہِ راست معاویہ کو اسی طرح خلیفہ بنا دیتا جس طرح حضرت ابوبکر نے خود اسے بنایا تھا۔مگر وہ برابر دیکھ رہا تھا کہ مرتضوی کردار اور پالیسی برابر اُس کے آڑے آ رہی تھیں۔اس کا راستہ روکتی جا رہی تھیں۔بہرحال حضرت ابوبکر و عمر نے جو کچھ بھی کیا ہو یہ کبھی نہیں کیا کہ معاویہ کو نظر انداز کر دیں۔انہوں نے ہر وہ کام کیا جس سے معاویہ کا مستقبل روشن تر اور قوی تر و کامیاب تر ہوتا چلا جائے۔اُنہوں نے بہت سے غلط کام کئے مگر یہ غلطی کبھی نہیں کی کہ مستقبل میں معاویہ کمزور و مغلوب ہو جائے۔حضرت عثمان نے بھی اس پہلو پر کافی توجہ اور مدد دی اور کوششیں کی کہ معاویہ کا تمام گورنروں میں پلّہ بھاری رہے اور تمام حکام کی نظر میں معاویہ زیادہ معزز و صاحبِ اعتماد رہے۔اِس کا کوئی تحریری ثبوت تو نہیں ملتا مگر حالات بتاتے ہیں کہ معاویہ اور خلفائے ثلاثہ میں یہ ایک طے شدہ امر تھا کہ معاویہ حضرت علی علیہ السلام پر خاص طور سے نگرانی رکھے اور علیؑ کے دوستوں، پیروؤں اور فداکاروں کو قریشی حکومتوں اور حکمرانوں کا دشمن سمجھے اور یقین رکھے کہ جب بھی قریشی حکومت کو کسی خطرے کا سامنا ہوگا تو وہ خطرہ علیؑ کے دائرے سے نکلے گا۔گو حضرت علی علیہ السلام کا عمل اور اُن کے حالات و بیانات اور تمام علما کا اتفاق ثابت کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے نہ کوئی سیاسی پارٹی بنائی نہ ہمدردوں کی جماعت کو پشت پر رکھا۔اور تمام خلفا کے ساتھ ایسا اور اتنا تعاون جاری رکھا کہ اُنہیں یارانِ ثلاثہ میں آج تک شمار کیا جاتا ہے۔اس سلسلے میں ہم نے علماء کے بیانات عموماً اور مودودی کی تحریریں خصوصاً پیش کی ہیں۔اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ تمام علماء کا اتفاق ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے خلافت حاصل کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی۔نہ ہی ایسے مواقع پیدا کرنے کی فکر میں رہے کہ جن سے خلافت ملنے کا امکان پیدا ہو جاتا۔بلکہ اس کے برعکس وہ ایسے مواقع کو ٹالتے اور ضائع کرتے رہے جن سے خلافت ملنے کا یقین تھا۔اُنہوں نے حضرت ابوبکر و عمر کی سیرت پر عمل کرنے سے انکار کر کے آتی ہوئی خلافت کو واپس کر دیا۔یہ سب کچھ تھا اور صحیح تھا مگر معاویہ کو ہمیشہ اِن حقائق کے خلاف غیر متزلزل یقین تھا کہ علیؑ دن رات خلافت حاصل کرنے کی فکر و کوشش میں لگے رہتے ہیں۔اور اب جبکہ خلافت سچ مچ مل گئی تو معاویہ نے یہی سمجھا بھی اور اپنے حلقہ فکر میں سب کو بتایا بھی کہ خلافت حاصل کرنے کیلئے علیؑ نے قتل عثمان کی سازش کی تھی۔ معاویہ کو یہی یقین رہا کہ حضرت علی علیہ السلام نے کوئی گہری چال چل کر عثمان کو قتل کرایا ہے اور اُس سے بھی گہری اور عجیب چال چل کر خلافت اس شان سے حاصل کی ہے کہ تمام صحابہ دن رات منت و سماجت کر رہے ہیں وہؑ انکار پر انکار کر رہے ہیں اور آخر بطور احسان خلافت قبول کر لی۔بہرحال خلافت قریش کے قبضے سے نکل گئی اور وہاں پہنچ گئی جہاں حضرت ابوبکر و عمر و قریشی لیڈر کسی قیمت پر جانے نہ دینا

Presented by Ziaraat.Com

چاہتے تھے۔ چنانچہ وہی کچھ سامنے آیا جو حضرت ابوبکر و عمر کے خیال میں تھا۔ یعنی سارے لیڈروں نے مل کر خلافت علیؑ کے حوالے کر دی صرف تنہا معاویہ رہ گیا جو قریش کے عظیم ترین مقصد کے حصول کیلئے کھڑا رہ گیا ہے۔ یہاں عملی میدان میں بھی معاویہ تنہا ہے۔ اور علیؑ کو دشمن سمجھتا ہے اور قریش ساز تواریخ و احادیث میں بھی تنہا معاویہ ہے ورنہ سب حضرت علی علیہ السلام کے طرفدار اور معاویہ کے مخالف ہیں۔ معاویہ اکیلا ہے جو قریش کی حکومت کو علیؑ سے واپس لینے میں کوشاں ہے۔ اس معاملے میں تمام علماء اور دانشوروں نے معاویہ کی مذمت کی ہے۔ طرح طرح معاویہ کی بے دینی پر توجہ دلائی ہے۔ اُسے اسلام میں ملوکیت اور بادشاہت قائم کرنے کا مجرم قرار دیا ہے۔ مگر یہ یاد رکھیں اور کبھی نہ بھولیں کہ اُس نے وہ کام کیا جو سارے قریش کی تمنا تھی۔ جس کے لئے لیڈرانِ قریش اور ان کے پیروؤں نے اپنی عاقبت بھینٹ چڑھا دی تھی۔ جہنم واجب کر لیا تھا۔ اور کسی قیمت پر یہ نہ چاہتے تھے کہ خلاف خاندان رسولؐ میں علیؑ کو مل جائے۔ یہ یاد رکھیں کہ اگر معاویہ نے قریشی حکومت کو علیؑ سے واپس لینے کا یہ مستحکم انتظام نہ کیا ہوتا اور لوگوں کو اسطرح مجتمع نہ کیا ہوتا تو یہ خلافت و حکومت خاندان مرتضویؑ سے ہرگز باہر نہ نکل سکتی تھی۔ یہ صرف معاویہ کا کارنامہ یا شاہکار تھا کہ اُس نے حضرت عمر کی قائم کردہ حکومت واپس لی اور ایسا انتظام کیا کہ دوبارہ اس خاندان کی طرف رخ ہی نہ کرنے پائے۔ رہ گیا اسلام، قرآن، اللہ، رسولؐ اور جنت و جہنم یہ تو قریش کے نزدیک محض الفاظ تھے۔ جن کو استعمال کر کے ہر غلط تصور کو حق بجانب ثابت کیا جاتا ہے۔ اور یہی جواب ہے معاویہ کی فریب سازی اور دھوکہ دہی کا۔ علیؑ کو مجرم ثابت کرنے کے لئے ثبوت نہ ملے تو معاویہ اور کیا کرے؟ اُسے علیؑ کے خلاف محاذ جاری رکھنا تھا۔ اُسے وہ حکومت حضرت علیؑ سے واپس لینا تھی جو قریش نے اپنا دین و ایمان اور عاقبت تباہ کر کے حاصل کی تھی۔ اُس کو حاصل کرنے کے لئے ہر جھوٹ ہر فریب اور ہر غدّاری جائز تھی۔ یہاں ایک جملہ ڈاکٹر طٰہٰ حسین سے سن لیں وہ **فتنۃ الکبریٰ** میں لکھتے ہیں کہ:۔

''اسلام لانے والوں نے دین اسلام کو اس نقطہ نظر سے نہیں دیکھا کہ وہ ایک ایسا دین ہے جس کا تعلق قلوب و ضمائر سے ہے اور جس میں اللہ کے حقوق و فرائض کی پابندی لازم ہوتی ہے۔ بلکہ اُنہوں نے اسلام کو ایک بڑے سودے کی حیثیت سے دیکھا جیسے سودے وہ کرتے رہتے تھے۔ اُنہوں نے اُسے بھی ایک خطرناک اور جرأت مندانہ اقدام خیال کیا جیسے اقدامات وہ عموماً اندروں اور بیرون عرب میں کرتے رہتے تھے۔ (صفحہ 178-177) اور

''خلافت اسلامیہ کا جو مفہوم حضرات ابوبکر و عمر کے یہاں تھا وہ ایک بہت بڑا جرأت مندانہ تجربہ تھا جو تقریباً جان کی بازی لگانے کے مترادف تھا۔ لیکن یہ جان آزما مہم اپنے انجام تک نہ پہنچی (صفحہ 5) نہ ہی اُس کا انجام تک پہنچنا ممکن تھا (صفحہ 5)۔

یہ تھی عرب کی تاجر قوم قریش جس نے اسلام کو تجارت کے مال کی طرح سودے کے طور پر حاصل کیا اور اُس سے دنیاوی زندگی کے فوائد حاصل کرتے رہے۔ اِن تاجروں سے سابقہ پڑا تھا محمد و علی علیہم السلام کو۔ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ تو رخصت ہو گئے مگر اسلام کی ذمہ داری قیامت تک حضرت علی علیہ السلام اور اُن کی اولاد کے گلے میں ڈال گئے۔ جنہوں نے اسلام کو اُن تاجروں سے محفوظ کرنے کے لئے خود اپنی، اپنے بچوں کی، اور اپنے چاہنے والے دوستداروں اور فداکاروں کی جانیں قربان کر دیں۔ اور اسلام سے تاجرانہ سلوک روا نہ رکھا۔ کبھی ایک لفظ یا ایک قدم منشاءِ خداوندی کے خلاف نہ اُٹھایا۔ بدمعاشوں، غدّاروں، فریب کاروں کے ساتھ نیکیاں، وفاداریاں اور حسنِ سلوک کرتے رہے۔ خود بھوکے رہتے رہے اپنے بچوں کو بھوکا رکھتے رہے۔ اور عرب کے اُن تاجروں کا پیٹ بھرتے رہے۔ بہرحال جب بھی ہمارے ہاتھ میں اُس ناہنجار قوم سے انتقام لینا آئے گا۔ ہم اُن کو ایسی ایسی سزائیں دیں گے جن کا اُنہوں نے وہم تک نہ کیا ہوگا۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر33) خط

## اِلٰی قُثَمِ ابْنِ الْعَبَّاسِ وَھُوَعَامِلُہٗ عَلٰی مَکَّۃَ : قثم بن عباس کے نام جو مکہ میں علیؑ کا گورنر تھا

1۔معاویہ نے کچھ سیاسی اور صاحبان اثر ورسوخ ماہرین کو حاجیوں کے لباس میں بھیجا تھا کہ مسلمانوں کو یہ باور کرائے کہ عثمان کو حضرت علیؑ نے قتل کرا کے حکومت حاصل کی ہے۔2۔قثم کو اپنی اطاعت کو حوالہ دیکر تخریب کاروں کے متعلق ایسی تنبیہ کی ہے جس سے اولادِ عباس کی نافرمانی و بے وفائی ثابت ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ عَیْنِیْ بِالْمَغْرِبِ کَتَبَ اِلَیَّ یُعْلِمُنِیْ اَنَّہٗ | 1 | بعدازحمد ودرود واضح ہو کہ مجھے میرے مغربی نگران نے یہ بتاتے ہوئے لکھا ہے |
| وُجِّہَ اِلَی الْمَوْسِمِ اُنَاسٌ مِنْ | | کہ اہل شام کے کچھ لوگ حج کے لئے بھیجے گئے ہیں، |
| اَھْلِ الشَّامِ الْعُمْیِ | ب | جو حقیقت کی طرف سے دلوں کے اندھے ہیں؛اور |
| الْقُلُوْبِ الصُّمِّ | ج | کانوں سے بہرے ہیں؛اور |
| الْاَسْمَاعِ الْکُمْہِ | د | آنکھوں کی روشنی سے محروم ہیں؛اور یہ |
| الْاَبْصَارِ الَّذِیْنَ یَلْتَبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ ؛ | ہ | وہ لوگ ہیں جو حق کو باطل کا لباس پہنا کر پیش کرنے میں ماہر ہیں؛ |
| وَیُطِیْعُوْنَ الْمَخْلُوْقَ فِیْ مَعْصِیَۃِ الْخَالِقِ ؛ | 2 | اور مخلوق کی اطاعت میں خالق کی نافرمانی کرتے اور کراتے ہیں؛ |
| وَیَحْتَلِبُوْنَ الدُّنْیَا رَدَّھَا بِالدِّیْنِ ؛ | 3 | اور دین کی آڑ لے کر دنیا کا دودھ دوہتے ہیں؛ |
| وَیَشْتَرُوْنَ عَاجِلَھَا بِآجِلِ الْاَبْرَارِ الْمُتَّقِیْنَ ؛ | 4 | اور دنیاوی سامان کی خرید وفروخت اس انداز سے کرتے ہیں کہ متقی اور نیک لوگوں کی عاقبت بدلے میں چلی جاتی ہے اور دنیا مل جاتی ہے؛ |
| وَلَنْ یَفُوْزَ بِالْخَیْرِ اِلَّا عَامِلُہٗ ؛ | 5 | اور سنو کہ بھلائی پر وہی فائز ہوتا ہے جو اس پر عمل کرتا ہے؛ |
| وَلَا یُجْزٰی جَزَاءَ الشَّرِّ اِلَّا فَاعِلُہٗ ؛ | 6 | اور شر اور برائی کی جزا بھی برائی کرنے والے کے سوا کسی اور کو نہیں ملتی ہے؛ |
| فَاَقِمْ عَلٰی مَافِیْ یَدَیْکَ قِیَامَ الْحَازِمِ الصَّلِیْبِ ؛ | 7 | چنانچہ یہ باتیں سمجھنے کے بعد تم بھی اپنے اختیارات کو اسی طرح استعمال کرو جس طرح ایک کوشش کرنے والا محتاط شخص کرتا ہے؛ |
| وَالنَّاصِحِ اللَّبِیْبِ ؛ | 8 | جس طرح ایک دانشمند اور نصیحت کرنے والا ذمہ دار آدمی کرتا ہے؛ |
| التَّابِعِ لِسُلْطَانِہٖ ؛ | 9 | اور جس طرح اپنے حکمران کا مطیع شخص کرتا ہے؛اور |
| اَلْمُطِیْعِ لِاِمَامِہٖ ؛ | 10 | جس طرح اپنے امامؑ کا مطیع کرتا ہے؛ |
| وَاِیَّاکَ وَمَا یُعْتَذَرُ مِنْہُ ؛ | 11 | خبردار ایسے کام نہ کرنا کہ عذر اور بہانے چھانٹنا پڑیں؛ |
| وَلَاتَکُنْ عِنْدَ النَّعْمَآءِ بَطِرًا ؛ | 12 | نعمتوں کی بہتات پر اتراؤ نہیں؛ |
| وَلَاعِنْدَ الْبَاسَآءِ فَشِلاً ؛ وَالسَّلَامُ . | 13 | اور نہ سختی کے زمانہ میں بودا پن دکھانا۔والسلام۔ |

**تشریح:۔** یہ قُثم بن عباس، عبداللہ بن عباس کے حقیقی بھائی ہیں چونکہ حضرات ابوبکر وعمر نے عباس کے بیٹوں کو قومی حکومت میں کوئی ذمہ داری اور عہدہ نہ

Presented by Ziaraat.Com

دیا تھا اسلئے حضرت علی علیہ السلام نے یہ دکھانے کیلئے کہ وہ حضرت ابوبکر وعمر کی پیروی میں اُن کو محروم نہیں کر رہے ہیں۔ اسلئے آپؑ نے ان دونوں بھائیوں کو گورنری عطا کر دی تھی۔ قثم بہرحال اپنے بھائی سے بہتر نکلے تھے۔ اُسکا حال ہم نے ڈاکٹر طٰہٰ حسین کے قلم سے دکھا دیا ہے۔ وہ انتہا درجے کا خوشامدی، موقع شناس، مُحسن کُش اور غدّار ثابت ہوا تھا۔ مگر قثم کی کوئی بری حرکت قریش ساز تاریخ میں نہیں ملتی۔ مگر حضور علیہ السلام کا یہ خط بتاتا ہے کہ قثم پر سخت نگرانی ضروری تھی۔ یہ اطلاع جو حضرت علی علیہ السلام نے اسے دی ہے خود قثم کو چاہئے تھا کہ وہ آنیوالے ہر حاجی کا جائزہ لیتا اور معاویہ کی سازش کا حال خود حضورؑ کو لکھتا۔ لیکن اسکا معاویہ کی طرف سے غافل رہنا بتاتا ہے کہ وہ ایک غیر ذمہ دار گورنر تھا یا یہ کہئے کہ اُن سازشوں سے قطعاً ناواقف تھا جو دن رات معاویہ کی طرف سے کی جاتی تھیں۔ وہ خود اپنے بھائی عبداللہ ابن عباس کے مکہ میں فرار کر کے آنے اور رہنے سے بھی غافل رہا۔ اُسے چاہئے تھا کہ وہ عبداللہ کو ایک مجرم کی حیثیت میں گرفتار کرتا۔ اسکا تمام وہ مال واسباب ضبط کرتا جو وہ بصرہ سے لیکر فرار ہوا تھا۔ مگر اُس نے نہ اُس حادثے کی حضرت علیؑ کو اطلاع دی نہ عبداللہ کے خلاف کوئی جائز و ناجائز قدم اُٹھایا۔ اور اس خط میں بھی اُسکی فرماں برداری، اطاعت اور ذمہ داری پر شریفانہ زبان میں اعتراضات موجود ہیں۔ اُس پر ایسے کام کر گزرنے کا احتمال ہے جن کیلئے بعد میں عذرات اور بہانے کرنے کی ضرورت ہو۔ اُسکے متعلق یہ یقین نہیں ہے کہ سختیوں کے زمانے میں تحمل و وقار اختیار کر لیگا۔ اُسے برائی سے باز رہنے کی خط میں تاکید کی گئی ہے۔ بلکہ اسکے عقائد بھی مشکوک نظر آتے ہیں۔ اُسے یقین نہیں ہے برائی و گناہ کی سزا صرف برے اور گناہ گار کو ملتی ہے۔ بہرحال قثم ویسا ہی اچھا گورنر تھا جیسا نمونیہ کے مقابلے میں نزلہ اچھا مرض ہے۔ ہمیں عباس کی اولاد میں نہ علم ملتا ہے، نہ شجاعت کا کہیں پتا لگتا ہے، نہ غیرت وحمیت اُن میں پائی جاتی ہے۔

## ( نمبر 34) خط

**اِلٰی مُحَمَّدِ ابْنِ اَبِی بَکْرٍ لَمَّا بَلَغَهٗ تُوَجُّدُهٗ مِنْ عَزْلِهٖ بِالْاَشْتَرِ عَنْ مِّصْرَ ثُمَّ تُوُفِّیَ الْاَشْتَرُ فِیْ تُوَجُّهِهٖ اِلٰی مِصْرَ قَبْلَ وُصُوْلِهٖ اِلَیْهَا**

**محمد بن ابی بکر کے نام اس موقع پر جب علیؑ کو یہ معلوم ہوا کہ محمد مصر کی حکومت سے معزولی اور مالک اشتر کی تعیناتی سے رنجیدہ ہے اور مالک اشتر مصر پہنچنے سے پہلے ہی معاویہ کے زہر دلوانے سے شہید ہو گئے تھے**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | |
|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ بَلَغَنِیْ مَوْجِدَتُکَ مِنْ تَسْرِیْحِ الْاَشْتَرِ اِلٰی عَمَلِکَ ؛ | 1 بعد از حمد وصلوٰۃ واضح ہو کہ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ تمہاری جگہ مالک اشتر کو بھیجنے سے تمہیں دکھ ہوا ہے؛ |
| وَاِنِّیْ لَمْ اَفْعَلْ ذٰلِکَ اسْتِبْطَآءً لَّکَ فِی الْجُهْدِ ؛ | 2 میں نے یہ اسلئے نہیں کیا تھا کہ تمہیں تمہاری کوشش میں ڈھیلا یا نالائق سمجھا تھا؛ |
| وَلَا ازْدِیَادًا فِی الْجِدِّ ؛ | 3 اور نہ ہی تمہاری تحقیق وتدبیر کو تیز تر کرنے کے لئے یہ تبدیلی چاہی تھی؛ |
| وَلَوْ نَزَعْتُ مَا تَحْتَ یَدِکَ مِنْ سُلْطَانِکَ لَوَلَّیْتُکَ مَاهُوَ اَیْسَرُ عَلَیْکَ مَؤُنَةً ؛ وَاَعْجَبُ اِلَیْکَ وِلَایَةً ؛ | 4 تمہیں تمہارے عہدے سے اگر میں نے ہٹانا پسند کیا تھا تو میرا مقصد یہ تھا کہ تمہیں کسی ایسی جگہ کی حکومت دے دوں جہاں تمہیں نسبتاً زیادہ سہولت ہو اور امداد ملے۔ اور تمہیں حکومت کے لئے زیادہ پسند بھی آئے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الرَّجُلَ الَّذِیْ کُنْتُ وَلَّیْتُهُ اَمْرَ مِصْرَ کَانَ رَجُلًا لَّنَا نَاصِحًا ؛ | 5 | یقیناً جس شخص کو مصر کا گورنر بنایا جا رہا تھا وہ ہمارے لئے نصیحت کرنے والے کی پوزیشن رکھتا تھا؛ |
| وَعَلٰی عَدُوِّنَا شَدِیْدًا نَاقِمًا ؛ | 6 | اور وہ ہمارے دشمنوں پر نہایت ہی سخت اور فوراً انتقام لینے والا تھا؛ |
| فَرَحِمَهُ اللّٰهُ فَلَقَدِ اسْتَکْمَلَ اَیَّامَهُ ؛ | 7 | بہر حال اللہ اس پر رحم و کرم کرے اُس نے اپنے دن مکمل کر لئے ؛ |
| وَلَا قٰی حِمَامَهُ وَنَحْنُ عَنْهُ رَاضُوْنَ ؛ | 8 | اور موت سے ہم کنار ہو گیا اور ہم اس سے خوش ہیں؛ |
| اَوْلَاهُ اللّٰهُ رِضْوَانَهُ وَضَاعَفَ الثَّوَابَ لَهُ ؛ | 9 | اللہ کی رضامندیاں بھی اُسے نصیب ہوں اور اللہ اُسے بڑھتا چڑھتا ثواب عطا کرے؛ |
| فَاَصْحِرْ لِعَدُوِّکَ ؛ | 10 | اب تم دشمن سے مقابلے کے لئے اُٹھ کھڑے ہو؛ |
| وَامْضِ عَلٰی بَصِیْرَتِکَ ؛ | 11 | اور اپنی سوجھ بوجھ و بصیرت کے ساتھ روانہ ہو جاؤ؛ |
| وَشَمِّرْ لِحَرْبِ مَنْ حَارَبَکَ ؛ | 12 | اور جو تم سے جنگ کرے صرف اُس سے جنگ کے لئے تیار رہو؛ |
| وَادْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ ؛ | 13 | اور اللہ کے راستے کی دعوت بھی جاری رکھو؛ |
| وَاَکْثِرِ الْاِسْتِعَانَةَ بِاللّٰهِ یَکْفِکَ مَا اَهَمَّکَ ؛ | 14 | اور اللہ سے مدد مانگنے میں زیادتی کرو تا کہ وہ تمہاری مہمات میں کافی ہوتا جائے؛ |
| وَیُعِنْکَ عَلٰی مَانَزَلَ بِکَ ؛ اِنْشَاءَ اللّٰهُ ۔ | 15 | اور نازل ہونے والی آفات میں تمہاری مدد کرتا رہے؛ انشاء اللہ تعالیٰ۔ |

**تشریح:۔** محمدؒ بن ابی بکر کا اس بات پر رنجیدہ ہونا کہ حضرت علی علیہ السلام نے مالک اشتر کو اُن کی جگہ گورنر بنا کر بھیجا تھا۔ بتایا ہے کہ محمد بن ابی بکرؓ حضرت علی علیہ السلام پر ایسا ایمان نہ رکھتے تھے کہ امامؑ جو کچھ کرتا ہے وہی صحیح ہوتا ہے اور امامؑ کا فیصلہ اللہ کا فیصلہ ہوتا ہے جو ہر حال میں مفید ہوتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں اُنہوں نے اپنا سب کچھ امامؑ کو نہ سونپا تھا۔ اُن کا غم اور خوشی امامؑ سے جداگانہ چیز تھی۔ یعنی وہ ایک گھٹیا درجہ کا ایمان رکھتے تھے۔ رہ گیا امام علیہ السلام کا اُن کو تسلی دینا اِس سے بھی اُن کا درجہ بہت گھٹیا ثابت ہوتا ہے یہ صحیح ہے کہ محمد بن ابی بکر نہ ڈھیلا تھا نہ اپنی کوشش میں کمی کرتا تھا۔ مگر اُن کی کوششیں اُن کی بضاعت اور استطاعت بھر تھیں۔ نہ وہ اُس سے زیادہ بضاعت و استطاعت رکھتے تھے نہ اُس سے زیادہ کوششیں اور جدوجہد کر سکتے تھے۔ حضرت علی علیہ السلام نے اُس کی زود رنجی کی بنا پر یہ نہیں لکھا کہ تمہارا حدود اربعہ مصر کی حکومت کیلئے کم ہے اور تم اس حد سے آگے بڑھنے کی استعداد بھی نہیں رکھتے اور جس قدرت و بصیرت اور سوجھ بوجھ کی مصر کی حکومت کے لئے ضرورت ہے وہ تم میں نہ موجود ہے نہ پیدا ہو سکتی ہے وہ سب کچھ مالک اشتر میں موجود تھا اس لئے تمہاری جگہ اسے تعینات کیا تھا۔ یعنی محمد بن ابی بکر میں یہ ہمت اور حق پرستی بھی نہ تھی کہ وہ صاف صاف بیان کو برداشت کر سکتا۔ اس لئے اُسے طفلانہ تسلی دی ہے۔ یہ کہنا کہ میں تمہیں آسان حکومت دینا چاہتا تھا۔ یہی کہنا ہے کہ مصر کی حکومت تمہارے لئے مشکل ہے۔

قارئین یاد کریں کہ محمد بن ابی بکر کو حضرت عثمان نے مصر کا گورنر بنا کر بھیجا تھا۔ مگر بعد میں حضرت عثمان نے یا مروان نے رائے بدل دی اور اُن کے قتل کا خط مصر کے گورنر کو روانہ کر دیا جو راہ میں پکڑا گیا اور محمد بن ابی بکر اور اُن کی پارٹی واپس آ گئی اور حضرت عثمان کے خلاف محاذ میں شامل ہو گئی۔ ہمیں

Presented by Ziaraat.Com

یہ معلوم نہیں کہ محمد نے مصر کی حکومت مانگی تھی یا نہیں۔ مگر بہر حال عثمان والے حادثے کی خانہ پُری کے لئے محمد کو مصر کا گورنر بنایا گیا تھا۔ مگر معاویہ کے داؤ پیچ ایسے تھے کہ محمد بن ابی بکر اُن کے سامنے طفل مکتب تھا۔ اس لئے جناب مالک اشتر کو تعینات فرمایا تھا تا کہ وہ معاویہ سے ٹکر لے سکیں۔ لیکن مالک اشتر مصر تک نہ پہنچ سکے اور آخر کار محمد بن ابی بکر کو بڑی ذلت و رسوائی کے ساتھ شہید کر دیا گیا۔

## مالک اشتر کی ساری قابلیت قتل سے ظاہر ہے

اسی خط میں مالک اشترؓ کی چند صِفات اور ثنا لکھی گئی ہے۔ یہ سو فیصد صحیح ہے کہ مالک اشتر خیر خواہ تھا۔ دشمنانِ مرتضویؑ کے لئے ایک مصیبت اور سرتا پا انتقام تھا۔ عظیم الشان بہادر وفا پرست اور فدا کار تھا۔ لیکن حضرت علیؑ کے ساتھ جو لوگ تھے اُن میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جس میں سیاسی بصیرت ہوتی۔ تمام صفات رکھتے ہوئے یہ سب سیاسی بصیرت سے نابلد تھے۔ چنانچہ جناب مالک اشترؓ بھی سیاسی بلکہ معمولی بصیرت سے بھی پاک اور منزہ تھے۔ ذرہ سوچئے کہ حضرت علی علیہ السلام دن رات اپنے ہر خطبے میں ہر خط میں ہر لیکچر میں اور ہر بات میں حضرات ابوبکر و عمر عمرو بن عاص اور معاویہ اور اُن کی پارٹی کی چالاکیاں، فریب کاریاں واضح کرتے رہتے ہیں خود کو **اَمکَرُ النَّاس** تمام انسانوں سے زیادہ مکار فرماتے ہیں۔ اللہ قریش کے مقابلے میں خود کو **خیر الماکرین** سب مکاروں سے بڑھ کر یا اچھا مکار کہتا ہے۔ مگر فدا کاران علیؑ پر ذرہ برابر اثر نہیں ہوتا۔ وہ دن رات چالاکیاں، فریب کاریاں دیکھتے ہیں مگر مجال ہے جو عاقبت اندیشی اور احتیاط کے قریب پھٹک جائیں۔ یہی مالک اشتر مصر کی گورنری کے لئے جا رہے ہیں۔ معلوم ہے کہ معاویہ اور عمرو عاص مصر پر دانت لگائے اور اُدھار کھائے بیٹھے ہیں۔ وہ ہر ممکن کوشش کریں گے کہ علیؑ کا مالک اشتر ایسا طرفدار مصر نہ پہنچ جائے۔ مگر مالک اشتر ایک دیہاتی کے مہمان ہو جاتے ہیں وہاں دیگر جائز لذات کے ساتھ شربت سے بھی لطف اندوز ہوتے ہیں اور دو منٹ میں موت کے مُنہ میں چلے جاتے ہیں اور اپنے امامؑ کو بھی موت کی طرف دھکا مار جاتے ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام کے چاروں طرف بے بصیرت اور نا عاقبت اندیش لوگوں کا مجمع تھا۔ اور حضرت عمرو معاویہ کے گرد ایک سے ایک بڑھا ہوا با بصیرت آدمی تھا۔ یہی وجہ ہے کہ میدان جنگ میں حضرت علی علیہ السلام ہمیشہ کامیاب رہے لیکن میدان سیاست میں اُنہیں اُن کے اصحاب اور فدا کاروں نے پٹوا دیا۔ ادھر جان قربان کرنا آسان تھا عقل و بصیرت کا فقدان تھا۔ اور یہی وجہ ہے کہ خلافت ملنے سے پہلے حلقہ مرتضوی میں کوئی جاہل نہیں ملتا۔ مگر خلافت ملنے کے بعد مجبوری تھی۔ اب فدا کاروں، جانثاروں، وفاداروں، بہادروں، تیغ آزماؤں اور قربان ہو جانے والوں کے انبوہ ساتھ ہو گئے مگر یہ سب لوگ بے بصیرت و کوتاہ آستین تھے۔ بلکہ ہم نے مذہب شیعہ میں لکھا ہے کہ ہر امام علیہ السلام کے ساتھ ساتھ رہنے والے لوگ سب ایسے ہی تھے۔ اُن میں ڈھونڈنے سے بھی سیاسی بصیرت نہیں ملتی۔ جی حضور میرے ماں باپ آپ پر فدا کہنے والے لوگوں میں بڑی مشکل سے کوئی دیدہ ور ملے گا۔ مخالف محاذ میں سیاسی بصیرت کے انبار لگے ہوئے تھے ایک سے ایک بڑھ کر تھا۔ وہ فدا کاری میں بھی کم نہ تھے جو لوگ اپنے امام اور راہنما پر اپنا دین و ایمان و جنت نثار کر دیں وہ زیادہ فدا کار ہوتے ہیں یا وہ جو صرف اچھائیوں، بھلائیوں اور آسائشوں کو حاصل کرنے کیلئے دنیاوی فانی چیزوں کو قربان کریں۔ ایک کے بدلے میں دس مانگنے کا مطلب سمجھنے کی کوشش کریں۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر35) خط

## اِلٰی عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ الْعَبَّاسِ بَعْدَمَقْتَلِ مُحَمَّدُابْنِ اَبِیْ بَکْرٍ بِمِصْرَ

## عبداللہ ابن عباس کے نام محمد بن ابی بکر کے قتل کے بعد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ ؛ فَاِنَّ مِصْرَ قَدِ افْتُتِحَتْ ؛ وَمُحَمَّدُ ابْنُ | 1 | بعداز حمدِ خداوندی اور درود محمدؐی واضح ہو کہ بلاشبہ مصر دشمن نے فتح کرلیا اور محمد بن ابی |
| اَبِیْ بَکْرٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ قَدِ اسْتُشْھِدَ ؛ | | بکر، اللہ اس پر رحم کرے شہید کر دیا گیا ہے۔ |
| فَعِنْدَ اللّٰہِ نَحْتَسِبُہُ ؛ وَلَدًا نَاصِحًا ؛ | 2 | چنانچہ ہم اللہ ہی سے اجر و بدلہ چاہتے ہیں اُس بیٹے کی شہادت پر جو ہمارا خیر خواہ تھا؛ |
| وَعَامِلاً کَادِحًا ؛ وَسَیْفًا قَاطِعًا ؛ | | اور ایک محنتی اور سرگرم کارکن تھا؛ اور ہمیشہ ایک کاٹنے والی تلوار تھا؛ |
| وَرُکْنًا دَافِعًا ؛ | | اور دشمن سے دفاعی ستون تھا۔ |
| وَقَدْ کُنْتُ حَثَثْتُ النَّاسَ عَلٰی لِحَاقِہٖ؛ | 3 | اور یقیناً میں نے لوگوں کو برابر اُن کی مدد کے لئے پہنچنے کی دعوت جاری رکھی؛ |
| اَمَرْتُھُمْ بِغِیَاثِہٖ قَبْلَ الْوَقْعَۃِ ؛ | 4 | اور شہادت کے واقعہ سے پہلے ہی میں نے اُس کی مدد کے لئے پہنچنے کے احکام |
| | | جاری کئے تھے؛ |
| وَدَعَوْتُھُمْ سِرًّا وَجَھْرًا ؛ وَعَوْدًا وَّبَدْئًا ؛ | 5 | اور میں نے لوگوں کو اُن کی مدد کے لئے خفیہ بھی دعوت دی اور اعلانیہ بھی بار بار کہا۔ |
| فَمِنْھُمُ الْاٰتِیْ کَارِھًا ؛ | 6 | چنانچہ اُن میں سے کچھ بصد ناگواری مدد کو پہنچے؛ |
| وَمِنْھُمُ الْمُعْتَلُّ کَاذِبًا ؛ | 7 | اور کچھ نے نہ جانے کے لئے جھوٹے بہانے کئے؛ |
| وَمِنْھُمُ الْقَاعِدُ خَاذِلًا ؛ | 8 | اور کچھ نے جان بوجھ کر مدد نہ کی اور گھروں میں بیٹھے رہے؛ |
| اَسْاَلُ اللّٰہَ اَنْ یَجْعَلَ لِیْ مِنْھُمْ فَرَجًا عَاجِلاً ؛ | 9 | میں اللہ سے دعا کر رہا ہوں کہ وہ مجھے جلد اُن لوگوں سے چھٹکارا عطا کرے؛ |
| فَوَاللّٰہِ لَوْلَا طَمَعِیْ عِنْدَ لِقَائِیْ عَدُوِّیْ فِی الشَّھَادَۃِ | 10 | بہرحال بخدا اگر مجھے دشمن سے جنگ کرنے میں شہادت پانے کی طمع نہ ہوتی، |
| وَتَوْطِیْنِیْ نَفْسِیْ عَلَی الْمَنِیَّۃِ ؛ | 11 | اور ساتھ ہی میں خود کو موت پر آمادہ نہ کر چکا ہوتا تو، |
| لَاَحْبَبْتُ اَنْ لَا اَبْقٰی مَعَ ھٰؤُلَاءِ یَوْمًا وَّاحِدًا ؛ | 12 | مجھے یہ زیادہ محبوب ہوتا کہ میں ایسے لوگوں کے ساتھ ایک دن بھی مل کر نہ رہا ہوتا؛ |
| وَلَا الْتَقٰی بِھِمْ اَبَدًا ۔ | 13 | اور اُن کو ساتھ لے کر جنگ کے لئے کبھی بھی نہ نکلتا۔ |

**تشریح:۔** حضرت علی علیہ السلام نے یہ خط صرف عبداللہ بن عباس کو نہیں لکھا ہے بلکہ یہ خط تمام گورنروں کو حالات کی اطلاع دینے کے لئے لکھا گیا تھا۔ معمول (Routine) کے مطابق ضروری تھا کہ عبداللہ ابن عباس کو بھی لکھا جائے۔ تحریر بتا رہی ہے کہ اب وہ وقت آ گیا ہے کہ حضور علیہ السلام اپنے گرد و پیش کے لوگوں سے تنگ آ چکے ہیں۔ اور اب مرنے اور شہید ہونے کا بڑی بے چینی سے انتظار فرما رہے ہیں۔ معاویہ کی سوجھ بوجھ اور سیاسی داؤ پیچ اور

Presented by Ziaraat.Com

مسلسل سازشوں نے آپؑ کو اپنے ساتھیوں سے دل تنگ و مایوس کر دیا ہے۔ ساتھیوں میں جذبہ قربانی و شجاعت بھی ختم ہوتا جا رہا ہے۔ آپؑ اب خود کو بالکل تنہا پا رہے ہیں۔ مالک اشتر رضی اللہ عنہ دنیا سے اُٹھ چکے محمد بن ابی بکر آخر اپنے ساتھ مصر کو بھی لے گئے۔ اب چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔ آپؑ اپنی ذاتی ہمت و شجاعت اور ذمہ داری سے تنہا نبرد آزما ہیں۔ اور شہادت کی آس لگائے ہوئے حکمران کی زندگی گزار رہے ہیں۔

## عبداللہ بن عباس نے خط کا جواب بھی لکھا اور تعزیت کو بھی آیا

ہم نے کبھی اور کسی حالت میں نہ عبداللہ بن عباس کو حضرت علی علیہ السلام کا ہمدرد و طرفدار سمجھا نہ شریف و پرخلوص ساتھی یقین کیا۔ بہرحال اُس نے اِس خط کے جواب میں یہ بھی لکھا کہ: ''میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کی بات کو اونچا رکھے اور اپنے ملائکہ سے آپ کی نصرت کرے۔ خدا ضرور آپ کے ساتھ احسان کرے گا۔ آپؑ کی تبلیغ کو عزت دے گا۔ آپؑ کے دشمن کو ذلیل کرے گا۔ امیر المومنین میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ لوگ سُستی کرتے ہیں مگر پھر اُن میں ولولہ پیدا ہو جاتا ہے۔ امیر المومنین آپؑ اُن سے نرمی کریں اور اُن کے بارے میں خدا سے نصرت طلب کریں خداوند عالم آپ کے غم میں کافی ہوگا۔ **والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**۔'' ابن ابی الحدید نے لکھا ہے کہ اس کے بعد عبداللہ بن عباس نے آ کر حضرت علی علیہ السلام کو محمد بن ابی بکر کی تعزیت ادا کی اور حضورؑ نے محمد بن ابی بکر کے لئے حسب ذیل کلمات فرمائے:۔

''خداوند عالم محمد پر رحم کرے وہ کم سن نوجوان تھا۔ میں نے چاہا تھا ہاشم بن عتبہ کو مصر کا گورنر بناؤں۔ خدا کی قسم اگر وہ مصر کا حاکم ہوتا تو عمرو ابن عاص اور اس کے ساتھیوں کے لئے میدان نہ چھوڑتا۔ مقتول نہ ہوتا۔ مگر یوں کہ اُس کی تلوار اُس کے ہاتھ میں ہوتی۔ اس سے میرا مقصود محمد بن ابی بکر کی مذمت کرنا نہیں ہے۔ اُس نے خود کو مشقت میں ڈالا اور جو حق اس پر تھا اس نے بقدر استطاعت ادا کیا۔''

قارئین دیکھیں کہ حضرت علی علیہ السلام مذمت کریں یا نہ کریں مذمت تو ہوگئی۔ محمدؑ نے میدان چھوڑ دیا تھا اور قتل ہونے یا گرفتار ہونے کے وقت اُس کی تلوار اُس کے ہاتھ میں نہ تھی اور یہ کہ اُس نے اپنی استطاعت اور سائز سے بڑی ذمہ داری اختیار کر لی تھی اور اُس ذمہ داری کو چھوڑنے اور دوسرا گورنر طلب کرنے سے آخر تک گریز کیا۔ اُسے چاہئے تھا کہ خود حضرت علی علیہ السلام کو لکھتا کہ مجھ سے مصر کو سنبھالنا مشکل ہے۔ کوئی دوسرا قابل گورنر بھیجئے۔ اس کے برخلاف وہ مالک اشتر رضی اللہ عنہ کی تعیناتی پر ناخوش اور رنجیدہ ہوا۔ اور درباریوں میں اپنی ناگواری کا اظہار بھی کیا جس پر حضورؑ نے معذرت نامہ لکھا۔ یہ تمام قابل مدح باتیں نہیں تھیں۔

## محمد بن ابی بکر کا مصر کی گورنری تک پہنچنا اور متعلقہ حالات و واقعات پر تفصیلی نظر

بہرحال معاویہ و عمرو بن العاص کی طرح محمد بن ابی بکر بھی تینوں خلفاء کے زمانہ ہی سے مصر کی حکومت پر فریفتہ تھے۔ ہم ذرا پیچھے سے حالات ناظرین کے سامنے لاتے ہیں۔ کتاب روضۃ الصفا میں ہے کہ محمدؑ بن ابی حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ بڑا عابد و زاہد شخص تھا جب اس کا باپ جنگ یمامہ میں مارا گیا تو وہ عثمان کے پاس مدینہ میں چلا آیا اور رفتہ رفتہ عثمان کے دل میں قرب حاصل کر لیا۔ بعد ازاں باشارہ خلیفۃ اللہ مصر کو گیا اتفاقاً محمد بن ابی بکر بھی اُن دنوں مصر ہی میں تھا۔ دونوں ظاہری طور پر عثمان کے گورنر عبداللہ بن ابی سرح کے دوست بنے ہوئے تھے مگر در پردہ دونوں دوستداران و شیعان علیؑ میں سے تھے۔ اہل مصر نے محمد بن ابی حذیفہ کے اوصاف حمیدہ دیکھے تو وہ دل و جان سے اُس کے گرویدہ ہو گئے اور اُس کی نہایت تعظیم و تکریم کرنے لگے۔ وہ عثمان کے گورنر عبداللہ بن ابی سرح کی مذمت مصریوں کے سامنے کیا کرتا تھا اور کہتا تھا کہ نہ معلوم عثمان نے کیوں ایسے بدکاروں اور ظالموں کو مسلمانوں پر

Presented by Ziaraat.Com

حاکم بنا رکھا ہے۔ گورنر نے عثمان کو یہ معاملہ بطور شکایت لکھا تو حضرت عثمان نے عبداللہ کا مُنہ بند کرنے کے لئے احسان وسلوک کی راہ اختیار کی یعنی ایک شاہی خلعت جو ایک ہزار درہم قیمت کا تھا محمد بن ابی حذیفہ کیلئے روانہ کیا اور حکم بھیجا کہ مبلغ تین ہزار درہم خزانہ مصر سے اس کو اور دئے جائیں۔ محمد وہ خلعت اور روپیہ لے کر جامع مسجد میں آیا اور مجمع عام میں کہا کہ دشمنوں نے میری شکایت عثمان کو لکھی تھی انہوں نے یہ خلعت اور روپیہ بطور رشوت میرے پاس بھیجا ہے۔ مصریوں کو یہ حالات معلوم ہوئے تو بہت برہم ہوئے اور برملا عثمان کی مخالفت کرنے اور اُسے بُرا کہنے لگے اور عثمان کی اطاعت سے نکل کر محمد بن ابی حذیفہ کو اپنا حاکم بنا لیا عثمان نے محمد بن ابی حذیفہ کو خطوط لکھے اور اپنے سابقہ حقوق یاد دلائے مگر محمد بن ابی حذیفہ نے کوئی اثر قبول نہ کیا۔ چنانچہ ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغہ میں لکھا ہے کہ اہل مصر کو محمد بن ابی حذیفہ نے قتل عثمان پر برانگیختہ کیا اور اُن کو مدینہ بھیجا کہ اُسے قتل کر ڈالیں۔ چنانچہ جب اہل مصر نے مدینہ میں عثمان کے گھر کا محاصرہ کیا تو اُس وقت محمد بن ابی حذیفہ مصر میں تھا۔ اُس نے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو جو عثمان کا گورنر تھا مصر سے نکال دیا اور خود لوگوں کو نماز پڑھانے لگا۔ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح مصر سے نکل کر فلسطین کے نزدیک سرحد پر کسی مقام میں ٹھہر گیا اور عثمان کے انجام کا انتظار کرنے لگا۔ قتل کی خبر سُن کر معاویہ کے پاس دمشق چلا گیا۔ حضرت علی علیہ السلام نے خلافت سنبھالی تو جناب قیس بن سعد بن عبادہ انصاری کو مصر کا گورنر بنایا اور حکم دیا کہ اپنے مددگاروں اور دوستوں کا ایک لشکر ترتیب دو اور اُسے لے کر مصر روانہ ہو جاؤ۔ قیس نے عہدہ گورنری قبول کیا مگر یہ عرض کیا کہ مجھے لشکر لے جانے کی ضرورت نہیں ہے میرے ساتھ صرف پانچ سات آدمی کافی ہوں گے۔ لشکر کو آپ اپنے لئے رکھیں۔ القصہ قیسؓ مصر پہنچے اور منبر پر جا کر پہلے وہ خط سُنایا جو امیر المومنینؑ نے اہل مصر کے نام لکھا تھا اور جس میں اتفاق واطاعت ونصیحت تھی۔ پھر ایک نہایت دل نشین خطبہ دیا اور امیر المؤمنین کی اطاعت کی بیعت لی۔ سب نے بیعت کی اور سارا مصر اور اس کے متعلقہ شہر و بستیاں قیس کے تصرف میں آ گئیں اور انہوں نے اپنی طرف سے تمام علاقوں پر عامل وحاکم مقرر کر دئے۔ رہ گیا ایک گاؤں کہ وہاں کے لوگوں پر عثمان کا قتل نہایت گراں گذرا تھا اور اُن کا راہنما ایک شخص یزید بن حارث تھا۔ اُس نے قیس کو کہلا بھیجا کہ ملک تمہارا ہے جہاں چاہو عمال اور حاکم مقرر کرو اور خراج وغیرہ وصول کرو مگر بیعت سے ہمیں فی الحال معاف رکھو۔ تا کہ ہم موجودہ حالات کے انجام کو دیکھ لیں اور اُدھر مسلمہ بن مخلد انصاری طلب خون عثمان پر لوگوں کو دعوت دینے لگا۔ قیس نے اُس کو لکھا کہ ''وائے ہو تجھ پر تُو مجھ سے بغاوت کرتا ہے۔ حالانکہ قسم بخدا کہ میں تیرا قتل نہیں چاہتا۔ گو اس میں مجھ کو مُلک مصر و شام ہاتھ آ جائیں۔ پس ناحق اپنے خون کے درپے نہ ہو مسلمہ نے قیس کو جواب میں لکھا کہ ''جب تک تو والی مصر ہے کوئی مخالف حرکت مجھ سے سرزد نہ ہوگی۔''

## حضرت قیسؓ نہ صرف فدا کار و جان نثار تھے مطیع وفرمانبردار تھے وہ معاویہ اینڈ کمپنی کے توڑ کی سیاسی بصیرت بھی رکھتے تھے؟

راوی نے کہا ہے کہ قیس بڑے دانش مند اور محتاط شخص تھے۔ اُنہوں نے اس گاؤں والوں کو کہلا بھیجا کہ میں بیعت پر تمہیں مجبور نہیں کرتا۔ لہٰذا اُن سے اور مسلمہ بن مخلد انصاری سے اُنہوں نے صلح کر لی اور بلا کسی رکاوٹ کے مصر کے خراج کی وصولی میں مصروف ہو گئے۔ یہ بھی نوٹ کریں کہ قیس کے مصر آنے سے پہلے معاویہ نے عمرو بن العاص کو چند دیگر دانشوروں کے ساتھ مصر روانہ کیا تھا۔ کہ جس طرح ہو سکے محمد بن ابی حذیفہ کو شام لے کر آ جائے۔ عمرو عاص نے مصر کے پاس پہنچ کر محمد بن ابی حذیفہ کو پیغام بھیجا کہ میں معاویہ کی بیعت پر پشیمان ہوں۔ علیؑ ہر حیثیت سے اُس سے افضل واعلیٰ ہیں۔ لہٰذا میں معاویہ کی صحبت سے روگردان ہو کر ادھر آیا ہوں کہ تیرے ساتھ مل کر حضرت علیؑ کی امداد واعانت کریں پس بہتر ہے کہ تُو علیحدہ کسی جگہ مجھ سے خفیہ ملاقات کرے تا کہ ہر بات بالمشافہ طے ہو جائے۔ محمد بن ابی حذیفہ آخر ایک مومن تھا اس لئے عمرو بن العاص کے پھندے میں پھنس گیا۔ اور

Presented by Ziaraat.Com

آتے ہی قید کرلیا گیا۔شام پہنچا تو معاویہ نے طوق و زنجیر پہنا کر جیل میں ڈال دیا۔چند روز بعد معاویہ کی بیوی نے جو محمد بن ابی حذیفہ کی رشتہ دار تھی کھانے میں سوُھن (آری یاHacksaw) چھپا کر بھیج دیا محمد بیڑیاں وغیرہ کاٹ کر فرار ہوگیا مگر کسی محفوظ جگہ پہنچنے سے پہلے ہی مومن ہونے کی وجہ سے گرفتار ہوگیا۔اور شہادت حضرت علی علیہ السلام تک قید میں تھا۔جنگ جمل کے دوران قیس بدستور گورنر تھے۔جنگ جمل کی فتح کے بعد بھی وہ مصر کے گورنر تھے۔جنگ صفین سے پہلے معاویہ نے قیس پر جال ڈالنے کی کوشش کی۔دھمکیوں اور نصیحت سے لبریز خط لکھا اور وعدہ کیا کہ اگر قیس بیعت کرلے تو اُسے عراق عرب اور عراق عجم کی حکومت تا زیست دے دی جائیگی وغیرہ وغیرہ۔قیس نے اس خط کا جواب گول دیا تا کہ اُلٹا معاویہ پر اپنا جال ڈال دے۔مگر معاویہ بھی بڑے حضرت تھے اور جواب میں لکھا کہ:۔''اَے قیس میں ایسی باتوں سے فریب میں آنے والا نہیں ہوں جو کچھ میں نے تجھ کو لکھا ہے اگر قبول و منظور ہے تو بہتر ہے میں نے بھی جو وعدے لکھے ہیں اُن کی ایفا کے لئے آمادہ ہوں ورنہ آگاہ رہ کہ میں ملک مصر کو سواروں اور پیادوں سے تجھ پر تنگ کردوں گا۔'' جب قیس یہ سمجھ گئے کہ معاویہ کو دھوکا نہیں دیا جاسکتا تو کُھل کر اپنا اعتقاد وارادہ لکھا کہ:۔

''تعجب ہے کہ تو مجھ کو ایسے شخص کی اطاعت سے نکلنے کو کہتا ہے کہ جو امر خلافت وامامت کے لئے تمام جہان سے افضل واعلیٰ ہے اور سب سے زیادہ کلمہ حق کے قائل اور راہ راست کے ھادی اور سب کی نسبت حضرت رسوُل خدا سے قرابتِ قریبہ رکھتے ہیں۔اور تُو اپنی اطاعت کی طرف بلاتا ہے۔حالانکہ اطاعت کے معاملہ میں تُو سب سے زیادہ دُور اور محض گمراہی وضلالت میں مبتلا ہے۔جو لوگ تیرے ساتھ ہیں وہ سب گمراہ ہیں اور خلقت کو گمراہ کرنے والے طاغوت وابلیس ہیں۔اور سواروں اور پیادوں سے مصر کو بھر دوں گا۔لہٰذا اس میں شک نہیں کہ اگر میں رکاوٹ ثابت نہ ہوں تو سب کچھ کرنے والا ہے۔بہرحال اس خط سے معاویہ مایوس ہوگیا۔مگر چونکہ وہ قیس سے خوف زدہ تھا۔اس لئے اُس نے مصنوعی خطوط تیار کر کے اھل شام میں مشہور کردیا کہ قیس نے میرے ساتھ صلح کرلی ہے اور اب وہ ہمارا آدمی ہے۔یہی شہرت کوفہ تک پہنچی اور وہی بے بصیرت صحابی قیس کے خلاف حضرت علی علیہ السلام کے کان بھرنے لگے۔

## قیس کی تحریر سے فدا کاران مرتضویؑ کو سازش کرنے کا موقع مل ہی گیا

''اتفاق سے اُن ہی ایام میں قیس رضی اللہ عنہ کا ایک خط پہنچا اُس میں اُنہوں نے مذکورہ بالا گاؤں کا یعنی عثمان کے طرفداروں کا ذکر کردیا اور اُن کو ہموار کرنے کے لئے جو صلح کر رکھی تھی اُسے بھی بیان کردیا۔قیس کو معلوم تھا کہ حضرت علیؑ بیعت نہ کرنے والوں پر جبر کے قائل نہیں ہیں اور مدینہ میں بڑے بڑے کئی صحابی ایسے تھے جنہوں نے بیعت نہیں کی تھی اور پُر امن زندگی گذار رہے تھے۔مگر یہاں یارانِ مرتضویؑ نے اس خط کو فتنہ پردازی کا ذریعہ بنالیا اور حضرت علی علیہ السلام سے کہا کہ آپؑ قیس کو لکھیں کہ وہ اُن گاؤں والوں سے بیعت لے۔بیعت کا انکار کریں تو اُن سے جنگ کرے۔اِس کے بعد معلوم ہوجائے گا کہ قیس پُر خلوص ہے یا معاویہ سے ساز باز رکھتا ہے۔اگر اُس نے آپؑ کے حکم کی تعمیل نہ کی تو معاویہ سے سازش ثابت ہوجائے گی۔چنانچہ حضرت قیسؓ کو اپنی پسند کا خط لکھوادیا گیا۔قیس اپنی دانشوری اور بصیرت کو ترک کرنے والے نہ تھے انہوں نے جواب میں لکھا کہ:۔''یا امیرؑ المومنین تعجب ہے کہ آپ مجھے اُن لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیتے ہیں جو خاموشی سے ایک طرف بیٹھے ہوئے ہیں اور فتنہ وفساد سے کچھ سروکار نہیں رکھتے۔مصلحت یہ ہے کہ حضورؑ اس معاملے میں میری (یعنی اپنی) رائے پر عمل کریں اور اُن کے حال سے تعرض نہ فرمائیں۔''

جب قیس کا یہ جواب کوفہ میں پہنچا تو عبداللہ بن جعفر نے کہا کہ یا امیر المومنینؑ ''آپ قیس کو معزول کر کے محمد بن ابی بکر کو اُس کی جگہ مقرر فرمادیں۔قسم بخدا

Presented by Ziaraat.Com

میں نے سُنا ہے کہ قیس کہتا ہے (اور ہم لکھ چکے ہیں۔احسن) کہ اگر محمد بن مسلمہ کے قتل میں مجھکو ملک مصر وشام بھی ہاتھ آئے تو مجھ کو منظور نہیں ہے۔''

یہ عبداللہ بن جعفر اور محمد بن ابی بکر برادرانِ اخیافی تھے یعنی دونوں کی ماں یعنی اسما بنت عمیس ایک ہی تھی۔اس لئے عبداللہ بن جعفر کی دلی آرزو تھی کہ اس کا بھائی محمد بن ابی بکر مصر کی سلطنت پر فائز ہو۔چنانچہ حضرت علی علیہ السلام نے قیس کی جگہ محمد بن ابی بکر کو مصر کا گورنر بنا کر بھیج دیا۔

## یاران بے بصیرت کی سازش پوشیدہ نہ رہ سکی، محمد باقر مجلسی

یہ ہو گیا۔ہونا تھا۔مگر علامہ محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار میں یہ سب کچھ لکھنے کے بعد لکھا ہے کہ میں نے بعض کتب میں دیکھا ہے کہ قیس کی معزولی حضرت امیر المومنین کے ارادے اور اختیار سے عمل میں نہیں آئی تھی بلکہ اس امر میں بھی اصحاب نے غلبہ کیا اور مثلِ قضیہ تحکیم حضرت کو مجبور و مضطر کیا اور یہی اقرب بصواب معلوم ہوتا ہے۔ بہر حال ہم فداکاران مرتضویؑ کی بے بصیرتی پر پختہ یقین رکھتے ہیں۔یہی لوگ تھے جنہوں نے سیاسی میدان میں حضور علیہ السلام کو ناکام کیا تھا۔

## قیسؓ معزول ہونے کے بعد بھی فداکار و جانثار و صاحب بصیرت رہتے رہے

حضرت قیس معزول ہو کر پہلے مدینہ گئے تا کہ وہاں کے لوگوں کو اپنی وفا پرستی کا یقین دلائیں۔چنانچہ وہاں حسان بن ثابت طعنہ زنی کے لئے آئے اور کہا کہ تُو نے عثمان کو قتل کیا اور علیؑ نے تجھ سے حکومت چھین لی۔وہ گناہ تیری گردن پر رہا اور فائدہ کچھ نہ ہوا۔قیس نے اُسے جھڑک دیا اور کہا کہ اَئے آنکھوں اور دل کے اندھے میرے سامنے سے دور ہو جا قسم بخدا اگر مجھ کو اپنے اور تیرے قبیلے کے اندر جنگ ہو جانے کا خوف نہ ہوتا تو میں اسی وقت تیری گردن مار دیتا۔مروان بن حکم نے بھی اسی قسم کی باتیں کیں مگر قیس نے سب کو ڈانٹ دیا اور سہل بن حنیف انصاری کو ساتھ لے کر کوفہ میں حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضری دی اور مصر کے تمام حالات بیان کئے۔حضرت نے تصدیق کی اور قیس اور سہل دونوں جنگ صفین میں حضورؑ کی رکاب کے تھامنے والے۔قیس ایک قد آور اور شجاع اور آزمودہ کار سردار تھے۔اور زندگی بھر حضرت علی اور اولاد علی علیہم السلام کے وفادار و جان نثار رہے۔

## محمد بن ابی بکر اور مصر میں اُن کی کارگردگی

محمد نے مصر میں ایک مہینہ بھی نہ گذارا تھا کہ عثمان کے خیر خواہوں کو بیعت کا نوٹس دے دیا کہ یا تو بیعت اختیار کرو ورنہ اس ملک سے نکل جاؤ۔اُنہوں نے وہی پہلا جواب دیا کہ ہمیں کچھ دن اسی طرح رہنے دو ہم دیکھتے ہیں انجام کار کیا ہوتا ہے۔محمد بن ابی بکر کی طرف سے اصرار تھا۔اور اُدھر سے انکار ہو رہا تھا۔کہ اسی دوران جنگ صفین پیش آ گئی۔جنگ کے بعد گاؤں والوں نے محمد بن ابی بکر سے ڈرنا چھوڑ دیا اور جنگ کے لئے باہر نکل آئے اور محمد بن ابی بکر کی طرف سے جنگ کے لئے بھیجے ہوئے تین اشخاص کو مار ڈالا اور معاویہ بن خدیج نے کھل کر خون عثمان کے انتقام کی دعوت شروع کر دی۔اب کوفہ کے ہمدردان مرتضوی کو یقین ہوا کہ مصر میں کوئی پختہ کار و تجربہ کار گورنر جانا چاہئے۔دو اشخاص پر نظریں ٹھہرتی تھیں مالک اشتر اور قیس۔حضرت قیس کو حضرت علی علیہ السلام تا اختتام مسئلہ تحکیم فوجوں پر متعین رکھنا چاہتے تھے۔اور بعد ازاں انہیں حکومت آذربائجان کے لئے متعین کر رکھا تھا۔لہٰذا حضورؑ نے مالکِ اشتر کو روانہ کیا تھا اور اس روانگی کی اطلاع معاویہ کو مل گئی تھی چنانچہ ہم نے مہمانی اور زہر خورانی کا حال لکھ دیا ہے۔مالک اشتر کے شہید ہو جانے کے بعد معاویہ نے عمرو بن العاص کو مصر پر حملے کے لئے روانہ کیا اور وہاں جنگ شروع ہوتی ہے۔اور مصر کے فتح ہونے اور محمد بن ابی بکر کے شہید ہونے کا بیان

Presented by Ziaraat.Com

ہے،ہم حضرت علی علیہ السلام کی سوانح عمری سے چند جملے لکھ کر اس تشریح کو ختم کرتے ہیں لکھا گیا ہے کہ:۔

''یہاں مصر کا یہ حال ہے کہ عمرو بن العاص نے کنانہ کے قتل ہونے کے بعد محمد بن ابی بکر سے مقابلہ شروع کر دیا۔ جنگ چھڑی۔ محمد کے ساتھ والے (جو دو ہزار تھے) اُن کو چھوڑ کر چل دئے کوفہ سے ابھی تک مدد نہیں پہنچی تھی۔ دمشق کا لشکر پوری طاقت سے دباؤ ڈالتا ہوا چلا آ رہا ہے۔ محمد کب تک اکیلے مقابلہ کریں خستہ اور زخم خوردہ ہو کر (بقول مورخین) راستہ کے ایک خرابہ میں (ایک غیر آباد مکان میں) دم لینے کو بیٹھ گئے۔ عمرو عاص نے اُن کی لشکر گاہ پر قبضہ کر لیا۔ معاویہ بن خدیج محمد بن ابی بکر کی جستجو میں نکلا۔ راستے میں لوگوں سے پوچھتا جاتا تھا کہ ادھر سے کوئی گذرا ہے؟ ایک شخص نے کہہ دیا کہ ہاں اس خرابہ میں ایک شخص بیٹھا ہوا ہے۔ محمد کو گرفتار کیا گیا یہ اس وقت بہت پیاسے ہیں اور بقول سبط ابن جوزی روزے سے ہیں۔ محمد بن ابی بکر کے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر بھی عمرو عاص کے لشکر میں موجود ہیں انہوں نے کہا تجھے قسم ہے میرا بھائی یوں مجبوری اور بے بسی کے عالم میں قتل نہ کیا جائے۔ تم معاویہ بن خدیج کو پیغام بھیجو۔ معاویہ بن خدیج نے یہ سفارش منظور نہ کی۔ محمد بن ابی بکر نے پانی مانگا (یعنی روزہ دار ہونا غلط نکلا) معاویہ بن خدیج نے جواب دیا کہ اگر میں تمہیں ایک قطرہ بھی پانی پلا دوں تو خدا مجھے کبھی سیراب نہ کریگا۔ تم لوگوں نے عثمان پر پانی بند کیا اور اُنکو پیاسا قتل کیا۔ ابوبکر کے بیٹے میں تم کو یُوں ہی پیاسا قتل کرونگا۔ اور خدا تمہیں حمیم اور غسلین سے جہنم میں سیراب کریگا۔ محمد بن ابی بکر نے کہا کہ اَے یہودی جولاھن کے بیٹے قیامت کا دن نہ تیرے قبضے میں ہے نہ عثمان کے۔ اُس دن کا مالک اللہ ہے جو اپنے دوستوں کو سیراب کرے گا۔ اور دشمنوں کو پیاسا رکھے گا اور دشمن خدا تُو ہے تیرے ساتھ والے ہیں اور جن کا تُو دوست اور جو تیرے دوست ہیں۔ خدا کی قسم اگر میری تلوار میرے قبضے میں ہوتی تو تُو مجھ پر اتنا قابو نہ پا سکتا'' وغیرہ وغیرہ

یہی حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ:۔''اگر ھاشم بن عتبہ مصر کا گورنر ہوتا تو وہ **میدان نہ چھوڑتا اور تلوار اُس کے ہاتھ میں ہوتی**''یعنی حضورؑ نے میدان چھوڑنے اور تلوار ہاتھ میں نہ رکھنے کی مذمت فرمائی ہے اب محمد بن ابی بکر خود بے تلوار ہونے پر پشیمان ہیں۔ بہرحال ہم بھی حضرت علی علیہ السلام کی پیروی میں محمد بن ابی بکر پر رحم کی دعا کرتے ہیں۔ یہ حوالہ کتاب ''نفسِ رسول جلد چہارم صفحہ 320 اصلاح کھجوہ) کا تھا۔

یہ بھی نوٹ کر لیں کہ اھل خلاف نے حضرت علی علیہ السلام کو سیاست سے (معاذ اللہ) جاھل لکھا ہے۔ حالانکہ اُن کے خطبات و خطوط سے ثابت ہے کہ معاویہ اور اُن کے بزرگ عمر بن خطاب تک سیاست کے میدان میں طفل مکتب تھے۔ اور اُنہیں اپنی تمام پالیسیوں میں حضرت علی علیہ السلام نے شکست دی۔ اُنہیں آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ مختلف و متضاد بحثوں میں اُلجھنے پر مجبور کر دیا۔ سینکڑوں فرقوں میں منتشر کر دیا۔ اُن کی تیار کردہ تاریخ کو بھی بکواس بنا دیا اور آخر اُن کی حکومت کو تباہ و برباد کر دیا۔ اور آج اُن کا مذہب مذاق بن کر رہ گیا ہے۔ لیکن وہ تمام مقامات جن کو سامنے رکھ کر اھل خلاف نے حضرت علی علیہ السلام کو سیاست میں جاھل قرار دیا ہے وہ تمام مقامات حضرت علی علیہ السلام کے صحابہ اور ساتھیوں کی بے بصیرتی۔ نافرمانی۔ تنگ نظری اور اپنے امامؑ سے اختلاف کی وجہ سے وقوع میں آئے ہیں۔ اور یہ بات بھی حضرت علی علیہ السلام نے واضح کر دی ہے کہ اُن کے ساتھیوں کی حرکات کی بنا پر مخالفین نے کہی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ حضورؑ آخر ان لوگوں سے دل تنگ ہوئے اور اُن سے جُدائی کی دعائیں کرتے رہے۔ لہٰذا قارئین کو چاہئے کہ اپنی بصیرت میں ترقی کریں۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 36) خط: اِلٰی اَخِیْہِ عَقِیْلِ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فِیْ ذِکْرِ جَیْشٍ اَنْفَذَہٗ اِلٰی بَعْضِ الْاَعْدَاءِ وَھُوَ جَوَابُ کِتَابٍ کَتَبَہٗ اِلَیْہِ عَقِیْلٌ:

اپنے بھائی عقیل ابن ابی طالبؑ کے جواب میں دشمن سے مقابلہ کرنے والی ایک فوج کا ذکر فرمایا ہے 2۔جس انداز سے عقیل نے قریش کا ذکر کیا ہے اُسے ناپسند کرتے ہوئے ایسے ذکر سے منع کیا ہے 3۔عقیل ان جنگوں سے مطمئن نہ تھے جو حضرت علی علیہ السلام نے قریش سے کیں 4۔عقیل کو چند ایسی آیتیں بتائی ہیں جو ساری دنیا کو معلوم تھیں 5۔عقیل کی بھائی سے لاتعلقی ثابت ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَسَرَّحْتُ اِلَیْہِ جَیْشًا کَثِیْفًا مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ ؛ | 1 | میں نے اُس کی طرف ایک زبردست فوج مسلمانوں کی بھیجی تھی؛ |
| فَلَمَّا بَلَغَہٗ ذٰلِکَ شَمَّرَ ھَارِبًا وَنَکَصَ نَادِمًا ؛ | 2 | جب اُسے اُس فوج کی خبر ملی تو اُس نے فرار کر جانا طے کر لیا اور نادم ہو کر پلٹ گیا؛ |
| فَلَحِقُوْہُ بِبَعْضِ الطَّرِیْقِ وَقَدْ طَفَّلَتِ الشَّمْسُ لِلْاِیَابِ ؛ | 3 | چنانچہ ہماری فوج ایک راستے سے سورج غروب ہونے سے پہلے ہی اُس کی فوج پر جا پڑی؛ |
| فَاقْتَتَلُوْا شَیْئًا کَلَا وَلَا ؛ | 4 | اور وہاں آپس میں نہ ہونے کے برابر جنگ ہوئی؛ |
| فَمَا کَانَ اِلَّا کَمَوْقِفِ سَاعَۃٍ حَتّٰی نَجَا جَرِیْضًا بَعْدَ مَا اُخِذَمِنْہُ بِالْمُخَنَّقِ ؛ | 5 | وہاں بھی وہ گھڑی بھر کے لئے جم کر لڑا ہوگا کہ آخر بھاگ کر جان بچا لے گیا اور یہ اس حالت میں کہ اس کی گردن ہماری فوج کے ہاتھ میں آنے والی ہی تھی؛ |
| وَلَمْ یَبْقَ مِنْہُ غَیْرُ الرَّمَقِ فَلَاْیًا بِلَاْیٍ مَانَجَا ؛ | 6 | اور جب کہ اس میں زندگی کی رمق کے علاوہ یا چند سانسوں کے سوا کچھ باقی نہ رہا تھا بہرحال جس طرح ہو سکا وہ بچ نکلا۔ |
| فَدَعْ عَنْکَ قُرَیْشًا وَّ تَرْکَاضَھُمْ فِی الضَّلَالِ وَتَجْوَالَھُمْ فِی الشِّقَاقِ وَجِمَاحَھُمْ فِی التِّیْہِ ؛ | 7 | تم قریش کی بابت یہ راگ الاپنا بند کر دو اس لئے کہ وہ گمراہی میں دوڑ (Race) لگانے اور سرکشی میں بڑھ جانے اور فرقہ واریت اور تباہی پھیلانے میں ہنر دکھا رہے ہیں؛ |
| فَاِنَّھُمْ قَدْاَجْمَعُوْا عَلٰی حَرْبِیْ کَاِجْمَاعِھِمْ عَلٰی حَرْبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ ؛ قَبْلِیْ فَجَزَتْ قُرَیْشًا عَنِّی الْجَوَازِیْ ؛ | 8 | حقیقت تو یہ ہے کہ انہوں نے میرے ساتھ جنگ جاری رکھنے میں اسی طرح کا اجماع کر لیا ہے۔جیسا اجماع انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے خلاف مجھ سے پہلے کیا تھا چنانچہ قریش کو میرے ساتھ بدسلوکی کرنے و جنگ کرنے کی سزا کا ملنا ہر طرح جائز ہے؛ |
| فَقَدْ قَطَعُوْا رَحِمِیْ ؛ | 9 | بلاشبہ قریش نے میرے رحمی بزرگی کو میرے معاملے میں منقطع کر دیا ہے؛ |
| وَسَلَبُوْنِیْ سُلْطَانَ ابْنَ اُمِّیْ ؛ | 10 | اور میرے ماںؑ جائے کی حکومت مجھ سے علیحدہ کر لی ہے؛ |
| وَاَمَّا مَاسَاَلْتَ عَنْہُ مِنْ رَّاْیِیْ فِی الْقِتَالِ ؛ | 11 | اور رہ گیا تمہارا یہ سوال کرنا کہ میں قریش سے جہاد کو جائز رکھنے میں کیا رائے رکھتا ہوں؟ |
| فَاِنَّ رَاْیِیْ قِتَالُ الْمُحِلِّیْنَ حَتّٰی اَلْقَی اللّٰہَ ؛ | 12 | تو سنو کہ آخری سانس تک میری رائے یہی رہے گی کہ حرام کو حلال کرنے والوں سے جہاد کرنا لازم ہے؛ |
| لَایَزِیْدُنِیْ کَثْرَۃُ النَّاسِ حَوْلِیْ عِزَّۃً ؛ | 13 | مجھے اپنے چاروں طرف مددگار لوگوں کی کثرت دیکھ کر عزت اور ہمت کا احساس نہیں ہوتا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَّلَاتَفَرُّقُهُمْ عَنِّیْ وَحْشَةً ؛ | 14 | اور نہ ہی طرفداروں کے بکھر جانے سے مجھے کوئی گھبراہٹ وخطرہ محسوس ہوتا ہے؛ |
| وَلَا تَحْسَبَنَّ ابْنَ اَبِیْکَ ؛ وَلَوْاَسْلَمَهُ النَّاسُ . | 15 | اور دیکھو تم اپنے باپ کے بیٹے کے متعلق یہ حساب کبھی نہ لگا بیٹھنا کہ وہ کسی حالت میں |
| مُتَضَرِّعًا مُتَخَشِّعًا ؛ | | بے ہمت وہراساں ہوسکتا ہے؛ یا کمزوری دکھا کر ذلت قبول کرلے گا؛ |
| وَّلَامُقِرًّالِّلضَّیْمِ وَاهِنًا ؛ | 16 | اور نہ ہی وہ انتقامی کاروائی میں سستی دکھا سکتا ہے؛ |
| وَلَاسَلِسَ الزِّمَامِ لِلْقَائِدِ ؛ | 17 | اور نہ یہ کہ کسی لگام کھینچنے والے کے ہاتھ میں اپنی لگام پکڑا دے گا؛ |
| وَلَا وَطِیَّ الظَّهْرِ لِلرَّاکِبِ الْمُقْتَعِدِ ؛ | 18 | اور نہ ہی وہ کسی سواری کرنے والے کیلئے سوار ہوجانے کیلئے اپنی کمر پیش کردے گا؛ |
| وَلٰکِنَّهُ کَمَا قَالَ اَخُوْ بَنِیْ سَلِیْمٍ : | 19 | بلکہ علیؑ تو ایسا ہے جیسا کہ قبیلہ بنی سلیم کے (عباس ابن مرداس سلمی) شاعر نے کہا تھا، |
| فَاِنْ تَسْاَلِیْنِیْ کَیْفَ اَنْتَ ؟ | 20 | کہ چنانچہ اگر تم میرا حال اور مزاج دریافت کرنا چاہتی ہو تو سنو کہ: |
| فَاِنَّنِیْ صُبُوْرٌ عَلٰی رَیْبِ الزَّمَانِ صَلِیْبٌ ؛ | 21 | ''میں زمانہ کے الٹ پھیر اور سختیوں کو جھیلنے کے لئے بہت مضبوط ہوں، |
| یَعِزُّ عَلَیَّ اَنْ تُرٰی بِیْ کَآبَةٌ ؛ | 22 | مجھے ہرگز گوارا نہیں ہے کہ مجھ میں کسی کو غم واندوہ کی جھلک نظر آئے، اور |
| فَیَشْمَتَ عَادٍ اَوْیُسَآءُ حَبِیْبِ ۔ | 23 | اسطرح مجھے دیکھنے والے میرے دشمن خوشی منائیں اور میرے چاہنے والوں کو دکھ ہو'' |

**تشریح:۔** یہاں یہ خط حضرت عقیل علیہ السلام کو زیرتنقید لاتا ہے۔اور ہمیں ہر اُس شخص سے ہمدردی نہیں ہوسکتی جو کسی معصوم امامؑ کے خلاف عموماً اور حضرت علیؑ کے خلاف خصوصاً تصورات رکھتا ہوا ملے۔ہم جانتے ہیں کہ قریش نے اپنی تواریخ واحادیث میں کوشش کی ہے کہ آئمہ علیہ السلام میں اور دوستداران محمدؐ وآل محمد علیہم السلام میں نظریاتی اور مذہبی اختلاف دکھایا جائے۔چنانچہ ایسے تمام اختلافات کو الزامات اور تہمتیں کہہ کر رد کردیتے ہیں۔لیکن جہاں خود معصومؑ بیانات اور الفاظ میں اختلاف دکھایا جائے وہاں ہم مذمت کے سوا اور کوئی راہ اختیار نہیں کرسکتے۔چنانچہ یہ خط (36) جناب عقیل کیلئے کوئی ایک بات بھی ایسی نہیں کہتا کہ ہم اُن کی طرفداری کی راہ نکال سکیں پورا خط کسی نہ کسی طرح اُنکی مذمت کرتا ہے۔ہمیں معلوم ہے جناب عقیل معصوم نہیں ہیں۔مگر حقیقی بھائی ہوتے ہوئے کم ازکم انہیں ایسا تو ہونا چاہئے جیسے ہم ہیں۔لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ وہ حضرت علی علیہ السلام کے متعلق عقائد میں تقریباً قریش کی صف میں کھڑے ہیں اور حضرت علی علیہ السلام پر وہی اعتراضات کررہے ہیں جو قریش کرتے تھے۔اُنہیں عہد رسولؐ کی تعلیمات نے اتنا بھی سبق نہ دیا کہ وہ قریش کے مقابلے میں حضرت علی علیہ السلام کو حق بجانب سمجھتے۔وہ کُھل کر حضرت علی علیہ السلام کے جنگ کرنے پر معترض ہیں اور قریش کے جنگ کرنے پر حضرت علی علیہ السلام کی رائے اور دلیل طلب کرتے ہیں۔اُنکو خود معلوم نہیں ہے کہ انہیں بتانا پڑتا ہے کہ قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی حکومت غصب کی ہے۔اور حضرت علی علیہ السلام کی وہ منزلت ختم کردی ہے جو اللہ نے انہیں مہاجروں اور انصار اور تمام مومنین پر رحمی رشتے کی بنا پر عطا کی تھی (احزاب 33/6)۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عقیل کو وہ آیات معلوم ہی نہیں ہیں جو حضرت علیؑ کی شان میں اور قریش کی مذمت میں نازل ہوئی تھیں۔اسی لئے انہیں قریش کی گمراہی پر مطلع کرنا پڑا ہے اور قریش کے حق میں بیانات دینے سے منع کیا ہے۔حد ہوگئی کہ عقیل کو یہ بھی بتانا پڑا ہے کہ قریش نے رسولؐ کے خلاف جنگی محاذ بنایا تھا۔عقیل حضرت علی علیہ السلام کی عادات واطوار واخلاق سے بھی ناواقف اور کورے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ عقیل کہیں دوستداروں اور فداکاروں میں نظر نہیں آتے اور یہی چیز یقین دلاتی ہے کہ عقیل معاویہ سے دولت دنیا لینے کیلئے پہنچے ہوں گے۔اُنکی لاتعلقی پر حضرت علی علیہ السلام کا وہ شعر عین گواہ ہے جو بنوسلیم کے شاعر عباس کی طرف لکھا گیا ہے۔عقیل میں وہ تمام صفات غائب ہیں جو بھائی ہونے کیلئے ضروری ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 37) خط اِلٰی مُعَاوِیَۃَ: معاویہ کے نام

## عثمان کو بے یارومددگار چھوڑنے اور عثمان کی آڑ میں خود اپنے اقتدار کی راہ نکالنے پر طنز فرمایا ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَسُبْحَانَ اللّٰهِ !! مَااَشَدَّ لُزُوْمَکَ لِلْاَهْوَاءِ الْمُبْتَدَعَةِ ؛ | 1 | اِس حرکت پر سبحان اللہ کہنا ہی کافی ہے کہ تم نے کتنی شدت کے ساتھ خود ساختہ مصلحتوں کو اپنے اوپر لازم وواجب کرلیا ہے؛ |
| وَالْحَيْرَةِ الْمُتَعِبَةِ مَعَ تَضْيِيْعِ الْحَقَائِقِ ؛ | 2 | اور حقائق کو تباہ کرنیکے ساتھ ساتھ تم کس بری طرح اپنی حیرانیوں میں اُلجھے ہوئے ہو؛ |
| وَاطِّرَاحِ الْوَثَائِقِ ، الَّتِیْ هِیَ لِلّٰهِ طِلْبَةٌ ؛ | 3 | اور تم نے اُن قابل اعتماد دلائل کو اُٹھا کر الگ رکھ دیا ہے جو کہ اللہ کو مطلوب ہیں؛ |
| وَعَلٰی عِبَادِهٖ حُجَّةٌ . | 4 | اور اُس کے بندوں پر حجت ہیں۔ |
| فَاَمَّا اِكْثَارُکَ الْحِجَاجَ فِیْ عُثْمَانَ وَقَتَلَتِهٖ ؛ | 5 | رہ گیا تمہارا عثمان کے اور اس کے قاتلوں کے سلسلے میں حجتوں کا کثرت سے پیش کرنا؛ |
| فَاِنَّکَ اِنَّمَا نَصَرْتَ عُثْمَانَ حَيْثُ كَانَ النَّصْرُ لَکَ | 6 | تو اس کی حقیقت اتنی سی ہے کہ تم نے عثمان کی نصرت کی آڑ میں خود اپنی نصرت کی ہے؛ |
| وَخَذَلْتَهٗ حَيْثُ كَانَ النَّصْرُ لَهٗ . وَالسَّلَامُ ۔ | 7 | اور جب عثمان کو مدد کی ضرورت تھی تو تم نے اُسے بے یارومددگار چھوڑ دیا تھا۔ |

**تشریح:۔** اِس خط کو اگر آپ غور سے پڑھیں تو معلوم ہوگا کہ حضرت علی علیہ السلام معاویہ کو اُس کی سیاسی بصیرت اور چالاک انتظام پر داد دے رہے ہیں اور بتا رہے ہیں کہ میرے سوا تیرے اقدامات اور پالیسی کو اور کوئی نہیں سمجھتا۔ اور معاویہ بھی جانتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نہ صرف معاویہ کے سارے گورکھ دھندے کو سمجھتے ہیں بلکہ اُس کی تمام چالاکیوں اور فریب سازیوں کا ثبوت بھی رکھتے ہیں۔ بہرحال معاویہ کی جھوٹی اور فریب کارانہ اختراعات پر سبحان اللہ ہے یعنی داد دیئے بغیر چارہ ہی نہیں ہے۔ اور وہ اختراعات اور ایجادات یا بدعتیں یہ ہیں کہ اُس نے ایک نتیجہ کو کئی ایک جھوٹی فروعات پر محمول کر لیا ہے۔ یعنی چونکہ حضرت علی علیہ السلام خلیفہ ہوگئے لہٰذا پہلے خلیفہ کو انہوں نے قتل کرایا تھا۔ اُن کا خلیفہ بن جانا گویا ثبوت ہے عثمان کو راہ سے ہٹانے کا۔ یعنی وہ سب کچھ جو مدینہ کے صحابہ اور بیرون جات کے مسلمانوں نے کیا اُس کی تحریکات حضرت علیؑ نے فراہم کیں یا پیدا کیں اور اس کا ثبوت ہے حضرت علی علیہ السلام کا بے پناہ دانشور اور منصوبہ ساز ہونا۔ اُن پر کسی کا شک وشبہ نہ ہونے کا ثبوت ہے حضرت علیؑ کا محترم اور پارسا ہونا۔ اور تمام بلوائیوں اور قتل میں شریک ہونے والوں کا علیؑ کی پناہ اور طرفداری میں رہنا ثبوت ہے علیؑ کے قاتلانِ عثمان کے سرپرست ہونے کا۔ اور قاتلوں کو سپرد نہ کرنا ثبوت ہے عثمان کو قتل کرانے کی سازش کا۔ یُوں معاویہ نے جو جال بُنا تھا وہ حضرت علی علیہ السلام کے سوا کسی اور کے سائز کا نہ تھا۔ پھر بعض صحابہ کا بیعت نہ کرنا ثبوت ہے علیؑ کی خلافت کے مشکوک ہونے کا اور بعض صحابہ اور حضرت عائشہ کا تلوار بکف میدان میں آنا ثبوت ہے دبے دبائے خلافت کی بیعت کرنے کا۔ اور علیؑ کے بہائے ہوئے دھارے میں بہہ جانے کا۔ یہ سب کچھ معاویہ نے اس خوبصورتی سے ایجاد کیا تھا کہ لاکھوں مسلمانوں نے اپنی جان دے دی اور معاویہ کو سچا سمجھا۔ کٹی ہوئی حضرت نائلہ کی انگلیاں خون سے رنگین قمیض اور پیسے کے بدلے میں ماتم کرنے والے حضرت علیؑ کے خلاف غیظ وغضب کو بھڑکانے اور تازہ رکھنے میں مددگار۔ جھوٹی قسمیں کھا کر شہادتیں دینے والے ہر طرف موجود۔ فوجوں کو تنخواہ اور وظائف کی ضرورت سرداروں کو مختلف عہدوں کے وعدوں کو پورا کرنے کی آس۔ یہ سامان تھا جسے ایک ہی جملے میں بلکہ دو ہی الفاظ ''لِلْاَهْوَاءِ الْمُبْتَدَعَةِ'' میں سمو کر رکھ دیا ہے۔ پھر معاویہ کی

Presented by Ziaraat.Com

بڑی ضرورت تو یہ ہے کہ وہ حضرت علیؑ سے تینوں خلفاء اور قریش والی حکومت وخلافت واپس لے مگر اس کی سب سے چھوٹی ضرورت تھی مصر کی گورنری پر بحال رہنا اور معزولی کے حکم کو تبدیل یا کینسل کرانا۔ اُس نے چھوٹی ضرورت کو عثمان کے انتظام کا دعویٰ کرتے ہی پورا کرلیا اور شام کی افرادی و مالی قوت کو قاتلین عثمان کو طاقت کے ذریعہ حاصل کرنے میں استعمال کرنا جائز قرار دیا۔ جنگ ہوئی تو جنگ کو قرآنی فیصلے کا بہانہ بنا دیا۔ اور ثالثین سے علیؑ کی معزولی کا جُملہ کہلوا دیا۔ یوں خلافت واپس آ گئی اور اُسے مستحکم کرنے کے لئے مرتضویؑ قوت کو انتشار و اختلاف کی بھٹی میں جھونک دیا۔ خارجی پیدا کر کے علیؑ کے فداکاروں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ اور خارجیوں ہی سے حضرت علیؑ کو موت کے گھاٹ اُتروا دیا۔ اور حضرت امام حسن علیہ السلام سے صلح کر کے خلافت کا دروازہ خاندانِ رسولؐ پر بند کر دیا۔ اور یوں اھلسنت والجماعت کی پشت پناہی سے کاروبارِ حکومت چلانے لگا۔

## معاویہ نے حضرت عثمان کی مدد کیوں نہ کی اور حضرت عثمان کی مدد کے بجائے اپنی مدد کرتا اور کامیاب ہوتا رہا

یہ ایک بڑے مزے کا سوال ہے اور اس کا جواب اس سوال سے بھی زیادہ لذیذ تر ہے۔ یہ آپ دیکھتے رہے ہیں کہ معاویہ چھوٹی چھوٹی اسکیمیں نہ بناتا تھا وہ روز کی مدد پہنچانے کا قائل نہ تھا۔ وہ مدد کا جھگڑا ہی ختم کر دینا چاہتا تھا مگر اس میں حضرت عثمان کو انتقال اقتدار کی بُو آ گئی۔

## حضرت عثمان نے معاویہ کی دو تجویزیں ٹھکرا کر یہ ثبوت دے دیا تھا کہ حضرت عثمان حضرت عمر کی پالیسی کے خلاف جانا چاہتا ہے معاویہ مجبور ہو گیا

قارئین نے پہلے بھی کہیں پڑھا ہے اب دوبارہ سنئے کہ جب معاویہ عثمان سے آخری بار ملا ہے تو مدینہ اور گردونواح کے لوگ عثمان کیخلاف کھلی کارروائیاں کر رہے تھے اور حضرت عثمان کو اُسوقت بھی مدد کی ضرورت تھی لہٰذا معاویہ نے تجویز کیا کہ شام سے ایک زبردست فوج ایک سخت کار سردار کی ماتحتی میں مدینہ بھیج دے اس فوج اور سردار کی موجودگی میں کسی مدد کی ضرورت ہی نہ پڑیگی۔ حضرت عثمان نے خیال ہی خیال میں خود کو فوج اور سردار کے ہاتھوں میں بے دست و پا دیکھا اور تجویز ماننے سے انکار کر دیا۔ معاویہ نے دوسری تجویز یہ کی کہ حضرت عثمان مدینہ چھوڑ کر شام چلیں وہاں یہ مدینہ کے سازشی لوگ اثر انداز نہ ہو سکیں گے۔ اس تجویز میں حضرت عثمان نے خود کو ایک کٹھ پتلی حکمران دیکھا اور انکار کر دیا یہ دونوں تجویزیں دراصل معاویہ کیطرف انتقال اقتدار کا پتا دیتی تھیں اور ہزاروں دقتوں اور مصائب سے بچانے والی تھیں۔ مگر حضرت عثمان نے ٹھکرا دیں۔ اب بتایئے کہ معاویہ آئندہ کیوں اور کیا مدد کرے؟ آپ کو یاد ہوگا کہ حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ کے جواب میں لکھا تھا کہ بتاؤ ہم دونوں میں سے کون شخص عثمان کا ہمدرد تھا؟ میں نے مدد کا وعدہ کیا اور حضرت عثمان نے مدد کرنے سے روک دیا۔ تو نے مدد کا وعدہ کیا اور مدد طلب کرنے پر مدد نہ کی (خط) معاویہ حضرت علی علیہ السلام (کو) مندرجہ بالا دو تجویزوں والا جواب دے سکتا تھا اور حضورؑ نے غالباً یہ مدد کا قصہ لکھ کر معاویہ سے وہی جواب چاہا تھا۔ مگر واقعہ کے مشہور ہونے کے باوجود معاویہ نے وہ جواب نہ دیا۔ اسلئے کہ اُس جواب سے حضرات ابوبکر و عمر اور معاویہ کی پالیسی کھل جاتی اور معاویہ پر انتقال اقتدار کی کوشش کا جرم ثابت ہو جاتا ہے۔

## معاویہ نے تمام قریشی لیڈروں کے سروں میں یہ انتقال اقتدار کی اسکیم پہنچا دی تھی لہٰذا حضرت عثمان کی مدد سے یہ اسکیم کمزور ہو جاتی

اور اب بھی لیڈر حضرات جانتے ہیں کہ اگر حضرت عثمان قتل ہو جائے اور خلافت علیؑ کو پہنچ جائے تو انتقال اقتدار کی راہ نکل جائے گی۔ لہٰذا سب نے مل کر کوشش کی تھی۔ اس راز کو جناب ڈاکٹر طٰہٰ حسین لاشعوری طور پر کھول دیتے ہیں۔ وہ یہ عنوان قائم کرتے ہیں کہ: ''**ایک جواب طلب سوال**'' اس عنوان کی ذیل میں ڈاکٹر صاحب بڑے مزے کے سوالات کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ آپ ہمارے قلم سے کہیں پہلے پڑھ چکے اب دوبارہ سنئے لکھا ہے کہ:۔

''اس مقام پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے جس کا قُدماء نے کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا۔ بلکہ اکثر بزرگوں نے تو اس کا جواب دینے کی کوشش ہی نہیں کی ہے۔ لیکن بایں ہمہ ہمیں اس سوال کا کوئی جواب تلاش کرنا ہی پڑے گا۔ سوال یہ ہے کہ **حضرت عثمان کے عُمّال نے اُن کو مدد دینے میں کس طرح**

Presented by Ziaraat.Com

اور کیوں اتنی تاخیر اور سُستی روا رکھی کہ باغی حضرت عثمان کا دیر تک محاصرہ کئے رہنے اور آخر کار اُن کو قتل کر دینے میں کامیاب ہو گئے؟ کہا جاتا ہے کہ محاصرہ مسلسل چالیس دن تک جاری رہا۔ یہ صحیح ہے کہ ذرائع نقل وحمل آسان اور قریب نہ تھے۔لیکن دوسری طرف ہمیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ خبریں حیرت انگیز سرعت کے ساتھ صوبہ جات میں پہنچ رہی تھیں۔عبداللہ بن سعد بن ابی سرح (والی مصر) کو علم تھا کہ مصری حضرت عثمان کے خلاف غم وغصہ کے جذبات لئے ہوئے گئے ہیں۔اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اُنہوں نے امیر معاویہ کو اس امر کی اطلاع بھی دی تھی۔اِسی طرح انہوں نے خود حضرت عثمان کو بھی خط کے ذریعہ اس صورت حال سے مطلع کر دیا تھا۔حضرت ابوموسیٰ اشعری نے بھی اہل کوفہ کو مدینہ کا رُخ کرتے ہوئے دیکھا تھا۔وہ بھی عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کی طرح جانے والوں کے مقصد اور ارادہ سے آگاہ تھے۔یہی صورت بصرہ میں عبداللہ بن عامر کی تھی۔پھر آخر کیا سبب ہے کہ اتنی خبر ہونے کے باوجود یہ عمال خلیفہ کی امداد پر بسرعت تمام کمر بستہ نہ ہو سکے؟ پھر ان عمال کو کیا ہو گیا تھا کہ وہ حضرت عثمان کی طرف سے امداد کے مطالبہ پر مشتمل خطوط ملنے کے بعد بھی تیزی سے مدینہ نہ پہنچے؟ آخر ان لوگوں نے کیوں اتنی دیر لگائی اور تساھل برتا کہ ان کو مدد پہنچنے سے قبل ہی شروا قع ہو گیا اور امام قتل کر دئے گئے؟ پھر اِن سب امور سے بڑھ چڑھ کر یہ کہ حضرت عثمان نے اپنے عمال کو پابند کر رکھا تھا کہ وہ حج کے دنوں میں اُن سے ضرور ملا کریں۔ آخر کیا سبب ہے کہ اُن کے عمال اس سال اپنے اپنے صوبوں میں رہے اور حج پر نہ گئے۔ یہاں تک کہ حضرت عثمان نے محصور ہونے کی وجہ سے مجبوراً حضرت عبداللہ بن عباس کو حج کی قیادت پر مقرر کیا۔ان سب سے بھی زیادہ حیرت انگیز وتعجب خیز بات یہ ہے مورخین کے مطابق حضرت ابن عباس حضرت عثمان کی طرف سے حاجیوں کے نام ایک چٹھی لے گئے تھے جس میں انہوں نے اپنا قضیہ پیش کیا تھا اور اپنا بے قصور ہونا ثابت کیا تھا۔مورخین کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس نے یہ چٹھی حج کے موقع پر لوگوں کو پڑھ کر سنائی۔ یہ خط جس کا مکمل متن طبری نے بیان کیا ہے کس طرح لوگوں نے سُن لیا اور اُن کے کانوں پر جُوں تک نہ رینگی سب اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے اور کوئی بھی خلیفہ کی مدد پر کمر بستہ نہ ہوا۔اور کوئی گروہ بھی مدینہ کے حادثات کا مشاہدہ کرنے کے لئے وہاں نہ پہنچا؟ یہ کیسے ہو گیا کہ حضرت عثمان کا عاملِ مکہ خاموشی، بے حسی اور اطمینان سے اِس خط کو پی گیا۔اور اُس نے لوگوں کو خلیفہ کی امداد پر برانگیختہ نہ کیا۔؟ اگر وہ اہل مکہ ہی کو جوش دلا کر بھیج دیتا اور وہاں کے صحرانشینوں کا ایک لشکر جمع کر لیتا تو یقیناً یہ فوج باغیوں کو اُس وقت تک مشغول کئے رہتی جب تک صوبہ جات سے باقاعدہ فوجی کمک پہنچ جاتی۔کیا سبب ہے کہ اِن میں سے کوئی بات بھی نہ ہوئی؟ کیا وجہ ہے کہ کسی عامل نے بھی حرکت نہ کی؟ کیا سبب ہے کہ حاجی بھی خلیفہ کی امداد پر آمادہ نہ ہوئے؟ کیا اس کے معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ تمام اُمت نے متفقہ طور پر اس خلیفہ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا؟ رعیّت تھک گئی تھی۔عمال اپنے دلوں میں کچھ اغراض چھپانے کی وجہ سے کاھلی اور سستی کر رہے تھے؟ اِن میں سے ہر ایک کو اپنی پڑی ہوئی تھی؟ اور اُنہوں نے خلیفہ کو مدینہ والوں کے سپرد کر دیا تھا کہ وہ جو کچھ اُن کے ساتھ کرنا چاہیں کر دیں؟ یا حضرت عثمان جو کچھ اُن کے ساتھ کر سکیں کر لیں۔؟ آپ دیکھ چکے ہیں کہ خود اہل مدینہ کی اکثریت باغیوں کے ساتھ شامل تھی۔مدینہ میں صحابۂ کرام کی ایک مختصر جماعت ایسی بھی تھی جس نے عملاً تو حضرت عثمان کا ساتھ چھوڑ رکھا تھا لیکن زبانی وہ اِس صورت حال پر اپنے غم وغصہ کا اظہار کرتی تھی۔اگر اصحاب رسولؐ کی یہ جماعت ہی باغیوں کے مقابلے میں کھڑی ہو جاتی اور اُن کی اُمیدیں خاک میں ملا دیتی تو یہ باغی لوگ بے نیل ومرام واپس ہو جاتے ۔جیسا کہ بعض قدیم مورخین کی رائے ہے۔اِن چیزوں کے پیش نظر حضرت عثمان کا وہ قول صحیح معلوم ہوتا ہے کہ لوگ میری درازی عمر کو لامتناہی سمجھ کر مجھ سے دل برداشتہ ہو گئے ہیں۔'' مگر غالباً لوگوں کے لئے صرف اُن کی درازی عمر ہی ایک اُکتا دینے والا مسئلہ نہ تھا۔بلکہ وہ اس سیاست کے لامتناہی سلسلے سے دل برداشتہ ہو گئے تھے جو اُنہیں عہد فاروقی کی سیاست سے مختلف معلوم ہو رہی تھی اور جو اُن کی دیکھی بھالی قیصر وکسریٰ کی ملوکیت سے بھی الگ کوئی سیاست نظر آتی تھی۔اُنہیں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ اِن دونوں سیاستوں

Presented by Ziaraat.Com

کے بین بین کوئی سیاست ہے۔'' (فتنۃ الکبریٰ۔صفحہ 486 تا 489)

**ہماری نظر میں طٰہٰ حسین نے مذہبی عقیدت کی بنا پر دوٹوک صحیح جواب نہیں دیا**

صحیح جواب وہی ہے جو ہم لکھ چکے ہیں کہ ''معاویہ کی انتقال اقتدار کی پالیسی پر تمام قریشی لیڈر متفق ہو گئے تھے۔'' اس لئے حضرت عثمان کو قتل سے بچانے کی کوشش کرنا غلط تھا۔اس لئے کہ قریش وحضرت ابوبکر وعمر کی قائم کردہ خلافت کو اُن کے پسندیدہ مقام پر لانے کے لئے پہلا اور صحیح قدم عثمان کو راہ سے ہٹانا تھا۔اور دوسرا قدم علیؑ کو خلافت دے کر واپس لینا تھا۔لہٰذا تمام عمال اور دیگر تمام بابصیرت لیڈروں نے عثمان کی جان بوجھ کر مدد نہ کی۔اور جو کچھ کیا وہ سب انتقال اقتدار کے لئے ضروری ولازم تھا۔اس کے علاوہ اور تمام جوابات نامکمل اور غلط ہیں۔یُوں قریشی لیڈروں نے علیؑ کو اُنکا حق واپس دے دیا مگر سنبھال نہ سکنے کی بنا پر واپس لے لیا۔

# ( نمبر 38) خط اِلٰی اَھْلِ مِصْرَ لَمَّا وَلّٰی عَلَیْھِمُ الْاَشْتَرَ

**اہل مصر کے نام جب کہ اُن پر مالکؓ اشتر کو حاکم بنا کر بھیجا تھا**

**1۔اللہ کی نافرمانی کرنیوالوں پر غضبناک ہونا قابل مدح وثنا ہے 2۔مالکؓ اشتر کو اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار (سیف اللہ) فرمایا ہے**
**3۔خطرات میں جاگنا ،خوف سے ہراساں نہ ہونا ،بے مہار لوگوں کے لئے شعلہ وَر آگ کا کام کرنا (مالکؓ اشتر کی صفات)**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلِیٍّ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ؛ | 1 | اللہ کے بندے علیؑ امیر المومنین کی طرف سے خط لکھا گیا؛ |
| اِلَی الْقَوْمِ الَّذِیْنَ غَضَبُوْا لِلّٰہِ حِیْنَ عُصِیَ فِیْ اَرْضِہٖ ؛ | 2 | اُس قوم کی طرف جو اللہ کے لئے اس وقت مجرموں پر غصہ ہوئی جب کہ اللہ کی زمین پر اللہ کی نافرمانی کی جارہی تھی؛ |
| وَذُھِبَ بِحَقِّہٖ ؛ | 3 | اور اللہ کے حقوق کو اپنے لئے لوٹا جارہا تھا؛ |
| فَضَرَبَ الْجَوْرُ سُرَادِقَہٗ ؛ | 4 | چنانچہ جبر اور ظلم نے اپنے شامیانے تان لئے تھے؛ |
| عَلَی الْبَرِّ وَالْفَاجِرِ ؛ | 5 | ہر اچھا اور برا شخص اُن کی لپیٹ میں آچکا تھا؛ |
| وَالْمُقِیْمِ وَالظَّاعِنِ ؛ | 6 | تمام مقیم ومسافر اس ظلم وجبر کے شکار تھے؛ |
| فَلَا مَعْرُوْفٌ یُّسْتَرَاحُ اِلَیْہِ ؛ | 7 | چنانچہ اُس دَور میں عالمی بھلائیوں کا نام ونشان نہ تھا کہ جسے دیکھ کر راحت ملتی؛ |
| وَلَا مُنْکَرٌ یُّتَنَاھٰی عَنْہُ ؛ | 8 | اور نہ ہی کوئی برائی اور بدکاری ایسی تھی جس سے بچ کر نکلنا آسان ہوتا۔ |
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ بَعَثْتُ اِلَیْکُمْ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ ؛ | 9 | بعد از حمد وثنائے خدا اور سوال واضح ہو کہ میں نے اللہ کے بندوں میں سے ایک ایسا بندہ تمہاری طرف حکمراں بنا کر بھیجا ہے جو، |
| لَا یَنَامُ اَیَّامَ الْخَوْفِ ؛ | 10 | خوف وخطرات کے عالم میں سوتا نہیں مستعد رہتا ہے؛ |
| وَلَا یَنْکُلُ عَنِ الْاَعْدَاءِ سَاعَاتِ الرَّوْعِ ؛ | 11 | اور نہ ہی دشمنوں کے نرغہ اور دہشت ناک حالات میں ہراساں ہوتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَشَدَّ عَلَى الْفُجَّارِ مِنْ حَرِيْقِ النَّارِ ؛ | 12 | بے لگام اور لاقانون لوگوں کیلئے سزا دینے میں شعلہ ور آگ سے زیادہ شدید ہے؛ |
| وَهُوَ مَالِكُ ابْنُ الْحَارِثِ اَخُوْمُذْحِجٍ ؛ | 13 | اور اُس کا نام مالک ابن حارث ہے جو قبیلہ مذحج سے ہیں؛ |
| فَاسْمَعُوْالَهٗ وَاَطِيْعُوْا اَمْرَهٗ فِيْمَا طَابَقَ الْحَقَّ ؛ | 14 | چنانچہ تم ادب اور غور سے اُن کی ہر بات سنو اور اُن تمام ہی احکام کی اطاعت کرو جو حق کے مطابق ہوں۔ |
| فَاِنَّهٗ سَيْفٌ مِّنْ سُيُوْفِ اللّٰهِ ، | 15 | وہ بلاشبہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک ایسی تلوار ہیں، |
| لَا كَلِيْلَ الظُّبَّةِ ، | 16 | جس کی نہ تو دھار کند ہوتی ہے اور |
| وَلَا نَابِى الضَّرِيْبَةِ؛ | 17 | نہ ہی اس کا وار خالی جاتا ہے؛ |
| فَاِنْ اَمَرَكُمْ اَنْ تَنْفِرُوْا فَانْفِرُوْا؛ | 18 | چنانچہ اگر وہ تمہیں جہاد کے لئے کوچ کرنے کا حکم دے تو تم کوچ کرنا؛ |
| وَاِنْ اَمَرَكُمْ اَنْ تُقِيْمُوْا فَاَقِيْمُوْا ؛ | 19 | اور اگر ٹھہرنے اور قیام کرنے کا حکم دے تو تم ٹھہر جانا اور قیام کرنا؛ |
| فَاِنَّهٗ لَا يُقْدِمُ وَلَا يُحْجِمُ ؛ | 20 | یقیناً وہ نہ از خود آگے بڑھیں گے اور نہ بڑھائیں گے اور نہ ہی پیچھے ہٹیں گے؛ |
| وَلَا يُؤَخِّرُ وَلَا يُقَدِّمُ ؛ اِلَّاعَنْ اَمْرِىْ ؛ | 21 | اور نہ وہ از خود کسی کام میں تاخیر کریں گے اور نہ عجلت میں پیش قدمی کریں گے جب تک انہیں میرا حکم نہ ہو وہ اقدام نہیں کرتے؛ |
| وَقَدْاٰثَرْتُكُمْ بِهٖ عَلٰى نَفْسِىْ لِنَصِيْحَتِهٖ لَكُمْ ؛ | 22 | میں نے اُن کے معاملے میں تمہیں اپنے اوپر ترجیح دی ہے تاکہ وہ، |
| وَشِدَّةِ شَكِيْمَتِهٖ عَلٰى عَدُوِّكُمْ ۔ | 23 | تمہاری خیر خواہی کریں اور تمہارے دشمنوں کو سختی سے پکڑیں۔ |

**تشریح:۔** یہاں سب سے پہلے حضرت ابوبکر کو یاد کریں کہ اُس نے خالد بن ولید کو ایسی حالت میں سیف اللہ قرار دیا تھا جب کہ اُس نے جنسی دباؤ سے متاثر ہو کر مالک بن نویرہ کو قتل کیا اور اُسی روز اس کی زوجہ سے زنا کیا تھا۔ خالد کا یہ زنا اور مسلمان کا قتل اُسے موت کی سزا کا حقدار بناتا تھا اور حضرت عمر بن الخطاب نے چاہا تھا کہ خالد پر حدِّ شرعی جاری کرائے۔ مگر ابوبکر نے اُسے سیف اللہ قرار دے کر اُس قتل و زنا کو اللہ کا فضل قرار دے دیا یعنی اللہ نے خالد کو ایسے حالات سے دوچار کر دیا کہ اُس سے قتل و زنا سرزد ہو گئے۔ چونکہ وہ خلیفۂ وقت کی تائید میں کام کر رہا تھا لہٰذا اُسے ان جرائم کی سزا نہیں دی جا سکتی۔ یعنی سیف اللہ چوچا ہے کرے اُسی طرح جائز ہے جیسے اللہ جو چاہے کرے کسی کو اعتراض کا حق نہیں ہے۔ یہی عقیدہ ہے علمائے قریش کا اسی پر مسئلہ تقدیر کو پورا اتارا ہے۔ مگر حضرت علی علیہ السلام جناب مالک اشتر کو سیف اللہ فرما رہے ہیں اور اُن کی اطاعت کو ''**فِيْمَا طَابَقَ الْحَقَّ**'' حق کے مطابق ہونے کا پابند فرما رہے ہیں یعنی اللہ کی تلوار ہمیشہ حق کی تائید میں کام کرے گی۔ ساتھ ہی حضرت مالک رضی اللہ عنہ کو لازوال صفات بیان کرتے ہوئے رعایا کو خود بخود یہ تنبیہ ہو جاتی ہے کہ مالک کا حکم نہ ٹالا جائے گا نہ خلاف ورزی کی جائے گی۔ ورنہ اُن کی حق پرستی کی شدت کا شکار ہونا پڑے گا۔ یعنی اِدھر مالک اشترؓ کی صفات سے رعایا کے دل میں محبت و ہمدردی پیدا ہو گی اور اُدھر غلط کاری سے ڈرنے لگیں گے۔ یہ محبت و خوف ہی حکمران کو کامیاب بناتا ہے۔

آپ نے نوٹ کیا ہو گا کہ پچھلے خط (37) میں ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے عثمان کو گھیرنے والوں اور قتل کرنے والوں کو بار بار باغی لکھا ہے اور قریش کے تمام علماء انہیں لکھتے چلے آئے ہیں۔ مگر حضرت علی علیہ السلام اُن لوگوں کو ایسی قوم فرماتے ہیں جو اللہ کی نافرمانی کرنے والوں اور اللہ کے حقوق لوٹنے والوں پر غضبناک ہوئی تھی اور عثمان اور عثمانی گورنروں اور اہل کاروں کو ایسا مجرم قرار دیا ہے جنہوں نے ظلم و جبر کو عام کر دیا تھا۔ اور نیکی اور بھلائی کا کہیں نشان نہ

Presented by Ziaraat.Com

چھوڑا تھا۔لہٰذا مصر کے لوگ اگر باغی تھے تو اللہ ورسولؐ کے باغیوں سے باغی تھے اور حق پر تھے۔ویسے عام بیانات میں عثمان کے پیرو اور طرفدار بھی مانتے ہیں کہ عثمان کے گورنر لوگوں پر ظلم وزیادتیاں کر رہے تھے اور لوگ فریادی بن کر مدینہ میں آئے تھے اور عثمان نے اپنا اور اپنے عمال کا قصور مانا ہے۔توبہ کی ہے۔اصلاح کے وعدے کئے ہیں ایسے اقراری بیانات سے تاریخ بھری پڑی ہے مگر حسنِ عقیدت کی بنا پر عثمان کو بے قصور اور مظلوموں اور فریادیوں کو باغی بنا دیا ہے۔واقعات اور حالات کو سامنے رکھنے والا ہر شخص عثمان کو سنگین جرائم کا مرتکب مانے گا۔خود حضرت عائشہ کا فتویٰ ہے کہ عثمان کو قتل کر دو یہ کافر ہو گیا ہے۔بہر حال حضرت عثمان حضرت عائشہ کے نزدیک دین پر قائم نہ رہے تھے۔

## ( نمبر39) خط اِلٰی عَمْرِو ابْنِ الْعَاص : عمرو ابن العاص کے نام

**1۔معاویہ اور عمرو بن عاص کا اسلام کیسا تھا؟2۔دین کو دنیا کی خاطر فروخت کرنا 3۔کتّے کی مانند تکنے والے لوگ تھے**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّکَ قَدْ جَعَلْتَ دِیْنَکَ تَبَعًا لِّدُنْیَا امْرِیءٍ ظَاهِرٍ غَیُّهٗ ؛ | 1 | تم نے اپنے دین کو ایک ایسے شخص کی پیروی کرنے میں لگا دیا ہے جس کی گمراہی اور دنیا پرستی بالکل ظاہر وثابت ہے؛ |
| مَهْتُوْکٍ سِتْرُهٗ ؛ | 2 | جس کا پردہ چاک ہے اور ننگا پن عام طور معلوم ہے؛ |
| یَشِیْنُ الْکَرِیْمَ بِمَجْلِسِهٖ ؛ | 3 | وہ اپنی صحبت اور مجلس میں شریف انسانوں کو داغدار کر دیتا ہے؛ |
| وَیُسَفِّهُ الْحَلِیْمَ بِخُلْطَتِهٖ ؛ | 4 | اور سنجیدہ وبردبار اشخاص کو اپنے میل جول سے بے وقوف بناتا رہتا ہے؛ |
| فَاتَّبَعْتَ اَثَرَهٗ ؛ | 5 | تم اُس کی پیروی میں اُس کے پیچھے چلے جا رہے ہو؛ |
| وَطَلَبْتَ فَضْلَهٗ اِتِّبَاعَ الْکَلْبِ لِلضِّرْغَامِ : | 6 | اور اُس کتّے کیطرح اُسکے پس خوردہ کی آس لگائے ہوئے ہو جو شیر کے پیچھے پھرا کرتا ہے؛ |
| یَلُوْذُ اِلٰی مَخَالِبِهٖ ؛ | 7 | اور شیر کے پنجوں کی طرف آس لگائے دیکھتا رہتا ہے؛ |
| وَیَنْتَظِرُ مَایُلْقِی اِلَیْهِ مِنْ فَضْلِ فَرِیْسَتِهٖ ؛ | 8 | اور اِس انتظار میں رہتا ہے کہ اُس کے شکار سے بچا ہوا کچھ گوشت اُسے بھی شاید مل جائے اور اُس کا پیٹ بھی بھر جائے؛ |
| فَاَذْهَبْتَ دُنْیَاکَ وَاٰخِرَتَکَ ؛ | 9 | اس طرح تم نے اپنی دنیا اور آخرت دونوں کو تباہ کر لیا ہے؛ |
| وَلَوْ بِالْحَقِّ اَخَذْتَ اَدْرَکْتَ مَاطَلَبْتَ؛ | 10 | اور اگر تم حق پر قائم رہتے تو تب بھی اپنی مراد حاصل کر سکتے تھے؛ |
| فَاِنْ یُّمَکِّنِ اللّٰهُ مِنْکَ وَمِنْ ابْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ اَجْزِکُمَا بِمَا قَدَّمْتُمَا ؛ | 11 | چنانچہ اگر اللہ نے مجھے تم پر اور ابوسفیان کے بیٹے پر غلبہ دیا تو میں تم دونوں کو تمہاری کارکردگی کا مزا چکھاؤں گا؛ |
| وَاِنْ تُعْجِزَا وَتَبْقَیَا فَمَا اَمَامَکُمَا شَرٌّ لَّکُمَا . وَالسَّلَامُ۔ | 12 | اور اگر تم مجھ سے بچ کر باقی رہ گئے تو جو کچھ تمہیں اس کے بعد پیش آنا ہے وہ اس سے برا ہوگا والسلام۔ |

**تشریح:۔** یہ خط عمرو بن العاص کو یہ بتانے کیلئے لکھا گیا ہے کہ تمہارا وہ تعلق مجھے معلوم ہے جس کی بنا پر تم معاویہ کے ساتھ لگے لگے اور آگے پیچھے

Presented by Ziaraat.Com

پھرتے ہو حالانکہ تم خود معاویہ سے بڑے یا کم از کم برابر کے دانشور ہو اور سابقہ حکومتوں کے پسندیدہ اور کامیاب لیڈر رہے ہو اور جس مصر کیلئے تم یہ خوشامدی رویہ اختیار کئے ہوئے ہو اُسے خود تم نے فتح کیا تھا۔ تم نے اپنی عقل و دانش اور بصیرت کو اور اپنی عاقبت اور آخرت کو معاویہ پر اسلئے قربان کر دیا ہے کہ وہ اپنی گورنری اور اقتدار سے تمہاری مدد کرے۔ حالانکہ اگر تم مندرجہ بالا سارا سامان آزادانہ استعمال کرتے تو معاویہ کا یہ اقتدار و قوت بکھر کر رہ جاتی اور صورت حال الٹ کر رہ جاتی اور خود معاویہ تمہاری خوشامد کرنے کا محتاج ہو جاتا۔ قارئین نوٹ کریں کہ حضرت علی علیہ السلام کا یہ خط اور اس کا انداز بیان اور اس میں مذکور طنز یقیناً کافی تھے کہ عمرو بن العاص کو شرمندہ کرتے اور نتیجہ یہ نکلتا کہ وہ معاویہ کے خلاف منصوبہ بناتا اور اس کی قوت و اقتدار کو بکھیر دیتا۔ مگر وہ جانتا تھا کہ اس وقت قریشی حکومت کو حضرت علیؑ سے واپس لینے کیلئے ضروری ہے کہ معاویہ کو برسر اقتدار رکھا جائے اور اُسکے خلاف کوئی قدم نہ اُٹھایا جائے لہٰذا اُس نے حضورؑ کا خط پڑھا، نادم ہوا مگر قریش کے عظیم مقصد کی خاطر چپ ہو گیا اور برابر معاویہ کی تائید کرتا رہا۔ رہ گیا دین تو وہ اُسے کبھی کا فروخت کر چکا تھا۔

## عمرو بن العاص سے اُس کا دین خریدنا معاویہ کی ضرورت، عمرو بن العاص کا اپنی ضرورت کے لئے اپنا دین فروخت کرنا

حضرت علیؑ علیہ السلام کے خلاف قریش اور معاویہ کو ہر تنکے کا سہارا لینا پڑا۔ پورے ملک عرب اور طرفداران قریش کی عقل و بصیرت کو ایک نقطہ پر مرکوز کرنا پڑا۔ بہر حال ہر مکر ہر فریب ہر بے ایمانی ہر غدّاری کو رُو بکار رکھنا پڑا۔ مگر حضرت علی علیہ السلام نے قریش کے مقابلے میں اپنی عصمت اور عصمت کے تقاضوں کو سو فیصد برقرار رکھا اور اپنے ساتھیوں اور طرفداروں کو بھی ہر چالاکی اور ہر غلط اور ناجائز اقدام سے باز رکھا اور ہمیشہ قوت قدسیہ سے دشمنوں پر غالب رہے۔ یہاں اس خط سے متعلق معاویہ کی تیاری پر چند باتیں سننا ضروری ہیں۔

**معاویہ کی تیاری اور اہل شام کا تعاون** :۔ یہ معلوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کی خلافت قائم ہوتے ہی مدینہ سے تمام بنی امیہ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں حضور علیہ السلام کی مستقل عداوت تھی دمشق روانہ ہو گئے تھے۔ وہاں ایک روز معاویہ نے دربار عام میں تقریر کی اور کہا کہ:۔

''میں امیر المومنین عمر بن الخطاب اور عثمان بن عفان کی طرف سے تم پر فرماں روا ہوں تم میں سے کسی کی حق تلفی کا کبھی روادار نہیں ہوا ہوں۔ عثمان مظلوم شہید کئے گئے اور میں اُن کے خون کا ولی اور وارث ہوں۔ اب میں چاہتا ہوں کہ تم اپنے دلی ارادے سے مجھے اس معاملے میں آگاہ کرو۔ یہ سن کر تمام حاضرین اُٹھے اور طلب خون عثمان پر بیعت کی اور عہد و اثق کیا کہ اپنے جان و مال سے اس معاملے میں دریغ نہ کریں گے۔ یہاں تک کہ یا تو اُسکے خون کا بدلہ لیں یا خود ہلاک ہو جائیں۔ شام ہوئی تو اپنے معتمد مشیروں کو مشورے کے لئے طلب کیا معاویہ کے بھائی عتبہ بن ابی سفیان نے کہا کہ مناسب ترین بات یہ ہے کہ عمرو بن عاص سے اس معاملے میں مدد حاصل کی جائے۔ اس کا فہم و فراست جس درجے کا ہے مجھے خوب معلوم ہے مگر عثمان کے قضیہ میں وہ کنارہ کش رہا ہے لہٰذا تیرے معاملے میں بھی وہ شریک نہ ہوگا۔ **سوائے اس کے کہ تو اس کے دین کو قیمت دے کر خرید سکے**۔ لہٰذا معاویہ نے عمرو عاص کو لکھا کہ علیؑ، طلحہ اور زبیر کا قصہ جس طرح ختم ہوا تجھے معلوم ہے ہمارے پاس مروان بن الحکم اور بصرہ سے بھاگ کر آنے والے لوگ موجود ہیں۔ اور جریر بن عبداللہ یہاں علیؑ کی بیعت کا تقاضہ لے کر آیا ہوا ہے۔ میں نے آخری فیصلہ تیرے آنے پر روک رکھا ہے۔ لہٰذا لازم ہے کہ جلد سے جلد تم ادھر روانہ ہو جاؤ تا کہ میں تمہارے مشورے سے اپنا آخری فیصلہ کر سکوں۔ عمرو بن العاص کو یہ خط ملا تو اس نے اپنے بیٹوں عبیداللہ اور محمد کو مشورے کیلئے بلایا۔ عبیداللہ نے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی وہ تجھ سے راضی اور خوش تھے اور اُن کے دونوں خلیفہ بھی تجھ سے راضی رہے۔ اور عثمان جو قتل ہوئے تو تم وہاں حاضر نہ تھے۔ پس بہتر یہی ہے کہ اپنے گھر میں آرام سے قیام کرو۔ خلافت تو آپ کو کسی راہ سے مل نہیں سکتی پھر اس دنیائے قلیل اور فانی

Presented by Ziaraat.Com

کیلئے کیوں معاویہ کی حاشیہ نشینی اختیار کی جائے۔ مرنے کے بعد عنقریب تم دونوں مساوی ہو جاؤ گے۔ دوسرے بیٹے محمد نے کہا کہ تم قریشی بزرگوں میں ہو اور قریشی مہموں اور منصوبوں میں مداخلت کرنے کا تمہیں حق حاصل ہے۔ مناسب نہیں ہے کہ ایسا امر جلیل الشان درپیش ہو اور تم خاموش بیٹھے رہو۔ یہ فعل تمہاری کسرِ شان کا باعث ہوگا۔ لہٰذا بہتر ہے کہ اہل شام کا شریک اور طلب خون عثمان میں اُن کے مددگار بنو۔ اگر ایسا کرو گے تو تم بنی امیہ کے نزدیک عزت وتوقیر کے سزاوار ہو گے۔ عمرو بن العاص نے کہا کہ اَے بیٹے عبیداللہ تو نے وہ رائے دی ہے جو باعتبار آخرت میرے لئے مفید ہے اور اَے بیٹے محمد تو نے وہ رائے دی ہے جو دنیا میں منزل مقصود تک پہنچا دے۔ میں دونوں صورتوں پر غور کرونگا۔ روضۃ الصفا کی تحریر کے مطابق جس زمانہ میں عثمان کا محاصرہ کیا ہوا تھا تو عمرو بن عاص اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ مدینہ سے فلسطین چلا گیا تھا۔ وہاں ایک کاھن تھا جو آئندہ کے حالات بتا دیا کرتا تھا۔ ایک دن عمرو عاص نے اس سے کہا کہ عثمان کے نتیجہ میں تم کیا کہتے ہو؟ اس نے کہا کہ بلاشبہ وہ قتل کیا جائے گا۔ پھر پوچھا کہ خلافت کس کو ملے گی اس نے کہا کہ ایسے شخص کو کہ چشم فلک قیامت تک اس کی مثال ونظیر نہ دیکھ سکے گی۔ مگر ساری امت کے متفق ہونے سے پہلے ہی وہ تیغ ستم سے شہید کر دیا جائیگا۔ اور اسلام کی بادشاہت اس شخص کے ہاتھ آئیگی جو اس زمانے میں ملک شام کا حاکم ہوگا۔ اُس روز سے عمرو عاص کے دل میں یہ پیش گوئی نقش ہو کر رہ گئی تھی۔ عبیداللہ اور محمد کے مشوروں کے بعد جب رات ہوئی تو عمرو عاص نے اپنے کچھ اشعار کو بار بار پڑھنا اور دھرانا شروع کیا۔ یہ حالت دیکھ کر اُسکے بیٹے محمد نے کہا کہ اب عمرو نہیں رکتا ضرور شام جائے گا۔ عمرو بن العاص کا ایک غلام تھا اس کا نام وردان تھا عقل وبصیرت میں جواب نہ رکھتا تھا اُسی حالت تردد میں عمرو نے وردان سے کہا کہ شام چلنے کی تیاری کرو۔ تھوڑی دیر بعد وردان کو شام کی تیاری سے منع کر دیا۔ وردان نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے تم اُدھیڑ بُن میں لگے ہوئے ہو اور تمہارا دماغ ٹھیک کام نہیں کر رہا ہے۔ اگر تم اجازت دو تو میں تمہارے دل کا حال بیان کروں۔ عمرو نے اجازت دی تو وردان نے کہا اس وقت دنیا اور آخرت تیرے سامنے کھڑی ہیں۔ اور تجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ علیؑ کے ساتھ خالص آخرت ہے دنیا نہیں ہے اور معاویہ کیساتھ صرف خالص دنیا ہے آخرت نہیں ہے۔ اور تُو ان دونوں حالتوں میں اُلجھا ہوا ہے۔ عمرو نے کہا کہ واللہ تو نے خوب اور صحیح میرا مافی الضمیر واضح کیا ہے لہٰذا اَے وردان مجھے مشورہ دو۔ اُس نے کہا کہ میرے نزدیک بہتر یہ ہے کہ تم اپنا دروازہ بند کر کے گھر میں بیٹھ رہو۔ اگر دین کا غلبہ ہوا تو وہ لوگ تجھے معاف کر دیں گے اور اگر دنیا غالب آئی تو اہل دنیا خود تیرے محتاج ہیں۔ تجھ سے وہ لوگ مستغنی نہیں رہ سکتے۔ عمرو نے سُنا مگر ٹال دینا بہتر سمجھا اور شام کیلئے روانہ ہو گیا۔ جب اس مقام پر پہنچا جہاں سے عراق اور شام کی راہیں جدا ہوتی تھیں۔ وردان نے پھر متنبہ کیا کہ یہ راہِ شام ہے اور انتہا اس کی جہنم پر ہے۔ اور یہ عراق کا راستہ ہے جو سیدھا بہشت کو جاتا ہے۔ عمرو نے شام ہی کی راہ اختیار کی اور معاویہ کے پاس پہنچا۔ جب ملاقات ہوئی تو معاویہ نے کہا کہ اَے عمرو عاص مجھے آج رات تین وحشت ناک خبریں پہنچی ہیں۔ جن کی نہ ابتدا ہے نہ انتہا ہے۔ ایک تو یہ کہ محمد بن ابی حذیفہ زندان کو توڑ کر مصر کی طرف نکل گیا ہے اور وہ ہمارے اس دین کیلئے ایک آفت ہے۔ دوسرے قیصر ارادہ کرتا ہے کہ شام پر حملہ آور ہو۔ تیسرے یہ کہ علیؑ کوفہ میں وارد ہیں۔ اور اس طرف کا قصد رکھتے ہیں۔ عمرو نے کہا کہ ہر چند یہ تینوں باتیں ایک سے ایک سخت اور دشوار ہیں مگر ابن ابی حذیفہ کا تو کچھ تردد نہیں وہ ایک آدمی ہے مع اپنے چند اور ساتھیوں کے۔ اگر کچھ سوار اُس کی طرف بھیج دے گا تو وہ اس کا قصہ پاک کر دیں گے۔ اور قیصر روم کے لئے کچھ رومی لونڈی غلام اور چند سونے چاندی کے برتن تحفہ بھیج دے۔ اور صلح کی درخواست کرو وہ اُسے منظور کر لے گا۔ لیکن علیؑ کا مسئلہ طے ہونے کے قابل نہیں ہے۔ قسم بخدا اَے معاویہ کہ عرب کسی بات میں تجھے اُس کی مانند نہیں جانتے۔ اور قوت وشجاعت میں جو اُن کا حصہ ہے وہ قریش میں سے کسی کو نصیب نہیں ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ جو کچھ علیؑ چاہتے ہیں اُسکے لائق ہیں۔ سوائے اس کے کہ تُو ناانصافی کرے۔ معاویہ نے کہا کہ اَے عمرو میں نے تجھے علیؑ سے جہاد کیلئے طلب کیا ہے جس نے

Presented by Ziaraat.Com

مسلمانوں میں تفرقہ ڈالا ہے اور خداوند تعالیٰ کی نافرمانی کی ہے۔ اور قطع رحم کر کے خلیفہ کو قتل کیا۔ عمرو نے کہا قسم بخدا اَے معاویہ تو کسی طرح علیؑ کا ہمسر نہیں ہوسکتا۔ نہ اُن کا سابقہ تجھے حاصل نہ وہ صحبت اور نہ وہ علم وفقہ۔ باوجود ان باتوں کے وہ قوت وشجاعت میں بھی تمام قریش میں یکتا ہیں۔ معاویہ نے کہا یہ سب کچھ سچ ہے مگر **ہم عوام کو فریب دے سکتے ہیں اور باطل کو حق کے لباس میں جلوہ گر کر سکتے ہیں**۔ لہٰذا اَے عمرو تو بتا کہ علیؑ کے خلاف تو میری کہاں تک مدد کر سکتا ہے؟ عمرو نے کہا کہ اَے معاویہ یہ امر عظیم الشان ہے علیؑ کے ساتھ جنگ کرنا عاقبت کو تباہ کرنے کی بات ہے۔ لہٰذا اگر میں اس میں مدد کروں تو تُو میرے لئے کیا وعدہ کرتا ہے؟ معاویہ نے کہا کہ جو کچھ تُو کہے۔ عمرو نے مملکت مصر کی خواہش ظاہر کی۔ اس پر معاویہ نے کہا کہ عرب یہ کہیں گے کہ عمرو عاص دنیا کی طمع میں تمہارا شریک ہوا ہے عمرو نے کہا کہ **دَعْهَا عَنْکَ** یعنی اس قصہ کو دفع کرو۔ اس سلسلے میں ابن ابی الحدید کا استاد شیخ ابوالقاسم کہتا ہے کہ اس کلمہ سے کنایۃً بلکہ صریحاً عمرو عاص کا ملحد اور بے دین ہونا واضح ہے۔ اس لئے دَعْهَا عَنْکَ سے مطلب یہ ہے کہ دین کے قصہ کو چھوڑ دے یہ بے اصل باتیں ہیں اور یہ کہ آخرت کا اعتقاد رکھنا اور یہ کہنا کہ دنیا کے بدلے میں آخرت کو نہ بیچنا چاہئے محض خرافات ہیں۔ پھر معاویہ نے دوسرا بہانہ کیا کہ اَے عمرو عاص مصر تو عراق کے برابر ہے تجھے کیسے دینے کا وعدہ کرلوں؟ عمرو نے کہا کہ یہ سچ ہے مگر مصر اس وقت تو تیرے قبضے میں نہیں ہے تجھے مصر تب ملے گا جب عراق فتح ہو چکے۔ اور عراق کو علیؑ پر غالب آئے بغیر فتح نہیں کیا جاسکتا۔ اُسی وقت اس کا بھائی عتبہ بن ابی سفیان داخل ہوا اور کہا کہ تو راضی نہیں کہ عمرو بن العاص جیسے شخص کو مصر کے عیوض خرید لے؟ حالانکہ مصر ابھی تک تیرے ہاتھ میں نہیں ہے۔ بلکہ ہوسکتا ہے کہ ملک شام بھی تیرے قبضے سے نکل جائے۔ یعنی مفت اُدھار بھی عمرو عاص کو خریدنا مہنگا سمجھ رہا ہے؟ یہ سن کر معاویہ نے روٹھ کر گئے ہوئے عمرو عاص کو پھر بلوایا۔ اور مصر دینے کا پختہ وعدہ کر کے عمرو بن العاص سے بیعت لی اور اس وعدہ کو دستاویز کی صورت میں لکھا گیا۔ کہا گیا ہے کہ اس معاہدہ کا حال سن کر مروان کو طیش آ گیا اور معاویہ سے کہا کہ عمرو عاص کو مصر کے بدلے میں خریدا جائے اور ہماری مفت میں بیعت لے لی جائے؟ معاویہ نے کہا کہ میں یہ سب خرید وفروخت تم ہی لوگوں کیلئے تو کر رہا ہوں یہ سن کر مروان خوش ہو گیا۔'' یہ تھا عمرو عاص کے دین فروخت کرنے کا قصہ یہ تھی عمرو کے دین کی قیمت۔ بہرحال معاویہ کو عمرو ایسا شخص مل گیا۔

## ( نمبر 40) خط <u>اِلٰی بَعْضِ عُمَّالِہٖ: ایک گورنر کے نام (یہ گورنر عبداللہ ابن عباس تھا اُس کا نام چھپایا گیا ہے)</u>

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَقَدْ بَلَغَنِیْ عَنْکَ اَمْرٌ اِنْ کُنْتَ فَعَلْتَهٗ فَقَدْ اَسْخَطْتَ رَبَّکَ ؛ | 1 | بعد از حمد وثنائے خدا اور سوّل معلوم کرو کہ مجھے تمہارے متعلق ایک ایسی اطلاع ملی ہے کہ اگر تو نے وہ کام کیا ہو تو یقیناً تم نے اپنے پروردگار کو ناراض وخفا کیا ہے؛ |
| وَعَصَيْتَ اِمَامَکَ ؛ | 2 | اور اپنے امامؑ کی نافرمانی کی ہے؛ |
| وَاَخْزَيْتَ اَمَانَتَکَ ؛ | 3 | اور اپنی امانت اور دیانت داری کو رسوا اور بدنام کیا ہے؛ |
| بَلَغَنِیْ اَنَّکَ جَرَّدْتَ الْاَرْضَ فَاَخَذْتَ مَاتَحْتَ قَدَمَيْکَ ؛ | 4 | یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ تم نے سرکاری زمین کو اجاڑ کر دیا ہے۔ اور جو کچھ تیرے قبضے اور قدموں میں تھا اُسے اپنے ذاتی استعمال کے لئے قبضے میں لے لیا ہے؛ |
| وَاَكَلْتَ مَاتَحْتَ يَدَيْکَ ؛ | 5 | اور جو تیرے ہاتھوں کی گرفت میں تھا اُسے تُو کھا گیا ہے؛ |
| فَارْفَعْ اِلَیَّ حِسَابَکَ ؛ | 6 | لہٰذا تم فوراً اپنا حساب ملاحظہ کے لئے مجھے بھیجو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاعْلَمْ اَنَّ حِسَابَ اللّٰهِ اَعْظَمُ مِنْ حِسَابِ النَّاسِ ، وَالسَّلَامَ ۔ | 7 | اور یہ سمجھ لو کہ انسانوں کا حساب لینے سے اللہ کا حساب لینا کہیں زیادہ سخت و عظیم ہے۔والسلام |

**تشریح:۔** ہمیں تشریح میں صرف اس قدر کہنا کہ شیعہ شارحین ومترجمین نے عبداللہ ابن عباس سے غلط عقیدت کی بنا پر اور قریشی تاریخوں کے افسانوں کی وجہ سے یہاں عبداللہ ابن عباس کا نام چھپانے کی خیانت کی ہے۔اور ہم نے خط نمبر (20 تا 21) کی ذیل میں خیانت کاروں کو ننگا کر دیا ہے۔اور جناب علی مرتضی علیہ السلام نے جو کچھ عبداللہ ابن عباس کو لکھا ہے وہ تمام خطوط نقل کر دئے اس سلسلے کی ساری تفصیل ڈاکٹر طٰہٰ حسین کے قلم سے پیش کر دی ہے اور یہ دکھا دیا تھا کہ عباس کا ہمارے خاندان یعنی خاندانِ رسولؐ اور نسل ابراہیم علیہ السلام سے کوئی تعلق، کوئی رشتہ یا رشتہ داری کبھی نہیں رہی ہے۔یہ ایک قریشی سازش تھی جس سے انہوں نے قریش کو نسلِ ابرہیم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کے رشتہ دار بنا کر مشہور کر دیا تھا اور یہ کہ جن لوگوں نے اپنا نام قریش رکھ لیا تھا وہ بھان متی کے کنبہ کی مانند تھی یعنی: <u>کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا۔ بھان متی نے کنبہ جوڑا۔</u>

# ( نمبر 41) خط

## <u>اِلٰی بَعْضِ عُمَّالِهٖ: بعض گورنر کے نام (پھر عبداللہ ابن عباس کو خط کی زد سے بچایا ہے)</u>

<u>1۔ مصنوعی اعتماد واعتبار قائم کرنیوالوں سے کتنا نقصان پہنچ سکتا ہے</u>

<u>2۔قریش کے بڑے سے بڑے مہاجر اور نیک لوگوں پر بھی سو فیصد بھروسہ نہیں کیا جاسکتا</u>

<u>3۔ قریشی مومنین کتنی بے دردی سے کینہ پروری کر سکتے تھے؟</u>

<u>4۔معصومین کو ظاہری حالات پر عمل کرنا لازم تھا خواہ باطنی حالات کچھ بھی ہوں</u>

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَاِنِّیْ كُنْتُ اَشْرَكْتُكَ فِیْ اَمَانَتِیْ ؛ | 1 | بعد از حمد وثنائے خدا اور سوال سنو کہ میں نے تمہیں اپنی حکومت کی امانت میں شریک رکھا ہے |
| وَجَعَلْتُكَ شِعَارِیْ وَبِطَانَتِیْ ؛ | 2 | اور تمہیں اپنے رازوں میں اور اپنے اعمال اور ذمہ داریوں میں شریک کیا ہے؛ |
| وَلَمْ یَكُنْ فِیْ اَهْلِیْ رَجُلٌ اَوْثَقَ مِنْكَ فِیْ نَفْسِیْ لِمُوَاسَاتِیْ وَمَوَازَرَتِیْ وَاَدَآءِ الْاَمَانَةِ اِلَیَّ؛ | 3 | اور اپنے اسٹاف (اراکین حکومت) میں تمہیں سب سے زیادہ ہمدرد و مددگار اور امانت دار اور ذمہ داری کا بوجھ اٹھانے والا سمجھتا رہا ہوں ۔اور یہ کہ تم سپرد شدہ امانت کو سب سے زیادہ ذمہ داری کے ساتھ مجھے ادا کرتے رہو گے؛ |
| فَلَمَّا رَاَیْتَ الزَّمَانَ عَلَی ابْنِ عَمِّكَ قَدْ كَلِبَ ؛ | 4 | اسکے باوجود جب تم نے دیکھا کہ تمہارے چچازاد بھائی پر زمانہ کی سختیاں ٹوٹ پڑی ہیں؟ |
| وَالْعَدُوَّ قَدْ حَرِبَ ؛ | 5 | اور اُس کے تمام دشمن اُس سے برسر جنگ ہیں؛ |
| وَاَمَانَةَ النَّاسِ قَدْ خَزِیَتْ ؛ | 6 | اور امانتیں لوٹی اور رسوا کی جارہی ہیں؛ |
| وَهٰذِهِ الْاُمَّةَ قَدْ فُتِكَتْ وَشَغَرَتْ ؛ | 7 | اور یہ اُمت بے راہ روی اور پراگندگی میں مبتلا ہو چکی ہے؛ |
| قَلَبْتَ لِابْنِ عَمِّكَ ظَهْرَ الْمِجَنِّ ؛ | 8 | تو تم نے بھی اپنے چچازاد بھائی سے منھ موڑ لیا؛ |
| فَفَارَقْتَهُ مَعَ الْمُفَارِقِیْنَ ؛ | 9 | لہٰذا تم نے بھی اسے چھوڑ کر باقی چھوڑنے والوں میں شرکت کر لی؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَخَذَلْتَهُ مَعَ الْخَاذِلِيْنَ ؛ | 10 | اورتم نے بھی اسے باقی لوگوں کی طرح بے یارومددگار تنہا چھوڑ جانا پسند کرلیا؛ |
| وَخُنْتَهُ مَعَ الْخَائِنِيْنَ ؛ | 11 | اور باقی خیانت کاروں کے ساتھ مل کرتم نے بھی اپنے بھائی کے ساتھ خیانت کرلی؛ |
| فَلَا ابْنَ عَمِّکَ اٰسَيْتَ ؛ | 12 | لہٰذا نہ تم نے اپنے بھائی سے ہمدردی کا ثبوت دیا؛ |
| وَلَا الْاَمَانَةَ اَدَّيْتَ ؛ | 13 | اور نہ ہی اس کی امانت کو ادا کیا؛ |
| وَكَاَنَّکَ لَمْ تَكُنِ اللّٰهَ تُرِيْدُ بِجِهَادِکَ ؛ | 14 | اور گویا تمہارے جہاد کرنے میں اللہ کی رضامندی مطلوب نہ تھی؛ |
| وَكَاَنَّکَ لَمْ تَكُنْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّکَ ؛ | 15 | اور گویا جہاد کیلئے تمہارے سامنے اللہ کیطرف سے کوئی روشن وواضح دلیل بھی نہ تھی؛ |
| وَكَاَنَّکَ اِنَّمَا كُنْتَ تَكِيْدُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ عَنْ دُنْيَاهُمْ؛ | 16 | اور گویا تمہارے سامنے اس کے علاوہ اور کوئی مقصد نہ تھا کہ تم اس امت کو دھوکہ اور فریب دے کر اُس کی دنیا اور مال لوٹ لو؛ |
| وَتَنْوِىْ غِرَّتَهُمْ عَنْ فَيْئِهِمْ ؛ | 17 | اور اُمت کا مال ومتاع چھین لینے کے لئے اس کے غافل ہوجانے کا موقع تلاش کرتے رہے؛ اور |
| فَلَمَّا اَمْكَنَتْکَ الشِّدَّةُ فِىْ خِيَانَةِ الْاُمَّةِ اَسْرَعْتَ الْكَرَّةَ ؛ | 18 | جیسے ہی تمہیں امت کے مال میں بھرپور خیانت کرنے کا موقع ملا تو تم بڑی تیزی سے حملہ آور ہوگئے؛ |
| وَعَاجَلْتَ الْوَثْبَةَ ؛ | 19 | اور جلدی سے لوٹ مار مچادی؛ |
| وَاخْتَطَفْتَ مَاقَدَرْتَ عَلَيْهِ مِنْ اَمْوَالِهِمُ الْمَصُوْنَةِ لِاَرَامِلِهِمْ وَاَيْتَامِهِمِ اخْتِطَافَ الذِّئْبِ الْاَزَلِّ دَامِيَةَ الْمِعْزَى الْكَسِيْرَةَ ؛ | 20 | اور جتنا تجھ سے بن پڑا اپنے مقدور بھر اُن کے ایسے اموال کو ہڑپ کرلیا جو بیواؤں اور یتیموں کیلئے محفوظ رکھا ہوا تھا۔ اور اُسی طرح جھپٹے مارے جس طرح ایک تیز وتند بھیڑیا ایک زخمی اور خوفزدہ بکری کو اُٹھالے جاتا ہے؛ |
| فَحَمَلْتَهُ اِلَى الْحِجَازِ رَحِيْبَ الصَّدْرِ بِحَمْلِهِ ؛ | 21 | پھر تم نے خوشی خوشی اس لوٹ کے مال کو حجاز روانہ کردیا اور تجھے، |
| غَيْرَ مُتَاَثِّمٍ مِنْ اَخْذِهٖ ؛ | 22 | ذرہ برابر بھی احساسِ گناہ نہ ہوا کہ میں مال حرام بھیج رہا ہوں؛ |
| كَاَنَّکَ ـ لَااَبَالِغَيْرِکَ حَدَرْتَ اِلٰى اَهْلِکَ تُرَاثَکَ مِنْ اَبِيْکَ وَاُمِّکَ ؛ | 23 | گویا تو یہ محسوس کررہا تھا کہ حرام کی اولاد تو تیرے سوا کوئی اور ہے اور تو اپنے ماں باپ سے ورثہ میں پایا ہوا مال اپنے اہل وعیال کو بھیج رہا ہے؛ |
| فَسُبْحَانَ اللّٰهِ ! اَمَاتُؤْمِنُ بِالْمَعَادِ ؟ | 24 | سبحان اللہ تمہاری بے دینی پر۔ کیا تو قیامت میں مواخذہ پر ایمان نہیں رکھتا ہے؟ |
| اَوْمَاتَخَافُ نِقَاشَ الْحِسَابِ ؟ | 25 | یا تو قیامت کے روز کے حساب کتاب سے بھی نہیں ڈرتا ہے؟ |
| اَيُّهَا الْمَعْدُوْدُ كَانَ عِنْدَنَا مِنْ ذَوِى الْاَلْبَابِ ؛ | 26 | اَے وہ شخص جسے ہم دانشوروں میں سمجھتے تھے، |
| كَيْفَ تُسِيْغُ شَرَابًا وَّطَعَامًا وَّاَنْتَ تَعْلَمُ اَنَّکَ تَاْكُلُ حَرَامًا وَّتَشْرَبُ حَرَامًا ؟ | 27 | تجھے وہ کھانا اور پینا کیسے بھلا لگتا ہے جس کے متعلق تمہیں معلوم ہے کہ وہ حرام ہے اور تم حرام ہی کو کھا رہے ہو اور حرام ہی کو پی رہے ہو؟ |
| وَتَبْتَاعُ الْاِمَآءَ وَتَنْكِحُ النِّسَآءَ مِنْ مَّالِ الْيَتَامٰى | 28 | اور تم اس مال سے کنیزیں خریدتے ہو۔ جو یتیموں مسکینوں اور بیواؤں اور مومنین اور |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدِيْنَ الَّذِيْنَ اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ هٰذِهِ الْاَمْوَالَ ؛ | | مجاہدین کا مال ہے جنہیں اللہ نے یہ اموال واپس دلائے ہیں؛ |
| وَاَحْرَزَ بِهِمْ هٰذِهِ الْبِلَادَ ؛ | 29 | اور جن کے ذریعہ اللہ نے ان شہروں کا تحفظ کرایا تھا؛ |
| فَاتَّقِ اللّٰهَ وَارْدُدْ اِلٰى هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ اَمْوَالَهُمْ ؛ | 30 | چنانچہ تم اللہ سے بچ کر رہو اور ذمہ داری اختیار کرلو اور تمام ہڑپ کیا ہوا مال اسی قوم کو واپس کردو جو میں بیان کر چکا ہوں؛ |
| فَاِنَّكَ اِنْ لَمْ تَفْعَلْ ثُمَّ اَمْكَنَنِى اللّٰهُ مِنْكَ لَاُعْذِرَنَّ اِلَى اللّٰهِ فِيْكَ ؛ | 31 | چنانچہ اگر تم نے ایسا نہ کیا اور پھر اللہ نے مجھے تم پر قدرت اور تسلط دے دیا تو میں خود کو اللہ کے حضور تمہارے معاملے میں سرخرو کروں گا (اور وہ مال واپس لوں گا)، |
| وَلَاَضْرِبَنَّكَ بِسَيْفِىَ الَّذِىْ مَاضَرَبْتُ بِهٖ اَحَدًا اِلَّادَخَلَ النَّارَ ؛ | 32 | اور اپنی اسی تلوار سے تمہیں ماروں گا جس کا وار میں نے جس کسی پر بھی لگایا وہ سیدھا جہنم میں پہنچا ہے؛ |
| وَاللّٰهِ لَوْ اَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَعَلَا مِثْلَ الَّذِى فَعَلْتَ مَاكَانَتْ لَهُمَا عِنْدِىْ هَوَادَةٌ ؛ | 33 | اور قسم بخدا اگر حسنؑ اور حسینؑ بھی وہی کچھ کرتے جو کچھ تم نے کیا ہے تو میں اُن کے ساتھ بھی کوئی رعایت نہ کرتا اور نہ وہ مجھ سے اپنی کوئی سفارش منوا سکتے؛ |
| وَلَا ظَفِرَ مِنِّىْ بِاِرَادَةٍ ؛ | 34 | اور نہ مجھے میرے ارادے سے پھرا سکتے؛ |
| حَتّٰى اٰخُذَ الْحَقَّ مِنْهُمَا؛ | 35 | یہاں تک کہ میں اُن سے حق کو واپس لے لیتا؛ |
| وَاُزِيْلَ الْبَاطِلَ عَنْ مَظْلَمَتِهِمَا ؛ | 36 | اور اُن کے کئے ہوئے ظلم سے پیدا ہونے والے باطل نتائج کو مٹا دیتا؛ |
| وَاُقْسِمُ بِاللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ : مَايَسُرُّنِىْ اَنَّ مَااَخَذْتَهُ مِنْ اَمْوَالِهِمْ حَلَالٌ لِّىْ اَتْرُكُهُ مِيْرَاثًا لِّمَنْ بَعْدِىْ ؛ | 37 | اور میں رب العالمین کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہ مال جو تم نے حرام طریقہ پر ہڑپ کر لیا ہے اگر میرے لئے حلال ذریعہ سے آیا ہوتا تو بھی مجھے اسکو اپنے وارثوں کیلئے بطور ترکہ چھوڑنے میں بھی کوئی خوشی نہ ہوتی (یعنی میں مال جمع ہی نہ ہونے دیتا) |
| فَضَحِّ رُوَيْدًا فَكَاَنَّكَ قَدْ بَلَغْتَ الْمَدٰى ؛ | 38 | تم ذرا ہوش سنبھالو اور سوچو کہ تم اپنی عمر کے آخری دور سے گذر رہے ہو؛ |
| وَدُفِنْتَ تَحْتَ الثَّرٰى ؛ | 39 | اور حقیقتاً مٹی کے نیچے دفن ہو چکے ہو؛ |
| وَعُرِضَتْ عَلَيْكَ اَعْمَالُكَ بِالْمَحَلِّ الَّذِىْ يُنَادِى الظَّالِمُ فِيْهِ بِالْحَسْرَةِ ؛ وَيَتَمَنَّى الْمُضَيِّعُ فِيْهِ الرَّجْعَةَ ؛ | 40 | اور تمہارے تمام اعمال تمہارے سامنے پیش کئے جا رہے ہیں۔ اور وہ ایسا مقام ہوگا جہاں ظالم حسرت و یاس سے فریاد کر رہے ہوں گے۔ اور یوں عمر کو برباد کرنے والے دنیا میں پلٹ کر جانے کی تمنا کر رہے ہوں گے؛ |
| وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۔ | 41 | حالانکہ اس وقت اللہ کے انتقام و عذاب سے بھاگنے اور پناہ لینے کا موقع نہ ہوگا۔ |

**تشریح:۔** عبداللہ ابن عباس کی غداریاں ہم نے ڈاکٹر طٰہٰ حسین مرحوم کے قلم سے خطوط نمبر 21-20 کی تشریحات میں بیان کر دئے ہیں۔ یہاں ڈاکٹر طٰہٰ حسین کی شکایت کرنا چاہتے ہیں اور شکایت یہ ہے کہ اُنہوں نے بھی عبداللہ ابن عباس کی طرفداری کی ہے۔ یعنی اُنہوں نے جو حضرت علیؑ اور عبداللہ بن عباس کی خط و کتابت نقل کی ہے اُس میں خط نمبر 41 کے بعض ایسے جملوں کو نہیں لکھا جن سے عبداللہ کی مذمت اور غدّاری میں سنگینی پیدا ہوتی تھی۔ یعنی طٰہٰ

Presented by Ziaraat.Com

حسین نے عبداللہ کی عزت بچانے میں کافی کوشش کی ہے اور کیوں نہ ہو جبکہ طٰہٰ حسین خلافتِ قریش کو برحق مانتے ہیں اُنکی تمام اسکیموں اور منصوبوں کو صحیح مانتے ہیں اور اسی بنا پر وہ سُنی المذہب ہیں۔ مگر نہج البلاغہ سے متعلق شیعہ علما سے ہزار درجہ بہتر ہیں جنہوں نے عبداللہ ابن عباس کو حضرت علی علیہ السلام کی زد اور جرائم سے بچانے کیلئے عبداللہ بن عباس کا نام بھی چھپا دیا ہے اور نہج البلاغہ کے قاریوں کو یہ پتہ نہ چلنے دیا کہ خطوط نمبر 41۔40 عبداللہ بن عباس کے نام لکھے گئے تھے۔ بہرحال ہم نے یہ پردہ ھٹا دیا اور ڈاکٹر طٰہٰ کی مدد سے عبداللہ ابن عباس کی خیانت، محسن کشی اور غداری **الم نشرح** کر دی ہے۔ اور اگر کچھ بچا تھا تو زیرِ نظر خط (نمبر 41) سے صاف ہو جاتا ہے اس میں عبداللہ کو حرامخور (جملہ 28۔27) فرمایا واجب القتل اور جہنمی کہا ہے (33۔32) ہم محمدؐ و آل محمدؐ کے ساتھ زیادتی کرنیوالے اور انکے دشمنوں سے رعایت کرنے کو معاف نہیں کرتے۔

## ( نمبر 42) خط اِلٰی عُمَرِ ابْنِ اَبِیْ سَلَمَۃَ الْمَخْزُوْمِیِّ، وَ کَانَ عَامِلُہٗ عَلَی الْبَحْرَیْنِ فَعَزَلَہٗ، وَاسْتَعْمَلَ نُعْمَانَ ابْنَ عَجْلَانَ الزُّرَقِیَّ مَکَانَہٗ :

**یہ خط جناب عمر ابنؓ ابی سلمہ مخزومی کو لکھا گیا تھا جب کہ وہ بحرین کے گورنر تھے اور حضرت علی علیہ السلام ملک شام پر حملہ کرنے کے لئے اُنہیں اپنے ساتھ لے جانا چاہتے تھے۔ اور اُن کی جگہ نعمانؓ بن عجلان کو بحرین کا گورنر بنا کر بھیجا تھا**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَاِنِّیْ قَدْوَلَّیْتُ نُعْمَانَ ابْنَ عَجْلَانَ الزُّرَقِیَّ عَلَی الْبَحْرَیْنِ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوّل کے بعد معلوم ہو کہ میں نے نعمان ابن عجلان زُرقی کو بحرین کا حکمران مقرر کر دیا ہے؛ |
| وَنَزَعْتُ یَدَکَ بِلَاذَمٍّ لَکَ وَلَا تَثْرِیْبٍ عَلَیْکَ ؛ | 2 | اور بلا کسی الزام اور کوتاہی اور تمہاری اہلیت میں خامی دیکھتے ہوئے تمہیں حکومت سے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ اور تمہارے خلاف کوئی باز پرس بھی نہیں ہے؛ |
| فَلَقَدْ اَحْسَنْتَ الْوِلَایَۃَ ؛ | 3 | حقیقت یہ ہے کہ تم نے نہایت عمدہ اور کامیاب طریقے سے حکومت کی ہے؛ |
| وَاَدَّیْتَ الْاَمَانَۃَ ؛ | 4 | اور اپنی سپردہ امانت کو ٹھیک ٹھیک ادا کیا ہے؛ |
| فَاَقْبِلْ غَیْرَ ظَنِیْنٍ وَّلَامَلُوْمٍ ؛ | 5 | چنانچہ تم میرے پاس آ جاؤ نہ تم پر کوئی بدگمانی ہے نہ ملامت کی کوئی بات ہے؛ |
| وَّلَامُتَّھَمٍ وَّلَامَاْثُوْمٍ ؛ | 6 | نہ تم پر کوئی تہمت ہے نہ تم خطا کار ہو؛ |
| فَلَقَدْ اَرَدْتُّ الْمَسِیْرَ اِلٰی ظَلَمَۃَ اَھْلِ الشَّامِ ؛ | 7 | حقیقت یہ ہے کہ میں نے ملک شام کے ظالموں پر فوج کشی کا ارادہ کر لیا ہے؛ |
| وَاَحْبَبْتُ اَنْ تَشْھَدَ مَعِیْ ؛ | 8 | اور مجھے تمہارا اپنے ساتھ ساتھ رہنا محبوب ہے؛ |
| فَاِنَّکَ مِمَّنْ اَسْتَظْھِرُ بِہٖ عَلٰی جِھَادِ الْعَدُوِّ وَاِقَامَۃِ عَمُوْدِ الدِّیْنِ ؛ اِنْشَآءَ اللّٰہُ ۔ | 9 | کیونکہ تم اُن لوگوں میں سے ہو جن کو جہاد میں ساتھ لیکر دشمن پر غلبہ پایا جا سکتا ہے اور جنکی مدد سے دین کے ستون قائم کئے جا سکتے ہیں۔ انشاءاللہ۔ |

**تشریح:** یہاں یہ بتانا ہے کہ جناب عمر ابن ابی سلمہؓ اور جناب نعمانؓ دونوں پسندیدہ صحابہ میں سے تھے۔ جناب عمر ابن ابی سلمہؓ کو کتابوں میں عمر و لکھا گیا ہے جو غلط ہے اور جناب نعمان انصاری تھے اور وہاں بزرگوں میں شمار ہوتے تھے۔ دونوں حضرات کو علما نے بہترین اور معتبر راویانِ حدیث میں شمار کیا ہے۔ یہ حضرات محمدؐ و آل محمد سلام اللہ علیہم کے نہ صرف ہمدرد و فدا کار تھے بلکہ تبلیغ دین میں خاص مقام رکھتے تھے اِن سے ہمیں کوئی شکایت نہیں ہے۔ رضی اللہ عنھما

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر43) خط

## اِلٰی مَصْقَلَۃَ ابْنِ ھُبَیْرَۃَ الشَّیْبَانِیِّ وَھُوَ عَامِلُہٗ عَلٰی اَرْدَشِیْرِ خَرَّۃَ:

مَصْقَلہ بن ھُبَیرہ شیبانی کے نام جو صوبہ اردشیر خرہ پر آپؑ کا گورنر تھا (مال کی غلط تقسیم پر تنبیہ فرمائی ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| بَلَغَنِیْ عَنْکَ اَمْرٌ اِنْ کُنْتَ فَعَلْتَہٗ فَقَدْ اَسْخَطْتَ اِلٰھَکَ ؛ | 1 | مجھے تمہارے متعلق ایسی خبر ملی ہے کہ اگر تم نے وہ کام کیا ہو تو تم نے اپنے معبود کو خفا کر دیا ہے؛ |
| وَاَغْضَبْتَ اِمَامَکَ : | 2 | اور اپنے امامؑ کو بھی غضبناک کیا ہے؛ |
| اَنَّکَ تَقْسِمُ فَیْءَ الْمُسْلِمِیْنَ الَّذِیْ حَازَتْہُ رِمَاحُھُمْ وَخُیُوْلُھُمْ ؛ | 3 | اور وہ خبر یہ ہے کہ تم نے مسلمانوں کے اُس مال فے کو کہ جسے ان کے نیزوں کی بھالوں نے اور گھوڑوں کی دوڑ بھاگ نے حاصل کیا تھا؛ |
| وَاُرِیْقَتْ عَلَیْہِ دِمَاؤُھُمْ ؛ | 4 | اور جس کو لینے کے لئے ان کے خون بہے تھے (اس مال کو) |
| فَیُمَنِ اعْتَامَکَ مِنْ اَعْرَابِ قَوْمِکَ ؛ | 5 | تو اپنی قوم کے گنواروں میں تقسیم کر رہا ہے اسلئے کہ وہ بدّو تیرے طرفدار ہیں؛ |
| فَوَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّۃَ وَبَرَاَ النَّسَمَۃَ ؛ | 6 | چنانچہ اسی ذات کی قسم جس نے بیجوں کو پھاڑ کر پودے اگائے، اور جانداروں کو پیدا کیا ہے؛ |
| لَئِنْ کَانَ ذٰلِکَ حَقًّا لَّتَجِدَنَّ بِکَ عَلَیَّ ھَوَانًا ؛ | 7 | اگر وہ تقسیم ایک حقیقت نکلی تو تم میری نگاہ میں بالکل گھٹیا درجہ کے آدمی رہ جاؤ گے؛ |
| وَّلَتَخِفَّنَّ عِنْدِیْ مِیْزَانًا ؛ | 8 | اور تمہارے اعمال و کردار و طرزِ حکومت کا پلڑا ہلکا ہو کر رہ جائے گا۔ |
| فَلَا تَسْتَھِنْ بِحَقِّ رَبِّکَ ؛ | 9 | چنانچہ تم اپنے پروردگار کے حق کو معمولی اور ادنیٰ نہ سمجھا کرو؛ |
| وَلَا تُصْلِحْ دُنْیَاکَ بِمَحْقِ دِیْنِکَ ؛ | 10 | اور دین کو بھینٹ چڑھا کر اپنی دنیا نہ سنوارو؛ |
| فَتَکُوْنَ مِنَ الْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالاً ؛ | 11 | ورنہ سمجھ لو کہ اعمال کے معاملے میں تم نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جاؤ گے؛ |
| اَلَا وَاِنَّ حَقَّ مَنْ قِبَلَکَ وَقِبَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ فِیْ قِسْمَۃِ ھٰذَا الْفَیْءِ سَوَآءٌ : | 12 | خبردار ہو کر سنو کہ تمہارے اور میرے سامنے جتنے بھی مسلمان ہیں فے کے اس مال کی تقسیم میں برابر کے حقدار و حصہ دار ہیں؛ |
| یَرِدُوْنَ عِنْدِیْ عَلَیْہِ ؛ | 13 | اسی قاعدے کے مطابق وہ مال لینے کے لئے میرے پاس آتے ہیں؛ |
| وَیَصْدُرُوْنَ عنہُ ۔ | 14 | اور اُسے لے کر چلے جاتے ہیں۔ |

**تشریح:۔** جنگ نہروان سے جو خارجی زندہ بچ گئے اُنہوں نے معاویہ کی بتائی ہوئی اسکیم کے ماتحت دیہات اور شہروں میں پھیل کر ایسے لوگوں کو اپنا ہمنوا بنانا شروع کیا جو دین سے کسی طرح بیزار تھے یا زکوۃ ادا کرنا پسند نہ کرتے تھے یا اُنہیں جزیہ دینا ناگوار تھا۔ ایسے گروہ جمع کر کے لوٹ مار و قتل و غارت شروع کر دیتے تھے۔ چنانچہ خریت نام کا ایک خارجی ملک میں قتل و غارت کرتا پھرتا تھا۔ حضرت علی علیہ السلام نے اُس کے فتنے کو ختم کرنے کے لئے جناب معقل بن قیس کو تعینات فرمایا تھا جس نے آخر خریت کو قتل کر دیا۔ اُس کے گروہ کے تمام مردوں اور عورتوں کو گرفتار کر لیا جو پانچ سو کے قریب تھے۔ ان سب

Presented by Ziaraat.Com

کو لئے ہوئے جب وہ اردشیر خرہ پہنچا تو اُن قیدیوں نے اردشیر خرہ کے گورنر مصقلہ کے سامنے فریاد کی کہ ہمیں رہا کرادو۔ اُس نے معقل بن قیس سے کہا کہ آپ یہ سب قیدی میرے ہاتھ فروخت کردیں میں پانچ لاکھ درہم حضرت علی علیہ السلام کو ارسال کردوں گا اور پہلی قسط فوراً روانہ کرتا ہوں۔ معقل بن قیس نے اِن غیر مسلم باغیوں کو مصقلہ کے سپرد کردیا اور اُس نے اُن قیدیوں کو رہا کردیا۔ جب جناب معقل بن قیس کوفہ میں حضور علیہ السلام کے حضور پہنچے تو یہ سارا قصہ بھی بیان کردیا اور حضرت علی علیہ السلام نے پسند کیا اور اس اقدام کو سراہا۔ کچھ دن تک مذکورہ و موعودہ قسط کی رقم کا انتظار فرمایا۔ آخر حضورؑ نے پیغام بھیجا کہ یا تو رقم بھیجو یا خود حاضری دو۔ چنانچہ مصقلہ حاضر ہوا اور دو لاکھ درہم پیش کردئے اور واپس جا کر معاویہ کی پناہ لے لی۔ اس نے مصقلہ کو طبرستان کا حاکم بنا دیا تھا۔ لہٰذا باقی رقم کے لئے مندرجہ بالا خط لکھا گیا ہے۔ ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے بھی یہ سارا قصہ لکھا ہے۔ جب حضرت علی علیہ السلام کو مصقلہ کا فرار کر جانا معلوم ہوا تو فرمایا: ''اللہ مصقلہ کا برا کرے کام تو اُس نے شریفوں ایسا کیا تھا۔ لیکن غلاموں کی طرح بھاگ نکلا۔''

مصقلہ کے بھائی نعیم بن ھبیرہ شیبانی حضرت علی علیہ السلام کے پختہ کار صحابی تھے اور مصقلہ کو بہت ملامت انگیز خط لکھا تھا۔ مصقلہ نے انہیں بھی حضرت علی علیہ السلام سے توڑنا اور معاویہ سے جوڑنا چاہا تھا۔ لیکن ناکام و نامراد رہا اور زندگی بھر معاویہ کی خدمت کرتا رہا۔

## ( نمبر 44) خط اِلٰی زِیَادِ ابْنِ اَبِیْہِ وَقَدْ بَلَغَہٗ اَنَّ مُعَاوِیَۃَ کَتَبَ اِلَیْہِ یُرِیْدُ خَدِیْعَتَہٗ بِاسْتِلْحَاقِہٖ

زیاد کے نام علی علیہ السلام نے خط لکھا جب حضورؑ کو معلوم ہوا کہ معاویہ نے زیاد کو خط لکھ کر اپنے خاندان میں شامل کرنے کیلئے دھوکہ دینے کی کوشش کی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ عَرَفْتُ اَنَّ مُعَاوِیَۃَ کَتَبَ اِلَیْکَ یَسْتَزِلُّ لُبَّکَ ؛ | 1 | اور میں یہ پہچان گیا ہوں کہ معاویہ نے تمہیں خط لکھ کر تمہاری سوجھ بوجھ کو ڈگمگانا چاہا ہے؛ |
| وَیَسْتَفِلُّ غَرْبَکَ ؛ | 2 | اور تمہاری تیز فہمی کو سست کرنے کا ارادہ کرلیا ہے؛ |
| فَاحْذَرْہُ فَاِنَّمَا ھُوَ الشَّیْطَانُ : | 3 | تم اُس سے بچ کر رہنا یقیناً وہ ایسا شیطان ہے کہ:۔ |
| یَاْتِی الْمَرْءَ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ ؛ | 4 | آدمی کے سامنے سے بھی۔ پیچھے سے بھی بہکانے کے لئے آتا ہے؛ |
| وَعَنْ یَمِیْنِہٖ وَعَنْ شِمَالِہٖ ؛ | 5 | اور داہنے سے بھی اور بائیں طرف سے بھی تاک لگائے رکھتا ہے؛ |
| لِیَقْتَحِمَ غَفْلَتَہٗ ؛ | 6 | تاکہ غفلت کی حالت میں موقع پا کر اس کو پھانس لے؛ |
| وَیَسْتَلِبَ غِرَّتَہٗ ؛ | 7 | اور اس کی بصیرت پر مسلط ہوجائے؛ |
| وَقَدْ کَانَ مِنْ اَبِیْ سُفْیَانَ فِیْ زَمَنِ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ فَلْتَۃٌ مِّنْ حَدِیْثِ النَّفْسِ ؛ | 8 | واقعہ یہ تھا کہ ابوسفیان نے عمر بن خطاب کے زمانہ میں بلا سوچے سمجھے ایک بات کہہ دی تھی جو اس کی خیالی بات تھی؛ |
| وَنَزْغَۃٌ مِّنْ نَزَغَاتِ الشَّیْطَانِ ؛ | 9 | اور وہ شیطانی وسوسوں میں سے شیطان کا ایک وسوسہ تھی؛ |
| لَایَثْبُتُ بِھَا نَسَبٌ ؛ | 10 | جس سے نہ تو نسب ہی ثابت ہوسکتا ہے؛ |
| وَلَا یُسْتَحَقُّ بِھَا اِرْثٌ ؛ | 11 | اور نہ اُس بات سے وارث ہی قرار پاتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْمُتَعَلِّقُ بِهَا كَالْوَاغِلِ ؛ | 12 | اور اُس بات سے متعلق شخص ایسا ہے جیسے شراب خواری کی محفل میں بن بلائے آنے والا کہ اُسے دھکے مار کر نکال دیا جاتا ہے؛ |
| الْمُدَفَّعِ ؛ وَالنَّوْطِ الْمُذَبْذَبِ ؛ | 13 | یا گھوڑے کی زین پر لٹکنے والے پیالے کی طرح جو ادھر سے ادھر ٹکراتا رہتا ہے۔ |

**تشریح:**۔ حضرت علی علیہ السلام نے ابوسفیان کی جس بات کا ذکر فرمایا ہے وہ یہ تھی کہ زیاد نے عمر بن خطاب کے زمانہ میں ایک نہایت موثر تقریر کی تھی جس پر حضرت عمر نے اور دیگر لیڈروں نے بڑی تعریف کی تھی۔ اور ابوسفیان نے کہا تھا کہ زیاد میرے نطفے سے ہے۔ چنانچہ جب زیاد نے حضرت علیؑ کا یہ خط (44) پڑھا تو کہا کہ ''یہ خط ابوسفیان کے قول کی تصدیق کرتا ہے۔'' یعنی زیاد کو اس خط سے یقین ہو گیا کہ وہ ابوسفیان ہی کا نطفہ اور بیٹا ہے۔ وہ عورت جس سے زیاد پیدا ہوا تھا اُس کا نام سمیہ تھا جو حارث بن کلدہ کی بدچلن عورت تھی جو کھل کر پیشہ کرتی تھی اور دن رات لوگ اپنی جنسی ضرورت پوری کرنے کے لئے اُس کے پاس آیا کرتے تھے۔ اور یہ ایک حقیقت تھی کہ ابوسفیان نے بھی اُس سے اپنا مُنہ کالا کیا تھا۔ لیکن یہ پتہ چلانا ممکن نہ تھا کہ زیاد ابوسفیان ہی کا نطفہ تھا۔ بہرحال معاویہ نے اپنے چاروں طرف عرب کے دانشوروں کا حلقہ جمع کر لیا تھا اور اس حلقہ میں زیاد کی کمی تھی لہٰذا معاویہ نے اس پرانی گفتگو پر بنیاد رکھ کر زیاد کو اپنا بھائی بنانے کا منصوبہ بنایا اور رفتہ رفتہ زیاد کو بھی راضی کر لیا اور اعلان کر دیا کہ زیاد معاویہ کا حقیقی بھائی اور ابوسفیان کا بیٹا ہے۔ گو معاویہ کے بعد یہ بھائی چارہ غلط ثابت ہو گیا تھا۔

## ( نمبر 45) خط

**اِلٰی عُثْمَانَ ابْنِ حُنَیْفٍ الْاَنْصَارِیْ وَهُوَ عَامِلُهٗ عَلَی الْبَصْرَةِ وَقَدْ بَلَغَهٗ اَنَّهٗ دُعِیَ اِلٰی وَلِیْمَةِ قَوْمٍ مِنْ اَهْلِهَا فَمَضٰی اِلَیْهَا** ''جب علی علیہ السلام کو یہ اطلاع ہوئی کہ بصرہ کا گورنر جناب عثمانؓ ابن حنیف کو بصرہ کی ایک قوم نے ولیمہ کی دعوت میں مدعو کیا تھا اور انہوں نے شرکت کی تو انہیں یہ خط لکھا تھا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ یَاابْنَ حُنَیْفٍ فَقَدْ بَلَغَنِیْ اَنَّ رَجُلاً مِّنْ فِتْیَةِ اَهْلِ الْبَصْرَةِ دَعَاکَ اِلٰی مَاْدُبَةٍ فَاَسْرَعْتَ اِلَیْهَا ؛ | 1 | بعد از حمد و ثنائے خدا و رسولؐ واضح ہو کہ اَے ابن حُنَیف مجھے معلوم ہوا ہے کہ بصرے کے جوانوں میں سے ایک جوان نے تمہیں ایک تقریب میں کھانے پر دعوت دی تو تم بڑی عجلت سے لپکتے ہوئے پہنچے؛ |
| تُسْتَطَابُ لَکَ الْاَلْوَانُ ؛ | 2 | جہاں تمہارے سامنے ہر رنگ کے نفیس کھانے پیش کئے جا رہے تھے؛ |
| وَتُنْقَلُ اِلَیْکَ الْجِفَانُ ؛ | 3 | اور بڑی بڑی پلیٹیں طرح طرح کے کھانوں سے بھری ہوئی تمہاری طرف بڑھائی جا رہی تھیں؛ |
| وَمَا ظَنَنْتُ اَنَّکَ تُجِیْبُ اِلٰی طَعَامِ قَوْمٍ عَائِلُهُمْ مَجْفُوٌّ ؛ | 4 | مجھے یہ توقع نہ تھی کہ تم ایک ایسی قوم کی دعوت قبول کرو گے جو غرباء اور فقراء کو دھتکارتی ہو؛ |
| وَّغَنِیُّهُمْ مَدْعُوٌّ ؛ | 5 | اور غنی و دولت مندوں کو دعوت میں مدعو کرتی ہو؛ |
| فَانْظُرْ اِلٰی مَاتَقْضِمُهٗ مِنْ هٰذَا الْمَقْضَمِ ؛ | 6 | چنانچہ تم جن نعمتوں کو چباتے ہو اُن پر غور کر لیا کرو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَمَااشْتَبَهَ عَلَيْكَ عِلْمُهُ فَالْفِضْهُ ؛ | 7 | اور جس لقمے پر تمہاری معلومات میں شبہ ہو اسے چھوڑ دیا کرو؛ |
| وَمَا اَيْقَنْتَ بِطِيْبِ وَجْهِهٖ فَنَلْ مِنْهُ ؛ | 8 | اور جس کھانے کے پاکیزہ اور حلال ہونے کا تمہیں یقین حاصل ہوا کرے اُسے کھا لیا کرو؛ |
| اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ مَامُوْمٍ اِمَامًا يَقْتَدِىْ بِهٖ ؛ | 9 | آگاہ ہو جاؤ کہ ہر مامور کا ایک امامؑ ہوتا ہے جس کی وہ شخص پیروی کرتا ہے؛ |
| وَيَسْتَضِىءُ بِنُوْرِ عِلْمِهٖ ؛ | 10 | اور جس کے علم کی روشنی سے وہ نور حاصل کرتا ہے؛ |
| اَلَاوَاِنَّ اِمَامَكُمْ قَدِاكْتَفٰى مِنْ دُنْيَاهُ بِطِمْرَيْهِ ؛ | 11 | خبردار ہو کر نوٹ کرو کہ تمہارے امامؑ نے دُنیا کے تمام سامان میں سے دو چادروں پر اکتفا کر لیا ہے؛ |
| وَمِنْ طُعْمِهٖ بِقُرْصَيْهِ ؛ | 12 | اور کھانے والی نعمتوں میں سے صرف (جَو کی) دو روٹیوں پر گذارا کرنا طے کر رکھا ہے؛ |
| اَلَا وَاِنَّكُمْ لَاتَقْدِرُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ وَلٰكِنْ اَعِيْنُوْنِىْ بِوَرَعٍ وَّاجْتِهَادٍ ؛ | 13 | خبردار اگر تم اپنے امامؑ کے اس طریقے پر مستقل عمل کرنے کی قدرت نہیں رکھتے ہو لیکن تم اس سلسلے میں پاک دامنی اور کوشش کر کے تو میری مدد کر ہی سکتے ہو؛ |
| وَّعِفَّةٍ وَّسَدَادٍ ؛ | 14 | اور نیک چلنی اور خوش کرداری میں تو پیروی کرتے رہو؛ |
| فَوَاللّٰهِ مَاكَنَزْتُ مِنْ دُنْيَاكُمْ تِبْرًا ؛ | 15 | چنانچہ میں نے تمہاری اس دنیا سے سونا چاندی سمیٹ کر ذخیرہ نہیں کیا ہے؛ |
| وَّلَا ادَّخَرْتُ مِنْ غَنَائِمِهَا وَفْرًا ؛ | 16 | اور نہ اس کی نعمتوں میں سے بہت سی دولت کا ذخیرہ کیا ہے؛ |
| وَّلَا اَعْدَدْتُ لِبَالِىْ ثَوْبِىْ طِمْرًا ؛ | 17 | اور میں یہ جو پُرانے کپڑے پہنے ہوئے ہوں اِن کے علاوہ میرے پاس نہ نئے کپڑے ہیں نہ پرانے؛ |
| بَلٰى كَانَتْ فِىْ اَيْدِيْنَا فَدَكٌ مِنْ كُلِّ مَا اَظَلَّتْهُ السَّمَآءُ ؛ | 18 | البتہ اس آسمان کے سایہ کے نیچے جتنی چیزیں آتی ہیں ان میں سے ہمارے قبضے میں ایک فدک ہی رہ گیا تھا، |
| فَشَحَّتْ عَلَيْهَا نُفُوْسُ قَوْمٍ ؛ | 19 | چنانچہ ایک قوم کو اس پر بھی بخل اور تنگدلی نے گھیر لیا تھا؛ |
| وَسَخَتْ عَنْهَانُفُوْسُ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ؛ | 20 | اور دوسری قوم نے اس کے چھین لئے جانے پر غصہ کے سوا اور کوئی پرواہ نہ کی تھی، |
| وَنِعْمَ الْحَكَمُ اللّٰهُ ؛ | 21 | اور اس غصب و نہب کا بہترین فیصلہ کرنے والا اللہ ہے۔ |
| وَمَااَصْنَعُ بِفَدَكٍ وَغَيْرِ فَدَكٍ وَالنَّفْسُ مَظَآنُّهَا فِىْ غَدٍ جَدَثٌ ؟ | 22 | اور میں فدک ہو یا فدک کے علاوہ کوئی اور جائیداد ہو اُسے لے کر کرتا ہی کیا؟ جب کہ انسان کی منزل کل کو قبر میں جانا طے شدہ بات ہے؛ |
| تَنْقَطِعُ فِىْ ظُلْمَتِهٖ اٰثَارُهَا ؛ | 23 | جہاں قبر کے اندھیرے میں آدمی کے سارے نشانات مٹ جائیں گے؛ |
| وَتَغِيْبُ اَخْبَارُهَا ؛ | 24 | اور اس کی خبریں بھی ختم ہو کر رہ جائیں گی؛ |
| وَحُفْرَةٌ لَّوْزِيْدَ فِىْ فُسْحَتِهَا ؛ | 25 | وہ تو ایک ایسا گڑھا ہے کہ اگر اسکو کشادہ بھی کر دیا جائے، |
| وَاَوْسَعَتْ يَدَاحَافِرِهَا لَاَضْغَطَهَا الْحَجَرُ وَالْمَدَرُ ؛ | 26 | اور قبریں کھودنے والوں کے ہاتھ برابر اُسے کشادہ کرتے بھی رہیں تب بھی پتھر اور کنکر گر گر کر اُسے تنگ کر دیں گے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَسَدَّ فُرَجَهَا التُّرَابُ الْمُتَرَاكِمُ ؛ | 27 | اور لگا تار گرتے رہنے والی مٹی قبر کی دراڑیں تک بند کر دے گی؛ |
| وَاِنَّمَا هِيَ نَفْسِيْ اَرُوْضُهَا بِالتَّقْوٰى لِتَاْتِيَ اٰمِنَةً يَوْمَ الْخَوْفِ الْاَكْبَرِ ؛ | 28 | اور مجھے تو اس کے سوا اور کوئی لگن ہے ہی نہیں کہ تقوائے خداوندی کی مدد سے اپنے نفس کو بے قابو نہ ہونے دوں تا کہ وہ خوف کے سب سے بڑے دن امن میں رہے۔ اور خوف و دھشت سے اُسے سابقہ نہ پڑے؛ |
| تَثْبُتَ عَلٰى جَوَانِبِ الْمَزْلَقِ ؛ | 29 | اور اُن جگہوں پر ثابت قدم رہے جہاں پیر پھسل جاتے ہیں؛ |
| وَلَوْ شِئْتُ لَاهْتَدَيْتُ الطَّرِيْقَ اِلٰى مُصَفّٰى هٰذَا الْعَسَلِ ؛ | 30 | اور اگر میں نے چاہا ہوتا تو وہ راستہ نکال لیتا کہ مجھے صاف شہد ملتا رہتا، |
| وَلُبَابِ هٰذَا الْقَمْحِ ؛ | 31 | اور گندم کے نشاستہ کی روٹی فراہم ہوتی رہتی، |
| وَنَسَآئِجِ هٰذَا الْقَزِّ ؛ | 32 | اور ریشمین کپڑے موجود رہتے، |
| وَلٰكِنْ هَيْهَاتَ اَنْ يَّغْلِبَنِيْ هَوٰى ؛ | 33 | ولیکن افسوس کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ میری خواہشیں مجھے مغلوب کر سکیں، |
| وَيَقُوْدَنِيْ جَشَعِيْ اِلٰى تَخَيُّرِ الْاَطْعِمَةِ وَلَعَلَّ بِالْحِجَازِ اَوِ الْيَمَامَةِ مَنْ لَا طَمَعَ لَهٗ فِي الْقُرْصِ؛ | 34 | اور نہ یہ ہو سکتا ہے کہ مجھ پر میری حرص عمدہ اور لذیذ کھانوں کی فراہمی کا دباؤ ڈال سکے جب کہ حجاز اور یمامہ میں شاید ایسے لوگ موجود ہوں جنہیں ایک روٹی ملنے کی اُمید بھی نہ ہو؛ |
| وَ لَا عَهْدَ لَهٗ بِالشِّبَعِ ؛ | 35 | اور یہ مادی وعدہ ہی اُن کے لئے نہ ہو کہ پیٹ بھر کھانے کو ملے گا؛ |
| اَوْ اَبِيْتَ مِبْطَانًا وَّحَوْلِيْ بُطُوْنٌ غَرْثٰى ؛ | 36 | یا یہ کہ میں پیٹ بھر کر سوتا رہوں اور میرے چاروں طرف بھوکے پیاسے لوگ تڑپ تڑپ کر رات گذار رہے ہوں؛ |
| وَاَكْبَادٌ حَرّٰى ؛ | 37 | اور بھوک سے اُن کے جگر جل رہے ہوں؛ |
| اَوْ اَكُوْنَ كَمَا قَالَ قَائِلٌ : | 38 | یا میں ویسا ہی بن جاؤں جیسا کہ ایک کہنے والے نے نقشہ کھینچا ہے کہ: |
| وَحَسْبُكَ دَاءً اَنْ تَبِيْتَ بِبِطْنَةٍ ☆ وَحَوْلَكَ اَكْبَادٌ تَحِنُّ اِلَى الْقِدِّ ! | 39 | ۔'' تجھے تیری یہ بیماری زیب دیتی ہے کہ تو پیٹ بھر کر بے غل و غش سوتا رہتا ہے اور تیرے گرد ایسے جگر بھوک سے تڑپ رہے ہوں جنہیں سوکھا چمڑا اُبال کر پینے کو نہ ملتا ہو ! |
| اَاَقْنَعُ مِنْ نَفْسِيْ بِاَنْ يُّقَالَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ لَااُشَارِكَهُمْ فِيْ مَكَارِهِ الدَّهْرِ؟ | 40 | کیا میں اس حالت پر قناعت کر لوں کہ لوگ مجھے امیر المومنین کہتے رہیں اور میں اُن کی تکلیفوں میں اور زمانہ کی ناگواریوں میں شرکت سے باز رہوں؟ |
| اَوْ اَكُوْنَ اُسْوَةً لَّهُمْ فِيْ جُشُوْبَةِ الْعَيْشِ ؛ | 41 | اور زندگی کی تلخیوں میں اُن کے لئے نمونہ نہ بنوں؟ |
| فَمَا خُلِقْتُ لِيَشْغَلَنِيْ اَكْلُ الطَّيِّبَاتِ كَالْبَهِيْمَةِ الْمَرْبُوْطَةِ هَمُّهَا عَلَفُهَا ؛ | 42 | مجھے اس لئے پیدا نہیں کیا گیا ہے کہ اچھے اچھے کھانوں کی فکر و تلاش میں لگا رہوں اور اُس بندھے ہوئے چوپائے کی مانند ہو جاؤں جسے اپنے چارے ہی کی فکر رہتی ہے؛ |
| اَوِ الْمُرْسَلَةِ شُغْلُهَا تَقَمُّمُهَا ؛ | 43 | یا اُس آوارہ پھرنے والے چوپائے کی طرح ہو جاؤں جو چاروں طرف منہ مارتا پھرتا ہے؛ |
| تَكْتَرِشُ مِنْ اَعْلَافِهَا ؛ | 44 | اور جو کچھ ملتا ہے اپنا پیٹ بھر لیتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَلْهُوْ عَمَّا يُرَادُ بِهَا ؛ | 45 | اور اُس مقصد سے غافل رہتا ہے جو اُس کے پالنے اور آزاد چھوڑنے کا تھا؛ |
| اَوْ اُتْرَكُ سُدًى ؛ | 46 | کیا میں بھی بلا مقصد آزاد چھوڑ دیا گیا ہوں؟ |
| اَوْ اُهْمَلَ عَابِثًا ؛ | 47 | یا بے معنی اور فضول پیدا کیا گیا ہوں؟ |
| اَوْ اَجُرَّ حَبْلَ الضَّلَالَةِ ؛ | 48 | تا کہ میں گم کرنے والی رسیوں اور راہوں میں اُلجھتا رہوں؟ |
| اَوْ اَعْتَسِفَ طَرِيْقَ الْمَتَاهَةِ ؛ | 49 | اور بھٹکتے اور بہکتے رہنے کے مقامات میں منہ اُٹھائے پھرتا رہوں؟ |
| وَكَاَنِّيْ بِقَائِلِكُمْ يَقُوْلُ : | 50 | اور میں وہ بھی جانتا ہوں جو تم میں سے بعض لوگ کہتے ہیں کہ: |
| اِذَا كَانَ هٰذَا قُوْتَ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فَقَدْ قَعَدَبِهِ الضَّعْفُ عَنْ قِتَالِ الْاَقْرَانِ وَمُنَازَلَةِ الشُّجْعَانِ ؟ | 51 | اگر کھانے پینے میں اسی گھٹیا درجہ کی کمزور کر دینے والی خوراک پر علیؑ ابن ابیطالبؑ نے انحصار رکھا تو کمزوری اور ناتوانی انہیں اپنے بہادر حریفوں سے جنگ کرنے سے روک دے گی؛ |
| اَلَا وَاِنَّ الشَّجَرَةَ الْبَرِيَّةَ اَصْلَبُ عُوْدًا ؛ | 52 | مگر خبردار ہو کر غور کرو کہ جنگل کی لکڑی مضبوط ہوا کرتی ہے؛ |
| وَالرَّوَائِعَ الْخَضِرَةَ اَرَقُّ جُلُوْدًا؛ | 53 | اور تر و تازہ درختوں کی چھال اور لکڑی کمزور اور نرم ہوا کرتی ہے؛ |
| وَالنَّبَاتَاتُ الْبَدَوِيَّةُ اَقْوٰى وُقُوْدًا ؛ وَاَبْطَاءُ خُمُوْدًا ؛ | 54 | اور صحرائی جھاڑیوں کا ایندھن زیادہ قوت سے دھکتا اور بھڑکتا ہے اور بہت دیر میں بجھتا اور ختم ہوتا ہے؛ |
| وَاَنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ كَالصِّنْوِمِنَ الصِّنْوِ وَالذِّرَائِعُ مِنَ الْعَضُدِ ؛ | 55 | اور میں تو رسولؐ اللہ سے وہی نسبت رکھتا ہوں جو ایک ہی جڑ سے نکلنے والی دو شاخوں کو ایک دوسری سے ہوتی ہے۔ اور جو تعلق کلائی کو بازو سے ہوا کرتا ہے؛ |
| وَاللّٰهِ لَوْتَظَاهَرَتِ الْعَرَبُ عَلٰى قِتَالِيْ لَمَا وَلَّيْتُ عَنْهَا ؛ | 56 | اور خدا کی قسم اگر سارا عرب جمع ہو کر مجھ اکیلے سے جنگ کرے تب بھی میں انہیں ولایت قائم نہ کرنے دوں گا۔ |
| وَلَوْ اَمْكَنَتِ الْفُرَصُ مِنْ رِّقَابِهَا لَسَارَعْتُ اِلَيْهَا ؛ | 57 | اور اگر مجھے فرصت نے موقع دیا تو اُن کی گردنیں پکڑنے کے لئے بہت پھرتی سے آگے بڑھوں گا؛ |
| وَسَاَجْهَدُ فِيْ اَنْ اُطَهِّرَ الْاَرْضَ مِنْ هٰذَا الشَّخْصِ الْمَعْكُوْسِ وَالْجِسْمِ الْمَرْكُوْسِ ؛ | 58 | اور اپنی انتہائی کوشش کروں گا کہ اِس زمین کو اُس الٹی کھوپڑی والے مکروہ المنظر شخص سے پاک کر دوں؛ |
| حَتّٰى تَخْرُجَ الْمَدَرَةُ مِنْ بَيْنِ حَبِّ الْحَصِيْدِ، | 59 | تا کہ فصل کے غلے میں سے کنکریاں اور پتھریاں نکل کر صاف اناج باقی رہ جائے؛ |
| اِلَيْكِ عَنِّيْ يَادُنْيَا | 60 | اَے دُنیا تو مجھ سے مایوس ہو جا؛ |
| فَحَبْلُكِ عَلٰى غَارِبِكِ ؛ | | میں نے تیرے جال کی باگ تیرے ہی کاندھے پر ڈال دی ہے؛ |
| قَدْاَنْسَلَلْتُ مِنْ مَّخَالِبِكِ؛ | 61 | میں یقیناً تیرے پنجوں سے باہر ہوں؛ |
| وَاَفْلَتُّ مِنْ حِبَائِلِكِ ؛ | 62 | اور میں تیرے جال سے باہر نکلا ہوا ہوں؛ |
| وَاَجْتَنَبْتُ لِلَّهَابَ فِيْ مَدَاحِضِكِ ؛ | 63 | اور میں نے تیرے پھسلانے والے اور ڈگمگا دینے والے تمام مقامات سے اجتناب کر رکھا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَيْنَ الْقُرُوْنُ الَّذِيْنَ غَرَرْتِهِمْ بِمَدَا عِبِكِ ؟ | 64 | کہاں ہیں وہ صدیاں اور اُن صدیوں کے وہ لوگ جنہیں تو نے کھیلتے کھیلتے کھیل تماشوں سے دھوکہ دیا تھا؟ |
| اَيْنَ الْاُمَمُ الَّذِيْنَ فَتَنْتِهِمْ بِزَخَارِفِكِ ؟ | 65 | کہاں ہیں وہ امتیں جنہیں تو نے زر و جواہر و آرائشوں سے فتنوں میں مبتلا کئے رکھا؟ |
| هَاهُمْ رَهَائِنُ الْقُبُوْرِ وَمَضَامِيْنُ اللُّحُوْدِ ؟ | 66 | ہاں ہاں وہ سب قبروں کے ہاتھ میں رہن پڑے ہیں۔اور قبر کی لحدوں کے مضمون بن کر رہ گئے ہیں؛ |
| وَاللّٰهِ لَوْ كُنْتِ شَخْصًا ؛ | 67 | اگر اَے دنیا تو ایک دکھائی دینے والا شخص ہوتی، |
| مَّرْئِيًّا ؛ وَّقَالِبًا حِسِّيًّا ؛ | 68 | اور ایک محسوس و قابل گرفت بدن رکھتی؛ |
| لَاَقَمْتُ عَلَيْكِ حُدُوْدَ اللّٰهِ فِيْ عِبَادٍ غَرَرْتِهِمْ بِالْاَمَانِيِّ ؛ | 69 | تو میں تجھ پر اللہ کی طرف سے مقرر کردہ تمام حدود و سزائیں نافذ کرتا اللہ کے اُن بندوں کی وجہ سے جنہیں تو نے تمنائیں بھڑکا کر دھوکہ دیا ہے؛ |
| وَاُمَمٍ اَلْقَيْتِهِمْ فِي الْمَهَاوِيْ ؛ | 70 | اور اُن اُمتوں کا انتقام لیتا جن کو تو نے ہلاکت کے غاروں میں گرایا؛ |
| وَمُلُوْكٍ اَسْلَمْتِهِمْ اِلَى التَّلَفِ ؛ | 71 | اور اُن بادشاہوں کیلئے تجھے سزا دیتا جنہیں تو نے تباہیوں سے دوچار کیا؛ |
| وَاَوْرَدْتِهِمْ مَوَارِدَ الْبَلَاءِ ؛ | 72 | اور اُنہیں بلاؤں کے ایسے گھاٹ پر لا کر اُتار دیا کہ، |
| اِذْلَا وِرْدَ وَلَا صَدَرَ؛ | 73 | جہاں نہ کوئی اور آ کر اُترے گا اور نہ کوئی وہاں سے نکل کر جا سکے گا۔ |
| هَيْهَاتَ مَنْ وَّطِئَ دَحْضَكِ زَلِقَ ؛ | 74 | افسوس ہے کہ جو کوئی بھی تیرے پھسلانے والی زمین پر پیر رکھے گا وہ ضرور پھسلے گا؛ |
| وَمَنْ رَّكِبَ لُجَجَكِ غَرِقَ ؛ | 75 | اور جو کوئی تیری موجوں پر سوار ہوگا وہ ضرور غرق ہوگا؛ |
| وَمَنْ ازْوَرَّعَنْ حِبَالِكِ وُفِّقَ ؛ | 76 | اور جو کوئی تیرے جال کی رسیوں سے بچ کر رہے گا وہ ہدایت کی توفیق پائیگا؛ |
| وَالسَّالِمُ مِنْكِ لَايُبَالِيْ اِنْ ضَاقَ بِهٖ مُنَاخُهُ ؛ | 77 | اور تجھ سے محفوظ رہ جانے والا اس کی پرواہ نہیں کرتا کہ اُس پر دنیا کی تمام وسعتیں تنگ اور بند ہو جائیں؛ |
| وَالدُّنْيَا عِنْدَهُ كَيَوْمٍ حَانَ انْسِلَاخُهُ ؛ | 78 | اور اس کے نزدیک دنیا کا قیام ایک ایسے دن کے برابر ہے جو ختم ہونے والا ہو؛ |
| اَعْزُبِيْ عَنِّيْ فَوَاللّٰهِ لَااَذِلُّ لَكِ فَتَسْتَذِلِّيْنِيْ ؛ | 79 | تو مجھ سے دور اور غائب ہو جا بخدا میں تیرے ہاتھ آنے والا نہیں ہوں کہ تو مجھے ذلتوں میں اُتار سکے؛ |
| وَلَا اَسْلَسُ لَكِ فَتَقُوْدِيْنِيْ ؛ | 80 | اور نہ ہی میں تیرے لئے اپنی لگام ڈھیلی چھوڑوں گا کہ تو مجھے جدھر چاہے ہانک لے جائے؛ |
| وَاَيْمُ اللّٰهِ ۔ يَمِيْنًا اَسْتَثْنِيْ فِيْهَا بِمَشِيْئَةِ اللّٰهِ ۔ لَا رُوْضَنَّ نَفْسِيْ رِيَاضَةً تَهُشُّ مَعَهَا اِلَى الْقُرْصِ اِذَا قَدَرَتْ عَلَيْهِ مَطْعُوْمًا ؛ | 81 | اور میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں ایسی قسم جس میں اللہ کی مشیت کے سوا اور کوئی چیز مستثنیٰ نہیں ہے کہ میں اپنے آپ کو ایسا سدھاؤں گا کہ وہ کھانے میں ایک روٹی کے ملنے پر خوش ہو جایا کرے، |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَقْنَعُ بِالْمِلْحِ مَأْدُوْمًا ؛ | 82 | اور اِس کے ساتھ ہی سالن کی جگہ نمک پر قناعت کرلیا کرے؛ |
| وَلَاَ دَعَنَّ مُقْلَتِیْ كَعَيْنِ مَاءٍ نَضَبَ مَعِيْنُهَا ؛ | 83 | اور اپنی آنکھوں کے پانی کا ذخیرہ اس طرح خالی کردوں گا جس طرح وہ چشمہ سوکھا رہتا ہے جس کا پانی تہہ نشین ہو چکا ہو؛ |
| مُسْتَفْرَغَةً دُمُوْعُهَا ؛ | 84 | اور آنکھیں آنسوؤں سے فارغ ہو چکی ہوں؛ |
| اَتَمْتَلِئُ السَّائِمَةُ مِنْ رَّعْيِهَا فَتَبْرُكَ ؛ | 85 | چرنے والے مویشی پیٹ بھرنے کے بعد پہلو کے بل بیٹھ جاتے ہیں؛ |
| وَتَشْبَعُ الرَّبِيْضَةُ مِنْ عُشْبِهَا فَتَرْبِضَ ؛ | 86 | اور بھیڑ بکریاں اپنا پیٹ بھر کر اپنی آرام گاہ کی طرف روانہ ہو جاتی ہیں؛ |
| وَيَاْكُلُ عَلِيٌّ مِنْ زَادِهٖ فَيَهْجَعُ ؟ | 87 | کیا علیؑ بھی اُن ہی جانوروں کی طرح اپنا کھانا کھا کر سو جایا کرے؟ |
| قَرَّتْ اِذًا عَيْنُهٗ اِذَا اقْتَدٰى بَعْدَ السِّنِيْنَ الْمُتَطَاوِلَةِ بِالْبَهِيْمَةِ الْهَامِلَةِ ؛ وَالسَّائِمَةِ الْمَرْعِيَّةِ ؛ | 88 | ایسی صورت میں کیا اُس کی آنکھیں ٹھنڈی (اندھی) ہو جائیں گی کہ برسہا برس دینداری کی طویل مدت گذار کر بھی وہ چوپایوں اور چرندہ جانوروں کی پیروی کرنے میں مصروف ہو گیا ہے؛ |
| طُوْبٰى لِنَفْسٍ اَدَّتْ اِلٰى رَبِّهَا فَرْضَهَا ؛ | 89 | قابل مبارکباد ہے وہ شخص جو اپنے پروردگار کے فرائض ادا کرتا رہتا ہے؛ |
| وَعَرَكَتْ بِجَنْبِهَا بُؤْسَهَا؛ | 90 | سختی اور مصیبت پر صبر سے دن گذارتا ہے؛ |
| وَهَجَرَتْ فِي اللَّيْلِ غُمْضَهَا ؛ | 91 | اور رات کو نیند اور آرام سے ہجرت کرلی ہے اور آنکھوں کو بیدار رکھتا ہے؛ |
| حَتّٰى اِذَاغَلَبَ الْكَرٰى عَلَيْهَا افْتَرَشَتْ اَرْضَهَا ؛ | 92 | یہاں تک کہ جب نیند اس پر غلبہ کرتی ہے تو زمین کو بچھونا، |
| وَتَوَسَّدَتْ كَفَّهَا ؛ | 93 | اور ہاتھ کو سر کا تکیہ بنالیتا ہے۔ |
| فِيْ مَعْشَرٍ اَسْهَرَ عُيُوْنَهُمْ خَوْفُ مَعَادِهِمْ ؛ | 94 | وہ ایسے گروہ میں رہتا ہے کہ جسے قیامت میں حاضری کا خوف بیدار رکھتا ہے اور آنکھیں جاگتی رہتی ہیں۔ |
| وَتَجَافَتْ عَنْ مَضَاجِعِهِمْ جُنُوْبُهُمْ ؛ | 95 | اور اُن کے پہلوؤں کو اُن کی خوابگاہوں سے دور کر رکھا ہے۔ |
| وَهَمْهَمَتْ بِذِكْرِ رَبِّهِمْ شِفَاهُهُمْ ؛ | 96 | اور اپنے پروردگار کے ذکر میں اُن کے ہونٹ مصروف رہا کرتے ہیں۔ |
| وَتَقَشَّعَتْ بِطُوْلِ اِسْتِغْفَارِهِمْ ذُنُوْبُهُمْ (اُولٰئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ اَلَا اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَo مجادله 58/22) | 97 | اور مغفرت کی دعاؤں کی کثرت سے اُن کے گناہ گرتے چلے گئے ہیں (وہی لوگ اللہ کا گروہ ہیں اور ہوشیار ہو جاؤ کہ اللہ کا گروہ ہی فلاح یافتہ ہے۔ مجادلہ 58/22) |
| فَاتَّقِ اللّٰهَ يَاابْنَ حُنَيْفٍ وَلْتَكْفِكَ اَقْرَاصُكَ لِيَكُوْنَ مِنَ النَّارِ خَلَاصُكَ ۔ | 98 | اَے ابن حُنیف اللہ کا تقویٰ اختیار کر اور اپنے پاس کی روٹیوں پر قناعت کرتا کہ تو جہنم کی آگ سے چھٹکارہ پا سکے۔'' |

**تشریح:۔** یہ خط جہاں بہت سے مسائل کا جواب ہے وہیں حضرت علی علیہ السلام کی زندگی کا پورا نقشہ پیش کرتا ہے اور اپنی حقیقی اور مکمل تشریح کے لئے ایک ہزار صفحات چاہتا ہے ہم مختصر تشریح کر کے دل کو یوں بہلائیں گے کہ ہم تو حضور علیہ السلام ہی کی زندگی پیش کرتے چلے آتے ہیں اور اسی میں اپنی

Presented by Ziaraat.Com

زندگی گذار دیں گے اور جب کہ اللہ نے یہ فرما دیا ہے کہ: ''اگر زمینوں کے تمام درخت قلم بن جائیں اور تمام سمندر سیاہی اور دوات بن جائیں جنہیں مزید سات سمندر روشنائی مہیا کریں تب بھی اللہ کے کلمات کی تشریح لکھنے سے ختم نہ ہوگی۔ بلاشبہ اللہ ہی غلبہ والا حکیم ہے۔ (سورۃ لقمان 31/27)

لہٰذا ہماری زندگی بھی کافی نہیں۔ بہرحال خط کی وضاحت تک لکھنا تو کم از کم ہے اور ہم اسی قدر کے لئے ذمہ دار ہیں۔

## رؤسا اور اغنیا یا مالدار اور سرمایہ داروں کی وجہ سے دعوت میں شرکت منع ہوگئی

لہٰذا سب سے پہلے یہ دیکھئے کہ جناب عثمان بن حنیف کو ایسی دعوتوں میں شرکت سے منع فرما دیا ہے جو صرف دولتمندوں اور خوش حالوں کے لئے مخصوص ہوں۔ اور جن میں غربا و فقرا اور ضرورتمندوں کو آنے سے روکا جائے۔ لہٰذا ہماری وہ نذر و نیاز جن میں غربا کو شامل نہیں کیا جاتا وہ ناپسندیدہ ہیں۔ اگر ہمیں نذر و نیاز میں نذر کے سامان کی توقیر و طہارت منظور ہے تو تھوڑے سے سامان پر نذر دلائیں اور شرائط کے مطابق خوش عقیدہ اور پاک لوگوں کو الگ سے کھلا دیں لیکن باقی سامان کو عام رکھیں اور غربا کو خصوصاً مدعو کریں۔ شادی بیاہ کی رسومات میں بھی غربا اور مساکین کا خیال رہنا چاہئے اور دھکے دے کر نکال دینا بند ہو جانا چاہئے اور کسی کی دعوت بھی اُسی صورت میں قبول کرنا چاہئے جب یہ یقین ہو کہ وہاں سے غربا کو نہ نکالا جائے گا۔

## عثمان بن حنیف کی یہ دعوت یقیناً اُن سے اُن کے عہدے سے ناجائز استفادہ کے لئے تھی

آج تو رشوت دینے کا بہترین طریقہ دعوت ہی ہے۔ وفود اور عہدیداران حکومت کہیں جاتے ہیں یا بلائے جاتے ہیں تو دعوتوں کا سلسلہ عام ہے اور اس کا منشا صرف آؤ بھگت کرنا اور اخلاقی سلوک ہی نہیں ہوتا بلکہ سیاسی استفادہ پہلے نمبر پر ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ ہم نوائی اور ہم خیالی حاصل کرنے کی پوری پوری کوشش کی جاتی ہے اور یہ کچھ ڈھکی چھپی بات نہیں ہوتی بلکہ اخلاقی رسم بن گئی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام کا یہ خط اس قسم کی تمام دعوتوں سے روکتا ہے۔ پھر حضورؐ کی باقی گفتگو سے یہ بات بھی واضح ہے کہ دعوت کا کھانا ہو یا کچھ اور صورت ہو ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ دعوت کرنے والا حرام خور تو نہیں ہے یا اُس کے دسترخوان پر حرام چیزیں تو فراہم نہیں کی جا رہی ہیں اور یہ کہ کھانا فراہم کرنے کا طریقہ یا پیسہ تو حرام نہیں ہے۔ ہم دیکھتے چلے آ رہے ہیں کہ آج کی دعوتوں میں جو چیز قطعاً نظر انداز کر دی گئی ہے وہ یہی حرام و حلال کی بات ہے۔ ہم نے کبھی نہیں سُنا کہ مسلمان وفود نے یا عہدیداران نے کمیونسٹ ممالک میں حلال و حرام کا سوال اُٹھایا ہو۔ مطلب یہ ہے کہ حرام و حلال کی بات کرنا دقیانوسی اور گئی گذری بات اور رجعت پسندی ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ پکے مسلمان ممالک میں ڈبوں میں بند کھانے کا سامان غیر مسلم ممالک سے منگایا جاتا ہے اور بلا تکلف گھروں میں اور ہوٹلوں میں کھایا جاتا ہے اور ہم نے دکھایا ہے کہ بعض ڈبوں پر Hame اور Pork بھی لکھا ہوا ہوتا ہے اور خالی ڈبے کوڑے کے ڈرم میں پڑے ہوئے آپ کو ہوٹل کے باہر مل جاتے ہیں۔ یہ حال آپ کو اُن مسلمان ممالک میں ملے گا جو مقطّع داڑھیاں رکھے ہوئے تسبیح بدست عبا قبا بردوش اور عمامہ برسر ملیں گے جو وہاں کا فیشن ہے۔ یعنی رفتہ رفتہ اسلام بھی فیشن میں داخل ہو گیا ہے اور وہ لوگ تم پاکستانیوں یا ہندوستانیوں کو بڑی حقارت آمیز نظروں سے دیکھتے ہوئے ملیں گے۔ ویسے وہاں یا علیؑ اور یا رسولؐ کہنا بدعت ہے۔ اور یہ صرف اس لئے کہ اِن دونوں نے اُن پر بڑی سختیاں کی تھیں۔ یہ ہر وقت حلال و حرام اور طیب و خبیث کی روک ٹوک جاری رکھتے تھے۔ اُن کی ساری آزادیاں چھین کر اللہ کے حوالے کر دی تھیں۔ اور رسولؐ کی زندگی تک یہ لوگ آزادی کو ترستے رہے۔ اور انتقالِ رسولؐ کے بعد خوشیاں منائیں اور آج تک عید میلاد النبیؐ کے نام سے اُن کے انتقال کے سوگ میں خوشیاں مناتے ہیں۔ یہاں حرام و حلال سے متعلق ڈاکٹر طٰہٰ حسین کے چند جملے سُن لیں تو عنوان بدل دیں۔ لکھا ہے کہ:۔

''مختصر یہ کہ ولید ایک عام قریشی فرد تھا۔ بظاہر مسلمان تھا۔ ساتھ ہی اپنے جملہ جاھلی خصائل کا بھی پابند تھا۔ اُس (عثمانی) دَور میں وہی پہلا

Presented by Ziaraat.Com

شخص نہ تھا جو شراب نوشی کر رہا تھا۔ بلکہ اُس جیسے اور بہت سے تھے جن کی زبانیں مسلمان ہو چکی تھیں مگر دل پُر خلوص ایمان نہ لائے تھے بلکہ کفر و ایمان کے مابین مذبذب تھے۔ اکیلا ولید ہی نہ تھا جو پوشیدہ طور عشرت کوشی تماشا پسندی اور ہنسی مذاق کا دلدادہ تھا بلکہ اُس جیسے اور بہت تھے۔'' (فتنۃ الکبریٰ صفحہ 213)۔ بہر حال قریش اور عربوں نے اپنی آزادی ہی کے لئے اپنی حکومت بنائی تھی اور سمجھ بوجھ کر حضرت علی علیہ السلام کو حکومت سے دُور تر کر دیا تھا ورنہ انہیں یہ اپیل بہت شرمندہ کرتی۔

## سب کے لئے عموماً اور شیعوں کے لئے خصوصاً شرمندہ کرنے والی علیؑ کی اپیل

حضرت علی علیہ السلام نے اپنی خوراک اور پوشاک کی تفصیل بیان کرنے کے بعد فرمایا ہے کہ:۔ ''اگر تم دو چادروں اور دو روٹیوں پر گزارہ نہیں کر سکتے ہو تو کم سے کم پاک دامن رہ کر اور نیک چلنی اور خوش کرداری کی کوشش کر کے تو میری مدد کر سکتے ہو۔'' (جملہ نمبر 11 تا 14)

یہ اپیل اُس زمانے میں کی گئی تھی جس زمانہ کے پیروان مرتضویؑ آپ کی نظروں میں بڑے متقی اور پرہیزگار ہوں گے۔ مگر سُن لو کہ وہ اس اپیل کی رُو سے کیسے لوگ ہو سکتے تھے؟ بہر حال قارئین یہ جملے (9 تا 17) دل پر ہاتھ اور اپنے حالات اور رویے پر نظر رکھ کر پڑھیں اور بتائیں کہ اگر وہ عہد مرتضویؑ میں ہوتے تو اُنؑ کے کہاں تک مددگار رہوتے؟ اور جس نظام کو حضرت علی علیہ السلام پہلی ہجرت سے قائم کئے ہوئے تھے اس میں کہاں تک ہاتھ بٹاتے؟ بھوکے اور نیم برھنہ لوگوں کو دونوں وقت کا کھانا فراہم کرنا تن ڈھکنے کے لئے کپڑے فراہم کرنا کیسے ممکن ہوتا اگر حضرت علی علیہ السلام نے آپ والی زندگی اختیار کر لی ہوتی؟ ہم یہ ماننے کو فوراً تیار ہو جاتے اگر حضرت علی علیہ السلام نے یہ فرمایا ہوتا کہ تمہیں دونوں وقت شاندار و لذیذ ترین غذا کھانا چاہئے اور ریشم و زربفت کی پوشاک پہننا چاہئے۔ واقعی ایسا کرنا تمہاری مقدرت سے باہر ہوتا۔ مگر وہ تو یہ فرما رہے ہیں کہ پُرانے کپڑوں کا جوڑا پہنا کرو اور دو روٹیاں نمک سے کھا لیا کرو۔ اگر مسلمان ہو تو خدا کو موجود مانتے ہوئے یہ بتاؤ کہ اس میں تمہیں کیا دِقت ہوگی؟ یہ تو آسان ترین زندگی ہے۔ جس پر میں اور آپ دونوں عمل کرنے کی قدرت رکھتے ہیں۔ اور آج اور اسی وقت سے اس پر عمل کر سکتے ہیں البتہ موڈرن دور کا آدمی ہوتے ہوئے یہ خیال آ سکتا ہے کہ ایسی غذا سے کمزوری پیدا ہو جائے گی وٹامن کی عدم موجودگی جسم و جان کو ضرر پہنچائے گی۔ اس کا جواب بھی حضورؑ نے دے دیا ہے۔ (51 تا 54)

## کمزوروں کو طاقتور اور مساکین کو دولت مند بنانے کے لئے فقر و فاقہ ملک عرب کو مغلوب کر سکتا ہے

آپ منبر کی بلندی سے پکار کر چیلنج فرماتے ہیں کہ میں تنہا سارے عرب کو مغلوب کر سکتا ہوں۔ اُن سب کی گردنیں دبوچ سکتا ہوں۔ کمزور کرنے والی خوراک سے سارے عرب کی اجتماعی طاقت حاصل کرنا دینی نسخوں میں سے ایک نسخہ ہے اور اسی پر کہا گیا ہے کہ:۔

؎ سُنا ہے نانِ شعیر پر ہے مدار قوت حیدری

قورمہ اور تنجن کھانے والے سے ہرگز ھا طاقت ور ہوتا ہے قوت اور طاقت کا مدار مرغن اور لذیذ غذاؤں پر نہیں ہے چنانچہ ترقی یافتہ اقوام نے مُرغن اور لذیذ غذاؤں کو ترک کر کے ایسی خوراک تجویز کی ہے جو فطرت اور سادگی سے زیادہ قریب ہیں۔ اور اس پر مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ اور مُرغن کھانے صرف پس ماندہ اقوام کیلئے رہ گئے ہیں۔

## فدک کے متعلق چند دُکھتے ہوئے جملے، دو الگ قومیں، مستقل استغنا، حضرت ابوبکر عمر کے مخالف خلفاء

حضرت علی علیہ السلام اپنی مالی حالت کا بیان کرتے ہوئے اس خط میں ہمیں بتاتے ہیں کہ ہم سے سب کچھ چھین لینے کے بعد بھی ایک قوم نے ہم سے فدک بھی چھین لیا۔ اور دوسری قوم نے فدک کے چھین لینے پر صرف غم و غصہ کا اظہار تو کیا مگر پہلی قوم سے فدک کی واپسی کے لئے کچھ نہ کیا۔

Presented by Ziaraat.Com

(18 تا20) یہاں رک کر قارئین صرف اتنا نوٹ کرلیں کہ جن دوقوموں کا ذکر ہوا ہے۔ایک قوم علیؑ کی دشمن اور محروم کرنے والی ہے اور دوسری قوم پہلی قوم کے اقدامات کو صرف ناپسند کرتی ہے اور یہ قومیں قریش اور انصار ہیں اور حضرت علی علیہ السلام آپ سے اُن دونوں اقوام کی شکایت کررہے ہیں اور شکایت کا مقصد صاف ظاہر ہے کہ آپ بھی اُن دونوں قوموں سے اپنا کوئی تعلق نہ رکھیں اور یہ بھی سمجھ لیں کہ یہ خط آپؑ نے اپنی حکومت کے زمانے میں اپنے گورنر کو لکھا ہے۔یعنی آپ نے چھینے ہوئے فدک کو واپس نہیں لیا ہے اور نہ واپس لینے کا ارادہ ہے اس لئے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ فدک کو لے کر میں کیا کرتا؟ مجھے فدک کی یا فدک کے علاوہ کسی اور چیز کے لینے کی کیا احتیاج ہے جب کہ کل مجھے قبر میں دفن ہونا ہے (جملہ نمبر 22)۔اس کے بعد حضورؑ نے قبر کے حلات بیان کرنا شروع کردئے ہیں۔اور فرمادیا ہے کہ فدک وغیرہ کا معاملہ اب خدا کے بہترین فیصلے پر ٹھہرا ہوا ہے (جملہ نمبر 21)۔لہٰذا واضح ہوا کہ نہ فدک واپس اپنی تحویل میں لیا ہے اور نہ لینے کا ارادہ ہے۔یعنی آپ کو فدک اور کسی دوسری چیز کی احتیاج نہیں ہے اور اگر احتیاج ہو بھی تو واپس نہیں لینا ہے۔قریش کی اپنی تیار کی ہوئی تاریخ بتاتی ہے کہ حضرت ابوبکر وعمر کی قائم کردہ حکومت کے خلفا نے حضرت ابوبکر وعمر کی پالیسی کی مخالفت کرتے ہوئے کئی بار فدک کو خاندان مرتضوی کو واپس کیا اور حضرت ابوبکر وعمر کی اسکیم بار بار پلٹتی رہی۔یہ بھی نوٹ کرلیں کہ علما نے حضرت ابوبکر وعمر کے اس ظلم کو ھلکا کرنے کے لئے فدک کو ایک باغ یعنی باغ فدک بھی لکھا ہے حالانکہ اتنی بڑی جائیداد کا نام ہے جو مدینہ سے لے کر خیبر تک پھیلی ہوئی تھی اور اس میں بہت سے باغات اور زرخیز کاشت ہوتے رہنے والی زمین تھی اور جس سے حکومت کے تمام اخراجات برسہا برس تک عہد عمر تک برداشت کئے گئے تھے اور حضرت عمر نے یہی کہہ کر ابوبکر کو سمجھایا تھا کہ اگر تو نے فدک فاطمہ کو دے دیا تو جنگی اور فوجی اور دیگر اخراجات کہاں سے پورے کروگے۔عثمان نے اپنی حکومت کے زمانے میں فدک اپنے خاندان کو دے دیا تھا۔الغرض حضرت علی علیہ السلام کے سوا تمام قریشی خلفا نے فدک کو اپنی تحویل میں رکھا۔ (مزید تفصیلات بیان الامامت کے دیگر خطبات کی تشریح میں دیکھیں)

## معاویہ کو اُلٹی کھوپڑی رکھنے والا فرمایا ہے بارِ زمین قرار دیا ہے

چونکہ معاویہ کی تمام پالیسی اور سارے منصوبے حق کے بھی مخالف تھے اور تاریخی حیثیت سے قریشی حکومت کے بھی خلاف تھے۔یعنی وہ حق کی طرفداری کے خلاف اُلٹا باطل کی طرفداری کے لئے کھڑا ہوا تھا۔اس لئے اُسے حق کو شکست دینے کے لئے ہر کام اُلٹا کرنا تھا۔لہٰذا اس کے دماغ میں جو بات بھی آتی تھی وہ اُلٹی آتی تھی یا اُلٹ کی جاتی تھی اور ماشاءاللہ خاندانی اور نسلی اعتبار سے نہایت بدشکل تھا۔اس لئے اُسے الٹی کھوپڑی والا اور بدمنظر بھی فرمایا ہے۔اور یہ ارادہ ظاہر کیا ہے کہ اگر حضور علیہ السلام کو موقع اور فرصت ملی تو زمین کو معاویہ اور معاویہ کے منصوبے سے پاک کردوں گا تاکہ لوگوں کو کنکریوں اور پتھریوں سے پاک وصاف اناج ملتا رہے (جملہ نمبر 57 تا59)۔چونکہ حضرت علی علیہ السلام کا یہ ارادہ مشہور ومعروف تھا اِس لئے سازش کرنا اور انہیں دھوکے سے قتل کرانا ضروری ہوگیا تھا۔

## مستقل اور ازلی امیرُالمومنین ہونے کے لئے تمام مصائب وآلام سے محبت لازم ہے

قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی حکومت پر قبضہ کرلیا مسلمانوں کے حکمران بن گئے خلیفۃ المسلمین بھی کہلائے اور صدیوں تک امیر المومنین بھی پکارے جاتے رہے۔مگر اُن سب کا مسلمانوں کے حکمراں اور خلیفہ اور امیر المومنین نہ ہونا حضرت علی علیہ السلام کے **مُسلمہ بیانات وعمل** نے ثابت کر دیا ہے۔اس طرح کہ حضرات ابوبکر وعمر سے لے کر کسی نے بھی اپنی زندگی کا وہ معیار نہ بنایا جو حضرت علی علیہ السلام حکمران وخلیفہ اور امیر المومنین کے لئے خود روز اوّل سے اختیار کرتے ہیں اور اُسے چھوڑنے کو کسی طرح اور کسی صورت میں تیار نہیں تھے (جملہ نمبر 33 تا60) اور آپؑ کا یہ روّیہ اور عملدرآمد بعینہ

Presented by Ziaraat.Com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کا ہونا چاہئے اس لئے کہ آپؐ ایک جڑ سے نکلنے والی دو شاخیں ہیں اور باز و وکلائی والا تعلق ہے۔ لہٰذا سربراہِ اُمتِ محمدؐ یہ کیلئے لازم ہے کہ وہ معیار مرتضوی اختیار کرے اور یہ معیار وہی اختیار کرسکتا ہے جسے یہ یقین واطمینان حاصل ہو کہ اُسے وہ تمام نعمتیں، سہولتیں اور آسائشیں بلاشبہ ملنے والی ہیں جن کو میں دنیا میں چھوڑ رہا ہوں۔ جس کو قیامت پر اور اللہ کے تمام وعدوں پر یقین واطمینان اور تجربہ حاصل ہو۔

# ( نمبر 46) خط اِلٰی بَعْضِ عُمَّالِہٖ: اپنے گورنر کے نام

**1۔ رعایا کے ساتھ کیسا سلوک ہونا چاہئے؟ 2۔ مدارات وخوش روئی لوازمات میں سے ہیں۔**

**3۔ بڑے اور چھوٹے لوگ بے انصافی اور جانبداری سے مایوس رہیں**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَاِنَّکَ مِمَّنْ اَسْتَظْهِرُبِهٖ عَلٰی اِقَامَةِ الدِّیْنِ ؛ | 1 | بعد از حمد وثنائے خدا و رسولؐ معلوم کرو کہ تم اُن لوگوں میں سے ایک ہو جن سے میں دین کو قائم کرنے میں مدد لیتا ہوں؛ |
| وَاَقْمَعُ بِهٖ نَخْوَةَ الْاَثِیْمِ ؛ | 2 | اور نخرے دار گناہ گاروں کا غرور توڑتا ہوں؛ |
| وَاَسُدُّ بِهٖ لَهَاةَ الثَّغْرِ الْمَخُوْفِ ؛ | 3 | اور جن سے خطرہ والی سرحدوں کی حفاظت کرتا ہوں؛ |
| فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ عَلٰی مَااَهَمَّکَ ؛ | 4 | چنانچہ تم پیش آنے والی مُہمّات میں اللہ سے مدد مانگتے رہو؛ |
| وَاخْلِطِ الشِّدَّةَ بِضِغْثٍ مِنَ اللِّیْنِ ؛ | 5 | رعایا سے سختی کے ساتھ مناسب مقدار میں نرمی ملا کر سلوک کیا کرو؛ |
| وَارْفُقْ مَاکَانَ الرِّفْقُ اَرْفَقَ؛ | 6 | اور جہاں خالص نرم سلوک اچھا نتیجہ پیدا کرے وہاں نرمی ضروری ہے؛ |
| وَاعْتَزِمْ بِالشِّدَّةِحِیْنَ لَایُغْنِیْ عَنْکَ اِلَّاالشِّدَّةُ ؛ | 7 | سخت روّیہ اس حالت میں اختیار کرو جب سختی کئے بغیر کام ہی نہ چلے؛ |
| وَاخْفِضْ لِلرَّعِیَّةِ جَنَاحَکَ ؛ | 8 | ویسے رعیت کے لئے اپنے باز و پھیلائے رہو؛ |
| وَابْسُطْ لَهُمْ وَجْهَکَ ؛ | 9 | اور اپنے چہرہ کو کھلا اور مسکراتا ہوا رکھو؛ |
| وَاَلِنْ لَّهُمْ جَانِبَکَ ؛ | 10 | اور اپنے پہلوؤں کو اُن کے لئے نرم اور کھلا رکھو؛ |
| وَاٰسِ بَیْنَهُمْ فِی اللَّحْظَةِ وَالنَّظْرَةِ وَالْاِشَارَةِ وَالتَّحِیَّةِ ؛ | 11 | نظر بھر کر دیکھنے اور کنکھیوں سے دیکھنے میں اور اشارہ کرنے اور سلام قبول کرنے میں سب کو برابر رکھو؛ |
| حَتّٰی لَایَطْمَعَ الْعُظَمَآءُ فِیْ حَیْفِکَ | 12 | یہاں تک کہ بڑے لوگ تمہیں بے راہ کرنے اور ظلم کرانے کی طمع نہ کرنے لگیں؛ |
| وَلَایَیْاَسَ الضُّعَفَآءُ مِنْ عَدْلِکَ وَالسَّلَامُ۔ | 13 | اور کمزور اور چھوٹے لوگ تم سے انصاف اور عدل کرنے سے مایوس نہ ہو جائیں۔ والسلام۔ |

**تشریح:۔** خط کا مضمون بتاتا ہے کہ یہ گورنر نہایت ہی پسندیدہ اور حضور علیہ السلام کا مددگار دوست و بازو ہے مگر جناب رضی رضی اللہ عنہ اس کا نام نہیں لکھتے اور نہ یہ بتاتے ہیں کہ تلاش کے بعد بھی مجھے اس کا نام نہ مل سکا۔ رضیؓ ہی نہیں بلکہ کسی اور نے بھی اس گورنر کا نام نہیں لکھا ہے۔ یہ شعر ہمارے جذبات کی

Presented by Ziaraat.Com

ترجمانی کرتا ہے کہ:۔ اب کیا رہا جو رقیبوں کا ڈر کریں ہم تو بُروں کی جان کو پہلے ہی رو چکے

یہ تو ماننے کی بات نہیں ہے کہ اُس نیک نہاد اور پسندیدہ گورنر کا نام ظاہر کرنے سے رضی صاحب کو کوئی خطرہ پیش آ سکتا تھا اور یہ بھی ماننے کی بات نہیں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کے خطبات اور خطوط جمع کرنے والے علما میں سے کسی کو بھی اُس کا نام معلوم نہ ہو سکا ہو۔ البتہ یہ مانا جا سکتا ہے کہ یہ گورنر مخالف محاذ کا انتہائی دشمن رہا ہو اور اس لئے اس کا نام چھپایا گیا ہو مگر اُس کے کام لکھنا اور نام چھپانا قابل تعجب بات ضرور ہے۔ لیکن رضیؒ کا اس سلسلے میں کچھ نہ لکھنا اور بلا کسی تکلیف کے خاموشی سے گذر جانا اس سے بھی زیادہ تعجب کی بات ہے۔

# ( نمبر 47) وصیت

**وَصِيَّةٌ لِلْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لَمَّا ضَرَبَهُ ابْنُ مُلْجَمٍ لَعَنَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ**

**جب ابن ملجم ملعون کے ہاتھ سے زخمی ہو گئے تو امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کو وصیت فرمائی**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اُوْ صِيْكُمَا بِتَقْوَى اللّٰهِ ؛ | 1 | میں تم دونوں کو وصیت کرتا ہوں کہ اللہ کا تقویٰ جاری رکھنا؛ |
| وَاَنْ لَّا تَبْغِيَا الدُّنْيَا وَاِنْ بَغَتْكُمَا ؛ | 2 | اور یہ کہ دُنیا کو پسند نہ کرنا خواہ دُنیا تمہیں پسند ہی کیوں نہ کرے؛ |
| وَلَا تَاْسَفَا عَلٰى شَيْءٍ مِّنْهَا زُوِيَ عَنْكُمَا ؛ | 3 | اور اس دنیا کی کسی ایسی چیز پر افسوس نہ کرنا جو تم سے روک لی جائے؛ |
| وَقُوْلَا بِالْحَقِّ ؛ | 4 | اور جب کہو حق بات کہا کرو؛ |
| وَاعْمَلَا لِلْاَجْرِ ؛ | 5 | اور ہمیشہ ثواب ملنے والا عمل کیا کرنا؛ |
| وَكُوْنَا لِلظَّالِمِ خَصْمًا ؛ | 6 | اور تم ظالموں کے دشمن اور مدمقابل رہنا؛ |
| وَلِلْمَظْلُوْمِ عَوْنًا ؛ | 7 | اور تم مظلوموں کے مددگار رہنا؛ |
| اُوْصِيْكُمَا وَجَمِيْعَ وَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَنْ بَلَغَهُ كِتَابِيْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَنَظْمِ اَمْرِكُمْ ؛ | 8 | میں تمہیں بھی وصیت کرتا ہوں اور اپنے تمام بیٹوں اور اہل و عیال کو اور جسے میری یہ تحریری وصیت پہنچے وصیت کرتا ہوں کہ وہ اللہ کا تقویٰ اختیار کریں اور اپنے دینی نظام کو برقرار رکھیں؛ |
| وَصَلَاحِ ذَاتِ بَيْنِكُمْ ؛ | 9 | اور آپس میں صلاح اور اصلاح جاری رکھیں؛ |
| فَاِنِّيْ سَمِعْتُ جَدَّكُمَا .صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ يَقُوْلُ : **صَلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ اَفْضَلُ مِنْ عَامَّةِ الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ** ؛ | 10 | یقیناً میں نے تمہارے دادا صلی اللہ علیہ وآلہ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ: ''آپس کی اصلاح کرنا روزمرہ کی عام نمازوں اور روزوں سے افضل مقام رکھتی ہے''۔ (از کلیہ نماز و روزہ بہتر است) |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَللّٰهَ اللّٰهَ فِی الْاَیْتَامِ فَلَا تُغِبُّوْا اَفْوَاهَهُمْ ؛ | 11 | اللہ، اللہ یتیموں کی دیکھ بھال اور پرورش کا مقام، چنانچہ تم اُن کے ہونٹوں کو ناغہ کرنے کا موقع نہ دینا (بھوک، پیاس اور باتوں سے) |
| وَلَا یَضِیْعُوْا بِحَضْرَتِکُمْ ؛ | 12 | اور اپنی موجودگی میں انہیں ضائع نہ ہونے دینا؛ |
| وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِیْ جِیْرَانِکُمْ فَاِنَّهُمْ وَصِیَّةُ نَبِیِّکُمْ ؛ | 13 | اللہ اللہ پڑوسیوں کا مقام، وہ تو خود تمہارے نبیؐ کی وصیت ہیں، |
| مَازَالَ یُوْصِیْ بِهِمْ حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّهُ سَیُوَرِّثُهُمْ ؛ | 14 | پڑوسیوں کی دیکھ بھال اور خوشحالی پر آپؐ نے اس قدر مسلسل بلا ناغہ وصیتیں کیں کہ ہمیں یہ یقین ہونے لگا تھا کہ **انہیں وراثت میں شامل کیا جانیوالا ہے؛** |
| وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِی الْقُرْآنِ لَایَسْبِقُکُمْ بِالْعَمَلِ بِهٖ غَیْرُکُمْ ؛ | 15 | واللہ اللہ قرآن کا مقام، اس پر عمل کرنے میں تم سے کوئی سبقت نہ لے جائے؛ |
| وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِی الصَّلَاةِ فَاِنَّهَا عَمُوْدُ دِیْنِکُمْ ؛ | 16 | اور اللہ اللہ نماز کا مقام، وہ تو تمہارے دین کا ستون ہے۔ |
| وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِیْ بَیْتِ رَبِّکُمْ ؛ | 17 | اور اللہ اللہ تمہارے پروردگار کے گھر کا مقام، لہٰذا |
| لَاتُخْلُوْهُ مَابَقِیْتُمْ ؛ | 18 | اُسے تاحیات خالی نہ چھوڑنا؛ |
| فَاِنَّهٗ اِنْ تُرِکَ لَمْ تُنَاظَرُوْا ؛ | 19 | چنانچہ اگر اُسے خالی چھوڑا گیا تو تم اس کے بعد اللہ کی مہلت نہ پاؤ گے؛ (یعنی ایک دم عذاب آجائے گا) |
| وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِی الْجِهَادِ بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ وَاَلْسِنَتِکُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؛ | 20 | اور اللہ اللہ جہاد کا مقام، تم اپنے مال و دولت سے بھی اور جان سے بھی اور زبانوں سے بھی اللہ کی راہ میں جہاد جاری رکھنا؛ |
| وَعَلَیْکُمْ بِالتَّوَاصُلِ وَالتَّبَاذُلِ ؛ | 21 | اور تم پر واجب ہے کہ تم ایک دوسرے سے وابستہ رہو اور ایک دوسرے کی ہر مدد کرنے میں سخی رہو؛ |
| وَاِیَّاکُمْ وَالتَّدَابُرَ وَالتَّقَاطُعَ ؛ | 22 | اور خبردار کہ تم ایک دوسرے کی طرف سے نہ تو پیٹھ پھیرنا نہ تعلقات منقطع کرنا؛ |
| لَاتَتْرُکُوْا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ فَیُوَلّٰی عَلَیْکُمْ اَشْرَارُکُمْ ؛ | 23 | عالمی اچھائیوں کو نافذ کرنا اور عالمی برائیوں سے روکنا بند نہ کر دینا۔ ورنہ بدکردار لوگ تم پر اپنی ولایت قائم کر لیں گے۔ |
| ثُمَّ تَدْعُوْنَ فَلَا یُسْتَجَابُ لَکُمْ ؛ ثُمَّ قَالَ : | 24 | پھر تم ان کو ہٹانے کے لئے دعائیں مانگو گے جو قبول نہ ہوں گی پھر فرمایا کہ:۔ |
| یَابَنِیْ عَبْدِالْمُطَّلِبِ لَا اُلْفِیَنَّکُمْ تَخُوْضُوْنَ دِمَاءَ الْمُسْلِمِیْنَ خَوْضًا تَقُوْلُوْنَ ؛ | 25 | اَے عبدالمطلبؑ کے بیٹو میں یہ نہیں چاہتا کہ تم میری موت کے بعد لگو مسلمانوں کا خون بہانے اور چاروں طرف، |
| " قُتِلَ اَمِیْرُالْمُؤْمِنِیْنَ، قُتِلَ اَمِیْرُالْمُؤْمِنِیْنَ ؛ | 26 | امیر المومنین قتل کر دئے گئے، امیر المومنین قتل کر دئے گئے کے نعرے مارتے پھرنے لگو۔ |
| اَلَا لَایُقْتَلُنَّ بِیْ اِلَّا قَاتِلِیْ؛ | 27 | خبردار میرے بدلے میں میرے قاتل کے علاوہ اور کسی شخص کو قتل نہ کیا جائے؛ |
| اُنْظُرُوْا اِذَا اَنَامُتُّ مِنْ ضَرْبَتِهٖ هٰذِهٖ فَاضْرِبُوْهُ ضَرْبَةً | 28 | اور سمجھ لو کہ اگر اس ضرب سے میں مر جاؤں تو میرے قاتل کو بھی صرف ایک ہی |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| بِضَرْبَةٍ وَلَا يُمَثَّلُ بِالرَّجُلِ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ يَقُوْلُ: اِيَّاكُمْ وَالْمُثْلَةَ وَلَوْ بِالْكَلْبِ الْعَقُوْرِ ۔ | 29 | ضرب لگائی جائے اور اس کی صورت نہ بگاڑی جائے۔ بلا شبہ میں نے رسوؐل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے سنا ہے فرماتے تھے کہ: خبردار کسی مردہ کی صورت نہ بگاڑنا خواہ وہ مردہ کسی کاٹنے والے کتے کا ہو۔'' |

**تشریح:۔** یہاں پھر یاد دلاتے ہیں کہ تمام انبیاء اور آئمہ علیہم السلام دین کے معاملے میں اللہ کی طرف سے چند اصولوں کے پابند رہے ہیں۔ اوّل یہ کہ وہ حضرات علیہم السلام اپنے مخاطب یا مخاطبین کی عقلی سطح سے بات کرتے تھے۔ تاکہ لوگ دل چسپی سے سُنیں، سمجھیں اور یاد رکھ سکیں۔ مجمع عام کو خطاب کرتے ہوئے وہ حضرات مجمع کے کم عقلوں کی عقلی سطح سے خطاب فرماتے تھے تاکہ کوئی سمجھنے سے قاصر نہ رہے۔ تنہا تنہا خطاب میں ہر مخاطب کی عقل اور دل چسپی کا خیال رکھتے تھے۔ فلسفیوں اور دانشوروں سے جہلا کے مجمع کی طرح خطاب نہ کرتے تھے۔ اس طرز کلام سے اُن کے کلام میں لفظی اختلاف پیدا ہونا فطری اور قدرتی تھا۔ جس سے مجتہدین اپنا اُلّو سیدھا کرتے تھے۔ دوم یہ کہ وہ حضراتؑ بشری حیثیت کے ماتحت بات کرتے تھے اپنی خداداد قابلیت وقدرت واستعداد کو عموماً نظر انداز کر دیتے تھے۔ تاکہ بات مخاطبین کے دائرہ فہم وفراست اور استعداد کے اندر رہے اور اُن سے باز پرس میں سہولت رہے۔ اِس سے مجتہدین نے انبیا وائمہ علیہم السلام کو اپنے ایسا بشر بنانے کا فریب دیا۔ سوم یہ کہ بلا ضرورت خود کو عام انسانی حالت واستعداد سے بلند تر ہستیاں قرار نہ دیا۔ مگر جہاں ضرورت ہوئی حقیقی حالت کو برملا ظاہر کر دیا اور ثبوت ودلائل پیش کر دئے۔ چہارم یہ کہ درجہ بندی کے سلسلے کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتے رہے۔ پنجم یہ کہ سیاسی لیڈروں کے حربوں کو بے اثر رکھنے میں احتیاطی تدابیر جاری رکھیں اور بہت ساحتاط کلام وعمل کرتے رہے۔

یہ وہ پانچ اصول ہیں جن کی وجہ سے دین کی تعلیم وتبلیغ کثرت تک پہنچی اور سیاسی لیڈر ناکام کرنے میں ناکام رہے مگر اِن اصولوں کو اُلٹ پلٹ کر کے چند شکوک وشبہات پیدا کرنے میں کامیاب ہوتے رہے۔

## 2۔ ہمارے حقیقی عقائد اب سب کو معلوم ہیں اور اُن کے ماتحت ہر بات کو بیان کرنا لازم ہے

اسلامی تعلیمات کے بیان میں اب کسی احتیاط اور مصلحت کی ضرورت نہیں ہے۔ ہر شخص کو چاہئے کہ وہ بلا جھجک اپنے عقائد کے ماتحت بات کرے اور دوسروں کے عقائد کو سُنے اور سمجھے اور بلا تکلف تنقید کرے۔ اور جو صحیح ہو اُسے مانتا چلا جائے۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آئمہ اہلبیتؑ کو اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیہم کو تخلیق کائنات سے پہلے ہی اُن کی ہمہ گیر ضرورتوں کے لئے ضروری علم دے دیا تھا اور تخلیق کائنات کے دوران اُس علم میں عملی اضافہ کرتا رہا اور اُن کی جدید ضرورتوں کے لئے اُن پر اپنے علوم کے دروازے کھلے رکھے اور ہر گھڑی اُن کے علوم میں اضافہ کرتا چلا آیا ہے اور برابر اضافہ کرتا رہے گا۔ لہٰذا حسنین علیہم السلام کو علمی حیثیت سے اس وصیت وتعلیم کی ضرورت نہ تھی لیکن عوام الناس کے علمی استفادہ کے لئے اور طریقہ زندگی کے تسلسل وترتیب کے لئے ضروری تھی۔ تاکہ علمی ریکارڈ مرتب ہوتا اور پھیلتا چلا جائے۔ اُن دونوں حضرات علیہم السلام کو حدیث رسوؐل بھی سنانے کی ضرورت بھی نہ تھی۔ رسوؐل کا علم اور تمام آئمہ علیہم السلام کا علم برابر رہا ہے کسی سے کسی کی کوئی بات پوشیدہ نہ رہی ہے اور نہ قدرتی انتظام کے ماتحت چھپی رہ سکتی تھی۔ یہ سب حضرات محمدؐ بھی ہیں اور علیؑ بھی ہیں۔ لوگوں کی علمی وعملی ترقی اور درجہ بندی کے لئے یہ نظام جاری رہا ہے اور جاری رکھا جانا چاہئے۔ لوگ اس ترتیب سے سمجھ سکتے ہیں کہ اللہ نے وحی کے ذریعہ رسوؐل کو بتایا۔ رسوؐل نے دوسروں کو بتایا۔ یہ تسلسل ترتیب اور ریکارڈ کے لئے ہے۔ بیانِ حقیقت کے لئے نہیں ہے۔ لہٰذا قانونی کاروائی پوری کرنے اور نمونہ دینے کے لئے وصیت کی گئی ہے۔ ورنہ حسنین علیہم السلام مجسم علم ہیں مجسم تقویٰ ہیں۔ دُنیا ہی نہیں بلکہ ساری کائنات اُنہیں پسند کرتی ہے۔ وہ کسی غلط چیز کو پسند کر ہی نہیں سکتے۔ اُنہیں صرف اللہ اور اللہ کی خوشنودیاں پسند اور مطلوب ہیں۔ وہ کسی

Presented by Ziaraat.Com

ناپسندیدہ بات یا چیز پر افسوس نہیں کرتے اور جو کچھ کہتے ہیں یا کرتے ہیں وہ محض حق ہوتا ہے۔ ہمیشہ ظالم کے دشمن اور مظلوم کے معین و مددگار رہتے ہیں۔ وہ خود سر سے پیر تک دین ہیں اور دین کے نظام کو برقرار رکھنے والے ہیں۔ وہ مجسم صلاح وتقویٰ ہیں اور خود غرضانہ روزہ ونماز کو ناپسند کرتے ہیں اور روز ازل سے جانتے ہیں نوع انسان کی اصلاح حال کرنا سب سے بڑی عبادت اور حقیقی دین ہے۔ وہ خود کعبہ کی عزت ہیں اور جانتے ہیں کہ اللہ کا نہ کوئی گھر ہے نہ مکان ہوتا ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ جہاد کے لئے حج کو عین حج میں ترک کرنا درست ہے۔ اُن کی جان و مال اور زبان جہاد میں قربان ہونے والے ہیں۔ اور وہ لوگوں کو اس طرح وابستہ کر لیتے ہیں کہ لوگ کسی قیمت پر جدا ہونا یا منقطع ہونا پسند نہیں کرتے۔ نہ روشنی میں جدا ہوتے ہیں نہ اندھیرے میں جاتے ہیں۔ وہ بچپن میں محمدؐ اور فاطمہؑ ایسی ہستیوں کو اللہ کی رضامندیوں کے لئے صبر سے رخصت کرتے ہیں۔ وہ ہرگز نہ کسی غلط شخص کو قتل کریں گے نہ اللہ ،رسولؐ، فاطمہؑ اور علیؑ کو ناخوش کریں گے۔ اور اس وصیت پر بڑھ چڑھ کر عمل کریں گے۔ مُثلہ کرنا مردہ کی صورت بگاڑنا تو قریش کا کام ہے۔ یہ حضراتؑ قریش کی تمام بدکرداریوں سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔

# ( نمبر48) خط

## اِلٰی مُعَاوِیَةَ: معاویہ کے نام

**1۔ معاویہ کو قرآن کی طرف دعوت دینے والوں سے خارج کر دیا ہے**

**2۔ علی علیہ السلام نے قرآن کریم کی دعوت پر لبیک فرمائی تھی نہ کہ معاویہ یا اور لوگوں کی دعوت پر**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّ الْبَغْیَ وَالزُّوْرَ یُوْتِغَانِ بِالْمَرْءِ فِیْ دِیْنِهٖ وَدُنْیَاهُ ؛ | 1 | یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ سرکشی اور دروغ گوئی انسان کی دین و دنیا دونوں کو بدنام اور رسوا کر دیتی ہے؛ |
| وَیُبْدِیَانِ خَلَلَهٗ عِنْدَ مَنْ یَّعِیْبُهٗ ؛ | 2 | اور عیب جوئی کرنے والے کے روبرو اس کی پوشیدہ خامیاں بھی کھول دیا کرتی ہے۔ |
| وَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّکَ غَیْرُ مُدْرِکٍ مَاقُضِیَ فَوَاتُهٗ ؛ | 3 | اور اس قدر علم تو تجھے حاصل ہے کہ جس چیز کا ہاتھ سے نکل جانا طے شدہ ہو اُسے تم پا نہیں سکتے؛ |
| وَقَدْرَامَ اَقْوَامٌ اَمْرًا بِغَیْرِ الْحَقِّ فَتَاءَ وَّلُوْا عَلَی اللّٰهِ فَاَکْذَبَهُمْ ؛ | 4 | اور کچھ اقوام نے ایک خاص صورتِ حال پیدا کرنے کیلئے باطل طریقے پر قرآن کی تاویلیں کر کے اللہ کے ذمہ لگانا چاہا تو اللہ نے اُنہیں جھوٹا ثابت کر دیا۔(6/66) |
| فَاحْذَرْ یَوْمًا یَغْتَبِطُ فِیْهِ مَنْ اَحْمَدَ عَاقِبَةَ عَمَلِهٖ ؛ | 5 | چنانچہ اَے معاویہ تو اُس دن سے بچنے کی فکر کر جس دن وہی آدمی خوش ہو سکے گا جس نے اپنے اعمال کو عاقبت کے لئے قابل تعریف بنا لیا تھا؛ |
| وَیَنْدَمُ مَنْ اَمْکَنَ الشَّیْطَانَ مِنْ قِیَادِهٖ فَلَمْ یُجَاذِبْهُ ؛ | 6 | اور وہ لوگ نادم و پریشان ہوں گے جنہوں نے شیطان کی تقلید اختیار کر کے برابر اُسے اپنا قائد بنائے رکھا تھا۔ |
| وَقَدْ دَعَوْتَنَا اِلٰی حُکْمِ الْقُرْآنِ وَلَسْتَ مِنْ اَهْلِهٖ ؛ | 7 | اور یقیناً تو نے ہمیں قرآن کے حکم کی طرف دعوت دی تھی حالانکہ تو قرآنی حکم کی طرف دعوت دینے والوں میں سے نہیں ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَسْنَا اِيَّاکَ اَجَبْنَا ؛ | 8 | اور ہم نے ہرگز تیری دعوت قبول نہیں کی تھی؛ |
| وَلٰکِنَّا اَجَبْنَا الْقُرْاٰنَ فِیْ حُکْمِهٖ ؛ وَالسَّلَامُ ۔ | 9 | ولیکن ہم نے تو خود قرآن کے حکم کو قبول کیا تھا؛ والسلام۔ |

**تشریح:۔** اس خط میں حضور علیہ السلام نے جہاں معاویہ کو سرکش اور دروغ باف اور عیب جو ثابت کیا ہے وہیں قریش اور اُن کے معاون اقوام کو غلط تاویلات کرنے اور اللہ کے خلاف جھوٹے عقائد واحکامات بنانے کا مجرم بھی فرمادیا ہے اور اللہ نے اُن سب اقوام کے لئے فرمادیا ہے کہ:۔

وَکَذَّبَ بِهٖ قَوْمُکَ وَهُوَالْحَقُّ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْکُمْ بِوَکِيْلٍ o (6/66)

''اے رسولؐ تیری مخاطب قوم نے اس قرآن کو جھٹلا دیا ہے حالانکہ وہ سراسر حق ہے ان سے کہدو کہ میں تمہاری وکالت کرنے والا نہیں ہوں۔''

بہرحال حضرت علی علیہ السلام کے فرمان کے مطابق صرف ایک قریشی قوم نے قرآن میں تحریف اور معنوی ردوبدل نہ کی تھی بلکہ اُن کے ساتھ قرآن کی غلط تاویلات اور تنفیذ میں کئی ایک اقوام شریک تھیں۔ مختصراً یہ کہنا چاہئے کہ خاندان رسولؐ کے علاوہ سارا عرب قریش کا ہمنوا تھا۔ اور اسی لئے فاروقی شریعت وقوانین جلدی جلدی اختیار کر لئے گئے تھے اور خاندان رسولؐ کو بجائے قریشی لیڈروں کا مخالف قرار دینے کے خود اسلام کا مخالف کہا گیا تھا۔ یعنی اسلام کا بھی مخالف اور اسلامی حکومت کا بھی مخالف۔ یہی صورت تو تھی جو معاویہ نے خاندان رسولؐ پر لعنت وتبرا شروع کرادیا تھا اور اس پر نہ کوئی احتجاج ہوا نہ بغاوت ہوئی۔ بلکہ سب اقوام خاموش ہوگئیں۔ لہٰذا خاموش ہوجانے والی اقوام ہی وہ قومیں تھیں جنہوں نے قرآن کی غلط تاویلات کی تھیں اور اُس ملعون رسم کو سو سال تک جاری رکھ کر سب لوگ اُن اقوام کے ساتھ قرآن کو جھٹلانے میں شریک ہوگئے تھے۔

## ( نمبر49) خط — اِلٰی مُعَاوِيَةَ :ایضاً معاویہ کے نام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ الدُّنْيَا مَشْغَلَةٌ عَنْ غَيْرِهَا ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور رسولؐ کے بعد سنو کہ یہ دُنیا یقیناً اپنے سوا باقی تمام چیزوں سے بےفکر و لاپراہ کردیتی ہے؛ |
| وَلَمْ يَصِيْبُ صَاحِبُهَا مِنْهَا شَيْئًا اِلَّا فَتَحَتْ لَهٗ حِرْصًا عَلَيْهَا ؛ | 2 | اور جب دُنیا کا ساتھی دنیا سے کچھ سامان پالیتا ہے تو پھر یہ دُنیا اس کے دل میں اپنی حرص کے دروازے کھول دیتی ہے؛ |
| وَلَهَجًا بِهَا ؛ | 3 | اور اُسے اپنا شیفتہ وفریفتہ بنالیتی ہے؛ |
| وَلَنْ يَّسْتَغْنِی صَاحِبُهَا بِمَا نَالَ فِيْهَا عَمَّالَمْ يَبْلُغْهُ مِنْهَا ؛ | 4 | اور دُنیا کا ساتھی جو کچھ مل جائے اُس پر قناعت نہیں کرتا اور جو کچھ ملا نہیں اس کی فکر سے باز نہیں آتا ہے؛ |
| وَمِنْ وَّرَآءِ ذٰلِکَ فِرَاقُ مَاجَمَعَ ؛ | 5 | حالانکہ جو کچھ سامان دنیا جمع کرلیا ہے اُس سے اُسے جدا ہونا ہے؛ |
| وَنَقْضُ مَا اَبْرَمَ ؛ وَلَوِ اعْتَبَرْتَ بِمَا مَضٰی حَفِظْتَ مَابَقِیَ. وَالسَّلَامُ ۔ | 6 | اور جو کچھ بندوبست کر رکھا ہے اُس کا ٹوٹنا لازم ہے اور اگر تو نے گذشتہ حالات سے سبق لے لیا ہوتا تو تُو باقی ماندہ اور آئندہ حالات کی حفاظت کرسکتا تھا۔ والسلام |

**تشریح:۔** خط سے کہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ خط ایک دشمنِ خدا اور رسولؐ کو لکھا گیا ہے یا یہ کہ اس خط کا مخاطب کوئی نہایت چالاک ومکار وفریب ساز شخص

Presented by Ziaraat.Com

ہے۔حد ہوگئی کہ یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ خط کسی حکمران کو لکھا گیا ہے۔یہ ہے وہ طریقہ جس سے یہ یقین ہو جاتا ہے کہ ہمیں ہر شخص سے اُس کے آخری سانس تک اصلاح کی اُمید رکھنی چاہئے اور نصیحت و ہدایت کرنے میں تھک نہیں جانا چاہئے۔ہمیں چودہ سو سال گذر جانے کے بعد بھی اُن لوگوں پر غصہ آتا ہے اور دل کہتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کو بار بار ایسے ناعاقبت اندیشوں کو نہ خط لکھنا چاہئے نہ جواب دینا چاہئے۔جب معاویہ کے پیدا کردہ حالات خود علیؑ کے سر پر سے گذر رہے ہیں اور دن رات تکلیفوں کا سامنا ہے۔خط میں کہیں غصہ اور انتقام کا تصور نہیں ہے۔اِس رویہ سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ علی علیہ السلام کو لوگوں کا نجات پا جانا مطلوب و مقصود تھا اور وہ نوع انسان کے حقیقی ہمدرد تھے، ہادی تھے، راہنما تھے اور کچھ نہ تھے۔نہ انہیں اپنی صحت پیاری تھی اور نہ وقت عزیز تھا صرف نجاتِ انسانی عزیز تھی۔

## ( نمبر 50) خط اِلٰی اُمَرَائِہٖ عَلَی الْجُیُوْشِ: ''اپنی افواج کے حکمرانوں کے نام لکھا ہے''

**حقوق اور ذمہ داریوں کو یاد دلا کر تنبیہ فرمائی ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا سے ڈرایا ہے**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ عَبْدِاللّٰہِ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِلٰی اَصْحَابِ الْمَسَالِحِ : | 1 | اللہ کے بندے علیؑ بن ابی طالبؑ امیر المومنین کی طرف سے چھاونیوں کے سرداروں کے نام |
| اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ حَقًّا عَلٰی وَالِی اَنْ لَّایُغَیِّرَہٗ عَلٰی رَعِیَّتِہٖ فَضْلٌ نَّالَہٗ ؛ | 2 | بعد از حمد و ثنائے خدا اور سوال معلوم ہو کہ رعایا کا اپنے حکمران پر یہ حق ہے کہ اللہ نے اسے اپنے جس فضل و کرم سے نوازا ہے اس کی بنا پر اپنی رعایا سے اچھے سلوک میں تبدیلی نہ کرے؛ |
| وَلَا طَوْلٌ خُصَّ بِہٖ ؛ | 3 | اور نہ ہی اس فارغ البالی کی وجہ سے تبدیلی کرے جس سے اللہ نے اسے مخصوص کیا ہے؛ |
| وَاَنْ یَزِیْدَہٗ مَاقَسَمَ اللّٰہُ لَہٗ مِنْ نِعَمِہٖ دُنُوًّا مِّنْ عِبَادِہٖ ؛ وَعَطْفًا عَلٰی اِخْوَانِہٖ ؛ | 4 | اور اسے چاہئے کہ جو نعمتیں اللہ نے اسے عطا کی ہیں ان کی وجہ سے وہ اللہ کے بندوں سے قربت اور اپنے دینی بھائیوں سے زیادہ سے زیادہ لطف اور مہربانی سے پیش آئے؛ |
| اَلَا وَاِنَّ لَکُمْ عِنْدِیْ اَنْ لَّا اَحْتَجِزَ دُوْنَکُمْ سِرًّا اِلَّافِی حَرْبٍ ؛ | 5 | آگاہ ہو جاؤ کہ مجھ پر تمہارا یہ حق بھی ہے کہ میں حالت جنگ کے علاوہ اور کسی صورت حال میں راز داری نہ برتوں؛ اور |
| وَ لَا اَطْوِیَ دُوْنَکُمْ اَمْرًا اِلَّا فِیْ حُکْمٍ ؛ | 6 | احکام خداوندی کے علاوہ باقی معاملات میں تمہاری سوجھ بوجھ و مشورے کو نظر انداز نہ کروں؛ |
| وَ لَا اُؤَخِّرَلَکُمْ حَقًّا عَنْ مَحَلِّہٖ ؛ | 7 | اور تمہارے حق کو بروقت ادا کرنے میں تاخیر نہ کروں؛ |
| وَلَا اَقِفَ بِہٖ دُوْنَ مَقْطَعِہٖ ؛ | 8 | اور اسے انجام تک پہنچائے اور مکمل کئے بغیر توقف نہ کروں؛ |
| وَاَنْ تَکُوْنُوْ عِنْدِیْ فِی الْحَقِّ سَوَاءً ؛ | 9 | اور یہ کہ حقوق کے معاملے میں تم سب کو برابر سمجھوں؛ |
| فَاِذَافَعَلْتُ ذٰلِکَ وَجَبَتْ لِلّٰہِ عَلَیْکُمُ النِّعْمَۃُ ؛ وَلِیْ عَلَیْکُمُ الطَّاعَۃُ ؛ | 10 | چنانچہ جب میں ان مذکورہ بالا حقوق کو ادا کرتا رہوں تو تم پر اللہ کی طرف سے واجب ہے کہ تم ادھر اللہ کا شکر ادا کرتے رہو اور ادھر تم میری اطاعت کرتے رہو؛ |
| وَاَنْ لَا تَنْکُصُوْا عَنْ دَعْوَۃٍ ؛ | 11 | اور یہ کہ بلائے جانے پر کنی نہ کاٹ جایا کرو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَ لَا تُفَرِّطُوْا فِیْ صَلَاحٍ ؛ | 12 | اور نیک کاموں میں کوتاہی نہ کیا کرو؛ |
| وَاَنْ تَخُوضُوْا الْغَمَرَاتِ اِلَی الْحَقِّ ؛ | 13 | اور حق تک پہنچنے کے بعد سختیوں کی پرواہ نہ کیا کرو؛ |
| فَاِنْ اَنْتُمْ لَمْ تَسْتَقِیْمُوْا اِلٰی عَلٰی ذٰلِکَ لَمْ یَکُنْ اَحَدٌ اَهْوَنَ عَلَیَّ مِمَّنْ اَعْوَجَّ مِنْکُمْ ؛ | 14 | اور اگر تم اس رویہ پر ثابت قدم نہ رہ سکو تو پھر تم میں سے بے راہ ہو جانے والوں سے زیادہ میری نظر میں اور کوئی بھی ذلیل نہ ہوگا؛ |
| ثُمَّ اُعْظِمُ لَهُ الْعُقُوْبَةَ ؛ | 15 | پھر اسے سزا بھی سب سے بڑی ملے گی؛ |
| وَ لَایَجِد عِنْدِیْ فِیْهَا رُخْصَة ؛ | 16 | اور وہ اس معاملہ میں میرے پاس کوئی رعایت نہ پائے گا؛ |
| فَخُذُوْا هٰذَا مِنْ اُمَرَائِکُمْ ؛ | 17 | تم یہی عہد و پیمان اپنے ماتحت سرداروں سے لے لو؛ |
| وَاَعْطُوْهُمْ مِنْ اَنْفُسِکُمْ مَایُصْلِحُ اللّٰهُ بِهٖ اَمْرَکُمْ. والسلام | 18 | اور خود بھی ان کو اسی قسم کے حقوق دینے کا وعدہ کرو۔ جس سے اللہ تمہارے دینی مقاصد میں اصلاح جاری رکھے۔ والسلام |

**تشریح:۔** جن حقوق کا علی علیہ السلام نے تذکرہ فرمایا ہے وہ قرآن کریم کی تعلیمات کا اور انسانی ضرویات کا نچوڑ ہے اگر یہ حقوق دونوں فریق یعنی رعایا اور حکمران ادا کرتے رہیں تو آخری جملے کے مطابق نظمِ حکومت اور کامیابیٔ دارین کا حاصل ہوتے رہنا یقینی ہے۔ لیکن عموماً ہوتا یہ ہے کہ یہ دونوں فریق اپنی اپنی خودساختہ مصلحتوں کی بنا پر اپنے سامنے کچھ خودساختہ حقوق رکھ لیتے ہیں۔ یوں رعایا اور حکمران میں تصادم پیدا ہوتا ہے اور برداشت سے باہر ہو جانے پر اس کا تدارک بھی خودساختہ طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ دونوں فریق خود کو حق پر سمجھتے رہتے ہیں اور کبھی یہ نہیں سوچتے کہ وہ اپنے خودساختہ راستوں پر چلے جا رہے ہیں۔ اگر وہ رک کر اپنے اپنے حقوق، مصلحتوں اور طریق کار کو قرآن کے سامنے رکھ دیں تو چند منٹ میں حق و باطل واضح اور الگ الگ ہو جائے۔ مگر رکنے کا وقت نہیں ملتا لہٰذا فساد میں اتنی دور نکل جاتے ہیں کہ حق کی طرف واپس آنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ لہٰذا **خرابی کی اصل جڑ ذاتی اجتہاد ہوتا ہے**۔ قدم بقدم قرآن کے الفاظ کے ساتھ چلنے سے کبھی باطل پر قدم نہیں پڑتے ولیکن سوچا یہ گیا ہے کہ حکومت میں قومی و ملکی مصلحتوں کے ساتھ ساتھ چلنے سے حکومت و رعایا اور حکمران کے لئے بھلائیاں ہوتی ہیں۔ اِسی اصول پر قریش نے حکومت بنائی تھی اور نظام مشاورت کو اپنا خدا بنا لیا تھا اور اُس کے احکامات کی تعمیل کو اسلام سمجھا تھا لہٰذا برباد ہو گئے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 51) خط

## اِلٰی عُمَّالِہٖ عَلَی الْخِرَاجِ: خراج وصول کرنے والے گورنروں کے نام

1۔حکومت کے ٹیکسوں کی وصولی میں رعایا کی ضروریات اور موسمی حالات کا خیال رکھنا لازم ہے

2۔خطرناک چیزوں کے علاوہ اور کسی کی کسی چیز کو بلا اجازت ہاتھ تک نہ لگایا جائے گا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ عَبْدِاللّٰہِ عَلِیٍّ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ اِلٰی اَصْحَابِ الْخِرَاجِ : | | اللہ کے بندے اور مومنوں کے حاکم علیؑ کی طرف سے خراج وصول کرنے والے صحابہ کے نام:۔ |
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ مَنْ لَمْ یَحْذَرْ مَاھُوَ صَائِرٌ اِلَیْہِ لَمْ یُقَدِّمْ لِنَفْسِہٖ مَایُحْرِزُھَا ؛ | 1 | بعد از حمد و ثنائے خدا و رسولؐ تم کو معلوم ہو کہ جو شخص اپنے انجام سے نہیں ڈرتا وہ اپنے بچاؤ کا کوئی سامان بھی فراہم نہیں کرسکتا ہے؛ |
| وَاعْلَمُوْا اَنَّ مَاکُلِّفْتُمْ یَسِیْرٌ ؛ وَاَنَّ ثَوَابَہٗ کَثِیْرٌ ؛ | 2 | یہ جان رکھو کہ جو فرائض تم پر لازم کئے گئے ہیں وہ تھوڑے سے ہیں مگر اُن کا ثواب بہت زیادہ ہے۔ |
| وَلَوْ لَمْ یَکُنْ فِیْمَا نَھَی اللّٰہُ عَنْہُ مِنَ الْبَغْیِ وَالْعُدْوَانِ عِقَابٌ یُّخَافُ لَکَانَ فِیْ ثَوَابِ اجْتِنَابِہٖ مَالَاعُذْرَ فِیْ تَرْکِ طَلَبِہٖ ؛ | 3 | اور اللہ نے جو ظلم اور سرکشی سے منع فرمایا ہے اگر اُس پر مواخذہ اور عذاب کا خوف نہ بھی ہوتا جب بھی اُن سے بچ کر رہنے کا ثواب اتنا ہے کہ اُن سے نہ بچنے کا کوئی عذر قابل قبول رہتا ہی نہیں ہے۔ |
| فَانْصِفُوا النَّاسَ مِنْ اَنْفُسِکُمْ ؛ | 4 | چنانچہ تم لوگوں سے عدل اور انصاف کا رویہ اختیار کرو؛ |
| وَاصْبِرُوْالِحَوَائِجِھِمْ ؛ | 5 | اور اُن کی خواہشوں اور ضرورتوں پر صبر سے کام لو؛ |
| فَاِنَّکُمْ خُزَّانُ الرَّعِیَّۃِ ؛ | 6 | اس لئے کہ تم رعیت کے خزانچی ہو، |
| وَالْوُکَلَاءُ الْاُمَّۃِ وَسُفَرَاءُ لْاَئِمَّۃِ ؛ | 7 | اور اُمت پر وکیل ہو اور آئمہؑ کے سفارت کار ہو، |
| وَ لَا تُحْسِمُوْا اَحَدًا عَنْ حَاجَتِہٖ ؛ | 8 | کسی کی حاجت اور ضرورت کو نہ ٹھکراؤ۔ |
| وَ لَا تَحْبِسُوْہُ عَنْ طَلِبَتِہٖ ؛ | 9 | اور اُس کی مانگ میں رکاوٹ نہ ڈالو؛ |
| وَلَا تَبِیْعُنَّ لِلنَّاسِ فِی الْخِرَاجِ کِسْوَۃَ شِتَآءٍ وَّلَاصَیْفٍ وَّ لَا دَابَّۃٍ یَّعْتَمِلُوْنَ عَلَیْھَا وَ لَاعَبْدًا؛ | 10 | اور خراج کی وصولی کے لئے اُن کے جاڑے یا گرمی میں کام آنے والے کپڑے اور مویشی جن سے وہ کام لیتے ہیں اور اُن کے غلاموں کو فروخت نہ کرو۔؛ |
| وَلَا تَضْرِبُنَّ اَحَدًا سَوْطًا لِمَکَانِ دِرْھَمٍ ؛ | 11 | اور کسی کو پیسوں کی خاطر کوڑے نہ مارو؛ |
| وَلَا تَمَسُّنَّ مَالَ اَحَدٍ مِنَ النَّاسِ مُصَلٍّ وَلَا مُعَاھِدٍ اِلَّا اَنْ تَجِدُوْا فَرَسًا اَوْسِلَاحًا یُّعْدَیٰ بِہٖ عَلٰی اَھْلِ الْاِسْلَامِ ؛ | 12 | اور کسی مسلمان یا غیر مسلم کے مال کو ہاتھ نہ لگاؤ البتہ اگر تم گھوڑے اور اسلحہ پاؤ جو اہل اسلام کے خلاف استعمال کرنے کے لئے رکھا ہوا ہو تو وہ لے لو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّهُ لَایَنْبَغِیْ لِلْمُسْلِمِ اَنْ یَدَ عَ ذٰلِکَ فِیْ اَیْدِیْ اَعْدَاءِ الْاِسْلَامِ فَیَکُوْنُ شَوْکَةً عَلَیْهِ ؛ | 13 | کسی مسلمان کو یہ زیبا نہیں ہے کہ وہ دشمنان اسلام کے پاس اسلحہ اور گھوڑے رہنے دے اور وہ اسلام پر غلبہ اور دباؤ کا سبب بن جائے۔ |
| وَ لَاتَدَّ خِرُوْا اَنْفُسَکُمْ نَصِیْحَةً ؛ | 14 | اور اپنوں کو نصیحت کرنے میں تکلف نہ کرنا یعنی نصیحت اور تنبیہ کو کل پر نہ ٹالنا؛ |
| وَ لَا الْجُنْدَ حُسْنَ سِیْرَةٍ ؛ | 15 | اور نہ ہی افواج سے اچھے سلوک کو پس انداز کرنا؛ |
| وَ لَا الرَّعِیَّةَ مَعُوْنَةً ؛ | 16 | اور رعایا کی مدد کو بلا تاخیر عمل میں لانا؛ |
| وَ لَا دِیْنَ اللّٰهِ قُوَّةً ؛ | 17 | اور نہ ہی اللہ کی قوت کے اضافہ میں دیر لگانا؛ |
| وَاَبْلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَااسْتَوْجَبَ عَلَیْکُمْ ؛ | 18 | اور اللہ کی راہ میں جو فرائض تمہارے ذمہ ہیں اُن کو پورا کرنے میں کسی آزمائش سے نہ ڈرنا۔ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ قَدِ اصْطَنَعَ عِنْدَنَا وَعِنْدَ کُمْ اَنْ نَشْکُرَهُ بِجُهْدِنَا ؛ | 19 | یقیناً اللہ پاک نے اپنے احسانات کے بدلے میں ہمیں بھی اور تمہیں بھی ذمہ دار بنایا ہے کہ ہم پوری کوشش سے اُس کا شکر بجالاتے رہیں؛ |
| وَاَنْ نَنْصُرَهُ بِمَا بَلَغَتْ قُوَّتُنَا ؛ | 20 | اور یہ کہ اپنی قوت واستطاعت بھر اُس کے دین کی نصرت کرتے رہیں۔ |
| وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. | 21 | اور صاحب بزرگی اور عظمت اللہ کی ہی طاقت ہر جگہ موجود ہے۔ |

**تشریح:۔** زکوٰۃ وصدقات وصول کرنے والوں کو بھی رعایا سے حد بھر رعایت کرنے کے احکام پہلے گذر چکے ہیں اور اس خط کی مذکور ہدایات سے واضح ہوتا ہے کہ پبلک کی اُن تمام خواہشات اور ضروریات کو پورا ہو جانا چاہئے جن سے پیداواری استعداد وقوت بڑھتی ہو۔ پیداواری حیثیت بڑھے تو پبلک سہولت سے گورنمنٹ کے واجبات ادا کر سکے گی۔ ہَل نہ ہوں۔ بیل، گھوڑے، گدھے اور اونٹ بھی نہ ہوں۔ پہننے کے کپڑے نہ ہوں۔ بونے کے لئے بیج نہ ہو، کام کرنے والے کم ہو جائیں تو پیداوار کیسے ہوگی؟ حکومت کے پاس ٹیکس نہ آئے گا تو حکومت رعایا کے لئے مزید سہولتیں فراہم کرنے سے قاصر رہے گی اور حکومت کے اخراجات میں کمی کرنا لازم ہوگی۔ کچھ دنوں مزید سہولتوں سے محروم رہنا پبلک برداشت کر سکتی ہے۔ حکومت کم اخراجات کو سہہ سکتی ہے۔ لیکن پیداوار کا ختم ہو جانا تو رعایا اور حکومت دونوں کو ختم کر سکتا ہے۔ لہٰذا سب سے ضروری یہ ہے کہ پیداواری طاقت پبلک میں موجود رہے۔ خلفائے ثلاثہ خراج کی رقم بڑھانے کی فکر میں رہتے تھے۔ چنانچہ کتاب الفاروق کا یہ جملہ سنئے:۔

''<u>عثمان کے زمانہ میں عبداللہ بن مسعد گورنر مصر نے ایک کروڑ چالیس لاکھ دینار وصول کئے تھے۔ لیکن جب عثمان نے فخریہ عمرو بن العاص سے کہا کہ اب تو اونٹنی نے زیادہ دودھ دیا ہے تو عمرو بن العاص نے آزادانہ کہا کہ لیکن اونٹنی کا بچہ بھوکا رہا</u>۔'' (الفاروق حصہ دوم صفحہ 22)

یعنی یہ لوگ رعایا کو اونٹنی سمجھ کر نچوڑ لیتے تھے اور بچوں کے بھوکا مرنے کی پرواہ نہ کرتے تھے۔ اور مولانا شبلی اور دیگر مورخین زیادہ سے زیادہ خراج وصول کرنے پر فخر کرتے رہے ہیں۔ چنانچہ اللہ نے ان سے آخر حکومت چھین کر انہیں بھکاری بنا دیا۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر52) خط

## اِلٰی اُمَرَءِ الْبِلَادِ :شہروں کے حکمرانوں کے نام

### 1۔انتظامی نماز کے اوقات کا سادہ اور عام فہم بیان

### 2۔طویل نماز پڑھانے سے منع فرمایا ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعۡدُ فَصَلُّوۡا بِالنَّاسِ الظُّهۡرَ حَتّٰی تَفِیۡءَ الشَّمۡسُ مِثۡلَ مَرۡبِضِ الۡعَنۡزِ ؛ | 1 | بعد از حمد وثنائے خدا و رسولؐ سنو کہ تم لوگوں کے ساتھ ظہر کی نماز اُس وقت پڑھا کرو جب سورج اتنا جھک جائے کہ بکریوں کے باڑے کی دیوار کا سایہ دیوار کے برابر ہو جائے؛ |
| وَصَلُّوۡا بِهِمُ الۡعَصۡرَ وَالشَّمۡسُ بَیۡضَآءُ حَیَّةٌ فِیۡ عُضُوٍ مِنَ النَّهَارِ حِیۡنَ یُسَارُ فِیۡهَا فَرۡسَخَانِ ؛ | 2 | اور عصر کی نماز اُن ہی لوگوں کے ساتھ اُس وقت پڑھاؤ جب کہ ابھی سورج سفید اور چمک دار ہو اور دن اتنا باقی ہو کہ چھ میل کی مسافت طے کی جا سکے؛ |
| وَصَلُّوۡا بِهِمُ الۡمَغۡرِبَ حِیۡنَ یُفۡطِرُ الصَّائِمِ وَیَدۡفَعُ الۡحَاجُّ اِلٰی مِنٰی ؛ | 3 | اور ان ہی لوگوں کے ساتھ مغرب کی نماز اُس وقت پڑھاؤ جب روزہ دار روزہ کھولا کرتا ہے۔اور حاجی لوگ عرفات سے واپس منیٰ کو جاتے ہیں؛ |
| وَصَلُّوۡا بِهِمُ الۡعِشَاءَ حِیۡنَ یَتَوَارَیٰ الشَّفَقُ اِلٰی ثُلُثِ اللَّیۡلِ ؛ | 4 | اور اُن ہی تمام لوگوں کے ساتھ نماز عشاء اس وقت سے پڑھو جب شفق کی سرخی غائب ہو جائے اور ابھی رات کی ایک تہائی گزری ہو۔ |
| وَصَلُّوۡا بِهِمُ الۡغَدَاةَ وَالرَّجُلُ یَعۡرِفُ وَجۡهَ صَاحِبُهُ ؛ | 5 | اور اُن ہی لوگوں کے ساتھ صبح کی نماز اس وقت پڑھ لیا کرو جب آدمی اپنے ساتھی کا چہرہ پہچان سکتا ہو؛ |
| وَصَلُّوۡا بِهِمُ الصَّلٰوةَ اَضۡعَفِهِمۡ وَ لَاتَکُوۡنُوۡا فَتَّانِیۡنَ ۔ | 6 | اور نماز اتنی مختصر پڑھایا کرو جو اُن میں سب سے کمزور آدمی پر بھی بار نہ گزرے اور تم لوگوں کے لئے نماز کو فتنہ نہ بنا دینا۔ |

**تشریح:۔** آپ نے شروع میں ہمارا جملہ ''**انتظامی نماز**'' پڑھا ہے۔یہ جملہ بہت وسیع الاطراف معنی رکھتا ہے۔اِس کے فوری اور سادہ معنی یہ ہیں۔کہ **وہ نماز جو انتظام کی غرض سے پڑھی یا پڑھائی جائے**۔یعنی یہاں اُس نماز کی بات نہیں ہوگی جو اللہ نے پڑھنے کا حکم دیا ہے۔بلکہ حکمرانوں کے انتظام اور پبلک کی سہولت والی نماز زیر بحث ہے۔اور اسی لئے اس نماز کو مختصر اور سہولت سے پڑھی جا سکنے والی نماز فرمایا ہے۔یعنی یہ نماز بہر حال ہر شخص پر کھڑے ہو کر باقاعدہ جھک کر اور سجدے کر کے پڑھنا لازم ہے جب کہ اللہ والی نماز تو بیٹھ کر لیٹ کر اور اشاروں سے بھی پڑھی جا سکتی ہے جس میں جس چیز کی طاقت نہ ہو وہ چیز ساقط ہو جاتی ہے یا سہولت سے بدل جاتی ہے۔لہٰذا نہایت بے تکلفی سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اللہ والی نماز نہیں ہے بلکہ اللہ والی نماز کو انتظامی اور پبلک مصلحت میں بدل کر **حکمران کی یا پبلک کی یا دونوں کی نماز** بنا لیا گیا ہے۔تا کہ:۔ ؎ **رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی**

ابتدائی نکات میں ہمارا ایک جملہ یہ ہے کہ ''**قریشی طریقہ پر**'' اس کا مطلب یہ ہے کہ خلفائے ثلاثہ نے دین کے تمام طریقوں کو از راہِ انتظام بدل دیا اور چونکہ اس ردّ و بدل میں قومی سہولت اور مصلحت کو ملحوظ رکھا تھا لہٰذا قوم نے خوشی خوشی تبدیل شدہ روزہ نماز وغیرہ وغیرہ کو اختیار کر لیا تھا اور تین

Presented by Ziaraat.Com

حکومتوں کے طویل ادوار میں اُن کی عادی ہوگئی تھیں۔لہٰذا کسی تبدیل شدہ طریقہ کو پھر اصل کی طرف بدلنے سے دین کا بدلنا سمجھا جاتا اور لیڈر حضرات حضرت علی علیہ السلام کے خلاف ایک دینی محاذ بھی قائم کر لیتے اس لئے حضورؐ نے کھل کر تبدیلی کا مشن قائم نہیں کیا بلکہ ایسا انتظار برسرکار کھڑا کر دیا جس نے قریشی لیڈروں کی تمام بدعتیں اور اصلاحات منظر عام پر رکھ دیں اور ثابت ہوگیا کہ اُنہوں نے سارا دین بدل دیا تھا۔آپ نے بغاوت کو روکنے کے لئے بعض چیزوں کو بحال رکھا اور خامیاں بیان کر دیں۔لہٰذا مندرجہ بالا نماز اُن ہی لیڈروں کی اختیار کردہ تھی۔

حضرت علی علیہ السلام نے صحیح نماز کو اپنے خطبات اور دیگر خطوط میں بیان فرما دیا ہے۔اور دین کی جن تبدیلیوں پر کفر کا اطلاق نہیں ہوتا اُن کو عوام میں باقی رہنے دیا ہے لیکن اپنے مخصوصین میں صحیح صحیح نماز اور نماز کی صحیح اسپرٹ جاری فرما دی تھی اور بہت سے لوگ اُسی طریقے سے نماز پڑھنے لگے تھے۔چنانچہ حدیث کی کتابوں میں بیان کیا گیا ہے کہ ہم نے حضرت علی علیہ السلام کے پیچھے نماز جماعت پڑھی تو ہمیں رسولؐ کی بھولی ہوئی نماز یاد آ گئی (بخاری کتاب الاذان باب اتمام تکبیر فی الرکوع صفحہ 114) بہرحال آج جو نماز شیعوں میں پڑھی جاتی ہے وہ تشہد وسلام کے علاوہ وہی ہے جو اللہ نے بتائی ہے۔

## قریش کے مقرر کردہ اوقات نماز کو قرآن کے ساتھ مطابق کرنے میں علامہ مودودی بہت تنگ ہوئے ہیں

بہرحال ہم مختصراً وہ کوشش دکھاتے ہیں جو علامہ مودودی نے قرآن سے سند لینے کے لئے کی ہے سنئے:۔

(1) **قرآن کی آیت نماز کے متعلق**۔وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَی النَّھَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیۡلِ (ھود 11/114)

(2) **مودودی کا ترجمہ**:''نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات گذرنے پر۔''

(3) **مودودی کی تشریح**:۔'' ۱۱۳ ''دن کے دونوں سروں پر'' سے مراد ہے صبح اور مغرب اور'' کچھ رات گزرنے پر'' سے مراد عشا کا وقت ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ یہ ارشاد اس زمانے کا ہے جب نماز کے لئے ابھی پانچ وقت مقرر نہیں کئے گئے تھے۔معراج کا واقعہ اس کے بعد پیش آیا جس میں پنج وقتہ نماز فرض ہوئی (تشریح کے لئے ملاحظہ ہو بنی اسرائیل حاشیہ نمبر 95 طٰہٰ حاشیہ نمبر 111)

(4) **مودودی کے بنی اسرائیل کے حاشیہ نمبر 95 کا ماحول دیکھیں**۔حاشیہ نمبر 91 تا 95 کے لئے آیت دیکھیں:۔

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوۡکِ الشَّمۡسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیۡلِ وَقُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ اِنَّ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ کَانَ مَشۡھُوۡدًا ۝

(5) **مودودی ترجمہ**:۔''نماز قائم کرو زوال آفتاب سے لے کر رات کے اندھیرے تک اور فجر کے قرآن کا بھی التزام کرو کیوں کہ قرآنِ فجر مشہود ہوتا ہے۔''(بنی اسرائیل 17/78)

(6) **اس آیت پر علامہ مودودی کے ضروری ضروری حاشیے**

1۔ ''۹۲ ''زوال آفتاب''،ہم نے **دلوک الشمس** کا ترجمہ کیا ہے اگرچہ بعض صحابہ وتابعین نے دلوک سے غروف آفتاب بھی لیا ہے،لیکن اکثریت کی رائے یہی ہے (معنی بھی رائے سے کئے جاتے ہیں) کہ اس سے مراد آفتاب کا نصف النہار سے ڈھل جانا ہے۔حضرت عمر۔ابن عمر۔انس بن مالک۔ابو برزۃ اسلمی۔حسن بصری۔شعبی۔عطاء۔مجاہد۔اور ایک روایت کی رو سے ابن عباس بھی اسی کے قائل ہیں۔امام محمد باقرؑ اور امام جعفر صادقؑ سے بھی یہی قول مروی ہے۔بلکہ بعض احادیث میں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی دلوکِ شمس سے یہی تشریح منقول ہے اگرچہ ان احادیث کی سند کچھ زیادہ قوی نہیں ہے۔''(تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 634)

Presented by Ziaraat.Com

2۔ ''۹۳ غسق اللیل۔بعض کے نزدیک ''رات کو پوری طرح تاریک ہوجانا'' ہے اور بعض اس سے ''نصف شب'' مراد لیتے ہیں۔اگر پہلا قول تسلیم کیا جائے تو اس سے عشا کا اول وقت مراد ہوگا اور اگر دوسرا قول صحیح مانا جائے تو پھر یہ اشارہ عشا کے آخر وقت کی طرف ہے۔''

3۔ ''۹۴ فجر کے لغوی معنی ہیں ''پو پھٹنا'' یعنی وہ وقت جب اوّل اوّل سپیدۂ صبح رات کی تاریکی کو پھاڑ کر نمودار ہوتا ہے۔

''فجر کے قرآن'' سے مراد فجر کی نماز ہے۔قرآن مجید میں نماز کے لئے کہیں تو صلوٰۃ کا لفظ آیا ہے اور کہیں اس کے مختلف اجزا میں سے کسی جز کا نام لے کر پوری نماز مراد لی گئی ہے۔مثلاً تسبیح، حمد۔ذکر۔قیام۔رکوع، سجود وغیرہ۔اسی طرح یہاں فجر کے وقت قرآن پڑھنے کا مطلب محض قرآن پڑھنا نہیں بلکہ نماز میں قرآن پڑھنا ہے۔اس طریقہ سے قرآن مجید نے ضمناً یہ اشارہ کر دیا ہے کہ نماز کن اجزا سے مرکب ہونی چاہئے۔اور ان ہی اشارات کی راہنمائی میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کی وہ ہیئت مقرر فرمائی جو مسلمانوں میں رائج ہے۔''

4۔ ''۹۵ قرآن فجر کے مشہود ہونے کا مطلب یہ ہے کہ خدا کے فرشتے اس کے گواہ بنتے ہیں۔''

## 7۔اس آیت پر سابقہ تمام تشریحات کو عبث بنا دینے والا معراج کا بیان

''اس آیت میں مجملاً یہ بتایا گیا ہے کہ پنجوقتہ نماز جو معراج کے موقع پر فرض کی گئی تھی۔اِس کے اوقات کی تنظیم کس طرح کی جائے؟ حکم ہوا کہ ایک نماز تو طلوع آفتاب سے پہلے پڑھ لی جائے اور باقی چار نمازیں زوال آفتاب کے بعد سے ظلمت شب تک پڑھی جائیں۔پھر اس حکم کی تشریح کے لئے جبرئیل علیہ السلام بھیجے گئے جنہوں نے نماز کے ٹھیک ٹھیک اوقات کی تعلیم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دی۔چنانچہ ابوداؤد و ترمذی میں ابن عباس کی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

''جبرئیل نے دو مرتبہ مجھ کو بیت اللہ کے قریب نماز پڑھائی پہلے دن ظہر کی نماز ایسے وقت پڑھائی جب کہ سورج ابھی ڈھلا ہی تھا اور سایہ ایک جوتی کے تسمے سے زیادہ دراز نہ تھا۔پھر عصر کی نماز ایسے وقت پڑھائی جب کہ ہر چیز کا سایہ اس کے اپنے قد کے برابر تھا۔پھر مغرب کی نماز ٹھیک اس وقت پڑھائی جب کہ روزہ دار روزہ افطار کرتا ہے۔پھر عشا کی نماز شفق غائب ہوتے ہی پڑھا دی اور فجر کی نماز اس وقت پڑھائی جب کہ روزہ دار پر کھانا پینا حرام ہو جاتا ہے۔دوسرے دن انہوں نے ظہر کی نماز مجھے اُس وقت پڑھائی جب کہ ہر چیز کا سایہ اُس کے قد کے برابر تھا۔اور عصر کی نماز اُس وقت جب کہ ہر چیز کا سایہ اُس کے قد سے دوگنا ہو گیا۔اور مغرب کی نماز جب کہ روزہ دار روزہ افطار کرتا ہے۔اور عشا کی نماز ایک تہائی رات گذر جانے پر۔اور فجر کی نماز اچھی طرح روشنی پھیل جانے پر۔پھر جبرئیل نے پلٹ کر مجھ سے کہا کہ اے محمدؐ یہی اوقات انبیاءؑ کے نماز پڑھنے کے ہیں۔اور نمازوں کے صحیح اوقات ان دونوں وقتوں کے درمیان ہیں۔'' (یعنی پہلے دن ہر وقت کی ابتدا اور دوسرے دن ہر وقت کی انتہا بتائی گئی ہے ہر وقت کی نماز ان دونوں کے درمیان ادا ہونی چاہئے) (تفہیم القرآن۔ جلد 2 صفحہ 635)

## 8۔قرآن مجید کو تبرکاً ساتھ رکھا گیا ہے ورنہ قرآن نماز کے اوقات پر صرف اشارے کرتا ہے

یہاں علامہ مودودی کا آخری بیان سنئے اور نماز اور نماز کے اوقات پر قرآن کی آیات اور ترجمے دیکھئے مودودی فرماتے ہیں کہ:۔

''قرآن مجید میں خود بھی نماز کے ان پانچوں اوقات کی طرف مختلف مواقع پر اشارے کئے گئے ہیں چنانچہ سورۂ ھودؑ میں فرمایا:۔

1۔اَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَی النَّھَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیۡلِ (11/114)

''نماز قائم کردن کے دونوں کناروں پر (یعنی فجر اور مغرب) اور رات گذرنے پر (یعنی عشا)''۔

Presented by Ziaraat.Com

2۔وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا وَمِنْ اٰنَآئِ الَّیْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ (20/130)

اور سورہ طٰہٰ میں ارشاد ہوا ہے کہ ''اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کر طلوع آفتاب سے پہلے (فجر) اور غروب آفتاب سے پہلے (عصر) اور رات کے اوقات میں پھر تسبیح کر (عشا) اور دن کے سروں پر (یعنی صبح، ظہر اور مغرب)

3۔ پھر سورہ روم میں ارشاد ہوا:۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَo وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَo (30/17-18)

''پس اللہ کی تسبیح کرو جب کہ تم شام کرتے ہو (مغرب) اور جب صبح کرتے ہو (فجر) اسی کے لئے حمد ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور اس کی تسبیح کر دن کے آخری حصہ میں (عصر) اور جب کہ تم دوپہر کرتے ہو (ظہر)'' یہ تمام آیات و بیانات تفہیم جلد 2 کے صفحہ 634 تا 636 سے لئے گئے ہیں۔

## 9۔نماز کے اوقات کی تک بندیوں اور جوڑ توڑ پر ہمارے ساتھ علامہ مودودی کو پھر دیکھیں

ہم نے قارئین کو مودودی کے اِن بیانات اور آیات کو پڑھنے کی زحمت اس لئے دی ہے تا کہ آپ اُن کے دلائل میں کچھ جان ہو تو نوٹ کر لیں۔رہ گیا صرف کوشش کرنا اور ضرورت مندوں کو سہارا دینا تو اُس کو مخالف گروہ کیوں تسلیم کرے گا۔لہٰذا یہ سب مودودی کی کوشش تھی انہوں نے خود کو بھی اور اپنے مذاہب کو بھی طویل بیانات سے سہارا دیا ہے۔نماز کے اوقات پر دلیل کوئی نہیں دی ہے انہوں نے خود لکھ دیا کہ:۔

**''نماز کے اِن پانچوں اوقات کی طرف قرآن مجید میں مختلف مواقع پر اشارے کئے گئے ہیں۔''**

یعنی قرآن میں صرف اشارے ہیں اوقات نماز نہیں ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ اشارے بھی مودودی نے سمجھے ہیں اسی لئے جگہ جگہ بریکٹ میں فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء خود لکھنا پڑا ہے تا کہ قاری آیات میں اشاروں کا ہونا سمجھ لے۔قرآن میں نہ نماز کے قریش والے اوقات ہیں نہ اشارے ہیں یہ خالص مودودی کی تک بندی اور فریب ہے۔

**دوسرا پہلو:۔** مودودی نے ایک حدیث بھی لکھی ہے۔اس نام نہاد حدیث پر ہمیں تین موٹے موٹے اعتراضات ہیں۔اوّل یہ کہ یہ حدیث بخاری و مسلم کی سند نہیں رکھتی لہٰذا نا قابل قبول ہے۔دوم یہ کہ پانچوں وقتوں کا الگ الگ تعین معراج کے واقعہ میں بتایا گیا تھا۔مگر حدیث میں نماز کعبہ میں پڑھائی گئی جس کا معراج سے کوئی تعلق نہیں ہے لہٰذا یہ تعین یوں بھی فرضی ہے۔سوم یہ کہ حدیث لکھنے کے بعد یعنی یعنی کہہ کر جو تشریح مودودی نے اپنے بریکٹ میں کی ہے وہ حدیث میں نہیں ہے۔لہٰذا اس خود ساختہ حدیث سے بھی نماز کے اوقات کا تعین نہیں ہوتا۔اور معاملہ مشکوک ہو جاتا ہے کہ آیا شروع کے اوقات میں پڑھانا صحیح تھا یا آخری اوقات صحیح تھے۔پھر دونوں کا بیچ نکالنا پڑیگا تو تعین کہاں ہوا؟ پھر یہ کہ عربی زبان کے الفاظ کا ترجمہ اور معنی کرنے سے کسی کی رائے کا کوئی تعلق نہیں ہے۔وہاں تو قوانین موجود ہیں قوانین کو توڑ کر کثرت رائے سے معنی کرنا ہی تحریف قرآن ہے جو حرام ہے مگر قریش اور قریشی علماء نے جائز رکھا ہے لہٰذا فجر وغیرہ کے الفاظ کے معنی غلط کئے گئے ہیں اور اُن معنی میں بھی بعض نے کچھ کہا اور بعض نے کچھ اور کہہ دیا لہٰذا یہ بکواس مبین ہے۔زبردستی گھسیٹ کر قریش کے خود ساختہ اوقات کو فٹ یا انفٹ کیا گیا ہے۔پھر اوقات نماز سے متعلق لائی ہوئی آیات میں **اَقِمِ** لفظ ایک شخص کو یعنی نبیؐ کو نماز قائم کرنے کا حکم دیتا ہے اس سے ساری اُمت کیوں مراد لی جائے؟ جب تمام انبیاؑ کا یہ نماز پڑھنا مان لیا جائے تو اوقات نماز کا قرآن میں ذکر کیوں نہ ہو؟

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر53) عہد نامہ

**عَهْدٌ كَتَبَهُ لِلْاَشْتَرِ النَّخَعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ. لَمَّا وَلَّاهُ عَلٰى مِصْرَ وَاَعْمَالِهَا حِيْنَ اضْطَرَبَ اَمْرُ اَمِيْرِهَا مُحَمَّدِ ابْنِ اَبِىْ بَكْرٍ**

**اس دستاویز کو(مالک) اشترنخعی رحمہ اللہ کے لئے تحریر فرمایا جبکہ محمد ابن ابی بکر کے حالات بگڑ جانے پر انہیں مصر اور اس کے اطراف کی حکومت سپرد کی۔(ترجمہ نہج البلاغہ جلد3 صفحہ 113 مفتی جعفر حسین)**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| هٰذَا مَا اَمَرَبِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ عَلِيٌّ اَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ مَالِكَ ابْنَ الْحَارِثِ الْاَشْتَرَ فِىْ عَهْدِهٖ اِلَيْهِ حِيْنَ وَلَّاهُ مِصْرَ : | 1 | یہ ہے وہ دستوری فرمان جو اللہ کے بندے علیؑ امیر المومنین نے مالک ابن حارث الاشتر کو لکھ کر دیا ہے اور اُس سے عہد کیا ہے جبکہ اُسے ملکِ مصر کا حاکم بنایا تھا۔ |
| جِبَايَةَ خَرَاجِهَا ؛ | 2 | تا کہ اُس مُلک سے خراج وصول کرتا رہے۔ |
| وَجِهَادَ عَدُوِّهَا ؛ | 3 | اور اُس ملک کے دشمنوں سے جہاد کرتا رہے۔ |
| وَاسْتِصْلَاحَ اَهْلِهَا ؛ | 4 | اور وہاں کے باشندوں کی اصلاح وفلاح کا نظام جاری کرے۔ |
| وَعِمَارَةَ بِلَادِهَا ؛ | 5 | اور وہاں کی بستیوں اور شہروں کی تعمیر اور آبادکاری کی مہم چلائے۔ |
| اَمَرَهُ بِتَقْوَى اللّٰهِ ؛ | 6 | اُسے یہ حکم بھی دیا گیا ہے کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرے۔ |
| وَاِيْثَارِ طَاعَتِهٖ ؛ | 7 | اور اطاعتِ خداوندی کو ہر چیز پر ترجیح دیتا رہے۔ |
| وَاتِّبَاعِ مَااَمَرَبِهٖ فِىْ كِتَابِهٖ : مِنْ فَرَائِضِهٖ وَسُنَنِهٖ ؛ | 8,9 | اور اللہ نے جن فرائض اور سنتوں کا قرآن میں حکم دیا ہے اُنکی پیروی کرے۔ |
| الَّتِىْ لَايَسْعَدُ اَحَدٌ اِلَّا بِاتِّبَاعِهَا ؛ | 10 | اس لئے کہ اُن کی پیروی کے بغیر انسان کو دائمی سعادت نہیں ملتی۔ |
| وَلَا يَشْقٰى اِلَّا مَعَ جُحُوْدِهَا وَاِضَاعَتِهَا ؛ | 11 | اور دائمی بدنصیبی اُن ہی فرائض اور سنتوں کے ٹھکرانے سے اور اُنہیں ضائع کرنے سے ملتی ہے۔ |
| وَاَنْ يَّنْصُرَ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ بِقَلْبِهٖ وَيَدِهٖ وَلِسَانِهٖ ؛ | 12 | اور یہ کہ دل سے اور ہاتھوں سے اور زبان سے اللہ پاک کے دین کی نصرت جاری رکھنا |
| فَاِنَّهٗ ـجَلَّ اِسْمُهٗ ـقَدْ تَكَفَّلَ بِنَصْرِ مَنْ نَصَرَهٗ ؛ | 13 | اس لئے کہ اللہ بزرگ و برتر نے ذمہ لیا ہے کہ جو کوئی اُس کی نصرت کرے گا وہ اُس کی مدد و تائید ضرور کرے گا۔ |
| وَاِعْزَازِ مَنْ اَعَزَّهٗ ؛ | 14 | اور اُس کو غالب رکھے گا جو اُس کے دین کو غالب رکھنے میں کوشاں ہوگا۔ |
| وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّكْسِرَ نَفْسَهٗ عِنْدَ الشَّهَوَاتِ ؛ | 15 | اور اُسے حکم دیا گیا ہے کہ وہ نفسانی خواہشات کی حالت میں اپنے نفس کو کچل دے |
| وَيَزَعَهَا عِنْدَ الْجَمَحَاتِ ؛ | 16 | اور نفس کی منہ زوری اور سرکشی کے وقت اسے روک کر رکھے۔ |
| فَاِنَّ النَّفْسَ اَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ اِلَّامَارَحِمَ اللّٰهُ ؛ | 17 | کیونکہ نفسِ امّارہ تو برائی ہی کی رغبت دلاتا ہے۔سوائے اُس شخص کے جس پر اللہ کی رحمت ہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| ثُمَّ اعْلَمْ يَا مَالِكُ اَنِّیْ قَدْوَجَّهْتُكَ اِلٰی بِلَادٍ قَدْ جَرَتْ عَلَيْهَا دُوَلٌ قَبْلَكَ مِنْ عَدْلٍ وَّجَوْرٍ ؛ | 18 | پھراے مالک یہ سمجھ لو میں تمہیں ایسے شہروں پر روانہ کر رہا ہوں جہاں تم سے پہلے ایسی حکومتیں گذر چکی ہیں جن میں عدل پرور اور جور وظلم کرنے والی حکومتیں بھی رہ چکی ہیں |
| وَاَنَّ النَّاسَ يَنْظُرُوْنَ مِنْ اُمُوْرِكَ فِیْ مِثْلِ مَاكُنْتَ تَنْظُرُ فِيْهِ مِنْ اُمُوْرِ الْوُلَاةُ قَبْلَكَ ؛ | 19 | اور یقینی بات ہے کہ تمہاری رعایا کے لوگ تمہارے احکام اور طرز عمل کو اُسی نظر سے دیکھیں گے جس نظر سے تم اپنے سے پہلے حکمرانوں کے طور طریقوں کو دیکھتے رہے ہو |
| وَيَقُوْلُوْنَ فِيْكَ مَاكُنْتَ تَقُوْلُ فِيْهِمْ ؛ | 20 | اور تمہارے متعلق بھی وہ کچھ کہیں گے جو تم سابقہ حکمرانوں کے لئے کہتے رہے ہو۔ |
| وَاِنَّمَا يُسْتَدَلُّ عَلَی الصَّالِحِيْنَ بِمَا يُجْرِیْ اللّٰهُ لَهُمْ عَلٰی اَلْسُنِ عِبَادِهٖ ؛ | 21 | اور حقیقت اسی قدر ہے کہ خدا کے نیک بندوں کا پتہ اسی نیک نامی سے چلتا ہے **جو اللہ نے اپنے بندوں کی زبان پر جاری کر رکھی ہے۔** |
| فَلْيَكُنْ اَحَبُّ الذَّخَائِرِ اِلَيْكَ ذَخِيْرَةَ الْعَمَلِ الصَّالِحِ ؛ | 22 | لہٰذا ضروری ہے کہ **تمہیں تمام ذخیروں میں سے اپنے نیک اعمال کا ذخیرہ سب سے زیادہ محبوب ہو۔** |
| فَامْلِكْ هَوَاكَ ؛ | 23 | چنانچہ اپنی ذاتی خواہشوں پر قابو رکھنا۔ |
| وَشُحَّ بِنَفْسِكَ عَمَّا لَايَحِلُّ لَكَ ؛ | 24 | اور جو مشغلے تمہارے لئے حلال نہیں ہیں۔اُن میں مشغول ہونے کی اجازت دینے میں اپنے نفس سے کنجوسی اور مخالفت کیا کرنا۔ |
| فَاِنَّ الشُّحَّ بِالنَّفْسِ الْاِنْصَافُ مِنْهَا فِيْمَا اَحَبَّتْ اَوْكَرِهَتْ ؛ | 25 | چنانچہ نفس کے ساتھ بخل اور کنجوسی کرنا ہی اُس کے ساتھ انصاف کرنا ہے۔خواہ وہ خود اُسے پسند کرے یا ناپسند کرے۔ |
| وَاَشْعِرْ قَلْبَكَ الرَّحْمَةَ لِلرَّعِيَّةِ ؛ وَالْمَحَبَّةَ لَهُمْ ؛ وَاللُّطْفَ بِهِمْ ؛ | 26 | اور اپنے دل کے اندر رعیت کیلئے جذبۂ رحم اور محبت اور لطف وکرم کو استقلال سے بٹھا دو |
| وَلَا تَكُوْنَنَّ عَلَيْهِمْ سَبُعًا ضَارِيًا تَغْتَنِمُ اَكْلَهُمْ ؛ | 27 | اور تم اُن کو ضرر پہنچانے والا بھیڑیا نہ بن جانا اور اُن کو کھا جانا غنیمت نہ سمجھنے لگنا۔ |
| فَاِنَّهُمْ صِنْفَانِ : اِمَّا اَخٌ لَكَ فِی الدِّيْنِ وَاِمَّا نَظِيْرٌ لَكَ فِی الْخَلْقِ ؛ | 28 | رعیّت کے لوگوں کی دو قسمیں ہوا کرتی ہیں۔اُن میں سے کچھ تو تمہارے دینی بھائی ہوں گے اور کچھ خود تمہارے جیسی مخلوق ہوں گے۔ |
| يَفْرُطُ مِنْهُمُ الزَّلَلُ ؛ | 29 | اُن میں سے بعض سے کبھی کبھی لغزشیں اور کوتاہیاں بھی سرزد ہوں گی۔ |
| وَتَعْرِضُ لَهُمُ الْعِلَلُ ؛ | 30 | اور اُن کو وہ اسباب بھی پیش آئیں گے جو بُرائی کا پیش خیمہ ہوا کرتے ہیں۔ |
| وَيُؤْتَیٰ عَلٰی اَيْدِيْهِمْ فِی الْعَمْدِ وَالْخَطَآءِ ؛ | 31 | اور اُن کے ہاتھوں سے جان بوجھ کر یا بھول چوک سے خطائیں بھی ہوں گی۔ |
| فَاعْطِهِمْ مِنْ عَفْوِكَ وَصَفْحِكَ مِثْلَ الَّذِیْ تُحِبُّ اَنْ يُّعْطِيَكَ اللّٰهُ مِنْ عَفْوِهٖ وَصَفْحِهٖ ؛ | 32 | لہٰذا تم اُن کی خطاؤں سے درگذر کرتے رہنا کیونکہ تم بھی اللہ سے اپنی خطاؤں سے درگذر اور بخش دئے جانے کی درخواست کرتے رہتے ہو۔ |
| فَاِنَّكَ فَوْقَهُمْ وَ وَالِی الْاَمْرِ عَلَيْكَ فَوْقَكَ وَ | 33 | یہ اس لئے کہ تم اُن پر حاکم اور باز پرس کرنے والے ہو اور تم پر تمہارا امامؑ حاکم اور باز |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاللّٰهُ فَوْقَ مَنْ وَلَّاکَ ؛ | | پرس کرنے والا ہے اور جس نے تمہیں حاکم بنایا ہے اُس پر اللہ حکمران ہے۔ |
| وَقَدِ اسْتَكْفَاکَ اَمْرَهُمْ وَابْتَلَاکَ بِهِمْ ؛ | 34 | اور اُسی نے تم پر رعایا کے انتظام اور اصلاح کی ذمہ داری ڈال کر تمہیں اُن کے ذریعہ سے آزمانا چاہا ہے۔ |
| وَ لَا تَنْصِبَنَّ نَفْسَکَ لِحَرْبِ اللّٰهِ ؛ | 35 | اور تمہیں چاہئے کہ اللہ کے مقابلے میں اپنے آپ کو جنگ کیلئے آمادہ نہ کر لینا۔ |
| فَاِنَّهٗ لَايَدَیٰ لَکَ بِنِقْمَتِهٖ وَلَا غِنَیً بِکَ عَنْ عَفْوِهٖ وَرَحْمَتِهٖ ؛ | 36 | اس لئے کہ اُس کے غضب سے بچ نکلنے کے لئے نہ تمہارے پاس طاقت ہے اور نہ تم کبھی اُس کی بخشش اور رحمت سے بے نیاز ہو سکتے ہو۔ |
| وَلَاتَنْدَمَنَّ عَلٰی عَفْوٍ ؛ | 37 | تمہیں کسی کو معاف کر کے پچھتانا نہیں چاہئے۔ |
| وَلَا تَبْجَحَنَّ بِعُقُوْبَةٍ ؛ | 38 | اور نہ ہی کسی کو سزا دے کر فخر کرنا چاہئے۔ |
| وَلَا تُسْرِ عَنَّ اِلٰی بَادِرَةٍ وَجَدْتَ مِنْهَا مَنْدُوْحَةً ؛ | 39 | اور غصہ میں عجلت سے کام نہ لیا کرنا جب کہ کسی معاملے کو ٹلا دینا مفید معلوم ہو رہا ہو |
| وَلَا تَقُوْلَنَّ اِنِّیْ مُؤَمَّرٌ اٰمُرُ فَاُطَاعُ ؛ | 40 | کبھی یہ نہ کہنا کہ ''**میں حاکم ہوں لہٰذا میرے حکم پر صرف اطاعت کرنا لازم ہے۔**'' |
| فَاِنَّ ذٰلِکَ اِدْغَالٌ فِی الْقَلْبِ ؛ وَمَنْهَكَةٌ لِلدِّیْنِ وَتَقَرُّبٌ مِّنَ الْغِیَرِ ؛ | 41 | یقیناً اس قسم کا کلام اور تصور دل میں غرور و فساد پیدا کرے گا، اور دین میں کمزوری اور سستی داخل کرے گا، اور غیر خدا سے قربت کا سبب بنے گا۔ |
| وَاِذَا اَحْدَثَ لَکَ مَا اَنْتَ فِیْهِ مِنْ سُلْطَانِکَ اُبَّهَةً اَوْ مَخِیْلَةً فَانْظُرْ اِلٰی عِظَمِ مُلْکِ اللّٰهِ فَوْقَکَ وَقُدْرَتِهٖ مِنْکَ عَلٰی مَا لَا تَقْدِرُ عَلَیْهِ مِنْ نَفْسِکَ ؛ | 42 | اور جب کبھی حکمرانی کرتے کرتے تم میں اپنی بزرگی اور بڑائی کا خیال پیدا ہو تو اُسے دور کرنے کے لئے تم اپنی پوزیشن اور اللہ کی عظمت و اقتدار پر نظر ڈال لینا اور دیکھنا کہ وہ تم پر اور پوری کائنات پر ایسی قدرت و اختیار رکھتا ہے جو تم خود اپنی ذات پر بھی نہیں رکھتے ہو۔ |
| فَاِنَّ ذٰلِکَ یُطَامِنُ اِلَیْکَ مِنْ طِمَاحِکَ ؛ | 43 | یقیناً اسی غور و تدبر سے تمہاری رعونت اور سرکشی دب جائے گی۔ |
| وَیَکُفُّ عَنْکَ مِنْ غَرْبِکَ ؛ | 44 | اور تجھ سے تیری فرضی سربلندی کو دفع کر دے گی۔ |
| وَیَفِیْٓءُ اِلَیْکَ بِمَا عَزَبَ عَنْکَ مِنْ عَقْلِکَ ؛ | 45 | اور تمہاری کھوئی ہوئی عقل کو تمہیں واپس لا کر دے دے گی۔ |
| اِیَّاکَ وَمُسَامَاةَ اللّٰهِ فِیْ عَظَمَتِهٖ وَالتَّشَبُّهَ بِهٖ فِیْ جَبَرُوْتِهٖ ؛ | 46 | خبردار تم کبھی بھی اللہ کی عظمت میں شریک ہونے اور اس کی جبروت میں مشابہ ہو جانے کی حرکت نہ کر بیٹھنا۔ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ یُذِلُّ کُلَّ جَبَّارٍ وَیُهِیْنُ کُلَّ مُخْتَالٍ ؛ | 47 | اس لئے کہ اللہ ہر سرکش و سربلند شخص کو ذلت سے دوچار کر دیتا ہے اور مغرور کی توہین و رسوائی کر دیتا ہے۔ |
| اَنْصِفِ اللّٰهَ وَاَنْصِفِ النَّاسَ مِنْ نَّفْسِکَ وَمِنْ خَاصَّةِ اَهْلِکَ وَمَنْ لَّکَ فِیْهِ هَوًی مِنْ رَعِیَّتِکَ | 48 | اللہ کے معاملے میں انصاف سے کام لیتے رہنا اور تمام انسانوں کے ساتھ اور اپنے مخصوص اہل و عیال کے اور رعیت کے ان لوگوں کے ساتھ جن سے تیری توجہات زیادہ رغبت رکھتی ہوں ہر حال میں انصاف کو مدنظر رکھنا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّکَ اِلَّاتَفْعَلْ تَظْلِمْ ! وَمَنْ ظَلَمَ عِبَادَ اللّٰہِ کَانَ اللّٰہُ خَصْمَہُ دُوْنَ عِبَادِہٖ ؛ | 49 | چنانچہ اگر تم ایسا انصاف نہ کرو گے تو تم یقیناً ظلم کرو گے۔ اور جو کوئی بھی اسکے بندوں پر ظلم کرتا ہے تو اللہ بھی باقی بندوں کے علاوہ اُس کا حریف اور دشمن بن جاتا ہے؛ |
| وَمَنْ خَاصَمَہُ اللّٰہُ اَدْحَضَ حُجَّتَہُ ؛ | 50 | اور جس کسی کا حریف اور دشمن اللہ ہوگا تو اس کی ہر دلیل و وجہ کو کچل دے گا؛ |
| وَکَانَ لِلّٰہِ حَرْبًا حَتّٰی یَنْزِعَ وَیَتُوْبَ ؛ | 51 | اور وہ اللہ سے برسر جنگ اور برسر مقابلہ رہے گا۔ یہاں تک کہ وہ باز آجائے اور توبہ کرلے؛ |
| وَلَیْسَ شَیْءٌ اَدْعٰی اِلٰی تَغْیِیْرِ نِعْمَۃَ اللّٰہِ وَتَعْجِیْلِ نِقْمَتِہٖ مِنْ اِقَامَۃٍ عَلٰی ظُلْمٍ ؛ | 52 | اور اللہ کی نعمتوں کو چھین لینے والی اور اس کی سزاؤں کو جلدی سے بلانے والی کوئی چیز اس سے بڑھ کر نہیں ہے کہ ظلم پر باقی اور برقرار رہا جائے؛ |
| فَاِنَّ اللّٰہَ یَسْمَعُ دَعْوَۃَ الْمُضْطَھَدِیْنَ ؛ | 53 | لہٰذا اللہ مظلوموں کی دعا سنتا ہے؛ |
| وَھُوَ لِلظَّالِمِیْنَ بِالْمِرْصَادِ ؛ | 54 | اور ظالموں کو سزا دینے کے لئے اُن کی گھات میں لگا رہتا ہے؛ |
| وَلْیَکُنْ اَحَبُّ الْاُمُوْرِ اِلَیْکَ اَوْسَطَھَا فِی الْحَقِّ وَاَعَمَّھَا فِی الْعَدْلِ ؛ وَاَجْمَعَھَا لِرِضَی الرَّعِیَّۃِ ؛ | 55 | اور اسی لئے تمہیں تو تمام کاموں میں جو کام سب سے زیادہ پسند ہونا چاہئے وہ حق کے اعتبار سے میانہ روی ہے، اور عدل کے اعتبار سے عمومی ہے، اور جو رعیت کی مجموعی و عام خوشنودی کا باعث ہو؛ |
| فَاِنَّ سُخْطَ الْعَامَّۃِ یُجْحِفُ بِرِضَی الْخَاصَّۃِ ؛ | 56 | کیونکہ عوام کی ناراضگی مخصوص لوگوں کی خوشنودی کو بے اثر و بے کار کر دیا کرتی ہے؛ |
| وَاِنَّ سُخْطَ الْخَاصَّۃِ یُغْتَفَرُ مَعَ رِضَی الْعَامَّۃِ ؛ | 57 | اور مخصوص لوگوں کی ناراضگی عوام کی خوشنودی کے سامنے نظر انداز کی جاسکتی ہے؛ |
| وَلَیْسَ اَحَدٌ مِنَ الرَّعِیَّۃِ؛ | 58 | اور یہ سمجھ لو کہ ساری رعیت میں سے، |
| الف۔ اَثْقَلَ عَلَی الْوَالِی مَؤُوْنَۃً فِی الرَّخَاءِ، | | الف۔ جو لوگ خوشحالی اور سہولت کے زمانہ میں حکمران پر سب سے زیادہ تکلیف دینے والے ہوتے ہیں وہ یہی مخصوصین اور بڑے لوگ ہوتے ہیں، (ب) اور جو تکلیف اور بلاؤں کے زمانے میں کم سے کم مددگار بنتے ہیں یہی مخصوصین اور بڑے لوگ ہوتے ہیں، (ج) اور یہی لوگ عوام سے انصاف کرنے کو ناپسند کرتے ہیں (د) اپنی غرض اور مطلب پورا کرانے کے لئے لپٹ جاتے ہیں۔ (ہ) بخشش اور احسان پر مشکور نہیں ہوتے (و) مال و دولت دینے سے منع کردو تو وہ جائز عذر بھی نہیں سنتے (ز) اور اگر سختیوں اور تنگی کا زمانہ آجائے تو یہی مخصوصین اور بڑے لوگ صبر و برداشت کرنے میں سب سے کمزور اور بے صبرے ثابت ہوتے ہیں؛ |
| ب۔ وَ اَقَلَّ مَعُوْنَۃً لَہٗ فِی الْبَلَآءِ ؛ | | |
| ج۔ وَاَکْرَہَ لِلْاِنْصَافِ ؛ | | |
| د ۔ وَاَسْاَلَ بِالْاِلْحَافِ ؛ | | |
| ہ ۔ وَاَقَلَّ شُکْرًا عِنْدَ الْاِعْطَاءِ ؛ | | |
| و۔ وَاَبْطَاَعُذْرًا عِنْدَ الْمَنْعِ ؛ | | |
| ز ۔ وَاَضْعَفَ صَبْرًا عِنْدَ مُلِمَّاتِ الدَّھْرِ مِنْ اَھْلِ الْخَاصَّۃِ ؛ | | |
| وَاِنَّمَا عُمُوْدُ الدِّیْنِ وَجِمَاعُ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْعُدَّۃُ لِلْاَعْدَاءِ الْعَامَّۃُ مِنَ الْاُمَّۃِ ؛ | 59 | اور ساتھ یہ بھی سمجھ لو کہ عوام یا غرباہی وہ لوگ ہیں جو دین کا ستون و سہارا ہوتے ہیں، جو مسلمانوں کی حقیقی قوت اور عزت ہوتے ہیں اور جو دشمنوں کے مقابلے میں سامان دفاع و غلبہ ہوتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَلْيَكُنْ صَغْوُكَ لَهُمْ وَ مَيْلُكَ مَعَهُمْ ؛ | 60 | لہٰذا تمہاری پوری توجہ اور تمہاری تمام مہربانیوں کا رخ عوام الناس ہی کی طرف رہنا چاہیئے ؛ |
| وَلْيَكُنْ اَبْعَدُ رَعِيَّتِكَ مِنْكَ وَاَشْنَؤُهُمْ عِنْدَكَ اَطْلَبُهُمْ لِمَعَائِبِ النَّاسِ ؛ | 61 | اور تمہاری رعیت میں سب سے دُور اور تمہارے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ اور بُرا شخص وہ ہونا چاہیئے جو لوگوں کی عیب جوئی میں مصروف رہتا ہو؛ |
| فَاِنَّ فِي النَّاسِ عُيُوْبًا اَلْوَالِيْ اَحَقُّ مَنْ سَتَرَهَا ؛ | 62 | حقیقت یہ ہے کہ لوگوں میں کچھ نہ کچھ عیب تو ہوتے ہی ہیں، حکمران کو تمام عیب پوشوں سے بڑھ کر ستّاری وعیب پوشی زیب دیتی ہے ؛ |
| فَلَا تَكْشِفَنَّ عَمَّا غَابَ عَنْكَ مِنْهَا ؛ | 63 | لہٰذا جو عیب تمہارے نظر سے غائب ہوں اُنہیں نہ کھولنا ؛ |
| فَاِنَّمَا عَلَيْكَ تَطْهِيْرُ مَاظَهَرَ لَكَ ؛ | 64 | اسلئے کہ تمہاری ذمہ داری صرف اس قدر ہے کہ :۔ تم ان عیبوں کی تطہیر کرو جو تم پر ظاہر ہیں ؛ |
| وَاللّٰهُ يَحْكُمُ عَلٰى مَاغَابَ عَنْكَ ؛ | 65 | رہ گئے وہ عیب جو تمہاری نظر سے غائب ہیں ان کا فیصلہ کرنا اللہ کا کام ہے ؛ |
| فَاسْتُرِ الْعَوْرَةَ مَا اسْتَطَعْتَ يَسْتُرِ اللّٰهُ مِنْكَ مَاتُحِبُّ سَتْرَهُ مِنْ رَعِيَّتِكَ ؛ | 66 | لہٰذا جہاں تک تم سے ہو سکے تم لوگوں کے ننگے پن پر پردہ ڈالو تا کہ اللہ بھی تمہارے اُن عیبوں کی پردہ پوشی کرے جن کو تم رعایا سے چھپانا پسند کرتے ہو ؛ |
| اَطْلِقْ عَنِ النَّاسِ عُقْدَةَ كُلِّ حِقْدٍ ؛ | 67 | لوگوں کے دلوں میں لگی ہوئی کینے اور بغض کی ہر گرہ کو کھول دو. |
| وَاقْطَعْ عَنْكَ سَبَبَ كُلِّ وِتْرٍ ؛ | 68 | اور دشمنی پیدا کرنے والے ہر سبب اور وجہ کو کاٹ کر رکھ دو ؛ |
| وَتَغَابَ عَنْ كُلِّ مَا لَا يَصِحُّ لَكَ ؛ | 69 | اور جو طریق کار تمہارے نزدیک صحیح نہ ہوا کرے اُس سے بے خبر بن جاؤ ؛ |
| وَ لَا تَعْجَلَنَّ اِلٰى تَصْدِيْقِ سَاعٍ ؛ | 70 | اور بدگوئی اور نکتہ چینی میں کوشاں اشخاص کی تصدیق کرنے میں جلدی نہ کرنا ؛ |
| فَاِنَّ السَّاعِيَ غَاشٌّ وَاِنْ تَشَبَّهَ بِالنَّاصِحِيْنَ ؛ | 71 | یقیناً ایسی بُری کوشش کرنے والے عموماً دھوکے باز ہوتے ہیں اگر چہ وہ خیر خواہوں اور نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہوتے ہیں ؛ |
| وَلَا تُدْخِلَنَّ فِيْ مَشُوْرَتِكَ بَخِيْلًا يَعْدِلُ بِكَ عَنِ الْفَضْلِ ؛ وَيَعِدُكَ الْفَقْرَ ؛ | 72 | اور اپنے مشوروں میں بخیل اور کنجوس کو کبھی داخل نہ کرنا ورنہ وہ تمہیں فضل وکرم سے ہٹا دے گا اور فقر وفاقہ سے دوچار ہو جانے کا خطرہ پیش کر کے روکے گا ؛ |
| وَلَا جَبَانًا يُضْعِفُكَ عَنِ الْاُمُوْرِ ؛ وَلَا حَرِيْصًا يُزَيِّنُ لَكَ الشَّرَهَ بِالْجَوْرِ ؛ | 73 | اور نہ بُزدل کو مشورے میں داخل کرنا ورنہ وہ تمہیں قوتِ فیصلہ میں کمزور کر دے گا اور نہ ہی لالچی آدمی کو داخل کرنا ورنہ وہ ظلم کے ذریعے مال بٹورنے کے فوائد بتا کر تمہیں لالچی بنا دے گا ؛ |
| فَاِنَّ الْبُخْلَ وَالْجُبْنَ وَالْحِرْصَ غَرَائِزُ شَتّٰى يَجْمَعُهَا سُوْءُ الظَّنِّ بِاللّٰهِ ؛ | 74 | حقیقت یہ ہے کہ بخیلی، بزدلی اور حرص اگر چہ الگ الگ خصلتیں ہیں مگر یہ سب مل کر اللہ سے بدگمان کرنے میں مشترک رہتی ہیں ؛ |
| اِنَّ شَرَّ وُزَرَائِكَ مَنْ كَانَ لِلْاَشْرَارِ قَبْلَكَ وَزِيْرًا ؛ | 75 | یقیناً تمہارے لئے سب سے بدتر اور شر انگیز وزیر وہ ہوگا جو تم سے پہلے والے شر |

Presented by Ziaraat.Com

| | |
|---|---|
| | پسندوں کا وزیر رہا ہوگا؛ |
| وَمَنْ شَرِكَهُمْ فِي الْاٰثَامِ فَلَا يَكُوْنَنَّ لَكَ بِطَانَةً ؛ | 76 اور جو اُن کے گناہوں میں شریک رہا ہو ایسا شخص تمہارے رازداروں میں نہ ہونا چاہئے؛ |
| فَاِنَّهُمْ اَعْوَانُ الْاَثَمَةِ وَاِخْوَانُ الظَّلَمَةِ ؛ | 77 کیونکہ ایسے لوگ گناہگاروں کے معاون اور ظالموں کے بھائی ہوا کرتے ہیں |
| وَاَنْتَ وَاجِدٌ مِّنْهُمْ خَيْرَ الْخَلَفِ مِمَّنْ لَهٗ مِثْلُ اٰرَائِهِمْ وَنَفَاذِهِمْ ؛ | 78 ایسے لوگوں کی جگہ تمہیں ایسے افراد مل سکتے ہیں جو سوجھ بوجھ اور بصیرت اور صحیح رائے میں اُن کے ہی مانند ہوں گے؛ |
| وَلَيْسَ عَلَيْهِ مِثْلُ اٰصَارِهِمْ وَاَوْزَارِهِمْ مِمَّنْ لَّمْ يُعَاوِنْ ظَالِمًا عَلٰى ظُلْمِهٖ وَ لَا اٰثِمًا عَلٰى اِثْمِهٖ؛ | 79 اور اُن کی طرح گناہوں کے بوجھ اُٹھائے ہوئے نہ ہوں گے اور انہوں نے نہ کسی گناہ گار کے گناہ میں ساتھ دیا ہوگا اور نہ کسی ظالم کے ظلم میں شریک رہے ہوں گے؛ |
| اُولٰٓئِكَ اَخَفُّ عَلَيْكَ مَؤُوْنَةً ؛ وَاَحْسَنُ لَكَ مَعُوْنَةً ؛ | 80 ایسے لوگوں کی ذمہ داری لینا تمہارے لئے آسان تر ہوگا اور وہ تمہارے بہترین مددگار ثابت ہوں گے؛ |
| وَاَحْنٰى عَلَيْكَ عَطْفًا ؛ | 81 اور ساتھ ہی یہ لوگ تمہاری طرف محبت سے توجہ رکھنے والے ہوں گے؛ |
| وَاَقَلُّ لِغَيْرِكَ اِلْفًا؛ | 82 اور تمہارے علاوہ اوروں سے کم از کم اُلفت اور تعلق رکھیں گے؛ |
| فَاتَّخِذْ اُولٰٓئِكَ خَاصَّةً لِخَلَوَاتِكَ وَحَفَلَاتِكَ ؛ | 83 چنانچہ اس قسم کے لوگوں کو اپنی اعلانیہ اور پوشیدہ محفلوں میں اپنا مصاحب و مشیر رکھنا؛ |
| ثُمَّ لْيَكُنْ اَثْرَهُمْ عِنْدَكَ اَقْوَلَهُمْ بِمُرِّ الْحَقِّ لَكَ ؛ | 84 پھر اُن میں سے بھی زیادہ ترجیح اُن لوگوں کو دینا جو حق کی کڑوی باتیں تم سے کہنے میں بے باک ہوں؛ |
| وَاَقَلَّهُمْ مُسَاعَدَةً فِيْمَا يَكُوْنُ مِنْكَ مِمَّا كَرِهَ اللّٰهُ لِاَوْلِيَائِهٖ ؛ | 85 اور اللہ کی اُن ناپسندیدہ باتوں اور معاملات میں تمہارے کم سے کم مددگار ہوں جو وہ اپنے اولیاء سے سرزد ہونے دینا نہیں چاہتے؛ خواہ |
| وَاقِعًا ذٰلِكَ مِنْ هَوَاكَ حَيْثُ وَقَعَ ؛ | 86 وہ ناپسندیدہ باتیں واقعات اور تمہاری خواہش سے کتنا ہی میل کھاتی ہوں؛ |
| وَالْصَقْ بِاَهْلِ الْوَرَعِ وَالصِّدْقِ ؛ | 87 اور خود کو پارسا اور صادق القول لوگوں سے وابستہ رکھنا؛ |
| ثُمَّ رُضْهُمْ عَلٰى اَنْ لَّا يُطْرُوْكَ ، وَلَا يُبَجِّحُوْكَ بِبَاطِلٍ لَمْ تَفْعَلْهُ ؛ | 88 پھر اُن پارسا لوگوں کو اِس کی عادت ڈالنا کہ وہ تمہاری تعریفیں نہ کیا کریں اور تمہارے کسی کارنامہ کے بغیر ہی تمہاری باطل طریقہ پر مدح و ثنا کر کے تمہیں خوش نہ کیا کریں؛ |
| فَاِنَّ كَثْرَةَ الْاِطْرَاءِ تُحْدِثُ الزَّهْوَ ؛ | 89 اس لئے کہ بہت زیادہ ستائش اور مدح و ثنا آدمی کو خود پسند بنا کر سرکشی میں مبتلا کر دیتی ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتُدْنِیْ مِنَ الْعِزَّۃِ ؛ | 90 | اور آدمی کو مصنوعی عزت کا دلدادہ بنا دیتی ہے؛ |
| وَلَایَکُوْنَنَّ الْمُحْسِنُ وَالْمُسِیْٓءُ عِنْدَکَ بِمَنْزِلَۃٍ سَوَآءٍ ؛ | 91 | اور دیکھو تمہارے نزدیک احسان پیشہ شخص اور بدکار آدمی برابر کی منزلت میں نہ رکھ دئے جائیں؛ |
| وَاِنَّ فِیْ ذٰلِکَ تَزْھِیْدًا لِاَھْلِ الْاِحْسَانِ فِی الْاِحْسَانِ ؛ | 92 | اور یقیناً ایسا کرنے سے نیکوں کو نیکی سے اور احسان سے بے رغبت کرنا ہے؛ |
| وَتَدْرِیْبًا لِاَھْلِ الْاِسَائَۃِ عَلَی الْاِسَائَۃِ ؛ | 93 | اور بدکاروں کو بدکاری میں ترقی کرانا ہوگا؛ |
| وَاَلْزِمْ کُلًّا مِنْھُمْ مَّا اَلْزَمَ نَفْسَہٗ ؛ | 94 | اور لازم ہے کہ ہر شخص کو اُس کی اُس منزل میں رکھا جائے جو اس کے ذاتی کردار سے لازم ہوتی ہو؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَیْسَ شَیْءٌ بِاَدْعٰی اِلٰی حُسْنِ ظَنِّ وَالٍ بِرَعِیَّتِہٖ مِنْ اِحْسَانِہٖ اِلَیْھِمْ ؛ | 95 | اور یہ سمجھ لو کہ حاکم کو اپنی رعایا پر پورا بھروسہ کرنے کے لئے لازم ہے کہ وہ اُن کے ساتھ احسان اور لطف و کرم کا سلوک کرے؛ |
| وَتَخْفِیْفِہِ الْمَؤُوْنَاتِ عَلَیْھِمْ ؛ | 96 | اور اُن پر بوجھ لادنے میں کمی کو مدنظر رکھے؛ |
| وَتَرْکِ اسْتِکْرَاھِہٖ اِیَّاھُمْ عَلٰی مَالَیْسَ قِبَلَھُمْ ؛ | 97 | اور اُن کو ایسی ناگوار صورت حال سے گذارنا چھوڑ دینا چاہئے جو اُن کے قابو کے نہ ہوں؛ |
| فَلْیَکُنْ مِنْکَ فِیْ ذٰلِکَ اَمْرٌ یَّجْتَمِعُ لَکَ بِہٖ حُسْنُ الظَّنِّ بِرَعِیَّتِکَ ؛ | 98 | تمہاری طرف سے اس سلسلے میں ایسے کام اور ایسا سلوک ہونا چاہئے کہ تمہاری رعایا کا سارا حسن ظن اور عمدہ خیالات تم پر مرکوز ہو کر رہ جائیں؛ |
| فَاِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ یَقْطَعُ عَنْکَ نَصَبًا طَوِیْلاً ؛ | 99 | اور یہ حقیقت ہے کہ رعیت کا حسن ظن رکھنا تمہارے اعتماد کا سبب و ثبوت بنے گا اور تمہاری بہت سی دقتوں کو دُور کر دے گا؛ |
| وَاِنَّ اَحَقَّ مَنْ حَسُنَ ظَنُّکَ بِہٖ لَمَنْ حَسُنَ بَلَاؤُکَ عِنْدَہٗ ؛ | 100 | اور سب سے زیادہ تمہارے اعتماد کے وہ مستحق ہیں جن کے ساتھ تم نے اچھا سلوک کیا ہوگا؛ |
| وَاِنَّ اَحَقَّ مَنْ سَآءَ ظَنُّکَ بِہٖ لَمَنْ سَآءَ بَلَاؤُکَ عِنْدَہٗ ؛ | 101 | اور سب سے زیادہ تمہاری بے اعتمادی کے مستحق وہ لوگ ہیں جن کے ساتھ تم نے برا سلوک کیا ہوگا؛ |
| وَلَا تَنْقُضْ سُنَّۃً صَالِحَۃً عَمِلَ بِھَا صُدُوْرُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ ؛ | 102 | اور اُس نیک سنت کو نہ توڑ دینا کہ جس پر اس اُمت کے بزرگ عمل کرتے رہے؛ |
| وَاجْتَمَعَتْ بِھَا الْاُلْفَۃُ ؛ | 103 | اور جس سے اُمت میں اتحاد اور اُلفت پیدا ہوئی تھی؛ |
| وَصَلَحَتْ عَلَیْھَا الرَّعِیَّۃُ ؛ | 104 | اور جس سے رعیت کی صلاح اور فلاح وابستہ رہی؛ |
| وَلَا تُحْدِثَنَّ سُنَّۃً تَضُرُّ بِشَیْءٍ مِّنْ مَّاضِیْ تِلْکَ السُّنَنِ فَیَکُوْنَ الْاَجْرُ لِمَنْ سَنَّھَا ؛ | 105 | اور ایسی سنت ایجاد نہ کر بیٹھنا جو ماضی میں جاری رہنے والی سنت کی کسی چیز کو ضرر پہنچائے، چنانچہ سنت جاری کرنے والا ہی اُس کی پاداش اور نتیجہ کا ذمہ دار ہوتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْوِزْرُ عَلَيْكَ بِمَا نَقَضْتُ مِنْهَا؛ | 106 | اور جو کچھ تو سابقہ سنت میں سے توڑیگا اسکی ذمہ داری خود تیرے اوپر ہوگی؛ |
| وَاَكْثِرْ مُدَارَسَةَ الْعُلَمَاءِ وَمُنَاقَثَةَ الْحُكَمَآءِ فِيْ تَثْبِيْتِ مَاصَلَحَ عَلَيْهِ اَمْرُ بَلَادِكَ وَاِقَامَةِ مَا اسْتَقَامَ بِهِ النَّاسُ قَبْلَكَ ؛ | 107 | اور اپنے ملک اور شہروں کے حالات اور اصلاحی اُمور کو مستحکم کرنے میں اور اُن نتائج کو پیدا کرنے کیلئے جن سے اُن لوگوں کے حالات سنورتے رہے جو تم سے پہلے تھے تم علما اور حکما سے مذاکرہ اور خفیہ بات چیت جاری رکھنا؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ الرَّعِيَّةَ طَبَقَاتٌ لَايَصْلُحُ بَعْضُهَا اِلَّابِبَعْضٍ ؛ | 108 | اور معلوم ہو کہ رعیت میں بہت سے طبقات ہوتے ہیں جن کی صلاح اور فلاح ایک دوسرے کے بغیر ممکن نہیں ہوتی؛ |
| وَ لَاغِنَىٰ بِبَعْضِهَا اِلَّا عَنْ بَعْضٍ فَمِنْهَا: ؛ | 109 | اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے بے نیاز نہیں ہوسکتے اُن کے طبقات یوں ہیں کہ:۔ |
| جُنُوْدُ اللّٰهِ ؛ وَمِنْهَا كُتَّابُ الْعَامَّةِ وَالْخَاصَّةِ ؛ وَمِنْهَا قُضَاةُ الْعَدْلِ ؛ وَمِنْهَا عُمَّالُ الْاِنْصَافِ وَالرِّفْقِ ؛ وَمِنْهَا اَهْلُ الْجِزْيَةِ وَالْخَرَاجِ مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ وَمُسْلِمَةِ النَّاسِ؛ وَمِنْهَا التُّجَّارُ وَاَهْلُ الصِّنَاعَاتِ وَمِنْهَا الطَّبَقَةُ السُّفْلٰى مِنْ ذَوِى الْحَاجَةِ وَالْمَسْكَنَةِ ؛ | 110 | ایک طبقہ اللہ کے لشکروں کا ہوتا ہے، ایک طبقہ عام اور خاص تحریری ریکارڈ تیار کرنے والوں کا، ایک طبقہ عدالت و انصاف قائم رکھنے والے قاضیوں کا اسٹاف، ایک طبقہ رعایا میں انتظام اور انصاف نافذ کرنے والے عمّالوں (گورنروں) کا، ایک طبقہ میں غیر مسلم اور جزیہ دینے والے ذمہ دار غیر مسلموں کا اور ایک طبقہ تجارت پیشہ اور اہل حرفہ کا ہوتا ہے، ایک طبقہ فقراء و مساکین کا وہ طبقہ ہے جو سب سے پست ہے؛ |
| وَكُلٌّ قَدْسَمَّى اللّٰهُ لَهُ سَهْمَهُ وَوَضَعَ عَلٰى حَدِّهِ وَفَرِيْضَتِهِ فِيْ كِتَابِهِ اَوْسُنَّةِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ عَهْدًا مِنْهُ عِنْدَنَا مَحْفُوْظًا . | 111 | اور اللہ نے ہر ایک کا حق معین کر دیا ہے اور اپنی کتاب یا سنت نبویؐ میں اس کی حد بندی کر دی ہے اور وہ سب کچھ ہمارے پاس محفوظ ہے۔ |
| فَالْجُنُوْدُ بِاِذْنِ اللّٰهِ حُصُوْنُ الرَّعِيَّةِ ؛ وَزَيْنُ الْوُلَاةِ وَعِزُّ الدِّيْنِ ؛ وَسُبُلُ الْاَمْنِ وَلَيْسَ تَقُوْمُ الرَّعِيَّةُ اِلَّابِهِمْ ؛ | 112 | چنانچہ افواج بحکم خدا رعیت کے لئے حفاظت کا قلعہ ہیں ؛ فرمانرواؤں کی زینت و شان ہیں دین و مذہب کی قوت اور امن قائم رکھنے کا ذریعہ ہیں اور رعیت برقرار نہیں رہ سکتی سوائے افواج کے؛ |
| ثُمَّ لَاقِوَامَ لِلْجُنُوْدِ اِلَّا بِمَا يُخْرِجُ اللّٰهُ لَهُمْ مِنَ الْخَرَاجِ الَّذِىْ يَقْوَوْنَ بِهٖ عَلٰى جِهَادِ عَدُوِّهِمْ ؛ | 113 | پھر افواج کا دارومدار، اُس کا وجود و بقا اُس خراج پر ہے جو اللہ نے اُن کے لئے معین و مقرر کر دیا ہے جس سے وہ دشمنوں سے جہاد کرنے کی قوت حاصل کرتے ہیں؛ |
| وَيَعْتَمِدُوْنَ عَلَيْهِ فِيْمَا يُصْلِحُهُمْ وَيَكُوْنُ مِنْ وَّرَآءِ حَاجَتِهِمْ ؛ | 114 | اور اُسی پر بھروسہ رکھتے ہیں، اپنی اصلاح کرتے ہیں اور ضروریات بہم پہنچاتے ہیں؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| ثُمَّ لَا قِوَامَ لِهٰذَيْنِ الصِّنْفَيْنِ اِلَّا بِالصِّنْفِ الثَّالِثِ مِنَ الْقُضَاةِ وَالْعُمَّالِ وَالْكُتَّابِ ؛ | 115 | پھر رعیت اور افواج کا دارومدار اور انتظام کے لئے تیسرے گروہ کی احتیاج ہے جو قاضیوں، گورنروں اور کارِتحریر بجالانے والوں کا گروہ ہے؛ |
| لِمَا يُحْكِمُوْنَ مِنَ الْمَعَاقِدِ، وَيَجْمَعُوْنَ مِنِ الْمَنَافِعِ، وَيُؤْتَمَنُوْنَ عَلَيْهِ مِنْ خَوَاصِّ الْاُمُوْرِ وَعَوَامِّهَا ؛ | 116 | جن کے ذریعہ سے معاہدوں کا برقرار رہنا اور پائیداری قائم رکھنا ہوتی ہے اور یہ لوگ خراج اور دیگر منافعوں کی جمع وخرچ انجام دیتے ہیں اور عام اور خاص معاملات اور انتظامات کے متعلق اُن ہی کے ذریعے سے اطلاعات اور اطمینان فراہم ہوتا ہے۔؛ |
| وَ لَا قِوَامَ لَهُمْ جَمِيْعًا اِلَّا بِالتُّجَّارِ وَ ذَوِى الصِّنَاعَاتِ فِيْمَا يَجْتَمِعُوْنَ عَلَيْهِ مِنْ مَرَافِقِهِمْ ؛ | 117 | اور اُن سب کا دارومدار و بقاء وترقی تاجروں اور صنّاعوں اور کاریگروں پر ہے۔ وہ ان کی ضروریات فراہم کرتے ہیں؛ |
| وَيُقِيْمُوْنَهُ مِنْ اَسْوَاقِهِمْ ؛ | 118 | اور بازار لگاتے ہیں اور سجاتے ہیں؛ |
| وَيَكْفُوْنَهُمْ مِنَ التَّرَفُّقِ بِاَيْدِيْهِمْ مِمَّا لَا يَبْلُغُهُ رِفْقُ غَيْرِهِمْ | 119 | اور اپنی کوششوں اور محنت وبصیرت سے تمام ضرورت کی چیزوں کو لا کر اُنہیں خود تلاش کرنے سے بچا دیتے ہیں ورنہ اُن کے بغیر فراہمی مشکل تھی؛ |
| ثُمَّ الطَّبْقَةُ السُّفْلٰى مِنْ اَهْلِ الْحَاجَةِ وَالْمَسْكَنَةِ الَّذِيْنَ يَحِقُّ رِفْدُهُمْ وَمَعُوْنَتُهُمْ ؛ | 120 | پھر نچلا طبقہ محتاجوں اور مسکینوں کا ہے۔ جن کی مدد اور ضرورتوں کا فراہم کرنا لازم ہے؛ |
| وَفِى اللّٰهِ لِكُلٍّ سَعَةٌ ؛ | 121 | اللہ نے اُن سب کے لئے وسعتیں فراہم کر رکھی ہیں؛ |
| وَلِكُلٍّ عَلَى الْوَالِىْ حَقٌّ بِقَدَرِ مَّا يُصْلِحُهُ ؛ | 122 | اور اُن تمام طبقات کے حقوق کا ادا کرنا حکمران کے ذمہ عائد ہوتا ہے تاکہ اُن سب کی اصلاح اور بہبودی جاری رہے؛ |
| وَلَيْسَ يَخْرُجُ الْوَالِىْ مِنْ حَقِيْقَةِ مَا اَلْزَمَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْاِهْتِمَامِ وَالْاِسْتِعَانَةِ بِاللّٰهِ وَتَوْطِيْنِ نَفْسِهِ عَلٰى لُزُوْمِ الْحَقِّ وَالصَّبْرِ عَلَيْهِ فِيْمَا خَفَّ عَلَيْهِ اَوْ ثَقُلَ ؛ | 123 | اور حکمران اپنے اوپر عائد ہونے والے اللہ کے اُن سب حقوق اور فرائض کو اسی صورت میں ادا کرسکتا ہے جب کہ وہ پوری پوری کوشش کرے اور اللہ سے مدد طلب کرتا رہے اور خود کو حق پر برقرار رکھے اور پیش آنے والے حالات پر صبر سے ثابت قدم رہے۔ خواہ وہ حالات اس کے لئے آسان و خفیف ہوں یا دشوار ہوں؛ |
| فَوَلِّ مِنْ جُنُوْدِكَ اَنْصَحَهُمْ فِىْ نَفْسِكَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاِمَامِكَ ؛ | 124 | بہرحال فوج پر والی یا حاکم ایسے شخص کو بنایا جائے گا جو کہ اپنے اللہ کا اور اللہ کے رسولؐ کا اور تمہارے امامؑ کا تمہارے نزدیک سب سے زیادہ خیرخواہ ہو؛ |
| وَاَنْقَاهُمْ جَيْبًا ؛ | 125 | اور اُن سب سے زیادہ پاک دامن ہو؛ |
| وَاَفْضَلَهُمْ حِلْمًا ؛ | 126 | اور قوتِ برداشت میں سب سے افضل ہو؛ |
| مِمَّنْ يُبْطِئُ عَنِ الْغَضَبِ ؛ | 127 | اُسے اُن لوگوں میں سے ہونا چاہئے جو غیظ وغضب کو دبا سکتے ہوں؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَيَسْتَرِيْحُ اِلَى الْعُذْرِ ؛ | 128 | اورقصوراوروں کے عذرات پرآرام سے توجہ دیتا ہو؛ |
| وَيَرْاَفُ بِالضُّعَفَآءِ ؛ | 129 | ضعیفوں اور کمزوروں سے نرمی برتتا ہو؛ |
| وَيَنْبُوْعَلَى الْاَقْوِيَآءِ ؛ | 130 | اور طاقتوروں اور سربلند لوگوں کے سامنے سنجیدہ اور بلند تر ہو جاتا ہو؛ |
| وَمِمَّنْ لَايُثِيْرُهُ الْعُنْفُ ؛ | 131 | اُسے اُن لوگوں میں سے ہونا چاہئے جنہیں نہ بدخوئی جوش دلاتی ہو، |
| وَلَا يَقْعُدُ بِهِ الضَّعْفُ ؛ | 132 | اور نہ کمزوری کا اظہار اُنہیں کمزور کرتا ہو؛ |
| ثُمَّ الْصَقْ بِذَوِى الْاِحْسَابِ ؛ | 133 | پھر تم خود کو بزرگ خاندانوں سے، |
| وَاَهْلِ الْبُيُوْتَاتِ الصَّالِحَةِ وَسَوَابِقِ الْحَسَنَةِ ؛ | 134 | اور شریف و نیک گھرانوں سے اور نیکیوں میں قدامت رکھنے والوں سے وابستگی اختیار کرو؛ |
| ثُمَّ اَهْلِ النَّجْدَةِ وَالشُّجَاعَةِ وَالسَّخَاءِ وَالسَّمَاحَةِ ؛ | 135 | پھر عمدہ ماضی رکھنے والوں، ہمت وشجاعت اور سخاوت اور اہل حلم و برداشت کے حامل لوگوں سے اپنا ربط وضبط بڑھاؤ اور واقفیت حاصل کرتے رہو؛ |
| فَاِنَّهُمْ جِمَاعٌ مِنَ الْكَرَمِ ؛ | 136 | اس لئے کہ یہی وہ لوگ ہوتے ہیں جو بزرگی کا سرمایہ، |
| وَشُعَبٌ مِنَ الْعُرْفِ ؛ | 137 | اور نیکیوں کے شعبے اور سرچشمے ہوتے ہیں؛ |
| ثُمَّ تَفَقَّدْ مِنْ اُمُوْرِهِمْ مَايَتَفَقَّدُ الْوَالِدَانِ مِنْ وَلَدِهِمَا ؛ | 138 | پھر اُن کے حالات ومعاملات اور ضروریات پر اسی طرح متوجہ رہنا جس طرح والدین اپنے بچوں پر توجہ دیتے ہیں؛ |
| وَلَا يَتَفَاقَمَنَّ فِىْ نَفْسِكَ شَىْءٌ قَوَّيْتَهُمْ بِهٖ ؛ | 139 | اور اُن کی تقویت کے سلسلے میں جو سلوک بھی کرو اُسے اپنے حساب میں بڑا سلوک نہ سمجھنا؛ |
| وَلَا تَحْقِرَنَّ لُطْفًا تَعَاهَدْتَهُمْ بِهٖ وَاِنْ قَلَّ ؛ | 140 | اور ساتھ ہی اپنے کسی ایسے سلوک کو جس کا تم نے معاہدہ کیا ہے حقیر نہ سمجھنا خواہ وہ تھوڑا ہی سا سلوک ہو؛ |
| فَاِنَّهُ دَاعِيَةٌ لَهُمْ اِلٰى بَذْلِ النَّصِيْحَةِ لَكَ ؛ | 141 | کیونکہ اُس حُسن سلوک سے اُن کے اندر خیر خواہی کا جذبہ اُبھرے گا اور وہ تمہاری بھلائی پر متوجہ ہوں گے؛ |
| وَحُسْنِ الظَّنِّ بِكَ ؛ | 142 | اور تمہارے متعلق اُن کے اندر حُسن ظن اور عمدہ تصورات پیدا ہوں گے؛ |
| وَلَا تَدَعْ تَفَقُّدَ لَطِيْفِ اُمُوْرِهِمْ اتِّكَالاً عَلٰى جَسِيْمِهَا ؛ | 143 | اور یہ سوچ کر کہ تم نے اُن کی تمام بڑی بڑی اور اہم ضرورتوں کو پورا کر دیا ہے چھوٹی اور غیر اہم ضرورتوں کو نظر انداز نہ کر دینا؛ |
| فَاِنَّ لِلْيَسِيْرِ مِنْ لُطْفِكَ مَوْضِعًا يَنْتَفِعُوْنَ ؛ | 144 | اس لئے کہ آسان آسان اور چھوٹی چھوٹی مہربانیاں بھی ایک مقام رکھتی ہیں جن سے وہ موزوں استفادہ کرتے ہیں؛ |
| وَلِلْجَسِيْمِ مَوْقِعًا لَايَسْتَغْنُوْنَ عَنْهُ ؛ | 145 | اور بڑی بڑی اہم ضرورتوں کا پورا کرنا بھی احسان عظیم ہے جس سے وہ مستغنی اور بے نیاز نہیں ہو سکتے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلْيَكُنْ اَثْرَ رُؤُسِ جُنْدِكَ عِنْدَكَ مَنْ وَاسَاهُمْ فِيْ مَعُوْنَتِهٖ ؛ | 146 | اور فوج کے سرداروں میں تمہارے یہاں اس سردار کو بزرگ سمجھا جانا چاہئے جو خود کو فوجیوں کے مساوی رکھتا ہو؛ |
| وَاَفْضَلَ عَلَيْهِمْ مِنْ جِدَتِهٖ ؛ | 147 | اور جو انہیں اپنے مال سے فضل و کرم فراہم کرتا ہو؛ اور |
| يَسَعُهُمْ وَيَسْمَعُ مَنْ وَرَآءَ هُمْ مِنْ خُلُوْفِ اَهْلِيْهِمْ ؛ | 148 | انکے بال بچوں اور پیچھے رہ جانیوالے اہل وعیال کی گذر بسر میں کوشاں رہتا ہو |
| حَتّٰى يَكُوْنَ هَمُّهُمْ هَمًّا وَّاحِدًا فِيْ جِهَادِ الْعَدُوِّ ؛ | 149 | یہاں تک کہ سردار اور ماتحت سپاہیوں کی تکلیف وضرورت ایک ہو کر رہ جائیں اور وہ یکسوئی کے ساتھ دشمنوں سے جہاد میں جان لڑا سکیں۔ |
| فَاِنَّ عَطْفَكَ عَلَيْهِمْ يَعْطِفُ قُلُوْبَهُمْ عَلَيْكَ ؛ | 150 | حقیقت یہ ہے کہ تمہارا اُن پر لطف و کرم کرنا اور اُن سے وابستہ رہنا اُن کے قلوب کو تمہارا گرویدہ بنا دے گا |
| وَاِنَّ اَفْضَلَ قُرَّةِ عَيْنِ الْوُلَاةِ اسْتِقَامَةُ الْعَدْلِ فِي الْبِلَادِ ؛ | 151 | اور حکمرانوں کے لئے سب سے بڑی آنکھوں کی ٹھنڈک اور اطمینان اس میں ہے کہ شہروں میں عدل وانصاف برقرار رہے؛ |
| وَظُهُوْرُ مَوَدَّةِ الرَّعِيَّةِ ؛ | 152 | اور یہ کہ رعایا میں حکمران کی محبت واحترام ظہور میں آتا رہے؛ |
| وَاِنَّهٗ لَاتَظْهَرُ مَوَدَّتُهُمْ اِلَّا بِسَلَامَةِ صُدُوْرِهِمْ ؛ | 153 | اور رعایا کی محبت اسوقت تک ظاہر نہیں ہوتی جب تک اُنکے دل صاف نہ ہوں |
| وَلَا تَصِحُّ نَصِيْحَتُهُمْ اِلَّا بِحِيْطَتِهِمْ عَلٰى وُلَاةِ اُمُوْرِهِمْ ؛ | 154 | اور اُن کی خیر خواہی اُسی صورت میں ثابت ہوتی ہے جب کہ وہ اپنے حکمرانوں کے گرد اُس کے تحفظ کے لئے گھیرا ڈالے رہتے ہوں؛ |
| وَقِلَّةِ اسْتِثْقَالِ دُوَلِهِمْ ؛ | 155 | اور اُس کی حکومت میں کم سے کم گرانی محسوس کریں؛ |
| وَتَرْكِ اسْتِبْطَاءِ انْقِطَاعِ مُدَّتِهِمْ ؛ | 156 | اور اُس کے اقتدار کے خاتمہ کے منتظر نہ رہتے ہوں؛ |
| فَافْسَحْ فِيْ اٰمَالِهِمْ ؛ | 157 | لہٰذا اُن کی اُمیدوں کے مطابق پورا اُترنے میں کوشاں رہو؛ |
| وَوَاصِلْ فِيْ حُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِمْ وَتَعْدِيْدِ مَاَبْلٰى ذَوُوالْبَلَاءِ مِنْهُمْ ؛ | 158 | اور اُن کی ہمت افزائی کے لئے اچھے الفاظ کہتے رہنا، اور عمدہ کارکردگی پیش کرنے والوں کے کارناموں کا تذکرہ جاری رکھنا؛ |
| فَاِنَّ كَثْرَةَ الذِّكْرِ لِحُسْنِ اَفْعَالِهِمْ تَهُزُّ الشُّجَاعَ ؛ | 159 | چنانچہ اُن کے عمدہ کارناموں کا ذکر بہادروں میں جوش پیدا کرتا ہے؛ |
| وَتُحَرِّضُ النَّاكِلَ ؛ اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى ؛ | 160 | اور پست ہمتوں کو بھی اُبھارتا ہے؛ اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ |
| ثُمَّ اَعْرِفْ لِكُلِّ امْرِءٍ مِنْهُمْ مَّا اَبْلٰى ؛ | 161 | پھر جو شخص جس کارنامے کو انجام دے اُسے پہچان لینا (یعنی ہر ایک کی عمدہ کارکردگی کا ریکارڈ تیار کراتے رہنا)؛ |
| وَ لَا تُضِيْفَنَّ بَلَاءَ امْرِءٍ اِلٰى غَيْرِهٖ ؛ | 162 | اور ایک شخص کے کارنامہ کو دوسرے شخص کی طرف منسوب کرنے کی گنجائش نہ رکھنا؛ اور |
| وَ لَا تُقَصِّرَنَّ بِهٖ دُوْنَ غَايَةِ بَلَائِهٖ؛ | 163 | کارنامو نکی جزا وصلہ دینے میں تقصیر نہ کرنا (یعنی انعامات کا ریکارڈ بھی رکھنا)؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَا يَدْعُوَنَّکَ شَرَفُ امْرِیءٍ اِلٰی اَنْ تُعَظِّمَ مِنْ بَلَائِهٖ مَاکَانَ صَغِیْرًا ؛ | 164 | یہ بھی نہ کرنا کہ کسی شخص کی نام آوری اور شہرت کی بنا پر اُس کے معمولی کام کو بڑا کارنامہ بناڈالو؛ |
| وَ لَا ضَعَةُ امْرِیءٍ اِلٰی اَنْ تَسْصْغِرَ مِنْ بَلَائِهٖ مَاکَانَ عَظِیْمًا ؛ | 165 | اور کسی کی شخصیت کے پست ہونے کی وجہ سے اُس کے بڑے کارنامہ کو پست نہ سمجھ لینا؛ |
| وَارْدُدْ اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مَایُضْلِعُکَ مِنَ الْخُطُوْبِ وَیَشْتَبِهُ عَلَیْکَ مِنَ الْاُمُوْرِ؛ | 166 | اِن تمام مشکلات اور پیچیدہ حالات اور شبہ میں ڈالنے والے کاموں کو اللہ اور اُس کے رسولؐ کی مدد لے کر حل کیا کرو (یعنی ایسے معاملات و حالات و مشکلات کو اللہ و رسولؐ کے سامنے پیش کر دیا کرو)؛ |
| فَقَدْ قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ لِقَوْمٍ اَحَبَّ اِرْشَادَهُمْ ؛ یَاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُوْلِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسولِ (سورہ نساء 4/59) فَالرَّدُّ اِلَی اللّٰهِ : اَلْاَخْذُ بِمُحْکَمِ کِتَابِهٖ وَالرَّدُّ اِلَی الرَّسُوْلِ : اَلْاَخْذُ بِسُنَّتِهِ الْجَامِعَةِ غَیْرِ الْمُفَرِّقَةِ ؛ | 167 | اس لئے کہ اللہ نے جس قوم کو ہدایت کرنا چاہی ہے اُنکے لئے فرمایا ہے کہ: ''اَے لوگو جو ایمان لائے ہو تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرتے رہو اور اپنے میں سے صاحب الامر کی اطاعت کرو پھر اگر تم میں ایسا اختلاف پیدا ہو جائے جو تم کو تفرقہ پر مجبور کر دے تو اختلاف پیدا کرنے والی بات کو اللہ و رسولؐ کے سامنے پیش کر دو اور انکے فیصلے پر عمل کرو'' (سورہ نساء 4/59)۔ چنانچہ اللہ کے سامنے پیش کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کی کتاب سے حکم لیا جائے اور رسولؐ کے سامنے پیش کرنے کا مطلب یہ ہے کہ رسولؐ کی اُس سنت سے حکم لیا جائے جس پر تمام مسلمان متفق ہوں'' |
| ثُمَّ اخْتَرْ لِلْحُکْمِ بَیْنَ النَّاسِ اَفْضَلَ رَعِیَّتِکَ فِیْ نَفْسِکَ مِمَّنْ لَّاتَضِیْقُ بِهِ الْاُمُوْرُ ؛ | 168 | پھر تمہیں چاہئے کہ لوگوں کے مقدمات اور معاملات کا فیصلہ کرنے کے لئے ایسے دانشمند کو تعینات کرو جو تمہارے نزدیک تمہاری رعیت میں سب سے افضل ہو اور پیچیدہ صورت حال جسے اُلجھن میں نہ ڈالتی ہو؛ |
| وَلَا تَمْحَکُهُ الْخُصُوْمُ ؛ | 169 | اور جسے جھگڑنے والوں کی بے تکی باتوں پر غصہ نہ آتا ہو؛ |
| وَلَایَتَمَادٰی فِی الزَّلَّةِ ؛ | 170 | اور اپنے کسی غلط خیال پر ضد نہ کرتا ہو؛ |
| وَ لَایَحْصَرُ مِنَ الْفَیْءِ اِلَی الْحَقِّ اِذَا عَرَفَهٗ ؛ | 171 | اور صحیح بات سمجھ لینے کے بعد اُس کے اختیار کرنے میں اپنی توہین نہ سمجھتا ہو؛ |
| وَلَا تُشْرِفُ نَفْسُهٗ عَلٰی طَمَعٍ ؛ | 172 | اور وہ اپنی ذاتی خواہش و طمع کو کوئی مقام نہ دیتا ہو؛ |
| وَلَایَکْتَفِیْ بِاَدْنٰی فَهْمٍ دُوْنَ اَقْصَاهُ ؛ | 173 | اور پوری تحقیق و تفتیش کا عادی ہو سرسری طور پر فیصلے نہ کر لیتا ہو (یعنی تحقیقات کی دقتوں سے گھبرانہ جاتا ہو)؛ |
| وَاَوْقَفَهُمْ فِی الشُّبُهَاتِ ؛ | 174 | اور شبہ پیدا ہوتے ہی رک جانا اور مزید غور کرنا اس کی عادت ہو؛ |
| وَاَخْذَهُمْ بِالْحُجَجِ؛ | 175 | اور اہل معاملہ کو دلیل و حجت سے قائل کر سکنے والا ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَقَلَّهُمْ تَبَرُّمًا بِمُرَاجَعَةِ الْخَصْمِ ؛ | 176 | اور مدعی و مدعا علیہ کی بحثوں سے کم سے کم اُکتاتا وگھبراتا ہو؛ |
| وَاَصْبَرَهُمْ عَلٰى تَكَشُّفِ الْاُمُوْرِ ؛ | 177 | اور مقدمات وحالات کو کھول دینے میں سب سے زیادہ صبر پر عامل ہو؛ |
| وَاَصْرَمَهُمْ عِنْدَ اتِّضَاحِ الْحُكْمِ ؛ | 178 | اور حقیقت کے واضح ہو جانے کے بعد سب سے زیادہ بے خوفی کے ساتھ حکم نافذ کر دیتا ہو؛ |
| مِمَّنْ لَا يَزْدَهِيْهِ اِطْرَآءٌ وَلَا يَسْتَمِيْلُهُ اِغْرَآءٌ ؛ | 179 | وہ ایسا شخص ہونا چاہیے جسے داد دینا اور سراہنا خود پسند نہ بنا دے اور اُسے غرور کی طرف نہ جھکا دے؛ |
| وَاُولٰئِكَ قَلِيْلٌ ثُمَّ اَكْثِرْ تَعَاهُدَ قَضَائِهٖ ؛ | 180 | اور اُن صفات کے لوگ بہت کم ہوا کرتے ہیں ۔ پھر بھی تم خود اُن کے فیصلوں کا جائزہ لیتے رہنا؛ |
| وَافْسَحْ لَهٗ فِى الْبَذْلِ مَا يُزِيْلُ عِلَّتَهٗ ؛ | 181 | اور اُن کیلئے اپنی بخششوں کو اتنی وسعت دینا کہ اُنکے پاس کوئی شکوہ نہ رہ جائے؛ |
| وَتَقِلُّ مَعَهٗ حَاجَتُهٗ اِلَى النَّاسِ ؛ | 182 | اور اُن کی وہ حاجتیں پوری ہوتی اور کم ہوتی چلی جائیں جن کی وجہ سے وہ لوگوں کی طرف مائل ہوتے ہوں؛ |
| وَاَعْطِهٖ مِنَ الْمَنْزِلَةِ لَدَيْكَ مَالَا يَطْمَعُ فِيْهِ غَيْرُهٗ مِنْ خَاصَّتِكَ ؛ | 183 | اور اُنہیں اپنی قربت میں ایسا مقام دیئے رکھنا کہ تم تک رسائی رکھنے والے خاص لوگوں کو بھی اُن کو نقصان پہنچانے کی ہمت نہ ہو سکے؛ |
| لِيَاْمَنَ بِذٰلِكَ اغْتِيَالَ الرِّجَالِ لَهٗ عِنْدَكَ ؛ | 184 | تا کہ تمہاری قربت میں ملا ہوا عزت کا مقام اُنہیں لوگوں کی سازشوں ، شورشوں اور چغلیوں سے امن میں رکھے؛ |
| فَانْظُرْ فِىْ ذٰلِكَ نَظَرًا بَلِيْغًا ؛ | 185 | چنانچہ اُن کے تمام معاملات پر ایک دوررس نظر رکھنا ضروری ہے؛ |
| فَاِنَّ هٰذَا الدِّيْنَ قَدْ كَانَ اَسِيْرًا فِىْ اَيْدِى الْاَشْرَارِ ؛ | 186 | حقیقت یہ ہے کہ یہ دین یقیناً بدمعاشوں اور شر و فساد کے دلدادہ افراد کے ہاتھوں میں قیدی کی صورت میں رہتا رہا ہے؛ |
| يُعْمَلُ فِيْهِ بِالْهَوٰى وَ تُطْلَبُ بِهِ الدُّنْيَا ؛ | 187 | جو اُس میں اپنی خواہشات اور مصلحتوں کے ماتحت کاروبار کرتے اور دین کے ذریعہ دُنیا بٹورتے رہے؛ |
| ثُمَّ انْظُرْ فِىْ اُمُوْرِ عُمَّالِكَ فَاسْتَعْمِلْهُمُ اخْتِبَارًا ؛ | 188 | پھر اپنے گورنروں، حکام اور عہدیداروں کے معاملات اور حالات پر بھی نظر رکھنا اُن کو امتحانات کے بعد عہدہ دینا؛ |
| وَلَا تُوَلِّهِمْ مَحَابَاةً وَاَثَرَةً ؛ | 189 | اور کبھی اُن کو رعایتاً اور اثر و رسوخ کی بنا پر حاکم نہ بنانا؛ |
| فَاِنَّهُمَا جِمَاعٌ مِنْ شُعَبِ الْجَوْرِ وَالْخِيَانَةِ ؛ | 190 | اس معاملے میں رعایت اور جانبداری دونوں بے ایمانی اور خیانت کے شعبے ہوتے ہیں؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَوَخَّ مِنْهُمْ اَهْلَ التَّجْرِبَةِ وَالْحَيَآءِ مِنْ اَهْلِ الْبُيُوْتَاتِ الصَّالِحَةِ ؛ | 191 | اور اُن کے انتخاب میں تجربہ رکھنے والوں، غیرت مندوں، نیک اور بلند مرتبہ گھرانے کے لوگوں کو ترجیح دینا؛ خصوصاً |
| وَالْقَدَمِ فِی الْاِسْلَامِ الْمُتَقَدِّمَةِ ؛ | 192 | جن خاندانوں کی اسلامی خدمات ابتدا سے چلی آ رہی ہوں؛ |
| فَاِنَّهُمْ اَكْرَمُ اَخْلَاقًا ؛ وَاَصَحُّ اَعْرَاضًا ؛ وَاَقَلُّ فِی الْمَطَامِعِ اِشْرَافًا ؛ | 193 | یقیناً ایسے خاندان اخلاق میں بزرگی رکھتے ہیں ۔ بے داغ عزت والے ہوتے ہیں اور حرص وطمع کی طرف کم ہی مائل ہوتے ہیں تا کہ اُن کی شرافت برقرار رہے؛ |
| وَاَبْلَغُ فِی عَوَاقِبِ الْاُمُوْرِ نَظَرًا ؛ | 194 | اور حالات ومعاملات کے نشیب وفراز اور ابتدا وانتہا اور اچھے اور برے نتائج پر پوری طرح نظر بھی رکھتے ہیں؛ |
| ثُمَّ اَسْبِغْ عَلَيْهِمُ الْاَرْزَاقَ ؛ | 195 | پھر تم انہیں سامانِ حیات میں فراوانی عطا کرنا؛ |
| فَاِنَّ ذٰلِكَ قُوَّةٌ لَّهُمْ عَلَى اسْتِصْلَاحِ اَنْفُسِهِمْ ؛ | 196 | رزق کی فراوانی سے انہیں اپنی ذاتی اصلاح اور حالت سنوار کر رکھنے کی طاقت ملے گی؛ |
| وَغِنًى لَهُمْ عَنْ تَنَاوُلِ مَاتَحْتَ اَيْدِيْهِمْ ؛ | 197 | اور اس طرح وہ مال واسباب جو اُن کے پاس جمع ہوا کرے گا وہ اس میں سے لینے سے بے نیاز رہیں گے؛ |
| وَحُجَّةٌ عَلَيْهِمْ اِنْ خَالَفُوْا اَمْرَكَ ؛ | 198 | اور یہ فراوانی تمہاری طرف سے اُن پر اُس وقت حجت ہوگی جب وہ تمہاری مخالفت کریں؛ |
| اَوْثَلَمُوْا اَمَانَتَكَ ؛ | 199 | یا کسی چیز میں خیانت کریں؛ |
| ثُمَّ تَفَقَّدْ اَعْمَالَهُمْ ؛ | 200 | پھر تم اُن کے اعمال کی تحقیق کرتے رہنا؛ |
| وَابْعَثِ الْعُيُوْنَ مِنْ اَهْلِ الصِّدْقِ وَالْوَفَآءِ عَلَيْهِمْ ؛ | 201 | اور اُن پر صادق القول اور وفا پرست نظر رکھنے والے مبعوث کرتے رہنا، |
| فَاِنَّ تَعَاهُدَكَ فِی السِّرِّ لِاُمُوْرِهِمْ حَدْوَةٌ لَهُمْ عَلَى اسْتِعْمَالِ الْاَمَانَةِ ؛ | 202 | یقیناً خفیہ طور پر اُن کے معاملات کی نگرانی اور جانچ پڑتال انہیں امانت کو برقرار رکھنے میں مددگار رہے گی؛ |
| وَالرِّفْقِ بِالرَّعِيَّةِ ؛ | 203 | اور وہ رعایا کے ساتھ بھی نرم رویہ رکھیں گے؛ |
| وَتَحَفَّظْ مِنَ الْاَعْوَانِ ؛ | 204 | اور تم خود کو مصنوعی اور خیانت کار مددگاروں سے محفوظ رکھنا؛ |
| فَاِنْ اَحَدٌ مِنْهُمْ بَسَطَ يَدَهُ اِلٰى خِيَانَةٍ اجْتَمَعَتْ بِهَا عَلَيْهِ عِنْدَكَ اَخْبَارُ عُيُوْنِكَ اكْتَفَيْتَ بِذٰلِكَ شَاهِدًا ؛ | 205 | اگر اُن میں سے کوئی خیانت کیلئے ہاتھ پھیلائے گا تو تمہیں تمہارے مخبروں کے ذریعہ سے اطلاع ہو جائے گی اور جب سب طرف سے خیانت کی خبریں جمع ہو جائیں تو تمہارے لئے اس خیانت پر اسی قدر شہادت کافی ہونا چاہئے |
| فَبَسَطْتَ عَلَيْهِ الْعُقُوْبَةَ فِی بَدَنِهٖ ؛ | 206 | لہٰذا تم اُسے جسمانی طور پر اس غلط عمل کی سزا دینا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَخَذْتَهُ بِمَا اَصَابَ مِنْ عَمَلِهٖ ؛ | 207 | اور جو کچھ اُس کے عمل سے ثابت ہوا ہے اُسے اُس سے واپس بھی لینا؛ |
| ثُمَّ نَصَبْتَهُ بِمَقَامِ الْمَذَلَّةِ ؛ | 208 | اور اُسے ذلت و رسوائی کے مقام پر رکھ دینا؛ |
| وَسَمْتَهُ بِالْخِيَانَةِ ؛ | 209 | اور خیانت کاری کے لقب سے اُسے موسوم کر دینا؛ |
| وَقَلَّدْتَهُ عَارَ التُّهَمَةِ ؛ | 210 | اور ننگ و رسوائی اور تہمت کا پٹہ اُسے پہنا دینا؛ |
| وَتَفَقَّدْ اَمْرَ الْخَرَاجِ بِمَا يُصْلِحُ اَهْلَهٗ ؛ | 211 | اور خراج کی تحقیق و تفتیش میں خراج دینے والوں کا مفاد سامنے رکھنا؛ |
| فَاِنَّ فِيْ صَلَاحِهٖ وَصَلَاحِهِمْ صَلَاحًا لِمَنْ سِوَاهُمْ ؛ | 212 | یقیناً خراج سے اور خراج دینے والوں ہی سے دوسروں کے حالات درست رکھے جا سکتے ہیں (یعنی انکا مفاد ایک دوسرے سے لازم و ملزوم ہے)؛ |
| وَ لَا صَلَاحَ لِمَنْ سِوَاهُمْ اِلَّا بِهِمْ ؛ | 213 | خراج سے فائدہ اُٹھانے والوں کی صلاح و فلاح برقرار نہیں رہ سکتی اگر خراج دینے والے خوشحال نہ رہیں؛ |
| لِاَنَّ النَّاسَ كُلَّهُمْ عِيَالٌ عَلَى الْخَرَاجِ وَ اَهْلِهٖ ؛ | 214 | یہ اس لئے کہ تمام انسان خراج دینے والوں کے سہارے جیتے ہیں اور وہ سب مل کر ایک ہی کنبہ بنتے ہیں؛ |
| وَلْيَكُنْ نَظَرُكَ فِيْ عِمَارَةِ الْاَرْضِ اَبْلَغَ مِنْ نَظَرِكَ فِيْ اِسْتِجْلَابِ الْخَرَاجِ ؛ | 215 | اور تمہاری نظر صرف خراج کی وصولی اور مقدار پر نہ لگی رہے بلکہ زمین کی کاشت پر تمہاری پوری توجہ رہنا چاہئے؛ |
| لِاَنَّ ذٰلِكَ لَا يُدْرَكُ اِلَّا بِالْعِمَارَةِ ؛ | 216 | یہ اس لئے کہ خراج حاصل ہو ہی نہیں سکتا اگر کھیتی نہ اُگے اور کاشت ہی نہ کی جائے؛ |
| وَمَنْ طَلَبَ الْخَرَاجَ بِغَيْرِ عِمَارَةٍ اَخْرَبَ الْبِلَادَ وَاَهْلَكَ الْعِبَادَ ؛ | 217 | اور جو کوئی بلا زمین میں فصل پیدا ہوئے خراج حاصل کرتا ہے وہ نہ صرف شہروں کو ویران کر دیگا۔ بلکہ وہاں کے باشندوں کو بھی ہلاک و تباہ کر دے گا؛ |
| وَلَمْ يَسْتَقِمْ اَمْرُهٗ اِلَّا قَلِيْلًا ؛ | 218 | اور اُس کی حکومت اور اُس کا کاروبار چند ہی روز قائم رہ سکتے ہیں؛ |
| فَاِنْ شَكَوْا ثِقَلًا اَوْ عِلَّةً اَوِ انْقِطَاعَ شِرْبٍ اَوْ بَالَّةٍ اَوْ اِحَالَةَ اَرْضٍ اغْتَمَرَهَا غَرَقٌ اَوْ اَجْحَفَ بِهَا عَطَشٌ خَفَّفْتَ عَنْهُمْ بِمَا تَرْجُوْا اَنْ يَّصْلُحَ بِهٖ اَمْرُهُمْ ؛ | 219 | چنانچہ اگر کاشتکار یہ شکوہ کریں کہ خراج حد سے زیادہ ہے یا آفت ناگہانی کا عذر کریں یا سیرابی نہ ہو سکنا بتائیں یا زمین پر سیلاب آجانے یا آبپاشی کی کمی سے نقصان ہو جانے کی بات کریں تو تم خراج میں اتنی کمی کر دو جس سے تمہیں اُن کے مالی حالات سنور جانے کا یقین ہو جائے اور وہ باقی خراج ادا کر سکیں؛ |
| وَلَا يَثْقُلَنَّ عَلَيْكَ شَيْءٌ خَفَّفْتَ بِهِ الْمَؤُوْنَةَ عَنْهُمْ ؛ | 220 | اور اُن کی اصلاح حال کے لئے جو کمی تم نے کی ہے وہ کمی ہرگز تمہارے اوپر گراں نہ گذرنا چاہئے؛ اس لئے کہ، |
| فَاِنَّهٗ ذُخْرٌ يَعُوْدُوْنَ بِهٖ عَلَيْكَ فِيْ عِمَارَةِ بَلَادِكَ؛ | 221 | کاشتکاروں اور خراج دینے والوں کو زیر باری سے بچا لینا تو ایک ایسا ذخیرہ چھوڑ دینا ہے جسے وہ تمہیں لوٹائیں گے۔ تمہارے ملک کو آباد رکھ کر، |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَزْيِيْنِ وَلَايَتِکَ ؛ مَعَ اسْتِجْلَابِکَ حُسْنَ ثَنَائِهِمْ ؛ | 222 | اورتمہاری مملکت کی زیب وزینت برقرار رکھنے کی صورت میں؛ ساتھ ہی وہ اچھے سلوک پرخراج تحسین وحمد وثنا بھی ادا کریں گے؛ |
| وَتَبَجُّحِکَ بِاسْتِفَاضَةِ الْعَدْلِ فِيْهِمْ ؛ | 223 | اور جو ذخیرہ تم نے اپنے حسن سلوک کی صورت میں اُن کے اندر جمع کر کے اپنے عدل سے اُنہیں فیض پہنچایا ہے اُس سے مسرت بھی حاصل کرو گے؛ |
| مُعْتَمِدًافَضْلَ قُوَّتِهِمْ بِمَا ذَخَرْتَ عِنْدَهُمْ مِنْ اِجْمَامِکَ لَهُمْ ؛ | 224 | اپنے ذخیرے کے نتیجے میں تمہیں اُن کی قوت کا ذخیرہ بھی ملے گا جس پر تم آڑے وقت میں بھروسہ کرسکو گے؛ |
| وَالْثِقَةِ مِنْهُمْ بِمَا عَوَّدْتَهُمْ مِنْ عَدْلِکَ عَلَيْهِمْ رِفْقِکَ بِهِمْ ؛ | 225 | اوراپنے عادلانہ سلوک اوررحم پروری کے صلے میں تمہیں اُن پر پختہ یقین بھی فراہم ہوجائے گا؛ |
| فَرُبَّمَا حَدَثَ مِنَ الْاُمُوْرِمَا اِذَا عَوَّلْتَ فِيْهِ عَلَيْهِمْ مِنْ بَعْدُ احْتَمَلُوْهُ طَيِّبَةً اَنْفُسِهِمْ بِهٖ ؛ | 226 | پھر تمہیں ایسے حالات بھی پیش آسکتے ہیں جن کو برداشت کرانے کے لئے تمہیں اُن کی ضرورت پڑے تو ایسے موقع پر وہ خوشی سے مشکل سے مشکل حالات کو برداشت کرجائیں گے؛ |
| فَاِنَّ الْعُمْرَانَ مُحْتَمِلٌ مَا حَمَّلْتَهُ ؛ | 227 | اگر ملک آباد وخوشحال ہے تو اُس پر جتنا وزن ڈالو گے وہ برداشت کرلے گا؛ |
| وَاِنَّمَا يُؤْتٰى خَرَابُ الْاَرْضِ مِنْ اِعْوَازِ اَهْلِهَا ؛ | 228 | اور بلاشبہ زمین اورفصلوں کے تباہ ہونے کا سبب یہ ہوتا ہے کہ کاشتکاروں کے ہاتھ تنگ ہوجائیں؛ |
| وَاِنَّمَا يُعْوِزُ اَهْلُهَا لِاِشْرَافِ اَنْفُسِ الْوُلَاةِ عَلَى الْجَمْعِ؛ | 229 | اور کاشتکاروں کو تنگ دست وہ حکمران کرتے ہیں جو مال ودولت کو خراج کے ذریعے جمع کرنے میں لگ جاتے ہیں؛ |
| وَسُوْءِ ظَنِّهِمْ بِالْبَقَآءِ وَقِلَّةِ انْتِفَاعِهِمْ بِالْعِبَرِ ؛ | 230 | اور اُنہیں اپنی حکومت کے برقرار رہنے میں شک وشبہ ہوجاتا ہے اور وہ نصیحتوں سے استفادہ کرنے میں قاصر رہ جاتے ہیں؛ |
| ثُمَّ انْظُرْ فِيْ حَالِ كُتَّابِکَ فَوَلِّ عَلٰى اُمُوْرِکَ خَيْرَهُمْ | 231 | پھر تم اپنے کارتحریر وریکارڈ انجام دینے والوں پر توجہ دینا چنانچہ اس سلسلے کے کاموں پر اُسے حکمران بنانا جو اُن میں سب سے بہتر ہو؛ |
| وَاخْصُصْ رَسَائِلَکَ الَّتِيْ تُدْخِلُ فِيْهَا مَكَائِدَکَ وَاَسْرَارَکَ بِاَجْمَعِهِمْ لِوُجُوْهِ صَالِحِ الْاَخْلَافِ مِمَّنْ تُبْطِرُهُ الْكَرَامَةُ فَيَجْتَرِئَ بِهَا عَلَيْکَ فِيْ خِلَافٍ لَکَ بِحَضْرَةِ مَلَاءٍ ؛ | 232 | اورخاص طور پر اُن فرمانات کے لکھنے پر جن میں تمہاری مخفی تدابیر اھل مکر کے ساتھ مکارانہ پالیسیاں اورراز ورموز درج ہوتے ہیں اُن کو مقرر کرنا جو اچھے خاندانوں سے ہوں۔اورعمدہ اخلاق رکھتے ہوں جنہیں عزت اور بزرگی کا ملنا سرکش اورخود پسند نہ بنادے کہ وہ بھری محفلوں میں تمہارے خلاف کوئی ایسی بات کہہ دیں جو قوم کے ملاؤں کے لئے مفید ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَا تَقْصُرُبِهِ الْغَفْلَةُ عَنْ اِيْرَادِ مُكَاتِبَاتِ عُمَّالِكَ عَلَيْكَ ؛ | 233 | اور جنہیں غفلت و لاپرواہی ایسا نہ بنا دے کہ وہ تمہارے گورنروں کے خطوط پیش کرنے میں یا تمہارے خطوط اُن کو روانہ کرنے میں سستی کرنے لگیں ؛ |
| وَاِصْدَارِ جَوَابَاتِهَا عَلَى الصَّوَابِ عَنْكَ ؛ | 234 | اور اُن کے نام تمہاری طرف سے صحیح اور موزوں ترین جواب دینے میں کوتاہی کرنے لگیں ؛ |
| وَ فِيْمَا يَاْخُذُلَكَ وَ يُعْطِيْ مِنْكَ ؛ | 235 | اور تم تک آنے والے ریکارڈ میں یا تمہاری طرف سے جانے والے ریکارڈ میں رخنہ ڈالیں ؛ |
| وَلَا يُضْعِفُ عَقْدًا اعْتَقَدَهُ لَكَ ؛ | 236 | اور وہ تمہاری طرف سے جو معاہدہ کریں اس میں خامی نہ رکھیں ؛ |
| وَ لَا يَعْجِزُعَنْ اِطْلَاقِ مَاعُقِدَ عَلَيْكَ ؛ | 237 | اور نہ ہی وہ تمہارے خلاف ہونے والی کسی سازباز کا توڑ کرنے میں کمزوری و لاپرواہی برتیں ؛ |
| وَ لَا يَجْهَلُ مَبْلَغَ قَدْرِ نَفْسِهٖ فِي الْاُمُوْرِ ؛ | 238 | اور ساتھ ہی وہ محرّر اپنے مرتبہ اور مقام سے جاہل نہ ہوں تا کہ اپنی خدمات کو ٹھیک ٹھیک انجام دے سکیں ؛ |
| فَاِنَّ الْجَاهِلَ بِقَدْرِ نَفْسِهٖ يَكُوْنُ بِقَدْرِ غَيْرِهٖ اَجْهَلَ ؛ | 239 | اس لئے کہ جو شخص خود اپنے مرتبہ اور مقام سے جاہل ہوگا تو وہ دوسروں کے مرتبہ اور مقام سے جاہل تر ہوگا ؛ |
| ثُمَّ لَايَكُنْ اِخْتِيَارُكَ اِيَّاهُمْ عَلٰى فِرَاسَتِكَ وَاسْتِنَامَتِكَ وَحُسْنِ الظَّنِّ مِنْكَ ؛ | 240 | پھر یہ کہ اُن محرروں یا ریکارڈ کیپروں کو انتخاب کرنے میں تم اپنی فراست (عقلمندی) اور خوش اعتمادی اور حسن ظن پر بھروسہ نہ کر لینا ؛ |
| فَاِنَّ الرِّجَالَ يَتَعَرَّفُوْنَ لِفِرَاسَاتِ الْوُلَاةِ بِتَصَنُّعِهِمْ وَحُسْنِ خِدْمَتِهِمْ ؛ | 241 | کیونکہ چالاک لوگ بناوٹی حالات اور خوشامدانہ خدمات کے ذریعہ سے حکمرانوں کی نظروں میں سما کر راہ ہموار کر لیا کرتے ہیں۔ اور حقیقت بعد میں کھلا کرتی ہے ؛ |
| وَلَيْسَ وَرَآءَ ذٰلِكَ مِنَ النَّصِيْحَةِ وَالْاَمَانَةِ شَيْءٌ ؛ | 242 | اور ثابت ہو جاتا ہے کہ اُن میں خیر خواہی اور امانت داری کا کہیں ذرہ برابر بھی نام و نشان نہیں ہوتا ؛ |
| وَلٰكِنِ اخْتَبِرْهُمْ بِمَا وُلُّوْا لِلصَّالِحِيْنَ قَبْلَكَ ؛ | 243 | **<u>ولیکن تم اُنہیں اُن کی اُس حکمرانی سے آزماؤ جو تم سے پہلے اُنہوں نے نیک لوگوں کی خدمات پر کی ہے ؛</u>** |
| فَاعْمِدْ لِاَحْسَنِهِمْ كَانَ فِي الْعَامَّةِ اَثَرًا ؛ | 244 | **<u>چنانچہ جو لوگ عوام میں نیک نامی پیدا کر چکے ہوں ؛</u>** |
| وَاَعْرَفِهِمْ بِالْاَمَانَةِ وَجْهًا . | 245 | **<u>اور عوام میں امانت داری کے لئے شہرت رکھتے ہوں ان پر توجہ دو۔</u>** |
| فَاِنَّ ذٰلِكَ دَلِيْلٌ عَلٰى نَصِيْحَتِكَ لِلّٰهِ وَلِمَنْ وُلِّيْتَ اَمْرَهُ ؛ | 246 | لہٰذا اس طریقہ کا انتخاب کرنا تمہارے لئے اس بات پر دلیل بنے گا کہ تم اللہ کے اور اپنے حکمراں بنانے والے امامؑ کے صحیح معنی میں خیر خواہ ہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاجْعَلْ لِرَاسِ كُلِّ اَمْرٍ مِنْ اُمُوْرِكَ رَأْسًا مِنْهُمْ لَايَقْهَرُهُ كَبِيْرُهَا ؛ | 247 | اور تمہیں محکمہ تحریر کے ہر شعبہ پر ایک ایک ایسا افسر مقرر کرنا چاہئے جو اس شعبے کے بڑے بڑے اور مشکل کاموں پر قابو رکھتا ہو کسی کام سے عاجز نہ ہو |
| وَ لَا يَتَشَتَّتُ عَلَيْهِ كَثِيْرُهَا ؛ | 248 | اور جسے کام کی کثرت پریشان خاطر نہ کر دیتی ہو؛ |
| وَمَهْمَا كَانَ فِيْ كُتَّابِكَ مِنْ عَيْبٍ فَتَغَابَيْتَ عَنْهُ اُلْزِمْتَهُ . | 249 | اور یہ سمجھ لو کہ تمہارے محرروں میں سے اگر کسی محرر کے اندر کوئی عیب ہو اور تم نے اس عیب سے نظریں ہٹائے رکھیں تو اُس کی ذمہ داری تم پر ہوگی۔ |
| ثُمَّ اسْتَوْصِ بِالتُّجَّارِ وَذَوِى الصَّنَاعَاتِ وَاَوْصِ بِهِمْ خَيْرًا ؛ | 250 | پھر تمہیں اپنے ملک کے تاجروں اور صنعت و حرفت والے لوگوں کے ساتھ اچھے سلوک کی اور اُن پر توجہ رکھنے کی تاکید کرتا ہوں؛ |
| اَلْمُقِيْمِ مِنْهُمْ وَالْمُضْطَرِبِ بِمَالِهِ ؛ | 251 | خواہ وہ لوگ ایک مقام پر قائم رہ کر تجارت کرنے والے ہوں یا پھیری لگا کر بیوپار کرنے والے ہوں؛ |
| وَالْمُتَرَفِّقِ بِبَدَنِهِ ؛ | 252 | اور یا جسمانی محنت و مزدوری اور یا دستکاری سے کمانے والے ہوں؛ |
| فَاِنَّهُمْ مَوَادُّ الْمَنَافِعِ ؛ | 253 | حقیقتاً یہی لوگ منافع کا سرچشمہ، |
| وَاَسْبَابُ الْمَرَافِقِ ؛ | 254 | اور ضروریات کی چیزیں فراہم کرنے کا ذریعہ ہوتے ہیں؛ |
| وَجُلَّابُهَا مِنَ الْمَبَاعِدِ وَالْمَطَارِحِ فِيْ بَرِّكَ وَبَحْرِكَ ؛ | 255 | اور وہی لوگ ہیں جو دور دراز علاقوں سے خشکیوں سے اور سمندری راستوں سے گذر کر، |
| وَسَهْلِكَ وَجَبَلِكَ ؛ | 256 | اور تمہارے میدانوں اور پہاڑوں کو عبور کر کے، |
| وَحَيْثُ لَايَلْتَئِمُ النَّاسُ لِمَوَاضِعِهَا ؛ | 257 | اور ایسے ایسے مقامات سے سامانِ ضرورت لاتے ہیں جہاں عام انسانوں کا پہنچنا ممکن نہیں ہوتا ہے؛ |
| وَلَايَجْتَرِؤُنَ عَلَيْهَا ؛ | 258 | اور نہ عام لوگ وہاں پہنچنے کی جرات کر سکتے ہیں؛ |
| فَاِنَّهُمْ سِلْمٌ لَا تُخَافُ بَائِقَتُهُ ؛ | 259 | بہر حال تاجر اور صناع اَمن پسند ہوتے ہیں اُن سے کسی آفت اور بلا سے تجھے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے؛ |
| وَصُلْحٌ لَاتُخْشٰى غَائِلَتُهُ ؛ | 260 | اور صلح پسند ہوتے ہیں اُن سے کسی شر اور فساد کی توقع نہیں ہوتی ہے؛ |
| وَتَفَقَّدْ اُمُوْرَهُمْ بِحَضْرَتِكَ وَفِيْ حَوَاشِيْ بِلَادِكَ ؛ | 261 | تم اُن کے حالات و معاملات کی جانچ پڑتال کرتے رہنا خواہ وہ تمہارے سامنے ہوں یا تمہارے شہروں میں پھیلے ہوئے ہوں؛ |
| وَاعْلَمْ مَعَ ذٰلِكَ اَنَّ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْهُمْ ضِيْقًا فَاحِشًا ؛ | 262 | اور اسکے ساتھ ہی یہ بھی سمجھ لو کہ اُن میں کثرت کھلی کھلی تنگ نظر ہوتی ہے؛ |
| وَشُحًّا قَبِيْحًا ؛ | 263 | اور کچھ سخت بخیل اور کنجوس بھی ہوتے ہیں؛ |
| وَاحْتِكَارًا لِلْمَنَافِعِ ؛ | 264 | اور زیادہ منافع خوری کے لئے مال و اسباب کو روک لیتے ہیں؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَحَكُّمًا فِي الْبِيَاعَاتِ ؛ | 265 | اور خود ہی زبردستی فروخت کے لئے مہنگے بھاؤ طے کر لیتے ہیں؛ |
| وَذٰلِكَ بَابُ مَضَرَّةٍ لِلْعَامَّةِ ؛ | 266 | اور عوام الناس کے لئے مہنگے بھاؤ نقصان کا دروازہ ہوتا ہے؛ |
| وَعَيْبٌ عَلَى الْوُلَاةِ ؛ | 267 | اور حکمرانوں کی بدنامی کا ایک سبب بنتا ہے؛ |
| فَامْنَعْ مِنَ الْاِحْتِكَارِ ؛ | 268 | لہٰذا تم ذخیرہ اندوزی اور مہنگے بھاؤ کو منع کر دینا؛ |
| فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ . مَنَعَ مِنْهُ وَلْيَكُنِ الْبَيْعُ بَيْعًا سَمْحًا ؛ | 269 | یقیناً رَسُوْلَ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے اس سے منع فرمایا ہے لہٰذا خرید و فروخت کے لئے آسان اور سُلجھا ہوا طریقہ ہونا چاہئے؛ |
| بِمَوَازِيْنِ عَدْلٍ ؛ | 270 | انصاف کے ساتھ ناپ تول اختیار کیا جانا چاہئے؛ |
| وَاَسْعَارٍ لَّا تَجْحِفُ بِالْفَرِيْقَيْنِ مِنَ الْبَائِعِ وَالْمُبْتَاعِ ؛ | 271 | اور بھاؤ (نرخ) ایسے ہونے چاہئیں کہ دونوں میں سے نہ بیچنے والے کو نقصان ہو اور نہ خریدار گھاٹے میں رہے؛ |
| فَمَنْ قَارَفَ حُكْرَةً بَعْدَ نَهْيِكَ اِيَّاهُ فَنَكِّلْ بِهٖ ؛ | 272 | اگر تمہاری ممانعت کے بعد بھی کوئی ذخیرہ اندوزی کرے تو اُسے رسوا کن مناسب حد تک سزا دینا؛ |
| وَعَاقِبْهُ فِيْ غَيْرِ اِسْرَافٍ ؛ | 273 | اور سزا دینے میں حد سے نہ بڑھ جانا؛ |
| ثُمَّ اللّٰهَ اللّٰهَ فِي الطَّبَقَةِ السُّفْلٰى مِنَ الَّذِيْنَ لَاحِيْلَةَ لَهُمْ مِّنَ الْمَسَاكِيْنَ وَالْمُحْتَاجِيْنَ وَاَهْلِ الْبُؤْسٰى وَالزَّمْنٰى ؛ | 274 | پھر سب سے نچلے طبقہ کے متعلق اللہ سے ڈرتے رہنا یہ پس ماندہ اور ایسا طبقہ ہے جن کا نہ کوئی سہارا ہوتا ہے نہ ان کے پاس کمائی کرنے کا کوئی حیلہ بہانہ یا ذریعہ ہوتا ہے اور وہ ہیں مساکین اور محتاج لوگ، اور مشکلات و رنج و الم میں مبتلا لوگ ہوتے ہیں؛ |
| فَاِنَّ فِيْ هٰذِهِ الطَّبَقَةِ قَانِعًا وَمُعْتَرًّا ؛ | 275 | اس طبقہ میں کچھ تو قناعت پسند لوگ ہوتے ہیں اور کچھ بے دھڑک ہاتھ پھیلا کر مانگنے والے لوگ ہوتے ہیں؛ |
| وَاحْفَظْ لِلّٰهِ مَا اسْتَحْفَظَكَ مِنْ حَقِّهٖ فِيْهِمْ ؛ | 276 | اُن بے کسوں کے سلسلے میں تم اللہ کے اُس حق کی ادائیگی کا خیال رکھنا جس کا اُس نے تمہیں ذمہ دار بنایا ہے؛ |
| وَاجْعَلْ لَّهُمْ قِسْمًا مِّنْ بَيْتِ مَالِكَ ؛ | 277 | اُن لوگوں کو دینے کیلئے ایک حصہ تو اپنے بیت المال میں سے مقرر کر دینا؛ |
| وَقِسْمًا مِّنْ غَلَّاتِ صَوَافِي الْاِسْلَامِ فِيْ كُلِّ بَلَدٍ؛ | 278 | اور ایک حصہ ہر شہر کے اس غلہ میں سے دینا جو اسلامی غنیمت میں آئی ہو یا زمینوں سے وصول ہو کر تمہارے پاس آنا چاہئے؛ |
| فَاِنَّ لِلْاَقْصٰى مِنْهُمْ مِثْلَ الَّذِيْ لِلْاَدْنٰى ؛ | 279 | اس لئے کہ اُس غلے میں دور رہنے والوں کا اتنا ہی حصہ ہے جتنا نزدیک رہنے والوں کا حصہ ہے؛ |
| وَكُلٌّ قَدِاسْتُرْعِيْتَ حَقَّهٗ ؛ | 280 | اور تم اُن سب کے حقوق کے ذمہ دار بنائے گئے ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَلَا يَشْغَلَنَّکَ عَنْهُمْ بَطَرٌ ؛ | 281 | لہٰذا تمہیں فارغ البالی اُن کی طرف سے غافل نہ کرنے پائے؛ |
| فَاِنَّکَ لَا تُعْذَرُ بِتَضْيِيْعِکَ التَّافَّةَ لِاَحْكَامِکَ الْكَثِيْرَ الْمُهِمَّ ؛ | 282 | کیونکہ اُن کے سلسلے میں کسی معمولی سے معمولی بات میں بھی یہ عذر قبول نہ ہوگا کہ تم نے بہت سے اہم احکامات اور مہمات کو پورا کرنے پر توجہ رکھی تھی؛ |
| فَلَا تُشْخِصْ هَمَّکَ عَنْهُمْ ؛ | 283 | چنانچہ اُن کی طرف سے کسی مہم کی وجہ سے تمہاری توجہ نہ ہٹے، |
| وَ لَا تُصَعِّرْ خَدَّکَ لَهُمْ ؛ | 284 | اور اُن سے کبھی اپنے گال پھلا کر نہ رکھنا؛ |
| وَتَفَقَّدْ اُمُوْرَ مَنْ لَّا يَصِلُ اِلَيْکَ مِنْهُمْ مِمَّنْ تَقْتَحِمُهُ الْعُيُوْنُ ؛ | 285 | اور جو لوگ آسانی سے تم تک نہیں پہنچ سکتے اُن کے صحیح حالات جاننے کا انتظام کرو جن کو پھٹے حال کی بنا پر لوگوں کی آنکھیں دیکھنا پسند نہ کرتی ہوں؛ |
| وَتَحْقِرُهُ الرِّجَالُ ؛ | 286 | اور لوگ جن کو حقارت سے دیکھتے ہوں؛ |
| فَفَرِّغْ لِاُولٰئِکَ ثِقَتَکَ مِنْ اَهْلِ الْخَشْيَةِ وَالتَّوَاضُعِ ؛ | 287 | تم اُن کے لئے اپنے معتبر آدمیوں کی ڈیوٹی لگائے رکھو جو خوف خدا رکھتے ہوں اور عاجزی اور تواضع سے پیش آتے ہوں؛ |
| فَلْيَرْفَعْ اِلَيْکَ اُمُوْرَهُمْ ؛ | 288 | ایسے لوگوں کی ڈیوٹی لگاؤ جو تمہیں انکے حالات اور معاملات پر پورا مطلع رکھیں؛ |
| ثُمَّ اعْمَلْ فِيْهِمْ بِالْاِعْذَارِ اِلَى اللّٰهِ يَوْمَ تَلْقَاهُ ؛ | 289 | پھر اُن کے ساتھ وہ طرز عمل اختیار کرنا جسے اللہ سے ملاقات کے دن اپنی نجات کیلئے بطور دلیل وعذر وحجت پیش کرسکو؛ |
| فَاِنَّ هٰؤُلَآءِ مِنْ بَيْنَ الرَّعِيَّةِ اَحْوَجُ اِلَى الْاِنْصَافِ مِنْ غَيْرِهِمْ ؛ | 290 | کیونکہ وہ لوگ باقی رعیت میں سب سے زیادہ انصاف کے محتاج اور حقدار ہیں؛ |
| وَكُلٌّ فَاَعْذِرْ اِلَى اللّٰهِ فِيْ تَادِيَةِ حَقِّهٖ اِلَيْهِ ؛ | 291 | اور ویسے تو تمہیں ساری رعایا کے حقوق ادا کرکے اللہ کے روبرو سرخرو ہونا پڑیگا |
| وَتَعَهَّدْ اَهْلَ الْيُتْمِ وَذَوِی الرِّقَّةِ فِی السِّنِّ مِمَّنْ لَاحِيْلَةَ لَهٗ ؛ | 292 | اور تمہیں چاہئے کہ تم یتیم بچوں اور نہایت بوڑھے اور ناطاقت لوگوں کا زیادہ خیال رکھو اسلئے کہ انکے پاس روزی کمانے کا کوئی حیلہ اور ذریعہ بھی نہیں ہے؛ |
| وَلَا يَنْصِبُ لِلْمَسْاَلَةِ نَفْسَهٗ ؛ | 293 | اور نہ مانگتے پھرنے ہی کی طاقت وفرصت اور سوجھ بوجھ رکھتے ہیں؛ |
| وَذٰلِکَ عَلَى الْوُلَاةِ ثَقِيْلٌ وَالْحَقُّ كُلُّهٗ ثَقِيْلٌ ؛ | 294 | اور اُنہی کے حالات ہوتے ہیں جو حکمرانوں پر گراں گزرتے ہیں اور حق تو سارا ہی گراں گزرتا ہے؛ |
| وَقَدْ يُخَفِّفُهُ اللّٰهُ عَلٰى اَقْوَامٍ طَلَبُوا الْعَاقِبَةَ فَصَبَرُوْا اَنْفُسَهُمْ ؛ | 295 | مگر جو اقوام عاقبت اور انجام کی کامیابی چاہتی ہیں اور صبر وہمت پر کاربند رہتی ہیں اللہ اُن کے لئے حق کی گرانی کو کم کرتا چلا جاتا ہے؛ |
| وَ وَثِقُوْا بِصِدْقِ مَوْعُوْدِ اللّٰهِ لَهُمْ ؛ | 296 | اور وہی اقوام ہوتی ہیں جو اپنے لئے کئے ہوئے اللہ کے وعدوں پر بھروسہ کرتی ہیں اور اللہ کے وعدوں کی توثیق کرتی ہیں؛ |
| وَاجْعَلْ لِذَوِی الْحَاجَاتِ مِنْکَ قِسْمًا تُفَرِّغُ لَهُمْ | 297 | اور تم اپنے اوقات کا ایک حصہ حاجتمندوں کے لئے مقرر کرکے اور باقی |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فِيْهِ شَخْصَکَ ؛ | | تمام کاموں سے فارغ ہوکر تیار رہا کرنا؛ |
| وَتَجْلِسُ لَهُمْ مَجْلِسًا عَامًّا فَتَتَوَاضَعُ فِيْهِ لِلّٰهِ الَّذِی خَلَقَکَ ؛ | 298 | اور صرف حاجت مندوں کے لئے قائم کی ہوئی مجلس میں اُن کے لئے بیٹھنا اور اپنے خالق کی خاطر اُن کی نہایت آؤ بھگت اور خاطر مدارات کیا کرنا؛ |
| وَتُقْعِدُ عَنْهُمْ جُنْدَکَ وَاَعْوَانَکَ مِنْ اَحْرَاسِکَ وَشُرَطِکَ حَتّٰی يُکَلِّمَکَ مُتَکَلِّمُهُمْ غَيْرَ مُتَتَعْتِعٍ ؛ | 299 | اور اپنے فوجیوں، پہرہ داروں، پولیس والوں اور اپنے مشیروں کو بھی اُس مجلس میں نہ آنے دینا تا کہ ہر محتاج و مسکین و یتیم اور ضعیف شخص تم سے بے دھڑک بات کر سکے اور جو کچھ کہنا چاہتا ہو اور جس طرح کہنا چاہتا ہو بلا تکلف کہہ سکے؛ |
| فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ يَقُوْلُ فِیْ غَيْرِ مَوْطِنٍ :"**لَنْ تُقَدَّسَ اُمَّةٌ لَا يُؤْخَذُ لِلضَّعِيْفِ فِيْهَا حَقُّهُ مِنَ الْقَوِیِّ غَيْرَ مُتَتَعْتِعٍ**" | 300 | یقیناً میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے جو مختلف مواقع پر فرمایا کرتے تھے کہ: "**اُس اُمت میں پاکیزگی نہیں آسکتی جس میں کمزور لوگوں کا حق طاقتور لوگوں سے چھین کر نہیں دلایا جاتا ہے۔**" |
| ثُمَّ احْتَمِلِ الْخُرْقَ مِنْهُمْ وَالْعِیَّ ؛ | 301 | پھر یہ بھی سمجھ لو کہ اگر ضرورت مندوں کی طرف سے تندی اور سختی کا رویہ پیش آئے اور وہ بات کہنے میں اُلجھیں تو اُسے برداشت کر لینا؛ |
| وَنَحِّ عَنْهُمُ الضِّيْقَ وَالْاَنَفَ ؛ | 302 | اور اُن کے جواب میں تنگدلی، غصہ اور ناک چڑھانے سے باز رہنا؛ |
| يَبْسُطِ اللّٰهُ عَلَيْکَ بِذٰلِکَ اَکْنَافَ رَحْمَتِهٖ ؛ | 303 | اِس برداشت اور بردباری کے صلے میں اللہ تم پر اپنی رحمتوں کا دامن پھیلا دیگا |
| وَيُوْجِبْ لَکَ ثَوَابَ طَاعَتِهٖ ؛ | 304 | اور تمہیں اطاعت شعاری کا ثواب ضرور دے گا؛ |
| وَاَعْطِ مَا اَعْطَيْتَ هَنِيْئًا ؛ | 305 | اور ضرورت مندوں کو جو کچھ عطا کرو خوشی خوشی اور بڑے پیار سے دیا کرنا؛ |
| وَامْنَعْ فِیْ اِجْمَالٍ وَّاِعْذَارٍ ؛ | 306 | اور جو کچھ نہ دے سکو اُس کے لئے بھی بڑے حسین طریقے پر عذرات اور وجوہات بیان کرنا؛ |
| ثُمَّ اُمُوْرٌ مِّنْ اُمُوْرِکَ لَابُدَّلَکَ مِنْ مُبَاشَرَتِهَا : | 307 | پھر کچھ کام ایسے بھی ہیں جن کو تمہیں ذاتی طور پر انجام دینا لازم ہے؛ |
| مِنْهَا اِجَابَةُ عُمَّالِکَ بِمَا يَعْيَا عَنْهُ کُتَّابُکَ ؛ | 308 | مثلاً یہ کہ: حکام یا گورنروں کے اُن خطوط و مراسلات کا جواب دینا ہے جو محرروں کے قابو کے نہ ہوں (یا خفیہ ہوں)؛ |
| وَمِنْهَا اِصْدَارُ حَاجَاتِ النَّاسِ عِنْدَوُرُوْدِهَا عَلَيْکَ بِمَا تَحْرَجُ بِهٖ صُدُوْرُ اَعْوَانِکَ ؛ | 309 | اور یہ کہ جب تمہارے سامنے لوگوں کی حاجتیں پیش کی جائیں اور تمہارے متعلقہ عملہ کے لوگ اُن کو پوری کرنے میں حرج محسوس کریں؛ |
| وَاَمْضِ لِکُلِّ يَوْمٍ عَمَلَهٗ ؛ | 310 | اور چاہئے کہ ہر روز کا کام روزانہ مکمل کیا جاتا رہے؛ |
| فَاِنَّ لِکُلِّ يَوْمٍ مَّافِيْهِ ؛ | 311 | اس لئے کہ ہر دن اپنے ہی کام کے لئے مخصوص ہوتا ہے؛ |
| وَاجْعَلْ لِّنَفْسِکَ فِيْمَا بَيْنَکَ وَبَيْنَ اللّٰهِ اَفْضَلَ تِلْکَ | 312 | اور اپنی ذات کے لئے اپنے اور اللہ کے درمیان تمام اوقات میں سے کچھ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| الْمَوَاقِيت ؛ | | بہترین وقت مقرر کر لینا؛ |
| وَاجْزَلَ تِلْکَ الْاَقْسَامِ وَاِنْ کَانَتْ کُلُّهَا لِلّٰهِ اِذَا صَلُحَتْ فِيْهَا النِّيَّة ؛ | 313 | اور جو باقی اوقات میں پاکیزہ اور اطمینان کا وقت ہو، حالانکہ باقی تمام اوقات بھی اللہ ہی کے لئے اور اسی کی عبادت میں شمار ہوں گے بشرطیکہ نیت اصلاح کی رہے، |
| وَسَلِمَتْ مِنْهَا الرَّعِيَّة ؛ | 314 | اور رعیت کی سلامتی کے لئے صرف کئے جائیں؛ |
| وَلْيَكُنْ فِيْ خَاصَّةِ مَا تُخْلِصُ لِلّٰهِ بِهٖ دِيْنَکَ اِقَامَةُ فَرَائِضِهِ الَّتِيْ هِيَ لَهٗ خَاصَّةً ؛ | 315 | اُس مشغولیت کے دوران جس میں تم خلوص کے ساتھ اللہ کے لئے اپنے دینی فرائض ادا کرتے ہو اللہ کے اُن فرائض کے لئے بھی وقت نکالنا چاہئے جو خصوصیت سے اللہ کی ذات سے متعلق ہیں؛ |
| فَاَعْطِ اللّٰهَ مِنْ بَدَنِکَ فِيْ لَيْلِکَ وَنَهَارِکَ ؛ | 316 | لہٰذا تم اپنی راتوں اور اپنے دنوں میں سے اپنے بدن کی طاقت کا کچھ حصہ اللہ کے لئے سپرد کر دو؛ |
| وَوَفِّ مَاتَقَرَّبْتَ بِهٖ اِلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِکَ كَامِلاً غَيْرَ مَثْلُوْمٍ وَلَا مَنْقُوْصٍ ؛ | 317 | اور تقرب خداوندی کے لئے تم جو بھی عبادت کرو وہ ایسی ہو کہ نہ تو اُس میں کوئی خلل اندازی ہو اور نہ ہی اس میں کوئی نقص ہو؛ |
| بَالِغًا مِّنْ بَدَنِکَ مَابَلَغَ ؛ | 318 | خواہ ایسی عبادت کے لئے تمہارے بدن کو کتنی ہی زحمت اُٹھانا پڑے؛ |
| وَاِذَا قُمْتَ فِيْ صَلَاتِکَ لِلنَّاسِ فَلَا تَكُوْنَنَّ مُنَفِّرًا وَلَا مُضَيِّعًا ؛ | 319 | اور جب تم لوگوں کو نماز پڑھانے کیلئے کھڑے ہونا تو ایسی طویل نماز نہ پڑھانا کہ لوگوں کو نماز سے بیزار کر دو اور نہ ہی اتنی مختصر کہ نماز ہی ضائع ہو جائے |
| فَاِنَّ فِي النَّاسِ مَنْ بِهِ الْعِلَّةُ وَلَهُ الْحَاجَةُ ؛ | 320 | یقیناً نمازیوں میں بیمار لوگ بھی ہوں گے اور ایسے بھی جنہیں کوئی ضرورت درپیش ہوگی؛ |
| وَقَدْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ حِيْنَ وَجَّهَنِيْ اِلَى الْيَمَنِ كَيْفَ اُصَلِّيْ بِهِمْ؟ فَقَالَ : | 321 | اور جب مجھے یمن بھیجا گیا تو تھا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے دریافت کیا تھا کہ لوگوں کو کیسی نماز پڑھاؤں؟ فرمایا تھا کہ: |
| صَلِّ بِهِمْ كَصَلَاةِ اَضْعَفِهِمْ ؛ وَكُنْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا . | 322 | لوگوں کیساتھ ایسی نماز پڑھنا جو اُن میں سے سب سے ضعیف آدمی پڑھ سکتا ہو اور مومنین کے ساتھ ہمیشہ رحم و کرم برقرار رکھنا؛ |
| اَمَّا بَعْدُ هٰذَا فَلَا تُطَوِّلَنَّ احْتِجَابَکَ عَنْ رَعِيَّتِکَ ؛ | 323 | اِس کے بعد معلوم ہو کہ رعایا سے زیادہ عرصہ تک پردہ حجاب میں نہ رہنا؛ |
| فَاِنَّ احْتِجَابُ الْوُلَاةِ عَنْ رَعِيَّةٍ شُعْبَةٌ مِّنَ الضِّيْقِ ؛ | 324 | حقیقت یہ ہے کہ حکمران کا رعیت کی نظروں سے زیادہ عرصہ تک اُوجھل رہنا دلوں میں تنگی اور اُلجھن پیدا کرنے والا ایک پہلو ہے؛ |
| وَقِلَّةُ عِلْمٍ بِالْاُمُوْرِ ؛ | 325 | اور حالات و معاملات کے علم میں کمی کا سبب بنتا ہے؛ |
| وَالْاِحْتِجَابُ مِنْهُمْ يَقْطَعُ عَنْهُمْ عِلْمَ مَا احْتَجَبُوْا دُوْنَهٗ ؛ | 326 | اور اس روپوشی سے رعایا کو بھی اُن چیزوں کا اور معاملات کا علم نہیں ہونے |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | پاتا جواُن کومعلوم ہونا چاہئیں؛ |
| فَيَصْغُرُ عِنْدَهُمُ الْكَبِيْرُ ؛ | 327 | چنانچہ رعایا کو بڑے بڑے معاملات چھوٹے معلوم ہونے لگتے ہیں؛ |
| وَيَعْظُمُ الصَّغِيْرُ ؛ | 328 | اور چھوٹی اور غیر اہم چیزیں بڑی اور اہم لگنے لگتی ہیں؛ |
| وَيَقْبُحُ الْحَسَنُ ؛ | 329 | اور اُن کی نگاہ میں اچھی چیزیں بُری، |
| وَيَحْسُنُ الْقَبِيْحُ ؛ | 330 | اور بُری چیزیں اچھی معلوم ہونے لگتی ہیں؛ |
| وَيُشَابُ الْحَقُّ بِالْبَاطِلِ ؛ | 331 | اور حق باطل سے مل جایا کرتا ہے؛ |
| **وَاِنَّمَا الْوَالِیْ بَشَرٌ لَا يَعْرِفُ مَا تَوَارٰی عَنْهُ النَّاسُ بِهٖ مِنَ الْاُمُوْرِ ؛** | 332 | **اور اسکے سوا اور کیا ہے کہ ایک حکمران بھی تو بشر ہی ہوتا ہے۔ وہ ان باتوں اور معاملات کا علم نہیں رکھتا جو باتیں اور کام رعیت کے لوگ اُس سے چھپالیں؛** |
| وَلَيْسَتْ عَلَى الْحَقِّ سِمَاتٌ تُعْرَفُ بِهَا ضُرُوْبُ الصِّدْقِ مِنَ الْكَذِبِ ؛ | 333 | اور حق کے ماتھے پر کوئی نشانات نہیں ہوتے کہ جن کو دیکھ کر آدمی جھوٹ کے انبار میں سے حق کی قسموں کو الگ الگ کر کے پہچان لیا کرتا؛ |
| وَاِنَّمَا اَنْتَ اَحَدُ رَجُلَيْنِ : اِمَّا امْرُؤٌ سَخَتْ نَفْسُكَ بِالْبَذْلِ فِی الْحَقِّ فَفِيْمَ احْتِجَابُكَ مِنْ وَاجِبِ حَقٍّ تُعْطِيْهِ اَوْ فِعْلٍ كَرِيْمٍ تُسْدِيْهِ ؟ | 334 | اور یقیناً تم بھی دو (۲) ہی طرح کے بشر ہو سکتے ہو لہٰذا یا تو تم ایک ایسے شخص ہو کہ جو حق کو ادا کرنے میں کوشاں رہتا ہے ایسی صورت میں واجب حقوق کو ادا کرنے اور اچھے اچھے اور نیک کام کرنے والے کو رعیت سے چھپ کر رہنے کی کیا ضرورت ہے (یعنی پبلک کی نظر سے تمہیں غائب نہ رہنا چاہئے) |
| اَوْ مُبْتَلًی بِالْمَنْعِ فَمَا اَسْرَعَ كَفَّ النَّاسِ عَنْ مَسْاَلَتِكَ اِذَا اَيِسُوْا مِنْ بَذْلِكَ ؛ | 335 | یا تم دوسری قسم کے وہ شخص ہو سکتے ہو جس سے رعیت کو صاف صاف انکار کے سوا اور کچھ نہ ملتا ہو لہٰذا جب رعیت کے لوگ تم سے مایوس ہو جائیں گے تو خود ہی بہت جلد تم سے مانگنا چھوڑ دیں گے؛ |
| مَعَ اَنَّ اَكْثَرَ حَاجَاتِ النَّاسِ اِلَيْكَ مِمَّا لَا مَؤُوْنَةَ فِيْهِ عَلَيْكَ : | 336 | ساتھ ہی رعیت کے لوگوں کی اکثر ضرورتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں کچھ لینا دینا نہیں ہوا کرتا لہٰذا تم پر کوئی بار نہیں پڑتا ہے؛ |
| مِنْ شَكَاةِ مَظْلِمَةٍ اَوْ طَلَبِ اِنْصَافٍ فِیْ مُعَامَلَةٍ ؛ | 337 | جیسے کسی کی زیادتی یا ظلم کرنے کی شکایت یا کسی معاملے میں انصاف طلب کرنا (یعنی ایسا کنجوس حکمران بھی پبلک کی نظروں سے کیوں غائب رہے؟) |
| ثُمَّ اِنَّ لِلْوَالِیْ خَاصَّةً وَبِطَانَةً فِيْهِمُ اسْتِئْثَارٌ وَّتَطَاوُلٌ ؛ | 338 | پھر یہ کہ حکام کے ساتھ کچھ لوگ مخصوص اور سرچڑھے بھی لگ جایا کرتے ہیں اُن میں خودغرضی اور دست درازی کی عادت ہوا کرتی ہے؛ |
| وَقِلَّةُ اِنْصَافٍ فِیْ مُعَامَلَةٍ ؛ | 339 | اور اُن میں بے انصافی اور بدمعاملگی کرانیوالے لوگ بھی ہوا کرتے ہیں؛ |
| فَاحْسِمْ مَادَّةَ اُولٰئِكَ بِقَطْعِ اَسْبَابِ تِلْكَ الْاَحْوَالِ ؛ | 340 | چنانچہ تمہیں اُن حالات کے پیدا کرنے والے اسباب کو ختم کر دینا چاہئے تاکہ یہ ناپسندیدہ ماحول قائم ہی نہ ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَا تُقْطَعَنَّ لِاَحَدٍ مِنْ حَاشِيَتِكَ وَ حَامَّتِكَ قَطِيْعَةً ؛ | 341 | اور ساتھ ہی اپنے مشیروں، مصاحبوں اور قرابت داروں کو کوئی جاگیر نہ دینا؛ |
| وَلَا يَطْمَعَنَّ مِنْكَ فِيْ اِعْتِقَادِ عُقْدَةٍ تَضُرُّ بِمَنْ يَلِيْهَا مِنَ النَّاسِ فِيْ شِرْبٍ اَوْ عَمَلٍ مُشْتَرَكٍ يَحْمِلُوْنَ مَؤُوْنَتَهُ عَلٰى غَيْرِهِمْ ؛ فَيَكُوْنَ مَهْنَأُ ذٰلِكَ لَهُمْ دُوْنَكَ ؛ | 342 | اور اُنہیں تم سے کسی ایسی زمین پر قبضہ کر لینے کی توقع ہی نہ ہونا چاہئے جو آبپاشی یا کسی اور مشترکہ معاملے میں اُس کے آس پاس کے کاشت کاروں کے لئے نقصان کا سبب بن سکے اور یوں وہ اس کا بار دوسروں پر ڈال دیں، لہٰذا زمین سے فائدہ تو تجھے نہ پہنچے گا اور تیری وجہ سے عیاشی تیرے حاشیہ نشین اور قرابت دار کریں گے؛ |
| وَعَيْبُهُ عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؛ | 343 | اور اُس تمام برے عمل درآمد کی ذمہ داری اور برائی دنیا میں بھی تجھ پر ہوگی اور آخرت میں بھی (یعنی عیاشی اُنہوں نے کی اور باز پرس تم سے ہوگی)؛ |
| وَاَلْزِمِ الْحَقَّ مَنْ لَّزِمَهُ مِنَ الْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ ؛ | 344 | اور جس پر جو ذمہ داری عائد کرنا لازم ہو اُس کے ساتھ کوئی رعایت نہ کرنا خواہ وہ اپنا ہو یا بیگانہ ہو؛ |
| وَكُنْ فِيْ ذٰلِكَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا ؛ | 345 | اور اپنی عادلانہ جدوجہد پر صابر رہنا اور جانچ پڑتال جاری رکھنا؛ |
| وَاقِعًا ذٰلِكَ مِنْ قَرَابَتِكَ وَخَاصَّتِكَ حَيْثُ وَقَعَ ؛ | 346 | اور اس کی پرواہ نہ کرنا کہ اس جانچ پڑتال کی زَد تمہارے مخصوصین پر پڑتی ہے یا کسی قرابت دار پر؛ |
| وَابْتَغِ عَاقِبَتَهُ بِمَا يَثْقُلُ عَلَيْكَ مِنْهُ؛ | 347 | اور اس سخت عمل درآمد سے جو گرانی تمہیں محسوس ہو اس کو اپنی اچھی عاقبت کے خیال سے ہلکی کرتے رہنا؛ |
| فَاِنَّ مَغَبَّةَ ذٰلِكَ مَحْمُوْدَةٌ ؛ | 348 | اِس لئے کہ اُس کا انجام اور نتیجہ تمہارے حق میں قابل حمد و ثنا ہوگا؛ |
| وَاِنْ ظَنَّتِ الرَّعِيَّةُ بِكَ حَيْفًا فَاَصْحِرْ لَهُمْ بِعُذْرِكَ ؛ | 349 | اور اگر کبھی تمہاری رعیت کو تم پر ظلم و زیادتی کرنے کا گمان ہو جائے تو تم اپنے عذرات کو واضح طور پر اُن کے سامنے پیش کر دینا؛ |
| وَاعْدِلْ عَنْكَ ظُنُوْنَهُمْ بِاَصْحَارِكَ ؛ | 350 | اور اپنی وضاحتوں اور معقول عذرات سے اُن کے پیدا شدہ وہم و گمان کو تبدیل کرتے رہو؛ |
| فَاِنَّ فِيْ ذٰلِكَ رِيَاضَةً مِنْكَ لِنَفْسِكَ ؛ | 351 | یقیناً ایسے طرزِ عمل میں تمہاری ذاتی محنت ہوگی اور تمہیں تربیت کا موقع ملے گا؛ |
| وَرِفْقًا بِرَعِيَّتِكَ ؛ | 352 | اور رعیت کے لئے یہ طریقہ نرمی اور محبت کو ثابت کرے گا؛ |
| وَاِعْذَارًا تَبْلُغُ بِهٖ حَاجَتَكَ مِنْ تَقْوِيْمِهِمْ عَلَى الْحَقِّ ؛ | 353 | اور اعتراضات کا جواب عذرات کے ساتھ پیش کرتے رہنے سے رعیت کو حق پر قائم کرنے کی تمہاری ضرورت بھی پوری ہو جائے گی؛ |
| وَلَاتَدْفَعَنَّ صُلْحًا دَعَاكَ اِلَيْهِ عَدُوُّكَ لِلّٰهِ فِيْهِ رِضًى؛ | 354 | اور صلح کی اُس پیش کش کو ہرگز نہ ٹھکرانا جو تمہارا دشمن پیش کرے اور جس میں اللہ کی خوشنودی بھی حاصل ہوتی ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّ فِی الصُّلْحِ دَعَةً لِّجُنُوْدِکَ ؛ | 355 | اِس لئے کہ صلح کرنے میں تمہاری فوجوں کے لئے آرام وراحت پوشیدہ ہے؛ |
| وَرَاحَةً مِنْ هُمُوْمِکَ ؛ | 356 | اور خود تیرے لئے تیرے بہت سے فکروں و اندیشوں اور غموں سے راحت ملے گی؛ |
| وَاَمْنًا لِبِلَادِکَ ؛ | 357 | اور تیرے شہروں کیلئے امن ملے گا؛ |
| وَلٰکِنِ الْحَذَرَ کُلَّ الْحَذَرِ مِنْ عَدُوِّکَ بَعْدَ صُلْحِهٖ ؛ | 358 | ولیکن صلح کے بعد دشمن کی نقل وحرکت پر نظر رکھو، اور پوری پوری احتیاط کرتے رہو |
| فَاِنَّ الْعَدُوَّ رُبَّمَا قَارَبَ لِيَتَغَفَّلَ ؛ | 359 | کیونکہ کبھی کبھی دشمن اس لئے تم سے قربت و اعتماد چاہتا ہے تا کہ وہ تمہاری غفلت سے فائدہ اُٹھائے؛ |
| | 360 | لہٰذا ہر وقت محتاط اور چوکنا رہو اور اس سلسلے میں حسن ظن پر عمل نہ کرو؛ |
| فَخُذْ بِالْحَزْمِ وَاتَّهِمْ فِیْ ذٰلِکَ حُسْنَ الظَّنِّ ؛ | 361 | اور اگر تم اپنے اور دشمن کے درمیان کوئی معاہدہ کرو یا اُسے اپنی تحویل وذمہ داری |
| وَاِنْ عَقَدْتَ بَيْنَکَ وَبَيْنَ عَدُوِّکَ عُقْدَةً اَوْ اَلْبَسْتَهٗ مِنْکَ ذِمَّةً فَحُطْ عَهْدَکَ بِالْوَفَآءِ ؛ | 362 | میں لے لو تو اپنے معاہدہ کو وفاداری سے بجالاؤ؛ اور اپنی ذمہ داری کی امانت کے ساتھ پوری پوری رعایت کرو؛ |
| وَارْعَ ذِمَّتَکَ بِالْاَمَانَةِ ؛ | 363 | اور جو کچھ اس سلسلے میں دے چکے ہو اس کے علاوہ اپنی جان کو بھی معاہدوں |
| وَاجْعَلْ نَفْسَکَ جُنَّةً دُوْنَ مَا اَعْطَيْتَ ؛ | | اور ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے سپر بنادو؛ |
| فَاِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ شَیْءٌ النَّاسُ اَشَدُّ عَلَيْهِ اجْتِمَاعًا مَعَ تَفَرُّقِ اَهْوَائِهِمْ وَتَشَتُّتِ آرَائِهِمْ مِنْ تَعْظِيْمِ الْوَفَآءِ بِالْعُهُوْدِ ؛ | 364 | اس لئے کہ ایفائے عہد اللہ کے فرائض میں سے ہے اور اللہ کے فرائض میں سے کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ جس کی اہمیت پر سارے انسان، مختلف رائے اور متفرق نظریات اور مصلحتوں کے باوجود، ہم زبان اور متفق رہے ہوں جیسا کہ معاہدوں کی تعظیم اور وفا کرنے پر متفق چلے آرہے ہیں؛ |
| وَقَدْ لَزِمَ ذٰلِکَ الْمُشْرِکُوْنَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ دُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ لِمَا اسْتَوْبَلُوْا مِنْ عَوَاقِبِ الْغَدْرِ | 365 | مسلمانوں کے علاوہ مشرکوں تک نے اپنے درمیان معاہدوں کی پابندی کی ہے اسلئے کہ عہد شکنی کے نتیجے میں اُنہوں نے تباہیوں کا اندازہ اور تجربہ کر رکھا تھا؛ |
| فَلَا تَغْدِرَنَّ بِذِمَّتِکَ ؛ | 366 | لہٰذا اپنے فیصلوں اور ذمہ داریوں میں غداری نہ کرنا؛ |
| وَلَا تَخِيْسَنَّ بِعَهْدِکَ ؛ | 367 | اور اپنے معاہدوں میں بدعہدی نہ کرنا؛ |
| وَلَا تَخْتِلَنَّ عَدُوَّکَ ؛ | 368 | اور اپنے دشمن پر اچانک حملہ نہ کرنا؛ |
| فَاِنَّهٗ لَا يَجْتَرِیُٔ عَلَی اللّٰهِ اِلَّا جَاهِلٌ شَقِیٌّ ؛ | 369 | کیونکہ کسی جاہل اور بدبخت کے سوا اور کوئی شخص اللہ کے خلاف جرأت نہیں کرسکتا ہے؛ |
| وَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ عَهْدَهٗ وَذِمَّتَهٗ اَمْنًا اَفْضَاهُ بَيْنَ الْعِبَادِ بِرَحْمَتِهٖ ؛ | 370 | اور اللہ نے عہد و پیمان کی پابندی کو اَمن کا پیغام قرار دیا ہے اور جسے اپنی رحمت سے اپنے بندوں میں عام کر دیا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَحَرِيْمًا يَّسْكُنُوْنَ اِلٰى مَنَعَتِهٖ ؛ | 371 | اور ایسی پناہ گاہ بنایا ہے جس کی حفاظت میں وہ سکونت اختیار کرتے ہیں؛ |
| وَيَسْتَفِيْضُوْنَ اِلٰى جَوَارِهٖ؛ | 372 | اور جس کے پڑوس میں فیض یاب ہونے کے لئے رہتے ہیں؛ |
| فَلَا اِدْغَالَ وَلَامُدَالَسَةَ وَلَاخِدَاعَ فِيْهِ ؛ | 373 | لہٰذا اس میں کوئی فریب کاری اور مکاری اور ہاتھ کی صفائی نہ ہونا چاہئے؛ |
| وَلَا تَعْقِدْ عَقْدًا تُجَوِّزُ فِيْهِ الْعِلَلُ ؛ | 374 | اور ایسا کوئی معاہدہ کرنا ہی نہیں چاہئے جس میں بات بدلنے کا امکان ہو؛ |
| وَلَا تُعَوِّلَنَّ عَلٰى لَحْنِ قَوْلٍ بَعْدَ التَّاكِيْدِ وَالتَّوْثِقَةِ ؛ | 375 | اور جب کوئی معاہدہ پختہ ہو کر توثیق کرالے تو تاکید اور توثیق کے بعد اُس کے الفاظ کے معنی کا رخ بدل کر استفادہ نہ کرو؛ |
| وَلَا يَدْعُوَنَّكَ ضِيْقُ اَمْرٍ لَزِمَكَ فِيْهِ عَهْدُ اللّٰهِ اِلٰى طَلَبِ انْفِسَاخِهٖ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؛ | 376 | اور اللہ کے عہد و پیمان میں کسی دشواری یا گرانی کے محسوس ہونے پر تمہیں یہ نہ چاہئے کہ تم باطل طریقوں سے اُسے منسوخ کرانے کی کوشش میں لگ جاؤ تاکہ اس سے جان چھڑا سکو؛ |
| فَاِنَّ صَبْرَكَ عَلٰى ضِيْقِ اَمْرٍ تَرْجُوْ انْفِرَاجَهٗ وَفَضْلَ عَاقِبَتِهٖ خَيْرٌ مِّنْ غَدْرٍ تَخَافُ تَبِعَتَهٗ ؛ | 377 | اس لئے کہ اُس گرانی یا دشواری کو صبر و ہمت سے برداشت کر جانا جس سے انجام بخیر ہونے اور سہولت ملنے کی اُمید ہو اُس بدعہدی اور غداری سے بہتر ہے جس میں تمہیں اللہ کے سامنے ماخوذ ہونے کا خوف ہو؛ |
| وَاَنْ تُحِيْطَ بِكَ مِنَ اللّٰهِ فِيْهِ طِلْبَةٌ لَا تَسْتَقِيْلُ فِيْهَا دُنْيَاكَ وَلَا آخِرَتَكَ ؛ | 378 | اور یہ کہ تجھے یہ اندیشہ ہو کہ اللہ اس بدعہدی پر تجھے اس طرح گھیر لے گا کہ تیری دنیا بھی تباہ ہو جائے گی اور آخرت میں بھی بخشش نہ ہو سکے گی؛ |
| اِيَّاكَ وَالدِّمَآءَ وَسَفْكَهَا بِغَيْرِ حِلِّهَا ؛ | 379 | خبردار ناحق کی خون ریزی سے بچتے رہنا؛ |
| فَاِنَّهٗ لَيْسَ شَيْءٌ اَدْعٰى لِنَقْمَةٍ ؛ | 380 | خون ریزی عذاب الٰہی کیلئے سب چیزوں سے زیادہ قریب کرنیوالی ہے؛ |
| وَلَا اَعْظَمَ لِتَبِعَةٍ ؛ | 381 | اور باز پرس میں سب سے بڑی ہے؛ |
| وَلَا اَحْرٰى بِزَوَالِ نِعْمَةٍ ؛ | 382 | اور نعمتوں کے زوال میں کارگر ہے؛ |
| وَانْقِطَاعِ مُدَّةٍ مِنْ سَفْكِ الدِّمَآءِ بِغَيْرِ حَقِّهَا ؛ | 383 | اور زندگی اور عمر کے خاتمے کا سبب ناحق کی خونریزی سے زیادہ اور کوئی نہیں ہے؛ |
| وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ مُبْتَدِئٌ بِالْحُكْمِ بَيْنَ الْعِبَادِ فِيْمَا تَسَافَكُوْا مِنَ الدِّمَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؛ | 384 | اور یہ سمجھ لو کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ جو فیصلے سب سے پہلے شروع کرے گا وہ بندوں کے درمیان ناحق خون ریزی کے ہوں گے؛ |
| فَلَا تُقَوِّيَنَّ سُلْطَانَكَ بِسَفْكِ دَمٍ حَرَامٍ ؛ | 385 | لہٰذا ناحق خون ریزیوں سے اپنے اقتدار کو مضبوط کرنیکی کوشش کبھی نہ کرنا؛ |
| فَاِنَّ ذٰلِكَ مِمَّا يُضْعِفُهٗ وَيُوْهِنُهٗ بَلْ يَزِيْلُهٗ وَيَنْقُلُهٗ ؛ | 386 | کیونکہ خون ریزی اقتدار کو کمزور اور ہلکا کر دیتی ہے، بلکہ اس کو زائل کر کے دوسروں کو منتقل کر دینے والی ہے؛ |
| وَلَا عُذْرَ لَكَ عِنْدَ اللّٰهِ وَلَا عِنْدِيْ فِيْ قَتْلِ الْعَمْدِ ؛ | 387 | جان بوجھ کر ناحق قتل کا عذر نہ اللہ کو قبول ہے اور نہ میرے نزدیک قابل قبول ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| لِاَنَّ فِیْهِ قَوَدَ الْبَدَنِ ؛ | 388 | یہ اس لئے کہ قتل عمد میں قصاص لینا لازم ہے، |
| وَاِنِ ابْتُلِیْتَ بِخَطَاءٍ وَاَفْرَطَ عَلَیْکَ سَوْطُکَ اَوْسَیْفُکَ اَوْیَدُکَ بِالْعُقُوْبَةِ ؛ | 389 | اور اگر تم غلطی سے قتل کر بیٹھو اور سزا دینے میں تمہارا کوڑا یا تلوار یا ہاتھ حد سے بڑھ جائے، |
| فَاِنَّ فِی الْوَکَزَةِ فَمَا فَوْقَهَا مَقْتَلَةً ؛ | 390 | اِس لئے کہ کبھی کبھی گھونسا مارنا یا اس سے بھی چھوٹی ضرب ہلاکت کا سبب بن جایا کرتی ہے۔ تب: |
| فَلَا تَطْمَحَنَّ بِکَ نَخْوَةُ سُلْطَانِکَ عَنْ اَنْ تُؤَدِّیَ اِلٰی اَوْلِیَآءِ الْمَقْتُوْلِ حَقَّهُمْ ؛ | 391 | ایسی صورت میں تمہیں مقتول کا خوں بہا اُس کے وارثوں کو پہنچانے میں تمہاری حکمرانی کا نخرہ روکنے نہ پائے؛ |
| وَاِیَّاکَ وَالْاِعْجَابَ بِنَفْسِکَ ؛ | 392 | اور خبردار خود پسندی اور غرور سے بچتے رہنا؛ |
| وَالثِّقَةَ بِمَا یُعْجِبُکَ مِنْهَا وَحُبَّ الْاِطْرَاءِ ؛ | 393 | اور اپنی جو باتیں اچھی لگتی ہوں اُن پر پھول نہ جانا اور نہ لوگوں کے بڑھا چڑھا کر سراہنے کو پسند کرنا؛ |
| فَاِنَّ ذٰلِکَ مِنْ اَوْثَقِ فُرَصِ الشَّیْطَانِ فِیْ نَفْسِهٖ لِیَمْحَقَ مَا یَکُوْنُ مِنْ اِحْسَانِ الْمُحْسِنِیْنَ. | 394 | اس لئے کہ شیطان جن مواقع کی تلاش میں رہا کرتا ہے اُن مواقع میں سے یہ سب سے زیادہ بھروسے کا موقع ہے کہ وہ انسان کو گمراہ کرے اور نیکوکاروں کی تمام نیکیوں کو برباد کر کے رکھ دے؛ |
| وَاِیَّاکَ وَالْمَنَّ عَلٰی رَعِیَّتِکَ بِاِحْسَانِکَ ؛ | 395 | اور خبردار رعیت کے ساتھ احسان کر کے کبھی نہ جتلانا؛ |
| اَوِ التَّزَیُّدَ فِیْمَا کَانَ مِنْ فِعْلِکَ ؛ | 396 | یا اپنے حسن سلوک کو کبھی زیادہ نہ سمجھ بیٹھنا؛ |
| اَوْ اَنْ تَعِدَهُمْ فَتُتْبِعَ مَوْعِدَکَ بِخُلْفِکَ ؛ | 397 | یا جب رعیت سے وعدہ کر لو تو وعدہ کرنے کے بعد اُن سے وعدہ خلافی نہ کرنا؛ |
| فَاِنَّ الْمَنَّ یُبْطِلُ الْاِحْسَانَ ؛ | 398 | لہٰذا احسان جتلانا احسان اور نیکی کو ضائع کر دیا کرتا ہے؛ |
| وَالتَّزَیُّدُ یَذْهَبُ بِنُوْرِ الْحَقِّ ؛ | 399 | اور اپنی بھلائی کو زیادہ سمجھ لینا حق کی روشنی سے محروم کر دیا کرتا ہے؛ |
| وَالْخُلْفُ یُوْجِبُ الْمَقْتَ عِنْدَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ ؛ | 400 | اور وعدہ خلافی سے اللہ بھی خفا ہوتا ہے اور بندے بھی ناراض ہوتے ہیں؛ |
| قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی "کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَالَا تَفْعَلُوْنَ (الصف 61/3) | 401 | اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ: ''خدا کے نزدیک زیادہ ناراضگی کی بات یہ ہے کہ تم جو کہو اُسے کرو نہیں'' (61/3) |
| وَاِیَّاکَ وَالْعَجَلَةَ بِالْاُمُوْرِ قَبْلَ اَوَانِهَا ؛ | 402 | اور خبردار وقت سے پہلے کسی کام میں جلد بازی نہ کیا کرو؛ |
| اَوِ التَّسَاقُطَ فِیْهَا عِنْدَ اِمْکَانِهَا ؛ | 403 | یا یہ کہ جس کام کے کر سکنے کا امکان ہو اُسے خواہ مخواہ ساقط نہ کر دیا کرو؛ |
| اَوِ اللَّجَاجَةِ فِیْهَا اِذَا تَنَکَّرَتْ ؛ | 404 | یا یہ کہ جب کام مشکل و ناپسندیدہ ہو تو عاجزی نہ کیا کرو؛ |
| اَوِ الْوَهْنَ عَنْهَا اِذَا اسْتَوْضَحَتْ ؛ | 405 | اور جب بات واضح ہو تو سستی نہ کیا کرو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَضَعْ كُلَّ اَمْرٍ مَوْضِعَهُ ؛ | 406 | مطلب یہ ہے کہ ہر بات اور کام کو اُس کے ٹھیک مقام پر کیا کرو؛ |
| وَاَوْقِعْ كُلَّ عَمَلٍ مَوْقِعَهُ ؛ | 407 | اور ہر عمل کو اس کے صحیح موقع پر انجام دو؛ |
| وَاِيَّاكَ وَالْاِسْتِئْثَارَ بِمَا النَّاسُ فِيْهِ اُسْوَةٌ ؛ | 408 | اور خبردار جن چیزوں میں سب کا حق برابر ہوا کرے اُن کو اپنے لئے مخصوص نہ کر لینا؛ |
| وَالتَّغَابِيَ عَمَّا يُعْنَىٰ بِهٖ مِمَّا قَدْوَضَحَ لِلْعُيُوْنِ ؛ | 409 | وہ حقوق جو نظروں کے سامنے واضح طور پر موجود ہیں اُن کے ادا کرنے میں غفلت نہ برتنا؛ |
| فَاِنَّهُ مَاخُوْذٌ مِّنْكَ لِغَيْرِكَ ؛ | 410 | کیونکہ لوگوں کے حقوق ادا کرنے کی ذمہ داری تم پر عائد ہوتی ہے نہ کہ اوروں پر؛ |
| وَعَمَّا قَلِيْلٍ تَنْكَشِفُ ؛ عَنْكَ اَغْطِيَةُ الْاُمُوْرِ ؛ | 411 | اور مستقبل قریب میں تمام معاملات پر سے پردہ ہٹا دیا جانے والا ہے؛ |
| وَيُنْتَصَفُ مِنْكَ لِلْمَظْلُوْمِ ؛ | 412 | اور تم سے مظلوم کے لئے باز پرس اور دادخواہی کی جائے گی؛ |
| اَمْلِكْ حَمِيَّةَ اَنْفِكَ ؛ | 413 | غیظ و غضب پر قابو حاصل کرو، |
| وَسَوْرَةَ حَدِّكَ . | 414 | اور سرکشی کے جوش کو دبا کر رکھو؛ |
| وَسَطْوَةَ يَدِكَ ؛ | 415 | ہاتھ کے اُٹھنے اور زیادتی کرنے کو روکو؛ |
| وَغَرْبَ لِسَانِكَ ؛ | 416 | اور زبان کی تیزی کو سنبھالو؛ |
| وَاحْتَرِسْ مِنْ كُلِّ ذٰلِكَ بِكَفِّ الْبَادِرَةِ ؛ | 417 | اور اُن تمام چیزوں پر تسلط کیلئے ضروری ہے کہ جلد بازی کے اقدام سے بچو؛ |
| وَالتَّاخِيْرِ السَّطْوَةِ حَتّٰى يَسْكُنَ غَضَبُكَ فَتَمْلِكَ الْاِخْتِيَارَ ؛ | 418 | سزا دینے کے لئے قوت کے استعمال کو اس وقت تک تاخیر دو جب تک تمہارا غصہ ٹھنڈا نہ ہو جائے اور تم اپنے اوپر اختیار حاصل نہ کر لو؛ |
| وَلَنْ تَحْكُمَ ذٰلِكَ مِنْ نَّفْسِكَ حَتّٰى تُكْثِرَ هُمُوْمَكَ بِذِكْرِ الْمَعَادِ اِلٰى رَبِّكَ ؛ | 419 | اور تم اپنی ذات پر اُس وقت تک حکمرانی نہیں کر سکتے جب تک تم کثرت سے اپنے پروردگار کا ذکر اور قیامت میں باز پرس کے خوف کا تصور نہ کرتے رہو؛ |
| وَالْوَاجِبُ عَلَيْكَ اَنْ تَتَذَكَّرَ مَامَضٰى لِمَنْ تَقَدَّمَكَ مِنْ حُكُوْمَةٍ عَادِلَةٍ ؛ | 420 | اور تم پر واجب ہے کہ تم گذشتہ چیزوں کو یاد رکھو جو تم سے پہلے عادل حکومت کی صورت میں گزر چکی ہیں؛ |
| اَوْسُنَّةٍ فَاضِلَةٍ ؛ | 421 | یا کوئی فاضل سنت اور طریقہ جاری رہا ہے؛ |
| اَوْ اَثَرٍ عَنْ نَبِيِّنَا .صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ ؛ | 422 | یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے آثار سامنے رکھو؛ |
| اَوْ فَرِيْضَةٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ ؛ | 423 | یا کتاب اللہ میں لکھا ہوا کوئی فریضہ پیش نظر رکھو؛ |
| فَتَقْتَدِيَ بِمَا شَاهَدْتَ مِمَّا عَمِلْنَا بِهٖ فِيْهَا ؛ | 424 | چنانچہ تم اُن چیزوں کی پیروی کرتے رہو جن پر عمل کرتے ہوئے تم نے ہمیں دیکھا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَتَجْتَهِدَ لِنَفْسِكَ فِي اتِّبَاعِ مَاعَهِدْتُ اِلَيْكَ فِيْ عَهْدِيْ هٰذَا؛ | 425 | اور ان ہدایات پر عمل کرتے رہنا جو میں نے اپنے اس عہدنامے میں تمہارے لئے لکھ دی ہیں؛ |
| وَاسْتَوْثَقْتُ بِهٖ مِنَ الْحُجَّةِ لِنَفْسِيْ عَلَيْكَ لِكَيْلَا تَكُوْنَ لَكَ عِلَّةٌ عِنْدَ تَسَرُّعِ نَفْسِكَ اِلٰى هَوَاهَا ؛ | 426 | اور جن ھدایات کے ذریعہ سے میں نے تم پر اپنی حجت قائم کردی ہے تاکہ جب تمہارا نفس اپنی خواہشات کی طرف بڑھے تو تمہارے پاس کوئی عذر اور روک موجود ہو؛ |
| فَلَنْ يَّعْصِمَ مِنَ السُّوْءِ وَلَا يُوَفِّقُ لِلْخَيْرِ اِلَّا اللّٰهُ تَعَالٰى؛ | 427 | اللہ تعالی کی مدد کے بغیر نہ کوئی شخص برائی سے معصوم ہوسکتا ہے اور نہ اسے عمل خیر کی توفیق مل سکتی ہے؛ |
| وَقَدْ كَانَ فِيْمَا عَهِدَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ . فِيْ وَصَايَاهُ تَحْضِيْضٌ عَلَى الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَمَا مَلَكَتْهُ اَيْمَانُكُمْ ؛ | 428 | اور یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے اپنی وصیتوں میں جو عہد مجھ سے لیا تھا اُس میں مجھے نماز اور زکوٰۃ اور دو داھنے ہاتھوں کے معاہدہ والوں سے مہربانی کرتے رہنے کی ترغیب اور سفارش فرمائی تھی؛ |
| فَبِذٰلِكَ اخْتِمْ لَكَ بِمَا عَهِدْتُ، وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؛ | 429 | چنانچہ میں بھی اپنے عہد نامہ کو حضورؐ کی اُن ہی ہدایات اور تاکیدات پر ختم کرتا ہوں۔ بڑے بزرگ علی اللہ کے سوا نہ کسی اور کو قابو میں رکھنے کی قدرت حاصل ہے نہ قوت حاصل ہے؛ (یعنی پوری کائنات پر احاطہ رکھنے کی اور کائنات کی ہر مخلوق کو قوت وقدرت دینے کی اللہ کے سوا کسی میں گنجائش نہیں ہے ) |
| وَاَنَا اَسْاَلُ اللّٰهَ بِسَعَةِ رَحْمَتِهٖ وَعَظِيْمِ قُدْرَتِهٖ عَلٰى اِعْطَآءِ كُلِّ رَغْبَةٍ اَنْ يُّوَفِّقَنِيْ وَاِيَّاكَ لِمَافِيْهِ رِضَاهُ مِنَ الْاِقَامَةِ عَلَى الْعُذْرِ الْوَاضِحِ اِلَيْهِ وَاِلٰى خَلْقِهٖ ؛ | 430 | اور میں اللہ سے اس کی وسیع رحمت اور ہر حاجت کے پورا کرنے پر عظیم قدرت کا واسطہ دے کر اُس سے دعا کرتا ہوں کہ وہ مجھے اور تمہیں اس کی توفیق بخشے جس میں اُس کی رضامندی ہے کہ ہم اللہ کے سامنے اور اُس کے بندوں کے سامنے ایک کھلا ہوا عذر قائم کر کے سرخرو ہوں؛ اور |
| مَعَ حُسْنِ الثَّنَآءِ فِي الْعِبَادِ ؛ | 431 | ساتھ ہی بندوں میں نیک نامی حاصل کرسکیں؛ |
| وَجَمِيْلِ الْاَثَرِ فِي الْبِلَادِ ؛ وَتَمَامِ النِّعْمَةِ وَتَضْعِيْفِ الْكَرَامَةِ ؛ | 432 | اور ملک کے شہروں میں اچھے تاثرات قائم کرسکیں۔ اور اللہ کی نعمتوں میں فراوانی ملتی رہے اور روز افزوں عزت کو قائم کرسکیں؛ |
| وَاَنْ يَّخْتِمَ لِيْ وَلَكَ بِالسَّعَادَةِ وَالشَّهَادَةِ ؛ | 433 | اور یہ کہ میرے اور تمہارے لئے اللہ کی طرف سے سعادت اور شھادت پر خاتمہ فراہم ہوجائے؛ |
| اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ . | 434 | یقیناً ہم اللہ کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ |
| وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ۔ | 435 | اور سلام پیش کرتا ہوں رسولؐ اللہ پر، اللہ اُن پر اور اُن کی پاک و پاکیزہ آلؑ پر درود بھیجتا رہے۔ (والسلام) |

Presented by Ziaraat.Com

## انقلابی تشریح:۔

''شانِ نزول'' کا مطلب یہ بتایا گیا ہے اور یہی آج تک سمجھا جاتا رہا ہے کہ ''وہ حالات کیا تھے جن میں قرآن کریم کی کوئی آیت نازل ہوتی تھی؟ شانِ نزول سے اُس ماحول کا پتہ لگانا مقصود تھا جن کی وجہ سے قرآن نازل ہوتا رہا تھا اگر یہ کام دیانت کے ساتھ کیا جاتا تو پورے قرآن کا ماحول سامنے آسکتا تھا اور ہر آیت کے نازل ہونے کی وجہ یا اسباب معلوم ہو سکتے تھے۔لیکن مکی سرداروں نے **شانِ نزول** کی آڑ میں قرآن کریم کو مہجور کرنے (25/30) کی پالیسی اور قرآن کے جھٹلانے (6/66) کے منصوبے کو چھپا دیا۔یعنی قرآن کے غلط استعمال کو مکمل کر لیا۔اور قرآنی تعلیمات کو اپنی حکومت کی پالیسیوں اور بدکرداریوں پر فٹ کر کے ایک نیا اسلام جاری کر دیا جو آج تک جاری چلا آرہا ہے۔

### شانِ نزول کی ذیل میں غلط بیانی اور افسانوں سے تعلیماتِ قرآن کو بدلا گیا پرویز کی ایک مثال

ہوا یہ کہ ایک واقعہ یا افسانہ تیار کیا گیا اور آیت یا آیات کو اس پر چسپاں یا فٹ کر دیا گیا۔لہٰذا وہ واقعہ یا افسانہ اُس آیت یا اُن آیات کا ''**شانِ نزول**'' بن گیا۔پھر اس واقعہ یا افسانے کو کتابوں میں جگہ جگہ لکھ دیا گیا یوں قرآن کا مفہوم وہی ماننا پڑا جو مذکورہ واقعہ یا افسانے میں گھڑا گیا تھا۔

### علامہ پرویز سے شانِ نزول کی شکایت سن لینا چاہئے

بہرحال جب تک قریش اور قریشی حکومتوں کے تیار کردہ شانِ نزول کو غلط ثابت نہ کر دیا جائے قرآن کی صحیح اور فطری پوزیشن سامنے نہیں آسکتی۔بہرحال اس شانِ نزول کی کرامات کو سمجھنے کے لئے علامہ پرویز کی کتاب مقامِ حدیث جلد دوم سے اُن کا بیان سنئے فرماتے ہیں کہ:۔

### ابوبکر و علیؑ شانِ نزول کا سبب بنے

''(۴) بدقسمتی سے مسلمانوں میں عہدِ صحابہ ہی سے ابوبکر و علیؑ کے جھگڑے پیدا ہو گئے تھے جس کی وجہ سے اشخاص کے مناقب قرآنی آیات سے بھی نکالنے کی کوشش ہونے لگی تھی۔چنانچہ بہت سی آیتوں کی تفسیر ایسی روایتوں کے ذریعہ سے کی گئی ہے جن سے **معتقدعلیہ شخصیتوں** کے فضائل ثابت ہوں۔سورہ حج میں ہے:۔**اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَالَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۔ هٰذَانِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِي رَبِّهِمْ** (22/18-19)

### علامہ پرویز کا ترجمہ:۔

''کیا تو نے نہیں دیکھا کہ جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں وہ اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جاندار اور بہت سے آدمی (بھی سجدہ کرتے ہیں مگر اس کے باوجود) اور بہت سے لوگوں پر عذاب کا فیصلہ ہو چکا ہے۔اور جس کو اللہ ذلیل کرے اُس کو کوئی عزت دینے والا نہیں ہے۔اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔یہ دو فریق ہیں (سجدہ کرنے والے اور نہ کرنیوالے) جنہوں نے اپنے رب کے بارے میں جھگڑا کیا ہے۔'' (صفحہ 18-17)

''آیت میں ''**هٰذَان**'' کا مشارٌ الیہ (جن کی طرف اشارہ ہوا ہے) موجود ہے کہ بنی نوع انسان میں بہت سے ایسے ہیں جو اپنے رب کو سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے نہیں کرتے۔یہ دو فریق ہیں کہ اُن میں باہمی نزاع رب کے بارے میں ہے مگر (تفسیری) روایت یہ کہتی ہے کہ:۔

Presented by Ziaraat.Com

''یہ آیت جنگ بدر میں حضرت علیؑ اور حمزہؓ اور عبیدہ کے متعلق نازل ہوئی ہے جو شیبہ اور عتبہ اور ولید کے مقابلے کے لئے گئے تھے۔''

مشکل یہ ہے کہ سورہ حج مکی ہے اور جنگ بدر مدینہ میں ہوئی تھی۔اس لئے (روایت میں مذکور) یہ شانِ نزول کیسے ہوسکتا ہے؟لیکن چونکہ یہ (مذکورہ بالا) روایت بخاری میں ہے اس وجہ سے علامہ جلال الدین سیوطی کو ''**ھٰذٰان**'' سے تین آیتوں کو اور کتاب جامع البیان میں چھ آیتوں کو مدنی قرار دینا پڑا۔اور متاخرین نے پورے سورہ حج کو مدنی کہہ دیا چنانچہ سورہ حج کو مدنی ہی لکھا جاتا ہے۔بالفرض اگر یہ آیات مدنی بھی ہوں تو قرآن سے عدول کرنا (مخالفت کرنا) کس طرح جائز ہوسکتا ہے جب کہ وہاں **ھٰذٰان** کا مشارٌ الیہ خود مذکور ہے۔''(مقام حدیث جلد 2 صفحہ 17 تا 19)

ہم پرویز سے متفق ہیں کہ مذکورہ شان نزول غلط اور گھڑا ہوا ہے۔ہم یہ نہیں مانتے کہ سورہ حج مکی ہے مدنی نہیں ہے اس لئے کہ یہ کہنا خود شان نزول ہی میں داخل ہوتا ہے اور ہم قرآن کریم کا 23 سال میں نازل ہونا قرآنی دلائل سے بھی نہیں مانتے بلکہ پوری کتاب کا ہر وقت موجود ہونا مانتے ہیں۔ تلاوت کرنا، سنانا اور بات ہے اور نازل ہونا دوسری بات ہے۔بہرحال یہاں **شانِ نزول** واضح ہوگیا۔اسی طرح افسانے اور قصے لکھ کر اور معتبر کتابوں میں درج کر کے قرآن کا رخ موڑا گیا ہے۔ہم قرآن کی اُسی تفسیر کو صحیح مانتے ہیں جو قرآن کے الفاظ میں یا معصومین علیہم السلام کے الفاظ میں ہو۔

## علامہ پرویز کے قلم سے ایک اور شانِ نزول

ضرورت تو نہیں ہے مگر پرویز کے قلم سے ایک اور شان نزول دیکھ لیں۔جس سے ایک حق واضح ہوگا۔گو ہم نہ نزول کو اور نہ شان نزول کو مانتے ہیں۔بہرحال مسلسل نمبر دے کر لکھتے ہیں کہ:۔

''(۵) **كَمَا بَدَأْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهٗ** کے تحت میں صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری اُمت کے کچھ لوگ لائے جائیں گے جن کو فرشتے بائیں جانب لے جائیں گے (یعنی جہنم میں) میں کہوں گا کہ اَے میرے رب یہ تو میرے اصحاب ہیں۔ جواب ملے گا تم نہیں جانتے کہ تمہارے بعد اُنہوں نے کیا کچھ کیا،تب میں وہی وہی کہوں گا جو نیک بندے (عیسیٰؑ) نے کہا تھا کہ میں جب تک اِن میں رہا اُن کا نگران تھا۔جواب ملے گا کہ جب سے تم نے اُن کو چھوڑا یہ برابر مرتد رہے۔''(صفحہ 19)

چونکہ بخاری شریف کی اس روایت سے ان کے تمام مسلمہ بزرگ مرتد اور جہنمی ثابت ہوتے ہیں اس لئے کوئی ثبوت ہو یا نہ ہو پرویز اس روایت اور **شانِ نزول** کو نہیں مانتے حالانکہ اہل سنت کی مقدس ترین اور معتبر ترین کتاب میں لکھا ہوا ہے جو قرآن کے برابر کی کتاب مانی جاتی ہے۔ بہرحال یہ تھا شانِ نزول اور اس کا اثر جس سے جنتی اور جہنمی بنادئے جاتے ہیں۔

## شانِ نزول گھڑ گھڑ کر قرآن ہی کو تباہ نہیں کیا گیا بلکہ یہ حربہ اور ہتھیار نہج البلاغہ پر بھی استعمال ہوا ہے

یہی طریقہ نہج البلاغہ پر بھی استعمال کیا گیا ہے اور ہم نے نہج البلاغہ کے ترجمے سے پہلے اس کے ابتدائیہ میں قارئین کو شانِ نزول سے متعارف کرایا ہے اور اُس کی مثالیں دی ہیں اور شانِ نزول ماننے کی بھرپور مذمت کی اور دکھایا کہ خطبات کے ساتھ ایک جملہ لکھ دینے سے حضرت علی علیہ السلام کی پانچ سالہ حکومت میں سے ایک دم دو سال کم ہو جاتے ہیں جسے کوئی بھی نہ مانے گا۔شان نزول والا وہ جملہ یہ تھا کہ **''یہ خطبہ جنگِ صفین سے واپسی کے بعد دیا گیا''** اور خطبہ میں فرمایا گیا ہے کہ:''**ابھی ابھی اسی وقت (اٰلاٰن) خطبہ نمبر 2 جملہ نمبر 76 حق اپنے حقیقی حقدار کے پاس پلٹا ہے۔**''یعنی 37ھ میں حضرت علی علیہ السلام کو خلافت ملی تھی۔جو واقعات کے سراسر خلاف ہے۔بہرحال اس زیرِ قلم خط یا معاہدے کے ساتھ بھی چند جملے بطور شانِ نزول لکھے

Presented by Ziaraat.Com

ہوئے ملتے ہیں جن سے مندرجہ ذیل باتیں اس معاہدے کے ساتھ ماننا پڑتی ہیں اوّل یہ کہ:۔

1۔ یہ معاہدہ اُس زمانے میں لکھا گیا تھا جب محمد بن ابی بکر مصر کے گورنر تھے اور مصر کے سیاسی حالات محمد بن ابی بکر کے لئے قابو سے باہر ہو گئے تھے۔ اور

2۔ مصر کے سیاسی حالات کو قابو میں لانے کے لئے مالک اَشتر کو محمد بن ابی بکر کی جگہ گورنر بنا کر مصر بھیجا جا رہا تھا۔ جس کا مطلب خود بخود یہ ہو جاتا ہے کہ:۔

3۔ یہ معاہدہ مصر کے سیاسی حالات کو قابو میں لانے کی ہدایات پر مشتمل ہے اور

4۔ یہ کہ معاہدہ میں مذکورہ ہدایات صرف ایک صوبے کے لئے ہیں اور یہ کہ:۔

5۔ مذکورہ ہدایات ایک ماتحت گورنر کو دی گئی ہیں جو مملکت کے سربراہ کی عام پالیسی اور قوانین کی بجا آوری کا بھی پابند ہے۔

**اس کے ساتھ ہی یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ:۔**

1۔ مالک اشتر مصر پہنچنے سے پہلے ہی قتل کر دئے گئے تھے۔

2۔ اور یہ معاہدہ بے کار اور فضول ثابت ہو گیا تھا۔

3۔ معاہدہ کی تمام ہدایات محض ذہنی اور خیالی حیثیت رکھتی ہیں جن پر نہ لکھے جانے سے پہلے کبھی عمل ہوا نہ بعد میں اِن سے مملکت کو کوئی فائدہ پہنچا۔ یعنی پورا معاہدہ بیکار ہو کر کاغذ پر لکھا رہ گیا ہے۔

یہ نتیجہ نکلتا ہے قریش کے شانِ نزول کو مان لینے کے بعد۔ لیکن اگر اس مکارانہ شان نزول کو ساقط کر دیا جائے تو یہ معاہدہ پوری مملکت کا عملی قانون ثابت ہوتا ہے۔ یہ کسی ایک صوبے یا کسی ایک گورنر سے تعلق نہیں رکھتا نہ کسی ایک گورنر کے لئے لکھا ہے۔ یہ تو ایک مملکت کے سربراہ یا حکمران کو مخاطب کرتا ہے جس کے ماتحت بہت سے گورنر یا عمالِ حکومت ہیں۔ جو معاہدہ میں مذکورہ ہدایات کو ساری مملکت میں نافذ کرنے کا ذمہ دار ہے اور پورے ملک کی ہر خرابی کا ذمہ دار ہے جو ملک کے ہر شخص اور ہر گورنر کو جسمانی سزا دینے کا مختار ہے اور جو معاہدہ میں مذکور ہدایات اور ذمہ داریوں اور اختیارات میں کسی سے مشورہ لینے یا اجازت حاصل کرنے کا پابند نہیں ہے۔ سو فیصد مالک و مختار ہے۔ یعنی ایسا کہ اگر مالک اشتر کی جگہ خود حضرت علی علیہ السلام کا نام لکھ دیا جائے تو بھی صحیح ہے۔ اور اگر یہ کہہ دیا جائے کہ اللہ و رسولؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو یہ معاہدہ لکھ کر دیا تھا تا کہ وہ خلافت الٰہیّہ کو ان ہدایات کے ماتحت قائم کر کے چلائیں تو بھی صحیح ہے۔ مترجمین اور مولف نے اپنی طرف سے یہ الفاظ لکھے ہیں کہ:۔

''**وَهُوَاَطُوَلُ عَهْدٍ وَ اَجْمَعُ كُتُبِهٖ لِلْمُحَاسِنِ**'' (بقول مفتی جعفر)

''یہ سب سے طویل عہد نامہ اور امیر المومنین کے توقیعات میں سب سے زیادہ محاسن پر مشتمل ہے۔'' (جلد نمبر 3 صفحہ 113)

**اور بقول علی نقی طہرانی** ''یہ سب سے طویل معاہدہ ہے جس میں انصاف بہم پہنچانے کا دستور ہے۔ رعیت کی پرورش کے تمام رموز ہیں مملکت کو چلانے کے تمام آداب ہیں۔ فوج کشی کے تمام طریقے ہیں۔ نصائح اور تنبیہات ہیں جو یہاں جمع کر دئے گئے ہیں۔'' (جلد 2 صفحہ 979)

اِن ریمارکس کو ہم نے اس لئے فاضل کہا کہ انہوں نے اس معاہدے کو ایک گورنر اور ایک صوبے تک محدود کر کے ہوا میں اڑا دینے والے شانِ نزول کو بھی مانا اور لکھا ہے۔ اور ریمارکس میں **دستور مملکت** بھی مانا ہے اور **آداب مملکت داری** بھی لکھا ہے۔ ہم نہیں جانتے کہ یہ علما کونسا معجون کھاتے تھے کہ اُن کے سروں میں اتنی متضاد باتیں سہولت سے سما جاتی تھیں۔ اور ہر جھل مرکب ہضم ہو جاتا تھا؟ اور یہ ہیں بدقسمتی سے شیعوں کے مفتی اور فیض الاسلام

Presented by Ziaraat.Com

وغیرہ سرکردہ علما۔ وہ یہ بھی نہیں سوچتے کہ اس معاہدہ کے لکھنے والی ہستی ایک معصومؑ امام ہے۔ علوم خداوندی کا خزینہ دار ہے۔ **علم ما کان و ما یکون اور ما ھو کائن** کا ماسٹر ہے اور وہ اتنا طویل وبیش قیمت دستور لکھ کر ایک ایسے شخص کو دے رہا ہے جو مصر پہنچنے سے پہلے ہی موت کی نیند سو جانے والا ہے جو اس ہمہ گیر دستور کو ایک دفعہ کھول کر پڑھ بھی نہ سکے گا۔ یعنی حضرت علی علیہ السلام کو اپنے ایسا ایک شخص بلاتکلف مان لیتے ہیں جسے کل تک کی خبر نہیں ہے جو یہ ہمہ گیر دستور اس وقت لکھتا ہے جب حکومت ختم ہونے والی ہے جب کسی دستور کی ضرورت ہی نہ رہے گی۔ اگر شیعوں کے علما ایسے نہ ہوتے تو اُن پر وہ حالات نہ گذرے ہوتے جس سے وہ ہمیشہ ذلیل وخوار رہے اور آج شیعہ اُن بھکاریوں کے سامنے بھکاری نہ بنے ہوتے جو ہندوؤں، عیسائیوں اور یہودیوں اور کمیونسٹوں اور بے دینوں سے **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم پڑھ کر بھیک مانگتے ہوئے ریڈیو اور ٹی وی پر دکھائے جاتے ہیں اور ذرہ برابر نہیں شرماتے**۔ اور ہمیں کل ہی ( 13-6-1985 کو) عزیز الرحمٰن خانصاحب نے قومی اسمبلی کا حال سناتے ہوئے بتایا ہے کہ اُن کے سامنے عمامہ پوش شیعہ علماء سب کے ساتھ روزہ افطار کرتے رہے یعنی وہ شیعہ علما اپنے ہاتھوں اپنے منہ اور پیٹ کے لئے قومی تشخص کو پاکستان کے سارے نمائندگانِ قومی اسمبلی کے سامنے پامال کرتے رہے۔ ہم کیا کہیں اُن علمائے شیعہ کے لئے جو دنیاوی مال و دولت اور اقتدار کے لئے اپنا دین اور اپنے مستقل اور معلوم عقائد کو فروخت کر رہے ہیں جو محض لفظ امن کے لئے **خلیفتہ بلافصل** کے اعلان کو چھوڑ دیں اور دوسروں کو بھی تاکید کریں کہ باطل حکمرانوں کو مان لو تا کہ اُن کی باطل ومغضوب حکومت برقرار رہے۔ خدا اُن سب پر دن رات لعنت کرتا رہے۔ آمین

## وہ ہستی کیا مقام رکھتی ہے جسے معاہدہ میں مذکور ہدایات کا ذمہ دار بنایا ہے

قارئین کرام کو سب سے پہلے یہ سمجھنا چاہئے کہ معاہدے کا مخاطب معاہدے کے الفاظ میں کس درجے کا شخص ہے لہٰذا عہدے کے تعین کے لئے معاہدے کا جملہ نمبر 33 سامنے لایئے فرمایا گیا ہے کہ:۔ ''**فَاِنَّکَ فَوْقَھُمْ وَوَالِیَ الْاَمْرِ عَلَیْکَ فَوْقَکَ وَاللّٰہُ فَوْقَ مَنْ وَلَّاکَ** (33) ''یقیناً تم اُن سب سے بلند مرتبہ ہو۔ اور **والی امر** تم سے بھی بلند مرتبہ ہے اور اللہ اس سے بھی بلند مرتبہ ہے جس نے تمہیں حکمران بنایا ہے۔''

معلوم ہوا کہ مرتبہ میں سب سے بڑا اللہ ہے۔ اس سے چھوٹا **والی امر** ہے۔ اور پھر باقی حکمرانوں کا مقام ہے جنہیں **والی امر** نے حکومت کے اختیارات دئے ہیں۔ یہیں اسی جملے میں یہ بات نوٹ کرلیں کہ اللہ کے بعد کے درجے والے کو **وَالِی** فرمایا گیا ہے۔

## والی کا مقام اور ذمہ داریاں دیکھ کر معاہدہ کے مخاطب کو سمجھیں

ایک اور جملہ پڑھیں جس میں معاہدے کے مخاطب کا مقام اور ذمہ داریاں بیان فرمائی ہیں یعنی فرمایا کہ:۔ ''**وَلِکُلٍّ عَلَی الْوَالِیْ حَقٌّ بِقَدْرِ مَا یُصْلِحُہٗ** (جملہ نمبر 122) ''اور اُن تمام طبقات کے حقوق کا ادا کرنا **اَلْوَالِی** کی ذمہ داری ہے تا کہ اُن سب کی اصلاح اور بہبودی جاری رہے۔''

پہلی بات یہ واضح ہوگئی کہ اس معاہدہ کا مخاطب کوئی گورنر نہیں ہے بلکہ **پوری مملکت کا سربراہ۔ حکمران یا علیؑ کی طرح کا والی ہے** اور یہ کہ اس والی یا حکمران یا سربراہ کی ذمہ داری یہ ہے کہ پوری مملکت کے تمام طبقات کے تمام حقوق ادا کرتا رہے۔ اور اگلے جملے (123) میں فرمایا ہے کہ:۔

''اور مملکت کا یہ سربراہ یا والی یا حکمران اپنے اوپر عائد ہونے والے اللہ کے اُن سب حقوق اور فرائض کو اُسی صورت میں ادا کرسکتا ہے جب کہ وہ والی پوری پوری کوشش کرے اور اللہ سے مدد طلب کرتا رہے اور خود کو حق پر برقرار رکھے اور پیش آنے والے حالات پر صبر سے ثابت قدم رہے خواہ پیش آنے والے حالات اس کے لئے خفیف ہوں یا مشکل ودشوار ہوں۔'' (جملہ نمبر 123)

Presented by Ziaraat.Com

قارئین کرام یہاں رک جائیں اوران جملوں (123-122) کو بار بار پڑھیں اور جملہ نمبر 33 سے مقابلہ کر کے سمجھیں کہ یہ عہد نامہ جس کو لکھ کر دیا جا رہا ہے اور جس کو اس عہد نامہ کا ذمہ دار بنایا گیا ہے وہ شخص کسی ایک صوبے کا گورنر یا عامل نہیں ہے بلکہ وہ **والی الامر ہے۔ پوری مملکت کا حکمران یا سربراہ ہے اور ساری رعیت کے ہر طبقہ کا ذمہ دار ہے** اور یہی وہ فرق ہے جو قریشی شان نزول نے پیدا کر کے اس عہد نامہ کو ہوا میں اُڑا دیا ہے اور یہ سمجھ لینے کے بعد جملہ نمبر 124 اور اس کے آگے معاہدہ کو مسلسل پڑھیں اور تصدیق کرتے چلیں کہ معاہدہ کا مخاطب پوری مملکت کا سربراہ ہے نہ کہ کسی ایک صوبے کا صوبیدار یا گورنر۔

## کسی ایک گورنر کی بات ہے ہی نہیں بلکہ ایسی شاندار ہستی مخاطب ہے جس کے ماتحت سینکڑوں گورنر ہوں

پھر چلتے چلتے اور پڑھتے پڑھتے یہ جملہ پڑھو گے کہ: ''**ثُمَّ انْظُرْ فِیْ اُمُوْرِ عُمَّالِکَ فَاسْتَعْمِلْهُمُ اخْتِبَارًا**'' (جملہ نمبر 188)

پھر تم اپنے گورنروں، حکام اور عہدیداروں کے معاملات اور حالات پر نظر رکھنا اُن کو امتحانات کے بعد عہدہ دینا۔'' (188)

یہ امتحان لینا اور گورنروں کا تعینات کرنا سربراہ مملکت کا کام ہے نہ کہ کسی گورنر کا۔ اسکے بعد مسلسل جملہ نمبر 199 تک پڑھیں اور فیصلہ کریں کہ کیا اس معاہدے کا مخاطب کوئی کسی صوبے کا گورنر ہو سکتا ہے؟ پھر آپ جملہ نمبر 200 ملاحظہ فرمائیں جہاں اس عہد نامے کے مخاطب کو یہ اختیارات دئے گئے کہ وہ تمام گورنروں کی جانچ پڑتال کیساتھ ہی اُن پر اپنے جاسوس تعینات کر دے جو ساری مملکت میں سربراہ مملکت کی آنکھیں بن کر تمام حالات واخراجات و نقل وحرکت پر نظر رکھیں۔ کیا یہ اختیارات کسی صوبے کے گورنر کو دئے جا سکتے ہیں یا کبھی کسی سربراہ مملکت نے ایسے اختیارات کسی گورنر کو دئے ہیں؟

## سابقہ قریشی حکمرانوں کو شر پسند اور اسلام کو قید میں رکھنے والا فرمایا ہے

یہ بات سمجھنے کی ہے کہ اسلام کو اپنا قیدی بنا کر رکھنے والی حکومتیں کسی ایک صوبے میں نہ گزری تھیں بلکہ جس مملکت پر حضرت علی علیہ السلام حکومت کر رہے ہیں یہ پوری مملکت اُن شر پسند حکمرانوں کے دست تصرف میں تھی اور پوری مملکت میں اسلام اُن شریر حکمرانوں کا قیدی تھا۔ معاہدے میں اس کا ذکر کرنے کی ہرگز ضرورت نہ ہوتی اگر معاہدہ کسی ایک صوبے کے گورنر سے ہوتا۔ (جملہ نمبر 186)

## خیانت کار گورنروں کو جسمانی وروحانی سزا دینے کے اختیارات کسی گورنر کو نہیں ہوتے

خیانت کرنے والوں کو ہر قسم کی رسوا کن سزا دینے کے اختیارات کسی گورنر کو نہیں ہوتے (211-206)۔ الغرض اس معاہدہ کو غور سے پڑھنے والے ہرگز معاہدے کے مخاطب کو ایک صوبے کا گورنر نہ مانیں گے۔ بلکہ اُسے ایک عظیم الشان مملکت کا خود مختار حکمران ماننا پڑے گا۔ جسے پورے معاہدے میں اس کا پابند نہیں کیا گیا ہے کہ فلاں کام ہم سے اجازت لینے کے بعد کرنا۔ یا فلاں فلاں کاموں کی ہمیں اطلاع دینا۔ یا فلاں فلاں کام تمہارے اختیارات سے باہر ہیں۔ بلکہ معاہدے کے مخاطب کو پالیسی کے معاملات میں بالکل آزاد رکھا ہے اور مکاروں کے مقابلے میں مکارانہ چال چلنے میں مختار رکھا ہے (233-232)۔ سینکڑوں گورنروں کا اس کے ماتحت ہونا پھر دکھایا ہے (جملہ نمبر 233)۔ محکمہ سراغرسانی اور ریکارڈ تیار کرنے والوں کو جو ہدایات دی ہیں وہ سب سربراہ مملکت کے لئے ہیں۔ اُسے اختیار ہے کہ وہ اپنے بعض گورنروں کو معاہدے کرنے کا اختیار دے دے (جملہ نمبر 236)۔ بہر حال اس معاہدہ کو پڑھنے والے سو فیصد اسی نتیجے پر پہنچیں گے جو ہم نے لکھ دیا ہے اور یہ نتیجہ معاہدے میں مذکور الفاظ سے برآمد ہوتا ہے۔ قیاسات یا حسن ظن سے نہیں اور ہم ظنی اور قیاسی نتائج کو سراسر حرام اور اپنی دینی بصیرت کا مخالف سمجھتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

## دینی ضرورت اور علوی بصیرت اور حکومت کا تقاضہ یہ ہے

کہ اس معاہدہ میں مذکور تمام ہدایات وقوانین حکومت علویہ میں روز اوّل سے نافذ ہوں اور تمام مملکت میں ہر شخص تک پہنچائے جائیں۔ لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ اس مقصد کے لئے جناب مالک اشتر رضی اللہ عنہ کو حکومت کے اوّلین زمانہ میں اپنا نائب اور مختار مقرر کر کے اپنی ساری مملکت میں دورے پر بھیجا تھا۔ اور صرف خونِ ناحق پر ماخوذ کرنے کا اختیار اپنے پاس رکھا تھا اور خونریزی پر بہت سی ہدایات لکھنے کے بعد فرمایا تھا کہ:۔

''وَلَاعُذْرَ لَکَ عِنْدَ اللّٰہِ وَلَا عِنْدِیْ فِیْ قَتْلِ الْعَمْدِ (جملہ نمبر 387)۔ لِاَنَّ فِیْہِ قَوَدَ الْبَدَن. (جملہ نمبر 388)۔''

جان بوجھ کر ناحق قتل کا عذر نہ اللہ قبول کرے گا اور نہ میرے نزدیک قابل قبول ہوگا اس لئے کہ قتل عمد پر قصاص لیا جانا لازم ہے (388-387)۔

**''لہٰذا ناحق کی خونریزی سے اپنے اقتدار اور سلطانی کو مضبوط کرنے کی کوشش کبھی نہ کرنا کیونکہ ناحق خونریزی اقتدار کو کمزور اور ہلکا کر دیتی ہے بلکہ اقتدار کو زائل کر کے دوسروں کی طرف منتقل کر دیتی ہے۔''** (جملہ نمبر 386-385)

اس معاہدے کی دیگر خصوصیات کی تشریح کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم تمام عنوانات کو سامنے لائیں اور اُن میں سے وہ پہلو واضح کریں جو ہمارے قارئین کے لئے کہیں اُلجھن پیدا کرتے ہوں۔

## پہلی اُلجھن جو پہلے پانچ جملوں میں ہے

اس معاہدے کو بے اثر کر دینے کے لئے اِس کے ساتھ **شانِ نزول** لگانے والوں نے پہلے پانچ جملوں کے الفاظ میں ردوبدل کی ہے۔ چنانچہ پہلے جملے کے آخر میں حضرت مالک اشترؓ کے نام کے بعد یہ جملہ فٹ کیا گیا ہے کہ **حِیْنَ وَلَّاہُ مِصْرَ** **''جب مصر کا گورنر بنایا''** اور پھر مصر کو پختہ کرنے کے لئے چار جملوں کے آخر میں ضمیر **ھَا** بڑھایا یعنی:۔

**خَرَاجِھَا** اور **عَدُوِّھَا** اور **اَھْلِھَا** اور **بِلَادِھَا** یہ چاروں **''ھَا''** مصر کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔

یہ چوری اس طرح پکڑی گئی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اپنے اٹھارویں جملے میں فرماتے ہیں کہ:۔

**''ثُمَّ اَعْلَمْ یَا مَالِکُ اَنِّیْ قَدْ وَجَّھْتُکَ اِلٰی بِلَادٍ قَدْ جَرَتْ عَلَیْھَا دُوَلٌ قَبْلَکَ مِنْ عَدْلٍ وَّجَوْرٍ (جملہ نمبر 18)''** ''پھر اے مالک یہ سمجھ لو میں تجھے ایسے شہروں پر روانہ کر رہا ہوں جہاں تم سے پہلے ایسی حکومتیں گذر چکی ہیں جن میں عدل پرور اور جور وظلم کرنے والی حکومتیں بھی رہ چکی ہیں۔'' (18)

قارئین سوچیں اگر واقعی پہلے پانچ جملوں میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ حضور علیہ السلام ہی نے فرمایا تھا تو اس اٹھارویں جملے کی ضرورت ہی نہ تھی۔ پھر پہلے جملوں میں مصر کو مخصوص اور محدود کر دیا تھا لیکن اس اٹھارویں جملے نے نہ مصر کا نام لیا نہ اُس تک مالک اشتر کی حکومت کو مصر تک محدود کیا بلکہ اُنہیں اُن سابقہ حکومتوں تک وسیع کر دیا جو ماضی میں گذری تھیں اور اُن میں ظالم حکومتیں بھی رہی تھیں اور عادل حکومتیں بھی گزری ہیں۔ اور اس جملے کو قریش سے متعلق نہیں کیا جا سکتا اس لئے کہ اُن کے زمانہ میں تو مصر ایک صوبہ تھا اور وہ مدینہ والی حکومت کے ماتحت تھا۔ لہٰذا مصر کو حکومت نہیں کہا جا سکتا اس لئے کہ حکومت وہ کہلائے گی جس کا دارالخلافہ خود مصر ہوتا۔

بہرحال علی علیہ السلام نے لفظ **''دُوَلٌ''** فرمایا ہے اور اسکے معنی ہیں **''حکومتیں''** اِس لفظ میں صوبوں کی حکومتوں کو داخل نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت تمام صوبوں کی مرکزی حکومت کو کہا جائیگا جیسے **دولت عثمانی یا دولت عثمانیہ سلطنت ٹرکی تھی**۔ لہٰذا فیروز اللغات (صفحہ 479) پر یہ بیان واضح کرتا ہے کہ:۔

Presented by Ziaraat.Com

''شاہانِ ٹرکی سلطان عثمان اوّل کی اولاد سے ہوا کرتے تھے جن کا خاندان کم وبیش چھ سو سال تک حکمران رہا۔ان کے وقت ٹرکی کا دارالخلافہ قسطنطنیہ رہا۔ 1914ء والی جنگ عظیم کے کچھ عرصہ بعد جمہوریت ہوگئی اور شہنشاہیت ختم کردی گئی اور آخری دو سلاطین وحیدالدین خان اور سلطان عبدالمجید خان یکے بعد دیگرے ملک بدر کئے گئے۔اس جمہوریت کا پہلا صدر بطل اعظم مصطفیٰ کمال پاشا قرار پایا اور دارالسلطنت قسطنطنیہ کی بجائے انگورہ مقرر کیا۔''(صفحہ 479 فیروز اللغات فارسی) چند الفاظ کے بعد لکھا ہے کہ:۔ ''دُوَل خارجہ = غیر سلطنتیں''

عربی اردو لغت۔**اَلْمُعْجَمُ الْاَعْظَمُ**'' مرتبہ جناب علامہ محمد حسن اعظم گڑھ کے باشندے اور کراچی کے عربی کالج کے موسس اور مصر کے علما میں سے ہیں۔جلد دوم صفحہ 990 پر لکھتے ہیں:۔

| | | |
|---|---|---|
| **وُجُوْهُ الدَّوْلَه** | : | ریاست کے بڑے آدمی۔اراکینِ سلطنت۔ |
| **الدّولة العثمانيه** | : | **تُرکی** سلطنت جس کا بانی عثمان غازی تھا۔ |
| **الدولة السَّمَاوِيَّة** | : | چین کی سلطنت |
| **الدولة العَلِيَّة** | : | دولت عثمانیہ کا شیعی نام |
| **اَلسِّيَاسَةُ الدَّوْلِيَّة** | : | بین الاقوامی پالیٹکس۔ (جلد 2 صفحہ 990 پہلا اور دوسرا کالم) |

مسٹر پرویز نے قرآن میں لفظ **دُوْلَه** کے معنی بیان کرتے ہوئے اپنی لغات القرآن کی جلد دوم میں لکھا ہے کہ:۔

''جس کے معنی یہ ہیں کہ حکومت کے روپے کو بھی اوپر کے طبقہ (یعنی ارباب حلّ وعقد) کے اندر صَرف نہیں ہوتے رہنا چاہئے۔''(صفحہ 678)

اِن لغات اور علی علیہ السلام کے لفظ **دُوَلٌ** سے ثابت ہوگیا کہ حضرت مالک اشترؓ کو اُن تمام شہروں اور متعلقات پر والی بنایا گیا تھا جن پر دولت ایران، دولت یونان، دولت روم، دولت فراعنہ اور دولت نمارید وغیرہ حکومتیں حکمرانی کرتی رہی تھیں۔لہٰذا یہ بات اور شانِ نزول پھر غلط ثابت ہوگیا کہ مالک اشترؓ کو مصر کا گورنر بنا کر بھیجا گیا تھا اور یہ حقیقت خود معاہدے کے الفاظ سے سامنے آگئی کہ مالک اشتر ایک ہمہ گیر مملکت میں سربراہ مملکت بنا کر روانہ کئے گئے تھے۔اور اُنہوں نے دورے میں رہتے ہوئے معاہدہ میں مذکور قوانین وہدایات کو اس وقت تک نافذ کیا جب تک شہید نہ ہوگئے۔

جسے بجا کہے عالَم اُسے بجا سمجھو زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

یہ ایک آزمودہ اور مسلمہ حقیقت ہے جسے کسی شاعر نے اس شعر میں سمو دیا ہے اور اس کے وہی معنی ہیں جو دین کے ایک قانون میں واجب کر دیا گیا ہے اور وہ واجب مستقل قانون یہ ہے:۔

''**۔اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ۔**''یعنی''**عالمی اچھائیوں کا حکم دینا اور عالمی برائیوں سے روکنا**''

حضرت علی علیہ السلام نے جناب مالک اشتر رضی اللہ عنہ کو یہ حکم نہیں دیا کہ تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر عمل کرنا بلکہ یہ بتایا ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا صحیح صحیح پتہ کیسے لگانا؟ اور یہ ترکیب بتائی ہے کہ تم یہ دیکھنا کہ پہلے اچھے یا برے حکمرانوں کا اور اچھائیوں اور برائیوں کا پتہ اُن باتوں سے لگا لینا جو پبلک کی زبانوں پر جاری ہوتی ہوں۔یہ نصیحت حضور علیہ السلام نے اپنے جملے 19,20,21 میں اپنے انداز میں بیان فرمائی ہے۔ اور ہماری زبان میں بات یوں ہے کہ:۔

''اَے مالکؓ تمہارے اعمال واقوال اور نقل وحرکت پبلک کی زبانوں پر جاری ہو جائیں گے۔اچھے ہوں گے تو تمہاری اچھائیاں چاروں

Presented by Ziaraat.Com

طرف گھر گھر پھیل جائیں گی جس طرح سابقہ حکمرانوں کی اچھائیاں اور برائیاں تمہیں لوگوں کی زبانوں سے سننے کو ملیں گی۔ لہٰذا تمہیں پبلک سے ملتے رہنے اور رابطہ رکھنے سے یہ معلوم ہوتا رہے گا کہ پبلک کن اعمال واقوال واقدامات کو مفید اور اچھا سمجھتی ہے اور کن بنیادوں پر سابقہ حکمرانوں کی اچھائیاں یا برائیاں بیان کرتی ہے۔ لہٰذا تمہارے لئے پبلک کی زبان راہنما بن جائے گی اور تم عملی اور فوری نتیجہ خیز اچھائیوں کو نمبر وار نافذ کر سکو گے اور پبلک سے گہرا رابطہ رکھو گے اور یہ رابطہ تمہارے لئے اور پبلک کے واسطے طرح طرح مفید ہوگا اور تمہیں بہت مدد دے گا اور یہیں رابطہ عامہ کے لئے اپنے وزیر اعظم محمد خان جونیجو (جون 1985) کی کل کی کچہری کا ذکر کر دیں جو سانگھڑ میں کھلی کچہری کے نام سے قائم کی گئی تھی یعنی چودہ سو سال بعد بھی اُس رابطہ عامہ پر عمل کیا جا رہا ہے جس کی ضرورت پر اِن تین جملوں (19,20,21) میں زور دیا گیا ہے۔ قریش نے اس رابطہ عامہ کے قانون کو اُلٹ کر مسلمانوں تک محدود کر دیا تھا اور یہ قانون جاری کیا تھا کہ: ''مَارَاٰهُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَا للّٰهِ حَسَنًا.''

یعنی: ''جو بات مسلمانوں کے نزدیک اچھی ہے وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھی ہے۔''

''<u>جو بھی بات مسلمانوں کے نزدیک بُری ہے وہ اللہ کے نزدیک بھی بُری ہے</u>'' (فلسفۃ التشریع فی الاسلام کا ترجمہ فلسفہ شریعت اسلام صفحہ 301)

یعنی ساری نوع انسان اور مختلف المذاہب کے لوگوں کی پسندیدہ عالمی شہرت کو قریش نے سمیٹ کر مسلمانوں کی پسند اور ناپسند میں محدود کر دیا اور اس طرح مسلمانوں کی ہر پسند کو جائز کا اور ناپسند کو ناجائز کا معیار بنا دیا اور اللہ کو اُن کی پسند و ناپسند کا پابند کر دیا۔ لہٰذا کربلا میں جو کچھ مسلمانوں نے پسند کیا وہ اللہ کو بھی پسند کرنا پڑے گا اور یزید وابن زیاد وشمر ایسے ملاعین کو شاباش وثواب دینا پڑے گا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْن۔

## <u>شاندار وباوقار وطرح دار ووضع دار وعزت مآب وغیور گھرانوں اور بہادر وشجاع اور دیانت دار خاندانوں کا علم</u>

یہ رابطۂ عامّہ حضرت مالکؓ پر فرض کر دیا گیا تھا۔ یہی تو وہ ذریعہ تھا جس سے اُن لوگوں کو انتخاب کیا جا سکتا تھا جو اچھے گورنر، دیانت دار سرداران فوج، امانت واحتیاط کے پابند تحریری ریکارڈ مرتب کرنے والے موقع جنگ پر جان لڑا دینے والے سپاہی ثابت ہوتے۔ جن کی تفصیلات معاہدہ میں بھری پڑی ہیں اور یہی وہ طریقہ تھا جس سے دنیا پرست، کمینہ خصلت، بددیانت وبدکار لوگوں کو کلیدی مقامات سے الگ رکھا جا سکتا تھا۔ اس کے ساتھ ہی یہ اصول ثابت ہو جاتا ہے کہ جن خاندانوں میں بدکاری وبددیانتی اور بے غیرتی نسلی طور پر پشت در پشت چلی آئی ہو اُن خاندانوں میں پیدا ہو کر پلنے والی نسل سے نیک عملی اور عمدہ کردار کی اُمید رکھنا غلط ہے۔ اتنا ہی غلط ہے جتنا غلط بیج سے اچھا درخت پیدا ہونے اور عمدہ پھل دینے کی اُمید کرنا غلط ہے۔

## <u>بخل اور کنجوسی بھی انصاف بن جاتی ہے</u>

نفس سے کنجوسی اور بخل کرنے کا مطلب ہے نفس امارہ سے بخل اور کنجوسی کرنا ہے۔ اس لئے کہ اگر نفس کو برے کاموں کی اجازت دی دے جائے تو گناہوں کی سزائیں اور عذاب سارے جسم اور نفس کو سہنا اور برداشت کرنا لازم ہوگا۔ لیکن کنجوسی اور بخل کرنے سے نفس کو عذاب سے محفوظ کرنا ہوگا جو درحقیقت نفس کے ساتھ انصاف وعدل کا سلوک ہوگا۔ اس پر قرآن کریم سے حضرت یوسف علیہ السلام کی بات سننے اور برائی سے بچنے کی تفصیل دیکھئے۔ قرآن کریم حضرت یوسف علیہ السلام کی قید والے حادثہ کے ختم ہونے کی بات یوں سناتا ہے کہ:۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَابَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝ قَالَ مَاخَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْئٰنَ حَصْحَصَ

Presented by Ziaraat.Com

الْحَقُّ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ o ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَo وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِيْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌo (سورہ یوسفؑ 53-12/50)

''بادشاہِ مصر نے کہا کہ یہ بات ہے تو یوسفؑ کو میرے پاس لے کر آؤ چنانچہ حضرت یوسفؑ کو جیل سے لانے کے لئے جب بادشاہ کا بھیجا ہوا شخص حضرت یوسفؑ کے پاس آیا اور بتایا کہ آپ کو بادشاہ نے ملاقات کے لئے یاد فرمایا ہے تو یوسف نہ خوش ہوئے نہ جلدی سے جیل خانے سے نکلے بلکہ قاصد کو اتمام حجت کے لئے واپس کر دیا کہ تم جا کر اپنے رب یا بادشاہ سے کہو کہ وہ اُن عورتوں سے وہ قصہ معلوم کرے جب اُنہوں نے مجھے دیکھا اور اپنے ہوش وحواس گم کر دیئے اور پھلوں کو کاٹنے میں اپنے ہاتھوں کو بھی کاٹ لیا تھا؟ یقیناً میرا پالنے والا اُن کی چال پر اُس وقت بھی مطلع تھا اب تم بھی حقیقی پوزیشن معلوم کر کے یقین اور اقرار کر لو کہ مجھے بے قصور جیل میں قید کیا گیا تھا اس اعلان کے بعد امید کرو کہ میں ملاقات کو آسکوں گا۔ اُن عورتوں نے تفتیش پر کہا کہ بخدا ہم نے تو یوسفؑ میں برائی کا کوئی پہلو نہیں دیکھا تھا۔ اور ملکہ نے کہا کہ جب حقیقت کھل ہی گئی ہے تو میں بتاتی ہوں کہ میں نے ہی یوسفؑ کو پھانسنے کے لئے ساری چالیں چلی تھیں وہ اپنے قول وعمل میں سچا ہے۔ یوسفؑ نے بتایا کہ تفتیش کرانے سے میرا مطلب یہ تھا بادشاہ کو بھی معلوم ہو جائے کہ یوسفؑ نے بادشاہ کی غیبت میں اس کی خیانت نہیں کی تھی۔ اور یہ بھی معلوم ہو جائے کہ حق پرستوں کے مقابلے میں اللہ خیانت کاروں کی چالاکیوں کو ناکام کر دیا کرتا ہے۔ **مجھے اس تفتیش سے بڑائی مارنا اور اپنی ذاتی پاکبازی کا ڈھنڈورا پیٹنا مقصود نہ تھا۔ اور نفس امارہ تو جس میں بھی ہو وہ برائی ہی کا حکم دیتا ہے۔ اور برائی سے وہ محفوظ رہتا ہے جس پر اللہ نے اپنا رحم مسلط کر رکھا ہو۔ اور یہ کہ میں نے اس اتمام حجت میں بھی ملکہ کا ذکر نہیں کیا ہے چونکہ وہ میرے محسن کا ناموس ہے۔** ''لہٰذا جن خواہشات اور تمناؤں کو پورا کرنے کا تقاضہ اندر سے اُبھرتا ہے اُن سب کو فطری اور زندگی کے لئے ضروری نہ سمجھ لینا چاہئے۔ بلکہ حلال وحرام مفید ومضر کا خیال بھی رکھنا چاہئے۔

## ساری نوع انسان لطف ومحبت اور رحم وکرم کی حقدار ہے کیونکہ؟

علی علیہ السلام نے پوری نوع انسان کو دو حصوں میں تقسیم فرما دیا **ایک دینی بھائی** اور **دوسرے تمہارے جیسے لوگ** (جملہ نمبر 28)۔ بتایئے کہ نوع انسان میں ان دو کے علاوہ کوئی تیسری قسم ہے ہی نہیں تو لطف ومحبت اور رحم وکرم تمام انسانوں پر لازم ہو گیا۔ تمہیں یہ عذر وبہانہ کرنے سے بھی روک دیا کہ فلاں شخص نے عمداً یا سہواً غلط کام کیا ہے لہٰذا لطف ومحبت اور رحم وکرم کا حقدار نہیں ہے (29,30,31)۔ بلکہ تمہاری اپنی ضرورت کو تمہارے سامنے روک بنا دیا ہے اور فرمایا ہے کہ جس طرح تمہیں اللہ کی معافی اور نظر اندازی کے ذخیرہ میں سے حصہ درکار ہے اسی طرح تمہاری رعایا کو تمہاری معافی اور نظر اندازی کے ذخیرہ میں سے ملنے کی امید ہے (32)۔ مطلب یہ ہے کہ تم بھی معافی اور نظر اندازی کے محتاج ہو اور وہ تمہاری ہی مثل ومانند محتاج ہیں۔ تمہیں اللہ نے معاف کر دینے اور نظر اندازی کے اختیارات دیئے ہیں انہیں استعمال کرو تا کہ اللہ تمہارے اوپر اپنے اختیارات استعمال کرے۔ یہاں رعیت اور نوع انسان کا مقام نظر آتا ہے کہ اگر تم رعایا کی خطائیں اور گناہ معاف کر دو تو تمہیں خود اللہ کے یہاں معافی ملنے کا استحقاق ملتا ہے۔ کیسے ملعون ومردود ہیں ایسے حکمران جنہوں نے ہزاروں رعیت کے انسانوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا صرف اس لئے کہ انہوں نے خمینی کے لئے توہین آمیز الفاظ کہے تھے۔ اور خمینی نے اپنے خلاف بغاوت کو اللہ کے خلاف بغاوت قرار دیا۔ حضور علیہ السلام نے رعایا کو معافی دینے پر اتنی جرات دلائی ہے کہ فرما دیا کہ تمہیں کسی کو معاف کر کے پچھتانا نہیں چاہئے اور سزا دے کر فخر نہیں کرنا چاہئے (جملہ 38-37)۔ مطلب یہ ہے کہ اگر سزا دے کر پچھتاؤ تو بہتر بات ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

## عوام الناس کے حقوق اور اونچے طبقہ کے حقوق

معاہدے میں بڑے غور وخوض سے پڑھنے کا مقام وہ ہے (60-55) جہاں عوام اور غربا اور مخصوصین اور امرا کے حالات وعادات اور سلوک کا ذکر فرمایا ہے وہاں عوام کو **دین کا ستون، دین کا سہارا اور مسلمانوں کی حقیقی قوت اور سامان دفاع فرمایا ہے (جملہ نمبر 59)** اور یہ کہ اُن کو رضامند اور خوش رکھنا لازم قرار دیا ہے اور اُن کی رضامندی کے سامنے امرا کی نارضامندی کو بے اثر فرمایا ہے۔ (جملہ نمبر۔ 56,57)

## عیب جوئی کو قطعاً منع فرمایا ہے اور عیب پوشی کو لازم قرار دیا ہے

سب سے بدترین اور خطرناک آدمی عیب جو اور چغلخور کو قرار دیا ہے (جملہ 61) اور بتایا ہے کہ لوگوں میں طرح طرح کے عیب تو ہوتے ہی ہیں مگر والی پر عیب پوشی واجب ہے (جملہ 62) اور جو عیوب پوشیدہ ہوں اُن کو کھولنا منع فرمایا ہے اور ظاہر اور معلوم عیوب کی تطہیر کو لازم کیا ہے (64-63) یہاں یہ سمجھ لینا چاہئے کہ عیوب کسی نہ کسی مجبوری سے پیدا ہوتے ہیں۔ لہٰذا لازم ہے کہ رعایا کی مجبوریوں کا پتہ لگا کر انہیں دور کر دیا جائے تو عیوب کی تطہیر شروع ہو جائے گی۔ تنگی اور تنگ دستی چوری اور خیانت کے عیوب پیدا کرتی ہے۔ نکاح اور جنسی تعلق پر مولویانہ اور متکبرانہ پابندیاں لگانے سے لوگ مجبور ہو جاتے ہیں کہ کوئی سہل طریقہ اختیار کر لیں۔ لہٰذا مجبوروں کا حرام کام کرنا مولویوں اور مغرور لوگوں کے ذمہ عائد کیا جائے گا (نور 24/33) مگر چوری خیانت اور حرام سے براہ راست حکومت پر بُرا اثر پڑے گا۔ لہٰذا تنگی وتنگ دستی اور جبر کرنے والی قوتوں کے خلاف اقدام کرو عیوب کی تطہیر خود بخود ہو جائے گی۔ یہاں یہ بھی نوٹ کرنے کی بات ہے کہ علی علیہ السلام نے جس قدر زور خطاؤں کی معافی پر دیا ہے اتنا ہی عیب پوشی اور ستّاری پر دیا ہے اور یہاں بھی یہ فرمایا ہے کہ ستّاری کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ بھی تمہارے عیوب کو چھپا دے گا۔

## رعایا کے تمام طبقات اور تمام طبقات کے حقوق اور متعلقات کتاب اللہ اور سنت میں مقرر شدہ موجود ہیں

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے معاہدے میں جس شان اور تفصیل سے اُمور مملکت اور قوانین کو بیان فرمایا ہے وہ تو معاہدے میں موجود ہیں۔ مگر آپؑ کا یہ فرمانا کہ معاہدے میں مذکور اور مزید تمام متعلقہ تفصیلات قرآن میں اور سنت رسولؐ میں موجود ہیں اور وہ سارا ریکارڈ اہل بیتؑ کے پاس موجود ہے۔ ہر قاری کو یہ سوچنے اور دیکھنے پر متوجہ کرتا ہے کہ اس قرآن میں مملکت کا مکمل قانون کہاں ہے اور احادیث کی کتابیں اس سے کیوں خالی پڑی ہیں۔ ہمارا جواب یہ ہے کہ قریش نے بقولِ قرآن روز اوّل ہی سے قرآنی تعلیمات میں ہیرا پھیری، معنوی تحریف اور غلط شان نزول کے ذریعہ اُلٹ پلٹ کر دی تھی (4/46,5/41,5/13,6/66,25/30 وغیرہ) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے اپنی زندگی ہی میں اللہ سے اُن کی شکایت کر دی تھی (35/30-31) اور اللہ نے قریش کو دشمن رسولؐ ہونے کا لقب دے دیا تھا (25/31)۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام نے معاہدہ میں (جملہ 111) قریش کو جبراً اور باطل طریقہ پر حکومت اسلام پر قبضہ کر لینے والا اور اپنے غلط اور اجتہادی احکامات سے حکومت کا کاروبار چلانے والا ثابت کیا ہے اور اسی لئے اُن کو لفظ **اشرار** (جملہ 75) سے ظاہر کیا ہے اور **اشرار** کے ساتھ ہی انہیں **دین کو قید رکھنے کا مجرم** بھی فرمایا ہے (جملہ 186)۔ لہٰذا نہ اُن اشرار کے پاس دینی قوانین ودستور ہو سکتا تھا نہ وہ دینی قوانین اور دستور کو محفوظ رکھنے والے ہو سکتے تھے۔ اس لئے کہ قریشی حکومتوں نے تو دنیا کمانے کے لئے رسولؐ کی حکومت ہڑپ کی تھی۔ تاکہ دین کو قیدی بنا کر دنیا کمائیں (جملہ 187)۔ حضور علیہ السلام نے اُن وزیروں کو وزیر بنانے اور رازداری سونپنے سے بھی روکا ہے اور انہیں حرامخور اور خطرناک بتایا ہے (جملہ نمبر 75,76,77)۔ اسی لئے گورنروں اور عہدیداروں وغیرہ کے انتخاب پر تفصیلی ہدایات دی ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 54) خط اِلٰی طَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ مَعَ عِمْرَانَ ابْنِ الْحَصِيْنِ الْخُزَاعِيِ

## یہ خط عمران ابن حصین کے ہاتھ طلحہ اور زبیر کو بھیجا گیا تھا

(1) سارے قریش نے اجتماعی طور پر بڑھ چڑھ کر علی علیہ السلام کی بیعت کی تھی

(2) طلحہ و زبیر نے بیعت کے بعد عہد شکنی کی تھی (3) اُن کو دنیا میں ذلت وخواری اور آخرت میں جہنم کی اطلاع دی گئی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ عَلِمْتُمَا وَاِنْكَتَمْتُمَا اَنِّیْ لَمْ اُرِدِالنَّاسَ حَتّٰی اَرَادُوْنِیْ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوّل کے بعد حقیقت یہ ہے کہ تمہارے چھپاتے رہنے کے باوجود بھی تمہیں علم ہے کہ میں لوگوں کیطرف نہیں بڑھا تھا بلکہ لوگ بڑھ کر میرے پاس آئے تھے |
| وَلَمْ اُبَايِعْهُمْ حَتّٰی بَايَعُوْنِیْ ؛ | 2 | اور نہ میں نے اپنا ہاتھ بیعت کے لئے بڑھایا تھا بلکہ لوگوں نے میری بیعت خود کی تھی؛ |
| وَاِنَّكُمَا مِمَّنْ اَرَادَنِیْ وَبَايَعَنِیْ؛ | 3 | اور تم دونوں بھی اُن ہی بڑھ کر آنے اور بیعت کرنے والوں میں سے ہو؛ |
| وَاِنَّ الْعَامَّةَ لَمْ تُبَايِعْنِیْ لِسُلْطَانٍ غَالِبٍ وَّلَا لِعَرَضٍ حَاضِرٍ | 4 | اور عوام الناس نے میرے ہاتھ پر نہ تو تسلط اور اقتدار کے دباؤ سے بیعت کی تھی نہ کسی دنیاوی لالچ کے ماتحت بیعت کی تھی؛ |
| فَاِنْ كُنْتُمَابَايَعْتُمَانِیْ طَائِعَيْنِ فَارْجِعَا وَتُوْبَا اِلَی اللّٰهِ مِنْ قَرِيْبٍ ؛ | 5 | چنانچہ اگر تم دونوں نے اپنی رضامندی سے بیعت کی تھی تو اس عہد شکنی سے پلٹو اور جلدی سے اللہ کے حضور میں توبہ کرو؛ |
| وَاِنْ كُنْتُمَابَا يَعْتُمَانِیْ كَارِهَيْنِ فَقَدْ جَعَلْتُمَالِیْ عَلَيْكُمَا السَّبِيْلَ بِاِظْهَارِ كُمَا الطَّاعَةَ وَاِسْرَارِ كُمَا الْمَعْصِيَةَ ؛ | 6 | اور اگر تم دونوں نے ناگواری کے ماتحت بیعت کی تھی تو اطاعت کا اعلان کر کے اور نافرمانی کو چھپا کر تم نے اپنے خلاف میرے لئے حجت قائم کر دی ہے۔(یعنی تمہیں سزا دینے کے لئے مجھے ہر جائز حق حاصل ہے) |
| وَلَعَمْرِیْ مَاكُنْتُمَا بِاَحَقِّ الْمُهَاجِرِيْنَ بِالتَّقِيَّةِ وَالْكِتْمَانِ | 7 | اور میں اپنی زندگی کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم اپنی قلبی کیفیت پر تقیہ کرنے اور اپنے منصوبے کو چھپانے میں باقی مہاجرین سے زیادہ حقدار نہ تھے۔ |
| وَاِنَّ دَفْعَكُمَا هٰذَا الْاَمْرَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَدْ خُلَافِيْهِ كَانَ اَوْسَعَ عَلَيْكُمَا مِنْ خُرُوْجِكُمَا مِنْهُ بَعْدَ اِقْرَارِ كُمَا بِهٖ ؛ | 8 | اور میری بیعت کرنے سے پہلے پہلے تمہارے لئے میری بیعت کا انکار کر دینے کی اِس سے زیادہ گنجائش تھی جتنی کہ اب تمہارے بیعت اور اقرار کے بعد اس سے نکلنے کی رہ گئی ہے۔ |
| وَقَدْ زَعَمْتُمَااَنِّیْ قَتَلْتُ عُثْمَانَ ؛ فَبَيْنِیْ وَبَيْنَكُمَا مَنْ تَخَلَّفَ عَنِّیْ وَعَنْكُمَا مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ؛ | 9 | اور تمہارا یہ خیال کہ میں نے عثمان کو قتل کیا ہے اس کے لئے مدینہ کے وہ لوگ گواہ کافی ہیں جو تم سے بھی اور مجھ سے بھی کنارہ کش اور مخالف ہیں۔ |
| ثُمَّ يُلْزَمُ كُلُّ امْرِیءٍ بِقَدْرِ مَا احْتَمَلَ ؛ | 10 | اِسکے بعد ہر شخص پر اسی قدر ذمہ داری ہے جتنا کسی نے قتل عثمان میں حصہ لیا ہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَارْجِعَا اَیُّهَا الشَّیْخَانِ عَنْ رَاْیِکُمَا ؛ | 11 | لہٰذا اَے دونوں شیخو تم اپنی غلط رائے سے رجوع کرلو۔ |
| فَاِنَّ الْاٰنَ اَعْظَمُ اَمْرِکُمَا الْعَارُ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّجْتَمِعَ الْعَارُ وَالنَّارُ .وَالسَّلَامُ۔ | 12 | اِس لئے کہ اِس وقت تو تمہارے سامنے صرف رسوائی ہے اور قبل اِس کے تو بہ کرلو کہ تمہاری رسوائی کے ساتھ جہنم بھی شامل ہوجائے۔ والسلام |

**تشریح:۔** یہ خط وہ بہانے سامنے لاتا ہے جو طلحہ اور زبیر بیعت کو توڑنے اور مخالفت کرنے کے لئے کر رہے تھے۔ اِن بہانوں سے یہ ثابت ہوجاتا ہے کہ یہ دونوں بیعت کر چکے تھے اور یہ دونوں باتیں یعنی بیعت کرنا اور مخالفت کرنا ثابت ہوتے ہی طلحہ اور زبیر کا جہنمی ہونا ثابت ہوجاتا ہے اور حضرت علی علیہ السلام نے خود بھی اسی خط میں اُن کے جہنمی ہونے پر مہر لگادی ہے لہٰذا مزید کسی بھی بحث اور عذر کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ چونکہ طلحہ اور زبیر کے لئے اور اُن کے علاوہ بہت سے جہنمیوں کے لئے قریش نے اپنی کہانیوں میں جنتی ہونے کی پیشینگویاں لکھ رکھی ہیں۔ اُس سے بھی اُن سب کا جہنمی ہونا ثابت ہوتا ہے۔ یعنی یہ لوگ قریش کے بڑے عظیم الشان لیڈر تھے اور ضروری تھا کہ قریشی حکومتیں اُن کو جہنم سے بچانے کی روایات یا افسانے تیار کریں اور اُن روایات اور افسانوں کو صحیح ثابت کرنے پر ایڑی چوٹی کا زور لگادیں۔ یہ زور لگانا بھی اسی کو ثابت کرتا ہے کہ وہ لوگ جہنمی تھے۔ مجرم کی وہ باتیں جو اُس نے اپنے جرم یا مجرم کو بچانے کے لئے تیار کی ہوں عدالت میں قابل قبول نہیں ہوا کرتیں۔ اُن تمام لوگوں کا قریشی لیڈر ہونا اور چھ سات صدیوں تک قریش کی اپنی حکومت قائم رہنا اور تمام کتابیں قریشی حکومتوں کا تیار کرنا ایسی حقیقتیں ہیں جن کا اور تو اور خود قریش اور قریشی علما بھی انکار نہیں کرسکتے۔ لہٰذا قریشی لیڈروں کے حق میں قریشی تاریخ کو قبول کرلینا خود مجرموں میں شامل ہوجانے کے مترادف ہے۔ لہٰذا قریش اپنی تیار کردہ تاریخ اور کتبِ احادیث وتفاسیر وغیرہ کی رو سے مجرم ثابت ہوتے ہیں۔

## ( نمبر 55) خط اِلٰی مُعَاوِیَةَ : معاویہ کے نام

**(1) معاویہ کی لگام شیطان کے ہاتھ میں (2) دنیا کے وجود کا مقصد؟ (3) معاویہ کے اہل دانش نے نادانوں کو اُکسا کر جنگی تیاری کی (4) علیؑ کا قسمیہ بیان میدان جنگ کو نہ چھوڑنا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ قَدْ جَعَلَ الدُّنْیَا لِمَا بَعْدَهَا؛ | 1 | حمد وصلوٰۃ کے بعد معلوم ہو کہ اللہ نے یقیناً اس دنیا کو بعد میں آنیوالے زمانہ کیلئے پیدا کیا ہے؛ |
| وَابْتَلٰی فِیْهَا اَهْلَهَا ؛ | 2 | اور اس دنیا میں اہل دنیا کی آزمائش مقصود ہے؛ |
| لِیَعْلَمَ اَیُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؛ | 3 | تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ اہل دنیا میں کس کس کے اعمال بہترین ہیں؛ |
| وَلَسْنَا لِلدُّنْیَا خُلِقْنَا ؛ | 4 | اور ہمیں دنیا کے لئے پیدا نہیں کیا ہے؛ |
| وَلَا بِالسَّعْیِ فِیْهَا اُمِرْنَا ؛ | 5 | اور نہ ہمیں دنیا کے لئے دنیا میں کوشاں رہنے کا حکم دیا ہے؛ |
| وَاِنَّمَا وُضِعْنَا فِیْهَا لِنُبْتَلٰی بِهَا ؛ | 6 | اور حقیقت یہی ہے کہ ہمیں یہاں آزمائش کے لئے رکھا ہوا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدِ ابْتَلانِی اللّٰهُ بِکَ وَ ابْتَلاکَ بِیْ ؛ | 7 | اور درست یہ ہے کہ اللہ نے تیرے ذریعہ سے میری اور میرے ذریعہ سے تیری آزمائش کی ہے؛ |
| فَجَعَلَ اَحَدَنَا حُجَّةً عَلَی الْاٰخَرِ ؛ | 8 | چنانچہ ہم دونوں کو ایک دوسرے پر حجت قرار دیا ہے؛ |
| فَعَدَوْتَ عَلٰی طَلَبِ الدُّنْیَا بِتَاوِیْلِ الْقُرْآنِ ؛ | 9 | چنانچہ تو نے قرآن کی غلط تفہیم کے ذریعہ سے دنیا حاصل کرنا شروع کردی؛ |
| وَطَلَبْتَنِیْ بِمَالَمْ تَجْنِ یَدِیْ وَلَالِسَانِیْ ؛ | 10 | اور مجھ سے وہ کچھ طلب کرنا شروع کردیا جس میں میرے ہاتھ اور میری زبان دونوں ملوث نہیں ہوئے؛ |
| وَعَصَبْتَهُ اَنْتَ وَاَهْلُ الشَّامِ بِیْ ؛ | 11 | مگر تم نے اور اہل شام نے ملکر اُسے میرے ذمہ لگادیا؛ |
| وَاَلَبَّ عَالِمُکُمْ جَاهِلَکُمْ وَقَائِمُکُمْ قَاعِدَکُمْ ؛ | 12 | تمہارے علما نے لاعلم لوگوں کو اور لیڈروں نے بیٹھے ہوئے لوگوں کو جنگ کے لئے آمادہ کردیا ہے؛ |
| فَاتَّقِ اللّٰهَ فِیْ نَفْسِکَ ؛ | 13 | تم اَے معاویہ اپنی جان کے متعلق خوف خدا سے کام لو؛ |
| وَنَازِعِ الشَّیْطَانَ قِیَادَکَ ؛ | 14 | اور شیطان سے اپنی لگام چھڑالو؛ |
| وَاصْرِفْ اِلَی الْاٰخِرَةِ وَجْهَکَ؛ | 15 | اور دنیا سے مڑکر آخرت کی طرف اپنا منہ گھمالو؛ |
| فَهِیَ طَرِیْقُنَا وَطَرِیْقُکَ ؛ | 16 | کیونکہ آخرت ہی ہمارے اور تمہارے طریقوں کے مطابق ہے؛ |
| وَاحْذَرْ اَنْ یُّصِیْبَکَ اللّٰهُ مِنْهُ بِعَاجِلِ قَارِعَةٍ تَمَسُّ الْاَصْلَ ؛ | 17 | اور اس بات سے ڈرو کہ کہیں اللہ تمہیں کسی ناگہانی آفت میں نہ جکڑ لے جس سے تمہاری جڑ ہی اُکھڑ جائے؛ |
| وَتَقْطَعُ الدَّابِرَ ؛ | 18 | اور تمہاری نسل ہی منقطع ہوکر رہ جائے؛ |
| فَاِنِّی اُولِی لَکَ بِاللّٰهِ اَلِیَّةً غَیْرَ فَاجِرَةٍ ؛ | 19 | لہٰذا میں تمہارے معاملے میں اللہ کے نام کا حلف اُٹھاتا ہوں ایسا حلف جس کے ٹوٹنے کی گنجائش نہیں ہے کہ: |
| لَئِنْ جَمَعَتْنِیْ وَاِیَّاکَ جَوَامِعُ الْاَقْدَارِ لَاَزَالَ بِبَاحَتِکَ .حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰهُ بَیْنَنَا وَهُوَ خَیْرُ الْحَاکِمِیْنَ (اعراف 7/87) | 20 | اگر مجھے اور تمہیں تقدیر کے جمع کرنیوالے نے ایک جگہ اکٹھا کردیا تو اس وقت تک تمہارے مقابلے میں میدان نہ چھوڑونگا جب تک اللہ ہمارے درمیان فیصلہ نہ کردے اور وہ تمام فیصلہ کرنیوالوں سے اچھا فیصلہ کرنیوالا ہے۔ |

**تشریح:** خط کے آخری دونوں جملے بتاتے ہیں کہ یہ خط صفین کی جنگ کے بعد کسی زمانے میں لکھا گیا ہے اور یقیناً اس خط کے بعد ہی معاویہ نے سازشوں کے ذریعہ سے حضرت علی علیہ السلام کو اپنے سے دور دور رکھنے کے انتظامات کئے۔ تاکہ حضورؑ کے اس حلف سے بچنے کا موقع ملے اور آخری سازش کے ذریعہ سے بچ ہی گیا اور حضورؑ شہید ہوگئے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 56) خط

## " وَصّٰی بِهٖ شُرَیْحَ ابْنَ هَانِیءٍ لَمَّا جَعَلَهٗ عَلٰی مُقَدِّمَتِهٖ اِلَی الشَّامِ "

اِس تحریر کے ذریعہ سے شُرَیح ابن ھانی کو وصیت کے طور پر ہدایات دیں جب ملک شام کو جانے والی فوج کے مقدمہ کا انہیں سردار بنایا تھا"

## اپنی نگرانی کرنے اور خود پر قابو رکھنے کیلئے چند ہدایات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اِتَّقِ اللّٰهَ فِیْ كُلِّ صَبَاحٍ وَّمَسَآءٍ ؛ | 1 | صبح ہو یا شام ہو ہر وقت اللہ کے سامنے ذمہ دار رہنا؛ |
| وَخَفْ عَلٰی نَفْسِكَ الدُّنْیَا الْغَرُوْرَ ؛ | 2 | اور اپنی ذات کے لئے اس فریبی دنیا سے ڈرتے رہنا؛ |
| وَلَا تَاْمَنْهَا عَلٰی حَالٍ ؛ | 3 | اور کسی حال میں بھی دنیا سے بے فکر نہ ہو جانا؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّكَ اِنْ لَّمْ تَرْدَعْ نَفْسَكَ عَنْ كَثِیْرٍ مِمَّا تُحِبُّ فَخَافَةَ مَكْرُوْهٍ سَمَتْ بِكَ الْاَهْوَاءُ اِلٰی كَثِیْرٍ مِنَ الضَّرَرِ ؛ | 4 | اور یہ سمجھ رکھو کہ اگر تم نے کسی ناگواری کے ڈر سے اپنے نفس کو اُن بہت سی باتوں سے نہ روکا جو تمہیں محبوب ہیں تو پھر تمہاری نفسانی خواہشیں تمہیں بہت سی نقصان والی باتوں پر رضامند کر لیں گی؛ |
| فَكُنْ لِنَفْسِكَ مَانِعًا رَادِعًا ؛ | 5 | لہٰذا تم اپنے نفس کو روکنے اور ٹوکنے کا عادی بنائے رکھو؛ |
| وَلِنَزْوَتِكَ عِنْدَ الْحَفِیْظَةِ وَاقِمًا قَامِعًا ؛ | 6 | اور غصہ کے عالم میں اپنی تگ و دو کو دباتے اور کچلتے رہنا۔ |

**تشریح:۔** یہاں یہ یاد دلانا ہے کہ گیارہویں خط کی تشریح میں تفصیلات آ چکی ہیں۔ جو ایڈوانس گارڈ جنگ صفین کے لئے روانہ کیا گیا تھا اُس میں کُل بارہ ہزار سوار تھے اور دو سردار مقرر کئے گئے تھے اُن میں سے ایک زیاد ابن نضر حارثی تھا جو آٹھ ہزار جوانوں کا سردار تھا اور دوسرا یہی شریح ابن ھانی تھا۔ جسے چار ہزار جوان دئے گئے۔ اپنی پیاری چیزوں کو اختیار کر لینے اور دنیا کی فریب کاریوں سے بے خوف ہو جانے ہی کا نتیجہ تھا جو نہ صرف حضرت مالک اشتر رضی اللہ تعالیٰ کو بھگتنا پڑا بلکہ جناب محمد بن ابی بکر بھی دشمن کے ہتھے چڑھ گئے اور حکومت مصر اور ملک مصر ہاتھ سے جاتا رہا اور حضرت علی علیہ السلام کو بھی حد بھر صدمہ ہوا۔ لہٰذا دیکھنے میں یہ ہدایات سادہ اور معمولی معلوم ہوتی ہیں لیکن اگر مسلسل اور ہر حال میں انہیں سامنے رکھا جائے اور اُن پر عمل کیا جائے تو ہر میدان میں کامیابی لازم ہوگی۔ ہمیں حلال چیزوں کے استعمال میں خوف و خطرہ محسوس کرتے رہنا چاہئے۔ زیادہ تر حلال چیزوں کی طرف سے بے فکر و لاپرواہ ہو جانا ہی آدمی کو نقصان پہنچاتا رہا ہے۔ **حرام میں مضرت واضح ہوتی ہے اور حلال میں یہ تہہ در تہہ پوشیدہ ہوتی ہے۔**

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 57)خط

## اِلٰی اَھْلِ الْکُوْفَۃِ عِنْدَ مَصِیْرِہٖ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ اِلَی الْبَصْرَۃِ

اہل کوفہ کے نام مدینہ سے بصرہ جاتے ہوئے لکھا۔جس کے بعد جنگ جمل واقع ہوئی تھی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ خَرَجْتُ مِنْ حَیِّی ھٰذَا؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوّل کے بعد سنو کہ میں اس رٹھان (عارضی بستی) سے نکل کھڑا ہوا ہوں؛ |
| اِمَّاظَالِمًا وَّاِمَّا مَظْلُوْمًا ؛ | 2 | یا تو میں ظالم کی حیثیت میں نکلا ہوں یا مظلوم کی حیثیت سے؛ |
| وَاِمَّا بَاغِیًا وَّاِمَّا مُبْغِیًّا عَلَیْہِ ؛ | 3 | اور یا میں باغی کی حیثیت میں نکلا ہوں یا مجھے باغیوں نے نکالا ہے؛ |
| وَاَنَا اُذَکِّرُ اللّٰہَ مَنْ بَلَغَہٗ کِتَابِیْ ھٰذَالَمَّا نَفَرَاِلَیَّ ؛ | 4 | بہر حال جن لوگوں تک میرا یہ خط پہنچے اُنہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں کہ وہ فوراً آئیں؛ |
| فَاِنْ کُنْتُ مُحْسِنًا اَعَانَنِیْ وَاِنْ کُنْتُ مُسِیْئًا اسْتَعْتَبَنِیْ | 5 | اگر میں برسرِ حق ہوں تو میری مدد کریں اور اگر میں برسرِ ناحق ہوں تو، مجھے حق کی طرف موڑیں۔ |

**تشریح:۔** اسی سلسلے کا ایک خط گذر چکا ہے یہاں خاص بات یہ ہے کہ آپؑ نے مدینہ کی وہ پوزیشن بیان فرمائی ہے جو محمدؐ وعلیؑ اور اُن کے خاندان علیہم السلام کی نظر میں رہتی رہی ہے اور جو ہم اس شہر کو دیتے ہیں۔یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو زہر سے قتل کرنے اور حضرت فاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہا کو میراث رسوّل سے محروم کرنے اور حکومت رسوّل پر مستقل قبضہ کرنے کے تمام واقعات اسی شہر میں ظہور پذیر ہوئے۔اس خط میں حضور علیہ السلام نے بات یہاں سے شروع کی ہے کہ:۔

**اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ خَرَجْتُ مِنْ حَیِّی ھٰذَا** ۔(نمبر 57 خط، جملہ نمبر 1)

''حمد وثنائے خدا اور سوّل کے بعد معلوم ہو کہ میں **اِس رٹھان** سے نکل کھڑا ہوا ہوں۔''

علی نقی طہرانی کا ترجمہ:۔ ''**من از جائے قبیلۂ خود** (از مدینہ) بیرون آمدم'' (ترجمہ نہج البلاغہ جلد دوم صفحہ 1032)

مفتی کا ترجمہ:۔''دو ہی صورتیں ہیں یا تو میں ''**اپنے قوم وقبیلے کے شہر سے**'' باہر نکلا ہوں۔'' (جلد 3 صفحہ 146)

قارئین حضور علیہ السلام کے پہلے جملے کو دیکھیں وہاں نہ قوم کا لفظ ہے نہ قبیلہ کا لفظ ہے اور نہ شہر کی بات ہے لیکن ان دونوں مترجمین کے اپنے ترجمہ میں اپنے پاس سے وہ الفاظ خود لکھ دئے ہیں جن کو حضوؑر نے ترک کر دیا تھا۔حضوؑر کو لفظ قوم بھی معلوم تھا وہ لفظ قبیلہ بھی کہنا جانتے تھے لفظ بلد و مدینہ سے بھی واقف تھے۔مگر مدینہ کو یا اپنی ترک کی ہوئی چھوڑی ہوئی جگہ اِن میں کسی لفظ سے یاد کرنا پسند نہ کرتے تھے۔مگر اِن مترجمین نے اپنی جیب سے وہ تمام الفاظ لکھ دیئے جن کا مدینہ حق دار نہ تھا۔یعنی یہ مترجمین درحقیقت ترجمہ نہیں کرتے بلکہ حضرت علی علیہ السلام کی اصلاح کرتے ہیں اور انہیں تعلیم دیتے ہیں کہ یوں کہنا غلط ہے یوں کہا ہوتا۔

### لفظ ''حَیّ'' کا ترجمہ:۔

جناب علامہ الشیخ محمد عبدہ اَعلَی اللّٰہ مقامہ مفتی دیار مصر نے لفظ ''**حَیِّی**'' کا ترجمہ کیا ہے:۔

**موطن القبیلہ اَوْمنزلھا** (نہج البلاغہ صفحہ 114)

Presented by Ziaraat.Com

ڈکشنریوں لغات کے تراجم: 1۔کسی شہر کا محلّہ 2۔قوم وقبیلہ 3۔ کسی قبیلہ کا پڑاؤ 4۔کھلا راستہ۔(معجم اعظم جلد 2 صفحہ 717)

یہ تمام معنی یا ترجمے اُس وقت تک غلط رہیں گے جب تک ان میں سے الفاظ قوم ۔قبیلہ۔وطن اور شہر نہ نکال دیئے جائیں۔لہٰذا اس حیثیت سے لفظ ''پڑاؤ'' اور ''منزل'' کو صحیح ترجمہ کہا جاسکتا ہے۔ہم نے لفظ ''حَیِّ'' کا ترجمہ ''رِٹھان'' کہا ہے جو ہندی کا لفظ ہے لیکن سو فیصد صحیح ترجمہ ہے۔ ''حَیِّ یا رِٹھان'' کو سمجھنے کیلئے یہ سنیں کہ شہر کے بسنے والے کاشتکار روزانہ اپنے گھروں سے ہَل۔بیل اور کاشت کے دیگر اوزار وآلات کھیتوں پر لے جانے کے بجائے کھیتوں ہی میں عارضی تعمیر کر لیتے ہیں جہاں کام سے فارغ ہو کر گھوڑوں ،اونٹوں یا بیلوں کو باندھتے ہیں۔وہیں انہیں چارہ اور گھاس دانہ کھلاتے ہیں اور خود بھی گھر ،شہر سے آیا ہوا کھانا وہیں کھاتے ہیں اور آرام کرتے ہیں ضروری کاموں کیلئے شہر میں گھر پر بھی آتے جاتے رہتے ہیں اِس کو رِٹھان یا حَیِّ کہا جاتا ہے۔حَیِّ اسلئے کہ وہاں زندگی اور ضروریات زندگی موجود ملتی ہیں۔آنے جانے والے پاس سے گزرنے والے لوگ اور مسافر بھی وہاں آرام کر لیتے ہیں۔یہ صحیح ہے کہ مدینے میں محمد وعلی علیہم السلام کے قبیلہ کے لوگ اوس وخزرج نابتی خاندان سے تھے۔مگر قریشی لوگوں کی موجودگی سے اِن قبائل کی نفی کی گئی ہے۔کربلا میں شہید ہونیوالوں میں کوئی مدنی یا مکی شخص نہ تھا یعنی ان مقدس کہلانے والے شہروں میں کوئی بھی خاندانِ رسولؐ کا حمایتی یا فدا کار نہ تھا۔اور اسی کی سزا میں اللہ نے اُن پر مسلم کو مسلط کیا تھا جس نے تین دن اور راتیں وہاں بارہ ہزار فوجیوں کو قتل و غارت اور عصمت دری کی اجازت دی اور مدینہ میں لاتعداد حرامی بچے پیدا ہوئے۔12 ہزار کی تعداد غلط ہے بارہ ہزار فوجی تو عصمت دری کرنیوالوں کی تعداد ہے وہاں کسی عورت کا حرام سے بچ جانا ناممکن تھا اور اسی لئے خاندان رسولؐ کو یزید نے باہر خیموں میں رکھا تھا۔اور یہیں سے حرام نسلیں پھیلتی اور دشمنانِ محمدؐ وعلیؑ کی تعداد میں اضافہ کرتی رہیں۔اور انہی نسلوں کے افراد اہل بیت علیہم السلام کے خلاف جتنا زہر اُگل سکتے تھے اُگلتے اور کتابوں میں جمع کرتے رہے جو آج ہمارے پاس موجود ہے۔کہیں کہیں شاذ ونادر کسی حلالی کا بیان بھی ملتا ہے جس میں سچی باتیں اور مدحِ اہل بیتؑ بھی مل جاتی ہے۔یہ تھا ایک لفظ ''حَیِّ'' میں سمویا ہوا مطلب۔

## ( نمبر 58) خط

## کَتَبَهٗ اِلٰی اَهْلِ الْاَمْصَارِ یَقْتَصُّ فِیْهِ مَاجَرٰی بَیْنَهٗ وَبَیْنَ اَهْلِ صِفِّیْنَ

### جنگ صفین کی تفصیل سے مطلع کرنے کیلئے مختلف شہروں اور بستیوں کے لوگوں کو لکھ کر آگاہ کیا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَكَانَ بَدْءُ اَمْرِنَا اَنَّا الْتَقَيْنَا وَالْقَوْمُ مِنْ اَهْلِ الشَّام ؛ | 1 | ابتدائی صورتِ حال یوں تھی کہ ہم اور ملک شام کی ایک خاص قوم آمنے سامنے آئے؛ |
| وَالظَّاهِرُ اَنَّ رَبَّنَا وَاحِدٌ ؛ | 2 | اور ظاہری حالت یہ تھی کہ ہمارا پروردگار ایک تھا؛ |
| وَنَبِيَّنَا وَاحِدٌ؛ | 3 | اور ہمارا نبیؐ ایک تھا؛ |
| وَدَعْوَتَنَا فِی الْاِسْلَامِ وَاحِدَةٌ ؛ | 4 | اور ہماری اسلامی دعوت بھی ایک ہی تھی؛ |
| وَلَانَسْتَزِيْدُهُمْ فِی الْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَالتَّصْدِيْقِ بِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَسْتَزِيْدُوْنَنَا ؛ | 5 | اور نہ ہم نے اُن سے یہ چاہا کہ وہ ایمان باللہ میں یا تصدیق رسولؐ میں کچھ اضافہ کرلیں اور نہ وہ ہم سے زیادہ چاہتے تھے؛ |
| وَالْاَمْرُ وَاحِدٌ اِلَّا مَا اخْتَلَفْنَا فِيْهِ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ ؛ | 6 | اور ہماری مملکتی ضروریات بھی ایک تھیں سوائے اس اختلاف کے جو ہم میں عثمان |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | کے خون کے بارے میں ہو گیا تھا؛ |
| وَنَحْنُ مِنْهُ بَرَآءٌ ؛ | 7 | اور حقیقت میں ہم خونِ عثمان سے بالکل بری الذمہ تھے؛ |
| فَقُلْنَا : تَعَالَوْا نُدَاوِیْ مَالَا یُدْرَکُ الْیَوْمَ بِاِطْفَآءِ النَّائِرَةِ وَ تَسْکِیْنِ الْعَامَّةِ ؛ حَتّٰی یَشْتَدَّ الْاَمْرُ وَ یَسْتَجْمِعَ ؛ | 8 | چنانچہ ہم نے اُن سے کہا تھا کہ آؤ فتنہ کی آگ بجھا کر اور عوام کا جوش ٹھنڈا کر کے اس کا مداوٰی کریں یہاں تک کہ صورتحال اطمینان بخش ہو جائے اور اتحاد پیدا ہو جائے؛ |
| فَنَقْوٰی عَلٰی وَضْعِ الْحَقِّ فِیْ مَوَاضِعِهٖ ؛ | 9 | پھر ہمیں یہ قوت حاصل ہو جائیگی کہ ہم حق کو اُس کی صحیح جگہ پر قائم کر سکیں؛ |
| فَقَالُوْا : بَلْ نُدَاوِیْهِ بِالْمُکَابَرَةِ ؛ | 10 | لیکن ان لوگوں نے کہا کہ ہم اس کا مداوٰی جنگ آزمائی سے کریں گے؛ |
| فَاَبَوْا حَتّٰی جَنَحَتِ الْحَرْبُ وَرَکَدَتْ ؛ | 11 | اور جب اُنہوں نے ہماری تجویز کا انکار کر دیا تو جنگ نے پیر پھیلا دئے اور جم کر کھڑی ہو گئی؛ |
| وَوَقَدَتْ نِیْرَانُهَا وَحَمِسَتْ ؛ | 12 | جنگ کے شعلے بلند ہو گئے اور شدت بڑھ گئی؛ |
| فَلَمَّا ضَرَّسَتْنَا وَاِیَّاهُم ؛ | 13 | اور جب جنگ نے ہم دونوں کو دانتوں سے کاٹا؛ |
| وَوَضَعَتْ مَخَالِبَهَا فِیْنَا وَفِیْهِمْ ؛ | 14 | اور دونوں کو اپنے پنجوں میں دبوچ لیا؛ |
| اَجَابُوْا عِنْدَ ذٰلِکَ اِلَی الَّذِیْ دَعَوْنَا هُمْ اِلَیْهِ ؛ | 15 | تب وہ اُس بات پر رضامند ہو گئے جو ہم نے تجویز کی تھی؛ |
| فَاَجَبْنَا هُمْ اِلٰی مَادَعَوْا ؛ | 16 | چنانچہ ہم نے اپنی اس دعوت کو اُن کی زبانی قبول کر لیا؛ |
| وَسَارَعْنَا هُمْ اِلٰی مَاطَلَبُوْا ؛ | 17 | اور اُن کی مانگ کو جلدی سے مان لیا؛ |
| حَتّٰی اسْتَبَانَتْ عَلَیْهِمُ الْحُجَّةُ ؛ | 18 | یوں اُن کے اوپر حجت قائم ہو گئی؛ |
| وَانْقَطَعَتْ مِنْهُمُ الْمَعْذِرَةُ ؛ | 19 | اور اب اُن کے لئے کسی بھی عذر کی گنجائش باقی نہ رہی؛ |
| فَمَنْ تَمَّ عَلٰی ذٰلِکَ مِنْهُمْ فَهُوَ الَّذِیْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنَ الْهَلَکَةِ ؛ | 20 | اب اُن میں سے جو اپنے عہد کو پورا کرے گا وہ ہی ایسا شخص ہو گا جسے اللہ ہلاکت سے بچا لے گا؛ |
| وَمَنْ لَّجَّ وَتَمَادٰی فَهُوَ الرَّاکِسُ الَّذِیْ رَانَ اللّٰهُ عَلٰی قَلْبِهٖ ؛ | 21 | اور جو شخص ہٹ دھرمی کرتے ہوئے گمراہی میں دھنستا جائے گا تو وہ عہد شکن ہو گا جس کے دل پر اللہ نے مہر لگا دی ہو گی؛ |
| وَصَارَتْ دَائِرَةُ السُّوْءِ عَلٰی رَاْسِهٖ . | 22 | اور حادثاتِ زمانہ اس کے سر پر منڈلاتے رہیں گے۔ |

**تشریح:۔** پہلی بات تو یہ نوٹ کریں کہ حضرت علی علیہ السلام ساری مملکت کو حالات و واقعات سے آگاہ کرنے کے لئے یہ خط یعنی ملک بھر میں گشت کرنے والا گشتی خط (Circular) ارسال فرماتے ہیں تو یہ کیسے اور کونسی عقل سے باور کیا جائے گا کہ آپ قوانین و قواعد اور ضوابط سے مملکت کو مطلع نہ رکھتے ہوں گے۔ بالکل اسی طرح قارئین سمجھ لیں کہ جناب مالک اشترؓ پوری مملکت میں دورہ یا گشت کرنے والے حکمران بنائے گئے تھے جن کو بعینہ وہ اختیارات دئے گئے تھے جو خود حضرت علی علیہ السلام کو حاصل اور معاہدہ میں مذکور تھے۔ دوسری بات یہ نوٹ کریں کہ حضور علیہ السلام نے معاویہ کو شکست و ریخت کے مضحکہ خیز حالات یا قرآن کو نیزوں پر اُٹھانا اور فریاد و فغاں کرنا اس سرکلر میں نہیں لکھے ہیں۔ یعنی اُن کی صحیح توہین بھی نہیں کی ہے اور قابل مذاق

Presented by Ziaraat.Com

لوگوں کا بھی مذاق نہیں اُڑایا ہے۔ یہ بھی نہیں فرمایا کہ معاویہ نے ہم پر پانی بند کر دیا تھا اور ہم نے اُن پر پانی کو کھلا رکھا تھا۔ یعنی یہ گشتی خط نہ پبلک کی خوشامد کرتا ہے نہ معاویہ کی بے عزتی کرتا ہے۔ نہایت سنجیدگی سے معاویہ کو ہم پلہ اور برابر رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور صرف اشد ضروری حالات اور واقعات نوٹ کرائے گئے ہیں اور غپ شپ کے جذبے کو پاس نہیں آنے دیا گیا۔ یہ کہنے میں بھی حضورؑ کی کسر شان تھی کہ معاویہ نائلہ کی انگلیوں اور حضرت عثمان کے کُرتے سے اشتعال پھیلاتا رہا ہے۔

# ( نمبر 59) خط

## اِلَی الْاَسْوَدِ ابْنِ قَطِیْبَۃَ صَاحِبِ جُنْدِ حُلْوَان

### اسود بن قطیبہ حلوان کی فوج کے سردار کے نام

### انسانی حقوق کی برابری پر زور دیا ہے۔ اپنی ذات کی حفاظت کی تاکید فرمائی ہے۔ بیکار رہنے کی مذمت کی ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْوَالِیَ اِذَا اخْتَلَفَ ھَوَاہُ مَنَعَہُ ذٰلِکَ کَثِیْرًا مِّنَ الْعَدْلِ ؛ | 1 | حمد خدا اور سوّل کے بعد معلوم ہو کہ اگر حکمراں کے ذاتی خیالات میں ہم آہنگی کے بجائے اختلاف و تضاد ہوگا تو وہ اُسے اکثر عدل کرنے سے مانع ہوگا؛ |
| فَلْیَکُنْ اَمْرُ النَّاسِ عِنْدَکَ فِی الْحَقِّ سَوَاءً ؛ | 2 | لہٰذا حقوق کے سلسلے میں تمام انسان تیرے نزدیک برابر ہونا چاہئیں؛ |
| فَاِنَّہُ لَیْسَ فِی الْجَوْرِ عِوَضٌ مِّنَ الْعَدْلِ ؛ | 3 | یہ اس لئے کہ ظلم و زیادتی کبھی بھی عدل کے قائم مقام نہیں ہو سکتے؛ |
| فَاجْتَنِبْ مَاتُنْکِرُ اَمْثَالَہُ ؛ | 4 | اس سلسلے کی مانند و مثل جو جو کام تمہیں برے لگتے ہیں اُن سے خود بھی بچ کر رہا کرو؛ |
| وَابْتَذِلْ نَفْسَکَ فِیْمَا افْتَرَضَ اللّٰہُ عَلَیْکَ رَاجِیًا ثَوَابَہُ وَمُتَخَوِّفًا عِقَابَہُ ؛ | 5 | اور جو کچھ اللہ نے تم پر فرض کیا ہے اُسے پورا کرنے میں کشادہ دلی اور سخاوت سے کام لیا کرو اور اچھے اعمال پر ثواب کی اُمید اور برے اعمال پر عذاب کا خوف رکھا کرو؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ الدُّنْیَا دَارُ بَلِیَّۃٍ لَّمْ یَفْرُغْ صَاحِبُھَا فِیْھَا قَطُّ سَاعَۃً اِلَّا کَانَتْ فَرْغَتُہُ عَلَیْہِ حَسْرَۃً یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ ؛ | 6 | اور یہ جان لو کہ یہ دُنیا آزمائشوں کا گھر ہے یہاں جو شخص ایک گھڑی بھی بیکار رہ کر گزارے گا تو قیامت کے دن وہ بیکار گھڑی اسکے لئے حسرتوں کا سبب بن جائیگی؛ (یعنی انسان کو جب بھی فرصت ملے تو اُسے نئی متوقع آزمائشوں اور اعمال کے نتائج سے تحفظ کرنا چاہئے)؛ |
| وَاَنَّہُ لَنْ یُّغْنِیَکَ عَنِ الْحَقِّ شَیْءٌ اَبَدًا ؛ | 7 | اور یہ بھی سمجھ لو کہ کوئی چیز بھی تم کو حق سے بے نیاز نہیں کر سکتی ہے؛ |
| وَمِنَ الْحَقِّ عَلَیْکَ حِفْظُ نَفْسِکَ ؛ | 8 | اور تم پر حقوقِ خداوندی میں سے ایک حق یہ بھی ہے کہ تم اپنے نفس کی حفاظت کرتے رہو؛ |
| وَالْاِحْتِسَابُ عَلَی الرَّعِیَّۃِ بِجُھْدِکَ ؛ | 9 | اور اپنی کوشش اور وسعتوں کے مطابق رعیت کی نگرانی کرتے رہو؛ |
| فَاِنَّ الَّذِیْ یَصِلُ اِلَیْکَ مِنْ ذٰلِکَ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِیْ یَصِلُ بِکَ . والسلام ۔ | 10 | اس طریقے سے جو فائدہ تمہیں ہوگا وہ اُس فائدہ سے زیادہ ہوگا جو تم سے رعیت کو پہنچے گا۔ والسلام۔ |

**تشریح:۔** یہاں اس بات پر توجہ دیں کہ اکثر حضرت علی علیہ السلام یہ لکھتے رہے کہ:۔ ''جو خدا نے تم پر فرض کیا ہے'' یا جو کچھ اللہ نے اپنی کتاب میں ایک حاکم پر فرض کیا ہے۔'' ایسے جملے لکھنے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جسے لکھا جا رہا ہے وہ شخص فرائض خداوندی پر مطلع ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اِن لوگوں کو

Presented by Ziaraat.Com

فرائض خداوندی کی تعلیم دے دی گئی ہے۔یعنی یا خود فرائض کے قوانین کی فہرست انہیں بھیجی جا چکی ہے۔یا فرائض وغیرہ سے متعلق اُن کا امتحان لیا جا چکا ہے اور اُن پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ فرائض خداوندی پر عمل کریں گے۔

یہ شہر حُلوَان بغداد سے اُس زمانہ میں پانچ دن کی پانچ منزل کی مسافت پر تھا۔ہم نے سردار فوج کا نام اسود بن قطیبہ لکھا ہے مگر اکثر علما اُسے اسود بن قطبہ لکھتے رہے ہیں۔اس خط میں فراغت سے بیٹھنے کو منع فرمایا ہے (جملہ نمبر 6)۔یعنی بیکاری قیامت میں تکلیف پہنچانے والی چیز ہے اور بے کاری پر نوٹس لیا جائے گا۔اسی سے روکنے کے لئے حضور علیہ السلام نے اپنی اسلام کی تعریف (نظام ہدایت وتقلید صفحہ نمبر 3) میں فرمایا ہے:۔

**" اَلْعَمَلُ وَالْعَمَلُ فَالْعَمَلُ."** یعنی کام، کام اور کام ہی کام۔اور کام اس حالت کو قرار دیا جاتا ہے جس حالت میں کوئی ثمرہ یا قیمت یا منافع پیدا ہو یعنی پیداوار ہو۔ورنہ بے کاری شمار ہوگی خواہ انسان محنت ہی کیوں نہ کرتا رہا ہو۔ایسی حالت کو تضیع اوقات قرار دیا جائے گا اسی لئے فرمایا ہے کہ:۔''**ہر کام کے بدلے یا ثواب کی اُمید رکھو** (جملہ نمبر 5)۔جس کا بدلہ نہیں وہ بیکاری ہے۔

# ( نمبر 60) خط

## اِلَی الْعُمَّالِ الَّذِیْنَ یَطَأُ الْجَیْشُ عَمَلَهُمْ

**اُن گورنروں کے نام جن کا علاقہ گزرتی ہوئی فوجوں کے راستہ میں پڑتا ہو**

**گزرنے والی فوج اور علاقہ کے لوگوں میں تصادم کو روکنے کے لئے ہدایات**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَلِیٍّ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِلٰی مَنْ مَرَّبِهِ الْجَیْشُ مِنْ جُبَاةِ الْخَرَاجِ وَعُمَّالِ الْبِلَادِ . | 1 | خدا کے بندے علیؑ امیر المومنین کی طرف سے اُن خراج جمع کرنے والوں اور شہروں کے گورنروں کے نام جن کے علاقے سے فوج گزرنے والی ہے۔ |
| اَمَّابَعْدُ فَاِنِّیْ قَدْ سَیَّرْتُ جُنُوْدًاهِیَ مَارَّةٌ بِکُمْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ؛ | 2 | بعد از حمد وثنائے خدا اور سوٗل معلوم ہو کہ میں نے کچھ افواج روانہ کی ہیں جو اگر اللہ نے چاہا تو عنقریب تمہارے علاقوں سے گزریں گی؛ |
| وَقَدْ اَوْصَیْتُهُمْ بِمَا یَجِبُ لِلّٰهِ عَلَیْهِمْ مِنْ کَفِّ الْاَذٰی وَصَرْفِ الشَّذٰی ؛ | 3 | اور بلا شبہ میں نے انہیں ہدایت کر دی ہے اُس طرز عمل کی جو اللہ کی طرف سے اُن پر لازم ہے کہ وہ کسی کو نہ ستائیں اور کسی کو تکلیف نہ دیں؛ |
| وَاَنَا اَبْرَاءُ اِلَیْکُمْ وَاِلٰی ذِمَّتِکُمْ مِّنْ مَّعَرَّةِ الْجَیْشِ اِلَّامِنْ جَوْعَةِ الْمُضْطَرِّ لَایَجِدُ عَنْهَا مَذْهَبًا اِلٰی شِبَعِهٖ ؛ | 4 | اور میں تمہیں اور تمہارے اہل ذِمّہ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اگر فوج والے کوئی دست درازی کریں تو میں اُس دست درازی کا ذمہ دار نہیں ہوں۔سوائے اس کے کہ کوئی شخص بھوک کی وجہ سے بے قابو ہو جائے اور اُسے پیٹ بھرنے کی اور کوئی صورت نظر ہی نہ آئے۔ |
| فَنَکِّلُوْا مَنْ تَنَاوَلَ مِنْهُمْ ظُلْمًا عَنْ ظُلْمِهِمْ ؛ | 5 | بھوک کی اس شدت کے بغیر اگر کوئی اُن میں سے کسی قسم کی زیادتی کرے یا کوئی ظلم کرے تو تم اُسے سزا دینا؛ |
| وَکُفُّوْا اَیْدِیَ سُفَهَائِکُمْ عَنْ مُّضَارَّتِهِمْ وَالتَّعَرُّضِ لَهُمْ فِیْمَا | 6 | اور ساتھ ہی تم جذبات سے عقل کھو بیٹھنے والے جوانوں کو روک کر رکھنا تا کہ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اسْتَثْنَيْنَاهُ مِنْهُمْ ؛ | | وہ فوجیوں سے نہ اُلجھیں اور جن چیزوں کے لئے فوجیوں کو مختار بنا دیا گیا ہے اُن میں فوجیوں سے جھگڑا نہ کریں؛ |
| وَاَنَا بَيْنَ اَظْهُرِ الْجَيْشِ فَارْفَعُوْا اِلَيَّ مَظَالِمَكُمْ وَمَاعَرَاكُمْ مِمَّا يَغْلِبُكُمْ مِّنْ اَمْرِهِمْ ؛ | 7 | اور میں خود بھی فوج کیساتھ ساتھ اور نزدیک موجود ملوں گا۔ لہٰذا جو بھی گڑبڑ ہو یا کوئی ایسی زیادتی ہو جائے جس میں تم تدارک کرنے سے مغلوب ہو جاؤ؛ |
| وَلَا تُطِيْقُوْنَ دَفْعَهُ اِلَّا بِاللّٰهِ وَبِیْ ؛ | 8 | اور اُسکے دفعیّہ کی تم میں طاقت ہی نہ ہو اور تمہیں میری اور اللہ کی قوت درکار ہو تو مجھے مطلع کرنا |
| فَاَنَا اُغَيِّرُهُ بِمَعُوْنَةِ اللّٰهِ اِنْشَاءَ اللّٰهُ ۔ | 9 | چنانچہ میں اللہ کی مدد سے انشاءاللہ اس کا تدارک کروں گا۔ |

**تشریح:۔** آپ نے کم ازکم ہماری لکھی ہوئی تمام تفصیلات پڑھی ہیں اُن میں اور باقی قریش ساختہ تواریخ میں کہیں بھی یہ نہ ملے گا کہ حضرات ابوبکر و عمرو عثمان نے کہیں پبلک اور گورنروں کو ایسی ہدایات گشتی حکم نامہ میں بھیجی ہوں جیسی اِس گشتی مراسلے میں بھیجی گئی ہیں جن سے فوج اور پبلک میں تصادم اور زیادتی رک جائے۔ اِس سرکلر میں فصلوں اور فوجی سواریوں کا کہیں ذکر نہیں ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جانوروں کے چارے اور دانے کا اطمینان بخش انتظام موجود ہوتا تھا اور فصلوں کے اُجڑنے کا کوئی خطرہ پیش نہ آیا تھا۔ اس کے برعکس لیڈرانِ قریش کا قتل و غارت کرنا اور فصلوں کو تباہ کرنے کا قرآن میں تذکرہ فرمادیا گیا ہے (البقرۃ۔2/205)۔ یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ یہاں تنخواہ دار مستقل فوجوں کی طرح سے راشن سپلائی کا انتظام نہ ہوتا تھا۔ مجاہدین اپنا اپنا بندوبست کرتے تھے ورنہ بھوک سے مضطرب ہو جانے کا سوال ہی نہ ہوتا (جملہ نمبر 4)۔ اس مراسلہ میں جوشیلے جوانوں کا بھی خیال رکھا گیا اور فوجیوں کے ضبطِ نفس کا یقین ثابت ہوتا ہے ورنہ جنسیات پر بھی ہدایات ہوتیں۔

# ( نمبر61)خط

**"اِلٰی كُمَيْلِ ابْنِ زِيَادِالنَّخَعِيِّ وَهُوَ عَامِلُهُ عَلٰی هِيْتٍ يُنْكِرُ عَلَيْهِ تَرْكَهُ دَفْعَ مَنْ يَجْتَازُ بِهٖ مِنَ الْعَدُوِّ طَالِبًا لِلْغَارَةِ"**

**کمیل ابن زیادنخعی کے نام جو اُس وقت صوبۂ ھِیت کے گورنر تھے۔ اِس خط میں کمیل پر اپنی ناراضگی اور ملامت واضح کی ہے اِس لئے کہ کمیل نے دشمن کی فوجوں کو اپنے صوبہ میں لوٹ مار و قتل و غارت سے نہیں روکا تھا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ تَضْيِيْعَ الْمَرْءِ مَاوُلِّیَ ؛ | 1 | حمد و ثنائے خدا و رسولؐ کے بعد واضح ہو کہ کسی شخص کا اس مقصد کو ضائع کر دینا جس کے لئے اُسے حاکم بنایا گیا ہے؛ |
| وَتَكَلُّفَهُ مَا كُفِیَ ؛ | 2 | اور اُس کام میں گھس جانا جو اُس سے تعلق نہیں رکھتا ہے؛ |
| لَعَجْزٌ حَاضِرٌ وَرَأْیٌ مُتَبَّرٌ ؛ | 3 | اُس کے عقل و فہم کی واضح کمزوری اور ایک تباہ کن رائے اور فیصلہ ہے؛ |
| وَاِنْ تَعَاطِيَكَ الْغَارَةَ عَلٰی اَهْلِ قِرْقِيْسِيَا ؛ | 4 | تمہارا اہلِ قرقیسیا پر لوٹ مار اور قتل و غارت کے لئے دھاوا بول دینا؛ |
| وَتَعْطِيْلَكَ مَسَالِحَكَ الَّتِی وَلَّيْتَكَ ؛ | 5 | اور اُن سرحدوں اور آبادیوں کو غیر محفوظ چھوڑ دینا جن کے تحفظ کیلئے تمہیں حاکم بنایا گیا تھا؛ |
| لَيْسَ بِهَا مَنْ يَّمْنَعُهَا وَلَايَرُدُّ الْجَيْشَ عَنْهَا ؛ | 6 | جب کہ اُن بستیوں کو دشمن کی افواج سے محفوظ رکھنے والا اور قتل و غارت سے بچانے والا بھی کوئی نہ تھا؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| لَرَأْیٌ شَعَاعٌ ؛ | 7 | تمہارا یہ فیصلہ اور عملدرآمد تمہاری منتشر خیالی کا ثبوت ہے؛ |
| فَقَدْ صِرْتَ جِسْرًا لِّمَنْ اَرَادَ الْغَارَةَ مِنْ اَعْدَآئِکَ عَلٰی اَوْلِیَآئِکَ غَیْرَ شَدِیْدِ الْمَنْکِبِ ؛ | 8 | یقیناً اَے کمیل تو اپنے اُن دشمنوں کیلئے پل بن گیا جو تمہارے اولیا پر لوٹ مار اور قتل و غارت کیلئے حملہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں وہ بھی ایسی حالت میں جب کہ نہ تمہارے بازوؤں میں طاقت ہے؛ |
| وَلَا مَهِیْبِ الْجَانِبِ ؛ | 9 | اور نہ ہی تمہارا اُن پر کچھ دبدبہ اور ہیبت ہی ہے؛ |
| وَلَاسَآدٍّ ثُغْرَةً ؛ | 10 | اور نہ تم دشمن کا راستہ روکنے کے قابل تھے؛ |
| وَ لَا کَاسِرٍ لِّعَدُوٍّ شَوْکَةً ؛ | 11 | اور نہ ہی دشمن کا زور توڑ سکنے والے تھے؛ |
| وَ لَا مُغْنٍ عَنْ اَهْلِ مِصْرِهٖ ؛ | 12 | اور نہ ہی تم اپنے شہروں کو مستغنی و محفوظ کر سکنے والے تھے؛ |
| وَ لَا مُجْزٍ عَنْ اَمِیْرِهٖ ؛ | 13 | اور نہ ہی اپنے حاکم اعلیٰ کا کوئی کام انجام دے سکنے والے تھے۔ |

**تشریح:۔** اِس کا کردار خط میں واضح ہے کہ یہ شخص نہتے لوگوں کو لوٹنے اور قتل و غارت کرنے کا عقیدہ رکھتا تھا۔ اور وہ بھی اُن حالات میں جن کو تفصیل سے حضور علیہ السلام نے بیان فرما دیا ہے۔ اور نوٹ کرو کہ دشمنانِ علیؑ اور خاندان علی علیہم السلام نے اس کے بہت سے فضائل خود حضرت علیؑ کی زبانی بیان کئے ہیں اور وہ آج تک کمیل کی دعائیں پڑھ رہے ہیں اور کیوں نہ ہو جب کہ وہ عبداللہ ابن عباس کو بھی اپنا بزرگ مانتے چلے آ رہے ہیں۔

## ( نمبر62) خط اِلٰی اَهْلِ مِصْرَ مَعَ مَالِکِ ؓ الْاَشْتَرِ لَمَّا وَلَّاهُ اِمَارَتَهَا

**''اہل مصر کو مالکؓ اشتر کے ہاتھ جب اُن کو مصر کا گورنر بنا کر بھیجا تھا''**

**(1) قریش کا خلافت پر قبضہ کرنا سارے عرب کے خلاف تھا (2)۔ حضرت علی علیہ السلام کی خاموشی اور پھر احتجاج دونوں اسلام کے تحفظ کے لئے تھے**

**(3)۔ قریشی منصوبے پر کھل کر عمل کرنے والے (4)۔ اسلام کو مارشلزم میں تبدیل کرنے کی قائم شدہ بنیادوں کو بلند کرنے کا کام ہو رہا تھا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ ؛ نَذِیْرًا لِّلْعَالَمِیْنَ ؛ | 1 | بعد از حمدِ خدا و رسولؐ واضح ہو کہ اللہ پاک نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کو تمام عالمین کے لئے برے نتائج سے ڈرانے والا بنا کر مبعوث کیا تھا؛ |
| وَمُهَیْمِنًاعَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ؛ | 2 | اور تمام رسولؑوں پر ''محافظ، نگران، شاہد، امین، حامی اور تائید کرنے والا (تفہیم جلد اوّل صفحہ 477 حاشیہ نمبر 79) بنایا تھا؛'' |
| فَلَمَّا مَضٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ تَنَازَعَ الْمُسْلِمُوْنَ الْاَمْرَمِنْ بَعْدِهٖ ؛ | 3 | پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ چلے گئے۔ تو اُن کے بعد حکومت کے لئے مسلمان اسلام سے الگ ہو گئے؛ |
| فَوَاللّٰهِ مَاکَانَ یُلْقٰی فِیْ رُوْعِیْ وَلَایَخْطُرُ بِبَالِیْ اَنَّ الْعَرَبَ تُزْعِجُ هٰذَا الْاَمْرَ مِنْ بَعْدِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ ؛ عَنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ | 4 | قسم بخدا میرے دل میں کبھی اسکی نہ گنجائش پیدا ہوئی تھی نہ مجھے یہ خیال آیا تھا کہ سارا عرب میرے حاکم ہونے میں خلافت کو اہل بیتؑ سے نکال لے گا؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلَا اَنَّهُمْ مُنَحُّوْهُ عَنِّیْ مِنْ بَعْدِهٖ ؛ | 5 | اور نہ مجھے یہ تصور ہوا تھا کہ آنحضرتؐ کے بعد ملک عرب حکومت کو مجھ سے لے لینے پر متفق ہوسکیں گے؛ |
| فَمَا رَاعَنِیْ اِلَّا نْثِیَالُ النَّاسِ عَلٰی فُلَانٍ تُبَایِعُوْنَهُ ؛ | 6 | مگر میں نے یہ بھی دیکھا کہ لوگ فلاں شخص کے ہاتھ پر بیعت کرنے کیلئے جولانیاں دکھارہے ہیں؛ |
| فَاَمْسَکْتُ یَدِیْ حَتّٰی رَاَیْتُ رَاجِعَةَ النَّاسِ قَدْرَجَعَتْ عَنِ الْاِسْلَامِ یَدْعُوْنَ اِلٰی مَحْقِ دِیْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ ؛ | 7 | چنانچہ میں نے اپنے ہاتھ کو تلوار کے قبضہ پر جانے سے اُس وقت تک روکے رکھا جب تک میں نے یہ نہ دیکھ لیا کہ لوگ اسلام کو چھوڑ کر اپنے سابقہ مذہب کی طرف پلٹ رہے ہیں اور دین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کو مٹانے کی دعوت دینے لگے ہیں؛ |
| فَخَشَیْتُ اِنْ لَمْ اَنْصُرِ الْاِسْلَامَ وَاَهْلَهٗ اَنْ اَرٰی فِیْهِ ثَلْمًا اَوْهَدْمًا تَکُوْنُ الْمُصِیْبَةُ بِهٖ عَلَیَّ اَعْظَمَ مِنْ فَوْتِ وِلَایَتِکُمُ الَّتِیْ اِنَّمَا هِیَ مَتَاعُ اَیَّامٍ قَلَائِلَ یَزُوْلُ مِنْهَا مَاکَانَ کَمَایَزُوْلُ السَّرَابُ | 8 | یہ صورت حال دیکھ کر مجھے اللہ کی بازپرس سے خوف معلوم ہوا کہ اسلام میں ٹوٹ پھوٹ اور رخنہ دیکھتے رہنے اور اسلام اور اہل اسلام کی نصرت نہ کرنے سے تو مجھ پر اُس سے بڑی مصیبت آئیگی جو تمہاری حکومت میرے ہاتھ سے نکل جانے میں آنا ہے جو کہ تھوڑی سی مدت کا اثاثہ و سرمایہ ہوگی۔ دُنیا کی ہر چیز تو اُسی طرح زائل ہو جائیگی جیسے کہ دیکھتے دیکھتے سراب غائب ہوجایا کرتا ہے؛ |
| اَوْکَمَا یَتَقَشَّعُ السَّحَابُ ؛ | 9 | یا جیسے کہ ایک بادل چھٹ جاتا ہے؛ |
| فَنَهَضْتُ فِیْ تِلْکَ الْاَحْدَاثِ حَتّٰی زَاحَ الْبَاطِلُ وَزَهَقَ ؛ | 10 | چنانچہ میں نے دینی ایجادات کا ہجوم دیکھا تو روکا ہوا ہاتھ تلوار کے قبضہ پر رکھ دیا یہاں تک کہ باطل دب کر فنا ہوگیا؛ |
| وَاطْمَأَنَّ الدِّیْنُ وَتَنَهْنَهَ ؛ | 11 | اور دین نے اطمینان حاصل کیا اور تباہی سے محفوظ ہوگیا؛ |
| اِنِّیْ وَاللّٰهِ لَوْلَقِیْتُهُمْ وَاحِدًا وَّهُمْ طِلَاعُ الْاَرْضِ کُلُّهَا مَابَالَیْتُ وَلَا اسْتَوْحَشْتُ ؛ | 12 | قسم بخدا یہ ایک حقیقت ہے کہ اگر میں تنِ تنہا اُن سے جنگ کرنے کو نکلوں اور اِس زمین کی ساری وسعتیں اُنکی تعداد سے چھلک رہی ہوں تب بھی میں پریشان نہ ہوں گا اور نہ مجھے وحشت ہوگی؛ |
| وَاِنِّیْ مِنْ ضَلَالِهِمُ الَّذِیْ هُمْ فِیْهِ وَالْهُدَی الَّذِیْ اَنَا عَلَیْهِ لَعَلٰی بَصِیْرَةٍ مِنْ نَفْسِیْ وَیَقِیْنٍ مِّنْ رَبِّیْ ؛ | 13 | اور جس گمراہی میں وہ مبتلا ہیں اور جس ہدایت پر میں فائز ہوں میں اسکے متعلق پوری بصیرت رکھتا ہوں اور اپنے پروردگار کیطرف سے ملا ہوا پورا یقین رکھتا ہوں؛ |
| وَاِنِّیْ اِلٰی لِقَاءِ اللّٰهِ لَمُشْتَاقٌ ؛ | 14 | <u>اور میں یقیناً اللہ سے ملاقات کرنے کے لئے مشتاق ہوں؛</u> |
| وَلِحُسْنِ ثَوَابِهٖ لَمُنْتَظِرٌ رَاجٍ ؛ | 15 | <u>اور اللہ سے عمدہ قسم کے ثواب ملنے کا منتظر اور اُمیدوار ہوں؛</u> |
| وَلٰکِنَّنِیْ آسٰی اَنْ یَّلِیَ اَمْرَهٰذِهِ الْاُمَّةِ سُفَهَاؤُهَا وَفُجَّارُهَافَیَتَّخِذُوْا مَالَ اللّٰهِ دُوَلاً ؛ | 16 | اور اصل حقیقت یہ ہے کہ مجھے جس کا ملال ہے وہ یہ ہے کہ اِس اُمت کی حکمرانی اور کارفرمائی امت کے بے عقلوں اور بدکاروں کے ہاتھ میں چلی جائے گی اور وہ اللہ کے اموال کو اپنی ملکیت بنالیں گے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَعِبَادَهُ خَوَلًا ؛ | 17 | اور اللہ کے بندوں کو غلام بنالیں گے؛ |
| وَالصَّالِحِيْنَ حَرْبًا ؛ | 18 | اور نیکوں کو جنگ کا نشانہ بنائے رکھیں گے؛ |
| وَالْفَاسِقِيْنَ حِزْبًا ؛ | 19 | اور بدکاروں کو اپنے گروہ میں شامل کرلیں گے؛ |
| فَاِنَّ مِنْهُمُ الَّذِیْ شَرِبَ فِيْكُمُ الْحَرَامَ وَجُلِدَ حَدَّافِی الْاِسْلَامِ ؛ | 20 | چنانچہ اُن ہی لوگوں میں سے یقیناً وہ بھی ہے جس نے حرام شراب پی تھی اور اُسے اسلام میں کوڑوں کی سزا دی گئی تھی؛ |
| وَاِنَّ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ يُسْلِمْ حَتّٰى رُضِخَتْ لَهُ عَلَى الْاِسْلَامِ الرَّضَائِخُ ؛ | 21 | اور اُن ہی میں سے وہ شخص بھی موجود ہے جو اُس وقت تک مسلمان نہ ہوا جب تک اُسے اسلام لانے پر رشوت ملنا اور آمدنی شروع نہ ہوگئی؛ |
| فَلَوْلَا ذٰلِکَ مَااَكْثَرْتُ تَاْلِيْبَكُمْ وَتَاْنِيْبَكُمْ ؛ | 22 | چنانچہ اگر مجھے اِس کی فکر نہ ہوتی تو میں نے تمہیں نہ یہ تاکیدیں کی ہوتیں نہ ملامت کی ہوتی؛ |
| وَجَمْعُكُمْ وَتَحْرِيْضَكُمْ ؛ | 23 | اور نہ جہاد کے لئے جمع کیا ہوتا اور نہ تمہیں شوق دلایا ہوتا؛ |
| وَلَتَرَكْتُكُمْ اِذَابَيْتُمْ وَوَنَيْتُمْ ؛ | 24 | اور تمہیں تمہاری سرتابیوں کی بنا پر تمہارے حال پر چھوڑ دیا ہوتا؛ |
| اَلَا تَرَوْنَ اِلٰى اَطْرَافِكُمْ قَدِانْتَقَصَتْ ؛ | 25 | کیا تمہیں یہ نظر نہیں آتا کہ تمہاری حدود اور سرحدیں گھٹتی جارہی ہیں؟ |
| وَاِلٰى اَمْصَارِكُمْ قَدِ افْتُتِحَتْ ؛ | 26 | اور نہ تمہیں یہ نظر آرہا ہے کہ تمہارے شہروں کو فتح کیا جارہا ہے؟ |
| وَاِلٰى مُمَالِكِكُمْ تُزْوٰى ؛ | 27 | اور تم یہ بھی نہیں دیکھتے ہو کہ تمہارے ممالک اور ملکیتیں چھینی جارہی ہیں؟ |
| وَاِلٰى بِلَادِكُمْ تُغْزٰى ؟ | 28 | اور یہ کہ تمہاری بستیوں پر حملے کئے جارہے ہیں؟ |
| اِنْفِرُوْا . رَحِمَكُمُ اللّٰهُ . اِلٰى قِتَالِ عَدُوِّكُمْ ؛ | 29 | خدا تم پر رحم کرے دشمن سے جنگ اور دفاع کے لئے نکل پڑو؛ |
| وَلَا تَثَّاقَلُوْا اِلَى الْاَرْضِ فَتُقِرُّوْا بِالْخَسْفِ ؛ | 30 | اور اپنے قدموں کو بھاری کرکے زمین سے چمٹے نہ رہو ورنہ تمہیں مستقل طور پر زمین میں دھنستے چلے جانا پڑے گا؛ |
| وَتَبُوْؤُا بِالذُّلِّ ؛ | 31 | اور تم کو برابر ذلت و رسوائی میں آباد رہنا ہوگا؛ |
| وَيَكُوْنَ نَصِيْبُكُمُ الْاَخَسَّ ؛ | 32 | اور تمہارا نصیب سب سے گھٹیا ہوکر رہ جائے گا؛ |
| وَاِنَّ اَخَاالْحَرْبِ الْاَرِقِ ؛ | 33 | اور جنگ و جہاد کا بھائی تو بالکل بیدار و آمادہ ہے؛ |
| وَمَنْ نَّامَ لَمْ يُنَمْ عَنْهُ . وَالسَّلَامُ ۔ | 34 | اور جو کوئی سوتا رہتا ہے دشمن اس سے غافل ہوکر سوتا نہیں ہے۔ والسلام |

**تشریح:۔** یہاں پہلی بات تو یہ واضح ہوجانا چاہئے کہ اھل مصر کے نام اِس خط کو وہ خط نہیں سمجھ لینا چاہئے جو محمد بن ابی بکر کو معزول کرنے کے وقت لکھا گیا تھا۔ اور نہ مالکؓ اشتر کی اس تقرری کو وہ تقرری سمجھنا چاہئے جس کے بعد وہ مصر کے راستے ہی میں قتل ہوگئے تھے۔ (خط 38)

## حضرت علیؑ کے صبر و ضبط کو قریش نے وحدتِ اسلامی پر قربان کردیا ہے

دوسری اہم ترین بات حضرت علی علیہ السلام کا خلافت کے معاملہ پر تلوار نہ اُٹھانا اور قریشی خلافت سے تعاون کرنا ہے (62/7)۔ قریش نے جو

Presented by Ziaraat.Com

کہانی تلوار نہ اُٹھانے اور حضرات ابوبکر و عمر و عثمان سے تعاون پر گھڑی ہے وہ شیعوں کے علما نے بھی پسند کی اور اپنی کتابوں میں اُنہوں نے اُسے حضرت علی علیہ السلام کا ایک کارنامہ لکھا اور اُس پر فخر کیا ہے۔ یہاں ہم مفتی و مجتہد جعفر حسین کا وہ بیان لکھتے ہیں جو اُس نے اس زیر تشریح خط کے آخر میں بطور تشریح لکھ مارا ہے لکھتا ہے کہ:۔

''آپ نے جنگ پر وقتی سکوت کو ترجیح دی اور وحدت اسلامی کو برقرار رکھنے کے لئے تلوار کا سہارا لینے کے بجائے خاموشی کے ساتھ احتجاج کافی سمجھا کیونکہ آپؑ کو ظاہری اقتدار اتنا عزیز نہ تھا جتنی ملت کی فلاح و بہبود عزیز تھی اور منافقین کی ریشہ دوانیوں کے سدباب اور فتنہ پردازوں کے عزائم کو ناکام بنانے کے لئے اس کے سوا چارہ نہ تھا کہ آپؑ اپنے حق سے دستبردار ہو کر جنگ کو ہوا نہ دیں اور یہ بقائے ملت و اسلام کے سلسلے میں اتنا بڑا کارنامہ ہے جس کا تمام فِرَقِ اسلامیہ کو اعتراف ہے۔'' (ترجمہ نہج البلاغہ جلد 3 صفحہ 153)

یہ ہے وہ کہانی جو قریشی دانشوروں نے گھڑی اور تمام قریشی کتابوں میں لکھی اور ساری اُمت میں پھیلائی اور شیعوں کے نام نہاد علما مفتیوں مجتہدوں اور دانشوروں نے بطور فخر اختیار کر لی اور یہ نہ سمجھا کہ یہ کہانی ایک فریب ہے جس کے پیچھے بہت سے حقائق کو مستقل طور پر چھپا دینے کا مستحکم انتظام کیا گیا ہے۔ لیکن ہم قریش کو فریب ساز اور علمائے شیعہ کو فریب خوردہ یا فریب سازی میں ممد و مددگار سمجھتے رہے ہیں۔

ہمارے قارئین نے نہج البلاغہ اور بیان الامامت کے دس ہزار صفحات میں ہمارے وہ بیانات پڑھے ہیں جن میں خطبہ نمبر 3 سے لیکر آخر تک بار بار تفصیل سے یہ دکھایا گیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے قوت و طاقت و افرادی جمعیت اور افواج اور حکومت موجود ہوتے ہوئے کیوں بالجبر خلافت حاصل نہ کی؟ کیوں اس مکڑی کے جالے سے بھی کمزور تانے بانے کو قائم رہنے دیا اور کیوں اُن سے تعاون کیا؟ ہم علمائے شیعہ کی طرح تنکوں کا سہارا نہیں لیتے ہم ٹھوس دلائل و براہین اور آنکھوں سے نظر آنیوالے پہاڑوں سے زیادہ بلند و مستحکم ثبوت پیش کرتے چلے آرہے ہیں اور خطبات نہج البلاغہ کے ترجمہ اور تشریح میں یعنی منہاج **الرسالۃ** اور بیان **الامامۃ** کے دس ہزار صفحات میں وہ کچھ لکھ دیا ہے کہ جسکا ایک شوشہ بھی مخالفینِ محمدؐ و آل محمدؐ اور قریشی موالفین غلط ثابت نہیں کر سکتے۔ کسی دلیل میں نقص یا کسی ثبوت میں کمزوری نہیں دکھا سکتے۔ رہ گئے شیعہ بن کر مال و دولت کمانے اور پبلک کو لوٹنے والے یہ علمائے شیعہ جن کی مذمت سے نہج البلاغہ بھری پڑی ہے یہ حضرت علی علیہ السلام کے مصنوعی کارناموں کے سوا حقیقی کارنامہ ایک بھی نہیں جانتے۔ یہ تو دین فروش لوگ ہیں۔ یہ خبیث لوگ تو یہ کہتے اور لکھتے رہے ہیں کہ معاذ اللہ حضرت علی علیہ السلام بے یار و مددگار یکہ و تنہا تھے اور حضرت فاطمہ علیہا السلام کو گدھے پر بٹھا کر گھر گھر مدد مانگتے پھرتے تھے۔ اور یہ کہ عمر نے اُنکے گلے میں رسی باندھ کر حضرت ابوبکر کے سامنے گھسیٹ کر پیش کیا تھا۔ یہ ملاعین تو یہ مان گئے ہیں کہ حضرت علیؑ نے اُن لوگوں کی بیعت کر لی تھی۔ اور یہ بھی کہ حضرت امام حسن علیہ السلام معاویہ کے اور حضرت علی علیہ السلام قریشی لیڈروں کے وظیفہ خوار تھے۔ ان ملاعین کی کتابوں میں رسولؐ کی چار بیٹیاں مانا گیا ہے یہ خبیث لوگ حضرت عمر کو حضرت علی علیہ السلام کا داماد لکھتے اور مانتے رہے ہیں۔ اِنکے عقائد میں آئمہ علیہم السلام اور خود رسولؐ اللہ بھی (معاذ اللہ) مجتہد تھے۔ خدا اُن پر دشمنانِ محمدؐ و آل محمدؐ سے زیادہ اور بڑھ کر لعنت کرے آمین۔ یہی ملاعین ہیں جو خود امام اُمت بنتے اور رہتے چلے آئے ہیں اور امن امان کی آڑ میں **خلیفتہ بلافصل کے منکر اور قریشی حکومت کو بالواسطہ جائز حکومتیں مانتے رہے ہیں وغیرہ وغیرہ**۔ اور شیعوں کی کثرت انکی پجاری ہونیکی وجہ سے جہنمی ہو چکی ہے۔ اور ایک ہزار سال سے حضرت حجۃؑ امام زمانہ قائم قیامتؑ علیہ السلام کی طرف سے مردود قرار پا چکی ہے اور اپنے تمام رشتے امام زمانہؑ سے توڑ چکی ہے۔ یہ اور اِنکے نام نہاد علما اپنے شیعہ ہونے پر کوئی دلیل پیش نہیں کر سکتے۔

ہمارے اعلانات اور تحریروں میں تمام شیعہ مجتہدین اور اُن کے مقلدین اہلسنت والجماعت ہیں بلکہ اُن سے بھی بدتر اور دشمن تر ہیں۔ البتہ ہم

Presented by Ziaraat.Com

عزادارانِ حسین علیہم السلام کو عزاداری کی وجہ سے عزت واحترام دیتے ہیں مگر عنقریب خمینی وغیرہ ان سے ماتم وعزاداری چھڑادیں گے پھر وہ خمینی کے ساتھی شمار ہوں گے۔ہم بہاء اللہ،علی محمد باب،خالصی ،ڈھکواور کرمانی شیخوں اور شیخیوں اور تمام مثبت اور منفی مجتہدین سے تبرا کرتے ہیں۔اس لئے کہ یہ سب کسی نہ کسی طرح اور کسی نہ کسی مقدار میں محمدؐ وآل محمدؐ کے دشمن ہیں۔دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ پر لعنت۔

## حضرت علی علیہ السلام ہی نہیں بلکہ تمام آئمہؑ اور محمدؐ وفاطمہؑ قریش کے سارے کردار پر مطلع تھے

ہمارے قارئین اپنی سادگی کی بنا پر حضرت علی علیہ السلام کے جملے نمبر 5-4 کو پڑھ کر گھبرا جائیں گے اس لئے یہ بھی عرض کردیں کہ یہ جملے اپنے الفاظ اور معانی میں سو فیصد صحیح ہیں۔اور وہ یوں کہ خیالات وگمان وظن وخطرات اور تخمین وقیاسات اُن لوگوں سے تعلق رکھتے ہیں جو محدود عقل وحواس رکھتے ہیں جن کا علم غیب اور وحی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔یعنی یہ خاطی انسانوں کا سامان ہے جو اس سامان کے بغیر کچھ نہیں کرسکتے اور نہ اس سامان سے بلند ہو سکتے ہیں یعنی ان جملوں میں حضرت علی علیہ السلام نے عام انسان ہونے کی واضح نفی کی ہے اور بس۔

یعنی مجھے عام انسانوں کی طرح قریش اور عربوں کے غصب ونہب اور سازش کرنے کے متعلق خیالات اور وہم وگمان نہیں ہوا تھا بلکہ علم خداوندی کے مطابق اُن کی تمام حرکات اور سازش کا علم تھا اور اسی طرح علم تھا جس طرح یہ معلوم تھا کہ قریشی حکومت:۔

1) بدکاروں کے ہاتھ میں چلی جائے گی۔(جملہ نمبر 16) 2) مال خدا کو ذاتی مال بنالیں گے۔(جملہ نمبر 16)
3) اللہ کے بندوں کو غلام بنالیں گے۔(جملہ نمبر 17) 4) نیکوکاروں کے خلاف جنگ کریں گے۔(جملہ 18)
5) فاسقوں کو اپنی پارٹی میں داخل کریں گے۔(جملہ نمبر 19)

## حضرت علیؑ اوّل سے آخر تک قریشی حکومت کی اور قریش کی نقل وحرکت اور سازش کا علم رکھتے تھے

مودودی کی کتاب سے سنئے لکھا ہے کہ:۔''حضرت علیؑ نے کوفہ پہنچ کر شام پر چڑھائی کی تیاریاں شروع کردیں۔اس زمانہ میں انہوں نے جو تقریریں کیں اُن سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ **اُمت پر ملوکیت کے مسلط ہوجانیکا خطرہ کس شدت کے ساتھ محسوس کررہے تھے۔اور خلافت راشدہ کے نظام کو بچانے کیلئے کس طرح ہاتھ پاؤں ماررہے تھے**۔ایک تقریر میں وہ فرماتے ہیں۔''**خدا کی قسم اگر یہ لوگ تمہارے حاکم بن گئے تو تمہارے درمیان کسریٰ اور ھرقل کی طرح کام کریں گے**۔''ایک دوسری تقریر میں انہوں نے فرمایا:''**چلو ان لوگوں کے مقابلے میں جو تم سے اس لئے لڑرہے ہیں کہ ملوک جبابرہ بن جائیں اور اللہ کے بندوں کو اپنا غلام بنالیں**۔''اس کے بعد جو حالات پیش آئے انہیں دیکھ کر بہت سے وہ لوگ بھی جو پہلے حضرت علیؑ اور اُن کے مخالفین کی لڑائیوں کو محض فتنہ سمجھ کر غیر جانبدار رہے تھے **یہ اچھی طرح جان گئے تھے کہ حضرت علیؑ کس چیز کو قائم رکھنے اور امت کو کس انجام سے بچنے کے لئے اپنی جان کھپا رہے تھے**۔حضرت عبداللہ بن عمر نے اپنے آخری زمانہ میں کہا''**مجھے کسی چیز پر اتنا افسوس نہیں ہے جتنا اس بات پر ہے کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ کیوں نہ دیا**''۔مسروق بن اجدع حضرت علیؑ کا ساتھ نہ دینے پر توبہ واستغفار کیا کرتے تھے۔حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص کو عمر بھر اس بات پر سخت ندامت رہی کہ وہ **حضرت علیؑ کے خلاف جنگ میں معاویہ کے ساتھ کیوں شریک ہوئے تھے**؟''(خلافت وملوکیت صفحہ 144-145)

لہٰذا حضرت علی علیہ السلام کے چوتھے اور پانچویں جملے میں اُن کے اس علم حقیقی کا اظہار ہوتا ہے جو اللہ اور رسولؐ سے اُنہیں حاصل تھا۔وہ قیامت تک کے اُن تمام حالات کا بھی علم رکھتے تھے جو قریش سے سرزد ہونے والے تھے یا انہیں پیش آنے والے تھے۔یہ منصبی ذمہ داری تھی کہ وہ اپنے علم غیب پر عام طور سے وضاحت نہ کرتے تھے۔ایسے یقین سے دشمنانِ علیؑ اپنے مظالم میں احتیاط برتنے لگتے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر63)خط

## "اِلٰی اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیْ وَھُوَ عَامِلُہٗ عَلَی الْکُوْفَۃِ،وَقَدْ بَلَغَہٗ عَنْہُ تَثْبِیْطُہٗ النَّاسَ عَنِ الْخُرُوْجِ اِلَیْہِ لَمَّا نَدَبَھُمْ لِحَرْبِ اَصْحَابِ الْجَمَلِ "

ابوموسیٰ اشعری کے نام جب کہ وہ حضرت علیؑ کی طرف سے کوفہ کا گورنر (عثمان کا بنایا ہوا) چلا آ رہا تھا۔علیؑ کو معلوم ہوا کہ وہ طلحہ اور زبیر سے جنگ کو ناجائز کہہ کر لوگوں کو حضرت علی علیہ السلام کی مدد کو جانے سے روک رہا ہے حالانکہ علیؑ نے اُن کو مدد کے لئے دعوت دی تھی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ عَبْدِاللّٰہِ عَلِیٍّ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِلٰی عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ قَیْسٍ | 1 | اللہ کے بندے علیؑ امیر المومنین کی طرف سے عبداللہ ابن قیس کے نام۔ |
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ بَلَغَنِیْ عَنْکَ قَوْلٌ ھُوَلَکَ وَعَلَیْکَ ؛ | 2 | حمد وثنائے خدا اور سوؐل کے بعد معلوم ہو کہ مجھے تمہارے متعلق تمہاری ایک ایسی بات معلوم ہوئی ہے جس کا نفع اور نقصان جو بھی ہو تم ہی کو پہنچنا ہے؛ |
| فَاِذَا قَدِمَ عَلَیْکَ رَسُوْلِیْ فَارْفَعْ ذَیْلَکَ ؛ | 3 | چنانچہ جیسے ہی تمہارے پاس میرا قاصد پہنچے تو تم جہاد کے لئے دامن لپیٹ لو؛ |
| وَاشْدُدْ مِئْزَرَکَ ؛ | 4 | اور اپنی کمر کس کر باندھ لو؛ |
| وَاخْرُجْ مِنْ حُجُرِکَ ؛ | 5 | اور اپنے سوراخ میں سے باہر نکل آؤ؛ |
| وَانْدُبْ مَنْ مَّعَکَ ؛ | 6 | اور جو تمہارے ہم خیال ساتھی ہوں اُن کو بھی آمادہ کرلو؛ |
| فَاِنْ حَقَّقْتَ فَانْفُذْ ؛ | 7 | اور اگر تو نے حق کو حق مان لیا ہے تو فوراً حق کی حمایت کے لئے اُٹھو؛ |
| وَاِنْ تَفَشَّلْتَ فَابْعُدْ ؛ | 8 | اور اگر تم نے بزدلی دکھانی ہے تو کہیں بہت دور چلے جاؤ؛ |
| وَایْمُ اللّٰہِ لَتُؤْتَیَنَّ حَیْثُ اَنْتَ ؛ | 9 | اور اللہ کی قسم ہے کہ تم کہیں بھی ہوگے وہیں سے گھیر کر لائے جاؤ گے؛ |
| وَلَاتُتْرَکَ حَتّٰی یُخْلَطَ زُبْدُکَ بِحَاثِرِکَ ؛ | 10 | تمہیں چھوڑا نہیں جائیگا یہاں تک کہ تم اپنے دوھرے عقیدہ سے گھبرا اُٹھو گے |
| وَذَائِبُکَ بِجَامِدِکَ ؛ | 11 | اور تمہارا سارا خودساختہ تانا بانا بکھر جائے گا؛ |
| وَحَتّٰی تُعْجَلَ عَنْ قِعْدَتِکَ ؛ | 12 | یہاں تک کہ تمہیں چین سے بیٹھنا بھی نہ ملے گا؛ |
| وَتَحْذَرَ مِنْ اَمَامِکَ کَحَذْرِکَ مِنْ خَلْفِکَ ؛ | 13 | اور تم اپنے سامنے سے بھی اُسی طرح محتاط رہو گے جس طرح اپنے پیچھے سے خوفزدہ رہتے ہو؛ |
| وَمَاھِیَ بِالْھُوَیْنَا الَّتِیْ تَرْجُوْ ؛ | 14 | اور یہ صورتحال آسان سی نہیں ہے جیسا کہ تمہاری توقعات ہیں؛ |
| وَلٰکِنَّھَا الدَّاھِیَۃُ الْکُبْرٰی یُرْکَبُ جَمَلُھَا ؛ وَیُذَلُّ صَعْبُھَا؛ وَیُسَھَّلُ جَبَلُھَا ؛ | 15 | ولیکن اصحابِ جمل والا فتنہ تو ایک بہت بڑی مصیبت ہے جسکے اونٹ پر چڑھنا ہی پڑے گا؛ اور اس کی دشواریوں کو ذلیل کرنا ہی ہوگا؛ اور اسکی دشواریوں کو ذلیل کرنا اور اسکے بنائے ہوئے پہاڑوں کو میدان بنانا ہوگا؛ |
| فَاعْقِلْ عَقْلَکَ وَامْلِکْ اَمْرَکَ ؛ | 16 | چنانچہ تم اپنی عقل کو اسکے صحیح ٹھکانے پر لاؤ اور اپنی حالت پر قابو حاصل کرو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَخُذْ نَصِيبَكَ وَحَظَّكَ ؛ | 17 | اور اپنا لطف ونصیب حاصل کرنے میں لگ جاؤ؛ |
| فَإِنْ كَرِهْتَ فَتَنَحَّ إِلٰى غَيْرِ رُحْبٍ وَّلَا فِيْ نَجَاةٍ ؛ | 18 | اور اگر تمہیں ایسا کرنا ناپسند ہو تو تم وہاں دفع ہو جاؤ جہاں تمہارے لئے نہ خاطر و تواضع ہوگی اور نہ تمہیں نجات میسر آئے گی؛ |
| فَبِالْحَرِيِّ لَتُكْفَيَنَّ وَ اَنْتَ نَائِمٌ حَتّٰى لَايُقَالَ اَيْنَ فُلَانٌ وَاللّٰهِ اِنَّهُ لَحَقٌّ مَعَ مُحِقٍّ وَّلَايُبَالِيْ مَاصَنَعُ الْمُلْحِدُوْنَ . وَالسَّلَامُ. | 19 | اب مناسب یہی ہے کہ تمہیں ایک فضول و بیکار آدمی سمجھ کر نظر انداز کر دیا جائے لہٰذا غفلت کی نیند سوتے رہو کوئی یہ بھی معلوم نہ کرے گا کہ ابوموسیٰ کہاں ہے؟ قسم بخدا کہ تمہیں نظر انداز کر دینا بھی ایک حق پرست کا صحیح فیصلہ ہے اور جو دین کی مخالفت کرنے والوں کی پرواہ نہیں کرتا ہے۔ والسلام |

**تشریح:**۔ اس خط کے شروع میں رضی صاحب اور دیگر مترجمین نے ابوموسیٰ اشعری کو حضرت علیؑ کی طرف سے کوفہ کا گورنر لکھ رکھا ہے حالانکہ وہ عثمان کی طرف سے گورنر چلا آ رہا تھا۔ اسی قسم کی لاپرواہیوں سے مطالب کو الٹتے رہے ہیں۔ ہم نے خطبات کی تشریح میں ابوموسیٰ اشعری کا حال تفصیل سے لکھ دیا ہے یہاں یہ یاد دلا دیں کہ حضرت علیؑ کے اس مندرجہ بالا خط کے بعد بھی ابوموسیٰ نے اپنا مخالفانہ رویہ تبدیل نہ کیا تھا۔ یہاں تک کہ حضرت امام حسنؑ ایک وفد کیساتھ کوفہ پہنچے اور اپنے بیان میں اُن تمام پہلوؤں کو اضح کر دیا جن کی آڑ میں ابوموسیٰ لوگوں کو جنگ سے روکتا تھا۔ خطبہ سن کر لوگوں کی رائے بدل گئی اور ابوموسیٰ سے بحث اور جھگڑا شروع ہو گیا۔ اسی عالم میں ابوموسیٰ کے نوکر چاکر پہنچے اور بتایا کہ ایک ایسا ایسا گھر پر شخص آیا اور اُسکی بڑی تعظیم کی جا رہی ہے اُس نے ہمیں مار کر بھگا دیا اور مکان کا سارا سامان سڑک پر پھنکوانا شروع کر دیا جلد چلئے ایسا نہ ہو کہ آپ کا مکان لوٹ لیا جائے۔ ابوموسیٰ پہنچا تو وہ جناب مالک اشتر تھے انہوں نے ابوموسیٰ کو بھی آڑے ہاتھوں لیا اور فوراً دفع ہو جانیکا حکم دیا۔ منت سماجت اور سفارش کے بعد ایک دن کی اجازت ملی اور ابوموسیٰ کسی اور گھر میں منتقل ہو گیا اور اگلے روز کوفہ سے چلا گیا۔ اسکے بعد جناب مالک اشترؓ، امام حسن علیہ السلام اور کوفے سے فوجیں تیار ہو ہو کر روانہ ہونا شروع ہو گئیں اور حضرت علی علیہ السلام کے پاس افواج کا سمندر موجیں مارنے لگا۔ طلحہ و زبیر پر اتمام حجت کیا گیا مگر وہ اور حضرت عائشہ جنگ پر مُصر رہے اور یوں جنگ جمل وقوع میں آئی اور طلحہ و زبیر میدان جنگ میں کام آئے حضرت عائشہ کو شہر میں عارضی قیام کی اجازت دی گئی اور پھر مدینہ بھیجا گیا۔

## ( نمبر 64) خط — اِلٰى مُعَاوِيَةَ جَوَابًا كِتَابِهٖ : معاویہ کے جواب میں

**1) معاویہ کے سیاسی سوالات کا جواب دیتے ہوئے اس کا توڑ کیا گیا 2) اگر معاویہ علیؑ کے خط کو مجمع عام میں پڑھے تو پبلک معاویہ کو مجرم سمجھے**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّا كُنَّا نَحْنُ وَ اَنْتُمْ عَلٰى مَاذَكَرْتَ مِنَ الْاُلْفَةِ وَالْجَمَاعَةِ ؛ | 1 | حمد و ثنائے خدا اور رسولؐ کے بعد سنو کہ تمہارا یہ لکھنا کہ ''پہلے ہم میں اور تم میں الفت اور اتحاد تھا'' مطلب یہ کہ علیؑ نے تفرقہ اور دشمنی پیدا کر دی ہے۔ ایسا نہیں بلکہ یوں کہوں کہ: |
| فَفَرَّقَ بَيْنَنَاوَبَيْنَكُمْ اَمْسِ اَنَّا اٰمَنَّا وَكَفَرْتُمْ ؛ | 2 | اسلام سے پہلے تم میں اور ہم میں اتحاد و الفت تھی تفرقہ اور دشمنی یوں پیدا ہوئی کہ ہم ایمان لے آئے اور تم نے کفر اختیار کر لیا؛ |
| وَالْيَوْمَ اَنَّا اسْتَقَمْنَا وَفُتِنْتُمْ ؛ | 3 | اور آج تفرقہ اور دشمنی اسلئے ہے کہ ہم ایمان پر قائم ہیں اور تم نے فتنہ پیدا کر دیا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَا اَسْلَمَ مُسْلِمُكُمْ اِلَّا كُرْهًا ؛ | 4 | اورتمہارے مسلمان کہلانے والے لوگ تو اسلام لائے ہی نہ تھے مگر مجبوراً؛ |
| وَبَعْدَ اَنْ كَانَ اَنْفُ الْاِسْلَامِ كُلُّهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ حِزْبًا ؛ | 5 | اور وہ یوں کہ جب تم نے دیکھا کہ سارا عرب مسلمان ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے گروہ میں داخل ہو چکا ہے؛ |
| وَذَكَرْتَ اَنِّيْ قَتَلْتُ طَلْحَةَ وَالزُّبَيْرَ ؛ | 6 | تم نے یہ تذکرہ بھی کیا ہے کہ میں نے طلحہ اور زبیر کو قتل کیا ہے؛ |
| وَشَرَّدْتُ بِعَائِشَةَ ؛ | 7 | اور عائشہ کو اس کے گھر سے نکالا ہے؛ |
| وَنَزَلْتُ بَيْنَ الْمِصْرَيْنِ ؛ | 8 | اور مدینہ چھوڑ کر کوفہ اور بصرہ کے درمیان پڑاؤ ڈالا ہے؛ |
| وَذٰلِكَ اَمْرٌ غِبْتَ عَنْهُ فَلَا عَلَيْكَ وَلَا الْعُذْرُ فِيْهِ اِلَيْكَ ؛ | 9 | مگر یہ تینوں باتیں ایسی ہیں جن کا نہ تجھ سے کوئی تعلق ہے اور نہ تجھے ان سے کوئی نقصان ہوا ہے اور نہ تجھے ان کی وجوہات بتانے کی ضرورت ہی ہے؛ |
| وَذَكَرْتَ اَنَّكَ زَائِرِيْ فِي الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ ؛ | 10 | اور تم نے یہ بھی لکھا ہے کہ تو مہاجرین اور انصار کے ساتھ مجھ سے جنگ کرنے کے لئے میری زیارت کو آ رہا ہے؛ |
| وَقَدِ انْقَطَعَتِ الْهِجْرَةُ يَوْمَ اُسِرَ اَخُوْكَ ؛ | 11 | اور واقعہ یہ ہے کہ ہجرت کا درجہ ملنا تو اس روز سے بند ہے جس دن تیرا بھائی گرفتار ہوا تھا؛ |
| فَاِنْ كَانَ فِيْكَ عَجَلٌ فَاسْتَرْفِهْ ؛ | 12 | اور اگر تمہیں جنگ کرنے کی اتنی ہی جلدی ہے تو ذرا دم لے کہ:۔ |
| فَاِنِّيْ اِنْ اَزُرْكَ فَذٰلِكَ جَدِيْرٌ اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ اِنَّمَا بَعَثَنِيْ اِلَيْكَ لِلنِّقْمَةِ مِنْكَ ؛ | 13 | میں خود تمہاری زیارت کرنے کے لئے آ جاؤں اور یہ بہت مناسب ہوگا اس لئے کہ اس صورت میں اللہ نے تمہیں سزا دینے کیلئے مجھے مبعوث کیا ہوگا۔ |
| فَاِنْ تَزُرْنِيْ فَكَمَا قَالَ اَخُوْ بَنِيْ اَسَدٍ : مُسْتَقْبِلِيْنَ رِيَاحَ ؛ | 14 | اور اگر تم مجھ سے ملاقات کے لئے پہلے پہنچ گئے تو اس کا مطلب وہی ہوگا جو بنی اسد کے شاعر نے کہا تھا کہ: |
| الصَّيْفِ تَضْرِبُهُمْ ؛ | 15 | ''وہ موسم گرما کی ایسی ہواؤں کا سامنا کر رہے ہیں جو انہیں چٹانوں اور نشیبوں میں |
| بِحَاصِبٍ بَيْنَ اَغْوَارٍ وَّجُلْمُوْدٍ ؛ | | سنگ ریزوں کی مار دے رہی ہیں۔'' |
| وَعِنْدِيَ السَّيْفُ الَّذِيْ اَعْضَضْتُهُ بِجَدِّكَ وَخَالِكَ وَاَخِيْكَ فِيْ مَقَامٍ وَّاحِدٍ ؛ | 16 | اور میرے پاس وہی تلوار ہے جس سے میں تیرے نانا کو اور تیرے ماموں اور تیرے بھائی کو موت کے گھاٹ اتار کر ایک ہی جگہ پہنچا چکا ہوں؛ |
| وَاِنَّكَ وَاللّٰهِ .مَا عَلِمْتُ الْاَغْلَفُ الْقَلْبِ ؛ | 17 | اور بخدا تجھے میں اچھی طرح سے جانتا ہوں کہ تمہارے دل پر راہ راست سے بچنے کے لئے غلاف چڑھا ہوا ہے؛ اور |
| الْمُقَارِبُ الْعَقْلِ ؛ | 18 | جس کی عقل بہت محدود ہے؛ |
| وَاَلَا وَلِيَ اَنْ يُّقَالَ لَكَ ؛ | 19 | اور تمہارے لئے تو یہ کہنا بہت ہی مناسب ہے؛ |
| اِنَّكَ رَقِيْتَ سُلَّمًا اَطْلَعَكَ مَطْلَعَ سُوْءٍ | 20 | کہ تم ایک ایسی سیڑھی پر چڑھ گئے ہو جہاں سے تمہیں ایک ایسا منظر پیش آنا ہے جس |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| عَلَيْكَ لَالَكَ ؛ | | میں تیرے لئے برا ہی برا ہونا ہے اور اچھائی ہرگز نہیں ہے؛ |
| لِاَنَّكَ نَشَدْتَ غَيْرَ ضَآلَّتِكَ ؛ | 21 | اس لئے کہ تم غیروں کی گمشدہ چیز کی تاک میں ہو؛ |
| وَرَعَيْتَ غَيْرَ سَائِمَتِكَ ؛ | 22 | اور دوسروں کے مویشی چرانا چاہتے ہو؛ |
| وَطَلَبْتَ اَمْرًا لَّسْتَ مِنْ اَهْلِهٖ وَلَا فِيْ مَعْدِنِهٖ؛ | 23 | اور ایسی چیز کو حاصل کرنے میں لگے ہوئے ہو جس کی نہ تم اہلیت رکھتے ہو اور نہ ہی تم اس کی بنیاد سے تعلق رکھتے ہو؛ |
| فَمَا اَبْعَدَ قَوْلَكَ مِنْ فِعْلِكَ ؛ | 24 | اور تمہارے قول و فعل میں کتنی بے ربطی اور تضاد ہے؛ |
| وَقَرِيْبٌ مَّا اشْبَهْتَ مِنْ اَعْمَامٍ وَّاَخْوَالٍ حَمَلَتْهُمُ الشَّقَاوَةُ ؛ | 25 | تمہیں اپنے چچاؤں اور ماموؤں سے کتنی مشابہت ہے جنہیں اُن کے بغض و حسد اور ازلی بدبختی نے؛ |
| وَتَمَنّى الْبَاطِلِ عَلَى الْجُحُوْدِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ ؛ | 26 | اور باطل تمناؤں نے انہیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے خلاف ہٹ دھرمی اور مخالفت پر کھڑا کر دیا تھا؛ |
| فَصُرِعُوْا مَصَارِعَهُمْ حَيْثُ عَلِمْتَ لَمْ يَدْفَعُوْا عَظِيْمًا ؛ | 27 | چنانچہ وہ قتل ہو ہو کر اپنے گرنے کی جگہوں پر گرے تھے اور تمہیں خوب معلوم ہے کہ نہ وہ اس عظیم قوت سے دفاع کر سکے؛ |
| وَلَمْ يَمْنَعُوْا حَرِيْمًا بِوَقْعِ سُيُوْفٍ مَاخَلَا مِنْهَا الْوَغٰى ؛ | 28 | اور نہ ہی وہ اپنے حرم کو اُن تلواروں سے بچا سکے، جو کبھی میدان جنگ کو خالی نہیں چھوڑتی ہیں؛ |
| وَلَمْ تُمَاشِهَا الْهُوَيْنَا ؛ | 29 | اور نہ باطل کو مٹانے میں سستی و کمی کرتی ہیں؛ |
| وَقَدْ اَكْثَرْتَ فِيْ قَتَلَةِ عُثْمَانَ ؛ | 30 | اور تم نے عثمان کے قاتلوں کے متعلق بہت لکھا ہے اسکا جواب اتنا سا ہے کہ: |
| فَادْخُلْ فِيْمَادَخَلَ فِيْهِ النَّاسُ ؛ | 31 | تو بھی اطاعت کے اس زمرہ میں داخل ہو جا جس میں تمام لوگ داخل ہو چکے ہیں؛ |
| ثُمَّ حَاكِمِ الْقَوْمَ اِلَيَّ اَحْمِلْكَ وَاِيَّاهُمْ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى ؛ | 32 | پھر تم اور تمہاری قوم میرے سامنے مقدمہ لاؤ تو میں تمہیں اور تمہاری قوم کو اللہ تعالیٰ کی کتاب کے سامنے رکھ دوں گا؛ |
| وَاَمَّا تِلْكَ الَّتِيْ تُرِيْدُ فَاِنَّهَا خُدْعَةُ الصَّبِيِّ عَنِ اللَّبَنِ فِيْ اَوَّلِ الْفِصَالِ ؛ وَالسَّلَامُ لِاَهْلِهٖ ۔ | 33 | اور رہ گیا تمہارا یہ منصوبہ اس کی حیثیت میرے نزدیک بچوں والا وہ فریب ہے جو بچوں کا دودھ چھڑاتے وقت دیا جایا کرتا ہے؛ اور سلام اس پر جو اس کا اہل ہے۔ |

**تشریح:۔** یہ خط معاویہ نے ضرور اپنے اہل دربار کو سنا کر بھیجا ہوگا اور انہیں یہ تاثر دیا ہوگا کہ مسلمانوں کی یکجہتی اور محبت و اتحاد کو حضرت علی علیہ السلام نے خراب کیا ہے اور اُمت میں دو محارب گروہ بنائے ہیں جو ایک دوسرے کے دشمن اور خون کے پیاسے ہیں۔ اس اعتراض کا جواب قابل غور ہے اور اُن لوگوں کو اس جواب پر غور کرنا ہے جو عہد رسولؐ میں، عہد حضرت ابوبکر و عمر میں مسلمانوں کو متحد جماعت سمجھتے رہے ہیں جیسا کہ سنی و شیعہ علماء نے لکھا ہے کہ: <u>حضرت علیؑ نے مسلمانوں کا اتحاد برقرار رکھنے کے لئے تلوار نہ اٹھائی تھی۔</u>' وہ نوٹ کریں کہ حضرت علی علیہ السلام معاویہ کو بتا رہے ہیں کہ اسلام کا اعلان

Presented by Ziaraat.Com

ہوتے ہی اتحاد پارہ پارہ ہوگیا تھا۔اس لئے کہ:**اَنَّا اٰمَنَّا وَ کَفَرْتُمْ**. ''ہم ایمان لے آئے اورتم نے کفراختیار کیا'' مطلب صاف ہے کہ اعلان اسلام سے پہلے اتحاداورالفت موجودتھی۔اسلام نے اتحادوالفت کوخراب کیااور پھوٹ ڈال دی۔یعنی اسلام کا اعلان نہ ہوتا تو لوگوں میں اتحادوالفت برقرار رھتی۔یہاں معاویہ اگر یہ مانتا کہ واقعی حضرت علیؑ نے تفرقہ نہیں ڈالا بلکہ اسلام نے اتحادوالفت کوتباہ کیا تو معاویہ اسلام کا دشمن ثابت ہوجاتا ہے۔اب پہلے جملے کوغور سے دیکھئے جس میں فرمایا گیا کہ ہم ایمان لے آئے۔یعنی پہلے کافر تھے۔پھر دوسرے جملے کو دیکھئے فرمایا گیا کہ ''تم نے کفر کیا۔یعنی تم پہلے مومن تھے۔اب کافر ہوگئے۔یہ قریشی معانی کرنے کا طریقہ تھا جس سے ایمان لانے والے ایمان لانے سے پہلے کافر بن جاتے ہیں اور کفر کرنے والے کفر کرنے سے پہلے مومن قرار پاجاتے ہیں۔ہم نے جان بوجھ کر معنی کواس طرح لکھا ہے کہ یہ اُلجھن سامنے آئے اور قارئین ذراچوکنا رہ کر ترا جم پڑھا کیں۔لہٰذا ہمارے طریقہ پر کفر کے معنی حق پوشی ہیں اور ایمان کے معنی مان لینا ہیں۔لہٰذا حضورؐ کے جملے کو پھر سامنے لائیں اور ہماری طرح معنی کریں ''**اَمَنَّا وَ کَفَرْتُمْ** ''ہم نے مان لیا اورتم نے حق پوشی کی'' لہٰذا ماننے والے اور حق پوشی کرنے والے دومختلف گروہ ہوگئے۔پہلے نہ اعلان ہوا تھا نہ ماننے اور حق پوشی کا سوال تھا۔لہٰذا جو جس حال میں تھا وہ تھا اور اُسی حالت میں اتحادومحبت تھی۔یہ اعلان اسلام کرنے والی ہستی علیہ الصلوٰۃ والسلام خاندان بنی ہاشم علیہم السلام سے تھی اُس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ایک گروہ نے اُنہیں نبیؐ مان لیا دوسرے نے حق پوشی کی۔یعنی نبیؐ کا نبی ہونا ماننے سے بنی ہاشم کا اقتدار ماننے کا سوال رکاوٹ بن گیا اور اُنہوں نے کہہ دیا کہ تم نبیؐ نہیں محمد بن عبداللہ اور ہمارے جیسے اور ہم ہی میں سے ایک بشر ہو۔بہرحال اتحاد و الفت تفرقہ اور نفرت میں بدل گئی۔جنگیں ہوئیں تصادم ہوئے بائیکاٹ اور قطع تعلقات رہے۔لوگ مسلمان ہوتے رہے اور فتح مکہ پر یا کچھ بعد سب مسلمان ہوگئے۔اب ہمیں کوئی یہ بتائے اور آیت یا حدیث دکھائے کہ وہ اتحادوالفت پھر کب پیدا ہوئی تھی۔ہم قرآن کریم سے اُنہیں مسلمانوں میں فرقہ واریت دکھاتے ہیں اور ایسا فرقہ بھی مومنین میں ملتا ہے جو رسولؐ کے فیصلے پر رضامند نہ ہوتا ہے اور جانتے بوجھتے حق کے خلاف نبیؐ سے جھگڑا بلکہ مجادلہ کرتا تھا۔مودودی سے اُن کا محتاط ترجمہ سنئے۔وہ صورت حال کو سنبھالنے کے لئے آیت کے ترجمہ سے پہلے ایک بریکٹ لگاتے ہیں:۔

''(**اس مال غنیمت کے معاملے میں بھی ویسی ہی صورت پیش آرہی ہے جیسی اُس وقت پیش آئی تھی جب کہ**) تیرا رب تجھے حق کے ساتھ تیرے گھر سے نکال لایا تھا اور مومنوں میں سے ایک گروہ (آیت کا لفظ ہے **فَرِیْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ**) کو یہ سخت ناگوار تھا وہ اس حق کے معاملے میں تجھ سے جھگڑ رہے تھے درآں حالیکہ وہ حق صاف صاف نمایاں ہو چکا تھا اِن کا حال یہ تھا کہ گویا کہ وہ آنکھوں دیکھے موت کی طرف ہانکے جا رہے ہیں۔(سورہ انفال 8/5-6)(تفہیم القرآن جلد2 صفحہ 131-130)

یہاں اتحادومحبت کا کسی طرح ثبوت نہیں ملتا **فَرِیْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ** اور خود رسولؐ کے خلاف فرقہ اور جھگڑا ثابت ہے۔

**مودودی کی چوتھی تشریح بھی دیکھ لیں**:۔''ہم یعنی جس طرح اس وقت یہ (گروہ یا فرقہ) لوگ خطرے کا سامنا کرنے سے گھبرا رہے تھے حالانکہ حق کا مطالبہ اس وقت یہی تھا کہ خطرے کے منہ میں چلے جائیں،اسی طرح آج انہیں مال غنیمت ہاتھ سے چھوڑنا ناگوار ہورہا ہے حالانکہ حق کا مطالبہ یہی ہے کہ وہ اسے چھوڑ دیں اور حکم کا انتظار کریں۔''(تفہیم جلد2 صفحہ 131)

ہم کہنا یہ چاہتے ہیں کہ اسلام لانے یا مسلمان ہوجانے کے بعد کبھی بھی سارے مسلمانوں میں الفت واتحاد نہیں رہا ہے۔لہٰذا اُدھر معاویہ اپنے اعتراض میں جھوٹا ہے ادھر وہ لوگ بھی جھوٹے ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ:**''حضرت علی علیہ السلام نے خلافت کیلئے تلوار نہ اُٹھا کر مسلمانوں کا اتحاد برقرار رکھا''** مسلمانوں میں اتحاد تھا ہی نہیں تو برقرار رکھنا بے معنی ہے اور سارے مسلمانوں میں الفت ہوتی تو اللہ کو تالیف کی ضرورت نہ ہوتی۔(3/103 اور 8/63)

Presented by Ziaraat.Com

**سارا عرب مسلمان تھا اور علیؑ کے مخالفین سارے عرب کے بعد مجبوراً اسلام لائے تھے**

یہاں جملہ نمبر 5 - 4 کی رُو سے معاویہ اور اس کے ساتھی اور پسندیدہ لوگ مجبوراً اسلام لائے تھے یعنی سارے عرب کو مسلمان دیکھ کر اور خطرہ سمجھ کر مسلمان ہوئے تھے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ عرب میں منافق اور مرتد لوگ موجود تھے غلط ہے۔ چنانچہ خلافت حاصل کرنے والے بھی مسلمان تھے مخالفت کرنے والے بھی مسلمان تھے۔ حضرت ابوبکر کے خلاف بغاوت کرنے والے اور زکاۃ روکنے والے بھی مسلمان ماننا پڑیں گے۔ یہاں بھی طے ہو جانا چاہئے کہ معاویہ ایک بے عقل اور فریب کار آدمی تھا ہر پہلو سے اُس کی حماقتیں واضح کر دی گئی ہیں اور یہ بھی ظاہر ہے کہ خط جنگ صفین سے کہیں پہلے لکھا گیا ورنہ معاویہ ملاقات کرنے اور فوجوں کو لانے کی بات نہ کرتا۔

## ( نمبر65) خط — اِلَیْہِ اَیْضًا: پھر معاویہ کے نام

1) معاویہ کے بزرگوں نے بھی اللہ کی ممنوعہ چیزوں کو غصب کیا تھا 2) معاویہ اور اس کے بزرگ مقام امامت وخلافت سے بہت پست تھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ اٰنَ لَکَ اَنْ تَنْتَفِعُ بِاللَّمْحِ الْبَاصِرِ مِنْ عِیَانِ الْاُمُوْرِ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوؐل کے بعد اَے معاویہ سنو کہ تیرے لئے وہ وقت آ پہنچا ہے کہ تو سامنے پھیلے ہوئے حالات کو غور سے دیکھے اور اُن سے فائدہ اُٹھائے ؛ مگر تُو نے |
| فَلَقَدْ سَلَکْتَ مَدَارِجَ اَسْلَافِکَ بِاِدِّعَائِکَ الْاَبَاطِیْلَ ؛ | 2 | تو خود کو اپنے بزرگوں کے درجات اور طرز عمل سے وابستہ کر دیا ہے اس لئے کہ تو نے بھی باطل دعویٰ کیا ہے ؛ |
| وَاقْتِحَامِکَ غُرُوْرَ الْمَیْنِ وَالْاَکَاذِیْبِ ؛ | 3 | اور نہایت بے فکری سے خود کو جھوٹ کے ڈھیر میں دبایا ہوا ہے ؛ |
| وَبِانْتِحَالِکَ مَاقَدْ عَلَاعَنْکَ ؛ | 4 | اور خود کو اپنے سے بلند و بالا مقام کے حصول میں جھونک دیا ہے ؛ |
| وَابْتِزَازِکَ لِمَا اخْتُزِنَ دُوْنَکَ ؛ | 5 | اور یہ جانتے ہوئے کہ وہ مقام دوسروں کو سپرد شدہ ہے اُسے غصب کرنے میں اپنے بزرگوں کے راستہ پر چل رہے ہو ؛ |
| فِرَارًا مِنَ الْحَقِّ ؛ | 6 | تا کہ تم حق سے بچ کر فرار کر سکو ؛ |
| وَجُحُوْدًا لِمَاهُوَاَلْزَمُ لَکَ مِنْ لَّحْمِکَ وَدَمِکَ ؛ | 7 | اور اُس حقیقت کی مخالفت کر رہے ہو جو تم پر تمہارے خون اور گوشت سے بھی زیادہ لازم تر ہے ؛ |
| مِمَّا قَدْ وَعَاهُ سَمْعُکَ ؛ | 8 | اور وہ وہی ہے جسے تمہارے کانوں نے سنا ہے اور محفوظ رکھا ہوا ہے ؛ |
| وَمُلِیَٔ بِهٖ صَدْرُکَ ؛ | 9 | اور وہ وہی ہے جس سے تمہارا سینہ لبریز ہے ؛ |
| فَمَاذا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّاالضَّلَالُ الْمُبِیْنُ ؟ | 10 | بتاؤ کہ حق کے بعد کھلے ہوئے باطل کے سوا اور کیا رہ جاتا ہے ؟ |
| وَبَعْدَ الْبَیَانِ اِلَّا اللَّبْسُ ؟ | 11 | اور واضح بیان کے بعد اور کچھ نہیں بچتا سوائے حرّافی اور فریب کاری کے ؛ |
| فَاحْذَرِ الشُّبْهَةَ وَاشْتِمَا لِهَاعَلٰی لُبْسَتِهَا ؛ | 12 | لہٰذا تم شبہات سے اور شبہات کی مُلمّع کاری اور فریب نگاری سے بچ کر رہا کرو ؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّ الْفِتْنَةَ طَالِمَا اَغْدَفَتْ جَلاَ بِيْبَهَا ؛ | 13 | اس لئے کہ فتنوں نے مدت ہوئی کہ اپنے دامن لٹکا دئے تھے اور اپنی نقاب منہ پر ڈال رکھی ہے؛ |
| وَاَغْشَتِ الْاَبْصَارَ ظُلْمَتُهَا ؛ | 14 | اور اُن کے گہرے اندھیروں نے آنکھوں کو دیکھنے سے بے بس کر رکھا ہے؛ |
| وَقَدْ اَتَانِیْ كِتَابٌ مِنْكَ ذُوْا اَفَانِيْنَ مِنَ الْقَوْلِ ضَعُفَتْ قُوَاهَا عَنِ السِّلْمِ ؛ | 15 | بلا شبہ تمہارا ایک ایسا خط مجھے ملا ہے جس میں طرح طرح کی بے تکی باتیں ہیں اور جن سے صلح اور امن کے مقصد میں کمزوری پیدا ہوتی ہے؛ |
| وَاَسَاطِيْرَ لَمْ يَحُكْهَا مِنْكَ عِلْمٌ وَّلَا حِلْمٌ ؛ | 16 | اور اُس میں سطروں کی سطریں بکواس سے لبریز ہیں جن کو تو نے علم اور بردباری سے نہیں لکھا ہے؛ |
| اَصْبَحْتَ مِنْهَا كَالْخَائِضِ فِی الدَّهَاسِ وَالْخَابِطِ فِی الدَّيْمَاسِ ؛ | 17 | اُن سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تو دلدل میں دھنستا جا رہا ہے اور اندھے کنویں میں ہاتھ پیر مار رہا ہے یا جیسے ایک خبطی بکواس کرتا جا رہا ہے؛ |
| وَتَرَقَّيْتَ اِلٰی مَرْقَبَةٍ بَعِيْدَةِ الْمَرَامِ ؛ | 18 | اور تو نے (ولی عہد اور جانشین بننے کی درخواست کر کے) خود کو اتنا بلند کرنا چاہا ہے جہاں تک پہنچنا ممکن نہیں ہے؛ |
| نَازِحَةِ الْاَعْلاَمِ ؛ | 19 | وہ تو تمام بلند نشانات سے بھی بہت دور اور اونچا مقام ہے؛ |
| تَقْصُرُ دُوْنَهَا الْاَنُوْق ؛ | 20 | وہاں تک پہنچنا تو عقاب کے لئے بھی ممکن نہیں ہے؛ |
| وَيُحَاذٰی بِهَا الْعَيُّوْقُ ؛ | 21 | <u>اور اُس کے محاذ میں تو عیُّوق ستارہ آتا ہے؛</u> |
| وَحَاشَ لِلّٰهِ اَنْ تَلِیَ لِلْمُسْلِمِيْنَ بَعْدِیْ صَدَرًا اَوْ وِرْدًا ؛ | 22 | میں اللہ سے پناہ مانگتے ہوئے کہتا ہوں کہ میں تمہیں اپنے بعد کے لئے مسلمانوں کا حاکم اور فیصلے کرنے والا ہرگز نہ بناؤں گا؛ |
| اَوْ اُجْرِیَ لَكَ عَلٰی اَحَدٍ مِنْهُمْ عَقْدًا اَوْعَهْدًا ؛ | 23 | یا تمہیں کسی ایک مسلمان پر بھی اُس کے معاملات میں حاکم نہ بناؤں گا (نکاح و طلاق اور معاہدہ کرنے کا اختیار بھی نہ دوں گا)؛ |
| فَمِنَ الْاٰنِ فَتَدَارَكْ نَفْسَكَ وَانْظُرْ لَهَا ؛ | 24 | بہر حال تو اِس گھڑی سے اپنی ذہنیت اور حالت پر غور کرنا شروع کر دے اور اس کا تدارک کر لے؛ |
| فَاِنَّكَ اِنْ فَرَّطْتَ حَتّٰی يَنْهَدَا اِلَيْكَ عِبَادُاللّٰهِ ؛ | 25 | 25۔ اِس لئے کہ اگر تم نے اپنی اصلاح میں اُس وقت تک کوتاہی کی کہ جب اللہ کے بندے مقابلے کے لئے اُٹھ کھڑے ہوں گے؛ |
| اُرْتِجَتْ عَلَيْكَ الْاُمُوْرُ ؛ | 26 | تو تمہارے لئے تمام راہیں بند ہو جائیں گی؛ |
| وَمُنِعْتَ اَمْرًا هُوَ مِنْكَ الْيَوْمَ مَقْبُوْلٌ .وَالسَّلاَمُ ۔ | 27 | اور جو کچھ آج تجھ سے قبول کیا جا سکتا ہے وہ حملہ کے بعد قبول نہ ہوگا۔ والسلام |

**تشریح:۔** یہ معاویہ کے ایک مخصوص خط کا جواب ہے جس میں اُس نے چاہا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام اسے اپنے بعد کے لئے ولی عہد بنا کر مصر پر حاکم رہنے دیں اور گورنری سے معزول کرنے کے حکم کو نظر انداز فرما دیں۔ یہ سب کو معلوم ہے کہ حضور علیہ السلام نے پہلے ہی دن تمام عثمانی گورنروں کو معزول

Presented by Ziaraat.Com

کرنے کے احکام جاری کئے تھے جن میں معاویہ کو بھی معزول ہو کر آنے کے لئے حکم نامہ بھیجا تھا۔ اگر حضرت علی علیہ السلام نے خود کو حضرات ابوبکر و عمر و عثمان والی قریشی حکومت کا جانشین سمجھا ہوتا اور خود کو قریشی قوانین کے ماتحت بننے والا ویسا ہی خلیفہ سمجھا ہوتا تو معاویہ کی یہ درخواست قبول کی جا سکتی تھی اور معاویہ نے حضورؑ کو حضرات ابوبکر و عمر و عثمان ہی جیسا ایک خلیفہ سمجھ کر یہ خط لکھا تھا اور اپنی درخواست کے منظور ہونے کی پوری اُمید کی تھی۔ اس لئے کہ ایک قریشی مسلمہ خلیفہ اپنے بیٹوں کے علاوہ کسی کو بھی اپنا جانشین اور ولی عہد بنا سکتا تھا۔ لیکن اِس جواب نے معاویہ کی تمام اُمیدوں پر پانی پھرا دیا اور اُسے اب معلوم ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام خود کو **خلیفۃ اللّٰہ** سمجھتے ہیں اور یہ کہ **خلیفۃ اللّٰہ** کا تقرر اللہ کے سوا کوئی اور نہیں کر سکتا۔ اور یہ کہ خلیفۃ اللہ کا مقام اللہ تک بلند ہوتا ہے وہ جانشینِ خداوندی ہوتا ہے اور اُس کے اختیارات اور قدرت وہی ہوتی ہے جو اللہ کے اختیارات و قدرت ہوتی ہے۔ تاکہ وہ اللہ کی ہر ممکن نمائندگی کر سکے۔ اور جس کا ہر کام و خیال و ارادہ اللہ سے منسوب ہو سکے۔ اور اسی جواب سے معاویہ کو رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کا مقام معلوم ہوا تھا۔ اس جواب میں حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ اینڈ کمپنی کو اپنا اور خلفائے ثلاثہ کا فرق سمجھایا ہے اور بتایا ہے کہ یہ بزرگوار تو غاصب تھے اور یہ کہ معاویہ بھی غصب کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ اِسی خط میں حضرت علی علیہ السلام نے اُسے موقع دیا ہے کہ وہ اپنی اصلاح کر کے اطاعت کر لے۔ اگر معاویہ نے بیعت و اطاعت اختیار کی ہوتی اور صحیح عقیدے کا برملا اعلان کیا ہوتا تو ممکن تھا کہ حضور علیہ السلام اُسے قوانین اسلام کے ماتحت کچھ فائدہ پہنچا دیتے۔ یعنی اُسے نبطیوں کی طرح معصومؑ حکومت کے ماتحت حکمران قرار دے دیتے اور یہ بہت بڑا اعزاز ہوتا اور نجات کی اُمید کی جا سکتی تھی اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ بلندی بھی عیوق ستارہ سے کچھ کم نہ ہوتی۔

## عیوق ستارہ کے متعلق معلومات

**عیوق** ایک سرخ رنگ کا ستارہ ہے جو ہماری کہکشاں کے داہنے کنارے پر نظر آتا ہے اور ستارۂ ثُریّا کے بعد نکلتا ہے اور ثُریّا سے آگے بڑھ جاتا ہے۔ ثریا کے آگے پیچھے رہنے والا ایک اور ستارہ ہے عَوّق کہتے ہیں اور یہ ثریا کا محافظ کہلاتا ہے اسی کے نام سے لفظ عیوق بنایا گیا ہے اور یہ ہر سال 8 فروری کو رات کے 9 بجے نصف النہار (خط استوا) پر سے گذرتا ہے۔

## وہ واضح بیان جسے تمام قریش نے سنا اور محفوظ رکھا اور سینوں میں رہتا چلا آیا ہے

جملہ نمبر 8 تا 11 میں جس واضح بیان کا ذکر فرمایا ہے وہ دعوتِ ذوی العشیرہ **وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ** o (26/214) ہے۔ جہاں حضرت علی علیہ السلام کو **خلیفۃ اللّٰہ**، وزیر اور بھائی بنانے کا اعلان کیا گیا تھا اور قریش نے خلافت و وزارت و اخوت حاصل کرنے کا موقع ٹھکرا دیا تھا۔ جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام قریش اینڈ کمپنی کو حضرت علی علیہ السلام کی بے چوں و چرا اطاعت کا حکم دیا گیا تھا۔ اور جب بعد میں سکھوں کی طرح حقیقت سمجھ میں آئی تو خلافت حاصل کرنے اور قومی حکومت بنانے کی اسکیم شروع کی گئی تھی۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر66)خط اِلٰی عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ الْعَبَّاسِ : عبداللہ ابن عباس کے نام

## ایسی نصیحت کی گئی ہے جو ایک عام اور ادنیٰ آدمی کو کی جاتی ہے اور اُس کے کردار کی نفی ہوتی ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْعَبْدَ لَیَفْرَحُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ لَمْ یَکُنْ لِّیَفُوْتَہٗ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوؐل کے بعد واضح ہو کہ بندہ کبھی ایسی چیز کو پا کر خوشی منانے لگتا ہے جو کبھی اُس کے ہاتھ سے جانے والی نہیں ہوتی ہے؛ |
| وَیَحْزَنُ عَلَی الشَّیْءِ الَّذِیْ لَمْ یَکُنْ لِّیُصِیْبَہٗ ؛ | 2 | اور ایسی چیز پر غمگین ہو جاتا ہے جو اُس کو کبھی ملنے والی نہیں ہوتی؛ |
| فَلَا یَکُنْ اَفْضَلُ مَا نِلْتَ فِیْ نَفْسِکَ مِنْ دُنْیَاکَ بُلُوْغَ لَذَّۃٍ اَوْشِفَآءَ غَیْظٍ ؛ | 3 | لہٰذا اَے ابن عباس لذتوں کو جیسے بھی ملیں حاصل کرنا اور جذبۂ انتقام کو جیسے بھی ہو پورا کر کے چھوڑنا تمہاری نظروں میں دنیا کی سب سے افضل نعمت نہ ہونا چاہئے؛ |
| وَلٰکِنْ اِطْفَآءَ بَاطِلٍ وَاِحْیَآءَ حَقٍّ ؛ | 4 | بلکہ باطل کو مٹانا اور حق کو زندہ اور نافذ رکھنا بہترین نعمت ہونا چاہئے؛ |
| وَلْیَکُنْ سُرُوْرُکَ بِمَا قَدَّمْتَ ؛ | 5 | اور تمہاری خوشی اُس ذخیرہ پر منحصر ہونا چاہئے جو تم نے آخرت کے لئے آگے بھیجا ہے؛ |
| وَاَسَفُکَ عَلٰی مَاخَلَّفْتَ ؛ | 6 | اور تمہارا رنج وافسوس اُس سامان پر ہونا چاہئے جو جمع کر کے ضائع ہونے کے لئے پیچھے چھوڑا ہے؛ |
| وَھَمُّکَ فِیْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ ۔ | 7 | اور تمہاری فکر وبصیرت اور ہمت موت کے بعد کے لئے صرف ہونا چاہئے۔ |

**تشریح:۔** اس کے بارے میں خطوط اور کردار کو پیش کیا جا چکا ہے۔ یہ وہ شخص ہے جو قریشی سازش کی وجہ سے خود کو علیؑ و محمدؐ کا چچا زاد بھائی سمجھتا رہا ہے۔ تعلیماتِ قرآن اور رسوؐل اور حضرت علی علیہ السلام کی تعلیم سے جس نے ذرہ برابر اثر نہ لیا اور حضرت علی علیہ السلام اور مومنین کے ساتھ ہر غدر وغبن جائز سمجھا۔ یہی نہیں اس کی اولاد نے بھی خاندان مرتضوی علیہم السلام پر صدیوں تک مظالم کئے۔ اِنہوں نے آئمہ علیہم السلام کے اور اسلام کے خلاف باقاعدہ محاذ جاری رکھا۔ اسلامی عقائد اور تصورات کو مٹانے کے لئے غیر مسلم اقوام کے فلاسفروں کی پرورش کی تنخواہیں اور وظائف دئے۔ فلسفہ ومنطق کی کتابوں کے تراجم کرائے اور مسلمانوں کو بے دین کرنے میں استعمال کیا۔ اگر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے جواب میں حقیقی منطقی اور فلسفی تیار نہ کئے ہوتے تو ان لوگوں نے دین اور دینداروں کو مسمار کر دیا ہوتا۔ بہر حال عبداللہ اور اس کا باپ علیؑ و محمدؐ کے دشمن تھے اور دشمن رہے اور دشمن نسل چھوڑ کر چلے گئے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 67) خط اِلٰی قُثَمَ ابْنِ الْعَبَّاسِ وَهُوَ عَامِلُهُ عَلٰی مَكَّةَ

## عباس کے بیٹے قثم کے نام جو مکہ میں آپؑ کا گورنر تھا

1۔ قریش ،مکہ میں آنے والوں سے قرآن کے خلاف کرایہ لیا کرتے تھے اس سے منع کیا ہے

2۔ حکم و پیغام گورنر خود زبانی دے گا 3۔ کوئی دربان نہ رکھے گا 4۔ کسی کو ملاقات سے محروم نہ کرے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاَقِمْ لِلنَّاسِ الْحَجَّ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوّل کے بعد معلوم ہو کہ لوگوں کے ساتھ حج کو قائم کرو؛ |
| وَذَكِّرْهُمْ بِاَيَامِ اللّٰهِ ؛ | 2 | اور اُنہیں اللہ کے یادگار دنوں کی یاد دلاتے رہو؛ |
| وَاجْلِسْ لَهُمُ الْعَصْرَيْنِ فَاَفْتِ الْمُسْتَفْتِیَ | 3 | اور دن میں دو مرتبہ لوگوں کی مجلس قائم کر کے موجود رہا کرو اور فتویٰ مانگنے والوں کو فتویٰ دیا کرو؛ |
| وَعَلِّمِ الْجَاهِلَ ؛ | 4 | جاہلوں کو تعلیم دیا کرو؛ |
| وَذَاكِرِ الْعَالِمَ ؛ | 5 | اور عالموں سے تبادلہ خیال کیا کرو؛ |
| وَلَايَكُنْ اِلَی النَّاسِ سَفِيْرٌ اِلَّا لِسَانُكَ ؛ | 6 | اور تمہارا پیغام پہنچانے والی تمہاری اپنی زبان ہونا چاہئے نہ کہ پیغامبر اور سفیر؛ |
| وَلَا حَاجِبٌ اِلَّا وَجْهُكَ ؛ | 7 | اور تمہارے چہرے کے علاوہ کوئی تمہارا دربان نہ ہونا چاہئے ؛اور |
| وَلَا تَحْجُبَنَّ ذَاحَاجَةٍ عَنْ لِقَائِكَ بِهَا ؛ | 8 | ضرورت مند کو اپنی ملاقات سے محروم نہ کرنا؛ یعنی ضرورت کی چیزیں لئے ہوئے ملاقات کرو؛ |
| فَاِنَّهَا اِنْ ذِيْدَتْ عَنْ اَبْوَابِكَ فِیْ اَوَّلِ وِرْدِهَا لَمْ تُحْمَدْ فِيْمَا بَعْدُ عَلٰی قَضَائِهَا ؛ | 9 | اس لئے کہ اگر پہلی مرتبہ تمہارے دروازوں سے حاجت مند کو خالی موڑ دیا گیا تو پھر وہ حاجت روائی کے بعد بھی تمہیں قابل تعریف نہ سمجھے گا؛ |
| وَانْظُرْ اِلٰی مَا اجْتَمَعَ عِنْدَكَ مِنْ مَّالِ اللّٰهِ فَاصْرِفْهُ اِلٰی مَنْ قِبَلَكَ مِنْ ذَوِی الْعِيَالِ وَالْمَجَاعَةِ ؛ | 10 | اور اِس پر نظر رکھو کہ تمہارے پاس اللہ کا کچھ مال جمع ہو گیا ہے لہٰذا اسے اپنے آس پاس کے اور سامنے کے عیالداروں اور بھوکوں ننگوں میں تقسیم کرو؛ |
| مُصِيْبًابِهٖ مَوَاضِعَ الْفَاقَةِ وَالْخَلَّاتِ ؛ | 11 | خیال یہ رکھو کہ مال صحیح حقداروں کے مرکز تک پہنچ جائے فاقہ کش محروم نہ رہیں؛ |
| وَمَا فَضَلَ عَنْ ذٰلِكَ فَاحْمِلْهُ اِلَيْنَا لِنَقْسِمَهُ فِيمَنْ قِبَلَنَا ؛ | 12 | اور جو وہاں کی ضرورت سے فاضل ہوا کرے اُسے ہمارے پاس روانہ کر دیا کرو تا کہ ہم یہاں کے حقداروں میں تقسیم کیا کریں؛ |
| وَمُرْاَهْلَ مَكَّةَ اَنْ لَا يَاْخُذُوْا مِنْ سَاكِنٍ اَجْرًا ؛ | 13 | اور مکہ کے باشندوں کو حکم دو کہ وہ باہر سے آ کر ٹھہرنے والوں سے کرایہ نہ لیا کریں؛ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ يَقُوْلُ: سَوَآءَ نِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ (حج 22/25)؛ | 14 | اس لئے کہ اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ ’’ مکہ میں عاکف اور بادی دونوں یکساں اور برابر ہیں (22/25) |
| فَالْعَاكِفُ : اَلْمُقِيْمُ بِهٖ ؛ | 15 | عاکف وہ شخص ہے جو مکہ میں مقیم و آباد ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْبَادِیْ : اَلَّذِیْ یَحُجُّ اِلَیہِ مِنْ غَیرِ اَھْلِہٖ وَفَّقَنَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُمْ لِمَحَابِّہٖ .والسلام ۔ | 16 | اور بادی وہ ہے جو باہر سے حج کو آیا ہو وہاں کا باشندہ نہ ہو۔اللہ ہمیں اور تمہیں پسندیدہ کاموں کی توفیق دے۔والسلام |

**تشریح:۔** یہ قثم عبداللہ کا برادر حقیقی ہے۔عبداللہ ابن عباس نے باغی ہو جانے اور بیت المال کو لوٹنے کے بعد مکہ میں سکونت اختیار کر لی تھی اور حضرت علی علیہ السلام کے تقاضوں کے بعد بھی باغی رہنا پسند کیا تھا۔مگر قثم نے گورنر ہوتے ہوئے نہ عبداللہ کے آنے کی اطلاع دی نہ اس کے خلاف کوئی قدم اُٹھایا اور اپنے امام وخلیفہ کے خلاف اپنے بھائی کی حمایت اور مدد کرتا رہا اور ایک خط میں پہلے بھی قثم کی مذمت ہو چکی ہے۔

## ( نمبر 68) خط اِلٰی سَلْمَانَؓ الْفَارِسِیِّ قَبْلَ اَیَّامِ خِلَافَتِہٖ

### اپنی ظاہری خلافت سے پہلے سلمانؓ فارسی کے نام لکھا تھا

### دنیا کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہئے؟اور فریب سے بچنے کیلئے خود پر کس طرح نظر رکھنا چاہئے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّمَا مَثَلُ الدُّنْیَامَثَلُ الْحَیَّۃِ ؛ | 1 | حمدِ خدا ورسولؐ کے بعد واضح ہو کہ یہ دنیا اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ اس کی مثال سانپ جیسی ہے؛ |
| لَیِّنٌ مَسُّھَا قَاتِلٌ سَمُّھَا ؛ | 2 | جو کہ چھونے میں چکنا،نرم اور خوشگوار ہوتا ہے مگر اُس کا زہر قاتل ہوتا ہے؛ |
| فَاَعْرِضْ عَمَّا یُعْجِبُکَ فِیْھَا لِقِلَّۃِ مَا یَصْحَبُکَ مِنْھَا ؛ | 3 | چنانچہ اس دنیا کی جو جو چیزیں تمہیں اچھی لگیں اور پسند آئیں اُن سے دل چسپی نہ لینا کیونکہ تمہارے ساتھ جانے والی چیزیں اُن میں بہت کم ہیں؛ |
| وَضَعْ عَنْکَ ھُمُوْمَھَا لِمَا اَیْقَنْتَ بِہٖ مِنْ فِرَاقِھَا ؛ | 4 | دنیا کی فکروں کو جھٹک دو اس لئے کہ تمہیں دنیا سے جدائی کا یقین ہے؛ |
| وَتَصَرُّفِ حَالَاتِھَا ؛ | 5 | اور تمہیں دنیا کے حالات کے بدلتے رہنے کا تجربہ بھی ہے؛ |
| وَکُنْ اَنَسَ مَاتَکُوْنُ بِھَا اَحْذَرَ مَاتَکُوْنُ مِنْھَا ؛ | 6 | اور جس وقت یہ دنیا تمہیں زیادہ محبوب معلوم ہونے لگے وہی وقت ہوتا ہے جو اِس سے زیادہ بچ کر رہنے کا ہوتا ہے؛ |
| فَاِنَّ صَاحِبَھَا کُلَّمَا اَطْمَاَنَّ فِیْھَا اِلٰی سُرُوْرٍ اَشْخَصَتْہُ عَنْہُ اِلٰی مَحْذُوْرٍ ؛ | 7 | یہ اس لئے کہ جب بھی دنیا دار دنیا کی فراہم کی ہوئی مسرتوں پر مطمئن ہو جاتا ہے تو دنیا اُس کو سختیوں میں دھکیل دیتی ہے؛ |
| اَوْ اِلٰی اِیْنَاسٍ اَزَالَتْہُ عَنْہُ اِلٰی اِیْحَاشٍ، وَالسَّلَامُ۔ | 8 | یا دنیا کی اُنسیت ومحبت پر بھروسہ کر لیتا ہے تو دنیا اُس سے اپنے اُنس ومحبت کو ہٹا کر وحشت وھراس میں بدل دیتی ہے۔والسلام |

**تشریح:۔** حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے سب سے بہترین صحابی تھے سب سے زیادہ عمر رسیدہ تھے ایک بے باک دوستدارِ اہلبیتؑ تھے۔حضرت علی علیہ السلام کے مخلص صحابی اور شاگرد تھے۔اُن کا پہلا نام روزبہ ابن خشنُو دان تھا۔آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلمان نام رکھا تھا۔ایک زمانہ میں آپ کو قریشی حکومت نے ایران کا گورنر بھی بنایا تھا۔حضرت سلمان ہی نے جنگ احزاب میں خندق کھودنے کا مشورہ دیا تھا۔انہوں

Presented by Ziaraat.Com

نے بھی ابوبکر کی بیعت نہیں کی تھی۔ان کا انتقال مدائن ہی میں ہوا تھا اور حضرت علی علیہ السلام نے مدائن جا کر اُن کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔باقی مورخین نے لکھا ہے کہ غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی تھی۔بہرحال یہ حضرت علی علیہ السلام کے مخصوص صحابہ میں سے تھے جن میں کسی قسم کا نقص بیان نہیں کیا گیا ہے۔

## ( نمبر 69) خط اِلَی الْحَارِثِ الْھَمْدَانِی : حارث ہمدانی رضی اللہ کے نام

1) قرآن سے وابستہ رہنے کی تاکید (2) ساتھیوں اور دوستوں کے اچھے یا برے ہونے سے تمہیں اچھا یا برا سمجھا جائیگا (3) باز اری اڈوں میں اُٹھنا بیٹھنا (4) جمعہ کے روز سفر کی پوزیشن (5) اپنے ساتھ سلوک پر ہدایات (6) بڑے شہروں میں آباد ہونے یا اسلامی مرکز سے قریب رہنے کی تاکید (7) روزمرہ کام آنے والی ہدایات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| وَتَمَسَّکْ بِحَبْلِ الْقُرْاٰنِ وَاسْتَنْصِحْهُ ؛ | 1 | قرآن کے سلسلے سے وابستہ رہو اور وہیں سے نصیحت حاصل کیا کرو؛ |
| وَاَحِلَّ حَلَالَهُ ؛ وَ حَرِّمْ حَرَامَهُ ؛ | 2 | اور صرف قرآن اور سلسلۂ قرآن کے حلال کو حلال اور اُن ہی کے حرام کو حرام سمجھو؛ |
| وَصَدِّقْ بِمَا سَلَفَ مِنَ الْحَقِّ ؛ | 3 | اور ماضی میں جو حق کی باتیں گذری ہیں اُن سب کی تصدیق کرو؛ |
| وَاعْتَبِرْ بِمَا مَضٰی مِنَ الدُّنْیَا مَابَقِیَ مِنْهَا ؛ | 4 | اور دنیا میں سے جو کچھ گزر گیا ہے اس سے باقی رہی ہوئی دنیا کے متعلق عبرت و سبق حاصل کرو؛ |
| فَاِنَّ بَعْضَهَا یُشْبِهُ بَعْضًا ؛ | 5 | یقیناً دنیا کی بعض چیزیں اس کی بعض سے مشابہ ہیں؛ |
| وَاٰخِرَهَا لَاحِقٌ بِاَوَّلِهَا ؛ | 6 | اور اس کا آخر بھی اپنے اوّل سے ملحق ہونے والا ہے؛ |
| وَکُلُّهَا حَائِلٌ مُّفَارِقٌ ؛ | 7 | اور یہ دنیا ساری کی ساری بچھڑنے اور فنا ہونے والی ہے؛ |
| وَعَظِّمِ اسْمَ اللّٰهِ اَنْ تَذْکُرَهُ اِلَّاعَلٰی حَقٍّ ؛ | 8 | اللہ کے نام کی عظمت کو سامنے رکھو اور سو فیصد حق کے علاوہ کسی اور معاملے میں اُس کی قسم نہ کھایا کرو؛ |
| وَاَکْثِرْ ذِکْرَالْمَوْتِ وَ مَابَعْدَ الْمَوْتِ ؛ | 9 | اور موت کو اکثر یاد کرتے رہو اور موت کے بعد جو کچھ ہونا ہے اُسکا ذکر کرتے رہو؛ |
| وَلَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ اِلَّا بِشَرْطٍ وَّثِیْقٍ ؛ | 10 | اور موت کے آجانے کی تمنا کبھی نہ کرنا سوائے اِسکے کہ کوئی یقینی شرط لگا کر؛ |
| وَاحْذَرْ کُلَّ عَمَلٍ یَّرْضَاهُ صَاحِبُهُ لِنَفْسِهٖ وَیَکْرَهُ لِعَامَّةِ الْمُسْلِمِیْنَ ؛ | 11 | اور اُن تمام اعمال سے بچو جن کو اپنے لئے پسند کیا جاتا ہو اور عوام الناس کے لئے وہی کام کرنا پسند نہ آتا ہو (یعنی دوسروں کے ساتھ وہی کرو جو اپنے ساتھ کیا جانا پسند آتا ہو اور وہ نہ کرو جسے اپنے لئے ناپسند کرتے ہو)؛ |
| وَاحْذَرْ کُلَّ عَمَلٍ یُعْمَلُ بِهٖ فِی السِّرِ وَیُسْتَحٰی مِنْهُ فِی الْعَلَانِیَةِ ؛ | 12 | ان تمام اعمال سے بچ کر رہو جو چھپا کر تو کئے جاسکتے ہوں مگر سب کے سامنے اعلانیہ کرنے میں شرم آتی ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاحْذَرْ كُلَّ عَمَلٍ اِذَا سُئِلَ عَنْهُ صَاحِبُهُ اَنْكَرَهُ اَوِ اعْتَذَرَ مِنْهُ ؛ | 13 | اور اُن تمام کاموں سے بھی باز رہو جن کو کرنے والے سے پوچھا جائے تو وہ خود بھی اُن کو برے کام کہے گا یا اُن پر شرمندہ ہوگا اور معذرت خواہی ضروری سمجھتا ہو؛ |
| وَلَا تَجْعَلْ عِرْضَكَ غَرَضًا لِّنِبَالِ الْقَوْلِ ؛ | 14 | اور ایسی باتیں نہ کرو جن پر چہ میگوئیاں ہوں اور اعتراضات کے تیر برسیں؛ |
| وَلَا تُحَدِّثِ النَّاسَ بِكُلِّ مَاسَمِعْتَ بِهٖ فَكَفٰى بِذٰلِكَ كَذِبًا ؛ | 15 | اور سنی سنائی باتیں واقعات کی طرح بیان نہ کرتے پھرو ورنہ وہی تمہیں جھوٹا قرار دینے کے لئے کافی ہو جائیں گی؛ |
| وَلَا تَرُدَّ عَلَى النَّاسِ كُلَّ مَاحَدَّثُوْكَ بِهٖ فَكَفٰى بِذٰلِكَ جَهْلًا ؛ | 16 | اور لوگوں کی ہر بات کو جھٹلانے سے باز رہو ورنہ وہی تمہاری جہالت کے لئے کافی ہو جائیں گی؛ |
| وَاكْظِمِ الْغَيْظَ وَتَجَاوَزْ عِندَ الْمَقْدِرَةِ ؛ | 17 | اور غصہ کو پی جایا کرو اور سزا دینے کی قدرت ہوتے ہوئے لوگوں کو معاف کر دیا کرو؛ |
| وَاحْلُمْ عِنْدَ الْغَضَبِ ؛ | 18 | اور غصہ و غضب کے عالم میں بردباری و حلیمی اختیار کرو؛ |
| وَاصْفَحْ مَعَ الدَّوْلَةِ تَكُنْ لَكَ الْعَاقِبَةُ ؛ | 19 | دولت مند ہوتے ہوئے بھی کشادہ روئی اور کشادہ دستی استعمال کرو گے تو تم عاقبت میں کامیاب ہو گے؛ |
| وَاسْتَصْلِحْ كُلَّ نِعْمَةٍ اَنْعَمَهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ ؛ | 20 | اُن تمام نعمتوں سے اصلاح حالات کا کام لو جو اللہ نے تمہیں دی ہیں؛ |
| وَلَا تُضَيِّعَنَّ نِعْمَةً مِّنْ نِّعَمِ اللّٰهِ عِنْدَكَ ؛ | 21 | اور اللہ کی عطا کردہ نعمتوں میں سے کسی نعمت کو ضائع نہ کرو؛ |
| وَلْيُرَ عَلَيْكَ اَثَرُمَا اَنْعَمَ اللّٰهُ بِهٖ عَلَيْكَ ؛ | 22 | اور اللہ نے جو جو انعامات تمہیں دیئے ہیں اُن سے پیدا ہونے والے نتیجہ کو تمہاری حالت سے ظاہر ہونا چاہئے؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ اَفْضَلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَفْضَلُهُمْ تَقْدِمَةً مِّنْ نَفْسِهٖ وَاَهْلِهٖ وَمَالِهٖ ؛ | 23 | اور یہ جان رکھو کہ ایمان والوں میں سب سے افضل وہ شخص ہوتا ہے جو سب سے زیادہ نیک ہو اور جو اپنی طرف سے بھی اور اپنے متعلقین کی طرف سے ضرورت مندوں کی حاجت روائی کرتا رہے؛ |
| وَاَنَّكَ مَاتُقَدِّمْ مِّنْ خَيْرٍ يَبْقَ لَكَ ذُخْرُهٗ ؛ | 24 | اور یہ کہ جو کچھ تم آخرت کیلئے بھیجو گے وہ تمہارے لئے ذخیرہ کی طرح موجود رہے گا؛ |
| وَمَا تُؤَخِّرْهُ يَكُنْ لِغَيْرِكَ خَيْرُهٗ ؛ | 25 | اور جو کچھ تم پیچھے چھوڑو گے اُس کی اچھائی تمہارے لئے نہیں تمہارے غیر کیلئے ہوگی؛ |
| وَاحْذَرْ صَحَابَةَ مَنْ يُّقِيْلُ رَاْيُهٗ وَيُنْكَرُ عَمَلُهٗ؛ | 26 | اور ایسے صحابہ کی صحبت سے پرہیز کرو جن کی رائے کمزور اور اعمال برے ہوں؛ |
| فَاِنَّ الصَّاحِبَ مُعْتَبَرٌ بِصَاحِبِهٖ ؛ | 27 | یہ سمجھ لو کہ ہر شخص کو اس کے ساتھیوں کے ساتھ ویسا ہی سمجھا جاتا ہے جیسے ساتھی ہوں؛ |
| وَاسْكُنِ الْاَمْصَارَ الْعِظَامَ فَاِنَّهَا جِمَاعُ الْمُسْلِمِيْنَ ؛ | 28 | اور تمہیں بڑے بڑے شہروں میں بسنا چاہئے اس لئے کہ وہ مسلمانوں کے اجتماعی مرکز ہوتے ہیں (یقیناً وہاں مسلمانوں کی کثرت ہوگی)؛ |
| وَاحْذَرْ مَنَازِلَ الْغَفْلَةِ وَالْجَفَآءِ وَقِلَّةِ الْاَعْوَانِ عَلٰى طَاعَةِ اللّٰهِ ؛ | 29 | اور اُن مقامات سے دور رہو جہاں غفلت اور جفا کاری جنم لیتی ہو اور جہاں اللہ کی اطاعت میں مددگاروں کی قلت رہتی ہو؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاقْصُرْ رَاْیَکَ عَلٰی مَا یَعْنِیْکَ ؛ | 30 | اور اپنی رائے اور مشوروں کو مفید کاموں تک محدود رکھا کرو؛ |
| وَاِیَّاکَ وَمَقَاعِدَ الْاَسْوَاقِ فَاِنَّهَا مَحَاضِرُ الشَّیْطَانِ وَمَعَارِیْضُ الْفِتَنِ ؛ | 31 | اور بازاروں کے اَڈّوں میں اُٹھنے بیٹھنے سے خبردار رہنا وہ شیطان کے حاضر رہنے اور فتنوں کے پیدا ہونے کی جگہیں ہوتی ہیں؛ |
| وَاَکْثِرْ اَنْ تَنْظُرَ اِلٰی مَنْ فُضِّلْتَ عَلَیْهِ فَاِنَّ ذٰلِکَ مِنْ اَبْوَابِ الشُّکْرِ ؛ | 32 | اور تم اپنی نظر اور توجہ زیادہ تر اُن لوگوں پر رکھا کرو جو تم سے پست درجہ کے لوگ ہوں یقیناً اُن کی دیکھ بھال کرنا تمہارے لئے شکرِ نعمت کا ایک طریقہ ہے؛ |
| وَلَاتُسَافِرْ فِیْ یَوْمِ جُمُعَةٍ حَتّٰی تَشْهَدَ الصَّلَاةَ اِلَّافَاصِلًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؛ | 33 | جمعہ کے دن جمعہ کی نماز میں حاضری دیئے بغیر سفر نہ کرنا سوائے اِس کے کہ تمہیں اللہ ہی کی راہ میں جدائی اختیار کرنا ضروری ہو جائے؛ |
| اَوْ فِیْ اَمْرٍ تُعْذَرُبِهٖ ؛ | 34 | یا کوئی اور کام ہو جس کے لئے تم معذور ہو؛ |
| وَاَطِعِ اللّٰهَ فِیْ جُمَلِ اُمُوْرِکَ ؛ | 35 | اور اپنے تمام کاموں میں اللہ کی اطاعت کرتے رہو؛ |
| فَاِنَّ طَاعَةَ اللّٰهِ فَاضِلَةٌ عَلٰی مَاسِوَاهَا ؛ | 36 | یقیناً اللہ کی اطاعت باقی چیزوں پر مقدم ہے؛ |
| وَخَادِعْ نَفْسَکَ فِی الْعِبَادَةِ ؛ | 37 | عبادت میں لگانے کے لئے اپنے نفس اور خواہشات کو فریب دے دیا کرو؛ |
| وَارْفُقْ بِهَا وَلَا تَقْهَرْهَا ؛ | 38 | اور اپنے نفس سے مہربانی کا سلوک کیا کرو اس پر جبر و قہر نہ کیا کرو؛ |
| وَخُذْ عَفْوَهَا وَنَشَاطَهَا اِلَّا مَاکَانَ مَکْتُوْبًا عَلَیْکَ مِنَ الْفَرِیْضَةِ ؛ | 39 | اور جب وہ دوسری خواہشات سے فارغ اور خوش ہو اُس وقت اُس سے عبادت کا کام لیا کرو البتہ واجب لکھی ہوئی عبادت میں اُس سے رعایت نہ کرنا؛ |
| فَاِنَّهُ لَابُدَّ مِنْ قَضَائِهَا وَتَعَاهُدِهَا عِنْدَ مَحَلِّهَا ؛ | 40 | ان فرائض کو تو بہر حال پورا کرنا ہے اور اُنکے عہد کے مطابق وقت پر بجالانا ہے؛ |
| وَاِیَّاکَ اَنْ یَنْزِلَ بِکَ الْمَوْتُ وَاَنْتَ اٰبِقٌ مِّنْ رَّبِّکَ فِیْ طَلَبِ الدُّنْیَا ؛ | 41 | خبردار ایسا نہ ہو کہ موت تم پر آپڑے اور تم اپنے پروردگار سے بھاگے ہوئے اور دنیاوی سامان کی فراہمی میں لگے ہوئے ہو؛ |
| وَاِیَّاکَ وَمُصَاحَبَةَ الْفُسَّاقِ فَاِنَّ الشَّرَّ بِالشَّرِّ مُلْحَقٌ ؛ | 42 | اور خبردار بے لگاموں (فاسقوں) کی صحبت اختیار نہ کرنا کیونکہ شر شر ہی کی طرف بڑھتا اور بلاتا ہے؛ |
| وَوَقِّرِ اللّٰهَ اَحِبَّ اَحِبَّآئَهُ ؛ | 43 | اور اللہ کی عظمت اور توقیر ہمیشہ مدنظر رکھا کرو اور اسکے دوستوں سے ہی دوستی رکھا کرو؛ |
| وَاحْذَرِ الْغَضَبَ فَاِنَّهُ جُنْدٌ عَظِیْمٌ مِنْ جُنُوْدِ اِبْلِیْسَ . وَالسَّلَامُ۔ | 44 | اور غیظ و غضب سے بچ کر رہا کرو اس لئے کہ غصہ شیطان کی فوجوں میں سے ایک فوج ہے۔ والسلام |

**تشریح:۔** ہمارے قارئین جانتے ہوں گے کہ عربی زبان میں حبل رسی کو کہتے ہیں اور اللہ نے اس لفظ کو قرآن کریم میں چار مقامات پر استعمال فرمایا ہے۔ ایک جگہ وہ رسی جو ابولھب کی زوجہ کے گلے میں بتائی گئی جس سے لکڑیوں کا گٹھہ باندھنے والی تھی (111/6)۔ ایک جگہ **حَبْلِ الْوَرِیْدِ** فرمایا ہے جس سے رگ گردن سے بھی قریب ہونا معلوم ہوتا ہے (50/16)۔ ایک جگہ اہل کتاب کے بدمعاشوں کے لئے فرمایا گیا ہے کہ:۔ ضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ اَیْنَ مَاثُقِفُوْا اِلَّا **بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ** (3/112)۔

Presented by Ziaraat.Com

مودودی ترجمہ:۔''یہ جہاں بھی پائے گئے اِن پر ذلت ہی کی مار پڑی، کہیں اللہ کے ذمہ یا انسانوں کے ذمہ پناہ مل گئی''(تفہیم جلد اوّل صفحہ 280)
یہاں علامہ مودودی نے حبل کے معنی ذمہ کردئے ہیں ۔ایک جگہ فرمایا گیا ہے کہ:۔وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا(3/103)
علامہ مودودی کا ترجمہ:۔''سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ لو اور تفرقے میں نہ پڑو۔''(تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 276)

یہ ہیں قرآن کے چاروں مقامات بہرحال قرآن سے معلوم ہوا کہ ایک حبل انسانوں کی بھی ہوتی ہے۔لہٰذا تمام مسلمانوں کو حکم ہے کہ وہ اللہ کی حبل کو پکڑیں اور تفرقہ نہ ڈالیں۔قرآن میں مذکور اسی حبل سے تمسک رکھنے یا وابستہ رہنے کا حکم حضرت علی علیہ السلام نے دیا ہے اور فرمایا ہے کہ تمام نصیحتیں اُسی حبل سے اختیار کرو اور حرام وحلال کے احکام بھی اُسی سے لیا کرو۔(جملہ نمبر 2-1)

لہٰذا قرآن میں اور اِس خط میں مذکور حبل اُس سلسلہ کو فرمایا گیا ہے جو قرآن سے متعلق ہے۔اور ظاہر ہے کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ حبل اللہ کی دوسری لڑی ہیں۔مطلب واضح ہے کہ حبل اللہ میں بولنے والے اور قرآن کی تعلیم دینے والے اور قرآن مل کر حبل اللہ ہیں۔اور قیامت تک یہ حبل اللہ موجود رہنا ہے اور تمام مسلمانوں کو مل کر بلا اختلاف وافتراق وانتشار حبل اللہ سے تمسک رکھنا ہے۔لہٰذا لازم ہے کہ قرآن کے ساتھ ساتھ قیامت تک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ ایسی ہستی موجود رہے جو قرآن کریم کے معیار (12/111) پر قرآن اور کائنات کی ہر ہر چیز کا تفصیلی علم رکھتی ہے۔اور وہ اُس وقت خود حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

## جملہ نمبر 12 اور 13 کے اعمال میں کچھ روزانہ کے جائز اعمال بھی ہیں اُن میں کمی مقصود ہے

جائز جنسی تعلق بھی اعلانیہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔لہٰذا قابل شرم جائز عمل درآمد میں بھی کمی مطلوب ہے۔جس سے نہ صرف شرم وحیا کا تحفظ مقصود ہے بلکہ نسل انسانی کا کنٹرول اور حفاظت بھی مدنظر ہے۔

## جملہ نمبر 22 سے عیاشی، تزئین اور لباس فاخرہ مقصود نہیں

بائیسویں جملے کا مفہوم کئی ایک احادیث میں بھی بیان ہوا ہے اور خود غرض لوگوں نے اس کا یہ مطلب لیا ہے کہ جس کو اللہ نے فراوانی عطا کی ہے وہ بہترین پوشاک پہنے۔پھٹے پرانے کپڑوں میں نہ رہے یہ باطل پرست لوگ اظہار شکر کی آڑ میں عیاشی کو جائز قرار دیتے ہیں۔لیکن حضور علیہ السلام ایسے غلط مطلب کی نفی میں فرما چکے ہیں کہ:۔''اُن تمام نعمتوں سے اصلاح حالات کا کام لو جو اللہ نے تمہیں دی ہیں۔''(جملہ نمبر 20)
یعنی کسی کو بھوکا ننگا نہ رہنے دو، غربت کو دور کرو نہ کہ خود اصراف کرنے لگو۔

## بڑے شہروں میں سکونت تہذیب وتمدن اور علم وحکمت اور انصار میں ترقی کا سبب ہوگا

قارئین حضرت علی علیہ السلام چاہتے ہیں کہ اُن کے پیروحضرات ترقی وتمدن کے اعلیٰ مقام پر فائز رہیں اور بڑے بڑے شہروں میں عجائب خانے اور کتب خانے اور مختلف قسم کے ایسے ادارے ہوتے ہیں۔جہاں چھٹی کے دنوں میں یا فرصت کے اوقات میں بچوں اور مستورات کو سیر کے لئے لیجانا ہی اُنہیں بلا دماغی محنت کے ترقی کی راہوں پر ڈال دے گا۔اُنہیں تاریخی مناظر اور مجسمے دیکھ کر ملک کے ماضی کا علم حاصل ہوگا۔دیہات کے بچوں کو بہت سے آلات وایجادات کا علم نہیں ہوتا۔بڑے شہروں میں زندگی کی سہولتوں سے بچوں کو روزانہ واسطہ پڑے گا۔بجلی کے آلات اور مشینیں روزمرہ کے استعمال میں رہیں گی۔حضور علیہ السلام کے یہ جملے 29-28 تو ہر زمانہ کے لئے مفید ہیں۔شہروں ہی میں حکومت اور سیاسیات اور مختلف قسم کے لیڈروں اور راہنماؤں سے واقفیت ہوگی۔

Presented by Ziaraat.Com

**عبادت پر تاکید فرمائی ہے لیکن حالات اور نظام کا ذکر نہیں فرمایا ہے**

عبادت پر تاکیدات فرمائی گئی ہیں۔لیکن ان تاکیدوں سے یہ مطلب اخذ کرنا کہ قریش کی پیروی اور وہی عبادت کرو اور عبادت کا وہی مطلب و مقصد سمجھو جو قریش کرتے اور سمجھتے ہیں بالکل مقصود نہیں ہوسکتی۔ یہ تاکیدات اپنے نظام کے ماتحت کی گئی ہیں۔نظام باطل کو تباہ کرنا حقیقی نماز وعبادت کا مقصد نہ ہوتو وہ عبادت باطل ہے۔

# ( نمبر 70) خط

## اِلٰی سَھْلِ ابْنِ حُنَیْفِ الْاَنْصَارِیِّ

**مدینہ کے گورنر سہل ابن حنیف انصاری کے نام**

**جس نے مدینہ کی ایک قوم کے معاویہ کے ساتھ جا ملنے کی شکایت کی تھی**

**لوگوں کو آزاد رکھا گیا تھا خواہ وہ معاویہ سے ملحق ہوجائیں یا علیؑ سے وابستہ رہیں یا دونوں سے الگ رہیں۔لہٰذا گورنروں کو بے فکر رہنا چاہئے**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ بَلَغَنِیْ اَنَّ رِجَالًا مِمَّنْ قِبَلَکَ یَتَسَلَّلُوْنَ اِلٰی مُعَاوِیَةَ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوّل کے بعد واضح ہو کہ مجھے یہ خبر مل چکی ہے کہ تمہارے آس پاس کے لوگ مدینہ چھوڑ کر معاویہ سے وابستہ ہونے کیلئے چھپ چھپ کر ملک شام جا رہے ہیں؛ |
| فَلَا تَاْسَفْ عَلٰی مَایَفُوْتُکَ مِنْ عَدَدِھِمْ ؛ | 2 | تمہیں نہ تو جانے والوں کی تعداد کے کم ہونے پر افسوس ہونا چاہئے، |
| وَیَذْھَبُ عَنْکَ مِنْ مَّدَدِھِمْ ؛ | 3 | اور نہ ہی اس مدد کی فکر کرنا چاہئے جو جانے والوں سے مل سکتی تھی؛تم شکر کرو کہ |
| فَکَفٰی لَھُمْ غَیًّا وَّلَکَ مِنْھُمْ شَافِیًا ؛ | 4 | تمہیں اس صورت حال میں اُن لوگوں سے نجات مل رہی ہے جنہیں گمراہ ہونا تھا؛ |
| فِرَارُھُمْ مِنَ الْھُدٰی وَالْحَقِّ ؛ | 5 | اور جو ہدایات اور حق سے فرار کر رہے ہیں؛ |
| وَاِیْضَاعُھُمْ اِلَی الْعَمٰی وَالْجَھْلِ ؛ | 6 | اور وہ جہالت اور اندھے پن کی طرف حق سے فرار کر رہے ہیں؛ |
| وَاِنَّمَاھُمْ اَھْلُ دُنْیَا مُقْبِلُوْنَ عَلَیْھَا ؛ | 7 | افسوس اس لئے بھی نہ کرو کہ وہ تو دنیا پرست لوگ تھے ہی اور وہ دنیا ہی کو قبول کر رہے ہیں؛ |
| وَمُھْطِعُوْنَ اِلَیْھَا ؛ | 8 | اور اُسی کی طرف لپک لپک کر چلے جا رہے ہیں؛ |
| قَدْ عَرَفُوا الْعَدْلَ وَرَاَوْهُ وَسَمِعُوْهُ وَوَعَوْهُ ؛ | 9 | تمہارے اطمینان کی یہ بھی ایک بات ہے کہ انہوں نے عدل وانصاف سے واقفیت حاصل کر لی تھی اور اُسے دیکھ بھی لیا تھا،سن بھی لیا تھا اور اُسے محفوظ بھی کر لیا تھا؛ |
| وَعَلِمُوْا اَنَّ النَّاسَ عِنْدَنَا فِی الْحَقِّ اُسْوَةٌ ؛ | 10 | اور اُنہیں یہ علم ہو چکا تھا کہ ہماری مملکت میں لوگوں کو حق کے سلسلے میں برابر رکھا جاتا ہے؛ |
| فَھَرَبُوْا اِلَی الْاَثَرَةِ | 11 | یہ سب کچھ جاننے ،دیکھنے اور سمجھنے کے بعد بھی وہ اُدھر بھاگ رہے ہیں جہاں اُن کو خصوصیت ملے گی اور دوسروں کو محروم کیا جا سکے گا؛ |
| فَبُعْدًا لَھُمْ وَسُحْقًا ؛ | 12 | خدا اُنہیں اپنی رحمت سے دور رکھے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّهُمْ .واللّٰهِ.لَمْ يَفِرُّوْا مِنْ جَوْرٍ ؛ | 13 | خدا کی قسم وہ لوگ نہ تو ظلم و جبر سے بچ کر بھاگے؛ |
| وَلَمْ يَلْحَقُوْا بِعَدْلٍ ؛ | 14 | اور نہ ہی وہ عدل سے وابستہ ہونے کے لئے بھاگے ہیں؛ |
| وَاِنَّا لَنَطْمَعُ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ اَنْ يُّذَلِّلَ اللّٰهُ لَنَاصَعْبَهُ ؛ | 15 | اور ہمیں اس صورت حال میں اللہ سے طمع کی حد تک اُمید ہے کہ وہ ہمارے لئے اس مشکل صورت حال کو ذلیل وحقیر کردے گا؛ |
| وَيُسَهِّلَ لَنَاحَزْنَهُ ؛ | 16 | اور اس پتھریلے اور سنگین معاملے کو آسان کردے گا؛ |
| اِنْشَاءَ اللّٰهُ ؛وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ۔ | 17 | انشاءاللہ۔اور تم پر میرا سلام ہو۔ |

**تشریح:۔** خط کا نچوڑ یہ ہے کہ آنجناب علیہ السلام کی طرف سے ہر انسان کو مکمل آزادی دی گئی تھی اور اس آزادی کو ہر حال میں برقرار رکھا گیا تھا۔اور اس عمل درآمد کو علما نے برابر لکھا اور مدح وثنا کی ہے۔ڈاکٹر طٰہٰ لکھتے ہیں کہ:۔''پس حضرت علیؑ جانتے تھے کہ گنجائش کے آخری حدود تک لوگوں کو آزادی کا حق ہے اور اسی لئے لوگوں کو اُن کی مرضی کے خلاف مجبور نہیں کرتے تھے اور نہ اطاعت کے لئے اُن پر جبر فرماتے تھے۔دوسری بات جس پر حضرت علیؑ کسی کو مجبور نہ کرتے تھے وہ لڑائی ہے۔لیکن یہ فرض آپ نے لوگوں پر جبراً لادا نہیں اور نہ اقتدار سے کام لے کر اس پر زبردستی کی۔''(علی صفحہ 303)

اس سے پہلے (صفحہ 302) زیرنظر خط کا حال بھی مدح میں لکھا ہے۔یہی وہ مقام ہے جس کو برقرار رکھنے کے لئے اسلام میں جنگ کی اجازت دی ہے تاکہ نوع انسان کی آزادی برقرار رکھی جائے اور جابر وظالم کو بزور بازو جبر وظلم سے روک دیا جائے اس کے برعکس بنی اُمیہ جبر وظلم کو اللہ کے نام پر جائز رکھتی چلی گئی اور **جس کسی نے بنی اُمیہ کے حکم ومصلحت کے خلاف آواز بلند کی اُسے اللہ کے نام پر تہہ تیغ کرنے کو ثواب سمجھا خواہ وہ مسلمان تھا یا نمازی وپرہیزگار تھا، کربلا کو یاد فرمائیں۔**

# ( نمبر71)خط

## اِلَى الْمُنْذِرِ ابْنِ الْجَارُوْدِ الْعَبْدِی

**منذر ابن جارود عبدی کو اس وقت لکھا گیا جب کہ اُس نے اُن بعض چیزوں میں خیانت کرلی تھی جن پر اُسے حاکم بنایا تھا**

**1)باپ کا دیانتدار ہونا لازم نہیں کرتا کہ اُس کا بیٹا بھی دیانتدار ہو (2)رشتہ داروں اور دوستوں سے حسن سلوک پرائے مال پر نہیں کیا جاسکتا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ صَلَاحَ اَبِيْكَ غَرَّنِیْ مِنْكَ ؛ | 1 | حمدِ خداوندی اور پیغمبرؐ پر درود کے بعد سنو کہ تمہارے باپ کی سلامت روی سے میں نے تمہارے متعلق مغالطہ کھایا ہے؛ |
| وَظَنَنْتُ اَنَّكَ تَتَّبِعُ هَدْيَهُ ؛ | 2 | اور یہ گمان کرلیا تھا کہ تم اپنے باپ کی پیروی میں اُن ہی کی راہ پر چلو گے؛ |
| وَتَسْلُكُ سَبِيْلَهُ ؛ | 3 | اور اُن ہی کے طریقے سے تم بھی منسلک رہو گے؛ |
| فَاِذَا اَنْتَ فِيْمَا رُقِیَ اِلَیَّ عَنْكَ لَاتَدَعُ لِهَوَاكَ انْقِيَادًا ؛ | 4 | لیکن مجھے تمہارے متعلق جو اطلاعات ملی ہیں وہ بتاتی ہیں کہ تم تو اپنی ذاتی |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | خواہشات کی پیروی سے باز رہتے ہی نہیں ہو؛ |
| وَلَا تُبْقِیْ لِاٰخِرَتِکَ عَتَادًا؛ | 5 | اور اپنی آخرت کے لئے کوئی سامان بچاتے ہی نہیں ہو؛ |
| تَعْمُرُ دُنْیَاکَ بِخَرَابِ اٰخِرَتِکَ ؛ | 6 | اور یہ کہ تم اپنی آخرت کو تباہ کر کے اپنی دنیا کی تعمیر میں لگے رہتے ہو؛ |
| وَتَصِلُ عَشِیْرَتَکَ بِقَطِیْعَةِ دِیْنِکَ ؛ | 7 | اور تم دینی قطع برید کے ساتھ اپنے پنچوں اور سربرآوردہ لوگوں سے حسن سلوک کر رہے ہو؛ |
| وَلَئِنْ کَانَ مَابَلَغَنِیْ عَنْکَ حَقًّا لَجَمَلُ اَھْلِکَ وَشِسْعُ نَعْلِکَ خَیْرٌ مِنْکَ ؛ | 8 | اور تمہارے متعلق جو کچھ مجھے معلوم ہوا ہے اگر وہ صحیح ہے تو تمہارے متعلقین کا ہر اُونٹ اور تمہاری جوتیوں کا ہر تسمہ بھی تم سے قدر و قیمت میں بڑھ کر ہے؛ |
| وَمَنْ کَانَ بِصِفَتِکَ فَلَیْسَ بِاَھْلٍ اَنْ یُّسَدَّ بِهٖ ثَغْرٌ ؛ | 9 | اور تیری ایسی صفات و عادات رکھنے والا کوئی شخص اس قابل نہیں ہوسکتا کہ اُس کی مدد سے کوئی رکاوٹ دور کی جاسکے؛ |
| | 10 | یا کوئی کام انجام تک پہنچایا جاسکے؛ |
| اَوْیُنْفَذَ بِهٖ اَمْرٌ ؛ | 11 | یا ایسے شخص کا مرتبہ بلند کیا جائے؛ |
| اَوْ یُعْلٰی لَهٗ قَدْرٌ ؛ | 12 | یا اُسے کسی امانت میں شریک کار بنایا جائے؛ |
| اَوْیُشْرَکَ فِی اَمَانَةٍ ؛ | 13 | یا خیانت کی روک تھام پر اُسے تعینات کر کے مطمئن رہا جائے؛ |
| اَوْ یُؤْمَنَ عَلٰی خِیَانَةٍ ؛ | 14 | چنانچہ تم میرے اس خط کے ملتے ہی فوراً میرے پاس پہنچو۔ انشاءاللہ۔ |
| فَاَقْبِلْ اِلَیَّ حِیْنَ یَصِلُ اِلَیْکَ کِتَابِیْ هٰذَا ۔ اِنْشَاءَ اللّٰهُ | | |

**تشریح:۔** عبداللہ ابن عباس کے بعد یہ دوسرا شخص ہے جو خیانت کے جرم میں اِن خطوط میں مذکور ہوا ہے۔ پانچ سال کی ایسی عدل پرور حکومت میں صرف دو گورنروں کا خائین نکلنا بھی کامیاب حکومت کی ایک دلیل ہے۔ چونکہ محمد و علی علیہم السلام عام لوگوں کی طرح حکومت کرنا سکھاتے تھے اور اپنے علم غیب سے کام نہ لیتے تھے۔ لہٰذا یہاں یہ سبق دیا ہے کہ عہدیداروں اور افسروں کے انتخاب میں خاندانی عظمت و دیانت ضرور مدنظر رکھنا چاہئے ایسا شاذ و نادر ہی ہوتا ہے کہ سچے اور دیانت دار کا بیٹا جھوٹا اور خیانت کار نکل آئے۔ پھر یہ خیانت اپنے پیٹ اور اپنی جان کے لئے نہ تھی بلکہ پنچوں اور سربرآوردہ لوگوں کے لئے حسن سلوک کے لئے تھی اور اِس میں غلطی اور غلط فہمی ممکن تھی۔ لہٰذا یہ جرم ویسا سنگین جرم نہیں ہے جیسا عبداللہ ابن عباس نے کیا تھا۔ یہی سبب ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے خط میں نہ ویسی مذمت کی جیسی عبداللہ ابن عباس کی کی تھی اور نہ کوئی ایسی دھمکی دی جیسی عبداللہ ابن عباس کو دی گئی ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ اُسے صرف حکومت سے معزول کر کے بلایا گیا ہے۔ بہرحال سوجھ بوجھ کی غلطی سے یہ نتیجہ نکلنا ممکن تھا اور ممکن ہے کہ جب وہ حاضر ہو کر واقعات کی تفصیل بیان کرے تو حضور علیہ السلام اُسے معاف فرمادیں اور دوبارہ گورنری پر بحال فرمادیں۔ یہاں امامؑ کی مخالفت نظر نہیں آتی ہے۔ بشری غلطی ہے نیت بخیر ہونا ممکن ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر72)خط اِلٰی عَبدِاللّٰہِ ابنِ العَبَّاسِ : عبداللہ ابن عباس کے نام لکھا گیا تھا

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَعْدُ فَاِنَّکَ لَسْتَ بِسَابِقٍ اَجَلَکَ ؛ | 1 | بعدازحمدِ خداورسولؐ واضح ہوکہ تواپنی زندگی کی حد سے آگے نہیں بڑھ سکتا؛ |
| وَلَامَرْزُوْقٍ مَالَیْسَ لَکَ ؛ | 2 | اورنہ تمہیں وہ رزق مل سکتا ہے جوتمہارے لئے نہیں ہے؛ |
| وَاعْلَمْ بِاَنَّ الدَّھْرَ یَوْمَانِ؛ | 3 | اوریہ بھی نوٹ کرلوکہ اس زمانہ کے صرف دودن ہیں؛ |
| یَوْمٌ لَکَ وَیَوْمٌ عَلَیْکَ ؛ | 4 | ایک دن تمہارے لئے اورایک دن تمہاری مخالفت کے لئے ہے؛ |
| وَاَنَّ الدُّنْیَا دَارُ دُوَلٍ ؛ | 5 | اوریہ کہ یہ دنیا حکومتوں کے انقلاب اور بدلتے رہنے کی جگہ ہے؛ |
| فَمَا کَانَ مِنْھَا لَکَ اَتَاکَ عَلٰی ضَعْفِکَ ؛ | 6 | لہٰذا جو چیز یہاں تمہارے لئے ہے وہ تمہاری کمزوری کے باوجود مل کر رہے گی؛ |
| وَمَا کَانَ مِنْھَا عَلَیْکَ لَمْ تَدْ فَعْہُ بِقُوَّتِکَ ۔ | 7 | اور جو چیز تمہارے خلاف ہوگی اُسے تم اپنی قوت سے بھی ٹال نہیں سکتے۔ |

**تشریح:۔** اس خط میں حضور علیہ السلام نے قوانین مشیت کی طرف متوجہ کیا ہے اور عبداللہ کو اُس کے اختیارات کے دونوں پہلو دکھائے ہیں اور اُس کی مجبوری کا مقام بھی دکھایا ہے۔ مجبوری کے لئے زندگی اور عمر کی بات فرمائی ہے کہ **''تم اپنی اجل پر سبقت نہیں لے جاسکتے۔** (جملہ نمبر 1)

یعنی تمہارے لئے اللہ نے جو وقت مقرر کردیا ہے اس سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔'' سادہ الفاظ میں سادہ لوگوں کے لئے اسی جملے کو یوں کہا جاسکتا ہے کہ:۔

''**تم اپنی مقررہ موت سے پہلے نہیں مرسکتے۔**'' اسی لئے سادہ زبان میں سادہ لوگوں کے لئے موت کو **اَجل** کہہ دیا جاتا ہے لیکن موت ایک الگ اور مستقل لفظ ہے اور اجل ایک الگ اور مستقل لفظ ہے نہ موت کے معنی اجل ہوتے ہیں نہ ہوسکتے ہیں۔ اسی طرح نہ اجل کے معنی موت ہیں نہ موت ہوسکتے ہیں۔ اَجَل کے معنی صرف **گھڑی** ہیں۔ ایک خاص **وقت** ہیں۔ سیدھے سادے لوگوں کے لئے موت کو اجل کہہ دیا جاتا ہے۔

**لفظ اجل قرآن میں:** اللہ فرماتا ہے کہ: یٰاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا تَدَا یَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰی **اَجَلٍ مُّسَمًّی** فَاکْتُبُوْہُ۔ الخ (البقرۃ۔2/282)

**مودودی ترجمہ:** ''اَے لوگو جو ایمان لائے ہو جب کسی مقررہ مدت کے لئے تم آپس میں قرض کا لین دین کرو تو اُسے لکھ لیا کرو۔ یہاں مودودی صاحب نے **''اَجَلٍ مُّسَمًّی''** کے معنی **مقررہ مدت** کئے ہیں اصل میں ''**وقت کا نام مقرر کرنے سے**'' مدت کی بات ہوگئی ہے اور یہ بھی کہ یہاں لفظ **اجل** کے معنی موت نہیں کئے جاسکتے۔ ایک اور مقام پر فرمایا گیا ہے کہ:۔ رَبَّنَا لِمَ کَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ لَوْلَا اَخَّرْتَنَا اِلٰی **اَجَلٍ قَرِیْبٍ** (النسآء ۔ 4/77)

**مودودی ترجمہ:** خدایا یہ ہم پر لڑائی کا حکم کیوں لکھ دیا کیوں نہ ہمیں ابھی کچھ **اور مہلت دی۔**''

یہاں لفظ وہی اَجل ہے اور معنی ہونا چاہئیں تھے۔ ''**زمانہ قریب تک یا وقت قریب تک۔**''

بس ایک مثال اور دیکھ لیں فرمایا گیا کہ: ھُوَالَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰی اَجَلًا وَ اَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَہٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَo (الانعام 6/2)

**مودودی ترجمہ:** ''وہی ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر تمہارے لئے زندگی کی ایک مدت مقرر کردی اور ایک دوسری مدت اور بھی ہے جو اس کے ہاں طے شدہ ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ۔523)

یہاں پیدا کرنے کی بات کی تھی اس لئے سب نے یہاں ''**اَجَل**'' کے معنی ''**زندگی کی مدت**'' یا عمر یا موت کا دن سمجھ لئے ہیں لیکن سمجھنے سے

Presented by Ziaraat.Com

لفظ ''اَجَل'' کے معنی نہیں بدل جاتے۔ اَجَلٌ کے معنی وہی ''وقت'' ''گھڑی'' ''زمانہ'' ہی رہتے ہیں۔یعنی اللہ کا مقرر کردہ وقت۔اللہ کا مقرر کردہ زمانہ۔اللہ کی مقرر کردہ گھڑی۔لہٰذا حضرت علی علیہ السلام کا جملہ ہے ''فَاِنَّکَ لَسْتَ بِسَابِقٍ اَجَلَکَ'' اس کے وسیع ترین معنی ہوئے کہ ''یقیناً تو اللہ کے مقرر کردہ اپنے وقت پر سبقت نہیں کرسکتا۔''

اب اگر ''مقرر کردہ وقت'' سے موت مراد لی جائے یہ مطلب ہوگا کہ تو اپنی موت کے وقت پر سبقت نہیں لے جاسکتا۔یعنی موت کے مقررہ وقت سے پہلے نہیں مرسکتا۔لہٰذا اس جملے سے یہ معلوم ہوا کہ اللہ نے صرف عبداللہ ابن عباس ہی کے لئے نہیں اور صرف موت ہی کے لئے نہیں بلکہ ہر کام کا وقت مقرر کر رکھا ہے۔یعنی کائنات میں جو کچھ ہوا ہے اور جو کچھ ہو رہا ہے اور جو کچھ ہوگا وہ سب کچھ اللہ کے مقرر کردہ پروگرام کے مطابق ہوا ہے اور ہو رہا ہے اور ہوتا رہے گا اور اسی پروگرام کو قانون مشیت کہتے ہیں اسی کو تقدیر کہہ دیا جاتا ہے،یعنی ہر کام ہر حرکت ہر حادثہ اور ہر واقعہ اور ہر نتیجہ قوانین مشیت یا قوانین تقدیر کے ماتحت ہوتا ہے۔حلال کام ہوں یا حرام،مفید کام ہوں یا مضر،جائز کام ہوں یا ناجائز،سب کو کرنے کے لئے قانون مشیت یا قانون تقدیر موجود ہے۔اس قانون کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا پتہ تک نہیں ہل سکتا۔اللہ نے ہر مخلوق کو کچھ خصوصیات دی ہیں۔شکل وصورت دی ہے خاصیت دی ہے۔جو کچھ تمام مخلوقات کو دیا ہے وہ سب کچھ انسان میں جمع کر دیا ہے اور اُسے سب چیزوں پر مختار بنایا ہے۔علم وارادہ اور عقل دی ہے تاکہ وہ تمام مخلوقات کو استعمال کر سکے۔وہ ایسا مختار ہے کہ خودکشی بھی کرسکتا ہے۔قوانین کو غلط جگہ پر بھی استعمال کرسکتا ہے۔اپنا بھی اور دوسروں کا بھی نقصان کرسکتا ہے۔فائدہ حاصل کرسکتا ہے۔قوانین کے جاننے اور عقل وارادہ اور اختیار ہونے کی وجہ سے غلط کام بھی اس کے اختیار میں ہیں اور صحیح اور مفید کام بھی اس کے اختیار میں ہیں۔اِسی لئے حضرت علی علیہ السلام نے اپنے دوسرے جملے میں فرمایا ہے کہ: وَلَا مَرْزُوْقٌ مَا لَیْسَ لَکَ ؛(جملہ نمبر 2)

یعنی ''**تمہیں وہ چیز مل ہی نہیں سکتی جو تمہارے اختیار سے باہر ہے**'' یہاں حلال وحرام اور جائز وناجائز کی بات نہیں ہو رہی ہے۔یعنی یہ نہیں ہے کہ جو کچھ بھی تم کھاتے ہو یا پہنتے ہو وہ تمہارے لئے اللہ نے پہلے سے حلال اور جائز کر رکھا تھا۔تمہارے کھانے پینے اور پہننے میں آنے والی چیزیں حلال بھی ہوسکتی ہیں حرام بھی ہوسکتی ہیں۔یعنی تمہارے اختیار میں حلال بھی ہے حرام بھی ہے۔یہ سمجھنا غلط ہے کہ اگر فلاں چیز اللہ نے ہمارے لئے جائز اور حلال نہ کی ہوتی تو ہمیں اس پر دست رس نہ ہوتی۔یہی غلط عقیدہ قریش نے رکھا تھا۔یعنی اپنی سازشوں اور کوششوں سے خلافت وحکومت پر قبضہ کرلیا اور کہہ دیا کہ اگر اللہ کی خلافت وحکومت ہمارے لئے نہ ہوتی تو ہم کیسے خلیفہ اور حکمران بن سکتے تھے؟تم نے پرائے مال کو اپنے ذاتی مال کی طرح کھانا اور استعمال کرنا شروع کیا اور یہ سمجھا کہ اگر وہ مال تمہارے لئے جائز نہ ہوتا تو تمہارے قبضے میں نہ دیا جاتا۔یاد رکھیں کہ حضور علیہ السلام نے دوسرے جملے میں قانون مشیت بیان فرمایا ہے۔جائز اور حلال ہونے کی بات نہیں کی ہے۔لہٰذا تیسرے جملے میں بات واضح فرما دی ہے کہ ایک دن تمہارے اختیارات کا دن ہے خواہ اختیارات کو غلط استعمال کرو یا صحیح،تمہیں آزادی ہے اور دوسرے دن تمہارا حساب لیا جائے گا۔تمہارے اختیارات اور قدرت چھین لی جائے گی اور اپنی دی ہوئی آزادی اور قدرت اور اختیارات کو غلط استعمال کرنے پر سزا دی جائے گی اور آزادی اور قدرت اور اختیارات ہوتے ہوئے غلط استعمال سے بچنے اور احکاماتِ خداوندی کی تعمیل کرنے پر اجر دیا جائے گا۔یہ ہے تیسرے جملے کا مطلب جو چوتھے جملے میں واضح ہے۔پانچواں جملہ عملاً بتاتا ہے کہ کل، پرسوں اور آج حکومتیں نئے ہاتھوں میں رہی ہیں۔جہاں اور چیزوں میں تبدیلیاں آتی ہیں وہیں حکومتوں میں بھی انقلاب آتے ہیں۔چھٹے اور ساتویں جملے بھی قانون مشیت ہی سے متعلق ہیں۔اِن میں انسانی آزادی،اختیار اور قدرت پر توجہ مبذول کرائی ہے۔یعنی تم کمزور ہو یا قوی ہو قوانین کا نتیجہ تمہاری کمزوری اور طاقت پر منحصر نہیں ہے بلکہ اللہ کی مقرر کردہ تقدیر پر منحصر ہے۔لہٰذا جس قانون کا جو نتیجہ اللہ نے مقرر کر دیا ہے وہ ضرور برآمد ہوگا خواہ قانون پر

Presented by Ziaraat.Com

کمزور عمل کرے یا طاقت ور عمل کرے۔اسی کا نام تقدیر اور قسمت ہے۔تم کسی کی ٹانگ کاٹنے کے لئے اپنی ٹانگ پر تلوار مارو تو اُس کی ٹانگ نہ کٹے گی بلکہ تمہاری اپنی ٹانگ کٹ جائے گی۔لہٰذا پہلے یہ معلوم کرو کہ فلاں نتیجہ حاصل کرنے کا قانون کیا ہے؟ پھر اس قانون کو استعمال کرو گے تو وہ نتیجہ سامنے آجائے گا۔تلوار کی جگہ لڈو مارنے سے تلوار والا نتیجہ نہ نکلے گا۔

# ( نمبر73)خط اِلٰی مَعَاوِیَۃَ : معاویہ کے نام

## دشمنانہ اور ہٹ دھرمی کی ذہنیت رکھنے والوں کے خطوط کو توجہ سے پڑھنا اور انہیں اصلاحی جواب لکھنا ایک غلطی ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعۡدُ فَاِنِیۡ عَلَی التَّرَدُّدِ فِیۡ جَوَابِکَ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور سوال کے بعد واضح ہو کہ مجھے یہ فکر و تردد ہو رہا ہے کہ میں تیرے خطوط کا جواب دینے میں بھی، |
| وَالۡاِسۡتِمَاعِ اِلٰی کِتَابِکَ لَمُوۡهِنٌ رَاۡیِیۡ وَمُخۡطِیٌ فِرَاسَتِیۡ ؛ | 2 | اور تیرے خطوط کو سننے میں بھی برابر اپنی رائے کی کمزوری اور اپنی دانش کی غلطی کا مظاہرہ کئے چلا جا رہا ہوں۔ |
| وَاِنَّکَ اِذۡ تُحَاوِلُنِیۡ الۡاُمُوۡرَ ؛ | 3 | اور اُدھر تم مجھ سے کچھ باتیں منوانے میں حیلہ سازی کر رہے ہو؛ |
| وَتُرَاجِعُنِیۡ السُّطُوۡرَ کَالۡمُسۡتَثۡقَلِ النَّائِمِ تَکۡذِبُهُ اَحۡلَامُهُ ؛ | 4 | اور مجھ سے پے در پے خط و کتابت جاری کئے ہوئے ہو اور خود کو اس گہری نیند والے شخص کی طرح پیش کر رہے ہو جو خود اپنے خوابوں کو جھٹلا رہا ہو؛ |
| وَلۡمُتَحَیِّرِ الۡقَائِمِ یَبۡهَظُهُ مَقَامُهُ لَایَدۡرِیۡ اَلَهُ مَا یَاۡتِیۡ اَمۡ عَلَیۡهِ؛ | 5 | اور اُس حیران و سرگردان شخص کی مانند ہو گئے ہو جو کھڑے کھڑے بیچارہ اور ناکارہ ہو گیا ہو اور یہ بھی نہ جانتا ہو کہ سامنے آنے والی صورت حال اس کے لئے مفید ہو گی یا مضر ہو گی؛ |
| وَلَسۡتَ بِهٖ غَیۡرَ اَنَّهُ بِکَ شَبِیۡهٌ ؛ | 6 | اور حقیقت یہ ہے کہ تم وہ شخص ہو نہیں بلکہ فریب دینے کے لئے اس کی مانند بنے ہوئے ہو؛ |
| وَاُقۡسِمُ بِاللّٰهِ اِنَّهُ لَوۡلَا بَعۡضُ الۡاِسۡتِبۡقَآءِ لَوَصَلَتۡ اِلَیۡکَ مِنِّیۡ قَوَارِعُ ؛ | 7 | اور میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تمہیں ڈھیل دینا اگر میری پالیسی کا تقاضہ نہ ہوتا تو میری طرف سے تم پر ایسی تباہیاں ٹوٹ پڑتیں، |
| تَقۡرَعُ الۡعَظۡمَ وَتَهۡلِسُ اللَّحۡمَ ؛ | 8 | جو ہڈیوں کا چورا چورا کر ڈالتیں اور جسم پر گوشت کا نشان تک نہ چھوڑتیں؛ |
| وَاعۡلَمۡ اَنَّ الشَّیۡطَانَ قَدۡ ثَبَّطَکَ عَنۡ اَنۡ تُرَاجِعَ اَحۡسَنَ اُمُوۡرِکَ ؛ | 9 | اور تم یہ جان رکھو کہ شیطان نے تمہیں بہترین کام کرنے سے اور اچھی باتوں کی طرف رجوع ہونے سے روکا ہوا ہے؛ |
| وَتَاۡذَنَ لِمَقَالِ نَصِیۡحِکَ. وَالسَّلَامُ لِاَهۡلِهٖ ۔ | 10 | اور اُسی نے تمہیں نصیحت تک کے سننے سے باز رکھا ہوا ہے اور سلام اس پر جو سلام کے قابل ہو‘‘ |

Presented by Ziaraat.Com

**تشریح:۔** سب سے پہلی بات تو یہ نوٹ کرنا ہے کہ معاویہ اینڈ کمپنی کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام کا رویہ اُسے ڈھیل دے کر اُس نتیجے تک پہنچانے کے لئے تھا جو مشیتِ خداوندی نے طے کر رکھا تھا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو حضور علیہ السلام آن کی آن میں اُن لوگوں کو مسل کر پھینک دینے کی طاقت اور انتظام رکھتے تھے۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام کی کسی بات یا عمل کو کمزوری یا کم فہمی قرار دینا خود اپنی کم فہمی اور عقیدہ کی کمزوری کا اعلان کرنا ہے۔

**غلط کاروں کو تباہ کرنے سے پہلے مہلت دینا اپنی قوت و قدرت اور اختیار کا ثبوت دینا ہے**

سوچنے کی بات ہے کہ کمزور شخص کسی کو مہلت کیوں دے گا؟ موقع سے فوراً فائدہ اُٹھانا اور موقع کی تاک میں رہنا اور مواقع پیدا کرنا تو کمزوری کی پہچان ہے۔ جو ڈھیل دیتا ہے اور سنبھلنے کے لئے موقع دیتا ہے وہ تو اپنی قدرت اور علم کا ثبوت دیتا ہے۔ اُسے یقین ہوتا ہے کہ جب چاہوں گا تباہ کر کے رکھ دوں گا۔ چنانچہ اللہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتا ہے کہ:۔ **رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا o وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا o وَذَرْنِىْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا o (المزّمّل۔ 12-9/73)**

''اللہ مشرقوں اور مغربوں کا پالنے والا ہے اُس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے لہٰذا اَے نبیؐ تم اسی کو اپنا وکیل بنائے رکھو اور یہ قریش جو باتیں بنا رہے ہیں اُن پر صبر کرو اور نہایت خوبصورت طریقے سے اُن سے ہجرت کر لو۔ اور ان جھٹلانے والے خوشحال لوگوں کو ذرا سی اور مہلت دے کر میرے حوالے کر دو۔ یقیناً ہمارے پاس اُن لوگوں کے لئے بھاری بھاری بیڑیاں اور آگ سے بھرے ہوئے گڑھے تیار ہیں۔ (12-9/73)

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ جن کے پاس لامحدود علم و قدرت ہوا کرتی ہے اُنہیں جلد بازی کی ضرورت نہیں ہوتی وہ مہلت پر مہلت دیتے ہیں صبر کرتے ہیں۔ ماضی و مستقبل پر اُن کی نظر ہوتی ہے اور جب چاہیں تباہی کا اعلان کر سکتے ہیں۔ حقیقی جاہلوں اور قریشی عقیدے کے لوگوں کی شناخت یہ ہے کہ وہ موقع پرستوں اور موقع کی تلاش میں رہنے والوں اور موقع سے فائدہ اُٹھانے والوں کو عقل مند اور با بصیرت کہتے ہیں۔ سازشیں کرنے والوں کو کامیاب قرار دیتے ہیں۔ جوڑ توڑ کرنے والوں کو سیاست میں ماہر کہتے ہیں۔ چونکہ وہ درحقیقت بے دین ہوتے ہیں اور بے دینوں کے ہمدرد اور بہی خواہ ہوتے ہیں اس لئے نہ انہیں دین کا خیال آتا ہے نہ وہ دین کی عائد کردہ پابندیوں کو کوئی مقام دیتے ہیں۔ وہ کبھی نہیں سوچتے کہ فلاں معاملے میں یا فلاں مسئلے میں اللہ نے کیا فرمایا ہے۔ اُن کے سامنے ہمیشہ اُن کی اپنی ضرورتیں اور مصلحتیں رہتی ہیں اور اُنہیں پورا کر لینا ہی اُن کے یہاں کامیابی کہلاتی ہے۔ اور یہی اور اتنا ہی قریشی دین و مذہب ہے۔ جو چیز مل گئی، جیسے بھی مل گئی، وہ اُسے عطیہ خداوندی سمجھ لیتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ اگر خدا نے ہمیں فلاں چیز نہ دینا ہوتی تو ہمیں سازش میں، فریب میں کامیاب ہی نہ ہونے دیا جاتا۔ لہٰذا فریب سے اور دھوکے سے یا سازش سے حاصل کی ہوئی چیز یقیناً عطیہ خداوندی ہے اور عطیہ خداوندی ہے اسی لئے جائز اور حلال ہے۔ ایسا عقیدہ رکھنے والوں پر ہم اور ملائکہ اور اللہ لعنت کرتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر 74)معاھدہ کَتَبَهُ بَيْنَ رَبِيْعَةَ وَالْيَمَنِ،وَنُقِلَ مِنْ خَطِّ هِشَامِ ابْنِ الْكَلْبِيِّ

یہ وہ معاہدہ ہے جو علی علیہ السلام نے قبیلہ ربیعہ اور اہل یمن کے مابین طے فرمایا تھا اور اُسے ابوالمنذر ھشام ابن سائب کلبی کی تصنیفات سے نقل کیا گیا اور جو 206ھ میں فوت ہوئے اور علمائے شیعہ میں بڑا مقام رکھتے تھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| هٰذَا مَااجْتَمَعَ عَلَيْهِ اَهْلُ الْيَمَنِ حَاضِرُهَا وَبَادِيْهَا ؛ وَرَبِيْعَةُ حَاضِرُهَا وَبَادِيْهَا اَنَّهُمْ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ : | 1 | یہ ہے وہ عہد نامہ جس پر اہل یمن کے شہری اور دیہاتی دونوں نے اور قبیلہ ربیعہ کے شہریوں اور دیہاتیوں نے اتفاق کیا ہے کہ وہ سب کے سب کتاب اللہ پر ثابت قدم رہیں گے؛ |
| يَدْعُوْنَ اِلَيْهِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِهٖ ؛ | 2 | اُسی کی طرف دعوت دیں گے اور اُسی کے احکامات نافذ کریں گے؛ |
| وَيُجِيْبُوْنَ مَنْ دَعَا اِلَيْهِ وَاَمَرَبِهٖ ؛ | 3 | اور جو کتاب اللہ کی طرف دعوت دے گا اور اُسی کی رو سے احکام نافذ کرے گا اُس کی آواز پر لبیک کہیں گے؛ |
| لَايَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا ؛ | 4 | اور نہ اس کے عوض قیمت یا کوئی فائدہ حاصل کریں گے؛ |
| وَلَا يَرْضَوْنَ بِهٖ بَدَلاً ؛ | 5 | اور اس معاملہ میں کسی بدلہ پر راضی نہ ہوں گے؛ |
| وَاَنَّهُمْ يَدٌوَّاحِدَةٌ عَلٰى مَنْ خَالَفَ ذٰلِكَ وَتَرَكَهٗ ؛ | 6 | اور جو کوئی اس معاہدے کو ترک کرے گا یا اس کی مخالفت کرے گا یہ سب مل کر ایک ہاتھ کی طرح اس سے جنگ کریں گے؛ |
| اَنْصَارٌ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ؛ | 7 | یہ سب آپس میں ایک دوسرے کے مددگار و ناصر رہیں گے؛ |
| دَعْوَتُهُمْ وَاحِدَةٌ ؛ | 8 | اُن کی دعوت اور آواز ایک ہوگی؛ |
| لَايَنْقُضُوْنَ عَهْدَ هُمْ لِمَعْتَبَةِ عَاتِبٍ ؛ | 9 | اور وہ کسی دھمکی دینے والے کی دھمکیوں سے اس معاہدہ کو نہ توڑیں گے؛ |
| وَلَا لِغَضَبِ غَاضِبٍ ؛ | 10 | اور نہ کسی کے غصہ کی وجہ سے عہد شکنی کریں گے؛ |
| وَلَا لِاسْتِذْلَالِ قَوْمٍ قَوْمًا ؛ | 11 | اور نہ کسی ایک قوم کے دوسری قوم کو ذلیل کرنے پر معاہدہ کی خلاف ورزی کرینگے۔ |
| وَّلَا لِمَسَبَّةِ قَوْمٍ قَوْمًا ؛ | 12 | اور نہ کسی قوم کے دوسری قوم کو گالی دینے سے چھوڑیں گے؛ |
| عَلٰى ذٰلِكَ شَاهِدُهُمْ وَغَائِبُهُمْ ؛ | 13 | اُسی معاہدہ پر ان کے حاضر و غائب دونوں عمل کریں گے؛ |
| وَسَفِيْهُهُمْ وَعَالِمُهُمْ ؛ | 14 | اور اُن کے جاہل بھی اور عالم بھی، |
| وَحَلِيْمُهُمْ وَجَاهِلُهُمْ ؛ | 15 | اُن کے بردبار اور عقلمند بھی، اس پر قائم رہیں گے؛ |
| ثُمَّ اِنَّ عَلَيْهِمْ بِذٰلِكَ عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهٗ اِنَّ عَهْدَ اللّٰهِ كَانَ مَسْؤُلًا ؛(الاحزاب33/15) | 16 | پھر اُن سب کے اوپر اللہ کا عہد و پیمان اور اُس کی توثیق لازم ہو گئے ہیں ۔ یقیناً اللہ کے عہد پر باز پرس ضرور ہونا ہے؛(الاحزاب33/15) |
| وَكَتَبَ عَلِيٌّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ۔ | 17 | اور اس عہد نامہ کو علیؑ ابن ابی طالبؑ نے بقلم خود لکھا ہے۔ |

**تشریح:۔** اس معاہدے میں یہ دیکھنا ہے کہ فریقین کو قرآن کریم سے وابستہ اور قرآن کے ماتحت کر دیا گیا ہے اور قومی دباؤ کی تمام صورتوں کو یک سر بے اثر کر

Presented by Ziaraat.Com

دیا گیا ہے۔کہیں شخصی یا قومی مصلحتوں کو دلیل نہیں بننے دیا گیا ہے۔ ہر حال اور ہر صورت میں فریقین کو قرآن کے ماتحت رہنے پر مہر لگا دی ہے۔ یہیں یہ نوٹ کر لیں کہ قریشی حکمرانوں نے اپنے معاہدوں میں کہیں قرآن کا نہ ذکر کیا نہ خود کو قرآن کے ماتحت رکھا۔ ہر معاہدے میں قومی حالات اور مصلحتِ وقت کو راہنما بنایا گیا ہے۔اور دنیاوی فوائد اور نقصانات کو مدنظر رکھا گیا ہے اور یہ شرط تو کبھی لگائی ہی نہیں گئی کہ تمام احکامات قرآن کریم سے دئے جائیں گے اور یہ صرف اسلئے کہ نہ یہ خلافت وحکومت قرآن کے احکام پر مبنی تھی اور نہ اسے قرآنی قوانین سے وابستہ رکھا گیا تھا یہ خالص قومی معاملہ تھا۔قومی مصلحت اور قومی ضرورت تھی۔اور قومی تحفظ ہی کے لئے اس حکومت کو قائم کیا گیا تھا۔اور قومی ضرورت کیلئے احکاماتِ قرآن کو چھوڑ دیا۔

## ( نمبر 75) خط اِلٰی مُعَاوِیَۃَ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ فِیْ اَوَّلِ مَا بُوْیِعَ لَہٗ بِالْخِلَافَۃِ ذَکَرَہُ الْوَاقِدِیُّ فِیْ کِتَابِ الْجَمَلِ

**اپنی ظاہری خلافت کے اوّلین ایام میں اپنی بیعت کے بعد معاویہ کو لکھا گیا علامہ واقدی نے اپنی کتاب الجمل میں نقل کیا ہے**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ عَبْدِاللّٰہِ عَلِیٍّ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ اِلٰی مُعَاوِیَۃَ ابْنِ اَبِی سُفْیَانَ ؛ | 1 | اللہ کے بندے علیؑ امیر المومنین کی طرف سے ابوسفیان کے بیٹے معاویہ کے نام: |
| اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ عَلِمْتَ اِعْذَارِیْ فِیْکُمْ وَاِعْرَاضِیْ عَنْکُمْ ؛ | 2 | حمد وثنائے خدا اور سوؐل کے بعد واضح ہو کہ تمہیں میری اس بیعت سے پہلے میرے وہ عذرات اور تم لوگوں سے کنارہ کشی کے وجوہات معلوم ہیں؛ |
| حَتّٰی کَانَ مَالَابُدَّمِنْہُ وَلَا دَفْعَ لَہٗ ؛ | 3 | یہاں تک کہ میری یہ حکومت قائم ہو کر ہی رہی جسے لازماً قائم ہونا ہی تھا جسے کوئی قوت روک نہ سکتی تھی؛ |
| وَالْحَدِیْثُ طَوِیْلٌ وَالْکَلَام کَثِیْرٌ ؛ | 4 | یہ ایک طویل بات ہے اور اس میں کثیر گفتگو کی ضرورت ہے؛ |
| وَقَدْ اَدْبَرَمَا اَدْبَرَ ؛ | 5 | اور جو گذرنا تھا وہ گذر چکا ہے؛ |
| وَاَقْبَلَ مَا اَقْبَلَ ؛ | 6 | اور جو سامنے آنا تھا وہ آ چکا ہے؛ |
| فَبَایِعْ مَنْ قِبَلَکَ وَ اَقْبِلْ اِلَیَّ فِیْ وَفْدٍ مِّنْ اَصْحَابِکَ ؛ والسلام ؛ | 7 | لہٰذا تم اپنے آس پاس کے لوگوں سے میری خلافت پر بیعت لے لو اور اپنے ساتھیوں کے وفد کے ساتھ میرے پاس چلے آؤ۔ والسلام |

**تشریح:۔** حضرت علی علیہ السلام اس خط میں اپنے دو زمانوں کا ذکر فرماتے ہیں۔ایک اعراض کا زمانہ اور دوسرا خلافت قبول کر لینے کا زمانہ۔لہٰذا وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے خلافت کو قبول کر لیا تھا یا خلافت سے وابستہ رہتے چلے آئے تھے اُن کا کاذب ہونا ثابت کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ معاویہ اُن تمام عذرات اور اسباب پر مطلع ہے جن کی بنا پر حضورؑ مسلسل خلفاء اور خلافت سے اعراض (روگردانی) کرتے چلے آئے تھے اور اب خلافت قبول کر لی ہے۔ساتھ ہی یہ بھی بتاتے ہیں کہ وہ عذرات اور اسباب بیان کرنے میں بہت سی طویل اور کثیر باتیں بتانا لازم ہیں۔لہٰذا اُن کی فی الحال ضرورت نہیں ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ تم بھی میری اطاعت کا اعلان کرو لوگوں سے میری اطاعت کی بیعت لو اور تم اور تمہارے اہل دربار یہاں آ کر بیعت کرو۔دوسری غور طلب بات یہ فرمائی ہے کہ میری خلافت کا قائم ہو کر رہنا لابدی ولازمی تھا جسے کوئی روک نہ سکتا تھا۔یعنی آپ جن جن

Presented by Ziaraat.Com

قوانین پر عمل فرما رہے تھے اُن کا تقدیری و مشیئتی نتیجہ یہی تھا کہ میری حکومت قائم ہو کر رہے گی جس کی پیشگوئی حضور علیہ السلام نے اپنے تیسرے خطبہ میں کر دی تھی۔ جہاں اپنے کٹے ہوئے ہاتھ سے قریش کی جڑیں نکالنے کا ذکر فرمایا ہے (ملاحظہ ہو جملہ 7,8 منہاج الرسالۃ)۔ بہرحال یہ خط حضورؐ کے اوّلین خطوط میں سے ہے مگر رضی صاحب نے ماشاءاللہ نہ خطبوں میں کوئی ترتیب رکھی نہ خطوط میں۔

## ( نمبر 76) وصیت لِعَبْدِ اللّٰهِ ابْنَ الْعَبَّاسِ عِنْدَ اِسْتِخْلَافِهٖ اِيَّاهُ عَلَى الْبَصْرَةِ

**جب عبداللہ ابن عباس کو اپنی طرف سے بصرہ پر خلیفہ مقرر کیا تو اُسے وصیت فرمائی تھی**

**(یہاں لفظ اِسْتِخْلَاف غلط ہے یہ اِسْتَعْمَلَهٗ ہے یعنی جب اُسے بصرہ کا عامل (گورنر) بنایا تھا)**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| سَعِ النَّاسَ بِوَجْهِكَ وَمَجْلِسِكَ وَحُكْمِكَ | 1 | لوگوں کیساتھ خندہ پیشانی سے رہو انہیں ہمنشین بناؤ اور درست احکام دو؛ |
| وَاِيَّاكَ وَالْغَضَبَ فَاِنَّهٗ طَيْرَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ ؛ | 2 | خبردار غصہ سے بچنا اسلئے کہ غصہ شیطان کی طرف سے اظہار حماقت کے لئے ہوتا ہے؛ |
| وَاعْلَمْ اَنَّ مَاقَرَّبَكَ مِنَ اللّٰهِ يُبَاعِدُكَ مِنَ النَّارِ وَمَا بَاعَدَكَ مِنَ اللّٰهِ يُقَرِّبُكَ مِنَ النَّارِ . | 3 | اور یہ جان لو کہ جو کام اللہ سے قریب کرتے ہیں وہ جہنم سے دور لے جاتے ہیں اور جو کام اللہ سے دور کرتے ہیں وہ جہنم سے قریب کرتے ہیں۔ |

**تشریح:۔** اس وصیت سے اس کی عاقبت کا بھی پتہ چلتا ہے اور عقل و عقائد کا بھی۔ یہ بات ہزاروں سال پہلے کے لوگ بھی جانتے تھے جو اس کو بتائی گئی ہے کہ قربت خداوندی دلانے والے کام جہنم سے دور کر دیں گے اور اللہ سے دور کرنے والے کام جہنم سے قریب کر دیتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اس نے نہ قرآن پڑھا تھا نہ اسکو سمجھا تھا۔ ورنہ یہ سب کچھ اُسے بتانے کی ضرورت پیش نہ آتی۔

## ( نمبر 77) خط وصیت لِعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْعَبَّاسِ لَمَّا بَعَثَهٗ لِلْاِحْتِجَاجِ عَلَى الْخَوَارِجِ

**''پھر عبداللہ ابن عباس کو وصیت فرمائی ہے جب اُسے خارجیوں پر حجت قائم کرنے بھیجا'' عبداللہ کو مفسر قرآن اور حضرت علی علیہ السلام کا شاگرد کہنے والے لوگ دیکھیں عبداللہ خارجیوں کے مقابلے میں قرآن سے جاہل تھا اسے منع فرمایا ہے کہ خارجیوں سے قرآن سے بات نہ کرنا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| لَاتُخَاصِمْهُمْ بِالْقُرْاٰنِ فَاِنَّ الْقُرْاٰنَ حَمَّالٌ ذُوْ وُجُوْهٌ تَقُوْلُ وَيَقُوْلُوْنَ ؛ | 1 | تم اُن سے قرآن کی رو سے حجت پیش نہ کرنا۔ یقیناً قرآن کئی وجوہات کا حامل ہے (اور تم اُن وجوہات سے جاہل ہو) تم اپنی کہتے رہو گے اور وہ بھی کہتے رہیں گے؛ |
| وَلٰكِنْ حَاجِجْهُمْ بِالسُّنَّةِ فَاِنَّهُمْ لَنْ يَّجِدُوْ اعَنْهَا مَحِيْصًا ؛ | 2 | ولیکن اُن کے سامنے سنت کے ساتھ حجت پیش کرنا اس لئے کہ وہ سنت سے گریز کا راستہ نہ پاسکیں گے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

**تشریح:۔** وہ لوگ غور فرمائیں جو عبداللہ کو قرآن کا مفسر اور حضرت علیؑ کا شاگرد بنائے ہوئے ہیں۔اس کی لاعلمی ثابت کرنے کے لئے اُسے خارجیوں میں بھیجا گیا تھا۔جنہوں نے جاتے ہی اُسے اُلجھا لیا تھا۔اور اگر فوراً ہی حضور علیہ السلام نہ پہنچ جاتے تو خارجی اُس کی مٹی پلید کر کے چھوڑتے۔تفصیلات لکھی جا چکی ہیں۔نہ عبداللہ حضرت علی علیہ السلام کا شاگرد تھا نہ وہ اس قابل تھا کہ اُسے شاگرد بنایا جاتا۔

# ( نمبر78)خط

**اَجَابَ بِهِ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنْ كِتَابٍ كَتَبَهُ اِلَيْهِ مِنَ الْمَكَانِ الَّذِيْ اُقْعِدُوْا فِيْهِ لِحَكُوْمَةِ وَذَكَرَ هٰذَاالْكِتَابَ سَعِيْدُ ابْنُ يَحْيٰى الْاَمَوِيُّ فِيْ كِتَابِ الْمُغَازِيْ**

**ابوموسیٰ اشعری کے جواب میں لکھا گیا، جو اُس نے دُوْمَةُ الْجَنْدَل سے لکھا تھا جہاں ابوموسیٰ کو فیصلہ کے لئے رکھا گیا تھا (اِس خط کو سعید ابن یحییٰ نے اپنی کتاب مغازی میں محفوظ کیا تھا)**

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O**

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّ النَّاسَ قَدْتَغَيَّرَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ عَنْ كَثِيْرٍ مِّنْ حَظِّهِمْ ؛ | 1 | یقیناً بہت سے انسان ہیں جو دنیا اور آخرت کی سعادتوں اور اپنے حصہ سے محروم ہو چکے ہیں؛ |
| فَمَالُوْامَعَ الدُّنْيَا ؛ | 2 | اِس لئے کہ وہ دنیا کی طرف مائل ہو چکے ہیں؛ |
| وَنَطَقُوْا بِالْهَوٰى ؛ | 3 | اور بات بات میں اور ہر معاملہ میں اپنی ذاتی خواہشات پر چلنے لگے؛ |
| وَاِنِّيْ نَزَلْتُ مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَنْزِلاً مُعْجِبًا اجْتَمَعَ بِهٖ اَقْوَامٌ اَعْجَبَتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ ؛ | 4 | اور میں تو یہ دیکھ دیکھ کر ایک حیرانی کے مقام پر کھڑا ہوں جہاں میرے چاروں طرف ایسی قوموں کا جھمگٹا لگا ہوا ہے جو خود پسندی اور اپنے اپنے اغراض میں اُلجھے ہوئے ہیں؛ |
| فَاِنِّيْ اُدَاوِيْ مِنْهُمْ قَرْحًا اَخَافُ اَنْ يَّعُوْدَ عَلَقًا ؛ | 5 | چنانچہ میں اُن کے زخموں کا مداوٰی اور علاج تو کر رہا ہوں مگر ساتھ ہی ساتھ ڈرتا جا رہا ہوں کہ کہیں وہ جمے ہوئے خون کی طرح ہو کر لاعلاج نہ ہو جائیں؛ |
| وَلَيْسَ رَجُلٌ ـفَاعْلَمْ ـاَحْرَصَ عَلٰى جَمَاعَةِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَاُلْفَتِهَا مِنِّيْ ؛ | 6 | تم یہ بات ذہن نشین رکھ کر عمل کرنا کہ اس دنیا کے تمام انسانوں میں کوئی شخص ایسا نہیں ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی اُمت اور یکجہتی میں مجھ سے زیادہ لالچی ہو؛ |
| اَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ حُسْنَ الثَّوَابِ وَكَرَمَ الْمَاٰبِ ؛ | 7 | اور اس سے میرا مطلب صرف یہ ہے کہ میں عمدہ قسم کا ثواب اور آخرت کی سرفرازی حاصل کرلوں؛ |
| وَسَاَفِيْ بِالَّذِيْ وَاَيْتُ عَلٰى نَفْسِيْ وَاِنْ تَغَيَّرْتَ عَنْ صَالِحِ مَا فَارَقْتَنِيْ عَلَيْهِ ؛ | 8 | اور میں تو اُس عہد کو وفا کر کے رہوں گا جو میں نے اپنے اوپر لازم کر رکھا ہے خواہ تم اپنے اُس نیک خیال میں تبدیلی کیوں نہ کرلو جس پر تم مجھ سے جدا ہونے کے وقت قائم تھے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّ الشَّقِیَّ مَنْ حُرِمَ نَفْعَ مَا اُوْتِیَ مِنَ الْعَقْلِ وَالتَّجْرِبَةِ | 9 | بلا شبہ وہ شخص ازلی بد بخت ہے جو عقل و تجربہ رکھتے ہوئے اپنے اوپر اُن فوائد کو حرام کرلے جو اُسے عقل و تجربہ سے پہنچتے؛ |
| وَاِنِّیْ لَاَعْبَدُ اَنْ یَّقُوْلَ قَائِلٌ بِبَاطِلٍ ؛ | 10 | میں تو اس بات کو بھی برداشت نہیں کرتا کہ کوئی بات بنانے والا غلط بات کہے؛ |
| وَاَنْ اُفْسِدَ اَمْرً قَدْ اَصْلَحَهُ اللّٰهُ ؛ | 11 | اور یا کسی ایسے معاملے کو خراب ہونے دوں جسے اللہ صحیح اور درست کر چکا ہو؛ |
| فَدَعْ مَالَا تَعْرِفُ ؛ | 12 | لہٰذا جس بات کو تم نہیں جانتے اُس کے پیچھے نہ پڑو؛ |
| فَاِنَّ شِرَارَ النَّاسِ طَائِرُوْنَ اِلَیْکَ بِاَقَاوِیْلِ السُّوْءِ . وَالسَّلَامُ . | 13 | کیونکہ شر اور فساد پھیلانے والے لوگ اپنے فسادی اقوال اور اسکیمیں لے کر بڑی تیزی سے اُڑتے ہوئے تم تک پہنچ جائیں گے۔ والسلام۔ |

**تشریح:۔** یہ جواب تو واضح اور سامنے ہے مگر جس خط کا یہ جواب ہے وہ نہ سامنے آیا ہے نہ ہمیں اس کا مضمون کہیں سے ملا ورنہ ہم اس سے قارئین کو باقاعدہ مطلع کرنے کی پوزیشن میں ہیں۔ یعنی ہمیں تشریح کے لئے اپنی سابقہ معلومات کا اور حضور علیہ السلام کے اس جواب کا سہارا لینا پڑے گا اور قارئین کو عقل و تجربہ سے مدد لینا پڑے گی۔ لہٰذا اس جواب سے جو کچھ معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ابوموسیٰ اشعری نے اپنے چاروں طرف کے پیچیدہ حالات دیکھ کر ہدایات طلب کی ہیں۔ تاکہ وہ آئندہ اپنے عمل درآمد میں راہنمائی حاصل کر کے اپنا کام درستی سے کر سکے۔

## ابوموسیٰ اشعری کی پوزیشن مقام اور اُس کا کام اور حضورؑ سے تعلق

اِس عنوان کو سمجھنے کے لئے قارئین کو چاہئے کہ وہ اُس خطبے کو پڑھیں جسے مفتی جعفر نے اپنے ترجمے میں پینتیس ویں (35) نمبر پر لکھا ہے اور ہمارے یہاں اس خطبے کو پچاس (50) نمبر دیا ہے۔ یہ خطبہ اُن حالات کو پیش کرتا ہے جب جنگِ صفین ختم ہوئی تھی اور حالات یہ تھے کہ جنگ صفین کے آخر میں معاویہ کی افواج اِدھر سے اُدھر بھاگ رہی تھیں۔ خود معاویہ جان بچانے کے لئے بھاگنے کے لئے گھوڑے کی لگام پکڑے ہوئے کھڑا ہے اور عمرو بن العاص سے تدبیریں دریافت کر رہا تھا۔ اُس نے بتایا کہ قرآن کی آڑ لے لو تو لڑائی رک جائے گی۔ چنانچہ نیزوں پر قرآن بلند کئے گئے اور فریادیں بلند ہوئیں کہ لڑائی روک دو اور قرآن کے مطابق فیصلہ کرلو۔ حضرت علی علیہ السلام نے اعلان کیا کہ جب ہم نے قرآن کے فیصلے کی طرف بلایا تھا تو معاویہ اور اہل شام نے انکار کر دیا تھا اب وہ شکست اور قتل عام سے بچنے کے لئے یہ چال چل رہے ہیں۔ لہٰذا جنگ جاری رکھو یہاں تک کہ باقاعدہ شکست تسلیم کی جائے۔ لیکن قرآن کے نام پر حضرت علی علیہ السلام کی فوج کی کثرت نے تلواریں نیام میں رکھ لیں۔ اور حضرت علی علیہ السلام کو گھیر لیا اور جنگ بند کرنے کے لئے مجبور کر دیا اور یہاں تک کہہ دیا کہ اگر آپ نے مالک اشترؓ کو میدان جنگ سے واپس نہ بلایا تو ہم تمہیں گرفتار کر کے معاویہ کے حوالے کر دیں گے۔ مالک اشتر کو واپس بلا لیا گیا جنگ روک دی گئی جنگ کو روکنا ہی معاویہ اور عمرو عاص کا اوّلین مقصد تھا جو قرآن کے نام پر علوی فوج میں اختلاف ڈال کر حاصل کر لیا گیا۔ جنگ رکنے اور جان بچنے سے جو اطمینان ہوا تو سازش کی نئی چالیں سوجھیں۔ معاویہ اور عمرو عاص نے دیکھا کہ علیؑ نے مجبوراً کثرت کی رائے سے دب کر آپس میں جنگ کو روک دیا ہے اس نے اُن لوگوں کو اُبھارا جو جنگ روکنا نہ چاہتے تھے اور زبردستی روک دئے گئے۔ اُنہوں نے حضرت علیؑ پر تقاضہ جاری رکھا کہ جنگ دوبارہ شروع کی جائے جنگ روکنا اور قرآن سے فیصلے کے لئے ثالث مقرر کرنا خود قرآن کے خلاف ہے۔ لہٰذا تم نے جان بوجھ کر قرآن کی مخالفت میں صلح منظور کی ہے اور یہ کھلا کفر ہے لہٰذا کفر سے توبہ کرو جنگ جاری کرو۔ چونکہ ان لوگوں کی تعداد کم تھی یہ جبراً دوبارہ جنگ نہ کر سکتے تھے اس لئے اپنے ہم خیال لوگوں کی تلاش میں لگ گئے یہی لوگ ہیں جو بعد میں خارجی کہلائے اور قوت حاصل کر کے جنگ

Presented by Ziaraat.Com

نہروان میں حضرت علی علیہ السلام سے مقابلہ کیا۔اُدھر جبراً جنگ رکوانے والوں میں معاویہ اور عمرو عاص نے یہ طے کرادیا کہ حضرت علی علیہ السلام کی طرف سے ثالث ابوموسیٰ اشعری کو مقرر کراؤ اور معاویہ کی طرف کا ثالث عمرو بن العاص ہوگا۔حضرت علیؑ ہرگز نہ چاہتے تھے کہ اُن کی طرف سے ابوموسیٰ کو ثالث مقرر کیا جائے لیکن کثرت نے مجبور کر دیا۔معاہدہ میں طے ہوا کہ دونوں ثالث چھ ماہ کے اندر اندر جو فیصلہ کریں گے وہ لفظ بلفظ قرآن سے کریں گے اور اس پر دونوں ثالث (یا حکم) متفق ہوں گے اور فیصلہ سنانے کے لئے دونوں دومۃ الجندل کے مقام پر آئیں گے اور فریقین کے دو گروہوں کے سامنے فیصلہ سنائیں گے۔یہاں تک دومۃ الجندل اور ابوموسیٰ اشعری کی پوزیشن واضح ہوگئی۔اُدھر دونوں افواج واپس چلی گئیں۔خارجی بننے والے لوگ حضرت علی علیہ السلام سے جدا ہوگئے اپنا الگ امام مقرر کرلیا اور حضرت علیؑ پر کفر کا فتویٰ عائد کر دیا اور برابر تقاضہ جاری رکھا کہ کفر سے توبہ کرو اور معاویہ سے جنگ کریں۔حضرت علیؑ معاہدہ کی پابندی پر زور دیتے رہے اور دوسرے مخالف گروہ کو معاویہ کی طرف سے شہہ ملتی رہی روپیہ اور سامان ملتا رہا تاکہ علیؑ سے جنگ کرائی جائے اور علیؑ کو اُلجھا کر دور رکھا جائے۔ابوموسیٰ کو ایسی خبریں پہنچائی جارہی تھیں جن سے گھبرا کر وہ کوئی ایسا فیصلہ کر دے جو معاویہ کے حق میں ہو۔سازشی گروہ کہتا تھا کہ خارجیوں کے دباؤ میں آکر حضرت علیؑ نے معاہدہ منسوخ کر دیا ہے۔لہٰذا ثالثی خود منسوخ ہوگئی ہے۔کوئی بتاتا تھا کہ حضرت علیؑ نے کفر کا جرم مان کر توبہ کرلی ہے اور وہ شام پر حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔وہ صلح کرنے پر پچھتا رہے ہیں۔ابوموسیٰ اشعری نے اِن افواہوں سے گھبرا کر یہ خط لکھا اور صورت حال کو سمجھنا چاہا ہے۔اسی لئے حضورؑ نے اپنے جواب میں بتایا ہے کہ ''**میں تو اُس عہد کو وفا کر کے رہوں گا جو میں نے اپنے اوپر لازم کر رکھا ہے خواہ تم اپنے اُس نیک خیال میں تبدیلی ہی کیوں نہ کرلو جس پر تم مجھ سے جدا ہوتے وقت قائم تھے (جملہ نمبر 8)**۔مطلب یہ کہ:۔

(1) مطلب یہ کہ میں کسی کے دباؤ میں نہ آیا ہوں نہ آؤں گا اور جنگ صفین والے معاہدے کو ضرور پورا کروں گا۔یعنی جو کچھ تمہیں سنایا جارہا ہے وہ سازشی افواہیں ہیں حقیقت نہیں ہے۔

(2) یہ بھی واضح ہوگیا کہ معاہدہ کے بعد جنگ صفین سے رخصت ہوتے وقت ابوموسیٰ اشعری کے خیالات نیک تھے یعنی وہ معاہدہ کے مطابق قرآن سے فیصلے کے لئے تیار تھے۔اور حضرت علی علیہ السلام ابوموسیٰ اشعری کے بدل جانے کی صورت میں بھی قرآن کے فیصلے اور حکم پر رضامند رہیں گے۔

اسی خط میں ابوموسیٰ کو خبردار کیا ہے کہ سازش بڑے زور سے جاری ہے میرے چاروں طرف بھی کئی ایک اقوام کو پھیلا رکھا ہے تاکہ میں کوئی غلط فیصلہ کرلوں (جملہ نمبر 4) اور ادھر تمہیں تمہاری راہ سے ہٹانے کے لئے شر پسند ماہرین تمہارے چاروں طرف اُڑ اُڑ کر پہنچیں گے اور چکر لگائیں گے اور طرح طرح کے اقوال اور غلط اسکیمیں پیش کریں گے (13۔آخری جملہ)۔باقی خط ابوموسیٰ کو تنبیہات اور تاکیدات اور صورت حالات سے واقف کرنے کے لئے واضح ہے۔بہرحال معاویہ اور عمرو عاص کی سازش سے صفین کی جنگ رک گئی۔حضرت علی علیہ السلام کی فوج میں ایک مستقل پھوٹ پڑ گئی جو آپس میں جنگ نہروان پر ختم نہیں ہوئی۔میدان جنگ میں موجود تمام خارجی قتل ہوگئے تو اُن کے اعزا و اقربا دشمن ہوگئے۔پہلے خارجی تھے یا نہیں ضرور وہی عقائد اختیار کر لئے۔چاروں طرف اپنے ہم خیال بنانے کے لئے پھیل گئے۔جہاں موقع ملا حضرتؑ کی رعایا اور صحیح العقیدہ مسلمانوں کو بے دریغ لوٹنا قتل وغارت کرنا جاری رکھا۔ہم نے مکمل تفصیل بیان الامامت کی تشریحات میں جمع کر دی ہیں۔ہر پہلو واضح ہو چکا ہے۔خطوط کی ذیل میں یہ مختصر تشریحات خانہ پری کے لئے کی گئی ہیں۔بیان الامامت کو پڑھ چکنے والوں کو ان کی احتیاج نہیں رہتی ہے۔نہج البلاغہ پر یہ (قلمی) دس ہزار صفحات قارئین کو تمام تواریخ سے نہ صرف مستغنی کر دیتے ہیں بلکہ تاریخ پر تنقید کی قوت اور دلائل بھی فراہم کرتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

# ( نمبر79)خط

## لَمَّااسْتُخْلِفَ اِلٰی اُمَرَاءِ الْاَجْنَاد

### اپنی ظاہری خلافت کے فوج کے سرداروں کے نام لکھا گیا تھا

### قریش اور قریشی خلافتوں کا کردار پیش فرمایا ہے اور اُن کے منصوبہ پر متوجہ کیا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّمَا اَهْلَکَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ اَنَّهُمْ مَنَعُوْا النَّاسَ الْحَقَّ فَاشْتَرَوْهُ ؛ | 1 | حمد وثنائے خدا اور رسوؐل کے بعد واضح ہو کہ تم سے پہلے کے لوگوں کو اس عمل درآمد نے تباہ کیا تھا کہ اُنہوں نے حاکم ہوتے ہوئے لوگوں کو اُن کے حقوق دینے سے منع کر دیا تھا اور پبلک نے اپنے حقوق کو خریدنا شروع کر دیا تھا؛ |
| وَاَخَذُوْهُمْ بِالْبَاطِلِ فَاقْتَدَوْهُ ۔ | 2 | اور انہوں نے ان کو باطل پر لگا دیا تھا چنانچہ انہوں نے پیروی شروع کر دی تھی۔'' |

**تشریح:۔** خط کی بنیادی بات تو اس قدر ہے کہ حاکم کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ پبلک کے کیا کیا حقوق اُن پر لازم ہوتے ہیں اور سب کے حقوق بروقت ادا کئے جانا چاہئیں اور بس۔ انسانی حقوق کیا کیا ہیں؟ اس پر آج تک نہ آخری فیصلہ ہوا ہے نہ تمام حکمرانوں نے اتفاق کیا ہے۔ پہلے بھی اور آج بھی انسانوں کو نظام حکومت کی مصلحتوں کے ماتحت بہت سے حقوق سے محروم رکھا جاتا ہے۔ مثلاً ملک رُوس میں اس کی آزادی نہیں کہ جو شخص جہاں اور جس ملک میں جا کر آباد ہونا چاہے آباد ہو سکے۔ چنانچہ وہاں کی پبلک اپنے ملک میں قیدی ہے۔ پاکستان میں اس کی آزادی نہیں کہ جو شخص جو عقیدہ یا مذہب رکھنا چاہے رکھ سکے۔ مثال کے طور پر روس میں یہودی قید میں ہیں اور پاکستان میں قادیانی یا احمدی قید میں ہیں۔ رُوس اور پاکستان کی حکومتیں ان پابندیوں کو جائز سمجھتی ہیں اور ہر ملک کی حکومت پبلک پر اپنی مصلحت کے ماتحت پابندیاں لگائے ہوئے ہے اور جب چاہتی ہے قانون خود بنا کر مزید پابندیاں لگا دیتی ہے۔ پبلک شور کرتی رہتی ہے اور اِس وقت ساری دنیا میں تمام ممالک میں ہنگامے ہو رہے ہیں بدامنی پھیلی ہوئی ہے۔ کہیں چین وامن و اطمینان نہیں ہے۔ نہ پبلک چین سے ہے اور نہ حکومتیں چین سے ہیں۔ ایک ہمہ گیر بے چینی ہے جس نے ساری دنیا کو گھیر رکھا ہے اور دنیا تباہی کی طرف بڑھتی جا رہی ہے۔ سب لوگ معذور ہیں سب قصوروار ہیں۔ کسی نہ کسی طرح اور کسی نہ کسی مقدار میں سب مجرم ہیں۔ اگر ان لوگوں کو خدا و رسوؐلوں اور کتبہائے خداوندی کے احکام پر نہیں چلنا تو نہ چلیں۔ مگر ان اقوال واعمال واقدامات پر تو پابندی نہ لگائیں جو انسانی ترقی میں ممد ومعاون ہوں۔ یہ قانون تو بنایا جا سکتا ہے کہ انسانی ترقی میں رکاوٹ ڈالنا جرم ہے۔ لہٰذا ہر وہ پابندی ہٹا لیں جو ترقی میں رکاوٹ بنتی ہو۔ ہر وہ خیال وعمل جائز قرار دے دیں جو انفرادی یا اجتماعی ترقی کا سبب بنتا ہو۔ یہی سبب ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے لوگوں کو سو فیصد آزاد رکھا تھا۔ ہر شخص کو زندہ رہنے پھلنے پھولنے اور لازوال ترقی کرنے کا حق ہے اور ہر شخص کو یہ حق ملنا چاہئے لیکن کسی شخص کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ دوسروں کے اِس حق میں رکاوٹ ڈالے۔ یہ ایسی حقیقت ہے کہ کمیونسٹ بھی اس کا انکار نہیں کر سکتے اور تمام بامذہب لوگوں کو یہ حق یا حقیقت تسلیم کرنا پڑتی ہے۔ یہ صرف حکومتیں اور حکومتوں کے طرز حکومت ہیں جو اس حق اور حقیقت کے منکر ہیں۔ وہ طرح طرح کی باتیں بنا کر لوگوں کو اس فطری، پیدائشی اور بہترین و ہمہ گیر حق سے روکتی ہیں۔ اسی لئے معصومؑ زبان

Presented by Ziaraat.Com

میں باطل حکومتیں کہلاتی ہیں اور ایک معصوم وخدائی حکومت ہی کو صحیح حکومت مانتی ہیں اور صحیح حکومت کے لئے خدائی طرز حکومت کو لازم قرار دیتی ہیں۔اور انسان کے اپنے ذاتی خیالات یا ذاتی اور قومی یا ملکی مصلحتوں کو ناجائز قرار دیتی ہیں جو اللہ نے کہا ہو یا آئندہ کہے اسی کو حق اور صحیح سمجھتی ہیں۔اس حکومت کا سربراہ اور حکمران خود کو ساری نوع انسان سے پیچھے رکھتا ہے اور ایک ایسا گروہ اپنی پشت پر رکھنا چاہتا ہے جو خود کو تمام انسانوں سے پیچھے رکھے۔اپنی خوراک اور پوشاک کا معیار یہ رکھتا ہے کہ پبلک کا ہر شخص وہ خوراک اور پوشاک باسہولت حاصل کر سکے اور پبلک کے ساتھ ساتھ اپنی ضروریات زندگی کا تعین کرتا رہے۔وہ ایسے لوگوں کو محبت اور قدر کی نظروں سے دیکھتا ہے جو دوسروں کو خود پر ترجیح دیتے ہوں اور جو ساری نوع انسان کی آزادی اور خوشحالی اور خوش خیالی چاہتے ہوں اور اپنی تمام قوتیں اس مقصد پر قربان کر دینے میں لگے رہتے ہوں۔جو دنیا سے تنگی،تنگ دستی اور تنگ خیالی اور تنگ دامنی اور تنگ دلی کو رخصت کرنے میں اپنے سربراہ یا حکومت کے مدد ومعاون ہوں جو ہر وقت اصلاحی تگ ودَو میں لگے رہتے ہوں جو کبھی ترقی کی گنجائشوں کو نظر انداز نہ کریں جو ترقی کے زینہ کو کہیں ختم ہو جانے والا نہ سمجھ بیٹھیں جو انسانوں کو لامحدود حیات اور لامحدود قدرت فراہم کرنے اور کرانے میں یقین رکھتے ہوں جو اس پوری کائنات کو استعمال کرنے کے قابل ہوں۔اور اپنے حکمران کے قدم بقدم چل کر وہاں تک پہنچیں جہاں تک مکان اور امکان ہو۔اور یہ سب کچھ یہ مصلحت پرست حکومتیں نہیں کر سکتیں وہ دنیا کو ایسا ہی بنائے رکھیں گی جیسی آج ہماری یہ دنیا ہے۔چاروں طرف حکمرانوں کو دَوروں کا دَورہ پڑا ہوا ہے۔تمام دانشوروں کو بے معنی اور آزمودہ میٹنگوں میں اُلجھا رکھا ہے چاروں طرف امن وصلح اور خوشحالی کی باتیں ہوتی ہیں۔مگر امن کے بجائے فساد میں روز افزوں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔صلح کی جگہ جنگ کی مزید راہیں نکلتی ہیں۔خوشحالی کے بجائے بدحالی اور فاقہ کشی اور تنگ حالی پھیلتی جارہی ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ یہ دَورہ ختم ہو۔یہ بیماری فکر وفراست دور ہو۔یہ گاندھی یہ گاندھی زدہ لوگ چین سے بیٹھ کر کوئی ایسا پلان پیش کریں جس میں انسانی حقوق،انسانی آزادی اور انسانی محبت مجروح ہوتی نظر نہ آئے۔

یا علیؑ مدد۔

2 جولائی 1985ء بروز منگل بوقت 10 بجے دن

محمد احسنؔ زیدی

Presented by Ziaraat.Com

# بیان الامامة

## (حصه سوم)

## ﴿ملفوظات و کلمات﴾

Presented by Ziaraat.Com

# بیان الامامة حصہ سوم

# ملفوظات و کلمات

بَابُ الْمُخْتَارِ مِنْ حِكَمِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلام وَمَوَاعِظِهِ ، وَيَدْ خُلُ فِيْ ذٰلِكَ الْمُخْتَارُ مِنْ اَجْوِبَةِ مَسَائِلِهِ وَالْكَلَامُ الْقَصِيْرُ الْخَارِجُ فِيْ سَائِرِ اَغْرَاضِهٖ .

۔''وہ باب جس میں امیر المومنین علیہ السلام کے منتخب وعظوں اور حکیمانہ ہدایات کا مجموعہ ہے۔اور سوالات کے جوابات بھی ہیں اور چھوٹے چھوٹے حکیمانہ جملوں کا انتخاب بھی ہے جو مختلف اغراض ومقاصد کے سلسلے میں فرمائے ہیں''۔

## 1- فتنہ سازوں سے تحفظ کا ایک سادہ اور سہل طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| كُنْ فِي الْفِتْنَةِ كَابْنِ اللَّبُوْنِ | 1 | فتنہ اور فساد پھیلانے والوں کے لئے دُودھ پلانے والی اُونٹنی کے دوسالہ نر بچہ کی مانند ہو جاؤ |
| لِاظَهْرٌ فَيُرْكَبَ ؛ | | جس کی کمر بھی اس قابل نہیں ہوتی کہ اُس پر سواری کی جا سکے؛ |
| وَضَرْعٌ فَيُحْلَبَ . | 2 | اور جسکے باک اور تھن بھی نہیں ہوتے کہ کوئی دُودھ نکال لے''۔ |

## 2- ذلت اور رُسوائی سے تحفظ کی تین باتیں

| | | |
|---|---|---|
| اَزْرَىٰ بِنَفْسِهٖ مَنِ اسْتَشْعَرَ الطَّمَعَ ؛ | 1 | جس نے لالچ کو اپنا شعار بنایا اُس نے خود کو اَدنیٰ درجہ دے دیا؛ |
| وَرَضِيَ بِالذُّلِّ مَنْ كَشَفَ ضُرَّهٗ ؛ | 2 | اور جس نے اپنی تکلیفوں اور پریشانیوں کو کھول کر بیان کیا وہ ذلیل ہونے پر راضی ہو گیا؛ |
| وَهَانَتْ عَلَيْهِ نَفْسُهٗ مَنْ اَمَرَّ عَلَيْهَا لِسَانَهٗ . | 3 | اور اُس شخص نے خود ہی اپنی توہین کر دی جس نے اپنی زبان قابو میں نہ رکھی۔ |

## 3- کنجوسی، بُزدلی، ناداری، بے نوائی، عاجزی، اور صبر وزھد اور پارسائی کے نتائج پر بیان

| | | |
|---|---|---|
| اَلْبُخْلُ عَارٌ؛ | 1 | کنجوسی وتنگدلی ناپسندیدہ، مذموم اور قابل شرم عادت ہے؛ |
| وَالْجُبْنُ مَنْقَصَةٌ ؛ | 2 | بُزدلی انسانیت کا نقص اور ناکامی ہے؛ اور |
| وَالْفَقْرُ يُخْرِسُ الْفَطِنَ عَنْ حُجَّتِهٖ ؛ | 3 | ہاتھ پھیلا کر مانگنے والا اپنی دانش کو حجت ثابت کرنے میں پیش کرنے سے قاصر رہتا ہے؛ |
| وَالْمُقِلُّ غَرِيْبٌ فِيْ بَلْدَتِهٖ ؛ | 4 | اور ایک بے نوا شخص خود اپنے شہر میں رہتے ہوئے بھی پردیسی اور بے یار ومددگار رہتا ہے؛ |
| وَالْعَجْزُ اٰفَةٌ ؛ | 5 | اور عاجزی وبے بسی خود ایک آفت ہوتی ہے؛ |
| وَالصَّبْرُ شُجَاعَةٌ ؛ | 6 | اور صبر کرنا حقیقی بہادری ہے؛ |
| وَالزُّهْدُ ثَرْوَةٌ ؛ | 7 | اور دُنیا سے لاتعلقی حقیقی دولت ہے؛ |
| وَالْوَرَعُ جُنَّةٌ . | 8 | اور پارسائی تمام بُری باتوں سے حفاظت کی ڈھال (سپر) ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 4- سب سے اچھا ساتھی، مفید ترین وراثت اور جدید ترین زیور اور حقیقت نُما آئینہ دکھایا ہے

| | | |
|---|---|---|
| نِعْمَ الْقَرِیْنُ الرِّضَا؛ | 1 | راضی برضائے خدار ہنا سب سے اچھا ساتھی ہے؛ |
| وَالْعِلْمُ وِرَاثَۃٌ کَرِیْمَۃٌ ؛ | 2 | اور علم مفید ترین وراثت ہے؛ |
| وَالْاٰدَابُ حُلَلٌ مُّجَدَّدَۃٌ ؛ | 3 | ادب اور تہذیب ہمیشہ نیا رہنے والا خلعت اور زیور ہے؛ |
| وَالْفِکْرُ مِرْاٰۃٌ صَافِیَۃٌ . | 4 | اور تفکّر حقیقت نُما آئینہ ہوتا ہے۔ |

## 5- رازداری، خوشرُوئی اور بُردباری کی مدح فرمائی ہے

| | | |
|---|---|---|
| صَدْرُ الْعَاقِلِ صُنْدُوْقُ سِرِّہٖ ؛ | 1 | عقلمند شخص کی خفیہ باتوں اور اُس کے رازوں کا صندوق اُس کا سینہ ہوتا ہے؛ |
| وَالْبَشَاشَۃُ حِبَالَۃُ الْمَوَدَّۃِ ؛ | 2 | خوشرُوئی وقار آمیز محبت کو پھانس لینے والا جال ہے؛ |
| وَالْاِحْتِمَالُ قَبْرُ الْعُیُوْبِ . | 3 | اور بردباری عیبوں کو دفن کر لینے والی قبر ہے۔ |
| وَرُوِیَ اَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ فِی الْعِبَارَۃِ عَنْ ھٰذَا الْمَعَانِی اَیْضًا : | | روایت یہ بھی ہے کہ حضور علیہ السلام نے اِسی مطلب کیلئے ایک اور بیان فرمایا تھا کہ: |
| اَلْمُسَالَمَۃُ خَبْءُ الْعُیُوْبِ . | 4 | صلح پسندی عیبوں کو چھپا دینے والا گڑھا ہے؛ |

## 6- خود بینی وخود پسندی کی مُذمّت اور صدقہ کی مدح کے ساتھ آخرت سے خبردار کیا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ رَضِیَ عَنْ نَفْسِہٖ کَثُرَ السَّاخِطُ عَلَیْہِ ؛ | 1 | جو کوئی خود پسندی اختیار کرتا ہے اُس پر غُصہ کرنیوالوں کی کثرت ہوتی ہے؛ |
| وَالصَّدَقَۃُ دَوَاءٌ مُّنْجِحٌ ؛ | | اور صدقہ دیتے رہنا ایک مفید اور شفا بخشنے والی دوا ہے؛ |
| وَاَعْمَالُ الْعِبَادِ فِیْ عَاجِلِھِمْ نَصْبُ اَعْیُنِھِمْ فِیْ اٰجِلِھِمْ . | 2<br>3 | اور بندوں کے وہ اعمال جو وہ اِس دُنیا میں کرتے ہیں آخرت میں اُن کے سامنے پیش ہوں گے"۔ |

## 7- چَربی، گوشت اور ھڈّی سے متعلق اللہ کے تین کرِشمے

| | | |
|---|---|---|
| اِعْجَبُوْا لِھٰذَا الْاِنْسَانِ یُنْظُرُ بِشَحْمٍ ؛ | 1 | اس انسان پر تعجب ہونا چاہئے کہ یہ چربی سے دیکھتا ہے؛ |
| وَیَتَکَلَّمُ بِلَحْمٍ ؛ | 2 | اور گوشت سے بولتا ہے؛ |
| وَیَسْمَعُ بِعَظْمٍ ؛ | 3 | اور ھڈّی سے سُنتا ہے؛ |
| وَیَتَنَفَّسُ مِنْ خَرْمٍ . | 4 | اور سوراخوں سے سانس لیتا ہے۔" |

## 8- دُنیا کا اچھا اور بُرا سلوک عارضی ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِذَا اَقْبَلَتِ الدُّنْیَا عَلٰی قَوْمٍ اَعَارَتْھُمْ مَحَاسِنَ غَیْرِھِمْ ؛ | 1 | جب دُنیا کسی قوم پر مہربان ہوتی ہے تو وہ اُن کو دوسروں کی اچھائیاں عارضی طور پر دے دیتی ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاِذَااَدْبَرَتْ عَنْهُمْ سَلَبَتْهُمْ مَحَاسِنَ اَنْفُسِهِمْ . | 2 | اور جب دُنیا کسی قوم سے ناراض ہوجاتی ہے تو وہ اُس قوم سے اُن کی اپنی اچھائیاں بھی چھین لیا کرتی ہے۔ |

## 9- لوگوں سے کیوں اور کیسا بَرتاؤ رکھو؟

| | | |
|---|---|---|
| خَالِطُوا النَّاسَ مُخَالَطَةً اِنْ مُتُّمْ مَعَهَابَكَوْا عَلَيْكُمْ؛ | 1 | لوگوں سے اِس طرح ملوجُلو اور برتاؤ رکھو کہ اگر تم اُن کے سامنے مرجاؤ تو وہ صدمہ سے تم پر روئیں؛ |
| وَاِنْ عِشْتُمْ حَنُّوا اِلَيْكُمْ . | 2 | اور اگر تم زندہ رہتے چلے جاؤ تو وہ خوشی خوشی تم سے ملتے جلتے رہیں۔ |

## 10- دشمن پر غلبہ دینے والے اللہ کا شکر کیسے کیا جائے؟

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاقَدَرْتَ عَلٰى عَدُوِّكَ فَاجْعَلِ الْعَفْوَعَنْهُ شُكْرًا لِّلْقُدْرَةِ عَلَيْهِ . | 1 | جب تمہیں اپنے دشمن پر غلبہ اور تسلط حاصل ہو تو اپنے دشمن کو معاف کر کے اُس غلبہ اور تسلط پر شکر خدا سمجھو۔ |

## 11- دوستوں کے معاملہ میں ناکام ترین شخص

| | | |
|---|---|---|
| اَعْجَزُالنَّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنِ اكْتِسَابِ الْاَخْوَانِ | 1 | تمام انسانوں سے ناتوان اور بے چارہ وہ شخص ہے جو دوست حاصل کرنے میں ناکام رہے؛ |
| وَاَعْجَزُمِنْهُ مَنْ ضَيَّعَ مَنْ ظَفِرَبِهِ مِنْهُمْ. | 2 | اور اُس سے بھی ناتوان و ناکام اور بے چارہ وہ شخص ہے جو ہاتھ آئے ہوئے دوستوں کو ضائع کردے |

## 12- وہ مومنین جو نہ حق کے طرفدار نہ باطل کے طرفدار

| | | |
|---|---|---|
| فِى الَّذِيْنَ اعْتَزَلُوْا الْقِتَالُ مَعَهُ : | 1 | اُن مومنین کیلئے فرمایا جو آپؑ کے ساتھ مل کر دشمن سے جنگ کرنے سے باز رہے: |
| خَذَلُوا الْحَقَّ وَلَمْ يَنْصُرُوا الْبَاطِلَ . | 2 | اُنہوں نے حق کو بے یار و مددگار چھوڑے رکھا اور باطل کی نصرت بھی نہ کی |

## 13- ناشکری نعمتوں کی تکمیل کو روکتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاوَصَلَتْ اِلَيْكُمْ اَطْرَافُ النِّعَمِ فَلَا تُنَفِّرُوْا اَقْصَاهَابِقِلَّةِ الشُّكْرِ . | 1 | جب تمہیں نعمتوں کا کچھ حصہ پہنچ جائے تو اُن کے باقی حصہ کو ناشکری کے ذریعہ پہنچنے سے نہ روک دو۔ |

## 14- قریبی رشتہ داروں کے چھوٹ جانے سے بالکل نہ ڈرو

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ ضَيَّعَهُ الْاَقْرَبُ | 1 | جسے قریبی رشتہ دار چھوڑ دیں؛ |
| اَتِيْحَ لَهُ الْاَبْعَدُ . | 2 | اُسے دُور پار کے غیر لوگ ہمدرد مل جاتے ہیں۔ |

## 15- فتنہ میں مبتلا ہر شخص ضروری نہیں کہ قصوروار ہو

| | | |
|---|---|---|
| مَاكُلُّ مَفْتُوْنٍ يُعَاتَبُ. | 1 | فتنے میں مبتلا ہر شخص قابل سرزنش نہیں ہوا کرتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 16۔تقدیر کے سامنے ہر چیز بے بس ہے

| | | |
|---|---|---|
| تَذِلُّ الْاُمُوْرُلِلْمَقَادِیْرِ حَتّٰی یَکُوْنَ الْحَتْفُ فِی التَّدْبِیْرِ. | 1 | تقدیر کے سامنے تمام کام و حالات سر جھکاتے ہیں یہاں تک کہ تدبیر میں بھی دراندازی اور تباہی پیدا کرتی ہے۔ |

## 17۔خضاب لگانا کیوں ضروری رہا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| وَسُئِلَ عَلَیْہِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰہُ | | اور علی علیہ السلام سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی اس حدیث پر سوال کیا گیا کہ:۔ |
| عَلَیْہِ وَآلِہٖ : غَیِّرُوا الشَّیْبَ وَلاَ تَشَبَّھُوْا بِالْیَھُوْدِ ." | 1 | ۔''اپنے بڑھاپے کو تبدیل کردو اور یہودیوں کے مشابہ نہ رہو''۔ |
| فَقَالَ ؛اِنَّمَا قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ ذٰلِکَ | 2 | علیؑ نے فرمایا کہ:۔یقیناً وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ہی کا فرمان ہے اسلئے کہ اُس |
| وَالدِّیْنُ قُلٌّ ؛ | | وقت دین میں دینداروں کی قلت تھی؛ |
| فَاَمَّاالْاٰنَ وَقَدِ اتَّسَعَ نِطَاقُہٗ ؛ | 3 | مگر اب تو دین کا دامن پھیل کر وسیع ہو گیا ہے؛ |
| وَضَرَبَ بِجِرَانِہٖ فَامْرُءٌ وَمَااخْتَارَ . | 4 | اور اُس کا سینہ زمین پر جما ہوا ہے، چنانچہ اب ہر شخص مختار و آزاد ہے''۔ |

## 18۔تمناؤں کے پیچھے دوڑنا موت سے دوچار کرتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ جَرٰی فِیْ عِنَانِ اَمَلِہٖ عَثَرَ بِاَجَلِہٖ . | 1 | جو کوئی اپنی تمناؤں کے پیچھے دوڑتا ہے اور اُن کی لگام ڈھیلی چھوڑتا ہے اسے اُس کی موت ٹھوکر کھلاتی ہے۔ |

## 19۔بامروت انسانوں سے یدُ اللّٰہ کی خاص رعایت

| | | |
|---|---|---|
| اَقِیْلُوْاذَوِی الْمُرُوْءَ اتِ عَثَرَاتِھِمْ ؛ | 1 | بامروّت لوگوں کی لغزشوں سے درگذر اور صَرفِ نظر کرلیا کرو؛ اُن میں سے جو کوئی بھی |
| فَمَایَعْثُرُ مِنْھُمْ عَاثِرٌ اِلَّاوَیَدُ اللّٰہِ بِیَدِہٖ یَرْفَعُہٗ . | 2 | ڈگمگا کر گرتا ہے تو اللہ کا ہاتھ اُس کے ہاتھ میں ہوتا ہے جو اُسے اُٹھا کر بلند کر دیتا ہے۔ |

## 20۔غلط مَرعوبیت اور شرم مُضر ہے

| | | |
|---|---|---|
| قُرِنَتِ الْھَیْبَۃُ بِالْخَیْبَۃِ ' | 1 | ہیبت زدگی اور ناکامی دونوں ساتھی ہیں۔(خوفزدگی سے ناکامی ہوتی ہے) |
| وَالْحَیَاءُ بِالْحِرْمَانِ ' | 2 | اور حَیا اور محرومی بھی ساتھی ہیں۔(جس نے کی شرم اُس کے پھوٹے کرم) |
| وَالْفُرْصَۃُ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ' | 3 | اور فرصت کا وقت بادلوں کی رفتار سے تیز گذر جاتا ہے۔ |
| فَانْتَھِزُوْ افُرَصَ الْخَیْرِ . | | لہٰذا بھلائی کی فرصت کو غنیمت جانو۔ |

## 21۔حق خلافت اور قریشی خلافتوں کا لمبا تعاقب

| | | |
|---|---|---|
| لَنَاحَقٌّ فَاِنْ اُعْطِیْنَاہُ وَاِلَّارَکِبْنَااَعْجَازَالْاِبِلِ وَاِنْ طَالَ السُّرٰی . | 1 | ہمارے ہی لئے حکمرانی (خلافت) کا حق مقرر ہے اگر ہمارا حق ہمیں دیں گے تو لے لیں گے۔ورنہ ہم قریشی اُونٹ کے پُٹھوں پر سوار ساتھ ساتھ چلیں گے خواہ یہ اندھیرے کا سفر طویل ہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 22۔عملی تیز رَوِی قابل شمار ہوتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَبْطَأَبِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ حَسَبُهُ. | 1 | جس کسی کو اُس کے اعمال سست گام کر دیں اُسے اُس کی منزلت تیز رَو نہیں کر سکتی۔ |

## 23۔نعمتوں کی فراوانی میں اللہ سے زیادہ ڈرو

| | | |
|---|---|---|
| يَابْنَ اٰدَمَ اِذَارَأَيْتَ رَبَّکَ سُبْحَانَهُ يُتَابِعُ عَلَيْکَ نِعَمَهُ اَنْتَ تَعْصِيْهِ فَاحْذَرْهُ . | 1 | اَے آدمؑ کے بیٹے جب تو یہ دیکھے کہ تیرا پاک پروردگار تجھے دَھڑا دھڑ لگا تار نعمتیں دیتا چلا جا رہا ہے اور تُو دَھڑا دھڑ اُس کی نافرمانیاں کر رہا ہے تو اس حالت میں اُس سے بچ کر رھنا۔ |

## 24۔گناہان کبیرہ کا کفارہ دُنیا میں ممکن ہے

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ کَفَّارَاتِ الذُّنُوْبِ الْعِظَامِ اِغَاثَةُ الْمَلْهُوْفِ، | 1 | بڑے بڑے گناہوں کو چھپانے کیلئے ستم زدہ لوگوں کی فریاد رسی، |
| وَالتَّنْفِيْسِ عَنِ الْمَکْرُوْبِ . | 2 | اور غمگین لوگوں کو شاد کام کرنا چاہئے۔ |

## 25۔انسانی چہرہ دل کا آئینہ ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَااَضْمَرَ اَحَدٌ شَيْئًا اِلَّاظَهَرَ فِيْ فَلَتَاتِ لِسَانِهِ وَصَفَحَاتِ وَجْهِهِ . | 1 | کوئی شخص کسی چیز کو دل میں رکھ کر چھپا نہیں سکتا بلکہ وہ تو اُسکے منہ سے بے ساختہ نکلنے والے الفاظ سے اور چہرہ کے رنگ اور اُتار چڑھاؤ سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ |

## 26- معمولی بیماری میں لیٹ نہ جاؤ

| | | |
|---|---|---|
| اِمْشِ بِدَائِکَ مَامَشَیٰ بِکَ . | 1 | اپنی بیماری سمیت اُس وقت تک چلتے پھرتے اور کام کاج کرتے رہو جب تک تمہیں چلنے سے نہ روکے۔ |

## 27۔پارسائی میں بہت ضروری بات

| | | |
|---|---|---|
| اَفْضَلُ الزُّهْدِ اِخْفَآءُ الزُّهْدِ . | 1 | دُنیا میں اَفضل ترین پارسائی پارسائی کو چھپانا ہے۔ |

## 28۔موت سے ملاقات میں جلدی

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاکُنْتَ فِيْ اِدْبَارٍ وَالْمَوْتُ فِيْ اِقْبَالٍ فَمَا اَسْرَعَ الْمُلْتَقٰی ؟ | 1 | جب تم دُنیا کی طرف سے پشت پھرا لو گے اور موت تمہاری طرف منہ کئے آ رہی ہو گی تو اس سے جلد ملاقات کا اور موقع نہ ہو گا۔ |

## 29۔اللہ کی ستاری سے بھی ڈرتے رہو

| | | |
|---|---|---|
| اَلْحَذَرَ الْحَذَرَفَوَاللّٰهِ لَقَدْ سَتَرَ حَتّٰی کَاَنَّهُ قَدْغَفَرَ | 1 | عذاب سے بچ کر رہو اور ڈرتے رہو یقیناً اللہ نے تمہاری ایسی پردہ پوشی کی گویا اُس نے تمہیں بخش دیا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 30۔ایمان اور کفر کی ایسی تفصیل کہ جو فکر و عمل کے ہر پہلو پر محیط و حاوی رہتی چلی جائے گی

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاِیْمَانُ عَلٰی اَرْبَعِ دَعَائِمَ: | 1 | مکمل ایمان چار بُنیادی ستونوں پر اُستوار ہوتا ہے اُن میں سے ایک |
| عَلَی الصَّبْرِ وَالْیَقِیْنِ وَالْعَدْلِ وَالْجِهَادِ؛ | 2 | صبر ہے، ایک یقین ہے، ایک عدل ہے اور ایک اصلاحی جدّ و جہد یعنی جہاد ہے؛ |
| وَالصَّبْرُ مِنْهَا عَلٰی اَرْبَعِ شُعَبٍ : | 3 | (1) اور اُن میں سے صبر بھی چار شعبوں میں تقسیم ہوتا ہے:۔اُن میں سے ایک |
| عَلَی الشَّوْقِ وَالشَّفَقِ وَالزُّهْدِ وَالتَّرَقُّبِ ؛ | 4 | شوق ہے دوسرا شَفق ہے تیسرا زُھد اور چوتھا تَرَقُّب یعنی قربت کا انتظار کرنا ہے؛ |
| فَمَنِ اشْتَاقَ اِلَی الْجَنَّةِ سَلاَعَنِ الشَّهَوَاتِ ؛ | 5 | چنانچہ جو شخص جنت میں جانے کا شوق رکھتا ہوگا اور وہ خواہشوں میں نہ اُلجھے گا؛ |
| وَمَنْ اَشْفَقَ مِنَ النَّارِ اجْتَنَبَ الْمُحَرَّ مَاتِ ؛ | 6 | اور جو شخص آگ یا جہنم سے شفق، یعنی توہین آمیز ڈر رکھتا ہوگا وہ تمام حرام کی ہوئی اور ممنوع چیزوں سے بچ کر رہے گا؛ |
| وَمَنْ زَهِدَ فِی الدُّنْیَا اسْتَهَانَ بِالْمُصِیْبَاتِ؛ | 7 | اور جو دُنیا سے دل چسپی نہ لے گا اُس کیلئے دُنیا میں مصیبتیں حقیر ہو کر رہ جائیں گی۔ |
| وَمَنِ ارْتَقَبَ الْمَوْتَ سَارَعَ فِی الْخَیْرَاتِ.؛ | 8 | اور جو ہر وقت موت کی آمد کا منتظر رہے گا وہ اللہ کے پسندیدہ کاموں کو کر گذرنے میں جلدی کریگا؛ |
| وَالْیَقِیْنُ مِنْهَا عَلٰی اَرْبَعِ شُعَبٍ : | 9 | (2) اور ایمان کی دوسری بُنیاد یقین بھی چار شعبے رکھتا ہے:۔ |
| (1)عَلٰی تَبْصِرَةِ الْفِطْنَةِ ؛ | 10 | اُن میں سے ایک گہرا عقلی تبصرہ ہے، |
| (2)وَتَاوُّلِ الْحِکْمَةِ ؛ | 11 | دوسرا حقیقت تک پہنچنے کی کوشش ہے؛ |
| (3)وَمَوْعِظَةِ الْعِبْرَةِ ؛ | 12 | اور تیسرا شعبہ نصیحتوں کا ذخیرہ جمع کرتے رہنا ہے؛ |
| (4)وَسُنَّةِ الْاَوَّلِیْنَ ؛ | 13 | اور چوتھا شعبہ گذرے ہوئے نیک اور کامیاب لوگوں کا طور و طریق کار ہے؛ |
| فَمَنْ تَبَصَّرَفِی الْفِطْنَةِ تَبَیَّنَتْ لَهُ الْحِکْمَةُ ؛ | 14 | چنانچہ جو حقیقت تک پہنچ جائیگا اُسکے سامنے حکمت یا علم و عمل کی راہیں واضح ہو جائیں گی؛ |
| وَمَنْ تَبَیَّنَتْ لَهُ الْحِکْمَةُ عَرَفَ الْعِبْرَةَ ؛ | 15 | اور جس پر علم و عمل کی راہیں آشکار ہوں گی وہ نصیحت اور سبق آموزی پر مطلع ہو جائے گا؛ |
| وَمَنْ عَرَفَ الْعِبْرَةَ فَکَاَنَّمَا کَانَ فِی الْاَوَّلِیْنَ | 16 | اور جو ماضی اور حال کی عبرتوں، نصیحتوں اور اسباق پر مطلع ہو جائے گا اُسے تو اوّلین اقوام سے لے کر آخری اقوام تک کا، فرد ماننا ہوگا؛ |
| وَالْعَدْلُ مِنْهَا عَلٰی اَرْبَعِ شُعَبٍ : | 17 | (3) اور ایمان کی بُنیادوں میں سے عدل کے بھی چار شعبے ہیں:۔ |
| عَلٰی غَائِصِ الْفَهْمِ ؛ | 18 | ایک کسی بات کی گہرائی تک اُترنے والی فکر ہے؛ |
| وَغَوْرِ الْعِلْمِ ؛ | 19 | دوسرا شعبہ علم کی گہرائی ہے؛ |
| وَزُهْرَةِ الْحُکْمِ ؛ | 20 | اور تیسرا فیصلوں کی خوبیاں؛ |
| وَرَسَاخَةِ الْحِلْمِ ؛ | 21 | چوتھا شعبہ عقل و بُردباری کی پائیداری اور رَسائی ہے۔ |
| فَمَنْ فَهِمَ عَلِمَ غَوْرَ الْعِلْمِ ؛ | 22 | چنانچہ جو سمجھ گیا اُسے علم کی گہرائی کا پتہ چل گیا؛ |
| وَمَنْ عَلِمَ غَوْرَالْعِلْمِ صَدَرَعَنْ شَرَائِعِ الْحُکْمِ | 23 | اور جسے علم کی گہرائی معلوم ہوگئی وہ شریعتوں کے احکام نافذ کرنے میں داخل ہو گیا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَنْ حَلُمَ لَمْ يُفَرِّطْ فِيْ اَمْرِهٖ وَعَاشَ فِي النَّاسِ حَمِيْدًا. | 24 | اور جس نے بُردباری اور عقل میں پائیداری اور رسائی پالی اُسکے کاموں میں کمی اور زیادتی اور خامی کا گذر نہ ہوگا اور وہ لوگوں کے اندر نیک نامی اور ستائش کیساتھ زندہ رہیگا |
| وَالْجِهَادُ مِنْهَا عَلٰى اَرْبَعِ شُعَبٍ | 25 | **(4) اور ایمان کی بُنیادوں میں سے چوتھی بُنیاد جدّ وجہد یا جہاد کے بھی چار ہی شعبے ہیں** |
| عَلَى الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ ؛ | 26 | پہلا عالمی اچھائیوں کو نافذ کرنا ہے، |
| وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ ؛ | 27 | اور عالمی ناپسندیدہ چیزوں سے روکنا اور باز رکھنا؛ |
| وَالصِّدْقِ فِي الْمَوَاطِنِ | 28 | اور مواقع پر راست گفتاری۔ |
| وَشَنَانِ الْفَاسِقِيْنَ | 29 | اور بدکرداروں (فاسقین) سے **دینی دشمنی؛** |
| فَمَنْ اَمَرَ بِالْمَعْرُوْفِ شَدَّ ظُهُوْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ | 30 | چنانچہ جس نے عالمی پسندیدگی کو نافذ رکھا اُس نے مومنین کی پشت کو مضبوط کیا؛ |
| وَمَنْ نَهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ اَرْغَمَ اُنُوْفَ الْمُنَافِقِيْنَ | 31 | اور جس نے عالمی ناپسندیدگی کو روکا اُس نے **منافقین کی ناکوں** کو جُھکایا۔ |
| وَمَنْ صَدَقَ فِي الْمَوَاطِنِ قَضٰى مَاعَلَيْهِ ؛ | 32 | اور **جس نے صحیح مواقع پر سچ بولنا جاری رکھا** اُسنے اپنے اوپر عائد شدہ ذمہ داری کو پورا کردیا؛ |
| وَمَنْ شَنِيءَ الْفَاسِقِيْنَ وَغَضِبَ لِلّٰهِ غَضِبَ اللّٰهُ لَهٗ وَاَرْضَاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ | 33 | اور جس نے فاسقوں سے دینی دشمنی رکھی اور اللہ کے لئے اُن پر ناراض ہوا **اللہ** بھی اُس کے لئے غضب ناک ہوگا اور بروز قیامت اُسے راضی رکھے گا۔ |
| وَالْكُفْرُ عَلٰى اَرْبَعِ دَعَائِمَ : | 34 | **اور مکمل کفر بھی چار بنیادی ستونوں پر استوار ہوتا ہے:۔** |
| عَلَى التَّعَمُّقِ؛ وَالتَّنَازُعِ؛ وَالزَّيْغِ ؛وَالشِّقَاقِ ؛ | 35 | ایک ہر بات کی گہرائی میں اُترنے کی کوشش۔2۔اور توڑ پھوڑ وتفرقہ اندازی 3۔اور منصوبہ سازی۔4۔اور لوگوں کو بدبخت بنانا؛ |
| فَمَنْ تَعَمَّقَ لَمْ يُنِبْ اِلَى الْحَقِّ ؛ | 36 | چنانچہ جو شخص گہرائی میں اُترتا چلا جاتا ہے وہ حق کی نیابت سے دور ہی رہتا چلا جاتا ہے |
| وَمَنْ كَثُرَ نِزَاعُهٗ بِالْجَهْلِ دَامَ عَمَاهُ عَنِ الْحَقِّ | 37 | اور جو جہالت سے بچنے کی راہیں تفرقہ اندازی میں ڈھونڈتا ہے وہ دائمی طور پر حق بینی سے محروم یا اندھا رہتا ہے ؛ |
| وَمَنْ زَاغَ سَاءَتْ عِنْدَهُ الْحَسَنَةُ ؛ | 38 | اور جو منصوبہ سازی کرتا ہے اُس کے نزدیک اچھائیاں برائیوں میں بدل جاتی ہیں، |
| وحَسُنَتْ عِنْدَهُ السَّيِّئَةُ | 39 | اور برائیاں اچھائیوں میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔ |
| وَسَكِرَ سُكْرَ الضَّلَالَةِ ؛ | 40 | اور وہ گمراہی کے نشہ میں مخمور رہتا چلا جاتا ہے؛ |
| وَمَنْ شَاقَّ وَعُرَتْ عَلَيْهِ طُرُقُهٗ ؛ | 41 | اور جو لوگوں کی محرومی کا بندوبست کرتا ہے اُس کے لئے اُس کی راہیں استقلال کھو کر عارضی ہوجاتی ہیں۔ |
| وَاَعْضَلَ عَلَيْهِ اَمْرُهٗ؛ | 42 | اور اُس کا کاروبار اُس کے لئے پیچیدہ ومشکل ہوجاتا ہے؛ |
| وَضَاقَ عَلَيْهِ مَخْرَجُهٗ . | 43 | اور بچ نکلنے کا راستہ تنگ ہوجاتا ہے۔ |
| وَالشَّكُّ عَلٰى اَرْبَعِ شُعَبٍ: | 44 | اور شک کے بھی چار ہی شعبے ہیں:۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| عَلَى التَّمَارِىْ ‘وَالْهَوْلِ، وَالتَّرَدُّدِ’ وَالْاِسْتِسْلَامِ ؛ | 45 | بات سے بات نکالنا، اور خوف کا بنڈل ہونا، یا ھولذدہ ہونا، اور کسی بات پر نہ جمنا اور دِقتوں سے بچنے کے لئے مان لینا؛ |
| فَمَنْ جَعَلَ الْمِرَآءَ دِيْنًا لَمْ يُصْبِحْ لَيْلُهُ ؛ | 46 | لہٰذا جس نے بات میں سے بات نکالتے رہنے کو اپنا دین بنالیا وہ ہمیشہ ہی رات کی تاریکی میں رہے گا؛ |
| وَمَنْ هَالَهُ مَابَيْنَ يَدَيْهِ نَكَسَ عَلٰى عَقِبَيْهِ | 47 | اور جسے حق کو ماننے میں ھول سوار ہوجائے وہ اُلٹے پیروں پلٹ جائیگا؛ |
| وَمَنْ تَرَدَّدَفِى الرَّيْبِ وَطِئَتْهُ سَنَابِكُ الشَّيَاطِيْنِ ‘ | 48 | اور جو شش و پنج اور اُلجھنوں میں کوئی بات طے نہ کرسکے اُسے شیاطین روند ڈالا کرتے ہیں؛ |
| وَمَنِ اسْتَسْلَمَ لِهَلَكَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ هَلَكَ فِيْهِمَا؛. | 49 | اور جو دُنیا کی تباہی اور آخرت کی ہلاکت کو مان لیتا ہے اُس کی دُنیا اور آخرت دونوں تباہ ہوجایا کرتی ہیں‘‘۔ |
| بَعْدَ هٰذَا كَلَامٌ تَرَكْنَاذِكْرَهُ خَوْفَ الْاِطَالَةِ وَالْخُرُوْجِ عَنِ الْغَرَضِ الْمَقْصُوْدِ فِىْ هٰذَاالْكِتَاب. | | رضی صاحب لکھتے ہیں کہ:۔ اِسکے بعد کا کلام ہم نے اِسلئے ترک کردیا کہ بات طویل ہو جاتی اور طوالت سے وہ مقصد فنا ہوجاتا جو اِس کتاب میں برقرار رہنا چاہئے ۔‘‘ |

## 31۔نیکی سے بڑھ کر نیکی کرنے والا اور بُرائی سے بڑھ کر بُرائی کرنے والا ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| فَاعِلُ الْخَيْرِ خَيْرٌمِّنْهُ ‘ | 1 | نیکی کرنے والا اُس نیکی سے اچھا ہوتا ہے۔ |
| وَفَاعِلُ الشَّرِّ شَرٌّمِّنْهُ . | 2 | اور برائی کرنے والا اُس برائی سے بُرا ہوتا ہے۔ |

## 32۔سخاوت کرو ضائع نہ کرو، کفایت شعار بنو کنجوسی نہ کرو

| | | |
|---|---|---|
| كُنْ سَمْحًاوَلَا تَكُنْ مُبَذِّرًا | 1 | سخی بنو مگر فضول خرچی نہ کرو؛ |
| وَكُنْ مُقَدِّرًاوَّلَا تَكُنْ مُقَتِّرًا. | 2 | کفایت شعار اور میانہ رَو بنو مگر سخت گیری اور کنجوسی نہ کرو۔ |

## 33۔سب سے اچھا بے نیاز کون ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَشْرَفُ الْغِنٰى تَرْكُ الْمُنٰى | 1 | شریف ترین تونگری اور بے نیازی تمناؤں کا ترک کرنا ہے۔ |

## 34۔ناگوار باتیں کرو تو ناگوار باتیں سنو

| | | |
|---|---|---|
| وَمَنْ اَسْرَعَ اِلَى النَّاسِ بِمَايَكْرَهُوْنَ قَالُوْافِيْهِ بِمَالَايَعْلَمُوْنَ . | 1 | لوگوں کو ناگوار گذرنے والی باتیں سنانے میں جو کوئی جلدی کریگا۔ اُسے اپنے متعلق جواب میں ایسی باتیں سننے کو ملیں گی جنہیں لوگ جانتے بھی نہ ہوں گے۔ |

## 35۔آرزوؤں کو طول دینا بدعملی پیدا کرتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَطَالَ الْاَمَلَ اَسَآءَ الْعَمَلَ . | 1 | جو کوئی اپنی آرزوؤں کو طُول دیتا ہے وہ اپنے اعمال کو خراب کرتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 36۔بادشاہوں کی غلط تعظیم سے روک دیا

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْلَقِيَهُ عِنْدَ مَسِيْرِهِ اِلَى الشَّامِ دَهَاقِيْنُ الْاَنْبَارِ؛ | 1 | اور ملک شام جاتے ہوئے علیؑ سے اَنبار کے رہنے والے دہقانوں کا سامنا ہوا، |
| فَتَرَجَّلُوْ الَهُ وَاشْتَدُّ وْابَيْنَ يَدَيْهِ | 2 | وہ آپؑ کو دیکھتے ہی گھوڑوں سے اُتر پڑے اور آپؑ کے سامنے دوڑنے لگے تھے۔ |
| مَاهٰذَا الَّذِىْ صَنَعْتُمُوْهُ | 3 | تو آپؑ نے فرمایا کہ:۔ یہ کیا ہے جو تم باقاعدہ کر رہے تھے؟ |
| فَقَالُوْا:خُلُقٌ نَّتَّانُعَظِّمُ بِهٖ اُمَرَائَنَا' | 4 | اُنہوں نے عرض کیا کہ یہ ہمارا وہ اخلاق اور طریقہ ہے جس سے ہم اپنے حکمرانوں کی تعظیم بجالایا کرتے ہیں۔ |
| فَقَالَ :وَاللّٰهِ مَايَنْتَفِعُ بِهٰذَا اُمَرَؤُكُمْ ؛ | 5 | اس پر علیؑ نے فرمایا کہ بخدا اس عمل درآمد سے تمہارے حکمرانوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ہے |
| وَاِنَّكُمْ لَتَشْقُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِكُمْ فِىْ دُنْيَاكُمْ | 6 | البتہ اس طرح تم اپنے آپ کو اِس دُنیا میں مشقت سے دوچار کرتے ہو؛ |
| وَتَشْقَوْنَ بِهٖ فِىْ آخِرَتِكُمْ ؛ | 7 | اور آخرت میں اس مشقت کے نتیجے میں اپنی بدبختی کا انتظام بھی کرتے ہو۔ |
| وَمَااَخْسَرَالْمَشَقَّةَ وَرَآءَ هَا الْعِقَابُ ؛ | 8 | کیسی نقصان پہنچانے والی ہے وہ مشقت جس کے بعد عذاب ہو؟ |
| وَاَرْبَحَ الدَّعَةَ مَعَهَا الْاَمَانُ مِنَ النَّارِ. | 9 | اور کیا ہی مفید ہے وہ راحت جس کے نتیجے میں جہنم سے امان بھی ہو۔'' |

## 37۔امام حسنؑ کو عقل وحماقت اور دوستی کے متعلق نصیحت

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِاِبْنِهِ الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ | | اور حضرت علی علیہ السلام نے اپنے بیٹے حسن علیہ السلام سے فرمایا:۔ |
| يَابُنَىَّ احْفَظْ عَنِّىْ اَرْبَعًاوَّاَرْبَعًالَّايَضُرُّكَ مَاعَمِلْتَ مَعَهُنَّ ؛ | 1 | اے میرے ننھے بیٹے میری طرف سے چار ایک اور چار دوسری باتیں محفوظ کرلو اُن کے ہوتے ہوئے جو کچھ بھی کروگے وہ تمہیں نقصان نہ پہنچائے گا؛ |
| اِنَّ اَغْنَى الْغِنٰى الْعَقْلُ ؛ | 2 | یقیناً سب سے بڑی بے نیازی عقل ہے؛ |
| وَاَكْبَرَالْفَقْرِ الْحُمْقُ ؛ | 3 | اور سب سے بڑی محتاجگی حماقت ہے؛ |
| وَاَوْحَشَ الْوَحْشَةِ الْعُجْبُ ؛ | 4 | اور سب سے بڑی وحشت غرور اور خود پسندی ہے؛ |
| وَاَكْرَمَ الْحَسَبِ حُسْنُ الْخُلُقِ ؛ | 5 | اور سب سے بڑی شرافت حسن اخلاق ہے؛ |
| يَابُنَىَّ اِيَّاكَ وَمُصَادَقَةَ الْاَحْمَقِ، فَاِنَّهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّنْفَعَكَ فَيَضُرُّكَ ' | 6 | اے بیٹے خبردار احمق سے دوستی نہ کرنا اس لئے کہ وہ تو تمہیں فائدہ پہنچانا چاہے گا مگر اُس کی حماقت سے تمہیں نقصان ہو جائے گا؛ |
| وَاِيَّاكَ وَمُصَادَقَةَ الْبَخِيْلِ فَاِنَّهُ يَقْعُدُ عَنْكَ اَحْوَجَ مَاتَكُوْنُ اِلَيْهِ ؛ | 7 | اور خبردار بخیل سے بھی دوستی نہ رکھنا اس لئے وہ تمہاری انتہائی احتیاج وضرورت کے وقت تم سے دُور جا بیٹھے گا؛ |
| وَاِيَّاكَ وَمُصَادَقَةَ الْفَاجِرِ فَاِنَّهُ يَبِيْعُكَ بِالتَّافِهَةِ ' | 8 | اور خبردار بدکردار سے بھی دوستی نہ کرنا ورنہ وہ تمہیں بہت سستا بیچ ڈالے گا؛ |
| وَاِيَّاكَ وَمُصَادَقَةَ الْكَذَّابِ فَاِنَّهُ كَالسَّرَابِ يُقَرِّبُ عَلَيْكَ الْبَعِيْدَ، وَيُبَعِّدُ عَلَيْكَ الْقَرِيْبَ | 9 | اور خبردار جھوٹے سے بھی دوستی نہ کرنا اس لئے کہ وہ سراب کی طرح تمہارے سامنے دُور کی چیزوں کو قریب اور قریب کی چیزوں کو دور کر کے دکھایا کرے گا۔'' |

Presented by Ziaraat.Com

## 38۔فرائض میں حارج ہونے والی عبادت قبول نہیں

| | | |
|---|---|---|
| لَاقُرْبَةَ بِالنَّوَافِلِ اِذَا اَضَرَّتْ بِالْفَرَائِضِ. | 1 | فرائض کونقصان پہنچانے والی عبادت سے قربت خداوندی نہیں ملتی۔ |

## 39۔زبان پر قابو عقلمندی کی شناخت ہے

| | | |
|---|---|---|
| لِسَانُ لْعَاقِلِ وَرَاءَ قَلْبِهِ ؛ | 1 | عقل مند کی زبان اُس کے دل کے پیچھے رہتی ہے؛ |
| وَقَلْبُ الْاَحْمَقِ وَرَاءَ لِسَانِهِ . | 2 | اوراحمق کا دل اُس کی زبان کے پیچھے رہتا ہے؛ (39ایضاً:۔) |
| قَلْبُ الْاَحْمَقِ فِیْ فِیْهِ | 1 | احمق کا دل اُس کے منہ میں ہوتا ہے |
| وَلِسَانُ الْعَاقِلِ فِیْ قَلْبِهِ. | 2 | اور عاقل کی زبان اُس کے دل میں ہوتی ہے۔ |

## 40۔بیماری کا اَجر کچھ نہیں اِس سے بُرائیاں کم ہوسکتی ہیں

| | | |
|---|---|---|
| جَعَلَ اللّٰهُ مَاكَانَ مِنْ شَكْوَاكَ حَطًّا لِّسَيِّئَاتِكَ ؛ | 1 | اللہ نے تمہارے مرض کو تمہاری برائیاں دُور کرنے کا سبب بنادیا ہے؛ |
| فَاِنَّ الْمَرَضَ لاَ اَجْرَ فِيْهِ ' | 2 | چنانچہ حقیقت یہ ہے کہ بیماری میں کوئی اجر نہیں ملتا؛ |
| وَلٰكِنَّهُ يَحُطُّ السَّيِّئَاتِ وَيَحُتُّهَا حَتَّ الْاَوْرَاقِ ' | 3 | لیکن بیماری برائیوں کو مٹاتی ہے اور اُنہیں اِس طرح جھاڑ دیتی ہے جیسے درخت سے پتے جھڑتے ہیں؛ |
| وَاِنَّمَا الْاَجْرُفِی الْقَوْلِ بِاللِّسَانِ' | 4 | البتہ اَجر تو زبان سے کوئی بات کہنے میں، |
| وَالْعَمَلِ بِالْاَيْدِیْ وَالْاَقْدَامِ ؛ | 5 | اور ہاتھوں پیروں سے کوئی عمل کرنے میں ہوا کرتا ہے؛ |
| وَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ يُدْخِلُ بِصِدْقِ النِّيَّةِ وَالسَّرِيْرَةِ الصَّالِحَةِ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهِ الْجَنَّةَ . | 6 | اور یقیناً اللہ پاک نیک نیتی اور پاکدامنی کے سبب سے جس کو چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے جنت میں داخل کردیتا ہے۔'' |

## 41۔خبّاب بن اَرت کی مدح وثنا فرمائی ہے

| | | |
|---|---|---|
| يَرْحَمُ اللّٰهُ خَبَّابَ ابْنَ الْاَرَتِّ فَلَقَدْ اَسْلَمَ رَاغِبًا؛ | 1 | اللہ خبّاب ابن اَرت پر اپنی رحمت کرے وہ یقیناً بڑی رغبت سے اسلام لائے تھے؛ |
| وَهَاجَرَ طَائِعًا؛ | 2 | اور خوشی خوشی اُنہوں نے ھجرت کی تھی۔ |
| وَقَنِعَ بِالْكَفَافِ؛ | 3 | اور ضروری ضروری چیزوں پر قناعت کرتے رہے۔ |
| وَرَضِیَ عَنِ اللّٰهِ ؛ | 4 | ہر حال میں اللہ سے راضی رہے۔ |
| وَعَاشَ مُجَاهِدًا؛ | 5 | اور مجاہدوں کی طرح زندگی بسر کی۔ |
| طُوْبٰی لِمَنْ ذَكَرَ الْمَعَادَ ' | 6 | قابل مبارکباد ہے وہ شخص جس نے آخرت کو یاد رکھا؛ |
| وَعَمِلَ لِلْحِسَابِ ' | 7 | اور حساب کو سامنے رکھتے ہوئے عمل کیا؛ |
| وَقَنِعَ بِالْكَفَافِ ' | 8 | اور ضروری ضروری چیزوں پر قناعت کی۔ |
| وَرَضِیَ عَنِ اللّٰهِ . | 9 | اور اللہ سے راضی رہا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 42۔مومن اور منافق کی مستقل شناخت

| | | |
|---|---|---|
| لَوْضَرَبْتُ خَيْشُوْمَ الْمُؤْمِنِ بِسَيْفِيْ هٰذَاعَلٰى اَنْ يُبْغِضَنِيْ مَاابْغَضَنِيْ ؛ | 1 | اگر میں اِس تلوار سے مومن کی ناک بھی کاٹ ڈالوں تا کہ وہ میرا دشمن ہو جائے مگر وہ پھر بھی مجھ سے دشمنی نہ کرے گا؛ |
| وَلَوْصَبَبْتُ الدُّنْيَا بِجَمَّاتِهَاعَلَى الْمُنَافِقِ عَلٰى اَنْ يُحِبَّنِيْ مَااَحَبَّنِيْ ؛ | 2 | اور اگر میں اِس دُنیا کا تمام ساز وسامان بھی ایک منافق کو دے دوں تا کہ وہ مجھے محبوب سمجھے مگر وہ مجھ سے ہرگز محبت نہ کرے گا |
| وَذٰلِكَ اَنَّهُ قُضِيَ فَانْقَضٰى عَلٰى لِسَانِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ اَنَّهُ قَالَ : يَاعَلِيُّ لَايُبْغِضُكَ مُؤْمِنٌ وَلَا يُحِبُّكَ مُنَافِقٌ . | 3 | اُس پختگی کا سبب وہ فیصلہ ہے جو اُم القریٰ کے باشندے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کی زبان سے صادر ہو چکا ہے۔آپؐ نے فرمادیا تھا کہ:۔''اے علیؑ کوئی مومن تم سے بغض نہ رکھے گا اور کوئی منافق تم سے محبت نہ کرے گا''۔ |

## 43۔اللہ کے نزدیک وہ برائیاں جو نیکیوں سے بہتر ہیں

| | | |
|---|---|---|
| سَيِّئَةٌ تَسُوْءُكَ خَيْرٌعِنْدَاللّٰهِ مِنْ حَسَنَةٍ تُعْجِبُكَ . | 1 | جو برائی تمہیں شرمندہ اور مغموم کرتی ہو اللہ کے نزدیک اُس نیکی سے بہتر ہے جو تمہیں مغرور وخود پسند بناتی ہو۔ |

## 44۔انسانی ہمت ومُروّت وحمیّت وغیرت

| | | |
|---|---|---|
| قَدْرُ الرَّجُلِ عَلٰى قَدْرِ هِمَّتِهٖ ، | 1 | ہمت انسانی مرتبہ اور مقام کا پیمانہ ہے؛ |
| وَصِدْقُهُ عَلٰى قَدْرِ مُرُوْءَتِهٖ ، | 2 | مُروّت انسان کی سچائی کا پیمانہ ہے؛ |
| وَشُجَاعَتُهُ عَلٰى قَدْرِ اَنَفَتِهٖ ، | 3 | حمیت انسان کی بہادری یا شجاعت کا پیمانہ ہے۔ |
| وَعِفَّتُهُ عَلٰى قَدْرِ غَيْرَتِهٖ . | 4 | غیرت انسان کی پاکدامنی کا پیمانہ ہے۔ |

## 45۔کامیابی اور حادثہ کی جانچ پڑتال کا طریقہ؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلظَّفَرُ بِالْحَزْمِ ؛ | 1 | کامیابی انجام بینی پر منحصر ہوتی ہے؛ |
| وَالْحَزْمُ بِاِجَالَةِ الرَّاْيِ | 2 | اور انجام بینی رائے کی ہمہ گیری پر منحصر ہے؛ |
| وَالرَّاْيُ بِتَحْصِيْنِ الْاَسْرَارِ. | 3 | اور رائے کی ہمہ گیری پوشیدہ معاملات اور حالات کو محفوظ رکھنے کی قوت پر منحصر ہے۔ |

## 46۔بھوکے شریف اور پیٹ بھرے کمینے سے ہوشیار رہو

| | | |
|---|---|---|
| اَحْذَرُوْاصَوْلَةَ الْكَرِيْمِ اِذَاجَاعَ؛ | 1 | ایک شریف جوان مرد کے حملے سے اُس وقت بچ کر رہو جب وہ بھوک پر مجبور ہو۔ |
| وَاللَّئِيْمِ اِذَاشَبِعَ . | 2 | اور کمینہ شخص کے حملے سے اُس وقت بچو جب اُس کا پیٹ بھرا ہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 47۔دِلبری انسانوں کومُسخّر کرلیتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| قُلُوْبُ الرِّجَالِ وَحْشِيَّةٌ | 1 | آدمیوں کے دل جنگلی جانوروں کی مانند ہیں |
| فَمَنْ تَأَلَّفَهَا اَقْبَلَتْ عَلَيْهِ. | 2 | جومحبت سے پیش آئے اُسی کے ہورہتے ہیں۔ |

## 48۔عزت پردہ پوشی کرتی رہتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| عَيْبُكَ مَسْتُوْرٌ مَّا اَسْعَدَكَ جَدُّكَ | 1 | جب تک تمہاری عزّت بحال ہے تمہاری خامیاں ڈھکی رہیں گی۔ |

## 49۔سب سے زیادہ قابلِ تعریف

| | | |
|---|---|---|
| اَوْلَى النَّاسِ بِالْعَفْوِ اَقْدَرُ هُمْ عَلَى الْعُقُوْبَةِ. | 1 | معاف کرنا تمام انسانوں میں اُسے زیب دیتا ہے جواُن میں سزا دینے کی سب سے زیادہ قدرت رکھتا ہو۔ |

## 50۔حقیقی سخاوت کیا ہے؟ جوسوال سے روکتی ہو

| | | |
|---|---|---|
| اَلسَّخَآءُ مَا كَانَ اِبْتِدَآءً | 1 | سخاوت وہ ہے جو بن مانگے بطورابتدادیا جائے۔ |
| فَاَمَّا مَا كَانَ عَنْ مَسْأَلَةٍ فَحَيَاءٌ وَتَذَمُّمٌ. | 2 | ورنہ جودینا بعدازسوال ہوگا وہ شرمے شرمائے دینا یا مذمت سے بچنے کیلئے ہوگا۔ |

## 51۔عقل وادب ومشاورت کی افادیت اور جہالت کی مذمت

| | | |
|---|---|---|
| لَاغِنٰى كَالْعَقْلِ ؛ | 1 | بے نیازی عقل سے مفید نہیں ہوتی؛ |
| وَلَا فَقْرَ كَالْجَهْلِ ؛ | 2 | اورفقیری جہالت سے زیادہ اور کچھ نہیں ہے؛ |
| وَلَا مِيْرَاثَ كَالْاَدَبِ ؛ | 3 | ادب وتہذیب سے بڑھ کر کوئی میراث نہیں ہوتی؛ |
| وَلَا ظَهِيْرَ كَالْمُشَاوَرَةِ . | 4 | مشورہ دینے والے سے بڑھ کر کوئی مددگار نہیں۔ |

## 52۔صبر کی دومتضاد قسمیں۔کیا دونوں قابل مدح ہوسکتی ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلصَّبْرُ صَبْرَانِ : | 1 | مکمل صبر کی دوقسمیں ہیں۔ |
| صَبْرٌ عَلٰى مَا تَكْرَهُ ؛ | 2 | (اوّل) وہ صبر جو ناگوار چیزوں پر کیا جائے اور |
| وَصَبْرٌ عَمَّا تُحِبُّ. | 3 | (دوم) وہ صبر جو محبوب چیزوں پر کیا جائے |

## 53۔ایسی چیزیں جومسافرت کووطن اوروطن کوپردیس بناتی ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْغِنٰى فِي الْغُرْبَةِ وَطَنٌ | 1 | بے نیازی اور دولت مندی ہوتو سفر میں بھی وطن ہے۔ |
| وَالْفَقْرُ فِي الْوَطَنِ غُرْبَةٌ | 2 | فقیری ہوتو وطن میں بھی مسافرت اور پردیس ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 54۔وہ مال جو کبھی بھی ختم نہ ہو؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْقَنَاعَةُ مَالٌ لاَيَنْفَدُ | 1 | قناعت وہ مال ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا۔ |

## 55۔خواہشات بھڑکانے والی چیز؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمَالُ مَادَّةُ الشَّهَوَاتِ . | 1 | مال خواہشات کا سرچشمہ ہوتا ہے۔ |

## 56۔ڈرانے والا (نذیر) خوشخبری دینے والا (بشیر) بھی ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ حَذَّرَکَ کَمَنْ بَشَّرَکَ | 1 | جو تجھے ڈراتا ہے وہ تجھے بشارت دینے والے کی طرح ہے۔ |

## 57۔وہ بھیڑیا جو تمہارے منہ میں رہتا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَللِّسَانُ سَبُعٌ اِنْ خُلِّیَ عَنْهُ عَقَرَ . | 1 | زبان ایک ایسا درندہ (بھیڑیا) ہے کہ اگر اُسے کھلا چھوڑ دیا جائے تو پھاڑ کھاتا ہے۔ |

## 58۔وہ بچھو جس کا کاٹنا لذت انگیز ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمَرْأَةُ عَقْرَبٌ حُلْوَةُ اللَّسْبَةِ. | 1 | عورت وہ بچھو ہے جس کا لپٹ جانا مزہ دیتا ہے۔ |

## 59۔سلام کا اور احسان کا جواب کیسے؟ اور اُفضلیت کس کو؟

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاحُيِّيْتَ بِتَحِيَّةٍ فَحَيِّ بِاَحْسَنَ مِنْهَا | 1 | جب تمہیں سلام کیا جائے تو تم اُس کے سلام سے اچھا جواب دیا کرو؛ |
| وَاِذَا اُسْدِيَتْ اِلَيْکَ يَدٌفَکَافِئْهَا بِمَايُرْبِیْ عَلَيْهَا؛ | 2 | اور جب کوئی تمہاری طرف احسان اور سلوک کا ہاتھ بڑھائے تو تم اُس سے بڑھ کر عمدہ سلوک کرو؛ |
| وَالْفَضْلُ مَعَ ذٰلِکَ لِلْبَادِیْ . | 3 | اور اُس عمدہ جواب اور بڑھے ہوئے جوابی سلوک کے باوجود فضیلت ابتدا کرنیوالے کیلئے ہے؛ |

## 60۔سفارش کرنیوالا ضرورت مند کے پر و بال ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلشَّفِيْعُ جَنَاحُ الطَّالِبِ . | 1 | سفارش کرنے والا ضرورت مند کے لئے اڑانے والے پر و بال ہوتا ہے۔ |

## 61۔ایسے سوار جو سوتے بھی رہیں اور سفر بھی جاری رہے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَهْلُ الدُّنْيَا کَرَکْبٍ يُسَارُبِهِمْ وَهُمْ يَنَامٌ | 1 | دُنیا میں رہنے والے اُن سواروں کی مانند ہیں جو سو رہے ہوں اور اُنکی بے خبری میں سفر جاری ہو |

## 62۔دوستوں کا نہ ہونا

| | | |
|---|---|---|
| فَقْدُ الْاَحِبَّةِ غُرْبَةٌ | 1 | دوستوں کا نہ ہونا پردیس کی کیفیت ہے۔ |

## 63۔ناکامی نااہل کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بہتر ہے

| | | |
|---|---|---|
| فَوْتُ الْحَاجَةِ اَهْوَنُ مِنْ طَلَبِهَا اِلٰی غَيْرِ اَهْلِهَا. | 1 | مطلب وحاجت کا ضائع ہو جانا اُس سے بہتر اور آسان ہے کہ اپنی ضرورت کے لئے نااہل کے سامنے ہاتھ پھیلایا جائے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 64۔خالی ہاتھ لوٹانے سے تھوڑا دے دینا بہتر ہے

| | | |
|---|---|---|
| لَا تَسْتَحِ مِنْ اِعْطَآءِ الْقَلِيْلِ ؛ | 1 | تھوڑا سا دینے میں شرماؤ نہیں۔ |
| فَاِنَّ الْحِرْمَانَ اَقَلُّ مِنْهُ | 2 | خالی ہاتھ محروم لوٹا دینا تو اُس سے بھی تھوڑا ہوتا ہے۔ |

## 65۔پارسائی اور شکر ناداری اور فارغ البالی کی زینت ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعَفَافُ زِيْنَةُ الْفَقْرِ | 1 | پاکدامنی فقیری کی زینت ہے |
| وَالشُّكْرُ زِيْنَةُ الْغِنٰى . | 2 | اور شکر کرتے رہنا بے نیازی کی زینت ہے۔ |

## 66۔ارادہ میں ناکامی موجودہ حالت پر افسوس کا باعث

| | | |
|---|---|---|
| اِذَالَمْ يَكُنْ مَّاتُرِيْدُ | 1 | اگر تمہارے ارادہ کے مطابق کام نہ بنے |
| فَلَا تُبَلْ كَيْفَ كُنْتَ. | 2 | تو بھی اس کی پرواہ نہ کرو کہ پہلے تم کس حال میں تھے۔ |

## 67۔جاہل کے لئے حدود شناسی ممکن نہیں

| | | |
|---|---|---|
| لَا يُرَى الْجَاهِلُ اِلَّامُفْرِطًااَوْمُفَرِّطًا . | 1 | جاہل کو اس کے سوا دیکھا ہی نہیں گیا کہ وہ یا تو حدود سے بڑھا ہوا ہوگا یا حدود سے بچھڑا ہوا ہوگا۔ |

## 68۔عقل تمام ہونے لگے تو کلام میں ربط نہیں رہتا

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاتَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلَامُ . | 1 | جب عقل تمام ہونے لگتی ہے تو کلام میں نقص پیدا ہوتا ہے۔ |

## 69۔زمانہ مخلوقات کے ساتھ کیا کرتا ہے اور یہاں کی کامیابی وناکامی

| | | |
|---|---|---|
| اَلدَّهْرُ يُخْلِقُ الْاَبْدَانَ ؛ | 1 | زمانہ جسموں کو پرانا کرتا ہے |
| وَيُجَدِّدُ الْاٰمَالَ ؛ | 2 | اور اُمیدوں کو نیا کرتا رہتا ہے |
| وَيُقَرِّبُ الْمَنِيَّةَ ؛ | 3 | اور موت کو قریب لاتا رہتا ہے |
| وَيُبَاعِدُ الْاُمْنِيَّةَ ؛ | 4 | اور آرزوؤں کے پورا ہونے کو دُور کرتا ہے |
| مَنْ ظَفَرَبِهٖ نَصِبَ ؛ | 5 | جو زمانہ میں کامیاب ہوجاتا ہے وہ پھنس کر رہ جاتا ہے۔ |
| وَمَنْ فَاتَهُ تَعِبَ ؛ | 6 | اور جو ناکام ہوجاتا ہے وہ تکلیف سے دوچار ہوتا ہے۔'' |

## 70۔لوگوں کا راہنما بننے سے پہلے اپنی تعلیم وتادیب ضروری ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ نَصَبَ نَفْسَهُ لِلنَّاسِ اِمَامًافَعَلَيْهِ | 1 | جو شخص خود کو تمام انسانوں کا امام بنا بیٹھے اُسی پر یہ لازم آتا ہے کہ وہ دوسروں کو تعلیم دینے سے پہلے پہلے خود اپنی ذاتی تعلیم مکمل کرے؛ |
| اَنْ يَّبْدَأَبِتَعْلِيْمِ نَفْسِهٖ قَبْلَ تَعْلِيْمِ غَيْرِهٖ ؛ | | |
| وَلْيَكُنْ تَاْدِيْبُهُ بِسِيْرَتِهٖ قَبْلَ تَاْدِيْبِهٖ بِلِسَانِهٖ، | 2 | اور زبان سے آداب وتہذیب اور قواعد سکھانے سے پہلے پہلے اپنی سیرت واعمال وعادات سے لوگوں کو مہذب ومؤدب بنانے کا کام کرنا چاہئے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمُعَلِّمُ نَفْسِهٖ وَمُؤَدِّبُهَااَحَقّ بِالْاِجْلَالِ مِنْ مُعَلِّمِ النَّاسِ وَمُؤَدِّبِهِمْ . | 3 | اور جو شخص خود اپنی تعلیم وتادیب وتربیت کرلے وہ اُس شخص سے زیادہ تعظیم کا حقدار ہے جو خود کو چھوڑ کر دوسرے انسانوں کی تعلیم وتادیب کرتا ہو'' |

## 71۔سانس موت سے بندھا ہے

| | | |
|---|---|---|
| نَفَسُ الْمَرْءِ خُطَاءُ اِلٰی اَجَلِهٖ. | 1 | آدمی کا ہر سانس اُس کی موت کی طرف بڑھنے والا قدم ہے۔ |

## 72۔ہر قابل شمار چیز ختم ہونے والی ہے

| | | |
|---|---|---|
| كُلُّ مَعْدُوْدٍ مُنْقَضٍ ؛ | 1 | ہر گنی ہوئی چیز ختم ہونے والی ہے |
| وَكُلُّ مُتَوَقَّعٍ آتٍ . | 2 | اور ہر وہ چیز جس کی توقع ہے آنے والی ہے؛ |

## 73۔مشکوک کو کیسے درست کیا جائے؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الْاُمُوْرَ اِذَا اشْتَبَهَتْ اعْتُبِرَ آخِرُهَا بِاَوَّلِهَا. | 1 | جب معاملات مشکوک ومشتبہ ہو جائیں تو آخری معاملات کو اوّل سے صحیح مان کر درست کرلو |

## 74۔دُنیا کو تین طلاقیں دینے اور اُسے جھڑک دینے کا واقعہ

| | | |
|---|---|---|
| وَمِنْ خَبَرِ ضَرَارِابْنِ ضَمْرَةَ الضَّبَابِیْ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ عَلٰی مُعَاوِيَةَ وَمَسْاَلَتِهٖ لَهٗ عَنْ اَمِيْرِالْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ،قَالَ: فَاَشْهَدُ لَقَدْرَاَيْتُهٗ فِیْ بَعْضِ مَوَاقِفِهٖ وَقَدْ اَرْخَی اللَّيْلُ سُدُوْلَهٗ وَهُوَ قَائِمٌ فِیْ مِحْرَابِهٖ ، قَابِضٌ عَلٰی لِحْيَتِهٖ ، يَتَمَلْمَلُ تَمَلْمُلَ السَّلِيْمِ وَيَبْكِی بُكَاءَ الْحَزِيْنِ وَيَقُوْلُ : | | اور یہ خبر یوں لکھی گئی ہے کہ جب ضرار ابن ضمرہ الضبابی معاویہ کے پاس پہنچے اور معاویہ نے امیر المومنین علیہ السلام کے حالات اور ضرار کے احساسات پر اُن سے سوالات کئے تو ضرار نے بیان دیا کہ:۔''میں اس حقیقت پر گواہ ہوں کہ میں نے انہیںؑ بعض ایسے موقعوں پر دیکھا ہے جب رات اپنے پردے لٹکا چکی تھی اور اندھیرا چھایا ہوا تھا۔اور وہ حضرتؑ اپنی داڑھی اپنے ہاتھ سے پکڑے محراب میں کھڑے تھے اور اسطرح تڑپ رہے تھے جیسے سانپ کا کاٹا ہوا تڑپتا ہے۔اور ایک دُکھیا شخص کیطرح روتے جاتے تھے اور فرما رہے تھے کہ:۔ |
| يَادُنْيَا يَادُنْيَا، اِلَيْكِ عَنِّیْ ؛ | 1 | ''۔اَے دُنیا، اَے دُنیا تو مجھ سے دُور ہو جا؛ |
| اَبِیْ تَعَرَّضْتِ ؟ اَمْ اِلَیَّ تَشَوَّقْتِ؛ | 2 | کیا تو خود کو میرے سامنے پیش کرنے کیلئے آئی ہے؟ یا تو میری دلدادہ اور مجھ پر فریفتہ ہو کر آئی ہے؟ |
| لَاحَانَ حِيْنُكِ ، | 3 | تیرا مطلب پورا کرنے والا وقت کبھی نہ آئے؛ |
| هَيْهَاتَ غُرِّیْ غَيْرِی، | 4 | افسوس مجھے تو منظور نہیں، جا کر میری جگہ کسی میرے غیر کو بہلا؛ |
| لَاحَاجَةَ لِیْ فِيْكِ ، | 5 | مجھے تجھ سے کوئی دلچسپی نہیں ہے؛ |
| قَدْطَلَّقْتُكِ ثَلَاثًا لَارَجْعَةَ فِيْهَا ؛ | 6 | میں نے یقیناً تجھے تین طلاقیں دی ہوئی ہیں جن میں رجوع نہیں کیا جا سکتا ہے؛ |
| فَعَيْشُكِ قَصِيْرٌ ؛ | 7 | تیری تو عمر وزندگی تھوڑی سی ہے؛ |
| وَخَطَرُكِ يَسِيْرٌ ؛ | 8 | اور تیری اہمیت اور وقعت بھی بہت کم ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاَمَلُکِ حَقِیْرٌ ؛ | 9 | اور تیری اُمید اور آرزو بھی بہت حقیر ہے؛ |
| آہِ مِنْ قِلَّةِ الزَّادِ ؛ | 10 | افسوس کہ سفر خرچ تھوڑا سا ہے؛ |
| وَطُوْلِ الطَّرِیْقِ ؛ | 11 | اور راستہ بہت طویل ہے؛ |
| وَبُعْدِ السَّفَرِ ؛ | 12 | اور مسافرت دُور دراز کی درپیش ہے؛ |
| وَعَظِیْمِ الْمَوْرِدِ . | 13 | اور منزل بہت دُشوار اور عظیم ہے۔'' |

## 75۔تقدیر، جبر وقدر اور اختیار پر مختصر سا بیان

| | | |
|---|---|---|
| لِلسَّائِلِ الشَّامِیِّ لَمَّاسَاَلَهُ : | | ایک شام کے باشندے نے آپؑ سے سوال کیا تھا کہ: ''کیا ہمارا شام کو جانا اور معاویہ سے جنگ کرنا اللہ کے صادر کردہ تقدیری فیصلہ کے ماتحت تھا؟'' آپؑ نے طویل جواب دیا تھا اس میں سے (رضی صاحب نے ) اتنا سا منتخب کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:۔ |
| ''اَکَانَ مَسِیْرُنَا اِلَی الشَّامِ بِقَضَآءٍ مِّنَ اللّٰهِ وَقَدَرٍ ؟'' بَعْدَ کَلَامٍ طَوِیْلٍ هٰذَامُخْتَارُهُ : | | |
| وَیْحَکَ :لَعَلَّکَ ظَنَنْتَ قَضَاءً لَازِمًا ' وَّقَدَرًا حَاتِمًا؛ | 1 | تم پر حیرت ہے کہ شائد تم نے اس واقعہ کو اللہ کی لازمی اور حتمی قدر کے ماتحت صادر ہونے والا واقعہ سمجھا ہے؟ |
| وَلَوْکَانَ ذٰلِکَ کَذٰلِکَ لَبَطَلَ الثَّوَابُ وَالْعِقَابُ؛ | 2 | اگر وہ واقعہ اسی طرح ہوا ہوتا جیسا کہ تو نے گمان کیا ہے تو عذاب وثواب کا دیا جانا باطل ہو کر رہ جاتا؛ |
| وَسَقَطَ الْوَعْدُ وَالْوَعِیْدُ؛ | 3 | اور اللہ کے عمدہ وعدے اور عذاب کی دھمکیاں بھی ساقط و بیکار ہو جاتیں؛ |
| اِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ اَمَرَ عِبَادَهُ تَخْیِیْرًا؛ | 4 | یقیناً اللہ پاک نے اپنے بندوں کو اُنکے اختیار کے ماتحت احکام دئے ہیں؛ |
| وَنَهَاهُمْ تَحْذِیْرًا؛ | 5 | اور خلاف ورزی کی صورت سے ڈراتے ہوئے منع کیا ہے؛ |
| وَکَلَّفَ یَسِیْرًا؛ | 6 | اور بہت آسان ذمہ داریاں دی ہیں؛ |
| وَلَمْ یُکَلِّفْ عَسِیْرًا؛ | 7 | اور کسی بھی مشکل ذمہ داری کو عائد نہیں کیا ہے؛ |
| وَاَعْطٰی عَلَی الْقَلِیْلِ کَثِیْرًا | 8 | اور تھوڑے سے عمل پر بہت سا اجر دے دیتا ہے؛ |
| وَلَمْ یُعْصَ مَغْلُوْبًا؛ | 9 | اُس کی نافرمانی اسلئے نہیں ہو جاتی کہ اُس وقت وہ مغلوب ہو جاتا ہے۔ |
| وَلَمْ یُطَعْ مُکْرِهًا ؛ | 10 | اور نہ اسکی اطاعت اسلئے ہوتی ہے کہ اُس نے قضاوقدر سے مجبور کر رکھا ہے؛ |
| وَلَمْ یُرْسِلِ الْاَنْبِیَآءَ لَعِبًا ؛ | 11 | اور نہ اُس نے نبیوں کو بطور تفریح بھیجا تھا۔ |
| وَلَمْ یُنْزِلِ الْکُتُبَ لِلْعِبَادِ عَبَثًا ؛ | 12 | اور نہ اُس نے اپنے بندوں کے لئے خواہ مخواہ کتابیں نازل کی تھیں۔ |
| وَلَاخَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ مَا بَیْنَهُمَا بَاطِلاً | 13 | اور نہ آسمانوں اور زمینوں کو اور جو کچھ اُنکے درمیان ہے اسکو بلا مقصد پیدا کیا ہے۔ |
| ذٰلِکَ ظَنُّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنَ النَّارِo (ص 38/27) | 14 | وہ تو حقائق کو چھپانے والوں کا تخمینہ ہے چنانچہ جہنم کے سلسلے میں اُن پر ملامت ہوتی رہے گی۔'' (ص 38/27) |

Presented by Ziaraat.Com

## 76۔حکمت منافقوں میں بھی ہوتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| خُذِالْحِکْمَۃَ اَنّٰی کَانَتْ فَاِنَّ الْحِکْمَۃَ تَکُوْنُ فِیْ صَدْرِ الْمُنَافِقِ فَتَلَجْلَجُ فِیْ صَدْرِہٖ حَتّٰی تَخْرُجَ فَتَسْکُنَ اِلٰی صَوَاحِبِھَا فِیْ صَدْرِ الْمُؤْمِنِ | 1 | حکمت کہیں بھی ہو اُسے حاصل کرلو۔یقیناً حکمت منافق کے سینے میں بھی ہوتی ہے۔مگر منافق کے سینے سے نکل کر جب تک وہ مومن کے سینے میں نہ پہنچ جائے اور وہاں اپنی باقی ساتھیوں سے بہل نہ جائے برابر پریشان رہتی ہے۔'' |

## 77۔حکمت مومن کی اپنی چیز

| | | |
|---|---|---|
| اَلْحِکْمَۃُ ضَالَّۃُ الْمُؤْمِنِ | 1 | حکمت مومن کی گمشدہ چیز ہے۔ |
| فَخُذِالْحِکْمَۃَ وَلَوْمِنْ اَھْلِ النِّفَاقِ | 2 | بہرحال حکمت کو لے لو خواہ منافقوں سے لینا پڑے۔ |

## 78۔ہرآدمی کی قیمت بیان فرمائی

| | | |
|---|---|---|
| قِیْمَۃُ کُلِّ امْرِیءٍ مَایُحْسِنُہُ . | 1 | ہرشخص کی قیمت وہی چیز ہے جس کی وجہ سے اُسے اچھا (یابُرا) سمجھا جاتا ہے |

## 79۔پانچ ایسی چیزیں جن کے لئے دُوردُور کے سفر کرنا ضروری ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اُوْصِیْکُمْ بِخَمْسٍ لَوضَرَبْتُمْ اِلَیْھَا اٰبَاطَ الْاِبِلِ لَکَانَتْ لِذٰلِکَ اَھْلاً: | 1 | میں تمہیں ایسی پانچ باتوں کی وصیت کئے دیتا ہوں کہ تمہیں اُن کو حاصل کرنے کے لئے اگر اپنے اونٹوں کو ایڑ لگاتے ہوئے سفر بھی کرنا پڑے تو وہ اسی قابل ہیں۔ |
| لَا یَرْجُوَنَّ اَحَدٌمِّنْکُمْ اِلَّارَبَّہُ ؛ | 2 | اوّل یہ کہ تم میں سے کوئی بھی اپنے پروردگار کے سوا کسی اور سے اُمید اور درخواست نہ کرے |
| وَلَا یَخَافَنَّ اِلَّاذَنْبَہُ ؛ | 3 | اور اپنے غلط متعلقات کے علاوہ اور کسی چیز سے خوف نہ کھائے؛ |
| وَلَا یَسْتَحِیَنَّ اَحَدٌ مِنْکُمْ اِذَاسُئِلَ عَمَّالَایَعْلَمُ اَنْ یَقُوْلُ لَا اَعْلَمُ ؛ | 4 | اور اگر تم میں سے کسی ایک سے کوئی ایسی بات دریافت کی جائے جسے وہ نہیں جانتا تو یہ کہنے میں کبھی نہ شرمائے کہ میں نہیں جانتا؛ |
| وَلَایَسْتَحِیَنَّ اَحَدٌ اِذَالَمْ یَعْلَمِ الشَّیءَ اَنْ یَّتَعَلَّمَہُ؛ | 5 | اور اگر کوئی شخص کسی بات کو نہیں جانتا تو اُسے سیکھنے سے بھی شرمانا نہیں چاہئے ؛ |
| وَعَلَیْکُمْ بِالصَّبْرِ فَاِنَّ الصَّبْرَ مِنَ الْاِیْمَانِ کَالرَّاسِ مِنَ الْجَسَدِ ؛ | 6 | اور تم پر صبر کرنا لازم ہے یقیناً صبر کا ایمان کے ساتھ وہی تعلق ہے جو جسم کے ساتھ سر کا تعلق ہوتا ہے؛ |
| وَلَاخَیْرَ فِیْ جَسَدٍ لَارَاسَ مَعَہُ ؛ | 7 | وہ جسم کسی کام کا نہیں ہوسکتا جس کے ساتھ سر نہ ہو؛ |
| وَلَافِی الْاِیْمَانِ لَاصَبْرَ مَعَہُ . | 8 | اور نہ ایمان میں وہ خیر ہوسکتی ہے جو صبر کے ساتھ ساتھ رہنے سے ہونا چاہئے۔ |

## 80۔آپؑ کا مقام لوگوں کے بیان وفکر سے بلندتر تھا

| | | |
|---|---|---|
| لِرَجُلٍ اَفْرَاطَ فِی لثَّنَاءِ عَلَیْہِ وَکَانَ لَہٗ مُتَّھِمًا: | 1 | ایک ایسے شخص نے علیؑ کی مدح وثنا میں افراط سے کام لیا۔حالانکہ وہ علیؑ سے عقیدت نہ رکھتا تھا |
| اَنَادُوْنَ مَاتَقُوْلُ، وَفَوْقَ مَافِیْ نَفْسِکَ | 2 | آپ نے اُس سے فرمایا کہ:۔میں تمہارے بیان کردہ فضائل کے علاوہ ہوں اور جو کچھ تیرے دل میں میرے تصورات پوشیدہ ہیں میں اُن سے بلند وبالا ہوں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 81۔تلوار سے نیکوں کی نسل منقطع نہیں ہوتی

| | | |
|---|---|---|
| بَقِیَّةُ السَّیْفِ اَبْقٰی عَدَدً وَّاَکْثَرُ وَلَدًا. | 1 | ناجائز قتل عام سے باقی رہ جانے والے سب سے زیادہ برقرار رہنے والے اور اولاد کی کثرت پانے والے ہوتے ہیں۔ |

## 82۔لاعلمی کا اقرار نہ کرنے والا جلد تباہ ہوگا

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ تَرَکَ قَوْلَ ''لَااَدْرِیْ'' اُصِیْبَتْ مَقَاتِلُهُ . | 1 | جس نے ناواقف ہوتے ہوئے بھی اُس کے اقرار کو ترک کر دیا اور ''میں نہیں جانتا'' کہنا چھوڑ دیا تو اس کی تباہی نزدیک آ گئی۔ |

## 83۔بڑے بوڑھوں کی رائے کا محبوب ہونا

| | | |
|---|---|---|
| رَاْیُ الشَّیْخِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ جَلَدِ الْغُلَامِ ؛ | 1 | بُڈھے شخص کی رائے مجھے نوجوان کی دلاوری سے زیادہ محبوب ہے۔ |
| (وَرُوِیَ )مِنْ مَشْهَدِ الْغُلَامِ. | 2 | (روایت یہ بھی ہے کہ )بڈھے شخص کی رائے مجھے نوجوان کی حاضری سے محبوب ہے۔ |

## 84۔استغفار کی موجودگی میں مایوسی و ناکامی؟

| | | |
|---|---|---|
| عَجِبْتُ لِمَنْ یَقْنَطُ وَمَعَهُ الْاِسْتِغْفَارُ. | 1 | مجھے اُس شخص پر حیرت ہوتی ہے جو استغفار کی موجودگی میں بھی مایوس ہو جائے۔ |

## 85۔عذاب سے محفوظ رکھنے والی دو چیزیں

| | | |
|---|---|---|
| وَحَکٰی عَنْهُ اَبُوْجَعْفَرٍ مُحَمَّدُ ابْنُ عَلِیٍّ الْبَاقِرِ . عَلَیْهِمَا السَّلَامَ اَنَّهُ قَالَ : | | اور حضرت علیؑ ہی سے ابوجعفر محمد بن علی (زین العابدین) باقر علیہما السلام نے حکایت کی ہے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا تھا کہ: |
| کَانَ فِی الْاَرْضِ اَمَانَانِ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ وَقَدْ رُفِعَ اَحَدُهُمَا فَدُوْنَکُمُ الْاٰخَرَ فَتَمَسَّکُوْا بِهٖ: | 1 | اس زمین پر عذاب خدا سے بچانے والی (امان دینے والی) دو چیزیں تھیں جن میں سے ایک کو اللہ نے اُٹھا لیا ہے مگر دوسری امان تمہارے پاس موجود ہے لہٰذا خبردار تم اُس سے وابستہ رہو؛ |
| اَمَّااَمَانُ الَّذِیْ رُفِعَ فَهُوَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه عَلَیْهِ وَآلِهٖ ؛وَاَمَّااَمَانُ الْبَاقِیْ فَالْاِسْتِغْفَارُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَاکَانَ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِیْهِمْ وَمَاکَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَo(سورہ انفال 8/33) | 2<br>3<br>4 | چنانچہ وہ امان جسے اُٹھا لیا گیا ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ تھے؛ اور<br>باقی رہ جانے والی امان استغفار ہے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ:<br>اللہ کے لئے یہ موزوں نہیں ہے کہ وہ اُن لوگوں پر عذاب نازل کرے اور تم اُن میں موجود ہو؛ پھر یوں بھی اُن لوگوں پر عذاب نازل کرنا اللہ کے لئے زیبا نہیں ہے کہ وہ معافی طلب کر رہے ہوں اور اُن پر عذاب کر دیا جائے۔(انفال 8/33) |

Presented by Ziaraat.Com

## 86۔دُنیااورآخرت میں کامیابی کا طریقہ؟

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَصْلَحَ مَابَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ اَصْلَحَ اللّٰهُ مَابَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ . | 1 | جوکوئی اپنے اوراللہ کے درمیان والے حالات کودرست رکھتا ہےتو اللہ اُسکےاور باقی لوگوں کے درمیان والے حالات کودرست رکھتا ہے؛ |
| وَمَنْ اَصْلَحَ اَمْرَاٰخِرَتِهِ اَصْلَحَ اللّٰهُ لَهُ اَمْرَ دُنْيَاهُ ؛ | 2 | اور جوکوئی اپنی آخرت کے متعلق معاملات کودرست رکھتا ہےتو اللہ اُس کے دُنیاوی معاملات کو درست کردیتا ہے؛ |
| وَمَنْ كَانَ لَهُ مِنْ نَفْسِهِ وَاعِظٌ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ. | 3 | اور جوکوئی خوداپنی ذات کونصیحت کرنے والا بن جاتا ہےتو اللہ کی طرف سے اُس کی حفاظت کے لئے محافظ مقرر کردیا جاتا ہے۔ |

## 87۔ایک دینی دانشور یا فقیہ کی شناخت؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْفَقِيْهُ كُلُّ الْفَقِيْهِ مَنْ يُقَنِّطِ النَّاسَ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ، | 1 | صحیح معنی میں ایک دینی دانشور(الفقیہ )وہ ہے جولوگوں کواللہ کی رحمت سے مایوس نہ کرے؛ |
| وَمَنْ يُؤْيِسُهُمْ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ، | 2 | اور جوفقیہ اللہ کی طرف سے ملنے والی خوشیوں اورراحتوں سے ناامید نہ کردے؛ |
| وَلَمْ يُؤْمِنْهُمْ مِنْ مَكْرِ اللّٰهِ . | 3 | اور جولوگوں کواللہ کے مکراورخفیہ چالوں سے بےفکر نہ کردے. |

## 88۔علم اپنی اثر انگیزی سے قابل قدر ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَوْضَعُ الْعِلْمِ مَاوَقَفَ عَلَى اللِّسَانِ ؛ | 1 | سب سے زیادہ بےقدر وقیمت وہ علم ہوتا ہے جوزبان تک آکر ٹھہر جائے؛ |
| وَاَرْفَعُهُ مَاظَهَرَ فِي الْجَوَارِحِ وَالْاَرْكَانِ | 2 | اوروہ علم بہت بلند مرتبہ ہے جودماغ سے نکل کرقلب اوراعضاءاورعادات پراثرانداز ہوجائے۔ |

## 89۔دلوں سے مسلسل مفید کام کرانا ہوتو دلچسپ سامان بھی فراہم رکھو

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَمَلُّ كَمَاتَمَلُّ الْاَبْدَانُ ؛ | 1 | حقیقت یہ ہے کہ یہ دل بھی اُسی طرح تھک جاتے ہیں جس طرح اوراعضاءتھک جاتے ہیں۔ |
| فَابْتَغُوْا لَهَاطَرَائِفَ الْحِكَمِ. | 2 | لہٰذادلوں کومسلسل کام کرنے کے لئے اُن کے لئے دلچسپ حکمتیں فراہم رکھو۔ |

## 90۔گمراہ کن فتنوں سے پناہ مانگا کرو

| | | |
|---|---|---|
| لَايَقُوْلَنَّ اَحَدُكُم | 1 | تم میں سے کوئی ہرگز یہ جملہ نہ کہا کرے کہ:۔ |
| ”اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفِتْنَةِ ؛ | | اےاللہ تومجھے فتنہ سے بچانے کیلئے اپنی پناہ میں لے لے؛ |
| لِاَنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ اِلَّاوَهُوَمُشْتَمِلٌ عَلٰى فِتْنَةٍ ؛ | 2 | یہ اس لئے کہ کوئی شخص ایسا ہے ہی نہیں جوفتنہ سے تعلق نہ رکھتا ہو؛ |
| وَلٰكِنْ مَنِ اسْتَعَاذَ فَلْيَسْتَعِذْمِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ ؛فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ يَقُوْلُ : | 3 | ولیکن پناہ مانگنے والے کوچاہئے کہ وہ گمراہ کرنے والےفتنوں سے پناہ مانگا کرے؛اِسی لئے اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ یہ جان لوکہ تمہارے |
| ”وَاعْلَمُوْا اَنَّمَااَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ “ | 4 | اموال اورتمہاری اولادخودتمہارے لئے فتنہ ہیں۔(8/28) |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَعْنٰی ذٰلِکَ اَنَّہُ سُبْحَانَہُ یَخْتَبِرُھُمْ بِالْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِلِیَتَبَیَّنَ السَّاخِطُ الرِزْقِہِ وَالرَّاضِیُ بِقِسْمِہٖ ؛ | 5 | اور اُسکے معنی یہ ہوئے کہ اللہ انسانوں کو اموال اور اولاد کے ذریعہ سے آزماتا ہے تا کہ یہ ظاہر ہو جائے کہ کون اللہ کے عطا کئے ہوئے رزق پر ناخوش ہوتا ہے اور کون اللہ کی تقسیم پر راضی اور خوش رہتا ہے؟ |
| وَاِنْ کَانَ سُبْحَانَہُ اَعْلَمَ بِھِمْ مِّنْ اَنْفُسِھِمْ ، | 6 | اور اگر چہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ انسانوں کے متعلق اتنا علم رکھتا ہے جتنا کہ وہ خود بھی اپنے متعلق نہیں جانتے؛ |
| وَلٰکِنْ تَظْھَرَ الْاَفْعَالُ الَّتِیْ بِھَا یُسْتَحَقُّ الثَّوَابُ وَالْعِقَابُ ؛ | 7 | ولیکن بات یہ ہے کہ اُن کی آزمائش اس لئے کی جاتی ہے کہ اُن کے وہ افعال سامنے آجائیں جن کی بنیاد پر انہیں عذاب اور ثواب کا حق ملتا ہے۔ |
| لِاَنَّ بَعْضَھُمْ یُحِبُّ الذُّکُوْرَ وَ یَکْرَہُ الْاُنَاثَ ؛ | 8 | اور یہ اس لئے کہ اُن میں سے بعض لوگ لڑکوں کا پیدا ہونا تو پسند کرتے ہیں اور لڑکیوں کے پیدا ہونے کو ناپسند کرتے ہیں۔ |
| وَبَعْضَھُمْ یُحِبُّ تَثْمِیْرَ الْمَالِ وَیَکْرَہُ انْثِلَامَ الْحَالِ . وَھٰذَا مِنْ غَرِیْبِ مَاسُمِعَ مِنْہُ فِی التَّفْسِیْرِ . | 9 | اور اُن میں سے بعض لوگ مال کے بڑھتے رہنے کو پسند کرتے ہیں اور ناداری کو ناپسند کرتے ہیں۔'' (رضی صاحب نے کہا کہ جو ہمیں اُنکی تفسیر سے معلوم ہوا ہے یہ اُس سے عجیب وغریب تفسیر ہے۔) |

## 91۔خیر کے قریشی معنی کو رد کر دیا مترجمین پٹ گئے

| | | |
|---|---|---|
| وَسُئِلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنِ الْخَیْرِمَاھُوَ؟. | | اور علی علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ نیکی کسے کہتے ہیں وہ کیا ہے؟ |
| فَقَال:لَیْسَ الْخَیْرُ اَنْ یَکْثُرَمَالُکَ وَ وَلَدُکَ وَلٰکِنَّ الْخَیْرُ اَنْ یَکْثُرَعِلْمُکَ ؛ | 1 | آپؑ نے فرمایا کہ:تمہارے اموال واولاد کی کثرت کے معنی نیکی نہیں ہیں بلکہ نیکی اُس صورت میں ہوسکتی ہے اگر تمہارے علم میں فراوانی ہوتی جائے، |
| وَاَنْ یَّعْظُمَ حِلْمُکَ | 2 | اور تمہاری بردباری کی عظمت بڑھتی جائے، |
| وَاَنْ تُبَاھِیَ النَّاسَ بِعِبَادَۃِ رَبِّکَ ؛ | 3 | اور یہ کہ تمہیں اپنے پروردگار کی عبادت پر ناز ہو؛ |
| فَاِنْ اَحْسَنْتَ حَمِدْتَ اللّٰہَ ؛ | 4 | لہٰذا اب اگر اچھے کام کرو تو اللہ کا شکر اور حمد وثنا کیا کرو؛ |
| وَاِنْ اَسَاْتَ اسْتَغْفَرْتَ اللّٰہَ ؛ | 5 | اور اگر برے کام سرزد ہوں تو تمہیں اللہ سے بخشش طلب کرنا چاہئے؛ |
| وَلَاخَیْرَفِی الدُّنْیَا اِلَّالِرَجُلَیْنِ : | 6 | اور دُنیا میں صرف دو آدمیوں کو نیکی کرنے والا کہا جاسکتا ہے۔ |
| رَجُلٌ اَذْنَبَ ذُنُوْبًافَھُوَیَتَدَارَکُھَا بِالتَّوْبَۃِ ؛ | 7 | ایک وہ آدمی جو غلط متعلقات اور برے کاموں میں اُلجھ جائے تو اپنے گناہوں کا توبہ کے ذریعہ سے تدارک کرے۔ |
| وَرَجُلٍ یُسَارِعُ فِی الْخَیْرَاتِ ؛ | 8 | اور دوسرا وہ شخص نیکی سے تعلق رکھتا ہے جو اختیارات اور نیکی میں کوشاں رہتا ہو؛ |
| وَلَا یَقِلُّ عَمَلٌ مَعَ التَّقْوٰی | 9 | اور جو عمل تقویٰ کے ماتحت کیا جائے وہ کم نہیں ہوتا۔ |
| وَکَیْفَ یَقِلُّ مَایُتَقَبَّلُ ؟ | 10 | اور جو اعمال قبول ہو جائیں وہ قلیل کیسے ہو سکتے ہیں؟ |

Presented by Ziaraat.Com

## 92۔نبیوںؑ سے اور محمدؐ سے قربت کس کو حاصل تھی؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِالْاَنْبِیَآءِ اَعْلَمُھُمْ بِمَاجَاؤُابِہٖ ثُمَّ تَلاَ عَلَیْہِ السَّلاَمُ : | 1 | حقیقت یوں ہے کہ انبیاءؑ سے زیادہ قربت اور تعلق اُن لوگوں کو ہوتا ہے جو اُن کی لائی ہوئی تعلیمات اور ہدایات کا سب سے زیادہ علم رکھتے ہیں؛ اُس کے بعد آپؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی کہ:۔ |
| اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرَاھِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ وَھٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا؛ | 2 | ابراہیمؑ سے اُن لوگوں کو زیادہ خصوصیت تھی جو اُن کی پیروی کرتے رہے اور اب اِسی نبیؐ کو اور اُن پر ایمان لانے والے لوگوں کو خصوصیت حاصل ہے؛ |
| ثُمَّ قَالَ : اِنَّ وَلِیَّ مُحَمَّدٍ مَّنْ اَطَاعَ اللّٰہَ وَاِنْ بَعُدَتْ لُحْمَتُہٗ ، | 3 | پھر فرمایا کہ محمدؐ کا ولیؑ وہ ہے جو اللہ کی اطاعت کرے خواہ محمدؐ سے دُور کا رشتہ رکھتا ہو؛ |
| وَاِنَّ عَدُوَّ مُحَمَّدٍ مَنْ عَصَی اللّٰہَ وَاِنْ قَرُبَتْ قَرَبَتُہٗ | 4 | اور محمدؐ کا دشمن وہ ہے جو اللہ کی نافرمانی کرتا ہے خواہ وہ محمدؐ سے قریب کا رشتہ رکھتا ہو۔'' |

## 93۔اَھلِ یقین کا سونا اَھلِ شک کی نماز سے بہتر ہے

| | | |
|---|---|---|
| رَجُلاًمِنَ الْحَرُوْرِیَّۃِ یَتَھَجَّدُ وَیَقْرَأُ ؛ | | علی علیہ السلام نے سُنا کہ خارجی لوگوں میں سے ایک شخص تہجد بھی پڑھتا ہے اور قرآن کی تلاوت بھی کرتا ہے تو آپؑ نے فرمایا کہ:۔ |
| فَقَالَ: نَوْمٌ عَلٰی یَقِیْنٍ خَیْرٌ مِّنْ صَلاَۃٍ فِیْ شَکٍّ | 1 | یقین کی حالت میں سوتے رہنا اُس نماز سے بہتر ہے جو شک میں مبتلا لوگ پڑھتے ہوں |

## 94۔روایات گھڑنے اور پھیلانے والوں سے خبردار کیا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِعْقِلُوا الْخَبَرَاِذَاسَمِعْتُمُوْہُ عَقْلَ رِعَایَۃٍ لاَ عَقْلَ رِوَایَۃٍ ؛ | 1 | کسی خبر کو سنتے ہی اُس پر تحقیق و تدبر والی عقل سے غور کرو نہ کہ روایتی عقل سے مانتے جاؤ؛ |
| فَاِنَّ رُوَاۃَ الْعِلْمِ کَثِیْرٌ ، | 2 | حقیقت حال یہ ہے کہ روایتی علم رکھنے والوں کی آجکل بہت ہی کثرت ہوگئی ہے؛ |
| وَرُعَاتَہٗ قَلِیْلٌ . | 3 | اور حقیقی علم رکھنے والے بہت تھوڑے سے رہ گئے ہیں۔ |

## 95۔اِنَّاللّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ میں دو اقرار ہیں

| | | |
|---|---|---|
| قَدْسَمِعَ عَلَیْہِ السَّلاَمَ رَجُلاً یَقُوْلُ : | | علی علیہ السلام نے ایک شخص کو سنا جو کہتا تھا کہ:۔ |
| ''اِنَّاللّٰہِ وَاِنَّااِلَیْہِ رٰجِعُوْنَo | | ''ہم اللہ کے لئے ہیں اور ہمیں اُسی کی طرف پلٹنا ہے''۔ |
| فَقَالَ:اِنَّاقَوْلَنَا ''اِنَّاللّٰہِ ''اِقْرَارٌعَلٰی اَنْفُسِنَابِالْمِلْکِ | 1 | اس پر آپؑ نے فرمایا کہ ہمارا یہ کہنا کہ ہم اللہ ہی کے لئے ہیں'' ایک ایسا اقرار ہے جس میں ہم خود کو اللہ کی ملکیت مانتے ہیں؛ |
| وَقَوْلَنَا''اِنَّااِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ'' | 2 | اور ہمارا یہ کہنا کہ ہم اُسی کی طرف پلٹنے والے ہیں''۔ |
| اِقْرَارٌعَلٰی اَنْفُسِنَابِالْھُلْکِ . | 3 | ایک ایسا اقرار ہے جس میں ہم اپنے فنا ہو جانے کو مانتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 96۔اپنے سامنے مدح وثنا کرنے پر اللہ سے کیا کہنا چاہئے؟

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْمَدَحَهُ قَوْمٌ فِیْ | | اورایک قوم نے علیؑ کے سامنے آپؑ کی مدح وثنا کی تو فرمایا کہ:۔ |
| وَجْهِهٖ :اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ اَعْلَمُ بِیْ مِنْ نَفْسِیْ ، | 1 | اے اللہ تو مجھ سے زیادہ میری ذات کا عالم ہے؛ |
| وَاَنَااَعْلَمُ بِنَفْسِیْ مِنْهُمْ ؛ | 2 | اور میں اپنی ذات کا اُس قوم سے زیادہ جاننے والا ہوں؛ |
| اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَیْرًامِّمَّایَظُنُّوْنَ | 3 | اے اللہ تو مجھے اُس سے اچھا بنادے جو وہ سمجھتے ہیں۔ |
| وَاغْفِرْلَنَامَالَایَعْلَمُوْنَ . | 4 | اور میرے متعلق جو کچھ وہ نہیں جانتے اُسے بخش دے۔ |

## 97۔حاجت روائی تین چیزوں سے پائیدار ہوتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| لَایَسْتَقِیْمُ قَضَاءُ الْهَوَائِجِ اِلَّابِثَلَاثٍ: | 1 | تین چیزوں کے بغیر حاجت روائی میں استقلال نہیں آتا:۔ |
| بِاسْتِصْغَارِهَالِتَعْظُمَ ؛ | 2 | اُسے چھوٹا سمجھا جانا چاہئے تا کہ وہ بڑی قرار پائے۔ |
| وَبِاسْتِکْتَامِهَا لِتَظْهَرَ، | 3 | اور اُسے چھپانا چاہئے تا کہ وہ خود بخود ظاہر ہوکر رہے؛ |
| وَبِتَعْجِیْلِهَا لِتَهْنُؤَ . | 4 | اور حاجت روائی میں جلدی کی جائے تا کہ خوشگوار ہوجائے۔ |

## 98۔ہیجڑوں،کنیزوں اور لونڈوں کی حکمرانی کا زمانہ

| | | |
|---|---|---|
| یَاتِیْ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یُقَرَّبُ فِیْهِ اِلَّاالْمَاحِلُ ؛ | 1 | انسانوں پر ایک ایسا زمانہ بھی آنے والا ہے جس زمانہ میں قربت اُن لوگوں کو ملے گی جو چغلی کھانے اور عیب جوئی کرنے والے ہوں گے۔ |
| وَلَا یُظَرَّفُ فِیْهِ اِلَّاالْفَاجِرُ ، | 2 | اور اُس زمانہ میں صرف بدکاروں کو خوش مذاق سمجھا جائے گا؛ |
| وَلَا یُضَعَّفُ فِیْهِ اِلَّاالْمُنْصِفُ ؛ | 3 | اور انصاف پرور لوگوں کو ضعیف وکمزور کیا جائے گا؛ |
| یَعُدُّوْنَ الصَّدَقَةَ فِیْهِ غُرْمًا | 4 | صدقہ دینے کو گھاٹے کا کام سمجھا جائے گا؛ |
| وَصِلَةَ الرَّحِمِ مَنًّا؛ | 5 | اور نیک سلوک کو احسانات میں شمار کیا جائے گا؛ |
| وَالْعِبَادَةَ اسْتِطَالَةً عَلَی النَّاسِ! فَعِنْدَ ذٰلِکَ یَکُوْنُ السُّلْطَانُ بِمَشْوَرَةِ الْاِمَآءِ وَاِمَارَةِ الصِّبْیَانِ وَتَدْبِیْرِ الْخِصْیَانِ . | 6 | اور عبادت کو لوگوں پر رعب داب جمانے کا ذریعہ سمجھا جائے گا لہٰذا اُس زمانہ میں حکمرانی کنیزوں کے مشورہ سے ہوا کرے گی نوخیز لڑکوں کی حکومت چلے گی اور ہیجڑوں کی رائے اور تدبیر پر دارومدار رہے گا۔ |

## 99۔علیؑ کے لباس پر رحم آتا تھا

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْرُئِیَ عَلَیْهِ اِزَارٌ خَلَقٌ مَرْقُوْعٌ فَقِیْلَ لَهٗ ذٰلِکَ : | | اور بات یہ ہوئی کہ علیؑ کے جسم پر نہایت پھٹا پرانا لباس دیکھا تو لوگوں کو جواب میں فرمایا کہ:۔ |
| فَقَالَ : یَخْشَعُ لَهُ الْقَلْبُ ؛ | 1 | اس لباس سے دل میں نرمی اور عاجزی پیدا ہوتی ہے |
| تَذِلُّ بِهِ النَّفْسُ ؛ | 2 | اور نفس کی سرکشی ذلیل ہوجاتی ہے؛ |
| وَیَقْتَدِیْ بِهِ الْمُؤْمِنُوْنَ . | 3 | اور غریب مومنین کو پیروی کا موقعہ ملتا ہے۔'' |

Presented by Ziaraat.Com

## 100۔دُنیااورآخرت دومستقل اورقدیم دشمن ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الدُّنْیَاوَالْاٰخِرَةَ عَدُوَّانِ مُتَفَاوِتَانِ؛ | 1 | یقیناًیہ دُنیااورآخرۃ دودشمن ہیں اوردونوں میں بڑا تفاوت ہے؛ |
| وَسَبِیْلَانِ مُخْتَلِفَانِ ؛ | 2 | اور یہ دونوں دومختلف راہیں بھی ہیں؛ |
| فَمَنْ اَحَبَّ الدُّنْیَا وَتَوَلَّاهَا اَبْغَضَ الْاٰخِرَةَ وَعَادَاهَا ؛ | 3 | چنانچہ جوکوئی دُنیا سے محبت کرتااوراس کی حکومت مانتاہے وہ آخرت سے بغض اور دشمنی رکھتاہے؛ |
| وَهُمَا بِمَنْزِلَةِ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ؛ | 4 | اوروہ دونوں مشرق اورمغرب کی طرح دُوردُوررہتی ہیں۔ |
| وَمَاشٍ بَیْنَهُمَا كُلَّمَا قَرُبَ مِنْ وَّاحِدٍبَعُدَ مِنَ الْاٰخَرِ؛ | 5 | اوراُن دونوں کے درمیان سفرکرنے والا جب ایک سے قریب ہوتاہے تو دوسری سے دُور ہوجاتاہے؛ |
| وَهُمَابَعْدُ ضَرَّتَانِ . | 6 | اوروہ دونوں ایک دوسری کی سوکنیں ہیں۔ |

## 101۔قابل مبارکباد لوگ اورانتظار کے قابل گھڑی

| | | |
|---|---|---|
| وَعَنْ نَوْفِ الْبَكَالِيِّ قَال :رَاَیْتُ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ ذَاتَ لَیْلَةٍ وَّقَدْخَرَجَ مِنْ فِرَاشِهٖ فَنَظَرَ اِلَی النُّجُوْمِ فَقَالَ: | | اورنوف بکالی نے بیان کیا کہ میں نے امیرالمومنین علیہ السلام کوایک رات دیکھا تھا کہ آپؑ اپنے بستر سے اُٹھے اورستاروں پرنظرڈالی اورفرمایا: |
| یَانَوْفُ ؛ اَرَاقِدٌ اَنْتَ اَمْ رَامِقٌ ؟ فَقُلْتُ بَلْ رَامِقٌ یَااَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ ،قَالَ : | 1 | اےنوف کیاتم سورہے ہو یابیدار ہو؟ میں نے عرض کیا یاعلیؑ میں جاگ رہاہوں آپؑ نے فرمایا کہ:۔ |
| یَانَوْفُ: طُوْبٰی لِلزَّاهِدِیْنَ فِی الدُّنْیَا الرَّاغِبِیْنَ فِی الْاٰخِرَةِ ؛ | 2 | اےنوف قابلِ مبارک باد ہیں وہ لوگ جنہوں نے دُنیا سے اس لئے منہ موڑا ہوا ہے کہ اُنہیں آخرت کی لگن لگی ہوئی ہے، |
| اُولٰئِکَ قَوْمٌ اتَّخَذُوْا الْاَرْضَ بِسَاطًا ؛ | 3 | وہی قوم توہے جس نے اس زمین کواپنا پلنگ بنالیاہے |
| وَتُرَابَهَا فِرَاشًا ؛ | 4 | اورزمین کی مٹی کواپنابستر بنایاہواہے۔ |
| وَمَائَهَاطِیْبًا ؛ | 5 | اورزمین کے پانی کواپنا شربت سمجھاہواہے۔ |
| وَالْقُرْاٰنَ شِعَارًا ؛ | 6 | اورقرآن کواپنالباس اورمعمول قراردیاہواہے؛ |
| وَالدُّعَاءَ دِثَارًا؛ | 7 | اوردعاؤں کواپنامحافظ بنایاہواہے۔ |
| ثُمَّ قَرَضُوالدُّنْیَا قَرْضًاعَلٰی مِنْهَاجِ الْمَسِیْحِؑ ؛ | 8 | پھرحضرت عیسیٰؑ کی طرح اس دُنیا کوبطورقرض دے کرخود سے الگ کردیاہے؛ |
| یَانَوْفُ اِنَّ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَامَ فِیْ مِثْلِ هٰذِهِ السَّاعَةِ مِنَ اللَّیْلِ فَقَالَ : | 9 | اَےنوف حضرت داؤدعلیہ السلام رات کے اسی وقت اُٹھے تھےاورفرمایاتھا کہ:۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّهَا سَاعَةٌ لَايَدْ عُوْ فِيْهَا عَبْدٌ اِلَّااسْتُجِيْبَ لَهُ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ عَشَّارًا اَوْعَرِيْفًا اَوْشُرْطِيًّا اَوْصَاحِبَ عَرْطَبَةٍ اَوْصَاحِبَ كُوْبَةٍ . | 10 | یہ وہی وقت ہے جس وقت جو دُعا بھی کوئی بندہ اللہ سے مانگے تو وہ ضرور قبول کی جاتی ہے سوائے اِسکے کہ وہ بندہ عُشر یا ٹیکس وصول کرنے والا ہو یا رپورٹیں (شکایتیں) کرنے والا ہو یا پولیس کا ملازم ہو یا ڈھول (منادی) بجا کر اطلاع دینے والا ہو یا وہ نقارہ بجانے والا ہو۔ |

## 102۔فرائض اور حدود پر قیام، دخل اندازی منع

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَيْكُمْ فَرَائِضَ فَلَا تُضَيِّعُوْهَا؛ | 1 | یقیناً اللہ نے تم پر فرائض عائد کئے ہیں انہیں ضائع نہ کرنا۔ |
| وَحَدَّلَكُمْ حُدُوْدَ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ؛ | 2 | اور تم پر کچھ پابندیاں لگائی ہیں اُن سے آگے نہ بڑھنا۔ |
| وَنَهَاكُمْ عَنْ اَشْيَآءَ فَلَا تَنْتَهِكُوْهَا؛ | 3 | اور بعض چیزوں کی ممانعت کی ہے اُن کی خلاف ورزی نہ کرنا۔ |
| وَسَكَتَ لَكُمْ عَنْ اَشْيَآءَ فَلَمْ يَدَ عَهَا نِسْيَانًافَلَا تَتَكَلَّفُوْهَا . | 4 | اور بعض چیزوں کے متعلق خاموشی اختیار کی ہے اُن کو بھول کر نہیں چھوڑ دیا ہے اُن میں دخل دینے کی کوشش نہ کرنا۔ |

## 103۔دینی قربانی سے دُنیا نہیں سنورتی

| | | |
|---|---|---|
| لَايَتْرُكُ النَّاسُ شَيْئًامِّنْ اَمْرِدِيْنِهِمْ لِاِسْتِصْلَاحِ دُنْيَا هُمْ اِلَّافَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَاهُوَ اَضَرُّمِنْهُ. | 1 | جیسے ہی لوگ دُنیا کو سنوارنے کے لئے اپنے دین کا کوئی کام چھوڑتے ہیں اللہ فوراً اُن کے لئے ایسی راہیں کھول دیتا ہے جو ترک کئے ہوئے کام سے بھی زیادہ نقصان دہ ہوتی ہیں۔ |

## 104۔عالم کبھی کبھی اپنی جہالت کے ہاتھوں قتل ہو جاتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| رُبَّ عَالِمٍ قَدْقَتَلَهُ جَهْلُهُ وَعِلْمُهُ مَعَهُ لَا يَنْفَعُهُ | 1 | ایسا بھی ہوا ہے کہ ایک عالم کو اُس کی جہالت قتل کر ڈالتی ہے اور جو علم اُس کے ساتھ ہوتا ہے وہ اُسے فائدہ نہیں دیتا۔ |

## 105۔دل پر اثر انداز ہونے والی تمام بُری بُری باتیں

| | | |
|---|---|---|
| لَقَدْعُلِّقَ بِنِيَاطِ هٰذَا الْاِنْسَانِ بَضْعَةٌ هِيَ اَعْجَبُ مَافِيْهِ وَذٰلِكَ الْقَلْبُ ؛ | 1 | اس انسان سے بھی زیادہ عجیب چیز وہ گوشت کا لوتھڑا ہے جو انسان کی ایک رگ کے ساتھ لٹکایا گیا ہے اور اسی کو دل کہتے ہیں |
| وَلَهُ مَوَادٌّ مِّنَ الْحِكْمَةِ وَاَضْدَادٌ مِّنْ خِلَافِهَا: | 2 | اور اُس لوتھڑے یا دل کے اندر حکمت کا ذخیرہ بھی ہے اور اُس کے برخلاف ضد کرنے والی چیزیں بھی ہیں۔ |
| وَاِنْ سَنَحَ لَهُ الرَّجَآءُ اَذَلَّهُ الطَّمَعُ ، | 3 | اور وہ یوں کہ اگر اُس پر اُمیدوں کا سانحہ گذر جاتا ہے تو طمع اُسے ذلت کی حد تک لے جاتی ہے؛ |
| وَاِنْ هَاجَ بِهِ الطَّمَعُ اَهْلَكَهُ الْحِرْصُ | 4 | اور اگر اُس میں طمع اور لالچ زور مارتا ہے تو حرص اُسے بربادی تک لے جاتی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاِنْ مَّلَكَهُ الْيَأْسُ قَتَلَهُ الْاَسَفُ ؛ | 5 | اوراگراُس پر مایوسی چھاجاتی ہےتو اُسے افسوس مارڈالتا ہے؛ |
| وَاِنْ عَرَضَ لَهُ الْغَضَبُ اشْتَدَّ بِهِ الْغَيْظُ ؛ | 6 | اوراگرغصہ اُسکے سامنے پیش ہوتا ہےتوانتقام کا غیظ بھڑک اُٹھتا ہے؛ |
| وَاِنْ اَسْعَدَهُ الرِّضَا نَسِيَ التَّحَفُّظَ ؛ | 7 | اوراگرخوشنودی ومسرت سے وابستہ ہوجاتا ہےتواپنی حفاظت کرنا بھول جاتا ہے۔ |
| وَاِنْ غَالَهُ الْخَوْفُ شَغَلَهُ الْحَذَرُ ؛ | 8 | اوراگراُس پرخوف ودھشت کا حملہ ہوتا ہےتو بچنے کا خیال اُلجھالیتا ہےاوراگراُس پراَمن و |
| وَاِنِ اتَّسَعَ لَهُ الْاَمْنُ اسْتَبَلَتْهُ الْغِرَّةُ ؛ | 9 | چین کا زمانہ آجاتا ہےتواُس پرغفلت سوارہوجاتی ہے؛ |
| وَاِنْ اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ فَضَحَهُ الْجَزَعُ ؛ | 10 | اوراگراس پرکوئی مصیبت آپڑتی ہےتوہائے واویلا کرکے رسواہوجاتا ہے؛ |
| وَاِنْ اَفَادَ مَالاً اَطْغَاهُ الْغِنٰى ؛ | 11 | اوراگرمال ودولت سے فائدہ اُٹھالیتا ہےتوخوشحالی اوربے نیازی اُسے سرکش بنادیتی ہے؛ |
| وَاِنْ عَضَّتْهُ الْفَاقَةُ شَغَلَهُ الْبَلاءُ ؛ | 12 | اوراگرکبھی اُسے فاقہ مستی سے دوچاررہنا پڑتا ہےتوبلاؤں میں اُلجھ جاتا ہے |
| وَاِنْ جَهَدَهُ الْجُوْعُ قَعَدَتْ بِهِ الضَّعْفُ ؛ | 13 | اوراگرکبھی اُسے بھوک کی تکلیف جھیلنا پڑتی ہےتو ناتوانی اُسے لے کربیٹھ جاتی ہے؛ |
| وَاِنْ اَفْرَطَ بِهِ الشِّبَعُ كَظَّتْهُ الْبِطْنَةُ ؛ | 14 | اوراگرپیٹ زیادہ بھرجائےتواُسے اُسکا پیٹ سانس لینے سے روکتا ہے۔ |
| فَكُلُّ تَقْصِيْرٍ بِهِ مُضِرٌّ ؛ | 15 | اُس کے لئے ہرکمی مضرہے؛ |
| وَكُلُّ اِفْرَاطٍ لَهُ مُفْسِدٌ ؛ | 16 | اورہرزیادتی فسادانگیز ہے۔ |

## 106۔وہ سہاراجس کی سب کواحتیاج ہے

| | | |
|---|---|---|
| نَحْنُ النُّمْرُقَةُ الْوُسْطٰى بِهَا يَلْحَقُ التَّالِيْ ، وَاِلَيْهَا يَرْجِعُ الْغَالِيْ . | 1 | ہم وہ درمیانی سہاراہیں کہ جس پربچھڑ جانیوالے نے بھی سہارالینا ہے؛ اوراُسی کی طرف آگے بڑھ جانے والے نے بھی پلٹنا ہے. |

## 107۔دینی حکمران کے تین بڑے بڑے عَیب

| | | |
|---|---|---|
| لايُقِيْمُ اَمْرَاللّٰهِ سُبْحَانَهُ اِلَّامَنْ لايُصَانِعُ ؛ | 1 | اللہ پاک کا دین وہی نافذ کرسکتا ہے جومصنوعی مدارات وجانبداری نہ کرے۔ |
| وَلايُضَارِعُ ؛ | 2 | اورجوعاجزی اورکمزوری نہ دکھائے اورجو، |
| وَلايَتَّبِعُ الْمَطَامِعَ . | 3 | لالچ اورطمع کواختیارنہ کرے۔ |

## 108۔پہاڑجتناہوکلیجہ دل لگانے کے لئے

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ تُوُفِّيَ سَهْلُ ابْنُ حُنَيْفِ الْاَنْصَارِيُّ بِالْكُوْفَةِ بَعْدَ مَرْجِعِهٖ مِنْ صِفِّيْنَ مَعَهُ وَكَانَ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْهِ : لَوْاَحَبَّنِيْ جَبَلٌ لَتَهَافَتَ . | 1 | اورسَہل ابن حنیف انصاری آپؑ کے ساتھ جنگ صفین سے پلٹ کرکوفہ آئے تو انتقال فرما گئے سہل ابن حنیفؓ حضرت علیؑ کوسب سے زیادہ پیارے تھے۔ صدمہ میں فرمایا کہ:۔ اگرپہاڑبھی مجھ سے محبت کرےتو پھٹ جائے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 109۔اٹھارہ بہترین چیزوں کا انتخاب

| | | |
|---|---|---|
| لامَالَ اَعْوَدُ مِنَ الْعَقْلِ | 1 | عقل سے بڑھ کر کوئی منافع بخش مال نہیں ہوتا؛ |
| وَلاوَحْدَةَ اَوْحَشُ مِنَ الْعُجْبِ ؛ | 2 | خود بینی سے بڑھ کر کوئی تنہائی وحشت ناک نہیں ہوتی؛ |
| وَلاعَقْلَ کَالتِّدْبِیْرِ ؛ | 3 | تدبیر سے بڑھ کر اور کوئی عقل کی بات نہیں ہوتی؛ |
| وَلاَ کَرَمَ کَالتَّقْوٰی ؛ | 4 | اور کوئی منافع تقویٰ سے بڑھ کر نہیں ہوسکتا ہے؛ |
| وَلاَ قَرِیْنَ کَحُسْنِ الْخُلُقِ | 5 | اور عمدہ اخلاق کے مانند کوئی ساتھی نہیں ہوتا؛ |
| وَلاَ مِیْرَاثَ کَالْاَدَبِ ؛ | 6 | ادب سے بہتر کوئی ورثہ نہیں ہے؛ |
| وَلاَ قَائِدَ کَالتَّوْفِیْقِ ؛ | 7 | توفیق جیسا کوئی لیڈر نہیں؛ |
| وَلاَتِجَارَةَ کَالْعَمَلِ الصَّالِحِ ؛ | 8 | نیک عملی سے بڑھ کر کوئی تجارت نہیں؛ |
| وَلاَرِبْحَ کَا لثَّوَابِ ؛ | 9 | ثواب کے مانند کوئی نفع نہیں ہے؛ |
| وَلاوَرَعَ کَالْوُقُوْفِ عِنْدَ الشُّبْهَةِ ؛ | 10 | شبہات سے الگ رہنا ہر پارسائی سے بہتر ہے؛ |
| وَلاَ زُهْدَ کَالزُّهْدِ فِی الْحَرَامِ؛ | 11 | حرام سے بچنے کے مقابلے میں کوئی ترک دُنیا نہیں ہے؛ |
| وَلاعِلْمَ کَالتَّفَکُّرِ ؛ | 12 | اور غور وفکر وتفکر کرتے رہنے کی مانند اور کوئی علم نہیں ہوتا۔ |
| وَلاعِبَادَةَ کَاَدَآءِ الْفَرَائِضِ ؛ | 13 | فرائض کو ادا کرنے کی مانند کوئی عبادت نہیں ہے؛ |
| وَلَاایْمَانَ کَالْحَیَاءِ وَالصَّبْرِ ؛ | 14 | حیا اور صبر کی مانند کوئی ایمان نہیں ہوتا؛ |
| وَلاحَسَبَ کَالتَّوَاضُعِ؛ | 15 | اِنکساری کی مانند کوئی سربلندی نہیں ہوتی؛ |
| وَلاَ شَرَفَ کَالْعِلْمِ ؛ | 16 | علم کی مانند کوئی بزرگی نہیں؛ |
| وَلاَ عِزَّ کَالْحِلْمِ ؛ | 17 | بُردباری کی مانند کوئی عزت نہیں؛ |
| وَلاَ مُظَاهَرَةَ اَوْثَقُ مِنَ الْمُشَاوَرَةِ . | 18 | اور مشورہ دینے کے مانند اور کوئی پشت پناہی نہیں ہے۔'' |

## 110۔بدظنی اور حُسنِ ظن کے دو مواقع

| | | |
|---|---|---|
| اِذَااسْتَوْلَی الصَّلاَحُ عَلَی الزَّمَانِ وَاَهْلِهٖ ثُمَّ اَسَآءَ رَجُلٌ الظَّنَّ بِرَجُلٍ لَمْ تَظْهَرْ مِنْهُ خِزْیَةٌ فَقَدْ ظَلَمَ؛ | 1 | جب زمانہ میں اور اہل زمانہ میں صلاح وفلاح پھیلی ہوئی ہو اور ایسے نیک زمانہ میں کوئی شخص ایسے شخص سے بدظنی اور بدگمانی رکھے جس نے کوئی بھی رسوائی کی اور بری بات نہ کی ہو تو اُس شخص نے اس بے گناہ پر ظلم وزیادتی کی ہے؛ |
| وَاِذَا اسْتَوْلَی الْفَسَادُعَلَی الزَّمَانِ وَاَهْلِهٖ فَاَحْسَنَ رَجُلٌ الظَّنَّ بِرَجُلٍ فَقَدْ غَرَّرَ. | 2 | اور جب فساد کا دَور دَورہ ہو اور اُس زمانہ اور اہل زمانہ پر چھایا ہوا ہو اور ایسی حالت میں کوئی شخص کسی شخص کے متعلق حسن ظن نیک گمان رکھے تو وہ فریب خوردہ ہے۔'' |

Presented by Ziaraat.Com

## 111۔مزاج پُرسی کا دُنیا میں کیا جواب دیا جائے؟

| | | |
|---|---|---|
| قِيْلَ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ :كَيْفَ تَجِدُكَ يَااَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْن ؟ | | علی علیہ السلام سے کہا گیا کہ اَے امیر المومنین آپؑ کے مزاج کیسے ہیں؟ |
| فَقَالَ :كَيْفَ يَكُوْنُ حَالُ مَنْ يَغْنَىٰ بِبَقَآئِهِ | 1 | آپؑ نے فرمایا کہ اُس کا حال ہی کیا ہوسکتا ہے جس کی زندگی اُسے موت کی طرف لے جارہی ہو؟ |
| وَيَسْقَمُ بِصِحَّتِهِ ؛ | 2 | اور جس کی صحت بیماری کے لئے ہو؟ |
| وَيُؤْتٰى مِنْ مَّاْمَنِهِ . | 3 | اور جسے اپنی پناہ کی جگہ سے بھی گرفت میں لے لیا جائے۔ |

## 112۔اللہ تعالیٰ کی ٹھنڈی مار پر چند باتیں

| | | |
|---|---|---|
| كَمْ مِّنْ مُسْتَدْرَجٍ بِالْاِحْسَانِ اِلَيْهِ ؛ | 1 | بہت سے لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن پر احسان کرتے کرتے بتدریج عذاب کی طرف لائے جاتے ہیں؛ |
| وَمَغْرُوْرٍ بِالسَّتْرِ عَلَيْهِ ؛ | 2 | اور بہت سے لوگ اپنی پردہ پوشی سے دھوکے میں مبتلا رہتے ہیں |
| وَمَفْتُوْنٍ بِحُسْنِ الْقَوْلِ فِيْهِ ؛ | 3 | اور اپنے متعلق اچھی باتیں سن سن کر فتنہ میں مبتلا ہیں۔ |
| وَمَاابْتَلَى اللّٰهُ اَحَدًا بِمِثْلِ الْاِمْلَاءِ لَهُ . | 4 | اور اللہ کی طرف سے مہلت دینے سے بڑی آزمائش کسی کی بھی نہیں ہوتی۔'' |

## 113۔وہ مقام جہاں دوست اور دُشمن برابر ہوجاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| هَلَكَ فِيَّ رَجُلَانِ ؛ | 1 | میرے متعلق دو قسم کے لوگ ہلاک ہوجائیں گے: |
| مُحِبٌّ غَالٍ ؛ | 2 | ایک وہ جو محبت میں غلو کرے گا۔ |
| وَمُبْغِضٌ قَالٍ . | 3 | اور وہ جو بغض میں تبلیغ کرے گا۔ |

## 114۔افسوس وملال کا ایک بنیادی سبب

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِضَاعَةِ الْفُرْصَةِ غُصَّةٌ . | 1 | علی علیہ السلام نے فرمایا کہ فرصت کا ضائع کرنا غم وغصہ ہوتا ہے۔ |

## 115۔سانپ سے پیار کرنے والے دُنیا پرست لوگ

| | | |
|---|---|---|
| مَثَلُ الدُّنْيَا كَمَثَلِ الْحَيَّةِ لَيِّنٌ مَسُّهَا وَالسُّمُّ نَاقِعٌ فِيْ جَوْفِهَا ؛ | 1 | اِس دُنیا کی مثال بالکل سانپ کی مانند ہے جو چُھونے میں نرم اور چکنا ہوتا ہے مگر اُسکے اندر مار ڈالنے والا زہر بھرا ہوتا ہے؛ |
| يَهْوِيْ اِلَيْهَا الْغِرُّ الْجَاهِلُ؛ | 2 | فریب زدہ جاہل اُس کو پسند کرتا اور اُس کی طرف بڑھتا ہے؛ |
| وَيَحْذَرُهَا ذُوالُّبِّ الْعَاقِلُ . | 3 | اور دانشور اُس سے ہمیشہ بچ کر رہتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 116۔قریشی قوم کے متعلق چند ریمارکس

| | | |
|---|---|---|
| اَمَّابَنُوْ مَخْزُوْمٍ فَرَيْحَانَةُ قُرَيْشٍ تُحِبُّ حَدِيْثَ رِجَالِهِم؛ | 1 | رہ گئے بنو مخزوم کے قبیلے والے تو وہ قریشی قوم کے پھول ہیں اُن کے مَردوں کی باتیں پسندیدہ ہوتی ہیں؛ |
| وَالنِّكَاحَ فِيْ نِسَائِهِمْ؛ | 2 | اُن کی عورتوں سے نکاح مفید ہوتا ہے؛ |
| وَاَمَّابَنُوْ عَبْدِ شَمْسٍ فَاَبْعَدُ هَارَأْيًا؛ | 3 | رہ گئے عبدالشّمس کی نسل والے لوگ وہ سب بدترین رائے رکھتے ہیں؛ |
| وَاَمْنَعُهَا لِمَاوَرَآءَ ظُهُوْرِهَا ؛ | 4 | اور جو کچھ اُن سے غائب ہوتا ہے اُس کا انکار کرتے ہیں۔ |
| وَاَمَّانَحْنُ فَاَبْذَلُ لِمَافِيْ اَيْدِيْنَا؛ | 5 | اور رہ گئے ہم تو ہمارے پاس جو کچھ مفید سامان ہوتا ہے اُسے سخاوت کے ساتھ خرچ کر ڈالتے ہیں؛ |
| وَاَسْمَحُ عِنْدَ الْمَوْتِ بِنُفُوْسِنَا ؛ | 6 | جان دینے میں بڑے فراخدل ہوتے ہیں؛ |
| وَهُمْ اَكْثَرُ وَاَمْكَرُ وَاَنْكَرُ ؛ | 7 | اور قریش تعداد میں بھی زیادہ مکر و حیلے میں بھی بہت زیادہ اور بدصورتی میں بھی زیادہ ۔ |
| وَنَحْنُ اَفْصَحُ وَاَنْصَحُ وَاَصْبَحُ . | 8 | اور ہم فصیح اور نصیحت کرنیوالے اور خوبصورت ہوتے ہیں۔ |

## 117۔دو قسم کے اعمال اور دو ہی قسم کا خمیازہ؟

| | | |
|---|---|---|
| شَتَّانَ مَابَيْنَ عَمَلَيْنِ : | 1 | اِن دُو قسموں کے اعمال میں کتنا فرق ہے؟: |
| عَمَلٌ تَذْهَبُ لَذَّتُهُ وَتَبْقَىٰ تَبِعَتُهُ ؛ | | ایک وہ عمل ہے جس کی لذّت تو مِٹ جاتی ہے مگر اُس کا وبال اور خمیازہ رہ جاتا ہے۔ |
| وَعَمَلٌ تَذْهَبُ مَؤُوْنَتُهُ وَيَبْقَىٰ اَجْرُه. | | ایک وہ عمل ہے جس کی سختی ختم ہو جاتی ہے اور اجر و ثواب رہ جاتا ہے۔ |

## 118۔جنازوں پر ہنسنے والے مومنین؟

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ تَبِعَ جِنَازَةً فَسَمِعَ رَجُلاً يَضْحَكَ ، فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: | | علیؑ ایک جنازہ کے ساتھ ساتھ جا رہے تھے کہ ایک شخص کی ہنسنے کی آواز سُن کر فرمایا کہ:۔ |
| كَاَنَّ الْمَوْتَ فِيْهَا عَلٰى غَيْرِنَا كُتِبَ ؛ | 1 | یہ تو ایسا معلوم ہو رہا ہے گویا اِس دُنیا میں موت ہم سے تعلق ہی نہیں رکھتی بلکہ ہمارے علاوہ دوسروں کیلئے ہے؛ |
| وَكَاَنَّ الْحَقَّ فِيْهَا عَلٰى غَيْرِنَا وَجَبَ ؛ | 2 | اور یہ بھی گویا اِس دُنیا میں حق کو ماننا اور اُس پر عمل کرنا بھی ہمارے علاوہ دوسروں پر واجب کیا گیا ہے؛ |
| وَكَاَنَّ الَّذِيْ نَرٰى مِنَ الْاَمْوَاتِ سَفْرٌ عَمَّا قَلِيْلٍ اِلَيْنَارَاجِعُوْنَ | 3 | اور گویا جن مرنے والوں کو ہم دیکھتے ہیں وہ مسافر ہوتے ہیں اور بہت جلد وہ سب ہمارے ہی پاس پلٹ آنے والے ہیں؛ |
| نُبَوِّؤُهُمْ اَجْدَاثَهُمْ ؛ | 4 | ہم اُنہیں اُن کی قبروں میں اتارتے ہیں؛ |
| وَنَاْكُلُ تُرَاثَهُمْ ، | 5 | اور اُن کی میراث اور مال کھانا شروع کر دیتے ہیں۔ |
| كَاَنَّامُخَلَّدُوْنَ بَعْدَ هُمْ | 6 | گویا ہم اُن کے بعد ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| ثُمَّ نَسِيْنَا كُلَّ وَاعِظٍ وَوَاعِظَةٍ ؛ | 7 | اور اُسکے بعد ہم تمام نصیحتوں کو اور نصیحت کرنیوالوں کو بُھول جاتے ہیں؛ |
| وَرُمِيْنَا بِكُلِّ جَائِحَةٍ ؛ | 8 | اور تمام آفات وحادثات کا نشانہ بن جاتے ہیں؛ |
| طُوْبٰى لِمَنْ ذَلَّ فِيْ نَفْسِهٖ ، | 9 | قابل مبارک باد ہے وہ شخص جس نے اپنے مقام پر انکساری اختیار کی؛ |
| وَطَابَ كَسْبُهٗ ، | 10 | اور اپنی کمائی کو پاکیزہ کرلیا؛ |
| وَصَلَحَتْ سَرِيْرَتُهٗ ، | 11 | اور اپنی عادتوں کی اصلاح کرلی؛ |
| وَحَسُنَتْ خَلِيْقَتُهٗ ؛ | 12 | اور اپنے اخلاق کو پسندیدہ بنالیا؛ |
| وَاَنْفَقَ الْفَضْلَ مِنْ مَالِهٖ ، | 13 | اور جس نے اپنا تمام فاضل مال ضرورت مندوں پر خرچ کردیا۔ |
| وَاَمْسَكَ الْفَضْلَ مِنْ لِّسَانِهٖ ؛ | 14 | زبان سے کہنے والی فضول باتوں کو روک کر رکھا۔ |
| وَعَزَلَ عَنِ النَّاسِ شَرَّهٗ ؛ | 15 | اپنی طرف سے پہنچنے والے شر سے لوگوں کو بچا کر رکھا۔ |
| وَسِعَتْهُ السُّنَّةُ ؛ | 16 | سُنتِ رسولؐ اس کے لئے وسعتوں کا سبب بنی؛ |
| وَلَمْ يُنْسَبْ اِلٰى بِدْعَةٍ. | 17 | اور وہ کسی بدعت کی طرف منسوب نہ ہوا۔ |

## 119۔عورت کا عورتوں سے غیرت کھانا حق پوشی ہے

| | | |
|---|---|---|
| غَيْرَةُ الْمَرْأَةِ كُفْرٌ ؛ | 1 | عورت کا غیرت کرنا حق پوشی ہے۔ |
| وَغَيْرَةُ الرَّجُلِ اِيْمَان. | 2 | اور مرد کا غیرت کرنا ایمان ہے۔ |

## 120۔اسلام ہی کا دوسرا نام مفید عمل ہے

| | | |
|---|---|---|
| لَانُسَبَنَّ الْاِسْلَامَ نِسْبَةً لَمْ يَنْسُبْهَا اَحَدٌ قَبْلِيْ: | 1 | آج میں اسلام کی ایسی نسبت بیان کرتا ہوں جو مجھ سے پہلے کسی نے بیان نہ کی ہوگی:۔ |
| اَلْاِسْلَامُ هُوَ التَّسْلِيْمُ؛ | 2 | مکمل اسلام ہی مکمل تسلیم ہے؛ |
| وَالتَّسْلِيْمُ هُوَ الْيَقِيْنُ ؛ | 3 | اور مکمل تسلیم ہی مکمل یقین ہے؛ |
| وَالْيَقِيْنُ هُوَ التَّصْدِيْقُ ؛ | 4 | اور مکمل یقین ہی مکمل تصدیق ہے؛ |
| وَالتَّصْدِيْقُ هُوَ الْاِقْرَارُ ؛ | 5 | اور مکمل تصدیق ہی مکمل اقرار ہے؛ |
| وَالْاِقْرَارُ هُوَ الْاَدَاءُ ؛ | 6 | اور مکمل اقرار ہی مکمل فرض کی ادائیگی ہے؛ |
| وَالْاَدَاءُ هُوَ الْعَمَلُ. | 7 | اور فرض کے مکمل طور پر ادا کردینے ہی کا نام عمل ہے |

## 121۔بخیل اور منکرِ خداوندی ایسے چار آدمیوں پر تعجب

| | | |
|---|---|---|
| عَجِبْتُ لِلْبَخِيْلِ يَسْتَعْجِلُ الْفَقْرَ الَّذِيْ مِنْهُ هَرَبَ ؛ | 1 | مجھے کنجوس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو تنگدستی سے تو بھاگتا ہے مگر فقیری اور محتاجی کیلئے جلدی کرتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَيَفُوْتُهُ الْغِنٰى الَّذِىْ اِيَّاهُ طَلَبَ ؛ | 2 | اور جس بے نیازی اور دولتمندی کو حاصل کرنا چاہتا ہے اسی کو ہاتھ سے نکال دیتا ہے |
| فَيَعِيْشُ فِى الدُّنْيَا عَيْشَ الْفُقَرَآءِ ؛ | 3 | چنانچہ وہ دُنیا میں فقیروں اور محتاجوں کی زندگی بسر کرتا ہے۔ |
| وَيُحَاسَبُ فِى الْاٰخِرَةِ حِسَابَ الْاَغْنِيَآءِ؛ | 4 | اور آخرت میں ایسا حساب دینے کی تیاری کرتا ہے جو اغنیاء سے لیا جانیوالا ہے؛ |
| وَعَجِبْتُ لِلْمُتَكَبِّرِ الَّذِىْ كَانَ بِالْاَمْسِ نُطْفَةً وَيَكُوْنُ غَدًا جِيْفَةً ؛ | 5 | اور مجھے اُس معزور شخص پر بھی تعجب ہوتا ہے جو کل نطفہ تھا اور کل پھر مردہ لاش بن جائے گا۔ |
| وَعَجِبْتُ لِمَنْ شَكَ فِى اللّٰهِ وَهُوَيَرَى خَلْقَ اللّٰهِ ؛ | 6 | اور مجھے اُس شخص پر بھی تعجب ہوتا ہے جو اللہ کی پیدا کی ہوئی اس کائنات کو دیکھتا ہے اور پھر بھی اللہ کے موجود ہونے پر شک کرتا ہے؛ |
| وَعَجِبْتُ لِمَنْ نَسِىَ الْمَوْتَ وَهُوَيَرَىٰ مَنْ يَّمُوْتُ ؛ | 7 | مجھے موت کو بھول جانیوالے پر بھی تعجب ہوتا ہے حالانکہ وہ مرنیوالوں کو دیکھتا رہتا ہے؛ |
| وَعَجِبْتُ لِمَنْ اَنْكَرَ النَّشَاةَ الْاُخْرٰى وَهُوَ يَرَىٰ النَّشَاةَ الْاُوْلٰى ؛ | 8 | مجھے قیامت میں زندہ ہو کر اُٹھنے کا انکار کرنے والے پر حیرانی ہوتی ہے حالانکہ وہ روزانہ ہونے والی پیدائشوں کو دیکھتا رہتا ہے؛ |
| وَعَجِبْتُ لِعَامِرِ دَارُ الْفَنَآءِ وَتَارِكِ دَارَالْبَقَاءِ | 9 | اور مجھے تعجب ہے اُن لوگوں پر جو اِس فنا ہو جانے والی دُنیا کو آباد کرتے ہیں اور باقی رہنے والی دُنیا کو ترک کرتے ہیں۔'' |

## 122۔اعمال میں کوتاہی کرنے والے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ قَصَّرَ فِى الْعَمَلِ ابْتُلِىَ بِالْهَمِّ ؛ | 1 | جو کوئی عمل میں کوتاہی کرتا ہے غم واندوہ کی آزمائش میں پڑے گا؛ |
| وَلَاحَاجَةَ لِلّٰهِ فِيْمَنْ لَيْسَ لِلّٰهِ فِىْ مَالِهٖ وَنَفْسِهٖ نَصِيْبٌ.'' | 2 | اور جس شخص کی جان اور مال میں اللہ کا کوئی بھی حصہ نہ ہو اس کی اللہ کو کوئی ضرورت نہیں ہے۔'' |

## 123۔سردی کے موسم میں سردی سے بچنے کا طریقہ؟

| | | |
|---|---|---|
| تَوَقُّوا الْبَرْدَفِىْ اَوَّلِهٖ ؛ | 1 | شروع سردی میں اُس سے بچ کر محتاط رہا کرو؛ |
| وَتَلَقَّوْهُ فِىْ آخِرِهٖ ؛ | 2 | آخری سردی میں اُس سے باقاعدہ ملاقات کرو؛ |
| فَاِنَّهٗ يَفْعَلُ فِى الْاَبْدَانِ كَفِعْلِهٖ فِى الْاَشْجَارِ؛ | 3 | بات یہ ہے کہ سردی کا موسم جسموں پر وہی عمل کرتا ہے جو وہ درختوں پر کرتا ہے؛ |
| اَوَّلُهٗ يُحْرِقُ ؛ | 4 | ابتدا میں وہ اُنہیں جلا دیتا ہے۔ |
| وَآخِرُهٗ يُوْرِقُ. | 5 | اور آخر میں شگوفے اور پتے نکالتا ہے۔ |

## 124۔خالق کی عظمت کا احساس

| | | |
|---|---|---|
| عِظَمُ الْخَالِقِ عِنْدَكَ يُصَغِّرُ الْمَخْلُوْقَ فِىْ عَيْنِكَ. | 1 | خالق کی عظمت کو نظر میں رکھنے سے تمہارے سامنے مخلوقات کی پوزیشن حقیر ہو جائیگی |

Presented by Ziaraat.Com

## 125۔اہل قبرستان سے چند دل لگتی باتیں

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْرَجَعَ مِنْ صِفِيْنَ فَاَشْرَفَ عَلَى الْقُبُوْرِ بِظَاهِرِ الْكُوْفَةِ : | | صفین سے واپس آئے تو کوفہ سے باہر قبرستان پر نظر پڑی تو ارشاد فرمایا:۔ |
| يَااَهْلَ الدِّيَارِ الْمُوْحِشَةِ ؛ | 1 | اَے وحشت کے شہر کے باشندو؟ |
| وَالْمَحَالِّ الْمُقْفِرَةِ ؛ | 2 | اَے اُجڑے گھروں میں رہنے والو؟ |
| وَالْقُبُوْرِ الْمُظْلِمَةِ ؛ | 3 | اَے اندھیری قبروں کے باشندو؛ |
| يَااَهْلَ التُّرْبَةِ ؛ | 4 | اَے مٹی میں پڑے رہنے والو؛ |
| يَااَهْلَ الْغُرْبَةِ ؛ | 5 | اَے غریب پردیسیو؛ |
| يَااَهْلَ الْوَحْدَةِ ؛ | 6 | اے تنہائی میں بسر کرنے والو؛ |
| يَااَهْلَ الْوَحْشَةِ ؛ | 7 | اَے تنہائی کی اُلجھن میں رہنے والو؛ |
| اَنْتُمْ لَنَافَرَطٌ سَابِقٌ ؛ | 8 | تم جلدی سے ہم پر سبقت لے گئے؛ |
| وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ لَاحِقٌ ؛ | 9 | اور ہم تمہاری پیروی کرتے ہوئے پیچھے آرہے ہیں؛ |
| اَمَّاالدُّوْرُ فَقَدْ سُكِنَتْ ؛ | 10 | اب مکانوں میں دوسرے لوگ بس گئے ہیں؛ |
| وَاَمَّاالْاَزْوَاجُ فَقَدْ نُكِحَتْ ؛ | 11 | اور تمہاری ازواج نے دوسرے نکاح کر لئے ہیں؛ |
| وَاَمَّاالْاَمْوَالُ فَقَدْ قُسِمَتْ ؛ | 12 | اور تمہارے اموال تقسیم کر لئے گئے ہیں؛ |
| هٰذَاخَبَرُ مَاعِنْدَنَافَمَاخَبَرُ مَاعِنْدَكُمْ ؟ | 13 | یہ خبریں تو وہ ہیں جو ہمارے پاس تھیں تم بتاؤ تمہارے پاس کیا کیا خبریں ہیں؟ |
| ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ فَقَالَ : اَمَّالَوْاُذِنَ لَهُمْ فِى الْكَلَامِ لَاَخْبَرُوْكُمْ اَنَّ خَيْرَالزَّادِالتَّقْوٰى . | 14 | پھر آپؑ اپنے صحابہ کی طرف ملتفت ہوئے اور فرمایا کہ: اگر ان لوگوں کو بات کرنے کی اجازت ملتی تو یہ لوگ تمہیں یہ خبر دیتے کہ یقیناً پرہیز گاری سب سے اچھا سفر خرچ ہے۔ |

## 126۔دُنیا کی جھوٹی مذمت کرنے والوں کو سبق دیا ہے

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْسَمِعَ رَجُلاً يَّذُمُّ الدُّنْيَا : | | اور آپؑ نے ایک شخص کو دُنیا کی برائیاں اور مذمت کرتے سنا تو فرمایا: |
| اَيُّهَاالذَّامُّ لِلدُّنْيَا الْمُغْتَرُّ بِغُرُوْرِهَا ؛ | 1 | اَے دُنیا کی برائی کرنیوالے اور ساتھ ہی دُنیا کے دھوکے میں آجانیوالے؟ |
| اَلْمَخْدُوْعُ بِاَبَاطِيْلِهَا ثُمَّ تَذَمُّهَا ؛ | 2 | اور دُنیا کی غلط باتوں میں مبتلا ہو کر پھر بھی اسکی مذمت کرتے رہنے والے؟ |
| اَتَغْتَرُّ بِالدُّنْيَاثُمَّ تَذَمُّهَا ؛ | 3 | تم خود ہی اسکے گرویدہ اور دلدادہ ہوتے ہو اور خود ہی اسکی مذمت بھی کرتے ہو |
| اَنْتَ الْمُتَجَرِّمُ عَلَيْهَا اَمْ هِىَ مُتَجَرِّمَةٌ عَلَيْكَ ؟ | 4 | کیا تمہیں یہ حق ہے کہ تم دُنیا کو مجرم ٹھہراؤ؟ یا وہ تمہیں مجرم ٹھہرائے تو صحیح ہے؟ |
| مَتٰى اسْتَهْوَتْكَ اَمْ مَتٰى غَرَّتْكَ ؟ | 5 | بھلا دُنیا نے کب تمہاری عقل کو بیکار کر دیا تھا اور کب تمہیں دھوکا دیا تھا؟ |
| اَبِمَصَارِعِ آبَائِكَ مِنَ الْبِلٰى ؟ | 6 | کیا تمہیں اپنے باپ دادوں کے مر کر گرنے سے دھوکا ہونا چاہئے تھا؟ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَمْ بِمَضَاجِعِ اُمَّهَاتِکَ تَحْتَ الثَّرٰی ؛ | 7 | یا تمہیں اپنی ماؤں کے مٹی کے نیچے دبا دینے سے کوئی اطمینان بخش فریب ہوسکتا تھا؟ |
| کَمْ عَلَّلْتَ بِکَفَّیْکَ ؟ | 8 | تم نے تو کتنے ہی بیماروں کی اپنے ہاتھوں سے تیمارداری بھی کی ہے |
| وَکَمْ مَرَّضْتَ بِیَدَیْکَ ؟ | 9 | اور کتنے ہی مریضوں کی تم نے اپنے ہاتھوں دیکھ بھال کی ہے؛ |
| تَبْتَغِیْ لَهُمُ الشِّفَاءَ ؛ | 10 | اور تُو اُن کے لئے شفا کا طلبگار بھی رہا ہے؛ |
| وَتَسْتَوْصِفُ لَهُمُ الْاِطَبَّآءَ؛ | 11 | اور تُو حکیموں سے اُن کیلئے مفید دوائیں بھی معلوم کرتا اور دیتا رہا؛ |
| غَدَاةَ لَایُغْنِیْ عَنْهُمْ دَوَاؤُکَ؛ | 12 | بہرحال وہ صبح آ گئی کہ تیری دوائیں کچھ نہ کرسکیں؛ |
| وَلَا یُجْدِیْ عَلَیْهِمْ بُکَاؤُکَ؛ | 13 | اور تیرا رونا دھونا اُنہیں فائدہ نہ پہنچا سکا؛ |
| لَمْ یَنْفَعْ اَحَدُهُمْ اِشْفَاقُکَ ؛ | 14 | اور تیری مہربانی اور ہمدردی نفع نہ دے سکی؛ |
| وَلَمْ تُسْعَفْ فِیْهِ بِطِلْبَتِکَ ؛ | 15 | اور تجھے تیری تمنا اُن کے لئے حاصل نہ ہوسکی۔ |
| وَلَمْ تَدْفَعْ عَنْهُ بِقُوَّتِکَ ؛ | 16 | اور تیری قوت اور چارہ سازی اُن کی بیماری کو دور نہ کرسکی؛ |
| وَقَدْ مَثَّلَتْ لَکَ بِهِ الدُّنْیَا نَفْسَکَ ؛ | 17 | اور دُنیا نے تو اُس کی یہ حالت تمہیں دکھا کر تمہارے سامنے تمہارا انجام رکھ دیا تھا؛ |
| وَبِمَصْرَعِهِ مَصْرَعَکَ | 18 | اور اُس کے مرنے اور ڈھیر ہوجانے نے خود تمہارا مرنا اور ڈھیر ہوجانا تمہیں دکھا دیا؛ |
| اِنَّ الدُّنْیَا دَارُصِدْقٍ لِمَنْ صَدَقَهَا ؛ | 19 | یقیناً یہ دُنیا اُن کے لئے سچائی کا گھر ہے جو اِس دُنیا کی حقیقت کو مانتے ہیں؛ |
| وَدَارُ عَافِیَةٍ لِمَنْ فَهِمَ عَنْهَا ؛ | 20 | اور اُن کے لئے امن وچین کا گھر ہے جو دُنیا کو سمجھ لیں؛ |
| وَدَارُغِنًی لِمَنْ تَزَوَّدَ مِنْهَا ؛ | 21 | اور اُن کیلئے دولت مندی اور بے نیازی کا گھر ہے جو یہاں سے زادِسفر لینا چاہیں؛ |
| وَدَارُ مَوْعِظَةٍ لِمَنْ اتَّعَظَ بِهَا ؛ | 22 | اور اُنکے لئے وعظ اور سبق آموزی کا گھر ہے جو دُنیا سے نصیحت حاصل کریں؛ |
| مَسْجِدُ اَحِبَّآءِ اللّٰهِ ؛ | 23 | یہ دُنیا اللہ سے محبت کرنے والوں کے لئے مسجد ہے؛ |
| وَمُصَلّٰی مَلَائِکَةِ اللّٰهِ ؛ | 24 | اور فرشتوں کی جائے نماز ہے؛ |
| وَمَهْبِطُ وَحْیِ اللّٰهِ ؛ | 25 | اور اللہ کی وحی اُترنے کی جگہ ہے؛ |
| وَمَتْجَرُاَوْلِیَاءِ اللّٰهِ ؛ | 26 | اور اولیاء اللہ کی تجارتی منڈی ہے؛ |
| اکْتَسَبُوْا فِیْهَا الرَّحْمَةَ ؛ | 27 | اُنہوں نے دُنیا میں رحمت کمائی؛ |
| وَرَبِحُوْا فِیْهَا الْجَنَّةَ ؛ | 28 | اور منافع میں جنت حاصل کی؛ |
| فَمَنْ ذَایَذُمُّهَا وَقَدْ اٰذَنَتْ بِبَیْنِهَا ؛ | 29 | ایسی صورت میں کون ہے جو دُنیا کی برائیاں کرے جب کہ اُسنے اپنے جدا ہوجانیکی اطلاع بھی پہلے سے دے رکھی ہے؟ |
| وَنَادَتْ بِفِرَاقِهَا؛ | 30 | اور اپنے فراق اور علیحدگی کا اعلان کرتی رہی ہے؟ |
| وَنَعَتْ نَفْسَهَا وَاَهْلَهَا؛ | 31 | اور اپنی صفات اور اپنے باشندوں کی اچھائیاں ظاہر کرتی رہی ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَمَثَّلَتْ لَهُمْ بِبَلَائِهَا الْبَلَاءَ ؛ | 32 | اور مثالوں اور نمونوں کے ساتھ اُن کیلئے اپنی آزمائشوں سے دوسری آزمائشوں پر مطلع کرتی رہی؛ |
| وَشَوَّقَتْهُمْ بِسُرُوْرِهَا اِلَى السُّرُوْرِ ، | 33 | اور اُنہیں اپنی مسرتوں کا شوق دلا کر دوسری مسرتوں کا مشتاق بناتی رہی، |
| رَاحَتْ بِعَافِيَةٍ وَّابْتَكَرَتْ بِفَجِيْعَةٍ ، | 34 | شام خیر وعافیت سے اور صبح تکلیف کے پیغام سے کرتی رہی؛ |
| تَرْغِيْبًا وَّتَرْهِيْبًا وَّتَخْوِيْفًا وَّتَحْذِيْرًا ؛ | 35 | تاکہ لوگوں کو رغبت دلائے اور اُلجھاؤ سے بے رغبت کرے، سزا سے ڈرائے اور خطرات سے بچا کر نکالے۔ |
| فَذَمَّهَا رِجَالٌ غَدَاةَ النَّدَامَةِ ، | 36 | چنانچہ جو لوگ ندامت سے دوچار ہونے والے ہیں وہ کل دُنیا کی مذمت کریں گے۔ |
| وَحَمِدَهَا اٰخِرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، | 37 | اور دوسری قسم کے لوگ قیامت کے روز دُنیا کی مدح وثنا کریں گے اس لئے کہ:۔ |
| ذَكَّرَتْهُمُ الدُّنْيَافَتَذَكَّرُوْا، | 38 | دُنیا نے اُنہیں آخرت کی یاد دلائی تو اُنہوں نے آخرت کو یاد رکھا؛ |
| وَحَدَّثَتْهُمْ فَصَدَّقُوْا ، | 39 | اور دُنیا نے اُنہیں حالات سنائے تو اُنہوں نے دُنیا کی تصدیق کی؛ |
| وَوَعَظَتْهُمْ فَاتَّعَظُوْا. | 40 | دُنیا نے اُنہیں نصیحت کی تو اُنہوں نے نصیحت پر عمل کیا۔'' |

## 127۔واقعہ یہی ہے مگر انسانوں کو یہ پسند نہیں

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا يُنَادِىْ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ :؛ | 1 | بلاشبہ اللہ کی طرف سے ایک فرشتہ روزانہ پکار کر کہتا ہے کہ:۔ |
| لِدُوْا لِلْمَوْتِ ، | 2 | موت کے لئے اولاد پیدا کرتے رہو، |
| وَاجْمَعُوْا لِلْفَنَآءِ ، | 3 | اور فنا ہو جانے کے لئے جمع ہوتے رہو، |
| وَابْنُوْا لِلْخَرَابِ. | 4 | ویران ہونے کے لئے مکانات بناتے رہو۔ |

## 128۔گذرگاہِ حیات میں خود کو خریدنا اور بیچنا

| | | |
|---|---|---|
| اَلدُّنْيَا دَارُ مُمَرٍّ لَا دَارُ مَقَرٍّ ؛ | 1 | یہ دُنیا گذرتے چلے جانے کا مقام ہے قیام گاہ نہیں ہے؛ |
| وَالنَّاسُ فِيْهَا رَجُلَانِ: | 2 | اور سارے انسان دراصل دو مرد ہیں:۔ |
| رَجُلٌ بَاعَ نَفْسَهُ فَاَوْبَقَهَا؛ | 3 | ایک وہ مرد جس نے خود کو فروخت کر کے تباہ کر دیا؛ |
| وَرَجُلٌ اَبْتَاعَ نَفْسَهُ فَاَعْتَقَهَا. | 4 | دوسرا وہ مرد جس نے خود کو خرید کر آزاد کر دیا۔ |

## 129۔صحیح دوست جو تین حالتوں میں تحفظ کرے

| | | |
|---|---|---|
| لَايَكُوْنُ الصَّدِيْقُ صَدِيْقًا حَتّٰى يَحْفَظَ اَخَاهُ فِىْ ثَلَاثٍ :؛ | 1 | کوئی دوست دوست نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کی تین حالتوں میں حفاظت نہ کرے:۔ |
| فِىْ نَكْبَتِهٖ ؛ وَغَيْبَتِهٖ ؛ وَوَفَاتِهٖ . | 2 | مصیبت کے مواقع پر؛ اور اُس کی عدم موجودگی میں؛ اور اُس کے مرنے کے بعد۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 130۔چار اہم چیزیں جن سے محروم نہیں رکھا جاتا

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اُعْطِیَ اَرْبَعًالَمْ یُحْرَمْ اَرْبَعًا: | 1 | جس شخص کو چار چیزوں کا حکم دے دیا جائے وہ اُن چاروں سے محروم نہیں رکھا جاتا ہے۔ |
| مَنْ اُعْطِیَ الدُّعَاءَ لَمْ یُحْرَمِ الْاِجَابَةَ ؛ | 2 | جسے دُعا مانگنے کا حکم دیا جائے اُس کو دُعا قبول کرنے سے محروم نہیں رکھا جاتا؛ |
| وَمَنْ اُعْطِیَ التَّوبَةَ لَمْ یُحْرَمِ الْقَبُوْلَ ؛ | 3 | جس کو توبہ کرنیکا حکم دے دیا جائے گا اُس کو توبہ قبول کرنے سے محروم نہیں رکھا جاتا ہے؛ |
| وَمَنْ اُعْطِیَ الْاِسْتِغْفَارَ لَمْ یُحْرَمِ الْمَغْفِرَةَ ؛ | 4 | جس کو بخشش مانگنے کا حکم دیا جائے اُس کو بخشنے سے محروم نہیں کیا جاتا؛ |
| وَمَنْ اُعْطِیَ الشُّکْرَلَمْ یُحْرَمِ الزِّیَادَةَ | 5 | اور جس کو شکر کرنے کا حکم دیا جائے اُس کے رزق میں ضرور اضافہ کیا جائے گا؛ |
| وَتَصْدِیْقُ ذٰلِکَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ تَعَالٰی ؛ | 6 | اور اُن چار باتوں کی تصدیق اللہ تعالیٰ کی کتاب میں موجود ہے۔ |
| قَالَ فِی الدُّعَاءِ : | 7 | دُعا کے سلسلے میں فرمایا ہے کہ:۔ |
| اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (مومن 40/60 ) | 8 | مجھ سے دُعا مانگو میں تمہاری دُعا پوری کردوں گا۔(40/60) |
| وَقَالَ فِی الْاِسْتِغْفَارِ : | 9 | اور بخشش طلب کرنے کے بارے میں فرمایا ہے کہ: |
| وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءً اَوْیَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِاللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوْرًارَّحِیْمًاo (نساء 4/110) | 10 | اور جو شخص کوئی برا عمل کرلے یا وہ اپنی ذات پر ظلم کرگذرے اور پھر اللہ سے بخشش طلب کرے تو وہ اللہ کو بخش دینے والا اور رحم کرنے والا پائے گا(4/110) |
| وَقَالَ فِی الشُّکْرِ : | 11 | اور شکر کے متعلق فرمایا کہ:۔ |
| لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ (ابراھیم 14/7 ) | 12 | اگر تم شکر کروگے تو ہم ضرور تمہارے لئے زیادہ عطا کریں گے(ابراھیمؑ 14/7) |
| وَقَالَ فِی التَّوْبَةِ : | 13 | اور توبہ کے لئے فرمایا ہے کہ:۔ |
| اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَی اللّٰہِ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَھَالَةٍ ثُمَّ یَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِیْبٍ ؛فَاُولٰٓئِکَ یَتُوْبُ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًاحَکِیْمًاo | 14 | اللہ اُن ہی لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے جو جہالت کی وجہ سے بُرے اعمال کرتے ہیں اور پھر وہ جلدی سے توبہ کرلیتے ہیں لہٰذا وہی لوگ ہیں جن کی توبہ اللہ قبول کریگا۔اور اللہ تو جاننے والا حکمت والا ہے۔(4/17) |

## 131۔نماز، حج، زکوٰۃ اور جہاد کی صورتیں اور فوائد

| | | |
|---|---|---|
| اَلصَّلٰوةُ قُرْبَانُ کُلِّ تَقِیٍّ ؛ | 1 | نماز ہر پرہیزگار شخص کے لئے اللہ کی قربت کا ذریعہ ہے؛ |
| وَالْحَجُّ جِھَادُ کُلِّ ضَعِیْفٍ | 2 | اور حج تمام کمزور لوگوں کے لئے جہاد کا درجہ رکھتا ہے؛ |
| وَلِکُلِّ شَیْءٍ زَکَاةٌ ؛ | 3 | اور ہر چیز پر زکوٰۃ ادا کرنا واجب ہے؛ |
| وَزَکَاةُ الْبَدَنِ الصِّیَامُ ؛ | 4 | اور انسانی بدن کی زکوٰۃ روزہ ہے؛ |
| وَجِھَادُ الْمَرْاَةِ حُسْنُ التَّبَعُّلِ. | 5 | عورتوں کا جہاد یہ ہے کہ وہ اپنے شوہروں سے پیار اسلوک کریں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 132۔رزق نازل کرانے اور بدلہ پانے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| اِسْتَنْزِلُوا الرِّزْقَ بِالصَّدَقَةِ ؛ | 1 | صدقہ دے کر اپنے رزق کے نازل ہونے کا بندوبست رکھو۔ |
| وَمَنْ اَيْقَنَ بِالْخَلَفِ جَادَ بِالْعَطِيَّةِ. | 2 | اور جس کسی کو یہ یقین حاصل ہے کہ اُسے اُس کے اچھے سلوک کا بدلہ دیا جاتا ہے وہ لوگوں کو عطیات دینے میں سخی ہوتا ہے۔ |

## 133۔مدد ضرورت کے لحاظ سے ملتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| تَنْزِلُ الْمَعُوْنَةُ عَلٰى قَدْرِ الْمَؤُوْنَةِ . | 1 | مدد اور اعانت لازمی احتیاج اور ضرورت کے تناسب سے نازل ہوتی ہے۔ |

## 134۔میانہ روش تنگدستی سے بچاتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَاعَالَ امْرُؤٌ اِقْتَصَدَ. | 1 | کوئی شخص تنگ دست نہیں ہوسکتا اگر وہ میانہ روی اختیار کرے |

## 135۔بچوں کا کم ہونا مَوَدَّۃ کو بڑھاتا اور بڑھاپے کو دُور کرتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| قِلَّةُ الْعِيَالِ اَحَدُ الْيَسَارَيْنِ ؛ | 1 | بچوں اور کنبہ کی کمی دو قسموں کی آسودگیوں میں سے ایک آسودگی ہے۔ |
| وَلتَّوَدُّدُ نِصْفُ الْعَقْلِ؛ | 2 | اور باوقار محبت پیدا کر لینا آدھی عقل پیدا کرنا ہے؛ |
| وَالْهَمُّ نِصْفُ الْهَرَمِ . | 3 | اور غم واندوہ آدھا بڑھاپا ہے۔ |

## 136۔نازل ہونے والا صبر مصیبت کے تناسب سے ہوا کرتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| يَنْزِلُ الصَّبْرُ عَلٰى قَدْرِ مُصِيْبَةٍ ؛ | 1 | صبر کا نزول مصیبت کے تناسب سے ہوا کرتا ہے۔ |
| وَمَنْ ضَرَبَ عَلٰى فُخِذِهٖ عِنْدَ مُصِيْبَةٍ حَبِطَ اَجْرُهٗ | 2 | جس نے بے قراری میں خود کو پیٹا اُس کا اجر ضائع ہوگیا۔ |

## 137۔وہ رُوزہ اور تہجد کی نماز جو زحمت ہے اور وہ سونا جو عبادت ہے

| | | |
|---|---|---|
| كَمْ مِّنْ صائِمٍ لَيْسَ لَهٗ مِنْ صِيَامِهٖ اِلَّا الْجُوْعُ وَالظَّمَاءُ ؛ | 1 | بہت سارے روزہ رکھنے والے ایسے ہوتے ہیں جنہیں روزہ سے بھوک اور پیاس کے علاوہ کوئی اجر نہیں ملتا؛ |
| وَكَمْ مِّنْ قَائِمٍ لَيْسَ لَهٗ مِنْ قِيَامِهٖ اِلَّا السَّهَرُ وَالْعَنَاءُ؛ | 2 | اور بہت سارے رات بھر کھڑے رہ کر نمازیں پڑھنے والے ایسے ہوتے ہیں جنہیں جاگنے اور تھکنے کے سوا اور کوئی اجر نہیں ملتا؛ |
| حَبَّذَا نَوْمُ الْاَكْيَاسِ وَاِفْطَارُهُمْ . | 3 | عقلمندوں کا سوتے رہنا اور روزہ نہ رکھنا بھی قابل تحسین ہوتا ہے۔ |

## 138۔ایمان کی اَساس صدقہ

| | | |
|---|---|---|
| سُوْسُوْا اِيْمَانَكُمْ بِالصَّدَقَةِ ؛ | 1 | تم اپنے ایمان کی اَساس صدقہ پر رکھو؛ |
| وَحَصِّنُوْا اَمْوَالَكُمْ بِالزَّكَاةِ ؛ | 2 | اور اپنے اموال کو زکاۃ کی چار دیواری فراہم کرو؛ |
| وَادْفَعُوْا اَمْوَاجَ الْبَلَآءِ بِالدُّعَاءِ. | 3 | آزمائشوں کی موجوں اور لہروں کو دعاؤں سے دُور کرتے رہو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 139۔علوم خداوندی کے حامل، ملاء اعلیٰ سے وابستہ

| | | |
|---|---|---|
| لِكُمَيْلِ ابْنِ زِيَادٍالنَّخَعِيّ ؛قَالَ كُمَيْلُ ابْنُ زِيَادٍ : اَخَذَ بِيَدِیَ اَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ فَاَخْرَجَ جَبِنِیْ اِلَی الْجَبَّانِ فَلَمَّا اَصْحَرَ تَنَفَّسَ الصُّعَدَآءَ ؛ثُمَّ قَالَ : | | یہ گفتگو کمیل ابن زیاد نخعی سے ہوئی تھی چنانچہ کمیل ابن زیاد کہتے ہیں کہ جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہما السلام نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے صحرا کی طرف لے کر چلے جب ہم صحرا میں پہنچے تو علیؑ نے ایک لمبی سانس بھر کر فرمایا کہ:۔ |
| يَاكُمَيْلُ ابْنُ زِيَادٍ اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ اَوْعِيَةٌ فَخَيْرُهَا اَوْعَاهَا' | 1 | اَے کمیل ابن زیاد یہ دل محفوظ رکھنے والے برتن ہیں ان میں سب سے اچھے وہ ہوتے ہیں جو زیادہ محفوظ رکھتے ہیں۔ |
| فَاحْفَظْ عَنِّیْ مَااَقُوْلُ لَکَ، | 2 | چنانچہ جو کچھ میں کہوں تم اُسے اپنے دل میں محفوظ رکھنا، |
| اَلنَّاسُ ثَلاَثَةٌ : | 3 | انسان تین قسم کے ہوتے ہیں:۔ |
| فَعَالِمٌ رَبَّانِیٌّ | 4 | ایک رب العالمین کے تیار کئے ہوئے عالم ہوتے ہیں۔ |
| وَمُتَعَلِّمٌ عَلٰی سَبِيْلِ نَجَاةٍ ، | 5 | اور دوسرے نجات کی خاطر طالبان علم ہوتے ہیں۔ |
| وَّهَمَجٌ رَعَاعٌ اَتْبَاعُ كُلِّ نَاعِقٍ يَمِيْلُوْنَ مَعَ كُلِّ رِيْحٍ ؛ | 6 | اور تیسرے بے راہنما انبوہ ہوتا ہے جو ہر دعوت دینے والے کی پیروی کرنے لگتے ہیں اور ہوا کے ہر رُخ پر بہنے لگتے ہیں۔ |
| لَمْ يَسْتَضِيْؤُابِنُوْرِ الْعِلْمِ ،وَلَمْ يَلْجَأُوْا اِلٰی رُكْنٍ وَثِيْقٍ . | 7 | اُنہوں نے علم کی روشنی سے خود کو منور نہیں کیا ہے؛ اور نہ ہی کسی مضبوط سہارے سے وابستہ ہوئے ہیں۔ |
| يَاكُمَيْلُ، اَلْعِلْمُ خَيْرٌ مِنَ لْمَالِ ؛ | 8 | اَے کمیل علم مال سے بہتر ہوتا ہے؛ اس لئے کہ:۔ |
| اَلْعِلْمُ يَحْرُسُکَ وَاَنْتَ تَحْرُسُ الْمَالَ ؛ | 9 | علم تمہاری نگرانی کرتا ہے اور مال کی خود تمہیں نگرانی کرنا پڑتی ہے |
| وَالْمَالُ تَنْقُصُهُ النَّفَقَةُ وَالْعِلْمُ يَزْكُوعَلَی الْاِنْفَاقِ، | 10 | اور مال خرچ کرنے سے کم ہو جاتا ہے مگر علم خرچ کرنے سے صاف ہوتا اور بڑھتا رہتا ہے؛ اور |
| وَصَنِيْعُ الْمَالِ يَزُوْلُ بِزَوَالِهٖ . | 11 | مال سے پیدا کی ہوئی چیزیں مالی زوال کیساتھ زوال پذیر ہو جاتی ہیں۔ |
| يَاكُمَيْلُ ابْنَ زِيَادٍ مَعْرِفَةُ الْعِلْمِ دِيْنٌ يُّدَانُ بِهٖ ، | 12 | اے کمیل ابن زیاد، علم کی معرفت حاصل کر لینا خود ایسا دین ہے جس کی پیروی کی جاتی ہے؛ |
| بِهٖ يَكْسِبُ الْاِنْسَانُ الطَّاعَةَ فِی حَيَاتِهٖ ؛ | 13 | علم ہی سے انسان اپنی اطاعت دوسروں سے زندگی بھر کراتا رہتا ہے؛ |
| وَجَمِيْلَ الْاُحْدُوْثَةِ بَعْدَ وَفَاتِهٖ ؛ | 14 | اور مر جانے کے بعد بھی نیک نامی برقرار رکھتا ہے۔ |
| وَالْعِلْمُ حَاكِمٌ وَالْمَالُ مَحْكُوْمٌ عَلَيْهِ ؛ | 15 | اور علم ایک حکمران ہوتا ہے اور مال اس کا محکوم۔ |
| يَاكُمَيْلُ ابْنَ زِيَادٍ ،هَلَکَ خُزَّانُ الْاَمْوَالِ وَهُمْ اَحْيَاءٌ ، | 16 | اے کمیل ابن زیاد، اموال کے خزانچی اور ذخیرہ کرنے والے ہلاک ہو |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | 16 | جاتے ہیں حالانکہ وہ زندہ نظر آتے رہتے ہیں؛ |
| وَالْعُلَمَاءُ بَاقُوْنَ مَابَقِیَ الدَّهْرُ | 17 | اور علماء جب تک یہ زمانہ باقی رہے گا زندہ باقی رہیں گے؛ |
| اَعْیَانُهُمْ مَفْقُوْدَةٌ ؛ | 18 | گو اُن کے بدن اور اعضاء گم ہو جاتے ہیں۔ |
| وَاَمْثَالُهُمْ فِیْ الْقُلُوْبِ مَوْجُوْدَةٌ ، | 19 | اور اُن کی مثالی صورتیں دلوں کے اندر باقی اور موجود رہتی ہیں۔ |
| هَااِنَّ هٰهُنَا لَعِلْمًا جَمًّا (وَاَشَارَ بِیَدِهٖ اِلٰی صَدْرِهٖ) لَوْاَصَبْتُ لَهُ حَمَلَةً ؛ | 20 | پھر اپنے سینے کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ دیکھو اِس جگہ علم کا سارا ذخیرہ موجود ہے کاش مجھے اِس علم کے اُٹھانے والے مل جاتے۔ |
| بَلٰی اَصَبْتُ لَقِنًا غَیْرَ مَامُوْنٍ عَلَیْهِ مُسْتَعْمِلاً اٰلَةَ الدِّیْنِ لِلدُّنْیَا ؛ | 21 | ہاں ملے تو سہی مگر وہ ایسے کہ جو ذہین تو ہیں مگر امانت دار نہیں اور دین کو دُنیا حاصل کرنے کا آلہ کار بنا لینے والے ہیں؛ |
| وَمُسْتَظْهِرً ابِنِعَمِ اللّٰهِ عَلٰی عِبَادِهٖ ، وَبِحُجَجِهٖ عَلٰی اَوْلِیَائِهٖ ؛ | 22 | اور اللہ کی نعمتوں کی وجہ سے اللہ کے بندوں پر اور اللہ کی حجتوںؑ کی وجہ سے اللہ کے اولیاءؑ کے اوپر فوقیت اور برتری دکھانیوالے ہیں۔ |
| اَوْمُنْقَادً الِحَمَلَةِ الْحَقِّ لَابَصِیْرَةَ لَهٗ فِیْ اَحْنَائِهٖ | 23 | اور راہنمایانِ حقؑ کے سامنے فرمان برداری کرنے والے تو ہیں مگر اُن کو قلب و ذھن میں بصیرت حاصل نہیں ہے؛ |
| یَنْقَدِحُ الشَّکُّ فِیْ قَلْبِهٖ لِاَوَّلِ عَارِضٍ مِّنْ شُبْهَةٍ ؛ | 24 | اور اُن کے دلوں میں ذرا سا شبہ پیدا ہوتے ہی شک اپنا تنقیدی کاروبار شروع کر دیتا ہے؛ |
| اَلَا لَاذَاوِ لَاذَاکَ ، | 25 | خبردار ہو کر سمجھ لو کہ نہ یہ اس قابل ہے اور نہ وہ اس کا حقدار ہے۔ |
| اَوْمَنْهُوْمًا بِاللَّذَّةِ سَلِسَ الْقِیَادِ لِلشَّهْوَةِ، | 26 | اِن کے علاوہ ایسے لوگ ملتے ہیں جو لذتوں کے دلدادہ ہیں اور شہوت پر جلدی سے راضی ہو سکتے ہیں۔ |
| اَوْمُغْرَمًا بِالْجَمْعِ وَالْاِدِّخَارِ، | 27 | یا ایسے لوگ ہیں جو مال جمع کرنے اور ذخیرہ اندوزی کی دُھن رکھتے ہیں۔ |
| لَیْسَامِنْ رُّعَاةِ الدِّیْنِ فِیْ شَیْءٍ ؛ | 28 | یہ دونوں بھی دین میں کوئی رعایت کرنے والے نہیں ہیں۔ |
| اَقْرَبُ شَیْءٍ شَبَهًا بِهِمَا الْاَنْعَامُ السَّائِمَةُ ؛ | 29 | اِن دونوں سے بہت قریبی شباہت چوپایہ جانوروں کو ہے۔ |
| کَذٰلِکَ یَمُوْتُ الْعِلْمُ بِمَوْتِ حَامِلِیْهِ . | 30 | یوں ہی اہل علم کے مرنے سے علم کی موت ہوتی رہتی ہے۔ |
| اَللّٰهُمَّ بَلٰی لَاتَخْلُوا الْاَرْضُ مِنْ قَائِمٍ لِلّٰهِ بِحُجَّةٍ | 31 | یہ دوسری بات ہے کہ بفضلِ خدا زمین ایسی ہستی سے خالی نہیں رہتی جو خدا کی حجت کو قائم رکھتی ہے؛ |
| اَمَّاظَاهِرًا مَشْهُوْرًا وَاَمَّا خَائِفًا مَغْمُوْرًا؛ | 32 | یہ بھی دوسری بات ہے کہ خواہ وہ حجتؑ خدا سب پر ظاہر اور مشہور ہو کر رہے یا خوفزدہ اور زیرِ زمین پوشیدہ قیام کرے۔ |
| لِئَلَّا تَبْطُلَ حُجَجُ اللّٰهِ وَبَیِّنَاتُهٗ ؛ | 33 | تا کہ اللہ کی حجتیںؑ اور واضح دلائل باطل نہ کئے جا سکیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَ كَمْ ذَا؟ وَاَيْنَ اُولٰئِكَ ؟ | 34 | اور وہ کتنی ہستیاںؑ ہیں اور وہ لوگؑ کہاں ہیں؟ |
| اُولٰئِكَ وَاللّٰهِ الْاَقَلُّوْنَ عَدَدًا وَّالْاَعْظَمُوْنَ عِنْدَ اللّٰهِ قَدْرًا؛ | 35 | بخدا وہ تعداد میں تو تھوڑے ہی سے ہیں مگر اللہ کے نزدیک عظمت اور قدر میں بلند ہیں؛ |
| يَحْفَظُ اللّٰهُ بِهِمْ حُجَجَهُ وَبَيِّنَاتِهِ حَتّٰى يُوْدِعُوْهَا نُظَرَاءَ هُمْ | 36 | اللہ اُن کے ذریعہ سے اپنی حجتوں اور بینات کی حفاظت کرتا ہے یہاں تک کہ وہؑ اُن حجتوں اور بینات کو اپنےؑ ایسوںؑ کے حوالے کر دیں؛ |
| وَيَزْرَعُوْهَا فِيْ قُلُوْبِ اَشْبَاهِهِمْ ؛ | 37 | اور اپنے ایسوںؑ کے دلوں میں اُن حجتوں اور بینات کی کاشت کر دیں۔ |
| هَجَمَ بِهِمُ الْعِلْمُ عَلٰى حَقِيْقَةِ الْبَصِيْرَةِ؛ | 38 | علم نے اُنہیں ہجوم کر کے حقیقت اور بصیرت پر فائز کر دیا ہے۔ |
| وَبَاشَرُوْا رُوْحَ الْيَقِيْنِ ؛ | 39 | وہ یقین اور اعتماد کی رُوح سے گھل مل کر رہتے ہیں؛ |
| وَاسْتَلَانُوْا مَا اسْتَوْعَرَهُ الْمُتْرَفُوْنَ ، | 40 | اور جن چیزوں کو آرام طلب لوگوں نے دشوار کر رکھا تھا اپنے لئے اُن کو آسان کر لیا ہے؛ |
| وَاَنِسُوْا بِمَا اسْتَوْحَشَ مِنْهُ الْجَاهِلُوْنَ ؛ | 41 | اور جن چیزوں سے جاہل لوگ وحشت کھاتے ہیں وہؑ اُن سے اُنس و محبت رکھتے ہیں؛ |
| وَصَحِبُوا الدُّنْيَا بِاَبْدَانٍ اَرْوَاحُهَا مُعَلَّقَةٌ بِالْمَحَلِّ الْاَعْلٰى ؛ | 42 | وہ دُنیا کی صحبت میں ایسے بدنوں کے ساتھ رہتے ہیں جن کی رُوحیں ملاء اعلیٰ سے وابستہ رہتی ہیں۔ |
| اُولٰئِكَ خُلَفَاءُ اللّٰهِ فِيْ اَرْضِهِ ؛ | 43 | وہی حضراتؑ اِس زمین پر اللہ کے خلفاء ہیں۔ |
| وَالدُّعَاةُ اِلٰى دِيْنِهٖ ؛ | 44 | وہی وہ حضراتؑ ہیں جو اللہ کے دین کی طرف دعوت دینے والے ہیں؛ |
| آهٰ آهٰ شَوْقًا اِلٰى رُؤْيَتِهِمْ ؛ | 45 | ھائے ھائے اُن کی زیارت کے لئے میرے شوق کی فراوانی۔ |
| اَنْصَرِفْ يَا كُمَيْلُ اِذَا شِئْتَ . | 46 | اب اَے کمیل تم جب چاہو جا سکتے ہو۔'' |

## 140۔انسان کے عیب اور ہنر بولے بغیر ظاہر نہیں ہوتے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمَرْءُ مَخْبُوْءٌ تَحْتَ لِسَانِهٖ. | 1 | اِنسان اپنی زبان کے پیچھے چُھپا ہوا ہے۔ |

## 141۔جو خود کو نہیں پہچانتا وہ اللہ کو بھی نہیں پہچانتا

| | | |
|---|---|---|
| هَلَكَ امْرُءٌ لَمْ يَعْرِفْ قَدْرَهُ. | 1 | وہ شخص تباہ ہو جاتا ہے جو اپنی قدر و منزلت نہیں جانتا۔ |

## 142۔ایسی نصیحتیں جو تمام خرابیاں دُور کرتی ہیں

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِرَجُلٍ سَاَلَهُ اَنْ يَّعِظَهُ : | | علی علیہ السلام نے اُس شخص کو ہدایات دیں جس نے نصیحت کرنے کی درخواست کی تھی فرمایا کہ:۔ |
| لَا تَكُنْ مِمَّنْ يَّرْجُوْ الْاٰخِرَةَ بِغَيْرِ عَمَلٍ ؛ | 1 | تم اُن لوگوں میں سے نہ ہو جانا جو بلا کسی نیک عمل کے آخرت میں کامیابی کے امیدوار |
| وَيُرَجِّي التَّوْبَةَ بِطُوْلِ الْاَمَلِ ؛ | 2 | ہیں اور اُمیدوں کو طول دے کر توبہ کو بھی تاخیر میں ڈال دیتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| يَقُوْلُ فِي الدُّنْيَا بِقَوْلِ الزَّاهِدِيْنَ ؛ | 3 | دُنیا میں تارک الدنیا اور پارسا لوگ ایسی باتیں کرتے ہیں۔ |
| وَيَعْمَلُ فِيْهَا بِعَمَلِ الرَّاغِبِيْنَ ؛ | 4 | اور عمل ایسے کرتے ہیں جیسے دُنیا کو حد بھر مرغوب رکھنے والے کیا کرتے ہیں؛ |
| اِنْ اُعْطِيَ مِنْهَا لَمْ يَشْبَعْ | 5 | اگر اُسے دُنیا میں سے کچھ دیا جائے تو اُس کا پیٹ نہیں بھرتا۔ |
| وَاِنْ مُنِعَ مِنْهَالَمْ يَقْنَعْ | 6 | اور اگر دُنیا کے سامان سے روک دیا جائے تو قناعت نہیں کرتا۔ |
| يَعْجِزُ عَنْ شُكْرِ مَااُوْتِيَ ؛ | 7 | جو اُنہیں دیا گیا ہے اُس پر شکر کرنے سے عاجز رہتے ہیں۔ |
| وَيَبْتَغِي الزِّيَادَةَ فِيْمَا بَقِيَ ؛ | 8 | اور جو باقی بچا ہوا ہے اُس میں اضافہ چاہتے رہتے ہیں۔ |
| يَنْهٰى وَلَايَنْتَهِيْ ؛ | 9 | دوسروں کو بُری باتوں سے منع کرتے ہیں مگر خود باز نہیں آتے۔ |
| وَيَأْمُرُ بِمَا لَايَاْتِيْ ؛ | 10 | دوسروں کو ایسی باتوں کا حکم دیتے ہیں جو خود نہیں کرتے۔ |
| يُحِبُّ الصَّالِحِيْنَ وَلَايَعْمَلُ عَمَلَهُمْ ؛ | 11 | نیک لوگوں سے محبت کرتے ہیں مگر اُن ایسے اعمال بجا نہیں لاتے |
| وَيُبْغِضُ الْمُذْنِبِيْنَ وَهُوَاَحَدُهُمْ ؛ | 12 | اور وہ گناہگاروں سے تو دشمنی رکھتا ہے مگر خود گناہگاروں میں سے ایک ہے؛ |
| يَكْرَهُ الْمَوْتَ لِكَثْرَةِ ذُنُوْبِهٖ ؛ | 13 | وہ اپنے گناہوں کی کثرت کیوجہ سے مرنے کو اور موت کو ناپسند کرتا ہے؛ |
| وَيُقِيْمُ عَلٰى مَايَكْرَهُ الْمَوْتَ لَهُ؛ | 14 | مگر جن گناہوں کیوجہ سے مرنے اور موت کو بُرا سمجھتا ہے اُنہی پر برابر عمل کئے جا رہا ہے؛ |
| اِنْ سَقِمَ ظَلَّ نَادِمًا ؛ | 15 | اگر بیمار ہو جاتا ہے تو پچھتاتا ہے۔ |
| وَاِنْ صَحَّ اٰمِنَ لَاهِيًا ؛ | 16 | اور تندرست ہو جانے پر کھیل کود میں اطمینان سے لگ جاتا ہے۔ |
| يُعْجِبُ بِنَفْسِهٖ اِذَاعُوْفِيَ ؛ | 17 | خیر و عافیت سے ہوتا ہے تو دل میں خوش اور متعجب ہوتا ہے۔ |
| وَيَقْنَطُ اِذَا ابْتُلِيَ ؛ | 18 | اور آزمائش میں پڑتا ہے تو مایوس ہو کر رہ جاتا ہے؛ |
| اِنْ اَصَابَهٗ بَلَاءٌ دَعَا مُضْطَرًّا ؛ | 19 | اُسے کسی بلا کا سامنا ہوتا ہے تو نہایت اضطراب اور بے چینی سے دعائیں مانگنے لگتا ہے۔ |
| وَاِنْ نَّالَهٗ رَخَاءٌ اَعْرَضَ مُغْتَرًّا ؛ | 20 | اور اگر آسودگی اور خوشحالی ملتی ہے تو فریب میں مبتلا ہو جاتا ہے اور منہ موڑ لیتا ہے۔ |
| تَغْلِبُهٗ نَفْسُهٗ عَلٰى مَايَظُنُّ ؛ | 21 | اُس پر اُس کی خیالی باتیں قابو پا لیتی ہیں؛ |
| وَلَا يَغْلِبُهَا عَلٰى مَايَسْتَيْقِنُ ؛ | 22 | اور یقینی باتیں اُس پر قابو نہیں پا سکتیں؛ |
| يَخَافُ عَلٰى غَيْرِهٖ بِاَدْنٰى مِنْ ذَنْبِهٖ ؛ | 23 | دوسروں کیلئے تو معمولی سے گناہوں کے نتائج سے بھی ڈرتا رہتا ہے۔ |
| وَيَرْجُوْلِنَفْسِهٖ بِاَكْثَرَ مِنْ عَمَلِهٖ ؛ | 24 | اور خود اپنے اعمال کے لئے زیادہ تر اچھے نتائج کا اُمیدوار رہتا ہے؛ |
| اِنِ اسْتَغْنٰى بَطِرَ وَفُتِنَ ؛ | 25 | اگر فارغ البالی ملتی ہے تو اکڑنے لگتے ہیں اور فتنہ انگیزی کرتے ہیں۔ |
| وَاِنِ افْتَقَرَ قَنَطَ وَ وَهَنَ ؛ | 26 | اور اگر ناداری اور غربت سے دوچار ہوتے ہیں تو مایوسی اور حقارت میں پھنس جاتے ہیں |
| يُقَصِّرُ اِذَاعَمِلَ ، | 27 | جب کام کرتے ہیں تو کوتاہی کرتے ہیں۔ |
| وَيُبَالِغُ اِذَاسَاَلَ ؛ | 28 | اور جب بات پوچھو تو مبالغہ کر کے خوب باتیں بناتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اِنْ عَرَضَتْ لَهُ شَهْوَةٌ اَسْلَفَ الْمَعْصِيَةَ ؛ | 29 | اور اگر اُن پر شہوت طاری ہوتی ہے تو تیزی سے گناہ کر گذرتے ہیں؛ |
| وَسَوَّفَ التَّوْبَةَ ؛ | 30 | اور توبہ کو سُستی سے ٹالتے رہتے ہیں۔ |
| وَاِنْ عَرَتْهُ مِحْنَةٌ انْفَرَجَ عَنْ شَرَائِطِ الْمِلَّةِ ؛ | 31 | اور اگر اُنہیں محنت پیش آتی ہے تو اُس سے بچنے کیلئے دینی شرائط سے الگ ہو جاتے ہیں؛ |
| يَصِفُ الْعِبْرَةَ وَلَا يَعْتَبِرُ ؛ | 32 | سبق آموز لکچر دیتے ہیں مگر خود سبق نہیں لیتے ہیں؛ |
| وَيُبَالِغُ فِي لُمُوْعِظَةِ وَلَا يَتَّعِظُ ؛ | 33 | وعظ کرنے اور مجلس پڑھنے میں حد کر دیتے ہیں مگر خود عمل نہیں کرتے ؛ |
| فَهُوَ بِالْقَوْلِ مُدِلٌّ ؛ | 34 | چنانچہ بات کرنے میں بڑی دلیلیں دیتے اور ٹھاٹھ دکھاتے ہیں۔ |
| وَمِنَ الْعَمَلِ مُقِلٌّ ؛ | 35 | اور عمل کرنے میں قلیل ترین رہتے ہیں۔ |
| يُنَافِسُ فِيْمَا يَفْنَىٰ ؛ | 36 | فنا ہونے والی چیزوں کے حصول میں مقابلہ کرتے ہیں۔ |
| وَيُسَامِحُ فِيْمَا يَبْقَىٰ ؛ | 37 | اور باقی رہنے والی چیزوں کے حصول میں پھسڈّی رہتے ہیں۔ |
| يَرَى الْغُنْمَ مَغْرَمًا ؛ | 38 | اُنہیں فائدہ میں نقصان نظر آتا ہے۔ |
| وَالْغُرْمَ مَغْنَمًا ؛ | 39 | اور نقصان میں فائدہ دکھائی دیتا ہے۔ |
| يَخْشَى الْمَوْتَ وَلَا يُبَادِرُ الْفَوْتَ ؛ | 40 | موت سے ڈرتے تو ہیں مگر چیزوں کو ضائع ہونے سے بچانے میں کوشاں نہیں ہوتے۔ |
| يَسْتَعْظِمُ مِنْ مَّعْصِيَةِ غَيْرِهٖ مَا يَسْتَقِلُّ اَكْثَرَ مِنْهُ مِنْ نَفْسِهٖ ؛ | 41 | دوسروں کے جن گناہوں کو بہت بڑا سمجھتے ہیں خود اپنے لئے اُن بڑے گناہوں کو چھوٹا سمجھتے رہتے ہیں؛ |
| وَيَسْتَكْثِرُ مِنْ طَاعَتِهٖ مَا يَحْقِرُ مِنْ طَاعَتِهٖ غَيْرِهٖ؛ | 42 | اور خود جتنی اطاعت کو بہت سمجھتے ہیں کوئی دوسرا اُتنی ہی اطاعت کرے تو اُس کی اطاعت کو کم اور حقیر سمجھتے ہیں۔ |
| فَهُوَ عَلَى النَّاسِ طَاعِنٌ وَلِنَفْسِهٖ مُدَاهِنٌ ؛ | 43 | چنانچہ وہ لوگوں پر طعنہ زنی کرتا رہتا ہے؛ اور اپنے معاملے میں رعایات سے کام لیتا ہے؛ |
| اَللَّغُوْمَعَ الْاَغْنِيَآءِ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنَ الذِّكْرِ مَعَ الْفُقَرَاءِ ؛ | 44 | رئیسوں اور سرمایہ داروں کے ساتھ فضولیات میں مشغول رہنا اُسے فقرا کے ساتھ عبادت کرنے سے بھی زیادہ محبوب ہے۔ |
| يَحْكُمُ عَلٰى غَيْرِهٖ لِنَفْسِهٖ ؛ | 45 | اپنے مفاد کی خاطر دوسروں کے خلاف فیصلے کرتے ہیں، |
| وَلَا يَحْكُمُ عَلَيْهَا لِغَيْرِهٖ ؛ | 46 | اور دوسروں کے مفاد میں اپنے خلاف کبھی فیصلہ نہیں کرتے۔ |
| وَيُرْشِدُ غَيْرَهٗ وَيُغْوِىْ نَفْسَهٗ ؛ | 47 | اور دوسروں کو ہدایات دیتے ہیں اور خود اپنے آپ کو گمراہ کرتے ہیں۔ |
| فَهُوَ يُطَاعُ وَيَعْصِىْ ؛ | 48 | چنانچہ وہ دوسروں سے تو اطاعت کراتے ہیں مگر خود نافرمانی کرتے ہیں۔ |
| وَيَسْتَوْفِىْ وَلَا يُوْفِىْ؛ | 49 | اور وعدہ وفا کرواتے ہیں مگر خود کبھی وفاداری نہیں کرتے۔ |
| وَيَخْشَى الْخَلْقَ فِىْ غَيْرِ رَبِّهٖ؛ | 50 | اور وہ اپنے پروردگار سے ڈرنے کے بجائے مخلوقات سے تو ڈرتے ہیں؛ |
| وَلَا يَخْشَى رَبَّهٗ فِىْ خَلْقِهٖ . | 51 | اور مخلوقات کے بارے میں بھی اپنے پروردگار سے نہیں ڈرتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 143۔انجام سب کے لئے ہے خواہ اچھا ہو یا بُرا ہو

| | | |
|---|---|---|
| لِكُلِّ امْرِئٍ عَاقِبَةٌ حُلْوَةٌ اَوْمُرَّةٌ. | 1 | ہر شخص کے لئے یا تو خوشگوار اور میٹھا انجام ہے یا کڑوا اور ناگوار انجام ہے۔ |

## 144۔ہر آنے والا جانے کے لئے آتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| لِكُلِّ مُقْبِلٍ اِدْبَارٌ ؛ | 1 | ہر آنے والے کے لئے پلٹنا ہے۔ |
| وَمَااَدْبَرَ كَاَنْ لَمْ يَكُنْ . | 2 | اور جب پلٹ گیا تو گویا تھا ہی نہیں۔ |

## 145۔صبر کرنے والا کبھی ناکام ہوتا ہی نہیں

| | | |
|---|---|---|
| لَايَعْدَمُ الصَّبُوْرُ الظَّفَرَ وَاِنْ طَالَ بِهِ الزَّمَانُ | 1 | صبر کرنے والا کامرانی سے محروم نہیں ہوتا خواہ طویل زمانہ لگ جائے |

## 146۔کسی گروہ کے کام سے راضی شخص بھی اُس کا شریک کار ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلرَّاضِي بِفِعْلِ قَوْمٍ كَالدَّاخِلِ فِيْهِ مَعَهُمْ | 1 | کسی قوم کے فعل پر راضی رہنے والا شخص ایسا ہی ہے جیسے اُن کے ساتھ شریک کار تھا۔ |
| وَعَلٰى كُلِّ دَاخِلٍ فِيْ بَاطِلٍ اِثْمَانِ : | 2 | اور ہر اُس شخص پر دو گناہ عائد ہوتے ہیں جو کسی بھی باطل کام میں شریک ہوتا ہے؛ |
| اِثْمٌ لِعَمَلِ بِهِ ؛ | 3 | ایک تو اُس باطل کام کو کرنے کا گناہ، |
| وَاِثْمُ الرِّضَا بِهِ. | 4 | اور دوسرے اُس باطل کام پر رضامندی کا گناہ۔ |

## 147۔معاہدوں کی ذمہ داری برقرار رھنا چاھیئے

| | | |
|---|---|---|
| اِعْتَصِمُوْا بِالذِّمَمِ فِيْ اَوْتَادِهَا. | 1 | اپنے عہد و پیمان کی ذمہ داری کو میخوں کی طرح گاڑ دیا کرو۔ |

## 148۔وہ مقدس ہستیؑ جس کو نہ جانتے ہوئے بھی اُسکی اطاعت واجب ہے

| | | |
|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ بِطَاعَةِ مَنْ لَاتُعْذَرُوْنَ بِجَهَالَتِهِ. | 1 | تم پر ایک ایسے شخص کی اطاعت کرنا بھی فرض کیا گیا ہے جس کو نہ جاننا بطور عذر قبول نہیں کیا جائیگا۔ |

## 149۔حواسِ خمسہ سے کام نہ لینے والوں کو تنبیہ

| | | |
|---|---|---|
| قَدْ بُصِّرْتُمْ اِنْ اَبْصَرْتُمْ ، | 1 | اگر تم بصیرت سے کام لو تو تمہیں دکھایا جا چکا ہے۔ |
| وَقَدْ هُدِيْتُمْ اِنِ اهْتَدَيْتُمْ ؛ | 2 | اور اگر تم راہنمائی کو کام میں لاؤ تو تمہیں ہدایات دی جا چکی ہیں۔ |
| وَاُسْمِعْتُمْ اِنِ اسْتَمَعْتُمْ. | 3 | اگر تم اپنی سماعت سے کام لو گے تو تمہیں سنایا بھی جا چکا ہے۔ |

## 150۔ڈانٹ ڈپٹ اور تنبیہ کے ساتھ لطف و کرم ضروری ہے

| | | |
|---|---|---|
| عَاتِبْ اَخَاكَ بِالْاِحْسَانِ اِلَيْهِ ؛ | 1 | اپنے دینی بھائی کو احسانات کا وزن ڈال کر بُرے کاموں سے روکو اور ڈانٹ ڈپٹ کیا کرو۔ |
| وَارْدُدْ شَرَّهُ بِالْاِنْعَامِ عَلَيْهِ. | 2 | اور انعام و اکرام کے زور سے اُسکے شر اور فساد کو ختم کر دیا کرو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 151۔کن اشخاص کو بُرا سمجھنا جائز رہتا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ وَضَعَ نَفْسَهُ مَوَاضِعَ التُّهْمَةِ فَلَا يَلُوْ مَنَّ مَنْ اَسَاءَ بِهِ الظَّنَّ . | 1 | جو شخص اپنا ٹھکانہ بدنامی اور تہمت کے مقامات پر بنائے وہ اُن لوگوں کو ملامت نہ کرے جو اُسے بُرا سمجھیں اور بُرا کہیں۔ |

## 152۔خودرائی کی مذمت اور مشورہ کی افادیت

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ مَّلَکَ اسْتَاثَرَ ؛ | 1 | جو شخص اقتدار حاصل کر لیتا ہے وہ خودرائی بھی اختیار کر سکتا ہے؛ |
| وَمَنِ اسْتَبَدَّ بِرَاْيِهٖ هَلَکَ ؛ | 2 | اور جو خودرائی پر ڈٹ جائے گا وہ تباہ بھی ہو کر رہے گا۔ |
| وَمَنْ شَاوَرَ الرِّجَالَ شَارَکَهَا فِیْ عُقُوْلِهَا | 3 | اور جو شخص لوگوں سے مشورہ کرے گا وہ اُن کی عقلوں میں شریک ہو جائیگا۔ |

## 153۔رازداری ضروری اور مفید ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ کَتَمَ سِرَّهُ کَانَتِ الْخِيَرَةُ بِيَدِهٖ . | 1 | جو اپنے رازوں کو پوشیدہ رکھے اُسکے اختیارات اُسکے اپنے ہاتھ میں رہیں گے۔ |

## 154۔بڑی موت افلاس ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْفَقْرُ الْمَوْتُ الْاَکْبَرُ. | 1 | غربت وافلاس سب سے بڑی موت ہے۔ |

## 155۔غاصبوں کا سب کچھ غصب کر لینا جائز ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ قَضٰی حَقَّ مَنْ لَايَقْضِیْ حَقَّهٗ فَقَدْ عَبَدَهٗ | 1 | جو کوئی اپنا حق مار لینے والے کا حق ادا کرتا ہے وہ درحقیقت حق مارنے والے کو پوجتا ہے۔ |

## 156۔مخلوق کے لئے خالق کی نافرمانی نہیں کی جاسکتی

| | | |
|---|---|---|
| لَاطَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ | 1 | جہاں خالق کی نافرمانی کرنا پڑتی ہو وہاں کسی مخلوق کی اطاعت نہیں کی جاسکتی۔ |

## 157۔اپنے حق میں تاخیر بُری بات نہیں ہے

| | | |
|---|---|---|
| لَايُعَابُ الْمَرْءُ بِتَاخِيْرِ حَقِّهٖ ، | 1 | اُس شخص میں کوئی عیب نہیں نکالا جاسکتا جو اپنے حق کے لینے یا دینے میں دیر لگائے۔ |
| اِنَّمَايُعَابُ مَنْ اَخَذَ مَالَيْسَ لَهٗ. | 2 | یقیناً عیب دار وہ شخص ہے جو ایسی چیز لے لے جو اُس کے لئے نہ تھی۔ |

## 158۔خود پسندی ترقی میں حارج ہوتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاِعْجَابُ يَمْنَعُ مِنَ الْاِزْدِيَادِ . | 1 | خود پسندی ہر قسم کی افزائش اور ترقی میں رکاوٹ بنتی ہے۔ |

## 159۔رنگ رَلیوں کے دن کم ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاَمْرُ قَرِيْبٌ وَالْاِصْطِحَابُ قَلِيْلٌ. | 1 | اللہ کا ہر حکم بالکل قریب ہے اور ہم صحبتی کے مواقع کم ہیں۔ |

## 160۔آنکھ والا ترے جلووں کا تماشہ دیکھے

| | | |
|---|---|---|
| قَدْ اَضَاءَ الصُّبْحُ لِذِیْ عَيْنَيْنِ . | 1 | ہر اُس شخص کے لئے جو دو آنکھوں والا ہے صبح روشن ہو چکی۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 161۔گناہوں کو چھوڑ دیا جائے

| | | |
|---|---|---|
| تَرَکُ الذَّنْبِ اَھْوَنُ مِنْ طَلَبِ التَّوبَۃِ. | 1 | گناہوں کا چھوڑ دینا توبہ کرنے سے بہت آسان ہے۔ |

## 162۔ایسی چیز نہ کھاؤ جو کئی دن تک کھانے کو روک دے

| | | |
|---|---|---|
| کَمْ مِّنْ اَکْلَۃٍ تَمْنَعُ اَکَلاَتٍ. | 1 | بہت دفعہ یہ ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ کا کھانا بہت دفعہ کے کھانوں کو روک دیتا ہے۔ |

## 163۔مبلغ علم کی کمی لوگوں کو علوم کا دشمن بناتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلنَّاسُ اَعْدَاءُ مَاجَھِلُوْا . | 1 | لوگ جس چیز کو نہیں جانتے اُس کے دشمن ہو جاتے ہیں۔ |

## 164۔رایوں میں اختلاف غلط کاری کا پتہ دیتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنِ اسْتَقْبَلَ وُجُوْہَ الْاَرَاءِ عَرَفَ مَوَاقِعَ الْخَطَاءِ. | 1 | جو رایوں کے اختلاف سے دوچار رہتا ہے وہ کہاں کہاں خطا سرزد ہوگی جان لیتا ہے۔ |

## 165۔اللہ کے لئے تیغ بکف رہنے والا باطل پرستوں پر بھاری ہو جاتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَحَدَّ سِنَانَ الْغَضَبِ لِلّٰہِ قَوِیَ عَلٰی قَتْلِ اَشِدَّاءِ الْبَاطِلِ. | 1 | جو شخص اللہ کی خاطر اپنے غضب کی برچھی تیز کر لیتا ہے وہ باطل پرست بہادروں کو قتل کر ڈالنے پر توانا ہو جاتا ہے۔ |

## 166۔خدشات میں کود کر اُن پر غالب آجاؤ

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاھِبْتَ اَمْرًا فَقَعْ فِیْہِ ،فَاِنَّ شِدَّۃَ تَوَقِّیْہِ اَعْظَمُ مِمَّاتَخَافُ مِنْہُ. | 1 | جب تم پر کسی کام کی ہیبت سوار ہو تو خود کو اُس میں جھونک دو۔ یقیناً کھٹکا لگا رہنا اس نقصان سے زیادہ نقصان ہے جس کا دھڑکا لگا ہوا ہے۔ |

## 167۔سینہ کو کشادہ رکھو

| | | |
|---|---|---|
| آلَۃُ الرِّیَاسَۃِ سَعَۃُ الصَّدْرِ | 1 | حکومت وریاست کا آلہ سینہ کی کشادگی ہے۔ |

## 168۔صحیح بدلہ

| | | |
|---|---|---|
| اَزْجُرِ الْمُسِیَٔ بِثَوَابِ الْمُحْسِنِ. | 1 | بدکار کو تنبیہ نیکوں کو اُن کا بدلہ دے کر کرو؟ |

## 169۔اپنا سینہ صاف کرلو تو مخالف کا سینہ صاف ہو جائے گا

| | | |
|---|---|---|
| اَحْصُدِ الشَّرَّ مِنْ صَدْرِ غَیْرِکَ بِقَلْعِہٖ مِنْ صَدْرِکَ . | 1 | بُرے اِرادوں اور منصوبوں کو اپنے مخالف کے سینے سے اِس ترکیب سے کاٹ پھینکو کہ پہلے خود اُن کو اپنے سینے سے اُکھاڑ پھینکو۔ |

## 170۔بات کی پچ کرنے سے دوسروں کی رائے اچھی بگڑتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَللِّجَاجَۃُ تَسُلُّ الرَّاَیَ. | 1 | بات پر اڑ جانا صحیح رائے کو غلط کر دیتا ہے۔ |

## 171۔لالچی آدمی

| | | |
|---|---|---|
| اَلطَّمَعُ رِقٌّ مُؤَبَّدٌ. | 1 | طمع اور لالچ مستقل ابدی غلامی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 172۔کوتاہی سے ندامت اور پختہ ارادہ سے سلامتی پیدا ہوتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| ثَمَرَةُ التَّفْرِيْطِ النَّدَامَةُ ؛ | 1 | کوتاہیوں کا پھل ندامت وشرمندگی ہوتا ہے۔ |
| وَثَمَرَةُ الْحَزْمِ السَّلَامَةُ . | 2 | اور استقلال اور دُور اندیشی کا نتیجہ وفائدہ سلامتی واطمینان ہوتا ہے |

## 173 مفید اور حکیمانہ بات

| | | |
|---|---|---|
| لاَ خَيْرَفِي الصُّمْتِ عَنِ | 1 | حکیمانہ بات پر چپ سادھنے میں کوئی بھلائی نہیں ہوتی۔ |
| الْحُكْمِ كَمَا اَنَّهُ لاخَيْرَ اَ فِي الْقَوْلِ بِالْجَهْلِ | 2 | جس طرح جہالت کی بات میں کوئی بھلائی نہیں ہوا کرتی۔ |

## 174۔دو دعوتوں میں اختلاف باطل کا پتہ دیتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَا اخْتَلَفَتْ دَعْوَتَانِ اِلَّا كَانَتْ اِحْدَاهُمَا ضَلَالَةً | 1 | دو دعوتوں میں جب بھی اختلاف ہو تو اُن میں ایک ضرور ہی باطل دعوت ہوگی۔ |

## 175۔مجھے حق میں کبھی شک نہیں ہوا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَاشَكَكْتُ فِي الْحَقِّ مُذْاُرِيْتُهُ . | 1 | جب سے میں نے حق کو دیکھا اُس میں مجھے شک نہیں ہوا ہے |

## 176۔میرا معاملہ جھوٹ سے پاک رہا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَاكَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ؛ | 1 | نہ میں نے جھوٹ بولا نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا۔ |
| وَلاَ ضَلَلْتُ وَلَاضُلِّ بِيْ . | 2 | نہ میں گمراہ ہوا نہ مجھے گمراہ کیا گیا۔ |

## 177۔ظلم کی ابتدا کرنے والا اپنے ہاتھ چبائے گا (25/27)

| | | |
|---|---|---|
| اَلظَّالِمِ الْبَادِئُ غَدًا بِكَفِّهِ عَضَّةٌ . | 1 | ظلم میں ابتدا کرنے والے کو کل اپنے ہاتھ چبانا ہوں گے۔ |

## 178۔حق کے کھلے طرفدار جاہلوں کو پسند نہیں

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَبْدَئُ صَفْحَتَهُ لِلْحَقِّ هَلَكَ عِنْدَ جَهَلَةِ النَّاسِ. | 1 | جو کوئی حق کی طرف داری میں حق کی طرف اپنی توجہات نمایاں کرتا ہے وہ جاہلوں کے نزدیک تباہ ہو جاتا ہے۔ |

## 179۔کُوچ کا نقارہ بج رہا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلرَّحِيْلُ وَشِيْكٌ . | 1 | روانگی تیز رفتاری سے ہونے والی ہے۔ |

## 180۔صبر نجات دہندہ اور بے قراری ہلاک کنندہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ لَمْ يُنْجِهِ الصَّبْرُ اَهْلَكَهُ الْجَزَعُ . | 1 | جسے صبر رہائی نہیں دلاتا اُسے بے قراری ہلاک کر دیتی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 181۔خلافت کا حق قریشی معیار پر تعجب انگیز ہے

| | | |
|---|---|---|
| وَاعَجَبَا تَكُوْنُ الْخِلاَفَةُ بِالصَّحَابَةِ | 1 | کیا خلافت تنہا صحابیت کی وجہ سے تو مل سکتی ہے؟ |
| وَلَاتَكُوْنُ بِالصَّحَابَةِ وَالْقَرَابَةِ ؟ | 2 | اور صحابیت اور قرابت دونوں حقوق ہوں تو نہیں مل سکتی ؟ تعجب کی بات ہے ۔علیؑ کا ایک شعر بھی اِن ہی معنی میں روایت کیا گیا ہے۔فرمایا کہ: |
| وَرُوِیَ لَهُ شِعْرٌ فِیْ هٰذَا الْمَعْنٰی | | |
| فَاِنْ كُنْتَ بِالشُّوْرٰی مَلَكْتَ اُمُوْرَهُمْ، | 1 | اگر تم شوریٰ کے ذریعہ خلافت کے حقدار بنے ہوتو۔ |
| فَكَيْفَ بِهٰذَا وَالْمُشِيْرُوْنَ غُيَّبُ ، | 2 | یہ کیا بات ہے کہ مشورہ دینے والے تو غائب تھے اور شوریٰ قائم ہوسکا؟ |
| وَاِنْ كُنْتَ بِالْقُرْبٰی حَجَجْتَ خَصِيْمَهُمْ فَغَيْرُكَ اَوْلٰی بِالنَّبِيِّ وَاَقْرَبُ . | 3 | اور اگر تم نے رسولؐ کی قرابت کو دلیل بنایا تھا تو یہ کیسے ہوا کہ تم سے زیادہ قرابت والا شخص موجود ہے اور تم خلیفہ بن گئے؟ |

## 182۔انسان کی دُنیا میں گذر بسر

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّمَاالْمَرْءُ فِی الدُّنْيَا غَرَضٌ تَنْتَضِلُ فِيْهِ الْمَنَايَا ؛ | 1 | حقیقت اِس کے سوا کچھ نہیں کہ انسان دُنیا میں ایک ایسا نشانہ ہے کہ اُس پر موت تیراندازی کرتی رہتی ہے۔ |
| وَنَهْبٌ تُبَادِرُهُ الْمَصَائِبُ؛ | 2 | اور مصیبتوں کی لوٹ مار کے لئے ایک مقررشدہ میدان ہے؛ |
| وَمَعَ كُلِّ جُرْعَةٍ شَرَقٌ ؛ | 3 | اور جہاں ہر گھونٹ پینے میں اُچھو لگتا ہے؛ |
| وَفِیْ كُلِّ اَكْلَةٍ غُصَصٌ؛ | 4 | اور ہر لقمہ پر گلے میں دھسکہ لگتا ہے۔ |
| وَلَا يَنَالُ الْعَبْدُ نِعْمَةً اِلَّابِفِرَاقِ اُخْرٰی ؛ | 5 | اور جہاں بندوں کی کوئی نعمت دوسری نعمت کو چھوڑے بغیر نہیں ملتی۔ |
| وَلَايَسْتَقْبِلُ يَوْمًامِنْ عُمُرِهِ اِلَّابِفِرَاقِ آخَرَ مِنْ اَجَلِهٖ ؛ | 6 | اور اُس کی عمر کا کوئی دن نہیں آتا جب تک دوسرا دن اُس سے جدا ہو کر موت کی طرف نہ دھکیل دے۔ |
| فَنَحْنُ اَعْوَانُ الْمَنُوْنَ؛ | 7 | چنانچہ ہم تو موت کے مددگار ہیں؛ |
| وَاَنْفُسُنَانَصْبُ الْحُتُوْفِ؛ | 8 | اور ہماری جانیں ہلاکت کے نشانہ پر لگی ہوئی ہیں۔ |
| فَمِنْ اَيْنَ نَرْجُو الْبَقَاءَ وَهٰذَا اللَّيْلُ وَالنَّهَارُلَمْ يَرْفَعَامِنْ شَیْءٍ شَرَفًااِلَّاسَرَعَا الْكَرَّةَ فِیْ هَدْمِ مَابَنَيَا؛ | 9 | ایسی صورت میں ہم باقی رہ جانے کی اُمید کہاں سے کریں جب کہ یہ دن اور یہ راتیں کسی عمارت کو ذرا سا بھی بلند نہیں کرنے پاتے کہ بار بار اُسے گرانے میں کوشاں رہتے ہیں؛ |
| وَتَفْرِيْقِ مَاجَمَعَا ؟. | 10 | اور جو کچھ جمع کیا ہوا ہو اُسے بکھیرتے رہتے ہیں۔'' |

## 183۔ایک وقت کی خوراک سے زیادہ سامان دوسروں کی امانت ہے

| | | |
|---|---|---|
| يَااِبْنَ آدَمٍ مَاكَسَبْتَ فَوْقَ قُوْتِكَ فَاَنْتَ فِيْهِ خَازِنٌ لِغَيْرِكَ. | 1 | اَے آدمؑ زاد جتنا بھی تو نے اپنی خوراک سے زیادہ کمایا ہے اُس میں تُو اپنے سوا دوسرے آدمیوں کا خزانچی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 184۔دلوں سے کام لینے کے لئے اُن کا موڈ تلاش کرو

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ لِلْقُلُوْبِ شَهْوَةً وَّاِقْبَالاً وَّاِدْبَارًا فَاْتُوْهَا مِنْ قِبَلِ شَهْوَتِهَا وَاِقْبَالِهَا؛ | 1 | یقیناً اِن قلوب کے لئے اُن کی خواہشات اور دل چسپیاں ہیں جن میں وہ بڑھتے اور منہ موڑتے ہیں۔لہٰذا جس وقت انہیں بڑھنے کی خواہش ہو اُس وقت اُن سے کام لیا کرو۔ |
| فَاِنَّ الْقَلْبَ اِذَا اُكْرِهَا عَمِیَ . | 2 | چنانچہ جب قلوب ناپسندی کے موڈ میں ہوتے ہیں تو انہیں فائدہ نہیں دکھائی دیتا۔ |

## 185۔غصہ کو کس حالت میں ٹھنڈا کرنا قابل تعریف ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| مَتٰی اَشْفِیْ غَیْظِیْ اِذَاغَضِبْتُ ؟ | 1 | جب مجھے غصہ آئے تو میں اپنے غصہ کو کب ٹھنڈا کروں؟ |
| اَحِیْنَ اَعْجِزُعَنِ الْاِنْتِقَامِ فَیُقَالُ لِیْ لَوْ صَبَرْتَ ؛ | 2 | کیا اُس وقت جب کہ میں انتقام لینے سے عاجز ہوں اور یہ کہا جائے کہ صبر کیجئے ؟ |
| اَمْ حِیْنَ اَقْدِرُ عَلَیْهِ فَیُقَالُ لِیْ لَوْعَفَوْتَ ؟ | 3 | یا اُس وقت غصہ کو ٹھنڈا کروں جب انتقام لینے کی مجھ میں قدرت ہو اور یہ کہا جائے کہ معاف کر دیجئے ؟ |

## 186۔لوگ گندگی کے ڈھیر میں کنجوسی اور پیش قدمی کیا کرتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ مَرَّ بِقَذِرٍ عَلٰی مَزْبَلَةٍ: | | آپؐ ایک گندگی کے ڈھیر (کُوڑی) کے پاس سے گذرے تو فرمایا:۔ |
| هٰذا مَابَخِلَ بِهِ الْبَاخِلُوْنَ. | 1 | یہی وہ سامان ہے نا جس کے لئے بخیل لوگ بخل کیا کرتے تھے۔ |
| وَفِیْ خَبَرٍ آخَرَاَنَّهُ قَالَ : | | اور دوسری روایت میں یہ فرمایا کہ:۔ |
| هٰذَامَاكُنْتُمْ تَتَنَافَسُوْنَ فِیْهِ بِالْاَمْسِ ؟ | 2 | یہی وہ سامان ہے جسکے حاصل کرنے میں ایک دوسرے پر سبقت اور رشک کیا کرتے تھے؟ |

## 187۔جو مال نصیحت اور سبق دے کر جائے وہ ضائع نہیں ہوتا

| | | |
|---|---|---|
| لَمْ یَذْهَبْ مِنْ مَّالِکَ مَاوَعَظَکَ . | 1 | جس مال نے تمہیں نصیحت اور سبق دیا ہے وہ تمہارے پاس سے ضائع نہیں ہوا۔ |

## 188۔دلوں کی تھکن دلچسپ حکیمانہ سامان سے اُترتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَمَلُّ كَمَاتَمَلُّ الْاَبْدَانُ، فَابْتَغُوْا لَهَاطَرَائِفَ الْحِكْمَةِ . | 1 | یہ دل بھی یقیناً اُسی طرح تھک جاتے ہیں جیسے بدن تھک جایا کرتے ہیں لہٰذا اُن کی تھکن اُتارنے کے لئے اُن کیسامنے دلچسپ مفید باتیں لایا کرو۔ |

## 189۔حق بات کو باطل منصوبے کیلئے استعمال کیا گیا؟

| | | |
|---|---|---|
| لَمَّاسَمِعَ قَوْلَ الْخَوَارِجِ : ''لَاحُكْمَ اِلَّالِلّٰهِ'' قَالَ : كَلِمَةُ حَقٍّ یُرَادُبِهَابَاطِلٌ . | 1 | جب خوارج کا یہ قول سنا:''حکم صرف اللہ سے مخصوص ہے'' تو فرمایا کہ:بات تو حق ہے مگر اُس کے ذریعہ سے باطل ارادہ کیا گیا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 190۔بازاری لوگوں کے اجتماع کا فائدہ اور نقصان

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السلام فِيْ صِفَةِ الْغُوْغَا : | | علی علیہ السلام نے غوغا کی صفت میں فرمایا کہ:۔ |
| هُمُ الَّذِيْنَ اِذَا اجْتَمَعُوْا غَلَبُوْا ؛ | 1 | وہ وہ لوگ ہیں جب بھی جمع ہوتے ہیں غلبہ پالیتے ہیں۔ |
| وَاِذَاتَفَرَّقُوْ لَمْ يُعْرَفُوْا ؛ وَقِيْلَ بَلْ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: | 2 | اور جب منتشر ہوجاتے ہیں تو پہنچانے نہیں جاتے ہیں۔اور یہ فرمایا کہ:۔ |
| هُمُ الَّذِيْنَ اِذَا اجْتَمَعُوْا ضَرُّوا ، | 3 | وہ وہ لوگ ہیں کہ جب جمع ہوتے ہیں تو نقصان پہنچاتے ہیں۔ |
| وَاِذَا تَفَرَّ قُوْا نَفَعُوْا . فَقِيْلَ قَدْ عَرَفْنَامَضَرَّةَ اجْتِمَاعِهِمْ فَمَامَنْفَعَةُ افْتِرَاقِهِمْ ؟ | 4 | اور جب منتشر ہوتے ہیں تو فائدہ پہنچاتے ہیں؛ کہا گیا کہ اُن کے جمع ہونے کا نقصان تو معلوم ہے مگر اُن کے منتشر ہوجانے کا فائدہ کیا ہے؟ |
| فَقَالَ : يَرْجِعُ اَصْحَابُ الْمِهَنِ اِلٰى مِهْنَتِهِمْ فَيَنْتَفِعُ النَّاسُ بِهِمْ كَرُجُوْعِ الْبَنَّاءِ اِلٰى بِنَائِهِمْ ، | 5 | فرمایا کہ محنت کش لوگ اپنے محنت کے ٹھکانوں پر جا کر کام کرتے ہیں تو لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے جیسا کہ راجوں کا معماروں کا زیرِ تعمیر مکان پر جا کر کام کرنا۔ |
| وَالنَّسَّاجُ اِلٰى مَنْسَجِهٖ، | 6 | اور جولاہے کا جا کر کپڑا بُننا اور |
| وَالْخَبَّازُاِلٰى مَخْبَزِهٖ . | 7 | نان بائی کا تنور پر جا کر روٹی پکانا۔'' |

## 191۔قابلِ ملامت چہرے

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْاُتِيَ بِجَانٍ وَمَعَهُ غُوْغَاءُ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ | | اور آپ کے پاس ایک مجرم لایا گیا جس کے ساتھ شور مچانے والے تماشائی تھے تو آپؑ نے فرمایا کہ:۔ |
| لَامَرْحَبًابِوُجُوْهٍ لَا تُرٰى اِلَّاعِنْدَ كُلِّ سَوْءَةٍ . | 1 | اِن چہروں پر کبھی مسرت نہ چھائے جو جب بھی نظر آتے ہیں تو رُسوائی اور بُری حالت ہی میں دکھائی دیا کرتے ہیں۔ |

## 192۔دو محافظ فرشتے ہر انسان کے ساتھ ساتھ

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ مَعَ كُلِّ اِنْسَانٍ مَلَكَيْنِ يَحْفَظَانِهٖ | 1 | یقیناً ہر ایک انسان کے ساتھ دو فرشتے رہتے ہیں جو اُسکی حفاظت کرتے ہیں۔ |
| فَاِذَاجَاءَ الْقَدَرُ خَلَّيَابَيْنَهُ وَبَيْنَهُ ؛ | 2 | اور جب طے شدہ وقت آتا ہے تو وہ دونوں اُسکے اور قدر کے درمیان سے ہٹ جاتے ہیں |
| فَاِنَّ الْاَجَلَ جُنَّةٌ حَصِيْنَةٌ . | 3 | اور انسان کی مقررہ گھڑی اُس کے لئے محفوظ رکھنے والی سپر ہے۔ |

## 193۔دو قریشی شرکت کا عقیدہ واضح کرتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ قَالَ لَهٗ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُنُبَايِعُكَ عَلٰى اَنَّاشُرَكَاؤُكَ فِيْ هٰذَاالْاَمْرِ: | | علیؑ سے طلحہ اور زبیر نے کہا کہ ہم اِس شرط پر آپؑ کی بیعت کرتے ہیں کہ ہم حکومت میں آپؑ کے شریک رہیں گے۔ |
| لَا ،وَلٰكِنَّكُمَاشَرِيْكَانِ فِي الْقُوَّةِ وَالْاِسْتِعَانَةِ ؛ | 1 | علیؑ نے فرمایا کہ ہرگز نہیں بلکہ تم دونوں میری قوت اور اعانت میں میرے شریک ہوگے۔ |
| وَعَوْنَانِ عَلَى الْعَجْزِوَالْاَوَدِ . | 2 | اور تم دونوں میری کمزوری اور ٹیڑھے حالات میں میرے مددگار رہوگے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 194۔اللہ اور موت سے خبردار فرمایا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَیُّھَاالنَّاسُ ، اتَّقُوااللّٰہَ الَّذِیْ اِنْ قُلْتُمْ سَمِعَ ؛ | 1 | اَے لوگو اُس اللہ کا تقویٰ اختیار کرلو جو تمہارے بولنے کو سنتا ہے۔ |
| وَاِنْ اَضْمَرْ تُمْ عَلِمَ ؛ | 2 | اور اگر دل میں چھپاتے ہو تو اُس کا جاننے والا ہے۔ |
| وَبَادِرُوا الْمَوْتَ الَّذِیْ اِنْ ھَرَبْتُمْ مِنْہُ اَدْرَکَکُمْ | 3 | اور موت کی طرف بڑھنے میں کوشاں رہو اگر تم اُس سے بھاگو گے تو تمہیں پکڑ لے گی۔ |
| وَاِنْ اَقَمْتُمْ اَخَذَکُمْ ، | 4 | اور اگر کھڑے رہے تو تمہیں قابو میں لے لے گی۔ |
| وَاِنْ نَسِیْتُمُوْہُ ذَکَرَکُمْ . | 5 | اور اگر اُسے بھلا دیا تو تمہیں یاد دلائے گی۔ |

## 195۔کسی کی ناقدری پر نیک سلوک بند نہیں کرنا

| | | |
|---|---|---|
| لَایُزْھِدَنَّکَ فِی الْمَعْرُوْفِ مَنْ لَایَشْکُرُہُ لَکَ، | 1 | عالمی نیک سلوک کرنے میں تمہیں وہ شخص بددل نہ کردے جو تمہارے نیک سلوک پر شکر گذار نہیں ہوتا ہے؛ |
| فَقَدْیَشْکُرُکَ عَلَیْہِ مَنْ لَّایَسْتَمْتِعُ بِشَیْءٍ مِنْہُ ؛ | 2 | یقیناً تمہاری شکر گذاری وہ لوگ بھی کریں گے جنہوں نے تمہارے نیک سلوک سے ذرہ برابر بھی فائدہ نہ اُٹھایا ہوگا؛ |
| وَقَدْتُدْرِکُ مِنْ شُکْرِ الشَّاکِرِ اَکْثَرَمِمَّااَضَاعَ الْکَافِرُ ؛ | 3 | اور اُس ناشکرے حق پوش نے جتنا تمہارا حق ضائع کیا ہوگا۔اُس سے کہیں زیادہ شکر ادا کرنے والا تمہیں مل جائے گا؛ |
| وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ . | 4 | اور اللہ تو احسان کرنے والوں ہی سے محبت کرتا ہے۔'' |

## 196۔ظرف علم کبھی تنگ نہیں ہوتا کشادہ ہوتا رہتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| کُلُّ وِعَاءٍ یَّضِیْقُ بِمَاجُعِلَ فِیْہِ اِلَّاوِعَاءَ الْعِلْمِ فَاِنَّہُ یَتَّسِعُ بِہٖ . | 1 | ہر ظرف لگاتار کچھ ڈالنے سے تنگ ہوجاتا ہے سوائے ظرفِ علم کے وہ تنگ ہونے کے بجائے کشادہ ہوتا جاتا ہے۔ |

## 197۔بردباری کا اوّلین نتیجہ مددگاروں کا ملنا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَوَّلُ عِوَضِ الْحَلِیْمِ مِنْ حِلْمِہٖ اَنَّ النَّاسَ اَنْصَارُہٗ عَلَی الْجَاھِلِ . | 1 | ایک بردبار شخص کو پہلا بدلہ یہ ملتا ہے کہ تمام لوگ جاہلوں کے مقابلے میں اُس کے انصار و مددگار بن جاتے ہیں۔ |

## 198۔ایکٹنگ کرتے کرتے آدمی حقیقی بُردبار بن جاتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِنْ لَمْ تَکُنْ حَلِیْمًا فَتَحَلَّمْ ؛ | 1 | اگر تم بردبار نہیں ہو تو تم بردبار بننے کی نقل اور کوشش شروع کردو؛ |
| فَاِنَّہٗ قَلَّ مَنْ تَشَبَّہَ بِقَوْمٍ اِلَّااَوْشَکَ اَنْ یَّکُوْنَ مِنْھُمْ. | 2 | اِس لئے کہ ایسا کم ہی ہوتا ہے کہ کوئی شخص کسی قوم کی شباہت اختیار کرے اور رفتہ رفتہ اُن ہی میں سے ایک نہ ہوجائے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 199۔اپنا محاسبہ اور دیکھ بھال کرتے رہنا

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ حَاسَبَ نَفْسَهُ رَبِحَ؛ | 1 | جوکوئی اپنا محاسبہ کرنے کا عادی ہو نفع کماتا رہے گا؛ |
| وَمَنْ غَفَلَ عَنْهَا خَسِرَ ؛ | 2 | اور جو خود سے غافل ہو جائے نقصان میں رہے گا۔ |
| وَمَنْ خَافَ اَمِنَ ؛ | 3 | اور جو بُری باتوں سے ڈرے اَمن میں رہے گا۔ |
| وَمَنِ اعْتَبَرَ اَبْصَرَ ؛ | 4 | اور جو عبرت حاصل کرلے وہ حقیقت کو دیکھ لے گا۔ |
| وَمَنْ اَبْصَرَ فَهِمَ ؛ | 5 | اور جو حقیقت کو دیکھ لے گا وہ سمجھ جائے گا۔ |
| وَمَنْ فَهِمَ عَلِمَ . | 6 | اور جو سمجھ جائے وہ جان لے گا۔ |

## 200۔دُنیا کا تدریجی رویہ آلِ محمدؐ کے ساتھ

| | | |
|---|---|---|
| لَتَعْطِفَنَّ الدُّنْيَا عَلَيْنَا بَعْدَ شِمَاسِهَا عَطْفَ الضَّرُوْسِ عَلٰى وَلَدِهَا؛ وَتَلَا عَقِيْبَ ذٰلِكَ : وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ o(قصص 28/5 ) | 1 | ضروری اور طے شدہ ہے کہ یہ دُنیا اپنی شرکشی سے عاجز ہو کر ہماری طرف اُسی پیار اور توجہ سے جھکے گی جسطرح ایک کاٹنے والی اُونٹنی بھی اپنے بچہ کی طرف جُھکا کرتی ہے۔اور اس کے بعد علیؑ نے وہ آیت تلاوت کی کہ:۔ |
| | 2 | اور ہمارا ارادہ یہ ہے کہ ہم اُن لوگوں پر مَنّتی احسان کریں دُنیا میں جنہیں کمزور کر لیا گیا ہے اور اُنہیں ہم دُنیا میں امام بنا دیں اور اُنہیں ہم ساری دُنیا کا وارث بنا دیں۔ (سورہ قصص 28/5) |

## 201۔معصوم منصوبوں کا ایک حربہ تقیہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِتَّقُوا اللّٰهَ تَقِيَّةَ مَنْ شَمَّرَ تَجْرِيْدًا ؛ | 1 | اللہ کا تقویٰ اُس شخص کے تقیہ کی طرح اختیار کرو جس نے اپنا دامن کمر سے لپیٹ رکھا ہو، دُنیا کی وابستگی چھوڑ کر تنہا اور مجرد ہو گیا ہو، |
| وَجَدَّ تَشْمِيْرًا ؛ | 2 | اور کمر کس کر نئی نئی کوشش کر رہا ہو۔ |
| وَاَكْمَشَ فِى مَهَلٍ ؛ | 3 | چُستی اور چالاکی سے عمر بھر کی مہلت کا پروگرام چلا رہا ہو؛ |
| وَبَادَرَ عَنْ وَّجَلٍ ؛ | 4 | اور غلطیوں سے ڈرتے ہوئے محتاط پیش قدمیاں جاری رکھے۔ |
| وَنَظَرَ فِى كَرَّةِ الْمَوْئِلِ ؛ | 5 | اور اپنی قرارگاہ (منزل) پر نظر رکھے۔ |
| وَعَاقِبَةِ الْمَصْدَرِ ؛ | 6 | اور اعمال کے انجام اور مصدر کو، |
| وَمَغَبَّةِ الْمَرْجِعِ . | 7 | اور واپسی کے مقام کو سامنے رکھے ہوئے ہو۔'' |

Presented by Ziaraat.Com

## 202۔چند صفات اور عادات کے فوائد

| | | |
|---|---|---|
| اَلْجُوْدُ حَارِسُ الْاَعْرَاضِ ؛ | 1 | سخاوت عزت وآبرو اور تمام عارضی چیزوں کی نگہبان ہے؛ |
| وَلْحِلْمُ فِدَامُ السَّفِیْہِ؛ | 2 | بُردباری بے وقوفوں کے منہ کی لگام ہے۔ |
| وَالْعَفْوُ زَکَاۃُ الظَّفَرِ ؛ | 3 | اور معاف کرتے رہنا کامیابی کی زکاۃ ہے۔ |
| وَلسُّلُوُّعِوَضُکَ مِمَّنْ غَدَرَ ؛ | 4 | اور غداری کرنے والوں سے دُوری اختیار کر لینا تمہارا بدلا ہے؛ |
| وَالْاِسْتِشَارَۃُ عَیْنُ الْھِدَایَۃِ ؛ | 5 | مشورہ لینا خود ہدایت کی بات ہے۔ |
| وَقَدْ خَاطَرَ مَنِ اسْتَغْنٰی بِرَاْیِہٖ ؛ | 6 | اور جو اپنی ذاتی رائے پر بے نیاز ہو جائے خطرات اُسی کو پیش آتے ہیں۔ |
| وَالصَّبْرُیُنَاضِلُ الْحِدْثَانَ ؛ | 7 | اور صبر مصائب اور حوادث کا مدمقابل ہوتا ہے۔ |
| وَالْجَزَعُ مِنْ اَعْوَانِ الزَّمَانِ ؛ | 8 | بے قراری اور ہائے واویلا کرنا زمانہ کو ہنسانے میں مددگار رہتا ہے۔ |
| وَاَشْرَفُ الْغِنٰی تَرْکُ الْمُنٰی ؛ | 9 | سب سے بزرگ بے نیازی اور دولت مندی آرزوؤں کو ترک کر دینا ہے؛ |
| وَکَمْ مِّنْ عَقْلٍ اَسِیْرٍ عِنْدَ ھَوًی اَمِیْرٍ ؛ | 10 | اور بہت سی عقلیں امیر لوگوں کی خواہشات کی قیدی ہوتی ہیں۔ |
| وَمِنَ التَّوْفِیْقِ حِفْظُ التَّجْرِبَۃِ ؛ | 11 | اور تجربات کو محفوظ رکھنا اللہ کی دی ہوئی توفیقات سے ہوتا ہے؛ |
| وَالْمَوَدَّۃُ قَرَابَۃٌ مُّسْتَفَادَۃٌ ؛ | 12 | احترام والی محبت کما لینا استفادہ کی ہوئی قرابت داری ہوتی ہے؛ |
| وَلَا تَاْمَنَنَّ مَلُوْلاً. | 13 | جو تم سے رنجیدہ ہو اُس پر اطمینان واعتماد نہ رکھو۔ |

## 203۔عقل خود پسندی کی دشمن ہے

| | | |
|---|---|---|
| عُجْبُ الْمَرْءِ بِنَفْسِہٖ اَحَدُ حُسَّادِ عَقْلِہٖ ؛ | 1 | کسی شخص کی خود پسندی وخودنمائی کا سب سے بڑا حاسد اور دشمن خود اُس کی اپنی عقل ہوتی ہے۔ |

## 204۔خوش رہنے کی ایک ترکیب

| | | |
|---|---|---|
| اَغْضِ عَلَی الْقَذٰی وَاِلَّا لَمْ تَرْ ضَ اَبَدًا. | 1 | تکلیف سے چشم پوشی کرتے رہو ورنہ کبھی خوش نہ رہو گے۔ |

## 205۔ایمان کی تعریف وتفصیل

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاِیْمَانُ مَعْرِفَۃٌ بِالْقَلْبِ ؛ | 1 | ایمان دل سے پہچاننا۔ |
| وَاِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ ؛ | 2 | اور زبان سے اقرار کرنا۔ |
| وَعَمَلٌ بِالْاَرْکَانِ . | 3 | اور اعضاء سے عمل کرنا ہے۔ |

## 206۔نرم لکڑی والے درخت

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ لَانَ عُوْدُہٗ کَثُفَتْ اَغْصَانُہٗ. | 1 | جس درخت کی لکڑی نرم ہوتی ہے اُس کی شاخیں گھنی ہوتی ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 207۔رائے اور مخالفت

| | | |
|---|---|---|
| اَلْخِلَافُ یَھْدِمُ الرَّأْیَ . | 1 | مخالفت صحیح رائے کو مسمار کرتی ہے۔ |

## 208۔عہدہ اور مرتبہ

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ نَّالَ اسْتَطَالَ. | 1 | جو عہدہ پالیتا ہے سرکشی کرنے لگتا ہے۔ |

## 209۔حالات کا تقاضہ ترقی کراتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| فِیْ تَقَلُّبِ الْاَحْوَالِ عِلْمُ جَوَاھِرِ الرِّجَالِ. | 1 | حالات کے بدلتے رہنے سے لوگوں کی قابلیت اور جوہر کھل جاتے ہیں۔ |

## 210۔حسد محبت کا ایک نقص ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| حَسَدُ الصَّدِیْقِ مِنْ سُقْمِ الْمَوَدَّةِ . | 1 | دوستوں کا حسد پر اُتر آنا احترام بھری محبت کی خرابی ہے۔ |

## 211۔لالچ اور طمع عقلوں کو ٹھوکر کھلاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَکْثَرُ مَصَارِعِ الْعُقُوْلِ تَحْتَ بُرُوْقِ الْمَطَامِعِ | 1 | عقلوں کا خاک میں مل جانا اکثر لالچ وطمع کی بجلیوں کی مار ہوتا ہے۔ |

## 212۔اعتماد اور بھروسہ والوں کے ساتھ بھی عدل لازم ہے

| | | |
|---|---|---|
| لَیْسَ مِنَ لْعَدْلِ الْقَضَاءُ عَلَی الثِّقَةِ بِالظَّنِّ . | 1 | یہ عدل وانصاف نہیں ہے کہ جس پر اعتماد ہو اُسکے حق میں صرف ظن وگمان سے فیصلہ کر دیا جائے |

## 213۔آخرت کے لئے ظلم وزیادتی بُرا سامان ہے

| | | |
|---|---|---|
| بِئْسَ الزَّادُ اِلَی الْمَعَادِ ؛ | 1 | آخرت کے لئے بُرا سامان ہے |
| اَلْعُدْوَانُ عَلَی الْعِبَادِ . | 2 | اگر بندوں پر ظلم وزیادتی ساتھ جائے۔ |

## 214۔چشم پوشی شریف ترین کام ہے

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ اَشْرَفِ اَفْعَالِ الْکَرِیْمِ غَفْلَتُهُ عَمَّایَعْلَمُ ؛ | 1 | ایک کریم شخص کے کاموں میں سے شریف ترین کام یہ ہے کہ وہ اُن چیزوں سے چشم پوشی کرے جنہیں وہ جانتا ہے۔ |

## 215۔شرم وحیا کا لباس عیبوں کو ڈھک لیتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ کَسَاهُ الْحَیَاءُ ثَوْبَهُ ' | 1 | جسے شرم وحیا نے اپنا لباس پہنا رکھا ہے۔ |
| لَمْ یَرَ النَّاسُ عَیْبَهُ . | 2 | اُس کا کوئی عیب لوگ نہیں دیکھ سکتے۔ |

## 216۔چند صفات حسنہ کا نتیجہ

| | | |
|---|---|---|
| بِکَثْرَتِ الصُّمْتِ تَکُوْنُ الْھَیْبَةُ ؛ | 1 | زیادہ تر خاموش رہنے سے ہیبت اور رعب میں اضافہ ہوتا ہے؛ |
| وَبِالنَّصَفَةِ یَکْثُرُ الْمَوَاصِلُوْنَ ؛ | 2 | اور انصاف کرنے سے وابستہ رہنے والوں کی تعداد بڑھتی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَبِالْاِفْضَالِ تَعْظُمُ الْاَقْدَارُ؛ | 3 | لوگوں پر فضل وکرم کرنے سے قدر ومنزلت بڑھتی ہے۔ |
| وَبِالتَّوَاضُعِ تَتِمُّ النِّعْمَةُ ؛ | 4 | عاجزی وانکساری نعمتوں کو بڑھاتی ہے۔ |
| وَبِاحْتِمَالِ الْمُؤَنِ يَجِبُ السُّؤْدَدُ؛ | 5 | دوسروں کا بوجھ بانٹنے سے سرداری حاصل ہوتی ہے۔ |
| وَبِالسِّيْرَةِ الْعَادِلَةِ يُقْهَرُ الْمُنَاوِى ؛ | 6 | عدل پسند سیرت اور عمدہ اطوار وعادات سے دشمن کو شکست ہوتی ہے۔ |
| وَبِالْحِلْمِ عَنِ السَّفِيْهِ تَكْثُرُ الْاَنصَارُ عَلَيْهِ. | 7 | بے وقوفوں کے مقابلے میں بردباری مددگاروں میں اضافہ کرتی ہے۔ |

## 217۔حسد کرنے والوں کی حماقت پر تعجب

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعَجَبُ لِغَفْلَةِ الْحُسَّادِ عَنْ سَلَامَةِ الْاَجْسَادِ. . | 1 | تعجب اس پر ہے کہ حاسد لوگ لوگوں کی جسمانی تندرستی پر حسد کیوں نہیں کرتے؟ |

## 218۔لالچی شخص پابہ زنجیر رہتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلطَّامِعُ فِيْ وَثَاقِ الذُّلِّ . | 1 | طمع پرور شخص ذِلت کی زنجیروں میں ہے۔ |

## 219۔دُنیا کی زندگی میں غم ورنج اور شکوہ کرنا

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَصْبَحَ عَلَى الدُّنْيَاحَزِيْنًافَقَدْ اَصْبَحَ لِقَضَاءِ اللّٰهِ سَاخِطًا؛ | 1 | جو دُنیا کی خاطر غمگین رہا تو وہ اللہ کے فیصلوں پر ناراض مانا جائے گا؛ |
| وَمَنْ اَصْبَحَ يَشْكُوْ مُصِيْبَةً نَزَلَتْ بِهٖ فَاِنَّمَايَشْكُوْرَبَّهٗ ؛ | 2 | جو اپنے اوپر نازل ہونے والی مصیبتوں کا شکوہ کرتا ہے وہ یقیناً اپنے پروردگار کی شکایت کرنے والا ہے؛ |
| وَمَنْ اَتَىٰ غَنِيًّافَتَوَاضَعَ لَهٗ لِغِنَاهُ ذَهَبَ ثُلُثَادِيْنِهٖ ؛ | 3 | جو کسی غنی کے پاس جائے اور وہاں سر نیاز جھکائے تاکہ اُس کی دولتمندی کی تعظیم کرے تو اُس کا ایک تہائی دین ضائع ہوگیا۔ |
| وَمَنْ قَرَاَالْقُرْاٰنَ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَهُوَ كَانَ مِمَّنْ يَّتَّخِذُ آيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا؛ | 4 | اور جو شخص قرآن کی قرأت کرتا رہا اور مرنے کے بعد جہنم میں داخل ہوا تو وہ اُن لوگوں میں سے ہوگا جو اللہ کی آیات کا مذاق اُڑایا کرتے تھے۔ |
| وَمَنْ لَّهِجَ قَلْبُهٗ بِحُبِّ الدُّنْيَا الْتَاطَ قَلْبُهٗ مِنْهَا بِثَلَاثٍ : | 5 | اور جس کسی کا دل دُنیا کی محبت میں مبتلا ہو جائے تو اُس کے دل میں دُنیا کی یہ تین چیزیں جم کر رہ جائیں گی:۔ |
| هَمٍّ لَّايُغِبُّهٗ ؛ | 6 | ایسا غم واندوہ جو اُس سے جدا نہ ہوگا؛ |
| وَحِرْصٍ لَا يَتْرُكُهٗ ؛ | 7 | اور ایسی حرص جو اُس کو ہرگز نہ چھوڑے گی؛ |
| وَاَمَلٍ لَا يُدْرِكُهٗ . | 8 | اور ایسی اُمید جو کبھی پوری نہ ہوگی۔ |

## 220۔قناعت اور خوش اخلاقی سلطنت ونعمت سے بڑھ کر ہے

| | | |
|---|---|---|
| كَفٰى بِالْقَنَاعَةِ مُلْكًا؛ | 1 | قناعت سے بڑھ کر کوئی سلطنت نہیں ہے۔ |
| وَبِحُسْنِ الْخُلُقِ نَعِيْمًا. | 2 | اور خوش خلقی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 221۔پاکیزہ زندگی کیا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| سُئِلَ عَلَیْہِ السَّلامُ عَنْ قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ: فَلَنُحْیِیَنَّہٗ حَیَاۃً طَیِّبَۃً (نحل 16/97) فَقَالَ :ھِیَ الْقَنَاعَۃُ . | | علی علیہ السلام سے اللہ کے اِس قول کے متعلق پوچھا گیا۔ ''چنانچہ ہم اُسے پسندیدہ زندگی عطا کریں گے۔(نحل 16/97) |
| | 1 | آپؑ نے فرمایا کہ:''وہ قناعت کی زندگی ہے۔'' |

## 222۔خوش نصیبی کے لئے خوش نصیبوں میں شرکت

| | | |
|---|---|---|
| شَارِکُوا الَّذِیْ قَدْ اَقْبَلَ عَلَیْہِ الرِّزْقُ ؛ | 1 | اُس شخص کے ساتھ رزق میں شرکت کرو جسکی طرف فراخی سے رزق رخ کئے ہوئے ہو؛ |
| فَاِنَّہٗ اَخْلَقُ لِلْغِنٰی ؛ | 2 | اِس لئے کہ اُس کے ساتھ شریک ہونے میں فارغ البالی کا زیادہ امکان ہے۔ |
| وَاَجْدَرُبِاِقْبَالِ الْحَظِّ عَلَیْہِ . | 3 | اورخوش نصیبی ملنے کی زیادہ گنجائش ہے۔'' |

## 223۔عدل اوراحسان کے معنی

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَیْہِ السَّلامُ فِیْ قَوْلِہٖ عَزَّوَجَلَّ : اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ (نحل (16/90) اَلْعَدْلُ: اَلْاِنْصَافُ ؛ وَالْاِحْسَانُ :اَلتَّفَضُّلُ. | | اور علی علیہ السلام نے اللہ کے قول:یقیناً اللہ عدل اور احسان کے ساتھ حکم دیتا ہے (16/90) کی وضاحت میں فرمایا ہے کہ:۔ |
| | 1 | عدل کے معنی انصاف کرنا ہیں۔ |
| | 2 | اور''احسان'' کے معنی فضل وکرم جاری رکھنا ہے۔ |

## 224۔اپنے عاجز اور چھوٹے ہاتھوں سے دے کر بڑے ہاتھوں سے لو

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ یُعْطِ بِالْیَدِ الْقَصِیْرَۃِ یُعْطَ بِالْیَدِ الطَّوِیْلَۃِ . | 1 | جوشخص ضرورت مندوں کو اپنے عاجز اور چھوٹے ہاتھوں سے دیتا ہے وہ اللہ کے قادر اور لمبے ہاتھوں سے پاتا ہے۔ |

## 225۔جنگ کے لئے ازخود للکارنے کو منع فرمایا ہے

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَیْہِ السَّلامُ لِابْنِہِ الْحَسَنِ عَلَیْہِ السَّلامُ | | علی علیہ السلام نے اپنے بیٹے حسن علیہ السلام سے فرمایا: |
| لَاتَدْعُوَنَّ اِلٰی مُبَارَزَۃٍ ؛ | 1 | کبھی بھی کسی کو ازخود جنگ کے لئے للکارنا نہیں چاہئے۔ |
| وَاِنْ دُعِیْتَ اِلَیْھَا فَاَجِبْ ؛ | 2 | البتہ اگر کوئی تمہیں جنگ کیلئے للکارے تو فوراً جنگ کیلئے نکلنا چاہئے۔ |
| فَاِنَّ الدَّاعِیَ بَاغٍ وَالْبَاغِیْ مَصْرُوْعٌ . | 3 | چنانچہ تمہیں جنگ کیلئے للکارنے والا یقیناً باغی ہوگا اور باغی کو قتل ہوکر گرنا ہوگا۔ |

## 226۔یہ خصلتیں عورتوں میں ہوں تو اچھی اور مردوں میں ہوں تو بُری

| | | |
|---|---|---|
| خِیَارُخِصَالِ النِّسَآءِ شِرَارُخِصَالِ الرِّجَالِ : | 1 | اِن عورتوں کی جو بہترین خصلتیں ہیں وہ مردوں کی بدترین خصلتیں ہیں:۔ |
| اَلزَّھْوُ وَالْجُبْنُ، وَ الْبُخْلُ ؛ | 2 | مغرور ہونا، بزدل ہونا اور کنجوس ہونا۔ |
| فَاِذَا کَانَتِ الْمَرْاَۃُ مَزْھُوَّۃً لَّمْ تُمَکِّنْ مِنْ نَفْسِھَا | 3 | چنانچہ اگر عورت مغرور ہوگی تو کسی اور کو اپنے اوپر قابو نہ دے گی؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَاِذَا كَانَتْ بَخِيْلَةً حَفِظَتْ مَالَهَاوَمَالَ بَعْلِهَا؛ | 4 | اور اگر عورت کنجوس ہوگی تو وہ اپنے مال کی بھی حفاظت کرے گی اور اپنے شوہر کے مال کو بھی محفوظ رکھے گی۔ |
| وَاِذَا كَانَتْ جَبَانَةً فَرِقَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يَعْرِضُ لَهَا . | 5 | اور اگر عورت ڈرپوک ہوگی تو وہ ہر اُس چیز سے بچ کر رہنے میں کوشاں رہے گی جو اُسے پیش آنے والی ہو۔ |

## 227۔عقلمند کی شناخت

| | | |
|---|---|---|
| وَقِيْلَ لَهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ صِفْ لَنَاالْعَاقِلَ ' فَقَالَ: هُوَالَّذِىْ يَضَعُ الشَّىْءَ مَوَاضِعَهٗ ؛ فَقِيْلَ فَصِفْ لَنَاالْجَاهِلَ ؟ فَقَالَ :قَدْ فَعَلْتُ . | 1 2 | اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ علی علیہ السلام سے ایک عقلمند کی شناخت معلوم کی گئی تو فرمایا عقل مند شخص وہ ہے جو ہر چیز کو اُس کی صحیح جگہ پر رکھے۔ کہا گیا کہ جاہل کی تعریف بھی کر دیجئے؟ فرمایا کہ:۔میں عاقل کی تعریف ہی میں بیان کر چکا ہوں۔ |

## 228۔یہ دُنیا مع اپنے ساز وسامان کے علیؑ کی نظر میں

| | | |
|---|---|---|
| وَاللّٰهِ لَدُنْيَاكُمْ هٰذِهِ اَهْوَنُ فِىْ عَيْنِىْ مِنْ عِرَاقِ خِنْزِيْرٍفِىْ يَدِ مَجْذُوْمٍ . | 1 | اور تمہاری اِس دُنیا کی قدر ومنزلت میری نگاہ میں خدا کی قسم سور کی اُن آنتوں سے بھی حقیر ہے جو کسی کوڑھی کے ہاتھ میں ہوں۔ |

## 229۔تاجروں،غلاموں اور آزاد لوگوں کی عبادتیں

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ قَوْمًاعَبَدُوا اللّٰهَ رَغْبَةً فَتِلْكَ عِبَادَةُ التُّجَّارِ؛ | 1 | یقیناً ایک قوم نے استفادہ اور لالچ کی غرض سے عبادت کی تو وہ عبادت سوداگروں کی عبادت تھی۔ |
| وَاِنَّ قَوْمًاعَبَدُوا اللّٰهَ رَهْبَةً فَتِلْكَ عِبَادَةُ الْعَبِيْدِ؛ | 2 | اور ایک قوم نے عذاب کے خوف سے عبادت کی تو اُن کی عبادت غلاموں والی عبادت تھی۔ |
| وَاِنَّ قَوْمًاعَبَدُوا اللّٰهَ شُكْرًا فَتِلْكَ عِبَادَةُ الْاَحْرَارِ. | 3 | اور ایک قوم نے اللہ کا شکر ادا کرنے کی غرض سے عبادت کی تو وہ عبادت آزاد لوگوں کی عبادت مانی گئی۔ |

## 230۔ایسا شر جس کے بغیر انسان بے کار ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمَرْاَةُ شَرٌّكُلُّهَا؛ | 1 | عورت پوری مجسمہءشر ہے؛ |
| وَشَرٌّمَافِيْهَااَنَّهٗ لَا بُدَّمِنْهَا . | 2 | اور اُس میں سب سے بڑا شر یہ ہے کہ اُس کے بغیر انسان کچھ نہیں کر سکتا۔ |

## 231۔سُستی وکاہلی اور چغلخوری

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَطَاعَ التَّوَانِىَ ضَيَّعَ الْحُقُوْقَ ؛ | 1 | جو شخص سستی وکاہلی کی اطاعت کرتا ہے وہ تمام حقوق اور فوائد کو ضائع کر دیتا ہے۔ |
| وَمَنْ اَطَاعَ الْوَاشِىَ ضَيَّعَ الصَّدِيْقَ . | 2 | اور جو شخص چغلخور کی اطاعت کرتا ہے وہ دوستوں کو اپنے ہاتھ سے ضائع کرتا ہے |

Presented by Ziaraat.Com

## 232۔ایک غصبی پتھر سارے گھر کی بربادی

| | | |
|---|---|---|
| اَلْحَجَرُ الْغَصْبُ فِیْ الدَّارِ رَهْنٌ عَلٰی خَرَابِهَا . | 1 | کسی بھی گھر میں اگر غصب کیا ہوا ایک پتھر موجود ہو تو وہ پتھر اُس گھر کی بربادی کا ضامن ہے۔ |

## 233۔مظلوم کے بدلے کا دن

| | | |
|---|---|---|
| یَوْمُ الْمَظْلُوْمِ عَلَی الظَّالِمِ اَشَدُّ مِنْ یَوْمِ الظَّالِمِ عَلَی الْمَظْلُوْمِ . | 1 | مظلوم کے بدلے کا دن ظالم کے اوپر اُس دن سے سخت ہوگا جو مظلوم کے اوپر ظلم کا دن تھا۔ |

## 234۔تھوڑا سا تقویٰ اور باریک سا پردہ

| | | |
|---|---|---|
| اَتَّقِ اللّٰهَ بَعْضَ التَّقٰی وَاِنْ قَلَّ ؛ | 1 | تم اللہ کا تقویٰ اختیار کرلو خواہ وہ تھوڑا سا ہی ہو۔ |
| وَاجْعَلْ بَیْنَکَ وَبَیْنَ اللّٰهِ سِتْرًا وَّاِنْ رَقَّ | 2 | اور اپنے اور اپنے اللہ کے درمیان ایک پردہ رکھا کرو خواہ وہ باریک ہی سا ہو۔ |

## 235۔جوابات کی کثرت سے حقیقت چُھپ جاتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِذَا اَزْدَحَمَ الْجَوَابُ خَفِیَ الصَّوَابُ . | 1 | جب ایک ہی سوال کے بہت سے جوابوں کا ہنگامہ برپا ہو جائے تو صحیح جواب چھپ جاتا ہے۔ |

## 236۔ہر نعمت پر اللہ کا حق واجب ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی فِیْ کُلِّ نِعْمَةٍ حَقًّا ؛ | 1 | اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت میں اُس کا ایک حق ہوتا ہے؛ |
| فَمَنْ اَدَّاهُ زَادَهُ مِنْهَا ؛ | 2 | لہٰذا جس نے وہ حق ادا کیا اُس کی نعمت میں اضافہ ہوتا ہے؛ |
| وَمَنْ قَصَّرَ فِیْهِ خَاطَرَ بِزَوَالِ نِعْمَتِهٖ . | 3 | اور جس نے اُس حق میں کوتاہی کی اُسے نعمت کے زوال کا خطرہ رہنا چاہئے۔ |

## 237۔ناداری حرص وہوس کو بڑھاتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِذَکَثُرَتِ الْمَقْدُرَةُ ؛قَلَّتِ الشَّهْوَةُ . | 1 | جب قدرت وحیثیت زیادہ ہو جاتی ہے تو خواہش وھوس قلیل ہو جاتی ہے۔ |

## 238۔نعمتوں کو برقرار رکھنے میں کوشاں رہو

| | | |
|---|---|---|
| اِحْذَرُوْا نِفَارَ النِّعَمِ فَمَا کُلُّ شَارِدٍ بِمَرْدُوْدٍ | 1 | نعمتوں کے چھن جانے اور متنفر ہو جانے سے بچتے رہو اس لئے کہ ہر چھن جانے والی نعمت پلٹ کر نہیں آتی۔ |

## 239۔جذبۂ کرم رشتہ داری کے جذبہ سے بڑھ کر ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْکَرَمُ اَعْطَفُ مِنَ الرَّحِمِ . | 1 | کرم رشتہ داری کے تعلق سے زیادہ مہربانی کا سبب ہوتا ہے۔ |

## 240۔اچھے خیالات رکھنے والوں کے لئے اچھے بن جاؤ

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ ظَنَّ بِکَ خَیْرًا فَصَدِّقْ ظَنَّهٗ . | 1 | جو کوئی تمہارے متعلق اچھے خیالات وجذبات رکھتا ہو تم اس کے خیالات کی مطابقت اختیار کرلو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 241۔ناگواری کے باوجود عمل کرنا بہترین عمل ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ مَااَکْرَھْتَ نَفْسَکَ عَلَیْہِ . | 1 | سب سے افضل عمل وہ ہے جسکو بجالانا تمہارے نفس پر ناگوار گذرے۔ |

## 242۔ارادوں کا پورا نہ ہونا قادرِ مطلق کا پتہ دیتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| عَرَفْتُ اللّٰہَ بِفَسْخِ الْعَزَائِمِ ' | 1 | عزم وارادہ کو تبدیل کرنے سے میں نے اللہ کو شناخت کیا۔ |
| وَحَلِّ لُعُقُوْدِ. | 2 | اور پیچیدگیوں کے کُھل جانے سے اللہ کا ثبوت دیا۔ |

## 243۔دُنیا کی تلخیاں آخرت میں شیرینیاں ہیں

| | | |
|---|---|---|
| مَرَارَۃُ الدُّنْیَا حَلَاوَۃُ الْاٰخِرَۃِ ؛ | 1 | دُنیا کی تلخیاں آخرت کی شیرینیاں ہوتی ہیں۔ |
| وَحَلَاوَۃُ الدُّنْیَا مَرَارَۃُ الْاٰخِرَۃِ . | 2 | اور دُنیا کی شیرینیاں آخرت کی تلخیاں ہوتی ہیں۔ |

## 244۔واجبات دین اور اُن کا مقصد؟

| | | |
|---|---|---|
| فَرَضَ اللّٰہُ الْاِیْمَانَ تَطْھِیْرًا مِّنَ الشِّرْکِ ؛ | 1 | اللہ نے ایمان کو فرض کیا نظام شرک وشرکت سے پاک کرنے کیلئے؛ |
| وَالصَّلَاۃَ تَنْزِیْھًا عَنِ الْکِبْرِ ؛ | 2 | اور نماز کو فرض کیا تکبر سے بچانے کیلئے؛ |
| وَالزَّکَاۃَ تَسْبِیْبًا لِلرِّزْقِ ؛ | 3 | اور زکاۃ کو فرض کیا رزق کے اسباب پیدا کرنے کیلئے؛ |
| وَالصِّیَامَ ابْتِلَاءً لِاِخْلَاصِ الْخَلْقِ ؛ | 4 | اور روزے فرض کئے مخلوق کے خلوص کو آزمانے کیلئے؛ |
| وَالْحَجَّ تَقْوِیَۃً لِلدِّیْنِ ؛ | 5 | اور حج فرض کیا دین کو طاقت دینے کیلئے؛ |
| وَالْجِھَادَ عِزًّا لِلْاِسْلَامِ ؛ | 6 | اور جہاد فرض کیا اسلام کی عزت بڑھانے کیلئے؛ |
| وَالْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ مَصْلَحَۃً لِلْعَوَامِ ؛ | 7 | اور عالمی اچھائیاں فرض کیں عوام کی اصلاح حال کیلئے؛ |
| وَالنَّھْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ رِدْعًالِلسُّفَھَآءِ ؛ | 8 | عالمی ناپسند کی برائیوں سے رُکنا فرض کیا آوارہ خیال لوگوں کی روک تھام کیلئے؛ |
| وَصِلَۃَ الرَّحِمِ مَنْمَاۃً لِلْعَدَدِ ؛ | 9 | قرابتداروں کے حقوق کا ادا کرنا فرض کیا تعداد اور افرادی قوت بڑھانے کیلئے؛ |
| وَالْقِصَاصَ حَقْنًا لِلدِّمَاءِ ؛ | 10 | اور جان کا بدلہ جان لینا فرض کیا تا کہ لوگوں کی جانیں محفوظ رہیں اور ناحق خون نہ بہایا جائے |
| وَاِقَامَۃَ الْحُدُوْدِ اِعْظَامًالِلْمَحَارِمِ ؛ | 11 | حدود اور قانون کو قائم رکھنا فرض کیا گیا تا کہ حرام وحلال کی پابندی ہوتی رہے؛ |
| وَتَرْکَ شُرْبِ الْخَمْرِ تَحْصِیْنًالِلْعَقْلِ ؛ | 12 | شراب کا پینا بند کیا گیا تا کہ عقل انسانی کا تحفظ کیا جائے؛ |
| وَمُجَانَبَۃَ السَّرِقَۃِ اِیْجَابًا لِلْعِفَّۃِ ؛ | 13 | اور چوری سے باز رہنے کو فرض کیا گیا تا کہ پاکبازی برقرار رہے؛ |
| وَتَرْکَ الزِّنَا تَحْصِیْنًالِلنَّسَبِ ؛ | 14 | اور زنا کو ترک کرنا فرض کیا گیا تا کہ نسل اور نسب محفوظ رہیں؛ |
| وَتَرْکَ اللِّوَاطِ تَکْثِیْرًا لِلنَّسْلِ ؛ | 15 | اور اغلام کو چھوڑنا فرض کیا گیا تا کہ نسل بڑھے اور منقطع نہ ہونے پائے؛ |
| وَالشَّھَادَاتِ اسْتِظْھَارًاعَلَی الْمُجَاحَدَاتِ ؛ | 16 | شہادت دینا فرض کیا گیا تا کہ انکارِ حقوق کی راہ بند کی جائے؛ |
| وَتَرْکَ الْکَذِبِ تَشْرِیْفًا لِلصِّدْقِ ؛ | 17 | اور جھوٹ بولنے کو چھوڑنا فرض کیا گیا تا کہ سچائی کا مقام بلند ہو سکے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالسَّلاَمَ اَمَانًا مِنَ الْمَخَاوِفِ ؛ | 18 | اور سلام کرنا فرض کیا گیا تا کہ خوف و دہشت سے امن نصیب ہو؛ |
| وَالْاِمَامَةَ نِظَامًا لِلْاُمَّةِ ؛ | 19 | اور امّت کا قائم رکھنا فرض کیا گیا تا کہ اُمت منظّم رکھی جا سکے؛ |
| وَالطَّاعَةَ تَعْظِيْمًا لِلْاِمَامَةِ . | 20 | اور امّام کی اطاعت فرض کی گئی تا کہ امامتؑ کی عظمت برقرار رہے۔ |

## 245۔ظالم سے حلف اور قسم لینے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| اَحْلِفُوْا الظَّالِمَ . | 1 | ظالم سے اس طرح حلف اُٹھواؤ:۔ |
| اِذَا اَرَدْتُمْ يَمِيْنَهُ .بِاَنَّهُ بَرِیٌٔ مِنْ حَوْلِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهِ ؛ | | ۔''وہ اللہ کی قوت اور توانائی سے بری ہے''۔ |
| فَاِنَّهُ اِذَا حَلَفَ بِهَا كَاذِبًا عُوْجِلَ الْعُقُوْبَةَ | 2 | اسلئے کہ جب وہ یہ کہہ کر جھوٹا حلف اُٹھائے گا تو جلد اُسے سزا ملے گی۔ |
| وَاِذَا حَلَفَ | 3 | اور اگر اُس نے یوں قسم کھائی کہ:۔ |
| بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَااِلٰهَ اِلَّاهُوَ لَمْ يُعَاجَلْ ؛ | | ۔''قسم ہے اُس اللہ کی جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔ |
| | | اس طرح کی قسم پر اُس کی گرفت جلدی سے نہ ہوگی۔ |
| لِاَنَّهُ قَدْوَحَّدَ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ . | 4 | کیوں کہ اس طرح کی قسم میں اُس نے اللہ کو وحدت اور یکتائی سے یاد کرلیا ہے۔'' |

## 246۔زندگی بھر آدمی کو خود اپنے وصی کا کام کرنا چاہئے

| | | |
|---|---|---|
| يَاابْنَ آدَمَ كُنْ وَصِیَّ نَفْسِکَ ؛ | 1 | اَے آدمؑ کے بیٹے تو اپنی ذات کا خود وصی بن جا؛ |
| وَاعْمَلْ فِیْ مَالِکَ مَاتُؤْثِرَاَنْ يُّعْمَلَ فِيْهِ مِنْ بَعْدِکَ | 2 | اور اپنے مال میں وہی عمل کر جو تو چاہتا ہے کہ اُس میں تیرے بعد کیا جایا کرے۔ |

## 247۔غصہ پاگل پن کی ایک قسم ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْحِدَّةُ ضَرْبٌ مِنَ الْجُنُوْنِ ؛ | 1 | مغلوب الغضب ہونا دیوانگی کی ایک قسم ہے؛ |
| لَاَنَّ صَاحِبُهَا يَنْدَمُ ؛ | 2 | اس لئے کہ مغلوب الغضب آدمی بعد میں نادم ہوا کرتا ہے؛ |
| فَاِنْ لَمْ يَنْدَمْ فَجُنُوْنُهُ مُسْتَحْكَمٌ . | 3 | پھر اگر وہ نادم نہ ہو تو یہ اُس کے پاگل ہونے کی پکی پہچان ہے۔ |

## 248۔صحت مند آدمی حاسد نہیں ہوتا

| | | |
|---|---|---|
| صِحَّةُ الْجَسَدِ مِنْ قِلَّةِ الْحَسَدِ . | 1 | حسد کی کمی تندرستی اور صحت مندی کا سبب ہوا کرتی ہے۔ |

## 249۔غداروں، جھوٹوں اور مکاروں کے ساتھ سلوک؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْوَفَاءُ لِاَهْلِ الْغَدْرِ غَدْرٌعِنْدَاللّٰهِ ؛ | 1 | غدّاروں کے ساتھ وفا کرنا اللہ کے نزدیک غدّاری ہے؛ |
| وَالْغَدْرُ بِاَهْلِ الْغَدْرِ وَفَآءٌ عِنْدَاللّٰه . | 2 | اور غدّاروں کے ساتھ غداری کرنا اللہ کے نزدیک عین وفاداری ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 250۔مومنین کی مصیبت کو ہانکنے والی مخلوق

| | | |
|---|---|---|
| یَا کُمَیْلُ مُرْ اَھْلَکَ اَنْ یَّرُوْحُوْا فِیْ کَسْبِ الْمَکَارِمِ ؛ | 1 | اَے کمیل تم اپنے متعلقین کوحکم دو کہ وہ عمدہ عادات وخصائل حاصل کرنے کے لئے دن بھر کوشاں رہیں۔ |
| وَیُدْلِجُوْا فِیْ حَاجَۃِ مَنْ ھُوَنَائِمٌ ؛ | 2 | اور پھر رات ہونے پر سوجانے والوں کی حاجت روائی کو نکل کھڑے ہوں۔ |
| فَوَالَّذِیْ وَسِعَ سَمْعُہُ الْاَصْوَاتَ مَامِنْ اَحَدٍ اَوْدَعَ قَلْبًا سُرُوْرًا اِلَّاوَخَلَقَ اللّٰہُ لَہُ مِنْ ذٰلِکَ السُّرُوْرِ لُطْفًا ؛ | 3 | اس ذات پاک کی قسم جس کا سننا تمام آوازوں پر حاوی ہے کہ جس نے کسی کے قلب کو مسرور کیا تو اللہ اُس سرور سے ایک خاص لطف پیدا کردے گا۔ |
| فَاِذَا نَزَلَتْ بِہٖ نَائِبَۃٌ جَرَیٰ اِلَیْھَا کَالْمَاءِ فِیْ اِنْحِدَارِہٖ حَتّٰی یَطْرُدَھَاعَنْہُ کَمَاتُطْرَدُ غَرِیْبَۃُ الْاِبِلِ | 4 | چنانچہ جب کبھی بھی اُس شخص پر کوئی رنج وصدمہ یا مصیبت نازل ہوتو وہ اللہ کا پیدا کیا ہوا لطف پانی کی طرح بہتا ہوا اُس تک پہنچے اور اُس مصیبت ورنج کو اس طرح ہانک لے جائے جیسے آوارہ اُونٹوں کو ہانکا جاتا ہے۔ |

## 251۔تنگ دستی سے نکلنے اور خوشحالی کرنے کے لئے

| | | |
|---|---|---|
| اِذَا اَمْلَقْتُمْ فَتَاجِرُوااللّٰہَ بِالصَّدَقَۃِ . | 1 | جب کبھی تم پر تنگدستی آجائے تو تم صدقہ کے ذریعہ سے اللہ سے تجارت شروع کردو۔ |

## 252۔مہلت دے کر احسان کرکے تباہ کرنا

| | | |
|---|---|---|
| کَمْ مِّنْ مُسْتَدْرَجٍ بِالْاِحْسَانِ اِلَیْہِ ؛ | 1 | کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جن کو بتدریج احسان کرتے کرتے عذاب کا حقدار بنادیا جاتا ہے |
| وَمَغْرُوْرٍ بِالسَّتْرِعَلَیْہِ؛ | 2 | اور جو پردہ پوشی سے دھوکے میں مبتلا رہتے چلے جاتے ہیں۔ |
| وَمَفْتُوْنٍ بِحُسْنِ الْقَوْلِ فِیْہِ ؛ | 3 | اور اپنے متعلق اچھی باتیں سُن سُن کر فتنہ میں پڑے ہوئے ہیں۔ |
| وَمَاابْتَلَی اللّٰہُ سُبْحَانَہُ اَحَدً بِمِثْلِ الْاِمْلَاءِ لَہُ . | 4 | اور ایسی مہلت دینے سے بڑی خطرناک اور کوئی آزمائش نہیں ہوتی ہے۔ |

## 253۔(1)نورِ محمدیؐ کا ظہور وغلبہ(توبہ 9/32،الفتح48/28، الصّف61/8-9)

| | | |
|---|---|---|
| فَاِذَاکَانَ ذٰلِکَ ضَرَبَ یَعْسُوْبُ الدِّیْنِ بِذَنَبِہٖ ؛ | 1 | جب وہ زمانہ آئے گا تو مشکل کشائے عالم اور فرماں روائے دین اپنے تمام متعلقات پر تسلط حاصل کرے گا؛ |
| فَیَجْتَمِعُوْنَ اِلَیْہِ کَمَایَجْتَمِعُ قَزَعُ الْخَرِیْفِ . | 2 | اور اُسؑ کے بلانے پر انصارانِ اسلام اُن کے گرد اِس طرح جمع ہوجائیں گے جس طرح ساون کے بادل۔ |

## 254۔(2)جناب صعصعہؓ بن صوحان کی مدح فرمائی ہے

| | | |
|---|---|---|
| ھٰذَا الْخَطِیْبُ الشَّحْشَحُ . | 1 | یہ ایک نہایت قادرالکلام وخوش بیان خطیب ہے۔ |

## 255۔(3) قران میں مذکور خصومۃ کی طرف اشارہ ہے(بقرہ2/204-205)

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ لِلْخُصُوْمَۃِ قُحَمًا . | 1 | یقیناً خصومت کے لئے تباہیاں ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 256۔(4)لڑکیوں کو پہلے نمبر پر دَدھیال میں بیاہنا چاہئے

| | | |
|---|---|---|
| اِذَابَلَغَ النِّسَآءُ نَصَّ الْحَقَائِقِ ؛ فَالْعَصَبَةُ اَوْلٰی . | 1<br>2 | جب بیٹیاں واضح حقیقت، حدکمال، تک پہنچ جائیں تو،<br>اُن کے لئے دَدھیالی رشتے کے جوان پہلاحق رکھتے ہیں۔ |

## 257۔(5) ایمان کا نورانی نقطہ بڑھتا بھی ہے اور گھٹتا بھی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الْاِیْمَانَ یَبْدُوْ لُمْظَةً فِی الْقَلْبِ کُلَّمَا اَزْدَادَ الْاِیْمَانُ ازْدَادَتِ اللُّمْظَةُ . | 1 | یقیناً ایمان لُمظہ (سفید نشان) کی صورت میں دل کے اندر ظاہر ہوتا ہے اور جیسے جیسے ایمان بڑھتا جاتا ہے سفید نشان بھی بڑھتا جاتا ہے۔'' |

## 258۔(6)مہاجنوں کے مشکوک کھاتوں کا حساب اور زکوٰۃ

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الرَّجُلَ اِذَاکَانَ لَهُ الدَّیْنُ الظَّنُوْنُ یَجِبُ عَلَیْهِ اَنْ یُّزَکِّیَهُ لِمَامَضٰی اِذَاقَبَضَهُ . | 1 | یقیناً جو شخص کسی سے کوئی ایسی رقم وصول کرے جو قرض کے کھاتہ میں مشکوک رہتی چلی آرہی تھی اُسے چاہئے کہ وہ اُس رقم پر اپنے قبضہ میں آنے کی پوری مدت کی زکاۃ ادا کردے۔ |

## 259۔(7)جنگی مہمات میں جنسی خواہشات سے باز رہنا

| | | |
|---|---|---|
| اَنَّهُ شَیَّعَ جَیْشًایُغْزِیْهِ فَقَال : اَعْذِبُوْاعَنِ النِّسَآءِ مَااسْتَطَعْتُمْ. | 1 | واقعہ یہ تھا کہ علیؑ نے ایک فوج کو غزوہ پر روانہ کرنے کی خوب اشاعت کی تو اُسی سلسلے میں یہ بھی فرمایا کہ: جہاں تک تم سے ہوسکے عورتوں سے دل چسپی نہ لینا۔'' |

## 260۔ (8) یقین کے ساتھ کامیاب ہونے والا

| | | |
|---|---|---|
| کَالْیَاسِرِ الْفَالِجِ یَنْتَظِرُ اَوَّل فَوْزَةٍ مِنْ قِدَاحِهِ | 1 | وہ تو اُس جیتتے رہنے والے جوئے باز (جواری) کی طرح ہے جو جوئے کے پہلے ہی داؤ پر جیتنے کا انتظار کرتا ہے۔ |

## 261۔(9) رسولؐ اللہ مسلمانوں کی پناہ تھے

| | | |
|---|---|---|
| کُنَّااِذَا اَحْمَرَّالْبَاسُ اتَّقَیْنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِه<br>فَلَمْ یَکُنْ مِنَّا اَقْرَبُ اِلَی الْعَدُوِّمِنْهُ | <br>1 | جس وقت جنگ وقتل کی شدت بڑھ جاتی تھی تو ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی پناہ اختیار کرلیا کرتے تھے۔<br>چنانچہ ہم میں سے کوئی بھی دشمنوں سے اتنا قریب نہیں ہوتا تھا جتنا آنحضرتؐ ہوا کرتے تھے۔ |

## 262۔حضرت علیؑ حکمران تھے یا رعیّت؟

| | | |
|---|---|---|
| لَمَّا بَلَغَهُ اِغَارَةُ اَصْحَابِ مُعَاوِیَةَ عَلَی الْاَنْبَارِ فَخَرَجَ بِنَفْسِهٖ مَاشِیًاحَتّٰی اَتَی النُّخَیْلَةَ ؛ فَاَدْرَکَهُ النَّاسُ وَقَالُوْا: | | جب حضرت علی علیہ السلام کو یہ اطلاع ملی کہ معاویہ کے صحابہ نے فوج کے ساتھ شہر انبار پر لوٹ مار کے لئے غارتگری کا انتظام کیا ہے تو آپؑ بنفس نفیس پیدل چلتے ہوئے وادی نُخیلہ تک آئے علیؑ کو لوگوں نے آلیا اور عرض کیا کہ:۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| .''يَاامِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ نَحْنُ نَكْفِيكَهُمْ ''. | | ۔''یاامیر المومنین آپ کی طرف سے ہم معاویہ کے غارتگروں کیلئے کافی ہیں''۔ |
| فَقَالَ : | | آپؑ نے فرمایا:۔ |
| ''وَاللّٰهِ مَاتَكْفُوْنَنِىْ اَنْفُسَكُمْ فَكَيْفَ تَكْفُوْنَنِىْ غَيْرَكُمْ ؟ | 1 | قسم بخدا تم خود اپنے حملوں سے تو میرا بچاؤ کر نہیں سکتے پھر دوسروں کے حملے سے میرا بچاؤ کیسے کرسکو گے؟ |
| اِنْ كَانَتِ الرَّعَايَا قَبْلِىْ لَتَشْكُوْحَيْفَ رُعَاتِهَا فَاِنِّى الْيَوْمَ لَاَشْكُوْحَيْفَ رَعِيَّتِىْ؛ | 2 | مجھ سے پہلے کی رعیّت اپنے حکمرانوں کے ظلم وزیادتیوں کی شکایت کیا کرتی تھی اور آج یہ حال ہے کہ میں حکمران ہوتے ہوئے اپنی رعیّت کے ظلم وجبر کی شکایت کر رہا ہوں۔ |
| كَاَنَّنِىْ الْمَقُوْدُ وَهُمُ الْقَادَةُ ؛ اَوِالْمَوْزُوْعُ وَهُمُ الْوَزَعَةُ | 3 | گویا میں اُن کی قیادت کا پابند ہوں اور وہ میری قائد ہے، یا یہ کہ میں اُن کا حلقہ بگوش ہوں اور وہ حکمران ہے۔ |

## 263۔طلحہ وزبیر اور دیگر قریشیوں کے لئے مسلمانوں کی حیرانی

| | | |
|---|---|---|
| وَقِيْلَ اِنَّ الْحَارِثَ ابْنَ حُوْطٍ اَتَاهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَال :''اَتُرَانِىْ اَظُنُّ اَصْحَابَ الْجَمَلِ كَانُوْا عَلٰى ضَلَالَةٍ ؟ | | اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حارث ابن حُوط حضرتؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ ''کیا آپؑ کے خیال میں مجھے یہ گمان بھی ہوسکتا ہے کہ اصحابِ جنگِ جَمل گمراہ تھے؟ |
| فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَاحَارِثُ اِنَّكَ نَظَرْتَ تَحْتَكَ وَلَمْ تَنْظُرْ فَوْقَكَ فَحِرْتَ! | 1 | چنانچہ آپؑ نے فرمایا کہ اَے حارث تم نے اپنے نیچے کی طرف تو دیکھا مگر اوپر کی طرف نظر نہیں اُٹھائی اسلئے تم حیران ہوگئے۔ |
| اِنَّكَ لَمْ تَعْرِفِ الْحَقَّ فَتَعْرِفَ اَهْلَهُ ، وَلَمْ تَعْرِفِ الْبَاطِلَ فَتَعْرِفَ مَنْ اَتَاهُ ؟ فَقَالَ | 2 | حقیقت یہ ہے کہ تم نے حق کو پہچانا ہی نہیں جو اہل حق کو پہچانتے۔ اور نہ تم نے باطل کو شناخت کیا جو تم باطل پرستوں کو جانتے؟ |
| الْحَارِثُ فَاِنِّىْ اَعْتَزِلُ مَعَ سَعْدِ ابْنِ مَالِكٍ وَعَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ : | 3 | اس پر حارث نے کہا کہ میں سعد ابن مالک اور عبداللہ ابن عمر کے ساتھ گوشہ نشین ہوجاؤں گا۔ |
| فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّ سَعْدً وَّعَبْدَاللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ لَمْ يَنْصُرَ الْحَقَّ وَلَمْ يَخْذُلَاالْبَاطِلَ . | 4 | علی علیہ السلام نے جواب دیا کہ سعد بن مالک اور عبداللہ ابن عمر نے نہ تو حق کی مدد کی اور نہ ہی باطل کو بے یار ومددگار کیا۔'' |

## 264۔بادشاہ کا مصاحب شیر کے منہ میں

| | | |
|---|---|---|
| صَاحِبُ السُّلْطَانِ كَرَاكِبِ الْاَسَدِ: | 1 | بادشاہ کا مشیر ومصاحب اُس شخص کی مانند ہے جو شیر پر سواری کرتا ہے کہ:۔ |
| يُغْبَطُ بِمَوْقِعِهِ ، | 2 | اُس کی شان اور مرتبہ پر رشک کیا جاتا ہے، |
| وَهُوَاَعْلَمُ بِمَوْضِعِهِ . | 3 | اور وہ جانتا ہے کہ کس قدر نازک صورت حال سے دوچار ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 265۔دوسروں کے پس ماندگان پر احسان کا فائدہ؟

| | | |
|---|---|---|
| اَحْسِنُوْا فِیْ عَقِبِ غَیْرِکُمْ تُحْفَظُوْا فِیْ عَقِبِکُمْ. | 1 | دوسروں کے پس ماندگان کیساتھ احسان کرو تا کہ تمہارے پس ماندگان کی حفاظت کیجائے |

## 266۔دانشوران قوم کے فیصلوں پر اعتماد؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ کَلَامَ الْحُکَمَآءِ اِذَا کَانَ صَوَبًا کَانَ دَوَآءً ؛ | 1 | اگر اہلِ دانش کا کلام صحیح ہو تو وہ بیماری کی دوا ہوتا ہے۔ |
| وَاِذَا کَانَ خَطَاءً کَانَ دَاءً . | 2 | اور اگر دانشوروں کی بات غلط ہو تو وہ خود ایک بیماری ہوتی ہے۔ |

## 267۔اپنے بیانات کو یاد رکھنے کا تقاضہ فرمایا ہے

| | | |
|---|---|---|
| وَسَالَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ رَجُلٌ اَنْ يُّعَرِّفَهُ مَاالْاِيْمَانُ فَقَالَ | | ایک شخص نے علی علیہ السلام سے سوال کیا کہ اُسے ایمان سے متعارف کرائیں۔ تو فرمایا کہ:۔ |
| اِذَا کَانَ غَدٌ فَأْتِنِیْ حَتّٰی اُخْبِرَکَ عَلٰی اَسْمَاعِ النَّاسِ ؛ | 1 | جب کل کا دن آئے تو تُو میرے پاس آجانا میں تمہیں تمہارے سوال کا جواب مجمع عام میں دوں گا۔ |
| فَاِنْ نَسِیْتَ مَقَالَتِیْ حَفِظَهَا عَلَیْکَ غَیْرُکَ ؛ | 2 | تا کہ اگر تم میرے بیان کو بُھول جاؤ تو کوئی دوسرا تمہارے لئے اسے محفوظ کرلے۔ |
| فَاِنَّ الْکَلَامَ کَالشَّارِدَةِ یَنْقُفُهَا هٰذَا وَیُخْطِئُهَاهٰذَا. | 3 | چنانچہ کلام بھڑ کے ہوئے شکار کیطرح ہوتا ہے جو کسی کے ہاتھ سے نکل جاتا ہے اور کسی کے ہاتھ آجاتا ہے۔ |

## 268۔رزق کے تفکرات میں نہ اُلجھو

| | | |
|---|---|---|
| یَاابْنَ آدَمَ لَاتَحْمِلْ هَمَّ یَوْمِکَ الَّذِیْ لَمْ یَاْتِکَ عَلٰی یَوْمِکَ الَّذِیْ قَدْاَتَاکَ ؛ | 1 | اَے آدمؑ کے بیٹے تُو اُس دن کی فکر کا وزن آج کے دن پر نہ ڈال جو ابھی آیا ہی نہیں ہے۔(یعنی آج صرف آج کی فکر کر)۔ |
| فَاِنَّهُ اِنْ یَّکُ مِنْ عُمُرِکَ یَاتِ اللّٰهِ فِیْهِ بِرِزْقِکَ . | 2 | یہ اس لئے کہ اگر وہ دن تیری اپنی عمر ہی کا ایک دن ہے تو یقین رکھ کہ اُس دن کا تیرا رزق تجھے پہنچ کر رہے گا۔ |

## 269۔محبت اور عداوت کو قابو میں رکھا کرو

| | | |
|---|---|---|
| اَحْبِبْ حَبِیْبَکَ هَوْنًامَّا؛ | 1 | تم اپنے حبیب سے صرف ایک حد کے اندر اندر محبت کرو، |
| عَسٰی اَنْ یَّکُوْنَ بَغِیْضَکَ یَوْمًامَّا؛ | 2 | کیونکہ ہوسکتا ہے کہ کسی دن وہ تمہارا دشمن ہوجائے؛ |
| وَاَبْغِضْ بَغِیْضَکَ هَوْنًامَّا؛ | 3 | اور تم اپنے دشمن سے اپنی دشمنی کو بھی ایک مناسب حد کے اندر رکھو، |
| عَسٰی اَنْ یَّکُوْنَ حَبِیْبَکَ یَوْمًامَّا . | 4 | کیوں کہ یہ بھی ممکن ہے کہ وہ کسی دن تمہارا دوست ہوجائے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 270۔دُنیا کے لئے کام کرنے والے اور آخرت کمانے والے

| | | |
|---|---|---|
| اَلنَّاسُ فِی الدُّنْیَا عَامِلاَنِ : | 1 | دُنیا میں کام کرنے والے انسان دوطرح کے ہیں:۔ |
| عَامِلٌ عَمِلَ فِی الدُّنْیَا لِلدُّنْیَا قَدْ شَغَلَتْهُ دُنْیَاهُ عَنْ اٰخِرَتِهٖ ؛ | 2 | ایک وہ کام کرنے والے جو دُنیا میں دُنیا ہی کے کام کرتے ہیں اور دُنیا نے اُنہیں اس طرح مشغول کیا ہوا ہے کہ وہ آخرت سے غافل ہو چکے ہیں۔ |
| یَخْشٰی عَلٰی مَنْ یَخْلُفُهُ الْفَقْرَ وَیَامَنُهُ عَلٰی نَفْسِهٖ؛ | 3 | اور وہ اپنے بعد رہ جانے والے متعلقین کے عُسرت وفقر وفاقہ میں مبتلا ہونے سے تنگ دل ہوتے ہیں اور اپنی حالت پر مطمئن رہ کر دن گذارتے ہیں؛ |
| فَیُفْنِیْ عُمُرَهٗ فِیْ مَنْفَعَةِ غَیْرِهٖ ؛ | 4 | لہٰذا وہ اپنے پس ماندگان کی آسودہ حالی کے لئے اپنی ساری عمر فنا کر ڈالتا ہے۔ |
| وَعَامِلٌ عَمِلَ فِی الدُّنْیَا لِمَابَعْدَهَا فَجَآئَهُ الَّذِیْ لَهٗ مِنَ الدُّنْیَا بِغَیْرِ عَمَلٍ ؛ | 5 | دوسرا وہ عمل کرنے والا ہے جو دُنیا میں قیام کے دوران دُنیا کے بعد آنیوالی زندگی کیلئے کام کرتا ہے چنانچہ یہ شخص دُنیا کیلئے کام کئے بغیر ہی آخرت تک پہنچ جاتا ہے۔ |
| فَاَحْرَزَ الْحَظَّیْنِ مَعًا ؛ | 6 | اور دُنیا وآخرت دونوں کے حصے اور فائدے حاصل کر لیتا ہے |
| وَمَلَکَ الدَّارَیْنِ جَمِیْعًا ؛ | 7 | اور دونوں گھروں کا مالک بن جاتا ہے۔ |
| فَاَصْبَحَ وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ ؛ | 8 | اِدھر اللہ کے نزدیک باوقار ہو جاتا ہے۔ |
| لاَ یَسْاَلُ اللّٰهَ حَاجَةً فَیَمْنَعُهٗ . | 9 | اور اللہ سے جو بھی حاجت طب کرتا ہے اللہ اسے منع نہیں کرتا۔ |

## 271۔قریش اور عمر کعبہ کے زیورات فوج پر صرف کرنا چاہتے تھے

وَرُوِیَ اَنَّهٗ ذُکِرَ عِنْدَ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ فِیْ اَیَّامِهٖ حَلْیُ الْکَعْبَةِ وَکَثْرَتُهٗ ؛فَقَالَ قَوْمٌ :لَوْاَخَذْتَهٗ فَجَهَّزْتَ بِهٖ جُیُوْشَ الْمُسْلِمِیْنَ کَانَ اَعْظَمَ لِلْاَجْرِ وَمَاتَصْنَعُ الْکَعْبَهُ بِالْحَلْیِ ؟ فَهَمَّ عُمَرُ بِذٰلِکَ ،وَسَاَلَ عَنْهُ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلاَمُ

اور روایت کیا گیا ہے کہ عمر ابن خطاب کی خلافت کے دنوں میں کعبہ کے زیورات کی کثرت کا تذکرہ کیا گیا تھا۔تو قریشی قوم نے کہا تھا کہ اگر آپ کعبہ کے تمام زیورات مسلمانوں کی افواج کو مسلح اور منظّم کرنے پر صرف کر دیں اس کا بہت عظیم الشان اجر ہوگا ورنہ یہ کعبہ اِن زیورات کے ساتھ کیا کرے گا؟ چنانچہ عمر نے زیورات کو اتروانے کی مہم تیار کی اور اس سلسلے میں امیر المومنین علیہ السلام سے بھی پوچھ لیا تو،

| | | |
|---|---|---|
| فَقَالَ :اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَالْاَمْوَالُ اَرْبَعَةٌ : | 1 | علیؑ نے فرمایا کہ:جب قرآن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ پر نازل ہوا تو اس وقت چار قسم کے اموال موجود تھے۔ |
| اَمْوَالُ الْمُسْلِمِیْنَ فَقَسَّمَهَا بَیْنَ الْوَرَثَةِ | 2 | ایک مسلمانوں کا ذاتی مال تھا اُسے حضورؐ نے اُن کے وارثوں میں اُن کے فرض حصوں کے مطابق تقسیم کیا؛ |
| فِی الْفَرَائِضِ، وَالْفَیْءُ فَقَسَّمَهٗ عَلٰی مُسْتَحِقِّیْهِ، | 3 | دوسرا مال فَے تھا اُس کو اسکے مستحقین پر تقسیم کرنا طے کر دیا۔ |
| وَالْخُمُسُ فَوَضَعَهُ اللّٰهُ حَیْثُ وَضَعَهٗ ؛ | 4 | تیسرا مال خمس تھا اُسکو اللہ نے متعیّن کر دیا اور یہ معلوم ہے کہ کیسے متعیّن فرمایا؛ |
| وَالصَّدَقَاتُ فَجَعَلَهَا اللّٰهُ حَیْثُ جَعَلَهَا ؛ | 5 | اور چوتھا مال صدقات کی قسم کا تھا اُن کو بھی اللہ نے وہاں رکھا جہاں اُسے رکھنا تھا |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَ كَانَ حَلْيُ الْكَعْبَةِ فِيْهَا يَوْمَئِذٍفَتَرَكَهُ اللّٰهُ عَلٰى حَالِهِ | 6 | اور کعبہ کے یہ زیورات اُس وقت بھی موجود تھے اور آج بھی موجود ہیں اُن کو اللہ نے اِسی حال میں چھوڑ دیا تھا۔ |
| وَلَمْ يَتْرُكْهُ نِسْيَانًا؛ | 7 | اور اِس حال میں اُنہیں بُھول کر نہ چھوڑا تھا۔ |
| وَلَمْ يَخْفَ عَلَيْهِ مَكَانًا ؛ | 8 | اور نہ اِس لئے چھوڑا تھا کہ وہ اللہ سے پوشیدہ رہ گئے ہوں۔ |
| فَاَقَرَّهُ حَيْثُ اَقَرَّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلِهٖ ؛ | 9 | چنانچہ تو بھی اُن کو اُسی طرح رہنے دے جیسے اللہ ورسولؐ نے اُن کو برقرار رکھا تھا۔ |
| فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ ؛ | 10 | اُس پر عمر نے علیؑ سے کہا کہ:۔ |
| لَوْلَاکَ لَافْتَضَحْنَا' | 11 | اگر آپؑ موجود نہ ہوتے تو ہم ذلیل ورسوا ہو جاتے۔ |
| وَتَرَكَ الْحَلْيُ بِحَالِهٖ . | 12 | اور کعبہ کے زیورات کو بدستور رہنے دیا۔ |

## 272۔اللہ کا مال اللہ کے مال نے کھالیا

| | | |
|---|---|---|
| وَرُوِیَ اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ رُفِعَ اِلَيْهِ رَجُلَانِ سَرَقَامِنْ مَّالِ اللّٰهِ : اَحَدُهُمَا عَبْدٌ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ ،وَالْاٰخَرُمِنْ عُرُضِ النَّاسِ، | | اور روایت کیا گیا ہے کہ علی علیہ السلام پر دو اشخاص پیش کئے گئے جنہوں نے اللہ کے مال میں چوری کی تھی۔اُن میں سے ایک تو غلام اور بیت المال کی ملکیت تھا۔دوسرا لوگوں میں سے کسی کا غلام تھا۔ |
| فَقَالَ : | | علیؑ نے اُن کے سلسلے میں فرمایا کہ:۔ |
| اَمَّاهٰذَافَهُوَ مِنْ مَالِ اللّٰهِ وَلَاحَدَّ عَلَيْهِ ؛ | 1 | یہ شخص بیت المال کا غلام ہے لہٰذا اِس پر چوری کی حد جاری نہیں کی جاسکتی؛ |
| مَالُ اللّٰهِ اَكَلَ بَعْضُهٗ بَعْضًا ؛ | 2 | کیونکہ اللہ کے مال کا بعض حصہ خود اللہ کے مال نے کھالیا ہے؛ |
| وَاَمَّا الْاٰخَرُفَعَلَيْهِ الْحَدُّ ؛ | 3 | رہ گیا یہ دوسرا شخص اس پر البتہ چوری کی حد جاری کی جائے گی؛ |
| فَقَطَعَ يَدَهٗ . | 4 | چنانچہ اُس کا ہاتھ کاٹا گیا۔ |

## 273۔پہلی خلافتوں کی جاری کردہ غلط چیزیں.

| | | |
|---|---|---|
| لَوْقَدِاسْتَوَتْ قَدَمَایَ مِنْ هٰذِهِ الْمَدَاحِضِ لَغَيَّرْتُ اَشْيَآءَ . | 1 | اگر ان پھسلنے والے مقامات پر میرے دونوں قدم جمے رہے تو میں بہت سی غلط جاری کردہ چیزوں کو تبدیل کر دوں گا۔ |

## 274۔اللہ کے فیصلوں پر قائم رہنا مفید ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَعْلَمُوْااِعْلَمًا يَقِيْنًا اَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَجْعَلْ لِلْعَبْدِ.....، | 1 | تم لوگ یقینی علم سے نوٹ کرلو کہ اللہ نے کسی بھی بندے کو روز ازل سے دیا ہی نہیں ہے۔۔۔۔۔، |
| وَاِنْ عَظُمَتْ حِيْلَتُهٗ ' | | حالانکہ اُس کی تدبیریں عظیم الشان، |
| وَاشْتَدَّتْ طَلِبَتُهٗ ؛ | 2 | اور اُس کی جستجو بہت سخت، |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَقَوِيَتْ مَكِيْدَتُهُ ؛ | 3 | اوراُس کی چالیں اورمکر قوی ہے۔۔۔۔ |
| .....اَكْثَرَ مِمَّاسُمِّيَ لَهُ فِي الذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ؛ | 4 | اُس مقدار سے زیادہ جو ذِکرِ حکیم میں نامزد کی جا چکی تھی؛ |
| وَلَمْ يَحُلْ بَيْنَ الْعَبْدِفِيْ ضَعْفِهٖ وَقِلَّةِ حِيْلَتِهٖ ؛ | 5 | اورنہ ہی بندوں کی ناطاقتی اورتدبیروں کی کمی کی بناپراُن کے لئے کوئی رکاوٹ کھڑی کی ہے؛ |
| وَبَيْنَ اَنْ يَّبْلُغَ مَاسُمِّيَ لَهُ فِي الذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ؛ | 6 | کہ وہ ذکرحکیم میں مذکوررزق تک نہ پہنچ سکیں؛ |
| وَالْعَارِفُ لِهٰذَا الْعَامِلُ بِهٖ اَعْظَمُ النَّاسِ رَاحَةً فِيْ مَنْفَعَةٍ ؛ | 7 | اور وہ بندہ جواس حقیقت کا عارف ہے اور اِسی کے مطابق عمل کررہا ہے وہ |
| | 8 | تمام انسانوں سے راحت وآرام اورفائدہ میں عظیم الشان درجہ میں ہے۔ |
| والتَّارِكُ لَهُ الشَّاكُّ فِيْهِ اَعْظَمُ النَّاسِ شُغْلاً فِيْ مَضَرَّةٍ ؛ | 9 | اورجس نے اس حقیقت کونظرانداز کرکے مشکوک کردیا ہے وہ تمام انسانوں سے زیادہ نقصانات اُٹھانے میں مشغول ہے۔ |
| وَرُبَّ مُنْعَمٍ عَلَيْهِ مُسْتَدْرَجٌ بِالنُّعْمٰى ؛ | 10 | اور بہت سے نعمتیں پانے والے بتدریج عذاب کیطرف لائے جارہے ہیں۔ |
| وَرُبَّ مُبْتَلًى مَصْنُوْعٌ لَهُ بِالْبَلْوٰى ؛ | 11 | اور بہت سے لوگ آزمائشوں کے ذریعہ اللہ کے لطف وکرم کی طرف لائے جارہے ہیں۔ |
| فَزِدْ اَيُّهَا الْمُسْتَمِعُ فِيْ شُكْرِكَ ؛ | 12 | لہٰذا اَے سننے والے تُو اپنے شکر میں اضافہ کرتا جا؛ |
| وَقَصِّرْ مِنْ عَجَلَتِكَ ؛ | 13 | اوراپنی جلد بازی میں کمی کردے؛ |
| وَقِفْ عِنْدَ مُنْتَهٰى رِزْقِكَ . | 14 | اوراپنی روزی کی انتہا پرقائم رہ۔ |

## 275۔علم ویقین پرقائم رہو

| | | |
|---|---|---|
| لاَ تَجْعَلُوْا عِلْمَكُمْ جَهْلاً؛ | 1 | تم لوگ اپنے اپنے علم کو جہالت نہ بنالیا کرو؛ |
| وَيَقِيْنَكُمْ شَكًّا ؛ | 2 | اوراپنے یقین کوشک میں نہ ڈالو۔ |
| اِذَاعَلِمْتُمْ فَاعْمَلُوْا؛ | 3 | جب تمہیں علم ہوجائے توعمل کرو۔ |
| وَاِذَاتَيَقَّنْتُمْ فَاَقْدِمُوْا. | 4 | اورجب تمہیں یقین ہوجائے تواُس پراقدام کرلیا کرو۔ |

## 276۔طمع اورآرزوئیں کیا کچھ کرتی ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الطَّمَعَ مُوْرِدٌ غَيْرُمَصْدِرٍ ؛ | 1 | یقیناً حرص سیرابی کے کنارے پرلاتی ہے مگرسیرابی سے پہلے ہی پلٹادیتی ہے؛ |
| وَضَامِنٌ غَيْرُوَفِيٍّ ؛ | 2 | وہ ضمانت تولیتی ہے مگروفانہیں کرتی؛ |
| وَرُبَّمَا شَرِقَ شَارِبُ الْمَآءِ قَبْلَ رِيِّهٖ ؛ | 3 | اورایسا بھی ہوتا ہے کہ پانی پینے سے پہلے دَھکا لگ جاتا ہے۔ |
| وَكُلَّمَا عَظُمَ قَدْرُ الشَّيْءِ الْمُتَنَافَسِ فِيْهِ عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ لِفَقْدِهٖ ؛ | 4 | جتنی کسی چیز کی قدر ومنزلت اور رغبت زیادہ ہوتی ہے۔اُتنی ہی اُس کے کھوئے جانے پرتکلیف ہوا کرتی ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالْاَ مَانِیُّ تُعْمِیْ اَعْیُنَ الْبَصَائِرِ ؛ | 5 | آرزوئیں بصیرت کی آنکھوں کو اندھا کر دیا کرتی ہیں ؛ |
| وَالْحَظُّ یَاْتِیْ مَنْ لَا یَاْتِیْہِ . | 6 | اور جو کچھ حصے میں ہوتا ہے پہنچنے کی کوشش کے بغیر آجاتا ہے۔ |

## 277۔اللہ سے پناہ کس لئے مانگنا چاہئے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ تُحَسِّنَ فِیْ لاَمَعَۃِ الْعُیُوْنِ عَلاَنِیَتِیْ ؛ | 1 | اَے اللہ میں تجھ سے اِس صورت حال کیلئے پناہ چاہتا ہوں کہ میری ظاہری حالت تو لوگوں کی ظاہر بین نظروں میں بہت اچھی ہو ؛ |
| وَتُقَبِّحَ فِیْمَا اُبْطِنُ لَکَ سَرِیْرَتِیْ ؛ | 2 | اور جو کچھ میری پوشیدہ حالت ہے وہ تیری نگاہ میں بُری ہو ؛ |
| مُحَافِظًا عَلٰی رِئَاءِ النَّاسِ مِنْ نَفْسِیْ بِجَمِیْعِ مَااَنْتَ مُطَّلِعٌ عَلَیْہِ مِنِّیْ ؛ | 3 | اور میں لوگوں کو دکھانے اور اچھا کہلانے کی خاطر اُن چیزوں سے اپنی حفاظت میں لگا رہوں جن پر تُو میرے متعلق پوری طرح مطلع ہے ؛ |
| فَاُبْدِیَ لِلنَّاسِ حُسْنَ ظَاھِرِیْ ، | 4 | اِسطرح میں لوگوں کے سامنے اچھا کہلانے کیلئے ظاہری نمائش کرتا رہوں، |
| وَاُفْضِیَ اِلَیْکَ بِسُوْءِ عَمَلِیْ، | 5 | اور تیرے سامنے اپنی بداعمالیوں کو پیش کرتا چلا جاؤں۔ |
| تَقَرُّبًا اِلٰی عِبَادِکَ ؛ | 6 | لہٰذا تیرے بندوں کی قربت حاصل کرتا رہوں۔ |
| وَتَبَاعُدًا مِّنْ مَّرْضَاتِکَ . | 7 | اور تیری خوشنودی سے دُور ہوتا چلا جاؤں۔ |

## 278۔حضرت قائم قیامؑ کے زمانہ پر اشارہ فرمایا ہے

| | | |
|---|---|---|
| لاَوَالَّذِیْ اَمْسَیْنَا مِنْہُ فِیْ غُبَّرِ لَیْلَۃٍ دَھْمَآءَ تَکْشِرُ عَنْ یَوْمٍ اَغَرَّ مَاکَانَ کَذَاوَکَذَا . | 1 | اُس ہستیؑ کی قسم جسکے سہارے ہم نے ایک ایسی گہری کالی رات بسر کر لی ہے جسکے بعد ایک شاندار دِن نمودار ہوگا ایسا اور ایسا نہ ہوگا۔ |

## 279۔کام پابندی سے کرو خواہ تھوڑا ہو

| | | |
|---|---|---|
| قَلِیْلٌ تَدُوْمُ عَلَیْہِ اَرْجٰی مِنْ کَثِیْرٍ مَمْلُوْلٍ مِنْہُ . | 1 | پابندی سے کیا جانے والا تھوڑا سا کام بھی اُس زیادہ کام سے زیادہ مفید ہے جس سے دِل اُکتا جائے۔ |

## 280۔نوافل اور سُنّتیں فرائض کے ماتحت ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اِذَااَضَرَّتِ النَّوَافِلُ بِالْفَرَائِضِ فَارْفُضُوْھَا | 1 | جب عام چیزیں فرائض کو نقصان پہنچائیں تو ان سے منہ موڑ لو۔ |

## 281۔مسافت کو یاد رکھنے والا کامیاب ہوتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ تَذَکَّرَ بُعْدَ السَّفَرِ اسْتَعَدَّ . | 1 | جس نے مسافت کی دُوری کو یاد رکھا وہ سفر پر آمادہ رَہا۔ |

## 282۔صرف آنکھیں ہی دیکھنے کا ذریعہ نہیں (عقل مغالطہ نہیں دیتی)

| | | |
|---|---|---|
| لَیْسَتِ الرُّؤْیَۃُ مَعَ الْاَبْصَارِ فَقَدْ تَکْذِبُ الْعُیُوْنُ اَھْلَھَا ؛ | 1 | آنکھوں سے دیکھنا ہی صرف دیکھنا نہیں ہوتا اسلئے کہ آنکھیں تو کبھی کبھی |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | اپنے مالکوں کو غلط بھی دکھاتی ہیں۔ |
| وَلاَ یَغُشُّ الْعَقْلُ مَنِ اسْتَنْصَحَهُ . | 2 | مگر عقل کبھی اُس شخص کو مغالطہ نہیں دیتی جو اُس سے نصیحت طلب کرتا ہے۔ |

## 283۔نصیحت کے لئے غفلت ایک پردہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الْمَوْعِظَةِ حِجَابٌ مِنَ الْغِرَّةِ. | 1 | تمہارے اور نصیحت کے درمیان غفلت کا ایک بڑا پردہ حائل ہے۔ |

## 284۔عالم کہلانے والے گھاٹے میں رہتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| جَاهِلُکُمْ مُزْدَادٌ ؛ | 1 | تمہارا جاہل بڑھاتا رہتا ہے۔ |
| وَعَالِمُکُمْ مُسَوِّفٌ . | 2 | اور تمہارا عالم ٹال مٹول کرتا رہتا ہے۔ |

## 285۔علم ہو تو عذرات ختم ہو جاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| قَطَعَ الْعِلْمُ عُذْرَ الْمُعَلِّلِیْنَ . | 1 | علم بہانہ بازوں کے عُذر کو منقطع کر دیتا ہے۔ |

## 286۔نہ جلدی پسند نہ تاخیر اچھی

| | | |
|---|---|---|
| کُلُّ مُعَاجَلٍ یَسْاَلُ الْاِنْظَارَ ؛ | 1 | ہر وہ شخص جس پر جلدی کرنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے مہلت مانگنے لگتا ہے۔ |
| وَکُلُّ مُؤَجَّلٍ یَتَعَلَّلُ بِالتَّسْوِیْفِ . | 2 | اور ہر وہ شخص جس پر جلدی کا تقاضہ نہ ہو اور مہلت دی جائے وہ دیر کرنے کے بہانے ڈھونڈتا ہے۔ |

## 287۔سوچ سمجھ کر خیر باد کہا کرو

| | | |
|---|---|---|
| مَاقَالَ النَّاسُ لِشَیْءٍ طُوْبٰی لَهُ اِلَّاوَقَدْ خَبَاَلَهُ الدَّهْرُ یَوْمَ سُوْءٍ . | 1 | لوگ کسی بھی چیز پر خیر باد نہیں کہتے سوائے اِس کے کہ اُس چیز کے لئے ایک بُرا دن زمانہ کی بغل میں چُھپا ہوا ہوتا ہے۔ |

## 288۔مقدّرات کے چکر میں نہ پڑو

| | | |
|---|---|---|
| قَدْسُئِلَ عَنِ الْقَدَرِفَقَالَ عَلَیْهِ السَّلاَمُ : | | علی علیہ السلام سے مقدرات کے متعلق معلوم کیا گیا تو فرمایا: |
| طَرِیْقٌ مُظْلِمٌ فَلاَ تَسْلُکُوْهُ ؛ | 1 | یہ ایک تاریک راستہ ہے اِس کو اختیار نہ کرنا؛ |
| وَبَحْرٌ عَمِیْقٌ فَلاَ تَلِجُوْهُ ؛ | 2 | اور یہ ایک گہرا سمندر ہے اس میں نہ اُترنا۔ |
| وَسِرُّاللّٰهِ فَلاَ تَتَکَلَّفُوْهُ . | 3 | اور یہ اللہ کا راز ہے اس کو جاننے کی زحمت نہ کرو۔ |

## 289۔پستی مسلّط ہو تو علم منقطع کر دیا جاتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِذَا اَرْذَلَ اللّٰهُ عَبْدًا حَظَرَ عَلَیْهِ الْعِلْمَ. | 1 | جیسے ہی اللہ کسی بندے کو پستی سے دوچار کرتا ہے اس پر علم کو منع کر دیتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 290۔علیؑ کیسے شخص کو اپنا بھائی فرماتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| كَانَ لِيْ فِيْمَا مَضٰى اَخٌ فِي اللّٰهِ ؛ | 1 | گذشتہ زمانہ میں میرا ایک اللہ سے متعلق بھائی ہوا کرتا تھا۔ |
| وَكَانَ يُعَظِّمُهُ فِيْ عَيْنِيْ صِغَرُ الدُّنْيَا فِيْ عَيْنِهِ؛ | 2 | میری نظروں میں اُسکی عظمت اسلئے تھی کہ یہ دُنیا اُسکی نظروں میں بہت حقیر تھی؛ |
| وَكَانَ خَارِجًا مِّنْ سُلْطَانِ بَطْنِهٖ فَلَا يَشْتَهِيْ مَالَا يَجِدُ وَلَا يُكْثِرُ اِذَا وَجَدَ ؛ | 3 | اور اسلئے بھی کہ وہ پیٹ کی حکمرانی سے خارج تھا اور جو جو چیزیں اُسے میسر نہ تھیں اُن کی پرواہ نہ کرتا تھا اور جب میسر آجاتی تھیں تو اُنہیں زیادہ رغبت سے استعمال نہ کرتا تھا؛ |
| وَكَانَ اَكْثَرَ دَهْرِهٖ صَامِتًا ؛ | 4 | اور اُس کا زیادہ وقت خاموشی میں گذرتا تھا۔ |
| فَاِنْ قَالَ بَذَّ الْقَائِلِيْنَ ؛ | 5 | اور اگر بولتا تھا تو غلط بات کرنے والوں کو خاموش کر دیتا تھا۔ |
| وَنَقَعَ غَلِيْلَ السَّائِلِيْنَ؛ | 6 | اور سوال کرنے والوں کی پیاس بجھا کر چھوڑتا تھا۔ |
| وَكَانَ ضَعِيْفًا مُسْتَضْعَفًا؛ | 7 | اور ویسے تو وہ عاجز و کمزور تھا؛ |
| فَاِنْ جَآءَ الْجِدُّ فَهُوَ لَيْثُ غَادٍ وَصِلُّ وَادٍ ؛ | 8 | مگر جہاد اور کوشش کا موقع آجاتا تو وہ جنگل کا شیر اور وادی کا اژدھا ثابت ہوتا تھا۔ |
| لَا يُدْلِيْ بِحُجَّةٍ حَتّٰى يَاْتِيَ قَاضِيًا ؛ | 9 | اُس کی پیش کردہ حجت فیصلہ کن ہوتی تھی؛ |
| وَكَانَ لَا يَلُوْمُ اَحَدًا عَلَى مَا يَجِدُ الْعُذْرَ فِيْ مِثْلِهٖ حَتّٰى يَسْمَعَ اعْتِذَارَهٗ ؛ | 10 | وہ قابل قبول عذر ہوتے ہوئے کسی کو ملامت نہ کرتا تھا اور جب تک عذر و معذرت سن نہ لے اعتراض نہ کرتا تھا۔ |
| وَكَانَ لَا يَشْكُوْ وَجَعًا اِلَّا عِنْدَ بُرْئِهٖ ؛ | 11 | اپنی کسی درد و تکلیف کا شکوہ نہ کرتا تھا البتہ تکلیف دُور ہو جانے کے بعد ذکر کرتا تھا۔ |
| وَكَانَ يَفْعَلُ مَا يَقُوْلُ وَلَا يَقُوْلُ مَا لَا يَفْعَلُ ؛ | 12 | اور جو کچھ کرتا تھا وہی کچھ کہتا بھی تھا اور جو کچھ نہ کرتا تھا اُسے کہتا بھی نہ تھا۔ |
| وَكَانَ اِنْ غُلِبَ عَلَى الْكَلَامِ لَمْ يُغْلَبْ عَلَى السُّكُوْتِ ؛ | 13 | اور اگر باتوں میں کبھی مغلوب بھی ہو جاتا تو خاموشی میں تو کبھی مغلوب نہ ہوتا تھا۔ |
| وَكَانَ عَلٰى اَنْ يَسْمَعَ اَحْرَصَ مِنْهُ اَنْ يَتَكَلَّمَ ؛ | 14 | وہ بولنے اور باتیں کرنے سے کہیں زیادہ باتیں سننے کا حریص تھا۔ |
| وَكَانَ اِذَا بَدَهَهُ اَمْرَانِ نَظَرَ اَيُّهُمَا اَقْرَبُ اِلَى الْهَوٰى فَخَالَفَهٗ ؛ | 15 | اور جب بھی اُس کے سامنے دو چیزیں آجاتی تھیں تو وہ دیکھتا تھا کہ اُن دونوں میں سے کون سی چیز خواہشات نفسانی کے قریب تر ہے تو اُسی کی مخالفت کیا کرتا تھا۔ |
| فَعَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الْخَلَائِقِ فَالْزَمُوْهَا وَتَنَافَسُوْا فِيْهَا؛ | 16 | تم پر لازم ہے کہ تم اُن اخلاق و عادات کو اختیار کرو اور اُن میں ایک دوسرے سے بازی لے جاؤ۔ |
| فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِيْعُوْهَا فَاعْلَمُوْا اَنَّ اَخْذَ الْقَلِيْلِ خَيْرٌ مِّنْ تَرْكِ الْكَثِيْرِ . | 17 | اور اگر تم اُن سب کو اختیار کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ہو تو سمجھ لو کہ تھوڑے سے کو اختیار کر لینا بہت سے کو چھوڑ دینے سے بہتر ہوتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 291۔اللہ کی نافرمانی ہی ناشکری ہے

| | | |
|---|---|---|
| لَوْلَمْ يَتَوَعَّدَ اللّٰهُ عَلٰى مَعْصِيَتِهٖ لَكَانَ يَجِبُ اَنْ لَّايُعْصٰى شُكْرًا لِنِعَمِهٖ . | 1 | اگر خداوند عالم نے اپنی نافرمانی کرنے والوں کو عذاب سے نہ بھی ڈرایا ہوتا تب بھی اُس کی دی ہوئی نعمتوں پر شکر کا تقاضہ یہ تھا کہ اُس کی نافرمانیاں نہ کی جاتیں۔ |

## 292۔پسر مردہ شخص کی تعزیت اور پُرسہ

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْعَزّٰى الْاَشْعَثَ ابْنَ قَيْسٍ عَنِ ابْنٍ لَهٗ : | 1 | اشعث ابنِ قیس کو اُس کے بیٹے پر پرسہ دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ :۔ |
| يَااَشْعَثُ؛اِنْ تَحْزَنْ عَلٰى ابْنِكَ فَقَدِاسْتَحَقَّتْ | | اَے اَشعث اگر تم اپنے بیٹے کی موت پر حُزن وملال کرو تو یہ اتنا قریبی رشتہ اِس کا حقدار |
| مِنْكَ ذٰلِكَ الرَّحِمُ ؛ | 2 | ہے کہ رنج وملال کیا جائے۔ |
| وَاِنْ تَصْبِرْفَفِى اللّٰهِ مِنْ كُلِّ مُصِيْبَةٍ خَلَفٌ ؛ | | اور اگر تم اِس قریبی رشتہ پر بھی صبر کرلو تو اللہ کے یہاں ہر مصیبت پر ایک بدلا مقرر ہے؛ |
| يَااَشْعَثُ اِنْ صَبَرْتَ جَرٰى عَلَيْكَ الْقَدَرُ وَاَنْتَ مَاجُوْرٌ ؛ | 3 | اَے اَشعث اگر تم صبر پر قائم رہے تو اللہ کی طرف سے تم پر اجر وثواب کی تقدیر جاری ہوگی اور تم ماجور ہوگے؛ |
| وَاِنْ جَزِعْتَ جَرٰى عَلَيْكَ الْقَدَرُوَاَنْتَ مَازُوْرٌ؛ | 4 | اور اگر تم نے صدمہ سے آہ وواویلا کیا اور شور مچایا تب بھی تقدیرِ الٰہی جاری ہوگی مگر اس صورت میں تم پر گناہ کا بوجھ بھی ہوگا۔ |
| يَااَشْعَثُ ابْنُكَ سَرَّكَ وَهُوَ بَلَاءٌ وَّفِتْنَةٌ ؛ | 5 | اَے اَشعث تمہارا بیٹا تمہارے لئے اطمینان اور شادمانی کا سامان معلوم ہوتا تھا حالانکہ وہ ایک آزمائش اور فتنہ تھا؛ |
| وَحَزَنَكَ وَهُوَ ثَوَابٌ وَّرَحْمَةٌ . | 6 | اور اَے اَشعث وہی بیٹا مر کر تمہارا حُزن وملال کا سبب ہوا حالانکہ وہ تمہارے لئے رحمت اور ثواب تھا۔ |

## 293۔دفناتے ہوئے رسولؐ اللہ سے خطاب ورُخصت

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلٰى قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ سَاعَةَ دُفِنَ : | | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو دفن کرتے ہوئے علی علیہ السلام نے بطور رُخصت اور اظہار صدمہ عرض کیا تھا کہ:۔ |
| اِنَّ الصَّبْرَالْجَمِيْلُ اِلَّاعَنْكَ ؛ | 1 | یقیناً موت پر صبر کرنا اچھی چیز ہے مگر آپؐ کی موت پر نہیں؛ |
| وَاِنَّ الْجَزَعَ لَقَبِيْحٌ اِلَّاعَلَيْكَ ؛ | 2 | اور یقیناً موت پر واویلا اور فریاد کرنا بُری چیز ہے مگر آپؐ کی موت پر نہیں۔ |
| وَاِنَّ الْمُصَابَ بِكَ لَجَلِيْلٌ ؛ | 3 | اور حق یہ ہے کہ آپؐ کی موت کی مصیبت بڑی مصیبت ہے۔ |
| وَاِنَّهٗ قَبْلَكَ وَبَعْدَكَ لَجَلَلٌ . | 4 | اور آپؐ سے پہلے بھی اور آپؐ کے بعد بھی ہر آنیوالی مصیبت اِس مصیبت سے بہت کم رہی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 294۔احمق کی صحبت کا نتیجہ

| | | |
|---|---|---|
| لاَ تَصْحَبِ الْمَائِقَ فَاِنَّهُ يُزَيِّنُ لَکَ فِعْلَهُ ؛ | 1 | اَحمق کا ہم نشین وہم صحبت نہ رہنا ورنہ وہ اپنے طریق کار کو خوشنما بنا کر پیش کرے گا |
| وَيَوَدُّاَنْ تَکُوْنَ مِثْلَهُ . | 2 | اور چاہے گا کہ تم اُسی کی مثل ہو جاؤ۔ |

## 295۔مشرق ومغرب کے درمیان کا فاصلہ یا سفر؟

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ سُئِلَ عَنْ مَّسَافَةِ مَابَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ؛ فَقَال عَلَيْهِ السَّلاَمُ : | | علی علیہ السلام سے مشرق اور مغرب کے درمیان کی مسافت معلوم کی گئی کہ کتنی ہے؟ آپ نے فرمایا کہ:۔ |
| مَسِيْرَةُ يَوْمٍ لِلشَّمْسِ . | 1 | ''سورج کے ایک دن کا سفر''۔ |

## 296۔دوستوں اور دشمنوں کی قسمیں

| | | |
|---|---|---|
| اَصْدِقَاؤُکَ ثَلاَثَةٌ ؛ | 1 | تمہارے تین طرح کے دوست ہیں۔ |
| وَاَعْدَاؤُکَ ثَلاَثَةٌ ؛ | 2 | اور تین ہی طرح کے دشمن بھی ہیں۔ |
| فَاَصْدِقَاؤُکَ صَدِيْقُکَ ؛ | 3 | تمہارے دوست مگر اوروں سے لاتعلق رہنے والے۔ |
| وَصَدِيْقُ صَدِيْقِکَ ؛ | 4 | تمہارے دوست اور دوستوں کے بھی دوست۔ |
| وَعَدُوُّعَدُوِّکَ ؛ | 5 | تمہارے دوست اور تمہارے دشمنوں کے دشمن۔ |
| وَاَعْدَاؤُکَ عَدُوُّکَ ؛ | 6 | اور تمہارے دشمن مگر اوروں سے لاتعلق۔ |
| وَعَدُوُّصَدِيْقِکَ ؛ | 7 | تمہارے دشمن تمہارے دوستوں کے بھی دشمن۔ |
| وَصَدِيْقُ عَدُوِّکَ . | 8 | تمہارے دوست مگر تمہارے دشمنوں کے بھی دوست۔ |

## 297۔اپنے سینے سے نیزہ گذرا کر پیچھے والے دشمن کو قتل کرنا

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لِرَجُلٍ رَاٰهُ يَسْعٰى عَلٰى عَدُوِّلَهُ: بِمَافِيْهِ اِضْرَارٌبِنَفْسِهِ : | | علی علیہ السلام نے ایک ایسے شخص کو دیکھا جو اپنے دشمن کو ایسی چیز سے نقصان پہنچانے کی کوشش میں تھا جس سے خود اُس کو نقصان پہنچ سکتا تھا تو آپؑ نے فرمایا کہ:۔ |
| اِنَّمَاانْتَ کَالطَّاعِنِ نَفْسَهُ لِيَقْتُلَ رِدْفَهُ. | 1 | تم تو اُس شخص کی مانند ہو جو اپنے پیچھے بیٹھے ہوئے سوار کو قتل کرنے کیلئے اپنے سینے میں سے نیزہ گذار دے۔'' |

## 298۔نصیحتوں کی بہتات ہے مگر نتائج قلیل ہیں

| | | |
|---|---|---|
| مَااَکْثَرَ الْعِبَرَ وَاَقَلَّ الْاِعْتِبَارَ. | 1 | نصیحتوں کی کتنی کثرت ہے اور اُنسے سبق آموزی کتنی کم ہے؟ |

## 299۔قاصد کا کام اور خط کا اثر؟

| | | |
|---|---|---|
| رَسُوْلُکَ تَرْجُمَانُ عَقْلِکَ ؛ وَکِتَابُکَ | 1 | تمہارا قاصد تمہاری عقل کا ترجمان ہوتا ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اَبْلَغُ مَایَنْطِقُ عَنْکَ . | 2 | اورتمہاری طرف سے کامیاب بولنے والاتمہارا خط ہے۔ |

## 300۔جھگڑااور جھگڑنے کے متعلقین

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ بَالَغَ فِی الْخَصُوْمَۃِ اَثِمَ ؛ | 1 | جو جھگڑے میں حد سے بڑھ جائے وہ گنہگار ہے۔ |
| وَمَنْ قَصَّرَ فِیْھَا ظُلِمَ ؛ | 2 | اور جو جھگڑنے میں کمی کرے اُس پر ظلم کیا جاتا ہے۔ |
| وَلاَ یَسْتَطِیْعُ اَنْ یَّتَّقِیَ اللّٰہَ مَنْ خَاصَمَ . | 3 | اور جو جھگڑتا رہتا ہے اللہ کا تقویٰ اختیار کرنے کی قدرت نہیں رکھتا۔ |

## 301۔گناہ کے بعد دو رکعت نماز فوری اور عافیت طلبی

| | | |
|---|---|---|
| مَا اَھَمَّنِیْ ذَنْبٌ اُمْھِلْتُ بَعْدَہٗ حَتّٰی اُصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ ؛ | 1 | وہ گناہ اندوہناک نہیں کرتا جس کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کہ میں دو رکعت نماز پڑھ سکوں؛ |
| وَاَسَالُ اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ ؛ | 2 | اور اللہ سے خیر وعافیت طلب کروں۔ |

## 302۔رزق دینے میں دِقت نہیں تو حساب میں دِقت کیوں؟

| | | |
|---|---|---|
| سُئِلَ عَلَیْہِ السَّلاَمُ کَیْفَ یُحَاسِبُ اللّٰہُ الْخَلْقَ عَلٰی کَثْرَتِھِمْ؟ | | علی علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ لاتعداد مخلوق کا حساب کیسے لیا جائے گا؟ آپؑ نے فرمایا کہ:۔ |
| فَقَالَ : کَمَایَرْزُقُھُمْ عَلٰی کَثْرَتِھِمْ ؛ فَقِیْلَ : کَیْفَ یُحَاسِبُھُمْ وَلاَ یَرَوْنَہٗ ؟ | 1 | جیسے لاتعداد مخلوق کو رزق دیتا ہے؛ پوچھا گیا کہ کیسے حساب لیگا جبکہ اُسے مخلوق دیکھے گی نہیں؟ |
| کَمَایَرْزُقُھُمْ وَلاَ یَرَوْنَہٗ . | 2 | جیسے بغیر نظر آئے رزق دیتا ہے؟ |

## 303۔اللہ سے اُسے بھی ہوشیار رہنا چاہئے جو چین سے رہتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَاالْمُبْتَلَی الَّذِی قَدِاشْتَدَّبِہِ الْبَلاَءُ بِاَحْوَجَ اِلَی الدُّعَاءِ مِنَ الْمُعَافَی الَّذِیْ لاَ یَاْمَنُ الْبَلاَءَ . | 1 | ایسا آدمی جو سختیوں اور آزمائشوں میں مبتلا ہو وہ جتنا زیادہ دعاؤں کا محتاج ہوتا ہے اس سے کم دعاؤں کا محتاج وہ شخص نہیں جو کہ بلاؤں اور آفتوں میں نہیں ہے۔ |

## 304۔فقیر اور مسکین کو نہ دینا اللہ کو نہ دینا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الْمِسْکِیْنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَمَنْ مَنَعَہٗ فَقَدْ مَنَعَ اللّٰہَ ؛ وَمَنْ اَعْطَاہُ فَقَدْ اَعْطَی اللّٰہَ . | 1 | یقیناً ایک مسکین وفقیر شخص اللہ کا بھیجا ہوا پیغامبر (رسول) ہوا کرتا ہے۔ |
| | 2 | جو اُسے دینے سے انکار کرتا ہے وہ اللہ کو دینے کا انکار کرتا ہے اور جو اُسے دیتا ہے وہ اللہ کو دیتا ہے۔ |

## 305۔اپنی ماں سے محبت کرنے والا قابل ملامت نہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلنَّاسُ اَبْنَاءُ الدُّنْیَا ؛ | 1 | یہ لوگ دُنیا کے بیٹے ہیں۔ |
| وَلاَ یُلاَمُ الرَّجُلُ عَلٰی حُبِّ اُمِّہٖ . | 2 | لہٰذا کسی کو اپنی ماں سے محبت کرنے پر ملامت نہیں کی جاسکتی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 306۔غیور شخص ہرگز زنا نہیں کرتا

| | | |
|---|---|---|
| مَازَنَیٰ غَیُوْرٌ قَطُّ. | 1 | ایک غیور شخص ہرگز زنا نہیں کرسکتا۔ |

## 307۔موت خُود اچھا محافظ ہے

| | | |
|---|---|---|
| کَفٰی بِالْاَجَلِ حَارِسًا. | 1 | مُدتِ حیات حفاظت کے لئے کافی ہے۔ |

## 308۔نیند کا مال کے ساتھ کتنا تعلق ہے

| | | |
|---|---|---|
| یَنَامُ الرَّجُلُ عَلَی الثُّکْلِ، | 1 | آدمی اپنے بیٹے کی موت پر تو سو جاتا ہے مگر |
| وَلَا یَنَامُ عَلَی الْحَرَبِ. | 2 | اموال لٹنے پر اُسے نیند نہیں آتی۔ |

## 309۔مودۃ عام رشتہ داری سے زیادہ اہم ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَوَدَّۃُ الْاٰبَآءِ قَرَابَۃٌ بَیْنَ الْاَبْنَآءِ ؛ | 1 | آباؤ اجداد کی احترام بھری محبت بیٹوں کے اندر قربت اور رشتہ داری ہے۔ |
| وَالْقَرَابَۃُ اَحْوَجُ اِلَی الْمَوَدَّۃِ مِنَ الْمَوَدَّۃِ اِلَی الْقَرَابَۃِ . | 2 | اور قربت و رشتہ داری کو احترام آمیز محبت کی زیادہ محتاجگی ہے بہ نسبت مودۃ کے قرابت کے مقابلے میں۔ |

## 310۔مومنین کی زبان سے حق بات نکلنا طے شدہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِتَّقُوْا ظُنُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَاِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰی اَلْسِنَتِھِمْ . | 1 | مومنین کے گمان سے پرہیز کرو حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے مومنین کی زبان پر حق مقرر کر رکھا ہے۔'' |

## 311۔ایمان کی تصدیق کا عملی طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| لَایَصْدُقُ اِیْمَانُ عَبْدٍ حَتّٰی یَکُوْنَ بِمَافِیْ یَدِ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ اَوْثَقَ مِنْہُ بِمَافِیْ یَدِہٖ . | 1 | کسی بندے کا ایمان اُس وقت تک سچا نہیں ہوتا جب تک وہ اُن چیزوں پر زیادہ مضبوطی سے یقین نہ رکھتا ہو بہ نسبت اُن چیزوں کے جو خود اُس کے اپنے ہاتھ میں ہیں۔ |

## 312۔انس بن مالک کا جزام میں مبتلا ہونا

قَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لِاَنَسِ ابْنِ مَالِکٍ وَقَدْ کَانَ بَعَثَہٗ اِلٰی طَلْحَۃَ وَالزُّبَیْرِ لَمَّاجَاءَ اِلَی الْبَصْرَۃِ یُذَکِّرُھُمَا شَیْئًا قَدْسَمِعَہٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ فِیْ مَعْنَا ھُمَا فَلَوٰی عَنْ ذٰلِکَ فَرَجَعَ فَقَالَ :''اِنِّیْ اُنْسِیْتُ ذٰلِکَ الْاَمْرَ :

جب علی علیہ السلام بصرہ میں جنگ جمل کیلئے آئے تو مالک ابن انس کو طلحہ اور زبیر کے پاس بھیجا تھا تا کہ اُن دونوں کو ایسے چند کلمات یاد دلائیں جو طلحہ و زبیر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے سنے تھے اور آج اُن کی حالت اُن ہی کلمات کے مطابق تھی۔مگر مالک ابن انس نے طلحہ و زبیر کو وہ کلمات سنانا پسند نہ کیا اور واپس آگئے اور کہہ دیا کہ میں وہ کلمات کہنا بھول گیا تھا۔اس پر علیؑ نے فرمایا کہ:۔

| | | |
|---|---|---|
| اِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَضَرَبَکَ اللّٰہُ بِھَا بَیْضَآءَ لَامِعَۃً لَا تُوَارِیْھَا الْعِمَامَۃُ . | 1 | ''اگر تو اپنے بیان میں جھوٹا ہے تو اللہ تمہیں ایسے چمکتے ہوئے سفید داغ میں مبتلا کرے کہ جسے تمہارا عمامہ بھی چھپا نہ سکے''۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 313۔دلوں سے کام لینے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ لِلْقُلُوْبِ اِقْبَالاً وَاِدْبَارًا ؛ | 1 | یقیناً دل کبھی اُمنگ میں ہوتے ہیں اور کبھی پست ہمت ہوتے ہیں۔ |
| فَاِذَا اَقْبَلَتْ فَاحْمِلُوْهَاعَلَى النَّوَافِلِ ؛ وَاِذَااَدْبَرَتْ | 2 | لہٰذا وہ اُمنگ میں ہوں تو اُن سے نوافل کا بوجھ اٹھواؤ۔ |
| فَاقْتَصِرُوْابِهَاعَلَى الْفَرَائِضِ. | 3 | اور جب پست ہمت ہوں تو اُن سے فرائض ادا کراؤ۔ |

## 314۔قرآن کی ہمہ گیر پوزیشن

| | | |
|---|---|---|
| فِى الْقُرْاٰنِ نَبَاماَقَبْلَكُمْ ؛ | 1 | قرآن میں تم سے پہلے کی تمام خبریں ہیں، |
| وَخَبَرُ مَابَعْدَ كُمْ ؛ | 2 | اور تمہارے بعد کی بھی تمام خبریں ہیں، |
| وَحُكْمُ مَابَيْنَكُمْ . | 3 | اور تمہارے متعلق تمام احکام ہیں۔ |

## 315۔سنگ اندازی کا تدارک پتھر اور شر ہے

| | | |
|---|---|---|
| رُدُّوْاالْحَجَرَ مِنْ حَيْثُ جَآءَ ؛ | 1 | جدھر سے پتھر مارا جائے تم اُس پتھر کو اُدھر ہی مارو۔ |
| فَاِنَّ الشَّرَّلاَ يُدْ فَعُهُ اِلَّاالشَّرُّ . | 2 | کیوں کہ شر انگیزی کا تدارک شر انگیزی ہی ہونا چاہئے۔ |

## 316۔منشی کو ہدایات

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لِكَاتِبِهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِىْ رَافِعٍ : | | اپنے منشی عبید اللہ بن ابی رافع سے علی علیہ السلام نے فرمایا کہ : |
| اَلْقِ دَوَاتَكَ ، | 1 | دوات میں صوف ڈالا کرو؛ |
| وَاَطِلْ جِلْفَةَ قَلَمِكَ، | 2 | قلم کو لمبا تراشا کرو؛ |
| وَفَرِّجْ بَيْنَ السُّطُوْرِ ؛ | 3 | سطروں کے درمیان زیادہ فاصلہ رکھا کرو؛ |
| وَقَرْمِطْ بَيْنَ الْحُرُوْفِ ؛ | 4 | اور حروف کو ملا ملا کر لکھا کرو۔ |
| فَاِنَّ ذٰلِكَ اَجْدَرُبِصَبَاحَةِ الْخَطِّ . | 5 | کیونکہ یہ سب کچھ خط کی دیدہ زیبی کے لئے ضروری ہے۔ |

## 317۔علیؑ مومنین کے حکمران اور اُن کے مالک تھے

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا يَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِيْنَ ؛ | 1 | میں مومنین کا حکمران اور اُن کے اُمور کا مالک ہوں۔ |
| وَالْمَالُ يَعْسُوْبُ الْفُجَّارِ. | 2 | اور مال بدکاروں کا حکمران اور اُن کا مالک ہے۔ |

## 318۔خلافت پر اختلاف کا یہودی کو جواب

| | |
|---|---|
| وَقَالَ لَهُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بَعْضُ الْيَهُوْدِ: | اور ایک یہودی نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا کہ:۔ |
| " مَادَفَنْتُمْ نَبِيَّكُمْ حَتّٰى اَخْلَفْتُمْ فِيْهِ " | ''ابھی تم لوگوں نے اپنے نبیؐ کو ٹھیک سے دفن بھی نہ کیا تھا کہ تم نے اُن کے معاملے |
| قَالَ لَهُ : | میں اختلاف کر لیا تھا''۔علیؑ نے اُس سے فرمایا کہ:۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّمَااخْتَلَفْنَاعَنْهُ لافِيْهِ ؛ وَلٰكِنَّكُمْ مَاجَفَّتْ اَرْجُلُكُمْ مِنَ الْبَحْرِ حَتّٰى قُلْتُمْ لِنَبِيِّكُمْ : اَجْعَلْ لِّنَا اِلٰهًا كَمَالَهُمْ اٰلِهَةً قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ (اعراف 7/138) | 1 | ہم نے پیغمبری میں اختلاف نہیں کیا بلکہ اُن کی خلافت میں اختلاف کیا ہے مگر تمہارا حال تو یہ ہوا کہ دریا کے پانی سے تمہارے پیر گیلے ہی تھے کہ تم نے اپنے نبیؑ سے کہہ دیا تھا کہ ہمارے لئے بھی ایک ویسا ہی معبود تجویز کردے جیسے اِن لوگوں کے معبود ہیں۔ تو موسیٰ نے کہا کہ تم ایک زمانہ جاہلیت کی قوم ہو۔(7/138) |

## 319۔علیؑ کی فتح اور کامیابیوں پر حیرانی

| | | |
|---|---|---|
| وَقِيْلَ لَهُ عَلَيْهِ السَّلامُ : | | اور اُن حضرت علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ:۔ |
| بِاَيِّ شَيْءٍ غَلَبْتَ الْاَقْرَانَ ؟فَقَالَ: | | آپؑ اپنے مدّ مقابل لوگوں پر کس چیز سے غالب آتے رہے؟ فرمایا:۔ |
| مَالَقِيْتُ اَحَدًا اِلَّا اَعَانَنِيْ عَلٰى نَفْسِهِ . | 1 | میں نے جس شخص سے بھی مقابلہ کیا اُس نے اپنی جان دیکر میری مدد کی۔ |

## 320۔تنگ دستی اور اس کا سبب؟

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلامُ لِاِبْنِهِ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنِفِيَّةِ : | | اور علی علیہ السلام نے اپنے بیٹے محمدؑ بن الحنفیہ سے فرمایا کہ:۔ |
| يَابُنَيَّ اِنِّيْ اَخَافُ عَلَيْكَ الْفَقْرَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْهُ ؛ | 1 | اَے ننھے بیٹے میں تمہارے متعلق تنگدستی سے ڈرتا ہوں لہٰذا تنگدستی سے اللہ کی پناہ مانگا کرو؛ |
| فَاِنَّ الْفَقْرَ مَنْقَصَةٌ لِلدِّيْنِ ، | 2 | اس لئے کہ تنگدستی دین کے ناقص ہونے کا ثبوت ہے۔ |
| مَدْهَشَةٌ لِلْعَقْلِ ؛ | 3 | اور عقل کو پریشان کرنے والی چیز ہے۔ |
| دَاعِيَةٌ لِلْمَقْتِ . | 4 | اور لوگوں کی نفرت کا سبب بنتی ہے۔ |

## 321۔سوال کرنے کا طریقہ اور مقصد

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلامَ لِسَائِلٍ سَاَلَهُ عَنْ مُعْضِلَةٍ | | اور علی علیہ السلام سے ایک شخص نے ایک اُلجھا ہوا مسئلہ پوچھا تو اُس سے یہ بھی فرمایا |
| سَلْ تَفَقُّهًا وَلا تَسْاَلْ تَعَنُّتًا ؛ | 1 | کہ:۔تم سمجھنے کے لئے پوچھا کرو، اُلجھنے کے لئے نہ پوچھا کرو۔ |
| فَاِنَّ الْجَاهِلَ الْمُتَعَلِّمَ شَبِيْهٌ بِالْعَالِمِ ؛ | 2 | کیونکہ وہ جاہل شخص جو سیکھنے کیلئے پوچھتا ہے عالم کے مشابہ ہوتا ہے۔ |
| .وَاِنَّ الْعَالِمَ الْمُتَعَسِّفَ شَبِيْهٌ بِالْجَاهِلِ. | 3 | اور وہ عالم جو اُلجھنے کیلئے پوچھتا ہے وہ جاہل کے مشابہ ہوتا ہے۔ |

## 322۔لوگوں پر واجب ہے کہ وہ مشورہ دیں امامؑ مختار ہیں کہ وہ قبول کریں یا نہ کریں

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلامُ لِعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْعَبَّاسِ وَقَدْ اَشَارَ عَلَيْهِ فِيْ شَيْءٍ لَمْ يُوَافِقْ رَاْيَهُ : | | اور علی علیہ السلام کو عبداللہ ابن عباس نے مشورہ دیا تھا جو آپؑ کیلئے قابل قبول نہ تھا۔ چنانچہ آپؑ نے انکار فرمادیا اور اُسے آئندہ کیلئے طریق کار یہ بتایا کہ:۔ |
| لَكَ اَنْ تُشِيْرَ عَلَيَّ وَاَرٰى ؛ | 1 | تم پر واجب ہے کہ تم مجھے اپنا مشورہ دیتے رہو اور میرا کام ہے کہ اس پر غور کروں |
| فَاِنْ عَصَيْتُكَ فَاَطِعْنِيْ . | 2 | چنانچہ میں اگر تمہارے مشورہ کو نہ مانوں تو بھی تم میری اطاعت کرو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 323۔قوم کے بزرگوں کو پیدل چل کر استقبال کرنے سے منع فرمایا

وَرُوِیَ اَنَّهُ عَلَیْهِ السَّلاَمُ لَمَّاوَرَدَ الْکُوْفَةَ قَادِمًا مِّنْ صِفِّیْنَ مَرَّ بِالشَّبَامِیِّیْنَ فَسَمِعَ بُکَاءَ النِّسَآءِ عَلٰی قَتْلٰی صِفِّیْنَ وَخَرَجَ اِلَیْهِ حَرْبُ ابْنُ شَرْجِیْلِ الشَّبَامِیُّ وَکَانَ مِنْ وُّجُوْهِ قَوْمِهٖ فَقَالَ عَلَیْهِ السَّلاَمُ لَهٗ :

اور روایت کی گئی ہے کہ جب علی علیہ السلام صفین سے واپسی میں آتے ہوئے کوفہ میں داخل ہوئے تو آپؑ قبیلہ شبامیین کی آبادی میں سے گذرے تو وہاں اُس قبیلے کی عورتوں کا رونا سنا جو جنگ صفین میں قتل ہوجانے والے اپنے قبیلے کے مجاہدوں پر رو رہی تھیں۔اور اُسی وقت حرب ابن شرجیل حضرت علیؑ کے پاس پہنچے جو اپنی قوم شبامی کے سرداروں میں سے تھے علیؑ نے اس سے فرمایا کہ:

| | | |
|---|---|---|
| اَتَغْلِبُکُمْ نِسَاؤُکُمْ عَلٰی مَااَسْمَعُ ؟؛ | 1 | عورتوں کا یہ رونا جو میں سن رہا ہوں کیا اِس میں یہ عورتیں تم پر غالب ہوگئی ہیں؟ |
| اَلاَ تَنْهَوْنَهُنَّ عَنْ هٰذَا الرَّنِیْنَ؟ | 2 | کیا تم اُن کو اس شور وواویلا سے منع کرنے پر قدرت نہیں رکھتے ہو؟۔ |
| وَاَقْبَلَ حَرْبٌ یَمْشِیْ مَعَهٗ وَهُوَ عَلَیْهِ السَّلاَمُ رَاکِبٌ فَقَالَ لَهٗ :اِرْجِعْ فَاِنَّ مَشْیَ مِثْلِکَ مَعَ مِثْلِیْ فِتْنَةٌ لِّلْوَالِیْ وَمَذَلَّةٌ لِلْمُؤْمِنِ . | 3 | اور حرب ابن شرجیل برابر آپؑ کے ہمراہ پیدل چلتے جارہے تھے جب کہ علی علیہ السلام سوار تھے۔ اس صورتحال پر علیؑ نے حرب بن شرجیل سے کہا:''بس اب تم واپس ہوجاؤ یقیناً تم ایسے مرتبے کے شخص کا میرے ایسے مرتبے کے شخص کیساتھ ساتھ پیدل چلتے رہنا اور میرا خاموش رہنا اُدھر حکمران کیلئے فتنہ ہے اِدھر مومن کیلئے ذلت ہے۔'' |

## 324۔خارجیوں کو معاویہ اور قریش نے باغی کیا تھا

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْمَرَّ بِقَتْلَی الْخَوَارِجِ یَوْمَ النَّهْرَوَانِ : | | اور علی علیہ السلام جب جنگِ نہروان میں قتل ہونے والوں پر سے گذرے تو فرمایا:۔ |
| بُؤْسًالَّکُمْ لَقَدْ ضَرَّکُمْ مَنْ غَرَّکُمْ ؛ | 1 | تمہارے لئے ہلاکت اور تباہی واقع ہوئی جس نے تمہیں فریب دیا تھا اُسی نے تمہیں نقصان پہنچایا؛ |
| فَقِیْلَ لَهٗ : | | |
| مَنْ غَرَّهُمْ یَااَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ ؟ فَقَالَ : | 2 | پوچھا گیا کہ یا امیر المومنینؑ اُن کو کس نے فریب دیا تھا؟ فرمایا کہ: |
| اَلشَّیْطَانُ الْمُضِلُّ وَالْاَنْفُسُ الْاَمَّارَةُ بِالسُّوْءِ؛ | 3 | گمراہ کرنے والے شیطان نے اور بُرائی پر اُکسانے والے نفوس نے اُنہیں فریب دیا تھا۔ اور فریب تمناؤں کے ذریعہ سے دیا تھا۔ |
| غَرَّتْهُمْ بِالْاَمَانِیِّ؛ | 4 | اور اُن کے لئے نافرمانی کی راہیں چوپٹ کھول دی تھیں؛ |
| وَفَسَحَتْ لَهُمْ بِالْمَعَاصِیْ ؛ | 5 | اور اُن سے کامیابی اور غلبہ حاصل کرانے کے وعدے کئے تھے۔چنانچہ اُنہیں جہنم میں دھکیل دیا۔'' |
| وَعَدَتْهُمُ الْاِظْهَارَ فَاَقْتَحَمَتْ بِهِمُ النَّارَ . | | |

## 325۔محمدؒ بن ابی بکر کے قتل کی اطلاع پر فرمایا

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَیْهِ السَّلاَمُ لَمَّابَلَغَهٗ قَتْلُ مُحَمَّدِ ابْنِ اَبِیْ بَکْرٍرَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: | | اور جب علی علیہ السلام کو محمدؒ بن ابوبکر کے قتل کی اطلاع ملی تو آپؑ نے فرمایا کہ:۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ حُزْنَنَاعَلَيْهِ عَلٰى قَدْرِسُرُوْرِهِمْ بِهٖ ، | 1 | ہمارارنج وغم محمد کے دشمنوں کی مسرت کے تناسب سے ہے۔ |
| اِلَّاانَّهُمْ نَقَصُوْابَغِيْضًاوَنَقَصْنَاحَبِيْبًا . | 2 | فرق اس قدر ہے کہ دشمنوں نے اپنا ایک دشمن کم کرلیااور ہم نے اپنا ایک دوست کم کرلیا ہے |

## 326۔انسانی عذرات کس عمر تک قابل قبول ہوسکتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعُمُرُ الَّذِیْ اَعْذَرَاللّٰهُ فِيْهِ ابْنِ آدَمَ سِتُّونَ سَنَةً | 1 | وہ عمر جسکے دوران اولاد آدمؑ کے عذرات قابل قبول ہوسکتے ہیں ساٹھ سال ہے۔ |

## 327۔شر کے ذریعہ غلبہ مغلوبیت ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَاظَفِرَ مَنْ ظَفِرَ الْاِثْمُ بِهٖ ؛ وَالْغَالِبُ بِالشَّرِّمَغْلُوْبٌ. | 1 | جس پر گُناہ غالب آ جائے وہ کامیاب نہیں ہے اور شر کے ذریعہ غلبہ پانے والا حقیقتاً مغلوب ہوتا ہے۔ |

## 328۔دُنیا میں غربت وافلاس کے ذمہ دار لوگ؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ فَرَضَ فِیْ اَمْوَالِ الْاَغْنِيَآءِ اَقْوَاتَ الْفُقَرَاءِ ؛ | 1 | یقیناً اللہ پاک نے غنی لوگوں کے مالوں میں سے فقیروں کو خوراک دینا فرض کیا ہوا ہے؛ |
| فَمَاجَاعَ فَقِيرٌ اِلَّا بِمَامَنَعَ غَنِیٌّ ؛ | 2 | چنانچہ کوئی فقیر بھوکا رہ ہی نہیں سکتا جب تک کوئی غنی اُس کا حق نہ روک لے۔ |
| وَاللّٰهُ تَعَالٰى جَدُّهُ سَائِلُهُمْ عَنْ ذٰلِکَ . | 3 | اور خدائے بزرگ غنی لوگوں سے اس پر ضرور باز پرس کرنے والا ہے۔'' |

## 329۔نافرمانی پر صحیح عذرات بھی عزت کی زندگی نہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاِسْتِغْنَاءُ عَنِ الْعُذْرِاَعَزُّمِنَ الصِّدْقِ بِهٖ . | 1 | عذرات سے مستغنی زندگی بسر کرنا اِس سے زیادہ قابلِ عزت ہے کہ آدمی صحیح عذرات پیش کرتا پھرے۔ |

## 330۔اگر آدمی ایک کام نہ کرے تو کوئی گناہ سرزد نہ ہو

| | | |
|---|---|---|
| اَقَلُّ مَايَلْزَمُكُمْ لِلّٰهِ سُبْحَانَهُ اَنْ لَّاتَسْتَعِيْنُوْا بِنِعَمِهٖ عَلٰى مَعَاصِيْهِ. | 1 | اللہ کی طرف سے تم پر جو چیز کم سے کم لازم ہے وہ یہ ہے کہ تم اُس کی نعمتوں سے مدد لے کر اُس کی نافرمانیاں نہ کیا کرو۔ |

## 331۔دانشوروں کے لئے اطاعت غنیمت ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ جَعَلَ الطَّاعَةَ غَنِيْمَةَ الْاَكْيَاسِ عِنْدَ تَفْرِيْطِ الْعَجَزَةِ . | 1 | اللہ پاک نے دانشوروں کیلئے اطاعت کو غنیمت ٹھہرایا ہے۔جس وقت کہ عاجزوں اور قاصروں سے عمل میں کوتاہی ہو۔ |

## 332۔حاکم اور سزا کا مجاز گواہ ہو تو پناہ کہاں؟

| | | |
|---|---|---|
| اِتَّقُوْا مَعَاصِیَ اللّٰهِ فِی الْخَلَوَاتِ، فَاِنَّ الشَّاهِدَ هُوَالْحَاكِمُ. | 1 | تنہائیوں میں بھی اللہ کی نافرمانی سے پرہیز کرتے رہو۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ گواہ بھی ہے اور سزا دینے والا حاکم بھی وہی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 333۔بادشاہوں کو زمین پر اللہ کا پاسبان ہونا چاہیئے

| | | |
|---|---|---|
| اَلسُّلْطَانُ وَزَعَةُ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ . | 1 | حکام و بادشاہ زمین پر اللہ کے پاسبان ہیں۔ |

## 334۔مومن کی بہترین صفات

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِیْ صِفَةِ الْمُؤْمِنِ : | | علی علیہ السلام نے مومن کی صفات میں فرمایا کہ: |
| اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُهٗ فِیْ وَجْهِهٖ ؛ | 1 | مومن کے چہرے پر شادمانی جھلکتی رہتی ہے؛ |
| وَحُزْنُهٗ فِیْ قَلْبِهٖ ؛ | 2 | اور اُس کا حُزن وملال اُس کے دل میں ہوتا ہے؛ |
| اَوْسَعُ شَیْءٍ صَدْرًا ؛ | 3 | اُس کا سینہ تمام چیزوں سے کشادہ اور وسیع ہوتا ہے؛ |
| وَاَذَلُّ شَیْءٍ نَفْسًا ؛ | 4 | اور اُس کا نفس ہر چیز سے ذلیل تر ہوتا ہے؛ |
| يَكْرَهُ الرِّفْعَةَ ؛ | 5 | بلند ہونے سے کراہت کرتا ہے؛ |
| وَيَشْنَأُ السُّمْعَةَ ؛ | 6 | شہرت اور خودنمائی کو دشمن رکھتا ہے؛ |
| طَوِيْلٌ غَمُّهٗ ؛ | 7 | اُس کا غم طویل ہوتا ہے؛ |
| بَعِيْدٌ هَمُّهٗ ؛ | 8 | ہمت بہت دُوررَس ہوتی ہے؛ |
| كَثِيْرٌ صَمْتُهٗ ؛ | 9 | اُس میں خاموشی کی کثرت ہوتی ہے؛ |
| مَشْغُوْلٌ وَقْتُهٗ ؛ | 10 | ہر وقت مشغول رہتا ہے یا اُس کا وقت مشغولیت میں گذرتا ہے؛ |
| شَكُوْرٌ صَبُوْرٌ ؛ | 11 | صابر وشاکر رہتا ہے؛ |
| مَغْمُوْرٌ بِفِكْرَتِهٖ ؛ | 12 | تفکر کی حالت میں غرق رہتا ہے؛ |
| ضَنِيْنٌ بِخَلَّتِهٖ ؛ | 13 | مانگنے میں کنجوس ہوتا ہے؛ |
| سَهْلُ الْخَلِيْقَةِ ؛ | 14 | خوش خُلق اور خوشرو ہوتا ہے؛ |
| لَيِّنُ الْعَرِيْكَةِ ؛ | 15 | عادات واطوار نرم روی میں ڈھلے ہوئے ہوتے ہیں؛ |
| نَفْسُهٗ اَصْلَبُ مِنَ الصَّلْدِ؛ | 16 | اُس کی ذات پتھر سے زیادہ سخت ہوتی ہے؛ |
| وَهُوَ اَذَلُّ مِنَ الْعَبْدِ. | 17 | اور وہ خود بندہ اور غلام سے ذلیل ہوتا ہے۔ |

## 335۔زاھد و پارسا اور حقیقی غنی

| | | |
|---|---|---|
| اَلْغِنَى الْاَكْبَرُ الْيَاسُ عَمَّافِیْ اَيْدِی النَّاسِ. | 1 | سب سے بڑی دولتمندی و بے نیازی یہ ہے کہ جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اُس سے مایوس رہا جائے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 336۔وعدہ آزادی چھین لیتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمَسْؤُلُ حُرٌّحَتّٰی یَعِدُ | 1 | جس سے مانگا جائے وہ وعدہ کرنے تک آزاد ہے۔ |

## 337۔موت اور اُس کا سفر دیکھنے کے بعد؟

| | | |
|---|---|---|
| لَوْرَاَی الْعَبْدُ الْاَجَلَ وَمَسِیْرَہُ لَاَبْغَضَ الْاَمَلَ وَغُرُوْرَہُ | 1 | اگر بندہ مدّتِ حیات اور اُس کے انجام کو خود دیکھ لے تو آرزوؤں اور اُمیدوں اور اُن کے فریب کا دشمن ہو جائے۔ |

## 338۔مال میں دو خاص حصہ دار ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| لِکُلِّ امْرِیٍٔ فِیْ مَالِہٖ شَرِیْکَانِ : | 1 | ہر شخص کے مال میں دو حصہ دار ہیں: |
| اَلْوَارِثُ وَالْحَوَدِثُ. | 2 | اُس کے وارث اور حادثاتِ زمانہ۔ |

## 339۔بلا عمل دُعاؤں اور تسبیحات کی پوزیشن؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلدَّاعِیْ بِلاَعَمَلٍ | 1 | بلا عمل کے دُعا کرنے والا ایسا ہے |
| کَالرَّامِیْ بِلاَوَتَرٍ. | 2 | جیسا بے چلّہ کمان سے تیر چلانے والا۔ |

## 340۔ یہ اُمت اور اس کے علماء کیوں ناکارہ و ناکام ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ : | 1 | علم دو طرح کا ہوتا ہے: |
| مَطْبُوْعٌ وَمَسْمُوْعٌ ؛ | 2 | ایک وہ جو طبیعت میں داخل ہو جائے دوسرا وہ جو سن لیا جائے۔ |
| وَلَایَنْفَعُ الْمَسْمُوْعُ اِذَالَمْ یَکُنِ الْمَطْبُوْعُ . | 3 | سنا ہوا علم اس وقت تک مفید نہیں ہوتا جب تک وہ طبیعت نہ بن جائے۔ |

## 341۔علیؑ نے افلاس کی مذمت کیوں کی ہے ؟

| | | |
|---|---|---|
| صَوَابُ الرَّاْیِ بِالدُّوَلِ : | 1 | رائے کا صحیح ہونا دولت و اقبال سے وابستہ ہے۔ |
| یُقْبِلُ بِاِقْبَالِھَا ؛ | 2 | اُن کے آنے کے ساتھ آتی ہے |
| وَیَذْھَبُ بِذَھَابِھَا . | 3 | اور جانے کے ساتھ چلی جاتی ہے۔ |

## 342۔پارسائی اور شُکر زینت ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعِفَافُ زِیْنَۃُ الْفَقْرِ ' | 1 | غربت کی زینت پارسائی ہے۔ |
| وَالشُّکْرُ زِیْنَۃُ الْغِنٰی . | 2 | دولتمندی کی زینت شُکر ہے۔ |

## 343۔عدل کا دن ظالموں پر سخت گذرنا ہے

| | | |
|---|---|---|
| یَوْمُ الْعَدْلِ عَلَی الظَّالِمِ اَشَدُّ مِنْ یَوْمِ الْجَوْرِ عَلَی الْمَظْلُوْمِ . | 1 | ظالم پر عدل و انصاف کا دن اُس سے زیادہ سخت گذرے گا جتنا مظلوم پر ظلم کا دن گذرا تھا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 344۔اہلِ قریش اور منصوبہ سازوں سے خطاب

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاَقَاوِیْلُ مَحْفُوْظَةٌ ؛ | 1 | اقوال اور باتیں محفوظ ہیں۔ |
| وَالسَّرَائِرُ مَبْلُوَّةٌ ؛ | 2 | اور دل کے اندر والے راز آزمائے جانے والے ہیں۔ |
| وَکُلُّ نَفْسٍ بِمَاکَسَبَتْ رَهِیْنَةٌ (مدثر 74/38) | 3 | ہر ذی حیات اپنی کمائی کے نتیجہ میں رہن پڑا ہوا ہے(74/38) |
| وَالنَّاسُ مَنْقُوْصُوْنَ مَدْخُوْلُوْنَ اِلَّامَنْ عَصَمَ اللّٰهُ ؛: | 4 | اور تمام انسان نقائص سے دوچار ہونیوالے اور عقلی فتور میں مبتلا ہونیوالے ہیں۔سوائے اُن انسانوں کے جنہیں اللہ نے عصمت دی ہے؛ |
| سَائِلُهُمْ مُتَعَنِّتٌ ؛ | 5 | اُن میں کا سائل سوال میں اُلجھانا چاہتا ہے، |
| وَمُجِیْبُهُمْ مُتَکَلِّفٌ؛ | 6 | اور اُن میں کا جواب دینے والا زبردستی کا جواب گھڑتا ہے، |
| یَکَادُ اَفْضَلُهُمْ رَاْیًا یَّرُدُّهُ عَنْ فَضْلِ رَایِهِ الرِّضٰی وَالسُّخْطُ؛ | 7 | اُن میں کا بڑھیا رائے رکھنے والا شخص بھی اکثر کسی کی خوشنودی اور ناراضگی کے تصورات سے متاثر ہوکر اپنی اچھی رائے کو رد کر دیتا ہے؛ |
| وَیَکَادُ اَصْلَبُهُمْ عَوْدًا تَنْکَؤُهُ اللَّحْظَةُ ؛ | 8 | اور جو اُن میں عقل کے لحاظ سے پختہ ہوتا ہے بہت ممکن ہے کہ ایک نگاہ اُس کے دل پر اثر انداز ہو جائے؛ |
| وَتَسْتَحِیْلُهُ الْکَلِمَةُ الْوَحِدَةُ. | 9 | اور ایک جملہ یا ایک بات اُسے کہیں سے کہیں لے جائے۔ |

## 345۔عمومی مگر واقعی ہدایات دی ہیں

| | | |
|---|---|---|
| مَعَاشِرَالنَّاسِ ؛ | 1 | اَے انسانی معاشرے کے لوگو! |
| اِتَّقُوا اللّٰهَ فَکَمْ مِنْ مُؤَمِّلٍ مَّالاَ یَبْلُغُهُ ، | 2 | تم اللہ کے سامنے ذمہ دار بن جاؤ کیونکہ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو ایسی ایسی اُمیدیں رکھتے ہیں جن کو حاصل نہیں کر سکتے؛ |
| وَبَانٍ مَالاَ یَسْکُنُهُ ؛ | 3 | اور ایسی بنیادیں اور تعمیرات کرتے ہیں جن میں بسنا نہیں ملتا ہے۔ |
| وَجَامِعٍ مَّاسَوْفَ یَتْرُکُهُ ؛ | 4 | اور ایسا سامان جمع کرتے ہیں جسے چھوڑ جاتے ہیں۔ |
| وَلَعَلَّهُ مِنْ بَاطِلٍ جَمَعَهُ ؛ | 5 | اور ہوسکتا ہے کہ وہ سامان جمع ہی باطل طریقہ سے کیا ہو؛ |
| وَمِنْ حَقٍّ مَنَعَهُ ؛ | 6 | یا کسی اور کا حق مار کر حاصل کیا ہو۔ |
| اَصَابَهُ حَرَامًا؛ | 7 | اور اس طرح بطور حرام پہنچا ہو؛ |
| وَاحْتَمِلُ بِهٖ اٰثَامًا ؛ | 8 | اور اُس کی وجہ سے گناہ کی ذمہ داری سر لی ہوئی ہو۔ |
| فَبَآءَ بِوِزْرِهٖ ؛ | 9 | چنانچہ وزارت کی باز پُرس اُس کے ذمہ ہو۔ |
| وَقَدِمَ عَلٰی رَبِّهٖ اٰسِفًالاَهِفًا ، | 10 | اور یوں اپنے رب کے سامنے افسوس اور رنج کے عالم میں آئے۔ |
| قَدْخَسِرَالدُّنْیَاوَالْاٰخِرَةَ ذٰلِکَ هُوَالْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ( 22/11 ) | 11 | یقیناً اُس نے دُنیا اور آخرت میں نقصان کمایا اور وہی تو کُھلا کُھلا گھاٹا اور نقصان ہے (22/11)۔'' |

Presented by Ziaraat.Com

## 346۔عصمت کی ایک صورت؟

| | | |
|---|---|---|
| مِنَ الْعِصْمَةِ تَعَذُّرُ الْمَعَاصِیْ . | 1 | گناہوں تک دسترس نہ ہونا بھی عصمت ہے۔ |

## 347۔ بھیک مانگنے کا نتیجہ؟

| | | |
|---|---|---|
| مَاءُ وَجْهِکَ جَامِدٌ یُقْطِرُهُ السُّؤَالُ ؛ | 1 | تمہارے چہرے کی آبرو اور تابندگی مستقل ہے مگر دست سوال دراز کرنا اُسے بہا دیتا ہے۔ |
| فَانْظُرْ عِنْدَ مَنْ تُقْطِرُهُ . | 2 | لہٰذا سوچا کرو کہ کس کے آگے آبروریزی کررہے ہو۔ |

## 348 ۔حمد وثنا اور خوشامد وچاپلوسی میں کیا فرق ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلثَّنَاءُ بِاَکْثَرَ مِنَ الْاِسْتِحْقَاقِ مَلَقٌ ؛ | 1 | حمد وثنا اگر استحقاق اور حقیقت سے بڑھ جائے تو وہ چاپلوسی اور خوشامد ہے؛ |
| وَالتَّقْصِیْرُ عَنِ الْاِسْتِحْقَاقِ عِیٌّ اَوْ حَسَدٌ . | 2 | اور اگر سراہنا استحقاق سے کم رکھا جائے تو اُسے کوتاہ بیانی یا حسد قرار دیا جاتا ہے۔ |

## 349۔سب سے بڑا اور سخت گناہ؟

| | | |
|---|---|---|
| اَشَدُّ الذُّنُوْبِ مَااسْتَهَانَ بِهٖ صَاحِبُهُ. | 1 | سب گناہوں سے سخت گناہ وہ ہوتا ہے جسے معمولی سمجھ کر کیا جائے۔ |

## 350۔شریفانہ اور بدمعاشانہ زندگی

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ نَظَرَ فِیْ عَیْبِ نَفْسِهٖ اشْتَغَلَ عَنْ عَیْبِ غَیْرِهٖ | 1 | جو شخص اپنے ذاتی عیوب کی اصلاح پر توجہ دیتا ہے وہ غیروں کی عیب جوئی سے الگ ہوجاتا ہے۔ |
| وَمَنْ رَّضِیَ بِرِزْقِ اللّٰهِ لَمْ یَحْزَنْ عَلٰی مَافَاتَهٗ ؛ | 2 | اور جو کوئی اللہ کے مقرر کردہ رزق پر راضی رہتا ہے وہ اپنے ہاتھ سے نکل جانے والی چیزوں پر رنجیدہ نہیں ہوتا۔ |
| وَمَنْ سَلَّ سَیْفَ الْبَغْیِ قُتِلَ بِهٖ ؛ | 3 | اور جو کوئی بغاوت کی تلوار کو سُونتتا ہے وہ اُسی تلوار سے قتل ہوتا ہے۔ |
| وَمَنْ کَابَدَ الْاُمُوْرَ عَطِبَ ؛ | 4 | اور جو نااہل ہوتے ہوئے اہم کاموں کو انجام دینا چاہتا ہے وہ برباد ہوجاتا ہے؛ |
| وَمَنِ اقْتَحَمَ اللُّجَجَ غَرِقَ ؛ | 5 | اور جو اُٹھتی ہوئی لہروں میں کودتا ہے وہ ڈوب جاتا ہے۔ |
| وَمَنْ دَخَلَ مَدَاخِلَ السُّوْءِ اتُّهِمَ ؛ | 6 | اور جو بدنامی کے اَڈّوں میں داخل ہوتا ہے وہ بدنام ہوتا ہے؛ |
| وَمَنْ کَثُرَ کَلَامُهٗ کَثُرَ خَطَؤُهٗ ؛ | 7 | جو فضول باتیں زیادہ کرتا ہے وہ اپنی خطاؤں میں اضافہ کرتا ہے۔ |
| وَمَنْ کَثُرَ خَطَؤُهٗ قَلَّ حَیَاؤُهٗ؛ | 8 | اور جو اپنی خطاؤں کو بڑھاتا ہے اُس کی حیاوشرم کم ہوجاتی ہے؛ |
| وَمَنْ قَلَّ حَیَاؤُهٗ قَلَّ وَرَعُهٗ ؛ | 9 | اور جس کی شرم وحیا کم ہوگئی اُس کی پارسائی کم ہوجاتی ہے؛ |
| وَمَنْ قَلَّ وَرَعُهٗ مَاتَ قَلْبُهٗ ؛ | 10 | اور جس میں پارسائی کم ہوگئی اُس کا دل مرجاتا ہے؛ |
| وَمَنْ مَاتَ قَلْبُهٗ دَخَلَ النَّارَ ؛ | 11 | اور جس کا دل ہی مردہ ہوگیا وہ جہنم واصل ہوگیا۔ |
| وَمَنْ نَظَرَ فِیْ عُیُوْبِ النَّاسِ فَاَنْکَرَهَا ثُمَّ | 12 | اور جو شخص لوگوں کے عیوب پر نظر ڈالے اور اُنہیں بُرا بھی سمجھے اور پھر اپنے لئے اُن |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| رَضِيَهَالِنَفْسِهٖ فَذٰلِکَ الْاَحْمَقُ بِعَيْنِهٖ ؛ | | ہی عیبوں کو پسند کرلے وہ حقیقی معنی میں احمق ہوتا ہے؛ |
| وَالْقَنَاعَةُ مَالٌ لَّايَنْفَدُ ؛ | 13 | اورقناعت ایسامال ہے جوکبھی ختم نہیں ہوا کرتا۔ |
| وَمَنْ اَكْثَرَ مِنْ ذِكْرِ الْمَوْتِ رَضِيَ مِنَ لدُّنْيَا بِالْيَسِيْرِ ؛ | 14 | اور جوشخص موت کا ذکر کثرت سے کرتا ہے وہ دُنیا کی تھوڑی سی اور آسان زندگی پر راضی ہوجاتا ہے۔ |
| وَمَنْ عَلِمَ اَنَّ كَلَامَهُ مِنْ عَمَلِهٖ قَلَّ كَلَامُهُ اِلَّافِيْمَايَعْنِيْهِ . | 15 | اور جوشخص یہ سمجھتا ہے کہ اُس کی باتیں بھی اُس کے عمل ہی کا جز ہیں وہ مفید باتوں کے علاوہ زیادہ باتیں نہیں کرتا ہے۔ |

## 351 ۔ظالم کی علامتیں

| | | |
|---|---|---|
| لِلظَّالِمِ مِنَ الرِّجَالِ ثَلَاثُ عَلَامَاتٍ : | 1 | ظالم کے لئے لوگوں میں تین علامتیں ہوتی ہیں:۔ |
| يَظْلِمُ مَنْ فَوْقَهٗ بِالْمَعْصِيَةِ ؛ | 2 | وہ ظلم کرتا ہے اپنے سے طاقت ور لوگوں پر گناہ گارانہ اور فریب کارانہ چالوں سے۔ |
| وَمَنْ دُوْنَهٗ بِالْغَلَبَةِ ؛ | 3 | اور اپنے سے کمزوروں پر ظلم کرتا ہے دھونس اور زبردستی سے۔ |
| وَيُظَاهِرُ الْقَوْمَ الظَّلَمَةِ . | 4 | اور قوم کے ظالموں کا پشت پناہ رہتا ہے۔ |

## 352 ۔سختیوں اور بلاؤں کا زوال ہوکر رہتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| عِنْدَتَنَا هِيَ الشِّدَّةِ تَكُوْنُ الْفُرْجَةِ ؛ | 1 | سختی اپنی انتہا پر پہنچ جائے تو سہولت کا دَور آتا ہے۔ |
| وَعِنْدَ تَضَايُقِ حَلَقِ الْبَلَاءِ يَكُوْنُ الرَّخَاءُ . | 2 | اور جب تنگی اور بلاؤں کا گھیرا تنگ ہوجائے تب بھی راحت وآسائش کا زمانہ آتا ہے۔ |

## 353 ۔اہل وعیال واولاد سے محتاط سلوک کیوں؟

| | | |
|---|---|---|
| لَا تَجْعَلَنَّ اَكْثَرَشُغْلِکَ بِاَهْلِکَ وَوَلَدِکَ ؛ | 1 | تم اپنے اہل وعیال واولاد کیساتھ بہت زیادہ اُلجھ کر نہ رہ جاؤ۔ |
| فَاِنْ يَكُنْ اَهْلُکَ وَوَلَدُکَ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَوْلِيَاءَهٗ؛ | 2 | اِس لئے کہ اگر وہ ولایت خداوندی کے ممبر ہوں گے تو اللہ اپنی ولایت کے ممبروں کو ضائع نہ ہونے دے گا۔ |
| وَاِنْ يَكُوْنُوْاعْدَاءَ اللّٰهِ فَمَاهَمُّکَ وَشُغْلُکَ بِاَعْدَاءِ اللّٰهِ . | 3 | اور اگر تمہارے اہل وعیال اور اولاد اللہ کے دشمن ہیں تو تمہیں دشمنانِ خدا کی دیکھ بھال اور تربیت میں اُلجھنے سے کیا فائدہ؟ |

## 354 ۔سب سے بڑا عیب کیا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَكْبَرَ الْعَيْبِ اَنْ تَعِيْبَ مَافِيْکَ مِثْلُهٗ . | 1 | سب سے بڑا عیب یہ ہے کہ تم اُس عیب کو بُرا کہو جو خود تمہارے اندر موجود ہے۔ |

## 355۔مبارکباد دینے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| وَهَنَّابِحَضْرَتِهٖ رَجُلٌ رَجُلاً بِغُلَامٍ وُّلِدَلَهٗ فَقَالَ لَهٗ:" لِيُهْنِئْکَ الْفَارِسُ " فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ : | | علیؑ کی موجودگی میں ایک شخص نے دوسرے شخص کو بیٹا پیدا ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ۔"تمہیں شہسوار مبارک ہو"۔ علی علیہ السلام نے فرمایا کہ:۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| لاَ تَقُلْ ذٰلِکَ وَلٰکِنْ قُلْ شَکَرْتَ الْوَاهِبَ ؛ | 1 | وہ نہ کہو بلکہ یوں کہا کرو: تم بخشنے والے کے شکر گذار ہوئے ؛ ۔ |
| وَبُوْرِکَ لَکَ فِی الْمَوْهُوْبِ ؛ | 2 | یہ بخشی ہوئی نعمت تمہیں مبارک ہو؛ |
| وَبَلَغَ اَشُدَّهُ ، | 3 | یہ اپنے کمال کو پہنچے؛ |
| وَرُزِقْتَ بِرَّهُ . | 4 | اِس کی نیکی اور سعادت مندی تمہیں نصیب ہو۔ |

## 356 ۔ بلند عمارتیں سرمایہ داری کا پتہ دیتی ہیں

| | | |
|---|---|---|
| وَبَنٰی رَجُلٌ مِّنْ عُمَّالِهٖ بِنَاءً فَخْمًا ، فَقَالَ عَلَیْهِ السَّلاَمُ : | | علیؑ کے گورنروں میں سے ایک شخص نے ایک بلند عمارت بنائی تو آپؑ نے اُس سے فرمایا کہ:۔ |
| اَطْلَعَتِ الْوَرِقُ رُؤُسَهَا؛ | 1 | چاندی کے سِکّوں نے اپنا سَر بلند کیا ہوا ہے؛ |
| اِنَّ الْبِنَآءَ یَصِفُ لَکَ الْغِنَاءَ . | 2 | یقیناً یہ بلڈنگ پکار کر تمہاری دولتمندی کا اعلان کر رہی ہے۔ |

## 357۔ تمام راہیں بند ہوں تو رزق کہاں سے آئے گا؟

| | | |
|---|---|---|
| وَقِیْلَ لَهٗ عَلَیْهِ السَّلاَمُ : لَوْسُدَّ عَلٰی رَجُلٍ بَابُ بَیْتِهٖ وَتُرِکَ فِیْهِ مِنْ اَیْنَ کَانَ یَاْتِیْهِ رِزْقُهٗ ؟ فَقَالَ :مِنْ حَیْثُ یَاْتِیْهِ اَجَلُهٗ . | 1 | علی علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ اگر ایک شخص کو اُسکے گھر میں بند کر دیا جائے اور آنے جانے کے تمام راستے بند ہوں تو بتایئے کہ اُس کا رزق اُسے کہاں سے آئیگا؟ آپؑ نے فرمایا کہ اُسی راستے سے آئیگا جس راستے سے اُس کی موت آئے گی۔ |

## 358۔ میّت پر پُرسہ دینے کا ایک طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| وَعَزّٰی عَلَیْهِ السَّلاَمُ قَوْمًا عَنْ مَیِّتٍ مَاتَ لَهُمْ فَقَالَ | | اور علی علیہ السلام نے ایک قوم کو اُن کی میت پر پُرسہ دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ:۔ |
| اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ لَیْسَ لَکُمْ بَدَاَ ؛ | 1 | مرنے کا یہ معاملہ تمہارے یہاں سے شروع نہیں ہوا ہے؛ |
| وَلاَ اِلَیْکُمْ انْتَهٰی ؛ | 2 | اور نہ ہی تم پر اس کی انتہا ہو جانا ہے؛ |
| وَقَدْ کَانَ صَاحِبُکُمْ هٰذَا یُسَافِرُ فَعُدُّوْهُ فِیْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ ؛ | 3 | تمہارا یہ مرنے والا ساتھی سفر میں مصروف رہتا تھا۔ اب بھی یہی سمجھ لو کہ وہ اپنے ایک سفر پر گیا ہے۔ |
| فَاِنْ قَدِمَ عَلَیْکُمْ وَاِلاَّ قَدِمْتُمْ عَلَیْهِ . | 4 | چنانچہ اگر وہ سفر سے تمہارے پاس آ گیا تو آ گیا ورنہ تم خود اُسکے پاس پہنچ جاؤ گے۔ |

## 359۔ خوشحالی اور نعمتوں کی فراوانی میں مطمئن رہنا غلط ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَیُّهَاالنَّاسُ، لِیَرَکُمُ اللّٰهُ مِنَ النِّعْمَةِ وَجِلِیْنَ کَمَایَرَاکُمْ مِنَ النِّقْمَةِ فَرِقِیْنَ ، | 1 | اے لوگو اللہ تمہیں نعمتوں کی فراوانیوں میں بھی اُسی طرح خائف دیکھنا چاہتا ہے جس طرح تم مصیبتوں کے دوران خوفزدہ رہتے ہو۔ |
| اِنَّهٗ مَنْ وُّسِّعَ عَلَیْهِ فِیْ ذَاتِ یَدِهٖ ؛ | 2 | بلاشبہ جس کسی کو خوشحالی کی فراوانیاں حاصل ہوں اور ہاتھ میں قوت رکھتا ہو؛ |
| فَلَمْ یَرَ ذٰلِکَ اسْتِدْرَاجًا فَقَدْ اَمِنَ مَخُوْفًا ؛ | 3 | اور یہ نہ سمجھتا ہو کہ اُسے بتدریج عذاب کی طرف لایا جا رہا ہے۔ تو اُس نے خود |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَمَنْ ضُيِّقَ عَلَيْهِ فِيْ ذَاتِ يَدِهٖ فَلَمْ يَرَ ذٰلِكَ اخْتِبَارًا فَقَدْ ضَيَّعَ مَامُوْلاً . | 4 | کوخوفناک صورت حال سے مامون ومحفوظ سمجھ لیا ہے؛<br>اور جو کوئی تنگدستی وتنگ حالی میں سے گذر رہا ہو اور یہ شخص بھی اُن حالات کو امتحان و آزمائش نہ سمجھتا ہو تو وہ اُس ثواب کو ضائع کرتا ہے جو اُسے اس حالت میں ہونا تھا۔ |

## 360۔نفس پروری کرنے والوں کو تنبیہ

| | | |
|---|---|---|
| يَااَسْرَى الرَّغْبَةِ اَقْصِرُوْا فَاِنَّ الْمُعَرِّجَ عَلَى الدُّنْيَا لاَ يَرُوْعُهُ مِنْهَا اِلَّا صَرِيْفُ اَنْيَابِ الْحِدْثَانِ؛ | 1 | اَے گرفتاران حرص وطمع باز آجاؤ اس لئے کہ اس دُنیا پر مرمٹنے والوں کو حادثات زمانہ کے دانت پیسنے ہی کا خطرہ اور اندیشہ رہنا چاہئے۔لہذا |
| اَيُّهَاالنَّاسُ، تَوَلَّوْا مِنْ اَنْفُسِكُمْ تَاْدِيْبَهَا، | 2 | اے لوگو تم نفس پروری کی حکمرانی سے باہر نکلو،<br>اور اپنی اصلاح اور تادیب خود ہی شروع کردو۔ |
| وَاعْدِلُوْا بِهَاعَنْ ضَرَاوَةِ عَادَاتِهَا. | 3 | اور اپنی بُری عادات کو طاقت وجرأت کے ساتھ ٹھیک کرلو۔ |

## 361۔ہر بات کا اچھا پہلو سامنے رکھا کرو

| | | |
|---|---|---|
| لاَ تَظُنَّنَّ بِكَلِمَةٍ خَرَجَتْ مِنْ اَحَدٍسُوْءً وَاَنْتَ تَجِدُ لَهَافِي الْخَيْرِ مُحْتَمَلاً . | 1 | کسی کے منہ سے نکلنے والی کسی بات میں اگر تمہیں اچھائی کا کوئی پہلو نکلتا معلوم ہوتا ہو تو بدگمانی سے اُس بات میں بُرا پہلو نہ نکالو۔ |

## 362۔دُعا قبول ہونے کا حکمیہ طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاكَانَتْ لَكَ اِلَى اللّٰهِ سُبْحَانَهُ حَاجَةٌ | 1 | جب تمہیں اللہ پاک سے کوئی حاجت طلب کرنا ہو تو، |
| فَابْدَاْبِمَسْاَلَةِ الصَّلاَةِ عَلٰى رَسُوْلِهٖ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ ، | 2 | اُس کی ابتدا اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ پر درود بھیجنے کی درخواست سے کرو۔ |
| ثُمَّ سَلْ حَاجَتَكَ ، | 3 | پھر اپنی حاجت طلب کرو؛ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يُّسْاَلَ حَاجَتَيْنِ فَيُقْضِيَ اَحَدَاهُمَاوَيَمْنَعُ الْاُخْرٰى. | 4 | چنانچہ اللہ اس سے کہیں زیادہ کرم فرما ہے کہ اس سے دو حاجتیں طلب کی جائیں اور وہ ان دونوں میں سے ایک کو تو قبول کرلیا کرے اور دوسری کو منع کردیا کرے۔ |

## 363۔لڑائی جھگڑوں سے آبرو ریزی ہوتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ ضَنَّ بِعِرْضِهٖ فَلْيَدَعِ الْمِرَاءَ . | 1 | جو اپنی آبرو کو ضائع کرنے میں کنجوس رہنا چاہے اُسے چاہئے کہ لڑائی جھگڑے سے باز رہے |

## 364۔جلدی اور تاخیر کہاں حماقت ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| مِنَ الْخُرْقِ الْمُعَاجَلَةِ قَبْلَ الْاِمْكَانِ وَالْاَنَاةُ بَعْدَ الْفُرْصَةِ . | 1 | اِمکان پیدا ہونے سے پہلے کسی کام میں جلدی کرنا اور موقع آنے اور فرصت ہونے کے بعد دیر کرنا حماقت ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 365۔اَن ہونی اور فرضی باتوں پر سوال نہ کرو

| | | |
|---|---|---|
| لاَ تَسْـاَلْ عَمَّالاَیَکُوْنُ فَفِی الَّذِیْ قَدْکَانَ لَکَ شُغْلٌ ؛ | 1 | ایسی بات کے لئے سوال نہ کرو جس نے ہونا ہی نہیں ہے اِس لئے کہ جو کچھ ہے وہی تیرے لئے کافی ہے۔ |

## 366۔تفکر اور اعتبار سے استفادہ کرو ذاتی تادیب کا طریقہ؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْفِکْرُ مِرْاٰۃٌ صافِیَۃٌ ؛ | 1 | فکر ایک روشن وصاف آئینہ ہے۔ |
| وَالْاِعْتِبَارُ مُنْذِرٌ نَاصِحٌ ؛ | 2 | اور اعتبار ایک نصیحت کرنے اور تنبیہ کرنے والا ساتھی ہے۔ |
| وَکَفٰی اَدَبًـالِّـنَـفْسِکَ تَـجَنُّبُکَ مَـاکَرِھْتَـہُ لِغَیْرِکَ . | 3 | ذاتی تادیب اور اصلاح کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ اُن چیزوں سے اجتناب کرو جو دوسروں کے لئے بُرا سمجھتے ہو۔ |

## 367۔علم وعمل ساتھ ساتھ رہنا لازم ہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعِلْمُ مَقْرُوْنٌ بِالْعَمَلِ ؛ | 1 | علم کو عمل کے ساتھ جوڑی دار بنایا گیا ہے؛ |
| فَمَنْ عَلِمَ عَمِلَ ؛ | 2 | لہٰذا جو جان گیا اُس نے عمل کرلیا۔ |
| وَالْعِلْمُ یَھْتِفُ بِالْعَمَلِ ؛ | 3 | اور علم عمل کو پکارتا رہتا ہے اگر وہ اطاعت کرتا ہے تو بہتر ہے ورنہ |
| فَاِنْ اَجَابَہُ وَاِلَّا ارْتَحَلَ عَنْہُ . | 4 | علم بھی اُس سے رخصت ہو جاتا ہے۔ |

## 368۔دُنیا اور دُنیاداروں کے لئے چند ہدایات

| | | |
|---|---|---|
| اَیُّھَـاالـنَّـاسُ مَتَـاعُ الـدُّنْـیَـاحُـطَـامٌ مُّـوْبِـیٌ فَتَجَنَّبُوْامَرْعَاۃً قُلْعَتُھَا اَحْظٰی مِنْ طَمَانِیْنَتِھَا ؛ | 1 | اَے لوگو دُنیا کا ساز وسامان خشک اور بدبودار اور سڑا ہوا بھوسا ہے جو وَبائی بیماریاں پیدا کرتا ہے۔ چنانچہ اس تباہ کرنے والی چراگاہ سے بچ کر رہو اس لئے کہ یہاں نہ رہنا اور کوچ کر جانا اطمینان کی منزل کرنے سے مفید ہے؛ |
| وَبُلْغَتُھَا اَزْکٰی مِنْ ثَرْوَتِھَا ؛ | 2 | یہاں سے ضرورت کے مطابق تھوڑا سا لے لینا یہاں کی دولتمندی سے زیادہ پاکیزہ ہے۔ |
| حُکِمَ عَلٰی مُکْثِرِبِھَابِالْفَاقَۃِ ؛ | 3 | یہاں کے دولت مندوں اور آسودہ حال لوگوں کیلئے فاقہ زدگی طے شدہ ہے۔ |
| وَاُعِیْنَ مَنْ غَنِیَ عَنْھَا بِالرَّاحَۃِ ؛ | 4 | اور جو اس دُنیا سے بے نیاز رہے اُس کیلئے چین وراحت بھی طے شدہ ہے؛ |
| وَمَنْ رَاقَہُ زِبْرِجُھَااَعْقَبَتْ نَاظِرَیْہِ کَمَھًا' | 5 | اور جو کوئی دُنیا کی زیبائش اور حُسن پر فریفتہ ہو جاتا ہے دُنیا اُس کی دونوں آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہے۔ |
| وَمَنِ اسْتَشْعَرَ الشَّعَفَ بِھَامَلَاَتْ ضَمِیْرَہُ اَشْجَانًا؛ | 6 | اور جو دُنیا سے محبت کرنے کو اپنا شعار ووظیفہ بنالیتا ہے وہ اُس کے ضمیر میں غم واندوہ بھر دیتی ہے؛ |
| لَھُنَّ رَقْصٌ عَلٰی سَوَیْدَآءِ قَلْبِہٖ ؛ | 7 | اور وہ غم واندوہ اُس کے دل کی گہرائی میں ناچنا شروع کر دیتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| هَمٌّ يَشْغَلُهُ وَهَمٌّ يَحْزُنُهُ ؛ | 8 | لہٰذا اُس کے اِرادے اور ہمت اُسے گھیرے رکھنے اور حُزن و ملال میں مصروف رکھنے میں لگ جاتے ہیں۔ |
| كَذٰلِكَ حَتّٰى يُؤْخَذَ بِكَظَمِهٖ فَيُلْقٰى بِالْفَضَآءِ ؛ | 9 | اُسی صورت حال میں رہتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ اُسکے سانس کا راستہ بند ہونے اور گلا گھٹنے لگتا ہے اور اُسے صحرا میں ڈال دیا جاتا ہے۔ (قبرستان مراد ہے) |
| مُنْقَطَعًا اَبْهَرَاهُ ؛ | 10 | یہ وہ حالت ہے کہ دل کی رگیں کٹی ہوئی ہوتی ہیں۔ |
| هَيِّنًا عَلَى اللّٰهِ فَنَاؤُهُ ؛ | 11 | اللہ کے لئے اُس کا فنا کرنا آسان ہوتا ہے۔ |
| وَعَلَى الْاِخْوَانِ اِلْقَاؤُهُ ؛ | 12 | اور اس کے بھائی بند لوگوں کے لئے اسے قبر میں ڈالنا بھی سہل ہو جاتا ہے۔ |
| وَاِنَّمَا يَنْظُرُ الْمُؤْمِنُ اِلَى الدُّنْيَا بِعَيْنِ الْاِعْتِبَارِ ؛ | 13 | اِس کے سوا کچھ نہیں کہ ایک مومن تو دنیا کو سبق سیکھنے کی غرض سے دیکھتا ہے۔ |
| وَيَقْتَاتُ مِنْهَا بِبَطْنِ الْاِضْطِرَارِ ؛ | 14 | اور یہاں سے اُتنا ہی لیتا ہے جتنا اُس کا پیٹ اُسے مجبور کر دیتا ہے۔ |
| وَيَسْمَعُ فِيْهَا بِاُذُنِ الْمَقْتِ وَالْاِبْغَاضِ، | 15 | اور دُنیا کے متعلق ہر بات بُغض اور دشمنی کے کانوں سے سُنتا ہے۔ |
| اِنْ قِيْلَ اَثْرٰى قِيْلَ اَكْدٰى ؛ | 16 | اگر یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص آسودہ حال ہے تو یہ بھی سُنا اور کہا جاتا ہے کہ وہ کنگال ہو گیا ہے |
| وَاِنْ فُرِحَ لَهُ بِالْبَقَاءِ حُزِنَ لَهُ بِالْفَنَآءِ ؛ | 17 | اگر زندہ باقی رہنے پر خوشی منائی جاتی ہے تو پھر مرنے اور فنا ہونے پر حُزن و ملال بھی کیا جاتا ہے۔ |
| هٰذَا وَلَمْ يَاْتِهِمْ يَوْمٌ فِيْهِ يُبْلِسُوْنَ . | 18 | فی الحال تو اسی قدر ہے اور ابھی وہ دن نہیں آیا ہے جب پوری پوری مایوسی چھا جائے گی۔ |

## 369۔ثواب اور عذاب کی ایجاد کا سبب؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ وَضَعَ الثَّوَابَ عَلٰى طَاعَتِهٖ | 1 | یقیناً اللہ پاک نے اپنی اطاعت کے لئے ثواب ایجاد کیا۔ |
| وَالْعِقَابَ عَلٰى مَعْصِيَتِهٖ ؛ | 2 | اور اپنی نافرمانی کیلئے اُس نے عذاب والا تعاقب مقرر کر دیا ہے۔ |
| زِيَادَةً لِّعِبَادِهٖ عَنْ نِقْمَتِهٖ ؛ | 3 | زیادہ تر اس لئے کہ بندوں کو عذاب سے بچائے، |
| وَحِيَاشَةً لَّهُمْ اِلٰى جَنَّتِهٖ . | 4 | اور اُنہیں گھیر کر جنت کی طرف لے جائے۔ |

## 370۔قریش کی اسکیم کہ اسلام اور قرآن غائب ہو جائیں

| | | |
|---|---|---|
| يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَّا يَبْقٰى فِيْهِمْ مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا رَسْمُهٗ ؛ | 1 | لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آنیوالا ہے کہ اُنکے اندر قرآن کی تعلیمات میں سے قرآن کے الفاظ کے سوا کچھ باقی نہ رہیگا۔ |
| وَمِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اِسْمُهٗ ؛ | 2 | اور نہ ہی دینِ اسلام میں سے اُسکے نام کے سوا کچھ اور باقی رہیگا۔ |
| وَمَسَاجِدُهُمْ يَوْمَئِذٍ عَامِرَةٌ مِنَ الْبِنَاءِ ؛ | 3 | اور اُن کی مسجدیں اُن ایام میں فنِ تعمیر کا سجتا ہوا نمونہ ہوں گی۔ |
| خَرَابٌ مِنَ الْهُدٰى ؛ | 4 | مگر ہدایت و دینداری کی رُو سے ویرانہ اور کھنڈرات ہوں گی۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| سُكَّانُهَاوَعُمَّارُهَاشَرُّاَهْلِ الْاَرْضِ ؛ | 5 | اُن مسجدوں کے باشندے اور اُن کی دیکھ بھال کرنیوالے اس دُنیا کے شریر ترین لوگ ہوں گے۔ |
| مِنْهُمْ تَخْرُجُ الْفِتْنَةُ ، | 6 | ہر فتنہ اُن ہی میں سے نکلے گا۔ |
| وَاِلَيْهِمْ تَاْوِىْ الْخَطِيْئَةُ ؛ | 7 | اور اُن ہی کی پناہ میں رہے گا، خطائیں وہاں پرورش پائیں گی۔ |
| يَرُدُّوْنَ مَنْ شَدَّ عَنْهَافِيْهَا ؛ | 8 | جو فتنہ اور خطاؤں سے نکلے گا اُسے زبردستی اُن ہی میں پلٹا کر داخل کریں گے۔ |
| وَيَسُوْقُوْنَ مَنْ تَاَخَّرَعَنْهَااِلَيْهَا ؛ | 9 | اور جو فتنوں اور خطاؤں میں داخل ہونے میں تاخیر کرے گا اُسے ہانک کر اُن کی طرف لے جائیں گے۔ |
| يَقُوْلُ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ: | 10 | اللہ پاک فرما چکا ہے کہ:۔ |
| فَبِىْ حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰى اُولٰئِكَ فِتْنَةً تَتْرُكُ الْحَلِيْمَ فِيْهَاحَيْرَانَ وَقَدْ فَعَلَ ؛ | 11 | میں نے قسم کھائی ہے کہ ضرور مبعوث کروں گا اُن لوگوں کے اوپر ایک خاص فتنہ جس میں بردبار لوگوں کو حیرانی میں رکھوں گا۔ چنانچہ اُس نے اس پر عمل کر دیا ہے۔ |
| وَنَحْنُ نَسْتَقِيْلُ اللّٰهَ عَثْرَةَ الْغَفْلَةِ . | 12 | اور ہم تو غفلت میں ٹھوکریں کھانے سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔ |

## 371۔وہ تنبیہ جو ہر خطبہ سے پہلے کی جاتی تھی

| | | |
|---|---|---|
| وَرَوِىَ اَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَلَّمَااعْتَدَالَ بِهِ الْمِنْبَرُ اِلَّاقَالَ اَمَامَ الْخُطْبَةِ : | | اور روایت کیا گیا ہے کہ علی علیہ السلام جب بھی منبر پر تشریف لے جاتے تھے تو ایسا بہت کم ہوتا تھا کہ آپؑ خطبے سے پہلے یہ نہ فرمائیں کہ:۔ |
| اَيُّهَاالنَّاسُ، اتَّقُوااللّٰهَ فَمَاخُلِقَ امْرُؤٌ عَبَثًافَيَلْهُوَ ، | 1 | اَے لوگو تم اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اُس نے کسی شخص کو خواہ مخواہ پیدا نہیں کیا ہے کہ وہ کھیل کود اور دل چسپیوں میں لگا رہے؛ |
| وَلَا تُرِكَ سُدًى فَيَلْغُوَ ؛ | 2 | اور نہ اُسے بے مہار و آزاد چھوڑا ہے کہ وہ فضولیات میں لگا رہے۔ |
| وَمَادُنْيَاهُ الَّتِىْ تَحَسَّنَتْ لَهُ بِخَلَفٍ مِنَ الْاٰخِرَةِ الَّتِىْ قَبَّحَهَاسُوْءُ النَّظَرِ عِنْدَهُ ، | 3 | اور یہ دُنیا جو اُس لئے سجائی گئی ہے آخرت کی زندگی کا بدل نہیں ہے کہ جس کو انسان کی غلط نگاہی نے بُری بنا کر پیش کیا ہے؛ |
| وَمَاالْمَغْرُوْرُالَّذِىْ ظَفِرَمِنَ الدُّنْيَابِاَعْلٰى هِمَّتِهٖ كَالْاٰخِرِالَّذِىْ ظَفِرَ مِنَ الْاٰخِرَةِ بِاَدْنٰى سُهْمَتِهٖ. | 4 | وہ فریب زدہ شخص جو اپنی بلند ہمتی سے دُنیا حاصل کرنے میں فتح مند بھی ہو جائے اُس دوسرے آدمی کے برابر نہیں ہو سکتا جس نے تھوڑا سا بھی آخرت کی زندگی کا حصہ حاصل کر لیا ہو۔ |

## 372۔اسلام اور چند متعلقہ صفات

| | | |
|---|---|---|
| لَاشَرَفَ اَعْلٰى مِنَ الْاِسْلَامِ ؛ | 1 | اسلام سے زیادہ بلند تر اور کوئی بزرگی نہیں ہے؛ |
| وَلَاعِزَّ اَعَزُّمِنَ التَّقْوٰى ؛ | 2 | اور تقویٰ سے زیادہ اور کوئی عزت نہیں ہے؛ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَلاَ مَعْقِلَ اَحْسَنُ مِنَ الْوَرَعِ ؛ | 3 | پرھیز گاری سے بڑھ کر کوئی پناہ نہیں ہے؛ |
| وَلاَ شَفِيْعَ اَنْجَحُ مِنَ التَّوْبَةِ ؛ | 4 | توبہ سے زیادہ اثر ڈالنے والا اور کوئی سفارشی نہیں ہے؛ |
| وَلاَ كَنزَ اَغْنَىٰ مِنَ الْقَنَاعَةِ ؛ | 5 | اور قناعت سے زیادہ مستغنی کرنے والا اور کوئی خزانہ نہیں ہے؛ |
| وَلاَ مَالَ اَذْهَبُ لِلْفَاقَةِ مِنَ الرِّضَىٰ بِالْقُوْتِ؛ | 6 | اور اپنی ضروری خوراک پر راضی رہنے سے بڑھ کر کوئی مال ایسا نہیں جو تنگدستی و محتاجگی کو دُور کرے؛ |
| وَمَنِ اقْتَصَرَعَلٰى بُلْغَةِ الْكَفَافِ فَقَدِ انْتَظَمَ الرَّاحَةَ ؛ | 7 | اور جس شخص نے اپنی ضرورت کو محدود کرنا پسند کرلیا اُس نے اپنی مستقل راحت کا انتظام کردیا؛ |
| وَتَبَوَّ اَخْفَضَ الدَّعَةِ ؛ | 8 | اور خود کو آرام وآسودگی کی منزل میں اُتار دیا؛ |
| وَالرَّغْبَةُ مِفْتَاحُ النَّصَبِ ؛ | 9 | خواہشیں اور رغبتیں رنج وتکلیف کی کنجیاں ہیں؛ |
| وَمَطِيَّةُ التَّعَبِ ؛ | 10 | اور مشقت کی سواریاں ہیں؛ |
| وَالْحِرْصُ وَالْكِبْرُوَالْحَسَدُ دَوَاعٍ اِلَى التَّقَحُّمِ فِى الذُّنُوْبِ | 11 | اور حرص اور بڑائی اور حسد گناہوں میں کودنے کا سامان ہوتے ہیں۔ |
| وَالشَّرُّجَامِعٌ لِمَسَاوِى الْعُيُوْبِ . | 12 | اور شر وفساد تمام عیبوں اور خرابیوں کو جمع کرنے والی چیزیں ہیں۔ |

## 373۔علم اور عالم، دُنیا کا قیام اور دین کا انحصار

| | | |
|---|---|---|
| يَاجَابِرَابْنِ عَبْدِاللّٰهِ (اَلْاَنْصَارِى) قِوَامُ الدِّيْنِ وَالدُّنْيَابِاَرْبَعَةٍ : | 1 | اَے جابر (ابن عبداللہ انصاری ) دین اور دُنیا کا قوام چار قسم کے اشخاص پر ہے؛ وہ عالم جو اپنے علم کو استعمال کرتا ہو۔اور |
| عالِمٍ مُّسْتَعْمِلٍ عِلْمَهُ ؛ | 2 | وہ جاہل جو علم حاصل کرنے میں بے عزتی نہ سمجھتا ہو؛ |
| وَجَاهِلٍ لَّايَسْتَنْكِفُ اَنْ يَّتَعَلَّمَ ؛ | 3 | اور وہ سخی جو ضروری سامان کو دینے میں کنجوسی نہ کرتا ہو؛ |
| وَجَوَدٍ لاَ يَبْخَلُ بِمَعْرُوْفِهٖ؛ | 4 | اور وہ فقیر جو دُنیا کے بدلے میں اپنی آخرت نہ بیچتا ہو؛ |
| وَفَقِيْرٍلَّايَبِيْعُ اٰخِرَتَهُ بِدُنْيَاهُ ؛ | 5 | چنانچہ جب علماء اپنے علم کو ضائع کرنے لگتے ہیں تو جہلاء علم دین حاصل کرنے میں |
| فَاِذَا ضَيَّعَ الْعَالِمُ عِلْمَهُ اسْتَنْكَفَ الْجَاهِلُ اَنْ يَّتَعَلَّمَ ؛ | 6 | اپنی بے عزتی سمجھنے لگتے ہیں۔ |
| وَاِذَابَخِلَ الْغَنِىُّ بِمَعْرُوْفِهٖ بَاعَ الْفَقِيْرُ اٰخِرَتَهُ بِدُنْيَاهُ ؛ | 7 | اور جب اغنیاء ضروری سامان میں کنجوسی کرنے لگتے ہیں تو فقراء دُنیا کمانے اور اغنیاء بننے کیلئے اپنی آخرت بیچ ڈالتے ہیں۔ |
| يَاجَابِرُ ،مَنْ كَثُرَتْ نِعَمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ كَثُرَتْ حَوَائِجُ النَّاسِ اِلَيْهِ ؛ | 8 | اَے جابر جس شخص نے اپنے پاس نعمات خداوندی کثرت سے جمع کرلی ہیں اُس نے اپنے ذمہ لوگوں کی حاجتیں اور ضرورتیں بھی کثرت سے لے لی ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَمَنْ قَامَ لِلّٰهِ فِيْهَا بِمَا يَجِبُ عَرَّضَهَا لِلدَّوَامِ وَالْبَقَاءِ ؛ | 9 | لہٰذا جو شخص دُنیا میں اللہ کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کھڑا ہو گیا اور واجب حقوق ادا کرے گا وہ ہمیشہ باقی رہے گا۔ |
| وَمَنْ لَمْ يَقُمْ فِيْهَا بِمَا يَجِبُ عَرَّضَهَا لِلزَّوَالِ وَالْفَنَآءِ . | 10 | اور جو شخص اللہ کیلئے واجب حقوق ادا نہ کریگا اُسے زوال اور فنا سے سابقہ پڑیگا۔ |

## 374۔ظلم وجبر پر عمل ہوتا دیکھ کر کیا کرنا چاہئے؟

| | | |
|---|---|---|
| عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِیْ لَيْلٰى قَالَ : اِنِّیْ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ يَوْمَ لَقِيْنَا اَهْلَ الشَّامِ : | | عبدالرحمٰن ابن ابی لیلیٰ نے بیان کیا کہ جس روز ہم اہل شام کے مقابلے کے لئے پہنچے تو میں نے سنا علی علیہ السلام فرمارہے تھے کہ: |
| اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِنَّهٗ مَنْ رَاٰى عُدْوَانًا يُعْمَلُ بِهٖ وَمُنْكَرًا يُدْعٰى اِلَيْهِ فَاَنْكَرَهٗ بِقَلْبِهٖ فَقَدْ سَلِمَ وَبَرِئَ . | 1 | اَے مومنین جو شخص دیکھے کہ ظلم وزیادتی پر عمل ہو رہا ہے اور عالمی ناپسندیدہ کاموں کی طرف دعوت دی جاری ہے۔ چنانچہ جو کوئی دل میں اُس کو بُرا سمجھے اُسے محفوظ اور بَری کہا جائے گا۔ |
| وَمَنْ اَنْكَرَهٗ بِلِسَانِهٖ فَقَدْ اُجِرَ وَهُوَ اَفْضَلُ مِنْ صَاحِبِهٖ ؛ | 2 | اور جو کوئی ظلم وزیادتی اور بُری دعوت کو زبان سے بُرا کہے گا وہ پہلے شخص سے افضل اور اجر کا مستحق ہوگا؛ |
| وَمَنْ اَنْكَرَهٗ بِالسَّيْفِ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا وَكَلِمَةُ الظَّالِمِيْنَ هِيَ السُّفْلٰى فَذٰلِكَ الَّذِیْ اَصَابَ سَبِيْلَ الْهُدٰى وَقَامَ عَلَى الطَّرِيْقِ ، | 3 | اور جو کوئی ظلم وزیادتی اور بُری دعوت کو بزورِ شمشیر روک دے تا کہ اللہ کا نظام غالب آئے اور ظالموں کا نظام ذلیل ہو جائے تو وہ شخص وہی ہے جو ہدایت کی راہ تک پہنچ گیا۔ اور صحیح طریقے پر قائم ہو گیا۔ |
| وَنَوَّرَ فِیْ قَلْبِهِ الْيَقِيْنَ . | 4 | اور اُس کے دل میں یقین کا نور پھیل گیا۔ |

## 375۔بُرے کاموں کو دیکھنے والوں کی ذمہ داری

| | | |
|---|---|---|
| فَمِنْهُمُ الْمُنْكِرُ لِلْمُنْكَرِ بِيَدِهٖ وَلِسَانِهٖ وَقَلْبِهٖ فَذٰلِكَ الْمُسْتَكْمِلُ لِخِصَالِ الْخَيْرِ ؛ | 1 | اِن ہی لوگوں میں سے ایک شخص وہ ہے جو عالمی ناپسندیدہ کام کو ہاتھ اور زبان اور دل سے بُرا سمجھتا ہے۔ چنانچہ وہ شخص اچھی خصلتوں کو مکمل کر چکا ہے۔ |
| وَمِنْهُمُ الْمُنْكِرُ بِلِسَانِهٖ وَقَلْبِهٖ وَالتَّارِكُ بِيَدِهٖ فَذٰلِكَ مُتَمَسِّكٌ بِخَصْلَتَيْنِ مِنْ خِصَالِ الْخَيْرِ وَمُضَيِّعٌ خَصْلَةً ؛ | 2 | اور ایک شخص ایسا ہے جو زبان اور دل سے بُرا سمجھتا ہے اور ہاتھ سے برا سمجھنا چھوڑتا ہے چنانچہ وہ شخص تین اچھی خصلتوں میں سے دو کے ساتھ وابستہ ہے اور ایک خصلت کو ضائع کر چکا ہے؛ |
| وَمِنْهُمُ الْمُنْكِرُ بِقَلْبِهٖ وَالتَّارِكُ بِيَدِهٖ وَلِسَانِهٖ فَذٰلِكَ الَّذِیْ ضَيَّعَ اَشْرَفَ الْخَصْلَتَيْنِ مِنَ الثَّلَاثِ وَتَمَسَّكَ بِوَاحِدَةٍ ؛ | 3 | اور اُن میں سے ایک وہ شخص ہے جو صرف دل سے بُرا سمجھتا ہے اور ہاتھ سے اور زبان سے بُرا سمجھنا چھوڑ چکا ہے۔ چنانچہ وہ شخص تین میں سے دو افضل خصلتوں کو ضائع کر کے صرف ایک خصلت سے وابستہ رہ گیا ہے۔ |
| وَمِنْهُمْ تَارِكٌ لِاِنْكَارِ الْمُنْكَرِ بِلِسَانِهٖ وَقَلْبِهٖ وَيَدِهٖ | 4 | اور اُن میں سے ایک وہ شخص ہے جو نہ اپنی زبان سے ظلم وانکار کرتا ہے نہ دل میں |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَذٰلِکَ مَیِّتُ الْاَحْیَاءِ ؛ | | بُرا سمجھتا ہے اور نہ ہی ہاتھ سے روک تھام کرتا ہے۔ یہ شخص زندہ لوگوں میں سے ایک میت ہے۔ |
| وَمَااَعْمَالُ الْبِرِّ کُلُّھَاوَالْجِھَادُفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ عِنْدَ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّھْیِ عَنِ الْمُنْکَرِ اِلَّا کَنَفْثَۃٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ ؛ | 5 | تمہیں معلوم رہنا چاہئے کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے اور معروفات کو نافذ کرنے اور منکرات کو روکنے کے مقابلے میں باقی تمام اعمال خیر (نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، وغیرہ) کا مقام ویسا ہی ہے جیسا سمندر میں لعاب دہن یا تھوک کا مقام ہوتا ہے۔ |
| وَاِنَّ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّھْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ لَا یُقَرِّبَانِ مِنْ اَجَلٍ ؛ | 6 | پھر یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ معروفات کو نافذ کرنا اور منکرات کو روکنا نہ تو موت کو قبل از وقت لے آتا ہے، |
| وَلَا یُنْقِصَانِ مِنْ رِّزْقٍ ؛ | 7 | اور نہ رزق میں کمی کرتا ہے۔ |
| وَاَفْضَلُ مِنْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ کَلِمَۃُ عَدْلٍ عِنْدَ اِمَامٍ جَائِرٍ . | 8 | اور اُن سب ہی سے افضل ہے ایک جابر و ظالم امام کے سامنے انصاف کی بات کہنا۔ |

## 376۔قلب وزبان اور ہاتھوں سے مکمل جہاد

| | | |
|---|---|---|
| وَعَنْ اَبِیْ حُجَیْفَۃَ قَالَ: سَمِعْتُ اَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَقُوْلُ: | | اورابی حُجَیفہ سے روایت ہے اُنہوں نے کہا کہ۔''میں نے امیرالمومنین علی علیہ السلام کوفرماتے ہوئے سنا کہ:۔ |
| اِنَّ اَوَّلَ مَاتُغْلَبُوْنَ عَلَیْہِ مِنَ الْجِھَادِ الْجِھَادُ بِاَیْدِیْکُمْ ثُمَّ بِاَلْسِنَتِکُمْ ثُمَّ بِقُلُوْبِکُمْ ؛ | 1 | پہلا جہاد جس سے تم مغلوب ہوجاؤ گے ہاتھوں سے جہاد کرنا ہے۔پھر زبان سے جہاد کرنا ہے اوردلوں سے جہاد کرنا ہے؛ |
| فَمَنْ لَّمْ یَعْرِفْ بِقَلْبِہٖ مَعْرُوْفًا وَّلَمْ یُنْکِرْ مُنْکَرًا قُلِبَ فَجُعِلَ اَعْلَاہُ اَسْفَلَہٗ وَاَسْفَلَہٗ اَعْلَاہُ. | 2 | چنانچہ جس کسی نے دل سے اچھائی کو اچھا اور بُرائی کو بُرا نہ سمجھا اُسے انقلابات کے ذریعہ سے اُلٹ پلٹ کر کے رکھ دیا جائے گا وہ اُس طرح سے کہ اُس کے اوپر کا حصہ نیچے کر دیا جائے گا اور نیچے کا حصہ اوپر کر دیا جائے گا۔ |

## 377۔حق اور باطل کی ایک ایک بات

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ الْحَقَّ ثَقِیْلٌ مَّرِیْءٌ؛ | 1 | یقیناً حق بھاری اور خوشگوار ہوتا ہے؛ |
| وَاِنَّ الْبَاطِلَ خَفِیْفٌ وَّبِیْءٌ. | 2 | اور یقیناً باطل ہلکا مگر وَبا انگیز ہوتا ہے۔ |

## 378۔اِس اُمت کے سب سے اچھے اور سب سے بُرے دو اشخاص

| | | |
|---|---|---|
| لَا تَاْمَنَنَّ عَلٰی خَیْرِ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ عَذَابَ اللّٰہِ لِقَوْلِہٖ سُبْحَانَہٗ: فَلَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُوْنَ.(اعراف 7/99 ) | 1 | اِس اُمت کے بہترین شخص کے معاملے میں بھی تم اللہ کے عذاب کی طرف سے بےفکر نہ ہوجانا۔جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | ''اللہ کے مکر کی طرف سے وہی بے فکر ہو جاتے ہیں جو گھاٹے میں رہنے والی قوم کے لوگ ہوا کرتے ہیں۔''(7/99) |
| وَلَا تَيْأَسَنَّ لِشَرِّ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ لِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهُ: اِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُوْنَ (یوسف 12/87) | 2 | اور اس اُمت کے بدترین شخص کے معاملے میں بھی تم اللہ کی راحت رسانی سے مایوس نہ ہو جانا جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔ یقیناً اللہ کی راحت رسانی سے حق پوش قوم کے لوگوں کے سوا کوئی مایوس نہیں ہوتا۔(12/87) |

## 379۔ کنجوسی تمام بُرائیوں کی راہنما ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْبُخْلُ جَامِعٌ لِّمَسَاوِيالْعُيُوْبِ؛ | 1 | کنجوسی تمام عیبوں کو اکٹھا کرنے والی ایسی لگام ہے |
| وَهُوَ زِمَامٌ يُقَادُبِهِ اِلٰى كُلِّ سُوْءٍ. | 2 | جو تمام برائیوں کی طرف راہ نمائی کرتی ہے۔ |

## 380۔ رزق کی دو قسمیں مگر مانتا کوئی نہیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلرِّزْقُ رِزْقَانِ: | 1 | رزق کی دو قسمیں ہیں: |
| رِزْقٌ تَطْلُبُهُ، | 2 | ایک وہ رزق جس کی تلاش تمہیں کرنا پڑتی ہے؛ |
| وَرِزْقٌ يَّطْلُبُكَ فَاِنْ لَّمْ تَاْتِهِ اَتَاكَ؛ | 3 | دوسرا وہ رزق جو تمہاری تلاش میں رہتا ہے۔ اگر تم اُس تک نہ پہنچو گے تو وہ تم تک پہنچے گا؛ |
| فَلَا تَحْمِلْ هَمَّ سَنَتِكَ عَلٰى هَمِّ يَوْمِكَ؛ | 4 | لہٰذا اپنے ایک دن کی فکر پر سال بھر کی فکریں نہ لاد دُو۔ |
| كَفَاكَ كُلَّ يَوْمٍ مَّافِيْهِ؛ | 5 | لہٰذا جو ہر روز کا رزق ہے وہ ہی تمہارے لئے کافی ہے۔ |
| فَاِنْ تَكُنِ السَّنَةُ مِنْ عُمُرِكَ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى سَيُؤْتِيْكَ فِيْ كُلِّ غَدٍجَدِيْدٍ مَّاقَسَمَ لَكَ؛ | 6 | اگر تمہاری عمر کا کوئی سال باقی ہے تو یقیناً اللہ ہر نئے دن کی جو روزی اُس نے مقرر کی ہے وہ تمہیں ضرور دے گا۔ |
| وَاِنْ لَّمْ تَكُنِ السَّنَةُ مِنْ عُمُرِكَ فَمَاتَصْنَعُ بِالْهَمِّ لِمَالَيْسَ لَكَ؛ | 7 | اور اگر تمہاری عمر کا کوئی سال اب باقی نہیں رہا ہے تو تم اُس چیز کی فکر کیوں کرو جو تمہارے لئے ہے ہی نہیں؟ |
| وَلَنْ يَّسْبِقَكَ اِلٰى رِزْقِكَ طَالِبٌ؛ | 8 | اور یہ ہو نہیں سکتا کہ کوئی اور تمہارا رزق لے لینے کیلئے تم پر سبقت لے جائے۔ |
| وَلَنْ يَغْلِبَكَ عَلَيْهِ غَالِبٌ؛ | 9 | اور نہ یہ ہو سکتا ہے کہ کوئی اور غلبہ پانے والا تم پر غالب آ جائے؛ |
| وَلَنْ يُّبْطِئَ عَنْكَ مَاقَدْقُدِرَلَكَ؛ | 10 | اور جتنا تمہارے لئے مقدر ہو چکا ہے اُسمیں ہرگز دیری اور سستی کی گنجائش نہیں ہے۔ |

## 381۔ لوگوں پر گذرنے والے حالات

| | | |
|---|---|---|
| رُبَّ مُسْتَقْبِلٍ يَوْمًالَيْسَ بِمُسْتَدْبِرِهٖ؛ | 1 | بہت سے لوگ ایسے دن کا سامنا کرتے ہیں جس سے روگردانی ممکن نہیں ہوتی ہے۔ |
| وَمَغْبُوْطٍ فِيْ اَوَّلِ لَيْلِهٖ قَامَتْ بِوَاكِيْهِ فِيْ اٰخِرِهٖ | 2 | اور بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ رات کے شروع میں اُن پر رشک کرتے ہیں اور رات کے آخر میں اُن پر رونے والیوں کا کہرام ہوتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 382۔بولنے میں ذمہ داری کا خیال رکھو

| | | |
|---|---|---|
| اَلْکَلَامُ فِیْ وِثَاقِکَ مَالَمْ تَتَکَلَّمْ بِہٖ؛ | 1 | کلام تمہارے بھروسے پر اور تمہارے قابو میں ہے جب تک تم بولو نہیں۔ |
| فَاِذَا تَکَلَّمْتَ بِہٖ صِرْتَ فِیْ وِثَاقِہٖ؛ | 2 | اور جیسے ہی تم بولتے ہو تو تم کلام کے بھروسے اور قابو میں چلے جاتے ہو۔ |
| فَاخْزُنْ لِسَانَکَ کَمَاتَخْزُنُ ذَھَبَکَ وَوَرِقَکَ | 3 | لہٰذا اپنی زبان اور کلام کو اسی طرح خزانے میں محفوظ رکھو جیسے تم اپنے سونے چاندی کو محفوظ رکھتے ہو۔ |
| فَرُبَّ کَلِمَۃٍ سَلَبَتْ نِعْمَۃً وَجَلَبَتْ نِقْمَۃً. | 4 | کیوں کہ بعض کلمات ایسے ہوتے ہیں جو نعمت کو چھین کر مصیبت کو نازل کر دیتے ہیں |

## 383۔جو کچھ جانتے ہو اُسے محفوظ رکھو

| | | |
|---|---|---|
| لَاتَقُلْ مَالَاتَعْلَمُ بَلْ لَاتَقُلْ کُلَّ مَاتَعْلَمُ فَاِنَّ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ قَدْفَرَضَ عَلٰی جَوَارِحِکَ کُلِّھَا فَرَائِضَ یَحْتَجُّ بِھَاعَلَیْکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ. | 1 | جو کچھ تم نہیں جانتے وہ نہ کہا کرو بلکہ جو کچھ تم جانتے ہو وہ بھی سارا کا سارا نہ کہہ دیا کرو؛ کیونکہ اللہ پاک نے تمہارے تمام اعضاء پر کچھ فرائض عائد کئے ہیں جن کے ذریعے سے بروز قیامت تم پر حجت کرے گا۔ |

## 384۔قوت اور کمزوری کا استعمال؟

| | | |
|---|---|---|
| اَحْذَرْاَنْ یَّرَاکَ اللّٰہُ عِنْدَ مَعْصِیَتِہٖ وَیَفْقِدَکَ عِنْدَ طَاعَتِہٖ فَتَکُوْنَ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ؛ | 1 | اِس صورتِ حال سے بچو کہ اللہ تمہیں اپنی نافرمانی کے لئے تو حاضر پائے اور اپنی اطاعت کے وقت تمہیں غیر حاضر پائے ورنہ تمہارا شمار گھاٹا پانے والوں میں ہوگا۔ |
| وَاِذَاقَوِیْتَ فَاقْوَ عَلٰی طَاعَۃِ اللّٰہِ، | 2 | اور جب تمہیں قوت ملے تو اللہ کی اطاعت میں قوت استعمال کرو |
| وَاِذَاضَعُفْتَ فَاضْعُفْ عَنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ. | 3 | اور جب کمزوری آجائے تو اللہ کی نافرمانی میں کمزوری دکھاؤ۔ |

## 385۔تجربہ کے باوجود غلط عمل جہالت ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلرُّکُوْنُ اِلَی الدُّنْیَامَعَ مَاتُعَایِنُ مِنْھَاجَھْلٌ؛ | 1 | دُنیا کا سلوک دیکھتے ہوئے بھی دُنیا کا ہو رہنا جہالت ہے۔ |
| وَالتَّقْصِیْرُفِیْ حُسْنِ الْعَمَلِ اِذَاوَثِقْتَ بِالثَّوَابِ عَلَیْہِ غَبْنٌ، | 2 | اور اچھے اعمال کے اچھے ثواب کا یقین رکھتے ہوئے بھی اچھے اعمال کرنے میں کمی کرتے رہنا غبن (امانت دبا بیٹھنا) ہے۔ |
| وَالطُّمَانِیْنَۃُ اِلٰی کُلِّ اَحَدٍقَبْلَ الْاِخْتِبَارِلَہٗ عَجْزٌ. | 3 | اور ٹھیک آزمائے اور خبر لگائے بغیر ہر ایک پر اطمینان کر لینا عاجزی اور بے کسی ہے۔ |

## 386۔دُنیا کی حقارت پر ایک دلیل

| | | |
|---|---|---|
| مِنْ ھَوَانِ الدُّنْیَا عَلَی اللّٰہِ اَنَّہٗ لَا یُعْصٰی اِلَّافِیْھَا؛ | 1 | اللہ کے نزدیک دُنیا کی حقارت کے لئے یہی بہت ہے کہ اللہ کی نافرمانیاں ہوتی ہیں تو اِسی دنیا میں ہوتی ہیں۔ |
| وَلَا یُنَالُ مَاعِنْدَہٗ اِلَّابِتَرْکِھَا. | 2 | اور اللہ کے پاس جو کچھ ہے وہ نہیں ملتا مگر دُنیا کو چھوڑنے کے بعد۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 387۔عمل اور نسب میں تعلق

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَبْطَاَبِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ؛ | 1 | جسے عمل سُست اور ڈھیلا کر دے اُسے اُس کا نسب تیز گام نہیں کر سکتا۔ |
| مَنْ فَاتَهُ حَسَبُ نَفْسِهِ لَمْ يَنْفَعْهُ حَسَبُ اٰبَائِهِ | 2 | جو اپنی ذاتی شرافت نہ رکھتا ہو اُسے اباؤ اجداد کی شرافت فائدہ نہیں دیتی ہے۔ |

## 388۔جوئندہ یا پندہ

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ طَلَبَ شَيْئًا نَالَهُ اَوْبَعْضَهُ. | 1 | جو شخص کسی چیز کو حاصل کرنا چاہتا ہے وہ اس چیز کو یا اس کے بعض حصے کو پالے گا۔ |

## 389۔اچھائی اور بُرائی کی شناخت ونتیجہ

| | | |
|---|---|---|
| مَاخَيْرٌ بِخَيْرٍ بَعْدَهُ النَّارُ؛ | 1 | بھلائی وہ بھلائی نہیں جس کے بعد جہنم ہو۔ |
| مَاشَرٌّ بِشَرٍّ بَعْدَهُ الْجَنَّةُ؛ | 2 | اور وہ شر شر نہیں جس کے بعد جنت ہو۔ |
| وَكُلُّ نَعِيْمٍ دُوْنَ الْجَنَّةِ مَحْقُوْرٌ؛ | 3 | جنت کے مقابلے میں ہر نعمت حقیر ہے۔ |
| وَكُلُّ بَلَاءٍ دُوْنَ النَّارِ عَافِيَةٌ. | 4 | اور جہنم کے مقابلے میں ہر بلا خیر وعافیت ہے۔ |

## 390۔فاقہ اور دیگر بلائیں

| | | |
|---|---|---|
| اَلَاوَاِنَّ مِنَ الْبَلَآءِ الْفَاقَةَ؛ | 1 | خبردار رہو کہ بلاؤں میں سے ایک بلا فاقہ ہے۔ |
| وَاَشَدُّمِنَ الْفَاقَةِ مَرَضُ الْبَدَنِ؛ | 2 | اور فاقہ سے بڑی اور سخت بلا جسمانی بیماری ہے۔ |
| وَاَشَدُّمِنْ مَرَضِ الْبَدَنِ مَرَضُ الْقَلْبِ؛ | 3 | اور جسمانی بیماری سے سخت قلب کی بیماری ہے۔ |
| اَلَا وَاِنَّ مِنَ النِّعَمِ سَعَةَ الْمَالِ؛ | 4 | خبردار ہو جاؤ کہ نعمتوں میں سے مالی فراوانی ایک نعمت ہے۔ |
| وَاَفْضَلُ مِنْ سَعَةِ الْمَالِ صِحَّةُ الْبَدَنِ؛ | 5 | اور مالی فراوانیوں سے افضل بدن کی صحت مندی ہے۔ |
| وَاَفْضَلُ مِنْ صِحَّةِ الْبَدَنِ تَقْوَى الْقَلْبِ. | 6 | صحتِ بدن سے افضل قلب کا متقی ہونا ہے۔ |

## 391۔مومن کی تین خاص ساعتیں اور کام

| | | |
|---|---|---|
| لِلْمُؤْمِنِ ثَلَاثُ سَاعَاتٍ؛ | 1 | مومن کے لئے تین خاص گھڑیاں (گھنٹے) ہوتی ہیں۔ |
| فَسَاعَةٌ يُنَاجِيْ فِيْهَارَبَّهٗ؛ | 2 | چنانچہ ایک ساعت تو وہ ہوتی ہے جس میں وہ اپنے پروردگار سے کانا پھوسی کرتا ہے۔ |
| وَسَاعَةٌ يَرِمُّ مَعَاشَهٗ ؛ | 3 | اور ایک ساعت وہ ہے جس میں وہ اپنی معاش میں ترمیم کرتا ہے۔ |
| وَسَاعَةٌ يُخَلِّيْ بَيْنَ نَفْسِهٖ وَبَيْنَ لَذَّتِهَا فِيْمَايَحِلُّ وَيَجْمُلُ؛ | 4 | اور ایک وہ ساعت جس میں وہ حلال و پسندیدہ لذتوں سے استفادہ کرتا ہے۔ |
| وَلَيْسَ لِلْعَاقِلِ اَنْ يَكُوْنَ شَاخِصًااِلَّافِيْ ثَلَاثٍ: | 5 | اور کسی بھی عقل مند انسان کو زیب نہیں دیتا کہ وہ خود کو تین کاموں کے علاوہ کسی اور کام میں اُلجھائے: |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| مَرَمَّةٍ لِّمَعَاشٍ؛ | 6 | اپنی روزی کی مرّمت میں، |
| اَوْخُطُوَةٍ فِیْ مَعَادٍ؛ | 7 | یا آخرت کی نجات کے کاموں میں، |
| اَوْلَذَّةٍ فِیْ غَیْرِ مُحَرَّمٍ؛ | 8 | یا حلال چیزوں سے لطف اندوزی میں۔ |

## 392۔دُنیا میں بے رغبتی سے رہنے کا فائدہ؟

| | | |
|---|---|---|
| اَزْهَدُ فِی الدُّنْیَا یُبَصِّرُکَ اللّٰهُ عَوْرَاتِهَا؛ | 1 | دُنیا میں خود کو سمیٹ کر رکھو تا کہ اللہ تمہیں دُنیا کی بُرائیاں دیکھنے کی نظر عطا کر دے۔ |
| وَلَا تَغْفُلْ فَلَسْتَ بِمَغْفُوْلٍ عَنْکَ. | 2 | اور دُنیا میں غافل بن کر نہ رہو اس لئے کہ یہاں تم سے غفلت نہ برتی جائے گی۔ |

## 393۔منہ سے نکلنے والی ہر بات تمہاری شخصیت پر دلیل ہو

| | | |
|---|---|---|
| تَکَلَّمُوْا تُعْرَفُوْا فَاِنَّ الْمَرْءَ مَخْبُوْءٌ تَحْتَ لِسَانِهِ. | 1 | بات اس طرح کرو کہ تمہاری پوزیشن پہچانی جا سکے کیونکہ آدمی اپنی زبان کے نیچے چھپا رہتا ہے۔ |

## 394۔ہلکی پھلکی اور اچھی خوشبو؟

| | | |
|---|---|---|
| نِعْمَ الطِّیْبُ الْمِسْکَ خَفِیْفٌ مَحْمِلُهُ؛ | 1 | اچھی خوشبو مشک کی ہوتی ہے جس سے گرانی نہیں ہوتی۔ |
| عَطِرٌ رِّیْحُهُ. | 2 | اور اس کی مہک عطر کی طرح ہے۔ |

## 395۔فخر و کبر کو راہ سے ہٹاؤ قبر کے لیے تیار رہو

| | | |
|---|---|---|
| ضَعْ فَخْرَکَ؛ | 1 | فخر کرنے کو اُٹھا کر رکھ دو؛ |
| وَاحْطُطْ کِبْرَکَ؛ | 2 | تکبر کو دبا دو؛ |
| وَاذْکُرْ قَبْرَکَ. | 3 | اپنی قبر کو یاد رکھو۔ |

## 396۔دُنیا میں سرسری طریقِ کار؟

| | | |
|---|---|---|
| خُذْمِنَ الدُّنْیَا مَااَتَاکَ؛ | 1 | دُنیا سے وہ چیزیں لے لیا کرو جو تم تک آئیں؛ |
| وَتَوَلَّ عَمَّاتَوَلّٰی عَنْکَ؛ | 2 | اور تم اپنی ولایت سے وابستہ رہو جب تمہاری ولایت کے خلاف عمل درآمد کیا جائے |
| فَاِنْ اَنْتَ لَمْ تَفْعَلْ، | 3 | اور اگر ایسا نہ کر سکو تو، |
| فَاَجْمِلْ فِی الطَّلَبِ. | 4 | اپنی مانگ اور طلب کو حسین بنا لو۔ |

## 397۔ایک بات جنگ کا چیلنج بن سکتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| رُبَّ قَوْلٍ اَنْفَذُمِنْ صَوْلٍ. | 1 | اکثر بعض اقوال جنگی حملے کی طرح اثر انداز ہوتے ہیں۔ |

## 398۔خود قناعت ہی کافی ہے

| | | |
|---|---|---|
| کُلُّ مُقْتَصَرٍ عَلَیْهِ کَافٍ. | 1 | جس چیز پر قناعت کر لی جائے وہ کافی ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 399۔عزت برقرار رکھنا لازم ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمَنِيَّةُ وَلاَ الدَّنِيَّةُ؛ | 1 | موت بہتر ہے ذلّت سے؛ |
| وَالتَّقَلُّلُ وَلاَ تَوَسُّلُ؛ | 2 | اور کم ملنا بہتر ہے چاپلوسی سے اور وسیلوں کے ذریعہ سے زیادہ ملنے سے؛ |
| وَمَنْ لَّمْ يُعْطَ قَاعِدًا لَمْ يُعْطَ قَائِمًا؛ | 3 | جسے بیٹھے بیٹھے نہیں ملتا اُسے کھڑے ہونے سے بھی نہیں ملتا؛ |
| وَالدَّهْرُ يَوْمَانِ: | 4 | اور یہ زمانہ دو دنوں میں تقسیم ہے؛ |
| يَوْمٌ لَكَ وَيَوْمٌ عَلَيْكَ؛ | 5 | ایک دن تیرے حق میں دوسرا تیرے خلاف ہے۔ |
| فَإِذَا كَانَ لَكَ فَلاَ تَبْطَرْ؛ | 6 | جب تیرے حق والا دن ہو تو نخرے نہ کیا کرو؛ |
| وَإِذَا كَانَ عَلَيْكَ فَاصْبِرْ. | 7 | اور تمہارا مخالف دن ہو تو صبر سے کام لو۔ |

## 400۔باپ بیٹے کے ایک دوسرے پر واجب حقوق

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ لِلْوَلَدِ عَلَى الْوَالِدِ حَقًّا؛ | 1 | بیٹے کے کچھ حقوق اُس کے والد پر ہوتے ہیں؛ |
| وَاِنَّ لِلْوَالِدِ عَلَى الْوَلَدِ حَقًّا؛ | 2 | اور باپ کے کچھ حقوق اُس کے بیٹے پر ہوتے ہیں۔ |
| فَحَقُّ الْوَالِدِ عَلَى الْوَلَدِ اَنْ يُّطِيْعَهُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ سُبْحَانَهُ؛ | 3 | چنانچہ والد کے حقوق بیٹے پر یہ ہیں کہ بیٹا ہر معاملہ میں اپنے باپ کی اطاعت کرے مگر اللہ کی نافرمانیوں میں والد کی اطاعت واجب نہیں ہے۔ |
| وَحَقُّ الْوَلَدِ عَلَى الْوَالِدِ اَنْ يُّحَسِّنَ اسْمَهُ؛ | 4 | اور بیٹے کے والد پر یہ حقوق ہیں کہ باپ بیٹے کا اچھا نام رکھے۔ |
| وَيُحَسِّنَ اَدَبَهُ؛ | 5 | اور اسے عمدہ ادب وتہذیب سکھائے؛ |
| وَيُعَلِّمَهُ الْقُرْاٰنَ. | 6 | اور اُسے قرآن کی تعلیم دے۔ |

## 401۔لوگوں سے ہم رنگ رہنا مفید ہے

| | | |
|---|---|---|
| مُقَارَبَةُ النَّاسِ فِيْ اَهْلاَقِهِمْ اَمْنٌ مِنْ غَوَائِلِهِمْ | 1 | لوگوں کے ساتھ اُن کے اخلاق واطوار میں ہم رنگ ہونا اُن کے شر سے محفوظ رہنا ہے۔ |

## 402۔بیرونی اثرات انسانی حالات پر

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعَيْنُ حَقٌّ؛ | 1 | نظر لگ جانا حق ہے۔ |
| وَلرُّقٰى حَقٌّ؛ | 2 | منتر جنتر کا اثر کرنا حق ہے۔ |
| وَالسِّحْرُ حَقٌّ؛ | 3 | جادو کا اثر حق ہے۔ |
| وَالْفَالُ حَقٌّ؛ | 4 | فال کا صحیح نکلنا بھی حق ہے۔ |
| وَالطِّيَرَةُ لَيْسَتْ بِحَقٍّ؛ | 5 | ہر بیماری کا دوسروں کو لگنا حق نہیں ہے۔ |
| وَالْعَدْوٰى لَيْسَتْ بِحَقٍّ؛ | 6 | اور دُشمنی کا اثر ہونا بھی حق نہیں ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| وَالطِّيْبُ نُشْرَةٌ؛ | 7 | اورخوشبو کا اچھا اثر کرنا، |
| وَالْعَسَلُ نُشْرَةٌ؛ | 8 | اورشہد کا کئی طرح سے مفید ہونا، |
| وَالرُّكُوْبُ نُشْرَةٌ؛ | 9 | اورسواری کرنا، |
| وَلِنَّظْرُ اِلَى الْخُضْرَةِ نُشْرَةٌ. | 10 | اورسبزہ پرنظر ڈالنا تمام مفید چیزیں ہیں۔ |

## 403۔متضاد خواہشیں تدابیر کی دشمن

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَوْمَا اِلٰى مُتَفَاوِتٍ خَذَلَتْهُ الْحِيَلُ. | 1 | جوشخص مختلف ومتضاد چیزیں طلب کرتا ہے اس کے تمام حیلے ناکام ہوجاتے ہیں۔ |

## 404۔چھوٹا منہ بڑی بات پر

| | | |
|---|---|---|
| قَدْ تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ يُسْتَصْغَرُ مِثْلُهُ عَنْ قَوْلِ مِثْلِهَا: | | علیؑ نے ایک شخص سے فرمایا جس نے اپنی حیثیت سے بڑھ کر ایک بات کہی تھی:۔ |
| لَقَدْ طِرْتَ شَكِيْرًا؛ | 1 | تم تو پر نکلتے ہی اڑنے لگے۔ |
| وَهَدَرْتَ سَقَبًا. | 2 | اور جوان ہونے سے پہلے ہی بلبلانے لگے۔ |

## 405۔لاحول ولا قوۃ کے عملی معنی

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ سُئِلَ عَنْ مَعْنٰى قَوْلِهِمْ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. | | اورعلیؑ سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ (احاطہ اورقوت اللہ کے بغیر نہیں) کے معنی معلوم کئے گئے تو فرمایا:۔ |
| اِنَّالَا نَمْلِكُ مَعَ اللّٰهِ شَيْئًا؛ | 1 | ہم خدا کے ساتھ کسی چیز کے بھی مستقل مالک نہیں ہیں۔ |
| وَلَا نَمْلِكُ اِلَّامَامَلَّكَنَا؛ | 2 | اورہم صرف اُن ہی چیزوں پر ملکیت رکھتے ہیں جن کا اُس نے ہمیں مالک بنایا ہے۔ |
| فَمَتٰى مَلَّكَنَا مَاهُوَاَمْلَكُ بِهٖ مِنَّا كَلَّفَنَا؛ | 3 | لہٰذا جب اُس نے ہمیں ایسی چیزوں کا مالک بنادیا جن پر وہ ہم سے زیادہ اختیار رکھتا ہے تو ہم پر کچھ ذمہ داری بھی عائد کردی ہے۔ |
| وَمَتٰى اَخَذَهُ مِنَّاوَضَعَ تَكْلِيْفَهُ عَنَّا. | 4 | اور جب وہ ہم سے وہ قوت واپس لے گا تو ذمہ داری بھی ہٹالے گا۔ |

## 406۔دینی لباس کی آڑ میں رہنے والے لوگ

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْ سَمِعَهُ يُرَاجِعُ الْمُغِيْرَةَ ابْنَ شُعْبَةَ كَلَامًا فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: | | اورعلیؑ نے سنا کہ مغیرہ ابن شعبہ جناب یاسرؓ سے اُلٹی سیدھی باتیں کررہا ہے۔ تو علیؑ نے فرمایا کہ:۔ |
| دَعْهُ يَا عَمَّارُ؛ | 1 | اَے عمار اس کو دفع کرو اُس نے؛ |
| فَاِنَّهُ لَمْ يَاْخُذْمِنَ الدِّيْنِ اِلَّامَاقَارَبَهُ مِنَ الدُّنْيَا؛ | 2 | دین سے بس وہ کچھ لیا ہے جو اُسے دُنیا میں مقبول بنا سکے؛ |
| وَعَلٰى عَمْدٍ لَبَّسَ عَلٰى نَفْسِهٖ لِيَجْعَلَ الشُّبْهَاتِ عَاذِرًا لِّسَقَطَاتِهٖ. | 3 | اوراس نے جان بوجھ کر میک اپ کیا ہے اور اپنے آپ کو شبہات میں اُلجھایا ہے تاکہ وہ اُن شبہات کو بطور عذر اپنی لغزشوں اور خطاؤں کے لئے استعمال کرسکے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 407۔عقل انسان کو کیوں دی گئی؟

| | | |
|---|---|---|
| مَااسْتَوْدَعَ اللّٰهُ اَمْرَأً عَقْلاً اِلَّا لِيَسْتَنْقِذَهُ بِهٖ يَوْمًامَّا | 1 | اللہ نے کسی شخص کو عقل دو یعت نہیں کی ہے مگر یہ کہ وہ کسی دن عقل کے ذریعہ سے اُسے تباہی سے بچائے گا۔ |

## 408۔فقراء کو اغنیاء کے ساتھ نخرے سے ملنا چاہئے

| | | |
|---|---|---|
| مَااَحْسَنَ تَوَاضُعَ الْاَغْنِيَاءِ لِلْفُقَرَاءِ طَلَبًالِمَا عِنْدَ اللّٰهِ! وَاَحْسَنُ مِنْهُ تِيْهُ الْفُقَرَاءِ عَلَى الْاَغْنِيَآءِ اِتِّكَالاًعَلَى اللّٰهِ. | 1 | اللہ کے پاس سے اَجر حاصل کرنے کے لئے دولتمندوں اور اغنیاء کا فقیروں کے ساتھ عاجزی سے پیش آنا کتنی اچھی بات ہے؟ مگر اُس سے بھی اچھی بات یہ ہے کہ اللہ پر توکل رکھنے والے فقراء دولت مندوں اور غنیوں سے نخرے سے پیش آئیں۔ |

## 409۔حق سے ٹکرانے والا پچھاڑا جائے گا

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ صَارَعَ الْحَقَّ صَرَعَهُ. | 1 | جو حق کو گرانا چاہے حق اُسے گرادے گا۔ |

## 410۔دل بصارت کے لئے کتاب ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْقَلْبُ مُصْحَفُ الْبَصَرِ. | 1 | دل آنکھوں کے لئے کتاب ہے۔ |

## 411۔تمام اخلاق کا رئیس تقویٰ ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلتُّقٰى رَئِيسُ الْاَخْلَاقِ. | 1 | تقویٰ تمام اخلاق کا حاکم ہے۔ |

## 412۔بُردباری سرپنچوں کا قبیلہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْحِلْمُ عَشِيْرَةٌ. | 1 | بُردباری سرپنچ قبیلہ ہے۔ |

## 413۔ہدایت اور زبان بخشنے والے کے خلاف زبان نہ چلاؤ

| | | |
|---|---|---|
| لَاتَجْعَلَنَّ ذَرَبَ لِسَانِکَ عَلٰى مَنْ اَنْطَقَکَ؛ بَلاَغَةَ قَوْلِکَ عَلٰى مَنْ سَدَّدَکَ. | 1<br>2 | جس نے تمہیں بولنے کی طاقت دی ہے اُسی کے خلاف اپنی بُری زبان استعمال نہ کرو۔ اور جس نے تمہیں راستہ دکھایا ہے اُس کے مقابلہ میں اثر انگیز باتیں نہ کیا کرو۔ |

## 414۔کتنا اَدب اور کتنی تہذیب ضروری ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| کَفٰاکَ اَدَبًالِنَفْسِکَ اجْتِنَابُ مَاتَکْرَهُ مِنْ غَيْرِکَ. | 1 | تمہاری ذاتی تمیز وتہذیب اسی قدر کافی ہے کہ جس چیز کو دوسروں کے لئے ناپسند کرتے ہو اُس سے خود بھی بچ کر رہو۔ |

## 415۔جواں مردوں کی طرح صبر کرنا

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ صَبَرَصَبْرَ الْاَحْرَارِ؛وَاِلَّاسَلَاسُلُوَّ الْاَغْمَارِ. | 1 | جواں مَردوں کی طرح صبر کرو نہیں تو بے وقوفوں کی طرح بھول بھلا کر چپ ہونا پڑیگا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 416۔کتنی عقل ہونا ضروری ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| كَفَاكَ مِنْ عَقْلِكَ مَااَوْضَحَ لَكَ سُبُلَ غَيِّكَ مِنْ رُشْدِكَ. | 1 | تمہارے لئے اتنی عقل کافی ہے کہ جو گمراہی کے راستوں کو ہدایت کے راستوں سے الگ کر کے دِکھادے۔ |

## 417۔مرنے والوں پر صبر کا طریقہ؟

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ لِلْاَشْعَثِ ابْنِ قَيْسٍ مُعَزِّيًا: | | علیؑ نے اَشعث ابن قیس سے پُرسہ دیتے ہوئے فرمایا:۔ |
| اِنْ صَبَرْتَ صَبْرَالْاَكَارِمِ ؛ | 1 | اگر تم نے مفید انسانیت لوگوں کی طرح صبر کیا تو بہتر ہے۔ |
| وَاِلَّاسَلَوْتَ سُلُوَّالْبَهَائِمِ. | 2 | ورنہ چوپایوں کی طرح آخر ایک دن بھول ہی جاؤ گے۔ |

## 418۔دُنیا اور دُنیا والوں پر چند پیارے جُملے

| | | |
|---|---|---|
| اَلدُّنْيَاتَغُرُّوَتَضُرُّوَتَمُرُّ؛ | 1 | یہ دُنیا فریب کار ہے نقصان پہنچانے والی اور تیزی سے نکلی جانے والی ہے؛ |
| اِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ لَمْ يَرْضَهَاثَوَابًالِاَوْلِيَائِهٖ ؛ | 2 | یقیناً اللہ پاک نے اپنی ولایت قائم کرنے والوں کے لئے دُنیا کو بطور بدلہ وثواب پسند نہیں کیا ہے۔ |
| وَلَاعِقَابًالِاَعْدَائِهٖ؛ | 3 | اور نہ اَپنے دشمنوں کو مستقل سزا دینے کی جگہ مقرر کیا ہے۔ |
| وَاِنَّ اَهْلَ الدُّنْيَا كَرَكْبٍ بَيْنَاهُمْ حَلُّوْااِذْصَاحَ بِهِمْ سَائِقُهُمْ فَارْتَحَلُوْا. | 4 | اور یہ اہلِ دُنیا تو ایسے سواروں کی طرح ہیں کہ جنہوں نے ابھی ابھی پڑاؤ ڈالا تھا مگر اُن کے ہانکنے والے نے اُنہیں للکارا اور وہ چل دئے۔ |

## 419۔سامان جمع کر کے پس ماندگان کے لئے چھوڑنا؟

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِاِبْنِهِ الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: | | اور اپنے فرزند حسن علیہ السلام سے فرمایا کہ:۔ |
| يَابُنَيَّ لَاتُخَلِّفَنَّ وَرَاءَكَ شَيْئًامِنَ الدُّنْيَا؛ | 1 | اَے ننھے بیٹے تم دُنیا کی کوئی بھی چیز اپنے پیچھے نہ چھوڑو؛ |
| فَاِنَّكَ تُخَلِّفُهُ لِاَحَدِ رَجُلَيْنِ: | 2 | یقیناً جو کچھ بھی تم چھوڑو گے وہ دو قسم کے لوگوں کیلئے ہوسکتی ہے:۔ |
| اِمَّارَجُلٍ عَمِلَ فِيْهِ بِطَاعَةِ اللّٰهِ فَسَعِدَبِمَا شَقِيْتَ بِهٖ؛ | 3 | ایک وہ جو تمہارے چھوڑے ہوئے سامان کو خدا کی اطاعت میں استعمال کرے گا لہٰذا جو مال تمہاری بدبختی کا سبب بنا وہ اُسے سعادت اور سہولت فراہم کرے گا؛ |
| وَاِمَّارَجُلٍ عَمِلَ فِيْهِ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَشَقِيَ بِمَاجَمَعْتَ لَهٗ فَكُنْتَ عَوْنًالَهٗ عَلٰىمَعْصِيَتِهٖ؛ | 4 | یا وہ دوسرا شخص ہوگا جو تمہارے چھوڑے ہوئے سامان سے اللہ کی نافرمانیاں کرے گا اور بدبختی کو حاصل کرے گا۔اور اس صورت میں تم اللہ کی نافرمانیوں میں اس کے مددگار ہوگے۔ |
| وَلَيْسَ اَحَدُ هٰذَيْنِ حَقِيْقًاتُؤْثِرُهٗ عَلٰى نَفْسِكَ. | 5 | اور اُن دونوں میں ایک بھی ایسا نہیں ہے جسے تم اپنے اوپر ترجیح دو اور اُن کے لئے سامان چھوڑو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 420۔پس ماندگان کے لئے ذخیرہ جمع کرنا

| | | |
|---|---|---|
| وَيُرْوَىٰ هٰذَا الْكَلَامُ عَلٰى وَجْهٍ اٰخَرَوَهُوَ : | | اوراسی کلام کودوسرے انداز میں بھی روایت کیا گیا ہے جو یہ ہے:۔ |
| اَمَّابَعْدُ، فَاِنَّ الَّذِیْ فِیْ يَدَيْكَ مِنَ الدُّنْيَاقَدْ كَانَ لَهٗ اَهْلٌ قَبْلَكَ؛ | 1 | بعدازحمدِخداورسوٗل واضح ہوکہ آج جومال وسامان تمہارے پاس ہے دُنیا کا یہی سامان تم سے پہلےتم سے قبل والےلوگوں کا تھا۔ |
| وَهُوَصَائِرٌاِلٰى اَهْلٍ بَعْدَكَ؛ | 2 | اورتمہارے بعد یہ سامان دوسروں کی طرف جانے والا ہے۔ |
| وَاِنَّمَا اَنْتَ جَامِعٌ لِّاَحَدِ رَجُلَيْنِ: | 3 | اورحقیقت یہ ہے کہ تم اس سامان کودوقسم کےلوگوں میں سے کسی ایک قسم کےآدمی کے لئےجمع کررہے ہو۔ |
| رَجُلٍ عَمِلَ فِيْمَاجَمَعْتَهٗ بِطَاعَةِ اللّٰهِ فَسَعِدَ بِمَا شَقِيْتَ بِهٖ؛ | 4 | اوّل وہ شخص جوتمہارے جمع کئے ہوئے اس مال کواللہ کی اطاعت میں صرف کرکے سعادت وسہولت حاصل کریگااورتم نے اُسکوجمع کرنے میں بدبختی اوردقت کمائی تھی۔ |
| اَوْرَجُلٍ عَمِلَ فِيْهِ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَشَقِىَ بِمَاجَمَعْتَ لَهٗ ؛ | 5 | یاایسا شخص ہوگا جواس کواللہ کی نافرمانی پرصرف کرکے بدبختی اورسختی کمائے گا؛ |
| وَلَيْسَ اَحَدُ هٰذَيْنِ اَهْلاً اَنْ تُؤْثِرَهٗ عَلٰى نَفْسِكَ وَلَا اَنْ تَحْمِلَ لَهٗ عَلٰى ظَهْرِكَ فَارْجُ لِمَنْ مَضٰى رَحْمَةَ اللّٰهِ ؛ | 6 | اوراُن دونوں میں سے ایک بھی تواس قابل نہیں کہ جسے تم اپنے اوپرترجیح دواوراُن کی وجہ سے اپنی پشت پرذمہ داریاں لادو۔ چنانچہ جوگذرگیااس کے لئے اللہ کی رحمت کےامیدواررہو۔ |
| وَلِمَنْ بَقِىَ رِزْقَ اللّٰهِ. | 7 | اورجوباقی رہ گیاہےاس کے لئے اللہ سےرزق کےامیدواررہو |

## 421۔استغفار کیسے کیا جاتا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِقَائِلٍ قَالَ بِحَضْرَتِهٖ اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ | 1 | علی علیہ السلام نے اُس شخص کوتنبیہ کی جس نےعلیؑ کی موجودگی میں ''اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ'' کہنا کافی سمجھا تھا۔ |
| :ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ اَتَدْرِىْ مَاالْاِسْتِغْفَارُ؟ | 2 | تمہاری ماں تمہاراسوگ منائے کیاتم درایتی عملی طورسےاستغفار کا مطلب سمجھتے ہو؟ |
| اِنَّ الْاِسْتِغْفَارَدَرَجَةُ الْعِلِّيِّيْنَ؛ | 3 | یقیناًاستغفار بلندترین درجہ کی چیز ہے۔ |
| وَهُوَاِسْمٌ وَاقِعٌ عَلٰى سِتَّةِ مَعَانٍ؛ : | 4 | اوروہ ایک نام ہے جوکہ واقع ہوتا ہے چھ مطالب پر؛ |
| اَوَّلُهَاالنَّدَمُ عَلٰى مَامَضٰى ؛ | 5 | پہلے یہ کہ جوکچھ ہوااُس پرنادم ہوجائے۔ |
| وَالثَّانِى الْعَزْمُ عَلٰى تَرْكِ الْعَوْدِاِلَيْهِ اَبَدًا ؛ | 6 | اوردوسرے یہ کہ ہمیشہ کیلئے اُسکااعادہ نہ کرنے کاپکاارادہ کرلینااورہرگزاس کونہ دُہرانا؛ |
| وَالثَّالِثُ اَنْ تُؤَدِّىَ اِلَى الْمَخْلُوْقِيْنَ حُقُوْقَهُمْ حَتّٰى تَلْقَى اللّٰهَ اَمْلَسَ لَيْسَ عَلَيْكَ تَبِعَةٌ | 7 | تیسرے یہ کہ اپنے ذمہ کے وہ تمام حقوق ادا کرنا جومخلوقات کےتم پر واجب الادا ہیں یہاں تک کہ اللہ کےحضور میں اسطرح پہنچاجائے کہ تمہارادامن پاک ہواورتم سے |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| | | کوئی باز پُرس نہ ہو |
| وَالرَّابِعُ اَنْ تَعْمِدَ اِلٰی کُلِّ فَرِیْضَةٍ عَلَیْکَ ضَیَّعْتَهَا فَتُوَدِّیَ حَقَّهَا؛ | 8 | چوتھا یہ کہ جو جو فرائض تم پر لاگو ہوتے ہیں اور تم نے اُن کو اب تک ضائع کیا ہے انہیں اب پوری طرح بجالانے کا ارادہ اور عمل کرنا۔ |
| وَالْخَامِسُ اَنْ تَعْمِدَاِلَی اللَّحْمِ الَّذِیْ نَبَتَ عَلَی السُّحْتِ فَتُذِیْبَهُ بِالْاَحْزَانِ حَتّٰی تُلْصِقَ الْجِلْدَ بِالْعَظْمِ وَیَنْشَاَبَیْنَهُمَالَحْمٌ جَدِیْدٌ؛ | 9 | اور پانچواں یہ کہ جو خون اور گوشت حرام کی خوراک سے تمہارے اندر پیدا ہوا ہے اُسے غم وحزن وافسوس میں پگھلاؤ یہاں تک کہ کھال سے ہڈیوں کو ملا دو اور پھر سے ہڈیوں اور کھال کے درمیان نیا گوشت پیدا ہو جائے۔ |
| وَالسَّادِسُ اَنْ تُذِیْقَ الْجِسْمَ اَلَمَ الطَّاعَةِ کَمَا اَذَقْتَهُ حَلَاوَةَ الْمَعْصِیَةِ؛ | 10 | اور چھٹا یہ کہ تمہارا جسم اطاعت خداوندی میں ویسی ہی تکلیف کا مزا چکھتا رہے جیسا کہ تم نے اللہ کی نافرمانی کی شیرینی چکھی تھی۔ |
| فَعِنْدَ ذٰلِکَ تَقُوْلُ :اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ . | 11 | جب یہ صورت پیدا کرلو تب کہو کہ:۔اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ میں اللہ سے مغفرت مانگتا ہوں۔ |

## 422۔اولادِ آدمؑ کی بے چارگی

| | | |
|---|---|---|
| مِسْکِیْنٌ اِبْنُ آدَمَ:؛ | 1 | اولاد آدمؑ کتنی مسکین ہے۔ |
| مَکْتُوْمُ الْاَجَلِ؛ | 2 | اس کی موت اس سے پوشیدہ ہے۔ |
| مَکْنُوْنُ الْعِلَلِ؛ | 3 | اس کی بیماریاں کانوں کے اندر محفوظ رکھی ہیں۔ |
| مَحْفُوْظُ الْعَمَلِ؛ | 4 | مواخذہ کے لئے اسکے عمل محفوظ رکھے گئے ہیں۔ |
| تُؤْلِمُهُ الْبَقَّةُ؛ | 5 | مچھر تک اسے تکلیف پہنچا سکتا ہے۔ |
| وَتَقْتُلُهُ الشَّرْقَةُ ؛ | 6 | پانی کا دھسکہ اسے مار ڈالتا ہے۔ |
| وَتُنْتِنُهُ الْعَرْقَةُ. | 7 | اور اس کا پسینہ بدبودار ہوتا ہے۔ |

## 423۔نظارہ حسن اگر بے قابو کردے تب کیا کریں؟

| | | |
|---|---|---|
| رُوِیَ اَنَّهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ کَانَ جَالِسًا فِیْ اَصْحَابِهٖ فَمَرَّتْ بِهِمْ امْرَاَةٌ جَمِیْلَةٌ فَرَمَقَهَاالْقَوْمُ بِاَبْصَارِهِمْ فَقَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ: | | روایت کیا گیا ہے کہ علی علیہ السلام اپنے صحابہ میں تشریف فرما تھے کہ وہاں سے ایک خوبصورت عورت گذری تو پوری قوم کی آنکھیں اُس عورت کے ساتھ ساتھ چلنے لگیں اس پر علی علیہ السلام نے فرمایا کہ:۔ |
| اِنَّ اَبْصَارَهٰذِهِ الْفُحُوْلِ طَوَامِحُ؛ | 1 | اِن مردوں کی آنکھیں اور نگاہیں ٹکٹکی لگائے ہوئے ہیں۔ |
| وَاِنَّ ذٰلِکَ سَبَبُ هِبَابِهَا؛ | 2 | اور نظر بازی ہی خواہشات کو بھڑکانے کا سبب ہوا کرتی ہے۔ |
| فَاِذَانَظَرَاَحَدُکُمْ اِلٰی امْرَاَةٍ تُعْجِبُهُ فَلْیُلَامِسْ اَهْلَهُ؛ | 3 | چنانچہ جب کبھی تم میں سے کسی ایک کی نظر عورت پر جا پڑے اور وہ اُسے پسند آجائے تو اُسے اُس کیلئے اپنی زوجہ سے بغلگیر ہونا فوراً ضروری ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| فَاِنَّمَاهِیَ امْرَاَةٌ کَاامْرَاَةٍ. | 4 | اِسکے سوااور کچھ نہیں کہ وہ بھی ویسی ہی عورت ہے جیسی کہ دوسری عورتیں ہیں۔ |
| فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْخَوَارِجِ قَاتَلَهُ اللّٰهُ کَافِرًا مَااَفْقَهَهُ؟ | | یہ سن کر خارجیوں میں سے ایک خارجی نے کہا کہ خدا اس کافر کو قتل کرے یہ کتنا بڑا فقیہ ہے۔ |
| فَوَثَبَ الْقَوْمُ لِیَقْتُلُوْهُ؛ فَقَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ : رُوَیْدًا اِنَّمَاهُوَ سَبٌّ بِسَبٍّ اَوْعَفْوٌعَنْ ذَنْبٍ. | 5 | اِس پر قوم نے اُسے قتل کرنے کے لئے حملہ کر دیا تو علی علیہ السلام نے فرمایا کہ :۔ ٹھہرو گالی کا بدلہ گالی ہے اور وہ ایک گالی ہی تھی یا یہ کہ اُسے گنہگار سمجھ کر معاف کر دیا جائے |

## 424۔نیکی اور بھلائی کی اہمیت

| | | |
|---|---|---|
| اِفْعَلُوا الْخَیْرَوَلَا تَحْقِرُوْامِنْهُ شَیْئًا؛ | 1 | اچھے کام کرو اور تھوڑی سی بھلائی کو بھی حقیر نہ سمجھو، |
| فَاِنَّ صَغِیْرَهُ کَبِیْرٌوَّقَلِیْلَهُ کَثِیْرٌ؛ | 2 | کیونکہ چھوٹی سی نیکی بھی بڑی ہے اور تھوڑی سی بھلائی بھی کثیر ہے؛ |
| وَلَا یَقُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ اِنَّ اَحَدًا اَوْلٰی بِفِعْلِ الْخَیْرِ مِنِّیْ فَیَکُوْنَ وَاللّٰهِ کَذٰلِکَ. | 3 | تم میں سے کوئی ایک شخص بھی یہ نہ کہا کرے کہ اچھے کاموں کے کرنے میں کوئی دوسرا مجھ سے زیادہ مناسب ہے، ورنہ قسم بخدا اُسی طرح وقوع میں آجائے گا؛ |
| اِنَّ لِلْخَیْرِوَالشَّرِّاَهْلاً | 4 | اسلئے کہ نیک اور برے کاموں کے کرنے والے موجود رہتے ہیں۔ |
| فَمَاتَرَکْتُمُوْهُ مِنْهُمَا کَفَاکُمُوْهُ اَهْلُهُ | 5 | چنانچہ جب تم نیکی یا بدی میں سے کسی ایک کو چھوڑو گے تو اُن کے کرنے والے دوسرے لوگ اُنہیں انجام دینے لگیں گے۔'' |

## 425۔تم ایک صورتِ حال کی اصلاح کرلو اللہ دوسرے کی اصلاح کر دے گا

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ اَصْلَحَ سَرِیْرَتَهُ اَصْلَحَ اللّٰهُ عَلَانِیَتَهُ؛ | 1 | جو اپنے باطن کی اصلاح کر لیتا ہے اللہ اُسکے ظاہر کی اصلاح کر دیتا ہے۔ |
| وَمَنْ عَمِلَ لِدِیْنِهِ کَفَاهُ اللّٰهُ اَمْرَدُنْیَاهُ؛ | 2 | اور جو کوئی اپنے دین کے لئے عمل کرتا ہے اللہ اُس کی دُنیا کے کاموں کے لئے کافی ہو جاتا ہے۔ |
| وَمَنْ اَحْسَنَ فِیْمَابَیْنَهُ وَبَیْنَ اللّٰهِ اَحْسَنَ اللّٰهُ مَابَیْنَهُ وَبَیْنَ النَّاسِ. | 3 | اور جس نے اپنے اور اپنے اللہ کے درمیان اچھا تعلق قائم رکھا اللہ اُس کے اور باقی انسانوں کے درمیان اچھے تعلقات قائم کر دیتا ہے۔ |

## 426۔حلم وعقل سے فائدہ اُٹھانا

| | | |
|---|---|---|
| اَلْحِلْمُ غِطَاءٌ سَاتِرٌ؛ | 1 | بردباری ڈھکنے اور چھپانے والا پردہ ہے۔ |
| وَالْعَقْلُ حُسَامٌ قَاطِعٌ؛ | 2 | اور عقل تمہاری مسلسل کاٹنے والی چیز ہے۔ |
| فَاسْتُرْخَلَلَ خُلُقِکَ بِحِلْمِکَ ؛ | 3 | اپنی اخلاقی خامیوں کو اپنی بُردباری کے پردوں میں چھپادو۔ |
| وَقَاتِلْ هَوَاکَ بِعَقْلِکَ. | 4 | اور نفسانی خواہشات کو اپنی عقل کی حسام سے قتل کر دو۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 427۔نعمتوں کا سخاوت سے تعلق

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا يَخْتَصُّهُمُ اللّٰهُ بِالنِّعَمِ لِمَنَافِعِ | 1 | نفع رسانی کے لئے اللہ اپنے کچھ بندوں کو اپنی نعمتوں کے لئے مخصوص کر لیتا ہے اور اُن |
| الْعِبَادِ فَيُقِرُّ هَافِيْ اَيْدِيْهِمْ مَابَذَلُوْهَا؛ | | نعمتوں کو اُنکے قبضے میں برقرار رکھتا ہے جب تک وہ اُن نعمتوں کو لوگوں کو دیتے رہتے ہیں۔ |
| فَاِذَامَنَعُوْهَانَزَعَهَامِنْهُمْ ثُمَّ حَوَّلَهَااِلٰى غَيْرِهِمْ. | 2 | اور جب وہ نعمتوں کو روک لیتے ہیں تو اللہ اُن نعمتوں کو دوسروں کی طرف منتقل کر دیتا ہے۔ |

## 428۔دولت اور صحت مستقل چیزیں نہیں

| | | |
|---|---|---|
| لاَ يَنْبَغِيْ لِلْعَبْدِ اَنْ يَّثِقَ بِخَصْلَتَيْنِ: | 1 | کسی بھی بندے کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ دو چیزوں پر بھروسا کرے: |
| اَلْعَافِيَةِ ؛وَالْغِنٰى؛ | 2 | ایک صحت ہے اور دوسری دولت مندی ہے۔ |
| بَيْنَاتَرَاهُ مُعَافًى اِذْ سَقِمَ ؛ | 3 | تم بعض لوگوں کو صحت مند دیکھتے ہو اور وہ دیکھتے ہی دیکھتے بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ |
| وَبَيْنَاتَرَاهُ غَنِيًّا اِذِافْتَقَرَا. | 4 | اور تم بعض لوگوں کو دولت مند دیکھتے تھے کہ وہ اچانک فقیر و نادار ہو جاتے ہیں۔ |

## 429۔اپنی حاجت کا شکوہ کس سے کریں؟

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ شَكَا الْحَاجَةَ اِلٰى مُؤْمِنٍ فَكَاَنَّهُ شَكَاهَااِلَى اللّٰهِ ؛ | 1 | جو کوئی اپنی ضرورت کا شکوہ مومن سے کرتا ہے گویا اُسکا شکوہ اور طلب اللہ سے ہے۔ |
| وَمَنْ شَكَاهَا اِلٰى كَافِرٍفَكَاَنَّمَاشَكَااللّٰهَ . | 2 | اور جو کوئی اپنی حاجت کا شکوہ کسی کافر سے کرتا ہے تو وہ ایسا ہی ہے کہ اُسنے اللہ کی شکایت کی ہے |

## 430۔عید کب اور کس کے لئے ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِيْ بَعْضِ الْاَعْيَادِ: | | علی علیہ السلام نے بعض عید کے موقع پر فرمایا تھا کہ: |
| اِنَّمَاهُوَعِيْدٌ لِمَنْ قَبِلَ اللّٰهُ صِيَامَهُ؛ | 1 | عید تو صرف اُس کے لئے ہے جس کے روزے اللہ نے قبول کر لئے، |
| وَشَكَرَقِيَامَهُ؛ | 2 | اور اُس کے قیام کو منظور کر لیا ہے، |
| وَكُلُّ يَوْمٍ لاَ يُعْصَى اللّٰهُ فِيْهِ فَهُوَيَوْمُ عِيْدٌ. | 3 | اور ہر وہ دن عید کا دن ہے جس میں کسی نے اللہ کی نافرمانی نہ کی ہو۔ |

## 431۔نافرمانی سے حاصل کردہ مال فرمانبرداری پر صرف کرنا

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اَعْظَمَ الْحَسَرَتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَسْرَةُ | 1 | قیامت کے روز سب سے بڑی حسرت اُس شخص کے حصہ میں آئے گی جس نے اللہ کی |
| رَجُلٍ كَسَبَ مَالاً فِيْ غَيْرِ طَاعَةِ اللّٰهِ فَوَرِثَهُ | | نافرمانی کر کر کے مال جمع کیا ہو اور اُس کے وارثوں میں ایسا شخص ہو جو اُس مال کو اللہ کی |
| رَجُلٌ فَاَنْفَقَهُ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ سُبْحَانَهُ فَدَخَلَ بِهِ | | اطاعت میں خرچ کرے چنانچہ یہ شخص اللہ کی اطاعت کی وجہ سے جنت میں داخل ہوگا اور |
| الْجَنَّةَ وَدَخَلَ الْاَوَّلُ بِهِ النَّارَ. | | پہلا شخص نافرمانی کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوگا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 432۔سب سے زیادہ گھاٹے میں رہنے والا شخص؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اَخْسَرَ النَّاسِ صَفْقَةً وَّاَخْيَبَهُمْ سَعْيًا رَجُلٌ اَخْلَقَ بَدَنَهُ فِيْ طَلَبِ مَالِهِ وَلَمْ تُسَاعِدْهُ الْمَقَادِيْرُ عَلٰى اِرَادَتِهِ؛ | 1 | لین دین میں سب سے زیادہ نقصان میں رہنے والا اور اپنی کوششوں میں ناکام ہونے والا وہ آدمی ہے جس نے مال کو حاصل کرنے میں اپنے بدن کو گھلا دیا مگر تقدیر نے اُس سے تعاون نہ کیا ہو۔ |
| فَخَرَجَ مِنَ الدُّنْيَا بِحَسْرَتِهِ ؛ | 2 | لہٰذا وہ دُنیا سے حسرتوں میں لدا ہوا نکلا؛ |
| وَقَدِمَ عَلَى الْاٰخِرَةِ بِتَبِعَتِهِ. | 3 | اور آخرت میں بھی اُسے اپنے اعمال کی سزا ملنا ہے۔ |

## 433۔رزق کی دو قسمیں؟

| | | |
|---|---|---|
| الرِّزْقُ رِزْقَانِ:؛ طَالِبٌ ، وَمَطْلُوْبٌ؛ | 1 | رزق دو طرح کا ہوتا ہے:۔ایک وہ جو خود تلاش کرتا ہے دوسرا وہ جسے تلاش کیا جاتا ہے؛ |
| فَمَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا طَلَبَهُ الْمَوْتُ حَتّٰى يُخْرِجَهُ عَنْهَا؛ | 2 | چنانچہ جو کوئی دُنیا کا طلبگار رہوتا ہے موت اُسے تلاش کرتی ہے۔یہاں تک کہ اُسے دُنیا سے نکال باہر کرتی ہے۔ |
| وَمَنْ طَلَبَ الْاٰخِرَةَ طَلَبَتْهُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَسْتَوْفِيَ رِزْقَهُ مِنْهَا. | 3 | اور جو کوئی آخرت کو طلب کرتا ہے دُنیا خود اُسے تلاش کرتی ہے یہاں تک کہ وہ پوری دُنیا سے پوری پوری روزی حاصل کر لیتا ہے |

## 434۔اولیاءاللہ کا طرزِ حیات؟اور قرآنی مقام؟

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ هُمُ الَّذِيْنَ نَظَرُوْا اِلٰى بَاطِنِ الدُّنْيَااِذَانَظَرَ النَّاسُ اِلٰى ظَاهِرِهَا ؛ | 1 | یقیناً ولایتِ خدواندی قائم کرنیوالے وہ ہیں جنہوں نے دُنیا کے باطن اور گہرائی پر نظر رکھی جب کہ تمام انسان دُنیا کے ظاہر پر فکر ونظر رکھتے ہیں۔ |
| وَاشْتَغَلُوْا بِاٰجِلِهَااِذَا اشْتَغَلَ النَّاسُ بِعَاجِلِهَا | 2 | اور اُنہوں نے خود کو نتائج اور انتہا سے وابستہ رکھا جب کہ باقی لوگ جلدی برآمد ہونے والے فوائد سے وابستہ رہتے ہیں۔ |
| فَاَمَاتُوْامِنْهَامَاخَشُوْا اَنْ يُّمِيْتَهُمْ؛ | 3 | چنانچہ اُنہیں جن چیزوں سے یہ خطرہ تھا کہ وہ اُنہیں ماردیں گی اُنہوں نے اُن کو ماردیا |
| وَتَرَاكُوْامِنْهَامَاعَلِمُوْا اَنَّهُ سَيَتْرُكُهُمْ؛ | 4 | اور جن چیزوں کے متعلق معلوم ہوا کہ وہ اُن کو چھوڑ دیں گی اُنہیں پہلے ہی چھوڑ دیا۔ |
| وَرَاَوُااسْتِكْثَارَغَيْرِهِمْ مِنْهَااسْتِقْلَالاً؛ | 5 | اور دوسروں کے دُنیا کو زیادہ سمیٹنے کو حقیر وقلیل سمجھتے رہے۔ |
| وَدَرَكَهُمْ لَهَافَوْتًا؛ | 6 | اور دُنیا کو پالینے کے بعد بھی اُسے کھویا ہوا جانتے رہے۔ |
| اَعْدَآءُ مَاسَالَمَاالنَّاسُ؛ | 7 | وہ اُن چیزوں کے دشمن رہے جن سے انسان دوستی رکھتے ہیں۔ |
| وَسِلْمَ مَاعَادَى النَّاسُ؛ | 8 | اور اُن چیزوں کے دوست رہے جن سے لوگ دشمنی رکھتے ہیں۔ |
| بِهِمْ عُلِمَ الْكِتَابُ وَبِهِ عُلِمُوْا؛ | 9 | اُنؑ کے ذریعہ سے قرآن جانا گیا اور وہ قرآن سے جانے گئے۔ |
| وَبِهِمْ قَامَ الْكِتَابُ وَبِهِ قَامُوْ؛ | 10 | اُنؑ کے ذریعہ سے کتاب کا دین واحکام قائم ہوئے اور اُنکا قیام بھی کتاب ہی سے ہوا |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| لاَ یَرَوْنَ مَرْجُوًّفَوْقَ مَایَرْجُوْنَ؛ | 11 | وہ حضراتؑ جس چیز کی اُمید رکھتے ہیں اس سے کسی اور چیز کو بزرگ نہیں سمجھتے |
| وَلاَ مَخُوْفًافَوْقَ مَایَخَافُوْنَ. | 12 | اور جس چیز سے خائف ہیں اس سے خوفناک کسی اور چیز کو نہیں سمجھتے۔ |

## 435۔لذّتوں کا خاتمہ بازپُرس کو ختم نہیں کرتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| اُذْکُرُوْا انْقِطَاعَ اللَّذَّاتِ ؛ | 1 | تم لذتوں کے ختم ہوجانے کو بھی، |
| وَبَقَاءَ التَّبِعَاتِ. | 2 | اور بازپرس کے ہونے کو بھی یاد رکھا کرو۔ |

## 436۔لازِم وملزوم دو دو دروازے

| | | |
|---|---|---|
| مَاکَانَ اللّٰہُ لِیَفْتَحَ عَلٰی عَبْدٍبَابَ الشُّکْرِوَیُغْلِقَ عَنْہُ بَابَ الزِّیَادَةِ ؛ | 1 | اللہ کے لئے یہ بات موزوں نہیں ہے کہ وہ کسی بندے کے لئے شکر کا دروازہ تو کھولے رکھے اور نعمتوں کے اضافہ والا دروازہ بند کردے، |
| وَلاَ یَفْتَحَ عَلٰی عَبْدٍ بَابَ الدُّعَاءِ وَیُغْلِقَ عَنْہُ بَابَ الْاِجَابَةِ؛ | 2 | اور نہ یہ موزوں ہے کہ اللہ دُعا کا دروازہ تو کھلا رکھے اور اُس کیلئے قبول کرنے کا دروازہ بند رکھے؛ |
| وَلاَ یَفْتَحُ عَلٰی عَبْدٍبَابَ التَّوْبَةِ وَیُغْلِقَ عَنْہُ بَابُ الْمَغْفِرَةِ. | 3 | اور نہ یہ موزوں ہے کہ وہ بندوں کی توبہ کا دروازہ کھلا رکھے اور اُنکی بخشش کا دروازہ بند کردے۔ |

## 437۔لطف وکرم کے حقدار کون ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| اَوْلَی النَّاسِ بِالْکَرَمِ مَنْ عَرَّفَتْ فِیْہِ الْکِرَامِ. | 1 | کرم کا سارے انسانوں سے زیادہ وہ حق دار ہے جو کریموںؑ سے رشتہ رکھتا ہو۔ |

## 438۔عدل اور سخاوت میں کون افضل ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| سُئِلَ مِنْہُ عَلَیْہِ السَّلاَمُ : اَیُّمَااَفْضَلُ: اَلْعَدْلُ اَوِالْجُوْدُ ؟ فَقَالَ عَلَیْہِ السَّلاَمُ: | | علی علیہ السلام سے اسی سلسلے میں پوچھا گیا کہ عدل اور سخاوت میں سے کون افضل ہے؟ فرمایا کہ:۔ |
| اَلْعَدْلُ یَضَعُ الْاُمُوْرَ مَوَاضِعِھَا؛ | 1 | عدل تمام چیزوں کو اور تمام کاموں کو متوازن اور اُن کے صحیح مقام پر رکھتا ہے؛ |
| وَالْجُوْدُ یُخْرِجُھَامِنْ جَھَتِھَا؛ | 2 | اور سخاوت متعلقہ چیزوں کو اُن کے حدود سے الگ کردیتی ہے؛ |
| وَالْعَدْلُ سَائِسٌ عَامٌّ؛ | 3 | اور عدل ایک عمومی اور قانونی اساس وبنیاد ہے۔ |
| وَالْجُوْدُعَارِضٌ خَاصٌّ، | 4 | اور سخاوت خاص صورت حال میں جائز ہوتی ہے۔ |
| فَالْعَدْلُ اَشْرَفُھُمَاوَاَفْضَلُھُمَا. | 5 | چنانچہ دونوں میں سے عدل بزرگ اور افضل ہے۔ |

## 439۔سب سے اچھا شہر کون سا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| لَیْسَ بَلَدٌ بِاَحَقَّ بِکَ مِنْ بَلَدٍ؛ | 1 | تمہارے لئے ایک شہر دوسرے شہر سے زیادہ حقدار نہیں ہے؛ |
| خَیْرُالْبِلاَدِمَاحَمَلَکَ . | 2 | بہترین شہر وہ ہے جو تمہارا بوجھ اُٹھائے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 440۔زھد کے معنی اور تعریف قرآن سے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلزُّھْدُ کُلُّہٗ بَیْنَ کَلِمَتَیْنِ مِنَ الْقُرْاٰنِ: | 1 | زُھد کی مکمل صورت اور تعریف قرآن کے دو کلموں میں بیان ہوئی ہے۔ |
| | | اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ:۔ |
| قَالَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ:لِکَیْلَا تَاسَوْا عَلٰی مَافَاتَکُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَااٰتَاکُمْ( حدید 57/23 ) | 2 | ''جو چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہے اُس پر مایوس نہ ہوا کرو اور جو چیز تمہیں مل جائے اُس پر نخرے نہ کیا کرو(57/23) |
| وَمَنْ لَّمْ یَاْسَ عَلَی الْمَاضِیْ وَمَنْ لَمْ یَفْرَحْ بِالْاٰتِیْ فَقَدْ اَخَذَالزُّھْدَبِطَرَفَیْہِ. | 3 | اور جو کوئی گذرے ہوئے پر مایوس نہ ہوتا ہو اور ملنے والی چیز پر نخرے نہ کرتا ہو وھی تو ہے جس نے زھد کے دونوں طرفوں پر عمل کیا ہے۔ |

## 441۔عملِ پیہم کی ستائش

| | | |
|---|---|---|
| قَلِیْلٌ مَّدُوْمٌ عَلَیْہِ خَیْرٌ مِنْ کَثِیْرٍ مَمْلُوْلٍ مِنْہُ. | 1 | وہ تھوڑا عمل جس میں ہمیشگی ہو اُس زیادہ عمل سے بہتر ہے جو دل تنگی کا باعث ہوتا ہو۔ |

## 442۔حکومتیں کیسے آلاتِ موسیقی بن جاتی ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلْوِلَایَاتُ مَزَامِیْرُ الرِّجَالِ. | 1 | حکومتیں لوگوں کے لئے موسیقی کے آلات ہیں۔ |

## 443۔دن کا سونا کیوں بُرا سمجھا جاتا رہا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| مَاانْقَصَ النَّوْمَ لِعَزَائِمِ الْیَوْمِ. | 1 | دن بھر کی مہم اور پروگرام میں توڑ پھوڑ کرنے والی چیز نیند ہے۔ |

## 444۔لوگوں میں صفات تلاش کرو اور اُنہیں بیدار کرو

| | | |
|---|---|---|
| اِذَاکَانَ فِیْ رَجُلٍ خَلَّۃٌ رَائِقَۃٌ فَانْتَظِرُوْااَخَوَاتِھَا | 1 | جب کسی شخص میں عمدہ خصلت ہو تو اُس خصلت سے ملتی جلتی خصلتوں کا انتظار کرو۔ |

## 445۔تجارت کے لئے فقہ لازم ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنِ اتَّجَرَبِغَیْرِفِقْہٍ فَقَدِارْتَطَمَ فِی الرِّبَا. | 1 | جو شخص فقہ کے بغیر تجارت کرے گا وہ سود خوری میں مبتلا ہو جائے گا۔ |

## 446۔حضرتؓ مالک اشتر کا صدمہ

| | | |
|---|---|---|
| وَقَدْجَائَہٗ نَعْیُ الْاَشْتَرِرَحِمَ اللّٰہُ: | | اور جب مالک اشتر رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کی خبر ملی تو فرمایا:۔ |
| مَالِکٌ وَّمَامَالِکٌ، | 1 | ہائے مالک اور مالک کی کیا تعریف ہو سکتی ہے۔ |
| وَاللّٰہِ لَوْکَانَ جَبَلاً لَکَانَ فِنْدًا؛ | 2 | خدا کی قسم اگر اُسے پہاڑ کہا جائے تو وہ ایک بلند ترین پہاڑ ہوتا۔ |
| وَلَوْکَانَ حَجَرًالَکَانَ صَلْدًا؛: | 3 | اور اگر وہ ایک پتھر ہوتا تو اپنی سنگینی میں انتہا پر ہوتا۔ |
| لَایَرْتَقِیْہِ الْحَافِرُ؛ | 4 | نہ تو اُس پہاڑ کی بلندی تک کوئی پہنچ سکتا اور |
| وَلَایُوْفِیْ عَلَیْہِ الطَّائِرُ. | 5 | نہ کوئی پرندہ رسائی پا سکتا۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 447۔چھوٹی مصیبت کو بڑی سمجھنا بڑی مصیبت کو بلانا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ عَظَّمَ صِغَارَالْمَصَائِبِ ابْتَلاَهُ اللّٰهُ بِكِبَارِهَا | 1 | جوشخص ذراسی مصیبت کو بڑی بناتا ہے اُسے اللہ بڑی مصیبتوں میں مبتلا کیا کرتا ہے۔ |

## 448۔ذاتی وقار رکھنے والے گھٹیا کام نہیں کرتے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْ كَرُمَتْ عَلَيْهِ نَفْسُهُ هَانَتْ عَلَيْهِ شَهْوَاتُهُ. | 1 | جس کی نظر میں خود اپنا وقار وعزت ہوگی وہ اپنی خواہشات کو حقیر سمجھے گا۔ |

## 449۔حقوق کی ادائیگی بہترین مصرف ہے

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لِغَالِبِ ابْنِ صَعْصَعَةَ اَبِى الْفَرَزْدَقِ، فِىْ كَلاَمٍ دَارَ بَيْنَهُمَا: مَافَعَلْتَ اِبِلَكَ الْكَثِيْرَةَ؟ قَالَ: ذَعْذَعَتْهَا الْحُقُوْقَ يَااَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ، | 1 | فرزدق کے والد غالب ابن صعصعہ سے باہمی گفتگو کے دوران فرمایا کہ:۔ تم نے اپنے بہت سے اونٹوں کے ساتھ کیا کیا (وہ کہاں گئے) ؟ اُسنے جواب دیا کہ اَے امیرالمومنینؑ اُنہیں حقوق کی ادائیگی میں صرف کردیا گیا''۔ |
| فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: ذٰلِكَ اَحْمَدُسُبُلِهَا. | 2 | اس پرعلیؑ نے فرمایا کہ:۔وہ طریقہ تو اونٹوں کے صرف میں قابل حمد وثنا ہے۔ |

## 450۔مذاق اُڑانا عقل کو کم کرتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| مَامَزَحَ امْرُؤٌمَزْحَةً اِلَّامَجَّ مِنْ عَقْلِهِ مَجَّةً. | 1 | کوئی شخص جب بھی کسی کا مذاق اُڑاتا ہے تو وہ اپنی عقل میں سے کچھ حصہ کم کردیتا ہے |

## 451۔آنیوالے کو ٹھکراؤ نہیں، بے رُخی کرنیوالے کو ٹھکرادو

| | | |
|---|---|---|
| زُهْدُكَ فِىْ رَاغِبٍ فِيْكَ نُقْصَانَ حَظٍّ؛ | 1 | جوتمہاری طرف رغبت سے آئے اُس سے بے اعتنائی برتنا تمہارے حصے میں کمی کریگا۔ |
| وَرَغْبَتُكَ فِىْ زَاهِدٍ فِيْكَ ذُلَّ نَفْسٍ . | 2 | اور جوتم سے بے رُخی اختیار کرے اُسکی طرف رغبت سے جانا تمہاری ذلت کا باعث ہوگا |

## 452۔زبیر کی اہلبیتؑ سے کنارہ کشی کا سبب

| | | |
|---|---|---|
| مَازَالَ الزُّبَيْرُرَجُلاً مِّنَّااَهْلَ الْبَيْتِ حَتّٰى نَشَاَ ابْنُهُ الْمَشْؤُمُ عَبْدُاللّٰهِ. | 1 | زبیر کے ہم اہل بیتؑ کا ایک آدمی ہونے میں کبھی زوال نہیں آیا تھا۔ یہاں تک کہ اُس کا بدبخت بیٹا عبداللہ نشوونما پا گیا۔ |

## 453۔آدمی کے پاس فخر کرنے کا سامان

| | | |
|---|---|---|
| مَالِابْنِ آدَمَ وَالْفَخْرِ: | 1 | اولاد آدمؑ کو فخر اور نخروں سے کیا مناسبت ہے؟ |
| اَوَّلُهُ نُطْفَةٌ؛ | 2 | اُس کی ابتدا نطفے سے ہے؛ |
| وَآخِرُهُ جِيْفَةٌ؛ | 3 | اور اُس کی انتہا مردار کی صورت میں ہوگی؛ |
| لاَيَرْزُقُ نَفْسَهُ؛ | 4 | نہ خود اپنے لئے روزی کا مختار ہے، |
| وَلاَيَدْفَعُ حَتْفَهُ. | 5 | اور نہ موت کو دفع کرسکتا ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 454۔سب سے بڑا شاعر کون تھا؟

| | | |
|---|---|---|
| وَسُئِلَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ اَشْعَرِ الشُّعَرَاءِ فَقَالَ: | | علی علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ تمام شاعروں میں سب سے بڑا شاعر کون ہے؟ تو فرمایا کہ:۔ |
| اِنَّ الْقَوْمَ لَمْ يَجْرُوْا فِيْ حَلْبَةٍ تُعْرَفُ الْغَايَةَ عِنْدَ قَصَبَتِهَا؛ | 1 | شعرا کی قوم ساری کی ساری کسی ایک عنوان پر نہ تھی کہ اُن کی شعر گوئی کی دوڑ میں سبقت لے جانے والا پہچانا جا سکتا۔ |
| فَاِنْ كَانَ وَلاَ بُدَّ فَالْمَلِكُ الضَّلِيْلُ. | 2 | اور اگر کسی ایک کو ترجیح دینا لازم کر لیا جائے تو یقیناً گمراہ بادشاہ (اُمراء القیس) سب سے آگے ہے۔ |

## 455۔انسانی جان کی قیمت کیا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| اَلاَحُرٌّ يَدَعُ هٰذِهِ اللُّمَاظَةَ لِاَهْلِهَا؟ | 1 | کیا کوئی آزاد ذہنیت کا جوانمرد ایسا ہے جو اس چبائے ہوئے لقمہ (یعنی دُنیا) کو اُس کے اَھل کے لئے چھوڑ دے؟ |
| اِنَّهُ لَيْسَ لِاَنْفُسِكُمْ ثَمَنٌ اِلاَّ الْجَنَّةَ؛ | 2 | حق یہ ہے کہ تمہاری جان کی قیمت صرف اور صرف جنت ہے۔ |
| فَلاَ تَبِيْعُوْهَا اِلاَّ بِهَا. | 3 | لہٰذا جنت کے سوا کسی اور قیمت پر اپنی جان کو نہ بیچنا۔ |

## 456۔ایمان کی تین علامتیں؟

| | | |
|---|---|---|
| عَلاَمَةُ الْاِيْمَانِ اَنْ تُؤْثِرَ الصِّدْقَ حَيْثُ يَضُرُّكَ عَلَى الْكِذْبِ حَيْثُ يَنْفَعُكَ ؛ | 1 | ایمان کی علامت یہ ہے کہ جس موقع پر سچ بولنا تمہارے لئے نقصان کا سبب بنتا ہو اور جھوٹ تمہیں فائدہ پہنچاتا ہو وہاں سچ کو جھوٹ پر ترجیح دو۔ |
| وَاَنْ لاَيَكُوْنَ فِيْ حَدِيْثِكَ فَضْلٌ عَنْ عِلْمِكَ | 2 | اور یہ بھی علامت ہے کہ تمہاری باتیں تمہارے عمل سے علم سے بڑھ کر نہ ہوں۔ |
| وَاَنْ تَتَّقِيَ اللّٰهَ فِيْ حَدِيْثِ غَيْرِكَ. | 3 | اور یہ بھی علامت ایمان ہے کہ دوسروں کی باتیں کرتے ہوئے اللہ کے سامنے ذمہ دار رہو |

## 457۔دو مستقل بُھوکے

| | | |
|---|---|---|
| مَنْهُوْمَانِ لاَ يَشْبَعَانِ: | 1 | دو ایسے بُھوکے جن کا پیٹ نہیں بھرتا:۔ |
| طَالِبُ عِلْمٍ وَّطَالِبُ دُنْيَا. | 2 | ایک طالب علم دوسرا طالب دُنیا۔ |

## 458۔مقدار تقدیر کو مغلوب رکھتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| يَغْلِبُ الْمِقْدَارُ عَلَى التَّقْدِيْرِ؛ | 1 | مقدار تقدیر پر غالب رہا کرتی ہے۔ |
| حَتّٰى تَكُوْنَ الْاٰفَةُ فِي التَّدْبِيْرِ. | 2 | یہاں تک کہ تدابیر پر کوئی حادثہ نہ گذر جائے۔ |

## 459۔بُردباری اور باوقار رہتے ہوئے اصلاح کا موقع دینا

| | | |
|---|---|---|
| اَلْحِلْمُ وَالْاَنَاةُ تَوْءَمَانِ يَنْتِجُهُمَا عُلُوُّ الْهِمَّةِ. | 1 | بُردباری اور باوقار ڈھیل دینا دونوں جُڑواں بچوں کیطرح ہیں اور یہ دونوں بلند ہمتی کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 460۔اعلانیہ مقابلہ سے عاجز ی نظامِ غیبت کوحَربہ بناتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلْغَيْبَةُ جُهْدُ الْعَاجِزِ. | 1 | غیبت ناچاری کاحَربہ ہے۔ |

## 461۔وہ لوگ جنہیں مدح وثنا ہضم نہیں ہوتی

| | | |
|---|---|---|
| رُبَّ مَفْتُوْنٍ بِحُسْنِ الْقَوْلِ فِيْهِ. | 1 | بہت سے لوگ اسلئے فتنہ میں مبتلا ہوجاتے ہیں کہ اُن کیلئے اچھی باتیں ہونے لگتی ہیں۔ |

## 462۔دُنیا اپنے لئے نہیں دوسروں کے لئے پیدا ہوئی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اَلدُّنْيَا خُلِقَتْ لِغَيْرِهَا ؛ | 1 | دُنیا دوسروں کے لئے پیدا کی گئی ہے؛ |
| وَلَمْ تُخْلَقْ لِنَفْسِهَا. | 2 | اور دُنیا خود دُنیا کے لئے پیدا نہیں کی گئی۔ |

## 463۔بنی اُمیہ کے مغلوب ہونے کی گنجی

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ لِبَنِيْ اُمَيَّةَ مُرُوْدًا يَجْرُوْنَ فِيْهِ ؛ | 1 | یقیناً بنی اُمیہ کے لئے ایک مہلت کا زمانہ اور فرصت کا میدان مقرر ہے۔جس میں وہ اپنا کاروبار جاری رکھے ہوئے ہیں؛ |
| وَلَوْقَدِاخْتَلَفُوْا فِيْمَابَيْنَهُمْ ثُمَّ كَادَتْهُمُ الضِّبَاعُ لَغَلَبَتْهُمْ. | 2 | اگر چہ اُن کے داخلی معاملات میں اختلاف پیدا ہوجائے تو بجُّو بھی اُن پر غالب آجانے والے ہیں۔ |

## 464۔انصارؓ نے مسلمانوں کی ربوبیت کی

| | | |
|---|---|---|
| فِيْ مَدْحِ الْاَنْصَارِ: هُمْ وَاللّٰهِ رَبُّوا الْاِسْلَامَ كَمَايُرَبَّى الْفَلُوُّمَعَ غِنَائِهِمْ بِاَيْدِيْهِمُ اسِّبَاطِ وَاَلْسِنَتِهِمُ السِّلَاطِ. | 1 | انصار کی مدح میں فرمایا تھا۔ اُنہوں نے بخدا اسلام کو اِس طرح پالا جس طرح ایک سال کی عمر کے بچھیرے کو پالا پوسا جاتا ہے اپنے غنی اور سخی ہاتھوں اور اپنی تیز وتندزبانوں سے اسلام کی پوری نگہداشت رکھی۔ |

## 465۔ایسا والی جس نے مکمل دین کو نافذ کیا تھا

| | | |
|---|---|---|
| وَوَلِيَهُمْ وَالٍ فَاَقَامَ وَاسْتَقَامَ حَتّٰى ضَرَبَ الدِّيْنُ بِجِرَانِهِ. | 1 | ایک والی (حاکم) نے ولایت (حکومت) اختیار کی اسلام کو قائم کیا اور خود قائم رہا یہاں تک کہ دین نے آرام کے لئے سینہ ٹکا دیا۔ |

## 466۔کاٹ کھانے والا زمانہ اور لوگ

| | | |
|---|---|---|
| يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ عَضُوْضٌ يَعَضُّ الْمُوْسِرُ فِيْهِ عَلٰى مَا فِيْ يَدَيْهِ وَلَمْ يُؤْمَرْبِذٰلِكَ؛ | 1 | لوگوں پر ایک دانتوں سے کاٹنے اور پکڑنے والا زمانہ آئے گا جس میں خوشحال لوگ اپنے قبضے میں جو کچھ بھی ہوگا اُسے دانتوں سے پکڑ کر رکھیں گے اور ضرورت مندوں کو نہ دیں گے حالانکہ انہیں وہ حکم نہیں ہے۔ |

Presented by Ziaraat.Com

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ : وَلاَ تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ (بقرہ 2/237) | 2 | اللہ نے تو یہ فرمایا ہے کہ:۔آپس میں فضل وکرم سے پیش آنا کبھی نہ بھولنا(2/237) |
| تَنْهَدُ فِيهِ الْاَشْرَارُ؛ | 3 | اُس زمانہ میں شریر لوگ سر پر چڑھ جائیں گے؛ |
| وَتُسْتَذَلُ فِيهِ الْاَخْيَارُ؛ | 4 | اور شریف لوگوں کو ذلیل وخوار گردانا جائے گا۔ |
| وَيُبَايِعُ الْمُضْطَرُّوْنَ، | 5 | مجبور کئے ہوئے لوگوں سے سستا مال خریدا جایا کرے گا۔ |
| وَقَدْنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ عَنْ بَيْعِ الْمُضْطَرِّيْنَ. | 6 | اور یہ اس کے باوجود کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے مجبور لوگوں سے خرید وفروخت کو منع کیا تھا۔ |

## 467۔اللہ کو عقل ووہم وتصورات کا پابند رکھنا توحید نہیں ہے

| | | |
|---|---|---|
| سُئِلَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ التَّوْحِيْدِ وَالْعَدْلِ فَقَالَ ؛ | | علی علیہ السلام سے توحید اور عدل کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ:۔ |
| اَلتَّوْحِيْدُاَنْ لَّاتَتَوَهَّمَهُ؛ | 1 | توحید یہ ہے کہ اُسے اپنے وہم اور تصورات کا پابند نہ بناؤ۔ |
| وَالْعَدْلُ اَنْ لَّاتَتَّهِمَهُ. | 2 | اور عدل یہ ہے کہ اُس پر تہمتیں نہ لگاؤ۔ |

## 468۔آنکھوں اور پسِ پشت کا تعلق

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعَيْنُ وِكَاءُ السَّهِ. | 1 | آنکھ انسان کی پشت کا تسمہ ہے۔ |

## 469۔حقیقی دولت مندی اور فقیری آخرت میں

| | | |
|---|---|---|
| اَلْغِنٰى وَالْفَقْرُبَعْدَ الْعَرْضِ عَلَى اللّٰهِ. | 1 | بے نیازی اور محتاجی کی صحیح پوزیشن تو اللہ کے سامنے جا کر معلوم ہوگی۔ |

## 470۔بغض ونفرت تحقیقی ہونا چاہئے

| | | |
|---|---|---|
| اُخْبُرْتَقْلِهُ. | 1 | آزما کر بغض اور نفرت رکھو۔ |

## 471۔علی علیہ السلام سے محبت اور نفرت

| | | |
|---|---|---|
| يَهْلِكُ فِيَّ رَجُلاَنِ؛ | 1 | میرے سلسلے میں دو قسم کے لوگ ہلاک ہوں گے؛ |
| مُحِبٌّ مُغْرِطٌ؛ | 2 | محبت میں زیادتی کرنے والا؛ |
| وَبَاهِتٌ مُفْتَرٍ. | 3 | بہتان اور جھوٹ باندھنے والا۔ |

## 472۔بارش کی دُعا میں ایک جُملہ

| | | |
|---|---|---|
| فِيْ دُعَا اسْتَسْقٰى: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَاذُلَلَ السَّحَائِبَ دُوْنَ صِعَابِهَا. | 1 | بارش کے لئے دُعا میں فرمایا:۔خدایا ہمیں فرمانبردار بادلوں سے سیراب کرنا نافرمان بادلوں سے نہیں۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## 473۔خضاب سوگواروں کے لئے اچھی چیز نہیں ہے

| | | |
|---|---|---|
| قِيْلَ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ :"لَوْغَيَّرْتَ شَيْبَکَ يَااَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟فَقَالَ: اَلْخِضَابُ زِيْنَةٌ وَّنَحْنُ قَوْمٌ فِيْ مُصِيْبَةٍ. | 1 | علی علیہ السلام سے کہا گیا کہ:۔ ''اگر آپؑ اپنے سفید بالوں کو بدل دیتے اَے امیرؑ المومنین کیسا اچھا ہوتا''؟ فرمایا کہ:۔ خضاب زینت وآرائش ہے اور ہم ایک مصیبت زدہ قوم ہیں۔ |

## 474۔خاطی عفت کی انتہا پر جائے تو فرشتہ بن جائے

| | | |
|---|---|---|
| مَاالْمُجَاهِدُ الشَّهِيْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَعْظَمَ اَجْرًا مِمَّنْ قَدَرَفَعَفَّ؛ | 1 | وہ مجاہد جو راہِ خدا میں شہید ہوا ہو اجر میں اُس شخص سے زیادہ نہیں ہے جو ہر قسم کی قدرت اور اختیار رہوتے ہوئے پاکدامن رہتا چلا جائے۔ |
| لَكَادَ لُعَفِيْفُ اَنْ يَكُوْنَ مَلَكًامِّنَ الْمَلَآئِكَةِ. | 2 | کیا مشکل ہے کہ اللہ اُس کے تمام شہوانی نظام کو معطل کر کے اُسے فرشتوں کی طرح کا ایک فرشتہ بناڈالے۔ |

## 475۔رعایا پر ظلم وزیادتی کا نتیجہ بغاوت ہے

| | | |
|---|---|---|
| وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِزِيَادِابْنِ اَبِيْهِ.....وَقَدِ اسْتَخْلَفَهُ لِعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلٰى فَارِسَ وَاَعْمَالِهَا ؛ فِيْ كَلَامٍ طَوِيْلٍ كَانَ بَيْنَهُمَا؛نَهَاهُ فِيْهِ عَنْ تَقْدِيْمِ الْخِرَاجِ: | | علی علیہ السلام نے نامعلوم باپ کے بیٹے زیاد۔ سے اُس وقت کہا تھا جب اُسے عبداللہ ابن عباس نے اپنی قائم مقامی کیلئے صوبۂ فارس اور متعلقہ عاملوں کی طرف بھیجنا چاہا تھا۔اور علیؑ نے اُسے پیشگی خراج وصول کرنے سے منع کرتے ہوئے تاکید کی تھی کہ:۔ |
| اِسْتَعْمِلِ الْعَدْلَ وَاحْذَرِ الْعَسْفَ وَالْحَيْفَ، | 1 | عدل کی راہ پر چلنا اور بے راہ روی اور ظلم نہ کرنا؛ |
| فَاِنَّ الْعَسْفَ يَعُوْدُ بِالْجَلَاءِ؛ | 2 | اس لئے کہ بے راہ روی سے لوگ جلاوطنی اختیار کرلیں گے؛ |
| وَالْحَيْفُ يَدْعُوْ اِلَى السَّيْفِ. | 3 | اور ظلم اُنہیں تلوار اُٹھا کر مقابلہ میں لے آئے گا۔ |

## 476۔سب سے بُرا بھائی کون ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| شَرُّالْاِخْوَانِ مَنْ تُكُلِّفَ لَهُ. | 1 | تمام بھائیوں سے بُرا وہ بھائی ہے جس کے لئے زحمت اُٹھانا پڑے۔ |

## 477۔عالم وجاہل سے عہد

| | | |
|---|---|---|
| مَااَخَذَاللّٰهُ عَلٰى اَهْلِ الْجَهْلِ اَنْ يَّتَعَلَّمُوْا حَتّٰى اَخَذَعَلٰى اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ يُّعَلِّمُوْا. | 1 | اللہ نے جاہلوں سے اُس وقت تعلیم حاصل کرنے کا عہد نہیں لیا تھا جب تک جاننے والوں سے یہ عہد نہیں لے لیا کہ وہ سکھانے میں دریغ نہ کریں گے۔ |

## 478۔مومن کی مومن سے جدائی

| | | |
|---|---|---|
| اِذَا احْتَشَمَ الْمُؤْمِنُ اَخَاهُ فَقَدْ فَارَقَهُ. | 1 | جیسے ہی کوئی مومن اپنے مومن بھائی پر غضبناک ہوتو اُن میں جدائی ہوجائے گی۔ |

Presented by Ziaraat.Com

## حضرت رضی رضی اللہ عنہ کا آخری نوٹ

وَهٰذَا حِيْنُ انْتِهَاءِ الْغَايَةِ بِنَا اِلٰى قَطْعِ الْمُخْتَارِ مِنْ كَلَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، حَامِدِيْنَ لِلّٰهِ سُبْحَانَهُ عَلٰى مَامَنَّ بِهٖ مِنْ تَوْفِيْقِنَا بِضَمِّ مَاانْتَشَرَمِنْ اَطْرَافِهٖ؛وَتَقْرِيْبِ مَابَعُدَ مِنْ اَقْطَارِهٖ وَتَقَرَّرَ الْعَزْمَ كَمَاشَرَطْنَااَوَّلاًعَلٰى تَفْضِيْلِ اَوْرَاقٍ مِنَ الْبَيَاضِ فِيْ آخِرِ كُلِّ بَابٍ مِنَ الْاَبْوَابِ لِيَكُوْنَ لِاقْتِنَاصِ الشَّارِدِ؛ وَاسْتِلْحَاقِ الْوَارِدِ ؛ وَمَا عَسٰى اَنْ يَّظْهَرَلَنَا بَعْدَ الْعُمُوْضِ؛وَيَقَعَ اِلَيْنَا بَعْدَ الشُّذُوْزِ؛وَمَاتَوْفِيْقُنَا اِلَّابِاللّٰهِ ؛عَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا؛ وَهُوَحَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ؛وَذٰلِكَ فِيْ رَجَبٍ سَنَةَ اَرْبَعِمِائَةٍ مِنَ الْهِجْرَةِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍخَاتَمِ الرُّسُلِ وَالْهَادِيْ اِلٰى خَيْرِ السُّبُلِ وَآلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَاَصْحَابِهٖ يَوْمُ الْيَقِيْنِ.

اب یہ ہمارے کام کے خاتمہ کی منزل ہے کہ ہم امیر المومنین علیہ السلام کے خود مُنتخبہ کلام کا سلسلہ ختم کردیں۔

ہم اللہ پاک کی حمد وثنا بجالاتے ہیں کہ اُس نے ہم پر یہ مَنّتی احسان کیا اور ہمیں توفیق دی کہ ہم حضورؑ کے منتشر کلام کو ایک جگہ جمع کرسکیں اور دُور دُور پھیلے ہوئے کلام کو قریب قریب لائیں اور ہم نے جو شرط شروع میں لگائی تھی کہ ان ابواب میں سے ہر باب کے آخر میں کچھ سادہ اور سفید کاغذ لگاتے جائیں گے۔تاکہ جو کلام اب تک ہاتھ نہیں آیا ہے اُسے اُن پر جمع کرسکیں اور جو ملتا جائے اُسے ریکارڈ کرتے جائیں۔ہوسکتا ہے کہ ایسا کلام جواب تک ہماری نظروں سے اُوجھل ہے بعد میں ہم پر ظاہر ہو جائے اور دُور ہونے کے باوجود ہم سے قریب ہو جائے۔

ہمیں جو کچھ توفیق ملی ہے وہ اللہ ہی نے دی ہے اور ہم اُسی پر توکل کرتے ہیں اور وہی ہمارے حسبِ حال ہے اور بہت اچھا وکیل ہے اور وہ اختتام رجب کے مہینے اور سنہ چار سو ہجری واقع ہوا ہے۔اور اللہ درود بھیجے ہمارے سردار محمدؐ پر جو رسولوںؑ کے ختم کرنے والے ہیں اور سب سے اچھے راستے کی طرف ہدایت کرنیوالے ہیں اور اُن کی پاکیزہ آلؑ اور اصحاب پر۔

## مِنْهَاجُ الرِّسَالَة کی تکمیل پر اللہ اور راہنمائے کائنات سے دُعا اور شکریہ

یہاں ہمارا کام ختم نہیں ہوتا ہے صرف منہاج الرسالت یعنی ترجمۂ نہج البلاغہ مکمل ہوتا ہے اس تکمیل کی قوت وفرصت پانے پر ہم اپنے خالق و مالک اور راہنما علی علیہ السلام کے حضور شکر گذار ہیں اور دُعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں بیان الامامۃ یعنی تشریحات نہج البلاغہ کی تکمیل کے لئے فرصت وصحت و عافیت اور قدرت وہدایت عطا فرمائیں گے۔آمین بحق معصومینؑ آمین۔

2۔ہم نے نہج البلاغہ کے پچاس خطبات کی تشریح کرکے اپنے فرزند امیر زیدی کے کہنے پر چھبیس اگست 1982ء سے خالص ترجمہ مکمل کرنا طے کیا تھا۔یہ ایک حُسنِ اتفاق ہے کہ ہم بھی ترجمہ کو رضی صاحب کی طرح ماہ رجب المرجب میں مولائے کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے یوم پیدائش (13 رجب) پر مکمل کررہے ہیں۔اور علی علیہ السلام سے بھی قوت بیان کے لئے التجا کررہے ہیں۔

والسلام۔

خاکپائے جناب امامؑ عصر والزمان

سید محمد احسن

13 رجب 1403ھ 27۔اپریل 1983ء

Presented by Ziaraat.Com

# بیان الامامة

(آخری حصہ)

## تردید وتائید وتصدیقِ

# نَہجُ البَلَاغَہ

Presented by Ziaraat.Com

دنیائے عرب اور عربی دانوں کو

# ”چیلنج“

قبل اس کے کہ ہم یہاں چند دشمنان محمدؐ و آل محمدؐ کی طرف سے نہج البلاغہ کی تردید و تکذیب لکھ کر علمائے صالحین کی طرف سے ان ملاعین کا جواب پیش کریں اور نہج البلاغہ کی قدامت وصداقت پر علمائے امت کا قدیم وجدید ریکارڈ سامنے لائیں۔ قارئین کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جس طرح قرآن کریم کا چیلنج آج تک تمام دشمنان محمدؐ و آل محمدؐ کا منہ چڑا رہا ہے۔ اسی طرح کلام مرتضوی تمام عربی دان طبقوں کے سامنے ہے۔ اور ان کے لئے یہ موقع آج تک موجود ہے کہ وہ کسی بھی عنوان پر حضرت علی علیہ السلام کے کلام سے بہتر یا برابر کا کلام ہمارے سامنے پیش کر کے دکھائیں۔ ہمارے سامنے بیٹھ کر ہمارے پیش کردہ جملے یا خطبے کے مقابلے میں فی البدیہہ کلام پیش کرنے کی شرط اس لئے ہے تا کہ وہ خود نہج البلاغہ ہی کے اِدھر اُدھر سے چُرائے ہوئے جملے استعمال نہ کر سکیں۔ قارئین نوٹ کریں کہ ہمارے سامنے کلام مرتضوی کے مقابلے کا کلام تو الگ وہ عربی زبان میں کوئی بھی پسندیدہ کلام نہ کر سکیں گے۔ ہمیں دیکھتے ہی اس قسم کے شیاطین کی زبان پر تالے اور دماغ پر فالج گر جایا کرتا ہے۔ یہ چیلنج ہے۔ آزمائے جس کا جی چاہے؟

## 2۔ مکذبین نہج البلاغہ کون اور کس زمانے کے لوگ تھے اور ان کی دلیل وحیثیت کیا تھی؟

قارئین کرام یہ نوٹ کریں کہ حضرت علی علیہ السلام کے خطبات وتقاریر وخطوط وغیرہ چھ سو سال تک مسلمان حکومتوں، حکمرانوں، خطیبوں، واعظوں، اہل قلم مصنفوں، راویوں، محدثوں اور مؤرخوں کے سامنے رہے۔ جو حضرت رضیؒ کی پیدائش سے کہیں پہلے سیکڑوں کتابوں میں لکھے جا چکے تھے۔ اور خطیب وواعظین اور مقررین اپنے جلسوں محفلوں اور مساجد میں ان سے کامیابیاں حاصل کرتے چلے آتے تھے۔ اور کسی بھی علمی حلقے یا مکتب فکر کی طرف سے انفرادی یا اجتماعی اختلاف ومخالفت کی آواز نہ سنی گئی اور نہ لکھی گئی تھی یہاں تک کہ علامہ رضیؒ نے مذکورہ کتابوں سے چند خطبوں کا انتخاب کر کے چوتھی صدی ہجری کے اواخر میں نہج البلاغہ کے نام سے بھی شائع کر دیا۔ اور دو سو سال اور ایسے گذر گئے جن کے دوران بھی کسی عالم کی طرف سے حضرت علیؑ کے مذکورہ خطبات وغیرہ پر اعتراض نہ ہوا۔ نہ ہی نہج البلاغہ والے مجموعے پر کوئی حرف گیری یا شک وشبہ کا اظہار ہو سکا۔ اس کے برعکس کلام مرتضوی کی بحیثیت مجموعی مدح وثنا وتصدیق ہوتی چلی آئی تھی۔ اور نہج البلاغہ کے مرتب اور شائع ہونے کے بعد اس کی بھی توثیق وتصدیق وتشریح کا کام جاری تھا۔ اور علامہ ابن ابی الحدید نے بھی نہج البلاغہ کی شرح کرتے ہوئے ہزاروں صفحات لکھ کر شائع کر دیئے تھے۔ جو آج تک ہر کتب خانے میں موجود ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

پھر یہ نوٹ کریں کہ ان چھ سو سالوں میں خلافت امویہ وعباسیہ کو تحریک تشیع نے مسلسل روبہ زوال رکھا۔ خلافت عباسیہ کے چاروں طرف شیعہ حکومتیں قائم کر کے گھیر لیا۔ اور اس غاصب وظالم خلافت کی اینٹ سے اینٹ بجادی تھی۔ ادھر جب بنی عباس نے حکومت پر قبضہ کر کے اپنی خلافت جاری کی تو بنی امیہ کو ڈھونڈ ھ ڈھونڈ ھ کر قتل وغارت کرنا شروع کیا۔ اور ساتھ ہی ان شیعہ مجاہدین پر مظالم شروع کیے جنہوں نے اموی خلافت کو نیست ونابود کیا تھا۔ اس ہنگامہ دار وگیر میں دسویں اموی خلیفہ کا پوتا عبدالرحمٰن عباسیوں کے ہاتھ سے بچ کر نکل گیا۔ جس نے اندلس یعنی اسپین میں اموی حکومت قائم کی تھی۔ اس کے متعلق جدید ترین تاریخ میں لکھا ہے کہ:

## 3۔ اندلس میں اموی سلطنت کے پروردہ علماء کا اجتماع۔

''عبدالرحمٰن کو تعلیم اور علم وادب کی اشاعت کا خاص طور پر شوق تھا۔ عام لوگوں میں علم کا شوق پیدا کرنے کے لئے مشاعرے اور مناظرے کی مجالس قائم کرتا تھا۔ اچھی نظموں اور علمی مناظروں کی کامیابی پر انعامات دیئے جاتے تھے۔ امیر عبدالرحمٰن بذات خود ان تمام علمی مجالس میں شریک ہوتا تھا۔ دنیا کے ہر حصے سے علماء وفضلاء کو بلوایا اور ان کی خوب قدردانی کی۔ علمی تحقیقات اور فلسفیانہ موشگافیوں کے لئے مجلسیں مقرر کیں۔ اس ذہنی تحریک کی بدولت ہسپانیہ نویں اور گیارہویں صدی عیسوی میں عالمی ثقافت کے دو عظیم الشان مراکز میں گنا جاتا تھا'' (تاریخ اسلام ڈاکٹر حمید الدین۔ پی ایچ ڈی۔ صفحہ 382-381)

## 4۔ اندلس عبدالرحمٰن ثالث کے جانشین الحکم کے زمانے میں۔

''اس دور کی عظمت سیاسی میدانوں کی جگہ دوسرے میدانوں میں نظر آتی ہے۔ عبدالرحمٰن ثالث کا جانشین الحکم خود عالم اور علم وادب کا بہت بڑا سرپرست تھا۔ اس نے عالموں کو فیاضانہ عطیے اور وظیفے دیئے تھے۔ اس خلیفہ نے اپنے دارالخلافہ میں ستائیس (27) مکتب ایسے قائم کئے تھے۔ جن میں مفت تعلیم کا انتظام کیا گیا تھا۔ اس کے عہد میں جامعۂ قرطبہ کو جو عبدالرحمٰن ثالث کی بنائی ہوئی تھی دنیا کے تمام تعلیمی اداروں میں ایک امتیازی مقام حاصل ہو گیا تھا۔ یہ جامعۂ قاہرہ کی جامعۂ ازہر اور بغداد کی جامعۂ نظامیہ دونوں سے شہرت میں بڑھ گئی تھی..... الحکم نے اس جامعۂ کے لئے مشرق کے عالموں کی خدمات حاصل کیں۔ ان عالموں کے مشاہروں (تنخواہوں) کے لئے اس نے بہت سی جائیدادیں وقف کر رکھی تھیں'' (تاریخ اسلام ڈاکٹر حمید الدین پی ایچ ڈی 392-391)

Presented by Ziaraat.Com

## 5-علامہ ابن خلکان اندلس کے باشندے اور خلافتِ امویہ کے پروردہ وجاگیردار تھے۔

ساری دنیا جانتی ہے کہ حضرت معاویہ کے فرمان کے مطابق علی واولادعلی علیہم السلام پر ہر مسجد ومحراب ومنبر سے پوری مملکت اسلامیہ میں لعنت کی جاتی تھی۔اوران کے مقام بلند کوادنیٰ مسلمانوں سے بدتر بنانے بلکہ اسلام کا باغی قرار دینے کی پالیسی برسرکار تھی۔ اوراس شیطانی سنت پرعمر بن عبدالعزیز کے زمانے (99 سال) تک بڑی پابندی سے عمل کیا گیا تھا۔ظاہر ہے کہ جب تباہی کے بعد پھراموی حکومت عروج پر پہنچے تو اسے سب سے پہلا کام علیؑ واولادعلی علیہم السلام کی مخالفت میں کرنا چاہئے چنانچہ مذکورہ بالا مدرسوں اور جامعۂ قرطبہ میں ایسے علماء تیار کرائے جانا ضروری تھا۔جن کی گھٹّی میں بغض علیؑ واولاؑدعلیؑ ملایا گیا ہو۔جو جہاں موقعہ ملے۔اور جب اور جتنا مناسب ہو تنقیص وتکذیب علی واولادعلی علیہم السلام کرکے بنی امیہ کا حق نمک ادا کرے۔چنانچہ علامہ ابن خلکان نے ساتویں صدی ہجری میں نہج البلاغہ کے خلاف منہ کھولا اور یہ اس زمانے میں جب کہ کلام مرتضوی کو انقلاب پیدا کرتے ہوئے چھ سوسال سے زیادہ عرصہ گزر چکا تھا۔اورنہج البلاغہ کو بھی اڑھائی سوسال سے علماء وعوام کے ہاتھوں اورزبانوں پر رہتے ہوئے گذر چکے تھے۔اورنہج البلاغہ کی اتنی ضخیم جلدوں میں شرحیں لکھی جاچکی تھیں۔جتنی ضخیم اس وقت تک کوئی اسلامی کتاب نہ تھی۔ابن خلکان نے نہج البلاغہ کیلئے جو کچھ کہا وہ ثابت کرتا ہے کہ:

1-علامہ چوتھی صدی کے علمائے اہلسنت اورعلمائے شیعہ سے قطعاً ناواقف اور جاہل تھے۔اور

2-انہوں نے ہرگز علامہ ابن ابی الحدید کی شرح نہ دیکھی تھی یا یوں کہئے کہ:

3-وہ علمائے عرب سے عموماً اورعلمائے بغداد سے خصوصاً جاہل تھے۔یا یہ کہ:

4-انہوں نے قرطبہ کی لائبریری میں سب کچھ دیکھا مگر عمداً فریب سازی اورحق پوشی کی ہے۔اور بلا کسی تحقیق ودلیل کے پہلی مرتبہ نہج البلاغہ کے متعلق شکوک وشبہات کا سوراخ کھولتے ہیں۔

## 6-علامہ ابن خلکان بلادلیل وثبوت نہج البلاغہ پر شک وشبہ کا اظہار کرتے ہیں۔

چنانچہ فرمایا کہ:

**قَدْ اُختَلَفَ النَّاسُ فِیْ کتابِ نھج البلاغه المجموعةَ من کلام علیؑ بن ابیطالؑب ھَل ھو جمعه او اخیه الرضی وقد قیل انّه لیس من کلام علیؑ ابن ابی طالبؑ وَانّما جمعه ونسبه الیه ھو الذی وضعه واللّٰه اعلم**

''البتہ نہج البلاغہ کے متعلق لوگوں نے اختلاف کیا ہے۔جوعلیؑ بن ابیطالبؑ کے کلام کا مجموعہ ہے۔یعنی آیا وہ مجموعہ سید مرتضیٰ نے مرتب

Presented by Ziaraat.Com

کیا تھا۔ یا مرتضٰی کے بھائی رضیؓ نے جمع کیا تھا؟ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یقیناً وہ علیؑ بن ابیطالبؑ کے کلام کا مجموعہ نہیں ہے۔ بلکہ جس شخص کو اس مجموعہ کا جامع سمجھا جاتا ہے وہی اس کا مصنف ہے جس نے اس کو علیؑ ابن ابی طالبؑ سے منسوب کر دیا ہے صحیح بات اللہ ہی جانتا ہے''

## 7- اہل علم اور عوام کے سوچنے اور سمجھنے کی چند باتیں؟

یہاں جو چیز ہر طالب حق کے لئے سوچنا اور پوچھنا ضروری ہے۔ وہ یہ ہے کہ ابن خلکان اگر ایک حق بات کو ظاہر کرنا چاہتے تھے جو چھ سو سال سے امت کو دھوکہ دے کر چھپائی جاتی رہی تھی یا ایک بات کو جھوٹا ثابت کرنا چاہتے تھے جو چھ سو سال سے تمام علماء کے نزدیک حق اور ثابت شدہ تھی؟ تو دونوں صورتوں میں ان پر لازم اور عقلی تقاضہ تھا کہ اس کا ثبوت دیتے اور دلیل لاتے مگر انہوں نے نہ یہ بتایا کہ:

1- وہ کون اور کس زمانے کے لوگ تھے۔ جنہوں نے یہ اختلاف کیا تھا کہ نہج البلاغہ کس نے مرتب کی تھی؟

2- اور یہ بھی نہیں بتا سکے کہ وہ کون سے عوام یا علماء تھے جنہوں نے نہج البلاغہ کے کلام مرتضوّی ہونے کا انکار کیا ہے؟

## 8- ابن خلکان نے دراصل بنی امیہ اور اندلس کے لوگوں سے جان چھڑانے کے لئے جھوٹ بولا۔

علامہ کا یوں سرسری طور پر گزر جانا بتاتا ہے کہ نہج البلاغہ نے سرزمین اندلس میں پہنچ کر ان بنیادوں کو مسمار کرنا شروع کر دیا تھا جن پر جناب علامہ اور ان کے عوام کے مذہب کی عالیشان عمارت وخلافت کھڑی تھی۔ لہٰذا دلیل و برہان کہاں سے لاتے؟ انہوں نے نہج البلاغہ کو مشکوک کر دینے میں اپنی خیریت سمجھی۔ اور ساتھ ہی نہج البلاغہ کو علی بن ابی طالب علیہا السلام کے کلام کا مجموعہ (کتاب نہج البلاغۃ المجموعۃ کلام علیؑ ابن ابیطالبؑ) کہہ کر اور آخر میں ''واللہ اعلم'' اللہ ہی بہتر جانتا ہے لکھ کر اپنے پورے بیان پر جھاڑو پھیر دی۔

## 9- نہج البلاغہ کی تکذیب مکذبینِ قرآن کی پردہ داری کی وجہ سے کی جاتی ہے۔

یہاں پھر یاد فرمائیں کہ چھ سو سال تک نہج البلاغہ کے خلاف متعصب سے متعصب علماء نے زبان نہ کھولی اور یہ اس لئے کہ وہ علوم عربیہ کے عالم تھے۔ وہ جانتے تھے کہ کلام مرتضوّی انسانی فہم وفراست اور علمی تخلیق وقدرت سے بداھتاً بلند وبالا اور ارفع واعلیٰ ہے۔ لہٰذا انکار کرتے ہی قرآنی چیلنج کی طرح منہ بند کر دیا جائے گا۔ لیکن یہ ممالکِ مغربیہ کے نومسلم وعربی کے نام نہاد علماء علوم عربیہ سے جاہل تھے اور ان کے عوام خود بھی بھان متی کے کنبے کے منبر تھے۔ لہٰذا انہیں چیلنج کون کرتا؟ اور چیلنج کے جواب کو کون سمجھتا؟ اور کون پرکھتا؟ لہٰذا وقتی تسلی کے لئے ابن خلکان کا گول جواب کافی سمجھا گیا۔ مگر وہ زلزلہ جو باطل مذہب کے درودیوار ہلا رہا تھا۔ کم نہ ہوا۔ اور ابن خلکان کے ایک سو سال بعد آخر علامہ ذہبی نے وہ قدیم اصول بتا دیا جس کی بنا پر رسولؐ کی قوم نے قرآن کی تکذیب کی تھی۔ یعنی جس کتاب میں

Presented by Ziaraat.Com

نمائندگان وراہنمایان قریش کی مذمت کی جائے اس کتاب کی تکذیب کرنا برحق ہے۔

**10- علامہ ذہبی مجبور ہوئے کہ تکذیب نہج البلاغہ کے لئے اپنے ہم مذاہب کو سچی بات بتادیں۔**

چنانچہ انہوں نے فرمایا:

**مَنَ طَالَعَ کِتَابَهٗ نهج البلاغه جَزَمَ بِاَنَّهٗ مَکْذُوْبٌ عَلیٰ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ فَفِیْهِ السَّبُّ الصَّرِیْحِ بَلْ حَطَّ عَلَی السَّیِّدَیْنِ اَبی بکروعمر "**

''جوشخص ان کی کتاب نہج البلاغہ کا مطالعہ کرے۔ وہ پکا فیصلہ کرے گا۔ کہ امیر المومنین سے اس کتاب کو جھوٹ موٹ منسوب کردیا گیا ہے۔اس لئے کہ اس میں ہمارے دوسیدوں (سرداروں) کے لئے کھلی ہوئی گالیاں،اوران کی تنقیص بھری پڑی ہے''

یہ ہے وہ دلیل جس سے نہج البلاغہ کو جھٹلایا گیا ہے اور قرآن پڑھنے والا ہر قاری جانتا ہے۔ کہ اللہ نے قرآن کے اندر قریش اوران کے سرداروں کی ہزاروں بار اور ہزاروں طرح مذمت کی ہے۔اس کے باوجود ہم یہاں پوری قوم قریش کی قرآنی مذمت دکھاتے ہیں۔

**11- قریشی قوم کی اجتماعی مذمت کی چند مختصر مثالیں۔**

**مذمت(1):**

دیکھو تم لوگوں کو دعوت دی جارہی ہے کہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو۔اس پر تم میں سے کچھ لوگ ہیں جو بخل کررہے ہیں حالانکہ جو بخل کرتا ہے وہ درحقیقت اپنے آپ ہی سے بخل کررہا ہے۔اللہ تو غنی ہے۔تم بھی اس کے محتاج ہو۔اگر تم منہ موڑو گے تو اللہ تمہاری جگہ کسی اور قوم کو لے آئے گا۔اور وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔(سورہ محمدؐ 38-47/37 تفہیم القرآن جلد5 صفحہ 32-31)

یہاں دو باتیں نوٹ کریں اول یہ کہ علامہ مودودی نے الفاظ '' تَتَوَلَّوْا '' کا ترجمہ غلط کیا ہے اس لفظ کا مادہ۔و۔ل۔ی۔ ہے۔ اوراس کا مصدر ''ولایۃ'' ہے۔مطلب یہ تھا کہ ''اگر تم نے ولایت قائم کی تو تمہاری جگہ دوسری قوم کو بدل لیا جائے گا جو تمہاری طرح بخیل اور سرکش نہ ہوگی''

دوم یہ کہ یہاں پوری قوم عموماً اور مسلمان قریش خصوصاً مخاطب ہیں۔دلیل یہ ہے کہ چند آدمیوں کے بدلے میں پوری قوم نہیں لائی جاتی۔ قوم سے قوم اور افراد سے افراد بدلے جایا کرتے ہیں۔

**مذمت(2):**

''تم جنگ کے لئے نہ اٹھو گے تو خدا تمہیں دردناک سزا دے گا۔اور تمہاری جگہ کسی اور قوم کو اٹھائے گا۔اور تم خدا کا کچھ بھی نہ

Presented by Ziaraat.Com

بگاڑ سکو گے۔ وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے'' (سورہ توبہ 9/39 تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 195-194)

یہاں بھی پوری قوم عموماً اور مسلمان خصوصاً مخاطب ہیں۔ اور یہ خطاب بقول مودودی بھی نویں ہجری کے بارہویں مہینے میں یعنی دوران حج پڑھ کر علی علیہ السلام نے سنایا تھا۔ تبلیغ مکمل ہو جانے کے بعد نبوت کے آخری سال تک قریشی قوم عذاب عظیم اور قابل تبدیل قوم تھی۔

**مذمت (3):**

''اب اگر یہ لوگ اس کو ماننے سے انکار کرتے ہیں تو پرواہ نہیں۔ ہم نے ایک ایسی قوم کو وکیل بنا دیا ہے۔ جو اس سے منکر نہیں ہے'' (سورہ انعام 6/89 تفہیم القرآن جلد اول 562-561)

یہاں بھی علامہ مودودی نے قوم کا ترجمہ اور وَکَّلْنَا کا ترجمہ غلط کیا تھا۔

**مذمت (4):**

''اور جوں ہی کہ ابن مریمؑ کی مثال دی گئی تمہاری قوم نے اس پر غل مچا دیا اور کہنے لگے کہ ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ؟''

(زخرف 43/57 تفہیم القرآن جلد نمبر 4 صفحہ 546)

یہ چند مثالیں قریش کی ہزاروں مذمتوں میں سے آپ کے سامنے ہیں۔ جو اللہ نے براہ راست بیان کی ہیں۔ اب ایک مشہور و معروف مذمت قرآن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی بھی سن لیں'' ارشاد ہوا ہے کہ:۔

**مذمت (5):**

وَقَالَ الرَّسُوْلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا ھٰذَاالْقُرْآنَ مَھْجُوْرًا (سورہ فرقان 25/30)

''اور رسولؐ نے کہا کہ اے میرے پروردگار یقیناً میری قوم نے اس قرآن سے ہجرت کر کے دوسرا ضابطہ حیات اختیار کر لیا ہے''

قارئین نوٹ کریں کہ یہ آیت حرف ''واؤ'' سے شروع ہوئی ہے۔ یعنی اس سے پہلے ان دو قریشی سرداروں اور یاروں کا تذکرہ ہوا ہے۔ جنہوں نے قرآن کو مہجور کر کے اللہ و رسولؐ کے پیش کردہ اسلامی طریقے کے خلاف اپنا خود ساختہ طریقہ اختیار کیا تھا۔ یعنی جن لوگوں کی مذمت کی بنا پر نہج البلاغہ کی تکذیب کی گئی ہے۔ ان بزرگواران قریش کا ذکر یوں شروع ہوتا ہے کہ:

**12- قریش کے اور علامہ ذہبی کے دو سیدوں یا سرداروں کی مذمت۔**

**مذمت (6):**

وَیَوْمَ یَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰی یَدَیْہِ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِی اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِیْلًا ،یٰوَیْلَتٰی لَیْتَنِیْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِیْلًا

Presented by Ziaraat.Com

لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ۔ وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا۔ وَقَالَ الرَّسُوْلُ.....(فرقان25/27-29)

''اور قیامت کے دن ایک مجسمہ ظلم وخلاف ورزی اپنے ہاتھ کو چبا چبا کر بیان دے گا کہ اے کاش میں نے رسولؐ کے ساتھ ساتھ راہ عمل اختیار کی ہوتی۔ ہائے میری تباہی اے کاش میں نے فلاں شخص کو اپنا یار ورا ہنما نہ بنایا ہوتا۔ یقیناً اس میرے یار نے مجھے ایسے عالم میں غلط راہ پر ڈال دیا۔ جب کہ خود رسولؐ نے آ کر اس غلط راہ سے مجھے منع کیا ہوا تھا۔ اور وہ شیطان مجسم تو ساری نوع انسان کو بے یار و مددگار کرنے والا ہے''

## 13۔ چونکہ قرآن نے قریش اور بزرگانِ قریش کی مسلسل مذمت جاری رکھی اس لئے قرآن کی تکذیب کردی گئی۔

آپ نے دیکھ لیا کہ قرآن نے آخر ان دونوں سیدوں یا سرداروں کو بھی میدان حشر میں ذلیل ورسوا ہو کر نہایت عبرت انگیز بیان دیتے ہوئے دکھا دیا لہٰذا لازم ہوا کہ قرآن کی تکذیب کردی جائے۔ چنانچہ قریش نے روز اول سے ہر وہ کام کیا۔ جس سے قرآن کی تکذیب ہوتی رہے۔ جس کے نتیجے میں اللہ کو قریش کی انتہائی مذمت کیلئے قرآن میں قیامت تک آنے والے انسانوں کو مطلع کرنا ضروری سمجھ کر کہنا پڑا کہ:

### مذمت(7):

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰی اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْکُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِکُمْ اَوْمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِکُمْ اَوْیَلْبِسَکُمْ شِیَعًاوَّیُذِیْقَ بَعْضَکُمْ بَاْسَ بَعْضٍ اُنْظُرْکَیْفَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّهُمْ یَفْقَهُوْنَ Oوَکَذَّبَ بِهٖ قَوْمُکَ وَهُوَالْحَقُّ .قُلْ لَّسْتُ عَلَیْکُمْ بِوَکِیْلٍO(انعام6/65-66)

### ساتویں مذمت کا ترجمہ:

**تحریک تشیع**۔ ''اے رسولؐ کو قریش کو خبردار و متنبہ کردو کہ وہ اللہ اس پر قادر ہے کہ تم پر آسمانی عذاب نازل کردے۔ یا تم پر زمین سے عذاب مسلط کردے۔ یا یہ کہ تم پر شیعہ گروہوں کو تعینات کردے۔ اور تم آپس میں ایک دوسرے کی ضربیں سہنے کا عذاب چکھو۔ اے رسولؐ ذرا غور کر کے اس بات سے لطف اندوزی کرو کہ ہم کس حسین انداز میں آیتوں کے اندر ہیر پھیر کر کے قریش کو خبردار رکھتے چلے آتے ہیں۔ صرف اس لئے تاکہ وہ بھی ہماری منشا کو سمجھ کر اپنے اقدامات کی اصلاح کرسکیں۔ اور ہوا یہ ہے کہ تیری قوم نے اس کی مجسمہ حق ہوتے ہوئے بھی تکذیب کردی ہے۔ ان کو بتادو کہ میں اب تمہارا وکیل نہیں ہوں''

## 14۔ مکذبین کی تکذیب قومی تعصب اور دشمنی پر مبنی ہے۔ لہٰذا ان کے باقی شبہات یا عذرات بھی باطل ہیں۔

جب یہ ثابت ہو چکا کہ مکذبین نہج البلاغہ علی واولاد علی علیہم السلام سے اپنی قدیم عداوت کی بنا پر اور قومی و مذہبی لیڈروں کی

Presented by Ziaraat.Com

بداعمالیوں پر پردہ ڈالنے کے لئے تکذیب کرتے ہیں۔تو نہ ان کے خود ساختہ ولچر دلائل قابل اعتنا ہیں اور نہ ان کے عذرات ودلائل کو جنبہ داری سے پاک قرار دیا جاسکتا ہے۔چنانچہ ان میں سے بعض کا یہ کہنا کہ ''نہج البلاغہ میں ایسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جو عہد مرتضوی تک عربی زبان میں کسی نے بھی استعمال نہ کئے تھے۔لہٰذا یہ کلامِ مرتضٰی علیہ السلام نہیں ہے۔بعد میں گھڑا گیا ہے۔یعنی وہ الفاظ بعد کی ایجاد واستعمال ہیں''

ایسا دعویٰ کرنے والا اشخاص اہل عقل وہوش اور جہلاء کے نزدیک بھی بداہتاً فریب ساز ہوتے ہیں۔اس لئے کہ دنیا کا کوئی شخص نہ اپنے زمانے کے تمام انسانوں سے ملا تھا نہ اپنے زمانے کی تمام کتابیں اور خطوط پڑھ سکا۔اور نہ ہر شخص کی ہر بات سن سکا۔ اور مندرجہ بالا دعویٰ کرنے والا درحقیقت یہی کہتا ہے کہ اس نے تمام سابقہ انسانوں کے منہ یا قلم سے نکلنے والے الفاظ سنے یا پڑھے ہیں۔ان میں وہ الفاظ نہ تھے جو نہج البلاغہ میں استعمال ہوئے ہیں۔اگر وہ فریب ساز نہ ہوتا تو اس نے یہ کہا ہوتا کہ ''جہاں تک میری تحقیق کی رسائی ہوئی''''جہاں تک مجھے علم ہوا'' اور یہ کہنا ادھر ایک ''جُزّیہ'' اور صحیح بات ہوتی۔اور ادھر اس کی لاعلمی کا اعلان ہوتا۔اور نہج البلاغہ کے خلاف اعتراض قائم ہی نہ ہوتا۔لہٰذا اس قسم کے دعوے داروں کو جواب دے کر وقت ضائع کرنا اہل علم کا طریقہ نہیں ہے۔ہم قارئین کو صرف اس قدر بتا کر آگے بڑھ جائیں گے۔کہ قرآن کریم اور احادیث میں ایسے بہت سے الفاظ موجود ہیں۔جو ان فریب کاروں کے حساب سے جدید ہیں۔جنہیں ان کے لگے سگے پہلے نہ بولا کرتے تھے۔دراصل انہوں نے چند لنگڑے لولے جہلاء کا کلام پڑھ کر وہ عظیم الشان دعویٰ کر دیا جو انہیں فریب سازی کا لقب دے گیا۔یہ تمام مکذبین درحقیقت نہ علوم عربیہ میں وہ مقام رکھتے ہیں۔جو نہج البلاغہ یا کلام مرتضوؑی کو سمجھنے کے لئے درکار ہے۔اور نہ وہ دیانت دار ہی ہیں۔

## 15-اگر نہج البلاغہ میں سید رضیؒ کا گھڑا ہوا کلام ہے تو سید رضی کی عمر 400 سال ماننا لازم ہے۔

قبل اس کے ہم نہج البلاغہ کی تصدیق کرنے والے علماء اعلی اللہ مقامہم کو پیش کریں۔مکذبین نہج البلاغہ اور ان کے ہم نوا لوگوں کو ایک ایسے میدان میں پہنچادیں جہاں سرگردانی کے دوران انہیں تکذیب کی جگہ تصدیق کی راہ مل جانے کی امید ہے۔وہ میدان زیرنظر عنوان میں سامنے آرہا ہے۔یعنی سید رضیؒ نے جو کلام گھڑ کر نہج البلاغہ میں جمع کیا ہے۔وہ سارا کلام اور اسی قسم کا اور اس سے بہت زیادہ کلام سید رضیؒ کی پیدائش سے بہت پہلے بہت سے علماء نے اپنی اپنی کتابوں میں لکھا تھا۔ 1)اب یا تو یہ ماننا ہوگا کہ نہج البلاغہ میں جمع کردہ کلام سید رضیؒ نے نہیں گھڑا بلکہ سابقہ علماء کی کتابوں سے انتخاب کر کے لکھا ہے۔2)یا یہ کہنا پڑے گا کہ سید رضیؒ چار سو سال سے برابر موجود رہتے اور مذکورہ کلام گھڑ گھڑ کر مختلف علماء کے نام سے لکھتے چلے آئے تھے۔3)اور یا یہ ماننا پڑے گا کہ مکذبین نہج البلاغہ کو بغض

Presented by Ziaraat.Com

وتعصب نے تکذیب پر مجبور کر دیا تھا۔4) یا یہ کہ مکذبین تمام سابقہ ریکارڈ سے جاہل تھے۔ان چار نتیجوں کے علاوہ کوئی پانچویں صورت قارئین کے سامنے آنے والی نہیں ہے اب آپ ان علمائے کرام کے نام اور ان کی کتابوں میں ان حضرات کے بیانات ملاحظہ فرمائیں۔

## 15(الف)-علامہ مسعودی نے تین سو چالیس ہجری سے پہلے پہلے حضرت علیؑ کے چار سو اسی خطباب دیکھے تھے۔

ہم یہ دکھائیں گے کہ حضرت علی علیہ السلام کے دہن مبارک سے نکلنے والے تمام خطبات وتقاریر کو ساتھ کے ساتھ لکھا جاتا تھا۔ اور تین سو چالیس ہجری تک کم از کم حضرت علیؑ کے چار سو اسی خطبے کتابوں میں باقاعدہ موجود تھے۔چنانچہ اسلامی تاریخ کے عظیم مؤرخ علامہ مسعودی نے لکھا ہے کہ:

''وَالَّذِیْ حَفَظَ النّاسُ عَنْهُ خُطَبَهٗ فِیْ سَائِرِمَقَامَاتِه اربعمائة خُطْبَةً وَنَیّف وَثَمَانُون خطبة یُوْردهاعَلَی البدیهة تداول الناس ذلک عنه قَوْلًا وَّعملًا''

''حضرت علیؑ کے جو خطبے لوگوں نے مختلف اوقات میں محفوظ کر لئے تھے۔ان کی تعداد چار سو اسی سے کچھ زیادہ ہے۔جنہیں علی علیہ السلام نے بلا کسی تیاری کے مقرر کی حیثیت سے پیش کیا تھا اور لوگوں کے درمیان مسلسل دوہرائے جاتے رہے۔اور ان پر عمل بھی ہوتا چلا آیا ہے'' مروج الذہب جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 33 طبع مصر)

قارئین نوٹ کریں کہ علامہ سید رضیؒ کی پیدائش 359 ہجری میں ہوئی تھی۔اور علامہ مسعودی 340 ہجری میں انتقال کر چکے تھے۔یعنی علامہ مسعودی کے انتقال سے 19 سال بعد پیدا ہوئے۔اور 25 سال کی عمر کے بعد نہج البلاغہ کو جمع کرنا شروع کیا ہوگا۔یعنی اس آدھی صدی میں تو خطبات مرتضویؑ نہ معلوم کہاں سے کہاں اور کن کن لوگوں تک جا پہنچے ہوں گے۔اس لئے کہ علامہ مسعودی کے الفاظ '' حَفَظَ النَّاسُ '' '' تَدَاوَلَ الناسُ '' سے ان خطبوں کی مقبولیت اور رفتار کی انتہا کا پتہ چلتا ہے۔نہج البلاغہ میں خطبوں کی کل تعداد 238 ہے۔یعنی علامہ رضیؒ نے مذکورہ تعداد کا آدھا حصہ بھی انتخاب نہ کیا تھا۔

## 16-خطبات کو نقل کرنے کے لئے نہیں بلکہ انتخاب کے لئے رضیؒ کی ضرورت۔

یعنی ایسے مجموعے کے لئے ایک ادنیٰ درجے کا عالم بھی کافی تھا۔علامہ رضیؒ ایسے عظیم الشان عالم کی ضرورت ہی نہ تھی کتابوں سے نقل کرنے اور خطبوں کو نمبر شمار دینے کا کام کسی بڑی علمیت کا تقاضہ نہیں کرتا۔ان کی ضرورت اس لئے تھی کہ انہوں نے اپنے انتخاب سے نظام اجتہاد اور خلافت باطلہ کو متزلزل کرنا تھا۔اور اس کام کو علمائے مجتہدین میں سے کوئی نہ کر سکتا تھا۔اور وہ خود مجتہد خاندان کے ایک فرد تھے۔استاد بھی مجتہد تھا۔والد بھی مجتہد تھے۔بڑا بھائی مرتضیٰ تو بہت ہی عجیب وغریب قسم کا مجتہد تھا۔جس کے فتوے کی رو سے وضو میں

Presented by Ziaraat.Com

ہاتھوں کو کہنیوں کی طرف کو دھونا اور ایام حیض میں دوسری طرف سے فارغ ہو جانا جائز تھا۔ علامہ رضیؒ اس زمانے میں تنہا عالم تھے۔ جو نظام اجتہاد کو باطل سمجھتے تھے۔ بہر حال اس وقت کی کتابیں خطبات علویہؑ سے چھلک رہی تھیں۔ نقل کرنا مشکل نہ تھا۔ مشکل انتخاب کی اسکیم تھی۔ مشکل یہ تھا کہ مجتہد اپنی زبان بند رکھے۔ قابل اعتراض خطبہ نہ آنے پائے۔ ورنہ خطبات کی تعداد تو ان کے زمانے تک ہزاروں تک موجود تھی دس سال کی عمر سے تریسٹھ سال کی عمر تک مسلسل بولنے والی زبان سے صرف چار سو اسی خطبات کا نکلنا ہمیں تسلیم نہیں ہے۔

## 17- خطبات مرتضویؑ کس طرح دلوں میں اترتے، زبانوں پر رہتے، بیان ہوتے بڑھتے چلے آئے؟

خطبات مرتضویؑ کے متعلق علماء کے بیانات بھی مسلسل عہد رسالتؐ مآب سے نقل ہوتے چلے آ رہے ہیں چنانچہ جو کچھ ہم نے لکھا یا لکھیں گے۔ ان میں سے کوئی بات ہماری اپنی ایجاد نہیں ہے۔ یہ سب ایسے حقائق ہیں جو علمائے صالحین نے اپنے اپنے انداز و ترتیب والفاظ میں پہلے ہی بیان کر دیئے ہیں ہمیں سب خطبات کو نقل کر کے حسین انداز میں پیش کرنے کا اجر ملنے کی امید رہی ہے۔ ورنہ حقیقت میں ہم نے نقل کرنے کے علاوہ اور کوئی کمال کی بات نہیں کی۔ کمال تو اس بزرگ ترین ہستی نے کیا ہے۔ جس نے نہ صرف یہ مافوق البشر خطبات پیش کئے بلکہ اس بلیک آؤٹ (Black out) کو توڑا جس میں محمدؐ و آل محمد علیہم السلام کے علوم کے اظہار پر خاموشی سے گردن ماردی جاتی تھی۔

## 18- حکومت اور خلفاء کے جان لیوا مظالم صحابہ کو اسلامی حقائق بیان کرنے سے مانع تھے۔

اور یہی سبب تھا کہ ہر زمانے کے علماء حقائق اسلامیہ کو نہ بیان کر سکے۔ نہ اپنی کتابوں میں لکھ سکے۔ چنانچہ اولین خلفاء کے دور کا حال جناب ابو ہریرہؓ کی زبان اور علامہ محمد اسماعیل بخاری کے قلم سے ملاحظہ فرما کر اس کمال کا اندازہ کریں جو مولائے کائنات علی علیہ السلام کی فصاحت و بلاغت نے کیا ہے کہ ان تیغ بکف اور خون آشام خلفاء کی بھرپور مذمت اور خود خلفاء کو سنا کر ہم تک پہنچا دی۔ بہر حال بخاری نے لکھا کہ:

''حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ قَالَ حَدَّثنی اَخِی عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذئب عن سعید المقبری عَن ابی هریره قال حَفِظْتُ مِنْ رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم وِعَائَیْنِ فَاَمَّا اَحَدهما فَبَثَثْتُهُ، وَاَمَّا الْاٰخر فَلَوْ بَثَثْتُهُ، قُطِعَ هٰذَا الْبُلْعُوْمُ. قال ابو عبداللّٰه اَلْبُلْعُوْمُ مجری الطعام''

''۱ قوله ''وِعَائَیْنِ'' اَی ظَرْفَیْنِ اَطْلَق المحلّ وَارادبِهِ الْحَالُ اَی نَوْعَیْنِ مِنَ الْعِلْمِ ''بَثَثْتُه'' ای نَشَرْتُهُ زَادَا الْاِسْمَاعیلی لَقَطَعَ هٰذَا یعنی رَاسُهُ . وَحَمَلَ الْعُلَمَاء الوعاء الَّذی لَمْ یبثّه عَلَی الاحادیث الَّتی فِیْهَا تَعِیْنَ

Presented by Ziaraat.Com

اسامی اُمَرَاءَ الْجُوْر واحوالُھُمْ وَذَمُّھُمْ وَقَدْ کان ابوھریرۃ عن بعضہ لم یَصْرَحْ بہ خَوفًا عَلٰی نفسہ مِنھُم "

(بخاری جلداوّل کتاب العلم صفحہ 23 )

''ہم سے اسماعیل نے بیان کیا اس نے کہا تھا کہ مجھ سے میرے بھائی نے ابی ذئب کے بیٹے سے سنا اور انہوں نے سعید مقبری سے اور اس نے حضرت ابو ہریرہؓ سے سنا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے رسولؐ سے ملی ہوئی دو شلیتوں (یا بوریوں یا خرجیوں) کی حفاظت جاری رکھی ہے۔ ان دونوں میں سے ایک تو وہی ہے جس کی نشر واشاعت میں کرتا رہتا ہوں۔ رہ گئی دوسری بوری اگر میں اس کی نشر واشاعت کرنے لگوں تو میرا یہ نرخرہ (کھانا گزرنے کی نالی) کاٹ دیا جائے۔ ابوعبداللہ نے بتایا کہ بَلْعُوم وہ نالی ہوتی ہے جس میں سے کھانا گزرتا ہے''۔

**19- روایت کی تشریح میں جابر وظالم خلفاء کا تعین مان لیا گیا ہے۔**

حاشیہ نمبر ایک پر اس روایت کی تشریح میں لکھا گیا ہے۔ کہ''۔ ابو ہریرہؓ کے قول میں لفظ **"وِعَائَیْنِ"** کے معنی **"دو ظرف"** (برتن) ہیں۔ جن کا استعمال مقام (جگہ) کے لئے ہوا ہے اور اس سے حال مراد لیا ہے۔ یعنی علم میں سے دو قسمیں۔'' اور بَثَثْتُہٗ کا مطلب ہے نَشَرْتُہٗ یعنی پھیلانا بکھیرنا اور اسماعیلی نے یہ بڑھایا ہے کہ ''یہ کاٹ دیا جائے''۔ یعنی ''ان کا سر کاٹ دیا جائے گا'' اور علماء نے اس قسم کی احادیث کو جن کی نشر واشاعت نہ کی گئی۔ ان حاکموں کے خوف کا سبب قرار دیا ہے۔ جو ظالم وجابر تھے۔ اور ان کی مذمت مراد لی ہے۔ اور ابو ہریرہؓ اپنی جان کے خوف سے اپنے اس بیان کی وضاحت نہ کر سکے۔ (بخاری پارہ اول کتاب العلم)

**20- روایت کی تشریح میں کلیدی غلطی، علم کی قسمیں نہیں۔ علم کے شلیتے، بوریاں یا گونیاں مانو۔**

ابو ہریرہؓ نے علم کی دو قسمیں کہنا ہوتا تو وہ لفظ "وِعَائَیْنِ" نہ بولتے بلکہ لفظ "قِسْمَیْن" بولتے جو انہیں معلوم تھا۔ اور انہوں نے ضرورت کے وقت یہ لفظ بولا بھی ہے۔ "وِعَاءُ" کے معنی قرآن میں وہ خُرجِیَاں یا بوریاں یا شِلیتے یا گونیاں ہیں۔ جو حضرت یوسف علیہ السلام نے قحط کے زمانے میں اناج سے بھروا کر دی تھیں۔ اور ان ہی میں سے ایک میں اناج ناپنے کا پیمانہ پوشیدہ کرا دیا تھا۔ (سورہ یوسف 76-12/75۔ 12/62 لفظ بَثَّ اور بثثتہ کے معنی صحیح کئے ہیں۔ (سورہ بقرہ 2/164)

**21- محمد اسماعیل بخاری نے بھی اسی خوف کی وجہ سے چھ لاکھ پچانوے ہزار حدیثیں نہ لکھنا طے کیا۔**

محمد اسماعیل بخاری نے یہ حدیث صرف اس لئے لکھ دی کہ اس کی تاویل کر کے اس کا ہدف معاویہ ویزید وغیرہ کو بنایا جا سکے۔ اور پہلے خلفاء کو بچانا ممکن ہو سکے۔ لیکن سوال یہ ہوگا کہ ابو ہریرہؓ نے خلفاء اربعہ کے دور میں وہ علم کیوں نشر نہ کیا؟ جو ان کے عہد میں خطرناک نہ تھا؟ تمام تواریخ وکتب احادیث میں یہ مانا گیا ہے کہ خلیفہ دوم نے خلافت ابوبکر کے زمانے سے اپنے زمانے تک احادیث

Presented by Ziaraat.Com

کا بیان ممنوع رکھا۔اور صحابہ کو مسلسل مدینہ میں نظر بند رکھا۔اور ابو ہریرہؓ وغیرہ کو کئی دفعہ سزا دی تھی۔(ملاحظہ کریں ''فاروقی شریعت'')

## 22- حضرت علیؑ کے گرد مسلم و غیر مسلم علماء علمی تحقیق کے لئے جمع رہتے تھے۔

حضرت علی علیہ السلام کی حکومت خود سنبھال کر انہیں کار حکومت سے الگ کر دیا گیا تھا۔ یہ فارغ وقت حضرت علیؑ نے علمی اشاعت کے لئے وقف کر دیا تھا۔ چنانچہ اہل کتاب میں سے یہودی اور عیسائی علماء و عوام اپنے اپنے سوالات و اعتراضات لے کر آتے تھے۔ادھر عرب کے بڑے بڑے لادین علماء بھی اور مجوسی مذہب کے انتہائی عالم یعنی زندیق بھی اور یونانی فلسفے کے ماہرین بھی علوم و فنون پر اپنے سوالات پیش کر کے وضاحت و جواب معلوم کیا کرتے تھے۔اسی گروہ میں وہ حضرات بھی آیا کرتے تھے۔ جو تحریک تشیع کے لئے ہدایات و پروگرام چاہتے تھے۔علماء کے اس استفادہ کا ذکر بہت سے علماء نے اپنے اپنے مصنفات میں کیا ہے۔ چنانچہ ابو منصور طبرسی نے اپنی کتاب الاحتجاج میں اور ابن بابویہ قمی نے کتاب التوحید میں بھی لکھا ہے۔اور یہ ایک ایسی حقیقت واقعی ہے۔کہ یہ ادھر تو تقاضائے وقت تھا۔اور ادھر کسی مؤرخ نے اس کا انکار نہیں کیا ہے۔ چنانچہ مشہور و معروف عیسائی ادیب و مؤرخ عبدالمسیح انطا کی حلبی اپنے شاہکار ادب عربی'' القصیدة العلویة المبارکة او تاریخ شعری لصدر الاسلام میں لکھتا ہے کہ:

## 23- حضرت علیؑ دن رات علوم الہیہ کی نشر و اشاعت سے علماء کو تعلیم دیتے رہے۔

**اِنَّ الْحِکْمَةَ مَاثُورةَ عن سیّدنا امیر المومنین علی صلوة اللّٰه علیه فَهُوَ لَاجَدَال سید الحکماءِ وعنه تروی الحکمة فی مواطن السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَقَدْوَرَدَتِ الحکمة عَلٰی لسانه الشریف فی کثیر مِن رسائله وخطبه اَوْاقواله حتّی قالو اِنّه کان ینطق بالحکمة فی کل موطن اقام فیه ومَجْلس جلسه وموقف وقفه بل کانت جمیع اقواله الشریفة واعماله المنیقته حِکَمًا ماثورةً منشقة عن توقدذکاء وسعة تجربة واختبار'' (تاریخ الشعری لصدر الاسلام صفحه 567 مطبوعه رعمیسُس فحاله مصر)**

''بلاشبہ تمام ہی سابقہ و جدید علوم و فنون اور حکمت کثیر تعداد میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے حاصل کر کے آگے بڑھائے گئے ہیں۔ اور آپ ہی تمام علمائے فلسفہ اور حکماء کے بلا اختلاف سردار اور راہنما ہیں۔اور تمام علوم و حکمتیں آپؑ ہی سے روایت کی گئی ہیں۔آپؑ نے علوم کو لوگوں تک پہنچانے میں نہ تکلیف و تنگی کے زمانے کی پرواہ کی نہ سہولت و خوشحالی میں غفلت کی۔آپؑ کے عقل نواز علوم کثیر تعداد میں خطبوں، خطوط اور اقوال کی صورت میں پھیلتے گئے یہاں تک مانا گیا ہے کہ آپؑ ہر حال میں علوم و حکمت پر بیان دیتے رہتے تھے۔خواہ کہیں کھڑے ہوں۔ قیام گاہ میں ہوں کسی مجلس میں بیٹھے ہوں یا سفر میں ہوں آپؑ کے تمام اقوال و اعمال علوم و حکمتوں سے لبریز تھے۔

Presented by Ziaraat.Com

اور ہر قول وفعل سے قوتِ عقل وتجربے کی وسعتیں اور قوتِ ارادی کے مظاہرے ہوتے ہیں''

**24- تمام عیسائی اور غیر مسلم علماء آپؑ کے علوم وعبادت کی روشنی سے نور وسبق حاصل کرتے رہے ہیں۔**

قارئین نے دیکھا کہ یہود ونصاریٰ کے علماء نے عہد مرتضویؑ ہی میں تعلیمات الہیہ کو اپنا ہدف بنالیا تھا۔ چنانچہ وہی اقوام اس دنیا کی عقلی رہبری کررہی ہیں۔ انہوں نے ہر ہر معاملے میں جناب علی مرتضی علیہ السلام کی پیروی اختیار کی تھی۔ سنئے کہ۔ آج اس عقلی دور کا ایک دوسرا عیسائی شاعر وادیب اور ماہر قوانین جج جسٹس پولوس سلامہ (Paulas Salama) چیف جسٹس بیروت اپنے ملحمۂ عربیہ ''عیدالغدیر'' کے مقدمے میں اس احترام واطاعت وسبق اندوزی وحصول علوم وفنون کا تذکرہ کرتے ہیں۔ جو کبھی مسلمانوں نے اختیار نہ کیا۔ بلکہ وہ لعنتیں کرتے کرتے خود ملعون یعنی نعمات خداوندی سے محروم ہوکر رہ گئے۔ سنئے اور عیسائی عالم کے بیان سے عبرت حاصل کیجئے۔

**وَیذکرہ النصاریٰ فی مجالسھم فیتمثلون بِحِکَمہٖ ویخشعونَ لتقواہ ،ویتمثل بہ الزھاد فی الصوامع فیزدادون زھداً وقنوتاً وینظر الیہ المفکر فیستضئ بِھٰذا القطب الوضاع وَیتطلع الیہ الکاتب الالمعی فَیأتم ببیانہ ویعتمدہ الفقیہ المدرہٖ فیسترشد بِاَحکامہ وَامَّاالخطیب فحسبہ اَنْ یَّقف فی السفح ویرفع الراس الیٰ ھذالطود الشامخ لتنھل علیہ الایات و عَلُ وینطلق لسانہ بالکلام العربی المبین ''**

**(عید الغدیر اول ملحمہ عربیہ 'المقدمہ صفحہ 27 طبع بیروت )**

''عیسائی اپنی مجلسوں اور جلسوں میں حضرت علیؑ کا ذکر کرتے ہیں۔ اور آپؑ کے بیان کردہ علم وحکمت کو سامنے رکھ کر اس کے مطابق خود کو ڈھالنا چاہتے ہیں۔ اور ان حضرتؑ کے تقویٰ اور پارسائی سے خشوع اور دل کی نرمی حاصل کرتے ہیں۔ اور گرجاؤں یا عبادت خانوں کے عابد وزاھد اُن کی طرز عبادت کو اپناتے اور اختیار کرتے ہیں۔ اور اسی طرح اپنی اطاعت شعاری میں اضافہ کرتے ہیں۔ اور مفکرین قوم آسمانِ علوم وفنون کے اس روشن ستارے سے اپنی فکری صلاحیتوں کو روشن تر کرتے رہتے ہیں۔ اور اہلِ قلم اپنی کامیابیوں کے لئے حضرت علیؑ کو اپنا راہنما بناتے ہیں۔ اور فقہاء ومقننین آپؑ کے فیصلے قابل اعتماد سمجھ کر آپ کے احکام سے ہدایت وراہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ رہ گئے مقررین اور خطیب ان کے لئے تو یہ مناسب ہے کہ وہ خطابت وطلاقت کے اس پہاڑ کے نیچے کھڑے ہوں اور اپنے سروں کو فراز کوہ کی طرف بلند کریں اور علم وحکمت کی آبشاروں سے اس حقیقی اور بیان اندر بیان عربی زبان کی دھاریں پیتے رہیں۔ اور کبھی نہ رکنے والی زبان والا خطیب بن جائیں''

Presented by Ziaraat.Com

ہمارے قارئین کا وہ تعجب وحیرانی ختم ہوجانی چاہئے۔ جوآج غیر مسلموں کی فلک گیر ترقی کو دیکھ دیکھ کر ہوتا ہے۔ان ہی بیانات میں اس سوال کا جواب بھی موجود ہے کہ غیر مسلموں اور بقول مولانا کافروں نے یہ ترقی کیوں کرکی؟ اورآج کس طرح ان کے سامنے یہ کائنات مسخر ہوتی چلی جارہی ہے؟ بات سیدھی اورصاف ہے کہ خاندان نبوّت کومحروم کرکے عربوں نے محض مال وزر اور مادیات پر قبضہ کرلیااوردنیامیں مصروف ہوگئے۔ جنگ وجدل لوٹ مارقتل وغارت کواپناپیشہ بنالیا۔نماز روزہ اورحج وزکاۃ کوجنگی تیاریوں پرمرکوز کردیا۔ انہیں روزاول سے قرآن کےعلوم سے واسطہ نہ تھا۔ان کے یہاں وہ رٹتے رہنےاورثواب کے لئے پڑھنے کی چیزتھی۔لہٰذا جانشینان محمدؐ نے قرآنی تعلیمات ان لوگوں میں پہنچادیں جوعلم دوست تھے۔رحم دل وخداترس تھے۔اورآج تک صرف ان ہی لوگوں کی رہبری کررہے ہیں۔کرتے رہیں گے۔جب تک اسلام کےلیبل والانظام سوفیصدتباہ نہ ہوجائے۔

## 25-اچھامقرر،کامیاب فلاسفر،جادونگارمصنف بننے کے لئے ساری انسانیت علیؑ کی محتاج ہے۔

مذکورہ بالا عیسائی ادیب ومؤرخ اورمصنف شرح قصیدہ علویہؑ کا ایک اور بیان نظروں سے گذرنا بہت مفید ہوگا۔لکھاہے کہ " **لاَجِدَالَ اِنَّ سَیّدنَا عَلِیًّا اَمِیْرَالمومنینَ هُوَاَمَامُ الْفُصَحَآءِ وَاُسْتَاذُ الْبُلَغَاءِ وَاعظم مَنْ خَطَبَ وکَتَبَ فی عرف هذه الصناعة الالبآء وهذاکلام قدقِیْلَ فیه بحقّ اَنَّهٗ فوق کلام الخلق وتحت کلام الخالق قال هذا کُلّ من عرف فنون الکتابة واشتغل فی صناعة التحبیروالتحریر بَل هوا استاد الکتاب العرب ومُعَلّمهم بلامرآء فمامن ادیبٍ لبیبٍ حاول اتقان صناعة التحریر الاوبین یدیه القرآن ونهج البلاغة ذاک کلام الخالق وهذا کلام اشرف المخلوقین وعلیهم یُعَوَّلُ فی التحریر والتحبیر اذا ارادَان یکون فی معاشر الکتبة المجیدین ولعل افضل من خدم لغة قریش الشریف الرضی الذی جمع خطب واقوال وحکم ورسائل سیدنا امیرالمومنین من افواه الناس وامالیهم واصاب کل الاصابة باطلاقه علیه اسم " نهج البلاغة "وما هذا الکتاب الاصراطها المستقیم لمن یحاول الوصول الیها من معاشر المتأدبین** " (مطبع رعمیس صفحہ 530)

''اس میں کوئی جھگڑانہیں ہے کہ ہمارے سیدوسردار جناب علیؑ مرتضی امیرالمومنین تمام فصیح لوگوں کے پیشوا ہیں۔تمام ان لوگوں کے استاد ہیں جو بلاغت میں کمال رکھتے تھے۔تقریروتحریر میں کمال رکھنے والوں کے مقابلے میں عظیم المرتبہ ہیں۔اوران کا کلام وہ کلام ہے جس کے لئے بجاطور پر یہ کہا گیا کہ وہ تمام مخلوقات سے بلند درجہ کا کلام ہے۔اللہ ہی کا کلام اس سے بلندمرتبہ ہے۔یہ قول ہراس آدمی کوکہنا پڑے گا۔جس نے فن تحریر میں کمال حاصل کیا ہو۔اورکارتحریر میں مشغول رہتارہاہو۔ بلکہ آپؑ تو تمام اہل عرب کے منشیوں اورفن تحریر کے

Presented by Ziaraat.Com

ماہروں کے استاد ہیں۔کوئی ادیب ایسا نہیں ہے جو فن تحریر میں کمال حاصل کرنا چاہتا ہو مگر یہ کہ اس کی راہنمائی قرآن کرے گا۔اور نہج البلاغہ سے مدد لینا پڑے گی۔ایک خالق کا کلام ہوگا۔دوسرا تمام مخلوقات سے اشرف واعلیٰ ہستی کا اور ان ہی پر اعتماد و توکل کرنا پڑے گا اور ہر وہ شخص جو یہ چاہے کہ اس کا بہترین اہل قلم میں شمار ہو جائے۔غالباً زبان عربی کی آبیاری اور خدمت میں سب سے بڑا درجہ سید شریف رضیؒ کا ہے جنہوں نے امیر المومنینؑ کے خطبات اور فرمانات اور حکیمانہ ارشادات اور خطوط لوگوں کے ذخیروں اور مدون و مرتب ریکارڈ سے یکجا کئے ہیں۔اور انہوں نے اس مجموعے کا نہایت موزوں نام نہج البلاغہ رکھا ہے۔بے شک یہ مجموعہ بلاغت کا صراط مستقیم ہے۔اور جو اس منزل پر پہنچنا چاہے اس کے لئے مستقل راستہ ہے۔''

قارئین سوچیں کہ مکذبین نہج البلاغہ نہ صرف دشمنان محمدؐ و علیؑ تھے۔بلکہ انہوں نے مسلمانوں کو نہج البلاغہ کے فیوض سے محروم کر کے ساری امت سے بھی دشمنی کا ثبوت فراہم کیا ہے۔اور مسلمانوں کو بے پناہ ترقی سے روک کر روز افزوں زوال سے دوچار کیا ہے۔یہی سبب ہے کہ اور تو اور عربوں نے بھی عربی زبان کی خدمت قطعاً ترک کر دی ہے۔اس کے برعکس غیر عرب کروڑوں روپے کا بجٹ عربی زبان اور اسلام کے لئے ہر سال منظور کرتے ہیں۔آج عربی زبان کی کوئی بھی مفید کتاب ایسی نہیں جسے عربوں نے لکھا اور شائع کر کے نوع انساں کو فائدہ پہنچایا ہو۔ہر بڑی اور مستند ڈکشنری اور ہر مفید نوعِ انسان کتاب غیر عرب شائع کرتے ہیں۔عربوں اور مسلمانوں کے یہاں اگر کچھ عربی میں لکھا بھی جاتا ہے۔تو اس کی حیثیت محض کاروباری ہوتی ہے۔اور آج جو زبان اہل عرب بولتے ہیں۔وہ نہایت گھٹیا اور منتشر زبان ہے۔

## 26- خلیفہ اول و دوم کی ممانعت و عملی مخالفت کے باوجود اسلام کا قلمی ریکارڈ تیار کرنے کا نظام۔

ہم نے صحیح بخاری سے دکھا دیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کا دور ایسا تھا جس میں اسلام کی تعلیمات کا بیان کرنا موت کو دعوت دینے کے برابر تھا۔چنانچہ حضرت ابو ہریرہ نے اپنے بیان میں کہہ دیا کہ اگر وہ دوسرے ذخیرے میں سے کچھ بھی بیان کر دیں۔تو ان کا گلا کاٹ دیا جائے گا۔یہاں آپ کو اسی علامہ ذہبی کا بیان دکھاتے ہیں۔جس نے نہج البلاغہ کے خطبوں کو علامہ رضیؒ کی تصنیف قرار دیا ہے۔وہ لکھتا ہے کہ:

## 27- ابوبکر نے احادیثِ رسولؐ بیان کرنے سے تمام صحابہ کو روک دیا تھا۔

''حضور کی وفات کے بعد ایک مرتبہ آپ نے لوگوں کو جمع کر کے کہا کہ تم لوگ رسولؐ اللہ سے حدیثیں بیان کرتے ہو۔اور اس میں اختلاف پیدا ہوتا ہے۔تمہارے بعد جو لوگ آئیں گے ان میں تم سے زیادہ اختلاف پیدا ہوگا۔اس لئے تم لوگ رسولؐ اللہ سے کوئی

Presented by Ziaraat.Com

حدیث بیان نہ کرو۔ جو شخص تم سے حدیث پوچھے اس سے کہہ دو کہ ہمارے تمہارے درمیان کتاب اللہ موجود ہے۔ اس کے حلال کئے ہوئے کو حلال سمجھو۔ اور اس کے حرام کئے ہوئے کو حرام'' (تذکرۃ الحفاظ علامہ ذہبی اور تاریخ حدیث جلد اول علامہ پرویز صفحہ 46) اس کے بعد پرویز لکھتے ہیں کہ:

**28- ابوبکر نے حدیث کا اپنا لکھا ہوا کتابچہ جلا دیا تھا۔ تا کہ ان کے بعد غلط کام نہ ہو۔**

''یہیں تک نہیں بلکہ (امام ذہبی، نے) تذکرۃ الحفاظ میں یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر کے پاس احادیث کا ایک مجموعہ بھی تھا۔ لیکن آپ نے اسے یہ کہہ کر جلا دیا کہ مجھے خوف ہے کہ میں مر جاؤں اور یہ محفوظ رہ جائے۔ ممکن ہے کہ میں نے اس میں ایسے لوگوں سے حدیثیں لی ہوں جن کو میں امین سمجھتا ہوں۔ اور مجھے ان پر وثوق ہے۔ لیکن وہ حدیثیں ایسی نہ ہوں'' (مقام حدیث جلد اول صفحہ 47)

**29- احادیث میں اللہ اور رسولؐ کے ناموں کو بھی یقیناً آگ میں جلانا جائز تھا؟**

قارئین یہاں کچھ باتیں غور طلب ہیں۔ اول یہ کہ ابوبکر یقیناً رسولؐ کے ساتھ مسلسل نہ رہتے تھے۔ اور لوگوں سے سن سنا کر احادیث لکھ لیا کرتے تھے۔ دوم یہ کہ انہوں نے رسولؐ کی قربت کبھی بھی اس قدر نہ پائی کہ ان احادیث کو حضورؐ کو سنا کر تصدیق کرا لیتے۔ سوئم یہ کہ ابوبکر کے نزدیک جو لوگ امین اور قابل اعتماد تھے۔ وہ ایسی احادیث لکھوا سکتے تھے۔ جن میں خیانت اور بے ایمانی موجود ہو سکتی تھی۔ اور یہ کہ قرآن و حدیث کا جلا دینا ان کے نزدیک جائز تھا۔

**30- چھوٹے میاں بڑے میاں سے زیادہ سخت گیر اور حدیث رسولؐ کے دشمن تھے۔ پرویز خوش ہیں۔**

علامہ پرویز مسلسل رقمطراز ہیں کہ ''حضرت عمر نے اس باب میں اور بھی شدت سے کام لیا۔ آپ لوگوں کو حدیثوں کی اشاعت سے سختی سے روکتے تھے۔ قزعہ بن کعب راوی ہیں کہ جب حضرت عمر نے ہم لوگوں کو عراق بھیجا تو ہمیں تاکید کر دی۔ کہ یاد رکھو تم ایسے مقام پر جاتے ہو۔ جہاں کے لوگوں کی آوازیں قرآن پڑھنے میں شہد کی مکھیوں کی طرح گونجتی رہتی ہیں۔ تم ان کو احادیث میں الجھا کر قرآن سے غافل نہ کر دینا'' (مقام حدیث جلد اول صفحہ 47)

**31- ابوہریرہؓ کو کس سے جان کا خوف تھا؟ حدیث بیان کرنے والوں کو سزائے قید۔**

حضرت عمر کا یہ بیان اگر صحیح ہے تو پھر یہ ماننا ہوگا کہ معاذ اللہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام بیانات وارشادات یعنی ان کی احادیث اللہ کے بیانات وارشادات یعنی قرآن اور قرآن کی آیات کی مخالف تھیں۔ جن کو اگر صحابہ رسول بھی بیان کر دیں تو مسلمان احادیث میں الجھ کر قرآن سے غافل ہو جاتے۔ (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن)

Presented by Ziaraat.Com

یادفرمائیں قریشی صحابہ کا وہ عقیدہ جس میں رسولؐ بہرحال آدمی ہے۔اس پر انسانی جذبات ومیلانات ورجحانات غالب آتے ہیں۔اس سے خطائیں بھول چوک اور لغزشیں سرزد ہوتی تھیں۔ان خطاؤں اور لغزشوں کا ذکر قرآن میں موجود ہے۔(جھوٹوں پر لعنت) اسے خطاؤں اور کوتاہیوں پر اللہ نے قرآن میں بار بار ڈانٹا ہے جیسا کہ علامہ مودودی نے فرمایا ہے کہ۔''رائے اور فیصلے میں ان سے غلطی بھی ہوجاتی تھی۔بیمار بھی وہ ہوجاتے تھے۔آزمائشوں میں بھی ڈالے جاتے تھے۔حتیٰ کہ قصور بھی ان سے ہوجاتے تھے۔اوران پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مواخذہ بھی ہوتا تھا''(تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 163)

لہٰذا یہ طے کرلیا گیا کہ رسولؐ کی رائے اور فیصلے برقرار رکھنا اور احادیث کو لکھنا یا بیان کرنا مفید نہیں ہے۔اور چونکہ قرآن کی تفصیل وتشریح بھی احادیث ہی میں تھی۔لہٰذا حقائق قرآن بیان کرنا بھی جرم قرار پا گیا۔اور یہ بندش وبلیک آؤٹ اس زمانے تک جاری رہا جب تک قریشی مذہب اور قریشی پالیسی اور قریش کے مخالف تصورات کے خلاف حکومت کی مشین نے خودساختہ روایات یا احادیث کا ذخیرہ تیار نہ کرلیا۔اس کے بعد ہر عنوان پر خودساختہ روایات کی تعلیم وتدریس شروع ہوئی اور اب احادیث کے نام پر تصنیفات کے ڈھیر لگتے چلے گئے۔اور قریشی راج کی خانہ ساز تاریخ وتفسیر کی گاڑی چلتی ہوئی ہم تک آ پہنچی۔اس گاڑی کو تیار کرنے اور چلانے کے لئے حقیقی تعلیماتِ اسلام پر بندش اور صحابہ کی قید وزبان بندی ضروری تھی۔مگر حضرت علی علیہ السلام نے فصاحت وبلاغت کا پردہ ڈال کر قریشی منصوبوں اور پالیسیوں اور ان کے خودساختہ مذہب اور مقاصد کی اس طرح اشاعت کی کہ قریشی گاڑی بار بار رُکی مُرمت کے لئے نئے مستری اور نئے اوزار ایجاد واستعمال کرنا پڑے۔یوں قریشی مذہب انتشار اور تفرقہ سے دوچار ہوا۔اور اس میں سینکڑوں ایسے فرقے بن گئے جو سب ایک دوسرے کے نزدیک باطل اور جہنمی قرار پا گئے۔اوران میں سے کسی ایک کو یہ حق نہ رہا کہ وہ تنہا حق پر ہونے کا دعویٰ کرسکے۔اس لئے کہ اس کے دعویٰ سے باقی سب کا گمراہ ہونا ثابت ہوجاتا اور یہ آج تک قریشی علماء کو منظور نہیں ہے۔

## 32-حقائق اسلام کا قریشی بلیک آؤٹ اوران کی اشاعت کا علوی نظام نزول قرآن کے ساتھ ساتھ۔

قریش کا حقائق اسلام سے کفر یعنی حقائق اسلام کو چھپانے اور بدلنے کا منصوبہ نزول قرآن کے ساتھ ہی شروع ہوگیا تھا۔(یونس 10/15 دیکھو ہماری تفسیر) جس کا ریکارڈ قرآن کے اندر اس لئے محفوظ کردیا گیا کہ انہوں نے اپنے اقتدار وحکومت کے دوران اسے ظاہر نہ کرنا تھا۔ان کے بلیک آؤٹ پر یہ چند حوالے تو وہ ہیں جو حاکم بن جانے کے بعد کی پالیسی ظاہر کرتے ہیں۔اوراس عنوان کے لئے کافی ہیں۔اس بلیک آؤٹ کو بے اثر وبے نتیجہ کرنے کے لئے جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کی سرکردگی میں جو نظام شروع ہوا تھا۔ہم نے اسی کا نام تحریک تشیع رکھا ہے۔اس نظام کے اولین مساعی بھی قرآن میں محفوظ ہیں۔بعد کی جدوجہد کا بڑا حصہ خطبات وخطوط مرتضوی

Presented by Ziaraat.Com

کی صورت میں سامنے آتا ہے۔تحریک علیؑ نے مقررین ومؤلفین اورتشیّع سے متعلق مصنفین کا گروہ پیدا کردیا تھا اہل قلم حضرات کا تذکرہ منہاج نہج البلاغہ کے الفاظ میں یوں کیا گیا ہے کہ:۔

''علیؑ صرف تنہا تصنیف وتالیف میں مشغول نہ رہنا چاہتے تھے۔ بلکہ وہ ایک علمی ماحول مصنف اور مفکر بھی پیدا کرنا چاہتے تھے۔چنانچہ آپؑ نے ایک ایسا گروہ پیدا کردیا تھا۔جس نے اسلامی حقائق کی اشاعت اور بقا کے لئے حضورؐ کی ہدایات وراہنمائی میں عربی زبان کے قواعد،صرف ونحو،علوم القرآن اوراحادیث پرتصنیف وتالیف شروع کی جس کا اعتراف ابن ابی الحدید نے بھی کیا ہے کہ'' **ومنہ تعلم الناس الخطابة و الكتابة** (جلداول صفحہ 8 طبع مصر)

''۔آپؑ سے لوگوں نے تقریروتحریروتصنیف کے علم کوحاصل کیا۔''

چنانچہ آپؑ کے تیار کردہ وہ حضرات جن کی تصنیفات آگے بڑھیں اورجن کا تذکرہ علمائے رجال نے کیا ہے۔چندنام لکھے جاتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| 1 - امام حسنؑ | 2 - امام حسینؑ |
| 3 - عمرؑبن علیؑ | 4 - محمدؑبن علیؑ عرف ابن حنفیه |
| 5 - اُبی بن کعبؓ | 6 - جابرؓ بن عبدالله انصاری |
| 7 - ابورافعؓ | 8 - عبداللّٰہ بن عباس |
| 9 - علی بن ابی رافعؓ | 10 - عبیداللّٰہ بن ابی رافعؓ |
| 11 - اصبغؓ بن نباته مجاشعی | 12 - سلیمؓ بن قیس هلالی |
| 13 - میثمؓ بن یحییٰ ابوصالح تمار | 14 - حارثؓ بن عبداللّٰہ اعور همدانی |
| 15 - ابوالاسود دؤلی | 16 - کمیلؓ بن زیاد نخعی |
| 17 - عبیداللّٰہؓ بن حُرجعفی | 18 - ربیعہؓ بن سمیع |
| 19 - یعلیؓ بن مره | 20 - زیدؓ بن وهب جهنی |

21 - حسنؓ بصری (شیعہ مصنفین کی تفصیل کے لئے دیکھو کتاب تاسیس الشیعہ مؤلفہ حسن صدر)

''مطالعہ مذہب اسلام'' کے مصنف نے لکھا ہے کہ''علی نے اپنے زمانہ خلافت میں قومی مصنفین کا نہ صرف تحفظ ہی کیا۔ بلکہ انہیں تصنیف کے لئے ترغیب وہدایت بھی دیتے تھے''(مطالعہ مذہب اسلام صفحہ 320 مصنفہ J.J.Paul مطبوعہ 1892)

Presented by Ziaraat.Com

## 33- حضرت علیؑ کے تمام بیانات اور تقریریں ساتھ کے ساتھ لکھ لی جاتی تھیں۔

علماء کا یہ گروہ حضرت علیؑ کے دہن مبارک سے نکلنے والا ہر ہر لفظ لکھتے جاتے تھے۔ جناب شیخ صدوق ابوجعفر محمد ابن بابویہ قمی انتقال 381 ہجری کتاب التوحید میں لکھتے ہیں:

''خَطَبَ امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ یَوْمًا خُطْبَةً بعدالعصر فعجب الناس من حُسن صفتهٖ ومَا ذَکَرَ مِنْ تَعْظِیْمِ اللّٰهِ جلّ جلاله ،قال ابو اسحاق فقلتُ للحارث اَوَمَاحَفَظْتَهَا ؟ قال قد کَتَبْتُهَا فَاَمْلَاها عَلَیْنَا مِنْ کِتابهٖ (صفحہ 14 طبع ایران 1280ھ)

ایک روز نماز عصر کے بعد امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہا السلام نے اللہ کی حمد وثنا میں تقریر کی لوگوں نے ذات وصفات وتعظیم خداوندی کے حسین بیان پر خطبے کو بہت حیرانی کے ساتھ پسند کیا۔ ابواسحٰق کہتے ہیں کہ میں نے حارث سے دریافت کیا کہ کیا تم نے اس خطبے کو بطور ریکارڈ محفوظ نہیں کیا تھا؟ اس نے بتایا کہ میں نے تو وہ خطبہ اسی وقت لکھ لیا تھا چنانچہ انہوں نے وہ خطبہ اپنی کتاب میں سے پڑھ پڑھ کر ہمیں املا کرادیا۔ یعنی لکھوادیا'' املا کے معنی (Dictation) کے ہیں۔ سنانے کے نہیں۔ اسی سلسلے میں شیخ ابوجعفر طوسیؒ نے لکھا ہے کہ ''ایک مرتبہ حضرت علیؑ سے ایک یہودی عالم نے کئی ایک سوالات کئے تھے۔ جن کا جواب حضرت علیؑ نے اسے دیا تھا۔ ان سوالات وجوابات کو بھی مذکورہ بالا حارث ہمدانی نے لکھ لیا تھا۔ (کتاب الفہرست)

## 34- بصرہ میں جناب حسن بصری کا ساتھ ساتھ خطبوں کو لکھتے جانا۔

ابو یحییٰ واسطی نے بیان کیا کہ:۔

قَالَ لَمَّا افْتَتَحَ امیر المومنینؑ اِجْتَمَعَ النَّاسُ عَلَیْهِ وَفِیْهِمُ الحسن البصری ومعه الالواح فکان کُلَّمَا لَفَظَ امیر المومنین بِکَلِمَةٍ کَتَبَهَا. (کتاب الاحتجاج ابومنصور الطبرسی صفحہ 87 مطبوعہ تبریز 1286 ہجری)

جب امیر المومنینؑ نے بصرہ کو فتح فرمالیا۔ تو مسجد میں آپ کے گرد لوگوں کو مجمع جمع ہوگیا۔ ان میں حسن بصری بھی تھے۔ اور ان کے ساتھ کاپیوں کی صورت میں کاغذات بھی تھے۔ چنانچہ امیر المومنینؑ کے منہ سے نکلنے والے ہر لفظ کو لکھتے جاتے تھے''

## 35- حضرت علیؑ کی طرف سے ملنے والا علمی ذخیرہ ایک اونٹ کے اٹھانے کا وزن تھا۔

جناب ابوجعفر محمد بن جریر طبری مؤرخ نے بیان کیا ہے کہ'' حارث ہمدانی نے حضرت علی علیہ السلام کے علمی سرمائے کو اس کثرت سے جمع کیا تھا۔ کہ ایک مرتبہ جناب امام حسن علیہ السلام نے اس علمی ذخیرہ کو دیکھنے کے لئے ان سے طلب کیا تو فَبَعَثَ اِلَیْهِ

Presented by Ziaraat.Com

بوقربعیرٍ، حارث نے ایک اونٹ ان کتابوں سے لاد کر امام حسنؑ کے پاس بھیج دیا۔ (کتاب ذیل المذیل من تاریخ صحابۃ والتابعین صفحہ 146 مطبع استقامہ قاہرہ 1939ء)

یہاں یہ نوٹ کرنے کی بات ہے کہ اسی حارث ہمدانی نے حضرت علیؑ سے علم الحساب علم الفرائض اور علم الفقہ درجۂ کمال تک حاصل کیا تھا۔ اور بعد کے تمام علمائے فقہ ان ہی کے خوشہ چین گذرے ہیں۔ (کتاب ذیل المذیل مذکور صفحہ 147 اور حلیۃ الاولیاء حافظ ابونعیم جلد 4 طبع مصر)

**36- یہاں حضرت ابوہریرہؓ کی دو (2) خرجیوں یا دو (2) شلیتوں اور خوف جاں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔**

صحیح بخاری میں جناب ابوہریرہؓ نے آنحضرتؐ سے ملی ہوئی دو (2) عدد ''وِعَـــائَیـــنِ'' کی حفاظت کرتے چلے آنے کا ذکر کیا تھا۔ اگر بخاری کے شارحین کی بات مان کر ہم دو عدد وعائین کو دو بوریوں یا خرجیوں یا شلیتوں کے بجائے علم کی دو قسمیں مان لیں تو قدرتی طور پر ہمیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ وہ دونوں قسم کے علوم جناب ابوہریرہ کے قلب و ذہن میں موجود و محفوظ تھے اور ان کا کوئی خارجی وجود نہ تھا۔ لہٰذا ان کی مادی حفاظت اور دیکھ بھال کی ضرورت ہی نہ تھی اس لئے کہ مجرد علم کو نہ کوئی چوری کر سکتا ہے نہ اس میں کمی کی جا سکتی ہے۔ البتہ ابوہریرہ ان میں سے کچھ بھول سکتے تھے۔ اور بھولنے سے بچنے یعنی یاد رکھنے کی کوشش کے لئے لفظ ''حَفِظْتُ'' بولنا غلط ہے اس لئے کہ اس کوشش کے بعد بھی بھولنے کا امکان ختم نہیں ہو جاتا۔ یہ امکان ختم ہو جاتا ہے اس علمی ذخیرے کو لکھ لینے کے بعد لہٰذا حضرت ابوہریرہ نے لفظ '' وِعـائَینِ '' بول کر یہ بتایا ہے کہ رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں لکھے ہوئے سامان کی دو بوریاں یا خرجیاں مرحمت فرمائی تھیں۔ جس کی حفاظت کرنا اور آگے بڑھانا ابوہریرہ پر لازم تھا۔ اور یہ لکھا ہوا ذخیرہ اسی اسلامی ریکارڈ کا حصہ تھا جو بیت النبوۃ والامامۃ میں دن رات قلمبند ہوتا چلا آ رہا تھا۔ (سورہ عبس 17-80/16 سورہ قلم 68/2)

بخاری میں ابوہریرہؓ نے خوف جان یا گردن کاٹ دیئے جانے کا بھی ذکر کیا ہے۔ پرویز کے بیان اور علامہ ذہبی کی رو سے وہ خلفاء جن سے قتل کئے جانے کا ڈر تھا۔ وہ ابوبکر و عمر تھے۔ جنہوں نے اسلام کی حقیقی تعلیمات قلوب و اذہان میں گھٹ کر مر جانے کا مستحکم انتظام کیا تھا۔ اور نبوتؐ و امامتؑ نے اسلامی ریکارڈ تیار کرتے اور نشر و اشاعت ہوتے رہنے کا لازوال بندوبست مادی طور پر بھی کر دیا تھا۔ چنانچہ نظام اشاعت کے ناظم علیہم السلام کی طرف سے جناب حارث ہمدانی کو اسی طرح ایک اونٹ کا وزن لکھا ہوا سامان ہدایت جمع کرا دیا تھا۔ جس طرح آنحضرتؐ نے ابوہریرہؓ وغیرہ کو دیا تھا۔ یوں قریشی خلفاء کو ناکام کر دینے کے لئے ہی تحریک تشیع برسرکار لائی گئی تھی اور نہج البلاغہ کی تدوین خطبات مرتضویؑ کو کتابوں میں بکھر کر ضائع ہو جانے سے بچانے اور از سر نو علماء کو خطبات کے جمع کرنے

Presented by Ziaraat.Com

پر متوجہ کرنے کے لئے ہوئی تھی۔ چنانچہ نہج البلاغہ نے باہر نکل کر دوبارہ نوع انسان کو علوم مرتضوی کی طرف دعوت دی اور اس کے بعد بھی اس سے پہلے کی طرح ہزاروں کتابیں خطبات علویہؑ کو اپنے دامن میں لے کر میدان میں آ گئیں۔ ہم نے بھی نہج البلاغہ ہی کی دعوت پر اس میدان میں قدم رکھا ہے۔

## 37- سید رضیؒ سے صدیوں پہلے خطبات مرتضویؑ وعلوم علویہؑ کتابوں میں لکھے جاتے رہے تھے۔

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ سب سے پہلے حضرت علی علیہ السلام کے خطبات و بیانات کو ان کے مذکورہ شاگردوں نے اپنے اپنے تیار کردہ اسلامی ریکارڈ میں جمع کیا تھا۔ ان کے زمانے میں اور ان کے بعد کے ادوار میں جن حضرات نے کلام مرتضویؑ جمع کیا اور برابر اپنی اپنی تصنیفات میں لکھتے اور بیان کرتے چلے آئے ان میں سے چند بزرگوں کے نام ملاحظہ ہوں تا کہ مکذبین نہج البلاغہ کو یہ بتا سکیں کہ نہج البلاغہ میں لکھے ہوئے خطبوں کو سید رضیؒ نے نہیں گھڑا تھا۔ بلکہ وہ تو پہلے سے موجود و مسلسل آگے بڑھتے چلے آنے والے ہزار ہا خطبات میں سے ایک چھوٹا سا مختصر انتخاب ہے۔

**1 - زیدؒ بن وھب الجھنی الکوفی:** نے اپنی تصنیفات میں سے ایک کتاب کا نام خطب امیر المومنینؑ علی المنابر فی الجمعۃ والاعیاد رکھ کر اس میں خطبات جمع کئے تھے۔ یہ کتاب علامہ طوسیؒ (متوفی 460 ہجری) کے زمانے تک موجود تھی۔ اور انہوں نے اس کتاب سے روایت کی ہے جناب زید بن وھب نے 96 ہجری میں انتقال کیا۔ (کتاب الفہرست شیخ طوسیؒ)

**2 - عبدالحمید بن یحییٰ** (متوفی 132 ہجری): کاتب نے لکھا ہے کہ:

" حَفِظْتُ سَبْعِیْنَ خطبةً مِنْ خُطَبِ (علی بن ابی طالب) الاصلع فغا ثُمَّ فَاظت . (شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید)

''میں نے حضرت علیؑ کے 70 خطبات حفظ یاد کئے تھے۔ جن کے فیوض میرے یہاں نمایاں ہیں۔

**3 - ابن المقفع (متوفی 142 ہجری)** کے متعلق جناب علامہ حسن الندوی نے علامہ جاحظ کی کتاب البیان والتبیین میں حاشیہ پر لکھا ہے کہ: **الظّاھر انّہ تخرج فی البلاغۃ عَلٰی خطب الامام علیؑ ولِذٰلک کان یقول شَرِبْتُ مِنَ الخطب من ریاوَلَم اَضْبَطْ لھا رویا ففَاضت ثمَّ فاضت** (کتاب البیان والتبیین علامہ جاحظ اور شرح ابن ابی الحدید)

''یہ بالکل عیاں ہے کہ ابن المقفع نے جناب علی علیہ السلام کے خطبات سے فن بلاغت حاصل کیا تھا اسی وجہ سے وہ کہا کرتا تھا کہ میں نے خطبات علیؑ سے خوب سیراب ہو کر پیا ہے۔ اور اس استفادہ کو کسی خاص طرز ادا میں محدود نہیں کیا ہے۔ چنانچہ یہ فیض بڑھا اور بڑھتا ہی چلا گیا'' (شرح ابن ابی الحدید)

Presented by Ziaraat.Com

**4 - ابومنذر هشام بن محمد بن سائب الکلبی** (متوفی 146ھ) وہ مندرجہ ذیل کتابوں کے مصنف تھے۔

1- مقتل عثمان 2- کتاب الجمل 3- کتاب الصفین

4- کتاب نہروان 5- کتاب الغارات 6- مقتل امیر المومنینؑ

7- کتاب خطب امیر المومنینؑ یہ کتاب علامہ نجاشی کے مطالعے میں رہی تھی۔

(ابن ندیم کی فہرست صفحہ 140 رجال نجاشی صفحہ 305 منہج المقال ورق 347 ب)

**5 - ابویعقوب اسماعیل بن مہران** بن محمد بن ابی نصر السکونی الکوفی (متوفی 148 ہجری) انہوں نے بھی زید بن وہب کی طرح کتاب خطب امیرؑ المومنین لکھی تھی اور وہ بھی پانچویں صدی ہجری تک موجود تھی اور علامہ ابوالعباس احمد نجاشی (متوفی 450 ہجری) نے اس کتاب کی روایت کی ہے۔ (کتاب فہرست طوسی، رجال نجاشی، لسان المیزان اور فہرست ابن ندیم صفحہ 313)

**6 - ابومخنف لوط بن یحییٰ** الازدی الغامدی (متوفی قبل 170 ہجری) ابن ندیم نے ان کی 33 کتابوں کی فہرست دی ہے۔ ان میں سے مندرجہ ذیل کتابوں میں امیر المومنینؑ کے خطبات اور خطوط درج تھے۔ 1- کتاب الجمل 2- کتاب صفین 3- کتاب اہل نہروان والخوارج 4- کتاب الغارات 5- کتاب مقتل علیؑ 6- مقتل محمد بن ابن بکر والاشتر ومحمد بن ابوحذیفہ 7- کتاب الشوریٰ 8- مقتل عثمان (فہرست ابن ندیم اور شرح ابن ابی الحدید)

**7 - ابومحمد مسعدۃ ابن صدقۃ العبدی** جو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے شاگرد و صحابی تھے۔ انہوں نے بھی کتاب خطب امیر المومنین لکھی تھی۔ اسے بھی نجاشی نے روایت کیا ہے۔ اور لکھا ہے: **لَهُ كُتُبٌ مِنْهَا كتاب خطب امیر المومنین.**

یعنی ان کی کئی ایک کتابوں میں سے ایک کتاب خطبات امیر المومنینؑ ہے۔ (علم الرجال کی تمام کتابوں میں مذکور ہے)

**8 - ابوالاسحاق ابراہیم** بن الحکم بن ظہیر الفرازی الکوفی یہ قاضی شریک کے شاگرد تھے۔ جو 177 ہجری میں مرا تھا۔ ابوالاسحاق کے لئے لکھا گیا ہے کہ (صَنَّفَ كُتُبًا مِنْهَا کتاب الملاحم و کتاب خطب علیؑ) اس نے کئی ایک کتابیں تصنیف کیں ان میں سے ایک کتاب الملاحم ہے۔ اور ایک کتاب الخطب ہے۔ یہ جناب نجاشی اور طوسی نے پڑھی تھیں۔ دونوں نے ذکر کیا ہے۔

**9 - ابواسحاق ابراہیم سلیمان النخعی الکوفی الخزاز**۔ ابراہیم بن الحکم جن کا اوپر ذکر ہوا ہے کے شاگرد تھے۔ ان کی کتاب:

1۔ الخطب۔ 2۔ کتاب الدعا۔ 3۔ کتاب خلق السماوات اور۔

4۔ کتاب مقتل امیر المومنینؑ خطبات مرتضوی سے لبریز تھیں۔ (رجال طوسی کشف الحجب وغیرہ)

Presented by Ziaraat.Com

**10-ابوعبداللہ محمد بن عمر الواقدی المدنی** بغداد کے قاضی تھے۔207 ہجری میں انتقال کیا۔انہوں نے بھی:

(1) کتاب الجمل۔ (2) کتاب الصفین۔ (3) ترک الخوارج فی الفتن۔

(4) کتاب ذم الھویٰ لکھی تھیں۔اور خطبات درج کئے تھے۔(ابن ندیم)

**11-ابوالفضل نصر بن مزاحم المنقری الکوفی العطار (متوفی 212 ہجری)** کی:1۔کتاب صفین ایران سے شائع ہوچکی ہے۔نجاشی نے ان کی (2) کتاب الجمل (3) کتاب الغارات اور (4) کتاب نہروان بھی پڑھی تھیں اور لکھا ہے کہ یہ تمام کتابیں بھی امیر المومنینؑ کے خطبات پر مشتمل تھیں۔(نجاشی کتاب الرجال صفحہ 301 منہج المقال ورق 362 الف)

**12-ابوالخیر صالح بن ابی الحماد الرازی (متوفی 214 ہجری)** کی کتاب خطب امیرؑ المومنین بھی نجاشی کے مطالعے سے گزری تھی۔یہ امام علیؑ نقی کے صحابی تھے۔(رجال نجاشی صفحہ 148، منہج المقال ورق 171 الف)

**13-ابوالحسن علی بن محمد المدائنی (متوفی 224 ہجری)** ابن ندیم نے ان کی بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ان میں سے خاص خاص (1) تاریخ الخلفاء، (2) کتاب الاحداث والفتن، اور (3) کتاب خطب علیؑ، اور (4) کتب الیٰ عمالہ۔یہ خطبوں اور خطوط کا بہت بڑا ذخیرہ ہے۔ (معجم الادباء یاقوت حموی جلد نمبر 5 صفحہ 313) اور (ابن ندیم صفحہ 149)

**14-ابوالقاسم عبدالعظیم بن عبداللہ بن علی الحسنی الرازی (متوفی 250 ہجری)** نے بھی کتاب خطب علیؑ لکھی تھی۔ان کا مزار تہران سے تھوڑے ہی فاصلے پر ہے۔اور شاہ عبدالعظیم کے نام سے مشہور ہیں۔امام علیؑ نقی علیہ السلام کے صحابی تھے۔

**15-علامہ جاحظ (متوفی 255 ہجری)** کی کتاب البیان والتبیین میں حضرت علی علیہ السلام کے خطبات بہت کافی تعداد میں آج (11 اگست 1980) بھی موجود ہیں۔

**16-ابن قتیبہ دینوری (متوفی 276 ہجری)** کی کتاب عیون۔

**17-علامہ ابن واضح یعقوبی (متوفی 278 ہجری)** نے اپنی تاریخ میں کافی خطبات اور کلام نقل کیا ہے۔یہ سب سے پہلی تاریخ ہے۔

**18-علامہ ابوحنیفہ دینوری متوفی (280 ہجری)** نے اپنی کتاب اخبار الطّوال میں کافی ذخیرہ جمع کیا ہے۔

**19-ابواسحٰق ابراہیم بن محمد المنتفی (متوفی 283 ہجری)** نے کلام مرتضویؑ پر جو کتابیں لکھی تھیں۔وہ یہ ہیں۔

(1) کتاب مسائل علیؑ، (2) کتاب کلام علیؑ فی الشوریٰ، (3) کتاب الخطب المعربات،

(4) کتاب السقیفہ، (5) مقتل عثمان، (6) کتاب بیعت امیرؑ المومنین،

Presented by Ziaraat.Com

(7) کتاب الجمل، (8) کتاب الصفین، (9) کتاب الحکمین،

(10) کتاب نہروان، (11) مقتل امیرالمومنین۔

ان تمام کتابوں میں علی علیہ السلام کے خطبات سے کتابوں کے عنوانات کو ثابت کیا گیا ہے۔

**20- جناب ابوالعباس المبرد (متوفی 286 ہجری)** کی کتاب المبرد میں بہت سا کلام موجود ہے۔

**21- مشہور مؤرخ ابن جریر طبری (متوفی 310 ہجری)** نے اپنی تاریخ کبیر میں جگہ جگہ خطبات وخطوط سے مدد اور سند لی ہے۔

**22- ابومحمد حسن ابن علی ابن شعبہ حلبی (متوفی 320 ہجری)** کی کتاب تحف العقول میں لکھا ہے کہ ''اِنَّنَا لَوْ اسْتَغْرَقْنَا جَمِیْعٌ مَاوَصَلَ اِلَیْنَا مِنْ خُطْبَتِہٖ وَ کلامہ فِی التوحیْدِ خَاصَّۃً دُوْنَ مَاسواہَ مِنَ المعانی لَکَانَ مِثْل جمیع ھٰذا الکتاب''

''۔اگر ہم وہ سب کچھ جمع کرلیں جو علی علیہ السلام نے صرف توحید خداوندی پر فرمایا ہے اور وہ سب کچھ چھوڑ دیں جو باقی خطبات ہم تک پہنچے ہیں۔تو توحید والا کلام ہی ہماری اس کتاب سے بڑا ذخیرہ ثابت ہوگا۔''

قارئین نوٹ کریں کہ 320 ہجری تک حضرت علی علیہ السلام کے کلام کا کتنا عظیم الشان ذخیرہ علماء نے اپنی اپنی کتابوں میں جمع کر رکھا تھا۔اب اس کے بعد اس چوتھی صدی میں (359 ہجری) جناب رضیؒ 39 (اُنتالیس) سال کے بعد پیدا ہوں گے۔پھر 20 (بیس) سال میں اس قابل ہوں گے۔کہ حضرت علیؑ کے خطبات کو سمجھ کر لکھ سکیں۔اور ابھی ان 59 سالوں میں دوسرے علماء برابر کلام مرتضویؑ کو جمع کرتے رہیں گے۔تو مدون ومرتب ذخیرہ اور بڑھ جائے گا۔جس میں سے مصلحتوں کے ماتحت جناب رضیؒ ایک چھوٹا سا ذخیرہ انتخاب کریں گے جو نہج البلاغہ کے نام سے سامنے آئے گا۔اور مکذبین ابھی چار صدیوں کے بعد پیدا ہوں گے۔جب کہ مزید چار سو سال میں خطبات مرتضویؑ کی شرح میں سیکڑوں علماء کلام کر کے تصدیق کر چکے ہوں گے۔مگر مکذبین کہیں گے کہ نہج البلاغہ والے خطبات تو خود سید رضیؒ نے گھڑ لئے تھے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)

**23- علامہ ابن الورید (متوفی 321 ہجری)** نے اپنی کتاب المجتنیٰ میں علی علیہ السلام کے خطبات سے مسلسل مدد لی ہے۔

**24- علامہ ابن عبدربہ (متوفی 328 ہجری)** نے اپنی مشہور کتاب عقد الفرید میں بہت کافی ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔

**25- ابوجعفر محمد بن یعقوبؒ الکلینی (متوفی 329 ہجری)** نے کتاب کافی میں بھی خطبات لکھے ہیں۔اور کتاب رسائل الائمہ تو خاص طور پر اسی عنوان کے لئے لکھی ہے۔

**26- ابومحمد عبدالعزیز بن یحییٰ بن احمد بن عیسیٰ الجلودی الازدی (متوفی 330 ہجری)** کی تصنیفات نہایت ضخیم ذخیرہ کلام مرتضویؑ کا اپنے

Presented by Ziaraat.Com

اندر محفوظ کئے ہوئے ہیں۔مثلاً (1) کتاب الجمل، (2) کتاب الصفین، (3) کتاب الحکمین، (4) کتاب الخوارج، (5) کتاب الغارات، (6) کتاب حروب علیؑ، (7) کتاب خطب علیؑ، (8) کتاب شعر علیؑ، (9) کتاب رسائل علیؑ، (10) کتاب مواعظ علیؑ، (11) کتاب ذکر کلام علیؑ فی الملاحم (12) کتاب قول علیؑ فی الشوریٰ، (13) کتاب ما کان بین علیؑ وعثمان، (14) کتاب قضائے علیؑ، (16) کتاب الدعاء عن علیؑ، (17) کتاب الادب عن علیؑ۔ یہ کتابیں حضرت علی علیہ السلام کے خطبوں اور خطوط وغیرہ کا جو ذخیرہ اپنے اندر رکھتی ہیں وہ نہج البلاغہ سے بہت زیادہ ہے۔جس طرح ابومحمد حسن ابن علی جن کا ذکر نمبر 22 ہے۔کی کتاب تحف العقول عن آل رسولؐ ایران میں شائع ہوچکی ہے۔ اسی طرح ان (ابومحمد عبدالعزیز) کی کئی ایک کتابیں منظر عام پر ہیں۔جنہیں دیکھ کر یہ سوال پیدا ہوجانا قدرتی ہے کہ ان عظیم الشان ذخائر کی موجودگی میں جناب رضیؒ نے کیوں ایک نہایت قلیل سا ذخیرہ جمع کیا تھا؟ اوراس کا جواب صرف یہ ہے کہ ملت شیعہ پر شیعہ لیبل کے ساتھ نظام اجتہاد مسلط ہو چکا تھا۔اور خود جناب رضیؒ کے گھر میں مجتہدین کی حکمرانی تھی۔لہٰذا آپؒ نے چاہا کہ صرف وہ خطبے جمع کئے جائیں جن پر مجتہدین کو اعتراض کی گنجائش نہ ملے۔ورنہ خود گھر کے اندر ہی سے اعتراضات کی ابتدا ہوتی۔یہی وہ احتیاط ومعیار تھا جس کی وجہ سے 300 سال کے اندر اندر نہج البلاغہ کے خلاف زبان نہ کھلی اور کھلی تو بعد میں ایک ملعون خاندان کی طرف سے کھلی۔

**27- ابوالحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی (متوفی 346 ہجری)** کی (1) کتاب اخبار الزمان، (2) کتاب الاوسط اور مروج الذہب کے علاوہ (3) کتاب حدائق الاذہان فی اخبار آل محمدؐ، اور (5) مزاھر الاخبار وطرائف الآثار میں جگہ جگہ حضرت علی علیہ السلام کے خطبات سے مدد لی ہے۔

**28- ابوطالب عبداللہ بن ابی زید احمد بن یعقوب بن نصر الانباری (متوفی 356 ہجری)** 140 (ایک سو چالیس) کتابوں کے مؤلف ہیں۔انہوں نے ایک کتاب ادعیۃ الائمہ لکھی تھی۔جس میں حضرت علی علیہ السلام کی تمام دعاؤں کو جمع کر دیا ہے۔اور دوسری کتابوں میں بھی جگہ جگہ خطبات وخطوط لکھے ہیں۔

**29- ابوعبداللہ احمد بن ابراہیم بن ابی رافع الضمیری الکوفی ثم بغدادی** جناب شیخ مفید کے صحیح معنی میں استاد تھے۔انہوں نے سقیفہ کے حالات پر ایک کتاب "فِیمَایتعلق بالسقیفة" اور دوسری کتاب الضیاء فی تاریخ الائمہ میں حضرت علی علیہ السلام کے کلام کا بڑا ذخیرہ جمع کیا تھا۔

**30- جناب علامہ شیخ ابوالعلی القالی (متوفی 356 ہجری)** کلام مرتضویؑ کو اپنی کتاب النوادر میں جمع کیا جو موجود ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**31-ابوالفرج اصفہانی (متوفی 356 ہجری)** نے اپنی کتاب آغانی میں حضرت علی علیہ السلام کا قابل قدر کلام جمع کیا ہے۔ یہ تمام مذکورہ بالا کتابیں موجود ہیں۔

**32-ابن نباتہ**۔ بلاغت وفصاحت میں مشہور عالم جو علامہ رضیؒ کی جوانی سے پہلے ہی 374 ہجری میں انتقال کر گئے تھے۔ انہوں نے اعلان کیا تھا کہ ''**حَفِظْتُ مِنَ الخطابة كَنزًا لايزيد ہ الانفاق الاسعة و كثرة حَفِظْتُ مِائَة فَصْلٍ مِن مَّوَاعظ علیؑ ابن ابی طالبؑ .**

''میں نے خطابت کا ایک ایسا خزانہ جمع کیا ہے کہ جس میں سے جتنا خرچ کیا جائے۔ اتنا ہی بڑھتا جاتا ہے۔ میں نے سو فصلیں علیؑ بن ابی طالبؑ کے مواعظ میں سے محفوظ کر رکھی ہیں'' (شرح ابن ابی الحدید)

## 38-ان چند خطبات کی نشاندہی جو نہج البلاغہ سے پہلے قدیم علماء نے اپنی کتابوں میں جمع کئے تھے۔

سابقہ بیانات اور تصدیقات سے یہ حقیقت ثابت اور واضح ہوگئی ہے۔ کہ سید رضیؒ کی پیدائش سے پہلے پہلے کلام مرتضویؑ کا ایک عظیم الشان ذخیرہ قدیم صحابہ، تابعین اور تبع تابعین اور علمائے اسلام کی کتابوں میں مرتب و مدون موجود تھا۔ چنانچہ علامہ رضیؒ یا کسی اور شخص کو یہ ضرورت ہی نہ تھی کہ وہ خود کوئی کلام گھڑ کر حضرت علی علیہ السلام کی جانب سے پیش کرے۔ اور اسے کلام علیؑ قرار دے۔ لہٰذا ہر اس شخص کو جس نے مذکورہ بالا کتابوں پر اطلاع حاصل کی ہے۔ یہ ماننا پڑے گا کہ جناب رضی نے نہج البلاغہ میں سابقہ مصنفین کی کتابوں کے اندر جمع شدہ انبار در انبار ذخیرہ میں سے بہت تھوڑا سا کلام نقل کیا تھا۔ اور صحیح لکھا تھا کہ جو کلام انہوں نے چھوڑ دیا ہے۔ وہ ان کے انتخاب کردہ کلام سے کہیں زیادہ ہے۔ چنانچہ ہم یہاں بطور نمونہ چند ایسے خطبات وخطوط کا مختصر تذکرہ کریں گے اور ان کتابوں اور علماء کا نام بتائیں گے جن کی کتابوں سے نہج البلاغہ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اور قارئین کی سہولت کی خاطر علی نقی طہرانی، مفتی جعفر حسین اور بیان الامامۃ میں اُن خطبات وخطوط کے درج نمبر بھی ساتھ کے ساتھ لکھتے جائیں گے۔

## 39۔خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 3، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 3، بیان الامامۃ ،خطبہ نمبر 3)

## وہ خطبہ (شقشقیہ) جس میں ابوبکر و عمر و عثمان اور قریشی حکومتوں کو باطل قرار دیا گیا ہے۔

جس خطبے کی بناء پر نہج البلاغہ کی تکذیب کا منصوبہ بنایا گیا تھا۔ اور کہا گیا تھا کہ یہ کلام علی علیہ السلام نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ اس میں دو بڑے سرداروں ابوبکر اور عمر کی مذمت کی گئی ہے۔ وہ خطبہ نہج البلاغہ کا تیسرے نمبر کا خطبہ ہے۔ جو ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے کہ'' مجھے خلافت کا حقیقی مستحق جانتے ہوئے بھی قحافہ کے بیٹے نے کھینچ تان کر خلافت کا لباس پہن لیا۔ (**اَمَا وَاللّٰہِ لَقَدْ تَقَمَّصَهَا ابْنُ اَبِیْ**

Presented by Ziaraat.Com

**قُحافَة** ) یہ خطبہ ابوجعفر احمد بن محمد بن خالد البرقی متوفی 274 ہجری نے اپنی کتاب المحاسن میں لکھا تھا۔ اور یہ ایک شیعہ عالم تھا۔ اور ابراہیم بن محمد الثقفی الکوفی متوفی 283 ہجری نے اپنی کتاب الغارات میں لکھا تھا۔ اور ابوعلی محمد بن عبدالوہاب الجبائی البصری المعتزلی متوفی 303 ہجری نے اور ابوالقاسم عبداللہ بن احمد بن محمود الکعبی البلخی المعتزلی متوفی 319 ہجری نے اور ابوجعفر محمد بن عبدالرحمٰن بن قبۃ الرازی شیعہ متکلم مؤلف کتاب الانصاف نے اپنی اپنی تالیفات میں لکھا تھا۔ اور ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن موسیٰ بن بابویہ القمی جو شیخ صدوق کے لقب سے مشہور اور محدث اور الفقیہ کے مولف ہیں۔ انہوں نے علل الشرائع اور معانی الاخبار میں لکھا اور 381 ہجری میں انتقال کیا۔ اور ابوعبداللہ محمد بن نعمان شیعہ مجتہد جو شیخ مفید کے لقب سے مشہور ہیں۔ انہوں نے کتاب الارشاد صفحہ 135 پر لکھا۔ ان کا انتقال 413 ہجری میں ہوا تھا۔ وہ جناب رضیؓ کے استاد تھے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 6، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 6، بیان الامامة، خطبہ نمبر 6)**

وَ آللّٰہِ لَا اَکُوْنُ کَالضَّبُعِ تَنَامُ عَلٰی طُوْلِ اللَّدْمِ حَتّٰی یَصِلَ اِلَیْھَا طَالِبُھَا. الخ

''قسم بخدا کہ میں بجّو کی طرح ہو کر رہنا نہیں چاہتا جو کھٹکھٹانے پر بھی سوتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ شکاری سر پر پہنچ جاتا ہے'' ابوعبید القاسم بن سلام البغدادی کے اس جملے کو ذرا سے لفظی اختلاف کے ساتھ اپنی کتاب غریب الحدیث ورق 196 ب میں نقل کیا ہے۔ اور طبری نے اپنی تاریخ صفحہ 171 جلد 5 میں اور شیخ الطائفہ شیعہ محدث (مولف الاستبصار اور تہذیب الاحکام) نے اپنی کتاب امالی میں اس پر مفصل لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 13، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 13، بیان الامامة، خطبہ نمبر 13)**

اہل بصرہ کی مذمت یوں شروع کی ہے۔ کُنْتُمْ جُنْدَ الْمَرْأَةِ وَاَتْبَاعَ الْبَھِیْمَةِ

''تم ایک خاص عورت کی اطاعت شعار فوج اور ایک چوپائے حیوان کے پیرو تھے'' یہ کلام ابن قتیبہ نے عیون صفحہ 216 جلد نمبر 1 میں، ابن عبدربہ نے العقد الفرید صفحہ 69+282 جلد 2 اور ابن الشیخ نے امالی صفحہ 78 میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 15، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 15، بیان الامامة، خطبہ نمبر 15)**

جاگیریں ضبط کر کے غربا کو دینے کا قانون: وَ آللّٰہِ لَوْ وَجَدْتُہٗ قَدْ تُزُوِّجَ بِہِ النِّسَآءُ وَمُلِکَ بِہِ الْاِمَآءُ لَرَدَدْتُہٗ. الخ

''اگر میں جاگیروں پر ایسی حالت میں قابو پاتا کہ ان کی آمدنی سے عورتوں سے شادیاں ہو چکی ہوتیں اور کنیزوں کو خریدا گیا ہوتا۔ تو میں

Presented by Ziaraat.Com

ان سب کو بحق مملکت ضبط کر لیتا۔ ابوھلال الحسن بن عبداللہ بن العسکر ی نے جو 395 ہجری کے بعد فوت ہوئے اپنی کتاب الاوائل صفحہ 203 میں پورا خطبہ نقل کیا ہے۔ اور ابن ابی الحدید جلد 1 صفحہ 50 نے لکھا ہے کہ اس خطبے کو کلبی نے عبداللہ بن عباس سے روایت کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 16، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 16، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 16)**

ذِمَّتِیْ بِمَآ اَقُوْلُ رَھِیْنَۃٌ . الخ۔ ''جو کچھ میں کہتا ہوں یا کہوں گا۔ اس کی صحت اور حقانیت کا میں ذمہ دار ہوں''۔ یہ بیان علامہ جاحظ نے کتاب البیان صفحہ 170 جلد 1 میں اور ابن قتیبہ متوفی 276 ہجری نے عیون الاخبار صفحہ 236 جلد 2 میں اور محمد بن یعقوب الکلینی متوفی 329 ہجری نے اصول کافی صفحہ 97 میں اور ابن عبدر بہ متوفی 328 ہجری نے العقد الفرید صفحہ 162 جلد 2 میں اور شیخ مفید نے الارشاد صفحہ 135 میں اور صفحہ 140 پر اور شیخ الطائفہ علامہ طوسی نے امالی صفحہ 147 میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 17، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 17، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 17)**

اِنَّ اَبْغَضَ اَلْخَلَآئِقِ اِلَی اَللّٰہِ رَجُلَانِ . الخ

''یقیناً ساری مخلوقات میں سب سے زیادہ دشمن اللہ کے نزدیک وہ دو (2) مرد ہیں''۔ یہ خطبہ ابن قتیبہ نے کتاب غریب الحدیث میں اور جناب یعقوب کلینی نے اصول کافی میں اور جناب شیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ 135 میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 19، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 19، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 19)**

مَایُدْرِیکَ مَاعَلَیَّ مِمَّالِی ؟ عَلَیْکَ لَعْنَۃُ اَللّٰہِ وَلَعْنَۃُ اَللَّاعِنِیْنَ . الخ

حضرت علی علیہ السلام کی یہ گفتگو کہ ''تجھے کون سے درایت سے یہ پتہ لگ گیا۔ کہ میرے حق میں کون سی بات ہے۔ اور کون سی میرے خلاف ہے؟ تجھ پر اللہ کی اور تمام لعنت کرنے والوں کی لعنت ہو'' ابوالفرج الاصفہانی نے اپنی کتاب الآ غانی صفحہ 159/18 میں نقل کی ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 21، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 21، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 21)**

فَاِنَّ اَلْغَایَۃَ اَمَامَکُمْ . الخ

''چنانچہ تمہارے سامنے تمہارا انجام ہے'' یہ خطبہ طبری نے اپنی تاریخ صفحہ 157/5 میں لکھا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 23، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 23، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 23)**

اَمّا بَعْدُ فَاِنَّ الْاَمْرَ یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ اِلَی الْاَرْضِ کَقَطَرَاتِ الْمَطَرِ . الخ

''اس کے بعد یہ سنو کہ احکامات یقیناً آسمان سے بارش کے قطروں کی طرح نازل ہو رہے ہیں۔(اور ہوتے رہیں گے)''

اس خطبے میں حضرت علی علیہ السلام نے یہ جملہ بھی استعمال فرمایا ہے۔فَاِنَّ الْمَرْءَ الْمُسْلِمَ مَالَمْ یَغْشَ دَنَآءَۃً تَظْهَرُ فَیَخْشَعُ لَهَآ اِذَا ذُکِرَتْ وَتُغْرٰی بِهَا لِئَامُ النَّاسِ کَانَ کَالْفَالِجِ الْیَاسِرِ الَّذِیْ یَنْتَظِرُ اَوَّلَ فَوْزَۃٍ مِّنْ قِدَاحِهٖ تُوْجِبُ لَهُ الْمَغْنَمَ وَیُرْفَعُ بِهَا عَنْهُ الْمَغْرَمُ . ''یقیناً ایک مسلمان شخص ایسا ہوتا ہے جو ایسی صورت حال پیدا کرنے سے محفوظ رہے کہ اگر وہ وقوع میں آجائے تو اس کا صرف تذکرہ بھی اسے شرمندہ کردے۔اور جس پر کمینہ خصلت لوگ بھی آوازے کسیں،ایسا مسلمان اس قسمت آزما جواری کی طرح ہوتا ہے جو صرف بازی جیتنے اور نقصان پورا کرنے کی طرف متوجہ رہتا ہے۔اور وہ طریقے اختیار کرتا ہے جو سابقہ خامیوں اور نقصانات کو ہٹا دیتے ہیں''اس جملے کی وضاحت کرنے کے لئے ابوعبید القاسم بن سلام الھروی البغدادی متوفی 224 ہجری نے اپنی کتاب غریب الحدیث میں لکھا جس سے یقین ہوتا ہے کہ پورا خطبہ ان کو معلوم تھا۔

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 26، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 26، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 26)**

اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وسلم) نَّذِیْرًا لِّلْعَالَمِیْنَ وَاَمِیْنًا عَلَی التَّنْزِیْلِ وَاَنْتُمْ . مَعْشَرَ الْعَرَبِ عَلٰی شَرِّ دِیْنٍ وَّفِیْ شَرِّ دَارٍ.

''یقیناً اللہ نے محمدؐ کو پوری کائنات کے لئے نذیر مبعوث فرمایا اور از اول تا آخر آپ کو نزول وحی پر امین بنایا۔اور اے عرب کے معاشرے والو۔تم ایک شر انگیز دین کے پابند اور شر انگیز ملک کے رہنے والے ہو'' یہ پورا خطبہ جناب علامہ ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں نقل کیا تھا۔لیکن سید رضیؒ نے اس کو پورا لکھنے میں مصلحت نہ سمجھی۔بلکہ چند جملے انتخاب کر کے نقل کئے ہیں۔

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 27، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 27، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 27)**

اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ الْجِهَادَ بَابٌ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَتَحَهُ اللّٰهُ لِخَآصَّةِ اَوْلِیَآئِهٖ

''اس کے بعد یہ سنو کہ اللہ نے اپنے نمائندہ حکمرانوں کے لئے جہاد کو جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ بنا دیا ہے'' اس خطبے کو علامہ ابوعثمان عمرو بن بحر الجاحظ متوفی 255 ہجری نے اپنی کتاب البیان والتبیین صفحہ 170/1 میں اور علامہ ابراہیم الثقفی نے کتاب

Presented by Ziaraat.Com

الغارات میں اورابوالعباس محمد بن یزید المبرد النحوی متوفی 286 ہجری نے اپنی کتاب الکامل صفحہ 13/1 میں اور ابن قتیبہ نے عیون الاخبار میں اورابن عبدربہ نے العقد الفرید صفحہ 163/2 میں اورابوالفرج الاصفہانی متوفی 356 ہجری نے کتاب الآغانی صفحہ 43/15 میں اورشیخ صدوق نے معانی الاخبار میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 28، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 28، بیان الامامة، خطبہ نمبر 28)**

**اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ اَلدُّنْیَاقَدْاَدْبَرَتْ وَآذَنَتْ بِوَدَاعٍ .الخ**

''بعد حمد وثنا معلوم کرو کہ یہ دنیا یقیناً منہ پھیرنے کی اجازت لینے پر تیار چلی آتی ہے''

یہ خطبہ جاحظ نے البیان صفحہ 171/1 میں اورابن قتیبہ نے عیون الاخبار صفحہ 235/2 میں اورابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات صفحہ 126/17 میں اورابن عبدربہ نے العقد الفرید صفحہ 163/2 اورابومحمد الحسن بن علی بن شعبۃ الحرانی متوفی 320 ہجری نے تحف العقول وبحار صفحہ 79/17 میں اورابوبکر الباقلانی متوفی 403 ہجری نے اعجاز القرآن میں اورشیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ 138 میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 29، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 29، بیان الامامة، خطبہ نمبر 29)**

**اَیُّھَاالنَّاسُ اَلْمُجْتَمِعَةُ اَبْدَانُھُمْ اَلْمُخْتَلِفَةُ اَھْوَاؤُھُمْ . الخ**

''اے وہ لوگو جن کے جسم اکھٹے اور رائے مختلف ہے''

یعنی جو جسمانی و مادی طور پر ہم آہنگ معلوم ہوتے ہیں۔مگر سب کے اغراض ومقاصد جداگانہ ہیں۔ یہ خطبہ بھی علامہ جاحظ نے کتاب البیان صفحہ 170/1 میں اورابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں اورابوالعباس محمد بن یزید المبرد نے الکامل صفحہ 13/1 میں اورابن قتیبہ نے عیون الاخبار صفحہ 236/2 میں اورابن عبدربہ نے العقد الفرید میں صفحہ 163/2 اورابوالفرج الاصفہانی نے الآغانی صفحہ 143/15 میں اورشیخ صدوق نے معانی الاخبار صفحہ 13/1 میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 31، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 31، بیان الامامة، خطبہ نمبر 31)**

**لَاتَلْقَیَنَّ طَلْحَةَ فَاِنَّکَ اِنْ تَلْقَهُ تَجِدْهُ کَالثَّوْرِ عَاقِصًاقَرْنَهُ. الخ .**

''تو طلحہ سے ہرگز ملاقات نہ کرنا۔ چنانچہ اگر تو نے اس سے ملاقات کی تو،تو اسے ایک سانڈ کی طرح اپنے سینگ اٹھائے ہوئے پائے گا''

Presented by Ziaraat.Com

یہ پوری گفتگو ابن قتیبہ نے عیون الاخبار صفحہ 195/1 میں نقل کر دی تھی۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 33، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 33، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 33)**

اِنَّ اللّٰہَ سُبْحٰانَہٗ بَعَثَ مُحَمَّدًا (صَلَّی اَللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ) وَلَیْسَ اَحَدٌمِنَ الْعَرَبِ یَقْرَأُ کِتَابًا وَلَا یَدَّعِیْ نُبُوَّۃً . الخ

''بلاشبہ اللہ پاک نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث کیا اور اس وقت نہ کوئی نبوت کا مدعی تھا۔ اور نہ اپنے اوپر نازل شدہ کتاب کو پڑھا کرتا تھا''

اس خطبے کو سید رضیؒ کی پیدائش سے بہت پہلے شیخ مفید اپنی کتاب الارشاد صفحہ 144 میں نقل کر چکے تھے۔ یہی خطبہ لفظی اختلاف کے ساتھ خطبہ نمبر 103 پر بھی ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 34، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 34، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 34)**

اُفٍّ لَّکُمْ لَقَدْ سَئِمْتُ عِتَابَکُمْ أَرَضِیْتُمْ بِالْحَیَاۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ عِوَضًا؟

''تم پر افسوس ہے میں یقیناً تمہیں ڈانٹتے اور تنبیہ کرتے کرتے تنگ آ گیا ہوں۔ کیا تم نے دنیاوی زندگی کو ہی آخرت کا بدل مان لیا ہے؟

یہ خطبہ علامہ طبری نے اپنی تاریخ صفحہ 51/6 میں علامہ رضیؒ کی پیدائش سے ستر، اسی سال پہلے لکھا تھا۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 35، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 35، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 50)**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاِنْ اَتَی الدَّھْرُ بِالْخَطْبِ الْفَادِحِ وَالْحَدَثِ الْجَلِیْلِ. الخ

''اللہ کی حمد وثنا ایسی حالت میں بجالاتے رہنا لازم ہے جب کہ زمانہ ہم پر جان لیوا مشکلات اور صبر آزما حادثات کے ساتھ ٹوٹ پڑا ہو۔''

اس خطبے کو نصر بن مزاحم الکوفی (متوفی 212ھ) نے اپنی کتاب صِفّین میں اور ابن قتیبہ نے الامامۃ (ص 235) میں اور ابن جریر طبری نے اپنی تاریخ (ص 43/6) میں نقل کیا ہے اور ابوالفرج اصفہانی نے اس خطبہ کے آخر میں لکھے ہوئے شعر کا تذکرہ کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 36، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 36، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 60)**

فَاَنَا نَذِیْرُ لَکُمْ اَنْ تُصْبِحُوْا صَرْعٰی بِاَثْنَآءِ ھٰذَا النَّھْرِ-الخ-

Presented by Ziaraat.Com

’’۔میں تمہیں اس نہر کے آس پاس قتل ہوکر بکھرے ہوئے پڑے ہونے کے بارے میں خبردار کئے دیتا ہوں‘‘۔اس خطبہ کے ابتدائی حصے کو چھوڑ کر ابن قتیبہ نے کتاب الامامۃ (ص140) میں اور علامہ طبری نے اپنی تاریخ (ص47/6) میں اور علامہ ابن ابی الحدید نے تو یہ بھی لکھا ہے کہ حبیب بغدادی متوفی 245ھ نے بھی اس خطبے کو لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر37، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر37، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر96)**

یہ خطبہ یوں فَقُمْتُ بِالْاَمْرِ (میں قیام دین کے لئے اس وقت تک کھڑا رہا) شروع ہوتا ہے اور اسکا اختتام یوں ہوتا ہے کہ :فَنَظَرْتُ فِیْ اَمْرِیْ فَاِذَا طَاعَتِیْ قَدْ سَبَقَتْ بَیْعَتِیْ وَاِذَاالْمِیْثَاقُ فِیْ عُنُقِیْ لِغَیْرِیْ-

’’۔میں نے اپنی پوزیشن پر نظر ڈالی تو میری اطاعت تو تمام اہل اسلام پر میری بعیت سے بھی پہلے کی واجب تھی اور یہ کہ مجھ پر میثاقِ خداوندی کی ذمہ داری بدستور عاید ہے۔‘‘

یہ آخری جملے جناب محمد بن خالد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن علی البرقی نے اپنی کتاب المحاسن (ص36/1) میں لکھا تھا۔

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر39، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر39، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر81)**

مُنِیْتُ بِمَنْ لَایُطِیْعُ اِذَااَمَرْتُ وَلَایُجِیْبُ اِذَادَعَوْتُ-الخ-

’’۔میں ایسے لوگوں سے آس لگائے کامیابی کی تمنا کر رہا ہوں جو حکم ملنے پر میری اطاعت نہیں کرتے اور جو میرے بلانے پر جواب بھی نہیں دیتے۔‘‘ یہ خطبہ جناب ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں لکھا ہوا تھا۔

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر40، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر40، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر51)**

کَلِمَۃُ حَقٍّ یُرَادُ بِھَاالْبَاطِلُ -الخ

’’۔بات تو صحیح ہے مگر اس صحیح بات سے ایک باطل ارادہ کیا گیا ہے۔‘‘

ابوالعباس محمد بن یزید المبرد نے اپنی کتاب الکامل (938/3) میں لکھا تھا

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 42، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 42، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 99)**

**اَیُّھَاالنَّاسُ اِنَّ اَخْوَفَ مَااَخَافُ عَلَیْکُمْ اَثْنَانِ اَتِّبَاعُ الْھَوٰی وَطُوْلُ الْاَمَلِ -الخ-**

''۔اے لوگو میں تمہارے متعلق جن چیزوں سے بہت زیادہ ڈرتا ہوں وہ دو چیزیں ہیں۔مجتہدانہ طرز عمل کی پیروی اور توقعات اور امیدوں کے سہارے غلط کام کئے جانا۔''

اس خطبہ کو ابن مزاحم الکوفی نے کتاب صفین میں اور ابو جعفر البرقی نے کتاب المحاسن (ورق 81۔الف) میں اور ابن قتیبہ نے عیون الاخبار میں اور ابو محمد الحسن بن علی بن شعبۃ الحرانی نے تحف العقول میں اور شیخ مفید نے الارشاد (ص 138) میں اور کتاب المجالس میں اور ابو نعیم الاصبہانی نے حلیۃ الاولیاء (ص 76/1) میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 48، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 48، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 36)**

**اَلْحَمْدُلِلّٰہِ کُلَّمَاوَقَبَ لَیْلٌ وَغَسَقَ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ کُلَّمَالَاحَ نَجْمٌ وَّخَفَقَ -الخ-**

''۔اللہ کی حمد وثنا اُس وقت بھی ضروری ہے جب رات گہری ہو کر بھیک جائے اور اللہ کی حمد وثنا اس وقت بھی لازم ہے جب ستارے دوبنے اور ابھرنے لگیں۔''

اس خطبے کو بھی ابن مزاحم لکوفی نے کتاب صفین میں اور دوسرے کئی ایک علما نے اپنی اپنی کتابوں میں لکھا ہوا تھا۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 50، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 50، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 104)**

**اِنَّمَابَدْءُ وُقُوْعِ الْفِتَنِ اَھْوَآءٌ تُتَّبَعُ وَاَحْکَامٌ تُبْتَدَعُ -الخ-**

''۔فتنوں کے پیدا ہونے کی ابتدا ایسے اجتہادات کی وجہ سے ہوتی ہے جن کی پیروی کی جائے اور ایسے احکامات ہوتے ہیں جو دین کے خلاف گھڑ لئے جاتے ہیں۔''

اس خطبے کو بھی ابو جعفر البرقی نے اپنی کتاب المحاسن والاداب (ورق 79ب، 84۔الف) میں اور محمد یعقوب کلینی نے اصول کافی اور فروع کافی میں لکھا ہوا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 51، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 51، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 44)**

قَدِ آسْتَطْعَمُوْكُمُ آلْقِتَالَ فَاَقِرُّوْا عَلٰى مَذَلَّةٍ -الخ

''۔انھوں نے تم سے جنگی لقمہ طلب کیا یعنی تمہیں جنگ کا چیلنج دیا ہے لہٰذا یا تو تم اپنی ذلت اور کمزوری کا اعلان کر دو۔''

یہ خطبہ بھی ابن مزاحم نے کتاب صفین میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 55، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 56، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 107)**

وَلَقَدْ كُنَّامَعَ رَسُوْلِ آللّٰهِ (صَلَّى آللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلم) نَقْتُلُ اٰبَآئَنَاوَاَبْنَآئَنَا -الخ-

''۔یقیناً ہم لوگ رسول اللہ کی حمایت میں اپنے باپ دادوں اور اپنے بیٹوں کے ساتھ جنگ کیا کرتے تھے۔''

اس خطبہ کو علامہ شیخ مفید نے اپنی کتاب الارشاد میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 56، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 57، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 108)**

اَمَّااِنَّهٗ سَيَظْهَرُ عَلَيْكُمْ بَعْدِىْ رَجُلٌ رَّحْبُ آلْبُلْعُوْمِ -الخ

''۔یہ ایک حقیقت ہے کہ میرے بعد جلد ہی تم پر ایک ایسا شخص غالب آجائے گا۔جو میرے مخالفوں کے لئے باعث وسعت اور مرحبا ہوگا۔'' یہ خطبہ اصول کافی میں علامہ محمد یعقوب کلینی نے اور کتاب الغارات میں علامہ ابراھیم الثقفی نے نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 57، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 58، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 52)**

اَصَابَكُمْ حَاصِبٌ وَلَابَقِىَ مِنْكُمْ اٰبِرٌ -الخ

''۔تم پر پتھریاں اُڑا لے جانے والی آندھی آنے والی ہے اور تم میں سے کوئی تہمت تراشنے والا باقی رہنے والا نہیں ہے۔''

یہ خطبہ علامہ طبری نے اپنی تاریخ (ص 48/6) میں سے لکھا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 65، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 64، بیان الامامة، خطبہ نمبر 38)**

**مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِيْنَ اسْتَشْعِرُو الْخَشْيَةَ -الخ-**

''۔اے مسلم معاشرے کے لوگو تم خوف خداوندی کو اپنا طرز عمل بنالو۔''

یہ خطبہ ابن قتیبہ نے عیون الاخبار (ص 110,133/1) میں اور علامہ بیہقی نے کتاب المحاسن (ص 32/1) میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 69، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 68، بیان الامامة، خطبہ نمبر 115)**

**مَلَكَتْنِيْ عَيْنِيْ وَاَنَاجَالِسٌ -الخ**

''۔میری آنکھ لگ گئی حالانکہ میں بیٹھا ہوا تھا۔''

یہ خطبہ ابن عبدربہ نے العقد الفرید (ص 298/2) میں اور ابوالفرج الاصفہانی نے مقاتل الطالبین (ص 16) میں لکھا ہے۔ اور ابوعلی القالی نے اس خطبہ کا آخری حصہ کتاب النوادر (ص 190) میں لکھا ہے

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 71، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 70، بیان الامامة، خطبہ نمبر 117)**

**اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ -الخ-**

''۔اے اللہ اے زمین کو فرش کی طرح بچھانے والے۔''

یہ خطبہ بھی ابوالعلی القالی نے کتاب النوادر (ص 175) میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 76، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 75، بیان الامامة، خطبہ نمبر 80)**

**اِنَّ بَنِيْ اُمَيَّةَ لَيُفَوِّقُوْنَنِيْ تُرَاثَ مُحَمَّدٍ -الخ-**

''۔رسول اللہ کے روشہ میں بلاشبہ بنی امیہ مجھ پر فوقیت لے جانا چاہتے ہیں۔

یہ خطبہ ابوعبید نے غریب الحدیث (ورق 196 ب) میں اور ابوالفرج الاصفہانی نے کتاب الآغانی میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 80، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 79، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 121)**

**اَیُّھَاالنَّاسُ الزَّھَادَۃُ قِصَرُ الْاَمَلِ -الخ**

''۔اے لوگو زھد اور پارسائی امیدوں کی کمی کا نام ہے۔''

اس خطبے کو شیخ صدوق نے معانی الاخبار (ص 92) میں لکھا ہے

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 81، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 80، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 122)**

**مَآاَصِفُ مِنْ دَارٍ اَوَّلُھَاعَنَآءٌ وَآخِرُھَافَنَآءٌ -الخ-**

''۔ایسی جگہ اور مقام کی کیا صفات بیان کروں جس کی ابتداءُ دکھ درد سے ہو اور انجام فنا یعنی مٹ جانا ہو؟۔''

اس خطبے کو محمد بن یزید المبرد نے کتاب الکامل (ص 131/1) میں ابوبکر محمد بن الحسن بن درید الازدی البصری (متوفی 321ھ) نے کتاب ( المجتنیٰ ص 40) میں اور ابوالحسن بن علی بن شعبۃ الحرانی (متوفی 320ھ) نے تحف العقول میں اور ابوالعلی القالی نے کتاب الامالی (ص 122/2) میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 83، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 82، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 61)**

**خطبہ نمبر 83- عَجَبًالِّابْنِ آلنَّابِغَۃِ -الخ**

''۔تعجب تو نابغہ کے جنے پر ہوتا ہے۔''

یہ خطبہ ابن قتیبہ نے عیون الاخبار (ص 64/1) میں اور بیہقی نے کتاب المحاسن (ص 39/1) میں نقل کیا ہے

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 87، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 86، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 127)**

**اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ اللّٰہَ لَمْ یَقْصِمْ جَبَّارِیْ دَھْرٍ قَطُّ اِلَّابَعْدَ تَمْھِیْلٍ وَّرَخآءٍ -الخ-**

''۔بعد ازاں یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اللہ نے ظلم و جبر کرنے والوں کو ہرگز برباد نہیں کیا جب تک انہیں پہلے مہلت اور آسودگی عطا نہ کر دی ہو۔'' یہ خطبہ علامہ محمد یعقوب کلینی نے فروع کافی (30/3) اور شیخ مفید نے الارشاد (ص 138) میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 88، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 87، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 128)**

**اَرْسَلَهٗ عَلٰی حِیْنِ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ-الخ**

''۔اللہ نے آنحضرتؐ کو اس وقت بھیجا جب رسولوں ؑ کا تسلسل رکا پڑا تھا۔''

یہ خطبہ محمد یعقوب الکلینی نے اصول کافی میں لکھا ہے اور علامہ ابن ابی الحدید نے اپنی شرح (صفحہ 344/1) میں یہ نوٹ بھی دیا ہے کہ اس خطبہ کو الفاظ کی کمی بیشی کے ساتھ سوانح عمریاں لکھنے والوں نے بھی اپنی اپنی کتابوں میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 90، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 89، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 130)**

**اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ لَایَفِرُّهٗ وَالْجُمُوْدُ-الخ-**

''۔حمد وثنا اُس اللہ کے شایان شان ہے جس کو رزق کا روک لینا اور بند کر دینا کنجوس نہیں بنا سکتا۔''

اس خطبہ کو ابن عبدربہ نے عقد الفرید (ص 200/2) میں اور شیخ صدوق نے کتاب التوحید (ص 36) میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 91، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 90، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 131)**

**دَعُوْنِیْ وَالْتَمِسُوْا غَیْرِیْ -الخ**

''۔مجھے چھوڑ و اور اس خلافت کے لئے کسی اور سے التماس کرو۔''

علامہ طبری نے اپنی تاریخ (ص 156/5) میں اور ابوعلی احمد بن محمد (متوفی 421ھ) جو ابن مسکویہ مشہور ہے۔اس نے اپنی کتاب تجارت الامم (ص 508/1) میں اس خطبے کو بلفظہ نقل کیا ہے

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 92، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 91، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 132)**

**اَمَّابَعْدُ اَیُّهَاالنَّاسُ فَاَنَافَقَأْتُ عَیْنَ الْفِتْنَةِ -الخ**

''۔بعدہ یہ سنو کہ اے لوگو میں نے فتنے کی آنکھ نکال پھینکی ہے۔''

اس خطبے پر علامہ ابن ابی الحدید نے لکھا ہے کہ یُوں تو اس خطبے کو اکثر سوانح عمریاں لکھنے والوں نے نقل کیا ہے مگر وہاں کچھ ایسے الفاظ بھی ہیں جو علامہ رضیؒ نے نہیں لکھے۔یہ نوٹ بتاتا ہے کہ علامہ رضیؒ نے واقعی انتخاب کیا تھا یعنی جو مصلحت کے خلاف تھا اُسے چھوڑ دیا یہ بھی

Presented by Ziaraat.Com

ممکن ہے کہ بعض علما نے غلط نقل کیا ہو۔اور علامہ حضور نے چھوڑ دیا ہو۔

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 96، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 95، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر 77)**

اس خطبے کا آخری حصہ یوں شروع ہوتا ہے لَقَدْ رَاَیْتُ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم سے رَجَاءً لِلثَّوَابِ تک۔
''یقیناً میں نے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کو دیکھا ہے۔'' پھر صحابہ رسولؐ کی حالت بیان کی ہے اور کہا ہے کہ تم میں سے کوئی بھی صحابی رسولؐ نہیں ہے۔

اس خطبہ کا یہ حصہ ابن قتیبہ کی عیون الاخبار (صفحہ 301/2) میں اور شیخ مفید کی الارشاد (صفحہ 138) میں ار ابونعیم کی حلیۃ الاولیاء (صفحہ 76/1)

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 105، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 104، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر 142)**

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ شَرَعَ الْاِسْلَامَ -الخ

''۔وہ اللہ حمد وثنا کا حق دار ہے جس نے اسلام کی شریعت بنائی۔''

اس خطبے کو محمد بن یعقوب کلینی نے اصول کافی میں نقل کیا ہے

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 106، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 105، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر 39)**

وَقَدْرَاَیْتُ جَوْلَتَکُمْ -الخ ''۔میں نے تمہارا بھاگنا اور صفوں کا پھٹنا دیکھا'' یہ خطبہ تاریخ طبری (ص 14/6) میں موجود ہے۔

**خطبہ نمبر:(علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 109، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 108، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر 145)**

اِنَّ اَفْضَلَ مَاتَوَسَّلَ بِہِ الْمُتَوَسِّلُوْنَ اِلَی اللّٰہِ -الخ

''۔اللہ کا وسیلہ حاصل کرنے والوں کے لئے سب وسیلوں سے افضل وسیلہ۔۔۔''

اس خطبے کو ابوجعفر البرقی نے کتاب المحاس (ورق 119۔الف) میں اور ابوالحسن بن علی الحرانی نے تحف العقول میں اور شیخ صدوق نے علل الشرائع (صفحہ 114) میں شیخ مفید نے امالی میں لکھا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 110، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 109، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 146)**

**اَمَّابَعْدُ فَاِنِّیْ اُحَذِّرُ کُمُ آلدُّنْیَافَاِنَّھَاحُلْوَۃٌ خَضِرَۃٌ -الخ**

''۔اس کے بعد یہ سنو کہ میں تمہیں یقین کے ساتھ اس دنیا دارانہ زندگی سے بچنے کی تاکید کرتا ہوں اس لئے کہ اُس کی لذات میٹھی اور سبز باغ ہیں۔''

یہ خطبہ ابوالفرج القزوینی الکاتب نے قرب الاسناد میں اور محمد یعقوب کلینی نے فروع کافی میں اور عبیداللہ المرزبانی المعتز لی (متوفی 384ھ) نے کتاب الموفق میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 120، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 119، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 64)**

**ھٰذَاجَزَاءُ مَنْ تَرَکَ الْعُقْدَۃَ -الخ**

''۔یہ اُس شخص کی جزا میں ہے جس نے عہد کر کے اُسے ترک کر دیا۔''

یہ خطبہ بہت سی کتابوں کے ساتھ ساتھ ابن عبدربہ کتاب العقد الفرید میں بھی نقل کیا گیا ہے (ص 164,277/2)

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 122، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 121، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 42)**

یہ خطبہ میدان جنگ میں اپنی فوج کو مخاطب کرتے ہوئے دیا گیا تھا اس میں ایک جملہ یہ بھی ہے: **اِنَّ الْمَوْتَ طَالِبٌ حَثِیْثٌ -الخ**

اس خطبہ کی گفتگو کو ابن عبدربہ نے العقد الفرید (ص 287/2) میں درج کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 124، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 122، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 43)**

**فَقَدِّمُوْاالدَّارِعَ وَاَخِّرُوااالْحَاسِرَ**

''۔چنانچہ زرہ پوش سپاہیوں کو آگے آگے رکھنا اور بے زرہ کو پیچھے کر لینا۔الخ۔

یہ خطبہ طبری کی تاریخ (ص 9/6) میں اور ابن مسکویہ کی کتاب تجارت الامم (ص 503/1) میں موجود ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 125، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 123، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 146)**

**اِنَّالَمْ نُحَکِّمِ الرِّجَالَ -الخ**

''۔بیشک ہم نے انسانوں کو فیصلہ کرنے والا ثالث نہیں بنایا ہے۔''

یہ خطبہ طبری (ص 37/6) میں لکھا ہوا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 130، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 128، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 155)**

**یَااَبَاذَرٍّاِنَّکَ غَضِبْتَ لِلّٰہِ فَارْجُ مَنْ غَضِبْتَ لَہٗ -الخ**

''۔اے ابوذرؓ بے شک تم اللہ کے لئے غضبناک ہوئے تھے چنانچہ تم جس کے لئے خفا ہوئے ہو اُسی سے کامیابی کی امید رکھو۔''

یہ خطبہ جناب ابوبکر احمد بن عبدالعزیز الجوہری نے کتاب اخبار السقیفہ میں مفصل لکھا ہے

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 135، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 133، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 159)**

**یَاابْنَ اللَّعِیْنِ الْاَبْتَرِ -الخ**

''۔اے تباہ شدہ ملعون کے بیٹے۔۔''

یہ خطبہ عوانہ بن الحکم الاخباری الکوفی (متوفی 158ھ) نے اپنی کتاب الشوریٰ اور مقتل عثمان میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 136، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 134، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 160)**

**لَمْ تَکُنْ بَیْعَتُکُمْ اِیَّایَ فَلْتَۃً -الخ''**

۔میرے معاملے میں تم لوگوں کی بیعت اتفاقاً اور ناگہانی واچانک نہ تھی۔''

شیخ مفید نے اس خطبے کا وجود کتاب الارشاد میں ثابت کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 137، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 135، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 169)**

اس خطبے کا دوسرا پیراگراف یوں ہے۔**فَاَقْبَلْتُمْ اِلَیَّ اِقْبَالَ الْعُوْذِالْمَطَافِیْلِ عَلٰی اَوْلَادِھَا -الخ**

Presented by Ziaraat.Com

’’۔پھر تم میری طرف بیعت کیلئے اس طرح آئے تھے جس طرح تازہ تازہ جننے والی اونٹنیاں اپنے بچوں کی طرف آتی ہیں۔‘‘

یہ خطبہ ابن عبدربہ نے اپنی کتاب العقد الفرید (صفحہ 24/6) اور (صفحہ 277/6) میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 139، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 137، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 162)**

لَمْ یُسْرِ ع اَحَدٌ قَبْلِیْ اِلٰی دَعْوَۃِ حَقٍّ وَّصِلَۃِ رَحِمٍ .الخ .

’’مجھ سے دعوت حق قبول کرنے اور متعلقہ حقداروں کے حقوق کی ادائیگی میں کوئی سبقت نہ لے سکا‘‘

علامہ طبری نے اس خطبے کو بھی اپنی تاریخی میں باقاعدہ اور مفصل لکھا ہے (صفحہ 39/5)

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 145، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 143، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 168)**

اَیُّھَاالنَّاسُ اِنَّمَااَنْتُمْ فِیْ ھٰذِہِ الدُّنْیَاغَرَضٌ تَنْتَصِلُ فِیْہَ الْمَنَایَا

’’اے لوگو تم اس دنیا میں وہ تختۂ مشق ہو جس پر دنیا تیر اندازی کی مشق کرتی رہتی ہے۔اس خطبے کو ابوالعلی القالی نے کتاب الامالی (صفحہ 102,57/2) میں اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد (صفحہ 139) اور کتاب امالی میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 146، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 144، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 169)**

اِنَّ ھٰذَاالْاَمْرَلَمْ یَکُنْ نَصْرُہُ وَلَاخِذْلَانُہُ . الخ .

’’دین اسلام کی نصرت اور بے یاری کا دارومدار نہ مسلمانوں کی کثرت یا افرادی قوت پر تھا نہ قلت افراد پر۔۔۔۔۔‘‘

یہ خطبہ پورا کا پورا شیخ مفید کی کتاب الارشاد (صفحہ 121) پر موجود ہے اور جملہ نمبر 15 (فَاِنَکَ اِنْ شَخَصْتَ ) سے آخر تک کا حصہ تاریخ طبری (238/4) اور ابن مسکویہ کی کتاب الامم (صفحہ 419/1) میں موجود ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 152، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 150، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 174)**

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الدَّآلِّ عَلٰی وُجُوْدِہٖ بِخَلْقِہ . الخ .

’’اس اللہ کی حمد وستائش اور اُس کے وجود کی دلیل تو خود اس کی پیدا کردہ مخلوق ہے۔‘‘

Presented by Ziaraat.Com

علامہ محمد یعقوب کلینی نے اس خطبہ کو اصول میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 163، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 162، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 184)**

اِنَّ النَّاسَ وَرَآئِی وَقَدِ اسْتَسْفَرُوْنِیْ بَیْنَکَ وَبَیْنَھُمْ .الخ .

''اے عثمان حقیقت یہ ہے کہ جن لوگوں نے مجھے تمہارے پاس بطور سفیر بھیجا ہے وہ میرے پیچھے تمہارے جواب کے منتظر ہیں۔''

یہ خطبہ احمد بن یحییٰ البلاذری (متوفی 279ھ) نے انساب الاشراف (صفحہ 60/5) میں اور طبری نے تاریخ (96/5) میں اور ابن عبدربہ نے العقد الفرید (صفحہ 273/3) میں ابن مسکویہ نے تجارب الامم (صفحہ 478/1) میں لکھا ہوا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 167، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 166، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 88)**

یَااِخْوَتَاہُ اِنِّیْ لَسْتُ اَجْھَلُ مَاتَعْلَمُوْنَ .الخ

''اے بھائیو جو تم جانتے ہو میں اُس سے جاہل نہیں ہوں''

یہ خطبہ بھی تاریخ طبری (158/5) میں اور تجارب الامم (510/1) ابن مسکویہ میں لکھا ہوا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 168، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 167، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 71)**

اِنَّ اللّٰہ بَعَثَ رَسُوْلًاھَادِیًابِکِتَابٍ نَاطِقٍ وَاَمْرٍقَائِمٍ .الخ

''بلاشبہ اللہ نے ایک ہدایت ساز رسولؐ کو بولنے والی کتاب قائم رہنے والے نظام کے ساتھ مبعوث کیا تھا''

اس خطبے کا پہلا جز تاریخ طبری (163/5) میں لیا گیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 170، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 169، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 187)**

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ وَالْجَوِّالْمَکْفُوْفِ . الخ .

''اے بلند شدہ چھت اور محفوظ شدہ فضاوں کے پروردگار'' اس خطبہ کو بھی علامہ طبری نے اپنی تاریخ (8/6) میں لکھا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 171، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 170، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 72)**

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ لَاتُوَارِیْ عَنْهُ سَمَآءٌ سَمَاءً . الخ

''قابل حمد وستائش ہے وہ اللہ جس سے کوئی آسمان دوسرے آسمان کو نہیں چھپا سکتا۔''

اس خطبے کو ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 178، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 177، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 239)**

لَاتُدْرِكُهُ الْعُيُوْنُ بِمُشَاهِدَةِ الْعَيَانِ .الخ . ''اُسے آنکھیں اپنے مشاہدوں کے قدرتوں میں احاطہ نہیں کر سکتیں۔''

یہ خطبہ ابو جعفر البرقی نے کتاب المحاسن (ورق 93۔الف) میں، محمد یعقوب کلینی نے اصول کافی میں اور شیخ صدوق نے کتاب الامالی صفحہ (120) میں اور کتاب التوحید میں اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد (صفحہ 131) میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 179، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 178، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 66)**

اَحْمَدُاللّٰهَ عَلٰى مَاقَضٰى مِنْ اَمْرٍوَّقَدَّرَمِنْ فِعْلٍ . الخ.

''میں اللہ کی حمد وثنا ہر اس حکم پر کرتا ہوں جو اس نے صادر کیا ہو اور ہر اس فعل پر اللہ کی حمد وثنا کرتا ہوں جو اُس نے مقدر فرمایا ہے۔''

یہ خطبہ بھی جناب ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 184، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 191، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 194)**

اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰى خَلَقَ الْخَلْقَ .الخ

''اس کے بعد یہ سنو کہ اللہ صاحب برکت و بزرگ نے جب مخلوقات کو پیدا کیا۔۔۔''

علامہ محمد یعقوب کلینی نے اس خطبے کو بھی اصول کافی میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 191، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 198، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 65)**

وَاللّٰهِ مَامُعَاوِيَةُ بِاَدْهٰى مِنِّى . الخ

Presented by Ziaraat.Com

''قسم بخدا معاویہ مجھ سے بڑا ڈپلومیٹ نہیں ہے۔''

یہ خطبہ بھی علامہ کلینی نے اصول کافی میں درج کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 201، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 208، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 206)**

**اِنَّ فِیْ اَیْدِی النَّاسِ حَقًّا وَّبَاطِلًا. الخ**

''یقیناً اسلام کے نام پر ان لوگوں کے پاس حق بھی اور باطل بھی ہے۔''

یہ خطبہ ابو صادق سلیم بن قیس الھلالی العامری الکوفی جو حضرت علیؑ و حسنؑ و حسینؑ اور زین العابدینؒ کے صحابی تھے انہوں نے کتاب منہج المقال (ورق 161۔الف) میں، الحرانی نے تحف العقول میں اور کلینی نے اصول کافی میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 208، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 215، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 93)**

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَعْدِیْکَ عَلٰی قُرَیْشٍ وَمَنْ اَعَانَھُمْ . الخ.**

''اے اللہ میں بلاشبہ قریش اور اُن کے معاونین کے خلاف تجھ سے تحفظ اور استعداد کا طالب ہوں۔''

یہ خطبہ جناب ابراہیم الثقفی کی کتاب الغارات میں ایک بہت طویل خطبے کا ایک حصہ ہے۔یعنی باقی طویل و مفصل خطبہ حضرت رضیؓ نے مصلحتاً نقل نہیں کیا ہے۔یعنی وہ خطبوں کی بھرمار نہ چاہتے تھے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 209، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 216، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 76)**

**لَقَدْ اَصْبَحَ اَبُوْمُحَمَّدٍ بِھٰذَاالْمَکَانِ غَرِیْبًا . الخ**

''یقیناً ابو محمد طلحہ اس جگہ غریب الدیار ہو کر رہ گیا۔''

یہ خطبہ المبرد نے کتاب الکامل (185/1) میں اور ابن عبد ربہ نے العقد الفرید (279/2) میں اور البیہقی نے المحاسن (53/2) میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 219، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 225، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 220)**

لِلّٰہِ بَلَادُ فُلَانٍ فَقَدْ قَوَّمَ الْاَوَدَوَدَاوَی الْعَمَدَ . الخ.

''فلاں شخص کی حماقتیں اللہ کے سپرد ہیں یقیناً اُس نے تمام اِنحراف اور مخالف میلانات کو بڑی منظم صورت میں قائم کیا۔ اور ایک مخصوص طے شدہ منصوبے کی اصلاح اور معالجہ کیا۔'' یہ خطبہ بھی علامہ طبری نے تاریخ طبری (28/5) میں درج کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 220، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 226، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 221)**

وَبَسَطْتُمْ یَدِیْ فَکَفَفْتُھَاوَمَدَدْتُمُوْھَا فَقَبَضْتُھَا .الخ

''تم نے بیعت کرنے کے لئے میرے ھاتھوں کو پھیلایا تو میں نے سمیٹ لئے۔ تم نے میرے ہاتھوں کو لمبا کیا تو میں نے انہیں سکیڑ لیا۔

اس خطبے کو شیخ مفید نے کتاب الارشاد (صفحہ 152) پر لکھا ہے اور ان ہی سے ملتے جلتے جملے ابن عبد ربہ نے العقد الفرید (165/2) میں لکھے ہیں۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 222، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 228، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 223)**

فَصَدَعَ بِمَااُمِرَبِہٖ وَبَلَّغَ رِسَالَاتِ رَبِّہٖ . الخ.

''چنانچہ آنحضرتؐ نے جن چیزوں کا حکم ملا انہیں واضح طور پر بیان کر دیا اور اپنے پروردگار کی رسالت کی تبلیغ کر دی۔''

یہ خطبہ بھی جناب شیخ مفید نے کتاب الارشاد میں لکھا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 224، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 230، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 225)**

اَلَااِنَّ اللِّسَانَ بَضْعَۃٌ مِنَ الْاِنْسَانِ . الخ

''خبردار ہو جاؤ کہ یہ زبان بھی انسان کے جسم کا ایک ٹکڑا ہے۔''

ابن ابی الحدید ابو مسلم خراسانی (متوفی 137ھ) نے یہی الفاظ اپنے ایک خطبے میں دہرائے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 228، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 184، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 229)**

مَاوَحَّدَهُ مَنْ كَيَّفَهُ .الخ

''جس نے اللہ کی کیفیت بیان کی اُس نے اُس کی توحید کے خلاف کہا''

اس خطبہ کو شیخ صدوق نے کتاب التوحید (صفحہ 24) میں اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد (صفحہ 131) میں نقل کیا ہے۔

**خطبہ نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 238، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 235، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 49)**

جُفَاةٌ طَغَامٌ عَبِيدٌ اَقْزَامٌ .الخ

''وہ بدمزاج گنوار اور غنڈے ہیں اور کمینہ ذہنیت کے غلام ہیں۔''

علامہ رضیؒ نے ایک طویل خطبے سے مختصر انتخاب کیا ہے پورا خطبہ ابراہیم الثقفی کی کتاب الغارات میں موجود ہے۔

---

Presented by Ziaraat.Com

## خطباتِ مرتضوی کی تصدیق وتائید کے ساتھ ساتھ حضورؐ کے خطوط کی تصدیق۔

یہاں تک آپ نے نمبروار خطبات کی تصدیق ملاحظہ کی ہے۔جس سے ثابت ہوا گیا کہ نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام کے دھنِ مبارک سے جاری ہونے والے کلام کا ایک مختصر سا انتخاب ہے۔اس کے بعد یہ دیکھیں کہ نہج البلاغہ میں آنحضرتؐ کے خطوط بھی سید رضیؒ کی پیدائش سے بہت پہلے کی کتابوں میں لکھے ہوئے موجود تھے۔خطبات کی طرح خطوط کے نمبر بھی اُسی ترتیب سے دئے جا رہے ہیں۔

### خط نمبر:(علی نقی طہرانی:خطبہ نمبر1، مفتی جعفر حسین:خطبہ نمبر1، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر1)

اَمَّابَعْدُ ،فَاِنِّیْ اُخْبِرُکُمْ عَنْ اَمْرِعُثْمَانَ حَتّٰی یَکُوْنَ سَمْعُہٗ کَعَیَانِہٖ . الخ .

''بعدہ میں تمہیں عثمان کے معاملے میں اس طرح خبر سناؤں گا کہ تمہارا سننا واقعات کو آنکھوں سے دیکھنے کے مانند ہو جائے۔''

یہ خط ابن قتیبہ نے کتاب الامامۃ (صفحہ 68) میں اور ابن الشیخ نے امالی (صفحہ 85) میں لکھا ہوا تھا۔

### خط نمبر:(علی نقی طہرانی:خطبہ نمبر 5، مفتی جعفر حسین:خطبہ نمبر5 ، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر 5)

وَاِنَّ عَمَلَکَ لَیْسَ لَکَ بِطُعْمَۃٍ .الخ .

''تیرا کام یہ نہیں ہے کہ تو حاکمیت کو اپنی خوراک بنا بیٹھے۔''

یہ بھی ابن قتیبہ نے کتاب الامامۃ (صفحہ 52) میں اور ابن عبدربہ نے العقد الفرید (283/2) میں لکھا ہے۔

### خط نمبر:(علی نقی طہرانی:خطبہ نمبر 6، مفتی جعفر حسین:خطبہ نمبر6 ، بیان الامامۃ،خطبہ نمبر 6)

اِنَّہٗ بَایَعَنِی الْقَوْمُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا اَبَابَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ عَلٰی مَابَایَعُوْھُمْ عَلَیْہِ .الخ .

''یقیناً میری بیعت بھی قوم کے ان ہی لوگوں نے کی ہے جنہوں نے ابوبکر وعمر اور عثمان کی بیعت کی تھی اور ان ہی شرائط پر بیعت کی تھی جن شرائط پر اُن کی بیعت کی گئی تھی۔''

یہ خط نصر بن مزاحم کوفی نے کتاب صفین میں اور ابن قتیبہ نے کتاب الامامۃ (صفحہ 93) میں اور ابوحنیفہ دینوری (متوفی 280ھ) نے کتاب الاخبار الطّوال (صفحہ 166) میں اور ابن عبدربہ نے العقد الفرید (284/2) میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 7، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 7 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 7)**

اَمَّابَعْدُفَقَدْ اَتَتْنِیْ مِنْکَ مَوْعِظَةٌمُّوَصَّلَةٌ .الخ

''مجھے تمہاری طرف سے بناوٹی نصیحتوں کا خط ملا۔

یہ خط بھی نصر بن مزاحم الکوفی نے کتاب صفین میں اور ابن قتیبہ نے کتاب الامامۃ والسیاسۃ (صفحہ ۱۰۱) میں اور المبرد نے کتاب الکامل (صفحہ 193/1) میں اور ابن عبدربہ نے العقد الفرید (284/2) میں لکھا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 8، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 8 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 8)**

فَاِذَااَتَاکَ کِتَابِیْ فَاحْمِلْ مُعَاوِیَةَ عَلَی الْفَصْلِ .الخ .

''بعدازاں جیسے ہی میرا یہ خط تمہیں ملے تم معاویہ کو قطعی فیصلے پر آمادہ کرو۔''

یہ خط بھی نصر بن مزاحم نے کتاب صفین میں اور ابن عبدربہ نے کتاب العقد (284/2) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 9، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 9 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 9)**

فَاَرَادَ قَوْمُنَاقَتْلَ نَبِیِّنَاوَاجْتِیَاحَ اَصْلِنَا .

''چنانچہ ہماری قوم نے ہمارے نبیؐ کو قتل کر ڈالنے کا ارادہ کرلیا اور ہماری جڑ بنیاد کو کھود ڈالنے کا تہیہ کر بیٹھی''

اس خط کو ابن مزاحم نے کتاب صفین میں پورا لکھا ہے اور اس کے تیسرے پیرے میں ابن عبدربہ نے العقد (286/2) میں لکھا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 10، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 10 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 10)**

وَکَیْفَ اَنْتَ صَانِعٌ اِذَاتَکَشَّفَتْ عَنْکَ جَلَابِیْبُ مَااَنْتَ فِیْهِ . الخ .

''اور یہ بتا کہ تو اس وقت کیا کرے گا جب تیرے سامنے سے وہ پردہ ہٹا دیا جائے جو تیرے اور تیری اس دنیا کے درمیان پڑا ہوا ہے''

یہ خط بھی نصر بن مزاحم نے کتاب صفین میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 11، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 11، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 11)**

**فَاِذَانَزَلْتُمْ بِعَدُوٍّ اَوْنَزَلَ بِكُمْ .**

''جب تم دشمن کے مقابلے میں پڑاوڈالو یا وہ تمہارے سامنے آ کر پڑاوڈالے''

یہ خط زیادہ مفصل طور پر ابن مزاحم نے اپنی کتاب صفین میں لکھا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 13، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 13 ، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 13)**

**وَقَدْ اَمَّرْتُ عَلَيْكُمَا .الخ**

''میں نے تم دونوں پر حاکم بنایا ہے۔''

یہ خط طبری نے اپنی تاریخ (5/3) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 17، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 17 ، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 17)**

**وَاَمَّاطَلَبُکَ اِلَیَّ الشَّامَ .الخ .**

یہ خط یوں بھی ہے کہ: **فَاَمَّاطَلَبُکَ مِنِّیَ الشَّامَ .الخ .**

''رہ گیا تمہارا مجھ سے ملک شام کا طلب کرنا۔''

یہ خط بھی نصر بن مزاحم نے کتاب صفین میں اور ابن قتیبہ نے کتاب الامۃ والسیاسۃ (114) میں اور ابوحنیفہ دینوری نے اخبار الطّوال (صفحہ 199) میں اور علامہ مسعودی (متوفی 346ھ) نے مروج الذھب (48/2) میں اور البیھقی نے کتاب المحاسن والمسادی (38/1) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 18، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 18 ، بیان الامامۃ، خطبہ نمبر 18)**

**وَاعْلَمْ اَنَّ الْبَصْرَةَ مَهْبِطُ اِبْلِيْسَ ۔**

''اور یہ جان لو کہ بصرہ شیطان کے اترنے کا مقام ہے''

نصر بن مزاحم نے اس خط میں سے کافی جملے کتاب صفین میں لکھے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 22، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 22، بیان الامامة، خطبہ نمبر 22)**

**اَمَّابَعْدُفَاِنَّ الْمَرْءَ قَدْیَسُرُّہُ. الخ**

''بعدازاں معلوم کرو کہ یقیناً آدمی کو ایسی چیز کامل جانا مسرور کرتا ہے۔۔۔۔''

اس خط کو ابو الحسن بن علی الحرانی نے تحف العقول میں ابو العلی القالی نے الامالی (92/2) میں اور باقلانی نے اعجاز القرآن (195/1) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 30، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 30 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 30)**

**فَاتَّقِ اللّٰہِ فِیْمَالَدَیْکَ ۔**

''چنانچہ تم اللہ کے سامنے اُن چیزوں کے ذمہ دار رہو جو تمہارے قبضے میں ہیں۔''

ابن ابی الحدید کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس خط کو سوانح عمریاں لکھنے والے علما نے بکثرت اور مفصل صورت میں نقل کیا۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 32، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 32 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 32)**

**وَاَرْدَیْتَ جِیْلًا مِّنَ النَّاسِ کَثِیْرًا. الخ**

''اور تو نے انسانوں کی ایک کثرت کو تباہ کر دیا ہے''

اس خط کو ابوالحسن علی بن محمد المدائنی (متوفی 224ھ) نے مع اس کے جواب کے نقل کیا ہے اور اس کے آغاز کے لئے یہ لکھا ہے:۔

**فان الد نیا دار التجارة۔**

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 34، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 34، بیان الامامة، خطبہ نمبر 34)**

**اَمَّابَعْدُ فَقَدْ بَلَغَنِیَ مَوْجِدَتُکَ مِنْ تَسْرِیْحَ الْاَشْتَرِ۔الخ۔**

''بعدازاں مجھے معلوم ہوا ہے کہ تمہیں اس کا ملال ہوا ہے کہ تمہاری جگہ مالک اشتر کو کیوں تعینات کر دیا گیا؟''

یہ خط ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں اور طبری نے اپنی تاریخ (55/6) میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 35، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 35 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 35)**

اَمَّابَعْدُفَاِنَّ مِصْرَقَدِافْتُتِحَتْ

''بعدازاں مصر یقیناً فتح کرلیا گیا ہے۔۔۔۔''

بعدازاں یہ خط بھی ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں اور طبری نے تاریخ (63/6) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 36، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 36 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 36)**

فَسَرَّحْتُ اِلَیْهِ جَیْشًا کَثِیْفًامِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۔الخ ۔

''میں نے اس کی طرف سے مسلمانوں کا ایک گھنگور لشکر روانہ کردیا ہے۔''

یہ خط ابن قتیبہ نے الامامۃ (صفحہ 42) میں اور ابوالفرج اصفہانی نے کتاب الآغانی (14/15) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 37، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 37، بیان الامامة، خطبہ نمبر 37)**

فَسُبْحَانَ اللّٰهِ مَااَشَدَّ لُزُوْمَکَ لِلْاَ هْوَآءِ الْمُبْتَدَعَةِ ۔الخ۔

''سبحان اللہ! تم کس سختی اور شدت کے ساتھ اپنی خود ساختہ اجتہادی ردوبدل میں مبتلا ہو''

اس خط کو بھی ابوالفرج الاصفہانی نے کتاب الآغانی میں اور ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں اور ابن مزاحم نے کتاب الصفین میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 38، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 38 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 38)**

مِنْ عَبْدِاللّٰهِ عَلِیٍّ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ اِلَی الْقَوْمِ الَّذِیْنَ غَضَبُوْ اِللّٰهِ حِیْنَ عُصِیَ فِیْ اَرْضِهٖ۔الخ۔

''اللہ کے بندے امیرالمومنین علیؑ کی طرف سے اُس قوم کے نام جس کے لوگ زمین خدا پر اللہ کی نافرمانی کے سبب غضبناک ہوئے ہیں''

یہ خط طبری نے اپنی تاریخ (55/6) میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 39، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 39، بیان الامامة، خطبہ نمبر 39)**

فَاِنَّکَ قَدْجَعَلْتَ دِیْنَکَ تَبَعًالِّدُنْیَاامْرِیءٍ ظَاھِرٍغَیُّہُ .الخ .

''چنانچہ تو نے اپنے دین کو یقیناً ایسے شخص کے ماتحت کر دیا ہے جس کی گمراہی بالکل عیاں ہے۔''

یہ خط نصر بن مزاحم نے کتاب صفین میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 40، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 40 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 40)**

اَمَّابَعْدُفَقَدْبَلَغَنِی عَنْکَ اَمْرٌاِنْ کُنْتَ فَعَلْتَہُ فَقَدْاَسْخَطْتَ رَبَّکَ وَعَصَیْتَ اِمَامَکَ وَاَخْزَیْتَ اَمَانَتَکَ.الخ .

''بعدازاں معلوم کہ مجھے تمہارے متعلق تمہاری ایک بات معلوم ہوئی ہے اگر تم نے ایسا کیا ہے تو تم نے اپنے پروردگار کو خفا کیا ہے اور اپنے امام کی نافرمانی کی ہے اور اپنی امانت داری کو رسوا کیا ہے۔''

یہ خط ابن عبدربہ نے العقد الفرید (295/2) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 41، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 41 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 41)**

اَمَّابَعْدُ فَاِنِّیْ کُنْتُ اَشْرَکْتُکَ فِیْ اَمَانَتِیْ .الخ .

''اس کے بعد سنو کہ میں نے تمہیں اپنی امانت میں شریک کیا تھا ''

اس خط کو ابن قتیبہ نے عیون الاخبار (57/1 اور 82/2) میں اور ابن عبدربہ نے العقد الفرید (296/2) میں اور ابوھلال العسکری نے کتاب الاوائل (صفحہ 302) میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 46، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 46 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 46)**

اَمَّابَعْدُفَاِنَّکَ مِمَّنْ اَسْتَظْھِرُبِہٖ عَلٰی اِقَامَةِ الدِّیْنِ ۔الخ۔

''اس کے بعد معلوم ہو کہ یقیناً تم اُن لوگوں میں سے ہو جن کے ذریعہ سے میں دین کے قیام میں مدد چاہتا ہوں۔''

اس خط کو طبری نے اپنی تاریخ (54/6) میں نقل کر کے لکھا ہے کہ یہ اشتر کو لکھا گیا تھا۔

Presented by Ziaraat.Com

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 47، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 47 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 47)**

اَوْصِیْکُمَا بِتَقْوَی اللّٰہِ وَاَنْ لَاتَبْغِیَا الدُّنْیَا وَاِنْ بَغَتْکُمَا ۔الخ۔

''میں تم دونوں کو اللہ کے سامنے ذمہ دار رہنے کی وصیت کرتا ہوں اور یہ بھی کہ تم دونوں دنیا نہ چاہنا خواہ دنیا تمہیں چاہے۔

یہ وصیت مبرد نے کتاب الکامل (152/2) میں اور طبری نے تاریخ (85/6) میں اور ابوالحسن الحرانی نے تحف العقول میں اور ابوالفرج الاصفہانی نے مقاتل الطالبین (15) میں اور ابوالقاسم الزجاجی (متوفی 337ھ) نے کتاب الامالی (صفحہ 115) میں نقل کی ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 48، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 48، بیان الامامة، خطبہ نمبر 48)**

فَاِنَّ الْبَغْیَ وَالزُّوْرَیُوْتِغَانِ بِالْمَرْءِ فِیْ دِیْنِہٖ دُنْیَاہُ۔

''حقیقت یہ ہے کہ آدمی کو سرکشی اور بے راہ روی اس کے دین اور دنیا دونوں میں برباد و تباہ کر دیتے ہیں۔''

یہ خط ابن المزاحم الکوفی نے کتاب صفین میں اور ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 49، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 49 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 49)**

اَمَّابَعْدُ فَاِنَّ الدُّنْیَامَشْغَلَةٌ عَنْ غَیْرِھَا .الخ .

''اس کے بعد یہ ایک حقیقت ہے یہ دنیا دوسری ضروری چیزوں سے بے پروا اور غافل کر دیتی ہے۔''

یہ خط بھی ابن المزاحم الکوفی نے کتاب صفین میں اور ابوحنیفہ دینوری نے اخبار الطّوال (صفحہ 174) میں لکھا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 54، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 54، بیان الامامة، خطبہ نمبر 54)**

اَمَّابَعْدُ فَقَدْعَلِمْتُمَاوَاِنْ کَتَمْتُمَااَنِّیْ لَمْ اُرِدِ النَّاسَ حَتّٰی اَرَادُوْنِیْ .الخ .

''اس کے بعد یہ سنو کہ تم دونوں جانتے ہو مگر اس حقیقت کو دونوں چھپاتے ہو کہ میں نے ہرگز لوگوں کو اپنے ساتھ ملانے کا ارادہ نہیں کیا یہاں تک کہ وہ خود میری طرف بڑھ کر آئے۔''

یہ خط ابن قتیبہ نے الامامۃ (صفحہ 72) میں اور اعثم کوفی نے کتاب الفتوح (مناقب ابن شہر آشوب 90/3) میں نقل کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 62، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 62 ، بیان الامامة، خطبہ نمبر 62)**

اَمَّابَعْدُفَاِنَّ اللّٰہَ (سبحانہ) بَعَثَ مُحَمَّدًاؐ ۔الخ

''اس کے بعد یہ کہ یقیناً اللہ سبحانہ نے محمدؐ کو تمام عالمین کا نذیر بنا کر مبعوث کیا'' اس خط کو ایک طویل خطبے کی صورت میں ابراہیم الثقفی نے کتاب الغارات میں نقل کیا ہے۔

**خط نمبر: (علی نقی طہرانی: خطبہ نمبر 68، مفتی جعفر حسین: خطبہ نمبر 68، بیان الامامة، خطبہ نمبر 68)**

**اَمَّابَعْدُ فَاِنَّمَامَثَلُ الدُّنْیَامَثَلُ الْحَیَّةِ .الخ .**

''اس کے بعد یہ کہ اس دنیا کی مثال بالکل سانپ کی سی ہے۔''

یہ خط محمد یعقوب کلینی نے اصول کافی میں اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد (صفحہ 187) میں نقل کیا ہے۔

**41۔نہج البلاغہ نے علما کو مہمیز کر کے کلام مرتضوی کی تلاش وتدوین میں لگا دیا۔**

نہج البلاغہ نے بتدریج علما تک پہنچ کر انہیں علوم مرتضویؑ سے استفادہ کی دعوت دی۔اُدھر حضرت رضی رضی اللہ عنہ کے مقدمہ نے بتایا کہ علامہ نے ایک مختصر سا ذخیرہ جمع کیا ہے اور اُس سے کئی گنا ذخیرہ چھوڑ دیا ہے۔اس عملی تدبیر نے علما کو کلام مرتضویؑ کی تلاش وتدوین پر متوجہ کیا۔چنانچہ چاروں طرف تلاش وتحقیق شروع ہوگئی اور بہت سے علما نے حضرت علی علیہ السلام کے کلام کو جمع کیا۔یہاں ہم اختصار ملحوظ رکھتے ہوئے چند علما کے مجموعوں کا ذکر کرتے ہیں۔:

1۔غَرَرُالحِکم و دُرَرُالْکِلَم.

عبدالواحد بن محمد بن عبدالواحد العمید التمیمی الآمدی جو سید رضیؒ کے ہمعصر ہی تھے۔انہوں نے یہ شاندار کتاب تالیف کی تھی جو مصر و شام اور ہندوستان میں طبع ہو چکی ہے۔

2۔نَثرُاللَّالِیُ۔

عزالدین ضیاء الدین ابوالرضا، فضل اللہ راوندی نے اس کتاب میں کلام مرتضوی علیہ السلام جمع کیا تھا جو آج بھی برابر شائع ہو رہی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

3۔نُزْھَۃُ الادب اورنَثْرُ الدُّرَر۔

یہ کتاب جناب ابوسعید منصور بن الحسین الابی الوزیر متوفی 422 ھجری نے تالیف کی تھی اور کلمات امیرُالمومنین کا کافی ذخیرہ تھا۔

4۔دستور معالم الحِکم۔

قاضی ابوعبداللہ محمد بن سلامۃ القطاعی الشافعی متوفی 453 ھجری نے بھی حضرت علیؑ کے خطبے، حکمتیں، وصیتیں اور اشعار اس کتاب میں جمع کئے تھے۔ یہ بھی مصر سے شائع ہو چکی ہے۔

5۔تذکرہ خواص الامۃ۔

شمس الدین ابوالمظفر یوسف بن قزغلی حنفی المعروف بہ سبط ابن لجوزی متوفی 606 ہجری نے اپنے اسناد سے اس کتاب میں آنحضرتؐ کے خطبات کو جمع کیا اور لکھا ہے کہ:۔

**قَدْاَخْبَرْنَا السید الشریف ابو الحسن علی بن محمد الحسینی بِاَسْنَادِہٖ اِلَی الشریف المرتضٰی قَالَ وَقَعَ اِلَیَّ مِن خُطَبِ امیرالمومنین علیہ السلام .اربعمائۃ خطبۃ وکتابنا ھذایضیق عن حصرھافنشرفہ بِمَااتصل الینا اسنادہ ۔**

''سید شریف ابوالحسن، علی بن محمد الحسینی نے اپنی سندات کے ساتھ جو سید شریف مرتضٰی تک پہنچتی ہیں، مجھ سے بیان کیا کہ امیرالمومنین علیہ السلام کے چار سو خطبات اُن تک پہنچے ہیں۔ اور ہماری یہ کتاب اس ذخیرہ کو برداشت نہیں کر سکتی لہٰذا میں اس کتاب میں صرف وہ خطبات لکھوں گا جو اپنی سندات کے ساتھ مجھ تک پہنچے ہیں۔

6۔الفرائد والقلائد ۔

قاضی ابویوسف یعقوب سلیمان الاسفرائنی نے حضرت علیؑ کے چھوٹے چھوٹے حکمت آمیز بیانات کو اس کتاب جمع کیا تھا۔

7۔عیون الحکم والمواعظ و ذخیرۃ المتعظ والواعِظ۔

علی بن محمد اللیثی الواسطی آپ چھٹی و ساتویں صدی کے علما میں سے ہیں آپ نے حضورؐ کے مواعظ اور دعاؤں اور خطوط وغیرہ کو ایک بہت ضخیم کتاب کے لئے جمع کیا تھا چنانچہ۔ اس کتاب میں بھی آپ نے تیس (30) ابواب اور اکیانویں فصلوں میں بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا ہے کتاب کے دیباچے میں لکھا ہے کہ:۔

**فالزمت نفسی اَن اَجمَعُ قَلِیْلاً مِن حکمہ وَیَسِیْرًا من خطیر کلمہ مجموعۃ من بلاغاتہ وعظاتہ وآدابہ ومناجاتہ و اموامرہ ونواھیہ و زواجرہ ماتحرس البلغاعن ساجلتہ تبلس الحکماء من شاکلتہ ومااناعلم اللّٰہ تعالٰی الاّ**

Presented by Ziaraat.Com

**کالمغترف بالتقصیر فی وصفه فکیف لاوھوعلیه السلام الشارب مِن الینبوع النبو ی والحاوی من جنبه العلم اللاھوتی ۔**

’’میں نے اپنے اوپر لازم کرلیا ہے کہ میں آنحضرتؑ کے حکیمانہ کلام میں سے کچھ تھوڑا اوران کے وعظوں، مناجاتوں، احکام اور ڈانٹ ڈپٹ اور دوسرے بڑے ذخیرہ میں سے زیادہ سے زیادہ ایسا بلیغ کلام جمع کردوں جسے دیکھ کر علمائے فصاحت و بلاغت وحکمت مایوس ہوکر رہ جائیں اور مثال بن نہ پڑے۔ رہ گیا میں! میرا حال تو اللہ جانتا ہے کہ میں نے لامحدود سمندر میں سے ایک چُلّو سے کم لیا ہے اور میں آنحضرتؑ کی توصیف سے قاصر ہوں اور ایسا کیوں نہ ہو کہ حضرتؑ نے تو نبوّت کے چشموں کو پی رکھا ہے اور آپ کے اندر تو لاھوتی علم بھرا ہوا ہے۔‘‘

**8۔اَلنَّھْجُ الْقَوِیْم فی کلام امیر المومنینؑ ۔**

جناب مولیٰ حلف بن مطلب بن حیدر بن محسن از موالی آل مشعشع پدر سید علی والیٔ حویزہ معاصر شیخ بہاء الدین عاملی نے اس کتاب میں کافی ایسے خطبات جمع کئے جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں۔ (روضات الجنات باب الخا، صفحہ 266، اور آثار الشیعہ جلد4 صفحہ 198)

**9۔زُبْدة الحقائق۔**

اس کتاب میں جناب مولیٰ میر القاری الکوکبی الجیلانی، شاہ عباس صفوی کے ہمعصر نے کلام مرتضویؑ کو جمع کیا تھا۔

**10۔اَلصَّحِیْفَة العلویه و التحف المرتضویه ۔**

اس کتاب میں جناب شیخ عبداللہ بن الحاج صالح بن جمعہ بن شعبان بن علی سماہیجی نے حضورؑ کی دعاؤں مناجاتوں کو جمع کیا تھا۔

**11۔بحار الانوار جلد 17۔**

علامہ محمد باقر مجلسی نے حضرت امیر المومنین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خطبات وکلمات کو جمع کیا ہے۔

**12۔مستدرک نھج البلاغه۔**

علامہ شیخ ھادی النجفی آل کاشف الغطا نے اس کتاب میں ایسے خطبات وخطوط واقوال کو شائع کیا جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں۔

**13۔مستدرک نھج البلاغه رامپوری ۔**

جناب مولوی حکیم نبی احمد صاحب حنفی رامپوری نے بھی ایسے خطوط کو جمع کیا جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

14۔شرح ابن ابی الحدید۔

جناب ابو حامد عبد الحمید ابن ہبۃ اللہ معروف بہ ابن ابی الحدید نے اپنی شرح میں کئی ایک خطبات کا اضافہ کیا ہے جو نہج البلاغہ میں نہیں تھے۔

**42۔ایک ہزار سال سے مسلسل نہج البلاغہ کی تشریحات میں علما مصروف رہے ہیں۔**

علمائے اسلام نے کسی بھی انسانی کتاب پر اتنی توجہ نہیں دی جتنی نہج البلاغہ پر دی گئی ہے۔ایک ہزار سال میں علما نے نہج البلاغہ کی توضیحات وتشریحات پر کتابوں کے انبار لگا دیئے ہیں۔اگر نہج البلاغہ کی شروح ایک جگہ جمع کر لی جائیں تو ایک مستقل کتب خانہ بن جائے گا۔جن قابل قدر شارحین اور شرحوں کا تذکرہ علما کی زبانوں اور کتابوں میں جاری رہتا چلا آیا ہے ہم بھی اُن میں سے چند ایک کا ذکر کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔

**1۔السید سبط الحسن الھنسوی۔**

آپ نے نہج البلاغہ کی تائید وتصدیق میں اور دشمنان نہج البلاغہ کی تردید وتکذیب پر جو خدمت انجام دی ہے وہ اپنی مثال صرف آپ ہی ہے۔انہوں نے نہج البلاغہ پر ''منہاج نہج البلاغہ'' لکھ کر تمام مسلمانوں پر احسان عظیم کیا ہے۔اور ہر اس شبہ اور اعتراض کا اطمینان بخش جواب دیا ہے جو گزشتہ زمانوں سے لے کر اُن کے عہد تک وارد کئے گئے تھے۔یہ کتاب ہر اُس شخص کے لئے راہنما ہے جو نہج البلاغہ پر کچھ لکھنا چاہتا ہو۔نہج البلاغہ کی تصدیق اور دفاع میں یہ آخری دستاویز ہے۔اس سلسلے میں اب جو کوئی کچھ بھی لکھے گا وہ اسی کتاب کی نقل یا چربہ ہوگا۔چنانچہ ہم نے بھی اس کتاب سے استفادہ کیا ہے اور اسی لئے تمام شارحین نہج البلاغہ سے پہلے اُن کو شمار کیا ہے۔

**2۔السید علی بن ناصر۔**

آپ حضرت رضیؓ کے ہمعصر تھے اور نہج البلاغہ کی شرح ''اعلام نہج البلاغۃ'' کے نام سے اُسی زمانہ میں لکھی تھی جو سب سے پہلی شرح ہے۔الفاظ کے معنی اور مطالب بیان کرنے میں قابل داد محنت کی ہے۔

**3۔شیخ کمال الدین میثم ابن علی ابن میثم البحرانی (متوفی 679ھ)۔**

آپ علمائے شیعہ میں بلند مقام رکھتے تھے اور نہج البلاغہ کی تائید وتشریح کرنا اُن کے عقاید کو اور بھی واضح کر دیتا ہے۔اُن کی شرح خود اُن کے نام سے ''شرح ابن میثم'' کہلاتی ہے اور شائع ہوتی چلی آرہی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

**4۔الشیخ ابی الحسن بن ابی قاسم زید بن محمد بن علی البیہقی نیشاپوری۔**

آپ فرید خراسان کے لقب سے مشہور اور علامہ ابن شہر آشوب کے استاد بھی تھے۔آپ نے نہج البلاغہ کو حسین بن یعقوب سے پڑھا تھا۔اور پھر نہایت قابل قدر شرح لکھی تھی۔

**5۔ابوحامد عبدالحمید ابن ہبۃ اللہ مدائنی بغدادی متوفی 655ھ۔**(ابن ابی الحدید)

آپ کی شرح تمام شروح میں مشہور اور ضخیم ہے۔آپ معتزلی العقیدہ تھے۔نہج البلاغہ کی تائید وتصدیق میں انہوں نے جو عظیم الشان ذخیرہ اپنی شرح میں جمع کیا ہے اُس سے اُن کے بعد کے شارحین ومترجمین آج تک استفادہ کرتے چلے آرہے ہیں۔معتزلی مذہب میں حضرت علی علیہ السلام کو تمام صحابہ سے افضل مانا جاتا ہے۔مگر ساتھ ہی وہ خلفائے ثلاثہ کو برحق خلفا مانتے ہیں۔اس لئے علامہ نے اپنی شرح میں سارا زور اُن کے تحفظ پر صرف کیا ہے اور قریش کی خانہ ساز روایات لا لاکر مطالب مرتضوی کا رخ موڑنے میں بھی کمال کر دکھایا ہے۔

**6۔قطب الدین ابوالحسن سعید بن عبداللہ الراوندی (متوفی 573 ھجری)**

آپ کی شرح کا نام ''منہاج البراعۃ'' ہے۔اس کا تذکرہ کتاب روضات الجنات اور کشف الحجب میں باقاعدہ کیا گیا ہے۔

**7۔الحاج میرزا ابراہیم خوئی متوفی 1325 ھجری۔**

یہ مشہور ومتداول شرح ''دُرّۂ نجفیہ'' کے نام سے مشہور ہے اور شرح ابن میثم سے متاثر ہوکر لکھی گئی تھی اس میں لغات کی تشریحات باقاعدہ کی گئی ہیں۔اور ابن میثم پر تنقید بھی کی ہے۔

**8۔سید حبیب اللہ خوئی متوفی 1326ھ۔**

یہ شرح بھی ''منہاج البراعۃ'' کے نام سے نہایت تفصیل سے لکھی گئی ہے اور ابن ابی الحدید پر تنقید بھی کی ہے۔ان کے علاوہ بہت سے شارحین اور شروح کے نام اول الذکر کتاب منہاج نہج البلاغہ میں موجود ہیں۔

**43۔نہج البلاغہ کو کلام مرتضویؑ ثابت کرنے والے چند علما کے بیانات کا اردو ترجمہ وتفصیل۔**

یہ تذکرہ ہو چکا ہے کہ چند ایک گنتی کے دشمنان حق کو چھوڑ کر تمام علمائے اسلام نہج البلاغہ کی تصدیق وتائید کرتے رہے ہیں۔ یہاں ہم منہاج نہج البلاغہ سے چند بیانات کا اردو ترجمہ پیش کرتے ہیں تاکہ وہ تحریک مکمل ہوجائے جو سید رضیؒ کی نہج البلاغہ نے پیدا کی تھی اور قارئین کو یہ معلوم ہوجائے کہ علمائے اہلسنت نے کن الفاظ ویقین کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا؟

Presented by Ziaraat.Com

**1۔علامہ شیخ کمال الدین محمد بن طلحہ القریشی الشافعی (متوفی 652ھ) نے لکھا ہے کہ:۔**

''علم بلاغت وفصاحت میں امیرؑ المومنین ''امام'' ہیں۔آپ کو اس میدان میں اتنی سبقت ہے کہ کوئی آپؑ کی گردِ راہ تک بھی نہیں پہنچ سکتا جو شخص حضرت علیؑ کے کلام کو نہج البلاغہ میں مطالعہ کرے اُس کے نزدیک حضرؑت کی فصاحت و بلاغت کی یہ خبر عینی شہادت ہو جائے گی اور حضرت کی بلندی مقام کے متعلق یہ ظن یقین واطمینان کا درجہ حاصل کر لے گا۔'' (کتاب مطالب السؤل صفحہ 98 طبع لکھنو۔) دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ:

''پانچویں قسم خطبے اور وعظ ہیں، جن کو کہ راویانِ صادق القول نے حضرتؑ سے روایت کیا ہے۔اور حضرؑت کی کتاب نہج البلاغہ ہے جو خطبوں، واعظوں اور احکام کی قسموں پر مشتمل ہے۔جن سے فصاحت و بلاغت کی روشنی نکلتی۔اور معانی و بیان کے چشمے پھوٹتے ہیں۔'' (مطالب السؤل صفحہ 198 طبع لکھو)

**2۔علامہ علاء الدین علی القوشجی الحنفی (المتوفی 875ھ) نے لکھا ہے کہ۔**

''حضرت علیؑ سب سے زیادہ فصیح اللسان ہیں۔جیسا کہ کتاب نہج البلاغہ اس پر شاہد ہے اور علم بلاغت کے علما کا یہ قول ہے کہ حضرؑت کا کلام خالق کا کلام سے پست اور مخلوق کے کلام سے بلند ہے'' (شرح مقاصد)

**3۔علامہ سعد الدین مسعود بن عمر التفتازانی (متوفی 791ھ) نے لکھا ہے کہ:**

''حضرت علیؑ سب سے زیادہ فصیح اللسان ہیں جیسا کہ کتاب نہج البلاغہ اس پر گواہ ہے'' (شرح مقاصد جلد 2 صفحہ 301 طبع استامبول)

**4۔علامہ احمد بن گازرونی نے فرمایا کہ:**

''جو شخص بغور وتامل حضرت علیؑ کے کلام کو دیکھے اور آپؑ کے خطوط، خطبات ورسائل پر نظر کرے تو سمجھے گا کہ بعد رسوؐل کسی کا علم حضرتؑ کے علم کے مقابل میں نہیں بلکہ آپ کا علم سے سے بہتر ہے اور آپؑ کے فضائل کسی کے فضائل سے مشابہ نہیں بلکہ سب سے بالاتر ہیں۔اور منجملہ اس کے ہے کتاب نہج البلاغہ بخدا تمام فصحاء کی فصاحت اور تمام بلغاء کی بلاغت اور تمام حکماء کی حکمت آپؑ کے مقابلے میں پست تر ہے کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا۔(مفتاح الفتوٰی۔حالاتِ امیر المومنینؑ)

**5۔علامہ شیخ احمد بن مصطفٰی معروف بہ طاشکیری زادہ نے لکھا ہے کہ:**

''قاضی بغداد قوام الدین یوسف، خدا بخشے، شریف، عالم، صالح، متشرع، زاہد، باوقار اور پر ہیبت تھے۔انہوں نے تجرید کی شرح لکھی جو جامع فوائد ہے۔اور کتاب نہج البلاغہ کی شرح لکھی جو کلام امام ھمام علیؑ بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ہے۔'' (کتاب شقائق

Presented by Ziaraat.Com

النعمانیہ فی علماودولۃ العثمانیہ برحاشیہ وفیات الاعیان جلد2 صفحہ 469 طبع مصر)

**6۔ جناب الاستادالاکبر شیخ محمد عبد ربہ مفتی دیار مصریہ اور شارح نہج البلاغہ نے لکھا ہے کہ:**

''وہ کتاب جس میں یہ سب اوصاف موجود ہیں یہی ہے جسے سید شریف رضی رحمۃ اللہ نے منتخب کیا ہے کلام سیدنا ومولانا امیرؑ المومنین کرم اللہ وجہ سے اور اُس کے متفرقات کو جمع کیا اور نہج البلاغہ کے نام سے موسوم کیا۔ اور میں تو اس سے بہتر کوئی نام نہیں جانتا جو اپنے معانی پر دلالت کر سکے اور نہ مجھ میں اس کی قدر ہے کہ اس سے زیادہ اُس کی توصیف کر سکوں جو خود نام سے ظاہر ہے۔ اور نہ اس کی کتاب کے فضل ومرتبت کو اس سے زیادہ بتا سکتا ہوں۔ جسے خود جامع نے شروع کتاب کے مقدمہ میں بیان کیا ہے۔ اگر شکر منعم واجب نہ ہوتا اور محسن کا احسان ظاہر کرنا لازم نہ ہوتا تو اس کی ضرورت نہ تھی کہ ہم اس کتاب نہج البلاغہ کے محاسن وفوائد پر کچھ متنبہ کرتے کہ کس کس طرح اس نے فنون فصاحت کی تعلیم دی، اور وجوہِ بلاغت کی ہدایت کی، کلام کی کوئی غرض ایسی نہ رہی ہو جو اس کتاب کی بدولت پوری نہ ہو اور نہ قوت فکر کے لئے باقی رہی جس کی اس نے رہنمائی نہ کی ہو۔

**مفتی محمد عبد ربہ آگے چل کر پھر لکھتے ہیں کہ:**

''عرب اہل زبان میں ہر شخص اس بات کا قائل ہے کہ حضرت امام علیؑ ابن ابی طالبؑ کا کلام خدا اور رسولؐ کے کلام کے بعد شرف وبلاغت میں سب سے زیادہ معنی خیز اور انداز بیان میں بلند تر اور بزرگ ترین معانی کے لحاظ سے زیادہ جامع ہے۔ لہٰذا عربی علم ادب کے نفیس ذخیروں کے طلبگاران اور اس کے بلند مرتبوں میں تدریجی ترقی کے آرزومندوں کے لئے بہترین ذریعہ ہے۔ کہ وہ اس کتاب نہج البلاغہ کو اپنے محفوظات ومنقولات میں اہم اور بہترین درجہ عطا کریں۔ اس کے ساتھ اس کے معانی کو سمجھنے کی کوشش بھی کریں اُن مقاصد کے لحاظ سے جن کے لئے وہ معانی لائے گئے ہیں اور الفاظ میں غور کریں اُن معانی کے لحاظ سے جن کے ادا کرنے کے لئے وہ الفاظ ڈھالے گئے ہیں تا کہ اُس کے ذریعے سے اس کا بہترین مقصد حاصل ہو'' (مقدمہ نہج البلاغہ مشرح محمد عبدہ)

**7۔ استاد شیخ محمد حسن نائل المرصفی مصری شارح نہج البلاغہ نے مقدمہ میں لکھا کہ:**

''میدان فصاحت وبلاغت میں سب سے آگے بڑھنے والے شہسوار حضرت علی صلوات اللہ علیہ ہیں۔ اس دعوے کے اثبات کے لئے نہج البلاغہ کے بعد کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ کتاب وہ ہے جسے اللہ نے اس امر کی واضح حجت قرار دیا ہے۔ کہ حضرت علیؑ قرآن کے نور واعجاز، اُس کی حکمت وبلاغت اور علم وہدایت کی زندہ مثال ہیں۔ یہ کتاب جو حضرتؑ کے بہترین آثار ہونے کی حیثیت سے آپؑ کے فضل وشرف پر گواہ ہے۔ اس میں وہ سب کچھ موجود ہے جسے آپ اعلیٰ علم وحکمت کے آیات، صحیح سیاست کے اصول وقواعد اور

Presented by Ziaraat.Com

روشن مواعظ ومحکم دلائل کی حیثیت سے بڑے بڑے حکماء سر برآوردہ فلاسفہ و باکمال علمائے ربانی کے یہاں بھی نہ پاسکیں گے۔اس کتاب میں علیؑ ابن ابی طالب ،قلزم علم دین و دریائے سیاست وتدبیر میں شناوری کرنے اور اس میں ڈوب کر تہہ کی خبر لانے والے ہیں۔علمی، سیاسی، دینی مسائل کا جاننے والا آپ سے بہتر کوئی دوسرا نہیں ہے۔آپ کو سب پر فوقیت حاصل ہے۔علمی حیثیت کو معلوم کرنے کے بعد اگر نہج البلاغہ کے ادبی مرتبے کو معلوم کرنا چاہو تو بس یہ کہنا کافی ہے کہ باکمال کاتب وادیب، قادرالکلام شاعر وخطیب کو یہ قدرت نہیں کہ اس کتاب کی ادبی خوبیوں اور محاسن کلام کو جیسا چاہئے بیان کر سکے۔ہاں اتنا سمجھ لو کہ صرف یہی ایک ایسی کتاب ہے جس میں حضارت و تمدن کو خوبیاں لطافت اور بداوت وعصر جاہلیت کی شیوہ بیانیاں وفصاحت کا اجتماع ہے۔اور تنہا یہی کتاب ایک ایسی منزل ہے جس میں حقیقت نے اطمینان وسکون کے ساتھ قیام کیا ہے۔جب کہ دوسری زبانوں میں قیام ممکن نہ ہوسکا۔اس بنیاد پر میں یہ کہتا ہوں کہ نہج البلاغہ اُن علمی وادبی کتابوں کی طرح نہیں جن سے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔بلکہ وہ ایک ایسی مثالی کتاب ہے جس میں ایک پاکیزہ و باشرف روح جلوہ نما ہے۔اس کتاب کا پڑھنے والا عصبیتِ حق ،شدّتِ دین اور حکمت وسیاست کو حاصل کرتا ہے۔میرے نزدیک وہ لوگ جو اس ملک کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں۔اُن کو چاہئے کہ وہ اپنے اصلاحی امور میں اس کتاب کو اپنا رہبر بنائیں۔عام اس سے کہ وہ اصلاح علمی، دینی یا لسانی ہو،اور ہماری قوم کے ابھرنے والے نوجوان اگر نہج البلاغہ کے عبارات ومطالب سے متاثر ہوں تو وہ عقل وزبان کی اس قوت تک پہنچ سکتے ہیں جس کی ہم سب تمنا کرتے ہیں اور جس مرتبہ کمال تک رسائی کی مستقبل قریب میں ہم دوست رکھتے ہیں (شرح نہج البلاغہ شیخ محمد حسن نائل مرصفی مقدمہ شارح صفحہ 6 تا3 طبع دارالکتب العربیہ مصر)

## 8۔استاد محمد الزھری الغمرادی۔

مذکورہ بالا شرح میں استاد محمد الزھری نے بھی اپنا مقدمہ لکھا ہے جس میں علی علیہ السلام اور نہج البلاغہ پر لکھا ہے کہ:''طبقہ اصحاب میں کسی ایک سے بھی اتنے آثار علمیہ کو نہیں نقل کیا گیا جس قدر کہ امیر المومنین علیؑ سے نقل کیا گیا ہے۔حضرت کے مقالات، وعظ ونصیحت، آداب وحکمت تہذیبِ نفس، سیاستِ مدن، مسائلِ توحید ومباحثِ الہیّات، اشاراتِ غیبی اور مخالفین کے جوابات پر مشتمل ہیں لہٰذا کتاب نہج البلاغہ حضرت کے بہترین کلام کو اپنے میں سموئے ہوئے ہے جس کو شریف رضی ابوالحسن محمد بن طاہر نے جمع فرمایا ہے۔''(مقدمہ شرح المرصفی مذکور)

## 9۔استاد محمی الدین عبدالحمید پروفیسر لغت عربی جامعہ ازھر۔

انہوں نے بھی نہج البلاغہ کی شرح اور حواشی لکھے ہیں جو علامہ محمد عبدہ کی شرح کے ساتھ مطبع استقامہ مصر سے شائع ہوئی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

اس میں آپ کا مقدمہ بھی ہے جس میں لکھتے ہیں کہ:

''یہ کتاب نہج البلاغہ امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ کے کلام کا وہ انتخاب ہے جسے شریف رضی ابوالحسن محمد بن حسن موسوی نے جمع کیا ہے یہ وہ کتاب ہے جو اپنے اندر بلاغت کے نمایاں خصوصیات اور اس کے ھُنروں کو لئے ہوئے ہے اور دیکھنے والے کے لئے اس میں تمام اسباب فصاحت کے فراہم ہیں۔اور ثمرہ اس کے سامنے موجود ہے۔اس لئے کہ یہ اس بزرگ کا کلام ہے جو رسوؐل اللہ کے بعد تمام خلق خدا میں فصاحتِ گفتار اور قدرتِ کلام اور قوتِ استدلال میں سب سے زیادہ تھا۔اور لغات عرب پر سب سے زیادہ قابو رکھتا تھا۔کہ جس صورت میں چاہتا تھا انہیں گردش دیتا تھا۔وہ حکیم کام جس کے بیان سے حکمت کے سبق حاصل ہوتے ہیں۔اور وہ خطیب جس کی جادو بیانی دلوں کو بھر دیتی ہے۔وہ عالم جس کو کمسنی ہی سے وہ خصوصیات حاصل ہوئے جو کسی دوسرے کو حاصل نہیں تھے۔وہ بچپنے ہی سے رسوؐل کے ساتھ رہا۔کتابت وحی کی اور تیغ وزبان دونوں ہی سے دین کی نصرت کی۔(نہج البلاغہ مع شرح محمد محی الدین)

ہم علمائے کرام کے بیانات پر اپنے ریمارک دے کر طوالت نہیں چاہتے۔ورنہ یہاں کم ازکم یہ سوال ضرور کرنا تھا کہ کتابت وحی کرنا تو ہر پڑھے لکھے آدمی کے لئے آسان سا کام تھا۔بتانے کی بات تو یہ تھی کہ جناب علی مرتضٰی علیہ السلام نے کتابت کب، کس سے اور کس قدر سیکھی اور تیغ زنی کی تعلیم انہیں کب اور کس سے ملی؟

**10۔مشہور ادیب وخطیب شیخ مصطفٰی غلائنی استاذ التفسیر واللغۃ والادب العربیہ فی کلیۃ الاسلامیہ بیروت۔**

انہوں نے اپنی کتاب اریج الزھر میں زیرعنوان'' **نهج البلاغه و اساليب الكلام العربى** ''ایک مقالے میں لکھا ہے کہ:

''بہترین چیز جس کا مطالعہ لازم ہے اُس شخص کو جو زبان عربی کے بلند معیارِ تحریر کو حاصل کرنا چاہتا ہے۔وہ حضرت امام علی رضی اللہ عنہ کی کتاب نہج البلاغہ ہے۔یہ کتاب وہ ہے جس کے لئے خاص طور سے میں نے اس مضمون کی بنیاد ڈالی ہے کیوں کہ اس کتاب میں بلیغ کلام اور حیرت انگیز طرزِ تحریر اور جاذب نظر معانی اور مختلف عظیم الشان موضوعات ومقاصد کے خصوصیات ایسے ہیں جو مطالعہ کرنے والے کو، اگر صحیح ذوق رکھتا ہو اور پورے طور سے اس کی مزاولت رکھے تو فصیح وبلیغ انشاپرداز اور مقرر بنا سکتے ہیں۔میں دعوت دیتا ہوں اس یادگار کتاب کی طرف اُن لوگوں کو جو عربی کے بلند اسلوبِ تحریر کے اور کلامِ بلیغ کے مشتاق ہیں کہ وہ اس کتاب میں اپنے مقصد کو پورے طور سے موجود پائیں گے۔

**11۔علامہ یعقوب لاھوری نے لکھا ہے کہ:**

''حضرتؑ سب سے زیادہ فصیح ہیں۔پس جو شخص چاہے کہ حضرتؑ کی بلاغت کا مشاہدہ کرے اور حضرتؑ کی فصاحت کو سننے تو

Presented by Ziaraat.Com

لازم ہے کہ وہ کتاب نہج البلاغہ کو دیکھے ۔کسی طرح بھی یہ سزاوار و مناسب نہیں کہ ایسے کلام بلیغ کی نسبت ایک مرد شیعی کی طرف کی جائے ۔رہا یہ امر کہ نہج البلاغہ میں بعض الفاظ ایسے ہیں جن سے مخالفتِ مذہب اہلسنت کا وہم پیدا ہوتا ہے ۔تو اُس کے لئے محامل و تاویلات ہیں ۔تمام بلیغوں کا یہ فیصلہ ہے کہ حضرت کا کلام تحتِ کلام خالق اور فوق کلام مخلوق ہے'' (منہاج نہج البلاغہ صفحہ 43 تا 36)

جو کچھ لاہوری صاحب نے فرمایا ہے وہ بھی تجربہ کے بعد فرمایا ہے وہ جانتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے جو کچھ فرمایا وہ غلط نہیں ہوسکتا لہٰذا نہج البلاغہ سے اُن کے مذہب کا باطل ہونا ثابت ہے ۔اور یہ کوئی اچھا نتیجہ نہیں ہے اُن کے تمام صحابہ اور بعد کے تمام علما و عوام گمراہ کہلائیں ۔لہٰذا قدیم نسخہ بتادیا کہ تاویل کرو اور دین بچاؤ ۔

## 44۔نہج البلاغہ نے آخر علمی دنیا کو فتح کرلیا فتح کا سہرا مفتی محمد عبدربہ کے سر بندھا۔

مکذبین نہج البلاغہ اور تمام دشمنان اسلام آخر ناکام و نامراد ہوئے اور نہج البلاغہ نے ساری دنیا میں عموماً اور عربی دنیا میں خصوصاً اپنا اقتدار قائم کرلیا۔نہج البلاغہ کی یہ فتح اور کامیابی کسی شیعہ عالم کے حصہ میں نہ آئی بلکہ اللہ نے اس کام کے لئے بھی اہلسنت عالم کا انتخاب کیا اور اس کو یہ عزت بخشی کہ وہ نہج البلاغہ کو مسلمانوں کے علمی مراکز میں پہنچائیں تمام علما اور طالب علموں کو نہج البلاغہ سے متعارف کریں ۔تمام مدرسوں ،کالجوں اور یونیورسٹیز کے نصاب میں اُسے داخل کریں اور مسلمانوں میں نہج البلاغہ کی مدد سے عظیم الشان اور طلیق اللسان علما کا ایک ایسا طبقہ پیدا کریں جو تحریکِ نہج البلاغہ کو پھیلاتا اور آگے بڑھاتا چلا جائے ۔چنانچہ جناب مفتی دیار مصر و بیروت جناب الشیخ محمد عبدربہ رحمۃ اللہ علیہ نہج البلاغہ کے وہ مبلغ اعظم ،ثابت ہوئے جنہوں نے ساری دنیا کو نورِ مرتضویؑ سے منور کردیا۔مگر اس کے باوجود شیعوں کی درسگاہیں برابر تاریکی میں رکھی گئیں اور یہ تاریکی اُس وقت تک قائم رہے گی جب تک ان کے قلوب و اذہان پر اجتہادی جمود مسلط و طاری رہے گا۔یہی وہ جمود تھا جس کے دباؤ سے سید رضیؒ نے بہت سے خطبات کو نہج البلاغہ میں نہ لکھا۔یہی وہ جمود ہے جس نے شیعہ علما کو نہج البلاغہ سے دور دور رکھا اور یہ بھی اہلسنت علما ہی کے حصہ میں آنا تھا کہ وہ حضرت علی علیہ السلام کے اُن کے خطبوں کو اُمت کے سامنے پیش کریں جنہیں مجتہد مشرکین شرک قرار دیتے ہیں ۔ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ تعلیمات نہج البلاغہ کی نشر و اشاعت میں جتنا حصہ اور محنت اہلسنت علما کی ہے اتنی شیعہ علما کی نہیں ہے ۔یہی نہیں بلکہ شیعہ لیبل کے مجتہدین ان علمائے شیعہ کو بُرا کہتے رہے جنہوں نے اِن کے ناپسندیدہ خطبات کو اپنی کتابوں میں لکھا اور آگے بڑھایا۔بہرحال حق بڑھتا رہا بڑھتا رہے گا اور ایک دن مکمل حیثیت سے تمام تصورات و مذاہب پر غالب آجائے گا۔

Presented by Ziaraat.Com

## 45۔نہج البلاغہ کی مدح وثنااور تفہیم میں محمد عبدہ سید رضیؒ سے بھی کہیں زیادہ ثابت ہوئے۔

قارئین کرام نے سید رضیؒ کا مقدمہ یا افتتاحیہ پڑھا اور اس میں کلام مرتضویؑ کی عظمت اور مدح وثنا دیکھی ہے ہم چاہتے ہیں کہ جناب مفتی صاحب اعلی اللہ مقامہ کے مقدمہ میں وارد شدہ مدح وثنا بھی پڑھیں اور دیکھیں کہ وہ زبان عربی کا ایسا نمونہ اور شاہکار ہے کہ جس کا جواب نہیں لایا جاسکتا۔جس سے معلوم وثابت ہوگا کہ جناب مفتی صاحب نے کلام مرتضویؑ سے پورا فیض پایا ہے۔اور اس عملی نتیجے کو دیکھ اور پڑھ کر نوجوان طبقہ میں مبلغ ومقرر وخطیب بننے کی لگن اور نہج البلاغہ سے محبت پیدا ہوگئی تھی۔مفتی صاحب نہایت سادہ اور فطری طریقے پر اپنا افتتاحیہ شروع کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ میں کچھ پریشان حال اور ذہنی الجھنوں سے دوچار تھا کہ اچانک قانون مقدرات کے اشارے پر مجھے نہج البلاغہ دیکھنے کا پہلی مرتبہ جب اتفاق ہوا تو میں نے اُسے مختلف مقامات پر پڑھنا شروع کیا تو۔۔۔۔۔

**فَكَانَ يَخِيلُ لِيْ فِيْ كُلِّ مَقَامٍ اَنَّ حُرُوْبًاشَبَتْ وَغَارَاتُ شَنَتْ وَاَنَّ الْبَلاغَةَ دَوْلَةً ،وَفَصَاحَة صَوْلَةً . وَاَنَّ الْاَوْهَامَ عَرَامَةً وَالمريب دعارة.وانّ جحافل الخطابة وكتائب الذرابة .فى عقود النظام وصفوف الانتظام تنافح بالصيفح الابلج والقويم الاملج ،وتمتلج المهج برواضع الججح فتفل من دعارة الوساوس وتصيب مقاتل الخوانس فما انا الاوالحق منتصر والباطل منكسر ومرج شک فى خمود وهرج الريب فى ركود وان مدبر تلک الدولة و باسل تلک الصولة هو حامل لوائها الغالب اميرالمومنين علىؑ بن ابى طالب ،بل كنتُ كلّما انتقلبُ مِن موضع الى موضع اَحَسقُّ بتغير المشاهد و تحو ل المعاهد فَتَارةً كُنْتُ اجدنى فى عالم يغمره من المعانى ارواح عالية فى حُلُل مِن العبادات الزاهية تطوف عَلَى النفوس الزاكية وتدنو مِن القلوب الصافية توحى اِليها رشادها . وتقوم منها مرادها .وتنفر بها عن مد احض المزال .الٰى جواد الفضل والكمال .وطورًا كانت تتكشف لى الجمل عن وجوه باسرة وانياب كاشره وارواح فى اشباح النمور ومخالب النسور قد تخصرت للوثاب انقضت للاختلاب مخلبت القلوب عنَ هواها واخذت الخواطردون رماها واغتالت فاسد الاهواء وباطل الآراء . وَاَحْيَانًا كنتُ اَشَهدُاَنَّ عقلاً نورانيًا لايشبه خَلقًا جسدانيًا فصل عن موكب الالهى .و اتصل بالروح الانسانى . فخلعه عن غاشيات الطبيعة وسما به الٰى الملكوت الا علٰى ونمابه اِلٰى مشهدالنور الاجلى وسكن به اِلٰى عمار جانب التقديس .بعد استخلا صه مِن شوائب التلبيس .و آنات كَاَنِّىُ اَسمعُ خطيب الحكمت ينادى باعلىآء الكلمة واولىآء امر الامة يعرّفهم مواقع الصواب ويبصرهم مواضع ارتياب و يحذرهم مزائق الْاِضطراب**

Presented by Ziaraat.Com

**ویرشد ھم اِلٰی دقاق السیاسۃ ویھدیھم طرق الکیاسۃ ویر تفُع بھم الیٰ منصات الرٔیاسۃ ویصعدھم شَرف التدبیر ویشرف بھم علٰی حسن المصیر۔**

ہر مقام پر مجھے خیالات کی رَو وہاں پہنچا دیتی ہے جہاں میدان کارزار میں جنگ وجدل جاری ہے۔ حملے پر حملہ کیا جارہا ہے تلواریں چل رہی ہیں۔ بلاغت کا غلبہ ہے اور فصاحت پوری قوت وقدرت کے ساتھ حملہ آور ہے۔ اوھام شکست کھاتے جاتے ہیں الجھنیں اور گنجلکیں پسپا ہورہی ہیں۔ خطابت کی فوجیں نظم وضبط کے ساتھ صف بستہ ہیں، طلاقت لسانی کے لشکر نیزہ بازی اور تیغ زنی میں مصروف ہیں۔ وسوسوں کا خون بہایا جارہا ہے۔ اور اوھام کی لاشیں کٹ کٹ کر گر رہی ہیں۔ اور قریب ہے کہ حق غالب آچکا ہو اور گویا باطل مغلوب ہو چکا ہے۔ اور الجھنوں اور گنجلکوں کی آتش فروزاں ٹھنڈی پڑھ چکی ہے۔ شکوک وشبہات مٹ چکے ہیں۔ اور تصوراتِ باطل کا زور ٹوٹ چکا ہے اور اس فتح ونصرت کا سہرا حکومت الٰہیہ کے مدبر اور پرچم حق بلند رکھنے والے غالب علیؑ بن ابی طالبؑ کے سر بندھ چکا ہے۔ اور یہ بھی ہوا کہ جیسے ہی میں مطالعہ کے دوران، ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچا تو میں نے دیکھا کہ یکے بعد دیگر مناظر بدلتے جارہے ہیں نئے مواقع اور نظارے سامنے آرہے ہیں۔ کبھی میں نے خود کو ایسے عالم میں پایا کہ جہاں الفاظ کے معانی، روحوں کی صورت میں دلفریب عبارتوں کی پوشاک سے آراستہ پاکیزہ دل لوگوں کا طواف کررہی ہیں اور اُن کے پرخلوص دلوں میں اتر کر انہیں راست روی اور ہدایت کی وحی کررہی ہیں اُن کی نفسانی خواہشوں اور گھٹیا میلانات کو فنا کررہی ہیں لغزشوں اور خامیوں سے متنفر کر کے اُن میں فضل وکمال حاصل کرنے کی لگن پیدا کررہی ہیں۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے کچھ ایسے جملے سامنے آکھڑے ہوتے ہیں جو تیوریاں چڑھائے ہوئے خونخوار دانت نکالے ہوئے ھولناک شکل میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ اور ایسی روحیں ہیں جو چیتوں کی طرح اور شکاری پرندوں کے پنجے لئے ہوئے اور اچک کر حملے کیلئے تیار اور پھر شکار پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ اور دلوں میں سے خواہشات نفسانیہ کو جھپٹ لے جاتے ہیں اور ضمیر کو پستیوں سے نکال دیتے ہیں، باطل عقائد کا ستیاناس کردیتے ہیں۔ اور کبھی یہ دیکھتا ہوں کہ ایک نورانی عقل ہے جو مادی بدن رکھنے والی مخلوقات سے قطعاً مشابہ نہیں ہے وہ درگارہِ خداوندی سے چل کر انسانی روح تک پہنچی اور اُسے جسمانی کثافتوں اور مادی پردوں سے باہر نکالا اور اسے لے کر عالم ملکوت میں پہنچی اور تجلیات الٰہی کے مرکز تک بلند کردیا۔ اور پھر اُسے عالم قدس میں اس طرح بسا دیا کہ اب وہ تمام مصنوعی و مادی ملاوٹوں سے پاک اور خالص ہو چکی تھی ایسے لمحات بھی آئے کہ گویا میں ایک ایسے مقرر کی تقدیر سن رہا ہوں جو سراپا حکمت ہے۔ اور جو بآواز بلند اُمت کے صاحبان اقتدار اور حکمرانوں کو للکار رہا ہے۔ اور غلط کاری اور راست روی کے مواقع کا تعارف کرا رہا ہے۔ انہیں الجھانے والے مقامات سے خبردار کررہا ہے اور بے بس ہو جانے کی صورتوں سے بچنے کے طریقے بتاتا جارہا ہے سیاسی پیچیدگیوں سے

Presented by Ziaraat.Com

محفوظ رہنے کا طریقہ سمجھا رہا ہے۔اور تدبر اور حکمت کی راہیں دکھا رہا ہے۔اور نہیں حکومت کے کلیدی عہدوں پر بلند کر رہا ہے انہیں تدبیری بزرگیوں پر فائز کر رہا ہے اور یوں انہیں آخری منزل میں بہترین مقام حاصل کرنے کی عزت بخش رہا ہے''

اس مقدمہ کے حسن فصاحت و بلاغت سے قطع نظر کر کے یہ دیکھئے کہ مفتی علیہ الرحمہ نے حضرت علی علیہ السلام کا وہ مقام پیش کر دیا جو حقیقی شیعوں کا حقیقی عقیدہ ہے۔اس میں وہ تعلیماتِ علوؑیہ کی ابتدا سے انتہا تک کا نچوڑ پیش کرتے ہیں۔وہ دکھاتے ہیں کہ حضرت علیؑ ہی وہ ذات پاک ہیں جو اُمت کو تمام الجھنوں،شکوک وشبہات اور گمراہ کن راہوں سے محفوظ رکھتے ہوئے راست رو بنا سکتے ہیں جو انہیں زمین سے اٹھا کر عرش معلیٰ اور بارگاہ خداوندی تک لے جا سکتے ہیں۔جو اُن کو مادی مخلوق سے نوارنی ہستیاں بنانے کی قدرت رکھتے ہیں۔جو سیاست وکیاست وتدبر وتدبیر کی ہر صورت پر مطلع اور اُن کی تعلیم دے سکتے ہیں۔اور جو اپنی تقریروں سے ایک طوفان خیز انقلاب پیدا کر سکتے ہیں۔اس صورت کا منفی پہلو قاری کی سمجھ میں خود ہی آ سکتا ہے۔اس کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوئے بغیر رہ ہی نہیں سکتا کہ اس قابلیت اور قدرت کے شخص کو اُمت کا سربراہ کیوں نہ بنایا گیا؟ کیوں اُس کی اس ہمہ گیر اہلیت کو برسر کار نہ آنے دیا گیا؟ قاری کے اس سوال کو قرآن نے اس اُمت پر مواخذہ کے دوران بطور اعتراض پیش کیا ہے پہلے وہ نظارہ دکھایا ہے جہاں اعمال کا وزن کیا جا رہا ہے۔اور بے وزن یا کم وزن اعمال والے لوگ جہنم میں داخل ہو رہے ہیں ( مومنون 23/102،23/103) پھر جہنمیوں کی بے چینی پر (23/104) یہ سوال کیا گیا ہے کہ:'' کیا تم نے میری اُن آیات کو نہیں جھٹلایا تھا جو تمہارے سامنے تلاوت کی جاتی رہی تھیں؟'' (23/105) جہنمیوں نے یوں اقرار کیا ہے کہ:''ہم پر ہماری بدبختی غالب آ گئی تھی اور بحیثیت مجموعی ایک گمراہ قوم بن کر رہ گئے تھے'' (23/106) ساتھ یہ درخواست کی جاتی ہے کہ'' پروردگار ہمیں جہنم سے نکال لے اگر ہم اس کے بعد بھی سابقہ رویہ اختیار کریں تو ہم واقعی ظالم ہی ہوں گے (23/107) اللہ نے فرمایا کہ:'' دفع ہو جاؤ اور مجھ سے بکواس نہ کرو'' (23/108) اب اللہ وہ صورت حال بیان کر کے اُن پر اعتراض کرتا ہے کہ:'' واقعی صورت حال یہ تھی میرے بندوں میں کا ایک فرقہ ہمارے روبرو اپنے ایمان کا اعلان کیا کرتا تھا اور ہم سے تحفظ اور رحم کی درخواست کرتا رہتا تھا (23/109) اور تم نے اُس فرقے کو قوت کے بل بوتے پر جبراً اپنی رعایا بنا کر اپنے زیردست مسخر کر کے رکھا تھا اور اس وقت تک زیردست و بے بس رکھا جب تک کہ انہوں نے تمہیں میرے دین کو بالکل بھلا کر بے دینی کی راہوں میں بھٹکا نہ دیا۔اور تم پھر بھی اُن کا مذاق اڑاتے رہے۔چنانچہ ہم اُن کو اُن کے صبر واستقامت کی جزا میں فائز المرام کرتے ہیں'' (مومنون 23/110-111)

مطلب دونوں طرح واضح ہے کہ ایک قوم نے آیات کے معنی بدلے،حقیقی سربراہ اسلام کی حکومت کو جھٹلایا،اپنی قومی حکومت

Presented by Ziaraat.Com

قائم کرنے کے لئے اُسے اور اس قسم کے تمام مسلمانوں کو اپنا زیردست اور مجبور رعایا بنا کر رکھا۔ یعنی اُمت نے قومی حکومت کو اُن تمام چیزوں پر ترجیح دی جو علیؑ فراہم کر سکتے تھے۔ (تفصیلات سورہ مومن تشریح نمبر 12 میں دیکھیں)

بہر حال علامہ محمد عبدہ رحمتہ اللہ علیہ نے نہج البلاغۃ کو مصر و بیروت و عراق میں پھیلایا اور تحریری و تقریری طور پر علما و عوام کو بتایا کہ اگر تم نے نہج البلاغہ نہ پڑھی تو تمہارا علم و دین ادھورا رہے گا۔ انہوں نے خود نہج البلاغہ کی شرح لکھی اور اُن کے بیانات و تبلیغ کی بنا پر بہت سے علما نے نہج البلاغہ کو اپنا دستور العمل بنایا اور علامہ کے ممنون احسان ہوئے اور تقریر و تحریر سے خود بھی نہج البلاغہ کی نشر و اشاعت میں مشغول ہیں۔ ہم خود بھی علامہ کے لئے دعا گو ہیں اور اپنے قارئین سے بھی التماس و درخواست کرتے ہیں کہ علامہ کے لئے بلندی مراتب کی دعا فرمائیں۔

## 46۔ قریشی حکومتوں کی خودساختہ تاریخ، اسلام کے حقیقی ریکارڈ کو تباہ کرنے کے بعد مستند ہوئی۔

ہم نے اپنی تمام ہی تصنیفات میں اس حقیقت کو سامنے رکھا ہے کہ جسے دنیا اسلامی تاریخ کہتی یا سمجھتی چلی آ رہی ہے۔ وہ ایک فراڈ ہے۔ وہ قریشی حکمرانوں کا تیار کرایا ہوا ایک ناول یا افسانہ ہے۔ اس کا تعلیمات اسلام اور حقائق قرآنیہ سے چند ناموں اور اصطلاحات کے علاوہ کوئی رشتہ یا تعلق نہیں ہے۔ اور اس کے ثبوت میں ہم نے قرآن کریم سے مفصل دلائل پیش کئے ہیں اور اسی سلسلے کا ایک بیان سابقہ عنوان میں سورہ مومنون (111 تا 23/102) سے سامنے آ چکا ہے۔ اور نہج البلاغہ بھی اس عنوان پر روشنی ڈالے گی۔ اس فراڈ کے لئے دو چیزیں لازم و ملزوم تھیں۔ اول یہ کہ اسلام کی حقیقی تعلیمات کو مٹایا جائے یا مٹنے دیا جائے۔ دوم یہ کہ ہر اسلامی تعلیم کے جواب میں ایک تعلیم گھڑ کے قوم میں پھیلائی جائے۔ چنانچہ قرآن میں جہاں جہاں تحریف کا ذکر ہوا ہے۔ (مثلاً 5/13,5/41 وغیرہ) وہاں یہ بتایا گیا ہے کہ قریشی دانشور قرآن کے معنی بدل کر ایک دوسرا تصور اسلام کے نام پر تیار کر رہے تھے۔ پھر جہاں جہاں آیات کی تکذیب کا تذکرہ ہوا ہے، جو سیکڑوں جگہوں پر ہے۔ وہاں بھی یہ بتایا ہے کہ قریش آیات کے حقیقی تصور کی جگہ ایک خودساختہ تصور رکھ کر اصلی تصور کو جھٹلا رہے ہیں۔ اور اس عملدرآمد میں قریشی قوم اس حد تک چلی گئی تھی کہ اللہ و رسولؐ نے یہ فیصلہ قرآن کے اندر ریکارڈ کر دیا کہ ''رسولؐ کی قوم نے تعلیمات قرآن سے ہجرت کر کے اپنے لئے ہدایات کا دوسرا مرکز اختیار کر لیا ہے (فرقان 25/30 اور 4/60) اور اس دوسرے مرکز کی ہدایات کے ماتحت قریشی لیڈروں سے دو یاروں نے تعلیماتِ رسولؐ کے خلاف ایک اور راہِ عمل اختیار کر لی ہے۔ (فرقان 29 تا 25/27 اور نسا 4/150)

Presented by Ziaraat.Com

**47۔عہد رسولؐ کے بعد تعلیماتِ رسولؐ کو جبراً بند کر دیا گیا ورنہ موت۔**

یہ بات مع ثبوت گزر چکی ہے کہ پہلی ہی حکومت کے زمانہ سے رسولؐ کے بیانات دینے والوں کو سزائے قتل وقید و بند سے خاموش کر دیا گیا تھا۔ پھر چوتھی مخالف اور حقیقی جانشین حکومت نے بھی لوگوں کو حقیقی تعلیمات پیش کرنے پر قتل و غارت کی سزائیں دیں اور:

**48۔عہد معاویہ میں اپنے بزرگ اور اولین خلفا کے فضائل اور جھوٹی و مصنوعی تاریخ تیار کی گئی۔**

حکم عام دیا کہ خلفائے ثلاثہ کی شان میں احادیث گھڑی جائیں اور ہر اس حدیث کے مقابلہ پر احادیث تیار کی جائیں جو علیؑ کے لئے رسولؐ نے بیان کی ہو۔ چنانچہ یہ فرمان جاری ہوا کہ:

**فَاِذَاجَآءَ کُمْ کِتَابِیْ ھٰذَا فاد عو الناس اِلَی الرِّوَایَۃِ فِی فَضَائلِ الصَّحَابَۃِ والخلفاء الاولین ولاتترکوا خبرًا یرویہ احدً مِنَ المسلمین فی ابی تراب اِلا واتونی بمناقض لَہٗ فی الصحابۃ مفتعلۃ فَاِنّی ھٰذا اَحبّ اِلَیَّ وَاَقرّ لِعَینی و ادحض لحجۃ ابی تراب وشیعتُہ ۔**(شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جلد 3 صفحہ 15-16 طبع مصر)

ترجمہ: ''میرے اس خط کے ملتے ہی تم لوگ فوراً لوگوں کو دعوت دو کہ وہ ہمارے مخصوص صحابہ اور پہلے تینوں خلفا کے لئے فضائل کی روایتیں تیار کریں۔ اور کوئی ایسی حدیث نہ رہنے پائے جو لوگوں میں ابوترابؑ کے لئے بیان کی جاتی ہو اور اس کے مقابلہ میں ہمارے صحابہ کے لئے ویسی ہی روایت بنا نہ لی جائے یہ کام مجھے بہت ہی محبوب ہے اور (علیؑ پر غضبناک رہنے والی) میری آنکھوں کو ٹھنڈا رکھتا ہے اور علیؑ اور شیعان علیؑ کی حجت کو توڑتا ہے''

**49۔روایات بنتی اور مساجد و مکاتب اور اہلکاروں کے ذریعہ مملکت میں پھیلتی رہیں۔**

علامہ ابن ابی الحدید پھر لکھتے ہیں: **فرویت اخبار کثیرۃ فی مناقب الصحابۃ مفتعلۃ لاحقیقۃً لھا . وجدالناس فی روایۃ ما یجری ھٰذَا المجری حتّی اشاد ویذکر ذلک علَی المنابر والقی الٰی معلمی المکاتیب فعلّموا صبیانھم وغلمانھم من ذلک الکثیر الواسع حتی رووہ وتعلّموہ کمایتعلمون القران وحتی علموہ بناتھم و نساءَ ھم وخدمھم وحشمھم فلبثواذ لک ماشاء اللہ** (ایضًا جلد 3 صفحہ 15-16)

''لوگوں نے کثرت سے صحابہ کے فضائل میں ایسی ایسی روایتیں گھڑ ڈالیں جن کو کوئی اصل و حقیقت نہ تھی ان گھڑی ہوئی روایتوں کو لوگوں نے گزرگاہوں پر چلتے پھرتے مشہور کیا یہاں تک کہ مسجد کے منبروں پر یہ خودساختہ روایات بیان کئے گئے خودساختہ معلموں نے اُن کو کتابوں میں لکھا، لڑکوں اور جوانوں کو پڑھایا اور ازبر یاد کرایا پھر یہ تعلیم قرآن مجید کی تعلیم کی طرح جاری ہوگئی اور مسلمانوں کی تمام لڑکیوں،

Presented by Ziaraat.Com

عورتوں اور گھروں کی کنیزوں اور غلاموں تک کو پڑھایا جانے لگا اور ایک عرصہ تک یہ سلسلہ جاری رہا۔''

**50۔علامہ پرویز کا ایک محتاط بیان جس میں قریشی پالیسی اور مذہب کی تیاری کا پتہ۔**

''خلفائے بنی امیہ بالعموم حدیث کو بہ نسبت قرآن کے اپنی سلطنت اور استبداد کے لئے زیادہ موجب عافیت سمجھتے تھے۔انہوں نے خود علیؑ کو برسر منبر بُرا کہنے کی رسم ڈالی تھی اور سیکڑوں حدیثیں اُن کے مثالب (مذمت) اور امیر معاویہ ''وغیرہ'' کے مناقب میں وضع کرائی تھیں۔عہد عباسی میں تو ایک ایک خلیفہ کی پیشین گوئی اور مدح کی حدیثیں وضع ہوئیں۔''(مقام حدیث حصہ اول صفحہ 123)

**51۔علامہ ابن جوزی کے حوالے سے حدیثیں گھڑنے کا نواں سبب۔**

پرویز اسلام کے حقائق چھپانے اور خلفاء کے مشن پر پردہ ڈالنے میں درجہ کمال رکھنے کے باوجود بعض باتیں لکھنے پر جب مجبور ہوتے ہیں تو وہاں بھی گول گول جملے لکھ کر گزر جاتے ہیں۔مگر قارئین اُن کے بیان سے حقیقتِ حال تک پہنچ سکتے ہیں سنئے کہ وہ علامہ جوزی کے بیان کو کس طرح لکھتے ہیں:''(9) خلفاء وامرا کے مقربین اور حاشیہ نشین اُن کے حسب منشا روایتیں گھڑتے اور اُن کو اپنے تقرب کا ذریعہ بناتے تھے''(ایضاً صفحہ 129)

**52۔اسلام کی حقیقی تعلیم کو روکنے اور قریشی تعلیمات جاری کرنے کے نظائر دو ہزار صفحات میں۔**

اس عنوان کو باقاعدہ پیش کرنے کے لے دو ہزار صفحات کی ضرورت ہے یہاں تو چلتے چلتے اس قدر دکھانا تھا کہ قریشی قوم، قریشی لیڈروں اور قریشی خلفاء نے روز اول سے اسلامی تعلیمات کو بدل کر پھیلانا شروع کیا تھا۔حکومت پر قبضہ کرتے ہی حقیقی تعلیمات کی نشر واشاعت پر پابندی اور قتل کی سزا عائد کی گئی۔چوتھے خلیفہ معاویہ، نے قریشی خلفا اور قریشی اسلام کے لئے باقاعدہ روایات سازی کا فرمان جاری کیا، لوگوں کو انعامات دیئے۔تیار کردہ تعلیمات کو گھر گھر پہنچایا اور اسلامی تصورات کو اس حد تک بدل دیا کہ حضرت علی علیہ السلام پر ہر مسجد ومنبر سے بڑے اطمینان سے لعنت ہوتی رہی اور ہر بعد میں آنے والے خلیفہ نے دین سازی کا کام جاری رکھا۔اُس قریشی اسلام کو سنتے، پڑھتے اور دیکھتے ہوئے نسلیں پیدا ہوئیں چھ سو سال تک دین سازی کی یہ مشین چلتی رہی۔اس کے ساتھ ہی ساتھ حقیقی دین پیش کرنے والوں کا قتل عام ہوتا رہا۔اُن کے تیار کردہ اسلامی ریکارڈ کو تباہ کرنے کی تمام کوششیں اور تلاش جاری رہی اور یہی عنوان ہے جو ہم بلفظہ منہاج نہج البلاغہ سے بھی دکھانا چاہتے ہیں۔تاکہ قارئین یہ نہ کہیں کہ ہم ہی لوگوں پر اسلامی ریکارڈ تباہ کرنے کا جرم عائد کرتے ہیں اور کوئی عالم اس سلسلے میں کچھ نہیں لکھتا۔لہٰذا ہم عنوانات بھی اُن ہی کے لکھیں گے اور اپنی طرف سے (بات غلط ہوتے ہوئے بھی) کچھ نہ کہیں گے۔ملاحظہ ہو:

Presented by Ziaraat.Com

## 1۔کتب مصادر نہج البلاغہ کہاں جمع تھے۔

''دراصل نہج البلاغہ کے مصادر کتب زیادہ تر صاحب ثمانین سید مرتضٰی متوفی 436ھ کے کتب خانے میں محفوظ رہے ہوں گے اُس خزینۃ الکتب میں 80(اسی) ہزار کتابیں تھیں۔(تیمیۃ الدھر ثعالبی امل الآمل شیخ حُر عاملی صفحہ 487)(نہج المقال صفحہ 232، مجالس المومنین قاضی نوراللہ شوستری مجلس پنجم)اس کتب خانے کے نوادرات کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ **وکانت الاصول الاربعمائۃ والکتب الخمسۃ آلاف کُلّھا موجودۃ عندہ** چارسو کتب اصول اور پانچ ہزار دوسری کتابیں جو از امام اول (علیؑ) تا امام یازدھم (گیارھویں امام حسن عسکریؑ) کے عہد میں تصنیف وتالیف ہوئی تھیں اس میں موجود تھیں (انوار نعمانیہ علامہ نعمت اللہ جزائری صفحہ 394)اس کے معنی یہ ہوئے کہ اصحاب آئمہؑ نے جو مجموعے خطب امیرالمومنینؑ کے جمع کئے تھے وہ سب یہاں موجود تھے۔ثعالبی نے تیمیۃ الدھر میں لکھا ہے کہ سید مرتضٰی کی وفات کے بعد زیادہ تر کتابیں امراء ووزراء نے حاصل کرلیں تھیں۔اس کے بعد باقی ماندہ کتابوں کی قیمت کا اندازہ تیس ہزار اشرفی لگایا تھا۔(امل الآمل صفحہ 487)

تنکابنی نے اس قیمت کا اندازہ اسی ہزار تومان بتلایا ہے۔(قصص العلما صفحہ 195 طبع ایران) بظاہر سید مرتضٰی کے بعد بھی اس کتب خانے کی کتابیں بغداد ہی میں ''محفوظ'' رہی ہوں گے۔

## 2۔شیعی واسلامی خزائن کتب کی تباہی۔

لیکن آج یہ مصادر وماخذ سوائے چند کے محفوظ وموجود نہیں۔جس طرح سے امیرالمومنینؑ کے دوسرے مجموعہ خطب جن کا تذکرہ تفصیل کے ساتھ کیا گیا ہے نہیں پائے جاتے۔اس کا سبب صاف وظاہر ہے،تاریخ اسلام سے دل چسپی رکھنے والے اس سے واقف ہیں کہ ھلاکو نے 656ھ میں بغداد کو(جہاں سید مرتضٰی کا خزینۃ الکتب تھا اور جہاں سید رضی نے نہج البلاغہ کو مرتب کیا تھا۔) تاراج کرنے کے بعد وہاں کے عظیم الشان کتب خانوں کو دجلہ میں پھنکوادیا تھا۔اُن کتابوں کی مجموعی تعداد جو دجلہ میں غرق کی گئیں تقریباً چھ لاکھ بتلائی گئی ہے۔(تجلیات روح ایرانی چاپ برلین صفحہ 85 وتاریخ ادبیات ایران پروفیسر براؤں)بعض کا بیان ہے کہ اُس نے اُن کتابوں کو اینٹ کی طرح چنوا کر گھوڑوں کے لئے اصطبل تیار کرایا تھا۔(ابن خلدون 3 صفحہ 537)مولوی شبلی نعمانی نے اپنے مضمون ''**اسلامی کتب خانے**'' میں لکھا ہے کہ بغداد کے بعض مورخوں نے یہاں تک مبالغہ کیا ہے کہ تاتاریوں نے بغداد کے کتب خانے جب برباد کئے اور تمام کتابیں دریا میں ڈال دیں تو دجلہ کا پانی کالا ہوگیا۔لیکن اس میں کچھ شبہ نہیں کہ اس فتنے میں بیشمار کتابوں کا نام ونشان جاتا رہا۔ تاتار کا سیلاب بغداد پر محدود نہ تھا بلکہ ترکستان، ماوراءالنھر ،خراسان، بلاد جبل فارس،عراق، جزیرہ،شام ان تمام مقامات سے گزرا اور

Presented by Ziaraat.Com

جہاں سے گزرا تمام علمی یادگاروں کو مٹاتا گیا۔ (رسائل شبلی صفحہ 5,51 طبع امرتسر) ۔502ھ میں جب عیسایوں نے طرابلس شام پر قبضہ کیا تو ان لوگوں نے یہاں کے کتب خانوں کو جلا ڈالا۔ دراصل صلیبی جنگوں میں عیسایوں نے مصر، شام، اسپین، اور دیگر ممالک اسلامیہ کے کتب خانوں کو بُری طرح جلا کر تباہ کر دیا ہے۔ کاونٹ برٹرم سینٹ جیل کے حکم سے جب طرابلس الشام کا کتب خانہ جلایا گیا ہے تو اس میں علاوہ قرآن کے کثیر التعداد نسخوں کے خود عیسایوں کے بیان کے مطابق تیس لاکھ کتابیں تھیں۔ (تاریخ ابن الساعی صفحہ 127) (تاریخ تمدن اسلام جرجی زیدان جلد سوم) اسپین میں جب عیسایوں کا غلبہ ہوا تو وہاں کے کتب خانے بری طرح جلائے گئے (ابن خلدون) کارڈی نل، زی، می نس (Cradinal Ximenes) نے تو انتہا کر دی صرف ایک دن میں اسی ہزار کتابوں کو نظر آتش کیا۔ (مقدمه ابن خلدون باب طبعية العمران ويعرض فيه و تاريخ اداب اللغة العربيه جلد سوم جرجي زيدان صفحہ 115 تا 113 طبع مصر)

یہ تو عمومی حیثیت سے مسلمانوں کے کتب خانوں کی تباہی تھی۔ لیکن خصوصی اعتبار سے شیعوں کے کتب خانے اور ذخائر جہاں کتب مجامیع خطب امیرالمومنین کے محفوظ ہونے کا زیادہ امکان تھا وہ اس سے بھی زیادہ بُری طرح تباہ کئے گئے۔ تاتاری کفار و مسیحیوں نے اسلام دشمنی میں اگر اُن کو تباہ کیا تو خود مسلمانوں نے اُن کو تباہ و برباد کر کے اپنی شیعہ دشمنی کا ثبوت دیا۔ فاطمئین مصر کا عظیم الشان کتب خانہ جس کا جواب دنیا میں نہ تھا اور جس کے متعلق مصری مورخ استاد علی ابراہیم حسن نے مورخ ابن خلدون کے حوالے سے لکھا ہے کہ؛

**لَاغروفقد عنى الفاطميون عناية خاصة باذديا دعدد الكتب فى المذهب الشيعى حتّٰى كانت مكتبة القصرفى القاهره ،تنافس غيرها مِنَ المكاتب فى العالم الاسلامى ۔**

''اس میں کوئی شک نہیں کہ شیعی مذہب کی کتابوں کی زیادتی اور کثرت کے لئے فاطمی خلفا نے خاص طور سے توجہ کی تھی جس کی وجہ سے قاہرہ کے قصر شاہی کا کتب خانہ تمام عالم اسلامی کے کتب خانوں پر سبقت لے گیا تھا'' (تاریخ جواہر الصقلی صفحہ 27 طبع قاہرہ مصر)

یہ عدیم النظیر کتب خانہ صلاح الدین ایوبی کے ہاتھوں بُری طرح تباہ و برباد ہوا۔ (کتاب الخطط المقریزی جلد اول صفحہ 254 طبع مصر) مورخ مقریزی نے صاف لکھا ہے کہ اُس کے تباہ کرنے میں یہ جذبہ کام کر رہا تھا کہ: **ان فيها كلام المشارقة الذى يخالف مذهبهم** ۔'' اس میں شیعوں کی کتابیں ہیں جو اُن لوگوں کے مذہب کے مخالف ہیں۔ اس طرح 420ھ میں جب سلطان محمود غزنوی نے رَے کو فتح کیا ہے تو وہاں کے شیعہ کتب خانوں کو اس نے جلوا دیا (معجم الادباء یاقوت حموی جلد ششم صفحہ 259 طبع مصر) قاضی ابن عماد الشیعی نے طرابلس الشام میں ایک عالی شان کتب خانے کی تاسیس کی تھی جس میں ایک لاکھ سے زائد کتابیں تھیں۔ (دائرۃ المعارف الاسلامیہ صفحہ 242 طبع مصر) یہ کتب خانہ صلیبی جنگ میں برباد ہو گیا۔ (اعیان الشیعہ جلد اول صفحہ 433,549) (طبع دمشق) اسی

Presented by Ziaraat.Com

طرح اسلامی دنیا کا سب سے پہلا عمومی کتب خانہ (پبلک لائبریری) جس کو ابونصر شاپور وزیر بہاء الدولہ شیعی نے 381ھ میں بغداد کے محلّہ کرخ میں قائم کیا تھا یہ کتب خانہ بہت ہی عظیم الشان تھا اس میں دس ہزار سے زیادہ ایسی کتابیں تھیں جو اپنے مصنفین یا مشہور خطاط کے ہاتھوں کی لکھی ہوئی تھیں۔ اُس عہد میں ہر مصنف اپنی تصنیف یہاں بھیجتا تھا۔ یاقوت حموی جس نے دنیائے اسلام کے ایک سے ایک بہتر کتب خانے دیکھے تھے۔ وہ اس کو توصیف میں کہتا ہے کہ **لم یکن فی الدنیا احسن منها** دنیا میں اُس سے بہتر اور کوئی نہ تھا۔ اس کتب خانے کو مورخین نے دارالعلم کے نام سے یاد کیا ہے۔ (**وفیات الاعیان ابن خلکان** جلد اول صفحہ 200 طبع مصر) لیکن شیعوں کا یہ مایہ ناز کتب خانہ 451ھ میں مشہور سنی قائد طغرل بیگ سلجوقی کے بغداد آنے پر جلا دیا گیا۔ (تاریخ الکامل ابن اثیر جلد نہم نمبر 9 صفحہ 121 وجلد دھم صفحہ 3 طبع مصر) یہیں بغداد میں شیخ الطائفہ ابوجعفر محمد بن حسن الطّوسی (460-385ھ) کا کتب خانہ کئی مرتبہ جلایا گیا (الاعلام الزرکلی جلد سوم صفحہ 884 طبع مصر) لیکن آخری مرتبہ 448ھ میں اس بُری طرح جلایا گیا کہ بالکل تباہ و برباد ہو گیا۔ (کشف الظنون جلد دوم صفحہ 312 طبقات سبکی جلد 3 صفحہ 15، الاعلام الزرکلی) اسی طرح 549ھ میں اتراک غز (مسلمان ترکوں کا ایک گروہ جو ماوراءالنھر میں رہتا تھا ان ترکوں نے خلیفہ مہدی عباسی کے عہد میں اسلام قبول کیا تھا۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد یازدھم صفحہ 66 طبع مصر) نے نیشاپور کے کتب خانوں کو تباہ و برباد کیا (ابن اثیر جلد 11 صفحہ 102 طبع مصر) مشہور علم دوست و معارف پرور وزیر صاحب بن عباد شیعی کا عظیم الشان کتب خانہ جو ''دارالکتب رَے'' کے نام سے مشہور تھا۔ اس کو سلطان محمود غزنوی نے اپنی عصبیت کے مظاہرے میں جلا کر تباہ و برباد کر ڈالا۔ (معجم الادباء یاقوت الحموی جلد 6 صفحہ 259 طبع مصر گبن ہسٹری آف رومن امپائر جلد 3)

## 3۔ ہمارے خزائن کتب کا احیاء کر کے اس میں سے ماخذ نہج البلاغہ تلاش کرو۔

ان حالات میں نہج البلاغہ کے مصادر و ماخذ اور کتب مجامیع خطب امیرالمومنین، جو سید رضیؒ و سید مرتضٰی سے پہلے مدون و مرتب کئے گئے تھے وہ سب کے سب کیونکر دستیاب ہو سکتے ہیں؟ ہاں ہمارے ان برباد شدہ کتب خانوں کو واپس لاؤ پھر تم ہم سے سوال کرو یا کتب رجال و تاریخ شیعہ کا مطالعہ کر کے اطمینان حاصل کرو۔ لیکن اس کے باوجود بھی قدماء مورخین و مصنفین کی کتابیں جو ہمارے سامنے ہیں اُن میں نہج البلاغہ کے مندرجات کا پتہ چلتا ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں جتنا کہ نہج البلاغہ میں ہے بلکہ مندرجات نہج البلاغہ کے علاوہ بھی دوسرے خطبات پائے جاتے ہیں۔ جن کا اُسلوب و انداز وہی ہے جو خطب نہج البلاغہ کا ہے۔ اور جن میں الٰہیّات و مابعد الطبیعات کے مسائل اسی حکیمانہ انداز میں بیان کئے گئے ہیں۔ جیسے کہ نہج البلاغہ کے خطبہ اشباح و قاصعہ و توحید میں بیان ہوئے ہیں'' (منہاج نہج البلاغہ صفحہ 63-62)

اس عنوان پر ہمیں صرف اتنا کہنا ہے کہ ھلاکو خان نے نہ شیعوں کا کوئی کتب خانہ جلایا اور نہ اہلسنت کے کسی کتب خانے کو کتب

Presented by Ziaraat.Com

خانہ سمجھ کر جلایا۔اور بس۔

بغداد کو اُس نے اس لئے جلایا تھا کہ وہاں شیعوں کے محلّہ کرخ کو مع اس کے باشندوں (عورتوں، مردوں اور بچوں) کی ایک لاکھ تعداد کو فوج سے گھیر کر جلایا گیا تھا اور یہی وجہ تھی ہلاکو خان کے حملے کی۔ھنسوی صاحب اس کا کہیں اشارہ بھی نہیں کرتے۔

☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

برائے یاداشت:

Presented by Ziaraat.Com

# فہرست

# (جلد اول) تا (جلد ششم)

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 1 | 1 | 1 | حمدِ خداوندی کا طریقہ؛ ذاتِ خداوندی سے تعارف؛<br>صفاتِ خداوندی کا صحیح استعمال؛<br>تخلیقِ کائنات، تخلیقِ آدم، کعبۃ اللہ اور حجِ بیت اللہ۔ | 41 |
| 2 | 2 | 2 | 2 | اللہ کی حمد وثنا کیوں ضروری ہے؟<br>''مقامِ آلِ محمدؐ''، علوم خداوندی اور دین کا ذخیرہ ہے؛<br>حقِ حکومت وہدایت آلِ محمدؐ میں محدود ہے؛ | 126 |
| 3 | 3 | 3 | 3 | غاصبانِ حکومتِ خیرُ البشر،<br>قریشی حکومت وجاہ وجلال کی قیمت علیؑ کی نظر میں،<br>علیؑ نے خلافت کیوں قبول کی؟ عہدِ خداوندی، | 161 |
| 4 | 4 | 4 | 4 | محمدؐ وآلِ محمدؐ باعث ہدایت ونجات ہیں؛<br>نوعِ انسان کو ارتقا کی بلندیوں پر لے جانے والے ہیں؛<br>علیؑ صراطِ مستقیم پر برابر سنگ میل کی طرح سامنے کھڑے رہے؛<br>علیؑ حق وباطل کے دوراہے پر کھڑے ہوئے راہنمائی فرما رہے ہیں؛ | 403 |
| 5 | 5 | 5 | 5 | عہد رسالتؐ میں پیدا ہونے والے فتنوں کا بحر مواج عہد مرتضویؑ میں تباہ کاریاں مچا رہا تھا اور فتنوں کے سیلاب سے گزرنے اور اُسے ناکام کرنے کے لئے نجات کی کشتیاں برسرکار آ گئی تھیں۔ | 437 |
| 6 | 6 | 6 | 6 | حاکم وخلیفہ تسلیم کر لینے والے اگر مسلح بغاوت کریں اور امن عامہ کو درہم برہم کریں تو اُن سے آخری سانس تک جنگ جائز ہے؛<br>غداری کرنے والے خواہ مسلمان ہوں اُن کو تلوار کی دھار پر رکھنا عین تعلیمات اسلام کے مطابق ہے؛ | 458 |
| 7 | 7 | 7 | 7 | قریش کا اسلام اور توحید پرستی ابلیس کے اصولوں کے ماتحت اور اُس کی تعلیمات کے عین مطابق تھی؛ ابلیس نے قریش کو اپنا نمائندہ بنا کر اپنا مشن اُن کے سپرد کر دیا تھا؛ | 464 |
| 8 | 8 | 8 | 8 | خلیفہ مان کر مجمع عام میں بیعت کر کے معاہدہ شکنی کرنے والے صحابہ پر تنقید؛<br>بیعت کرنے کے بعد مخالفت کرنے والوں سے دلیل کا مطالبہ؛ | 507 |
| 9 | 9 | 9 | 9 | سنجیدگی اور دانش کا دوسرا نام علیؑ ہے۔<br>گیدڑ بھبکیاں بزدلی کی شناخت ہے۔ | 540 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 10 | 10 | 10 | 10 | ابلیسی حملے کی تیاریوں پر تنبیہہ اور تباہ کن انتظام؛<br>علیؑ کو ہرگز فریب نہیں دیا جاسکتا۔ | 547 |
| 11 | 11 | 11 | 11 | دشمنانِ خدا اور سوٴل سے جنگ کا طریقہ:<br>پہاڑ کی طرح جم کر کھڑا ہونا اور دشمن کی آخری صفوں پر نظر رکھنا؛ سر و سینہ اور جان اللہ کو سپرد کر دینا؛ افواج کی کثرت کو حقیر سمجھنا؛ نصرتِ خداوندی پر یقین رکھنا۔ | 548 |
| 12 | 12 | 12 | 12 | قیامت تک پیدا ہونے والے تمام دوستدارانِ اہلبیتؑ حضرت علی علیہ السلام کے انصار اور مجاہدین میں شریک و شمار ہیں۔ | 552 |
| 13 | 13 | 13 | 13 | عائشہ، طلحہ اور زبیر کی اور جنگ جمل میں ان کے مددگاروں کی حالت اور مذمت؛<br>بصرہ اور اہل بصرہ کی پوزیشن، اُن کو نصیحت اور تنبیہہ کے ساتھ ساتھ مذمت۔ | 560 |
| 14 | 14 | 14 | 14 | بصرے کا جائے وقوع سطح سمندر سے نیچے تھا۔ اس لئے سمندری طوفان کے پانی کی زد میں فرمایا تھا اور سطح مرتفع کی بہ نسبت آسمان سے دُور فرمایا۔ | 607 |
| 15 | 15 | 15 | 15 | حقوق انسانیت کا علمبرؑدار۔<br>قیام عدل کی انتہائی حدود۔<br>تقسیم دولت و وسائل کا طریقہ۔ | 610 |
| 16 | 16 | 16 | 16 | حضرت علیؑ اپنے منہ سے نکلنے والی ہر بات کے لئے ذمہ دار ہیں۔<br>آپؑ کو تمام حالات و واقعات اور حادثات کی پہلے سے اطلاع اور علم حاصل تھا۔<br>آپؑ نے خلافِ واقعہ کوئی بات کی ہی نہیں نہ کبھی جھوٹ بولا نہ حقائق کو پوشیدہ رکھا۔<br>مومنین کے لئے فوری اقدامات کیا ہیں؟ | 681 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 16 | 16 | 16 | ---- | 722 |
| 2 | 17 | 17 | 17 | ایسے دو قریشی لیڈروں کا تذکرہ جو نزول قرآن کے دوران نظام اجتہاد مسلمانوں میں لائے اور بعد وفاتِ رسولؐ قرآن کے خلاف حکومت و شریعت کے بانی ہوئے۔ جو گمراہی پھیلانے میں اور قیامت تک آنے والے لوگوں کو گمراہ کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ جو فتنہ و فساد اور بدامنی کے موجد ہیں۔ خون ناحق اُن کے فیصلوں پر چیخیں مار رہے ہیں۔ قرآن کی غلط تنفیذ اُن کا دینی مشغلہ ہے۔ | 758 |
| 3 | 18 | 18 | 18 | نظام اجتہاد کا امام یعنی قرآن میں مذکور طاغوت:<br>اجتہادی احکام میں اختلاف ترقی کا پیش خیمہ ہے؛ | 804 |
| 4 | 19 | 19 | 19 | حضرت علی علیہ السلام کو صورت شکل، ظاہری خلوص و خدمت دھوکا نہ دے سکتی تھی۔ | 879 |
| 5 | 20 | 20 | 20 | موت کے وقت وہ تمام حالات قلب و نظر اور جسم و روح پر عملاً وارد ہوتے ہیں جن کو کانوں سے سن کر سرسری طور پر ٹال دیا جاتا ہے۔ | 889 |
| 6 | 21 | 21 | 21 | منزل پر بہر حال پہنچنا ہے خواہ خوشی خوشی پہنچو یا دھکیلنے والوں کے دھکوں سے پہنچو؛ | 892 |
| 7 | 22 | 22 | 22 | حضرت علیؑ کو دشمن کی جنگی تیاریوں کی اطلاع ملی تو اپنے صحابہ کو اپنے ارادوں سے خبردار کیا۔ اپنے برحق ہونے اور دشمن کے باطل پرست ہونے پر گفتگو؛ | 898 |
| 8 | 23 | 23 | 23 | ہر ذی حیات کے لئے ہر لمحہ مقدرات و قوانین کی بارش ہوتی رہتی ہے۔ اُن لوگوں کے لئے محتاط طرز زندگی جو مذکورہ مقدرات و قوانین سے رابطہ نہیں رکھتے؛ | 908 |
| 9 | 24 | 24 | 24 | حق کی مخالفت کرنے والے گمراہوں سے جنگ ہو تو اُن کی رعایت کرنا اور اُن سے دب جانا علیؑ کا کام نہیں۔ اگر تم اللہ کی ہدایات پر عمل کرو تو علیؑ تمہاری کامیابی کا ضامن ہے۔ | 917 |
| 10 | 25 | 25 | 25 | بُسر بن ارطاۃ اور دیگر چھاپہ ماروں کی تاخت و تاراج کی اطلاع ملنے پر اور بھگوڑی نسل کے عبیداللہ بن عباس کے اپنی جان بچا کر اور ننھے بچوں کو بھینٹ چڑھا کر بھاگ آنے پر علیؑ کا ردّ عمل۔ | 931 |
| 11 | 26 | 26 | 26 | محمدؐ پوری کائنات اور کائنات میں موجود مخلوقات کو متنبہ کرنے کے لئے مبعوث کئے گئے تھے۔ اہل بیتؑ کے علاوہ کوئی بھی حضرت علیؑ کا ناصر و مددگار نہ تھا اور خانوادہ رسولؐ کو محفوظ رکھنے کیلئے علیؑ نے صبر کیا اور تکلیفیں برداشت کیں | 940 |
| 12 | 27 | 27 | 27 | جہاد جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے جسے اللہ نے اپنے مقرر و مخصوص کردہ حکمرانوںؑ کے لئے کھولا ہے جہاد ذمہ داریوں کی پوشاک ہے اللہ کی عطا کردہ زرہ اور سپر ہے۔ غدار ساتھیوں کی مذمت اور پوزیشن۔ | 1019 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 13 | 28 | 28 | 28 | زمانۂ رجعت وقیامت | 1100 |
| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
| 14 | 29 | 29 | 29 | ایک ہمہ گیر، بے باک اور مطمئن راہنما دب کر بات نہیں کرتا۔ مخاطب خواہ کوئی ہو اُسے یہ محسوس ہونا چاہئے کہ مقرر یا خطیب نہ کسی سے ڈرتا ہے نہ کسی کا محتاج ہے اور نہ موقع پرست ہے۔ | 1180 |
| 15 | 30 | 30 | 30 | قریشی لیڈر اور سردارانِ قوم عثمان کے مخالف ہو گئے ان کی مخالفت عثمان کے قتل کا سبب بن گئی۔ عثمان اور اس کے مخالف وحمایتی تینوں سے مواخذہ ہوگا۔ | 1255 |
| 16 | 31 | 31 | 31 | حضرت علی السلام کا وہ خطبہ جس میں عبداللہ بن عباس کو زبیر کے پاس زبانی پیغام دے کر بھیجا تھا تا کہ جنگ جمل سے پہلے پہلے اسے اپنی اطاعت کی دعوت دے کر اس پر اتمام حجت کر دیں۔ اس خطبہ میں عبداللہ ابن عباس کو بھی نصیحت فرمائی ہے کہ وہ صرف زبیر سے ملے طلحہ سے بات نہ کرے۔ | 1295 |
| 17 | 32 | 32 | 32 | عہدِ مرتضوی کے مسلمانوں کا دینِ اسلام سے تعلق اور عمل درآمد، مسلمانوں کی چار بڑی بڑی قسمیں، منبر نشین لُٹیرے اور متقی ومقدس قرّاق۔ | 1318 |
| 18 | 33 | 33 | 33 | عربوں پر حکومت کرنے والوں کی اور عربی مملکت کی قیمت حضرت علیؑ کے شکستہ جوتے سے بھی بہت کم تھی۔ حضرت علیؑ کا مشن باطل کو مٹا کر حق قائم کرنا تھا۔ | 1356 |
| 19 | 34 | 34 | 34 | حضرت علیؑ قریش کو عہد رسولؐ میں ان پر گزرنے والی حالت کا مرقع دکھاتے ہیں۔ قرآن کریم میں پیش کردہ نظارہ ان کے سامنے رکھتے ہیں۔ | 1419 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 35 | 46 | 46 | سفر سے پہلے خود کو اور اپنے اہل وعیال کو اللہ کے سپرد کرنا۔ اللہ کو ہم سفر بھی بنانا اور اپنا خلیفہ بھی مقرر کرنا۔ | 1439 |
| 2 | 36 | 48 | 48 | فوج کے آگے آگے ایڈوانس گارڈ (Advance Guard) کو سفر کی ہدایات کے ساتھ بھیجنا۔ باقی فوج اور سردارانِ فوج کو سفر کا پروگرام اور مقصد سمجھانا۔ | 1447 |
| 3 | 37 | 54 | 55 | معاویہ اور طرفداران معاویہ کے ساتھ جہاد وقتال اسی طرح واجب تھا جس طرح کفارِ مکہ کے ساتھ واجب تھا۔ دونوں مخالفِ اسلام تھے۔<br>علیؑ موت سے کسی حال میں نہیں ڈرتے تھے۔<br>نورِ مرتضویؑ کی جھلک باعثِ ہدایت ہوتی ہے۔<br>گمراہی واضح کر دینے کے بعد اہل شام کا قتل جائز تھا۔۔ | 1492 |
| 4 | 38 | 65 | 64 | جنگ صفین میں بہادارانہ کارزار کے متعلق ہدایات سے پہلے اللہ کو مدد ومددگار بنانے کی تاکید کی ہے۔ اللہ اور اللہ کے جانشینؑ کی نصرت میں جنگ کرنے کا یقین کامیابی کا ضامن ہے۔ اسلحہ کو استعمال سے پہلے پہلے ملاحظہ کرلو۔ دوران جنگ وقار انسانیت برقرار رکھو۔ | 1524 |
| 5 | 39 | 106 | 105 | عرب کے معزز اور بہادر کہلانے والے لوگوں کے ایک دستے کا جنگ صفین میں پسپا ہونا اور حضرت علی علیہ السلام کا اظہار تکلیف کرنا۔ | 1562 |
| 6 | 40 | 197 | 204 | مسلمانوں کو آپس میں گالیاں دینے سے منع فرمایا ہے اور جنگ صفین کے دشمنوں پر صحیح تنقید کا طریقہ سکھایا ہے۔ | 1568 |
| 7 | 41 | 198 | 205 | حضرت علی علیہ السلام حضراتِ حسنینؑ کے تحفظ کے ذمہ دار تھے۔ تاکہ اللہ کا وعدہِ ذبح عظیم (الصّٰفّٰت 108۔107/37) پورا ہو سکے۔ اور رسولؐ اللہ کو سرّی و جہری شہادت کا درجہ مل جائے۔ حسنینؑ سے متعلق باقی خدائی پروگرام کا مادی اور انسانی انتظام رکھنا بھی حضرت علی علیہ الصلوۃ والسلام نے واضح فرمایا دیا ہے۔ | 1571 |
| 8 | 42 | 122 | 121 | دوران جہاد بہادروں کا فریضہ ہے کہ اپنے کمزور ساتھیوں کی حفاظت اور مدد کریں اور انہیں کمزوری کا احساس نہ ہونے دیں۔ | 1573 |
| 9 | 43 | 124 | 122 | جنگ کے اطوار اور ایسے اقدامات جن سے ہمت میں بلندی اور دشمن میں احساس ناکامی وقوع میں آئے۔ | 1576 |
| 10 | 44 | 51 | 51 | پانی حاصل کرنے کیلئے جنگ کرنا جائز ہے مگر کسی پر پانی بند کر دینا اسلامی اخلاق کے خلاف ظلم ہے۔ جنگ جوئی کرنے والوں سے جنگ نہ کرنا توہین انسانیت ہے۔ | 1581 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | 45 | 121 | 120 | کسی صورت حال یا واقعہ کی تحقیق یا تفتیش کا لاجواب طریقہ۔ | 1626 |
| 12 | 46 | 125 | 123 | صاحبؑ قرآن کسی ایسی دعوت کو رد نہیں کر سکتا جو قرآن سے متعلق ہو۔<br>قرآن کے فیصلے اللہ کے فیصلے اور حدیث کے فیصلے رسولؐ کے فیصلے ہیں۔ | 1639 |
| 13 | 47 | 176 | 175 | ملاؤں نے خود دو اشخاص کو علیؑ اور معاویہ کے درمیان فیصلہ کرنے کیلئے انتخاب کیا تھا۔<br>حضرت علیؑ نے ان دونوں کو سو فیصد قرآن سے فیصلہ کرنے کا پابند کر دیا تھا۔ | 1665 |
| 14 | 48 | 199 | 206 | تحکیم پر حضرت علی علیہ السلام کی فوج نے اصرار کیا جنگ جاری رکھنے سے انکار کر دیا اور حقیقی جان نثار مومنین جنگ کرتے کرتے نڈھال ہو چکے تھے۔ | 1678 |
| 15 | 49 | 238 | 235 | اپنے مخالفوں کی حقیقی پوزیشن یہ بتائی ہے کہ وہ سب کے سب بدقماش، بدنہاد، کمینہ اور مخلوط النسل و مخلوط النسب لوگ تھے۔ | 1688 |
| 16 | 50 | 35 | 35 | حمد و ثنائے خداوندی ہر حالت میں لازم ہے۔ توحید خداوندی اور اس کے متعلقات کا اقرار و اعلان کرنا بھی حمدِ خداوندی میں شامل ہے۔ | 1694 |
| 17 | 51 | 40 | 40 | خارجی نعرہ ''لَا حُکْمَ اِلَّا لِلّٰہ''<br>لَاحُکْمَ اِلَّا لِلّٰہ کی تصدیق اور خارجیوں کی تردید کی ہے۔ | 1722 |
| 18 | 52 | 57 | 58 | ''کَلِّمَ بِہِ الْخَوَارِج''<br>حضرت علی علیہ السلام ان مسلمانوں کو مخاطب فرما رہے ہیں جنہوں نے تلواریں کھینچ کر علیؑ کو چاروں طرف سے گھیر لیا تھا اور قتل و گرفتاری کی دھمکی دے کر جنگ صفین رکوائی، | 1735 |
| 19 | 53 | 127 | 125 | ''خارجیوں کے متعلق فیصلہ کُن خطبہ''<br>ایک شخص کے کفر پر دوسروں کو کافر سمجھنا غلط ہے۔ | 1740 |
| 20 | 54 | 183 | 182 | بنی طے کے خارجی کو ڈانٹنا۔ | 1751 |
| 21 | 55 | 180 | 179 | اس خطبے میں اس شخص کو مخاطب فرمایا ہے جسے علیؑ نے اس گروہ کی خبر لینے کیلئے بھیجا تھا جو خارجیوں کی جماعت میں داخل ہونے کے لئے جا رہی تھی۔ | 1752 |
| 22 | 56 | 78 | 77 | آپؑ نے خارجیوں کی سرکوبی کے لئے فوج کو روانگی کا حکم دیا تو ایک صحابی نے عرض کیا کہ:<br>**یا امیر المومنین ان سرت فی ھذا الوقت خشیت ان لا تظفر بمرادک من طریق علم النجوم فقال علیہ السلام**<br>یا امیر المومنین اگر آپ نے اس وقت سفر کیا تو میں بڑی عاجزی سے عرض کرتا ہوں کہ علم نجوم کی رو سے آپ اپنی مراد میں کامیاب نہ ہوں گے۔ اُس کو یہ خطبہ مطمئن کرتا ہے۔ | 1756 |

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 23 | 57 | 58 | 59 | حضرت علی علیہ السلام نے خوارج پر حملہ کرنے کا ارادہ فرمایا تو بتایا گیا کہ خارجی لوگ نہروان کا پل پار کر کے دوسری طرف نکل چکے ہیں۔تب آپ نے یہ فرمایا:۔ | 1759 |
| 24 | 58 | 59 | 59 | لوگوں کا یہ سمجھنا کہ تمام خارجی ختم ہو گئے غلط تھا۔حضرت علی علیہ السلام بتاتے ہیں کہ نہ تمام خارجی ختم ہوئے اور نہ ابھی ختم ہونے والے ہیں۔ | 1760 |
| 25 | 59 | 60 | 59 | اپنے بعد خوارج کو قتل کرنے کی ممانعت فرمائی ہے۔وہ لوگ جو حق کو تلاش کریں اور غلطی سے حاصل نہ کر سکیں ان سے بہر حال بہتر ہوتے ہیں جو حق کے بجائے باطل کی تلاش کریں اور غلطی کئے بغیر باطل کو حاصل کر لیں۔ | 1761 |
| 26 | 60 | 36 | 36 | خارجیوں کو ان کی تباہی و بربادی سے خبردار کیا گیا تھا۔انہیں قیامت میں حساب و مواخذہ سے بھی ڈرایا گیا تھا۔3۔انہیں نافرمانی اور عہد شکنی کا منظر دکھایا گیا تھا۔ | 1762 |
| 27 | 61 | 83 | 82 | عمرو بن العاص کی تمام خصوصیات بیان فرمائی ہیں۔نابغہ (حرامکارہ) کا بیٹا،تہمت تراش،کاذب،وعدہ خلاف،بے حیا،کمینہ بھکاری،بخیل،خیانت کار،سنگدل،مکار و حیلہ ساز۔تلوار سے بچنے کے لئے اندام نہانی پیش کرنے والا ہے۔ | 1791 |
| 28 | 62 | 43 | 43 | علیؑ کے صحابہ نے ملک شام اور معاویہ پر فوج کشی کا تقاضا کیا تو انہیں صبر سے جنگ کی تیاری کا مشورہ دیا۔ | 1799 |
| 29 | 63 | 161 | 160 | اس قدر علم و فضیلت و قربِ رسالت کے باوجود رسولؐ کی مخاطب قوم نے حضرت علی علیہ السلام کو کیسے ان کے حقوق اور حکومت سے دور رکھا؟ | 1808 |
| 30 | 64 | 120 | 119 | خطبہ کا پس منظر یہ تھا کہ: دوبارہ ملکِ شام پر حملہ کا حکم دیئے جانے پر لوگ طرح طرح کے حیلے بہانے تیار کرتے اور حضورؑ کو بحثوں میں الجھاتے رہتے تھے۔ | 1827 |
| 31 | 65 | 191 | 198 | نظم و ضبط و تدبر و دور بینی میں حضرت علی علیہ السلام اور معاویہ ابن ابی سفیان کا مقام؟ حضرت علیؑ کو مکر و فریب کے ہتھکنڈوں سے دھوکہ نہیں دیا جا سکتا تھا۔ | 1833 |
| 32 | 66 | 179 | 178 | حضرت علیؑ اللہ کی تقدیرات اور فیصلوں اور آزمائشوں پر راضی اور شکر گزار تھے۔ علیؑ کو مانتے ہوئے اطاعت نہ کرنے والے فرقہ کا وجود۔ | 1838 |
| 33 | 67 | 117 | 116 | حضرت علی علیہ السلام کے مستند و مقبول صحابہ جن کی قوت و جرأت و فداکاری کی خود علیؑ نے مدح کی ہے۔ | 1851 |
| 34 | 68 | 72 | 71 | مروان کے متعلق حضرت علی علیہ السلام کی پیشگوئی۔ | 1860 |
| 35 | 69 | 137 | 135 | طلحہ اور زبیر پر بے انصافی کا الزام،عثمان کا خون بہانے والے۔ | 1869 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 36 | 70 | 196 | 203 | طلحہ و زبیر اور سردارانِ قریش حضرت علیؑ سے بھی نظام مشاورت اور مساعدت کا قیام چاہتے تھے۔ | 1901 |
| 37 | 71 | 168 | 167 | عائشہ طلحہ اور زبیر اپنی فوج اور اونٹ کے ساتھ بصرے کی طرف چلے گئے تو ان کا مقصد اسلام کی جگہ دورِ قبل نبوت کو واپس لانا بتایا گیا تھا۔ | 1913 |
| 38 | 72 | 171 | 170 | حکومت وخلافت کے لالچی ہونے کا جواب دیا ہے۔ | 1918 |
| 39 | 73 | 148 | 146 | طلحہ و زبیر دونوں الگ الگ اور بیک وقت خلافت حاصل کر لینے کی اسکیمیں رکھتے اور ایک دوسرے سے چُھپاتے تھے۔ | 1933 |
| 40 | 74 | 173 | 172 | وعدۂ خداوندی ہر قدم پر پورا ہوتا چلا گیا۔1۔جو شخص اللہ سے نصرت کا وعدہ لے چکا ہو وہ جنگ اور فوج کشی کی دھمکیوں سے کیسے خوفزدہ ہوسکتا ہے؟ | 1939 |
| 41 | 75 | 169 | 168 | جنگ جمل کے سلسلے میں جب علیؑ مع اپنی فوج کے بصرے کے قریب پہنچے تو بصرے کی ایک قوم کا قاصد حاضر ہوا اور عائشہ اور طلحہ و زبیر کی پوزیشن پر سوالات کئے اور نتیجہ میں قاصد ایمان لایا اور بیعت کر کے خادموں میں داخل ہو گیا۔ | 1944 |
| 42 | 76 | 209 | 216 | طلحہ بن عبیداللہ اور عبدالرحمٰن ابن عتاب بن اُسید کو میدان جنگ میں مقتول پڑا دیکھ کر افسوس فرمایا ہے۔ | 1956 |
| 43 | 77 | 96 | 95 | اللہ کا مہلت دینا ظالموں کے لئے تباہ کن موقع فراہم کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ | 1963 |
| 44 | 78 | 97 | 96 | بنی امیہ کا مسلسل ظلم وستم جاری رکھنا۔ ہر حرام چیز کو اسلام میں حلال کر لیں گے۔ | 1973 |
| 45 | 79 | 74 | 73 | بنی اُمیہ نے بھی طلحہ و زبیر کی طرح حضرت علیؑ پر قتل عثمان کی تہمت لگائی، حالانکہ بنی اُمیہ تمام حالات اپنی آنکھوں سے دیکھتے رہے۔ | 1988 |
| 46 | 80 | 76 | 75 | خراج کی وصولی پر بنی اُمیہ کو دھمکی دی گئی ہے۔<br>حکومت اور واجبات حکومت کو اپنی موروثی چیز فرمایا ہے۔ | 1994 |
| 47 | 81 | 39 | 39 | قریشی صحابہ کیسے چپ سادھے رہتے تھے؟۔قریش کا نطفۂ ناتحقیق ہونا، بے غیرت و بے دین ہونا۔ | 2001 |
| 48 | 82 | 68 | 67 | صحابہ کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام کی نرمی اور مدارات۔ | 2004 |
| 49 | 83 | 118 | 117 | حضرت علیؑ کا مقام ''مرکز ومحورِ کائنات'' اور قطب اُمت ہے۔ | 2009 |
| 50 | 84 | 116 | 115 | تمہیں جان ومال وقوت واختیار واقتدار بخشا گیا ہے۔بخشی ہوئی اور مفت ملی ہوئی چیزوں کو بھی نہ بخشنا اور مفت نہ دینا شریفوں کا کام تو نہیں ہے۔ | 2015 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 51 | 85 | 123 | 121 | معرکہ جنگ میں شوروغوغا ناپسندیدہ عمل ہے۔<br>اپنا حق لے کر چھوڑنے کا تقاضا کیا گیا ہے۔ | 2019 |
| 52 | 86 | 131 | 129 | پراگندہ دل ودماغ رکھنے والے مومنین سے تعلق رکھنا۔ | 2022 |
| 53 | 87 | 165 | 164 | بزرگوں کا چھوٹوں سے اور چھوٹوں کا بزرگوں سے کیسا سلوک ہونا چاہئے؟۔ | 2054 |
| 54 | 88 | 167 | 166 | حضرت علی علیہ السلام کی بیعت مکمل ہوتے ہی صحابہ کی ایک قوم نے علیؑ پر تقاضا کیا تھا کہ عثمان پر جھگھٹا کرنے والوں سے باز پرس کریں۔ | 2062 |
| 55 | 89 | 203 | 210 | نصرت خداوندی سے منہ موڑنے والا اور دین کو ترقی دینے سے جی چرانے والا کون شخص کہلائے گا؟ | 2067 |
| 56 | 90 | 211 | 238 | دین خداوندی کو وراثت میں لینے کے لئے اللہ کا شکریہ ادا کرنا لازم ہے۔ | 2074 |
| 57 | 91 | 73 | 72 | حضرت علیؑ ابوبکر وعمر کی پیروی سے انکار کر کے خلافت وحکومت کو ٹھکرا چکے، لوگ عثمان کی بیعت کا ارادہ کر رہے ہیں۔ | 2081 |
| 58 | 92 | 235 | 237 | خلیفہ عثمان نے عبداللہ ابن عباس کی معرفت حضرت علی علیہ السلام سے درخواست کی کہ آپؑ کچھ دن کیلئے مدینہ سے باہر چلے جائیں تا کہ عثمان کے مخالف حضرت علیؑ کو خلیفہ بنانے کی جلدی میں عثمان پر معزولی کا زیادہ دباؤ نہ ڈالیں۔ | 2086 |
| 59 | 93 | 208 | 215 | قریش اور قریش کے مددگاروں کے مقابلے میں اللہ سے مدد کا ہاتھ طلب کرنا یہ بھی ثابت کرتا ہے کہ آپؑ خود قریش کے قبیلے سے نہ تھے۔ | 2094 |
| 60 | 94 | 103 | 102 | رسولؐ کی بعثت کے زمانہ میں ان عربوں میں سے یا ان کے آباؤ اجداد میں سے کوئی نہ تو کسی الہامی کتاب کی تلاوت کرتا تھا نہ کسی نبیؑ کی نبوت کا دعویدار تھا یعنی عرب خالص بے دین اور بے دینوں کی اولاد تھے۔ | 2119 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 95 | 126 | 124 | بڑے لیڈروں کو عوام کے برابر کر دیا گیا | 2143 |
| 2 | 96 | 37 | 37 | اسلامی تبلیغ و اقدامات کا وہ دور جب کوئی سامنے نہ آتا تھا۔کوئی زبان نہ کھولتا تھا۔اور حضرت علیؑ اعلانیہ اسلامی خدمات انجام دے رہے تھے | 2170 |
| 3 | 97 | 38 | 38 | شُبہ کی وجہ تسمیہ! اُس کا حق سے تشابُہ ہونا ہے۔ | 2183 |
| 4 | 98 | 41 | 41 | وفا اور سچائی دونوں کا مستقل ساتھ ہے اور میں ان دونوں سے بڑھ کر کسی اور چیز کو محافظ نہیں جانتا ہوں | 2194 |
| 5 | 99 | 42 | 42 | عاقبت کے لئے بھی اور دنیاوی ترقی کے لئے بھی سب سے بڑی رکاوٹیں؟ اور سب سے زیادہ ڈرنے کی چیزیں؟ | 2207 |
| 6 | 100 | 44 | 44 | مَصْقَلَه ابن هُبَيْرَه گورنر تھا اُس نے اپنی قوم کے قیدیوں کو قرض پر رہا کرالیا تھا۔مگر پورا قرض ادا نہ کر سکنے کی بنا پر معاویہ سے جاملا تھا۔ | 2212 |
| 7 | 101 | 45 | 45 | اللہ کی رحمت کی وسعتیں،اس کی نعمتوں کی عمومیت, اللہ کی بخششوں کی فراوانیاں۔ | 2216 |
| 8 | 102 | 47 | 47 | کوفہ شہر پر آنے والی آفات کا اور کوفہ کے بُرا چاہنے والوں کی تباہی پر چند اشارات۔ | 2224 |
| 9 | 103 | 49 | 49 | ذات خداوندی کی عظمت اور ہمہ گیری۔ | 2229 |
| 10 | 104 | 50 | 50 | فتنوں کے پیدا ہونے کے اسباب میں سے ایک سبب ذاتی یا جماعتی یا قومی خواہشوں اور مصلحتوں کی پیروی ہے۔ | 2233 |
| 11 | 105 | 52 | 52 | دنیا فنا کی طرف بڑھانے میں کوشاں ہے اور اپنے ختم ہو جانے کا اعلان کر رہی ہے۔ | 2240 |
| 12 | 106 | 53 | 54 | میری بیعت کرنے کیلئے لوگ لوگوں پر گرے پڑ رہے تھے جیسے پیاسے اونٹوں کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو۔ | 2247 |
| 13 | 107 | 57 | 56 | خطبہ کا پس منظر۔ محمدؑ بن ابی بکر کی شہادت کے بعد معاویہ نے عبداللہ ابن عامر حضرمی کو بصرہ بھیجا تا کہ وہ اہل بصرہ کو از سر نو قتل عثمان کے انتقام کے بہانے حضرت علی علیہ السلام کی مخالفت پر آمادہ کرے۔ | 2255 |
| 14 | 108 | 56 | 57 | معاویہ کے تسلط اور اس کے عمل درآمد کی پیش گوئی۔ | 2262 |
| 15 | 109 | 61 | 60 | حضرت علی علیہ السلام نے ان صحابہ رضی اللہ عنھم کو جواب دیا ہے جو چاہتے تھے کہ علی علیہ السلام تنہا راتوں کو نہ نکلا کریں۔ | 2289 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 110 | 62 | 61 | دنیا کی مضر چیزوں سے حفاظت کا سامان دنیا کے اندر ہی فراہم کر دیا گیا ہے۔ | 2293 |
| 17 | 111 | 63 | 62 | دنیا میں کامیاب رہنے کا طریقہ۔ دنیا کو آخرت بنا لینے یا آخرت سے بدلنے کی کوشش | 2296 |
| 18 | 112 | 64 | 63 | صفات وعجائبات خداوندی پر علم اور بیانات | 2300 |
| 19 | 113 | 66 | 65 | قریش کی دلیل اور خلافت کو باطل قرار دیا ہے۔ | 2305 |
| 20 | 114 | 67 | 66 | ''جب مصر کی حکومت کا پٹہ محمدؐ بن ابی بکر کی گردن میں پہنا دیا اور وہ وہاں قتل کر دیئے گئے تو علیؑ نے یہ خطبہ ارشاد فرمایا: | 2307 |
| 21 | 115 | 69 | 68 | حضرت علی علیہ السلام سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملاقات کی اور قریش کی شکایت سُن کر بددعا کرنے کا حکم دیا۔ | 2316 |
| 22 | 116 | 70 | 69 | عراق میں قریشی صحابہ کی مذمت اُنہیں اہل عراق فرما کر کی ہے | 2319 |
| 23 | 117 | 71 | 70 | محمدؐ کی حقیقی پوزیشن درود یا صلوٰۃ کی صورت میں وہ تمام گزری ہوئی تعلیمات ورسوم و عبادات ورواجات کے ختم ومکمل کرنے والے اور تمام بند دروازوں اور روکی ہوئی تعلیمات وعبادات کو کھولنے والے ہیں۔ | 2323 |
| 24 | 118 | 75 | 74 | ''حضرت علی علیہ السلام کم ازکم کیسا آدمی پسند کرتے تھے'' | 2331 |
| 25 | 119 | 77 | 76 | مغفرت طلب کرنے کا دل نشین واثر انگیز طریقہ سیکھئے | 2333 |
| 26 | 120 | 79 | 78 | عام عورتوں کی قانونی پوزیشن۔ | 2335 |
| 27 | 121 | 80 | 79 | زہد اور پاکدامنی پر بنیادی ہدایات۔ | 2339 |
| 28 | 122 | 81 | 80 | دنیا اور دنیا کی کیفیات اور اہل دنیا کی پیچیدہ اور دل چسپ صورت حال | 2343 |
| 29 | 123 | 82 | 81 | اللہ کی ذاتِ پاک پر ایمان افروز اور حقیقت کُشا بیانات | 2345 |
| 30 | 124 | 84 | 83 | چند صفاتِ خداوندی تاکہ قریشی ساخت کے علما کا مُنہ بند رہے۔ | 2367 |
| 31 | 125 | 85 | 84 | چند صفاتِ خداوندی، ان کی افادیت، اور استفادہ کا طریقہ۔ | 2370 |
| 32 | 126 | 86 | 85 | نظام اجتہاد اور مجتہدین کی مذمت | 2377 |
| 33 | 127 | 87 | 86 | قریشی مجتہدین کا اور اللہ کا طریقہ کار اور بنی اُمیہ کا تسلط | 2391 |
| 34 | 128 | 88 | 87 | زمانہ فترۃ یعنی حضرت عیسیٰؑ کے بعد ظہور محمدؐ تک کے مختصر حالات، | 2397 |
| 35 | 129 | 89 | 88 | اللہ اور کائنات سے ہلکا سا مگر مفید تعارف: | 2401 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 36 | 130 | 90 | 89 | عجیب خطبات میں سے ایک لاجواب و بے پناہ خطبہ: | 2409 |
| 37 | 131 | 91 | 90 | خلافتِ قریش کا جنازہ نکل گیا تو قریش سمیت سارے مسلمان مجبور ہوئے کہ وہ خلافت حضورؐ کے حوالے کریں جو اللہ رسولؐ اور قرآن کے خلاف غصب کی تھی۔ | 2463 |
| 38 | 132 | 92 | 91 | سلونی کے ماتحت ایسے دعوے جو غیب دانی کی دلیل ہیں | 2472 |
| 39 | 133 | 93 | 92 | اللہ کی صفات سے اس خطبے کی ابتدا فرمائی ہے انبیاء علیہم السلام اور ان کا شجرہ اور کارکردگی | 2481 |
| 40 | 134 | 94 | 93 | اعلان نبوت سے پہلے قریش نظام اجتہاد پر عمل پیرا تھے۔ | 2486 |
| 41 | 135 | 95 | 94 | آنحضرتؐ کی چند صفات اور حضورؐ کے خاندان کی عظمت بیان فرمائی ہے۔ | 2488 |
| 42 | 136 | 98 | 97 | دنیا میں رہنے کا کامیاب و پسندیدہ طریقہ؟ | 2494 |
| 43 | 137 | 99 | 98 | اللہ، محمدؐ اور آلِ محمدؐ۔ اُن کی صفات اور مقام | 2499 |
| 44 | 138 | 100 | 99 | اللہ کی بنیادی صفات، حضرت علیؑ کی مخالفت اور نافرمانی جرم ہے | 2555 |
| 45 | 139 | 101 | 100 | قیامت میں اہل محشر کا حال۔2۔فتنوں کے آنے کا نظارہ۔ | 2560 |
| 46 | 140 | 102 | 101 | دنیا اور اس کا سامان، اللہ کے رحم کا حق دار، عالم کو مرتبہ شناس ہونا چاہئے۔ | 2565 |
| 47 | 141 | 104 | 103 | نبیؐ کی بزرگی صفات اور کارکردگی۔قریش کو دنیا کی لذتیں اور سہولتیں کب ملیں؟ | 2570 |
| 48 | 142 | 105 | 104 | اسلام، رسولِ اسلام اور مسلم صحابہ کا ایسا حال، | 2578 |
| 49 | 143 | 107 | 106 | اللہ کی صفات مخلوقات کے وجود سے بھی ابھرتی ہیں۔ | 2586 |
| 50 | 144 | 108 | 107 | اللہ کی صفات عملی صورت میں بیان فرمائی ہیں۔انسانوں کا حال دکھایا ہے | 2594 |
| 51 | 145 | 109 | 108 | پورا دین نماز ہے۔ | 2615 |
| 52 | 146 | 110 | 109 | دنیا سے متنفر کر کے خبردار رہنے کا ہر پہلو سے اہتمام کیا ہے۔ | 2623 |
| 53 | 147 | 111 | 110 | ملک الموت کو نہ سمجھ سکنے والے ملک الموت کے خالق کو کیسے سمجھیں گے؟ | 2635 |
| 54 | 148 | 112 | 111 | دنیا کی پوزیشن علی علیہ السلام کی نظر میں دنیا میں رہنے کیلئے بنیادی کام۔ | 2642 |
| 55 | 149 | 113 | 112 | اللہ پر ایمان کی کئی صورتیں۔حمدِ خداوندی اور نعمت کا رشتہ۔ | 2647 |
| 56 | 150 | 114 | 113 | قحط سالی میں اللہ سے بارش طلب کرنے کا کامیاب طریقہ | 2657 |
| 57 | 151 | 115 | 114 | پردہ غیب میں لپٹی ہوئی تمام چیزوں اور حقیقتوں کے علم کا دعویٰ۔ | 2661 |
| 58 | 152 | 119 | 118 | دین خداوندی کا مکمل علم حضرت علیؑ اور اہل بیتؑ کے پاس تھا۔ | 2665 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 59 | 153 | 128 | 126 | غیبی اطلاعات پر خطبہ۔ | 2668 |
| 60 | 154 | 129 | 127 | عہد مرتضویؑ تک غربت وافلاس اور سرمایہ داری کا دور دورہ تھا۔ | 2674 |
| 61 | 155 | 130 | 128 | حضرت ابوذرؓ زندگی بھر کیلئے جلاء وطن کر دئے گئے۔ | 2678 |
| 62 | 156 | 132 | 130 | موت مسلمہ حقیقت ہے۔ دنیا آخرت کیلئے سامان سفر حاصل کرنے کیلئے بنائی گئی ہے۔ | 2683 |
| 63 | 157 | 133 | 131 | قریش نے دین سے رُوگردانی کر لی تھی۔ | 2688 |
| 64 | 158 | 134 | 132 | قریش کا خودساختہ خلیفہ اور خلیفہ خداوندی سلام اللہ علیہ۔ | 2694 |
| 65 | 159 | 135 | 133 | ایک ایسا شجرہ جس کی نہ جڑ تھیں نہ شاخیں۔ | 2698 |
| 66 | 160 | 136 | 134 | حضرت علیؑ کا چیلنج کہ میں ظالم کی ناک میں نکیل ڈال کر سرچشمہ حق تک لے جاؤں گا۔ | 2699 |
| 67 | 161 | 138 | 136 | حضرت قائمِ قیامتؑ اعلانِ حکومت کرتے ہی نظام اجتہاد ومشاورت کا ستیاناس کر دیں گے | 2701 |
| 68 | 162 | 139 | 137 | خلافت حاصل کرنے کیلئے کچھ صحابہ گمراہ لوگوں کے امام بن کر تیغ بکف میدان میں آئیں گے | 2705 |
| 69 | 163 | 140 | 138 | گناہوں، خطاؤں اور بُھول چُوک سے محفوظ ومعصومؑ حضرات پر لازم ہے کہ وہ گناہگاروں اور خطا کاروں پر رحم کرتے رہیں۔ | 2706 |
| 70 | 164 | 141 | 139 | دینداروں کے خلاف افواہوں کا اثر نہ لینا، سچ اور جھوٹ میں صرف چار اُنگل کا فاصلہ ہے | 2708 |
| 71 | 165 | 142 | 140 | اموال غیر مستحق پر خرچ کرنے کی خرابی اور نتیجہ۔ | 2709 |
| 72 | 166 | 143 | 141 | زمین وآسمان انسانوں پر اپنی برکتیں کیوں نازل کرتے ہیں۔ | 2711 |
| 73 | 167 | 144 | 142 | امامتؑ اور آئمہ صلوٰۃ اللہ علیہم اِس اُمت میں بنی ہاشمؑ میں مقرر ومتعین ہیں۔ | 2715 |
| 74 | 168 | 145 | 143 | یہ دنیا موت کی تیراندازی کا میدان ہے۔ | 2720 |
| 75 | 169 | 146 | 144 | قریش کا دوسرا خلیفہ۔ | 2722 |
| 76 | 170 | 147 | 145 | قریشی تاریخ وتفسیر تیار ہونے کا زمانہ؟ | 2725 |
| 77 | 171 | 149 | 147 | وقتِ وداع ہدایات جاری فرمائی ہیں۔ | 2733 |
| 78 | 172 | 150 | 148 | رسولؐ اللہ کے اٹھتے ہی ایک گروہ اپنے سابقہ دین کی طرف پلٹ گیا تھا۔ | 2736 |
| 79 | 173 | 151 | 149 | آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی نہ برابری ہوسکتی ہے نہ ان کی کمی پوری کی جاسکتی ہے۔ | 2743 |
| 80 | 174 | 152 | 150 | صفاتِ خداوندی پر تخلیق خداوندی سے دلیل وبرھان۔ | 2750 |
| 81 | 175 | 153 | 152 | آلِ محمدؐ کی پوزیشن۔2۔ بابصیرت لوگوں کے عمل کا طریقہ۔ | 2763 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 82 | 176 | 154 | 153 | شپرہ یا چمگیدڑ پر ایک گہری نظر۔ | 2767 |
| 83 | 177 | 155 | 154 | عائشہ کے سینے میں کینہ اور دشمنی اور انتقامی منصوبہ تھا مگر زوجہ رسولؐ ہونے کا لحاظ رکھا گیا۔ | 2772 |
| 84 | 178 | 156 | 155 | حمدِ خداوندی کی غرض وغایت۔ | 2781 |
| 85 | 179 | 157 | 156 | قرآن اور علیؑ کی پوزیشن۔ | 2787 |
| 86 | 180 | 158 | 157 | قریش کے ساتھ اپنے سلوک کا تذکرہ، اور شکریہ ادا کرنے کا عملی طریقہ۔ | 2790 |
| 87 | 181 | 159 | 158 | اللہ کی حمد وثنا ایسے طریقوں اور انداز سے بیان فرمائی ہے کہ جس کی قدر و قیمت اور تعریف ہماری علمی وسعت سے ارفع واعلیٰ ہے۔ | 2791 |
| 88 | 182 | 160 | 159 | رسولؐ اللہ کے ساتھ اللہ نے کیا کیا بھیجا تھا؟ | 2804 |
| 89 | 183 | 162 | 161 | اللہ کی چند صفات۔ کائنات اور مخلوقات کا تخلیقی مادہ قدیم وازلی نہیں ہے۔ | 2809 |
| 90 | 184 | 163 | 162 | حضرت علیؑ مملکت اسلام کے مظلوموں کی نمائندگی کرنے کیلئے عثمان سے گفتگو کرتے ہیں | 2813 |
| 91 | 185 | 164 | 163 | ہر مخلوق اللہ کی عجیب وعظیم کاریگری کا بولتا ہوا ثبوت ہے۔ | 2819 |
| 92 | 186 | 166 | 165 | قرآن کریم کی پوزیشن؟ مسلمانوں کی محدود شناخت کیا ہے؟ | 2827 |
| 93 | 187 | 170 | 169 | آسمانوں اور فضاؤں کی تخلیق کا بڑا مقصد؟ | 2833 |
| 94 | 188 | 172 | 171 | مسئلہ خلافت پر قریشی خلفا کا تصور اور خلافت کے حق دار کی شناخت؟ | 2835 |
| 95 | 189 | 174 | 173 | پیغمبرؐ کی رعایت کیلئے اپنے علم غیب کو چھپاتے چلے گئے۔ | 2845 |
| 96 | 190 | 175 | 174 | قرآن کریم کی پوزیشن ۔ | 2849 |
| 97 | 191 | 177 | 176 | صفاتِ خداوندی کا نیا انداز۔ تشہد کا نیا انداز اور صفات رسولؐ۔ | 2864 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 192 | 181 | 180 | حمدِ خداوندی مع صفاتِ خداوندی، | 2872 |
| 2 | 193 | 182 | 181 | اللہ کی صفات اور کام اور رسّولوں کی بعثت کی غرض وغایت | 2887 |
| 3 | 194 | 184 | 191 | تقویٰ اور متقین پر خطبہ دیا ہے۔ | 2901 |
| 4 | 195 | 185 | 192 | رسوّل اور اسلام کے خلاف قریش اور عربوں کی تیاریاں، | 2923 |
| 5 | 196 | 186 | 193 | اللہ کی صفات اور حمد وثنا۔ اللہ سے طلب کرنے کا طریقہ۔ | 2929 |
| 6 | 197 | 187 | 194 | بعثت رسوّل کا زمانہ اور عربوں کی حالت۔ دنیا کا سلوک اور اس کا فضاؤں میں سفر کرنا۔ | 2940 |
| 7 | 198 | 188 | 195 | اپنے حق خلافت پر صحابہ کو گواہ قرار دیا ہے، اپنی یگانگت پر دلیل،<br>کسی صحابی کے نماز جنازہ پڑھنے کا ذکر نہیں کیا۔ غسل وکفن ودفن تنہا نے کیا۔ | 2945 |
| 8 | 199 | 189 | 196 | اللہ کی چند صفات اور احسانات۔ تقویٰ حلّالِ مشکلات ہے | 2955 |
| 9 | 200 | 190 | 197 | نماز کیلئے کون سا خطرہ تھا اسکی حفاظت کے معاہدہ پر تاکید فرمائی ہے | 2968 |
| 10 | 201 | 192 | 199 | متلاشیانِ حق کی کمی پر تسلی دی ہے۔ | 2977 |
| 11 | 202 | 193 | 200 | رسوّل اللہ سے مسلمانوں کے مظالم کی شکایت۔ | 2979 |
| 12 | 203 | 194 | 201 | دنیا میں رہنے پر ہدایات وتنبیہات | 2982 |
| 13 | 204 | 195 | 202 | یقیناً کوچ کا نقارہ بجا کر اعلان کیا جا چکا ہے | 2984 |
| 14 | 205 | 200 | 207 | حضرت علی علیہ السلام بصرہ میں اپنے صحابی علاء بن زیاد حارثی کی بیمار پرسی کو تشریف لے گئے تھے۔ اس کا مکان دیکھا تو یہ خطبہ فرمایا۔ | 2986 |
| 15 | 206 | 201 | 208 | عہد مرتضوی تک حدیث رسوّل کی پوزیشن کیسی بن چکی تھی؟ راوی کس قسم کے لوگ تھے؟ | 2989 |
| 16 | 207 | 202 | 209 | زمینوں اور آسمانوں اور پہاڑوں کی تخلیق پر مختصر بیان دیا ہے۔ | 2998 |
| 17 | 208 | 204 | 211 | اللہ ورسوّل کی صفات، علم خداوندی، وجودِ خداوندی، | 3008 |
| 18 | 209 | 205 | 212 | اللہ کا مجسم عدل ہونا۔ قریش ہرگز آنحضرتؐ کے شجرے سے نہ تھے۔ | 3011 |
| 19 | 210 | 206 | 213 | فوراً قبول ہونے والی دُعا۔ | 3017 |
| 20 | 211 | 207 | 214 | حقوق کے قیام کا اصول کیا ہے؟۔ وہ اللہ ہے جس پر کسی کا حق نہیں۔ | 3022 |
| 21 | 212 | 210 | 217 | نیک طینت انسان کے ساتھ اللہ کا سلوک | 3029 |
| 22 | 213 | 212 | 218 | قرآن کی ایک آیت کا پس منظر جس میں مردے نظر آنے لگتے ہیں | 3031 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 23 | 214 | 213 | 219 | انبیّاء ورسلؑ سے خالی زمانہ میں منجانب اللہ راہنمائی وہدایت کاری واحکام جاری رہنا لازم رہتا چلا آیا ہے۔ | 3045 |
| 24 | 215 | 214 | 220 | اس خطبے کو پڑھنے اور سننے والا شخص اگر غیرت منداور شریف طبیعت ہے تو ہمیشہ کیلئے گناہ اور سرکشی سے رک جائے گا۔ | 3052 |
| 25 | 216 | 215 | 221 | حقیقی بھائی کے لئے بھی پبلک کا حق نہ مارا جائے گا۔2۔سابقہ نظام حکومت نے آل محمدؐ کو کیسا قلاش وبدحال کر دیا؟ | 3057 |
| 26 | 217 | 216 | 222 | عزت سے زندہ رہنے کی ایک دعا لوگوں سے بے نیاز رہنے کی تمنا۔ | 3062 |
| 27 | 218 | 217 | 223 | دنیا کی حالت مختلف پہلوؤں سے سامنے رکھ دی ہے۔ | 2063 |
| 28 | 219 | 218 | 224 | اللہ کا اپنے دوستوں سے سلوک۔اللہ کے دوست دل گھبرانے کا کیا علاج کرتے ہیں؟ | 3066 |
| 29 | 220 | 219 | 225 | لِلّٰہِ بِلَادُفُلَانٍ | 3069 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 221 | 220 | 226 | مرتضویؑ بیعت پر خوشی و مسرت کے ہنگامے۔ | 3595 |
| 2 | 222 | 221 | 227 | تقویٰ کا نتیجہ۔<br>نیک اعمال بجالانے کے مواقع۔<br>موت کیسا مد مقابل ہے؟۔ | 3599 |
| 3 | 223 | 222 | 228 | رسولؐ کی شان میں ''ذی قار'' نام کے ایک گاؤں کے پاس یہ خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ جب کہ آپؑ بصرہ جا رہے تھے علامہ واقدی نے اپنی کتاب الجمل میں خطبہ کو نقل کیا ہے۔ | 3604 |
| 4 | 224 | 223 | 229 | عبداللّٰہ ابن زَمَعَہ کو طلبِ مال پر جواب دیا ہے۔ حق داروں کے سوا کسی کو کچھ نہ دیا جائے گا۔ | 3607 |
| 5 | 225 | 224 | 230 | زبان و قلب و دماغ کا تعلق۔ | 3608 |
| 6 | 226 | 225 | 231 | ایک نہایت اہم حقیقت کا انکشاف۔<br>انسانی صورت و شکل اور سیرتوں کے اختلاف کا بنیادی سبب جس سے عدلِ خداوندی برقرار رہتا ہے۔ | 3610 |
| 7 | 227 | 226 | 232 | میت کے غسل کے وقت رسولؐ سے باتیں۔<br>آپؐ کی وفات پر نبوت اور آسمانی خبریں منقطع ہوگئیں ۔ | 3612 |
| 8 | 228 | 227 | 183 | صفاتِ خداوندی۔<br>رسولؐ اللہ کا ذکر۔<br>چیونٹی کی ساخت۔<br>دیگر مخلوقات۔ | 3621 |
| 9 | 229 | 228 | 184 | صفاتِ خداوندی اور توحید پر ایک شاہکار خطبہ مانا جاتا رہا ہے۔ | 3631 |
| 10 | 230 | 229 | 185 | ایسے حضراتؑ جن پر اپنے والدینؑ کو قربان کرنے کی تمنا کی ہے۔ | 3645 |
| 11 | 231 | 230 | 186 | اللہ کے احسانات اور رحیمانہ سلوک یاد دلا کر مسلمانوں سے نیک اعمال کی اپیل کی ہے۔ | 3650 |
| 12 | 232 | 231 | 187 | چیلنج! پوری کائنات میں سے جو چاہو دریافت کرلو۔<br>زمین سے زیادہ سماوات کے حالات و تفصیلات اور راستوں سے واقف۔ | 3655 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | خطبہ نمبر: (محمد احسن زیدی) | خطبہ نمبر: علی نقی طہرانی | خطبہ نمبر: مفتی جعفر حسین | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 13 | 233 | 232 | 188 | حمد وثنا کرنے کا ایک سبب۔<br>قریش کا محمدؐ کو ناکام کرنے پر اجماع، اتفاق واتحاد کرنا۔ | 3661 |
| 14 | 234 | 233 | 189 | نظام مشاورت اور ملاؤں سے تبرا۔<br>مخالفین کو ہمنوا بنانے کی تاکید۔<br>تقویٰ پر زور اور تاکید۔ | 3667 |
| 15 | 235 | 234 | 190 | شیطان کی مذمت خاص طور سے اور قریش کی مذمت عام طور پر کی گئی ہے۔ | 3675 |
| 16 | 236 | 236 | 233 | (مظلوم ترین خطبہ) ظالم کون ہے؟ | 3712 |
| 17 | 237 | 237 | 234 | لوگوں کو نیک بنانے کے لئے نرم نرم، پیاری پیاری باتیں۔<br>عمل کرنے کے مواقع اور مقاصد۔ | 3717 |
| 18 | 238 | 239 | 236 | اہلؑ بیت علم کی زندگی اور جہالت کی موت ہیں۔<br>وہ اسلام کے ستون اور سہارا اور مسلمانوں کی جائے پناہ ہیں۔<br>ان کی وجہ سے حق اپنے صحیح مقام پر پلٹ آیا تھا۔<br>مسلمانوں نے دوبارہ باطل کو اختیار کر لیا تھا۔ | 3719 |
| 19 | 239 | 178 | 177 | محمدؐ وعلیؑ فاطمہؑ اور حسنینؑ ودیگر آئمہؑ نے دیکھ بھال کر اللہ کی عبادت کی ہے | 3722 |
| 20 | 240 | - | - | حرف ''اَلِف'' غائب ہے مگر خطبے کی روانی اور شان حسبِ معمول برقرار ہے۔ | 3726 |
| 21 | 241 | - | - | میں کون ہوں؟ | 3741 |
| 22 | 242 | - | - | میں وہ شخص ہوں کہ میرے پاس غیب کی کنجیاں ہیں | 3751 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | تمہید | چند باتیں بطورِ یاددھانی | 3779 |
| 1 | خط | مدینہ سے بصرہ جاتے ہوئے اہل کوفہ کو لکھا | 3783 |
| 2 | خط | بصرہ کی فتح پر اہل کوفہ کو مبارکباد | 3787 |
| 3 | خط | قاضی شریح کو مکان کی خرید وفروخت پر رسید وبیعنامہ لکھنے کا طریقہ سکھایا | 3788 |
| 4 | خط | بصرہ کے گورنر حضرت عثمان بن حنیف کے نام | 3791 |
| 5 | خط | آذربائیجان کے گورنر اشعث بن قیس کے نام | 3793 |
| 6 | خط | معاویہ کے نام | 3796 |
| 7 | خط | معاویہ کو جواب میں سبق آموز ریمارکس | 3800 |
| 8 | خط | جریر بن عبداللہ بجلی کے نام | 3802 |
| 9 | خط | معاویہ کے نام | 3803 |
| 10 | خط | معاویہ کے نام | 3807 |
| 11 | خط | لشکر کو ہدایات | 3809 |
| 12 | خط | اپنی فوج کے ایڈوانس گارڈ معقل بن قیس کو ہدایات | 3811 |
| 13 | خط | اپنی فوج کے دوسرداروں کے نام | 3812 |
| 14 | خط | صفین میں دشمن کی ملاقات سے پہلے پہلے اپنی فوج کو ہدایات | 3813 |
| 15 | شکوہ | دشمن کے سامنے آنے پر اللہ سے دشمن کا شکوہ | 3819 |
| 16 | خط | جنگ کے وقت علی علیہ السلام اپنے صحابہ سے فرمایا کرتے تھے | 3820 |
| 17 | خط | معاویہ کو جواب میں لکھا | 3821 |
| 18 | خط | عبداللہ ابن عباس کے نام جب وہ بصرہ کا گورنر تھا | 3827 |
| 19 | خط | آپؑ کے بعض گورنروں کے نام | 3828 |
| 20 | خط | زیاد ابن ابیہ کے نام جسے عبداللہ ابن عباس نے اپنا خلیفہ بنا رکھا تھا | 3829 |
| 21 | خط | دوبارہ اُسی کے نام | 3829 |
| 22 | خط | عبداللہ ابن عباس کو لکھا گیا | 3841 |
| 23 | وصیت | جب ابن ملجم ملعون نے آپؑ کے سر مبارک پر تلوار ماری تو آپؑ کی وصیت | 3842 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 24 | وصیت | آپ کے اموال پر عمل درآمد کے متعلق وصیت | 3844 |
| 25 | وصیت | صدقات وزکوٰۃ کے وصول کرنے والوں کے لئے | 3846 |
| 26 | خط | اپنے گورنروں میں سے بعض کے نام جنہیں صدقات وصول کرنے پر تعینات کیا ہوا تھا | 3851 |
| 27 | معاھدہ | ابوبکر کے بیٹے محمد رضی اللہ عنہ سے گورنری کا عہد لینا | 3852 |
| 28 | خط | معاویہ کے جواب میں لکھا گیا | 3856 |
| 29 | خط | بصرہ والوں کے نام | 3865 |
| 30 | خط | معاویہ کے نام | 3866 |
| 31 | وصیت | جناب حسنؑ ابن علی علیہما السلام کے لئے جو صفین سے واپس آتے ہوئے تحریر فرمائی | 3868 |
| 32 | خط | معاویہ کے نام | 3896 |
| 33 | خط | عباس کے بیٹے قثم کے نام جو کہ علی علیہ السلام کی طرف سے مکہ کا گورنر تھا | 3904 |
| 34 | خط | محمد بن ابی بکر کے نام | 3905 |
| 35 | خط | عبداللہ ابن عباس کے نام مصر میں محمد بن ابی بکر کے قتل کے بعد | 3908 |
| 36 | خط | اپنے بھائی عقیلؑ ابن ابی طالبؑ کے جواب میں | 3914 |
| 37 | خط | معاویہ کے نام | 3916 |
| 38 | خط | اھل مصر کے نام جب ان پر مالک اشتر کو حاکم بنایا | 3919 |
| 39 | خط | عمرو ابن العاص کے نام | 3921 |
| 40 | خط | ایک گورنر کے نام | 3924 |
| 41 | خط | بعض گورنر کے نام | 3925 |
| 42 | خط | جناب عمر ابن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ مخزومی بحرین کے گورنر کے نام | 3928 |
| 43 | خط | صوبہ اردشیر خرہ کے گورنر مصقلہ بن ھبیرہ شیبانی کے نام | 3929 |
| 44 | خط | زیاد ابن ابیہ کے نام | 3930 |
| 45 | خط | جناب عثمان ابن حنیف کے نام | 3931 |
| 46 | خط | اپنے گورنر کے نام | 3940 |
| 47 | وصیت | امام حسن و حسین علیہما السلام کو وصیت | 3941 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 48 | خط | معاویہ کے نام | 3944 |
| 49 | خط | معاویہ کے نام | 3945 |
| 50 | خط | اپنی فوج کے حکمرانوں کے نام | 3946 |
| 51 | خط | خراج وصول کرنے والے گورنروں کے نام | 3948 |
| 52 | خط | شہروں کے حکمرانوں کے نام | 3950 |
| 53 | عھد | مالک اشترنخعی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے | 3954 |
| 54 | خط | عمران ابن حصین کے ہاتھ طلحہ وزبیر کے لئے | 3993 |
| 55 | خط | معاویہ کے نام | 3994 |
| 56 | خط | شریح ابن ھانی کے نام | 3996 |
| 57 | خط | اہل کوفہ کے نام | 3997 |
| 58 | خط | جنگ صفین کی تفصیلات سے مطلع کرنے کے لئے مختلف شہروں کے لوگوں کے نام | 3998 |
| 59 | خط | اسود بن قطبیہ حلوان کی فوج کے سردار کے نام | 4000 |
| 60 | خط | ان گورنروں کے نام جن کا علاقہ گذرتی ہوئی فوجوں کے راستے میں پڑتا ہو | 4001 |
| 61 | خط | کمیل ابن زیاد نخعی کے نام | 4002 |
| 62 | خط | اہل مصر کے نام | 4003 |
| 63 | خط | ابوموسیٰ اشعری کے نام | 4008 |
| 64 | خط | معاویہ کے جواب میں | 4009 |
| 65 | خط | معاویہ کے نام | 4013 |
| 66 | خط | عبداللہ ابن عباس | 4016 |
| 67 | خط | عباس کے بیٹے قثم کے نام | 4017 |
| 68 | خط | سلمان فارسی کے نام | 4018 |
| 69 | خط | حارث ھمدانی رضی اللہ عنہ کے نام | 4019 |
| 70 | خط | سہل ابن حنیف انصاری کے نام | 4023 |
| 71 | خط | منذر ابن جارود العبدی کے نام | 4024 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر | خط نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 72 | خط | عبداللہ ابن عباس کے نام | 4026 |
| 73 | خط | معاویہ کے نام | 4028 |
| 74 | معاهده | قبیلہ ربیعہ اور اھل یمن کے مابین | 4030 |
| 75 | خط | معاویہ کے نام | 4031 |
| 76 | وصیت | عبداللہ ابن عباس کے نام | 4032 |
| 77 | وصیت | عبداللہ ابن عباس کے نام | 4032 |
| 78 | خط | ابوموسیٰ کے جواب میں | 4033 |
| 79 | خط | اپنی ظاہری خلافت کے فوجی سرداروں کے نام | 4036 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | فتنہ سازوں سے تحفظ۔۔۔ | 4038 |
| 2 | ذلت اور رسوائی سے تحفظ | 4038 |
| 3 | کنجوسی، بزدلی، ناداری۔۔۔ | 4038 |
| 4 | سب سے اچھا ساتھی۔۔۔ | 4039 |
| 5 | رازداری، خوشروئی۔۔۔۔ | 4039 |
| 6 | خود بینی وخود پسندی | 4039 |
| 7 | چربی گوشت اور ھڈی | 4039 |
| 8 | دنیا کا اچھا اور بُرا سلوک | 4039 |
| 9 | لوگوں سے برتاؤ؟ | 4040 |
| 10 | دشمن پر غلبہ۔۔۔۔ | 4040 |
| 11 | دوستوں کے معاملہ میں | 4040 |
| 12 | وہ مومنین جو نہ حق کے۔۔۔۔ | 4040 |
| 13 | ناشکری | 4040 |
| 14 | قریبی رشتہ داروں کا چھوٹنا | 4040 |
| 15 | فتنہ میں مبتلا ہر شخص۔۔۔۔ | 4040 |
| 16 | تقدیر | 4041 |
| 17 | خضاب | 4041 |
| 18 | تمناؤں کے پیچھے دوڑنا | 4041 |
| 19 | بامروّت انسان | 4041 |
| 20 | غلط مرعوبیت | 4041 |
| 21 | حق خلافت | 4041 |
| 22 | عملی تیزروی | 4042 |
| 23 | نعمتوں کی فراوانی | 4042 |
| 24 | گناہان کبیرہ کا کفارہ | 4042 |
| 25 | انسانی چہرہ | 4042 |
| 26 | معمولی بیماری | 4042 |
| 27 | پارسائی | 4042 |
| 28 | موت | 4042 |
| 29 | اللہ کی ستاری | 4042 |
| 30 | ایمان وکفر کی تفصیل | 4043 |
| 31 | نیکی وبُرائی سے بڑھ کر | 4045 |
| 32 | سخاوت | 4045 |
| 33 | سب سے اچھا بے نیاز | 4045 |
| 34 | ناگوار باتیں | 4045 |
| 35 | آرزوؤں کا طول | 4045 |
| 36 | بادشاہوں کی غلط تعظیم | 4046 |
| 37 | امام حسنؑ کو نصیحت | 4046 |
| 38 | فرائض میں حارج۔۔۔۔ | 4047 |
| 39 | زبان | 4047 |
| 40 | بیماری کا اجر | 4047 |
| 41 | خباب بن ارت کی مدح | 4047 |
| 42 | مومن اور منافق | 4048 |
| 43 | اللہ کے نزدیک۔۔۔۔ | 4048 |
| 44 | انسانی ہمت۔۔۔۔ | 4048 |
| 45 | کامیابی اور حادثہ کی جانچ | 4048 |
| 46 | بھوکے شریف اور۔۔۔۔ | 4048 |
| 47 | دلبری | 4049 |
| 48 | عزت | 4049 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 49 | سب سے زیادہ قابل تعریف | 4049 |
| 50 | حقیقی سخاوت | 4049 |
| 51 | عقل وادب | 4049 |
| 52 | صبر کی متضاد قسمیں | 4049 |
| 53 | ایسی چیزیں جو مسافرت کو۔۔ | 4049 |
| 54 | قناعت | 4050 |
| 55 | خواہشات بھڑکانے والی چیز | 4050 |
| 56 | نذیر، بشیر | 4050 |
| 57 | زبان | 4050 |
| 58 | بچھو | 4050 |
| 59 | سلام | 4050 |
| 60 | سفارش | 4050 |
| 61 | سوار | 4050 |
| 62 | دوستوں کا نہ ہونا | 4050 |
| 63 | ناکامی | 4050 |
| 64 | خالی ہاتھ لوٹانا | 4051 |
| 65 | پارسائی اور شکر | 4051 |
| 66 | ارادہ | 4051 |
| 67 | جاہل | 4051 |
| 68 | عقل | 4051 |
| 69 | زمانہ | 4051 |
| 70 | لوگوں کا راہنما | 4051 |
| 71 | سانس | 4052 |
| 72 | ہر قابل شمار چیز | 4052 |
| 73 | مشکوک | 4052 |
| 74 | دنیا کو تین طلاقیں | 4052 |
| 75 | تقدیر، جبر اور قدر | 4053 |
| 76 | حکمت منافق میں بھی ہوتی | 4054 |
| 77 | حکمت مومن کی اپنی چیز | 4054 |
| 78 | ہر آدمی کی قیمت | 4054 |
| 79 | پانچ ایسی چیزیں | 4054 |
| 80 | آپؐ کا مقام | 4054 |
| 81 | تلوار سے نیکوں کی نسل | 4055 |
| 82 | لاعلمی | 4055 |
| 83 | بڑے بوڑھوں کی رائے | 4055 |
| 84 | استغفار | 4055 |
| 85 | عذاب | 4055 |
| 86 | دنیا اور آخرت | 4056 |
| 87 | ایک دینی دانشور | 4056 |
| 88 | علم اپنی اثر انگیزی۔۔۔۔ | 4056 |
| 89 | دلوں سے مسلسل۔۔۔۔ | 4056 |
| 90 | گمراہ کن فتنوں سے پناہ | 4056 |
| 91 | خیر کے معنی؟ | 4057 |
| 92 | نبیوںؑ سے قربت؟ | 4058 |
| 93 | اھل یقین کا سونا | 4058 |
| 94 | روایات گھڑنے والے | 4058 |
| 95 | انا اللہ وانا الیہ راجعون | 4058 |
| 96 | اپنے سامنے مدح۔۔۔۔ | 4059 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 97 | حاجت روائی | 4059 |
| 98 | ہیجڑوں، کنیروں اور۔۔۔۔ | 4059 |
| 99 | علیؑ کا لباس | 4059 |
| 100 | دنیا اور آخرت | 4060 |
| 101 | قابل مبارک بادلوگ | 4060 |
| 102 | فرائض وحدود | 4061 |
| 103 | دینی قربانی | 4061 |
| 104 | عالم کی جہالت | 4061 |
| 105 | دل پر اثر انداز باتیں | 4061 |
| 106 | سہارا | 4062 |
| 107 | دینی حکمران | 4062 |
| 108 | پہاڑ جتنا کلیجہ | 4062 |
| 109 | اٹھارہ بہترین چیزیں | 4063 |
| 110 | بدظنی اور حسن ظنی | 4063 |
| 111 | مزاج پرسی کا جواب | 4064 |
| 112 | اللہ کی ٹھنڈی مار | 4064 |
| 113 | وہ مقام جہاں دوست۔۔۔ | 4064 |
| 114 | افسوس وملال کا سبب | 4064 |
| 115 | سانپ سے پیار | 4064 |
| 116 | قریشی قوم | 4065 |
| 117 | دو قسم کے اعمال وخمیازہ | 4065 |
| 118 | جنازوں پر ہنسنا | 4065 |
| 119 | عورتوں کا عورت سے غیرت | 4066 |
| 120 | اسلام کا دوسرا نام | 4066 |
| 121 | بخیل اور منکر خداوندی | 4066 |
| 122 | اعمال میں کوتاہی | 4067 |
| 123 | سردی سے بچنے کا طریقہ؟ | 4067 |
| 124 | خالق کی عظمت | 4067 |
| 125 | اہل قبرستان سے باتیں | 4068 |
| 126 | دنیا کی جھوٹی مذمت | 4068 |
| 127 | فرشتہ کا روزانہ پکارنا | 4070 |
| 128 | گذرگاہِ حیات | 4070 |
| 129 | صحیح دوست | 4070 |
| 130 | چار اہم چیزیں | 4071 |
| 131 | نماز، حج، زکوٰۃ اور جہاد | 4071 |
| 132 | رزق نازل کرانا | 4072 |
| 133 | مدد ضرورت کے لحاظ سے | 4072 |
| 134 | میانہ روی | 4072 |
| 135 | بچوں کا کم ہونا | 4072 |
| 136 | نازل ہونے والا صبر | 4072 |
| 137 | روزہ اور تہجد | 4072 |
| 138 | ایمان کی اساس | 4072 |
| 139 | علوم خداوندی کے حامل | 4073 |
| 140 | انسانوں کے عیب اور ہنر | 4075 |
| 141 | جو خود کو نہیں پہچانتا | 4075 |
| 142 | نصیحتیں | 4075 |
| 143 | انجام سب کے لئے | 4078 |
| 144 | ہر آنے والا۔۔۔۔ | 4078 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 145 | صبر | 4078 |
| 146 | کسی گروہ کا شریک کار | 4078 |
| 147 | معاہدوں کی ذمہ داری | 4078 |
| 148 | مقدس ہستیؑ | 4078 |
| 149 | حواس خمسہ | 4078 |
| 150 | ڈانٹ ڈپٹ | 4078 |
| 151 | کن اشخاص کو بُرا۔۔۔۔ | 4079 |
| 152 | خودرائی کی مذمت | 4079 |
| 153 | رازداری | 4079 |
| 154 | بڑی موت | 4079 |
| 155 | غاصب | 4079 |
| 156 | مخلوق کیلئے خالق کی۔۔۔۔ | 4079 |
| 157 | اپنے حق میں تاخیر | 4079 |
| 158 | خود پسندی | 4079 |
| 159 | رنگ رلیاں | 4079 |
| 160 | روشن صبح | 4079 |
| 161 | گناہوں کا چھوڑنا | 4080 |
| 162 | ایسی چیز نہ کھاؤ | 4080 |
| 163 | مبلغ علم کی کمی | 4080 |
| 164 | رایوں میں اختلاف | 4080 |
| 165 | اللہ کیلئے تیغ بکف رہنا | 4080 |
| 166 | خدشات میں کودنا | 4080 |
| 167 | سینہ کو کشادہ رکھنا | 4080 |
| 168 | صحیح بدلہ | 4080 |
| 169 | اپنا سینہ صاف کرلو | 4080 |
| 170 | بات پر اَڑ جانا | 4080 |
| 171 | لالچ | 4080 |
| 172 | کوتاہی اور پختہ ارادہ | 4081 |
| 173 | مفید وحکیمانہ بات | 4081 |
| 174 | عورتوں میں اختلاف | 4081 |
| 175 | حق میں شبہ | 4081 |
| 176 | جھوٹ سے پاک | 4081 |
| 177 | ظلم کی ابتدا کرنے والا | 4081 |
| 178 | حق کے کھلے طرفدار | 4081 |
| 179 | کوچ کا نقارہ | 4081 |
| 180 | صبر و بے قراری | 4081 |
| 181 | خلافت کا حق | 4082 |
| 182 | انسانوں کی دنیا میں گزر بسر | 4082 |
| 183 | ایک وقت کی خوراک | 4082 |
| 184 | دلوں سے کام لینے کا طریقہ | 4083 |
| 185 | غصہ کو ٹھنڈا کرنا | 4083 |
| 186 | کنجوسی | 4083 |
| 187 | جو مال نصیحت اور سبق دے | 4083 |
| 188 | دلوں کی تھکن | 4083 |
| 189 | حق بات کو باطل کے منصوبہ کے لئے | 4083 |
| 190 | بازاری لوگ | 4084 |
| 191 | قابل ملامت چہرے | 4084 |
| 192 | دو محافظ فرشتے | 4084 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 193 | شرکت کا عقیدہ | 4084 |
| 194 | اللہ اور موت سے خبردار | 4085 |
| 195 | کسی کی ناقدری پر نیک سلوک | 4085 |
| 196 | ظرف علم کبھی تنگ نہیں ہوتا | 4085 |
| 197 | بردباری کا اولین نتیجہ | 4085 |
| 198 | حقیقی بُردبار | 4085 |
| 199 | اپنا محاسبہ | 4086 |
| 200 | دنیا کا تدریجی رویہ | 4086 |
| 201 | تقیہ | 4086 |
| 202 | چند صفات اور عادات | 4087 |
| 203 | عقل خود پسندی کی دشمن | 4087 |
| 204 | خوش رہنے کی ترکیب | 4087 |
| 205 | ایمان کی تعریب | 4087 |
| 206 | نرم لکڑی والے درخت | 4087 |
| 207 | رائے اور مخالف | 4088 |
| 208 | عہدہ اور مرتبہ | 4088 |
| 209 | حالات کا تقاضہ | 4088 |
| 210 | حسد | 4088 |
| 211 | لالچ اور طمع | 4088 |
| 212 | اعتماد | 4088 |
| 213 | آخرت کے لئے ظلم | 4088 |
| 214 | چشم پوشی | 4088 |
| 215 | شرم وحیا کا لباس | 4088 |
| 216 | چند صفات حسنہ کا نتیجہ | 4088 |
| 217 | حسد کرنے والوں کی حماقت | 4089 |
| 218 | لالچ | 4089 |
| 219 | دنیا کی زندگی | 4089 |
| 220 | قناعت اور خوش اخلاقی | 4089 |
| 221 | پاکیزہ زندگی | 4090 |
| 222 | خوش نصیبی | 4090 |
| 223 | عدل اور احسان | 4090 |
| 224 | عاجز اور چھوٹے ہاتھ | 4090 |
| 225 | جنگ | 4090 |
| 226 | خصلتیں | 4090 |
| 227 | عقل مند کی شناخت | 4091 |
| 228 | دنیا مع اپنے ساز وسامان | 4091 |
| 229 | عبادتیں | 4091 |
| 230 | شر | 4091 |
| 231 | سستی وکاہلی اور چغل خوری | 4091 |
| 232 | ایک عنصبی پتھر | 4092 |
| 233 | مظلوم کے بدلے کا دن | 4092 |
| 234 | تقویٰ | 4092 |
| 235 | جوابات کی کثرت | 4092 |
| 236 | ہر نعمت پر اللہ کا حق | 4092 |
| 237 | ناداری وحرس وہوس | 4092 |
| 238 | نعمتوں کو برقرار رکھنا | 4092 |
| 239 | جذبہ کرم | 4092 |
| 240 | اچھے خیالات | 4092 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 241 | ناگواری کے باوجود عمل | 4093 |
| 242 | ارادوں کا پورا نہ ہونا | 4093 |
| 243 | دنیا کی تلخیاں | 4093 |
| 244 | واجباتِ دین کا مقصد | 4093 |
| 245 | ظالم سے حلف لینا | 4094 |
| 246 | اپنی ذات کا وصی | 4094 |
| 247 | غصہ پاگل پن کی قسم | 4094 |
| 248 | صحت مند آدمی | 4094 |
| 249 | غداروں، جھوٹوں۔۔۔ | 4094 |
| 250 | مومنین کی مصیبت | 4095 |
| 251 | تنگ دستی سے نکلنے کا طریقہ | 4095 |
| 252 | مہلت | 4095 |
| 253 | نورِ محمدیؐ کا ظہور وغلبہ | 4095 |
| 254 | جناب صعصعہؓ کی مدح | 4095 |
| 255 | خصومت | 4095 |
| 256 | لڑکیوں کا رشتہ | 4096 |
| 257 | ایمان کا نورانی شعلہ | 4096 |
| 258 | مہاجنوں کے مشکوک کھاتے | 4096 |
| 259 | جنگی مہمات میں جنسی خواہش | 4096 |
| 260 | یقین کے ساتھ کامیابی | 4096 |
| 261 | رسولؐ اللہ مسلمانوں کی پناہ گاہ | 4096 |
| 262 | حضرت علیؑ، حکمران یا رعیت؟ | 4096 |
| 263 | طلحہ وزبیر | 4097 |
| 264 | بادشاہ کا مصاحب | 4097 |
| 265 | دوسروں کے پس ماندگان؟ | 4098 |
| 266 | دانشوران قوم کے فیصلے | 4098 |
| 267 | اپنے بیانات کو یاد رکھنا | 4098 |
| 268 | رزق کے تفکرات | 4098 |
| 269 | محبت اور عداوت | 4098 |
| 270 | دنیا کے لئے کام کرنے والے | 4099 |
| 271 | کعبہ کے زیورات | 4099 |
| 272 | اللہ کا مال | 4100 |
| 273 | پہلی خلافتوں کی جاری کردہ۔۔ | 4100 |
| 274 | للہ کے فیصلوں پر قائم رہنا | 4100 |
| 275 | علم ویقین | 4101 |
| 276 | طمع اور آرزوئیں | 4101 |
| 277 | اللہ سے پناہ؟ | 4102 |
| 278 | حضرت قائمؑ قیامۃ | 4102 |
| 279 | کام پابندی کے ساتھ | 4102 |
| 280 | نوافل وسنتیں وفرائض | 4102 |
| 281 | مسافت کو یاد رکھنا | 4102 |
| 282 | دیکھنے کا ذریعہ؟ | 4102 |
| 283 | نصیحت کے لئے غفلت پردہ | 4103 |
| 284 | عالم کہلانے والے | 4103 |
| 285 | علم ہو تو عذرات ختم | 4103 |
| 286 | نہ جلدی پسند نہ تاخیر اچھی | 4103 |
| 287 | سوچ سمجھ کر خیر باد | 4103 |
| 288 | مقدرات کے چکر | 4103 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 289 | پستی وعلم کا منقطع ہوجانا | 4103 |
| 290 | علیؑ کا بھائی | 4104 |
| 291 | اللہ کی نافرمانی | 4105 |
| 292 | تعزیت وپرسہ کا طریقہ | 4105 |
| 293 | رسولؐ اللہ سے خطاب | 4105 |
| 294 | احمق کی صحبت | 4106 |
| 295 | مشرق ومغرب کا فاصلہ | 4106 |
| 296 | دوستوں اور دشمنوں کا مقام | 4106 |
| 297 | اپنے سینے سے نیزہ۔۔ | 4106 |
| 298 | نصیحتوں کی بہتات | 4106 |
| 299 | قاصد کا کام؟ | 4106 |
| 300 | جھگڑا | 4107 |
| 301 | گناہ کے بعد عافیت طلبی | 4107 |
| 302 | رزق وحساب | 4107 |
| 303 | اللہ سے ہوشیار | 4107 |
| 304 | فقیر اور مسکین | 4107 |
| 305 | اپنی ماں سے محبت | 4107 |
| 306 | غیور شخص | 4108 |
| 307 | موت اچھا محافظ | 4108 |
| 308 | نیند کا مال کے ساتھ تعلق | 4108 |
| 309 | مودۃ | 4108 |
| 310 | مومنین کی زبان | 4108 |
| 311 | ایمان کی تصدیق | 4108 |
| 312 | انس بن مالک کا جزام | 4108 |
| 313 | دلوں سے کام لینا | 4109 |
| 314 | قرآن کی پوزیشن | 4109 |
| 315 | سنگ اندازی کا تدارک | 4109 |
| 316 | منشی کو ہدایات | 4109 |
| 317 | علیؑ مومنین کے حکمران | 4109 |
| 318 | خلافت پر اختلاف | 4109 |
| 319 | علیؑ کی فتح | 4110 |
| 320 | تنگ دستی | 4110 |
| 321 | سوال کا طریقہ | 4110 |
| 322 | امامؑ مختار ہیں | 4110 |
| 323 | قوم کے بزرگ | 4111 |
| 324 | خارجیوں کے باغی ہونے کی وجہ | 4111 |
| 325 | محمد بن ابی بکر کے قتل کی اطلاع | 4111 |
| 326 | انسانی عذرات | 4112 |
| 327 | شر کے ذریعہ غلبہ مغلوبیت ہے | 4112 |
| 328 | غربت وافلاس کے ذمہ دار | 4112 |
| 329 | نافرمانی پر صحیح عذرات | 4112 |
| 330 | گناہ سے بچنا | 4112 |
| 331 | دانشوروں کے لئے اطاعت | 4112 |
| 332 | حاکم اور سزا کا مجاز | 4112 |
| 333 | زمین پر اللہ کا سائبان؟ | 4113 |
| 334 | مومن کی بہترین صفات | 4113 |
| 335 | زاہد وپارسا اور حقیقی غنی | 4113 |
| 336 | وعدہ آزادی چھین لیتا ہے | 4114 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 337 | موت اور اس کا سفر | 4114 |
| 338 | مال میں حصہ دار | 4114 |
| 339 | بلا عمل دعائیں اور تسبیحات؟ | 4114 |
| 340 | امت اور اس کے علما؟ | 4114 |
| 341 | افلاس کی مذمت | 4114 |
| 342 | پارسائی اور شکر زینت ہیں | 4114 |
| 343 | عدل کا دن | 4114 |
| 344 | اہل قریش | 4115 |
| 345 | عمومی ہدایات | 4115 |
| 346 | عصمت کی ایک صورت؟ | 4116 |
| 347 | بھیک ماننے کا نتیجہ | 4116 |
| 348 | حمد وثنا اور خوشامد و چاپلوسی | 4116 |
| 349 | سب سے بڑا و سخت گناہ | 4116 |
| 350 | شریفانہ و بدمعاشانہ زندگی | 4116 |
| 351 | ظالم کی علامتیں | 4117 |
| 352 | سختیوں اور بلاؤں کا زوال | 4117 |
| 353 | اہل و عیال سے سلوک | 4117 |
| 354 | سب سے بڑا عیب کیا ہے | 4117 |
| 355 | مبارک باد دینے کا طریقہ | 4117 |
| 356 | بلند عمارتیں | 4118 |
| 357 | راہیں بند ہو جائیں تو رزق کا راستہ | 4118 |
| 358 | میت پر پُرسہ | 4118 |
| 359 | خوشحالی و نعمتوں کی فراوانی | 4118 |
| 360 | نفس پروری | 4119 |
| 361 | ہر بات کا اچھا پہلو | 4119 |
| 362 | دعا قبول ہونے کا طریقہ | 4119 |
| 363 | لڑائی جھگڑے؟ | 4119 |
| 364 | جلدی اور تاخیر؟ | 4119 |
| 365 | انہوں اور فرضی باتیں؟ | 4120 |
| 366 | تفکر و اعتبار سے استفادہ | 4120 |
| 367 | علم و عمل ساتھ ساتھ | 4120 |
| 368 | دنیاداروں کے لئے ہدایات | 4120 |
| 369 | ثواب و عذاب؟ | 4121 |
| 370 | قریش کی اسکیم | 4121 |
| 371 | ہر خطبہ سے پہلے تنبیہ | 4122 |
| 372 | اسلام و چند متعلقہ صفات | 4122 |
| 373 | علم و عالم | 4123 |
| 374 | ظلم و جبر پر عمل | 4124 |
| 375 | بُرے کاموں کو دیکھنا؟ | 4124 |
| 376 | جہاد | 4125 |
| 377 | حق و باطل کی بات | 4125 |
| 378 | اس امت کے دو اشخاص | 4125 |
| 379 | کنجوسی | 4126 |
| 380 | رزق کی دو قسمیں | 4126 |
| 381 | گزرنے والے حالات | 4126 |
| 382 | بولنے میں ذمہ داری | 4127 |
| 383 | جو کچھ جانتے ہو محفوظ رکھو | 4127 |
| 384 | قوت و کمزوری | 4127 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 385 | غلط عمل جہالت ہے | 4127 |
| 386 | دنیا کی حقارت پر دلیل | 4127 |
| 387 | عمل اور نسب | 4128 |
| 388 | جوئیندہ یا بندہ | 4128 |
| 389 | اچھائی اور بُرائی کی شناخت | 4128 |
| 390 | فاقہ اور دیگر بلائیں | 4128 |
| 391 | مومن کی تین خاص ساعتیں | 4128 |
| 392 | دنیا میں بے رغبتی | 4129 |
| 393 | منہ سے نکلنے والی بات | 4129 |
| 394 | ہلکی پھلکی خوشبو | 4129 |
| 395 | فخر و کبر کو راہ سے ہٹاؤ | 4129 |
| 396 | دنیا میں سرسری طریق کار؟ | 4129 |
| 397 | ایک بات جنگ کا چیلنج | 4129 |
| 398 | قناعت | 4129 |
| 399 | عزت برقرار رکھنا لازم | 4130 |
| 400 | باپ بیٹے کے واجب حقوق | 4130 |
| 401 | لوگوں سے ہم رنگ رہنا | 4130 |
| 402 | بیرونی اثرات انسانی حالات | 4130 |
| 403 | متضاد خواہشیں تدابیر کی دشمن | 4131 |
| 404 | چھوٹا منہ بڑی بات | 4131 |
| 405 | لاحول ولاقوۃ کے معنی | 4131 |
| 406 | دینی لباس کی آڑ میں؟ | 4131 |
| 407 | عقل انسان کو کیوں دی؟ | 4132 |
| 408 | فقراء کا اغنیا کے ساتھ ملنا؟ | 4132 |
| 409 | حق سے ٹکرانے والا؟ | 4132 |
| 410 | دل بصارت کے لئے کتاب | 4132 |
| 411 | تقویٰ | 4132 |
| 412 | بردباری | 4132 |
| 413 | ہدایت اور زبان | 4132 |
| 414 | ادب اور تہذیب؟ | 4132 |
| 415 | جواں مردوں کی طرح صبر؟ | 4132 |
| 416 | عقل؟ | 4133 |
| 417 | مرنے والے پر صبر؟ | 4133 |
| 418 | دنیا والوں پر چند جملے؟ | 4133 |
| 419 | سامان پس ماندگان کے لئے؟ | 4133 |
| 420 | پس ماندگان کے لئے ذخیرہ؟ | 4134 |
| 421 | استغفار کیسے کیا جائے؟ | 4134 |
| 422 | اولادِ آدمؑ کی بے چارگی | 4135 |
| 423 | نظارہ حسن | 4135 |
| 424 | نیکی اور بھلائی کی اہمیت | 4136 |
| 425 | اصلاح | 4136 |
| 426 | حلم و عقل سے فائدہ | 4136 |
| 427 | نعمتوں کا سخاوت سے تعلق | 4137 |
| 428 | دولت اور صحت | 4137 |
| 429 | اپنی حاجت کا شکوہ | 4137 |
| 430 | عید کب اور کس کیلئے | 4137 |
| 431 | نافرمانی سے حاصل مال؟ | 4137 |
| 432 | گھاٹے میں رہنے والا | 4138 |


Presented by Ziaraat.Com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 433 | رزق کی قسمیں | 4138 |
| 434 | اولیاءاللہ کا طرزِ حیات؟ | 4138 |
| 435 | لذتوں کا خاتمہ | 4139 |
| 436 | لازم وملزوم | 4139 |
| 437 | لطف وکرم کے حق دار؟ | 4139 |
| 438 | عدل وسخاوت | 4139 |
| 439 | سب سے اچھا شہر؟ | 4139 |
| 440 | زہد کے معنی قرآن سے | 4140 |
| 441 | عمل پیہم کی ستائش | 4140 |
| 442 | آلاتِ موسیقی؟ | 4140 |
| 443 | دن کا سونا؟ | 4040 |
| 444 | صفات کی تلاش وبیداری | 4140 |
| 445 | تجارت کے لئے فقہ لازم | 4140 |
| 446 | مالکؓ اشتر کا صدمہ | 4140 |
| 447 | چھوٹی مصیبت | 4141 |
| 448 | ذاتی وقار | 4141 |
| 449 | حقوق کی ادائیگی | 4141 |
| 450 | مذاق اُڑانا | 4141 |
| 451 | آنے والے کو ٹھکراؤ نہیں | 4141 |
| 452 | زبیر کی اہل بیتؑ سے دوری | 4141 |
| 453 | آدمی کا سامانِ فخر؟ | 4141 |
| 454 | سب سے بڑا شاعر کون؟ | 4142 |
| 455 | انسانی جان کی قیمت؟ | 4142 |
| 456 | ایمان کی تین علامتیں؟ | 4142 |
| 457 | دو مستقبل بھوکے | 4142 |
| 458 | مقدار تقدیر | 4142 |
| 459 | بردباری اور باوقار | 4142 |
| 460 | نظامِ غیبت | 4143 |
| 461 | جنہیں مدح وثنا ہضم نہیں ہوتی | 4143 |
| 462 | دنیا اپنے لئے | 4143 |
| 463 | بنی اُمیہ کے مغلوب ہونے کی کنجی | 4143 |
| 464 | انصار کی مدح | 4143 |
| 465 | والی جس نے دین کو نافذ کیا | 4143 |
| 466 | کاٹ کھانے والا زمانہ | 4143 |
| 467 | توحید | 4144 |
| 468 | آنکھ پشت کا تسمہ | 4144 |
| 469 | حقیقی دولت مندی | 4144 |
| 470 | بغض ونفرت تحقیقی ہونا چاہئے | 4144 |
| 471 | علیؑ سے محبت ونفرت | 4144 |
| 472 | بارش کی دعا میں ایک جملہ | 4144 |
| 473 | خضاب | 4145 |
| 474 | خاطی عفت کی انتہا پر | 4145 |
| 475 | رعایا پر ظلم وزیادتی کا نتیجہ | 4145 |
| 476 | سب سے بُرا بھائی کون ہے | 4145 |
| 477 | عالم وجاہل سے عہد | 4145 |
| 478 | مومن کی مومن سے جدائی | 4145 |


☆☆☆☆☆

Presented by Ziaraat.Com